# شہادت نواسۂ سید الابرار
# و
# مناقب آل نبی المختار صلی اللہ علیہ وسلم

مؤلف
حضرت علامہ مولانا محمد عبد السلام قادری رضوی

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز

بیت اللہ شریف کی قدیم تصویر



مدینہ منورہ شریف کی چند قدیم تصاویر





منظر المدينة المنورة من جهة الباب الشامي



Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com



مواجہہ شریف کی قدیم تصویر



حضور ﷺ کے روضہ مبارک کا اندرونی منظر



حجرہ مبارک حضرت سیّدہ فاطمۃ الزہراء (سلام اللہ علیہا)
اور غلاف کے نیچے آپ کا صندوق مبارک محفوظ ہے۔



جائے ولادت حضور نبی کریم ﷺ

حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کا گھر مبارک



Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com



وہ صندوق جس میں نبی کریم ﷺ کے دندان مبارک محفوظ ہیں



برغرس کی ایک قدیم تصویر جس میں رسول مقبول ﷺ نے اپنا
لعاب دہن شامل فرمایا تھا۔





وہ صراحی جس میں سے
حضور نبی کریم ﷺ نے پانی پیا۔

لکڑی کا وہ پیالہ جس میں حضور نبی کریم ﷺ نے پانی نوش فرمایا

نعلین مبارک حضور نبی کریم ﷺ



Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com



چھڑی اور عصاء مبارک حضور نبی کریم ﷺ



موئے مبارک حضور نبی کریم ﷺ




حضور نبی کریم ﷺ کی قمیص مبارک کی تصاویر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com



تلوار مبارک حضور نبی کریم ﷺ



حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تلوار مبارک



تلوار مبارک حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ



تلوار مبارک حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com



حضرت سیّدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا روضہ مبارک (قبل از انہدام)



جنت البقیع شریف کی انہدام سے قبل کی تصویر، تصویر میں ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن ، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور حضرت امام حسن علیہ السلام کے مزارات کی تصاویر نمایاں ہیں۔

حضرت سیّدہ فاطمۃ الزہرا (سلام اللہ علیہا) کا روضہ مبارک





لباس عروسی حضرت سیّدہ فاطمۃ الزہرا (سلام اللہ علیہا)



قمیص مبارک حضرت سیّدہ فاطمۃ الزہرا (سلام اللہ علیہا)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## حضرت سیّدۃ فاطمۃ الزھراء سلام اللہ علیہا کا گھر مبارک اور زیر استعمال اشیاء کی تصاویر







Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت علی علیہ السلام کا روضہ مبارک (نجف اشرف)







کوفہ میں حضرت علی علیہ السلام کا گھر مبارک کا اندرونی منظر



کوفہ میں حضرت علی علیہ السلام کے گھر مبارک کا بیرونی دروازہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com



مقام غدیر کی وہ پہاڑی جہاں حضور ﷺ نے اعلان غدیر فرمایا



حضرت علی علیہ السلام کے ہاتھ سے لکھے ہوئے قرآن پاک کا عکس



حضرت علی علیہ السلام کی تلوار



بیت علی علیہ السلام کوفہ



مسجد کوفہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com




حضرت امام حسن علیہ السلام کا مزار مبارک (جنت البقیع)



جبہ مبارک حضرت امام حسین علیہ السلام



قمیض مبارک حضرت امام حسین علیہ السلام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com




حضرت امام حسین علیہ السلام کے روضہ کی اندرونی زری مبارک

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com



میدانِ کربلا





دمشق میں 14 شہدائے کربلا کے سرہائے مبارک کا قبہ اقدس

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

روضہ مبارک سیّدنا عباس علیہ السلام علمدار ابن علی المرتضیٰ در کربلا







جامع مسجد اموی میں محراب حضرت امام زین العابدین علیہ السلام

گھر مبارک حضرت سیّدنا امام زین العابدین علیہ السلام مدینہ شریف



جامع مسجد اموی (شام)، دربار یزید کا وہ مقام جہاں پر یہ حکومت کے نظام اور ظلم وستم کے آرڈر دیتا تھا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com



روضہ مبارک سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا بمقام زینبیہ دمشق



سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا کے روضہ کی اندرونی زری مبارک



روضہ اقدس حضرت مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ درکوفہ جامع مسجد



مزار مبارک ہانی بن عروہ بالمقابل مسجد کوفہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com



روضہ مبارک پسران حضرت مسلم رضی اللہ عنہ در وادی مسیّب قریہ اولاد مسلم



روضہ مبارک حضرت حُر رضی اللہ عنہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com



میدان بدر



میدان احد (چار دیواری کے اندر شہدائے اُحد کی قبور مبارکہ)



اُحد پہاڑ میں واقع غار جہاں غزوۂ اُحد میں
نبی کریم ﷺ نے آرام فرمایا



وہ مقام جہاں غزوہ احزاب واقع ہوا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

شانِ آلِ نبوت اور واقعہ کربلا پر ایک

بیمثال مدلّل و مفصّل اور تحقیقی جامع کتاب

# شہادت نواسۂ سیّد الابرار

و

# مناقب آلِ نبی المختار صلی اللہ علیہ وسلم


مؤلف

حضرت علامہ مولانا محمد عبد السلام قادری رضوی



نوریہ رضویہ پبلی کیشنز

۱۱۔ گنج بخش روڈ لاہور ✆ 37313885

E-mail: nooriarizvia@hotmail.com



Marfat.com


Marfat.com
Marfat.com

جملہ حقوق بحق نوریہ رضویہ پبلی کیشنز محفوظ ہیں


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | ..... | شہادت نواسہ سیّد الابرار ومناقب آل نبی المختار |
| مؤلف | ..... | ابومحمد عبدالحامد حضرت مولانا محمد عبدالسلام قادری رضوی |
| تاریخ اشاعت | ..... | اکتوبر ۲۰۱۲ء |
| کمپوزنگ | ..... | الحسین کمپوزنگ سنٹر لاہور |
| طابع | ..... | سیّد محمد شجاعت رسول قادری |
| مطبع | ..... | اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور |
| ناشر | ..... | نوریہ رضویہ پبلی کیشنز لاہور |
| کمپیوٹر کوڈ | ..... | 1N0007 |
| قیمت | ..... | |

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز

11- گنج بخش روڈ، لاہور

فون:042-37313885-37070663

مکتبہ نوریہ رضویہ

بغدای جامع مسجد گلبرگ اے فیصل آباد

فون:041-2626046


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم



# الدلائل الخیرات

صل علی سیدنا ومولانا محمد وعلی آلہ

وصحبہ وبارک وسلم

مولای صل وسلم دائما ابدا

علی حبیبک خیر الخلق کلهم

محمد سید الکونین والثقلین

والفریقین من عرب ومن عجم

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# اجمالی فہرست مضامین


| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| دیباچہ ..... | ۴۱ |
| مقدمہ ..... | ۴۳ |
| خطبہ ..... | ۴۴ |
| باب۱ حُبِ مصطفیٰ ﷺ ..... | ۴۵ |
| باب۲ اَزواجِ مصطفیٰ ﷺ ..... | ۴۸ |
| ارشادِ خداوندی بیویاں اور اولاد ..... | ۴۹ |
| امہات المؤمنین ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن ..... | ۴۹ |
| ام المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا ..... | ۳۰ |
| ام المؤمنین حضرت سیّدہ سودہ رضی اللہ عنہا ..... | ۵۲ |
| ام المؤمنین حضرت سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا ..... | ۵۴ |
| ام المؤمنین حضرت سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا ..... | ۵۷ |
| ام المؤمنین حضرت سیّدہ زینب بنتِ خزیمہ رضی اللہ عنہا ..... | ۵۸ |
| ام المؤمنین حضرت سیّدہ امِ سلمہ رضی اللہ عنہا ..... | ۵۸ |
| ام المؤمنین حضرت سیّدہ زینب بنتِ جحش رضی اللہ عنہا ..... | ۶۰ |
| ام المؤمنین حضرت سیّدہ جویریہ رضی اللہ عنہا ..... | ۶۴ |
| ام المؤمنین حضرت سیّدہ امِ حبیبہ رضی اللہ عنہا ..... | ۶۶ |
| ام المؤمنین حضرت سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا ..... | ۶۷ |
| ام المؤمنین حضرت سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا ..... | ۶۹ |
| مصطفیٰ ﷺ کی باندیاں ..... | ۷۰ |
| مطلقات النبی ﷺ ..... | ۷۱ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| باب ۳ ابناء الکرام مصطفیٰ ﷺ ..... | ۷۴ |
| حضرت سیّدنا قاسم بن مصطفیٰ ﷺ ..... | ۷۴ |
| حضرت سیّدنا عبداللہ بن مصطفیٰ ﷺ ..... | ۷۴ |
| حضرت سیّدنا ابراہیم بن مصطفیٰ ﷺ ..... | ۷۵ |
| وصالِ ابراہیم پر نبوت کی آنکھوں میں آنسو ..... | ۷۷ |
| ابنِ رسول ﷺ کی نمازِ جنازہ اور تجہیز و تکفین ..... | ۷۸ |
| وصالِ ابنِ رسول ﷺ پر سورج گرہن اور جنت میں ایامِ رضاعت ..... | ۷۸ |
| باب ۴ بناتِ الکرام مصطفیٰ ﷺ ..... | ۷۹ |
| حضرت سیّدہ زینب بنتِ مصطفیٰ ﷺ ..... | ۸۰ |
| نواسی امامہ سے نبی علیہ السلام کا پیار ..... | ۸۱ |
| اولاد امامہ رضی اللہ عنہا ..... | ۸۲ |
| نواسۂ علی سے حضور علیہ السلام کا پیار ..... | ۸۲ |
| سیّدہ زینب کا وصال ..... | ۸۲ |
| حضرت سیّدہ رقیہ سلام اللہ علیہا بنتِ مصطفیٰ ﷺ ..... | ۸۳ |
| سبطِ رسول ﷺ عبداللہ کا انتقال ..... | ۸۳ |
| حضرت سیّدہ امِ کلثوم رضی اللہ عنہا بنتِ مصطفیٰ ﷺ ..... | ۸۴ |
| نبی کریم ﷺ کی چار صاحبزادیوں کا ثبوت از کتبِ شیعہ ..... | ۸۶ |
| حضرت سیّدہ فاطمہ بنتِ مصطفیٰ ﷺ ..... | ۸۶ |
| ولادتِ طیبہ ..... | ۸۶ |
| سیّدہ کے نام کی شان ..... | ۸۷ |
| سیّدہ کے القاباتِ عظیمہ اور آپ کے خصائل ..... | ۸۷ |
| سیّدہ زہرا اور مصطفیٰ ﷺ ..... | ۸۸ |
| سیّدہ کا نکاحِ مبارک ..... | ۸۹ |
| سیّدہ کا جہیز مبارک ..... | ۸۹ |
| سیّدہ کی عبادت و ریاضت و تلاوت قرآن ..... | ۹۰ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اور غیبی رزق | ۹۱ |
| سیّدہ رضی اللہ عنہا کا غریبوں کی اعانت فرمانا | ۹۲ |
| سیّدہ رضی اللہ عنہا اور پردہ | ۹۲ |
| پردہ کی اہمیت | ۹۳ |
| سیّدۃ نساء العالمین وسیّدۃ نساء اہل الجنۃ | ۹۶ |
| مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیّدہ سے والہانہ محبت | ۹۸ |
| تعظیمِ سیّدہ اور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۹۸ |
| سیّدہ کی خوشی وناراضگی، اللہ تعالیٰ کی خوشی وناراضگی | ۹۹ |
| الفتِ سیّدہ منافع امت | ۹۹ |
| قیامت کے دن نداء ہوگی اہلِ محشر اپنی نگاہوں کو جھکالو فاطمہ بنتِ رسول کا | |
| ستّر ہزار حوروں کے ساتھ گزر ہورہا ہے | ۱۰۰ |
| وصالِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صدمۂ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا | ۱۰۰ |
| قبرِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا حال | ۱۰۱ |
| سیّدہ کے گریہ وغم میں جہان کی شرکت | ۱۰۱ |
| سیّدہ کی گود میں اونٹنی نے جان دے دی | ۱۰۲ |
| یوم محشر خون آلود قمیص اور سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا | ۱۰۲ |
| سیّدہ کا وصال | ۱۰۳ |
| سیّدہ کی جدائی اور سیّدنا علی المرتضیٰ | ۱۰۳ |
| سیّدہ کی اولادِ طاہرہ | ۱۰۴ |
| سیّدہ کی نمازِ جنازہ | ۱۰۴ |
| سیّدہ کا مرقدِ اقدس | ۱۰۵ |
| **باب ۵ اہلِ بیتِ نبوت در آیۂ مودّت** | ۱۰۷ |
| عظمتِ اہلِ بیت در آیۂ مباہلہ | ۱۰۸ |
| انعاماتِ الٰہیہ بر اہلِ بیتِ نبوت در آیاتِ ابرار | ۱۱۰ |
| آیتِ فترضیٰ | ۱۱۱ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| آیتِ صدقہ خصوصی عمل | ۱۱۲ |
| آیۂ سلام | ۱۱۲ |
| آیتِ حسنات | ۱۱۳ |
| آیتِ اولی الامر | ۱۱۳ |
| آیتِ اہلِ الذکر | ۱۱۳ |
| آیتِ حبل اللہ | ۱۱۳ |
| آیتِ ولیکم | ۱۱۳ |
| آیتِ مؤمن | ۱۱۴ |
| آیتِ وُدّ | ۱۱۴ |
| آیتِ بحرین ومرجان | ۱۱۴ |
| آیتِ ہاد | ۱۱۵ |
| آیتِ مرضات | ۱۱۵ |
| آیتِ صلوٰت | ۱۱۶ |
| محبتِ اہلِ بیت فرض اوران پردرود نہ پڑھنے سے نماز نہیں | ۱۱۷ |
| رافضی اورناصبی | ۱۱۷ |
| محبتِ اہلِ بیت عینِ ایمان | ۱۱۷ |
| قرآن اوراہلِ بیت نبوت سے وابستگی نورِ ہدایت | ۱۱۸ |
| قرآن اورعترتِ رسول حوضِ کوثر پر | ۱۱۹ |
| گمراہی سے بچاؤ کا ذریعہ قرآن اورعترتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۱۱۹ |
| کائنات کی سلامتی آلِ نبوت | ۱۱۹ |
| فوائدِ کثیرہ درمحبتِ آلِ طاہرہ | ۱۲۰ |
| اہلِ بیتِ نبوت سفینۂ حضرت نوح علیہ السلام | ۱۲۱ |
| دینی دنیاوی واُخروی فوائد درحبِ آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۱۲۱ |
| اللہ جل جلالہ ورسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واہل بیت رضی اللہ عنہم کی محبت | ۱۲۲ |
| اولاد کو تین باتوں کی تعلیم دو | ۱۲۲ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| اہلِ بیتِ مصطفیٰ ﷺ | ۱۲۲ |
| اہلِ بیت اور ازواج النبی ﷺ | ۱۲۳ |
| رِجس کے معنی اَز روئے قرآن | ۱۲۵ |
| امتیازی شانِ اہلِ بیت سرکارِ ابد قرار | ۱۲۶ |
| لفظ اہل کی تحقیق اَز رُوئے قرآن (۸۰ آیات) | ۱۲۸ |
| متبعین پر لفظِ اہل کا استعمال | ۱۲۹ |
| مالک پر لفظِ اہل کا استعمال | ۱۲۹ |
| پروردۂ منتظم پر لفظِ اہل کا استعمال | ۱۲۹ |
| گھر میں مقیم پر لفظِ اہل کا استعمال | ۱۳۰ |
| ہم عقیدہ پر لفظِ اہل کا استعمال | ۱۳۰ |
| عاملین پر لفظِ اہل کا استعمال | ۱۳۱ |
| لائق پر لفظِ اہل کا استعمال | ۱۳۱ |
| تسلیم کرنے والوں پر لفظِ اہل کا استعمال | ۱۳۱ |
| بیوی پر لفظِ اہل کا استعمال | ۱۳۱ |
| لفظِ آل کی تحقیق (۹ آیات) | ۱۳۱ |
| **فصل۔۱** | ۱۳۳ |
| قرآن اور اصحابِ رسول ﷺ | ۱۳۳ |
| **باب۲ خلیفہء اوّل ابوبکر صدیق** | ۱۳۵ |
| حضرت سیّدنا عبداللہ بن عثمان رضی اللہ عنہ | ۱۳۵ |
| ولادتِ باسعادت | ۱۳۵ |
| ابتدائی حالات | ۱۳۵ |
| واقعۂ رویتِ شام اور سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا شرفِ اسلام | ۱۳۶ |
| رفاقتِ نبوت اور سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | ۱۳۷ |
| مالی قربانی اور سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | ۱۳۷ |
| ہجرتِ رسالت مآب ﷺ اور رفیقِ غارِ ثور سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | ۱۳۸ |
| سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی رفاقتِ نبوت در غارِ ثور کا انتخاب | ۱۳۹ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| حضور ﷺ کی خاطر اگر بیٹا بھی میری تلوار کی زد میں آجاتا تو اس کا سر بھی قلم کر دیتا (از سیّدنا ابوبکر صدیق) | ۱۴۰ |
| مصطفیٰ ﷺ اور شجاعتِ عظمیٰ سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | ۱۴۱ |
| تواضع وحلم ورحم سیّدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ | ۱۴۲ |
| قرآن وحدیث وتفسیر وانساب وتعبیر الرؤیا وحکمت وفصاحت وبلاغت کے علومِ بحرِ ناکنار | ۱۴۲ |
| سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | ۱۴۲ |
| بارگاہِ نبوت کی عطا: ابوبکر عتیق اور صدیق رضی اللہ عنہ | ۱۴۳ |
| سیّدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ عبداللہ کے صدیق ہونے پر تصدیق | ۱۴۴ |
| نزول بعض آیاتِ قرآنی بحقِ سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | ۱۴۴ |
| چاندی کی انگوٹھی اور سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | ۱۴۵ |
| سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت کی اجمالی خصوصیات | ۱۴۶ |
| صحابہ کرام کو آپ کی وصیت | ۱۴۹ |
| سیّدنا ابوبکر صدیق کا علم مافی الارحام: بیٹی امِ کلثوم کے پیدا ہونے کی خبر دینا | ۱۴۹ |
| سیّدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کا حلیہ مبارکہ | ۱۵۰ |
| آخری لمحات بوقتِ انتقال سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | ۱۵۰ |
| وصیت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ میرا جنازہ قبر رسول ﷺ کے دروازہ پر رکھنا اجازت ہو تو دفن کرنا | ۱۵۱ |
| سیّدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کے انتقال پر آپ کے والد ابوقحافہ رضی اللہ عنہ واہلِ مدینہ کا حال | ۱۵۲ |
| حضرت ابوقحافہ رضی اللہ عنہ | ۱۵۲ |
| نمازِ جنازہ وروضۂ اطہر سے اجازت اور ابوبکر رضی اللہ عنہ گنبدِ خضریٰ میں مکین | ۱۵۲ |
| سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ازواج وابناء وبنات کے اسماء اور تعداد | ۱۵۳ |
| حالاتِ ازواج واولادِ امجاد سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | ۱۵۴ |
| **باب ۷ خلیفۂ ثانی حضرت سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ** | ۱۵۵ |
| ولادت باسعادت | ۱۵۵ |
| زمانۂ طفولیت وجوانی | ۱۵۵ |
| بارگاہِ خداوندی میں دعائے مصطفیٰ کہ اے اللہ عمر بن خطاب کے ساتھ اسلام کو غلبہ وقوت عطا فرما | ۱۵۶ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| مرادِ رسول کے مشرف بااسلام ہونے پر مؤمنین کے نعرے وخوشیاں ..... | ۱۵۶ |
| طواف کعبۃ اللہ اور لقب فاروق اعظم از مصطفیٰ ﷺ ..... | ۱۵۸ |
| سیّدنا عمر فاروق اعظم کے قبولِ اسلام پر نزولِ آیت قرآنی اور مبارکباد ملائکِ آسمانی ..... | ۱۵۹ |
| فتوحاتِ اسلام اور سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ..... | ۱۶۰ |
| غزوات زمانۂ نبوت ..... | ۱۶۰ |
| سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی عظمت، اسلام کی سربلندی، طواف کعبہ ونماز، | |
| مشرکین وکفار کی پستی اور سیّد عالم ﷺ کا استقبال ..... | ۱۶۰ |
| جنتی محل اور سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ..... | ۱۶۳ |
| علوم نا بحر کنار اور سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ..... | ۱۶۳ |
| حق کی زبان ودل اور سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ..... | ۱۶۴ |
| سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ اس امت کے محدث ..... | ۱۶۵ |
| میرے بعد اگر کوئی نبی ہوتا..... حدیث رسول ..... | ۱۶۵ |
| سراج اہل جنت سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ..... | ۱۶۵ |
| خدائی مصافحہ وسلام اور سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ..... | ۱۶۶ |
| خدائی شفقت ورحمت اور چہرہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ ..... | ۱۶۶ |
| روزِ قیامت شان ورفعت سیّدنا عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ ..... | ۱۶۷ |
| حلیہ اقدس سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ..... | ۱۶۷ |
| آسمانی ملائکہ اور وقار عمر فاروق رضی اللہ عنہ سایہ عمر فاروق سے شیاطین وجنات و | |
| نافرمان انسانوں کا فرار ..... | ۱۶۸ |
| رضاء وغصہ سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ ..... | ۱۶۸ |
| قفل جہنم ..... | ۱۶۹ |
| شراب کا دودھ اور سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ..... | ۱۷۰ |
| دف کی آواز اور سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ ..... | ۱۷۰ |
| ازواج مطہرات اور سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ ..... | ۱۷۰ |
| منافق کا سر قلم اور سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ..... | ۱۷۱ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| دریائے نیل اور سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ | ۱۷۲ |
| یا ساریۃ الجبل اور سیّدنا عمر فاروق | ۱۷۲ |
| کھجوروں کا طباق اور سیّدنا عمر ابن خطاب | ۱۷۳ |
| بعض آیات کا نزول قرآن بحق سیّدنا عمر فاروق | ۱۷۴ |
| فتوحات سیّدنا عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ | ۱۷۶ |
| فاتحِ مدائن حضرت سراقہ کو سونے کے کنگن از سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ | ۱۷۷ |
| شہزادی ایران شہر بانو بحقِ زوجیتِ حسین بہ عنایت سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ | ۱۷۸ |
| حضراتِ حسنین کی محبت والفت اور سیّدنا عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ | ۱۷۸ |
| سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کا زہد وورع وحلم وتواضع | ۱۷۹ |
| کرتہ مبارک اور پیوند | ۱۸۰ |
| شلوار مبارک اور چمڑے کے پیوند | ۱۸۱ |
| رو رو کر رخسار پر نشان | ۱۸۱ |
| رتبہ امیر المؤمنین اور تو کہاں | ۱۸۱ |
| جو میرے عیب ظاہر کرے مجھے وہ پسند ہے | ۱۸۱ |
| کاش میں زمین کا ایک تنکا ہوتا | ۱۸۱ |
| رات کی تاریکی میں گشت اور غریبوں کی امداد | ۱۸۱ |
| ازواج واولادِ سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ بمعہ اسماء وتعداد | ۱۸۱ |
| ازواج واولاد سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے احوال بمعہ خصوصیات | ۱۸۲ |
| حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی دو بیویوں کو طلاق دینے کی وجوہات | ۱۸۳ |
| سیّدنا عبداللہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی کنیت | ۱۸۳ |
| حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بن عمر رضی اللہ عنہ | ۱۸۳ |
| حضرت عبدالرحمٰن الاکبر | ۱۸۳ |
| حضرت زید الاکبر | ۱۸۴ |
| حضرت عاصم | ۱۸۴ |
| حضرت عیاض | ۱۸۴ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| زید الاصغر، عبید اللہ | ۱۸۴ |
| عبدالرحمٰن الاکبر | ۱۸۴ |
| ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا | ۱۸۴ |
| آخری خطبہ وخبر شہادت بزبانِ عمر فاروق رضی اللہ عنہ | ۱۸۴ |
| حضرت سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کی شہادتِ عظمیٰ | ۱۸۵ |
| آخری لمحات تجہیز وتکفین گنبد خضریٰ میں مکین سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ | ۱۸۶ |
| **باب ۸ خلیفۂ ثالث جامعِ آیاتِ القرآن** | |
| حضرت سیّدنا عثمان ابنِ عفان رضی اللہ عنہ | ۱۸۸ |
| ولادتِ شریفہ | ۱۸۸ |
| قبول اسلام | ۱۸۸ |
| ہجرت | ۱۸۹ |
| استقامت | ۱۸۹ |
| سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو جنت میں مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رفاقت | ۱۸۹ |
| جیشِ عشرہ کے موقعہ پر سیّدنا عثمان غنی کی مالی قربانی | ۱۸۹ |
| بارگاہ رسالتِ مآب میں دیناروں کا ڈھیر اور سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ | ۱۸۹ |
| چاہِ رومہ در مدینہ برضائے نبوت اور عثمان غنی کی خریداری | ۱۹۰ |
| مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک ایک قدم مبارک پر غلاموں کو نثار کرنا | ۱۹۱ |
| مجسم وپیکر حیاء وایمان حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ | ۱۹۱ |
| بیعت رضوان، نبی غیب دان اور سیّدنا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ | ۱۹۲ |
| سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا حلیۂ اقدس | ۱۹۳ |
| سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے عہدۂ خلافت کی اجمالی خصوصیات | ۱۹۴ |
| غیبی خبر، فتنوں کی پیداوار اور سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی حقانیت | ۱۹۵ |
| ارشادِ مصطفوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۱۹۸ |
| سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کو منصب خلافت کا قمیص | ۱۹۸ |
| جو عصائے نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تبرکاً سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس تھا چھین کر توڑنے والا تڑپ تڑپ کر مر گیا | ۱۹۹ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| علم غیب نبوت ﷺ سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ ظلم وستم سے شہید ہوں گے | ۲۰۰ |
| سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی آمد | ۲۰۰ |
| سیّدہ ام المؤمنین امِ حبیبہ رضی اللہ عنہا کی آمد | ۲۰۱ |
| سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ اور سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا تقرر | ۲۰۱ |
| اتمام حجت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کا آخری دردناک خطبہ | ۲۰۱ |
| بحالتِ تلاوتِ قرآن سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت عظمیٰ | ۲۰۲ |
| قدرتِ خداوندی | ۲۰۴ |
| فراقِ شوہر پر سیّدہ نائلہ کا حال | ۲۰۴ |
| سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی تجہیز وتکفین | ۲۰۵ |
| قتلِ عثمان میں شریک طرح طرح کے عذابوں میں مبتلا | ۲۰۶ |
| سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی کل ازواج وابناء وبنات بمعہ اسماء وتعداد | ۲۰۶ |
| سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی ازواج واولادِ امجاد کے حالات | ۲۰۶ |
| **باب ۹ خلیفہء رابع وامام اوّل** | |
| حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ ابنِ عمران ابوطالب رضی اللہ عنہما | ۲۰۸ |
| مصطفیٰ ﷺ اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۰۸ |
| سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی ولادتِ باسعادت | ۲۰۹ |
| مصطفیٰ ﷺ اور نام علی رضی اللہ عنہ کا انتخاب | ۲۱۰ |
| آغوشِ نبوت میں سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کی تعلیم وتربیت | ۲۱۱ |
| شرفِ اسلام | ۲۱۱ |
| شبِ ہجرت حضرت علی رضی اللہ عنہ کی جانثاری | ۲۱۱ |
| اخوتِ دنیا وآخرت بانبوت ﷺ اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۱۲ |
| مولائے کائنات سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۱۳ |
| (واقعہ) وہ مومن نہیں جس کے علی رضی اللہ عنہ مولیٰ نہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ | ۲۱۳ |
| بارگاہ نبوت میں بھنا ہوا گوشت اور سیّدنا علی المرتضیٰ | ۲۱۴ |
| عطائے علمِ فتحِ خیبر | ۲۱۴ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| محبوبِ خدا و مصطفیٰ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۱۴ |
| سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نگہبانِ اہلِ بیتِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۲۱۵ |
| محبت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ محبت اللہ ورسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۲۱۶ |
| اطاعت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اطاعت الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۲۱۶ |
| مومن اور منافق کی علامت | ۲۱۶ |
| اجازت در مسجد بحالتِ جنابت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۱۷ |
| شامل در عبادت ذکر وزیارتِ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۱۷ |
| سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے جسم پر گرمی وسردی بے اثر | ۲۱۷ |
| حبِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ گناہوں کو کھا جاتی ہے | ۲۱۷ |
| واقعۂ خیبر اور فاتحِ خیبر حیدرِ کرار سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۱۸ |
| سیّدنا مولیٰ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی نمازِ عصر، مقامِ صہبا پر ڈوبا ہوا سورج واپس | ۲۲۰ |
| تاجدارِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینۃ العلم اور سیّدنا مولیٰ علی رضی اللہ عنہ باب مدینۃ العلم | ۲۲۱ |
| قیامت تک جو ہونے والا ہے اس کی خبر بابِ مدینۃ العلم رضی اللہ عنہ | ۲۲۲ |
| خزائنِ قرآن وتفسیر وحدیث اور حوضِ کوثر پر قرآن وعلی رضی اللہ عنہ کی معیت | ۲۲۲ |
| واقعہ میراث اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا علم القرآن | ۲۲۴ |
| لڑکے کی ماں کی پہچان اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا علم القرآن | ۲۲۴ |
| یہودی کی کھودی داڑھی اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا علم القرآن | ۲۲۴ |
| علوم وقضاء وفقہ وحکمت اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۲۵ |
| عیسائی عالم پادری کے سوالات اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے جوابات | ۲۲۶ |
| یہودی عالم کے سات سوال اور علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے جوابات | ۲۲۷ |
| تقسیمِ حصہ اور علمِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۲۸ |
| ایک نوجوان، اس کی ماں اور فیصلۂ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۲۹ |
| زن حاملہ بالزنا اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا فیصلہ | ۲۳۰ |
| ایک عورت سے دو آدمیوں کا فریب اور فیصلۂ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۳۰ |
| ایک بچہ اور دعویدار دو عورتیں، فیصلۂ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۳۱ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| بحالتِ احرام شتر مرغ کے انڈوں کا استعمال اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا فیصلہ ..... | ۲۳۱ |
| اسلامی سن ہجری اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ..... | ۲۳۱ |
| عجیب الخلقت بچہ اور فیصلۂ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ..... | ۲۳۱ |
| ایک عورت کا مسئلہ میراث اور جواب سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ..... | ۲۳۲ |
| مسلۂ جائیداد اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ..... | ۲۳۲ |
| علمِ نحو اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ..... | ۲۳۲ |
| علمِ ریاضی اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ..... | ۲۳۳ |
| سترہ اونٹ کا مسئلہ اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ..... | ۲۳۳ |
| خریدا ہوا مکان واپس اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ..... | ۲۳۳ |
| سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی خوش طبعی اور حاضر جوابی ..... | ۲۳۴ |
| حاضر جوابی، خوش دلی کا ایک اور واقعہ ..... | ۲۳۴ |
| میاں بیوی، ماں بیٹا: علمِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے حرام سے بچالیا ..... | ۲۳۵ |
| کراماتِ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ..... | ۲۳۶ |
| سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے فضائل ومحاسن ومحامد کا مجموعی ذکر ..... | ۲۳۷ |
| عبادت ..... | ۲۳۷ |
| نماز ..... | ۲۳۷ |
| روزہ ..... | ۲۳۸ |
| خیرات ..... | ۲۳۸ |
| حج ..... | ۲۳۸ |
| اخلاق ..... | ۲۳۹ |
| صبر وتحمل ..... | ۲۳۹ |
| رحم وعفو ..... | ۲۳۹ |
| حلم ..... | ۲۴۰ |
| تواضع وانکساری ..... | ۲۴۰ |
| سخاوت ..... | ۲۴۰ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| مہمان نوازی | ۲۴۰ |
| زہد | ۲۴۱ |
| امام المتقین | ۲۴۱ |
| شجاعت | ۲۴۱ |
| خصائلِ حمیدہ | ۲۴۱ |
| غذا | ۲۴۲ |
| لباس | ۲۴۲ |
| منصبِ خلافت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۴۲ |
| سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی حقانیت اور جمل و صفین غزوات | ۲۴۳ |
| جنگِ جمل | ۲۴۴ |
| کوفہ دارالخلافہ | ۲۴۵ |
| جنگِ صفین | ۲۴۵ |
| خوارج سے جنگ | ۲۴۵ |
| اصحابِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور صداقتِ اہلِ سنت | ۲۴۶ |
| علمِ غیبِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور خبرِ شہادتِ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۴۷ |
| خبرِ قاتل عبدالرحمٰن ابنِ ملجم اور علمِ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۴۸ |
| خارجن اور خارجی | ۲۴۸ |
| قبل از وقت جامِ شہادت کی تیاری اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۴۹ |
| سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادتِ عظمیٰ | ۲۴۹ |
| ایک درویشِ حق | ۲۵۳ |
| قاتل آگ میں جلا دیا گیا | ۲۵۴ |
| مردِ کامل | ۲۵۴ |
| سرد آہ | ۲۵۴ |
| ذکر القاباتِ سیّدنا علی المرتضیٰ | ۲۵۴ |
| کوفہ میں سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا مکان اور درسِ قرآن | ۲۵۵ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی وصیت بمتعلق تدفین | ۲۵۵ |
| ذکرِ انگشتری سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۵۵ |
| مقامِ شہادت در جامع کوفہ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۵۵ |
| مزارِ اقدس سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ در نجفِ اشرف | ۲۵۷ |
| شجرۂ طیبہ آلِ حیدرِ کرار، ازواج وابناء وبناتِ کرام رضی اللہ عنہم | ۲۵۸ |
| سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی ازواج وابناء وبنات کا بمعہ اسماء وتعداد بیان | ۲۵۸ |
| سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی اولاد وازواج کے احوال | ۲۶۰ |
| اسمائے گرامی ابنائے کرام سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ، شہدائے کربلا رضوان اللہ علیہم اجمعین | ۲۶۱ |
| سلسلہ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا بیان | ۲۶۲ |
| حضرت محمد (ابن الحنفیہ) ابنِ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۶۲ |
| حضرت عباس بن سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۶۳ |
| عباس علمبردار رضی اللہ عنہ | ۲۶۳ |
| عبداللہ حسن رضی اللہ عنہ | ۲۶۳ |
| حضرت عمر ابنِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۶۴ |
| سیّدہ حضرت زینب دختر سیّدنا علی المرتضیٰ کا سلسلۂ اولاد | ۲۶۵ |
| حضرت ام ہانی فاختہ بہن حقیقی سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | ۲۶۵ |
| برادر علی المرتضیٰ حضرت عقیل ابن عمران (ابوطالب) رضی اللہ عنہم | ۲۶۶ |
| شجرۂ اولادِ عمران رضی اللہ عنہ | ۲۶۷ |
| برادرِ علی المرتضیٰ حضرت جعفر (طیار) ابن عمران (ابوطالب) رضی اللہ عنہم | ۲۶۷ |
| شجرۂ اولادِ حضرت عمران جعفر ابنِ (ابی طالب) رضی اللہ عنہم | ۲۶۹ |
| حضرت جعفر ابن عمرانِ ابوطالب رضی اللہ عنہ | ۲۶۹ |
| **باب ۱۰ خلیفہء خامس وامام ثانی سیّد الاسخیاء** | |
| حضرت سیّدنا امام حسن بن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما | ۲۷۰ |
| ولادت باسعادت | ۲۷۰ |
| اسمِ مبارک کا انتخاب وخواص | ۲۷۰ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| لعابِ دہن وادائے عقیقہ از مصطفیٰ ﷺ | ۲۷۱ |
| زمانۂ طفولیت | ۲۷۱ |
| شباہتِ رسولِ مقبول ظاہر و باطن اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | ۲۷۲ |
| عطائے حلم | ۲۷۲ |
| آغوشِ نبوت ﷺ اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | ۲۷۲ |
| رسالت مآب بحالتِ رکوع و سجود اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | ۲۷۳ |
| راکبِ دوشِ نبوت اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | ۲۷۳ |
| دو عظیم مسلمانوں کے گروہ میں صلح علمِ غیب مصطفیٰ اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | ۲۷۴ |
| بحالتِ وضو خوفِ خداوندی اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | ۲۷۴ |
| عبادت و تلاوتِ قرآن میں خشوع و خضوع اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | ۲۷۴ |
| تنگدستوں، مقروضوں، حاجتمندوں کی مددگاری اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | ۲۷۵ |
| انتہائے ادب پچیس حج برہنہ پا اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | ۲۷۶ |
| پیکرِ حلم اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | ۲۷۶ |
| سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کا فیصلہ (ایک واقعہ) قاتل و مقتول | ۲۷۶ |
| منصبِ خلافت اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | ۲۷۷ |
| دعائے نبوت علمِ غیب و زیارت بحالتِ خواب اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | ۲۷۸ |
| سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ سے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی معذرت | ۲۷۹ |
| حلیۂ مبارک سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | ۲۷۹ |
| ازواجِ مقدسہ سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | ۲۷۹ |
| اولادِ امجاد سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | ۲۸۰ |
| میدانِ کربلا میں سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کے شہزادوں میں سے شہید ہونے والوں کی تعداد اور ان کے اسمائے مبارکہ | ۲۸۱ |
| احوال و خصائلِ حضرت زید بن سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہما | ۲۸۱ |
| فضائلِ جلیلہ حضرت حسنِ مثنیٰ بن سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہما و ازواج و اولاد | ۲۸۲ |
| حالات صاحبزادگان حضرت حسن مثنیٰ بن امام حسن | ۲۸۳ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| حضرت عبداللہ المحض | ۲۸۳ |
| حضرت ابراہیم العمر | ۲۸۴ |
| حضرت حسن المثلث | ۲۸۴ |
| حضرت داؤد | ۲۸۴ |
| حضرت جعفر | ۲۸۴ |
| حضرت ادریس | ۲۸۴ |
| آخری لمحات شدید زہر سے سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کی شہادت عظمیٰ | ۲۸۵ |
| تجہیز و تکفین و نماز جنازہ و تدفین سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ | ۲۸۷ |
| زہر خورانی کی تحقیق اور سیّدنا امام حسن کی زوجہ پر جھوٹے الزام کی تردید | ۲۸۸ |
| **باب نمبر ۱۱ حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کا مشترکہ بیان** | ۲۸۹ |
| سیّدنا امام حسن و سیّدنا امام حسین کی خاطر مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خطبہ و منبر اقدس چھوڑ دیا | ۲۸۹ |
| سیّدنا امام حسن و سیّدنا امام حسین مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کملی مبارک میں بوقت شب | ۲۹۰ |
| سیّدنا امام حسن و سیّدنا امام حسین کے جسم اقدس کو مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سونگھتے اور بوسہ دیتے | ۲۹۱ |
| سیّدنا امام حسن و سیّدنا امام حسین مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دنیا میں دو پھول ہیں | ۲۹۱ |
| سیّدنا امام حسن و سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہما جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں | ۲۹۱ |
| حسنین کریمین کا تختیاں لکھنا اور خدائی فیصلہ | ۲۹۲ |
| **باب ۱۲ سیّد الشہداء و امام ثالث** | |
| **حضرت سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ ابن علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ** | ۲۹۳ |
| بشارت | ۲۹۳ |
| ولادت باسعادت | ۲۹۴ |
| نام حسین رضی اللہ عنہ و ادائے عقیقہ از مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۲۹۴ |
| پرورش | ۲۹۴ |
| تعلیم و تربیت | ۲۹۴ |
| سیّدنا امام حسین کے ساتھ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا والہانہ پیار | ۲۹۵ |
| نسبت خصوصی اور سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ | ۲۹۶ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| راکب دوش نبوت سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ | ۲۹۶ |
| آغوش نبوت اور سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ | ۲۹۶ |
| مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور لعاب حسین رضی اللہ عنہ | ۲۹۶ |
| جگر گوشہ رسالت سیّدنا حسین رضی اللہ عنہ | ۲۹۷ |
| سردار اہل جنت رضی اللہ عنہ | ۲۹۷ |
| سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے کمالات یعنی ان کے ذاتی اخلاق واطوار اور فضائل ومناقب | ۲۹۷ |
| اخلاق حسنہ | ۲۹۷ |
| تواضع | ۲۹۸ |
| مقروضوں وبیکسوں کی اعانت اور سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ | ۲۹۸ |
| پاکیزگیٔ قلب | ۳۰۰ |
| شجاعت | ۳۰۰ |
| علم وفضل | ۳۰۱ |
| عبادت وریاضت | ۳۰۱ |
| مجسمہ اوصاف جلیلہ سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ محبت ونشانی خداوندی | ۳۰۲ |
| اخبار عن الغیب شہادت در کربلا سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ بارشاد نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امام حسین رضی اللہ عنہ کی ولادت | ۳۰۲ |
| سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی ازواج اور اولاد امجاد کا بیان | ۳۰۴ |
| حضرت شہر بانو رضی اللہ عنہا | ۳۰۵ |
| حضرت لیلیٰ رضی اللہ عنہا | ۳۰۵ |
| حضرت رباب رضی اللہ عنہا | ۳۰۵ |
| حضرت رباب کے دردناک اشعار بعد شہادت امام رضی اللہ عنہ | ۳۰۶ |
| حضرت ام اسحاق رضی اللہ عنہا | ۳۰۷ |
| حضرت قضاعیہ | ۳۰۷ |
| حضرت علی اوسط ابن الحسین المعروف امام زین العابدین رضی اللہ عنہ | ۳۰۷ |
| حضرت علی اکبر ابن الحسین رضی اللہ عنہ | ۳۰۷ |
| حضرت عبداللہ المشہور علی اصغر رضی اللہ عنہ | ۳۰۷ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| حضرت جعفر ابن الحسین رضی اللہ عنہ ..... | ۳۰۷ |
| حضرت فاطمہ صغرا خاتون ..... | ۳۰۷ |
| حضرت سکینہ بنت الحسین رضی اللہ عنہا ..... | ۳۰۸ |
| **باب ۱۳ یزید کی تخت نشینی** ..... | ۳۰۹ |
| ارشاد نبوت امارۃ الصبیان اور امت کی ہلاکت ..... | ۳۱۰ |
| سنتِ رسول کو بدلنے والا پہلا شخص یزید ہوگا ..... | ۳۱۲ |
| سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا اقدام جہاد نہ طلب خلافت نہ حصول جاہ واقتدار | |
| باغیانہ الزام کی تردید۔ یزید کے حقیقی خدوخال ..... | ۳۱۳ |
| یزید کے بعض کافرانہ عقائد ونظریات ..... | ۳۱۶ |
| یزید کا حلت شراب کے متعلق نظریہ آیت قرآنی کا تمسخر ..... | ۳۱۷ |
| یزید اور محرمات شرعیہ، زنا، ترک نماز، شراب کا ارتکاب ..... | ۳۱۷ |
| یزید گانے باجے، ناچ، راگ، کتوں، بندروں کا دلدادہ ..... | ۳۱۸ |
| سیدنا امام عالی مقام کا جہاد عظیم ..... | ۳۱۹ |
| صحابہ پر یزید کا فسق وفجور مسلم اور عدم شرکت امام پر مؤقف صحابہ، نیز کربلائی اقدام پر اتفاق ..... | ۳۲۱ |
| یزید کو امیر المؤمنین کہنے پر ایک شخص کو بیس کوڑے ..... | ۳۲۴ |
| فاسق بادشاہ یا امیر حاکم کے خلاف خروج ..... | ۳۲۵ |
| مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وقت آخر تک تین قبیلوں سے کیوں بیزار تھے؟ | |
| قبیلہ بنی حنفیہ مسیلمہ کذاب، قبیلہ ثقیف حجاج، قبیلہ بنی امیہ یزید اور ابن زیاد ..... | ۳۲۹ |
| اہل مدینہ کو خوف زدہ کرنے پر لعنت خداوندی ..... | ۳۳۰ |
| مقام زیت (حرہ) مدینہ منورہ خون سے رنگین ہوگا ..... | ۳۳۱ |
| یزید کا سہ سالہ دور حکومت ..... | ۳۳۱ |
| واقعہ حرہ ..... | ۳۳۲ |
| یزیدی لشکر کی مدینہ منورہ میں تباہی، مسجد نبوی کی توہین صحابہ کرام تابعین، | |
| حفاظ قرآن، عوام الناس کا قتل لوٹ مار کا بازار گرم ..... | ۳۳۲ |
| یزیدی ظلم سے مسجد نبوی تین یوم بے اذان وبے نماز رہی ..... | ۳۳۳ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| یزیدیوں نے کعبۃ اللہ کو آگ لگادی | ۳۳۳ |
| یزید کے ظلم وستم اور افعال قبیحہ اس کے بیٹے معاویہ بن یزید کی زبانی | ۳۳۳ |
| یزید کی رضامندی اور واقعہ کربلا | ۳۳۴ |
| اہم نقطہ | ۳۳۴ |
| ابن زیاد اور حادثہ کربلا | ۳۳۶ |
| یزید کا قتل امام کے بعد خطرات رسوائی تا قیامت کی بنا پر اظہار ندامت اور ابن زیاد کو لعنت وملامت | ۳۳۸ |
| حدیث قسطنطنیہ کا تحقیقی بیان | ۳۳۹ |
| اوّل | ۳۳۹ |
| ثانیاً | ۳۴۰ |
| ثالثاً | ۳۴۰ |
| رابعاً | ۳۴۱ |
| ایک مشہور شبہ متعلق یزید | ۳۴۲ |
| یزید کے متعلق دنیائے اسلام کی رائے | ۳۴۳ |
| یزید عنان سلطنت پر اور بیعت لینے پر اصرار اور سیدنا امام حسین کا انکار | ۳۴۸ |
| **باب ۱۴ حضرت امام عالی مقام کی مدینہ طیبہ سے رخصت کی حکمتیں** | ۳۵۱ |
| ریاض جنت میں سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی آخری رات | ۳۵۲ |
| دربار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم پر رات کی پچھلی گھڑی | ۳۵۲ |
| حضرت محمد ابن الحنفیہ رضی اللہ عنہ اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی آخری ملاقات | ۳۵۳ |
| ام المؤمنین سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کی آخری ملاقات | ۳۵۴ |
| مزار ساقی کوثر صلی اللہ علیہ وسلم پر سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی آخری حاضری | ۳۵۵ |
| قبر انور خاتون جنت رضی اللہ عنہا وقبور اصحاب جنت البقیع پر آخری حاضری | ۳۵۶ |
| غلط افتراء اور اس کی تردید | ۳۵۶ |
| واقعہ سیدہ فاطمہ صغریٰ رضی اللہ عنہا بنت الحسین رضی اللہ عنہ تحقیق کی کسوٹی پر | ۳۵۷ |
| **باب ۱۵ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی مدینہ منورہ سے مکہ معظمہ ہجرت** | ۳۵۹ |
| سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا مکہ معظمہ میں قیام | ۳۶۱ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو اہل کوفہ کے دعوتی خطوط ..... | ۳۶۲ |
| اہل کوفہ وبصرہ کے دعوتی خطوط پر سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا جواب ..... | ۳۶۳ |
| **باب ۱۶ سیدنا امام مسلم بن عقیل کی بجانب کوفہ روانگی** ..... | ۳۶۵ |
| سیدنا امام مسلم بن عقیل کا خط از کوفہ بنام سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ ..... | ۳۶۶ |
| کثرت حمائت امام مسلم بن عقیل اور والی کوفہ نعمان بن بشیر کی تقریر ..... | ۳۶۶ |
| یزید کی طرف سے شکائتی خطوط پر نعمان بن بشیر کی معزولی ور عبید اللہ ابن زیاد کی تقرری ..... | ۳۶۷ |
| عبید اللہ ابن زیاد بصرہ سے کوفہ دار الامارت تک ..... | ۳۶۸ |
| ہانی بن عروہ کے ہاں قیام ..... | ۳۶۸ |
| سیدنا امام مسلم بن عقل کی تلاش اور عبید اللہ ابن زیاد کی جاسوسی ..... | ۳۶۹ |
| حضرت ہانی بن عروہ کا مختصر تعارف ..... | ۳۶۹ |
| مہمان جلیل سیدنا امام مسلم بن عقیل کو پناہ دینے پر حضرت ہانی بن عروہ کی گرفتاری اور ظلم عبید اللہ ابن زیاد . | ۳۷۰ |
| عبید اللہ ابن زیاد کا محاصرہ ..... | ۳۷۱ |
| جامع مسجد کوفہ میں بحالت نماز مغرب آخری افراد کا سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ سے فرار ..... | ۳۷۲ |
| سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ کی بے کسی اور خاتون طوعہ مسلمہ ..... | ۳۷۲ |
| سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ کی آخری شب عبادت، شرف زیارت، بشارت شہادت ..... | ۳۷۴ |
| مسلح لشکر ابن زیاد اور طوعہ کے گھر کا گھیراؤ ..... | ۳۷۴ |
| سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ پر سنگباری اور شجاعت ہاشمی اور گرفتاری ..... | ۳۷۵ |
| سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ کے آخری مکالمات اور ابن زیاد ..... | ۳۷۷ |
| سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت عظمیٰ ..... | ۳۷۸ |
| سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ کا مزار مسجد انبیاء در کوفہ مرکز برکات عامہ وخاصہ ..... | ۳۷۸ |
| شانِ سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی شدید گستاخی اور اس کی تردید ..... | ۳۷۹ |
| حضرت ہانی بن عروہ کی شہادت کا بیان: ..... | ۳۸۰ |
| حضرت ہانی کی قبر امام مسلم رضی اللہ عنہ کے ساتھ ..... | ۳۸۰ |
| فرزندان امام مسلم رضی اللہ عنہ حضرت محمد اور حضرت ابراہیم کی کوفہ میں بیکسی اور شہادت ..... | ۳۸۱ |
| ظالم کا انجام ..... | ۳۸۴ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| فرزندان امام مسلم سیدنا محمد اور سیدنا ابراہیم کے مزارات مقدسہ | ۳۸۴ |
| ان شہداء کوفہ کا بیان جن کا واقعہ کربلا کے ساتھ بالواسطہ گہرا ربط ہے | ۳۸۵ |
| فصل ۲ جہاد و ہجرت قرآن کی روشنی میں | ۳۸۷ |
| باب ۱۷ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی مکہ معظمہ سے رخصت کی حکمتیں | ۳۸۸ |
| حضرت عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما | ۳۸۹ |
| حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما | ۳۸۹ |
| حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما | ۳۹۰ |
| سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا مکہ معظمہ میں آخری خطبہ | ۳۹۰ |
| سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی مکہ معظمہ سے بجانب کوفہ روانگی | ۳۹۱ |
| نقشہ راہ سفر | ۳۹۲ |
| باب ۱۸ مکہ معظمہ سے کربلا تک منازل سفر اور درمیان میں رونما ہونے والے واقعات کا بیان | ۳۹۳ |
| پہلی منزل بستان ابن عامر | ۳۹۳ |
| دوسری منزل صفاح | ۳۹۴ |
| تیسری منزل ذات عرق | ۳۹۵ |
| چوتھی منزل بطن رمہ | ۳۹۵ |
| پانچویں منزل بعض العیون | ۳۹۶ |
| چھٹی منزل خزیمیہ | ۳۹۶ |
| ساتویں منزل زرود | ۳۹۷ |
| آٹھویں منزل ثعلبیہ | ۳۹۷ |
| نویں منزل زبالہ | ۳۹۸ |
| دسویں منزل بطن عقبہ | ۳۹۸ |
| گیارھویں منزل شراف | ۳۹۸ |
| بارہویں منزل سرات | ۳۹۸ |
| مقام سرات اور حر ابن یزید ریاحی | ۳۹۹ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| کوفہ کی بجائے راہ شام درحقیقت شام کربلا | ۴۰۱ |
| تیرہویں منزل قادسیہ اور چودھویں منزل مغیثہ | ۴۰۱ |
| پندرہویں منزل غریب الہجانات | ۴۰۲ |
| سولہویں منزل بیضہ | ۴۰۲ |
| سترہویں منزل زرحم | ۴۰۲ |
| اٹھارہویں منزل قصر بنی مقاتل | ۴۰۲ |
| ہولناک میدان میں حسینی قافلہ کا محاصرہ انیسویں منزل نینوا | ۴۰۲ |
| ورود کربلا دو محرم الحرام بروز پنجشنبہ ۶۱ ہجری (بیسویں منزل کربلا) | ۴۰۳ |
| سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا پہلا خطبہ اور خاندان ورفقاء | ۴۰۳ |
| (فَصَكَّتْ وَجْهَهَا) کے معنیٰ ماتم نہیں | ۴۰۴ |
| فصل ۳ صابرین کی فضیلت از روئے قرآن | ۴۰۷ |
| فصل ۴ قرآن اور کرب وبلاء | ۴۰۸ |
| **باب ۱۹ دو محرم سے روز عاشورا تک کے حالات** | ۴۱۰ |
| سیدنا امام عالی مقام کے نام عبید اللہ ابن زیاد والیٔ کوفہ کا خط | ۴۱۰ |
| عبید اللہ ابن زیاد کا مختصر تعارف | ۴۱۱ |
| ۳ محرم اور کربلا میں عمرو بن سعد بمعہ چار ہزار لشکر یزید | ۴۱۱ |
| عمرو بن سعد کا مختصر تعارف | ۴۱۱ |
| بیعت یزید پر اصرار ورنہ موت کے لیے تیار | ۴۱۲ |
| خولی بن یزید اور شمر ذی الجوشن کی خباثت (یزیدی گروہ) | ۴۱۳ |
| سیدنا امام حسین اور یزیدی فوج کے سربراہ عمرو بن سعد کی آخری گفتگو | ۴۱۵ |
| یزیدی لشکر جرار کی کل تعداد تیس ہزار | ۴۱۶ |
| سپاہ حسینی کی کل تعداد ایک سو پنتالیس (اور اقوال افراط وتفریط) | ۴۱۷ |
| ساتویں محرم خاندان نبوت پر بندشِ آب | ۴۱۷ |
| حصول آب کے لیے برید بن حضیر ہمدانی کی کوشش کارگر ثابت نہ ہوسکی | ۴۱۷ |
| نویں محرم اور ایک رات کی مہلت | ۴۱۸ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| شب عاشورا کے دلدوز واقعات | ۴۱۸ |
| کربلا والوں کی جان راہ حق پر قربان ہے | ۴۱۹ |
| جانثاران حق اور محلات جنت | ۴۲۰ |
| کربلا کی سیدزادیوں سے سید کا خطاب | ۴۲۰ |
| زمین جگمگا اٹھی جب دل سے کیں عبادتیں | ۴۲۱ |
| ماہ محرم الحرام اور فضائل یوم عاشورا | ۴۲۱ |
| ایک خاص نماز نفل | ۴۲۴ |
| مجرب عملیات وتعویذات | ۴۲۴ |
| گریۂ اطفال کے لیے | ۴۲۴ |
| حاجت برآری کے لیے | ۴۲۴ |
| اولاد نرینہ کے لیے | ۴۲۵ |
| مفلسی دور کرنے کے لیے | ۴۲۵ |
| گمشدہ کے لیے | ۴۲۵ |
| تمام امراض فکر وغم سے نجات کے لیے | ۴۲۶ |
| ہر مصیبت کے لیے: نادعلی صغیر | ۴۲۶ |
| **فصل ۵** فضیلت شہادت قرآن وحدیث کی روشنی میں | ۴۲۷ |
| **باب ۲۰** روز عاشورا اور کربلا | ۴۲۸ |
| سپاہ حسینی اور لشکر اشقیاء | ۴۲۸ |
| جنگ میں تاخیر کی وجہ | ۴۲۹ |
| سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا کربلا میں جنگی صف بندی پر خطبہ | ۴۲۹ |
| سپاہ حسینی میں حر ابن یزید الریاحی | ۴۳۰ |
| ازالۂ وہم | ۴۳۱ |
| قوم اشقیاء سے حر ابن یزید الریاحی کا خطاب | ۴۳۱ |
| لشکر اشقیاء سے آغاز جنگ اور تیروں کی بارش | ۴۳۲ |
| حملہ اولیٰ میں شہید ہونے والے انصار حسینی | ۴۳۳ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| اسماء گرامی واجمالی حالات ..... | ۴۳۳ |
| حضرت زاہر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ..... | ۴۳۳ |
| حضرت حارث رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۳ |
| حضرت مسلم رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۴ |
| حضرت نعیم رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۴ |
| حضرت کنانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ..... | ۴۳۴ |
| حضرت عمار رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۴ |
| حضرت سوار رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۴ |
| حضرت جبلہ رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۴ |
| حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۵ |
| حضرت مسعود رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۵ |
| حضرت زہیر رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۵ |
| حضرت حلاس رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۵ |
| حضرت منیع رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۵ |
| حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۵ |
| حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۵ |
| حضرت سلیم رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۵ |
| حضرت حباب رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۶ |
| حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۶ |
| حضرت عمیر رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۶ |
| حضرت رمیث رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۶ |
| حضرت عامر رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۶ |
| حضرت منذر رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۶ |
| حضرت جوین رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۶ |
| حضرت صبیعہ رضی اللہ عنہ ..... | ۴۳۷ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| حضرت جنادرضی اللہ عنہ | ۴۳۷ |
| آٹھ بزرگ | ۴۳۷ |
| حضرت زبیر رضی اللہ عنہ | ۴۳۷ |
| حضرت حارث رضی اللہ عنہ | ۴۳۷ |
| حضرت عمار رضی اللہ عنہ | ۴۳۷ |
| حضرت امیہ رضی اللہ عنہ | ۴۳۷ |
| حضرت ادہم رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۴۳۷ |
| حضرت بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۴۳۸ |
| حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ | ۴۳۸ |
| حضرت عبیداللہ رضی اللہ عنہ | ۴۳۸ |
| حضرت عامر رضی اللہ عنہ | ۴۳۸ |
| حضرت سالم رضی اللہ عنہ | ۴۳۸ |
| حضرت سیف رضی اللہ عنہ | ۴۳۸ |
| حضرت قاسط رضی اللہ عنہ | ۴۳۸ |
| حضرت کردوس رضی اللہ عنہ | ۴۳۸ |
| حضرت مقسط رضی اللہ عنہ | ۴۳۸ |
| حضرت عمرو رضی اللہ عنہ | ۴۳۸ |
| حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ | ۴۳۹ |
| حضرت عمران رضی اللہ عنہ | ۴۳۹ |
| افادہ راجع بطریقہائے جنگ | ۴۳۹ |
| قیامت خیز منظر میں وقت نماز ظہر اور (۱) حضرت حبیب ابن مظاہر کی شہادت | ۴۳۹ |
| (۲) سیدنا امام عالی مقام اور سپاہ حسینی کا نماز خوف ادا کرنا، تیروں کی بارش اور حضرت سعید الحنفی کی شہادت | ۴۴۰ |
| حضرت عابس بن ابی شبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۴۴۱ |
| حضرت شوذب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ | ۴۴۱ |
| حضرت سوید بن عمرو رضی اللہ عنہ | ۴۴۲ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| حضرت عبداللہ ابن عمیر العلیمی رضی اللہ عنہ | ۴۴۲ |
| حضرت زہیر بن القین بجلی رضی اللہ عنہ | ۴۴۴ |
| حضرت مسلم بن عوسجہ السعدی رضی اللہ عنہ | ۴۴۴ |
| حضرت حنظلہ ابن اسعد الشبامی رضی اللہ عنہ | ۴۴۵ |
| حضرت عبدالرحمن بن عبداللہ الیزنی رضی اللہ عنہ | ۴۴۵ |
| حضرت برید ابن حضیر الہمدانی رضی اللہ عنہ | ۴۴۵ |
| حضرت عمرو بن قرظہ الخزرجی | ۴۴۶ |
| حضرت نافع بن ہلال المرادی رضی اللہ عنہ | ۴۴۷ |
| حضرت حر ابن یزید الریاحی رضی اللہ عنہ | ۴۴۷ |
| حضرت وہب بن عبداللہ الکلبی رضی اللہ عنہ | ۴۴۹ |
| حضرت جون ابن حوی الحبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۴۵۲ |
| حضرت ابوالشعشاء یزیدی الکندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۴۵۳ |
| حضرت شبیب بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۴۵۳ |
| حضرت زیاد الصائدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۴۵۳ |
| حضرت عائذ ابن مجمع رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۴۵۳ |
| حضرت سعید ابن حنظلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۴۵۴ |
| حضرت ابوثمامہ الصیدادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۴۵۴ |
| حضرت یحییٰ ابن کثیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۴۵۴ |
| حضرت سالم ابن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۴۵۵ |
| حضرت عمرو بن جندب رضی اللہ عنہ | ۴۵۵ |
| حضرت حبشہ ابن قیس رضی اللہ عنہ | ۴۵۵ |
| حضرت نعمان الراسبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۴۵۵ |
| حضرت شبیب ابن جرادر رضی اللہ عنہ | ۴۵۵ |
| حضرت رافع بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۴۵۶ |
| حضرت عمرو الجندعی رضی اللہ عنہ | ۴۵۶ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| حضرت حباب ابن عامر رضی اللہ عنہ | ۴۵۶ |
| حضرت شبیب نہشلی رضی اللہ عنہ | ۴۵۶ |
| حضرت سلمان ابن مغارب رضی اللہ عنہ | ۴۵۶ |
| حضرت مرقع الاسدی رضی اللہ عنہ | ۴۵۶ |
| حضرت سعد وحضرت ابوالحنوف العجلانی رضی اللہ عنہم | ۴۵۷ |
| حضرت خرغامہ تغلبی رضی اللہ عنہ | ۴۵۷ |
| حضرت معلّٰی ابن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۴۵۷ |
| حضرت نصر بن ابی نیرز رضی اللہ عنہ | ۴۵۷ |
| حضرت جابر بن الحجاج رضی اللہ عنہ | ۴۵۸ |
| حضرت ہفہناف الراسی رضی اللہ عنہ | ۴۵۸ |
| حضرت یزید المشرقی الہمدانی رضی اللہ عنہ | ۴۵۸ |
| امام عالی مقام کے ایک ترکی غلام رضی اللہ عنہ | ۴۵۹ |
| حضرت انس الکاہلی رضی اللہ عنہ | ۴۵۹ |
| گیارہ سالہ بچہ اور شوق کمال | ۴۶۰ |
| حضرت قاسم الازدی رضی اللہ عنہ | ۴۶۱ |
| حضرت قنعب الخیری رضی اللہ عنہ | ۴۶۱ |
| حضرت مالک دودانی رضی اللہ عنہ | ۴۶۱ |
| حضرت مجمع الجہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۴۶۱ |
| حضرت بشر الحضرمی رضی اللہ عنہ | ۴۶۱ |
| حضرت منہج سہمی رضی اللہ عنہ | ۴۶۲ |
| حضرت یحییٰ بن ہانی رضی اللہ عنہ | ۴۶۲ |
| حضرت جنادہ ابن حارث الانصاری رضی اللہ عنہ | ۴۶۲ |
| حضرت عمرو بن مطاع الجعفی رضی اللہ عنہ | ۴۶۲ |
| حضرت حجاج الجعفی رضی اللہ عنہ | ۴۶۳ |
| حضرت ابوعمرو الحنظلی رضی اللہ عنہ | ۴۶۳ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| حضرت عمرو ابن الخالد رضی اللہ عنہ | ۴۶۴ |
| حضرت یزید ابن مغفل رضی اللہ عنہ | ۴۶۴ |
| حضرت جندب ابن حجیر رضی اللہ عنہ | ۴۶۴ |
| حضرت حجاج السعدی رضی اللہ عنہ | ۴۶۴ |
| حضرت عباد جہنی رضی اللہ عنہ | ۴۶۴ |
| حضرت عبدالرحمن خزرجی رضی اللہ عنہ | ۴۶۵ |
| حضرت سیف ابن الحارث رضی اللہ عنہ | ۴۶۵ |
| حضرت عبداللہ و حضرت عبدالرحمن فرزندان عروہ غفاری رضی اللہ عنہ | ۴۶۵ |
| حضرت انیس الاصبحی رضی اللہ عنہ | ۴۶۶ |
| حضرت ابراہیم بن حصین رضی اللہ عنہ | ۴۶۶ |
| حضرت عمیر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ | ۴۶۶ |
| حضرت عبدالرحمن التیمی رضیٔ اللہ عنہ | ۴۶۷ |
| حضرت عبداللہ الخشعی رضی اللہ عنہ | ۴۶۷ |
| سپاہ حسینی شہدائے کربلا کے اسمائے گرامی رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین | ۴۶۸ |
| شہدائے کربلا پر ایک خصوصی تبصرہ | ۴۷۰ |
| اصحاب حسین میں اصحاب رسول ﷺ | ۴۷۱ |
| اصحاب حسینی میں جماعت تابعین | ۴۷۱ |
| اصحاب حسین میں حفاظ و قراء قرآن | ۴۷۲ |
| اصحاب حسینی میں علماء و فضلاء کرام | ۴۷۲ |
| اصحاب حسینی میں مردان شجاعت | ۴۷۳ |
| **باب ۲۱ واقعہ کربلا میں خاندان بنی ہاشم کی قربانیاں** | ۴۷۴ |
| شہداء ہاشم در کربلا کی تعداد | ۴۷۴ |
| خاندان بنی ہاشم کے پہلے شہید کی تحقیق | ۴۷۴ |
| حضرت سیدنا شہزادہ علی اکبر رضی اللہ عنہ ابن سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ | ۴۷۵ |
| خصوصیات حسب و نسب | ۴۷۵ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| فضائل ومحامد حضرت شہزادہ علی اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۴۷۵ |
| شجاعت وجہاد وایمان وایقان شہزادہ علی اکبر رضی اللہ عنہ | ۴۷۶ |
| شہادت عظمیٰ اور جواں بیٹے کی لاش پر بے کس باپ کی آمد | ۴۷۸ |
| اولاد حضرت عقیل رضی اللہ عنہ کی قربانیاں | ۴۸۱ |
| حضرت عبداللہ بن سیدنا امام مسلم بن عقیل کی شہادت | ۴۸۱ |
| حضرت محمد بن حضرت امام مسلم بن عقیل کی شہادت | ۴۸۲ |
| حضرت جعفر ابن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت | ۴۸۲ |
| حضرت عبدالرحمن ابن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت | ۴۸۳ |
| حضرت محمد بن ابی سعید ابن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت | ۴۸۳ |
| اولاد جعفر طیار کی قربانیاں | ۴۸۳ |
| حضرت محمد ابن عبداللہ ابن جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت | ۴۸۳ |
| حضرت عون ابن عبداللہ ابن جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہم | ۴۸۴ |
| اولاد سیدنا امام حسن مجتبیٰ کی قربانیاں | ۴۸۴ |
| شہزادہ حضرت قاسم ابن امام حسن کی شہادت | ۴۸۵ |
| حضرت ابوبکر ابن امام حسن کی شہادت | ۴۸۶ |
| حضرت عبداللہ (الاصغر) ابن امام حسن کی شہادت | ۴۸۶ |
| اولاد سیدنا علی المرتضیٰ کی قربانیاں | ۴۸۷ |
| حضرت ابوبکر بن علی المرتضیٰ کی شہادت | ۴۸۷ |
| حضرت محمد ابن سیدنا علی المرتضیٰ کی شہادت | ۴۸۷ |
| حضرت عبداللہ ابن علی المرتضیٰ کی شہادت | ۴۸۷ |
| حضرت جعفر ابن علی المرتضیٰ کی شہادت | ۴۸۸ |
| صاحب اللواء ابوالفضل حضرت عباس ابن علی المرتضیٰ کی شہادت | ۴۸۸ |
| القابات | ۴۸۹ |
| شکل وشمائل وفضائل | ۴۸۹ |
| ابوالفضل صاحب اللواء، سقائے اہل بیت حضرت عباس ابن علی المرتضیٰ کی شہادت عظمیٰ | ۴۹۰ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| قیامت نما حادثہ شبیر جہانگیر عرصہ رزم گاہ کربلا | ۴۹۴ |
| طفل شیر خوار شہزادہ علی اصغر ابن امام حسین کی شہادت | ۴۹۵ |
| وقت آخر امام عالی مقام اہل بیت کے جھرمٹ میں | ۴۹۷ |
| سیدنا امام زین العابدین | ۴۹۷ |
| حضرت سیدہ سکینہ سلام اللہ علیہا | ۴۹۸ |
| امام عالی مقام کا وقت آخر زیر لباس پہننا | ۴۹۸ |
| سیدنا امام حسین کی بے مثال شجاعت | ۴۹۹ |
| قبل از شہادت امام عالی مقام کی فرمودہ دعاء حل مشکلات | ۵۰۰ |
| سرکار سید الشہداء سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت عظمیٰ | ۵۰۱ |
| جس نے اپنے نانا کا وعدہ وفا کر دیا | ۵۰۳ |
| **فصل ۶** قرآن اور سلام | ۵۰۴ |
| سلام بحضور سید الشہداء امام عالی مقام | ۵۰۵ |
| **باب ۲۲ بعد از شہادت امام** | ۵۰۶ |
| واقعہ کربلا پر صدمہ سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۵۰۶ |
| شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ کے بعد غضب خداوندی کے آثار | ۵۰۶ |
| ذکر واقعات شہادت اور آنکھوں سے آنسو رحمت خداوندی | ۵۰۷ |
| اہل مدینہ کو شہادت کی اطلاع اور غیب سے نداء | ۵۰۸ |
| بعد از شہادت امام عالی مقام | ۵۰۹ |
| سرکار امام عالی مقام کی لاش مقدس سے لباس کا اتارنا | ۵۰۹ |
| سرکار امام عالیمقام کی لاش مقدس کو پامال کیا جانا | ۵۰۹ |
| ازالہ | ۵۱۰ |
| سرکار امام عالیمقام کے زخموں کی تعداد | ۵۱۰ |
| اسپ امام عالیمقام کا حال بعد شہادت امام | ۵۱۰ |
| اسپ امام عالیمقام کے نام کی تحقیق | ۵۱۱ |
| تبصرہ | ۵۱۱ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| دفن شہدائے کربلا کی تحقیق | ۵۱۲ |
| مزار پرانوار سیدنا امام حسین علیہ مقام اور شہداء کربلا | ۵۱۲ |
| سرکار امام علیہ مقام کے سر اقدس کے مدفن کی تحقیق و تفصیل | ۵۱۳ |
| ان شہداء کربلا کے سر ہائے مبارکہ کی تدفین کا بیان جو دمشق بھجوائے گئے | ۵۱۴ |
| **باب ۲۳ اسیران اہل بیت کے کربلا سے کوفہ تک کے حالات** | ۵۱۵ |
| لاش امام علیہ مقام دیکھ کر حال | ۵۱۵ |
| اسیران اہل بیت کا کوفہ میں داخلہ اور سر ہائے شہداء نیزوں پر | ۵۱۶ |
| سر مبارک نیزہ کی نوک پر چہرہ مبارک کی چمک اور ہوا میں ریش اقدس کی حرکت | ۵۱۶ |
| سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کی بے تابی | ۵۱۸ |
| سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کا اہل کوفہ سے بیمثال خطبہ | ۵۱۸ |
| سر ہائے شہداء اور دربار ابن زیاد اور گستاخی کا مظاہرہ | ۵۲۰ |
| اسیران آل نبوت اور عبید اللہ ابن زیاد کوفہ کے دارالامات میں | ۵۲۱ |
| سیدہ زینب بنت علی المرتضیٰ کی عبید اللہ ابن زیاد سے گفتگو | ۵۲۲ |
| عبید اللہ ابن زیاد کی بے حیائی اور مکالمہ آخری سیدنا امام زین العابدین اور سیدہ زینب | ۵۲۳ |
| کوفہ میں اہل بیت کو کہاں اور کتنے دن اسیر رکھا گیا | ۵۲۳ |
| **باب ۲۴ کوفہ سے شام اسیران اہل بیت کے حالات** | ۵۲۵ |
| اہل بیت کی کوفہ سے روانگی | ۵۲۵ |
| کوفہ سے دمشق کی منازل اور اہل بیت کو کس راستہ سے لے جایا گیا | ۵۲۵ |
| غیبی لوہے کا قلم | ۵۲۶ |
| سر مبارک انوار تجلیات اور ایک راہب کا قبول اسلام | ۵۲۶ |
| دیناروں کی ٹھیکریاں اور آیات قرآنی بحق سزائے ظالماں | ۵۲۷ |
| واقعہ کربلا اور اصحاب کہف | ۵۲۷ |
| قافلہ اہل بیت دمشق کے قریب، یزید کے کفریہ اشعار، دارالاماۃ کی زیبائش | ۵۲۸ |
| امام حسین کا سر مبارک پیش ہونے پر یزید کے کلمات کفریہ | ۵۲۸ |
| یزید کا سر اقدس امام کی بے ادبی کرنا | ۵۲۹ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| زحر بن قیس یزیدی کا واقعہ کربلا کو مسخ کر کے بیان کرنا | ۵۳۰ |
| واقعہ کربلا کا حقیقی معیار | ۵۳۰ |
| سیدہ زینب کا وہ خطبہ دربار یزید میں جس نے در و دیوار ہلا دیے | ۵۳۸ |
| اسیران آل رسول کے متعلق یزید کا حواریوں سے مشورہ اور امام زین العابدین | ۵۴۰ |
| حضرت نعمان بن بشیر کی رائے | ۵۴۰ |
| مقام قیام اسیران آل رسول | ۵۴۱ |
| دربار یزید میں سر اقدس اور ایک رومی سفیر نصرانی کی حیرانگی | ۵۴۱ |
| سر اقدس امام اور ارواح طیبہ کا نور و ظہور | ۵۴۱ |
| سیدہ سکینہ بنت الحسین کے متعلق ایک غلط واقعہ کی تردید | ۵۴۲ |
| دمشق میں اہل بیت کا مدت قیام | ۵۴۲ |
| اہل بیت کی رہائی کے علل و اسباب | ۵۴۲ |
| **باب ۲۵ رہائی اہلبیت اور شام سے مدینہ منورہ تک کے حالات** | ۵۴۵ |
| احکام رہائی اور یزید کا معذرت کرنا | ۵۴۵ |
| اہل بیت کی تعظیم کے ساتھ مدینہ روانگی | ۵۴۵ |
| اہل بیت مدینہ کی بجائے کربلا میں | ۵۴۶ |
| اہل بیت کی سرکار امام و شہیدان کربلا کی قبور پر حاضری | ۵۴۶ |
| آل رسول در مدینۃ الرسول | ۵۴۸ |
| روضہ رسول اور آل رسول | ۵۴۹ |
| آل رسول جنت البقیع میں | ۵۵۰ |
| **باب ۲۶ حضرت سیدہ زینب سلام اللہ علیہا بنت علی المرتضیٰ** | ۵۵۱ |
| ولادت | ۵۵۱ |
| تعلیم و تربیت | ۵۵۱ |
| نبوت کا پیار | ۵۵۱ |
| اخلاق فاضلہ | ۵۵۲ |
| شباہت شمائل | ۵۵۲ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| نکاح ..... | ۵۵۲ |
| امور خانہ داری ..... | ۵۵۲ |
| شرم وحیاء ..... | ۵۵۳ |
| عظمت شوہر ..... | ۵۵۳ |
| زہد وتقویٰ ..... | ۵۵۴ |
| ایمان وتوکل ..... | ۵۵۴ |
| وصال ..... | ۵۵۵ |
| مرقد اقدس ..... | ۵۵۵ |
| **باب ۲۷ نافرجام قاتلان امام کا عبرت ناک انجام** ..... | ۵۵۷ |
| یزید کی ہلاکت، سنگباری اور آگ ..... | ۵۵۷ |
| مختار بن ابوعبیدہ ثقفی ..... | ۵۵۷ |
| مختار بن ابوعبیدہ کا دور حکومت ..... | ۵۵۸ |
| مختار کی مدح وقدح پر اختلاف ..... | ۵۵۸ |
| کربلا کا انتقام ..... | ۵۵۸ |
| قاتلان امام عالی مقام کے گھروں کا ڈھایا جانا اور قتل کرنا ..... | ۵۵۹ |
| راہ فرار اختیار کرنے والوں کا تعاقب کر کے مارا جانا ..... | ۵۵۹ |
| یزیدی فوج کے وہ افراد جن کو ٹکڑے کر کے آگ لگادی ..... | ۵۶۰ |
| مختار کے لشکر کی ابن زیادی لشکر سے موصل پر جنگ ابراہیم ابن الاشتر کی فتح اور ابن زیاد کی ہلاکت ..... | ۵۶۲ |
| عبیداللہ ابن زیاد اور اس کے دو ساتھیوں کے مختار کی عدالت کوفہ دارالامارت میں شقی ازلی ظالم کے نجس سر ..... | ۵۶۲ |
| قدرت خداوندی سے ظالم سروں پر اژدھا کا مسلط ہونا ..... | ۵۶۳ |
| سانپ کا عبیداللہ ابن زیاد کے نتھنوں سے گزر کر منہ سے نکلنا ..... | ۵۶۳ |
| حضرت محمد ابن الحنفیہ اور حضرت امام زین العابدین کے پاس نجس سروں کی پیشی ..... | ۵۶۴ |
| جو ظالم قتل ہونے سے بچ گئے وہ عجیب آفات وبلیات میں مبتلا ہو کر مر گئے ان سزاؤں کا بیان ..... | ۵۶۴ |
| فصل ۷ لمحۂ فکریہ ..... | ۵۶۷ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| شجرہ مبارکہ آئمہ اہل بیت | ۵۶۸ |
| باب ۲۸ آئمہ اہل بیت حضرت علی بن الحسین رضی اللہ عنہ المعروف | |
| بامام زین العابدین رضی اللہ عنہم | ۵۶۹ |
| زہد وتقویٰ | ۵۶۹ |
| علم وفضل | ۵۷۰ |
| اخلاق کریمانہ | ۵۷۰ |
| امام زین العابدین اور بنوامیہ کی قید | ۵۷۰ |
| حضرت خضر سے گفتگو | ۵۷۱ |
| حیوانات کی شہادت | ۵۷۲ |
| فیصلہ حجر الاسود | ۵۷۳ |
| عبدالملک اور امام زین العابدین | ۵۷۴ |
| امام زین العابدین اور خزیمہ | ۵۷۴ |
| شہادت | ۵۷۵ |
| اولاد امجاد | ۵۷۵ |
| حضرت محمد باقر بن علی بن حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم | ۵۷۵ |
| خصائل جلیلہ | ۵۷۵ |
| علم وفضل | ۵۷۶ |
| تقویٰ | ۵۷۶ |
| کرامات حضرت امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۵۷۶ |
| شہادت | ۵۸۲ |
| اولاد وامجاد | ۵۸۲ |
| حضرت امام جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم | ۵۸۲ |
| حضرت امام جعفر الصادق کی کرامات | ۵۸۳ |
| وصال | ۵۸۸ |
| اولاد وامجاد | ۵۸۸ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| حضرت امام موسیٰ بن جعفر الصادق رضی اللہ تعالیٰ عنہما ..... | ۵۸۸ |
| شہادت ..... | ۵۹۲ |
| اولاد وامجاد ..... | ۵۹۲ |
| حضرت علی بن موسیٰ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہم ..... | ۵۹۳ |
| شہادت ..... | ۶۰۱ |
| اولاد امجاد ..... | ۶۰۱ |
| حضرت محمد بن علی بن موسیٰ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ..... | ۶۰۱ |
| آپ کے کلمات قدسیہ ..... | ۶۰۲ |
| آپ کی کرامات ..... | ۶۰۳ |
| شہادت ..... | ۶۰۴ |
| اولاد وامجاد ..... | ۶۰۴ |
| حضرت سیدنا علی بن محمد بن علی بن موسیٰ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہم ..... | ۶۰۴ |
| حضرت علی ہادی کے مناقب ..... | ۶۰۴ |
| آپ کی کرامات ..... | ۶۰۵ |
| اولاد وامجاد ..... | ۶۰۷ |
| وصال ..... | ۶۰۷ |
| حضرت سیدنا حسن بن علی بن محمد بن علی الرضا رضی اللہ عنہم ..... | ۶۰۷ |
| آپ کی کرامات ..... | ۶۰۸ |
| اولاد ..... | ۶۰۹ |
| شہادت ..... | ۶۰۹ |
| حضرت سیدنا محمد بن حسین بن علی بن محمد بن علی الرضا رضی اللہ تعالیٰ عنہم ..... | ۶۱۰ |
| حکایت نمبر ۱ ..... | ۶۱۲ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# دیباچہ

تاریخِ اسلام بلکہ پوری تاریخِ عالم میں واقعۂ کربلا سے زیادہ عظیم کوئی اور واقعہ رونما نہیں ہوا۔ عالمِ اسلام بلکہ پورے عالمِ انسانیت پر جو گہرے نقوش سانحۂ کربلا نے چھوڑے ہیں اتنے کسی اور واقعہ نے نہیں چھوڑے۔ آج اسلام کے اندر زندگی کے جو آثار اور انسانیت کے اندر جو حیات کے جوہر نظر آ رہے ہیں یہ سب نواسۂ سیّد الابرار کے عظیم جہاد کا ہی ثمرہ و نتیجہ ہے۔

یہ حقیقت بھی محتاجِ دلیل نہیں ہے کہ جو واقعہ جس قدر عظیم ہوتا ہے اغراضِ فاسدہ رکھنے والوں کو اس میں اسی قدر رنگ بھرنے کے زیادہ مواقع میسر آتے ہیں اور وہ اس حقیقت پر پردہ ڈالنے کے لیے اس میں کچھ اس طرح خشکی اور تری کو ملا دیتے ہیں کہ حق کی تلاش کرنے والوں کو حق جاننا دشوار ہو جاتا ہے۔ بالخصوص جب واقعہ ایسا ہو جس سے کسی گروہ کی موت کا تعلق ہو۔ اس صورت میں وہ ہمیشہ ایسے مواقع کی تلاش میں رہتے ہیں کہ کوئی غیر مستند روایت یا غیر معتبر واقعہ مل جائے تو اس کا سہارا لے کر پورے واقعہ کو لوگوں کی نظروں میں مشکوک بنا دیں۔ جب عقائد یا تاریخی حقائق میں واقعیت و حقیقت کی جگہ تعصب سے کام لیا جائے تو اس کے یہی نتائج نکلتے ہیں۔

واقعۂ کربلا کئی صدیوں سے عامۃ المسلمین کی نگاہوں سے مخفی رکھنے بلکہ قلوب و اذہان سے محو کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگایا جاتا رہا اور لگایا جا رہا ہے۔ لیکن دشمنانِ حقیقت و حق ہمیشہ سے ناکام چلے آ رہے ہیں۔ یہ اور بات ہے کہ مولا تعالیٰ خلاقِ عالم اللہ رب العزت سبحانہ و تعالیٰ اس شمع کے پروانوں (یعنی علماء حق) کے ذریعے ان لوگوں کے عزائم کو خاک میں ملا دیتا ہے اور ملا رہا ہے اور ملاتا رہے گا۔ چنانچہ تاریخ اس بات پر گواہ ہے کہ جس دور میں بھی دشمنانِ حق نے واقعہ کربلا کی اہمیت کو کم کرنے کی ناپاک کوشش کی اربابِ حق نے فوراً لگام دی اور حقائق کو اس طرح واضح اور روشن کر دیا کہ شکوک و شبہات کے دروازے بند ہو کر رہ گئے۔ سن اکسٹھ ہجری سے لے کر اب تک واقعہ کربلا پر جو کچھ لکھا جا چکا ہے تاریخِ اسلام میں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ علمائے حق نے ہمیشہ اس واقعہ ہائلہ کو اپنی تالیفات میں پیش کیا اور عہدِ آئمہ عظام سلام اللہ علیہم سے لے کر سیّد المحدثین حضرت شیخ محقق علیہ الرحمہ تک اور علامہ موصوف سے لے کر حضرت مجددِ دین امام احمد رضا تک اور علامہ موصوف سے لے کر سیّد المفسرین والمحققین صدر الافضل علیہ الرحمہ تک سب اس واقعہ ہائلہ کو اپنی تالیفاتِ قیمہ میں پیش کرتے رہے۔

عربی فارسی کا دامن تو واقعۂ کربلا پر لکھی گئی مستند کتب سے لبریز نظر آتا ہے۔ لیکن اردو زبان میں اس موضوع پر اب تک جو کچھ لکھا گیا ہے۔ اس کے لکھے جانے کے باوجود اگر بنظرِ تحقیق دیکھا جائے تو غیر معتبر و غیر مستند کتب کے مقابل معتبر و مستند کتب کی تعداد زیادہ نظر نہیں آتی ہے۔ گویا کہ آٹے میں نمک کے برابر ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

پھر اس پر تجاوز یہ کہ بعض غیر ذمہ دار واعظین، مقررین، ذاکرین نے لوگوں سے داد و تحسین و آفرین کے شوق اور اپنے ہم پیشہ لوگوں سے گوئے سبقت لے جانے کے ذوق کی وجہ سے حقائق کو بالکل مسخ کر کے رکھ دیا اور از خود واقعات اختراع کر کے انہیں کتابی شکلوں میں پیش کیا اور اصل حقائق کا حلیہ بگاڑ کر رکھ دیا اور اصل حقائق رفتہ رفتہ آنکھوں سے اوجھل ہو گئے۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ جو آدمی غیر جانبدارانہ نظر سے اردو یا پنجابی میں لکھی ہوئی عام کتب کے ذریعے اصل حقیقت کا سراغ لگانا چاہے تو اس میں کامیاب نہیں ہو سکتا۔ بالآخر یہ کہنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ ان مولویوں اور ذاکروں کی کچھ سمجھ نہیں آتی۔ پھر نہ جانے کہ وہ کیا کچھ اور کچھ سے کیا کہہ دیتے ہیں۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ اردو زبان میں اس موضوع پر بعض کتب محققانہ انداز میں لکھی ہوئی موجود ہیں۔ لیکن پیشہ ور مقررین و واعظین کو وہ بایں وجہ مفید نظر نہیں آتیں کہ ان میں وہ رنگ موجود نہیں ہوتا جس کا وہ اپنے سامعین کو عادی بنا چکے ہوتے ہیں اور تحقیقی انداز ان کے طرزِ بیان کے خلاف ہوتا ہے۔

ان پیشہ ور مقررین کی اس روش کا یہ نتیجہ نکلا کہ اب تحریری مجموعوں میں بھی وہی رنگ نظر آنے لگا۔ حقائق سے ہٹ کر لفاظی، ملمع سازی، غلط بیانی اور مبالغہ آرائی سے بھرپور کتب منظر عام پر آنے لگیں۔

ان حالات کے پیشِ نظر میں کافی عرصہ سے اس فکر میں تھا کہ اس موضوع پر ایک جامع کتاب اور مستند تحقیقی بیان قوم کے سامنے پیش کروں۔ جس میں واقعہ کربلا از ابتداء تا انتہا اپنے حقیقی خدوخال، اصلی آب و تاب اور حقیقی شان و شوکت کے ساتھ بیان کیا جائے اور اس سانحۂ کبریٰ کے تمام علل و اسباب اور اس کے جملہ نتائج و آثار اور اس سے حاصل ہونے والے تمام دروس و اخلاق وغیرہ و متعلقہ مباحث کو بھی واضح کیا جاوے کہ وہ بھی اس انداز سے لوگوں کو منبر پر بیان کر کے کامیابی اور سامعین کو تسکین بخش سکیں لیکن ہمیشہ دیگر مصروفیات اس نیک کام میں حائل و حاجب رہیں۔ بالآخر اپنے اس کام کو جلدی شروع کر دینے پر زور دیا کہ زندگی اور موت کا کچھ اعتبار نہیں۔ ہر صورت یہ عظیم کام شروع کر دیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کہ آج ان کے اور تمام احبابِ اہلِ سنت محبّین کے اصرار پر یہ کتاب شروع کر رہا ہوں۔ گو میں اس قابل تو نہیں کہ اس عظیم بار کو اٹھا سکوں۔

میں نے اس عظیم تحقیقی کتاب کے لکھنے سے قبل عرصہ بارہ سال سے اس کتاب کی جمع و تالیف میں بے شمار تحقیق و تدقیق سے کام لیا ہے بات بات پر سینکڑوں کتابوں کی ورق گردانی کی اور کس قدر تتبع و تلاش سے کام لیا ہے اور انتہا درجہ کی محنت و عرق ریزی کی ہے۔ پھر کس حد تک اصل نتیجہ پر پہنچا۔ اس پر وہ ذاتِ کریم گواہ ہے۔ اس کتاب کا نام میں نے

"شہادتِ نواسۂ سیّد الابرار فی مناقبِ آلِ نبی المختار"

رکھا ہے۔

دعا ہے کہ مولیٰ تعالیٰ اس محنت کو قبول فرما کر میرے لیے ذریعۂ بخشش بنا دے اور لوگوں کو ہر قسم کے تعصب و بغض سے بالاتر ہو کر حق و سچ کی اتباع کر کے اخروی فلاح کا موقع نصیب فرمائے۔ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

عبدہ المذنب
محمد عبدالسلام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# مقدمہ

اس کتاب میں جو آیات پیش ہوں گی ان کی تفسیر میں مفسرین کرام کے اقوال مع حوالہ جات درج کئے جائیں گے۔ کیونکہ اپنی طرف سے تفسیر کرنے والے کے لیے عذابِ جہنم کی خبر دی گئی ہے اور دوسری روایت میں یوں بھی آتا ہے کہ بغیر علم کے جو قرآن کے معنی بیان کرے وہ بھی جہنم میں جائے گا۔ چنانچہ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے:

مَنْ قَالَ فِی الْقُرْآنِ بِرَأْیِہٖ فَلْیَتَبَوَّأْ مَقْعَدَہٗ مِنَ النَّارِ وَ فِی رِوَایَۃٍ مَنْ قَالَ فِی الْقُرْآنِ بِغَیْرِ عِلْمٍ فَلْیَتَبَوَّأْ مَقْعَدَہٗ مِنَ النَّارِ (ترمذی، مشکوٰۃ، کتاب العلم ص:۳۵)

ترجمہ: جو شخص قرآن پاک میں اپنی رائے سے معنی بیان کرے اسے چاہئے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔ اور ایک روایت میں آتا ہے کہ جس نے قرآن کے معنی بغیر علم کے بیان کئے اسے چاہئے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

اس حدیث مبارکہ سے معلوم ہوا کہ جو شخص قرآن کا مطلب اپنی رائے سے بیان کرے وہ دوزخی ہے۔ اس لیے آیاتِ قرآنی کا ترجمہ و تفسیر اور مفہوم غلط بیان کرنا یا اپنی مرضی کا مطلب حاصل کرنا حرام ہے۔

ہاں جو معانی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی احادیث سے ثابت ہوں یا مفسرین کرام نے جو معانی شرعی اصولوں کے مطابق بیان فرمائے ہوں وہ درست ہیں۔ اس میں اپنی عقل سے دخل اندازی کرنا جائز نہیں۔ ملا علی قاری علیہ الرحمہ نے اس مسئلہ کو مرقات میں بڑی وضاحت سے بیان کیا ہے۔

زیرِ نظر کتاب میں معتبر احادیث پیش کی جائیں گی اور ان احادیث کی شرح محدثین و ائمہ کرام کی زبانی بیان کی جائے گی اور جس پر اکثریت کا اتفاق ہوگا۔ ایک اور حدیث میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے۔

بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً وَحَدِّثُوْا عَنْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ وَلَا حَرَجَ وَمَنْ کَذَبَ عَلَیَّ متعمدًا فَلْیَتَبَوَّأْ مَقْعَدَہٗ مِنَ النَّارِ۔ (مشکوٰۃ، کتاب العلم ص:۳۲)

ترجمہ: پہنچاؤ لوگوں کو میری طرف سے خواہ ایک ہی بات کیوں نہ ہو اور بنی اسرائیل کے جو قصے ہیں ان کو سننے کے بعد لوگوں کو سناؤ اور بیان کرو اور جو شخص جان بوجھ کر میری طرف جھوٹ منسوب کرے گا وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں تلاش کرے۔

اس حدیث مبارکہ سے بھی یہی معلوم ہوا کہ جو حدیث نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نہ ہو اس کو آپ کی طرف منسوب کرنے والے کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔ اس کتاب میں جو حوالہ بھی پیش کیا جائے گا خود پڑھ کر اور پوری تحقیق کے بعد درج کیا جائے گا۔ نیز غلط واقعات کی تردید کی جائے گی۔ اس سلسلہ میں کسی کا لحاظ نہیں کیا جائے گا۔ تاریخی واقعات پر خصوصی نگاہ رکھی جائے گی تاکہ کوئی واقعہ ایسا نہ ہو جو شکوک و شبہات کا شکار ہو سکے۔ میں نے اس کتاب کی جو ترتیب سوچی ہے وہ اس طرح ہوگی کہ سب سے پہلے ہر مضمون پر باب اور عنوان ہوگا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# خطبہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ذِی الْعِزَّۃِ وَالْعَظْمَۃِ وَالْکِبْرِیَاءِ وَالْفَضْلِ وَالْکَرَمِ وَالْعَطَاءِ وَالنِّعْمَۃِ الْاٰلَآءِ نَحْمَدُہٗ شَاکِرِیْنَ عَلَی النَّعْمَاءِ وَ نَشْکُرُہٗ حَامِدِیْنَ بِالثَّنَآءِ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ فِی مَلَکُوْتِ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ وَ اَزْکَی الصَّلٰوۃِ وَاَطْیَبُ السَّلَامِ عَلٰی سَیِّدِ الطَّاھِرِیْنَ اِمَامِ الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ الْاَنْبِیَاءِ الْمُتَوِّجِ بِتِیْجَانِ الْاِصْطِفَاءِ وَالْاَجْتِبَاءِ الْمُتَرَدِّیْ بِرِدَآءِ الشَّرَافَۃِ وَالْارْتِضَاءِ صَاحِبِ اللِّوَاءِ یَوْمَ الْجَزَاءِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ بَرَرَۃِ الْاَتْقِیَآءِ وَاَصْحَابِہِ الرُّحَمَآءِ عَلَی الضُّعَفَاءِ وَالْخُلَفَاءِ وَالشُّھَدَآءِ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِہٖ وَالْجُفَاءِ وَبَذَلُوْا اَنْفُسَھُمْ لِلّٰہِ بِاَتَمِّ الْاِخْلَاصِ وَالرِّضَاءِ خُصُوْصًا عَلٰی اِمَامِ اَھْلِ الْاِبْتِلَاءِ فِی الْکَرَبِ وَالْبَلَاءِ سَیِّدِ الشُّھَدَآءِ ابْنِ الْبُتُوْلِ الزَّھْرَاءِ وَمَنْ کَانَ مَعَہٗ فِی الْکَرْبَلَاءِ اُولٰئِکَ حِزْبُ اللّٰہِ اَخْلَصُوْا لِلّٰہِ وَحَارَبُوْا فِی اللّٰہِ وَثَقُوْا بِاللّٰہِ وَتَوَکَّلُوْا عَلَی اللّٰہِ وَاعْتَصَمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ وَتَمَسَّکُوْا بِدِیْنِ اللّٰہِ وَقَالُوْا مِنَ اللّٰہِ رَحْمَۃً وَ کَرَامَۃً وَعِزَّۃً وَشَرَافَۃً فَھُمْ عِنْدَ رَبِّھِمْ اَحْیَآءٌ اٰمِنِیْنَ مِنَ الْھَلَاکِ وَالْفَنَاءِ یُرْزَقُوْنَ فَرِحِیْنَ بِمَآ اٰتٰھُمْ رَبُّھُمْ مِنَ الْفَضْلِ وَالْعَطَاءِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ۔ اَمَّا بَعْدُ۔

خطبۂ حمد وصلوۃ اور سلام کے بعد اس عظیم کام کا بیڑا اپنے نحیف کاندھوں پر اٹھاتے ہوئے ایک عظیم تحقیقی کتاب بنام شہادتِ نواسۂ سیّد الابرار فی مناقبِ آلِ نبی المختار پیش کر رہا ہوں۔ جس کے متعلق قبل ازیں دیباچہ میں تفصیل لکھ چکا ہوں۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اصل واقعہ کربلا اور اس کے علل واسباب اور اس سانحۂ کبریٰ کے نتائج وآثار پیش کرنے سے پہلے حضور سرور کائنات فخرِ موجودات محبوب رب العالمین رحمۃ للعالمین حضور پرنور شافع یوم النشور سرکار سیّدی محمد رسول اللہ ﷺ کی محبت کا بیان ہو اور اس کے بعد جن کو دولتِ ایمان کے ساتھ ساتھ آپ سے جسمانی وروحانی نسبت کی فضیلت حاصل ہے جن میں ازواج وآل واصحاب شامل ہیں۔ ان سب کے حالاتِ زندگی اور ان کے فضائل وکمالات اور بعض محامد وصفات کا بھی تذکرہ کر دیا جائے تاکہ یہ کتاب اپنے موضوع میں من جمیع الجہات کامل بلکہ اکمل ہو جائے۔ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ اَلسَّعْیُ مِنِّیْ وَالْاِتْمَامُ مِنَ اللّٰہِ۔

دعا ہے کہ پروردگارِ عالم بطفیل حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام اس ناچیز کتاب کو شرفِ قبولیت بخش کر اسے میری دنیوی واخروی نجات وفلاح کا سبب قرار دے۔ اور قوم وملت کو اس سے استفادہ کی توفیق عنایت فرمائے۔ اس سے موجودہ جمود کی فضا ختم ہو اور قوم میں صحیح علمی ذوق پیدا ہو تاکہ وہ صحیح حقائق کا مطالعہ کر سکیں اور ہر قسم کے تعصب وتنگ نظری سے بالاتر ہو کر حق وحقیقت کا اتباع کریں۔

قَدْ جَآءَکُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّکُمْ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِہٖ وَمَنْ اَسْآءَ فَعَلَیْھَا وَمَآ اَنَا عَلَیْکُمْ بِحَفِیْظٍ

محمد عبد السلام

غَفَرَ اللّٰہُ عَنْ ذُنُوْبِہٖ وَ سَتَرَ عُیُوْبِہٖ بِحُرْمَۃِ حَبِیْبِہِ النَّبِیِّ الْکَرِیْمِ عَلَیْہِ اَفْضَلُ وَالصَّلَاۃِ وَالتَّسْلِیْمِ وَاٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَاَصْحَابِہِ الْاَکَارِمِ السَّادَاتِ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## باب ۱

# حُبِ مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

ہر وہ شخص جس کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے عقل وفہم کی دولت سے سرفراز فرمایا ہے یقین کے ساتھ جانتا ہے کہ جس کے ساتھ عقیدت و نیاز مندی ایمان میں داخل ہو اس کو مانے بغیر آدمی مومن نہیں ہوسکتا اس کی محبت تمام جہان سے ضروری ہوگی۔ ماں، باپ، اولاد، عزیز واقارب کے بھی انسان پر حقوق ہیں ان کا ادا کرنا لازم ہے لیکن ایک شخص اگر ان سب کو بھول جائے اور اس کے دل میں ان کی ذرہ برابر بھی محبت والفت باقی نہ رہے اور ان سب سے محض بے تعلق ہو جائے تو اس کے ایمان میں خلل نہیں آئے گا۔ کیونکہ ایمان لانے میں ماں، باپ، عزیز واقارب، اولاد وغیرہ کا ماننا لازم وضروری نہیں لیکن حضور آقائے دو جہاں سرکار سیّدنا محمد رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کا ماننا مومن ہونے کے لیے ضروری ہے کہ جب تک لا الہ الا اللہ کے ساتھ محمد رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کا معتقد نہ ہو ہرگز مومن نہیں ہوسکتا تو اگر اس کا رشتۂ محبت مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم سے ٹوٹ گیا تو یقیناً ایمان سے خارج ہوا کہ تصدیقِ رسالت بے محبت باقی نہیں رہ سکتی۔ اس لیے شریعتِ مطہرہ نے حضور مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی محبت ہر شخص پر اس کے تمام خویش واقارب اعزہ واحباب سے زیادہ لازم کی ہے۔ چنانچہ قرآن حکیم میں ارشاد فرمایا ہے۔

۱۔ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔ (آلِ عمران ۳:۳۱)

(اے محبوب) آپ فرمادیں کہ لوگو اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میرے فرمانبردار ہو جاؤ اللہ تمہیں دوست رکھے گا۔ اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بہت بخشنے والا مہربان ہے۔

دوسری آیتِ شریفہ میں یوں فرمایا ہے:

۲۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (التوبۃ ۹:۲۳)

اے ایمان والو! اپنے باپ اور اپنے بھائیوں کو دوست نہ سمجھو اگر وہ ایمان پر کفر کو پسند کریں اور تم میں سے جو کوئی ان سے دوستی کرے گا تو وہی ظالم ہیں۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تیسری آیتِ مبارکہ میں بیان فرمایا ہے:

۳۔ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَ عَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ نِ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَ تِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ (التوبۃ:۹:۲۴)

تم فرماؤ اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری عورتیں اور تمہارا کنبہ اور تمہاری کمائی کے مال اور وہ سودا جس کے نقصان کا تمہیں ڈر ہے اور تمہارے پسند کے مکان یہ چیزیں اللہ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں لڑنے سے زیادہ پیاری ہوں تو راستہ دیکھو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا حکم لائے اور اللہ فاسقوں کو راہ نہیں دیتا۔

۴۔ مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ (التوبۃ:۹:۱۲۰)

مدینہ والوں اور ان کے گرد دیہات والوں کو لائق نہ تھا کہ رسول اللہ (ﷺ) کے پیچھے بیٹھ رہیں اور نہ یہ کہ ان کی جان سے اپنی جان کو پیاری سمجھیں۔

۵۔ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (التوبۃ:۹:۷۱)

اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول (ﷺ) کا حکم مانیں یہ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ عنقریب رحم فرمادے گا بیشک اللہ تعالیٰ غالب حکمت والا ہے۔

۶۔ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ (التوبۃ:۹:۳۶)

کیا انہیں خبر نہیں کہ جو خلاف کرے اللہ تعالیٰ اور اس رسول (ﷺ) کا تو اس کے لیے جہنم کی آگ ہے، ہمیشہ اس میں رہے گا، یہی بڑی رسوائی ہے

وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (التوبۃ:۹:۶۱)

اور وہ جو رسول اللہ (ﷺ) کو ایذا دیتے ہیں ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

ان آیاتِ طیبات سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے محبوب حضور ﷺ کی محبت آباؤ واجداد، اولاد، عزیز واقارب، دوست احباب، مال و دولت مسکن و وطن، سب چیزوں کی محبت سے اور خود اپنی ذات کی محبت سے زیادہ ضروری و لازمی ہے۔۔قرآن پاک میں اس مضمون کی آیات میں سے چند آیات ہیں اب چند احادیث پیش کی جاتی ہیں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سیّد الابرار ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ (صحیح بخاری)

تم میں کوئی مومن نہیں ہوسکتا جب تک میں اسے اس کے ماں باپ واولاد تمام جہان کے انسانوں سے زیادہ پیارا اور محبوب نہ ہوں۔

دوسری حدیث میں بھی حضرت انس رضی اللہ عنہ راوی ہیں:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثٌ مَّنْ كُنَّ فِيْهِ وَجَدَ بِهِنَّ حَلَاوَةَ الْاِيْمَانِ مَنْ كَانَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا وَمَنْ اَحَبَّ عَبْدًا لَا يُحِبُّهٗ اِلَّا لِلّٰهِ

رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تین ایسی چیزیں ہیں جس میں وہ پائی گئیں اس نے ایمان کی حلاوت پالی (۱) جس کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سارے جہان سے زیادہ پیارے ہوں (۲) جو کسی بندے کو

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

وَمَنْ يَكْرَهُ اَنْ يَعُوْدَ فِي الْكُفْرِ بَعْدَ اَنْ اَنْقَذَهُ اللّٰهُ مِنْهُ كَمَا يَكْرَهُ اَنْ يُلْقٰى فِي النَّارِ۔ (صحیح بخاری و مسلم کتاب الایمان)

صرف اللہ تعالیٰ کے لیے محبوب رکھتا ہو (۳) وہ آدمی جس کو اللہ تعالیٰ نے کفر سے نجات دی اور وہ اس کے بعد کفر میں لوٹ جانے کو ایسے ہی برا سمجھتا ہو جیسے وہ اپنے آپ کو آگ میں ڈالے جانے کو برا سمجھتا ہو۔

ان احادیثِ طیبہ سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ اور حضور سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کی محبت ہر چیز سے مقدم اور ایمان کی دلیل ہے اب ظاہر ہے کہ جس دل میں اللہ تعالیٰ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی محبت ہوگی اس کے دل میں ہر اس چیز کی محبت ہوگی جس کا تعلق حضور ﷺ سے ہوگا اور ویسے بھی قدرتی بات ہے کہ سچی محبت کی یہ نشانی ہے کہ انسان جس سے محبت رکھتا ہے اس سے نسبت رکھنے والی تمام چیزیں اس کو محبوب ہو جاتی ہیں۔ اسی طرح مومن و مخلص کے لیے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے نسبت رکھنے والی ہر چیز قابلِ احترام اور محبوب ہے اور یہ ایمان کی علامت بلکہ عینِ ایمان ہے اور اگر ایسی نسبت کے متعلق دل میں ادنیٰ کدورت اور بغض و عناد ہو تو یہ محبت کی خامی اور اپنے ناقص ایمان کی دلیل ہے۔ صحابہ کبار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین حضورِ اقدس ﷺ کی قیام گاہِ اقدس کا بڑا ادب و احترام کرتے تھے چنانچہ منبر شریف کے جس درجہ پر حضور سیّد العالمین علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف رکھتے تھے خلیفۂ اوّل نے ادباً اس پر بیٹھنے کی جرأت نہ کی اور خلیفۂ دوم نے حضرت عبداللہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی نشست گاہ پر بیٹھنے کی جرأت نہ کی اور خلیفۂ ثالث حضرت عمر بن خطاب فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کی نشست گاہ پر نہ بیٹھے۔

(رواہ الطبرانی عن ابن عمر رضی اللہ عنہما بحوالہ سوانح کربلا)

اس سے اندازہ کرنا چاہیے کہ حضور سیّد الابرار علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ازواج و آل و اصحاب کے ساتھ محبت کرنا اور ان کے ادب و تعظیم کو لازم جاننا کس قدر ضروری ہے اور یقیناً ان حضراتِ کرام کی محبت حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی محبت ہے اور آپ کی محبت عینِ ایمان ہے۔ حضورِ اقدس ﷺ کی ازواج و آل و اصحاب غرضیکہ جن کا بھی آپ سے روحانی یا جسمانی رابطہ ہے انہیں جان و دل سے زیادہ محبوب رکھنا عینِ ایمان ہے۔ گویا ان کی محبت عین رسول اللہ ﷺ کی محبت ہے جو ان میں سے کسی ایک کے ساتھ بغض و عداوت رکھے یا ان کی توہین و بے ادبی کرے وہ ایمان سے محروم ہو گیا اور اللہ تعالیٰ اور رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ اس کا کچھ تعلق نہیں بلکہ ان کی مجلس میں بیٹھنا بھی فَهُوَ مِنْهُمْ کے مترادف ہے۔

۱ سوانح کربلا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## باب ۲

# اَزواجِ مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

اب دیکھئے کہ حضور سرکار دو عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہِ اقدس میں جن عورتوں کو زوجیت کا شرف حاصل ہوا حق سبحانہٗ نے اپنے حبیب صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ ان کی اس نسبت کے پیشِ نظر کہ وہ آپ کی ازواج ہیں انہیں امہات المؤمنین فرمایا ہے اس نسبتِ اقدس کی بنا پر یہ مومنوں کی مائیں ہیں۔

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ (الاحزاب:٦)

یہ نبی (مکرم) مومنوں کے ساتھ ان کی جانوں سے زیادہ قریب اور حق دار ہیں اور آپ کی ازواجِ مطہرات ان (مومنوں) کی مائیں ہیں۔

دوسری آیتِ شریف میں ارشاد فرمایا ہے:

وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَاۤ اَنْ تَنْكِحُوْۤا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖۤ اَبَدًا ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِیْمًا۔ (الاحزاب:۵۳)

اور تمہیں نہیں پہنچتا کہ رسول اللہ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم) کو ایذا دو اور نہ یہ کہ ان کے بعد کبھی ان کی بیویوں سے نکاح کرو بے شک یہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑی سخت بات ہے۔

یٰنِسَآءَ النَّبِیِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَیْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَیَطْمَعَ الَّذِیْ فِیْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا۔ (الاحزاب:۳۲)

اے (میرے) نبی کی بیویو تم اور عورتوں کی طرح نہیں ہو اگر اللہ تعالیٰ سے ڈرو تو بات میں ایسی نرمی پیدا نہ کرو کہ دل کا روگی کچھ لالچ کرے ہاں اچھی بات کہو۔

ان آیاتِ طیبات میں نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی ازواجِ مطہرات کو حرمتِ نکاح اور بے مثال وجوب و احترام میں مومنوں کی مائیں قرار دیا گیا ہے۔ نہ کہ دیکھنے اور تنہا رہنے میں اسی لیے ان کی بیٹیاں مسلمانوں کی بہنوں کے حکم میں نہیں ہیں۔ نہ ان کے ماں باپ آباؤ اجداد کے حکم میں ہیں، نہ ان کی بہنیں اور بھائی ماموؤں اور خالوؤں کے حکم میں ہیں اور نہ ہی حضور اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم مرد و عورت کے لئے باپ کے حکم میں ہیں ازواجِ مطہرات کو وہ فضیلت ملی جو پوری امت پر ظاہر فرما دی گئی ہے(۱)

(۱) مدارج النبوت ج ۲۔ ص ۶۹۷

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## خداوندی ارشاد بیویاں اور اولاد

واضح رہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں پہلے بیویوں کا ذکر کیا ہے اور ان کے بعد اولاد کا ذکر فرمایا ہے:

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً (الرعد:۳۸)

اور بے شک ہم نے آپ سے پہلے رسول بھیجے اور ان کے لیے بیویاں اور بچے بھی بنائے۔

اس آیتِ کریمہ میں انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے متعلق ذکر فرماتے ہوئے پہلے ان کی ازواج اور اس کے بعد ان کی اولاد کا ذکر فرمایا گیا:

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ۔ (الرعد:۳۲)

بسنے کے باغ جن میں وہ داخل ہوں گے اور جو لائق ہوں ان کے باپ دادا اور بیویوں اور اولاد میں اور فرشتے ہر دروازے سے ان پر یہ کہتے آئیں گے۔

اس آیتِ کریمہ میں اہلِ ایمان صالحین کی شان بیان کرتے ہوئے پہلے ان کے آباؤ اجداد اس کے بعد ان کی بیویوں اور آخر میں اولاد کا ذکر فرمایا گیا۔

تیسری آیتِ کریمہ:

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔ (الفرقان ۲۵:۷۴)

اور وہ جو عرض کرتے ہیں اے ہمارے رب ہمیں دے ہماری بیویوں اور اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنادے۔

اس آیت میں ایمان والوں کی اس دعا کا ذکر فرمایا ہے جس میں بارگاہِ رب العزت میں عرض کرنے کا بیان ہے کہ اللہ! ہماری بیویوں کو اور اولاد کو ہمارے لیے ٹھنڈک بنا۔ یہاں بھی پہلے بیویوں اور اس کے بعد ان کی اولاد کا ذکر کیا گیا ہے جن نیک بیویوں اور نیک اولاد کو دیکھ کر ہماری آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچے اور دل خوش ہوں۔

## امہات المؤمنین ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن

جاننا چاہیے کہ حضور سیّد عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہِ اقدس میں دنیاوی امور میں جو چیزیں زیادہ محبوب تھیں ان میں ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن تھیں لامحالہ آپ کے لیے مباح ہوا کہ آپ اپنے نکاح میں جتنی ازواج مطہرات چاہیں رکھیں۔ حضرت سیّدنا عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت یحییٰ علیہ السلام کے علاوہ تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام صاحبان ازواج و اولاد ہوئے ہیں۔ روایات شاہد ہیں کہ حضرت سیّدنا داؤد علیہ السلام کی ننانوے بلکہ ایک سو ازواجِ مطہرات تھیں اور حضرت سیّدنا سلیمان علیہ السلام کی تین سو منکوحہ ازواج اور ایک ہزار باندیاں تھیں یہ شرف انبیاء علیہم السلام کو حاصل تھا اور حضور سیّد العالمین امام الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ازواجِ مطہرات کی تعداد اگرچہ کم تھی لیکن شرف و فضل میں جو ارفع و اعلیٰ مقام آپ کو حاصل ہے وہ کسی اور نبی کو نہیں۔ (۱)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے ازواجِ مطہرات کی زیادتی میں ایک حکمت یہ بھی تھی کہ اندرونی اور خلوت کے احکام مردوں تک ان

(۱) مدارج النبوت صفحہ ۶:۷۹۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کے ذریعے سکھائے جاسکیں اور وہ امت میں نقل کریں نیز عبادات شاقہ اور بارِ رسالت کو برداشت فرمانے کے باوجود اقیامِ حقوق اور حسنِ معاشرت میں تکلیف کی زیادتی پر صبر فرمانا آپ کے کمالِ فضل وشرف اور امتیازی شان پر دال ہے۔

حضورِ اقدس ﷺ کی ازواجِ مطہرات کی تعداد میں علمائے کرام کا اختلاف ہے۔ نیز اس میں بھی اختلاف ہے کہ کن ازواج کا انتقال نبی اکرم ﷺ سے پہلے ہوا اور کن ازواج کا انتقال آپ کے بعد ہوا کن سے دخول ہوا اور کن سے دخول نہیں ہوا۔ اسی طرح ان کے بارے میں بھی اختلاف ہے جن کو پیامِ نکاح دیا اور نکاح نہ ہوا اور جنہوں نے خود کو حضورِ اقدس ﷺ کی خدمتِ عالیہ میں پیش کیا۔ ان میں سے متفق علیہ گیارہ ازواجِ مطہرات ہیں چھ قریش میں سے یعنی حضرت خدیجۃ الکبریٰ، سیّدہ عائشہ بنتِ ابوبکر صدیق، سیدہ حفصہ بنتِ عمر فاروق، سیّدہ ام حبیبہ بنتِ ابوسفیان، سیدہ امِ سلمہ بنتِ ابی امیہ، سیّدہ سودہ بنتِ زمعہ رضی اللہ عنھن۔ اور چار عربیہ غیر قریشہ ہیں یعنی سیدہ زینب بنتِ جحش، سیّدہ میمونہ بنتِ الحارث ہلالیہ، سیّدہ زینب بنتِ خزیمیہ ہلالیہ ام المساکین، سیّدہ جویریہ بنت الحارث رضی اللہ عنہن۔ اور ایک غیر عربیہ بنی اسرائیل سے ہیں وہ سیّدہ صفیہ بنتِ حیی بنی نضیر سے ہیں۔ اور وہ ازواج جو حضورِ اقدس ﷺ کے سامنے انتقال کر گئیں وہ دو ہیں ایک سیّدہ خدیجۃ الکبریٰ اور دوسری سیّدہ زینب ام المساکین رضی اللہ عنہما اور حضورِ اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وصالِ اقدس کے وقت نو ازواجِ مطہرات بلا اختلاف موجود تھیں [1] اب ان کے جداگانہ حالات بیان کیے جائیں گے۔

## ۱۔ ام المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا

سب سے پہلے جن سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تزوج فرمایا وہ سیّدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا ہیں اور جب تک وہ حیات رہیں ان کی موجودگی میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کسی اور عورت سے نکاح نہ کیا سیّدہ ام المؤمنین کا نسب نامہ یہ ہے خدیجہ بنتِ خویلد بن اسد بن عبدالعزی بن قصی بن کلاب بن مرۃ بن کعب بن لوی۔ سیّدہ کا نسب حضور ﷺ سے قصی میں مل جاتا ہے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قصی کی اولاد سے بجز سیّدہ خدیجہ اور ام حبیبہ کے کسی کی خواستگاری قبول نہ فرمائی۔ ان کی کنیت امِ ہند ہے اور ان کی والدہ فاطمہ بنتِ زاہدہ بن الاصم، بنی عامر بن لوی سے تھیں وہ پہلے ابو ہالہ بن نیاس بن زرارہ کی زوجیت میں تھیں اور اس سے ان کے دو فرزند ہوئے ایک ہند دوسرے ہالہ اور ابو ہالہ کا نام مالک تھا اور ایک قول سے زرارہ اور دوسرے قول سے ہند تھا اس کے بعد انہوں نے عتیق بن عایز مخزومی سے نکاح کیا اس سے ان کی ایک لڑکی ہوئی جس کا نام ہند تھا (کذا فی المواہب)۔ روضۃ الاحباب میں کہا گیا ہے کہ ایک لڑکا اور ایک لڑکی ہے اور ہند ایسا نام ہے جو مرد و عورت دونوں کے لیے رکھا جاتا ہے جس طرح جویریہ ہے اور بعض نے عتیق کو ابو ہالہ پر مقدم بیان کیا ہے اس کے بعد انہوں نے حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے نکاح کیا اور ہند حضور ﷺ کی ربیبہ تھیں اس وقت حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی عمر مبارک چالیس برس کی تھی اور حضور علیہ السلام کی عمر مبارک پچیس سال تھی اور ایک قول کے موجب اکیس سال کی تھی پہلا قول زیادہ صحیح ہے بعض نے تیس سال بھی کہا ہے واللہ اعلم (۱)

سیّدہ خدیجۃ الکبریٰ عاقلہ، فاضلہ، اور فرزانہ عورت تھیں زمانہ جاہلیت میں ان کو طاہرہ کہتے تھے عالی نسب اور بڑی مالدار تھیں ابو ہالہ عتیق کے بعد بہت سے اشرافِ قریش خواستگاری رکھتے تھے کہ وہ ان سے نکاح کر لیں مگر انہوں نے قبول نہ کیا اور انہوں نے حضورِ اقدس ﷺ کے لیے اپنے آپ کو خود پیش کیا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کا تذکرہ اپنے چچاؤں سے فرمایا اس کے بعد حضور علیہ السلام

(۱) مدارج، صفحہ: ۷۹۷۔ الحیات، المستدرک۔ طبقات ابن اسعد

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ خویلد بن اسعد کے پاس تشریف لائے اور ان کو پیام دیا پھر ولادت کے پچیسویں سال جب آپ شام کے سفر سے واپس تشریف لائے حضرت سیّدہ سے نکاح فرمالیا اور سیّدہ خدیجۃ الکبریٰ کا مہر انتیس جوان اونٹ اور ایک روایت میں ہے کہ بارہ اوقیہ سونا تھا۔ (۱)

اہلِ سیر کا بیان ہے کہ سیّدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے خواب میں دیکھا تھا کہ آسمانی آفتاب ان کے گھر اتر آیا ہے اور اس کا نور ان کے گھر سے پھیل رہا ہے یہاں تک کہ مکہ مکرمہ کا کوئی گھر ایسا نہیں ہے جو اس نور سے روشن نہ ہوا ہو جب وہ بیدار ہوئیں تو یہ خواب اپنے چچا کے لڑکے ورقہ بن نوفل سے بیان کیا اس نے اس خواب کی تعبیر بیان کی کہ نبی آخر الزماں کے ساتھ نکاح کروگی۔ سیّدہ خدیجۃ الکبریٰ وہ پہلی عورت ہیں جن پر اسلام کی حقیقت سب سے پہلے روشن ہوئی اور انہوں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تصدیق فرمائی اور اپنا تمام مال وزر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی رضا میں خرچ کیا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تمام اولاد خواہ فرزند ہوں یا دختر سب انہیں سے پیدا ہوئے بجز حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کے جو سیّدہ ماریہ قبطیہ سے پیدا ہوئے تھے اور یہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پچیس یا چوبیس سال شریکِ حیات رہیں ان کا انتقال ہجرت سے تین سال پہلے ہوا(1) اس وقت ان کی عمر مبارک پینسٹھ سال تھی۔ ان کا انتقال بعثت کے دسویں سال ماہِ رمضان میں ہوا اور مقبرہ حجون میں مدفون ہوئیں حضورِ اقدس علیہ السلام خود ان کی قبر میں داخل ہوئے اور دعائے خیر فرمائی نمازِ جنازہ اس وقت تک شروع نہیں ہوئی تھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ان کے انتقال کے بعد بہت ملول ومحزون ہوئے تھے ان کے انتقال پر ملال کے سال کا نام "عام الحزن" ہے۔

ان کے فضائل ومناقب بہت ہیں سیّدہ خدیجہ کو سب سے بڑی فضیلت یہ بھی ہے کہ سیّدہ فاطمہ الزہرا جیسی شہزادی ان ہی کے بطن سے پیدا ہوئیں اہلِ تفسیر بیان کرتے ہیں کہ کفارِ قریش کی تکذیب سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جو غم واندوہ اور تکلیفیں اٹھاتے تھے وہ سب حضرت خدیجہ کو دیکھتے ہی جاتی رہتیں اور آپ خوش ہو جاتے تھے جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیّدہ خدیجہ کے پاس تشریف لاتے تو وہ حضور علیہ السلام کی پاسِ خاطر کرتیں جس سے آپ کی ہر مشکل آسان ہو جاتی۔ (۲)

صحیحین میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بارگاہِ رسالت مآب علیہ السلام میں جبریل علیہ السلام نے حاضر ہو کر عرض کیا:

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذِهٖ خَدِيْجَةُ قَدْ اَتَتْ مَعَهَا اِنَآءٌ فِيْهِ اِدَامٌ وَ طَعَامٌ فَاِذَا اَتَتْكَ فَاقْرَءُ عَلَيْهَا السَّلَامُ مِنْ رَبِّهَا وَمِنِّيْ وَبَشِّرْهَا بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ لَا صَخَبَ فِيْهِ وَلَا نَصَبَ (متفق علیہ)(۳)

یا رسول اللہ! یہ خدیجہ آ رہی ہیں ان کے ساتھ برتن ہے جس میں سالن اور کھانا ہے تو جب وہ آپ کے پاس آئیں تو انہیں ان کے رب کی طرف سے سلام اور میرا اسلام فرمائیں اور انہیں جنت کے اس گھر کی بشارت دے دیں جو ایک موتی کا ہے نہ اس میں شور و غل ہے اور نہ کوئی رنج وتکلیف۔

اس حدیث میں سیّدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے اس وقت کھانا لانے کا ذکر فرمایا گیا ہے جب آپ غارِ حرا میں تشریف فرما تھے اور سیّدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا آپ کے لیے کھانا لا رہی تھیں تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ کو سلام دیا گیا۔

حضرت عبدالرحمٰن بن زید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا بلاشبہ میں نوعِ بشری کا روزِ قیامت سردار ہوں مگر انبیاء علیہم السلام سے میری نسل میں ایک وہ شخصیت ہیں جن کا نام اقدس احمد ہے اور ان کو مجھ پر دو باتوں میں فضیلت ہے ایک یہ

(۱) مدارج، صفحہ: ۷۹۷۔ الحیات، المستدرک۔ طبقات ابن اسعد (۲) مدارج النبوت (۳) مشکوۃ باب ازواج مطہرات۔ الحیات

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کہ ان کی بیوی بھلائی میں ان کی مددگار و معاون ہوگی اور میری بیوی میرے لیے خطا پر برانگیختہ کرنے میں معاون ہوئی یہ کہ درخت کا پھل کھالیا دوسرے یہ کہ حق تعالیٰ نے ان کے شیطان (ہمزاد) پر اعانت فرمائی کہ وہ مسلمان ہوگیا مگر میرا شیطان (ہمزاد) کافر ہی رہا اور ایسی حدیث خود رسول اللہ ﷺ سے مروی ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام سے پوچھا تو ایسے ہی فرمایا (واللہ اعلم) بہر تقدیر یہاں زوجہ سے مراد سیّدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا ہی ہیں۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا:

وَمَا رَأَيْتُهَا كَانَ يُكْثِرُ ذِكْرَهَا وَرُبَمَا ذَبَحَ الشَّاةَ ثُمَّ يَقْطَعُهَا أَعْضَاءً ثُمَّ يَبْعَثُهَا فِي صَدَائِقِ خُدِيجَةَ فَرُبَمَا قُلْتُ لَهُ كَأَنَّهُ لَمْ تَكُنْ فِي الدُّنْيَا إِمْرَأَةٌ إِلَّا خُدَيْجَةَ فَيَقُولُ إِنَّهَا كَانَتْ وَكَانَتْ وَكَانَ لِي مِنْهَا وَلَدٌ۔

(متفق علیہ) (۱)

کہ رسول اللہ ﷺ اکثر سیّدہ خدیجہ کا بہت ذکر فرماتے تھے بہت دفعہ بکری ذبح کرتے پھر اس کے اعضا کاٹتے پھر وہ حضرت خدیجہ کی سہیلیوں میں بھیج دیتے تھے تو میں کبھی آپ سے کہہ دیتی تھیں گویا خدیجہ کے سوا دنیا میں اور کوئی عورت ہی نہیں تھی تو آپ فرماتے وہ ایسی ایسی تھیں (یعنی ان کی خوبیاں بیان فرماتے) اور ان سے میری اولاد ہوئی۔

اس حدیثِ مبارکہ سے واضح ہوا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی زوجہ محترمہ سیّدہ خدیجہ سے اس قدر محبت تھی کہ آپ ان کا اکثر ذکر مبارک کرتے رہتے تھے اور آپ ان کے نام کی بکری ذبح کرتے اور اس کا گوشت کاٹ کر حضرت خدیجہ کی سہیلیوں میں تقسیم فرماتے تھے اور سیّدہ عائشہ فرماتی ہیں میں کہا کرتی تھی کہ کیا دنیا میں اور عورت کوئی نہیں یعنی بطورِ رشک کہ میں بھی آپ کی اسی طرح محبوبہ ہو جاؤں جس طرح کہ سیّدہ خدیجہ کو محبوبہ سمجھتے ہیں تو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی تعریف میں فرماتے وہ ایسی تھی میری بہت زیادہ خدمت کرنے والی، بہت روزہ دار، عبادت گزار، تہجد گزار، میری غمگسار و مددگار تھیں میری اکثر اولاد اس سے ہوئی اور وہ میری فاطمہ کی ماں ہے۔

امام احمد سیّدنا عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ جنتی عورتوں میں سب سے افضل حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا ہیں اور سیّدہ فاطمہ علیہا السلام اور حضرت سیّدہ مریم علیہا السلام اور حضرت سیّدہ آسیہ علیہا السلام ہیں۔ ایک اور حدیث میں آتا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے: کہ تمام جہان کی عورتوں میں سے سب سے بہتر اور افضل چار عورتیں ہیں (۱) سیّدہ خدیجۃ الکبریٰ (۲) سیّدہ فاطمہ (۳) سیّدہ مریم (۴) سیّدہ آسیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہن۔

الغرض سیّدہ میں وہ خوبیاں ہیں جن کی بنا پر آپ کو امہات المؤمنین میں امتیازی شان حاصل ہے (۲)

سیما پہلی ماں کہف امن و اماں
حق گزار رفاقت پہ لاکھوں سلام

## ۲۔ ام المؤمنین حضرت سیّدہ سودہ رضی اللہ عنہا

ام المؤمنین سیّدہ سودہ بنت زمعہ بن قیس بن عبد شمس بن عبدود، قریشیہ عامریہ ہیں۔ ان کا نسب حضور ﷺ کے نسب شریف لوی میں مل جاتا ہے ان کی کنیت ام الاسود ہے اور ان کی ماں بنتِ قیس ہے اور ان کی معیت میں ہی مکہ مکرمہ میں اسلام لائیں اور یہ اپنے

(۱) مشکوۃ باب ازواجِ مطہرات والبدائۃ والنہائۃ ج ۳ ص ۱۲۸۔ ترمذی ج ۲ ص ۲۲۸۔ (۲) مدارج النبوت ۷۹۹۔ الحیات۔ طبقات ابن سعد

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ابنِ عم جس کا نام سکران بن عمرو بن عبد الشمس ہے اور وہ سہیل بن عمرو کے بھائی ہیں کی زوجیت میں تھیں ان کے شوہر بھی ان کے ساتھ اسلام لائے ان سے ایک لڑکا تھا جس کا نام عبد الرحمٰن تھا سیّدہ سودہ نے سکران کے ساتھ حبشہ کی جانب ہجرتِ ثانیہ کی ان کے شوہر مکہ مکرمہ پہنچنے کے بعد فوت ہوئے ایک روایت میں ہے کہ حبشہ میں ہی فوت ہوئے اس کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مکہ مکرمہ میں سیّدہ خدیجہ سلام اللہ علیہا کے انتقال کے بعد ان سے تزوج فرمایا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عقد ان کے بعد فرمایا۔ یہ قول قتادہ اور ابو عبیدہ کا ہے بعض کہتے ہیں کہ اس سے قبل حضرت عائشہ سے عقد ہو گیا تھا ان دونوں قولوں کو اس طرح جمع کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ سے عقد سیّدہ سودہ سے پہلے ہوا تھا اور رخصتی حضرت عائشہ سے پہلے کیونکہ تزوج اور نکاح کے الفاظ دونوں پر بولے جاتے ہیں مگر عام ذہنوں میں عقد ہی سمجھا جاتا ہے نہ کہ دخول و رخصتی۔

اہلِ تفسیر بیان کرتے ہیں کہ سیّدہ رضی اللہ عنہا جب حبشہ سے مکہ مکرمہ آئیں تو خواب میں دیکھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے ہیں اور قدمِ اقدس ان کی گردن پر رکھا ہے یہ خواب اپنے شوہر سکران سے بیان کیا انہوں نے کہا اگر تم سچ کہتی ہو تو میں بہت جلد مروں گا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہیں چاہیں گے۔ پھر انہوں نے ایک خواب دیکھا کہ وہ ٹیک لگائے ہوئے ہیں آسمان سے چاند ان پر آ پڑا ہے اس خواب کو بھی اپنے شوہر سے بیان کیا ان کے شوہر نے کہا اگر تم سچ کہتی ہو تو میں عنقریب فوت ہو جاؤں گا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہیں چاہیں گے اسی دن سے سکران خستہ ہو گئے اور چند دن کے بعد فوت ہو گئے اور سیّدہ سودہ تہی دامن ہو گئیں یہاں تک کہ نبوت کے دسویں سال سیّدہ خدیجہ کے انتقال کے بعد نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان سے نکاح فرمایا اور چار سو درہم ان کا مہر مقرر کیا اور مدینہ طیبہ ہجرت کر کے آئیں اور جب ان پر بڑھاپے نے غلبہ کیا تو ہجرت کے آٹھویں سال آپ نے ان کو طلاق دینے کا ارادہ فرمایا تو ایک رات حضرت سیّدہ سودہ حضور علیہ السلام کی گزرگاہ میں آ کر بیٹھ گئیں۔ اس وقت حضور علیہ السلام سیّدہ عائشہ کے گھر رونق افروز تھے انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں آپ کے علاوہ کسی غیر کی خواہش نہیں رکھتی اور اب میری شہوت کی آرزو بھی نہیں رہی ہے لیکن میں چاہتی ہوں اور میری تمنا ہے کہ کل روزِ قیامت آپ کی ازواجِ مطہرات میں میرا حشر ہو اور اپنی باری حضرت عائشہ کو سونپتی ہوں اس کے بعد آپ نے ان کو طلاق دینے کا ارادہ ترک کر دیا (۱)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجۃ الوداع میں اپنی ازواجِ مطہرات سے فرمایا یہ حجۃ الاسلام تھا جو گردنوں سے اتر گیا اس کی بعد اپنے بستروں کو غنیمت جانو اور اپنے گھروں سے باہر نہ نکلو اس کے بعد حضور علیہ السلام کی تمام ازواجِ مطہرات حج کو گئیں مگر حضرت سیّدہ سودہ اور حضرت سیّدہ زینب بنت جحش نہ گئیں اور فرمایا ہم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد سواری پر سوار نہ ہوں گی ہمیں آپ نے وصیت فرما دی ہے۔ کتب متداولہ میں حضرت سیّدہ سودہ کی مرویات، پانچ حدیثیں ہیں، ان میں سے ایک بخاری اور باقی سنن اربعہ میں مروی ہیں۔ ان کا انتقال ماہِ شوال ۵۴ھ میں ہوا۔ (کذا فی المواہب) (۲)

اہل تفسیر بتاتے ہیں کہ سیدہ طویل القامت اور فربہ وجسیم تھیں حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے ان کے انتقال پر فرمایا کہ سیّدہ کا جنازہ رات کو اٹھایا جائے اور ان کے لیے پردہ دار چارپائی بنائی جائے۔

---

(۱) مدارج النبوۃ۔ (۲) زرقانی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# ۳۔ام المؤمنین حضرت سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا

حضرت سیّدہ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی ہیں ان کی کنیت امِ عبداللہ، اپنے بھانجے عبداللہ بن زبیر، جو حضرت اسماء بنتِ ابوبکر سے ہیں کی نسبت سے ہے سیّدہ عائشہ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عرض کیا تھا کہ میری کنیت مقرر فرمادو تو آپ نے فرمایا تم اپنی بہن کے صاحبزادے عبداللہ کے نام پر کنیت رکھ لو یعنی وہ عبداللہ اور تم امِ عبداللہ۔ سیّدہ عائشہ کی والدہ رومان بنتِ عامر بن عویمر قبیلہ بنی کنانہ سے تھیں پہلے جبیر بن مطعم سے نامزد ہوئی تھیں اس کے بعد حضور علیہ السلام نے اپنا پیامِ نکاح دیا تو ان کا نکاح حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے چھ سال کی عمر میں ہو گیا تھا اور مدینہ طیبہ میں آ کر ۲ھ میں اٹھارہویں مہینہ کے آخر میں نو سال کی عمر میں زفاف ہوا تھا حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے علاوہ کسی باکرہ سے نکاح نہ فرمایا ان سے کوئی فرزند نہ ہوا۔ (۱)

حضرت سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے فضائل و مناقب بہت ہیں، آپ فقہاء، علماء، فصحاء، بلغاء اور اکابر صحابہ سے تھیں بعض سلف سے منقول ہے کہ احکامِ شرعیہ کا فیصلہ کرنے کے لیے ان کی طرف رجوع ہونا معلوم ہوا ہے اور حدیثوں میں آتا ہے کہ **خذوا ثلثی دینکم من هذه الحميراء** (دو تہائی دین کو ان حمیرا یعنی عائشہ صدیقہ سے حاصل کرو)۔ صحابہ و تابعین کی جماعت کثیرہ نے ان سے روائتیں لی ہیں۔ عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ میں نے کسی کو معانی قرآن، احکامِ حلال و حرام، اشعارِ عرب اور علمِ انساب میں حضرت عائشہ صدیقہ سے بڑھ کر عالم نہیں دیکھا ہے حضرت سیّدہ کے یہ دو شعر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدح میں بھی آئے ہیں۔ (۲)

لومحوا فی معر اوصاف خده
لمانه لوافی سوم یوسف من نقد
لوامی زلیخا نوراین حبیبه
لاثرن بالقطع القلوب علی الایدی

حضرت سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی نعلین مبارک میں پیوند لگا رہے تھے جبکہ میں چرخہ کات رہی تھی میں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روئے مبارک کا مشاہدہ کیا تو آپ کی جبینِ مبارک سے پسینہ بہہ رہا تھا اور اس پسینہ سے آپ کے جمالِ اقدس میں ایسی تابانی تھی کہ میں حیران تھی یہاں تک کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے میری طرف نگاہِ کرم اٹھا کر فرمایا کیا بات ہے تم کیوں حیران ہو سیدہ فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ کے بشرہ نورانی اور آپ کی پیشانی کے پسینہ نے مجھے حیران کر دیا ہے اس پر آپ اٹھے اور میرے پاس آئے اور میری دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا اور فرمایا: **جَزَاكِ اللّٰهُ يَا عَائِشَةُ خَيْرًا مَا سَرَرْتِ مِنِّي كَسُرُورِي مِنْكِ** (اَوْ كَمَا قَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ)۔ اے عائشہ اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر دے تو اتنا مجھ سے مسرور نہیں ہوئی جتنا تم نے مجھے مسرور کیا یعنی کہ میرا ذوق و سرور تمہارے ذوق و سرور سے ہے۔ حضور انور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا سیّدہ عائشہ کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دینا کمالِ محبت کا پتہ دیتا ہے اور سیدہ نے معرفت کی نگاہ سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جمال باکمال کا مشاہدہ کیا۔ نازم بچشم خود کہ جمال تو دیدہ است۔

؎ اے خنک چشمے کہ او حیران اوست
وی ہمایوں دل کہ آں بریان اوست

(۱) طبقات ابن سعد ج ۱ ص ۲۱۸۔ (۲) الاستیعاب کتاب الاصابہ ج ۸ ص ۱۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت مسروق رضی اللہ عنہ جو اکابر تابعین میں سے ہیں جس وقت سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے تو فرمایا کرتے تھے:

اَلصِّدِّیْقَۃُ بِنْتِ الصدِیْقِ حَبِیْبَۃُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مجھے صدیقہ نے جو بیٹی ہے صدیق کی محبوبہ ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نے اس طرح حدیث بیان کی:

حَبِیْبَۃُ حَبِیْبِ اللّٰہِ اِمْرَأَۃٌ السَّمَاءِ۔ اللہ کے حبیب کی محبوبہ آسمانی بیوی (۱)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھے رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں ازواجِ مطہرات میں وہ فضیلت حاصل ہے جو کسی اور کو نہیں وہ یہ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے میرے سوا کسی باکرہ سے شادی نہ فرمائی اور میں کسی دوسرے سے دست آلود نہ ہوئی اور باکرہ عورت اپنے شوہر کے نزدیک محبوب تر اور مانوس تر ہوتی ہے۔ حضرت سیّدہ زلیخا خواب میں تین مرتبہ سیّدنا یوسف علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو دیکھ کر عاشق اور فریفتہ ہوگئی تھیں لیکن یہاں حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مجھے خواب میں دکھایا گیا یہ حالت بھی زیادتی محبت وانس کی ہے خود حضور علیہ السلام نے فرمایا:

اُرِیْتُكِ فِی الْمَنَامِ ثَلٰثَ لَیَالٍ یَجِیْئُ بِكِ الْمَلَكُ فِیْ سَرَقَۃٍ مِنْ حَرِیْرٍ فَقَالَ لِیْ ھٰذِہٖ اِمْرَاَتُكَ فَكَشَفْتُ عَنْ وَّجْھِكِ الثَّوْبَ فَاِذَا اَنْتِ ھِیَ فَقُلْتُ اِنْ یَّكُنْ ھٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ یُمْضِیْہِ (۲)

تم مجھے تین بار خواب میں دکھائی گئی تھیں تمہیں فرشتہ ریشمی ٹکڑے میں لاتا تھا مجھے کہتا تھا یہ آپ کی بیوی ہے میں نے تمہارے رخ سے کپڑا اٹھایا تو تم ہی تھیں میں نے کہا اچھا اگر یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تو وہ اسے جاری اور پورا فرمادے گا۔

اس سے معلوم ہوا کہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا وہ ہیں جو کہ حضور سیّد عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دکھائی گئیں اور بشارت دی گئی کہ یہ آپ کی بیوی ہوں گی اسی لیے سیّدہ فرماتی ہیں کہ مجھے ازواجِ مطہرات میں یہ مقام بھی حاصل ہے اور فرماتی ہیں کہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وہ بیوی ہوں کہ جب میں آپ کے بستر پہ ہوتی ہوں تب بھی آپ پر وحی نازل ہوتی ہے۔

ان کے بستر پہ وحی آئے رسول اللہ پر
اور سلام خادمانہ بھی کریں روح الامین

سیّدہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضور علیہ السلام کی وہ بیوی ہوں جس کے حق میں برأت اور طہارت آسمان سے نازل ہوئی۔ اس میں واقعۂ افک کی طرف اشارہ ہے جسے منافقین نے اٹھایا تھا تو حق سبحانہ تعالیٰ نے سترہ، اٹھارہ آیتیں دامنِ عزت کی برأت و طہارت اور جماعتِ منافقین کی مذمت وخباثت میں نازل فرمائیں۔

یعنی ہے سورۂ نور جن کی گواہ
ان کی پُر نور صورت پہ لاکھوں سلام

سیّدہ فرماتی ہیں کہ حضور سیّد عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے میرے ہی گھر میں زمانۂ علالت گزارا اور میری ہی باری کے دن حضور علیہ السلام نے وصال فرمایا اور میرے ہی حجرہ میں روضۂ اقدس بنا۔

(۱) مدارج النبوت ص ۸۰۴۔ الحیات۔ الاستیعاب ج ۲ ص ۷۴۴۔
(۲) مسلم، ج ۲ ص: ۲۸۵ وبدایہ، ج ۳ ص: ۱۳۰ وطبقات

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے کسی کو سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں بدگوئی کرتے سنا تو فرمایا:

اُسْكُتْ مَقْبُوْحًا فِي حَبِيْبَةِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ ذلیل وخوار خاموش ہو کہ تو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبوبہ کی بدگوئی کرتا ہے (۱)

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے کہ آپ فرماتی ہیں ایک مرتبہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! جب تم مجھ سے ناراض ہوتی ہو تو کہتی ہو لَا وَرَبِّ اِبْرَاهِيْمَ اور جب تم مجھ سے خوش ہوتی ہو تو کہتی ہو لَا وَرَبِّ مُحَمَّدٍ ناراضگی میں ربِ ابراہیم کی قسم اور خوشی میں ربِ محمد کی قسم میں نے عرض کیا یا رسول اللہ لیکن میں نہیں چھوڑتی مگر صرف آپ کے نام کو۔ مطلب یہ کہ ناخوشی کی حالت میں صرف آپ کا نام نہیں لیتی لیکن آپ کی یاد میرے دل میں ہے اور میری جان آپ کے لیے مستغرق ہے اس محبت میں کوئی تغیر پیدا نہیں ہوتا۔ سیدہ فرماتی ہیں کہ مجھے حضور علیہ السلام نے فرمایا اے عائشہ اگر تم چاہتی ہو کہ جنت میں میرے ساتھ رہو تو تمہیں چاہیے کہ دنیا میں اس طرح رہو جس طرح راہ چلتا مسافر ہو کہ وہ کسی کپڑے کو پرانا نہیں سمجھتا جب تک کہ وہ پیوند کے قابل ہے اور وہ اس میں پیوند لگاتا ہے۔ اور ایک روایت میں آتا ہے کہ سیّدہ نے عرض کیا حضور میرے حق میں دعا فرمائیں کہ خدا جنت میں آپ کی ازواجِ مطہرات میں مجھے بھی رکھے فرمایا اگر تم اس مرتبہ کو چاہتی ہو تو کل کے لیے کھانا بچا کر نہ رکھو اور کسی کپڑے میں جب تک پیوند لگ سکتا ہو اسے بے کار نہ کرو۔

سیدہ فقر و تونگری اختیار کرنے کی اس وصیت پر اتنی کاربند تھیں کہ آج کا کھانا کل کے لیے بچا کر کبھی نہ رکھا (۲)

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے سیدہ کو ستر ہزار درہم راہِ خدا میں صدقہ کرتے دیکھا ہے حالانکہ ان کی قمیض مبارک میں پیوند لگا ہوا تھا ایک مرتبہ حضرت عبداللہ ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ نے انہیں ایک لاکھ درہم بھیجے تو انہوں نے اسی روز تمام دراہم فقراء و اقارب اور مستحق لوگوں کو تقسیم فرما دیے اور خود اس دن روزے سے تھیں اور شام کو کھانے کے لیے بھی کچھ نہ بچایا باندی نے کہا اے سیّدہ اگر ایک درہم، بچا لیتیں تو اچھا ہوتا شام کا کھانا تیار ہو جاتا فرمایا یاد ہی نہیں رہا اگر یاد ہوتا تو بچا لیتی سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے کتبِ معتبرہ میں دو ہزار دو سو حدیثیں مروی ہیں ان میں سے بخاری و مسلم میں ۱۷۴ متفق علیہ اور صرف بخاری میں چون (۵۴) ہیں اور صرف مسلم میں سڑسٹھ (۶۷) ہیں بقیہ تمام کتابوں میں ہیں۔ صحابہ و تابعین میں خلقِ کثیر نے ان سے روائتیں لی ہیں (۳)

اربابِ تفسیر بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے سیدہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ میں کیسے جانوں کہ میں نیک ہوں فرمایا جب تم اپنی بدی کو جان لو اس شخص نے کہا میں کیسے جانوں کہ میں برا ہوں فرمایا جب تم جان لو کہ یہ نیکی ہے اور وہ ہمیشہ فرمایا کرتیں کہ تمہارے لیے جنت کے دروازے کھلے رہیں گے پوچھا کس طرح اور کس عمل سے۔ فرمایا بھوک اور پیاس سے ایک دفعہ تلاوتِ قرآن پاک فرما رہی تھیں۔ جب اس آیتِ شریفہ پر پہنچیں۔

وَلَقَدْ اَنْزَلْنَا اِلَيْكُمْ مَا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ۔ (الانبیاء ۲۱:۱۰)

بلاشبہ ہم نے تمہاری طرف قرآن نازل فرمایا اس میں تمہارے لیے نصیحت ہے تم غور و فکر کیوں نہیں کرتے اس کے بعد ہمیشہ قرآن پاک کی تلاوت کرتیں اور آیاتِ قرآنیہ کے مطالب و معانی میں غور و فکر فرماتی تھیں۔

(۱) کتب احادیث باب ازواجِ مطہرات۔ (۲) مدارج النبوت، ص:۸۱۱ مستدرک، ج ۴ ص:۳۔

(۳) کتاب الاصابہ، ج ۸، ص:۱۳۹۔ مدارج النبوت، الاستیعاب، ج ۲، ص:۴۵۷

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اہلِ تفسیر بیان کرتے ہیں کہ جب سیدہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے انتقال فرمایا تو ان کے گھر سے رونے کی آواز بلند ہوئی سیدہ امِ سلمہ رضی اللہ عنہا نے اپنی باندی کو بھیجا کہ خبر لائیں باندی نے آ کر سیدہ کے انتقال کی خبر سنائی تو سیّدہ امِ سلمہ رو پڑیں اور فرمایا اللہ تعالیٰ رحمتیں نازل فرمائے نبی علیہ السلام کی وہ بڑی محبوبہ تھیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور حضور علیہ السلام کی مدت محبت و معاشرت نو سال تھی۔

اور حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت ان کی عمر اٹھارہ سال تھی ان کا انتقال ۵۷ھ میں ہوا تھا واقدی نے کہا کہ منگل کے روز سترہ رمضان المبارک ۵۸ھ میں مدینہ طیبہ میں ہوا۔ سیّدہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی عمر بوقتِ وصال چھیاسٹھ سال تھی اور آپ نے وصیت فرمائی تھی کہ مجھے رات کے وقت بقیع میں دفن کیا جائے ان کی نمازِ جنازہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے پڑھائی تھی۔ اس زمانہ میں مدینہ طیبہ پر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے دورِ سلطنت میں مروان حاکم تھا اور حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کے متولی قاسم بن محمد بن ابوبکر اور عبداللہ بن عبدالرحمن بن ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے اور سیّدہ عائشہ صدیقہ کا انتقال طبعی تھا یہ غلط ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک ضیافت پر بلایا اور سیّدہ کو دھوکے سے کنوئیں میں گرا دیا۔ یہ روافض کا افتراء و جھوٹ ہے۔

## ۴۔ ام المومنین حضرت سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا

ام المؤمنین حضرت سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا بنتِ عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ قریشیہ عدویہ ہیں ان کی والدہ زینب مظعون حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی بہن ہیں یہ اسلام لائیں اور ہجرت کی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے خنیس بن حذافہ کی زوجیت میں تھی اور خنیس رضی اللہ عنہ اہلِ بدر سے تھے سیّدہ حفصہ نے ان کے ساتھ ہجرت کی حضرت خنیس نے واقعۂ بدر کے بعد رحلت فرمائی۔ اور ایک قول کے مطابق بعد از غزوۂ اُحد جب حضرت سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا بیوہ ہوئیں تو حضرت سیّدنا عمر بن خطاب فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان ابنِ عفان سے نکاح کے لیے کہا مگر انہوں نے منظور نہ کیا اس زمانہ میں رقیہ بنت رسول اللہ جو کہ حضرت عثمان کی زوجہ تھیں انتقال فرما گئی تھیں پھر سیّدنا عمر و فاروق رضی اللہ عنہ نے حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے حضرت عثمان کی شکایت کی اور عرض کیا میں نے اس سے حفصہ کی پیش کش کی تھی مگر انہوں نے منظور نہ کیا حضور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اَلَا اَدُلُّ عُثْمَانَ عَلٰی مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْهَا وَاَدُلُّهَا عَلٰی مَنْ هُوَ خَيْرٌ لَهَا مِنْ عُثْمَانَ (مصنف ابن ابی شیبہ، ۶:۳۶۵، رقم:۳۶۰۶۲)

عثمان کو حفصہ سے بہتر زوجہ ملے گی اور حفصہ کو عثمان سے بہتر شوہر ملے گا۔

ایسا ہی ہوا کہ اس ارشادِ نبوت و رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو سرکارِ دو عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ ہجرت کے دوسرے یا تیسرے سال زوجیت کا شرف حاصل ہوا اور ام المؤمنین کے مرتبہ پر فائز ہوئیں اور حضرت عثمان کو امِ کلثوم بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زوجہ ملی۔ حفصہ کو بہترین شوہر اور عثمان کو بہترین زوجہ۔

ایک اور روایت میں آتا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سیّدہ حفصہ کو طلاقِ رجعی دینے کا ارادہ فرمایا یا طلاقِ رجعی دے دی۔ جب اس کی خبر سیّدنا عمر بن الخطاب فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو ہوئی تو آپ کو اس کا رنج ہوا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس جبریل علیہ السلام حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ سیّدہ حفصہ سے رجوع فرمالیں کیونکہ وہ بہت شب بیدار، عبادت گزار،

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

روزہ دار ہیں اور وہ جنت میں آپ کی زوجہ مطہرہ ہیں۔ سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کی ولادت بعثت سے پانچ سال قبل ہوئی تھی اور ان کا انتقال ماہِ شعبان ۴۵ھ یا ۴۱ھ یا ۴۷ھ امارتِ معاویہ رضی اللہ عنہ میں ہوا تھا اس وقت ان کی عمر مبارک ساٹھ سال تھی۔ کتبِ متداولہ میں ساٹھ حدیثیں ان سے مروی ہیں ان میں سے چار تو متفق علیہ یعنی بخاری و مسلم میں ہیں اور مسلم میں تنہا چھ حدیثیں اور دیگر تمام کتابوں میں مروی ہیں (۱)

## ۵۔ ام المؤمنین حضرت سیّدہ زینب بنتِ خزیمہ رضی اللہ عنہا

ام المؤمنین سیّدہ زینب بنتِ خزیمہ رضی اللہ عنہ بن الحارث ہلالیہ عامریہ ازواجِ مطہرات میں سے ہیں زمانۂ جاہلیت میں ان کو ام المساکین کہتے تھے کیونکہ آپ مسکینوں کو کھانا وغیرہ کھلاتیں اور ان پر شفقت فرماتیں۔ وہ پہلے حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کی زوجیت میں تھیں وہ غزوۂ احد میں شہید ہو گئے۔ بعض نے کہا ہے کہ وہ طفیل بن الحارث کی بیوی تھیں انہوں نے ان کو طلاق دے دی تو عبیدہ بن الحارث نے ان کو اپنی زوجیت میں لے لیا ایک قول یہ ہی کہ عبداللہ بن جحش اسدی رضی اللہ عنہ نے ان کو پیام دیا بعض اہلِ تفسیر اس قول کو ترجیح دیتے ہیں جیسا کہ روضۃ الاحباب اور مواہب میں ہے کہ پہلا قول زیادہ صحیح ہے بہر تقدیر ہجرت کے تیسرے سال حضور آقائے دو جہاں علیہ الصلوٰۃ والسلام حضرت سیّدہ زینب بنتِ خزیمہ رضی اللہ عنہا کو اپنے عقد میں لائے اس کے بعد وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں بہت کم مدت حیات رہیں اور حضور انور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حیاتِ ظاہرہ میں ہی انتقال فرما گئیں۔ بعض اہلِ تفسیر دو مہینہ، بعض چھ مہینہ اور بعض آٹھ مہینہ مدت بتاتے ہیں سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا نے ماہ ربیع الاخر ۴ھ میں انتقال فرمایا اور بقیع میں مدفون ہوئیں بقیع مدینہ طیبہ میں ایک قبہ ازواج النبی کے نام سے مشہور تھا وہاں قبر اطہر ہے (۲)

## ام المؤمنین حضرت سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا

سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا نام ہند بنتِ ابی امیہ مخزومی تھا بعض رملہ بتاتے ہیں اوّل زیادہ مشہور اور صحیح ہے ابوامیہ کا نام سہیل بن المغیرۃ بن عبد اللہ بن عمرو بن مخزوم ہے اور ان کی والدہ کا نام عاتکہ بنتِ عامر بن ربیعہ ہے یہ عاتکہ بنتِ عبدالمطلب نہیں ہیں۔ حضرت سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا پہلے ابوسلمہ عبد بن الاسد کی زوجیت میں تھیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پھوپھی برہ بنتِ عبدالمطلب کے فرزند ہیں اور یہ اور ان کے شوہر اوّل ہجرت کرنے والوں میں سے تھے جنہوں نے حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی ان سے ان کے چار بچے پیدا ہوئے تھے زینب: اس کے بعد سلمہ، عمرو، اور درہ ان چاروں میں سے دو زینب و عمرو نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ربیب بنے (ربیب کے معنے سوتیلے یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر میں انہوں نے پرورش پائی) دونوں مرتبہ حبشہ کی طرف ہجرت فرمائی اور پھر حبشہ سے مدینہ منورہ واپس آئیں بعض کہتے ہیں کہ سیّدہ ام سلمہ وہ پہلی عورت ہیں جو ہودج میں سوار ہو کر مدینہ طیبہ میں ہجرت کر کے داخل ہوئیں اور ابوسلمہ غزوۂ احد میں زخمی ہو کر تندرست ہوئے اس کے بعد ان کو ایک لشکر کے ساتھ بھیجا جب وہاں سے واپس آئے تو ان کے زخم پھر تازہ ہو گئے۔ اور انہی زخموں سے ۴ ہجری میں انتقال کر گئے اور ایک قول میں ۳ ہجری ہے سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے یہ سن رکھا تھا کہ جب کوئی مصیبت آن پڑے تو وہ یہ دعا مانگے:

(۱) مدارج النبوت، ص: ۸۱۳ (۲) مدارج النبوت، ص: ۸۱۴، ۸۱۵

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اْجُرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاْخْلُفْ لِیْ خَیْرًا مِنْھَا۔ (صحیح مسلم ۲:۱ ۶۳ رقم ۹۱۸)

اے میرے اللہ میری مصیبت میں میرا اجر قائم فرما اور اس سے بہتر میرے لیے قائم مقام بنا۔

اور جب حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ انتقال کر گئے تو سیدہ نے اس دعا کو اپنا ورد بنالیا۔ سیّدہ امِ سلمہ فرماتی ہیں کہ میں اس دعا میں اپنے شوہر کے انتقال کی مصیبت میں پڑھتی تھی اور جب میں کہتی تھی اس سے بہتر قائم مقام بنا تو دل میں خیال آتا تھا کہ ابوسلمہ سے بہتر مسلمانوں میں کون ہوگا لیکن چونکہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد تھا میں اسے پڑھتی رہی نیز میں نے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے یہ بھی سنا تھا کہ جو میت کے سرہانے موجود ہو وہ یہ دعا مانگے اس لیے کہ اس وقت میں جو دعا مانگے وہ قبول ہوتی ہے فرشتے آمین کہتے ہیں چنانچہ جب حضرت ابوسلمہ انتقال کر گئے تو میں نے بارگاہِ رسالت مآب میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! ابوسلمہ انتقال کر گئے ہیں ان کے فراق میں کیا کہوں؟ تو آپ نے فرمایا یوں کہو:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلَہٗ وَاَعْقِبْنِیْ عَقِبَۃً جَنَّۃً

اے میرے اللہ انہیں اور مجھے بخش دے اور میری عاقبت کو اچھی عاقبت بنادے۔

اس کے بعد میں اس دعا پر قائم رہی اور حق سبحانہ تعالیٰ نے مجھے ابوسلمہ سے بہتر عوض عطا فرمایا اور وہ حضور سرورِ کون ومکاں علیہ التحیۃ والثناء تھے جب حضرت ابوسلمہ انتقال کر گئے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تعزیت کے لیے سیدہ امِ سلمہ کے پاس تشریف لائے اور سیّدہ سے تعزیت فرمائی اور دعا فرمائی کہ اے اللہ ان کے غم کو تسکین دے اور ان کی میت کو بہتر بنا سیّدہ امِ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اس کے بعد حضورِ انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور انہوں نے مجھے پیام دیا ایک روایت میں ہے کہ حضرات ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما نے اپنا اپنا پیام بھیجا مگر سیّدہ نے ان کے پیام کو قبول نہ فرمایا جب سیّدالابرار علیہ السلام نے بھیجا تو سیّدہ امِ سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔

لیکن میں تو بڑی عمر کی عورت ہوں اور ساتھ یتیم بچے بھی ہیں اور میں بہت غیرت مند ہوں آپ عورتوں کو جمع فرمائیں گے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میری عمر تم سے زیادہ ہے اور تمہارے یتیم بچوں کی پرورش خدا اور اس کے رسول کے ذمہ ہے ایک راویت میں ہے۔ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تمہارے بچے میرے بچے ہیں اور یہ جو تم کہتی ہو کہ میں غیرت مند ہوں حق تعالیٰ تم کو اس بات سے محفوظ فرمائے۔ چنانچہ ماہِ شوال ۴ھ میں حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ سیّدہ امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کا تزوج ہوا ان کا مہر وہ سامان مقرر ہوا جو دس درہم کی قیمت کا تھا۔

امہات المؤمنین میں سیّدہ امِ سلمہ رضی اللہ عنہا نے سب سے آخر میں انتقال فرمایا سیّدہ امِ سلمہ کے انتقال کو بعض نے ۵۹ ہجری میں بیان کیا ہے اور بعض نے ۶۲ھ میں بیان کیا ہے زمانہ یزید بن معاویہ میں سیّدنا امام حسین علیہ السلام کی شہادت عظمیٰ کربلا کے بعد آپ کا انتقال ہوا تھا۔ بعض نے کہا کہ اوّل قول کے صحیح ہونے پر یہ حدیث بھی دلالت کرتی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امہات المؤمنین میں سے سیّدہ امِ سلمہ ام المؤمنین کو ایک پڑیا خاکِ کربلا کی عنایت فرمائی تھی کہ جبریل علیہ السلام میرے پاس اس زمین کی مٹی لائے ہیں جہاں میرا نواسہ حسین ظلم وستم کے ساتھ شہید کیا جائے گا اے ام سلمہ اس شیشی کو رکھ لو جب یہ مٹی سرخ ہو جائے تو جان لینا میرا حسین ارضِ کربلا میں شہید ہو گیا ہے۔ چنانچہ سیّدہ نے ایسا ہی کیا اس خاک کو دینے کا مطلب یہ تھا کہ آپ جانتے تھے کہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

واقعۂ کربلا سے پہلے میری دیگر ازواجِ مطہرات انتقال فرما گئی ہوں گی اور یہ زوجہ امِ سلمہ مدینہ طیبہ میں موجود ہوں گی۔ دوسری حدیث بھی اس پر دلالت کرتی ہے جس کو امام ترمذی نے بیان کیا ہے کہ النار کی ایک عورت سلمی بیان کرتی ہے کہ وہ سیّدہ امِ سلمہ کے پاس حاضر ہوئی تو اس نے دیکھا کہ وہ رو رہی ہیں۔ اس نے عرض کیا اے ام المؤمنین آپ کو کس بات نے رلایا ہے؟

عَنْ سَلْمٰی قَالَتْ دَخَلْتُ عَلٰی اُمِّ سَلَمَةَ وَ هِیَ تَبْکِیْ فَقُلْتُ مَا یُبْکِیْكِ؟ قَالَتْ رَأَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَعْنِیْ فِی الْمَنَامِ وَ عَلٰی رَأْسِهٖ وَلِحْیَتِهٖ اَلتُّرَابُ فَقُلْتُ مَالَكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ شَهِدْتُّ قَتْلَ الْحُسَیْنِ۔ (البدایہ والنہایہ، ۸:۲۰۰ مشکوٰۃ۔ مدارج)

روایت ہے سلمٰی سے کہ میں حاضر ہوئی سیّدہ امِ سلمہ کے پاس اس حال میں دیکھا کہ وہ رو رہی تھیں۔ میں نے پوچھا کہ کیوں رو رہی ہیں؟ انہوں نے جواب دیا کہ میں نے بحالتِ نوم دیکھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ اس حالت میں ہیں کہ آپ کے سر مبارک اور داڑھی مبارک پر گرد و غبار پڑا ہوا ہے۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ خاک آلودہ کیوں ہیں آپ نے فرمایا میں ابھی حسین کے مقتل میں موجود تھا۔ (یعنی واقعۂ کربلا)

جب سیّدہ نے یہ سنا اور دیکھا تو روتی رہیں اور ظالموں پر لعنت بھیجی جنہوں نے نواسۂ رسول پر ظلم و ستم کر کے ان کو شہید کر ڈالا۔ اس حدیث میں بھی سیّدہ کی ظاہری حیات واقعۂ کربلا کے وقت پر دال ہے۔ سیّدہ امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کی کل عمر چوراسی سال ہوئی آپ کی نمازِ جنازہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے پڑھائی اور بعض کا قول ہے کہ سعید بن زید رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔

اہلِ تفسیر کہتے ہیں کہ جب سیّدہ امِ سلمہ رضی اللہ عنہا حضورِ اقدس ﷺ کے حبالہ عقد میں آئیں تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سیّدہ زینب بنتِ خزیمہ کے انتقال پر گھر خالی ہونے والا گھر امِ سلمہ کے رہنے کے لیے مقرر فرمایا اور جب امِ سلمہ اس میں داخل ہوئیں تو ایک چھوٹا گھڑا جس میں تھوڑے سے جو تھے اور ایک پتھر کی ہانڈی اور ایک چکی دیکھی جو چکی میں ڈال کر آٹا پیسا اور میدہ تیار کر لیا جب حضورِ اقدس ﷺ تشریف لائے تو امِ سلمہ کے ولیمہ کا یہ کھانا تھا۔

کتبِ متداولہ میں سیّدہ امِ سلمہ رضی اللہ عنہا سے تین سو اٹھتر حدیثیں مروی ہیں۔

ان میں متفق علیہ یعنی بخاری و مسلم میں تیرہ حدیثیں ہیں اور صرف بخاری میں تین حدیثیں ہیں۔ اور تنہا مسلم میں تیرہ حدیثیں اور باقی دیگر کتبِ معتبرہ میں مروی ہیں (۱)

## ۷۔ ام المؤمنین حضرت سیّدہ زینب بنتِ جحش رضی اللہ عنہا

ام المؤمنین حضرت سیّدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا پہلے نام "برہ" تھا حضور سیّد عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کا نام تبدیل فرما کر زینب رکھا یا تو تزکیہ نفس کے ابہام کی بنا پر یا اس کراہت کی بنا پر کہ کوئی کہے "برہ" کے پاس سے آئے یا کوئی یہ کہے کہ "برہ" اس گھر میں نہیں۔ برہ کے معنے ہیں نیکی اور احسان۔ ان کی کنیت ام الحکم تھی ان کی والدہ ماجدہ حضورِ اقدس ﷺ کی پھوپھی امیمہ بنتِ عبدالمطلب تھیں وہ پہلے حضرت زید بن حارثہ کی زوجیت میں تھیں جب حضرت زید نے ان کو طلاق دے دی تو حضورِ انور ﷺ انہیں اپنے حبالہ عقد میں لے آئے ان کا مختصر واقعہ یوں ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے زید کے لیے انہیں پیام دیا سیّدہ زینب نے قبولیت سے اعراض کیا اس لیے کہ وہ صاحبِ جمال تھیں

(۱) مدارج النبوت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اور رسول اللہ ﷺ کی پھوپھی کی بیٹی تھیں اور ان کے مزاج میں حدت یعنی سختی تھی سیّدہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ کا فرمانا بجا ہے لیکن یہ معاملہ ازدواجی زندگی یعنی میاں بیوی کا ہے میں اس کو پسند نہیں کرتی اور حضرت سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا کے بھائی عبد اللہ ابن جحش رضی اللہ عنہ نے بھی عدمِ قبولیت میں اپنی بہن کے ساتھ اتفاق کیا چونکہ حضورِ اقدس ﷺ نے اظہارِ نبوت سے پہلے حضرت زید کو آزاد فرما کر فرزندی میں قبول فرمالیا تھا اور ان پر بے اندازہ لطف وعنایت مبذول فرماتے تھے حضورِ اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اب عدمِ قبولیت کی گنجائش نہیں ہے تمہیں نفرت اس بنا پر ہے کہ وہ آزاد کردہ غلام ہیں اور اب وہ آزاد ہونے کے بعد میری فرزندی میں ہیں۔ عرض کیا گیا اچھا حضور اس بارے میں غور وفکر کی مہلت عنایت فرمایئے یہ بات جاری تھی کہ یہ آیتِ کریمہ نازل ہوگئی کہ:

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ○ (الاحزاب، ۳۳:۳۶)

اور نہ کسی مسلمان مرد نہ مسلمان عورت کو حق پہنچتا ہے کہ جب اللہ و رسول کچھ حکم فرمادیں تو انہیں اپنے معاملہ کا کچھ اختیار ہو اور جو حکم نہ مانے اللہ اور اس کے رسول کا وہ بے شک صریح گمراہی بہکا۔

اس آیت کے نازل ہونے پر سیّدہ زینب اور ان کے بھائی دونوں نے کہا ہم راضی ہیں۔ ہماری کیا مجال کہ ہم اپنے اختیار کو درمیان میں لائیں اور معصیت کا ارتکاب کریں پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کو حضرت زید کی زوجیت میں دے دیا ایک سال یا کچھ زیادہ عرصہ حضرت زید کے ساتھ رہیں اس کے بعد حق تعالیٰ نے اپنے حبیب مکرم کو یہ بھی واضح کردیا کہ ہمارے علمِ قدیم میں ہے کہ سیّدہ زینب آپ کی زوجیت میں داخل ہوں چنانچہ حضرت زید اور حضرت سیّدہ زینب کے درمیان ناسازگاری پیدا ہوئی۔ حضرت زینب کی جانب سے حضرت زید کی نسبت کج خلقی پیدا ہونا شروع ہوئی یہاں تک کہ حد کو پہنچ گئی اور تنگ آ کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور حضرت زید نے حضور علیہ السلام سے سیّدہ زینب کی شکایت کی اور عرض کیا یا رسول اللہ میرا ارادہ ہے کہ میں زینب کو طلاق دے دوں کیونکہ وہ میرے ساتھ بہت تندخوئی سے پیش آتی ہے اور اپنی زبان دراز کرتی ہے۔ حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا اپنے آپ کو اس سے باز رکھ اور خدا تعالیٰ سے ڈرو۔ چونکہ حق تعالیٰ کی جانب سے معلوم ہوگیا تھا کہ زینب آپ کی زوجیت میں آئیں گی تو خاطرِ مبارک سے چاہا کہ زید ان کو طلاق دے دیں لیکن حیاء کی بنا پر زینب کو طلاق دینے کا حکم نہ فرمایا نیز اس سے یہ بھی اندیشہ تھا کہ لوگ کہیں گے کہ اپنے متبنیٰ کی بیوی کو چاہتے ہیں کیونکہ جاہلیت کے لوگ اس شخص کی بیوی کو جس کو اپنا بیٹا بنالیا ہو حرام جانتے تھے اور اس منہ بولے بیٹے کو صلبی بیٹے کی مانند سمجھتے تھے ممکن ہے کہ لوگوں کے اندیشہ سے مراد ان کے ایمان کا خوف ہو کہ مبادا شک وتردد ان کے ایمان میں خلل انداز ہو کر انہیں ہلاک کردے (۱)

علماء فرماتے ہیں کہ حضرت زید کو سیّدہ زینب کے روکنے کا حکم دینے میں مقصود حضرت زید کا اختیار اور ان کا امتحان کرنا تھا تاکہ معلوم کریں کہ زید کے دل میں زینب کی رغبت باقی ہے یا بالکل ہی متنفر ہوگئے ہیں۔ حضرت زید نے دوبارہ بارگاہِ رسالت مآب میں عرض کیا: یا رسول اللہ! میں نے زینب کو طلاق دے دی اس وقت یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی:

وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ۔ (الاحزاب:۳۳)

اور اے محبوب ﷺ یاد کرو جب تم فرماتے تھے اس سے جسے اللہ نے نعمت دی اور تم نے اسے نعمت دی کہ اپنی بی بی اپنے پاس رہنے دے اور اللہ سے ڈر اور اپنے دل میں رکھتے تھے وہ جسے اللہ کو ظاہر کرنا منظور تھا اور تمہیں لوگوں کے طعنہ کا اندیشہ ہے اور اللہ زیادہ سزاوار ہے کہ اس کا خوف رکھو۔

(۱) ہکذا فی تفسیر حضرت صدر الافاضل مراد آبادی علیہ الرحمہ۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

منقول ہے کہ جب سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا کی عدت پوری ہوگئی تو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت زید سے فرمایا جاؤ اور زینب کو میرے لیے پیام دے دو حضرت زید کی اس کام کے لیے تخصیص میں حکمت یہ تھی کہ لوگ یہ گمان نہ کریں کہ یہ عقد بغیر رضامندیٔ زید کے برسبیلِ قہر و جبر واقع ہوا ہے اور انہیں یہ بھی معلوم ہو جائے کہ زید کے دل میں زینب کی کوئی خواہش نہیں ہے اور وہ اس بات سے راضی و خوش ہیں۔ نیز حضرت زید کا فرمانِ خدا اور رسول کی اطاعت پر ثابت قدم رہنا اور بحکمِ الٰہی حضرت زینب کو راضی رکھنا بھی ثابت و مؤکد فرمانا مقصود تھا کیونکہ یہ محل نازک ہے۔ القصہ حضرت زید ارشاد نبوت کے بموجب سراپا صدق و اخلاص سے روانہ ہوئے حضرت زید فرماتے ہیں کہ جب میں سیّدہ زینب کے گھر پہنچا تو وہ میری آنکھوں میں ایسی بزرگ معلوم ہوئیں کہ میں ان کی طرف نظر نہ اٹھا سکا پھر میں گھر کی طرف پشت کر کے الٹے قدم ان کے پاس گیا اور میں نے کہا تمہیں خوشی ہو کہ رسولِ خدا نے مجھے تمہارے پاس بھیجا ہے کہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے تمہیں پیام دوں (۱)

سیّدہ زینب نے فرمایا میں اس بات کا کوئی جواب نہیں دے سکتی جب تک کہ میں اپنے رب تعالیٰ سے مشورہ نہ کرلوں اس کے بعد وہ اٹھیں اور مصلے پر پہنچیں اور سر کو سجدہ میں رکھا بارگاہِ بے نیاز میں عرضِ نیاز کی بعض روایات میں ہے کہ دو رکعت نماز نفل پڑھ کر سجدے میں گئیں اور مناجات کی کہ اے خدا تیرا محبوب میری خواستگاری فرماتا ہے اگر میں ان کی زوجیت کے لائق ہوں تو مجھے ان کی زوجیت میں دے دے اسی وقت ان کی دعا قبول ہوئی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا کو بارگاہِ صمدیت میں خاص قرب حاصل تھا اور یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی:

فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا۔ (الاحزاب، ۳۳:۳۷)

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر آثارِ وحی ظاہر ہوئے چند لحظہ کے بعد متجلی ہوئے تو سرورِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کون ہے جو زینب کے پاس جائے اور انہیں بشارت دے کہ حق سبحانہ تعالیٰ نے ان کو میری زوجیت میں دے دیا ہے اور یہ نازل شدہ آیت تلاوت فرمائی۔ حضرت سلمیٰ جو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خادمہ تھیں دوڑیں اور سیّدہ زینب کو بشارت دی اور خوشخبری سنانے پر وہ زیورات جو سیّدہ زینب نے پہنے ہوئے تھے اتار کر حضرت سلمیٰ کو عطا فرما دیے اور سجدہ شکر بجالائیں اور نذر مانی کہ دو مہینے روزہ دار رہوں گی (۲)

مروی ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیّدہ زینب کے گھر تشریف لے گئے درآنحالیکہ وہ سر برہنہ تھیں انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ! حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بے خطبہ اور بے گواہ فرمایا:

اَللّٰهُ الْمُزَوِّجُ وَجِبْرِيْلُ الشَّاهِدُ — اللہ تعالیٰ نکاح کرنے والا اور جبریل علیہ الصلوٰۃ والسلام گواہ ہیں (۳)

اس کے بعد ولیمہ کا کھانا تیار کیا اور لوگوں کو نان و گوشت سے سیر فرمایا اس طرح کسی بی بی کے لیے ولیمے کے کھانے کا اہتمام نہ کیا تھا اور آپ کے طعام میں کئی معجزے ظاہر ہوئے اور نکاحِ زینب میں لوگوں کو جاہلیت کی عادت سے نکالا اور خاص شریعت وضع فرمائی جیسا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا:

لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ۔ (الاحزاب:۳۷) — تاکہ مسلمانوں پہ ان کے لے پالکوں کی بیبیوں میں ان کے لیے کچھ حرج نہ رہے۔

(۱) مدارج النبوت و تفسیر صدر الافاضل علیہ الرحمۃ۔ (۱)، (۲) مدارج النبوت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اور حجاب یعنی پردے کی مشروعیت بھی اس قصہ میں وارد ہوئی۔ یہ وہ قصہ ہے جس کو معتبر محققین نے بیان کیا ہے اور صحیح و ثابت ہے بعض نے اس واقعہ کو بیان کرتے ہوئے سخت غلطیوں کا مظاہرہ کیا ہے جس سے حضور پرنور ﷺ کی عظمت کا بھی پاس نہ رکھا گیا انبیاء علیہ السلام اور سیّد الانبیاء علیہم السلام کے واقعات میں ہر ممکن احتیاط ضروری ہے۔ سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا کے فضائل و مناقب تو بہت ہیں اہلِ تفسیر کا بیان ہے کہ ایک دن حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان کے ساتھ اس بنا پر کہ انہوں نے کوئی سخت بات حضور اکرم ﷺ سے فرمائی تھی درشت کلامی کو خلافِ نرمی دیکھ کر فرمایا سیّدہ کس طریقہ سے بات کر رہی ہیں۔ حضور سیّد عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا اے عمر! کچھ نہ کہو کیونکہ یہ اواہیہ یعنی بہت خشیت الٰہیہ رکھنے والی ہیں ایک مرد پاس تھا اس نے پوچھا حضور "اواہ" کیا ہے؟ حضور علیہ السلام نے فرمایا: اَلْخَاشِعُ فِی الدُّعَاءِ وَالتَّضَرُّعُ اِلَی اللّٰہ۔ دعا میں خشوع اور خدا کے حضور گڑگڑانا ہے اس کے بعد حضور مصطفیٰ ﷺ نے یہ آیت پڑھی: اِنَّ اِبْرَاهِیْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِیْمٌ۔ گویا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کو اس صفت میں مرتبہ خلّت کے ساتھ مخصوص فرمایا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت سیّدہ زینب سے زیادہ کسی عورت کو بہت زیادہ نیک اعمال کرنے والی، زیادہ صدقہ و خیرات کرنے والی، رحمی رشتہ داروں کو زیادہ ملانے والی اور اپنے نفس کو ہر عبادت و تقرب کے کام میں مشغول رکھنے والی نہ دیکھا۔ (۱)

سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا سے منقول ہے کہ حضورِ اکرم ﷺ مجھے فرماتے تھے اے زینب! تجھ میں چند وہ صفتیں ہیں جو میری کسی زوجہ میں نہیں ہیں ایک یہ کہ میرے جد تمہارے جد ایک ہیں دوسرے میرا اور تمہارا نکاح خدا نے کرایا اور قرآن میں اس کا ذکر فرمایا تیرے اور میرے نکاح کے گواہ جبریل روح الامین ٹھہرے۔ (۲)

حضرت عبداللہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے صحت کے ساتھ مروی ہے کہ ایک دن نبی کریم ﷺ نے اپنی ازواجِ مطہرات سے فرمایا اَطْوَلُکُنَّ یَدًا اَسْرَعُکُنَّ یعنی تم میں سے جس کے ہاتھ دراز ہیں وہ مجھ سے ملنے میں تم سب سے سبقت کرنے والی ہے مطلب یہ ہے کہ اس دنیا سے میرے جانے کے بعد تم سب سے پہلے انتقال فرمائے گی۔ اس کے بعد ازواجِ مطہرات نے بانس کا ٹکڑا لے کر اپنا اپنا ہاتھ ناپنا شروع کر دیا تاکہ یہ دیکھیں کہ کس کے ہاتھ دراز ہیں انہوں نے جانا کہ سیّدہ سودہ بنت زمعہ کے ہاتھ دراز ہیں جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی رحلت فرمانے کے بعد سیّدہ زینب نے وصال فرمایا تو ازواجِ مطہرات نے جانا کہ درازی سے مراد صدقہ و خیرات کی کثرت تھی جو سیّدہ معظّمہ زینب میں موجود تھیں اس لیے کہ سیّدہ زینب اپنے ہاتھ سے دستکاری کرتیں اور صدقہ و خیرات دیتی تھیں۔ مروی ہے کہ جب سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا کے وصال کی خبر سیّدہ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ کو پہنچی تو فرمایا: ذَهَبَتْ حَمِیْدَةٌ مِفِیْدَةٌ مَغْرُوْعَتَهُ الْیَتَامٰی وَالْاَرَامِلَ۔ پسندیدہ خصلت والی فائدہ دینے والی یتیموں اور بیواؤں کی خبر گیری کرنے والی دنیا سے رخصت ہوگئی۔ اللہ، اللہ سلام اللہ علیہا (۳)

حضرت سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے آپ کی نمازِ جنازہ پڑھائی اور اعلان فرمایا اے مدینہ والو! تمہاری ماں وصال فرما گئی ہیں اپنی ماں کی نمازِ جنازہ میں حاضر ہو جاؤ یہ اعلان تھا کہ دلوں کو ہلا دینے والی آواز تھی سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کے بعد آپ کو مدینہ طیبہ کے بقیع قبہ ازواج میں دفن کیا گیا مشہور یہ ہے کہ سیّدہ زینب کا وصال ہجرت کے بیسویں سال اور بعض کہتے ہیں اکیسویں سال ہوا اور سیّدہ کی عمر بوقتِ وصال ترپن سال کی تھی ان سے گیارہ حدیثیں مروی ہیں ان میں سے دو متفق علیہ اور بقیہ نو تمام کتبِ معتبرہ میں موجود ہیں۔ سیّدہ پر لاکھوں سلام (۴)

(۱)، (۲)، (۳)، (۴) مدارج النبوت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# ۸۔ام المؤمنین حضرت سیّدہ جویریہ رضی اللہ عنہا

ام المؤمنین حضرت سیّدہ جویریہ بنت الحارث رضی اللہ عنہ ابن ابی جرار تھیں۔

ان کا بھی اصلی نام برہ تھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کا نام تبدیل کر کے جویریہ رکھا حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ گویا آپ برہ نام کو مکروہ جانتے تھے جیسا کہ اس کا ذکر سیّدہ زینب کے بیان میں کیا جا چکا ہے سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا بڑی عبادت گزار اور ذاکرہ تھیں اہلِ تفسیر کا بیان ہے کہ ایک دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازِ صبح کے بعد سیّدہ جویریہ کے پاس باہر تشریف لائے اور وہ اپنے مصلے پر ہی بیٹھے مشغول عبادت تھیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام چاشت کے وقت ان کے پاس تشریف لائے فرمایا جب سے میں باہر گیا ہوں تم اسی جگہ یونہی بیٹھی ہو عرض کیا جی ہاں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا جس وقت سے میں تمہارے پاس سے گیا ہوں اب تک چار کلمے میں نے پڑھے ہیں اگر ان کو ان کے ساتھ موازنہ کیا جائے جو تم نے اب تک پڑھے ہیں تو یقیناً وہ چار کلمے وزنی ہوں گے وہ یہ ہیں:

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ عَدَدَ خَلْقِہٖ وَنَفْسِہٖ وَزِنَۃَ عَرْشِہٖ وَمِدَادَ کَلِمَاتِہٖ۔

گویا مقصودِ اصلی اس کیفیت کی تعلیم فرمانا تھا تاکہ وہ اپنے ذکر میں اسے بھی شامل کر لے اور ان کلمات پر خبردار کرنا تھا کہ ان کلمات کی کیفیت یہ ہے کہ اس کمیت پر ان کلمات کا ثواب اس تمام ذکر سے زیادہ ہے جو سیّدہ جویریہ نے اب تک پڑھا ہے مگر اس میں شک نہیں کہ عمل کا ثواب مشقت کی مقدار کے مطابق ہوتا ہے مثلاً اگر کوئی کہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَلْفَ مَرَّاتٍ اور دوسرا شخص کہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ۔ تو بلاشبہ اس کا ثواب اس سے زیادہ ہوگا البتہ اگر کوئی خاص کامل کیفیت ہو اور مبالغہ میں شامل ہو اور قائل پر اس کی حقیقت واضح ہو گئی ہو اور وہ حقیقت کے اعتبار سے کہے جیسا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے تو یہ بات دوسری ہے چنانچہ حدیث میں آیا ہے کہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ یَمْلَأُ مَا بَیْنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کیونکہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حق تعالیٰ کی تنزیہہ و تقدیس اور تحمید کی حقیقت منکشف ہو گئی ہے کہ ان کلمات نے زمین و آسمان کے درمیان کو بھر دیا یہ محض اظہارِ زبان و قلم نہیں بلکہ خدا کا فضل بھی وسیع ہے اگر محض اتنے لفظوں سے بخش دے تو وہ قادر ہے (۱)

منقول ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے روزِ جمعہ سیّدہ جویریہ رضی اللہ عنہا سے زفاف فرمایا وہ روزہ دار تھیں آپ نے پوچھا کل روزہ رکھا تھا انہوں نے عرض کیا نہیں فرمایا آئندہ کل روزہ رکھنے کا ارادہ تھا انہوں نے عرض کیا نہیں فرمایا پھر تم روزہ افطار کر لو اس سے معلوم ہوا کہ صرف تنہا جمعہ کے دن کا روزہ رکھنا مکروہ ہے اور یہی علماء کا مذہب ہے بخاری و مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث ہے کہ: لَا یَصُوْمُ اَحَدُکُمْ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ اِلَّا اَنْ یَصُوْمَ قَبْلَہٗ وَبَعْدَہٗ۔ صرف جمعہ کے دن کا روزہ تم میں سے کوئی نہ رکھے مگر یہ کہ اس سے پہلے یا اس کے بعد کے دن بھی روزہ رکھے بعض علما اس کی توجیہ میں فرماتے ہیں تاکہ روزہ رکھنے میں بدن کمزور اور قوت زائل نہ ہو اور وہ جمعہ اور وظائف سے باز نہ رکھے جس طرح کہ ضعفاء کے لیے عرفہ کے دن روزہ کے افطار کا حکم ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ یہ توجیہ ضعیف ہے اور پہلے یا بعد میں روزہ رکھنے سے کوئی مناسبت نہیں رکھتی اس لیے کہ مسلسل دو دن روزہ رکھنا تو اور زیادہ کمزور کرنے اور قوت کو فنا کرنے کا موجب ہے فرماتے ہیں یہ حکم تلافی اور جبر نقصان کے لیے ہے جو وظائف اور اوراد میں واقع ہے اور دیگر اعمالِ خیر کے ساتھ بھی اس کی تلافی ہو جاتی ہے بعض علماء فرماتے ہیں کہ اگرچہ جمعہ کے دن کو بہت عظمت و فضیلت والا قرار دیا گیا ہے باوجود ان عظمتوں کے محتاج رہنے کے لازم

(۱) مدارج النبوت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہے کہ شریعت میں جتنا واقع ہو اس پر اپنی طرف سے زیادتی میں مبالغہ نہ کرنا چاہیے تا کہ ہمہ وجوہِ فضیلت سے محروم نہ رہ جائے اور حد سے تجاوز ہونے کا سبب نہ بنے۔ یہود و نصاریٰ کے ساتھ مشابہت کا موجب نہ ہو جائے کیونکہ وہ معین دن کی تعظیم کرتے ہیں یہ معین دن ہفتہ اور اتوار ہیں۔ نیز روزِ جمعہ، روزِ عید ہے جیسا کہ حدیث میں واقع ہوا ہے لہٰذا اس روز روزہ مناسب نہ ہوگا اور تخصیص نامناسب تر ہے۔ شیخ محقق رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس ممانعت میں اس طرف اشارہ ہے کہ بندہ کو ہمیشہ اپنے رب تعالیٰ کی عبادت میں مشغول رہنا چاہیے روزِ جمعہ کے قیام کو خاص کر لینے کے مثل کوئی چیز نہیں ہے بہر حال ام المؤمنین حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کے احوال کے ضمن میں بات طویل ہوگئی (۱)

واضح رہنا چاہیے کہ حضور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ام المؤمنین جویریہ رضی اللہ عنہا کا خواستگاری فرمانا غزوہ مریسیع میں تھا جو ماہِ شعبان ۵ سنہ میں ہوا اس غزوہ سے واپسی کے وقت خواستگاری فرمائی۔ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ سیّدہ جویرہ رضی اللہ عنہا بڑی شیریں طبع اور صاحبِ حسن و جمال عورت تھیں جو کوئی انہیں دیکھ لیتا تھا فریفتہ ہو جاتا تھا جنگ اور تقسیمِ غنا کے بعد حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک چشمہ کے کنارے میرے پاس تشریف فرما تھے کہ اچانک حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا نمودار ہوئیں مجھ پر غیرت نے غلبہ کیا کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کی طرف توجہ خاص مبذول فرمائیں اور اپنے حبالہ عقد میں لے آئیں جب حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا شریف لائیں تو انہوں نے سب سے پہلے یہ بات کہی کہ یا رسول اللہ! میں مسلمان ہو کر حاضر ہوئی ہوں اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّكَ رَسُوْلُهٗ اور حارث بن فرار کی بیٹی ہوں جو اس قبیلہ کا سردار اور پیشوا تھا اب لشکرِ اسلام کے ہاتھوں میں قید ہوں اور ثابت بن قیس کے حصہ میں آ گئی ہوں اور اس نے مجھے اتنے مال پر مکاتب بنایا ہے کہ میں اسے ادا نہیں کر سکتی میں امید رکھتی ہوں کہ میری اعانت فرمائی جائے آپ نے کتابت کی رقم ادا کر کے انہیں حبالہ عقد میں لا کر زوجیت کا شرف بخشا اور سو درہم مہر مقرر فرمایا ایک قول یہ ہے کہ ان کا مہر بنی المصطلق کے قیدیوں کی آزادی کو بنایا۔ اس وقت سیّدہ حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا بیس سال کی تھیں صحابہ عظام جب اس حقیقت سے باخبر ہوئے تو باہم کہنے لگے ہمیں یہ زیب نہیں دیتا کہ سیّدِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حرم کے اقرباء کو جو کہ ان کے اصحاب ہیں قید اور غلامی میں رکھیں اس کے بعد سب کو آزاد کر دیا گیا۔ اہلِ تفسیر بتاتے ہیں کہ بنی المصطلق کے قیدیوں کی مجموعی تعداد سو سے زیادہ تھی اور سب نے ہی قید سے رہائی پائی۔ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نہیں جانتی کہ ازواجِ مطہرات میں سیّدہ جویریہ رضی اللہ عنہا سے زیادہ خیر و برکت والی اور حرم ہو (۲)۔

سیّدہ جویرہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ بارگاہِ رسالتِ مآب میں حاضر ہونے سے پہلے میں نے اپنے قبیلہ میں ایک خواب دیکھا تھا کہ گویا یثرب سے چاند چلتا آ رہا ہے یہاں تک کہ وہ میری آغوش میں اتر آیا میں نے اس واقعہ کو کسی سے بیان نہ کیا جب میں اپنے خواب سے بیدار ہوئی تو میں نے خود ہی یہ تعبیر لی جو الحمد اللہ پوری ہوئی۔ حضرت سیّدہ جویریہ رضی اللہ عنہا کا انتقال مدینہ طیبہ میں ۵۰ھ یا ۵۶ھ میں واقع ہوا اس وقت ان کی عمر شریف پینسٹھ سال کی تھی کتبِ معتبرہ میں ان سے سات حدیثیں مروی ہیں بخاری میں دو مسلم میں دو باقی دیگر کتابوں میں مروی ہیں (۳)

---

(۱) ہکذا مدارج النبوت (۲)، (۳) مدارج النبوت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# ۹۔ام المؤمنین حضرت سیّدہ امِ حبیبہ رضی اللہ عنہا

حضرت سیّدہ امِ حبیبہ رضی اللہ عنہا بنتِ ابوسفیان بن حرب بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف ہیں ان کا نام رملہ تھا اور ایک قول سے ہند تھا ان کی والدہ صفیہ بنتِ ابی العاص بن امیہ بن عبد شمس تھیں جو کہ حضرت عثمان بن عفان بن العاص کی پھوپھی تھیں۔

سیّدہ امِ حبیبہ رضی اللہ عنہا پہلے عبید اللہ بن جحش برادرِ حضرت عبد اللہ بن جحش الہندی کی زوجیت میں تھیں ابتدائے احوال میں مسلمان ہوئیں اور حبشہ کی جانب ہجرتِ ثانیہ کی عبید اللہ سے ایک دختر پیدا ہوئی جس کا نام حبیبہ تھا اس سے ان کی کنیت امِ حبیبہ ہوئی اس کے بعد عبید اللہ بن جحش مرتد ہو گیا اور دینِ نصرانیت کی طرف راجع ہو کر شراب خوری کو مشغلہ بنا لیا اس حال میں وہ مر گیا سیّدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک شخص مجھے یا ام المؤمنین کہہ کر پکار رہا ہے میں نے اس خواب کی تعبیر یہ لی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے حبالہ عقد میں لائیں گے اس کے بعد حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عمرو بن امیہ ضمری کو نجاشی کے پاس بھیجا کہ امِ حبیبہ کو حضور اقدس علیہ السلام کے لیے پیامِ نکاح دیں اور نکاح کریں اس کے بعد سیّدہ امِ حبیبہ نے خالد بن سعید بن العاص کو جو کہ حبشہ میں تھے وکیل بنایا اور حضرت جعفر بن ابی طالب اور وہ تمام مسلمان جو حبشہ میں موجود تھے حاضر ہوئے اور نجاشی نے یہ خطبہ پڑھا۔ (۱)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ السَّلَامِ الْمُؤْمِنِ الْمُهَيْمِنِ الْعَزِيْزِ الْجَبَّارِ أَشْهَدُ أَنَّ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ أَرْسَلَهٗ بِالْهُدٰى وَ دِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ أَمَّا بَعْدُ فَقَدْ أَجَبْتُ إِلٰى مَا دَعَى إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَقَدْ أَصْدَقْتُهَا أَرْبَعَ مِأَةِ دِيْنَارٍ ذَهَبًا.

اس کے بعد دیناروں کو حاضرین کے سامنے ڈالا پھر خالد بن سعید نے جو سیّدہ امِ حبیبہ کے وکیل تھے فرمایا۔ (۲)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ أَحْمَدُهٗ وَأَسْتَعِيْنُهٗ وَأَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ أَرْسَلَهٗ بِالْهُدٰى وَ دِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ. كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ أَمَّا بَعْدُ فَقَدْ أَجَبْتُ إِلٰى مَا دَعَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَزَوَّجْتُهٗ أُمَّ حَبِيْبَةَ بِنْتَ أَبِيْ سُفْيَانَ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

اس کے بعد نجاشی نے دیناروں کو خالد بن سعید کے سپرد کیا انہوں نے انہیں لے لیا اس کے بعد چاہا کہ کھڑے ہو جائیں نجاشی نے کہا بیٹھو اس لیے کہ انبیاء علیہم السلام کی سنت ہے کہ مجلس نکاح میں کھانا کھلایا جائے اس کے بعد نجاشی نے کھانا منگایا اور سب نے کھایا اور رخصت ہو گئے اور ابوسفیان، سیّدہ امِ حبیبہ کے باپ، ان کے نکاح کے وقت مکہ مکرمہ میں مشرک اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محارب تھا اور سیّدہ امِ حبیبہ رضی اللہ عنہا کا اپنے باپ ابوسفیان کے ساتھ وہ سلوک مشہور ہے جب کہ حالتِ کفر میں صلح حدیبیہ کے بعد تجدیدِ صلح کے لیے یہ مدینہ طیبہ میں آیا تھا اور سیّدہ امِ حبیبہ کے پاس پہنچ کر اس نے یہ چاہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بسترِ مبارک پر بیٹھے سیّدہ امِ حبیبہ نے جائز نہ جانا اور فرمایا کہ یہ بستر طاہر و مطہر ہے اور تم نجاستِ شرک سے آلودہ ہو۔ (۳)

اہل تفسیر کا بیان ہے کہ جب سیّدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے انتقال کا وقت آیا تو انہوں نے سیّدہ امِ سلمہ رضی اللہ عنہا اور سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا کہ مجھے ان امور میں معاف کر دو جو ایک شوہر کی بیویوں کے درمیان ہو جاتے ہیں اس نوع سے جو کچھ میری جانب سے تمہارے متعلق

(۱)،(۲)، (۳) مدارج النبوت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

واقع ہوا ہو معاف کرو انہوں نے کہا حق تعالیٰ تمہارے بوجھ کو بخشے اور معاف فرمائے ہم بھی معاف کرتی ہیں امِ المؤمنین سیّدہ سیّدہ امِ حبیبہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تمہیں خوش رکھے تم نے مجھ کو خوش کر دیا۔ ام المؤمنین سیّدہ امِ حبیبہ رضی اللہ عنہا پاکیزہ ذات، حمید صفات، جواد اور عالی ہمت تھیں ان کا انتقال مدینہ طیبہ میں ۴۰ھ یا ۴۴ھ میں بقول صحیح واقع ہوا۔ ایک قول میں ہے کہ ملکِ شام میں ہوا کتبِ متداولہ میں پینسٹھ حدیثیں آپ سے مروی ہیں ان میں سے دو متفق علیہ ہیں ایک تنہا مسلم میں ہے باقی حدیثیں دیگر کتابوں میں مروی ہیں۔ (۱)

## ۱۰۔ ام المؤمنین حضرت سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا

ام المؤمنین سیّدہ صفیہ بنت حجا بن اخطب بن اسرائیل سے سبطِ ہارون بن عمران قبیلہ بنی نضیر سے ہیں۔ پہلے وہ سلام بن مسلم کی زوجیت میں تھیں جب ان میں جدائی ہوگئی تو پھر کنانہ بن الربیع بن ابی الحقیق کی زوجیت میں آگئیں کنانہ غزوۂ خیبر میں قتل ہو گیا اس کے بعد جب فتحِ خیبر میں حضرت سیّدہ صفیہ اسیرانِ جنگ کے ساتھ قبضہ میں آئیں تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو خاص فرمالیا اور آزاد کر کے حبالۂ عقد میں لے آئے۔ اہلِ تفسیر کا بیان ہے کہ جب حضرت سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو بارگاہِ رسالت میں لایا گیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا انہیں خیمہ میں لے جاؤ اس کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام خیمہ میں تشریف لائے جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تشریف لاتے دیکھا تو وہ کھڑی ہو گئیں اور وہ بستر مبارک جو طے کیے ہوا تھا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے بچھایا اور خود زمین پر بیٹھ گئیں (مدارج النبوۃ) حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے صفیہ تیرے باپ نے ہمیشہ میرے ساتھ دشمنی و عداوت رکھی یہاں تک کہ حق تعالیٰ نے اسے مروا دیا انہوں نے عرض کیا حق تعالیٰ کسی بندے کے گناہ کے بدلے میں کسی دوسرے کو نہیں پکڑتا حضور علیہ السلام نے انہیں اس کا اختیار دیا کہ چاہے تو آزاد ہو کر اپنی قوم کے ساتھ مل جاؤ یا اسلام لے آئے اور حضور علیہ السلام کے حبالہ عقد میں آ کر سرفرازی پائے۔ حضرت سیّدہ صفیہ بڑی حلیمہ، عاقلہ تھیں عرض کرنے لگیں یا رسول اللہ! میں اسلام کی آرزو رکھتی تھی اور میں نے آپ کی تصدیق آپ کی دعوت سے پہلے کی ہے اب جب کہ میں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دربار گہربار میں حاضر ہونے کا شرف پایا ہے تو مجھے کفر و اسلام کے درمیان اختیار دیا جاتا ہے خدا کی قسم خدا اور اس کا رسول مجھے اپنی آزادی اور اپنی قوم کے ساتھ ملنے سے زیادہ محبوب ہے۔ ممکن ہے کہ حضور علیہ السلام کا مقصد ان کے حال کا امتحان اور اختیارِ عقل اور اس کا صدق طلب مقصود ہو نہ کہ حقیقتاً کفر و اسلام کے درمیان اختیار دینا ہو اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں آزاد کر دیا اور عقد فرمایا اور ان کی صداقت کو ان کی آزادی کا سبب بنایا جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کوچ فرمایا اور حضور علیہ السلام کی سواری لائی گئی تا کہ حضور علیہ السلام اس پر سوار ہوں تو حضور علیہ السلام نے پائے مبارک راحلہ پر رکھا تا کہ سیّدہ صفیہ اپنے پاؤں کو حضور علیہ السلام کی ران پر رکھ کر سوار ہو جائیں سیّدہ صفیہ نے ادب ملحوظ رکھا اور وہ اپنے زانو کو حضور علیہ السلام کے ران پر رکھ کر سوار ہو گئیں حضور علیہ السلام نے ان کو اپنا ردیف بنایا اور پردہ باندھا اہل تفسیر کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ اونٹ نے ٹھوکر کھائی اور حضور علیہ السلام اور سیّدہ صفیہ دونوں زمین پر آ رہے لیکن کسی ایک کی نظر نہ پڑی اس کے بعد کھڑے ہو گئے۔

---

(۱) مدارج النبوت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا سے زفاف فرمایا تو صحابہ عظام سے فرمایا جس کے پاس جو توشہ ہو لائے پھر سب نے حسیس تیار کیا اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی برکت اور آپ کے اعجاز سے تمام لوگ شکم سیر ہو گئے حضرت سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کا ولیمہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نزدیک بڑی عزت وشان والا تھا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ان کے ساتھ بڑی عنایت اور کرم گستری فرماتے تھے، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ان پر رشک کرتی تھیں منقول ہے کہ ایک دن سیّدہ صدیقہ نے حضور علیہ السلام سے سیّدہ صفیہ کی کچھ شکایت کی اور کہا آپ کو تو صفیہ ہی کافی ہیں حالانکہ وہ ایسی ہیں۔ مطلب یہ کہ پست قد وقامت رکھتی ہیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا! اے عائشہ تم نے ایسی بات کہی ہے کہ اگر اسے دریا میں ڈالیں تو اس کا رنگ اور ذائقہ بدل جائے۔ مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیّدہ صفیہ کی باری کے دن ان کے پاس تشریف لائے آپ نے دیکھا کہ وہ رو رہی ہیں آپ نے رونے کا سبب پوچھا کہ کیا ہوا؟ عرض کیا میرے پاس حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ آ کر مجھے ایذا دیتی ہیں اور کہتی ہیں کہ ہم صفیہ سے بہتر ہیں کیونکہ ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نسب مبارک کی شرافت حاصل ہے حضور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم نے کیوں نہ کہا کہ تم مجھ سے کیونکر بہتر ہو حالانکہ میرے باپ ہارون علیہ السلام اور چچا موسیٰ علیہ السلام ہیں۔

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ ہم حضور نبی کریم علیہ السلام کے ساتھ سفر میں ہمراہ تھیں حضرت صفیہ کا اونٹ چلنے سے رہ گیا حضرت زینب کے پاس ایک اونٹ زیادہ تھا حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ زینب صفیہ کا اونٹ تھک گیا ہے اسے اونٹ دے دو تا کہ وہ منزل تک پہنچ جائیں۔ حضرت زینب نے عرض کیا میں اس یہودیہ کو کوئی چیز نہ دوں گی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان پر غصہ فرمایا اور دو تین ماہ تک ان سے ترکِ تعلق رکھا اور اتنے عرصہ تک ان کے پاس بھی نہ گئے امہات المؤمنین کے ساتھ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیاست وتادیب ایسی تھی اگرچہ بعض کے ساتھ زیادہ محبت رکھتے تھے لیکن حق میں کسی کی رعایت نہ فرماتے تھے منقول ہے کہ جب حضرت سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا مدینہ منورہ پہنچیں انصار کی عورتوں نے ان کے حسن و جمال کا پہلے ہی شہرہ سن رکھا تھا ان کو دیکھنے کے لیے وہ سب جمع ہو گئیں حضرت عائشہ بھی نقاب اوڑھے چادر لپیٹے اس لیے کہ انہیں کوئی نہ پہچانے ان کے درمیان آئیں تا کہ وہ بھی حضرت صفیہ کو دیکھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو پہچان لیا جب وہ باہر نکلیں تو آپ ان کے پیچھے تشریف لے گئے اور چادر ہٹا کر فرمایا اے عائشہ تم نے صفیہ کو دیکھا انہوں نے جواب میں عرض کیا ایک یہودیہ یہودی عورتوں کے درمیان بیٹھی تھی۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا تم ایسا کہہ رہی ہو حالانکہ وہ مسلمان ہو چکی ہے۔ منقول ہے کہ حضور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانۂ علالت میں تمام امہات المؤمنین مجتمع تھیں سیّدہ صفیہ نے عرض کیا حضور! خدا کی قسم میں اس بات کو محبوب رکھتی ہوں کہ آپ کا مرض مجھے لگ جائے اور آپ کو کوئی تکلیف نہ ہو اس پر تمام ازواجِ مطہرات نے غمزہ کیا۔ آپ کو جب معلوم ہوا کہ سیّدہ صفیہ کی اس بات پر ازواج نے غمزہ کیا ہے یعنی ان کے اس ہمدردانہ اظہار پر ازواجِ مطہرات نے ناخوشی کا اظہار کرتے ہوئے ایک دوسرے کو اشارہ کیا اور حضور علیہ السلام نے فرمایا خدا کی قسم میری صفیہ اپنے دعویٰ میں صادق ہے ام المؤمنین سیّدہ کا انتقال ۳۹ھ میں واقع ہوا ایک قول یہ ہے کہ ۵۲ھ میں اور نمازِ جنازہ سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے پڑھائی ان سے دس حدیثیں مروی ہیں ان میں سے ایک متفق علیہ اور باقی دیگر کتابوں میں ہیں۔ (۱)

(۱) مدارج النبوت صفحہ ۸۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# ۱۱۔ام المؤمنین حضرت سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا

امِ المؤمنین حضرت سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بنت الحارث عامریہ ہلالیہ ہیں ان کی والدہ ہند بنت عوف قبیلہ حمیر سے تھیں اور ایک قول یہ ہے کہ قبیلہ کنانہ سے تھیں حضرت سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا نام بھی برہ تھا حضور اقدس علیہ السلام نے ان کا نام تبدیل فرما کر میمن بمعنی برکت سے ماخوذ میمونہ رکھا۔ حضرت سیّدہ میمونہ کی والدہ ہند ایسے داماد رکھتی ہیں جو کسی عورت کو میسر نہیں اس لیے کہ ایک داماد تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دوسرے داماد جو حضرت عباس رضی اللہ عنہ ہیں کیونکہ حضرت میمونہ کی بہن کا نام ام الفضل تھا حضرت عباس کی زوجیت میں تھیں ہند کا حضرت میمونہ کے والد حارث کے سوا پہلے ایک اور شوہر تھا جس کا نام عمیس خشعی تھا اس سے بھی دو لڑکیاں تھیں ایک اسماء بنت عمیس جو صاحبہ حسن و جمال تھیں اور وہ پہلے حضرت جعفر بن ابی طالب کی زوجیت میں تھیں حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی زوجیت میں آئیں اور پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی زوجیت میں آئیں۔ حضرت اسماء کے اپنے تمام شوہروں سے اولاد تھی حضرت جعفر سے عبداللہ بن جعفر حضرت ابو بکر سے حضرت محمد بن ابی بکر اور حضرت علی المرتضیٰ سے حضرت عون بن علی رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے حضرت اسماء کی دوسری بہن حضرت زینب بنت عمیس ہیں جو حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کی زوجیت میں تھیں۔

اور عمارہ بنت حمزہ انہیں سے پیدا ہوئی تھیں جن کی پرورش اور حفاظت کا حق حضرت جعفر کے سپرد ہوا کیونکہ ان کی خالہ اسماء بنت عمیس حضرت جعفر کی زوجیت میں تھیں۔ ایک اور بہن تھی جس کا نام سلمی بنت عمیس تھا جو شداد بن الہاد کی زوجیت میں تھیں۔ یہ تمام عورتیں حسن و جمال والی تھیں یہ جماعت ہند حضرت ام میمونہ کے دامادوں کی ہے یہ چار بہنیں تھیں ان کے داماد چھ ہوئے ولید بن مغیرہ جو کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کا باپ تھا وہ بھی ان کا داماد تھا اس کو شمار نہیں کرتے کیونکہ وہ مشرک تھا اور حضرت خالد کی والدہ کا نام لبابہ بنت الحارث بہن میمونہ بنت الحارث زوجہ نبی کریم علیہ السلام تھیں اور اس کو لبابہ صغریٰ کہتے ہیں اور حضرت ام الفضل کی بیٹی کا نام بھی لبابہ ہے ان کو لبابہ الکبریٰ کہتے ہیں حضرت سیّدہ میمونہ زمانہ جاہلیت میں مسعود بن عمر ثقفی کی زوجیت میں تھیں باہمی اتفاق ہونے سے جدائی ہوگئی اس کے بعد ابو درہم یا کسی اور کی زوجیت میں آئیں اس میں اختلاف ہے اس کے بعد حضور علیہ السلام نے انہیں پیام دیا اور ماہِ ذیقعدہ ۷ھ میں عمرہ قضاء میں نکاح فرمایا۔ عجیب اتفاق یہ ہے کہ حضرت سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا نکاح زفاف اور ان کا انتقال ایک ہی موضع میں واقع ہوا جسے سرف کہتے ہیں۔ یہ مکہ مکرمہ سے دو میل کے فاصلے پر ہے اور وہاں ان کا مقبرہ تعمیر تھا معلوم نہیں کہ مقبرہ شہید نہ کر دیا گیا ہو نکاح کے بارے دو روایتیں ہیں وہ یہ کہ حضرت میمونہ سے نکاح کے وقت حضور علیہ السلام احرام سے تھے یا بغیر احرام کے تھے۔ اسی بناء پر علماء میں نکاح محرم کے بارے میں اختلاف ہے اور ہمارے مذہب میں جائز ہے اور دونوں روائتوں میں کسی ایک کی ترجیح اور اس کلام کی تحقیق اصولِ فقہ میں مذکور ہے۔ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ وہ فرماتی ہیں کہ میری باری کی ایک رات تھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس سے باہر تشریف لے گئے میں نے اٹھ کر دروازہ بند کر دیا تھوڑی دیر بعد حضور علیہ السلام تشریف لائے اور دروازہ کھٹکھٹایا میں نے نہ کھولا حضور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے قسم دے کر فرمایا کہ دروازہ کھولو۔ میں نے عرض کیا میری باری کی رات دوسری ازواجِ مطہرات کے پاس تشریف لے جاتے ہیں آپ نے فرمایا ایسا نہیں بلکہ میں قضائے حاجت کے لیے گیا تھا اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قسم اور اس کی رعایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر واجب تھی کیونکہ حضرت نے انہیں طلب فرمایا تھا اور وہ رنجیدہ تھیں اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا عذر خواہی فرمانا جیسا کہ مذہب شافعی میں مشہور ہے اور مذہب حنفیہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

یہ ہے کہ حضور علیہ السلام کا قسم کی رعایت فرمانا بر سبیل کرم و تفضّل تھا اور اس میں اتنی رعایت و کرم فرماتے کہ گویا واجب ہے۔ اہلِ تفسیر کہتے ہیں کہ حضرت سیّدہ میمونہ ایسی زوجہ مطہرہ ہیں کہ جنہوں نے اپنے آپ کو حضور نبی کریم ﷺ پر بخش دیا تھا حضورِ اقدس علیہ السلام کا پیام ان کو پہنچا تھا منقول ہے کہ وہ اونٹ پر سوار تھیں سیّدہ نے سنتے ہی فرمایا اونٹ اور جو کچھ اونٹ پر ہے سب کچھ خدا اور اس کے رسول کا ہے اس پر یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی: وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ الخ اور یہ بات حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خصائص میں سے ہے جیسا کہ آخر آیتِ کریمہ میں ہے خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ایک قول یہ ہے کہ وہ زوجہ مطہرہ جس نے اپنے آپ کو رسول اللہ ﷺ پر ہبہ کیا۔ سیّدہ زینب بنتِ جحش رضی اللہ عنہا ہیں۔ پوشیدہ نہ رہے کہ ان کے نکاح کو حق تعالیٰ کا آسمان پر منعقد فرمانا ان کے اپنے آپ کو ہبہ کرنے کا سبب ہی تھا۔ اور ظاہر ہے کہ ہبہ سے مراد مہر کا لازم نہ ہونا ہے یہ بات اس قول میں ہے جو حضرت سیّدہ زینب بنتِ خزیمہ کے بارے میں ہے اور بعض کہتے ہیں کہ بنی عامر کی ایک اور عورت تھی جو ام شریک قریشیہ عامریہ تھی اور اس کا نام غزیہ بنت جابر بن عوف بن عامر بن لوی تھا اور بعض نے کہا کہ بنتِ داؤد بنتِ عوف تھیں اور کہا گیا ہے کہ اس کے سوا اور کئی عورتیں ہیں جنہوں نے خود کو حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر ہبہ کیا مگر حضور علیہ السلام نے ان کو قبول نہ فرمایا اور نہ نکاح میں لائے۔ حضرت سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا انتقال مشہور تر قول کے بموجب ۵۱ھ ہے اور بعض کا قول ہے کہ سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے دور میں انتقال ہوا اور یہ سیّدہ میمونہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آخری زوجہ مبارک ہیں ان کے بعد آپ نے کسی سے نکاح نہ فرمایا ان کی نمازِ جنازہ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما ان کے بھانجے نے پڑھائی اور دیگر بھانجوں نے قبر میں اتارا۔ (۱)

## مصطفیٰ ﷺ کی باندیاں

حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی باندیاں چار تھیں۔ ایک حضرت سیّدہ ماریہ رضی اللہ عنہا بنتِ شمعون قبطیہ ہیں۔ جنہیں مقوقش قبطی حاکمِ مصر والیٔ اسکندریہ نے حضور مصطفیٰ ﷺ کے لیے تحائف کے ساتھ بھیجا تھا اور یہ سفید جلد صاحبِ جمال تھیں یہ مشرفِ بہ اسلام ہوئیں حضورِ اقدس علیہ صلوۃ اللہ وسلامہ نے اس کے ساتھ ملکِ یمین کے تحت تصرف فرمایا ان کے ساتھ بڑی محبت فرماتے تھے چنانچہ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ان پر رشک کرتی تھیں اور حضور سیّد العالمین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فرزند سیّدنا ابراہیم علیہ السلام انہیں سے پیدا ہوئے تھے۔ نیز عوالیٔ مدینہ میں ان کے لیے مکان بنایا تھا جسے آج بھی مشربہ ام ابراہیم صلوۃ اللہ وسلام علیہما کہتے ہیں حضور اقدس علیہ السلام وہاں تشریف لاتے تھے۔ بقیہ احوال ۶ھ میں بعد از فتحِ حدیبیہ مکاتیب بھیجنے کے ضمن میں مذکور ہو چکے ہیں دوسری جاریہ ریحانہ بنتِ زید بن عمرو ہیں بعض کہتے ہیں کہ شمعون کی بیٹی ہیں یہ بنی نضیر کی باندیوں میں سے ہیں ایک قول سے بنی قریظہ سے ہیں پہلا قول اظہر ہے حضور علیہ السلام نے ملکِ یمین کے طور انہیں شرفِ صحبت سے نوازا بعض کہتے ہیں کہ آزاد کر کے ہجرت کے سالِ ہشتم میں نکاح فرمایا واقدی نے اس قول کو ترجیح دی ہے اور ابنِ عبد اللہ وغیرہ پہلے قول کو ترجیح دیتے ہیں۔ ان کا انتقال حضورِ اقدس علیہ السلام کی رحلت سے قبل حجۃ الوداع سے واپسی کے وقت ہوا۔ اور بقیع مدینہ منورہ میں مدفون ہوئیں۔

تیسری جاریہ جمیلہ تھیں جو قیدیوں میں حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حاصل ہوئی تھیں۔ چوتھی وہ باندی تھیں جنہیں سیّدہ زینب بنتِ جحش رضی اللہ عنہا نے حضور ﷺ کی خدمتِ اقدس میں پیش کیا۔ (۲)

(۱) مدارج النبوت، ص: ۸۳۳ (۲) مدارج النبوت، ص: ۸۴۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# مطلقات النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

ایک جماعت عورتوں کی وہ بھی ہے جن کی تعداد بیس یا اس سے زیادہ ہے جن میں سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کچھ سے نکاح تو فرمایا مگر زفاف نہ فرمایا اور ان میں بعض وہ ہیں جن سے زفاف بھی ہوا لیکن اختیار دیئے جانے کے وقت آیتِ کریمہ: یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا وَزِیْنَتَهَا اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم اپنی بیویوں سے فرما دو کہ اگر تم دنیاوی عیش و عشرت چاہتی ہو تو..... کے ماتحت یا) وہ حبالۂ عقد سے نکل گئیں۔ علمائے تفسیر نے ان سب کو علیحدہ رکھا ہے اور بعض نے مقامِ استیفاء میں بیان کیا ہے۔ ان میں سے جن کا واقعہ نادر ہے اور اس میں عجیب نکتہ ہے جو مفید اور نافع ہے بیان کیا جاتا ہے جن کا اس بارگاہِ رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام سے تعلق ہے۔

ان عورتوں میں سے ایک عورت کی بیٹی کلابیہ تھی جس نے دنیا کو اختیار کیا تھا آخر کار اس کا حال اس حد تک پہنچا کہ کھجوروں کی گٹھلیاں اور ایک روایت میں ہے کہ مینگنیاں چنتی تھی ایک شخص نے اسے پوچھا تو کون ہے اس نے سر اٹھا کر کہا اَنَا شَقِیَّةُ الَّتِی اَخْتَرْتُ الدُّنْیَا عَلَی اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ میں وہ بد بخت عورت ہوں جس نے اللہ اور اس کے رسول پر دنیا کو اختیار کیا تھا۔ دوسری عورت اسماء کندیہ ہے جسے جامع الاصول میں جریبیہ کہتے ہیں اور مواہب میں اسماء بنتِ النعمان بن ابی الجون الکندیہ الجوینیہ نام بتایا گیا ہے اور کہا ہے کہ اس پر سب کا اتفاق ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے ان سے نکاح فرمایا البتہ ان کو اپنے سے علیحدہ کرنے کے بارے میں اختلاف ہے چنانچہ قتادہ اور ابو عبیدہ فرماتے ہیں کہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اسے اپنے قرب سے نوازنا چاہا اور اس سے فرمایا کہ قریب آ تو اس عورت نے انکار کیا اور سرکشی کی اور بعض کہتے ہیں کہ اس عورت نے کہا میں آپ سے خدا کی پناہ مانگتی ہوں حضورِ اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تو پناہ، تلاش کرتی ہے اور بہت بڑی پناہ مانگتی ہے بلاشتہ حق تعالیٰ نے تجھے پناہ دے دی اَلْحِقِی بِاَهْلِكِ جا تو اپنے گھر والوں سے مل۔ یہ کلمہ ایسا ہے جو طلاق کی نیت سے بولا جاتا ہے جامع الاصول میں بنت الجون کے قصہ کو اس طرح بیان کرتے ہیں جسے ام المؤمنین عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا بیان کرتی ہیں بنت الجون حضورِ اقدس صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے پاس آئی اور اس نے کہا اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ اس پر آپ نے فرمایا تو نے بہت بڑی پناہ تلاش کی ہے جا اپنے اہل کے ساتھ مل جا۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے نسائی میں اس طرح مروی ہے کہ مکدیبیہ جب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے پاس آئی تو (الحدیث) سیّدہ صدیقہ سے اتنا ہی روایت کرتے ہیں کہ اس نے جو کہا مطلب یہ کہ کسی دوسرے نے اس کو نہیں سکھایا بلکہ اس نے اپنی طرف سے کہا اور کسی دوسرے کو کیا ضرورت تھی کہ وہ سکھائے اور حضرت عائشہ پر تو ایسا گمان ہی نہ کرنا چاہیے کہ انہوں نے اسے سکھایا ہو اور وہ اس قصہ میں داخل ہوں حسنِ ظن لازم ہے۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔

ایک اور عورت شراف بنتِ خلفہ کلبیہ تھی جو حضرت دحیہ کلبی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کی بہن تھیں حضورِ اقدس علیہ السلام نے ان سے نکاح فرمایا اور وہ دخول سے پہلے انتقال کر گئیں۔ ایک اور عورت لیلیٰ بنت الخطیم، قیس کی بہن تھی حضورِ اقدس علیہ السلام نے ان سے نکاح فرمایا یہ بڑی غیور عورت تھی پھر اس نے حضور علیہ السلام سے اقالہ یعنی فسخ نکاح چاہا حضور علیہ السلام نے اسے اقالہ کیا اس کے بعد اسے بھیڑیئے نے کھالیا بعض کہتے ہیں یہی وہ عورت ہے جس نے اپنے آپ کو ھبہ کیا اہلِ تفسیر کہتے ہیں کہ ایک دن حضور علیہ السلام کی پشت مبارک کی طرف سے آئی اور آپ کی پشت مبارک پر ایک مکہ مارا۔ حضور علیہ السلام نے کہا۔ ''کون ہے یہ ''اکلۃ الذئب'' یعنی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جسے بھیڑیا کھائے گا اس نے کہا میں خطیم کی بیٹی ہوں اور پھر اپنے باپ کی تعریفیں کرنے لگی اس نے کہا میں آئی ہوں تا کہ اپنے نفس کو آپ پر ہبہ کروں حضور علیہ السلام نے فرمایا میں تجھے اپنی زوجیت کے لیے پسند کرتا ہوں لیکن اس کے بعد وہ اپنی قوم کی طرف گئی اور ان کو اس سے باخبر کیا قبیلہ کے لوگوں نے کہا تو نے برا کیا تو ایک غیور عورت ہے اور وہ بہت سی بیبیاں رکھتے ہیں تو غیرت میں جلتی رہے گی اور باتیں کرے گی اور وہ تجھ پر غضب فرمائیں گے اور دعائے بد کریں گے ان کی دعا قبول و مستجاب ہے جا اور فسخ نکاح کا مطالبہ کر پھر وہ حضور علیہ السلام کے پاس آئی اور فسخِ نکاح کا مطالبہ کیا حضور علیہ السلام نے نکاح فسخ فرمایا اس عورت نے دوسرا شوہر کر لیا اور اس سے کئی بچے پیدا ہوئے ایک دن مدینہ طیبہ کے کسی باغ میں نہا رہی تھی کہ اچانک اس پر بھیڑیے نے جست کی اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔

ایک اور عورت سنا یا سبا یا بنتِ اسماء تھی اہلِ تفسیر کہتے ہیں کہ جب حضور علیہ السلام نے اسے پیام دیا تو وہ اس خبر کے سنتے ہی خوشی سے مر گئی۔

ایک روایت میں ہے کہ سلیم کا ایک شخص حضورِ اقدس علیہ السلام کی بارگاہ میں حاضر ہوا اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ایک لڑکی ہے جو بڑی حسین و جمیل ہے آپ کے سواء کسی اور کے لیے مناسب نہیں ہے۔ آپ نے اس کی خواستگاری فرمائی یا خواستگاری کا قصد فرمایا اس شخص نے لڑکی کی تعریف کے قصد سے کہا وہ ایک اور صفت بھی رکھتی ہے کہ وہ نہ تو کبھی بیمار ہوئی اور نہ کوئی اسے تکلیف پہنچی ہے حضور علیہ السلام نے فرمایا ہمیں تیری لڑکی کی ضرورت نہیں ہے۔ **ولا جسد لا ینال منه لا خیر فی جال یرزاء منه۔**

ایک اور عورت قبیلہ عمر بن عوف بن سعد کی تھی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کے باپ کو پیام بھیجا اس نے کہا یہ لڑکی برص رکھتی ہے۔ یہ بات اس نے جھوٹ کہی تھی تا کہ اسے پیش نہ کرنا پڑے جب وہ گھر لوٹ کر آیا تو وہ لڑکی برص میں مبتلا ہو چکی تھی اہلِ تفسیر کہتے ہیں کہ اس کے باپ نے اسے اپنے بھتیجے سے بیاہ دیا جس کا نام شیب تھا۔ ایک اور عورت امامہ بنتِ حمزہ بن عبد المطلب پیش کی گئی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا وہ میری رضائی بھائی کی بیٹی ہے کہ ابولہب کی باندی ثویبہ نے ان کو دودھ پلایا تھا۔ ایک اور عورت عزوہ بنتِ ابوسفیان جو سیّدہ امِ حبیبہ رضی اللہ عنہا کی بہن تھیں پیش کی گئی حضور علیہ السلام نے فرمایا وہ میرے لیے حلال نہیں کیونکہ اس کی بہن امِ حبیبہ رضی اللہ عنہا میرے نکاح میں موجود ہے۔ یہ چند عورتیں ہیں جن سے قبل از نکاح یا بعد از نکاح اور قبل از دخول مفارقت واقع ہوئی تفسیر کی کتابوں میں اس سے بھی زیادہ صحیح بیان کیا گیا ہے۔ ان اختلافات کے ساتھ جو ان ناموں میں واقع ہیں۔

انہیں عورت میں سے کچھ وہ ہیں جن کو پیامِ نکاح دیا لیکن نکاح واقع نہ ہوا۔ امِ ہانی بنتِ ابی طالب جن کا نام فاختہ ہے بعض عاتکہ بتاتے ہی اور بعض ہند۔ پہلا قول زیادہ مشہور اور صحیح ہے اس پر حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابو طالب سے فرمایا اے میرے چچا اپنی بیٹی ہبیرہ بن وہب کو دے دی اور مجھے نہ دی۔ ابو طالب نے عرض کیا اے میرے بھتیجے ان کے ساتھ میری مصاہرت سسرالی رشتہ ہے میں نے ان سے بیٹی مانگی تھی۔ بطریقۂ کرم میں نے اسی میں دیکھا کہ میں ان کا بدلہ اتار دوں اس کے بعد امِ ہانی کے ہاں ہبیرہ سے جعدہ، عمرو، یوسف اور ہانی پیدا ہوئے۔ اسی ہانی کی وجہ سے ان کی کنیت مشہور ہوئی اس کے بعد امِ ہانی مسلمان ہو گئیں اور ان کا اسلام لانا عام الفتح میں تھا پھر ان کے اور ہبیرہ کے درمیان اسلام نے جدائی ڈال دی اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو پیام بھیجا اس پر ام ہانی نے کہا خدا کی قسم میں آپ کو زمانہ جاہلیت میں بھی پسند کرتی تھی اب جب کہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

میں اسلام سے بھی محبت رکھتی ہوں آپ کو کیسے پسند نہ کروں بلاشبہ آپ میری آنکھ اور کان سے زیادہ محبوب ہیں لیکن میں ایک ایسی عورت ہوں جو کئی یتیم بچے رکھتی ہوں اور میں ڈرتی ہوں کہ اگر میں ان بچوں کی دیکھ بھال میں مشغول ہوئی تو آپ کا حق بجا نہ لاسکوں گی۔ اور جیسا کہ آپ کا حق آپ کی خدمت فرض ہے اس کے بجالانے میں مشغول ہوئی تو بچوں کی دیکھ بھال نہ کرسکوں گی اور یہ ضائع ہو جائیں گے اور میں شرم کرتی ہوں کہ آپ بستر پر تشریف لائیں تو میرے پاس ایک بچے کو لیٹا پائیں اور دوسرے بچے کو دودھ پیتا دیکھیں اس پر حضور علیہ السلام نے فرمایا وہ عورتیں بہتر ہیں جو اونٹوں کو سوار کرتی ہیں مطلب یہ کہ عرب کی عورتیں اور قریش کی عورتیں اپنی اولاد پر زیادہ مائل و مہربان اور دل میں اپنے شوہر کی زیادہ امانت دار اور دیکھ بھال کرنے والی ہیں تفسیر میں مرقوم ہے کہ جب حق سبحانہ تعالیٰ کا یہ ارشاد نازل ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَ بَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ۔

تو امِ ہانی نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے پیام بھیجا میں نے معذرت خواہی کی اور آپ نے مجھے معذور رکھا اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی راویت کیا ہے اس کو ان سے حضرت علی اور حضرت ابنِ عباس اور ابنِ ابی لیلیٰ، عکرمہ، شعبی عطا ان کے مولی ابوصالح ان کے بیٹے جعدہ اس کے پوتے ابنِ جعدہ اور دیگر حضرات رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے اور وہ بعد میں ۱۰۰ھ تک زندہ رہیں ان کے گھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے چاشت کی نماز پڑھی صلوٰۃ الضحیٰ کے باب میں ان کی حدیث اصل ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

باب ۳:

# ابناء الکرامِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جاننا چاہئے کہ حضور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولادِ کرام صلوٰت اللہ وسلام علیہم اجمعین جن پر تمام کا اتفاق بیان کیا گیا ہے وہ سات رسول زادے ہیں۔ تین فرزند ہیں، حضرت سیّدنا قاسم، حضرت سیّدنا عبداللہ، حضرت سیّدنا ابراہیم، اور چار صاحبزادیاں ہیں: سیّدہ زینب، سیّدہ رقیہ، سیّدہ امِ کلثوم اور سیّدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ یہ تمام اولاد کرام بجز حضرت سیّدنا ابراہیم کے سیّدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا سے متولد ہوئے (۱)

## حضرت سیّدنا قاسم بن مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پہلے فرزند حضرت سیّدنا قاسم ہیں جو قبل اظہارِ نبوت متولد ہوئے اور انہی سے حضور علیہ السلام کی کنیت ابوالقاسم مشہور ہوئی۔ یہ پاؤں پر چلنا سیکھ گئے تھے اور بعض کہتے ہیں کہ سواری پر سوار ہونے کی عمر تک حیات رہے اور بعض کہتے ہیں کہ دو سال کی عمر تک ظاہری دنیا میں رہے۔ اہلِ تفسیر کا بیان ہے کہ یہی درست ہے کہ ان کا انتقال بھی قبل از اظہارِ نبوت ہوا مستدرک میں ایک روایت میں ہے کہ یہ عہدِ اسلام میں انتقال کر گئے اور یہ پہلے فرزند ہیں جنہوں نے اولادِ کرام میں سب سے پہلے انتقال فرمایا۔ روایات میں آیا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے منع فرمایا ہے کہ کوئی شخص میرے نامِ اقدس اور کنیت کو اپنے لیے جمع نہ کرے یعنی ابوالقاسم محمد نہ کہلائے۔ (۲)

## حضرت سیّدنا عبداللہ بن مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت سیّدنا عبداللہ حضور علیہ السلام کے دوسرے فرزند ہیں ان کا لقب طیب و طاہر ہے طیب آپ کی جانب سے اور طاہر سیّدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی طرف سے تھا مکہ معظمہ میں بعدِ ظہورِ اسلام عالمِ وجود میں تشریف لائے اور مکہ معظمہ میں ہی عہدِ طفولیت میں وصال فرمایا۔ جب عاص بن وائل سہمی جو عمرو بن العاص کا باپ تھا کو حضرت عبداللہ کے وصال کی خبر ملی اس سے پہلے حضرت قاسم ابنِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انتقال کی خبر سن چکا تھا اس وقت اس نے کہا محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے فرزندان رحلت فرما گئے اور وہ ابتر (بے نسل) رہ گئے۔

(۱) مدارج النبوت، ص: ۱۷۷ س ط ۱۸ ج ۱۔

(۲) مدارج النبوت، ص: ۱۷۷ س ۱ ط۔ الاستیعاب ج ۱، ص: ۲۲ س ۳ ط۔ سیرت ابنِ ہشام، ج ۱، ص: ۲۰۶۔ ابنِ اثیر کامل، ج ۲، ص: ۱۴۔ ابنِ خلدون، ج ۲، ص: ۸ طبقات ابنِ سعد، ج ۱، ص: ۱۳۳، البدایہ والنہایہ، ج ۲، ص: ۲۹۴۔ زرقانی، ج ۳، ص: ۱۹۲۔ بیہقی ج ۷ ص ۷۰۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ابتر کے لغوی معنیٰ دم بریدہ، بے فرزند اور بے خبر ہونے کے ہیں۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ (۱)۔ بلاشبہ اے محبوب! آپ کا دشمن اور آپ پر عیب کنندہ اور آپ کا بدگو ہی ابتر ہے کیونکہ دنیا و آخرت میں کوئی اس کا نام نہ لے گا اور اگر کوئی اس کا نام بھی لے گا تو اس پر لعنت بھیجے گا اور آپ جیسے کو کوئی ابتر کہہ ہی نہیں سکتا کیونکہ دنیا و آخرت کی بھلائی آپ کو اس حد تک حاصل ہے جو حیطہ وصف و بیان سے باہر ہے اور سارا جہاں آپ کے اولاد و فرزندوں سے بھر جائے گا اور وہ شرق و غرب ہر جگہ پھیلیں گے یہاں تک کہ روزِ قیامت ہزارہا مسلمان آپ کی تمام معنوی اولاد کی زیارت اور ان کے عقب میں ہوں گے اور اللہ تعالیٰ نے صراحتاً اپنے محبوب علیہ السلام کو خبر دی۔

اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ۔ ہم نے آپ کو بہت کثرت دی۔ کوثر، فوعل کے وزن پر ہے جس میں کثرت و مبالغہ کے معنیٰ ہیں اور تمام دنیا و آخرت کی بھلائیاں جن کی کنہ تک مخلوق کے علم کی رسائی نہیں ہو سکتی اور جو جس قدر بیان کرتا ہے وہ اس کے پہلو میں ایک مجمل حرف اور ایک دفتر اور اس سمندر کا قطرہ ہے۔ کوثر کی تعریف میں علماء کے اقوال و تاویلات بہت ہیں جس کسی نے نورِ باطن کا جتنا حصہ پایا اس نے بیان کر دیا (۲)

نبوت، معجزات، شفاعت، معرفت، حضورِ اقدس علیہ السلام کی ذات بابرکات کے تمام برکات و کمالات اور قیامت تک کی کرامات سب اس لفظ کوثر میں داخل ہیں اور وہ حوضِ کوثر جس سے کوئی پیئے گا کبھی پیاسا نہ ہوگا وہ بھی اس خیر کا ایک فرد ہے اور ان نابکاروں کو معلوم نہیں کہ زبور ۴۵۔۱۷ میں اسی مالک کوثر و سلسبیل علیہ السلام کی ثنا ہے کہ میں ساری پشتوں کو تیرا نام یاد دلاؤں گا۔ پس سارے لوگ ابدالآباد تک تیری ہی ستائش کریں گے۔ (زبور ۴۵۔۱۷) اس کا نام ابد تک باقی رہے جب تک آفتاب رہے گا اسی کے نام کا چرچا رہے گا لوگ اسے اپنے تئیں مبارک کہیں گے ساری قومیں اسے مبارکباد کہہ دیں گی (زبور ۷۲۔۱۵) میں ہے کہ حضور سیّد الابرار کے حق میں سعد و دعا رہے گی ہر روز اس کی مبارک باد ہوگی انہی بشاراتِ صحفِ سابقہ اور اعلانِ قرآنِ مبین کا اثر ہے کہ ان کافروں کا نام بھی کوئی نہیں لیتا جن کو اپنی کثرتِ اولاد کا غرور تھا بلکہ ان کی نسل کا کوئی بچہ بھی اپنی نسبت وہاں تک نہیں پہنچا سکتا لیکن صاحبِ لولاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکرِ خیر اور اسمِ ہمایوں آذان و تکبیر و تشہد و صلوٰۃ و درود و کلمہ طیب میں زبانوں پر جاری اور دلوں پر حاوی ہے۔ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى۔ (۳)

## حضرت سیّدنا ابراہیم بن مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے آخری فرزند حضرت سیّدنا ابراہیم ہیں مدینہ طیبہ میں ماہِ ذی الحجہ ۸ھ میں متولد ہوئے ان کی والدہ ماجدہ سیّدہ ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا ہیں جنہیں بطور ہدیہ مقوقش بادشاہ اسکندریہ نے دیگر ہدایا کے ساتھ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ میں بھیجا تھا اور سلمیٰ زوجہ حضرت ابورافع مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی قابلہ یعنی داعیہ تھیں اور سلمیٰ نے اپنے شوہر ابورافع کو خبر دی کہ سیّدہ ماریہ قبطیہ کے ہاں فرزند ہوئے ہیں اور حضرت ابورافع نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خبر دی حضور علیہ السلام کو جب اپنے اس فرزند کے تولد کی خبر ہوئی تو آپ نے ان کو اس خوشی میں آزاد کر دیا۔ (۴)

---

(۱)، (۲) مدارج النبوت (۳)، (۴) مدارج النبوت، ص: ۷۷۳/۷۷۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس کے بعد حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے اور حضور علیہ السلام کو ابوابراھیم کی کنیت سے مخاطب کیا تو آپ بے حد مسرور اور خوش ہوئے اور دو بھیڑوں کا عقیقہ فرمایا اور ان کے سر کو منڈوا کر بالوں کے برابر چاندی وزن کر کے مسکینوں پر صدقہ فرمایا اور ان کا نام اپنے جدِ امجد سیّدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نام پر رکھا۔ صحیح بخاری میں حضرت انس راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آج رات ایک فرزند پیدا ہوا ہے میں نے پہلے ہی دن اس کا نام ابراہیم رکھ دیا ہے[1] اس کے بعد امِ یوسف بردہ بنتِ المنذر نے جو براہ بن اوس الانصاری کی زوجہ ہیں جن کی کنیت ابوسمین تھی لقب قین تھا یعنی لوہار کیونکہ وہ لوہاری پیشہ کرتے تھے اس لیے ان کے گھر دھواں بھی ہوتا تھا جنت البقیع مدینہ سے یہ گھر تقریباً آدھ میل کے فاصلہ پر ہے ان کو دودھ پلانے پر مقرر فرمایا اس دودھ پلانے والی کو حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک قطعہ نخلستان عطا فرمایا[2]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے کسی کو اپنے عیال پر رسولِ خدا ﷺ سے زیادہ مہربانی فرماتے نہ دیکھا اور حضرت ابراہیم مدینہ طیبہ کے عوالی میں دودھ پیتے تھے پھر جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام وہاں تشریف لے جاتے تو ہم حضور علیہ السلام کے ساتھ ہوتے تھے اور حضور علیہ السلام کے ساتھ گھر میں داخل ہو جاتے تو آپ حضرت ابراہیم کو اپنی آغوش مبارک میں لیتے اور انہیں پیار فرماتے اور عوالی مدینہ میں ہی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سیّدہ ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کے لیے ایک گھر بنوایا تھا اور اس جگہ کو موضع مشربۃ اُمِ ابراھیم کہتے ہیں جو بابرکت زیارت گاہ ہے عوالی جمع ہے عالیہ بمعنی بلند جگہ عوالی مدینہ منورہ سے مدینہ طیبہ کے آس پاس کے وہ مقامات مراد ہیں جو مدینہ طیبہ سے ملحق ہیں چونکہ وہ زمین مدینہ سے قدرے بلند ہے اس لیے انہیں عوالی کہتے ہیں مسجد قبا مسجد بنی قریظہ اس عوالی میں واقع ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث میں ہے کہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اطلاع ملی کہ حضرت ابراہیم آپ کے لاڈلے فرزند نزع کے عالم میں ہیں حضرت عبدالرحمن بن عوف حضور علیہ السلام کے پاس موجود تھے آپ نے ان کا ہاتھ پکڑا اور ہمراہ لے کر سیّدہ ماریہ کے گھر تشریف لائے اور حضرت ابراہیم کے سرہانے کھڑے ہوئے اور دیکھا کہ میرے فرزند جانکنی میں ہیں تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انہیں اٹھالیا اور اپنی آغوشِ اقدس میں لٹالیا اور پیار کیا جب ان کو سانس چھوڑتے دیکھ رہے تھے تو چشمِ مبارک سے آنسو جاری ہو گئے اور فرمایا: اے ابراہیم ہم تیری جدائی کے سبب غمگین ہیں میری آنکھیں روتی ہیں اور دل جلتا ہے۔ اس کے سوا کوئی بات نہ فرمائی جس سے خدا سے ناراضگی ظاہر ہوتی ہو۔

لَوْلَا اَنَّهٗ اَمْرٌ حَقٌّ وَعْدٌ صِدْقٌ وَاَنَّ اٰخِرَنَا سَيُلْحَقُ اَوَّلَنَا لَحَزَنًا عَلَيْكَ حَزَنًا هُوَ اَشَدُّ مِنْ هٰذَا وَاَنَا بِكَ يَا اِبْرَاهِيْمُ لَمَحْزُوْنُوْنَ تَبْكِي الْعَيْنُ وَيَحْزُنُ الْقَلْبُ وَلَا نَقُوْلُ مَا يَسْخَطُ[3]

اے ابراہیم ہم جانتے ہیں موت تو آخر حق ہے اور وعدہ صدق ہے ہم جانتے ہیں پیچھے رہ جانے والے بھی پہلے جانے والوں سے جا ملیں گے اگر ایسا نہ ہوتا تو ہم ابراہیم کا الم اس سے بھی زیادہ کرتے آنکھ میں نم ہے۔ دل میں غم مگر ہم کوئی ایسی بات نہیں کہیں گے جو اللہ کو ناپسند ہو۔

(۱)، (۲)، (۳) مدارج النبوت، ص: ۷۷۳/۷۷۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

پھر فرمایا:

یٰۤاِبْرَاهِیْمُ لَا تُغْنِیْ عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَیْـًٔا (۱) اے ابراہیم ہم حکمِ الٰہی کے آگے کچھ نہیں کر سکتے۔

حضرت ابراہیم آغوشِ نبوت میں سانس چھوڑ رہے تھے اور حضور رو رہے تھے ابھی ایامِ رضاعت باقی تھے کہ حورانِ فردوس کی چھاتیوں کا شیر پینے کو خلد بریں سدھارے (۲) بعض نے کہا کہ بوقتِ وصال حضرت ابراہیم کی عمر مبارک ایک سال دو مہینہ اور چھ دن تھی اور بعض نے تقریباً ڈیڑھ سال بتائی ہے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

قَدْ كَانَ مَلَاءَ مَهْدَهٗ وَلَوْ بَقِیَ لَكَانَ نَبِیًّا وَلٰكِنْ لَمْ یَكُنْ یَبْقٰی لِاَنَّ نَبِیَّكُمْ اٰخِرُ الْاَنْبِیَاءِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ (تاریخ ابنِ کثیر: ۵۰۹۰۵)

سیّدنا ابراہیم سے پنگھوڑا بھرا بھرا نظر آتا تھا اگر وہ باقی رہتے تو نبی ہوتے مگر ایسا کیسے ہو سکتا تھا جب کہ تمہارے نبی تمام انبیاء علیہم السلام سے آخری نبی ہیں۔

حضرت ابی اوفیٰ کا بیان ہے:

تُوُفِّیَ وَهُوَ صَغِیْرٌ وَلَوْ قَدَّرَ اَنْ یَكُوْنَ بَعْدَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَبِیٌّ عَاشَ اِبْنَهٗ وَلٰكِنَّهٗ لَا نَبِیَّ بَعْدَهٗ

اور وہ چھوٹی سی عمر میں انتقال فرما گئے۔ اگر تقدیرِ الٰہی میں ہوتا کہ آپ کے بعد کوئی نبی ہو تو آپ باقی ضرور رہتے لیکن حضور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں (۳)

واضح رہنا چاہئے کہ اس حدیث میں ہے کہ اگر ابراہیم باقی رہتے تو ضرور نبی ہوتے یہ حدیث تو کئی سندوں کے ساتھ موجود ہے لیکن اس پر بعض نے اختلاف کیا ہے اور اس پر اپنی دشواری اور اعتراض کیا ہے۔ اور وہ یہ کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد سلسلۂ نبوت نہیں ہے تو اس کا کیا مطلب؟ اگر ابراہیم باقی رہتے تو نبی ہوتے تو اس کا جواب یہ ہے کہ قضیہ شرطیہ، صدق طرفین اور ان کے وجود کو مستلزم نہیں ہوتا جس طرح کہ کہتے ہیں کہ اگر عنقاء موجود ہوتا تو ایسا ایسا ہوتا اور اگر زید گدھا ہوتا تو ناطق ہوتا اسی طرح اگر زندہ ہوتے تو نبی ہوتے لیکن زندہ نہ رہے اور نبی نہ ہوئے اور دوسرا جواب یہ ہے کہ مقصود حضرت ابراہیم کی شان اور مدح و برتری اور ان کے استعداد کے کمال کا اظہار ہے کہ اگر وہ جیتے اور بابِ نبوت بند نہ ہوتا تو ان میں شانِ استعداد ایسی تھی جو دوسرے فرزندوں میں نہ تھی۔

فَافْهَمْ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِحَقِیْقَةِ الْحَالِ عَلَی الْكَمَالِ (۴)

## وصالِ ابراہیم پر نبوت کی آنکھوں میں آنسو

حضرت ابراہیم کے انتقال پر جب حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آنکھیں اشکبار تھیں تو حضرت عبد الرحمن نے آپ سے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ بھی روتے ہیں آپ نے تو میت پر رونے سے منع فرمایا ہے حضور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے عوف کے فرزند جس حالت کا تم نے مشاہدہ کیا ہے یہ میت پر رحمت و شفقت کا اظہار ہے جو کہ اس کی حالت دیکھنے سے پیدا ہوتی ہے اور میں نے جو ممانعت فرمائی ہے وہ دو آوازوں کی بنا پر ہے ایک وہ آواز جو گانے، لہو و لعب اور شیطانی مزامیر سے ہو اور دوسری وہ آواز جو میت کے وقت ہو اور میں منع کرتا ہوں منہ نوچنے، چہرہ پیٹنے، کپڑے پھاڑنے اور بین کرنے سے لیکن آنکھوں سے پانی جاری ہونا رحم و شفقت کی وجہ سے ہے اور جو رحمت و شفقت نہیں کرتا اس پر بھی رحم نہ ہوگا (۵)

---

(۱) مدارج النبوت (۲) مشکوۃ (۳)، (۴)، (۵) مدارج النبوت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ایک روایت میں آیا ہے کہ جب حضورِ اقدس ﷺ کی چشمِ مبارک سے آنسو جاری ہوئے تو حضرت اسامہ نے بلند آواز سے رونا شروع کر دیا حضورِ اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کو اس سے منع فرمایا انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ میں نے تو آپ کو بھی گریہ کناں دیکھا ہے۔ آپ نے فرمایا:

اَلْبُکَاءُ مِنَ الرَّحْمَةِ وَالْقِرَاحُ مِنَ الشَّیْطَانِ رونا رحمت ہے اور چیخنا چلانا شیطانی عمل ہے۔

معلوم ہوا کہ رونے میں رحمتِ خداوندی اور شفقت کا ذریعہ ہے۔ ہاں پیٹنا اور منہ نوچنے وغیرہ امور کی ممانعت کی گئی۔ (۱)

## ابنِ رسول ﷺ کی نمازِ جنازہ اور تجہیز و تکفین

اہلِ تفسیر کا بیان ہے کہ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ بن رسول ﷺ کے وصال پر ان کی دایہ نے غسل دیا اور ایک قول میں یہ ہے کہ حضرت فضل بن عباس نے غسل دیا اور عبدالرحمن بن عوف نے پانی ڈالا اور حضور سیّدِ عالم ﷺ تشریف فرما تھے اس کے بعد حضرت ابراہیم کو چھوٹے تخت پر اٹھایا گیا اور صحیح یہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خود ان کی نمازِ جنازہ پڑھائی یہ جو ایک حدیث آتی ہے کہ ان کی نماز جنازہ نہ پڑھی گئی اس کی علماء نے کئی تاویلیں بیان کی ہیں لیکن صحیح یہی ہے کہ آپ پر نمازِ جنازہ پڑھی گئی حضرت ابراہیم ابنِ رسول کو بقیع میں دفن کیا گیا اور فرمایا میں نے ان کو حضرت عثمان بن مظعون کے پاس دفن کیا اور ان کی قبر پر پانی چھڑکا اہلِ تفسیر کا بیان ہے کہ یہ پہلی قبر ہے جس پر پانی چھڑکا گیا جس طرح کہ حضرت عثمان بن مظعون کی قبر پر نشان لگایا گیا چنانچہ حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام بنفسِ نفیس پتھر اٹھا کر لائے اور ان کی قبر پر رکھا۔ (۲)

## وصالِ ابنِ رسول پر سورج گرہن اور جنت میں ایامِ رضاعت

حضرت ابراہیم ابنِ رسول ﷺ کے وصال مبارک کی تاریخ میں اختلاف ہے بعض نے دسویں محرم اور بعض نے دسویں ربیع الاوّل بیان کی ہے آپ کے وصال کے موقع پر سورج کو گہن لگا تھا مشہور تھا کہ چاند یا سورج کو گہن کسی عظیم حادثہ اور موت کے وقت لگتا ہے۔ (۳) منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے فرزند ابراہیم کا وصال مدتِ رضاعت پوری کئے بغیر دنیا سے ہوا ان کے لیے ایک کی بجائے دو دودھ پلانے والی مقرر ہوئیں کہ وہ جنت میں ہے:

اِنَّ اِبْرَاهِیْمَ ابْنِیْ وَاِنَّهٗ مَاتَ فِیْ الثَّدْیِ وَاِنَّهٗ لَهٗ لَظِئْرَیْنِ تُکَمِّلَانِ رِضَاعَهٗ فِی الْجَنَّةِ (۴) میرا بچہ شیر خوارگی میں انتقال کر گیا اس کے لیے دو دائیاں مقرر ہوئیں جو اس کی شیر خوارگی جنت میں پوری کریں گی۔ سیّدنا ابراہیم ابنِ رسول کی رحلت پر منصبِ نبوت کی شان کو بھی دیکھو سانس چھوڑتے ہیں اور بچہ سے پیار فرماتے ہیں اور گود میں اٹھائے ہوئے لَا تُغْنِیْ مِنَ اللّٰهِ شَیْئًا کی کیسی زبردست تعلیم فرما رہے ہیں۔ موت پر صبر کے لیے کیسے عجیب دلائل، امرِ صدق، وعدۂ حق اور الحاقِ آخر باوّل کی حقیقت ظاہر فرمائی پھر دلی رنج اور رضائے الٰہی کا ذکر فرما کر انسان کی کمزوری اور ایمان کی طاقت و قوت کا بیان فرمایا۔ ذرا غور رہے کہ اصلاءِ عقیدۂ مردم کا فرض کس قدر جلد غمِ فرزند پر غالب آجاتا ہے اور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام رؤف و رحیم کیسی سرعت و آمادگی سے وعظ و نصیحت میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ وَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ (۵)

(۱) تا (۳) مدارج النبوت، (۴) مسلم و مشکوٰۃ باب العادات والاخلاق۔ (۵) مدارج النبوت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## باب ۴

# بناتِ الکرام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادیاں کل چار ہیں۔ اور چاروں حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا ام المؤمنین کے بطنِ طاہرہ سے ہیں۔ حضرت سیّدہ زینب جو حضرت قاسم سے چھوٹی اور دیگر اولاد النبی سے بڑی تھیں۔ حضرت سیّدہ رقیہ جو سیدہ زینب سے چھوٹی ہیں۔ حضرت سیّدام کلثوم جو رقیہ سے چھوٹی ہیں۔ حضرت سیّدہ فاطمہ زہرا جو ام کلثوم سے چھوٹی ہیں۔ (۱)

یہ امر قرآنِ حکیم ہی سے ثابت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹیاں تین یا تین سے زائد ہیں اس لیے کہ عربی قائدے کے مطابق بیٹی کو بنت کہا جاتا ہے اگر دو ہوں تو بنتین کہا جائے گا اور اگر تین یا اس سے زائد ہوں تو جمع کا صیغہ استعمال ہوگا بنات۔ بنت، واحد، بنتین تثنیہ، بنات جمع۔ قرآنی آیت میں صراحتاً ارشاد ہوتا ہے:

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ط وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا۔ (الاحزاب، ۳۳:۵۹)

اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے فرما دو کہ اپنی چادروں کا ایک حصہ اپنے منہ پر ڈالے رہیں یہ اس سے نزدیک تر ہے کہ ان کی پہچان ہو تو ستائی نہ جائیں اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

آیت کے شروع میں ہی تینوں جملے جمع کے استعمال ہوئے ہیں۔ ازواج، بنات، نساء المومنین۔ تو ثابت یہ ہوا کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک بیٹی نہیں بلکہ لفظِ بنات جمع کے صیغہ سے تین یا تین سے زائد ہوئیں اور دلائل قویہ کے روشنی میں آپ کی کل چار بیٹیاں ہیں:

اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ۔ (الاحزاب:) انہیں ان کے باپ کا ہی کہہ کر پکارو یہ اللہ کے نزدیک زیادہ ٹھیک ہے۔

اس سے ثابت ہوا کہ اللہ کے نزدیک یہی بات قبول ہے کہ اولاد کو ان کے اصل باپوں سے پکارا کرو اگر یہ شائبہ گزرے کہ معاذ اللہ آپ کی دیگر صاحبزادیاں سوتیلی تھیں یہ ان کو خطاب ہے تو یہ بھی صریحاً غلط اور الزام ہے۔ قرآن نے اس کی وضاحت فرما دی ہے۔

(۱) مدارج النبوت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

وَرَبَآئِبُكُمُ الّٰتِیْ فِیْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ الّٰتِیْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ۔ (النساء ۴:۲۳)

اوران کی بیٹیاں جوتمہاری گود میں ہیں ان بیبیوں سے جن سے تم صحبت کر چکے ہو۔ (یعنی قرآن سے سوتیلی بیٹی پر لفظ ربائب استعمال فرمایا ہے نہ کہ بنات)

نبی ﷺ کی ربائب میں ام المؤمنین ام سلمہ کی لڑکیاں درہ، زینب، ام کلثوم اورامِ المؤمنین امِ حبیبہ کی دختر حبیبہ ہیں دیگر ازواج النبی ﷺ سے کسی پہلے شوہر سے کوئی لڑکی نہ تھی۔ (۱)

اب قابلِ غور یہ بھی ہے کہ ام المؤمنین ام سلمہ کا نکاح نبی علیہ السلام سے چار ہجری میں ہوا اور امِ المؤمنین امِ حبیبہ کا نکاح چھ ہجری میں ہوا۔ اس لیے مندرجہ بالا لڑکیوں کو (ربائب النبی ہونے کا درجہ چار ہجری سے بیشتر حاصل نہ تھا اور سیّدہ زینب بنتِ النبی کا ذکر جنگِ بدر کے (جو ۲ ہجری میں ہوئی) فدیہ اسیران میں آتا ہے کہ انہوں نے اپنی والدہ خدیجۃ الکبریٰ کا ہار اپنے شوہر کی رہائی کے لیے بھیجا تھا اور امِ کلثوم ورقیہ بنات النبی ﷺ کا ذکر قبل از ہجرت میں ابولہب کے خاسرانہ حالات میں آتا ہے پھر ان ہر سہ بنات النبی ﷺ کا انتقال بحیاتِ نبوی ہوا۔ لیکن مذکورہ بالا ربائب انتقالِ نبوی سے بعد دیر تک اپنے گھروں میں آباد تھیں ان کی تفصیل ان کے حالات سے ملتی ہے۔ اب آپ کی چاروں صاحبزادیاں (سگی، حقیقی) کے جداگانہ حالات بیان کیے جاتے ہیں۔

## حضرت سیّدہ زینب بنتِ مصطفیٰ ﷺ

حضور مصطفیٰ ﷺ کی صاحبزادیوں میں بقول اکثر علماء بڑی دختر سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا ہیں اور یہی صحیح ہے۔ ابنِ اسحٰق نے کہا ہے کہ سیّدہ زینب بنتِ رسول رضی اللہ عنہا کی ولادت واقعۂ فیل کے تیس برس بعد ہوئی۔ اسلام میں داخل ہوئیں اور ہجرت کی ان کا نکاح ان کی خالہ کے فرزند کے ساتھ کیا گیا تھا جس کا نام ابوالعاص بن الربیع بن عبدالعزیٰ بن عبدشمس بن عبدمناف ہے اور ابوالعاص کی ماں ہند بنت خویلد سیّدہ خدیجۃ الکبریٰ بنتِ خویلد کی ایک بہن ایک ماں باپ سے تھی اور ابوالعاص اپنی کنیت سے مشہور ہیں ان کے نام میں اختلاف ہے۔ لفیظ ہے یا مقسم یا قاسم یا یاسر اور ابنِ عبداللہ نے کہا ہے کہ اوّل قول درست ہے یعنی لفیظ نام ہے ابوالعاص کے اسلام لانے سے پہلے سیّدہ زینب نے ہجرت کی اور ان کو اسی حالت پر چھوڑ دیا اور ابوالعاص مکہ و مدینہ کے درمیان اسلام لائے حضورِ اقدس ﷺ نے پہلے ہی نکاح میں سیّدہ زینب کو ان کے سپرد فرما دیا بعض کہتے ہیں نکاحِ جدید کے ساتھ سپرد کیا۔ (۲)

اس کا مجمل اور مختصر قصہ اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ ابوالعاص بدر کے قیدیوں میں داخل تھے جب اہل مکہ نے اپنے قیدیوں کی آزادی کا فدیہ بھیجا تو سیّدہ زینب بنتِ رسول ﷺ نے ابوالعاص کے فدیہ میں وہ ہار بھیجا جو ان کے گلے میں رہتا تھا جسے خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے بوقتِ عقد سیّدہ زینب کے جہیز میں دیا تھا جب حضورِ اقدس ﷺ نے اس ہار کو ملاحظہ فرمایا تو سیّدہ زینب کی محبت کا زمانہ یاد آ گیا اور سخت رقت طاری ہوئی اصحاب سے فرمایا اگر تم مناسب جانو تو انہیں رہا کر دو اور فدیہ کا مال زینب کو لوٹا دو۔

اصحاب نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ ہم اس طرح کریں گے جس طرح آقا آپ کی مرضی ہوگی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ابو العاص سے عہد لیا کہ وہ سیّدہ زینب کو آپ کی طرف بھیج دیں گے ابوالعاص نے اسے مان لیا اس کے بعد حضورِ اقدس علیہ السلام نے زید بن حارثہ اور ایک انصاری شخص کو مکہ مکرمہ بھیجا کہ سیّدہ زینب کو لے آئیں اور فرمایا مکہ مکرمہ کے اندر نہ جانا بلکہ وادی ناج میں ٹھہرنا یہ

(۱) ہکذا فی مدارج النبوت (۲) مدارج النبوت۔ کتاب اصابہ، ج:۸ ص:۹۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ایک موضع کا نام ہے جو مکہ سے باہر مسجد عائشہ کے سامنے ہے جہاں انہوں نے عمرہ کا احرام باندھا تھا آپ نے فرمایا جب وہ سیّدہ زینب کو تمہارے حوالہ کر دیں تو ان کو ساتھ لے کر مدینہ منورہ آ جانا اس واقعہ کے اڑھائی سال بعد ابو العاص تجارت کی غرض سے مکہ مکرمہ سے باہر آئے ان کے ساتھ مکہ والوں کا مالِ تجارت تھا اس تجارتی قافلہ کی واپسی کے وقت رسول اللہ ﷺ کے اصحاب ان کی تلاش میں نکلے ہوئے تھے۔ جب انہوں نے قافلہ پر قابو پالیا تو چاہا کہ ابو العاص کے مال پر قبضہ کر لیا جائے اور اس کو قتل کر دیا جائے۔ یہ خبر جب سیّدہ زینب کو پہنچی تو آپ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا کسی مسلمان کو کسی کافر کو عہد و آمان میں لینے کا حق نہیں ہے آپ نے فرمایا ہاں ہے سیّدہ زینب نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ گواہ رہیے کہ میں نے ابو العاص کو امان دے دی جب اصحاب کو خبر ہوئی تو انہوں نے ابو العاص کے مال سے ہاتھ کھینچ لیا اور ابو العاص سے کہا مسلمان ہو جاؤ تا کہ مشرکین کا تمام مال تمہارے لیے غنیمت ہو جائے ابو العاص نے کہا میں شرم کرتا ہوں کہ اپنے دین کو اس ناپاک مال کے لیے پلید کروں اس کے بعد وہ مکہ چلے گئے اور اس مال کو مالکوں کے سپرد کر دیا اور فرمایا اے مکہ والو! آیا میں نے تمہیں تمہارا مال پہنچا دیا تم مجھے اس سے بری الذمہ قرار دیتے ہو انہوں نے کہا ہاں پھر ابو العاص نے کہا تم گواہ رہو کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اس کے بعد ہجرت کر کے مدینہ منورہ آ گئے اور حضور سیّدِ عالم الصلوٰۃ والسلام نے نکاحِ سابق یا جدید نکاح کے ساتھ حضرت زینب کو ان کے سپرد کیا (۱)

## نواسی امامہ سے نبی علیہ السلام کا پیار

سیّدہ زینب سلام اللہ علیہا کا حضرت ابو العاص سے ایک فرزند تھا جس کا نام علی تھا اور دختر تھی جس کا نام امامہ تھا۔ یہ علی ابن ابی العاص حدِ بلوغ کے قریب دنیا سے رخصت ہو گئے حضور علیہ السلام نے روزِ فتح مکہ اپنی سواری پر ان کو اپنا ردیف بنایا تھا (۲)

حضور علیہ السلام امامہ سے بہت پیار فرمایا کرتے تھے جیسا کہ پایہ ثبوت کو پہنچا ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ نماز پڑھ رہے تھے اور امامہ کو اپنے دوشِ اقدس پر بٹھائے ہوئے تھے جب رکوع میں جاتے تو انہیں زمین پر اتار دیتے اور سجدے سے سر مبارک اٹھا کر قیام کی طرف جاتے تو اسے اٹھا کر دوشِ اقدس پر بٹھا لیتے۔ فَاِذَا سَجَدَ وَضَعَهَا وَاِذَا قَامَ حَمَلَهَا (۳) یاد رہے کہ اس حدیث پر بعض نے کلام کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ اٹھانا اور زمین پر بٹھانا فعلِ کثیر ہے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ایسا کیسے کر سکتے تھے جواب یہ ہے کہ امامہ خود آ کر بیٹھتیں اور خود ہی اتر جاتی تھیں یہ فعل آپ کا نہ تھا بلکہ اس کا تعلق آپ کے کمال پیار سے ہے دوسری حدیث بھی اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ امامہ مصطفیٰ ﷺ کی وہ پیاری نواسی ہیں جن کو گود میں لے کر آپ نے نماز پڑھی اور زبانِ اطہر سے فرمایا: اَحَبُّ اَهْلِیْ اِلَیَّ یہ مجھے میرے اہل میں سب سے زیادہ محبوب ہے (۴)

حضرت سیّدہ امامہ رضی اللہ عنہا حضور علیہ السلام کی نواسی اور سیّدہ زینب کی صاحبزادی کے متعلق ان کی بہن سیّدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا نے اپنے شوہر حضرت علی المرتضیٰ کو وصیت فرمائی تھی کہ وہ میرے انتقال کے بعد میری بہن کی بیٹی امامہ کو اپنے نکاح میں لے لیں اس وصیت پر عمل ہوا (۵)

---

(۱) طبقات، ج:۸، ص:۳۰ (۲) مدارج النبوت (۳) البدایہ والنہایہ، ۵:۳۰۷
(۴) مدارج النبوت، (۵) مستدرک حاکم، ج:۴، ص:۴۲ طبقات ابن سعد، ج:۸، ص:۳۰ الحیات وتاریخ الائمہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## اولاد امامہ رضی اللہ عنہا

جب سیّدہ امامہ کا نکاح سیّدنا علی المرتضیٰ سے ہوا تو ان کے ہاں حضرت علی المرتضیٰ سے فرزند محمد اوسط پیدا ہوئے۔ جب حضرت علی المرتضیٰ مجروح ہوئے تو حضرت امامہ رضی اللہ عنہا نے حضرت علی المرتضیٰ کی رضامندی سے کیونکہ حضورِ اقدس علیہ السلام نے اپنی نواسی سیّدہ امامہ کو فرمایا کہ اگر وہ نکاح کرنا چاہیں تو مغیرہ بن نوفل سے کرلیں چنانچہ حضرت علی کی وصیت پر عمل کیا گیا اور امیر المؤمنین سیّدنا امام حسن مجتبیٰ کی اجازت سے نکاحِ ثانی پڑھا گیا مغیرہ کے ہاں سیّدہ امامہ کے بطن سے ایک فرزند پیدا ہوئے جن کا نام یحییٰ تھا۔

## نواسۂ علی سے حضور علیہ السلام کا پیار

حضرت علی ابن ابی العاص از بطنِ سیّدہ زینب بنتِ رسول اور سبط الرسول کو حضرت ابو العاص رضی اللہ عنہ نے رضاعت کے لیے منگوایا اور ایک قبیلہ میں چھوڑ رکھا تھا حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو مدینہ منورہ منگوایا اور ان کی پرورش فرمائی فتح مکہ کے دن یہی نواسۂ رسول حضرت علی ابن ابی العاص حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ناقہ پر حضور کے ردیف تھے ابھی عنفوانِ بلوغ تھا کہ سبط الرسول علی رفعت بخش علیین ہوئے۔ صلوٰۃ اللہ وسلامہ علیہ، (۱)

## سیّدہ زینب کا وصال

حضرت سیّدہ زینب بنت رسول کا وصال ۸ھ زمانۂ حیاتِ ظاہری حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام میں ہو گیا جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی صاحبزادی کے انتقال کی خبر ہوئی تو آپ کو شدید صدمہ پہنچا اور حکم دیا کہ میری بیٹی کو بیری کے پتے ملا کر خالص پانی کے ساتھ غسل دیا جائے حضرت سودہ بنتِ زمعہ، حضرت امِ ایمن، حضرت امِ عطیہ انصاریہ نے امام الانبیاء کی شہزادی کو غسل دیا۔ (۲)

صحیحین میں ہے کہ ان کے غسل میں شیر دل صحابیہ سلیط رضی اللہ عنہا نے شرکت کی اور انہوں نے اس کو بیان کیا۔ امِ عطیہ سے روایت ہے کہ ہم پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس حال میں تشریف لائے۔ کہ ہم سیّدہ زینب کو غسل دے رہے تھے اور فرمایا میرے بیٹی کو غسل دو اور آخری مرتبہ کافور ملو اور غسل تین مرتبہ دو اس کے بعد فرمایا مجھے فراغتِ غسل کی اطلاع دینا۔ امِ عطیہ جو حدیث کی راوی ہیں فرماتی ہیں کہ جب ہم سیّدہ زینب کو غسل دے دینے کی خبر دے چکے تو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا تہبند مبارک بھیجا اور فرمایا میری بیٹی کو اس میں کفن دو اس حدیث سے صالحین کے تبرکات سے تبرک لینے کا استحباب ثابت ہے (۳)

امِ عطیہ فرماتی ہیں کہ ہم نے اس چادر تہبند شریف میں آپ کو کفنایا اور سر کے مبارک بالوں کی تین لٹیں بنائیں اور ان کو سر کی پچھلی جانب کیا اس کے بعد جنازہ پڑھا گیا اور حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو بقیع میں پہنچانے کا حکم دیا جب قبر میں اتارا جانے لگا تو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود اپنے ہاتھوں سے قبر میں اتارا (۴)

یاد رہے کہ اسی سال مدینہ طیبہ میں غلہ کی گرانی واقع ہوئی حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب نرخ گراں ہوا تو لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہمارے لیے غلہ کا نرخ مقرر فرما دیجئے حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

---

(۱) مدارج النبوت، طبقات (۲) طبقات، ج:۸، ص:۳۴ (۳) مدارج النبوت۔ (۴) مستدرک، ج:۴، ص:۴۶۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْمُسَعِّرُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ الرَّازِقُ نرخ مقرر فرمانے والا خدا ہے اسی کے قبضہ وقدرت میں قبض و بسط ہے۔
(سنن ابی داؤد، ۳:۲۷۲، رقم ۳۴۵۱)

اور میں امید رکھتا ہوں کہ حق تعالیٰ سے اس حال میں ملوں کہ زیادتی کا مجھ سے مطالبہ نہ ہو نہ خون کا نہ مال کا۔ (۱)

## حضرت سیّدہ رقیہ سلام اللہ علیہا بنتِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دوسری صاحبزادی حضرت سیّدہ رقیہ رضی اللہ عنہا تھیں ان کی ولادت، واقعۂ فیل کے ۳۳ویں برس میں ہے اور سیّدہ زینب کی ولادت کے تین سال بعد سیّدہ رقیہ کی ولادت ہوئی۔ سیّدہ رقیہ عہدِ نبوت سے قبل عتبہ بن ابی طالب کی زوجیت میں تھیں ان کی بہن سیّدہ امِ کلثوم اسی عتبہ کے بھائی عتیبہ کی زوجیت میں تھیں عتیبہ کا مسلمان ہو کر مقبول الاسلام بن کر صحابہ کی گنتی میں شمار ہوا ہے اور عتبہ کے کے خلاف حضورِ اقدس کی دعا کا قصہ ہے۔ جس کے خلاف حضور علیہ السلام کی دعا قبول ہوئی اور اسے شیر نے پھاڑ ڈالا۔ (۲)

جب سورۃ لہب نازل ہوئی تو ابولہب نے عتبہ سے کہا او عتبہ تیرا سر حرام ہے مطلب یہ کہ میں تجھ سے بیزار ہوں اگر تو محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بیٹی کو اپنے سے جدا نہ کرے اس پر اس نے جدائی کر لی اور علیحدہ ہو گیا۔ (۳)

اہلِ تفسیر کہتے ہیں کہ قریش نے ابو العاص رضی اللہ عنہ کو بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صاحبزادی سیّدہ زینب کو جدا کرنے پر ابھارا لیکن انہوں نے فرمایا خدا کی قسم میں ہرگز سیّدِ عالم علیہ السلام کی صاحبزادی کو جدا نہیں کروں گا اور نہ میں یہ پسند کرتا ہوں کہ اس کے عوض قریش کی کوئی اور عورت ہو۔

بہر حال اس کے بعد حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی صاحبزادی سیّدہ رقیہ کا نکاح حضرت سیّدنا عثمان ابنِ عفان بن ابی العاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی کے ساتھ مکہ مکرمہ میں کر دیا اور اس وقت مکہ مکرمہ میں یہ بات مشہور ہو گئی۔ (۴)

اَحْسَنَ زَاھُمَا اِنْسَانٌ رُقَیَّۃَ وَزَوْجَھَا عُثْمَانَ۔ (۵) جو سب سے اچھا جوڑا دیکھا گیا وہ سیّدہ رقیہ اور سیّدنا عثمان کا ہے۔

حضرت عثمان نے ان کے ساتھ دو ہجرتیں فرمائیں ایک حبشہ کی طرف اور دوسری حبشہ سے مدینہ طیبہ کی طرف حضور اقدس علیہ السلام نے ان کی شان میں فرمایا حضرت سیّدنا لوط علیہ السلام اللہ کے نبی کے بعد یہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے خدا کی طرف ہجرت کی اور حضرت عثمان ذو النورین حسنِ رفیع اور جمالِ کریم کے مالک تھے۔ حضرت سیّدہ رقیہ کو چیچک کا عارضہ ہوا اور حضورِ اقدس علیہ السلام جب غزوۂ بدر کو تشریف لے جا رہے تھے تو سیّدہ صاحب فراش تھیں آپ نے ان کی تیمارداری کے لیے سیّدنا عثمان اور اسامہ بن زید کو مدینہ میں چھوڑا۔ چنانچہ سیّدہ رقیہ کا اسی مرض میں ارتحال ہوا اور منقول ہے کہ سیّدہ کے انتقال پر عورتیں روتی تھیں مگر حضورِ اقدس نے کسی کو منع نہ فرمایا۔ سیّدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا سیّدہ رقیہ کی قبر کے سرہانے سیّدِ عالم علیہ السلام کے پہلو میں بیٹھی رو رہیں تھیں اور حضورِ اقدس علیہ السلام اپنی چادر مبارک کے کنارہ سے سیّدہ فاطمۃ الزہرا کی چشم مبارک سے آنسو پونچھتے تھے (۶)

---

(۱) مدارج النبوت۔ (۲) طبقات، ج:۸، ص:۶ س ۳۔ الاستیعاب، ج:۲، ص:۷۲۷۔
(۳) مدارج النبوت۔ (۴) کتاب الاصابہ، ج:۸، ص:۹۱۔
(۵) مدارج النبوت، مستدرک، (۶) مدراج النبوت،

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس کے باوجود حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب حضور علیہ السلام سے سیّدہ رقیہ کی تعزیت کی گئی تو فرمایا! **الحمد للہ دفن البنات من المکروھات**۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ میت پر رونا رحمت و رقت کی بنا پر ہوتا ہے نہ کہ میت کے نقصان میں رخصت ہو جانے کی وجہ سے۔ کیونکہ یہ تو تقدیرِ الٰہی سے واقع ہوتا ہے یہ سب روایتیں اس تقدیر پر ہیں جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیّدہ رقیہ کے وصال پر موجود ہوں لیکن صورت یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے وصال کے وقت بدر میں تشریف فرما تھے جیسا کہ مشہور ہے لہٰذا غالب گمان یہ ہے کہ یہ واقعات سیّدہ زینب یا سیّدہ کلثوم کے متعلق ہوں گے اور راوی کے خیال کے مطابق سیّدہ رقیہ کا نام لے لیا ہوگا اور اگر واقعۃً ثابت ہو جائے کہ سیّدہ رقیہ کے واقعات ہیں تو ہم کہیں گے کہ ممکن ہے کہ غزوہ بدر کی واپسی کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سیّدہ رقیہ کی قبرِ انور پر تشریف لائے ہوں۔ اس وقت یہ واقعات رونما ہوئے ہوں اگرچہ ایک روایت میں یہ بھی منقول ہے کہ حضور علیہ السلام ان کے انتقال کے دنوں نزدیکی زمانہ میں تشریف لائے۔ سیّدہ رقیہ کی عمر مبارک بوقتِ انتقال اکیس برس تھی سیّدہ کے بطن سے ایک فرزند حضرت عبداللہ حضرت عثمان کے ہاں پیدا ہوئے۔ (۱)

## سبطِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عبداللہ کا انتقال

حضرت عبداللہ سبطِ الرسول اپنی والدہ محترمہ سیّدہ رقیہ کے بعد دو سال تک حیات رہے ان کی عمر مبارک چھ سال کی تھی کہ اچانک ان کی آنکھ کے قریب ایک مرغ نے چونچ ماری وہ زخم بن گیا آخر یہ بھی اپنی والدہ سیدہ رقیہ کی یادگار آغوش میں جا سوئے۔ صلوٰۃ اللہ وسلامہ علیہما۔ (۲)

## حضرت سیّدہ امِ کلثوم رضی اللہ عنہا بنتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تیسری صاحبزادی حضرت سیّدہ امِ کلثوم تھیں جو عتبہ بن ابی لہب کی زوجیت میں تھیں منقول ہے کہ عتبہ نے جب حضرت امِ کلثوم سے جدائی کی اور وہ بارگاہِ رسالت مآب میں آیا اور کہنے لگا میں آپ کے دین سے کافر ہوا مجھے نہ آپ کا دین پسند ہے اور نہ ہی آپ مجھے پیارے ہیں اس بدبخت نے زیادتی یہ کی کہ آپ کا قمیص مبارک چاک کر دیا ایک روایت میں ہے کہ اس نے کہا: **ھُوَ یَکْفُرُ بِالَّذِیْ دَنٰی فَتَدَلّٰی فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی** ظاہر ہے کہ اس نے یہ الفاظ سورۂ نجم سے لیے۔ چونکہ یہ مکہ مکرمہ میں ان دنوں نازل ہو چکی تھی اہل سیر کہتے ہیں کہ اس ملعون نے اتنی گستاخی کی کہ اس نے اپنے ناپاک منہ کا تھوک آپ کی جانب پھینکا اور کہا کہ میں نے ام کلثوم کو طلاق دے دی حضور علیہ السلام نے فرمایا:

**اَللّٰھُمَّ سَلِّطْ عَلَیْہِ کَلْبًا مِّنْ کَلَابِكَ۔** اے اللہ اس پر اپنے کتوں میں سے ایک کتا مسلط کر دے۔ (۳)

اہلِ سیر کا بیان ہے کہ ابوطالب اس وقت مجلس میں حاضر تھے انہوں نے کہا میں نہیں جانتا کہ تجھے کون سی چیز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا کے تیر سے بچا سکے گی چنانچہ یہ ملعون تجارت کی غرض سے شام کی طرف جا رہا تھا راستے میں جب اس نے ایک ایسی جگہ پر پڑاؤ ڈالا جہاں درندے تھے تو ابولہب نے قافلہ والوں سے کہا کہ آج کی رات تم سب ہماری مدد کرو۔ کیونکہ میں ڈرتا ہوں محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی

(۱) مدارج النبوت (۲) الاستیعاب، ج:۲، ص:۷۲۹
(۳) مدارج النبوت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

دعا میرے بیٹے کے حق میں آج کی رات اثر کرے۔ اس پر سب نے اپنے بوجھوں کو اکٹھا کیا اور نیچے اوپر چنا اور ان بوجھوں کے اوپر عتبہ کے سونے کی جگہ بنائی اور اس کے چاروں طرف گھیرا ڈال کر بیٹھ گئے اس کے بعد حق تعالیٰ نے ان پر نیند کو مسلط کر دیا ایک شیر آیا اور اس نے ایک ایک کے منہ کو سونگھا اور کسی سے اس نے تعرض نہ کیا پھر اس نے جست لگائی اور عتبہ پر پنجہ مارا اور اس کے سینے کو پھاڑ ڈالا ایک روایت میں ہے کہ اس نے عتبہ کی گردن کو دبوچا(۱)

حضور علیہ السلام نے سیّدہ رقیہ کے انتقال کے بعد سیّدہ امِ کلثوم کا ہجرت کے تیسرے سال حضرت عثمان ذوالنورین سے تزوج فرما دیا اور فرمایا یہ جبریل علیہ السلام کھڑے مجھے خبر دے رہے ہیں کہ حق تعالیٰ حکم فرماتا ہے کہ میں ان کو تمہارے حبالۂ عقد میں دے دوں۔ جب سیّدہ کا نکاح ۳ھ میں حضرت عثمان سے ہو گیا تو ان کو ذوالنورین کا خطاب ملا کیونکہ امام المرسلین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دو جگر گوشے یکے بعد دیگرے ان کے سکینہ قلب بنائے گئے۔(۲) ابنِ عساکر نے حضرت علی المرتضیٰ سے نقل کیا ہے کہ آپ سے حضرت عثمان کے بارے میں پوچھا گیا تو سیّدنا علی المرتضیٰ نے فرمایا:

ذَاكَ الْمَرْءُ يُدْعٰى فِي الْمَلَاءِ الْاَعْلٰى ذُوالنُّوْرَيْنِ كَانَ خَتَنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى بِنْتَيْهِ(۳)

(تاریخ ابن عساکر، ۳۹:۴۷)

وہ تو وہ ہیں جن کو ملاء اعلیٰ کے فرشتے ذوالنورین سے یاد کرتے ہیں اس لیے کہ ان کے ہاں رسول اللہ ﷺ کی دو صاحبزادیاں تھیں۔

جن دنوں سیّدہ رقیہ کا انتقال ہوا ان دنوں سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی دختر حضرت حفصہ بیوہ ہو گئیں تھیں سیّدنا عمر فاروق نے حضرت عثمان سے اپنی بیٹی کا ذکر کیا انہوں نے انکار کیا سیّدنا عمر فاروق کو اس پر رنج ہوا اور بارگاہِ اقدس رسالت مآب میں شکایت کی۔ آپ نے فرمایا عمر کچھ خیال نہ کرو۔

اَلَا اَدُلُّ عُثْمَانَ عَلٰى مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِّنْهَا وَ اَدُلُّهَا عَلٰى مَنْ هُوَ خَيْرٌ لَّهَا مِنْ عُثْمَانَ (مصنف ابن ابی شیبہ ۶:۳۶۵، رقم:۳۶۰۶۳)

عثمان کو حفصہ سے بہتر زوجہ ملے گی۔ اور حفصہ کو عثمان سے بہتر شوہر ملے گا۔

اس ارشاد کے بعد حضرت سیّدہ حفصہ بنتِ عمر فاروق کو ام المؤمنین کا شرف حاصل ہوا۔ اور امام الانبیاء ان کے شوہر ہوئے اور سیّدنا عثمان کو بہترین زوجہ سیّدہ امِ کلثوم بنتِ رسول حاصل ہوئیں۔ سیّدہ امِ کلثوم نے ہجرت کے نویں سال انتقال فرمایا حضور علیہ السلام نے ان کی نماز جنازہ پڑھی اور ان کی قبر پر بیٹھے رہے(۴)

صحیح بخاری میں عن انس بن مالک روایت ہے کہ آپ کی ہر دو چشمانِ نورانی سے آنسو رواں تھے حضرت علی المرتضیٰ و فضل بن عباس و اسامہ بن زید نے مراسم تدفین پورے فرمائے۔ سیّدہ امِ کلثوم کے انتقال کے بعد حضور علیہ السلام نے حضرت عثمان سے فرمایا اگر میرے پاس اور صاحبزادیاں بھی ہوتیں تو تمہارے نکاح میں یکے بعد دیگرے دیتا جاتا اور وہ وفات پاتی رہتیں۔

اہلِ سیر کا بیان ہے کہ سیّدہ ام کلثوم عرصہ تک حضرت ذوالنورین کی زوجیت میں رہیں لیکن ان سے کوئی فرزند نہ ہوا۔ بعض روائتوں میں آتا ہے کہ دو فرزند متولد ہوئے لیکن باقی نہ رہے ہاں حضرت عثمان کی دوسری ازواج سے اولاد ہوئی۔(۵)

(۱) مدارج النبوت۔ (۲) مستدرک۔ طبقات۔ الاستیعاب۔
(۳)، (۴)، (۵) مدارج النبوت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی چار صاحبزادیوں کا ثبوت از کتبِ شیعہ

ملا باقر مجلسی اپنی مشہور کتاب میں رقمطراز ہیں کہ:

درقرب الاسناد بسندِ معتبر از حضرت جعفر روایت کردہ است کہ از برائے رسولِ خدا از خدیجۃ متولد شد وطاہر وقاسم وطیب وامِ کلثوم ورقیہ وزینب وفاطمہ (۱)

قرب الاسناد میں معتبر اسناد کے ساتھ حضرت امام جعفر صادق سے مروی ہے کہ رسول خدا کی اولاد جو حضرت خدیجہ کے شکم سے ہوئی طاہر اور قاسم اور فاطمہ اور امِ کلثوم ورقیہ، زینب تھیں۔

شیخ ابی جعفر محمد بن یعقوب المتوفی شعبان ۳۲۸ھ رقمطراز ہیں۔

وتزوج خدیجۃ وھو ابن بضع وعشرین سنۃ فولدلہ منھا قبل البعث القاسم ورقیۃ وزینب وام کلثوم وولدلہ بعد البعث الطیب وطاھر والفاطمۃ علیھم السلام (۲)

آپ نے خدیجہ سے نکاح کیا جب کہ آپ بیس اور چند سال کے تھے۔ پس مبعوث ہونے سے پہلے ان کے بطن سے قاسم، رقیہ، اور زینب اور ام کلثوم پیدا ہوئیں اور مبعوث ہونے کے بعد طیب وطاہر وفاطمہ کا تولد ہوا۔

ایک مشہور کتاب تحفۃ العوام جو کہ ان کے ہر گھر میں موجود ہے اس کے مصنف اوراد و وظائف کے ذکر میں لکھتے ہیں اور صاحبِ تہذیب حدیث الاحکام میں بھی یوں موجود ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُقَیَّۃَ بِنْتِ نَبِیِّكَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اُمِّ کُلْثُوْمٍ بِنْتِ نَبِیِّكَ (۳)

اے اللہ ہمارے درود ہو اوپر رقیہ بنتِ نبی کے اے اللہ درود ہو امِ کلثوم بنتِ نبی پر۔

ان تمام حوالہ جات سے معلوم ہوا کہ جو لوگ آج حضور علیہ السلام کی چار صاحبزادیاں تسلیم نہیں کرتے ان کے بڑوں نے بھی حضور سیّدِ عالم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی چار صاحبزادیاں تسلیم کی ہیں اور لکھا کہ سیّدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے علاوہ آپ کی حقیقی تین بہنیں اور وہ بھی از بطنِ سیّدہ خدیجۃ الکبریٰ تھیں نیز ملا باقر مجلسی نے حیات القلوب میں ان صاحبزادیوں کے نکاحوں کا بھی تفصیل سے ذکر کیا ہے کہ سیّدہ زینب کا نکاح حضرت ابو العاص اور سیّدہ رقیہ کا نکاح حضرت عثمان اور ان کے انتقال کے بعد دوسری صاحبزادی حضرت سیّدہ امِ کلثوم کا نکاح بھی حضرت عثمان سے ہوا اور چوتھی صاحبزادی سیّدہ فاطمہ کا نکاح حضرت علی المرتضیٰ سے ہوا دیکھو حیات القلوب۔

## حضرت سیّدہ فاطمہ بنتِ مصطفی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

حضور سیّدِ عالم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی چوتھی صاحبزادی سیّدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا ہیں۔

### ولادتِ طیبہ:

سیّدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کی پیدائش، ولادتِ نبوی کے اکتالیسویں سال ہوئی۔ اہلِ سیر کہتے ہیں کہ یہ قول ابوبکر رازی کا ہے اور یہ قول اس کے مخالف ہے جسے ابنِ اسحاق نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد کے بارے میں بیان کیا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام

(۱) حیات القلوب ملا باقر مجلسی، ج:۲، ص:۴۴۶۔ (۲) اصولِ کافی، ص:۲۷۸۔
(۳) تحفۃ العوام، ص:۱۵۴، ج:۱۔ وحدیث تہذیب الاحکام، ج:۱، ص:۱۵۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کی تمام اولادِ اطہار نبوت سے پہلے پیدا ہوئی ہے بجز حضرت ابراہیم آپ کے صاحبزادہ کے۔ اس لیے اس قول کے بموجب سیّدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کی ولادت اظہارِ نبوت سے پانچ سال قبل ہے مشہور تر روایت یہی ہے اور ایک قول کے مطابق سیّدہ فاطمہ علیہا السلام حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صاحبزادیوں میں سے سب سے چھوٹی صاحبزادی ہیں اور ایک قول سے سیّدہ رقیہ علیہا السلام اور ایک قول سے سیّدامِ کلثوم سلام اللہ علیہا۔ اتفاق اسی پر ہے کہ سیّدہ کی ولادت مبارک نبوت کے پہلے سال ہوئی اور آپ سیّدہ خدیجہ الکبریٰ سلام اللہ علیہا کے بطن سے ہیں اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عمر مبارک اس وقت اکتالیس سال کی تھی (۱)

## سیّدہ کے نام کی شان:

حضور اقدس ﷺ نے اپنی صاحبزادی کا نام ''فاطمہ'' اس بنا پر رکھا کہ حق تعالیٰ نے ان کو اور ان کے محبین کو آتشِ دوزخ سے محفوظ رکھا ہے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا ہے:

اِنَّمَا سَمَّیْتُ بِنْتِیْ فَاطِمَةَ لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی فَطَمَهَا وَفَطَمَ مُحِبِّیْهَا عَنِ النَّارِ۔ (۲) (الفردوس ۱:۳۴۶)

تحقیق میں نے اپنی اس بیٹی کا نام فاطمہ اس لیے رکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اور اس کے محبین کو دوزخ سے علیحدہ کر دیا ہے۔

معلوم ہوا کہ سیّدہ سلام اللہ علیہا کے نامِ مبارک کی ہی تعظیم و تکریم و محبت ایمان والوں کو جنت کی بشارت اور نجاتِ دوزخ سے پیش گوئی ہے۔

# سیّدہ کے القاباتِ عظیمہ اور آپ کے خصائل

حضرت سیّدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے القابات تو بہت ہیں لیکن ایک مشہور لقب آپ کا ''زہرا'' ہے اور زہرا کے معنی ہیں کلی یعنی نہایت خوبصورت۔ سیّدہ سب سے زیادہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سیرت و صورت اور حسن و جمال سے مشابہ تھیں اس لیے آپ کو کلی کے نام سے یاد کیا جاتا ہے آپ کا حسن و جمال ایسا خوبصورت تھا: کانت کالقمر لیلۃ البدر کہ جیسے چودھویں رات کا چاند چمکتا ہے سیّدہ اس طرح حسین و جمیل تھیں اور سیرت و صورت میں آپکا حال یہ تھا کہ سیّدہ امِ المؤمنین عائشہ صدیقہ فرماتی ہیں:

مَارَأَیْتُ اَحَدًا اَشْبَهَ سَمْتًا وَّدَلًّا وَهَدْیًا اوفِیْ رِوَایَةٍ کَلَامًا حَدِیْثًا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ فِیْ قِیَامِهَا وَقُعُوْدِهَا مِنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔ (۳)

میں نے کسی کو نہیں دیکھا کہ جو بیٹھنے اٹھنے چلنے پھرنے، حسن، خلق، اور گفتگو میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سیّدہ فاطمہ بنتِ رسول علیہ السلام سے زیادہ مشابہ ہو۔

اور ایک دوسری حدیث میں آتا ہے کہ سیّدہ امِ المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

مَارَأَیْتُ اَحَدًا کَانَ اَصْدَقَ لَهْجَةً مِنْ فَاطِمَةَ اِلَّا اَنْ یَّکُوْنَ الَّذِیْ وَلَدَهَا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ (۴)

کہ میں نے سیّدہ فاطمہ سے بڑھ کر کسی کو فصیح نہیں دیکھا اور ایسا کیوں نہ ہوتا کہ وہ سیّد عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیٹی تھیں۔

---

(۱) مدارج النبوت، (۲) صواعق محرقہ، ص:۱۵۱ (۳) (المستدرک ۴:۳۰۳، رقم ۷۷۱۵)
(۴) الاستیعاب، ج: ۲، ص:۷۷۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

معلوم ہوا کہ سیّدہ سلام اللہ علیہا کا بچپن شریف اور زندگی کا ہر لمحہ حضور سیّد العالمین ﷺ اور امِ المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی آغوشِ مبارک میں گزرا۔ ظاہر ہے کہ ایسی شہزادی کے اعمال و افعال حسن و سیرت، فصاحت و بلاغت، اخلاق و عادات، طہارت و عصمت سر مبارک سے لے کر پاؤں تک ہم شکل مصطفیٰ تھیں آپ کی چال ڈھال ہر وضع قطع مصطفیٰ کریم ﷺ کے مشابہ تھی اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی جیتی جاگتی تصویر بنائی تھی۔

رسول اللہ کی جیتی جاگتی تصویر کو دیکھا
کیا نظارہ جن آنکھوں نے تفسیرِ نبوت کا

سیّدہ کے القابات میں طاہرہ، زاکیہ اور طیبہ بھی ہیں جس کے معنی یہ ہیں کہ آپ کو ہر قسم کی یعنی ظاہر و باطن کی پاکیزگی حاصل تھی حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

اِنَّ فَاطِمَةَ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَحَرَّمَ اللّٰهُ ذُرِّيَّتَهَا عَلَى النَّارِ۔ (مسند بزار، ۵: ۲۲۳، رقم: ۱۸۲۹)

بے شک سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا پاکدامن ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ان کی اولاد پر جہنم کی آگ حرام کردی ہے۔

دوسری حدیث میں حضرت اسماء بنتِ عمیس زوجہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں کہ سیّدنا حسن رضی اللہ عنہ کی ولادت شریفہ کے وقت میں سیّدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے پاس تھی اور میں نے دایہ کے فرائض انجام دیئے میں نے کوئی خون وغیرہ جو بوقتِ ولادت ہوا کرتا ہے نہ دیکھا یہ جب حضور اکرم ﷺ سے بیان کیا گیا تو آپ نے فرمایا:

اَمَا عَلِمْتِ اَنَّ فَاطِمَةَ طَاهِرَةٌ مُّطَهَّرَةٌ لَا يَرٰى لَهَا دَمًا فِى طَلْعَتٍ (۱)

کیا تم نہیں جانتی ہو کہ فاطمہ میری طاہرہ مطہرہ ہے، اس کا حیض میں بھی خون نہیں ہے۔

معلوم ہوا کہ سلطانِ دارین سرکار محمد رسول اللہ ﷺ کی اس مقدس شہزادی کو نمایاں اور ممتاز مقام حاصل ہے سلطنتِ اسلام کی یہ طیبہ و طاہرہ، حیض و نفاس، رجس و نجس سے مبرا سیّدہ زہرا سلام اللہ علیہا ہیں۔

سیّدہ زاہدہ طیبہ و طاہرہ
جانِ احمد کی راحت پہ لاکھوں سلام

''عابدہ اور زاہدہ'' بھی سیّدہ کے مشہور لقب ہیں جس کے معنی ہیں زہد و عبادت سے زندگی گزارنے والی اور ''راضیہ مرضیہ'' بھی ہیں جو ہر وقت اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی پر رہا کرتی تھیں۔

## سیّدہ زہرا اور مصطفیٰ ﷺ

سیّدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا ابھی بچی تھیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کعبہ میں نماز پڑھ رہے تھے وہاں بہت سے کفارِ قریش موجود تھے جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سجدہ میں گئے تو عتبہ بن معیط نے اونٹ کی اوجھڑی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پشت مبارک پر رکھ دی اور حضور اسی طرح سجدہ میں تھے کہ سیّدہ آئیں اور انہوں نے اپنے باپ کی پشتِ انور سے اوجھڑی کو گرا دیا اور عتبہ کے لیے بد دعا فرمائی (۲)

(۱) ترمذی و مشکوٰۃ، ص: ۵۷۰ (۲) الحیات الخفی، ص: ۹۵، ج: ۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ایک مرتبہ سیّدہ فاطمہ کو خبر ہوئی کہ آپ ﷺ کو زخمی کر دیا گیا ہے۔ اس خبر کا سننا تھا کہ سیّدہ جلدی سے پہنچیں اور دیکھا کہ آپ ﷺ کے زخموں سے خون مبارک بہہ رہا ہے سیّدہ نے باپ کے زخموں کو دھویا اور جب خون تھمتا نہیں تھا تو کھجور کی چٹائی کو جلا کر اس کی راکھ بنا کر زخموں پر رکھی جس سے خون کا بہنا بند ہو گیا۔ (۱)

اس بتولِ جگر پارۂ مصطفیٰ
حجلہ آرائے عفت پہ لاکھوں سلام

## سیّدہ کا نکاحِ مبارک

حضور سیّدِ عالم ﷺ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ذریعے اکابر صحابہ سیّدنا ابوبکر صدیق و سیّدنا عمر فاروق و عثمان ابنِ عفان و سیّدنا علی المرتضیٰ اور دیگر اصحاب رضی اللہ عنھم کو پیغام بھیجا آپ کے حکم پر سب جمع ہو گئے اور آپ نے ایک خطبہ پڑھا جس میں حمد و ثنا کے بعد ترغیب نکاح کا مضمون تھا پھر فرمایا:

اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَأْمُرُنِیْ اَنْ اُزَوِّجَ فَاطِمَۃَ مِنْ عَلِیٍّ (۲) مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ میں اپنی بیٹی فاطمہ کا نکاح علی سے کر دوں۔

اور ان کا مہر چار سو مثقال مقرر کرتا ہوں اے علی کیا تجھے منظور ہے حضرت مولا علی نے عرض کیا ہاں میں بخوشی قبول کرتا ہوں تین بار آپ نے اس کا تکرار حاضرین کی موجودگی میں فرمایا اور یہ دعا فرمائی:

بَارَكَ اللّٰہُ عَلَیْکُمَا وَاَخْرَجَ مِنْکُمَا وَلَدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا۔ اللہ تعالیٰ تم دونوں کو برکت دے اور تمہیں نیک پاک اولاد عطا فرمائے۔

آپ نے تمام اجتماع میں عقد فرما دیا اور سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنھا کو سیّدنا علی المرتضیٰ کے ہاں رخصت فرما دیا۔ (۳)

عشاء کی نماز کے بعد حضور علیہ السلام سیّدنا علی المرتضیٰ کے ہاں تشریف لائے تو آپ نے پانی پر دم کیا روایات میں ہے کہ آپ نے معوذتین پڑھ کر اس پانی کو دونوں پر چھڑکا یا اور پھر فرمایا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُعِیْذُھَا بِکَ وَذُرِّیَّتَھَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پھر یہ دعا فرمائی اَللّٰھُمَّ اِنَّھُمَا مِنِّیْ وَ اَنَا مِنْھُمَا اَللّٰھُمَّ کَمَا اَذْھَبْتَ عَنِّی الرِّجْسَ وَطَھَّرْتَنِیْ فَطَھِّرْھُمَا۔ پھر سیّدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا رو پڑیں آپ نے فرمایا بیٹی کیوں روتی ہو نہ رو میں نے تمہارا عقد اللہ تعالیٰ کے حکم سے علی المرتضیٰ سے کر دیا ہے اس وقت سیّدہ کی عمر مبارک ساڑھے پندرہ سال تھی۔ (۴)

## سیّدہ کا جہیز مبارک

سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنھا کے جہیز کی تو کوئی حد ہی نہیں جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمایا ہے ایک مرتبہ ایک منافق نے حضرت علی المرتضیٰ سے کہا اگر تم میری لڑکی سے شادی کرتے تو میں تمہیں اتنا جہیز دیتا کہ اونٹوں کی قطاریں لگ جاتیں۔ سیّدنا علی المرتضیٰ نے فرمایا یہ شادی نہ تقدیر سے اور نہ تدبیر سے ہوئی بلکہ امر الٰہی سے ہوئی ہے جو سب سے بڑا جہیز ہے اور دنیا کے مال و متاع پر تو میری نظر ہی نہیں

(۱) الحیات الخفی، ص:۹۵، ج:۱ (۲) الحیات، ج:۱، ص:۹۸ (۳) الحیات، ج:۱، ص:۹۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جب آپ یہ جواب دے چکے تو غیب سے ندا آئی اے علی اوپر دیکھو آپ نے اوپر دھیان فرمایا تو دیکھا کہ تمام آسمان پر اونٹوں کی قطاریں لگی ہوئی ہیں کہ ان پر بہشت کے انعام واکرام کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں آپ نے فرمایا اے منافق مجھے اللہ تعالیٰ نے فاطمہ کا وہ جہیز دکھایا ہے جو روئے زمین میں قیامت تک کسی نے نہ دیکھا ہے اور نہ دیکھ سکے گا پھر بھی دنیا میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جو جہیز عطا فرمایا اس میں دو جوڑے اور دو بازو بند نقرئی اور ایک چادر، ایک پیالہ، ایک چکی، دو گلاس، ایک مشک اور ایک کٹورہ پانی پینے کا، دو رضائیاں جو کتان سے مملو تھیں چار گدے دواون سے بھرے ہوئے اور دو لیف یعنی کھجور کی چھال سے۔

## سیّدہ کی عبادت وریاضت وتلاوت قرآن

سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا یہ معمول تھا کہ آپ کھانا پکانے کی حالت میں بھی قرآن پاک کی تلاوت جاری رکھتیں۔ حضور سرورِ کائنات ﷺ جب نمازِ فجر کے واسطے تشریف لاتے تو راستہ میں سیّدہ کے گھر سے گزرتے تو سیّدہ کی چکی چلنے کی آواز سنتے تو نہایت درد ومحبت کے ساتھ فرماتے اے الٰہ العالمین! میری فاطمہ کو ریاضت وقناعت کی جزائے خیر عطا فرما (۱)

سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بعض اوقات میں نے اپنی امی جان سیّدہ خاتونِ جنت کو شام سے صبح تک عبادت و ریاضت اور خدا کے حضور گریہ وزاری سے دعا والتجا کرتے دیکھا اور میں نے دیکھا کہ اکثر اپنی دعائیں رسولِ کریم ﷺ کے حق میں فرمایا کرتیں۔ (۲)

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ کے حکم سے سیّدہ رضی اللہ عنہا کے گھر گیا تو میں نے دیکھا کہ حسنین کریمین سو رہے ہیں اور سیّدہ ان پر پنکھا کر رہی ہیں اور زبان مبارک سے قرآن کی تلاوت جاری ہے یہ دیکھ کر مجھ پر عجیب کیفیت طاری ہوئی۔ حضرت امِ ایمن فرماتی ہیں کہ رمضان المبارک کے مہینے دوپہر کے وقت جب شدید گرمی پڑ رہی تھی میں سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر پر حاضر ہوئی اور دروازہ بند تھا اور چکی کے چلنے کی آواز آ رہی ہے میں نے جھانک کر دیکھا کہ سیّدہ تو چکی کے پاس زمین پر سو رہی تھیں اور چکی خود بخود چل رہی تھی اور ساتھ ہی حسنین کریمین کا گہوارہ خود بخود ہل رہا تھا یہ دیکھ کر میں نہایت حیران ہوئی اور اسی وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہو کر تمام ماجرا بیان کیا تو آپ نے فرمایا اس شدت کی گرمی میں فاطمہ روزہ سے ہے اللہ تعالیٰ نے فاطمہ پر نیند غالب کر دی تا کہ اسے گرمی اور تنگی محسوس نہ ہو اور ملائکہ کو حکم دیا کہ وہ فاطمہ بنتِ رسول ﷺ کے کام کو سرانجام دیں۔ ایک مرتبہ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے سیّدنا مولائے کائنات علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا کہ پانی بھرتے بھرتے میرے سینے میں درد ہو گیا ہے اور اے سیّدہ آپ کے ابا جان سرکار محمد رسول اللہ ﷺ کے پاس غلاموں کی کمی نہیں ان کو عرض کر کے کوئی خادمہ ہی لے لو سیّدہ سلام اللہ علیہا نے فرمایا میرے ہاتھوں میں بھی چکی چلانے سے چھالے پڑ گئے ہیں اور تمام گھر کا کام بھی کرنا پڑتا ہے چنانچہ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اپنے ابا جان سرکار محمد رسول اللہ ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئیں تو اتفاقاً اس وقت آپ گھر میں موجود نہ تھے سیّدہ سلام اللہ علیہا نے اپنے آنے کی غرض سیّدہ عائشہ صدیقہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا سے بیان کی کہ مجھے کوئی کام کاج کے لیے خادمہ دی جائے یہ کہہ کر سیّدہ واپس آ گئیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو جب معلوم ہوا کہ میری شہزادی آئی تھیں لیکن میں نہیں مل سکا اور جب غرض معلوم ہوئی کہ آپ یہ پیغام مذکورہ دے کر چلی گئیں ہیں آپ اسی وقت اپنی لختِ جگر کے گھر تشریف لائے اور فرمایا اے

(۱) الحیات، ج:۱، ص:۹۹، (۲) مستدرک حاکم

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

پیاری بیٹی تم خادمہ کے لیے آئی تھی کیا تم کو ایسی چیز نہ بتادوں جس سے تم تمام گھر کے کام کاج کرتی رہو اور ذرا بھی تھکاوٹ محسوس نہ ہو اور یہ تمہارے لیے خادم سے بہتر ہوگا۔ عرض کیا ہاں ابا جان سرکار آقا سیّد الابرار نے فرمایا: قَالَ اَلَا اَدُلُّكُمَا عَلٰى خَيْرٍ مِّمَّا سَاَلْتُمَانِيْ قُلْنَا بَلٰى قَالَ اِذَا اَخَذْتُمَا مَضَاجِعَكُمَا اُوْتِيَا اِلٰى فَرَاشِكُمَا۔ جو تم نے مانگا ہے یعنی خادمہ اس سے بہتر تمہارے لیے یہ ہے کہ جب تم اپنے بستر پر لیٹو تو ۳۳ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہ اور ۳۳ مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اور ۳۴ مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ پڑھ لیا کرو پس یہ تمہارے لیے بہترین ہے اور تمہیں کبھی تھکاوٹ نہ ہوگی۔ اقبال کہتے ہیں:

ہرِ محتاج دلش آں گونہ سوخت
با یہودے چادر خود را فروخت
نوری وہم آتشی فرماں برش
گم رضائش در رضائے شوہرش
آں ادب پروردۂ صبر و رضا
آسیا گرداں و لب قرآں سرا
گریہ ہائے اوزبالیں بے نیاز
گوہر افشاندے بدامانِ نماز
اشک اُو بر چید جبریل از زمین
ہمچو شبنم ریخت بر عرشِ بریں

## سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اور غیبی رزق

ایک مرتبہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائے تو سیّدہ کو تین روز کے فاقہ سے دیکھا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دعا فرمائی:

اَللّٰهُمَّ اَنْزِلْ رِزْقًا عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا اَنْزَلْتَ عَلٰى مَرْيَمَ بِنْتِ عِمْرَانَ۔

اے اللہ تو رزق نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی اہلِ بیت پر جیسے تو نے نازل کیا رزق مریم بنتِ عمران پر۔

اس کے بعد فرمایا بیٹی اندر جاؤ اور جو کچھ ہو وہ لے لو آپ جب اندر گئیں تو وہاں پر ایک طباق دیکھا جو جواہرات اور ثرید سے بھرا ہوا اس کے اوپر بھنا ہوا گوشت رکھا ہوا تھا اور خوشبو آ رہی تھی۔ سیّدہ نے وہ طباق اٹھایا اور ابا جان کے پاس لے آئیں آپ نے فرمایا بیٹی کھاؤ اللہ کا نام لے کر کھاؤ پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور سیّدنا علی المرتضیٰ اور سیّدہ فاطمہ اور حسنین کریمین شہزادگان عظیمین رضی اللہ عنہم نے تناول فرمایا۔ (۱)

(۱) الحیات، ج:۱، ص:۱۰۱۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## سیّدہ رضی اللہ عنہا کا غریبوں کی اعانت فرمانا

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی بیٹی سیّدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کو جہیز میں ایک نیا قمیض دیا تھا کچھ عرصہ کے بعد ایک سائل نے سیّدہ کے دروازے پر آ کر دروازہ کھٹکھٹایا اور کہا اے نبی کے گھر والو! میں محتاج ہوں مجھے کوئی پھٹا پرانا کپڑا عنایت کر دو۔ سیّدہ سلام اللہ علیہا کے پاس ایک پرانا قمیض تھا جس کو دینے کا خیال آیا تو فوراً فرمایا: لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ۔ جس کے معنے ہیں تم ہرگز نیکی کو نہیں پا سکتے جب تک تم وہ چیز نہ دو جس کے ساتھ تم کو محبت ہے تو سیدہ سلام اللہ علیہا نے فوراً وہ نیا قمیض جو جہیز میں ملا تھا سائل کو دے دیا۔ (۱)

ایک مرتبہ ایک وقت کے بعد سب کو کھانا میسر ہوا سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ اور سیّدنا امام حسن اور سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہما سب کھانا کھا چکے تھے اور سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے ابھی کھانا نہ کھایا تھا اور دروازہ پر ایک سائل نے آ کر کہا اے نبی کی شہزادی میں دو وقت کا بھوکا ہوں اگر کچھ کھانے کے لیے ہے تو مجھے عنایت کر دو سیّدہ عالم نے فرمایا اے حسن جاؤ اور میرا کھانا اس سائل کو دے دو عرض کیا امی جان آپ کیا کھائیں گی؟ فرمایا بیٹا میں نے تو ایک وقت کا کھانا نہیں کھایا اور سائل نے دو وقت کا نہیں کھایا میں اپنا گزر تو کر لوں گی اس سائل کو دو جو دو وقت کا بھوکا ہے (۲)

## سیّدہ رضی اللہ عنہا اور پردہ

حضور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرتبہ اپنے اصحاب سے فرمایا عورت کے (پردے و عصمت کے) لیے کون سی چیز بہتر ہے سب خاموش ہو گئے اور سیّدنا علی المرتضیٰ فرماتے ہیں کہ میں فوراً گھر آیا اور سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا کہ آج حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ سوال کیا ہے بتاؤ کیا جواب دوں کہ عورتوں کے لیے بہتر چیز کیا ہے۔ سیّدہ نے فرمایا: قَالَتْ لَا يَرَيْنَ لِلرِّجَالِ وَلَا يَرَوْنَهُنَّ فَذَكَرْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ فَاطِمَةُ بُضْعَةٌ مِنِّيْ۔ نہ عورتیں مردوں کو دیکھیں اور نہ مرد غیر عورتوں کو۔ فرماتے ہیں میں نے یہ جواب جا کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پیش کیا تو آپ نے فرمایا فاطمہ میرے جگر کا ٹکڑا ہے۔ (۳)

حضرت امِ جعفر رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت اسماء بنت عمیس زوجہ سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فرمایا اے اسماء آج کل جس طرح عورتوں کا جنازہ لے کر جاتے ہیں مجھے یہ اچھا معلوم نہیں ہوتا کہ جسم پر ایک چادر ڈال دیتے ہیں جس سے پوری طرح پردہ نہیں ہوتا بلکہ جسامت وغیرہ نظر آتی رہتی ہے حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے کہا: اے بنتِ رسول میں نے حبشہ کے لوگوں میں ایک طریقہ دیکھا ہے وہ آپ کو دکھاتی ہوں میرا خیال ہے کہ وہ آپ کو ضرور پسند آ جائے گا: فَدَعَتْ بِجَرَائِدَ رَطْبَةٍ فَحَنَّتْهَا ثُمَّ طَرَحَتْ عَلَيْهَا ثَوْبًا فَقَالَتْ فَاطِمَةُ مَا اَحْسَنَ هٰذَا وَاَجْمَلَهٗ تُعْرَفُ بِهِ الْمَرْاَةُ مِنَ الرَّجُلِ۔ پھر آپ نے تازہ کھجوروں کی شاخیں منگوائیں اور ان کو چارپائی پر کمان کی طرح لگا کر باندھا اور اوپر کپڑا ڈال دیا سیّدہ نے دیکھ کر فرمایا یہ تو بہت ہی اعلیٰ و شاندار طریقہ ہے اس طرح مرد و عورت کے جنازہ کی پہچان بھی ہو جاتی ہے: فَاِذَا مِتُّ اَنَا فَاغْسِلِيْنِيْ اَنْتَ وَلَا يَدْخُلُ عَلَيَّ اَحَدٌ۔ جب میں انتقال کر جاؤں تو میرا بھی اسی طرح جنازہ بنانا اور کسی کو میرے پاس نہ آنے دینا۔ (۴)

---

(۱) نزھۃ المجالس، ج:۲، ص:۱۷۰، (۲) سیرت، ص:۴۵ (۳) دار قطنی، (۴) خصائص کبریٰ، ص:۲۷۲، ج:۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سیرت فرزند ھا از امّہات
جوہر صدق و صفا از امّہات
مزرعِ تسلیم را حاصل بتولؓ
مادراں را اسوۂ کامل بتولؓ
ہوشیار از دستبردِ روزگار
گیر فرزندانِ خود را در کنار
فطرت تو جذبہ ہا دارد بلند
چشم ہوش از اسوۂ زہراؓ مبند
تا حسینے شاخِ تو بار آورد
موسم پیشیں بگلزار آورد

(اقبال)

اگر پندے زدرویشے پذیری
ہزار امت بمیرد تو نہ میری
بتولے باش و پنہاں شوازیں عصر
کہ در آغوش شبّیرے بگیری

(اقبال)

جس کا آنچل نہ دیکھا مہ و مہر نے
اس ردائے نزاہت پہ لاکھوں سلام

(اعلیٰ حضرت)

# پردہ کی اہمیت

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَ يَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا يَصْنَعُوْنَ۔

مسلمان مردوں کو حکم دو اپنی نگاہیں کچھ نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں یہ ان کے لیے بہت ستھرا ہے بے شک اللہ کو ان کے کاموں کی خبر ہے۔ (النور ۲۴:۳۰)

آیتِ شریفہ میں ارشادِ ربانی ہے کہ اپنی نگاہوں کو نیچا رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں اس لیے کہ فتنہ وفساد اور بے حیائی کی ابتدا بری نظر سے ہی ہوتی ہے یہ ایک حقیقت ہے کہ حسین وجمیل چیز کی طرف دل مائل ہوتا ہے اور پھر انسانی فطرت ہے کہ اس کو دیکھنے اور اس کے حصول کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے اور اگر وہ چیز چھپی ہوگی تو ظاہر ہے اس پر کسی کی نظر نہیں پڑے گی لہٰذا اس کے دل میں

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس کے حصول کا جذبہ بھی پیدا نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ حصول کا جذبہ دیکھنے کے بعد ہی پیدا ہوسکتا ہے۔

اب آپ غور کریں کہ ایک حسین وجمیل خوبصورت جوان عورت اپنے حسن و جمال اور زینت وآرائش کے ساتھ بے پردہ لوگوں کے سامنے آئے گی تو جب لوگ اس کو دیکھیں گے تو کیا نفسانی خواہشات میں جذبات ابھریں گے یا کہ نہیں؟ اس لیے کہ وہ معصوم تو ہیں نہیں اور محفوظ بھی نہیں پھر قصداً بار بار نظر کر کے لطف اندوز ہونے کی کوشش شروع ہوجائے گی اور جذبات میں تحریک ہوگی پھر یہی عادت بنتے بنتے آگے چل کر بے حیائی کے ارتکاب اور فتنہ وفساد کا موجب بن جائے گی۔ اس لیے پروردگارِ عالم نے اس چیز کا دروازہ ہی بند کر دیا جس سے برائی اور بے حیائی کی ابتداء ہوتی ہے کہ تم اپنی نگاہوں کو نیچا رکھو اور شرمگاہوں کی حفاظت کرو اس پر عمل پیرا ہونے سے بے حیائی اور برائیوں کا خاتمہ اور نجات کا ذریعہ ہوسکتا ہے۔

وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ۔ (النور ۳۱:۱۳)

اور مسلمان عورتوں کو حکم دو اپنی نگاہیں کچھ نیچی رکھیں اور اپنی پارسائی کی حفاظت کریں اور اپنا بناؤ نہ دکھائیں مگر جتنا خود ہی ظاہر ہے اور دوپٹے اپنے گریبانوں پر ڈالے رہیں۔

اس آیتِ کریمہ میں پروردگارِ عالم نے عورتوں کو بھی یہی حکم دیا کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنے ستر کی حفاظت کریں اور اپنی زینت غیر لوگوں پر ظاہر نہ کریں اور اپنے سینوں کو چھپا کر رکھیں یہ بھی اس لیے کہ ایک دوسرے کو دیکھنے سے غلط طرف میلان پیدا نہ ہو اور جب عورتوں نے خود کو چھپا کر نہ رکھا اور بے پردہ بازاروں میں پھرتی رہیں اور اپنی زینت وآرائش ظاہر کرتی رہیں اور اپنے سینوں کو اوڑھ کر نہ رکھیں گی تو اس میں بے حیائی کی ابتدا اور فتنہ وفساد کا موجب ہوگا اور اس سے امن وعافیت بھی اس وقت پیدا ہوگی جب کہ عورتیں خود کو چھپا کر رکھیں اور اس میں حیا پیدا کریں اور جب شرم وحیا عورت سے اٹھ جائے گی تو یہی چیز موجب تباہی ہوگی۔

حضورِ اقدس ا کے اوصافِ حمیدہ میں سے ایک وصف یہ ہے کہ آپ کنواری لڑکیوں سے بھی زیادہ شرم وحیا والے تھے۔

## نیچی آنکھوں کی شرم و حیا پر درود

کنواری لڑکیوں کی شرم وحیا مشہور تھی چنانچہ لوگوں کی ایک مثال مشہور تھی فلاں تو کنواری لڑکی کی طرح شرماتا ہے لیکن آج کل سکولوں اور کالجوں میں پڑھنے والے لڑکے اور لڑکیاں جو کچھ کر رہے ہیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں (الا ماشاء اللہ) نامعلوم مسلمان غیرت وشرافت اور شرم وحیا کو چھوڑ کر کیوں بے غیرت و بے حیا ہوتے جا رہے ہیں اس بے غیرتی اور بے حیائی اور بے شرمی کے جنازہ نے اس لیے بھی تیزی اختیار کر لی ہے کہ سینماؤں میں جانے کا شوق گانے بجانے کا ذوق بے پردہ فحش لباس اور پھر اسکولوں اور کالجوں میں بھی ڈرامے گانے ناچ اور لباس ایسا کہ تمام بدن نظر آتا ہے عورتوں نے مردوں کی طرح برہنہ سر وسینہ پھرنا عام کر دیا ہے پھر یہ بے حیائی سینماؤں سے ہوتی ہوئی اب گھر سینما گاہ بن گئے وہ یہ کہ ٹیلیویژن نکل آئے ہیں اور اس پر ننگی اور فحش بے حیا فلمیں دیکھی جاتی ہیں جن کے گھروں میں مالی کمزوریوں سے یہ خریدا نہیں گیا وہ ان دوسرے گھروں میں فلم بینی کے لیے خاص طور پر جمع ہو کر لڑکے اور لڑکیاں دیکھتے ہیں اور بعض شوقین لڑکے اور لڑکیاں تو روزانہ فلم دیکھنے کے اس قدر شوقین ہیں کہ اس کے بغیر ان کا چارہ ہی نہیں ان چیزوں کے خطرناک نتائج ہمارے سامنے بھی ہیں۔ اس لیے سینما بینی، گانے بجانے، بے پردگی، بے حیائی سے اجتناب کیا جائے اور ان کی بجائے کتاب وسنت اور بزرگانِ دین کے حالات سے تعلیم لی جائے اور اپنے آپ کو محفوظ کیا جائے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تا کہ برائیوں کی ابتدا نہ ہو سکے۔

حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا ہے:

اَلْحَیَاءُ مِنَ الْاِیْمَانِ وَالْاِیْمَانُ فِی الْجَنَّةِ وَالْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ وَالْجَفَاءُ فِی النَّارِ۔ (المستدرک ۱۷:۱۸ رقم ۱۷۱)

حیا ایمان کا حصہ ہے اور ایماندار جنت میں جائے گا اور بے حیائی بدی سے ہے اور بدکاری دوزخ میں ہے۔

اس لیے عورتوں اور مردوں کو یکساں حیاء کی ضرورت ہے اور ایمان کی مضبوطی حیاء ہے اور جس میں حیاء نہیں وہ ایمان میں کامل نہیں ہے۔

قرآن پاک میں دوسرے مقام پر یہ ارشاد ہوتا ہے۔

یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ یُدْنِیْنَ عَلَیْهِنَّ مِنْ جَلَابِیْبِهِنَّ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ یُّعْرَفْنَ فَلَا یُؤْذَیْنَ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا۔ (الاحزاب ۳۳:۵۹)

اے نبی ﷺ اپنی بیبیوں اور صاحبزادیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے فرما دو کہ اپنی چادروں کا ایک حصہ اپنے منہ پر ڈالے رہیں یہ اس سے نزدیک تر ہے کہ ان کی پہچان ہو تو ستائی نہ جائیں اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے چہروں کے چھپانے کا حکم دیا چونکہ جسم انسانی کا سب سے زیادہ خوبصورت اور اعلیٰ مقام چہرہ ہوتا ہے اور چہرہ دیکھ کر ہی غلط میلان پیدا ہونے شروع ہو جاتے ہیں اس لیے حکم دیا گیا کہ عورتیں اپنے چہروں کو چھپا کر رکھیں تا کہ کسی کی نظر نہ پڑے اور نہ غلط میلان آ سکے یہ تو حکم ہے عورتوں کو پردہ میں رہنے کا اب رہا گھروں میں رہتے ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے غیر مردوں کو غیر گھروں میں جانے کی بھی بے اجازت ممانعت کر دی ہے چونکہ عورتیں عام طور پر گھروں میں بے تکلیف سے رہتی ہیں کوئی غیر محرم نہیں ہوتا اس لیے اجنبی لوگوں کو حکم دیا ہے۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتًا غَیْرَ بُیُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا۔ (النور ۲۴:۲۷)

اے ایمان والو! اپنے گھروں کے سوا اور گھروں میں نہ جاؤ جب تک اجازت نہ لے لو اور وہاں کے ساکنوں پر سلام نہ کر لو۔

وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ۔ (الاحزاب ۳۳:۵۳)

اور جب تم ان سے برتنے کی کوئی چیز مانگو تو پردے کے باہر سے مانگو اس میں زیادہ ستھرائی ہے تمہارے دلوں اور ان کے دلوں کی۔

اس طرح تمہارے نظر نہ پڑے گی اور نہ ان کی نظر تم پر پڑے گی اور فتنہ و فساد پیدا نہ ہوگا اور دل ناپاک خیالات و جذبات سے پاک رہیں گے۔

اور ایک مقام پر قرآن میں فرمایا:

فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَیَطْمَعَ الَّذِیْ فِیْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ۔ (الاحزاب ۳۳:۳۲)

تو (اے عورتوں!) بات میں ایسی نرمی نہ کرو کہ دل کا روگی کچھ لالچ کرے۔

چونکہ عورتوں کی آواز میں قدرتی طور پر ایک نرمی اور نزاکت و حلاوت ہوتی ہے جو اثر کیے بغیر نہیں رہ سکتی اس لیے اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو حکم دے دیا کہ غیر مردوں سے جب گفتگو کرو تو نرم و نازک اور شریں لہجہ اختیار نہ کرو بلکہ اپنی آواز میں قدرے سختی اور روکھا پن

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

پیدا کرو تا کہ کوئی بد باطن غلط فہمی کا شکار ہو کر تم سے کوئی امید نہ وابستہ رکھے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے سیّدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے آپ کے کسی بچہ کو مانگا تو آپ نے پردے کے پیچھے سے ہاتھ بڑھا کر دیا حالانکہ حضرت انس حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خاص طور پر خادم تھے اور عزیزوں کی طرح آپ کے پاس رہتے تھے پھر بھی سیّدہ نے ان سے پردہ فرمایا اور سامنے نہ ہوئیں اللہ تعالیٰ کا ارشاد اور سیّدہ کے پاکیزہ عمل سے معلوم ہوا کہ غیر محرموں کے روبرو ہونا فتنہ کا موجب ہو سکتا ہے۔

اہلِ اسلام غور کریں کہ ہماری فلاحیت اور عزت و آبرو کا تحفظ اسلامی پردہ میں ہے اور سیّدہ کا عمل ہمارے لیے عملی نمونہ ہے۔

## سیّدۃ نساء العالمین وسیّدۃ نساء اہل الجنۃ

حضرت عمران بن حصین فرماتے ہیں کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

يَابُنَيَّةَ اِمَا تَرْضِيْنَ اَنَّكِ سَيِّدَةُ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ قَالَتْ يَآبَتِ فَاَيْنَ مَرْيَمُ ابْنَتِ عِمْرَانَ قَالَ تِلْكَ سَيِّدَةُ نِسَآءِ عَالَمِهَا وَاَنْتِ سَيِّدَةُ نِسَآءِ عَالَمِكِ اَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ زَوَّجْتُكِ سَيِّدًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔ (حلیۃ الاولیاء ۲:۴۲)

اے پیاری بیٹی کیا تو اس بات پر خوش نہیں ہے کہ تو سارے جہاں کی عورتوں کی سردار ہو سیّدہ نے عرض کیا مریم بنتِ عمران بھی تو ہیں فرمایا وہ اپنے زمانہ کی عورتوں کی سردار تھیں اور تم اپنے زمانہ کی عورتوں کی سردار ہو اور اللہ کی قسم تمہارے شوہر علی دنیا و آخرت میں سردار ہیں۔

حضرت عبداللہ ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفْضَلُ نِسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ خُدَيْجَةُ بِنْتِ خَوَيْلَدٍ وَ فَاطِمَةُ بِنْتِ مُحَمَّدٍ وَ مَرْيَمُ بِنْتِ عِمْرَانَ وَ اٰسِيَةُ بِنْتِ مَزَاحِمٍ اِمْرَاَةِ فِرْعَوْنَ۔ (۱)

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جنت کی عورتوں میں سب سے افضل عورتیں خدیجہ بنت خویلد اور فاطمہ بنتِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور مریم بنتِ عمران اور آسیہ بنتِ مزاحم فرعون کی بیوی ہیں۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے اپنی والدہ صاحبہ سے کہا کہ مجھ کو اجازت دیں کہ میں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جا کر آپ کے لیے بخشش کی دعا کراؤں اور مغرب کی نماز ادا کروں اور پھر آپ کی خدمتِ اقدس میں اپنے لیے اور آپ کی بخشش کی دعا کراؤں والدہ محترمہ نے اجازت دے دی اور میں آپ کی خدمتِ عالیہ میں حاضر ہوا مغرب کی نماز آپ کے ساتھ ادا کی پھر نوافل پڑھے اس کے بعد عشاء کی نماز ادا کی جب آپ نمازِ عشاء کے بعد فارغ ہو کر چلے تو میں بھی آپ کے پیچھے پیچھے چل پڑا آپ نے میرے قدموں کی آواز سن کر فرمایا کہ اے میرے پیچھے آنے والے حذیفہ تو نہیں میں نے عرض کیا ہاں آپ نے فرمایا:

مَا حَاجَتُكَ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ وَلِاُمِّكَ اِنَّ هٰذَا مَلَكٌ لَمْ يَنْزِلِ الْاَرْضَ قَطُّ قَبْلَ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ اِسْتَاْذَنَ رَبَّهٗ اَنْ تُسَلِّمَ عَلَيَّ وَ يُبَشِّرَنِي بِاَنَّ فَاطِمَةَ سَيِّدَةُ نِسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاَنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ۔ (۲)

تجھے کیا حاجت ہے اللہ تعالیٰ تجھے اور تیری ماں کو بخشے یہ ایک فرشتہ ہے جو اس رات سے پہلے کبھی زمین پر نہیں اترا اس فرشتے نے اللہ سے میرے پاس آ کر سلام کرنے کی اجازت چاہی اور مجھے بشارت دے رہا ہے کہ فاطمہ جنت کی عورتوں کی سردار ہیں اور حسن و حسین جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں۔

(۱) مستدرک حاکم، ص: ۱۵۲، ج: ۳۔ (۲) مشکوٰۃ و ترمذی، ص: ۵۷۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

دوسری حدیث سیّدہ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا تھا:

اَلَا تَرْضِیْنَ اَنْ تَکُوْنِیْ سَیِّدَۃُ نِسَآءِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ اَوْ نِسَآءِ الْعَالَمِیْنَ (۱)

کیا تو اس بات پر راضی نہیں ہے کہ تو جنتی عورتوں یا سارے جہاں اور جنت کی عورتوں کی سردار ہو۔

اور ایک حدیث حضرت انس بن مالک سے ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

خَیْرُ نِسَاءِ اُمَّتِیْ فَاطِمَۃُ بِنْتِ مُحَمَّدٍ (۲)

میری امت کی عورتوں میں بہترین میری بیٹی فاطمہ ہے۔

امام مالک سے کسی نے یہ مسئلہ پوچھا کہ سیّدہ عائشہ اور سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا میں سے کون افضل ہے تو آپ نے فرمایا کہ سیّدہ فاطمہ کو جو مقام مصطفیٰ علیہ السلام سے ملا اور جو نسبت آپ کو حاصل ہے وَلَا اَفْضَلَ عَلٰی بِضْعَۃٍ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ اَحَدًا اس لیے سیّدہ جگر گوشہ رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام پر کسی اور کو فضیلت نہیں مل سکتی۔ امام سبکی رحمۃ اللہ علیہ سے ایسا ہی سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ سیّدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سب سے افضل و اعلیٰ ہیں۔ جیسا کہ حدیث میں خود سیّدہ عائشہ صدیقہ سلام اللہ علیہا نے بھی اس بات کا اقرار و اعتراف کیا ہے کہ سیّدہ فاطمہ زہرا کی افضلیت کے اکمل ہونے میں کچھ شک نہیں۔ یہ ایک ایسا اعلیٰ و ارفع شرف و کمال ہے جو کسی بھی دوسری شخصیت کو حاصل نہیں ہے اس سے صاف واضح ہوتا ہے کہ سیّدہ فاطمہ اوّلین و آخرین میں تمام عورتوں سے افضل ہیں۔

وَالَّذِیْ اَمِیْلُ اِلَیْہِ اَنَّ فَاطِمَۃَ الْبَتُوْلُ اَفْضَلُ النِّسَاءِ الْمُتَقَدِّمَاتِ وَالْمُتَاَخِّرَاتِ مِنْ حَیْثُ اَنَّھَا بَضْعَۃُ الرَّسُوْلِ اللّٰہِ بَلْ وَمِنْ حَیْثِیَّاتٍ اُخَرَ۔ (۳)

میرا موقف یہ ہے کہ سیّدہ فاطمہ الزہرا بتول گزشتہ اور آئندہ دونوں زمانوں کی عورتوں سے افضل ہیں۔ اس لیے کہ وہ رسول نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جگر پارہ ہیں یہ ایک ہی نہیں بلکہ اور کئی وجوہات خاصہ ہیں۔

علامہ سیّد محمود آلوسی علیہ الرحمہ صاحبِ تفسیر روح المعانی نے نہایت واضح الفاظ میں بیان کر دیا ہے کہ اوّلین و آخرین تمام عورتوں پر سیّدہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فضیلت حاصل ہے مزید برآں کہ جن کے ابا جان محبوبِ رب العالمین اور سیّدِ اوّلین و آخرین ہیں ظاہر ہے ان کی وہ شہزادی جنہیں تمام اہلِ جنت کی عورتوں پر سرداری حاصل ہے اوّلین و آخرین کی عورتوں کی بھی سردار ہیں۔

''برآنکہ ایں حدیث دلالت دارد بر فضل فاطمہ بر تمامہ نساء مومنات حتی از مریم و آسیہ خدیجہ و فاطمہ، یہ حدیث پاک دلالت کرتی ہے کہ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو تمام مسلمان عورتوں پر فضیلت ثابت ہے یہاں تک کہ حضرت مریم حضرت آسیہ حضرت خدیجہ حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنھن پر بھی (۴)

مادر آں مرکز پرکار عشق — مادر آں قافلہ سالارِ عشق
مریم از یک نسبت عیسیٰ عزیز — از سہ نسبت حضرت زہرا عزیز
نور چشم رحمۃ للعالمین — آں امام اوّلین و آخرین
بانوے آں تاجدارِ ھَلْ اَتٰی — مرتضیٰ مشکل کشا شیرِ خدا

(اقبال)

(۱) و (۲) مشکوٰۃ و ترمذی: ص: ۵۷۰ (۳) مسند احمد، ج: ۲، ص: ۸۲ (۴) اشعۃ اللمعات، ج: ۴، ص: ۳۸۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیّدہ سے والہانہ محبت

حضرت جمیع ابن عمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنی پھوپھی کے ساتھ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا۔

فَسَأَلْتُ اَیُّ النَّاسِ کَانَ اَحَبَّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَتْ فَاطِمَۃُ فَقِیْلَ مِنَ الرِّجَالِ۔ قَالَتْ: زَوْجُھَا (۱)

میں نے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سب سے زیادہ محبوب یعنی پیارا کون ہے؟ تو سیّدہ نے فرمایا حضرت فاطمۃ الزہرا۔ پھر میں نے کہا: مردوں میں سے کون زیادہ پیارا ہے؟ تو فرمایا: ان کے شوہر علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ۔

دوسری روایت میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

کَانَ اَحَبُّ النِّسَآءِ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاطِمَۃُ وَمِنَ الرِّجَالِ عَلِیٌّ (۲)

کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو عورتوں میں سے زیادہ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اور مردوں میں سے حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ محبوب تھے۔

ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔

کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ قَبَّلَ نَحْرَ فَاطِمَۃَ وَقَالَ مِنْھَا اَشُمُّ رَائِحَۃَ الْجَنَّۃِ (۳)

کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کسی سفر سے تشریف لاتے تھے تو فاطمہ کا گلا چومتے تھے اور فرماتے تھے میں اس سے جنت کی خوشبو سونگھتا ہوں۔ اور فرماتے مجھے اپنی اس بیٹی سی جنت کی خوشبو آتی ہے۔

یہ ہے شان سیّدہ نساء العالمین فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کی بلکہ حضورِ اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام فرمایا کرتے تھے۔

اِنِّی وَاِیَّاکَ وَھٰذَیْنِ وَھٰذَا ... فِیْ مَکَانٍ وَّاحِدٍ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ آنحضرت با فاطمۃ خطاب کردمن وتو وعلی وحسن وحسین در یک مقام ومکان خواھیم بود (۴)

میں اور بیٹی فاطمہ تو اور تیرا شوہر علی اور حسنین کریمین جنت میں اس مقام اور اسی محل میں اکٹھے ہوں گے جہاں میرا مقام ہوگا۔

## تعظیمِ سیّدہ اور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت ام المؤمنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

اِذَا دَخَلَتْ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَامَ اِلَیْھَا فَقَبَّلَھَا وَاَجْلَسَھَا فِیْ مَجْلِسِہٖ وَکَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَدْخَلَ عَلَیْھَا قَامَتْ مِنْ مَجْلِسِھَا فَقَبَّلَتْہُ وَاَجْلَسَتْہُ فِیْ مَجْلِسِھَا۔ (۵)

جب بھی فاطمہ زہرا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوتیں تو حضور علیہ السلام کھڑے ہو جایا کرتے تھے اور سیّدہ زہرا پر بوسہ دیتے تھے اور اپنے پاس بیٹھا لیتے اور جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ان کے گھر تشریف لاتے تو سیّدہ زہرا آپ کی تعظیم کے لیے کھڑی ہو جاتی تھیں اور آپ کو بوسہ دیتیں اور اپنے پاس بٹھا لیتیں۔

(۱) ترمذی۔ مستدرک للحاکم، ج:۳،ص:۱۶۰۔ (۲) نورالابصاد (۳) مسند احمد، ج:۲،ص:۸۳۔ (۴) اشعۃ اللمعات (۵) ترمذی، مستدرک، ج:۳،ص:۱۶۰،

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خود محبوبِ رب العالمین سرکار سیّدنا محمد رسول اللہ ﷺ اپنی شہزادی کی عزت افزائی کے لیے کھڑے ہوجاتے تھے یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے جس کی عزت وتکریم کے لیے تاجدارِ ختم نبوت کھڑے ہوجائیں گویا کائنات اس کی تعظیم کے لیے کھڑی ہوگئی پھر ایسی عظیم سیّدہ کی عظمت ومقام واحترام وعزت کا کیا ٹھکانہ ہوسکتا ہے۔

## سیّدہ کی خوشی وناراضگی، اللہ تعالیٰ کی خوشی وناراضگی

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بیشک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے:

فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّیْ فَمَنْ اَغْضَبَهَا اَغْضَبَنِیْ یُرِیْبُنِیْ مَا اَرَابَهَا وَفِیْ رِوَایَةٍ یُؤْذِیْنِیْ مَا اٰذَاهَا (۱)

فاطمہ میرے گوشت کا ٹکڑا ہے جس نے اس کو ناراض کیا اس نے مجھ کو ناراض کیا۔ اور اضطراب میں ڈالے گی مجھے وہ چیز جو اس کو اضطراب میں ڈالے اور دوسری روایت میں ہے کہ مجھے تکلیف دیتی ہے وہ چیز جو اس کو تکلیف دے۔

دوسری حدیث میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے:

اِنَّ اللّٰهَ یَغْضِبُ بِغَضَبِ فَاطِمَةَ وَیَرْضٰی بِرِضَاءِهَا (۲)

بے شک اللہ تعالیٰ فاطمہ کے غضب ناک ہونے سے غضبناک ہو جاتا ہے اور اس کے راضی ہونے پر راضی ہوجاتا ہے۔

## الفتِ سیّدہ منافع امت

حضرت زادان رضی اللہ عنہ نے حضرت سلیمان رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضور سیّدِ عالم ﷺ نے مجھ سے فرمایا ہے اے سلیمان یاد رکھو!

مَنْ اَحَبَّ فَاطِمَةَ بِنْتِیْ فَهُوَ فِی الْجَنَّةِ مَعِیْ وَمَنْ اَبْغَضَهَا فَهُوَ فِی النَّارِ یَا سَلْمَانُ حُبُّ فَاطِمَةَ یُنْفَعُ فِیْ مِائَةِ مِنَ الْمَوَاطِنِ اَیْسَرُ ذٰالِكَ الْمَوْتِ الْقَبْرِ وَالْمِیْزَانِ وَ الصِّرَاطِ وَالْمُحَاسَبَةِ فَمَنْ رَضِیَتْ عَنْهُ بِنْتِیْ فَاطِمَةُ رَضِیْتُ عَنْهُ وَمَنْ رَضِیْتُ عَنْهُ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ وَمَنْ غَضَبَتْ بِنْتِیْ فَاطِمَةُ عَلَیْهِ غَضِبْتُ عَلَیْهِ وَمَنْ غَضِبْتُ عَلَیْهِ غَضِبَ اللّٰهُ عَلَیْهِ یَا سُلَیْمَانُ وَیْلٌ لِّمَنْ یَظْلِمُهَا وَیُظْلِمُ بَعْلَهَا عَلِیًّا وَوَیْلٌ لِّمَنْ یَظْلِمُ ذُرِّیَّتَهَا۔

جو کوئی میری بیٹی فاطمہ سے محبت رکھے وہ بہشت میں میرے ساتھ ہوگا اور جو کوئی اس کے ساتھ دشمنی کرے وہ جہنم میں جائے گا اے سلیمان میری بیٹی فاطمہ کی الفت سو جگہ نفع پہنچاتی ہے کہ ان جگہوں میں زیادہ سہل مقامات موت اور قبر اور میزان اور صراط اور حساب قیامت ہیں جس شخص سے میری بیٹی فاطمہ خوش ہوگی میں اس سے خوش ہوں گا اور اللہ تعالیٰ بھی اس سے خوش ہوگا اور جس کسی سے میری بیٹی فاطمہ ناراض ہے میں بھی اس سے ناراض ہوں جس سے میں ناراض ہوں اللہ تعالیٰ بھی اس سے ناراض اور غضب ناک ہے۔ اے سلیمان! اور اس شخص پر جو اس پر ظلم کرے اور اس کے شوہر علی المرتضیٰ پر ظلم کرے اور اس پر جو ان کی اولاد پر ظلم کرے ان کے لیے ویل ہے ہلاکت ہی ہلاکت ہے۔

(۱) بخاری، ص:۵۳۴، مسلم، ج:۲۹۸، ترمذی، ج:۱

(۲) مستدرک، ص:۱۵۶، مدارج النبوت،

(۳) الحیات، ج:۱، ص:۱۰۵، سوانح کربلا، مستدرک حاکم، نزہۃ المجالس۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# قیامت کے دن نداء ہوگی اہلِ محشر اپنی نگاہوں کو جھکالو فاطمہ بنتِ رسول کا ستّر ہزار حوروں کے ساتھ گزر ہورہا ہے

حضرت ابوایوب انصاری اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ روزِ قیامت ایک ندا ہوگی۔

اِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ نَادٰى مُنَادٍ مِنْ وَّرَاءِ الْحِجَابِ يَا اَهْلَ الْجَمْعِ غُضُّوا اَبْصَارَكُمْ حَتّٰى تَمُرَّ فَاطِمَةُ بِنْتِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَمُرَّ وَمَعَهَا سَبْعُوْنَ الْجَارِيَةَ مِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ كَالْبُرَاقِ۔

قیامت کے دن ایک نداء کرنے والا ندا کرے گا پردہ میں سے اے محشر والو! اپنی نگاہوں کو جھکالو یہاں تک کہ سیّدہ فاطمہ بنت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گزر جائیں چنانچہ سیّدہ ستر ہزار حوروں کے ساتھ براق کی طرح تیزی سے گزر جائیں گی۔

## وصالِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صدمۂ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا

حضرت سیّدہ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیمار ہوئے تو سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا حاضر ہوئیں آپ نے دیکھا تو فرمایا مرحبا میری بیٹی اور پیار و محبت سے اپنے پاس بٹھا کر آہستہ آہستہ ان سے کچھ باتیں کیں جن کو سن کر سیّدہ زار و قطار رونے لگیں جب آپ نے ان کے غم اور دکھ کو دیکھا تو پھر ان سے آہستہ آہستہ باتیں کیں تو پھر آپ ہنسنے لگیں سیّدہ ام المؤمنین فرماتی ہیں میں نے سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ حضور علیہ السلام نے آپ سے کیا گفتگو فرمائی جس سے آپ روئیں اور بعد میں آپ ہنسیں۔ سیّدہ نے فرمایا میں آپ کے راز کو ظاہر نہیں کرنا چاہتی جب حضورِ اقدس علیہ السلام انتقال کر گئے تو میں نے سیّدہ کو قسم دے کر کہا کہ تم مجھے ضرور بتاؤ کہ تم پر سیّد عالم علیہ السلام نے کیا ظاہر کیا تھا۔ سیّدہ نے کہا مجھے پہلی مرتبہ ابا جان نے فرمایا تھا میرے وصال کا وقت قریب آ گیا ہے اور میں تم سے جدا ہونے والا ہوں بیٹی صبر کرنا اور خدا سے ڈرتے رہنا تو میں رو پڑی جب زیادہ غمگین ہوگئی تو آپ نے فرمایا بیٹی کیا تم کو خوشخبری نہ دوں جس سے تمہارا غم دور ہو جائے میں نے کہا ابا جان جی ہاں آپ نے فرمایا:

اَلَا تَرْضِيْنَ اَنْ تَكُوْنِيْ سَيِّدَةِ نِسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَوْنِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ وَفِيْ رِوَايَةٍ اِنِّيْ اَوَّلَ بَيْتِهٖ اَتْبَعَهٗ. فَضَحِكْتُ (۱)

کیا تو اس پر راضی نہیں ہے کہ تو سارے جہاں اور جنت کی عورتوں کی سردار ہو اور فرمایا کہ میری اہل بیت میں سے سب سے پہلے مجھ سے تم ہی آ کر ملو گی۔ یہ سن کر میں خوش ہوگئی اور ہنسنے لگی۔

حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وصال شریف پر سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو جو صدمہ پہنچا وہ بیان سے باہر ہے خود شیرِ خدا علی المرتضیٰ فرماتے ہیں کہ سیّدِ عالم علیہ السلام کے وصال شریف کے بعد سیّدہ فاطمہ اکثر روتی اور فرمایا کرتی تھیں ہائے ابا جان جِنَانُ الْخُلْدِ رَبُّهٗ يُكْرِمُهٗ رَبُّهٗ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ یعنی رب کو پیارے ہو گئے خلد کے باغات میں آرام پذیر ہو گئے ان کا رب ان کی تکریم اور ان پر سلام بھیج رہا ہے۔

(۱) مشکوٰۃ و مستدرک

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# قبرِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا حال

ثُمَّ جَاءَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا فَأَخَذَتْ قُبْضَةً مِنْ تُرَابِ الْقَبْرِ فَوَضَعَتْهُ عَلٰى عَيْنَيْهَا وَبَكَتْ وَانْشَدَّتْ:

مَاذَا عَلٰى مَنْ شَمَّ تُرْبَةَ اَحْمَدَا
اَنْ لَّا يَشَمَّ مَدَّالزَّمَانِ غَوَالِيَا
صَبَّتْ عَلَيَّ مَصَائِبَ لَوْاَنَّهَا
صَبَّتْ عَلَى الْاَيَّامِ صَرْنَ لَيَا لَيَا

پھر سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا قبرِ اقدس پر آئیں اور ایک مٹھی خاک لے کر قبرِ اقدس سے اپنی آنکھوں پر رکھی اور بہت روئیں اور یہ کہا:

جس کو احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مزارِ اقدس کی خوشبودار مٹی ملے اس کو زمانہ بھر کی خوشبوئیں پسند نہیں آئیں گی آپ کے وصال کے بعد جو سخت مصیبتیں مجھ پر آئی ہیں میں اگر وہ دنوں پر آجاتیں تو وہ راتیں ہو جاتے۔ (۱)

جب سیّدہ فاطمہ دوسری مرتبہ قبرِ اطہر پر حاضر ہوئیں تو وہ شعر پڑھے۔ جن کا ترجمہ یہ ہے۔

جب شوقِ ملاقات شدت کی صورت اختیار کر جاتا ہے تو روتے ہوئے آپ کی قبرِ اقدس کی زیارت کو آجاتی ہوں اور شکوہ کرتی ہوں، اور جب دیکھتی ہوں کہ آپ جواب نہیں دیتے۔

☆ اے قبرِ انور میں آرام فرمانے والے میری گریہ وزاری دیکھ ان تمام مصائب میں تیری یاد ہی میرا سکونِ قلب ہے۔
☆ اگرچہ آپ بظاہر مجھ سے خاکِ قبر میں غائب ہیں مگر میرے قلب حزیں سے غائب نہیں۔
☆ میری جان درد وغم اور رنج والم میں گھر گئی ہے اے کاش یہ جان درد وغم کے ساتھ نکل جاتی۔
☆ آپ کے بعد جینے میں کوئی بہتر نہیں ہے اور میں نہیں روتی مگر اس خوف سے کہ کہیں میری زندگی لمبی نہ ہو جائے۔ (۲)

# سیّدہ کے گریہ وغم میں جہان کی شرکت

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کی جدائی کے صدمہ میں آپ اس قدر غمگین تھیں کہ آپ کے رنج وغم اور گریہ وزاری سے دوسرے لوگ بھی بہت متاثر ہوئے چنانچہ سیّدہ ہند بنتِ اثاثہ نے حضور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصالِ اقدس پر جو اشعار سیّدہ کی طرف منسوب کر کے کہے ان کا ترجمہ یہ ہے:

☆ اے فاطمہ اس وصال پانے والے کے صدمہ پر تیرے رونے نے میرے بال سفید کر دیے اور مجھ کو ضعیف کر دیا۔
☆ اے فاطمہ صبر کرو بے شک تمہارے غم نے دور کے لوگوں کو بھی غمزدہ کر رکھا ہے۔
☆ اور خشکی وتری والے سب اس میں شریک ہیں اس غم ومصیبت نے کسی کو تنہا نہیں چھوڑا۔

(طبقات ابنِ سعد: ۳۷۰)

(۱) مدارج النبوت، ج:۲، ص:۴۴۲ (۲) مدارج النبوت، ج:۲، ص:۴۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# سیّدہ کی گود میں اونٹنی نے جان دے دی

حضور سیّدِ عالم کی اونٹنی نے آپ کے وصالِ اقدس کی جدائی کے صدمہ میں کھانا پینا چھوڑ دیا تھا چنانچہ ایک رات سیّدہ کو یہ اونٹنی ملی تو اس نے کہا:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بِنْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَكَ حَاجَةٌ اِلٰى اَبِيْكَ فَاِنِّيْ ذَاهِبَةٌ اِلَيْهِ فَبَكَتْ فَاطِمَةُ وَجَعَلَتْ رَأْسَهَا فِيْ حِجْرِهَا حَتّٰى مَاتَتْ فِيْ تِلْكَ السَّاعَةِ فَكَفَنَّاهَا فِيْ عُبَاءٍ وَدَفَنَّاهَا ثُمَّ كَشَفُوْا عَنْهَا بَعْدَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهَا اَثَرًا (۱) (نزھۃ المجالس:۲:۱۷۶)

اے رسول اللہ ﷺ کی شہزادی تجھ پر سلام ہو کیا آپ اپنے باپ کو کوئی پیغام دینا چاہتی ہیں تو دے دیں میں ان کے پاس جا رہی ہوں اتنا سننا تھا کہ سیّدہ زار و زار رونے لگیں یہ حال دیکھ کر اونٹنی نے اپنا سر سیّدہ کی گود میں رکھ دیا، اور اسی وقت اونٹنی جان بحق ہو گئی۔ تو پھر اس کو کفن دے کر دفنا دیا گیا تین یوم کے بعد قبر کھولی گئی تو وہاں اس کا کوئی اثر نہیں تھا۔

# یوم محشر خون آلود قمیص اور سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا ہے کہ قیامت کے روز میری بیٹی فاطمہ ایسے حال میں میدانِ قیامت میں آئے گی۔

وَمَعَهَا ثِيَابٌ مَخْضُوْبَةٌ بِالدَّمِ تَتَعَلَّقُ بِقَائِمَةٍ مِّنْ قَوَائِمِ الْعَرْشِ تَقُوْلُ يَا حَكَمَ أَحْكِمْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ مَنْ قَتَلَ وَلَدِيْ فَيَحْكُمُ اللّٰهُ بِنْتِيْ وَرَبُّ الْكَعْبَةِ۔

(الحیات،۱:۱۰۸)

کہ ان کے ہمراہ بہت سے کپڑے ہوں گے جو لہو سے رنگین ہوں گے اس وقت فاطمہ رضی اللہ عنہا عرش کے ایک ستون کو پکڑ کر عرض کریں گی اے احکم الحاکمین میرے اور میرے فرزندوں کے قاتلوں کے درمیان فیصلہ فرما قسم ہے پروردگار کعبہ کی کہ اللہ تعالیٰ میری بیٹی کے حق میں فیصلہ فرمائے گا۔

دوسری حدیث حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ حضور سیّدِ عالم علیہ السلام نے فرمایا ہے:

اِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ نَادٰى مُنَادٍ مِّنْ بَطَانِ الْعَرْشِ يَا اَهْلَ الْقِيٰمَةِ اُغْضُوْا اَبْصَارَكُمْ بِتَجَوَّزَ فَاطِمَةُ بِنْتِ مُحَمَّدٍ مَعَ قَمِيْصٍ مَخْضُوْبٍ بِدَمِ الْحُسَيْنِ فَتَحْتَوِيْ عَلٰى سَاقِ الْعَرْشِ فَتَقُوْلُ اَنْتَ الْجَبَّارِ الْعَدْلِ اَقْضِ بَيْنِيْ وَ بَيْنَ مَنْ قَتَلَ وَلَدِيْ فَيُقْطٰى اللّٰهُ بِنْتِيْ وَ رَبُّ الْكَعْبَةِ ثُمَّ تَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اَشْفِعْنِيْ فِيْمَنْ بَكٰى عَلٰى مُصِيْبَتِهٖ فَيَشْفَعُهَا اللّٰهُ فِيْهِمْ (الحیات، ج:۱، باب فاطمۃ الزہرا)

جب روزِ قیامت ہو گا تو وسطِ عرش سے ایک منادی ندا کرے گا اے اہلِ محشر اپنی آنکھیں بند کر لو تا کہ فاطمہ بنتِ محمد ﷺ خونِ حسین سے رنگین شدہ قمیص کو اپنے ہمراہ لیے ہوئے گزر جائیں پس فاطمہ ساقِ عرش کو پکڑ کر عرض کریں گے اے اللہ تو جبار اور عادل ہے میرے فرزند حسین کے قاتلوں کے اور میرے درمیان فیصلہ کر پروردگار کعبہ کے رب کی قسم ہے کہ اللہ تعالیٰ میری بیٹی کے حق میں فیصلہ فرمائے گا اس کے بعد فاطمہ عرض کریں گی اے اللہ جو لوگ میرے حسین پر روئے ہیں مجھ کو ان کا شفیع مقرر کر تب اللہ تعالیٰ ان کو ان کے حق میں شفیع کرے گا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# سیّدہ کا وصال

سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے ابا جان سرکار محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جدائی میں چھ ماہ رو رو کر بڑی مشکل سے دن پورے فرمائے یومِ وصال سیّدہ نے خود غسل فرمایا اور پاکیزہ کپڑے پہنے اور نماز ادا کی بعدِ ازاں اپنا داہنا ہاتھ رخسار کے نیچے رکھ کر قبلہ رو لیٹ گئیں اور فرمایا میں اپنی جان اللہ تعالیٰ کے سپرد کر رہی ہوں ۳ رمضان المبارک شبِ سہ شنبہ کو ہجر و فراق و درد و غم کی کٹھن منزلوں سے گزر کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جگر پارۂ اقدس ان سے جاملا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن (۱)

# سیّدہ کی جدائی اور سیّدنا علی المرتضیٰ

اس عظیم وصال مبارک پر سیّدین حسنین کریمین عظیمین اپنی امی جان کو رو رو کر یاد کرتے رہے کہ نانا جان کے وصالِ مقدس کو آج امی جان نے یاد کرا دیا ہے شیرِ خدا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ بھی روتے رہے اور آپ نے شہزادوں کو صبر کی تلقین فرمائی اور سیّدہ فاطمۃ الزہرا کی طرف منسوب کر کے اس طرح فرمایا:

حَبِیْبٌ لَیْسَ بَعْدَہٗ حَبِیْبٌ
وَمَا سِوَاہُ فِیْ قَلْبِیْ نَصِیْبٌ

مجھ سے وہ پیارا جدا ہوا جس کے بعد اب کوئی محبوب ہی نظر نہیں آتا اور میرے دل میں اس کے سوا کسی کا حصہ بھی نہیں۔

(تاریخ ابن عساکر ۶۹:۱۱۸)

اَرٰی عِلَلَ الدُّنْیَا عَلٰی کَثِیْرَۃٍ وَصَاحِبُھَا حَتّٰی الْحِمَاۃِ عَلِیْلٌ

دنیا کے امراض بہت دیکھتا ہوں اور مریض بلکہ موت بھی بیمار نظر آتا ہے۔

لِکُلِّ اجْتِمَاعٍ مِنْ قَلِیْلَنْ فَوْقَہٗ
وَکُلِّ الَّذِیْ دُوْنَ الْفِرَاقِ قَلِیْلٌ

میرا اجتماع میں فراق ضروری ہے اور ہر وصل سوائے فراق کے کم ہے۔

وَاِنْ اِفْتِقَادِیْ فَاطِمَۃَ بَعْدَ اَحْمَدَ
دَلِیْلٌ عَلٰی اَنْ لَّا یَدُوْمَ خَلِیْلٌ

اور سیّدہ فاطمہ کی جدائی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد دلیلِ ظاہر علامتِ باہر ہے کہ کسی کا محبوب ہمیشہ کسی کے پاس نہیں رہتا۔ (۲)

(۱) مستدرک حاکم، ج:۳، ص:۱۶۳ (۲) المستدرک للحاکم، ج:۳، ص:۱۶۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## سیّدہ کی اولادِ طاہرہ

سیّدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کے بطنِ اقدس سے حضرت سیّدنا امام حسن، سیّدنا امام حسین، سیّدہ امِ کلثوم، سیّدہ زینب تولد ہوئے اس پر تو اتفاق ہے لیکن بعض نے یہ بھی لکھا ہے کہ ایک محسن اور رقیہ بھی پیدا ہوئے لیکن صغرسنی میں انتقال کر گئے حضرت سیّدہ امِ کلثوم کا نکاح سیّدنا عمر فاروق سے ہوا ان کے بطن سے زید اور رقیہ پیدا ہوئے حضرت فاروق اعظم کے بعد ان کا نکاحِ ثانی عون بن جعفر طیار سے ہوا ہکذا فی البخاری مناقبِ فاطمہ۔ اور زید بن عمر کا انتقال اس روز ہوا جس روز ان کی والدہ امِ کلثوم بنتِ علی المرتضیٰ کا ہوا تھا بنو عدی کسی بات پر جھگڑ رہے تھے زید صلح کرانے کے لیے تاریکی میں نکلے ان کی کوئی شناخت نہ کر سکا ایک شخص کی ضرب ان کے سر پر لگ گئی مضروب ہو کر راہگیرِ عالم بقا ہوئے۔ سیّدہ زینب بنتِ فاطمہ کا نکاح عبداللہ بن جعفر طیار سے ہوا میدانِ کربلا میں اپنے برادرِ مکرم و معظم سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہمراہ تھیں گرفتاری کے بعد بھی انہوں نے نہایت صبر و استقامت سے جملہ مصائب کو برداشت فرمایا اور اہلِ بیت حسینی کی نگہبانی فرمائی اور اپنے لختِ جگر کو بھی قربان کر دیا۔ (۱)

آیۂ تطہیر سے جس میں پودے جمے
اس ریاضِ نجابت پہ لاکھوں سلام

سیّدنا امام حسن و سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے بارے میں تفصیلی بیان ان کے باب میں ہے۔

## سیّدہ کی نمازِ جنازہ

سیّدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کا وصال شبِ سہ شنبہ تیسری رمضان ۱۱ھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے چھ ماہ بعد واقع ہوا یہی قول مشہور و صحیح ہے اور بھی کئی قول ہیں لیکن وہ درجہ صحت سے دور ہیں اور بقیع شریف میں رات کے وقت دفن ہوئیں ان کی نمازِ جنازہ ایک قول سے حضرت علی اور ایک قول سے حضرت عباس نے پڑھائی بعض لوگ کہتے ہیں کہ دوسرے دن ابوبکر صدیق اور عمر فاروق اور دیگر اصحاب نے حضرت علی المرتضیٰ سے شکایت کی کہ ہمیں کیوں خبر نہ کی ہم بھی نماز کا شرف پاتے حضرت علی المرتضیٰ نے عذر خواہی میں فرمایا میں نے فاطمہ کی وصیت کی بنا پر ایسا کیا کہ جب میں دنیا سے رخصت ہو جاؤں تو رات کو دفن کرنا تاکہ نامحرموں کی آنکھیں میرے جنازہ پر نہ پڑیں۔ اور روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق نے نمازِ جنازہ پڑھائی اور حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان اور عبدالرحمن بن عوف، زبیر بن العوام بھی شریک ہوئے سیّدنا علی المرتضیٰ نے ابوبکر صدیق سے کہا کہ آپ نمازِ جنازہ پڑھائیں حضرت نے فرمایا کیا میں آپ کے ہوتے ہوئے آگے بڑھوں سرکار نے فرمایا ہاں میں اجازت دیتا ہوں آپ سیّدہ کی نمازِ جنازہ پڑھائیں۔

فَصَلّٰی اَبُوْبَکْرِ نِ الصِّدِّیْقُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَلٰی فَاطِمَۃَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَکَبَّرَ عَلَیْھَا اَرْبَعًا۔ (۲)
ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فاطمہ بنتِ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر چار تکبیروں سے نماز جنازہ پڑھائی۔

(۱) الحیات والجواہر، ج:۱، ص:۱۰۸ (۲) مدارج النبوت، طبقات ابنِ سعد، ج:۸، ص:۲۹۔ ترتیب الشرائع، ص:۳۱۳۔ شرح نہج البلاغہ، ص:۱۰۰۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس سے معلوم ہوا کہ یہ ناممکن ہے کہ خلیفۂ اوّل اور دیگر اصحابِ عظام ایسی عظیم شخصیت کے نمازِ جنازہ میں شریک نہ ہوتے یہ محض اصحاب کی عداوت کی بناء پر مشہور کر رکھا ہے۔ جہاں تک سیّدہ کے پردہ کا تعلق ہے تو وہ باوجود اس کے کہ رات کو جنازہ تاریکی میں اٹھایا گیا اور نماز جنازہ بھی پڑھی گئی اور جنازہ کی چارپائی پر کھجوروں کی سبز ٹہنیاں اس طرح لگائی گئیں جیسے کوہان ہوتی ہے ایسی صورت میں کیسے بے پردگی ہو سکتی تھی جب بے پردہ ہونے کی ہیت تک نہیں تو اس امر کی دلیل اصحاب کے شریک نہ ہونے میں کیسے قابلِ قبول ہو سکتی ہے۔

## سیّدہ کا مرقدِ اقدس

سیّدہ کے محلِ دفن میں اختلاف ہے بعض کا خیال ہے کہ آپ کا مرقد بقیع میں حضرت عباس کے قبہ میں ہے جہاں تمام اہلِ بیت نبوت آسودہ ہیں اور بقیع کے تمام مزارات اور قبوں کو مخالفین نے اپنے دورِ استبداد ۱۳۴۳ھ میں شہید کر دیا اور بعض نے کہا ہے کہ ان کا مدفن ان کے گھر ہی میں ہے جو کہ مسجدِ نبوی شریف میں ہے جو قبہ عباسی کے نام سے منسوب ہے اور شرقی جانب ہے امام غزالی نے بقیع کی زیارت میں اس مسجد کا ذکر کیا ہے اور اس میں نماز پڑھنے کی وصیت فرمائی ہے اور بعض اور حضرات نے بھی اس کا ذکر کیا ہے اور کہتے ہیں کہ وہ ''بیت الحزن'' کے نام سے مشہور ہے کیونکہ سیّدہ فاطمہ رسول اللہ ﷺ کے غم وجدائی کی مصیبت کے زمانہ میں لوگوں کی صحبت سے پریشان ہو کر تنہائی اختیار کر کے اس جگہ قیام پذیر ہو گئی تھیں نیز کہتے ہیں کہ اس جگہ ایک گھر ہے جسے علی المرتضیٰ نے بقیع میں لیا تھا (وَاللّٰہُ اَعْلَمُ) پہلا قول صحیح ہے اور اخبار و آثار کے موافق ہے۔ (۱)

مسعودی نے ''مروج المذہب'' میں بیان کیا ہے کہ امام حسن، امام زین العابدین، امام محمد باقر، امام جعفر صادق کی قبروں کی جگہ میں ایک پتھر پاتے ہیں جس پر لکھا ہوا ہے: هٰذا قَبْرُ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ وَقَبْرُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ

اس پتھر کا ظہور ۳۰۴ھ میں ہوا امام المسلمین سیّدنا حسن بن علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے دفن کے قصہ میں مروی ہے انہوں نے وصیت کی تھی کہ اگر لوگ مزاحمت نہ کریں تو مجھے نانا جان کے پاس دفن کرنا ورنہ پھر بقیع میں میری امی جان کے پہلوئے اقدس میں دفن کرنا غرض آپ کی قبر شریف میں یہی مختار ہے محب طبری ذخائر العقبیٰ میں نقل کرتے ہیں کہ مجھے ایک مردِ صالح نے جو میرے ساتھ خدا کے لیے اخوت رکھتا تھا خبر دی کہ جب شیخ ابو العاص مرسی جو کہ شیخ ابو الحسن شاذلی کے شاگرد ہیں وہ بقیع کی زیارت کرتے تو وہ حضرت عباس عم الرسول کے قبہ کے آگے کھڑے ہو کر۔ سیّدہ فاطمة الزهرا رضی الله عنها پر سلام پڑھتے تھے اور فرماتے ہیں کہ شیخ پر اسی جگہ قبرِ اطہر منکشف ہوئی اور فرماتے ہیں کہ عرصۂ دراز تک اس بنا پر کہ جو اعتقاد مجھے حضرت شیخ سے ملتا اسی اعتقاد پر قائم رہا یہاں تک کہ میں نے وہ روایت ابن عبد البر سے جو امام حسن کے انتقال کے قصہ میں منقول ہے دیکھی اس کے بعد شیخ نے جو خبر کشف سے دی تھی اس پر میرا اعتقاد زیادہ ہو گیا اور فرمایا حدیث کی صحت مجھ پر شیخ کے کشف سے ثابت ہوئی اور حدیث کے مطابق شیخ کا کشف صحیح پایا۔ واللہ اعلم۔ اتفاق اسی پر ہے کہ سیّدہ کی قبرِ اقدس بقیع میں ہے اور امام حسن، زین العابدین اور عم الرسول عباس رضی اللہ عنہم کی قبور منورہ ان کے پہلو بہ پہلو ہیں۔ (۲)

(۱)،(۲) مدارج النبوت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

رشتۂ آئینِ حق زنجیرِ پاست
پاسِ فرمانِ جنابِ مصطفیٰ است
ورنہ گرد تربتش گردیدمے
سجدہ ہا بر خاکِ او پاشیدمے

علامہ اقبال سیالکوٹی فرماتے ہیں۔ میرے پاؤں میں قانونِ خداوندی کی زنجیر ہے اور رسول اللہ ﷺ کے حکم کا پاس ہے ورنہ میں سیّدہ فاطمۃ الزہرا خاتونِ جنت کے مزارِ اقدس کا طواف کرتا اور آپ کی قبرِ اقدس پر سجدے کرتا۔ (۱)

(۱) رموزِ اقبال

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## باب ۵

# ۱۔ اہلِ بیتِ نبوت در آیۂ مودّت

قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى۔ تم فرماؤ میں اس پر تم سے کچھ اجرت نہیں مانگتا مگر قرابت کی محبت۔

(الشوریٰ:۲۵)

اس آیتِ شریفہ میں حضور مصطفیٰ ﷺ کی زبانِ مبارک سے قرآن میں فرمایا گیا۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے میرے محبوب ان کو فرما دیجئے کہ میں تم سے کوئی مال، دولت ساز و سامان اس تبلیغ و ہدایت کے بدلے نہیں مانگتا بلکہ میں تم سے اپنی اہلِ قرابت کی محبت مانگتا ہوں جس پر تمہاری کوئی قیمت خرچ نہیں ہو رہی صرف ان کی محبت تمہاری فلاحیت کے لیے چاہتا ہوں اسی آیت شریفہ کے نازل ہونے کے بعد تمام صحابہ کرام علیہم الرضوان نے بارگاہِ رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام میں عرض کیا: یا سیّدی رسول اللہ! ہمارے ماں باپ آپ پر قربان ہو جائیں وہ کون ہیں جن کی محبت کا خدا نے اور رسول نے قرآن میں حکم فرمایا ہے چنانچہ حضرت سیّدنا عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اصحابِ نبوت نے بارگاہِ نبوت سے جب پوچھا

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ قَرَابَتُكَ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ وَجَبَتْ عَلَيْنَا مَوَدَّتُهُمْ قَالَ عَلِيٌّ وَفَاطِمَةُ وَوَلَدَاهُمَا (۱)

یا رسول اللہ! وہ آپ کے قریبی کون لوگ ہیں جن کی محبت ہم پر واجب فرمائی گئی ہے فرمایا: علی و فاطمہ اور ان کے دونوں بیٹے (حسن و حسین)۔

اَنَّهٗ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ، قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ قَرَابَتُكَ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ وَجَبَتْ عَلَيْنَا مَوَدَّتُهُمْ فَقَالَ عَلِيٌّ وَفَاطِمَةُ وَابْنَاهُمَا (۲)

جب یہ آیت نازل ہوئی تو عرض کیا گیا یا رسول اللہ آپ کے کون سے قرابت والے ہیں جن کی محبت و مودت ہم پر فرض کی گئی ہے تو آپ نے فرمایا علی فاطمہ اور ان کے دونوں شہزادے۔

---

(۱) زرقانی علی المواہب، ج:۷، ص:۲۰ (۲) تفسیر درمنثور، ج: ۶، ص:۷

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مَنْ عَرَفَنِیْ فَقَدْ عَرَفَنِیْ وَمَنْ لَمْ یَعْرِفْنِیْ فَاَنَا الْحَسَنُ بْنِ مُحَمَّدٍ ثُمَّ تَلَا وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَائِیْ اِبْرَاهِیْمَ۔ ثُمَّ قَالَ اَنَا اِبْنُ الْبَشِیْرُ وَاَنَا ابْنُ النَّذِیْرُ ثُمَّ قَالَ وَاَنَا مِنْ اَهْلِ الْبَیْتِ الَّذِیْنَ افْتَرَضَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ مَوَدَّتَهُمْ وَمَوَالَاتَهُمْ فَقَالَ فِیْمَا اَنْزَلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قُلْ لَآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی۔ (۱)

جو مجھے پہچانتا ہے وہ تو مجھے پہچانتا ہی ہے اور جو مجھے نہیں پہچانتا وہ جان لے کہ میں حسن بن محمد ہوں۔ فرزندِ رسول اللہ ﷺ پھر یہی آیت تلاوت فرمائی: وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَاءِیْ اِبْرَاهِیْمَ الایہ پھر فرمایا: اور میں نے تو اپنے باپ دادا ابراھیم کے دین کی پیروی کر رکھی ہے میں بشیر ونذیر کا فرزند ہوں اور میں اہلِ بیتِ نبوت سے ہوں جن کی محبت و دوستی اللہ تعالیٰ نے تم پر فرض فرمائی ہے اور اس کے متعلق اس نے اپنے نبی ﷺ پر یہ آیت نازل فرمائی: فرمادیجیے: میں اس (تبلیغِ رسالت) پر تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتا مگر قرابت داروں کی محبت چاہتا ہوں۔

قرآن کی آیتِ شریفہ اور مفسرین کرام علیہم الرحمہ کی تفاسیر سے معلوم ہوا کہ حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم اور سیّدہ فاطمۃ الزہرا اور سیّدین حسنین وکریمین رضی اللہ عنھم کو انتہائی شرف اور منفرد مقام حاصل ہے اور ان کی محبت کو اللہ تعالیٰ اور رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قرآن میں بیان فرمادیا ہے۔

## ۲۔ عظمتِ اہلِ بیت در آیۂ مباہلہ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ نجران کے عیسائیوں کا ایک وفد حضور سیّد العالمین ﷺ کی خدمتِ اقدس میں بغرضِ مناظرہ حاضر ہوا اور انہوں نے عرض کیا کہ آپ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: وہ اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول اور اس کے کلمہ ہیں جو کنواری بتول مریم علیہا السلام کی طرف القا کئے گئے تھے۔ وہ کہنے لگے وہ تو اللہ کے بیٹے ہیں۔ آپ نے فرمایا وہ کیسے؟ کہنے لگے آپ نے کوئی ایسا بندہ بھی دیکھا ہے جو بغیر باپ کے پیدا ہوا ہو؟ حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اگر یہی دلیل ان کے بیٹے (ابن اللہ) ہونے کی ہے تو پھر مجھے بتاؤ کہ حضرت آدم علیہ السلام کے متعلق تمہیں بدرجہ اولیٰ یہ عقیدہ رکھنا چاہیے کیونکہ وہ تو ماں اور باپ دونوں کے بغیر پیدا ہوئے ہیں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تو پھر بھی والدہ محترمہ ہیں اب باوجود اس کے کہ ان کے پاس کوئی معقول جواب نہیں تھا محض ایک ہٹ دھرمی کرتے ہوئے جھگڑنے لگے۔ آپ نے فرمایا اگر ایسا ہی ہے تو پھر تم ایسا کرو کہ میرے ساتھ مباہلہ کرلو جو سچا ہوگا وہ بچ جائے گا اور جو غلط ہوگا وہ تباہ ہوجائے گا تمہارے اور ہمارے سچے وجھوٹے عقیدہ کا پتہ چل جائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے اس مباہلہ کے بارے میں قرآن میں ارشاد فرمایا:

فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَکُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَکُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَکُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَی الْکٰذِبِیْنَ۔ (اٰل عمران:۶۱)

تو ان سے فرمادو آؤ ہم بلالیں اپنے بیٹے اور تمہارے بیٹے اور اپنی عورتیں اور تمہاری عورتیں اور اپنی جانیں اور تمہارے جانیں پھر مباہلہ کریں تو جھوٹوں پر اللہ کی لعنت ڈالیں۔

(۱) صواعق محرقہ، ص:۱۶۸۔ جلالین، ج۲ ص:۳۲۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس عیسائی وفد نے یہ سن کر کہا کہ اچھا ہم کو تین دن کی مہلت دے دیں سرکار آقا دو جہاں علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تین یوم کی مہلت بھی ان کو دے دی جب تین روز گزر گئے تو وہ عیسائی نہایت شاندار پوشاکیں پہن کر اور اپنے بڑے بڑے پادریوں کو ساتھ لے کر آ گئے۔ ادھر حضور سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام اس عظیم شان وشوکت سے تشریف لائے کہ گود میں سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور دائیں طرف آپ کا ہاتھ مبارک پکڑے ہوئے سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ ہیں اور خاتونِ جنت سیّدہ فاطمہ الزہرہ رضی اللہ عنہا اور سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم دونوں پیچھے پیچھے ہیں اور حضور علیہ السلام ان سے فرما رہے تھے کہ جب میں دعا کروں تو تم سب آمین کہنا۔
پھر حضور علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا فرمائی:

اَللّٰھُمَّ ھٰؤُلَاءِ اَھْلُ بَیْتِیْ۔ اے اللہ یہ میری اہلِ بیت ہیں۔

عیسائیوں کے سب سے بڑے پادری نے جب یہ حسین منظر دیکھا تو پکار اٹھا اور کہنے لگا اے عیسائیو!

اِنِّیْ لَاَرٰی وُجُوْھًا لَوْ سَأَلُوا اللّٰہَ اَنْ یُّزِیْلَ جَبَلًا مِّنْ مَکَانِہٖ لَاَزَالَہٗ مِنْ مَّکَانِہٖ تُبْتَھِلُوْا فَتَھْلِکُوْا وَلَا یَبْقٰی عَلٰی وَجْہِ الْاَرْضِ نَصْرَانِیٌّ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ فَقَالُوْا: یَا اَبَا الْقَاسِمِ! قَدْ رَاَیْنَا لَا نُلَاعِنُکَ وَاَنْ نَتْرُکَکَ عَلٰی دِیْنِکَ وَ نَتْرُکَنَا عَلٰی دِیْنِنَا۔ (تفسیر بغوی ۱:۳۱۰)

بیشک میں ایسے چہرے دیکھ رہا ہوں کہ اگر یہ لوگ اللہ سے سوال کریں کہ وہ پہاڑوں کو ان کی جگہ سے ہٹا دے تو اللہ تعالیٰ ان کی دعا سے پہاڑوں کو ہٹا دے گا۔ خدا کے لیے ان سے مباہلہ نہ کرو ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے اور روئے زمین پر قیامت تک کوئی نصرانی باقی نہ رہے گا۔ پس انہوں نے کہا اے ابو القاسم ہم آپ سے مباہلہ نہیں کرتے آپ اپنے دین پر رہیں اور ہمیں اپنے دین پر رہنے دیں۔

پھر انہوں نے کچھ جزیہ دے کر صلح کر لی حضور محبوب رب العالمین علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا خدا کی قسم عذابِ خداوندی ان کے قریب آ گیا تھا اگر مباہلہ ہو جاتا تو یہ سب بندر اور سور بن جاتے اور ان کا جنگل آگ سے بھڑک اٹھتا اور نجران کے پرند و چرند تک نیست و نابود ہو جاتے۔

آیتِ شریفہ اور تفاسیر و احادیث سے ثابت ہوا کہ اہلِ بیتِ نبوت کی شان و عظمت کس قدر بلند ہے۔ واضح رہے کہ یہ مباہلہ کی صورت ۱۰ھ کو پیش آئی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اس وقت چار صاحبزادیوں میں سے صرف ایک صاحبزادی سلام اللہ علیہا بظاہر دنیا میں حیات تھیں باقی صاحبزادی حضرت سیّدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ۲ھ میں ہو چکا تھا اور سیّدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا انتقال ۹ھ میں ہو چکا تھا اور سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا کا انتقال ۸ھ میں ہو چکا تھا لہٰذا ان کو ہمراہ نہ لے جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہو سکتا تھا اور یہ خیال کرنا کہ ایک ہی بیٹی تھی جس کو لے گئے تھے بالکل دلیل نہیں بن سکتی جیسا کہ اس کا تفصیلی ذکر بنات النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے باب میں بیان کیا گیا ہے اس کے ساتھ ہی یہ بھی جاننا ضروری ہے کہ آپ نے اس موقعہ پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو کیوں ہمراہ نہ لیا اگر صحابہ عظام کو نہیں لے گئے تو یہ تنقیص صحابہ و توہین صحابہ کی بھی دلیل نہیں ہے صحابہ عظام نے عظیم معرکوں میں بے مثال قربانیاں دی ہیں جس کا کسی کو انکار نہیں ہاں اس موقعہ پر صحابہ عظام کو ساتھ نہ لے جانا اس بات کا ثبوت ہے کہ وہاں جھوٹوں کے لیے عذاب اور ہلاک ہونے کی بد دعا تھی اگر آپ صحابہ کرام کو ہمراہ لے جاتے تو عیسائی کہہ سکتے تھے کہ شائد ان کو معاذ اللہ اپنی ہلاکت کا خطرہ پڑ گیا ہے اس لیے اپنے بچوں کو نہیں لائے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اور ان کو بچا لیا حالانکہ ان کے رب کا حکم ہے اس لیے حضور سیّدِ عالم ﷺ صرف اپنی اولاد کو ہی میدان میں لائے تا کہ ان کو معلوم ہو جائے کہ آپ کو اپنی نبوت وصداقت کی حقانیت پر مکمل یقین ہے اگر (معاذ اللہ) ادنیٰ شبہ بھی ہوتا تو آپ اپنے بچوں کو لے کر نہ آتے یہ بھی پتہ چل گیا کہ عیسائیوں کو اپنے عقیدہ کی سچائی پر یقین نہیں تھا جبھی وہ مباہلہ سے اعراض کر گئے۔

## ۳۔ انعاماتِ الٰہیہ بر اہلِ بیتِ نبوت در آیاتِ ابرار

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ سیّدنا امام حسن وسیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہما بیمار ہو گئے تو حضور مصطفیٰ ﷺ اور صحابہ عظام ان کا حال دریافت کرنے کے لیے تشریف لائے تو کچھ صحابہ نے کہا اے علی المرتضیٰ آپ کوئی نذر مانیں تو حضرت علی المرتضیٰ نے فرمایا میں آج سے ہی نذر مانتا ہوں کہ میں اور میری زوجہ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا شہزادوں کو آرام آنے پر تین روزے رکھیں گے شہزادوں کو اللہ تعالیٰ نے شفا دے دی اب ان تین روزوں کی نذر پوری کرنی تھی جب روزہ رکھ لیا گیا تو شام افطاری کے لیے گھر پر کوئی چیز نہ تھی سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کسی سے بطورِ قرض کچھ جو لائے سیّدہ سلام اللہ علیہا نے ان کو چکی میں پیس کر آٹا تیار کیا شام کو جب کھانا تیار فرما لیا روزہ کی افطاری پانی سے فرما لی بعد نمازِ مغرب جب سیّدنا علی المرتضیٰ اور سیّدنا فاطمہ رضی اللہ عنہما اور سیّدنا امام حسن اور سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہما دسترخوان پر کھانا رکھ کر تناول فرمانے لگے تو ابھی ایک لقمہ بھی کسی نے نہیں اٹھایا تھا کہ باہر دروازے سے آواز آئی اے نبی کے گھر والو میں مسکین ہوں بھوکا ہوں مجھے کچھ کھانے کو دیجئے ۔اللہ تعالیٰ آپ کو جنت کے خوانوں پر کھلائے گا یہ سن کر سیّدنا علی المرتضیٰ اور سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہما نے فرمایا تمام دسترخوان کا کھانا اٹھاؤ اور مسکین کے حوالے کر دو ہم پانی پی کر سو جائیں گے معلوم نہیں سائل کتنے دنوں کا بھوکا ہے سب کھانا اٹھا لیا اور مسکین کو دے دیا اب دوسرا روزہ بھی پانی پی کر سحری کا وقت گزار لیا پھر جو پیس کر سیّدہ نے شام کو کھانا تیار کر لیا۔ افطاری پانی سے فرمائی بعد نمازِ مغرب جب کھانا دسترخوان پر رکھا اور یہ نفوسِ مقدسہ کھانا کھانے کے لیے بیٹھے تو ابھی ایک لقمہ بھی نہ اٹھایا تھا کہ باہر دروازے سے آواز آئی اے نبی کے گھر والو! میں یتیم ہوں اگر کچھ کھانے کو ہے تو دے دو سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اے علی المرتضیٰ ہم تو پانی سے وقت گزار ہی لیں گے خواہ کتنی بھوک لگی ہے تمام کھانا جو دسترخوان پر ہے اس یتیم کو دے آؤ آپ نے فرمایا ہاں چنانچہ سب کھانا اٹھا کر یتیم سائل کے سپرد کر دیا۔ رات گزر گئی اور سحری کے وقت پانی پی کر روزہ رکھ لیا سارے دن میں سیّدہ نے اسی طرح بڑی محنت کے بعد شام کو کھانا تیار فرما لیا بعد نمازِ مغرب جب کھانا دسترخوان پر رکھا گیا اور سب نفوسِ مقدسہ کھانا کھانے کے لیے بیٹھے تو کسی نے ابھی ایک لقمہ بھی نہ اٹھایا تھا کہ باہر دروازے پر آواز آئی اے نبی کے گھر والو! میں اسیر ہوں یعنی غلام ہوں بھوکا ہوں کچھ کھانے کو ہے تو دے دو۔ سیّدہ سلام اللہ علیہا نے فرمایا اے علی المرتضیٰ تین روزوں کی نذر تو پوری ہو گئی اور پانی پی کر وقت گزار لیا ہے میرا خیال یہی ہے کہ تمام کھانا سائل اسیر کو دے دیں۔ سیّدنا علی المرتضیٰ نے سارا کھانا اٹھایا اور اسیر کے حوالے کر دیا اب روزوں کی نذر تو پوری ہو ہی گئی لیکن بھوک سے چوتھا روز ہو گیا ہے شدت بھوک اور ضعف سے چلنے پھرنے کی طاقت نہ تھی۔ حضورِ سرورِ کون ومکان علیہ الصلوٰۃ والسلام جب سیّدہ کے پاس آئے تو دیکھا کہ میری شہزادی اور شہزادے حسنین عظمین اور ان کے ابا جان آج اتنے یوم سے بھوکے ہیں اور ان کو کوئی چیز کھانے کے لیے میسر نہ آئی آپ بے قرار ہو گئے اور آنکھوں سے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

آنسو جاری ہو گئے آپ نے صبر کی تلقین فرمائی اسی وقت جبریل علیہ السلام حاضرِ خدمت اقدس ہوئے اور صلوٰۃ وسلام کے بعد عرض کیا مبارک ہو اے اہلِ بیتِ نبوت مبارک ہو تمہاری ادا اللہ تعالیٰ کو پسند آ گئی تم نے خود پانی پی کر روزے رکھے اور دروازہ پر سائلوں کو تین یوم تک خالی نہ موڑا اور سارا کھانا ان کے سپرد کر دیا اللہ تعالیٰ نے تمہارے حق میں آیات نازل فرمائی ہیں:(۱)

يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ۝۷ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا ۝۸ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ۝۹ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ۝۱۰ فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ۝۱۱ وَجَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ۝۱۲ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۚ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ۝۱۳ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ۝۱۴ وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَا ۝۱۵ قَوَارِيْرَا مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا ۝۱۶ وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ۝۱۷ عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ۝۱۸ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۚ اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ۝۱۹ وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا ۝۲۰ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ ۫ وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا ۝۲۱ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ۝۲۲ (الدھر: ۷ تا ۲۲)

اپنی منتیں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی برائی پھیلی ہوئی ہے اور کھانا کھلاتے ہیں اس کی محبت پر مسکین اور یتیم اور اسیر کو ان سے کہتے ہیں ہم تمہیں خاص اللہ کے لیے کھانا دیتے ہیں۔ تم سے کوئی بدلہ یا شکر گزاری نہیں مانگتے بیشک ہمیں اپنے رب سے ایک ایسے دن کا ڈر ہے جو بہت ترش نہایت سخت ہے تو انہیں اللہ نے اُس دن کے شر سے بچا لیا اور انہیں تازگی اور شادمانی دی اور ان کے صبر پر انہیں جنت اور ریشمی کپڑے صلہ میں دیئے جنت میں تختوں پر تکیہ لگائے ہوں گے نہ اس میں دھوپ دیکھیں گے نہ ٹھٹھر اور اس کے سائے ان پر جھکے ہوں گے اور اس کے گچھے جھکا کر نیچے کر دیئے گئے ہوں گے اور ان پر چاندی کے برتنوں اور کوزوں کا دور ہو گا جو شیشے کی مثل ہو رہے ہوں گے کیسے شیشے چاندی کے۔ ساقیوں نے انہیں پورے اندازہ پر رکھا ہو گا اور اس میں وہ جام پلائے جائیں گے جس کی ملونی ادرک ہو گی۔ وہ ادرک کیا ہے جنت میں ایک چشمہ ہے جسے سلسبیل کہتے ہیں اور ان کے آس پاس خدمت میں پھریں گے ہمیشہ رہنے والے لڑکے جب تو انہیں دیکھے تو انہیں سمجھے کہ موتی ہیں بکھیرے ہوئے اور جب تو ادھر نظر اٹھائے ایک چین دیکھے اور بڑی سلطنت اس کے بدن پر ہیں کریب کے سبز کپڑے اور قنادیز کے اور انہیں چاندی کے کنگن پہنائے گئے اور انہیں ان کے رب نے ستھری شراب پلائی۔ ان سے فرمایا جائے گا یہ تمہارا صلہ ہے۔ اور تمہاری محنت ٹھکانے لگی۔

## ۴۔ آیتِ فترضیٰ

وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى۔ (الضحیٰ ۹۳: ۵)

''اور آپ کا رب عنقریب آپ کو اتنا کچھ عطاء فرمائے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے''

اس آیت کے متعلق حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

(۱) تفسیر خازن و مدارک المنزل ج ۴ ص ۳۴۰۔ تفسیر کبیر ج ۸ ص ۳۷۶۔ روح البیان ج ۶ ص ۵۴۶۔ الریاض ج ۲ ص ۳۰۲۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مِنْ رِّضَاءِ مُحَمَّدٍ ﷺ اَنْ لَا يَدْخُلَ مِنْ اَهْلِ بَيْتِهٖ النَّارَ۔ (۱)

سرکار محمد رسول اللہ ﷺ کی رضا میں یہ بھی شامل ہے کہ آپ کی اہلِ بیت میں سے کوئی بھی دوزخ میں نہ جائے گا۔

## ۵۔ آیتِ صدقہ خصوصی عمل

حضور سیدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہِ اقدس میں بعض مالدار لوگ حاضر ہو کر غیر اہم باتوں میں مصروف رہتے اور اتنا وقت لیتے کہ دوسروں کو خصوصاً فقراء و مساکین کو مستفید ہونے کا موقع کم ملنے لگا حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کو یہ بات ناگوار گزری۔ عرض کیا یا رسول اللہ! کیا اچھا ہو کہ یہ لوگ کم وقت لیا کریں اور فقراء و مساکین کو بھی مستفید ہونے کا موقعہ مل سکے اور یہ بھی بہتر ہے کہ وہ کچھ مال لے کر حاضرِ خدمت ہوں تا کہ یہ ان کی طرف سے غرباء کی مدد ہو سکے۔ آپ نے فرمایا: اے علی! تمنے سچ کہا ہے لیکن میں ان کو اس لیے ایسا نہیں کہتا کہ ان کی دل آزاری نہ ہو۔ لیکن کچھ دیر بعد یہ آیت حضرت علی المرتضیٰ کے حق میں نازل ہوئی۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ط ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ط

اے ایمان والو جب تم رسول ﷺ سے کوئی بات آہستہ عرض کرنا چاہو تو اپنی عرض سے پہلے کچھ صدقہ دے لو یہ تمہارے لئے بہتر اور بہت ستھرا ہے۔ (المجادلہ، ۵۸:۲)

جب یہ حکم نازل ہوا تو آپ نے فرمایا اے علی! اللہ تعالیٰ نے تمہاری خواہش پوری کر دی اور پابندی لگا دی ہے کہ بغیر صدقہ کے حاضر نہ ہوں تا کہ غرباء کی امداد ہو سکے۔ آپ نے فوراً اس حکم کی تعمیل کرتے ہوئے صدقہ پیش کر کے آپ سے بات کی اور دس مسئلے دریافت کیے۔ اس کے بعد یہ حکم منسوخ کر دیا گیا تھا اس لیے حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا قرآن کی ایک آیت ایسی ہے جس پر مجھ سے پہلے کسی نے عمل نہ کیا اور نہ میرے بعد کرے گا۔ (۲)

## ۶۔ آیۂ سلام

سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ۔ (الصافات: ۱۳۰،۷۳)

سلام ہو الیاسین پر۔

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ قَالَ نَحْنُ اٰلُ مُحَمَّدٍ اٰلُ يَاسِيْنَ۔

سلام ہو الیاسین پر۔ فرمایا ہم آل محمد ﷺ ہیں اور آلِ محمد ﷺ ہی الیاسین ہے۔

اسی لیے بزرگوں نے سلام علی آلِ یٰسین بھی پڑھا ہے لہٰذا مطلب صاف ہے کیونکہ حضور مصطفیٰ ﷺ کا اسمِ مبارک یٰسین بھی ہے۔ علامہ ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

فَقَدْ نَقَلَ جَمَاعَةٌ مِنَ الْمُفَسِّرِيْنَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ الْمُرَادَ بِذٰلِكَ سَلَامٌ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

مفسرین کی ایک جماعت نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے آلِ یٰسین سے آلِ محمد ﷺ مراد ہے۔

(۱) تفسیر درمنثور، ج:۶، ص: ۱۶۳، صواعقِ محرقہ، ص:۱۵۱۔ (۲) تفسیر مدارک وخازن، ج:۴، ص:۲۴۴۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ۷۔ آیتِ حسنات

وَمَنْ يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا حُسْنًا (الشوریٰ ۴۲:۲۳) اور جو نیک کام کرے ہم اس کے لیے اس میں اور خوبی بڑھائیں گے۔

اس آیتِ شریفہ میں حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

وَمَنْ يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً قَالَ الْمَوَدَّةُ لِاٰلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (۱) اور جوکوئی نیک کام کرے یعنی آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرے۔

## ۸۔ آیتِ اولی الامر

اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ۔ (النساء:۵۹) حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا اور ان کا جو تم میں حکومت والے ہیں۔

حضرت عبد الغفار بن قاسم بیان کرتے ہیں کہ سیّدنا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ اُولِي الْاَمْرِ کون ہیں تو آپ نے فرمایا: كَانَ عَلِيٌّ وَاللّٰهِ مِنْهُمْ۔ خدا کی قسم علی کرم اللہ وجہہ الکریم ان میں سے ہیں۔ (۲)

## ۹۔ آیتِ اہلِ الذّکر

فَسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (النحل ۱۶:۴۳) سو تم اہلِ ذکر سے پوچھ لیا کرو اگر تمہیں خود (کچھ) معلوم نہ ہو

اس آیت کے متعلق حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم سے پوچھا کہ اہلِ ذکر کون ہیں تو آپ نے فرمایا ہم اہلِ ذکر ہیں۔ (۳)

## ۱۰۔ آیتِ حبل اللہ

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا۔ (آلِ عمران:۱۰۳) اور اللہ کی رسی مضبوط تھام لو سب مل کر اور آپس میں پھٹ نہ جانا

اس آیت کے متعلق امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی رسی ہم اہلِ بیت ہیں جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا یعنی اس کا دامن مضبوطی سے تھام لو (۴)

## ۱۱۔ آیتِ ولیکم

اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ۔ (المائدۃ:۵۵) تمہارے دوست نہیں مگر اللہ اور اس کے رسول اور ایمان والے کہ نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ کے حضور جھکے ہوئے ہیں۔

(۱) صواعق محرقہ، ص:۱۶۸۔ (۲)، (۳) صواعق محرقہ۔ (۴) تفسیر کبیر، ج:۲، ص:۹۸۔ احیاء العلوم، ص:۷۵۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

یہ آیتِ مبارکہ اس وقت نازل ہوئی جب سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم حالتِ رکوع میں تھے کہ ایک سائل نے آ کر سوال کیا تو آپ کے ہاتھ میں چاندی کی انگوٹھی تھی جو خود بخود اتر گئی اور سائل کی حاجت آپ نے پوری فرما دی تو اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں فرمایا کہ اللہ و رسول مصطفیٰ ﷺ اور مومن نمازی اور زکوٰۃ دینے والے اور رکوع کرنے والے ہیں یعنی بحالتِ رکوع بھی سائل کو خالی نہ بھیجا اور اس کی چاندی کی انگوٹھی سے مدد فرمائی

## ۱۲۔ آیتِ مؤمن

اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا لَا يَسْتَوٗنَ۔ (السجدۃ:۱۸)

تو کیا جو ایمان والا ہے اس جیسا ہو جائے گا جو بے حکم ہے یہ برابر نہیں۔

اس آیت کے متعلق حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اس آیت میں مؤمن سے مراد حضرت علی ہیں اور فاسق سے مراد ولید بن عتبہ ہے ان دونوں کا آپس میں کسی بات پر جھگڑا ہو گیا تو ولید نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے کہا چپ رہو تم ابھی بچے ہو اور میں ہوشیار زبان دراز اور نیزہ چلانے میں تیز اور تم سے زیادہ بہادر ہوں۔ شیرِ خدا علی المرتضیٰ نے فرمایا۔ خاموش ہو تو فاسق ہے مطلب یہ کہ تو جتنی باتیں کرتا ہے اور اس پر فخر کرتا ہے ان میں کوئی بات قابلِ مدح نہیں انسان کا شرف ایمان و تقویٰ میں ہے جسے یہ دولت نصیب نہیں وہ بدنصیب ہے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ پر یہ آیت نازل فرمائی کہ وہ فاسق مرد ہے اور علی المرتضیٰ مؤمن ہیں لہٰذا یہ برابر کسی طرح نہیں ہو سکتے۔ (۱)

## ۱۳۔ آیتِ وُدّ

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا (مریم:۹۶)

بے شک جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے عنقریب ان کے لیے رحمن محبت کر دے گا۔

اس آیت کے متعلق حضرت محمد ابن الحنفیہ فرماتے ہیں:

لَا يَبْقٰى مُؤْمِنٌ اِلَّا فِيْ قَلْبِهٖ وُدُّ عَلِيٍّ وَّاَهْلِ بَيْتِهٖ۔

کوئی مومن ایسا نہیں ہوگا جس کے دل میں سیّدنا علی المرتضیٰ اور آپ کے اہلِ بیت کی محبت نہ ہوگی۔ (۲)

## ۱۴۔ آیتِ بحرین و مرجان

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ۔ (الرحمٰن:۱۹)

اس نے دو سمندر بہائے کہ دیکھنے میں معلوم ہوں ملے ہوئے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

وَفِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ قَالَ هُوَ عَلِيٌّ وَّ فَاطِمَةُ وَيَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ قَالَ الْحَسَنُ وَ الْحُسَيْنُ۔ (۳)

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد میں دو دریاؤں سے مراد حضرت علی اور حضرت فاطمہ ہیں اور نکالنا ہے ان میں سے موتی اور مونگا، وہ حسن و حسین ہیں۔

(۱) الخازن، ج:۳، ص:۴۴۷۔ الریاض، ج:۲، ص:۲۷۳۔ (۲) درِ منثور، ج:۴، ص:۲۸۷ (۳) زرقانی، ج:۷، ص:۱۴۔ صواعق محرقہ: ۱۷۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ۱۵۔ آیتِ ہاد

اِنَّمَا اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ۔ (الرعد:۷)

تم تو ڈر سنانے والے ہو اور ہر قوم کے ہادی۔

اس آیت کے نازل ہونے کے بعد حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

وَوَضَعَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى عَلَيْهِ وَسَلَّم يَدَهٗ عَلٰى صَدْرِهٖ فَقَالَ اَنَا الْمُنْذِرُ ثُمَّ اَوْمَا اِلٰى مَنْكِبِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَقَالَ اَنْتَ الْهَادِيْ الْمُهْتَدُوْنَ مِنْ بَعْدِيْ۔ (۱)

تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے سینے پر دستِ مبارک رکھا اور فرمایا میں منذر ہوں اور پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے کندھے مبارک پر ہاتھ رکھ کر فرمایا: اے علی! تو ہادی ہے اور میرے بعد راہ پانے والے تجھ سے راہ پائیں گے۔

ولایت کے سلسلے تجھ سے جاری ہوں گے اور امت کے اولیاء وعلما واغواث واقطاب تجھ سے فیض حاصل کریں گے۔

## ۱۶۔ آیتِ مرضات

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاةِ اللهِ۔ (البقرۃ:۲۰۷)

اور کوئی آدمی اپنی جان بیچتا ہے اللہ کی مرضی چاہنے میں۔

اس آیتِ شریفہ کے تحت امام رازی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ حضور سیدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام جب سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو اپنے بستر مبارک پر سلا کر چلے گئے تو اللہ تعالیٰ نے جبریل ومیکائیل علیہما السلام سے فرمایا: کہ دیکھو علی میرے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جان فدا کر رہا ہے۔ جاؤ! جا کر ساری رات اس کی حفاظت کرو۔ چنانچہ حکم الٰہی سے دونوں فرشتے آئے:

قَامَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عِنْدَ رَأْسِهٖ وَمِيْكَائِيْلُ عِنْدَ رِجْلَيْهِ وَ جِبْرِيْلُ يُنَادِيْ بَخٍ بَخٍ مَنْ مِثْلُكَ يَا اِبْنَ اَبِيْ طَالِبٍ يُبَاهِي اللهُ بِكَ الْمَلٰئِكَةَ وَنَزَلَتِ الْاٰيَةُ۔

جبریل علیہ السلام سر کی طرف اور میکائیل علیہ السلام پاؤں کی طرف کھڑے ہو گئے اور جبریل علیہ السلام نے بآواز بلند اظہار خوشنودی کرتے ہوئے کہا: اے علی ابن ابی طالب! آج تیرے جیسا کون ہے اللہ تعالیٰ تم پر فخر کرتا ہے فرشتوں کے سامنے اور یہ آیت وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاةِ اللهِ نازل ہوئی۔

(۱) الریاض النضرۃ، ج:۲، ص:۴۷۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# ۱۷۔ آیتِ صلوٰت

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَه يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔ (الاحزاب، ۳۳:۶۵)

بے شک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے (نبی علیہ السلام) پر اے ایمان والو ان پر درود اور خوب سلام بھیجو۔

اس آیتِ شریفہ کے نازل ہونے کے بعد صحابہ عظام نے حضور سیّد الانام سرکارِ دو جہاں علیہ السلام کی بارگاہِ اقدس میں عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم ہم آپ پر کس طرح درود و سلام پڑھیں چنانچہ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

قَدْ عَلِمْنَا كَيْفَ نُسَلِّمُ عَلَيْكَ فَكَيْفَ نُصَلِّيْ عَلَيْكَ فَقَالَ قُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

بے شک ہمیں اللہ تعالیٰ نے سکھا دیا ہے کہ ہم آپ پر کیسے سلام پڑھیں اب آپ فرمائیں کہ ہم آپ پر درود کس طرح پڑھیں تو آپ نے فرمایا تم یوں کہو: اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آپ کی آل پر جیسا کہ تو نے درود بھیجا ابراہیم اور اس کی آل پر۔ بیشک تو بہت خوبیوں والا ہے۔ اس کے ساتھ ہی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بھی فرما دیا کہ مجھ پر کٹا ہوا درود نہ بھیجنا۔

لَا تُصَلُّوْا عَلَيَّ الصَّلٰوةَ التَّبَرَا فَقَالُوْا وَمَا الصَّلٰوةُ التَّبَرَا؟ قَالَ تَقُوْلُوْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَتُمْسِكُوْنَ بَلْ قُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ۔

چنانچہ روایت میں ہے کہ جب آپ نے یہ فرمایا تو حاضرین نے عرض کیا کٹا ہوا درود کیا ہے؟ فرمایا صرف یہ کہنا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ کہنا بلکہ یوں کہا کرو اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ یعنی آل کا نام لیے بغیر پڑھنا کٹا ہوا درود ہے اور آل کے ساتھ پڑھنا پورا درود ہے۔

ایک حدیث میں آتا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اس کی دعا قبول نہیں ہوگی اور رکی رہے گی جو اپنی دعا میں میرے اہل بیت پر درود نہ بھیجے۔ (ہکذا فی سوانح کربلا صفحہ: ۵۰)

نوٹ: بہتر یہی ہے کہ درودِ پاک ابراہیمی میں جہاں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسمِ گرامی آئے اور آل کا ذکر آئے۔ ابراہیم علیہ السلام کا ذکر آئے اور ان کی آل کا ذکر آئے ہر نماز یا غیر نماز میں جب بھی پڑھیں سیّدنا کا لفظ استعمال کیا جائے۔ بصورتِ احترام (دلائل الخیرات دیکھو) اللھم صلی علی سیّدنا محمد و علی سیّدنا محمد کما صلیت علی سیّدنا ابراھیم و علی ال سیدنا ابراھیم اسی طرح اللھم بارك میں بھی۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# محبتِ اہلِ بیت فرض اوران پر درود نہ پڑھنے سے نماز نہیں

حضرت امام شافعی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

يَا اَهْلَ بَيْتِ رَسُوْلِ اللهِ حُبُّكُمْ
فَرَضٌ مِنَ اللهِ فِيْ الْقُرْاٰنِ اَنْزَلَهٗ

اے اہلِ بیتِ رسول اللہ ﷺ آپ سے محبت رکھنا اللہ تعالیٰ نے قرآن میں جس کو اس نے اتارا ہے فرض قرار دیا ہے۔

كَفَاكُمْ مِّنْ عَظِيْمِ الْقَدْرِ اِنَّكُمْ
مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْكُمْ لَا صَلٰوةَ لَهٗ

اے اہلِ بیت آپ کی عظمت وشان کے لیے یہی بات کافی ہے کہ جس نے آپ پر درود نہیں پڑھا اس کی نماز ہی نہیں۔ (۱)

# رافضی اور ناصبی

اِذَا نَحْنُ فَضَّلْنَا عَلِيًّا فَاِنَّنَا
رَوَافِضُ بِالتَّفْضِيْلِ عِنْدَ ذِي الْجَهْلِ

جب ہم نے حضرت علی المرتضیٰ کی فضیلت کو بیان کیا تو بیشک ہم بہ سبب بیانِ فضیلت کے جاہلوں کے نزدیک رافضی ہوئے۔

وَفَضْلُ اَبِيْ بَكْرٍ اِذَا مَاذَكَرْتُهٗ
رُمِيْتُ بِنَصْبٍ عِنْدَ ذِكْرِي لِلْفَضْلِ

اور جس وقت ہم فضائلِ حضرت ابوبکر بیان کرتے ہیں تو اس وقت ہم پر ناصبی ہونے کی تہمت لگائی جاتی ہے۔

قَالُوْا الرَّفَضْتُ قُلْتُ كَلَّا
مَاالرِّفْضُ دِيْنِيْ وَلَا اِعْتِقَادِيْ

جن جاہلوں نے مجھ کو رافضی کہا تو میں نے جواب دیا کہ حاشا میرا دین اور میرا اعتقاد رافضیوں کا سا نہیں۔ (۲)

# محبتِ اہلِ بیت عینِ ایمان

لٰكِنْ تَوَلَّيْتُ غَيْرَ شَكٍّ
خَيْرَ اِمَامٍ وَ خَيْرَ هَادِيْ

لیکن اس میں شک نہیں کہ میں بہتر امام اور بہتر ہادی کے ساتھ دوستی ومحبت رکھتا ہوں۔

اِنْ كَانَ رَفْضاً حُبُّ اٰلِ مُحَمَّدٍ
فَلْيَشْهَدِ الثَّقَلَانِ اِنِّيْ رَافِضٌ (۳)

اگر آلِ محمد مصطفیٰ ﷺ کی محبت ہی کا نام رفض ہے تو دونوں جہاں گواہ رہیں کہ بے شک میں رافضی ہوں۔

(۱) سیرت شافعی، ص:۲۲ (۲) سیرت شافعی، ص:۲۲ (۳) سیرت شافعی، ص:۲۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# قرآن اور اہلِ بیت نبوت سے وابستگی نورِ ہدایت

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام فریضۂ حج سے فارغ ہو کر مکہ معظمہ سے باہر غدیر خم کے مقام پر تشریف فرما ہوئے جہاں سے مختلف اطراف کی طرف راستے جاتے ہیں تو مختلف علاقوں سے آئے ہوئے اصحاب کو الوداع کہنے سے پہلے حضور علیہ السلام نے ایک تاریخی خطبہ ارشاد فرمایا۔ اے میرے ساتھیو! میں اپنے فرائض کو پایہ تکمیل تک پہنچا چکا ہوں۔ سنتِ الٰہیہ کے موافق کسی وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم آ جائے اور مجھے اس کی تکمیل کرنا پڑے اس لیے میں تمہاری ہدایت و نجات کے لیے آخری بات کہہ دینا چاہتا ہوں تا کہ تم ہدایتِ صراطِ مستقیم سے بھٹک نہ جاؤ۔

وَاَنَا تَارِكٌ فِيكُمُ الثَّقَلَيْنِ اَوَّلُهُمَا كِتَابُ اللّٰهِ فِيهِ النُّوْرُ وَالْهُدٰى فَخُذُوْا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَاسْتَمْسِكُوْا بِهٖ وَقَالَ وَاَهْلَ بَيْتِيْ اُذَكِّرُ اللّٰهَ فِيْ اَهْلِ بَيْتِيْ وَقَالَ ثَلَاثًا (۱)

میں تم میں دو بے مثل عمدہ نفیس چیزیں چھوڑے جاتا ہوں ایک اللہ تعالیٰ کی کتاب قرآن جو نورِ ہدایت سے بھرپور ہے اس کو بہت مضبوطی سے پکڑے رہنا۔ دوسری گرانقدر اور بزرگ چیز میرے اہلِ بیت (گھر والے) ہیں میں تم کو خدا یاد دلاتا ہوں اپنے اہلِ بیت کے معاملہ میں۔ میں تم کو خدا یاد دلاتا ہوں اپنی اہلِ بیت کے معاملہ میں اور یوں ہی تین بار اس کا تکرار فرمایا۔

حضور سرورِ دو جہاں رحمتِ عالمیاں علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تمام دنیا والوں کے سامنے یہ دو عظیم الشان اور جلیل القدر چیزیں پیش فرما دیں ایک قرآنِ عظیم اور دوسرا اہلِ بیتِ نبوت کی عظمت و اہمیت سے آگاہ فرما دیا تا کہ ان دونوں کو تم اپنا مشعلِ راہ بنا کر اپنی زندگی کا تمام سفر پورا کر کے اصلی فلاحیت پا سکو۔ کیونکہ حضور سیّد العالمین علیہ الصلوٰۃ والسلام جانتے تھے کہ مسلمانوں کا اتحاد زیادہ دیر باقی نہیں رہ سکے گا اختلافات پیدا ہوں گے خون ریزی ہوگی اور اللہ تعالیٰ کی اس کتابِ عزیز و مقدس قرآن عظیم سے بے اعتنائی کی جائے گی اور اس کتابِ عزیز سے درس لینے کی بجائے غیروں کی طرف توجہ ہوگی اور اہلِ بیتِ نبوت کی محبت و عظمت و احترام سے اکثر دل خالی ہو جائیں گے بلکہ اہلِ بیت کے اسلامی و دینی کارناموں کا تمسخر اڑایا جائے گا اور ان کے نامِ مقدس کو مٹانے کی بدترین کوششیں کی جائیں گی اس لیے حضور سرورِ کون و مکاں علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہو سکتا ہے کہ آئندہ سال میں تم میں اس طرح موجود نہ رہ سکوں جس طرح اب یعنی رفیقِ اعلیٰ کی طرف لوٹ جاؤں لہٰذا تم پر واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ کتاب اللہ اور عترت رسول اللہ ان دونوں کا دامن تھام لو یہی تمہارے لیے دنیا کا بہترین ضابطۂ حیات اور آخرت میں ذریعہ نجات ہے میری آلِ پاک کی محبت و تعظیم و تقدیس کو زندگی کا لائحہ عمل بنانا یہ قرآنِ عظیم کی عملی تفسیر ہیں اور ایمان و عمل کے کامل ترین پیکر ہیں قرآن اور اہلِ بیت ہیں تو دو نام لیکن حقیقت میں ایک ہی چیز کے دو نام ہیں فرق صرف یہ ہے کہ قرآن علم ہے اور اہلِ بیتِ نبوت اس کی عملی تفسیر ہیں۔

(۱) مسلم شریف، ج:۲، ص:۲۷۹۔ مشکوٰۃ، ص:۵۶۷

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# قرآن اور عترتِ رسول حوضِ کوثر پر

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ تَارِكٌ فِيْكُمُ الثَّقَلَيْنِ كِتَابُ اللّٰهِ حَبْلٌ مَّمْدُوْدٌ مِّنَ السَّمَاءِ اِلَى الْاَرْضِ وَ عِتْرَتِيْ اَهْلَ بَيْتِيْ لَنْ يَّفْتَرِقَا حَتّٰى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ (۱)

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اے لوگو! میں تمہارے درمیان دو گراں بہا چیزیں چھوڑنے والا ہوں ایک کتاب اللہ (قرآن) جو کہ آسمان سے زمین تک پھیلی ہوئی رسّی ہے۔ دوسرے میرے اہل بیت عترتِ اطہار یہ دونوں ایک دوسرے سے ہرگز جدا نہ ہوں گے یہاں تک کہ حوضِ کوثر پر دونوں میرے پاس وارد ہوں۔

## گمراہی سے بچاؤ کا ذریعہ قرآن اور عترتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر اپنی ناقہ مبارک قصویٰ پر سوار ہو کر خطبہ ارشاد فرمایا:

يٰاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ تَرَكْتُ فِيْكُمْ مَّا اِنْ اَخَذْتُمْ بِهٖ لَنْ تَضِلُّوْا: كِتَابَ اللّٰهِ وَعِتْرَتِيْ اَهْلَ بَيْتِيْ۔

اے لوگو! میں تم میں دو چیزیں چھوڑ رہا ہوں اگر تم انہیں پکڑے رہو گے تو کبھی گمراہ نہیں ہو گے ایک تو اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے اور دوسری میری عترتِ اور اہلِ بیت۔

پھر ارشاد فرمایا:

فَخُذُوْا بِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاسْتَمْسِكُوْا اُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ فِيْ اَهْلِ بَيْتِيْ اُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ فِيْ اَهْلِ بَيْتِيْ۔ (۲)

پس پکڑو اللہ تعالیٰ کی کتاب قرآن کو اور وابستہ کرو اپنے آپ کو میرے اہلِ بیت سے میں تمہیں اللہ تعالیٰ سے اپنی اہلِ بیت کے بارے میں ڈراتا ہوں (پھر فرمایا) میں تمہیں اپنی اہلِ بیت کے معاملہ میں ڈراتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔

## کائنات کی سلامتی آلِ نبوت

اَلنُّجُوْمُ اَمَانٌ لِاَهْلِ السَّمَاءِ فَاِذَا ذَهَبَتِ النُّجُوْمُ ذَهَبَ اَهْلُ السَّمَاءِ۔ وَاَهْلُ بَيْتِيْ اَمَانٌ لِاَهْلِ الْاَرْضِ فَاِذَا ذَهَبَ اَهْلُ بَيْتِيْ ذَهَبَ اَهْلُ الْاَرْضِ (۳)

ستارے آسمان والوں کے لیے سلامتی کا باعث ہیں جب ستارے جھڑ جائیں گے آسمان والے فنا ہو جائیں گے اور ایسے ہی میرے اہلِ بیت زمین والوں کے لیے سلامتی کا باعث ہیں جب یہ نہ رہیں گے تو اہلِ زمین بھی ختم ہو جائیں گے۔

---

(۱) صواعق محرقہ (۲) مشکوٰۃ شریف، ج:۲، ص:۹۳۲۔ جامع الصغیر، ج:۱، ص:۴۶۱۔ اسعاف الراغبین، ص:۱۱۰۔
(۳) خصائص الکبریٰ، ج:۲، ص:۲۲۶، برکات آلِ رسول، ص:۱۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# فوائدِ کثیرہ در محبتِ آلِ طاہرہ

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے:

مَنْ مَاتَ عَلٰی حبِّ آلِ مُحَمَّدٍ مَاتَ شَهِيْدًا وَمَنْ مَاتَ عَلٰی حُبِّ اٰلِ مُحَمَّدٍ مَاتَ مَغْفُوْرًا لَهٗ. اَلَا وَمَنْ مَاتَ عَلٰی حُبِّ مُحَمَّدٍ فَيُفْتَحُ فِيْ قَبْرِهٖ بَابَانِ مِنَ الْجَنَّةِ اَلَا مَنْ مَاتَ عَلٰی حُبِّ اٰلِ مُحَمَّدٍ بَشَّرَ مَلَكُ الْمَوْتِ بِالْجَنَّةِ ثُمَّ مُنْكَرٌ وَنَكِيْرٌ اِلَا وَمَنْ مَاتَ عَلٰی حُبِّ اٰلِ مُحَمَّدٍ يُزَفُّ اِلَى الْجَنَّةِ كَمَا تُزَفُّ الْعَرُوْسُ اِلٰى بَيْتِ زَوْجِهَا اَلَا وَمَنْ مَاتَ عَلٰی حُبِّ اٰلِ مُحَمَّدٍ مَاتَ تَائِبًا اَلَا وَمَنْ مَاتَ عَلٰی حُبِّ اٰلِ مُحَمَّدٍ جَعَلَ اللّٰهُ زَوَّارَ قَبْرِهٖ مَلٰٓئِكَةَ الرَّحْمَةِ اَلَا وَمَنْ مَاتَ عَلٰی حُبِّ اٰلِ مُحَمَّدٍ مَاتَ عَلَى السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ اَلَا وَمَنْ مَاتَ عَلٰی حُبِّ اٰلِ مُحَمَّدٍ مَاتَ مُؤْمِنًا مُسْتَكْمِلَ الْاِيْمَانِ اَلَا وَمَنْ مَاتَ عَلٰی بُغْضِ اٰلِ مُحَمَّدٍ جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَكْتُوْبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ اٰئِسٌ مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ اَلَا وَمَنْ مَاتَ عَلٰی بُغْضِ اٰلِ مُحَمَّدٍ لَمْ يَشَمَّ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ اَلَا وَمَنْ مَاتَ عَلٰی بُغْضِ اٰلِ مُحَمَّدٍ مَاتَ كَافِرًا۔ (۱)

اے مسلمانو! آگاہ ہو جاؤ جو کوئی محبتِ آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں مرے گا وہ شہید ہو گا اور جو کوئی محبتِ آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مرے گا وہ بخشا ہوا مرے گا۔ آگاہ ہو جاؤ جو کوئی محبتِ آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مرے گا اس کی قبر میں جنت کے دو دروازے کھولے جائیں گے۔ آگاہ رہو جو کوئی محبتِ آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مرے گا اس کو ملک الموت مرتے وقت بہشت کی بشارت دے گا۔ پھر قبر میں منکر و نکیر مژدہ جنت سنائیں گے اور جو کوئی محبتِ آلِ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر مرے گا وہ اس طرح با ساز و سامان جنت کی طرف جائے گا جس طرح تازہ دلہن اپنے شوہر کے گھر جاتی ہے۔ آگاہ رہو کہ جو کوئی محبتِ آلِ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر مرے گا وہ توبہ کر کے مرے گا۔ آگاہ ہو جو کوئی محبتِ آلِ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر مرے گا اللہ تعالیٰ رحمت کے فرشتوں کو اس کی قبر کے زائرین بنائے گا۔ آگاہ رہو جو کوئی محبتِ آلِ محمد پر مرے گا وہ سنتِ نبوی اور جماعت ایمانی پر مرے گا اور جو کوئی آلِ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی محبت میں مرے گا وہ کامل الایمان مرے گا اور آگاہ رہو جو کوئی بغض و عداوتِ آلِ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میں مرے گا وہ قیامت کے دن اس حال میں اٹھے گا کہ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھا ہو گا اٰئِسٌ مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ یعنی یہ رحمتِ خداوندی سے نا امید ہوا۔ آگاہ رہو جو کوئی آلِ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے بغض و عداوت میں مرے گا وہ بہشت کی بو تک بھی نہ سونگھے گا اور جو کوئی بغض و عداوتِ آلِ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میں مرے گا وہ کافر ہو کر مرے گا۔

(۱) نور الابصار، ص: ۱۱۲۔ اسعاف الراغبین، ص: ۱۱۳۔ جامع الصغیر ۱۰۱۔ نزہۃ المجالس۔ تفسیر کبیر، ج ۱، ص: ۳۹۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# اہلِ بیتِ نبوت سفینۂ حضرت نوح علیہ السلام

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے کعبہ کے دروازہ کو پکڑ کر یہ اعلان فرمایا:

اَیُّھَا النَّاسُ مَنْ عَرَفَنِیْ عَرَفَنِیْ وَمَنْ لَمْ یَعْرِفْنِیْ فَاَنَا اُعَرِّفُھُمْ فَاَنَا اَبُوْذَرٍ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: مَثَلُ اَھْلَبَیْتِیْ کَمَثَلِ سَفِیْنَۃِ نُوْحٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ مَنْ رَکِبَھَا نَجٰی وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْھَا غَرَقَ (۱)

اے لوگو! جو کوئی مجھ کو پہچانتا ہے وہ تو پہچانتا ہے اور جو کوئی نہیں پہچانتا ہے اس کو اپنی پہچان کراتا ہوں میں ابوذر ہوں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا میرے اہلِ بیت کی مثال تمہارے درمیان کشتی نوح (علیہ السلام) کی سی ہے کہ جو کوئی اس کشتی نوح (علیہ السلام) پر سوار ہوا اس نے (طوفان میں غرق ہونے سے) نجات پائی۔ اور جس نے اس سے روگردانی کی وہ غرق ہوا۔

اس طرح جو کوئی اس کشتی اہلِ بیت میں سوار ہو گیا یعنی ان کی متابعت کرے گا وہ ضلالت میں ڈوبنے سے نجات پائے گا اور جو کوئی ان کی مخالفت کرے گا وہ بحرِ ضلالت میں ڈوب جائے گا۔

# دینی دنیاوی واُخروی فوائد در حبِ آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت نافع رضی اللہ عنہ نے حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے:

مَنْ اَرَادَ التَّوَکُّلَ فَلْیُحِبَّ اَھْلَ بَیْتِیْ وَمَنْ اَرَادَ اَنْ یَنْجُوَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فَلْیُحِبَّ اَھْلَ بَیْتِیْ وَمَنْ اَرَادَ الْحِکْمَۃَ فَلْیُحِبَّ اَھْلَ بَیْتِیْ وَ مَنْ اَرَادَ دُخُوْلَ الْجَنَّۃِ بِغَیْرِ حِسَابٍ فَلْیُحِبَّ اَھْلَ بَیْتِیْ فَوَاللّٰہِ مَا اَحَبَّھُمْ اَحَدٌ اِلَّا رِبِحَ فِی الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ (۲)

جو کوئی توکل کرنا چاہے تو اس کو چاہیے کہ وہ میرے اہلِ بیت کو دوست رکھے اور جو کوئی عذابِ قبر سے نجات پانا چاہے اس کو چاہیے کہ وہ میرے اہلِ بیت سے محبت کرے اور جو کوئی علم وحکمت حاصل کرنا چاہے اس کو چاہیے کہ میرے اہلِ بیت سے محبت کرے اور جو کوئی چاہے کہ بے حساب جنت میں داخل ہو اس کو چاہیے کہ میرے اہلِ بیت کو دوست رکھے خدا کی قسم جو کوئی ان کو محبوب رکھے گا وہ دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی فائدہ اٹھائے گا۔

(۱) مشکوٰۃ شریف، ص: ۵۷۳ (۲) اسعاف الراغبین، روح البیان، نزہۃ المجالس

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## اللہ جل جلالہ ورسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واہلِ بیت رضی اللہ عنہم کی محبت

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے:

اَحِبُّوا اللّٰهَ لِمَا يَغْذُوْكُمْ مِنْ نِعَمِهٖ وَاَحِبُّوْنِيْ بِحُبِّ اللّٰهِ وَاَحِبُّوْا اَهْلَ بَيْتِيْ بِحُبِّيْ (۱)

محبت رکھو اللہ تعالیٰ سے اس لیے کہ وہ تمہیں نعمتیں عطا کرتا ہے اور میرے ساتھ محبت کرو اس لیے کہ میں اللہ تعالیٰ کا محبوب (پیارا) ہوں اور محبت کرو میرے اہلِ بیت سے اس لیے کہ وہ مجھے پیارے ہیں۔

## اولاد کو تین باتوں کی تعلیم دو

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اپنی اولاد کو تین باتوں کی تعلیم دو:

حُبَّ نَبِيِّكُمْ وَحُبَّ أَهْلِ بَيْتِهٖ وَقِرَاءَةِ الْقُرْآنِ۔

اپنے نبی کی محبت، اہل بیت کی محبت سکھاؤ اور تلاوتِ قرآن کی تعلیم دو۔

اللہ تعالیٰ ہم کو حبِ رسول وحُبِ اہلِ بیت اور حبِ قرآن سے سرشار فرمائے اور ایمان پر خاتمہ فرمائے۔ (آمین)

## اہلِ بیتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا۔ (الاحزاب، ۳۳:۶۳)

اللہ تو یہی چاہتا ہے اے نبی کے گھر والو: تم سے ہر ناپاکی دور فرما دے اور تمہیں پاک کر کے خوب ستھرا کر دے۔

اس آیتِ کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب مکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اہلِ بیتِ عظام کے متعلق فرمایا ہے کہ اللہ نے ان کو پاک اور خوب پاک فرمایا ہے اور کوئی ناپاکی ان کے قریب نہیں آ سکتی۔ اب اس آیت میں سب سے پہلے یہ جاننا ضروری ہے کہ اہلِ بیت سے یہاں کون مراد ہیں اور دوسرا یہ کہ رِجس (ناپاکی) سے کیا مراد ہے تیسرا یہ کہ امتیازی شان کیا ہے اور چوتھا یہ کہ تطہیر کیا ہے۔ علماء ومفسرین کرام علیہم الرحمۃ کی کثرت رائے یہ ہے کہ یہ آیت سیّدنا حضرت علی المرتضیٰ سیّدہ فاطمۃ الزہرا، سیّدنا امام حسن، سیّدنا امام حسین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے حق میں نازل ہوئی اور قرینہ اس کا یہ ہے کہ عَنْكُمْ اور اس کے بعد تمام ضمیریں مذکر ہیں۔

ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت ازواجِ مطہرات کے حق میں نازل ہوئی کیونکہ اس کے بعد وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ ہے۔

چنانچہ علامہ فخر الدین رازی علیہ الرحمہ اپنی تفسیر کبیر میں آیتِ تطہیر کے ماتحت فرماتے ہیں:

فَالْاَوْلٰى اَنْ يُّقَالَ هُمْ اَوْلَادُهٗ وَاَزْوَاجُهٗ وَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ مِنْهُمْ وَ عَلِيٌّ مِنْهُمْ لِاَنَّهٗ كَانَ مِنْ اَهْلِ بَيْتِهٖ بِسَبَبِ مُعَاشَرَةِ بِنْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمُلَازَمَتِهِ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (۱)

اولیٰ اور احسن بات یہی ہے کہ اہلِ بیت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد، بیویاں اور سیّدنا حسن اور سیّدنا حسین ہیں۔ سیّدنا علی المرتضیٰ بھی اہلِ بیت سے ہیں اس لیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شہزادی سیّدہ (فاطمہ) سے معاشرت کے باعث اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معیت کی وجہ سے وہ اہلِ بیت میں شامل ہیں۔

(۱) ترمذی، ج ۲: ص: ۲۴۳، مستدرک، ج: ۳، ص: ۱۵۸۔ اسد الغابہ، ج: ۲، ص: ۱۳، سوانح کربلا۔ (۲) تفسیر کبیر زیرِ آیتِ تطہیر۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اور علامہ صاوی علیہ الرحمۃ اپنی تفسیر میں اسی آیت کے تحت فرماتے ہیں:

فِیْ اَھْلِ بَیْتِ سِکْنِہٖ وَھُنَّ اَزْوَاجُہٗ وَاَھْلِ بَیْتِ نَسَبِہٖ وَھُنَّ ذُرِّیَّتُہٗ۔

آیت میں اہلِ بیتِ سکونت یعنی ازواجِ مطہرات اور اہل نسب جو آپ کی اولاد ہے تمام شامل ہیں۔

اور محقق علی الاطلاق شاہ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ اشعۃ اللمعات میں یوں بیان فرماتے ہیں:

"بیت سہ است: بیتِ نسب، بیتِ سکنٰی، بیتِ ولادت۔ پس بنو ہاشم اولاد عبدالمطلب اہلِ بیتِ پیغمبر ﷺ از جہتِ نسب و ازواجِ مطہرات آں حضرت ﷺ اہلِ بیت سکنی اند و اولاد شریف آں حضرت اہلِ بیت ولادت اند"

بیت تین ہیں۔(۱) بیتِ نسب (۲) بیتِ سکنٰی، (۳) بیتِ ولادت۔ پس حضرت عبدالمطلب اولادِ بنو ہاشم ہیں وہ پیغمبرِ اسلام کے لحاظ سے اہلِ بیت ہیں اور ازواجِ مطہرات نبی ﷺ کی اہلِ بیت سکنٰی ہیں اور اولاد شریف آں حضرت علیہ السلام کی اہلِ بیتِ ولادت ہیں۔ اس کے ساتھ ہی آگے چل کر شیخ محقق علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اہلِ بیت میں سیّدنا علی المرتضیٰ، سیّدہ فاطمۃ الزہرا اور سیّدنا امام حسن اور سیّدنا امام حسین کو خصوصی و امتیازی اور انفرادی مقام حاصل ہے اس لیے کہ سرکار ابد قرار علیہ السلام کو ان کے ساتھ خصوصی محبت و پیار ہے اس لیے ان کی فضیلت و بزرگی اس وجہ سے زیادہ ہے۔

ثابت یہ ہوا کہ اہلِ بیت میں ازواجِ مطہرات النبی ﷺ یقیناً شامل ہیں یہ اس آیت سے کسی طریق سے خارج نہیں ہیں۔

## اہلِ بیت اور ازواج النبی ﷺ

اگر صرف چار نفوسِ مقدسہ مراد لیے جائیں اور ازواجِ مطہرات کو شامل نہ کیا جائے تو یہ اوّل درجہ کی جہالت ہے اور آیت کے سیاق و سباق کے لحاظ سے بھی غلط ہے اگر ایسا ہی سمجھا جائے تو اس کے لیے قرآن میں دوسرے مقامات پر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اہلِ بیت سے مراد بیوی ہے یعنی گھر والے گھر والیاں یا گھر والی۔

حضرت سیّدہ سارہ رضی اللہ عنہا زوجہ حضرت سیّدنا ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو جب سیّدنا اسحاق علیہ السلام کی ولادت کی خوشخبری بحالتِ بڑھاپا سنائی گئی تو انہوں نے بطورِ حیرت کہا:

اِنَّ ھٰذَا لَشَیْءٌ عَجِیْبٌ۔

یہ تو بڑی عجیب بات ہے۔

اس پر جواب میں فرمایا گیا:

اَتَعْجَبِیْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰہِ رَحْمَتُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ عَلَیْکُمْ اَھْلَ الْبَیْتِ اِنَّہٗ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ (ہود ۱۱: ۷۳)

کیا اللہ کے کام کا اچنبھا کرتی ہو اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں تم پر اے گھر والو بے شک وہی ہے سب خوبیوں والا عزت والا۔

یہاں آیت میں اہلِ بیت کا لفظ استعمال ہوا ہے جس سے بالاتفاق سیّدہ سارہ رضی اللہ عنہا زوجہ سیّدنا ابراہیم علیہ السلام مراد ہیں۔ دوسرے مقام پر حضرت سیّدہ صفورا رضی اللہ عنہا زوجہ حضرت سیّدنا موسیٰ علیہ السلام کا اس وقت ذکر فرمایا گیا جب آپ کے ساتھ سیّدہ صفورا رضی اللہ عنہا تھیں تو آپ نے آگ کو دیکھا تو فرمایا:

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ۔ (القصص، ۲۹:۲۸۷)

اپنی گھر والی سے فرمایا تم ٹھہرو مجھے طور کی طرف سے ایک آگ نظر پڑی ہے شاید میں وہاں سے کچھ خبر لاؤں یا تمہارے لیے کوئی آگ کی چنگاری لاؤں کہ تم تاپو۔

یہاں آیت میں سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی زوجہ پر اھل کا لفظ استعمال ہوا جس کے معنی صرف آپ کی اہلیہ ہیں۔

حضرت سیّدنا یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بارے میں جب حضرت زلیخا رضی اللہ عنہا نے عزیزِ مصر سے کہا۔ باوجودیکہ قطعاً آپ کی طرف سے کوئی غلط خیال تک بھی نہ تھا۔

قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا (یوسف، ۱۲:۲۵) بولی کیا سزا ہے اس کی جس نے تیری گھر والی سے بدی چاہی۔

اس آیت میں اھل سے مراد بیوی ہے۔

حضرت سیّدنا یوسف علیہ السلام کے واقعہ میں حضرت زلیخا رضی اللہ عنہا کے متعلق فرمایا گیا۔

وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا (یوسف، ۱۲:۲۵) اور وہ جس عورت کے گھر میں تھا اس نے اسے لبھایا۔

یہاں پر عزیزِ مصر کو گھر والا نہیں بلکہ بَيْتِهَا فرما کر حضرت زلیخا کو گھر والی کہا گیا ہے۔

سیّدنا موسیٰ علیہ السلام جب ایک شیر خوار بچے کی حیثیت سے فرعون کے محل میں پہنچے تو ان کو ایسی عورت کی ضرورت تھی جن کا وہ دودھ پی لیں یہاں پر اجنبیہ ہو کر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ہمشیرہ نے آ کر کہا میں تم کو ایسا گھر نہ بتادوں جس گھر کا دودھ یہ بچہ ضرور پی لے گا۔ خدائی وعدہ بھی یہی تھا۔ وحرمنا علیہ المراضع کہ ہم اس کو آپ کی گود میں لائیں گے اور آپ کا ہی دودھ پلائیں گے۔

فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰٓى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ۔ (القصص:۱۲) تو بولی کیا میں تمہیں بتادوں ایسے گھر والے کا جو تمہارے اس بچہ کو پال دیں۔

اس آیت میں بھی اہلِ بیت سے مراد حضرت سیّدنا موسیٰ علیہ السلام کی والدہ ہیں۔ ان کو گھر والی فرمایا گیا۔ ان آیاتِ طیبات سے ثابت ہوا کہ لفظ اھلِ بیت بیوی گھر والی اور گھر والوں پر استعمال ہوا ہے لہٰذا آیتِ تطہیر میں ازواج النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شامل ہیں۔

علامہ خازن علیہ الرحمۃ اس آیت کے تحت فرماتے ہے۔

هُمْ اَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَنَّهُنَّ فِيْ بَيْتِهٖ (۱) اہلِ بیت ازواج النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اس لیے کہ وہی آپ کے گھر میں سکونت پذیر تھیں۔

علامہ نیشاپوری علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

وَرَدَ الْاٰيَةُ فِيْ شَاْنِ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (۲) یہ آیت ازواج النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں نازل ہوئی۔

صاحب معالم التنزیل علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

وَالْمُرَادُ بِاَهْلِ الْبَيْتِ نِسَآءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَنَّهُنَّ فِيْ بَيْتِهٖ (۳) مراد اہلِ بیت سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیویاں ہیں اس لیے کہ وہی آپ کے گھر میں تشریف رکھتی تھیں۔

(۱) خازن (۲) نیشاپوری (۳) معالم التنزیل

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تفسیر جلالین میں ہے۔

اَهْلُ الْبَيْتِ نِسَآءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (۱) اہلِ بیت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیویاں ہیں۔

معلوم ہوا کہ ازواجِ مطہرات کا اہلِ بیت میں ہونا ایک واضح حقیقت ہے۔

## رِجس کے معنی از روئے قرآن

اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ۔ (المائدہ:۹۰) اے ایمان والو شراب اور جوا اور بت اور پانسے ناپاک ہی ہیں۔ شیطانی کام ہیں۔

یہاں آیت میں شراب، جوئے بتوں اور جوئے کے تیروں کو ''رجس'' فرمایا گیا ہے۔

اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً اَوْدَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْلَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ۔ (الانعام:۱۴۵) مگر یہ کہ مردار ہو یا رگوں کا بہتا خون یا خنزیر کا گوشت وہ نجاست ہے۔

وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ۔ (الحج:۳۰) اور تمہارے لئے حلال کئے گئے بے زبان چوپائے سوا ان کے جن کی ممانعت تم پر پڑھی جاتی ہے تو دور رہو بتوں کی گندگی سے

ان دو آیتوں میں مردار بہتا ہوا خون، خنزیر کا گوشت اور بتوں کے نام پر ذبح کئے گئے جانور کو رِجس فرمایا گیا ہے۔

وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ۔ (التوبۃ:۱۲۵) اور جن کے دلوں میں آزار ہے انہیں اور پلیدی پر پلیدی بڑھائی۔

كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ۔ (الانعام:۱۲۵) اسی طرح اللہ ان لوگوں پر عذابِ (ذلت) واقع فرماتا ہے جو ایمان نہیں لاتے۔

فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ اِنَّهُمْ رِجْسٌ۔ (التوبۃ:۹۵) پس تم ان کی طرف التفات ہی نہ کرو، بے شک وہ پلید ہیں۔

وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ۔ (یونس:۱۰۰) وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) کفر کی گندگی انہی لوگوں پر ڈالتا ہے جو (حق کو سمجھنے کے لیے) عقل سے کام نہیں لیتے۔

ان چار آیتوں میں منافقین کے نفاق، بے ایمانی اور بے عقلی پر رجس فرمایا گیا۔

قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ۔ کہا ضرور تم پر تمہارے رب کا عذاب اور غضب پڑ گیا۔

(الاعراف:۷:۷۱)

اس آیت میں عذابِ خداوندی کو رِجس فرمایا گیا ہے۔

ان تمام آیات کا خلاصہ یہ ہے کہ شراب، جواء، مردار، جاری خون، خنزیر کا گوشت، بتوں کے نام پر ذبح کیا گیا جانور، منافقین اور

(۱) جلالین۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ان کے نفاق، بے دینی و بے ایمانی اور عذابِ خداوندی وغیر پر ''رجس'' کا اِطلاق ہوا ہے۔

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ۔ (الاحزاب:۳۳)

اے نبی کی اہلِ بیت کرام میں نے تم کو تمام اعتقادی و عملی ناپاکیوں اور برائیوں سے بالکل پاک اور منزہ فرما کر قلبی صفائی، اخلاقی ستھرائی اور تزکیہ ظاہر و باطن کا وہ اعلیٰ وارفع مقام عطا فرمایا ہے جس کی وجہ سے تم دوسروں سے ممتاز و فائق ہو۔

## امتیازی شانِ اہلِ بیت سرکارِ ابدقرار

حضور علیہ السلام کے اہلِ بیت حضور علیہ السلام کے نسب و قرابت کے وہ لوگ ہیں جن پر صدقہ حرام ہے ایک جماعت نے اس پر اعتماد کیا اور اس کو ترجیح دی۔ احادیث پر جب نظر کی جاتی ہے تو مفسرین کرام کی دونوں جماعتوں کو ان سے تائید پہنچتی ہے۔ امام احمد نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ یہ آیت پنجتن کی شان میں نازل ہوئی ہے پنجتن سے مراد حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اور سیّدنا علی المرتضیٰ اور سیّدہ فاطمۃ الزہرا، سیّدنا امام حسن اور سیّدنا امام حسین صلوت اللہ تعالیٰ وسلامہ علی حبیبہ وعلیہم اجمعین ہیں۔

اس مضمون کی حدیثِ مرفوع ابنِ جریر نے روایت کی طبرانی میں بھی اس کی تصریح ہے مسلم کی حدیث میں ہے کہ حضور انور علیہ الصلوات والتسلیمات نے ان حضرات کو اپنی گلیم مبارک میں لے کر یہ آیت تلاوت فرمائی۔ یہ بھی بصحت ثابت ہوا ہے۔ کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان حضرات کو گلیمِ اقدس میں لے کر یہ دعا فرمائی۔

اَللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ اَهْلُ بَيْتِيْ وَخَاصَّتِيْ اَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيْرًا۔ (جامع ترمذی ۹۹۶:۵ رقم ۱۷۸۳)

یارب یہ میرے اہلِ بیت اور میرے مخصوصین ہیں ان سے رجس و ناپاکی دور فرما اور انہیں پاک کر دے خوب پاک۔

یہ دعا سن کر اُم المؤمنین سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا وَاَنَا مِنْهُمْ (میں بھی ان کے ساتھ ہوں) فرمایا اِنَّكِ عَلٰى خَيْرٍ (تم بہتری پر ہو)۔ ایک روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ آپ نے حضرت ام المؤمنین کو جواب میں داخل کر لیا ایک صحیح روایت میں ہے واثلہ نے عرض کیا: وَاَنَا مِنْ اَهْلِكَ (میں بھی آپ کے اہل میں سے ہوں) فرمایا وَاَنْتَ مِنْ اَهْلِيْ (تم بھی میری اہل میں سے ہو) یہ کرم تھا کہ سرکارِ ابدقرار نے نیاز مند کو مایوس نہ فرمایا اور اپنے اہل کے حکم میں داخل فرما دیا۔

لیکن یہ حکماً داخل ہیں۔ ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ حضورِ اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان حضرات کے ساتھ اپنی باقی صاحبزادیوں اور قرابتداروں اور ازواجِ مطہرات کو بلایا۔ ثعلبی کا خیال ہے کہ اہلِ بیت سے تمام بنی ہاشم مراد ہیں۔ اس کو اس حدیث سے تائید پہنچتی ہے جس میں ذکر ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ردا مبارک میں حضرت عباس اور ان کی صاحبزادیوں کو لپیٹ کر دعا فرمائی۔

يَارَبِّ هٰذَا عَمِّيْ وَصِنْوُ اَبِيْ وَهٰؤُلَاءِ اَهْلُ بَيْتِيْ فَاسْتُرْهُمْ مِنَ النَّارِ كَسَتْرِيْ اِيَّاهُمْ عِلَّتِيْ هٰذِهٖ فَاَمَنَتْ اَسْكُفَّتُهُ الْبَابِ وَمَوَائِطُ الْبَيْتِ۔ (۱)

یارب یہ میرے چچا اور بمنزلہ میرے والد کے ہیں اور یہ میرے اہل بیت ہیں انہیں آتش دوزخ سے ایسا چھپا جیسا میں نے اپنی چادر مبارک میں چھپایا ہے۔ اس دعا پر مکان کے در و دیوار نے آمین کہی۔

(۱) سوانح کربلا،

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

خلاصہ یہ کہ دولت سرائے اقدس کے سکونت رکھنے والے اس آیت میں داخل ہیں کیونکہ وہی اس کے مخاطب ہیں۔ چونکہ اہلِ بیت نسب کا مراد ہونا مخفی تھا اس لیے حضورِ اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے اس فعل مبارک سے بیان فرما دیا کہ مراد اہلِ بیت سے عام ہیں خواہ بیتِ سکنیٰ کے اہل ہوں۔ جیسے کہ ازواجِ مطہرات یا بیتِ نسب کے اہل جیسے بنو ہاشم۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ان اہلِ بیت سے ہوں جن سے اللہ تعالیٰ نے رجس کو دور فرمایا اور انہیں خوب پاک فرمایا۔

حضرت نافع سے مروی ہے کہ میں آٹھ یا نو ماہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں رہا تو میں نے دیکھا کہ حضور سیّدِ عالم علیہ السلام جب فجر کی نماز کے لیے تشریف لے جاتے تو سیّدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کے گھر کے پاس سے گزرتے تو آپ دروازہ پر دستک دیتے اور زبان مبارک سے یوں فرماتے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْبَيْتِ وَ رَحْمَةُ اللّٰهُ وَ بَرَكَاتُهٗ يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ وَيُطَهِّرَ كُمْ تَطْهِيْرًا(۱)

سلام ہو تمہیں اے اہلِ بیت اور رحمت و برکت خداوندی ہو تم پر۔ اللہ تعالیٰ نے تمہیں پسند کر لیا ہے کہ وہ تمہیں پاک و ستھرا رکھے اور خوب پاک۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آیت میں بیت نسب بھی اسی طرح مراد ہیں جس طرح بیتِ مسکن اور بیتِ ولادت شامل ہیں اور یہ آیتِ کریمہ اہلِ بیتِ کرام کے فضائل کا منبع ہے اس سے ان کے اعزاز اور علوشان کا اظہار ہوتا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ تمام اخلاقِ رذیلہ و احوالِ مذمومہ سے ان کی تطہیر فرمائی گئی بعض احادیث میں ہے کہ اہلِ بیت پر دوزخ حرام ہے اور یہی اس تطہیر کا فائدہ اور ثمرہ ہے اور جو چیز ان کے احوالِ شریفہ کے لائق نہ ہو ان سے ان کا پروردگار ان کو محفوظ رکھتا اور بچاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ واقعہ کربلا میں سرکار سیّد الشہداء سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی مقدس محرمات کی عصمت کی اللہ تعالیٰ نے حفاظت فرمائی کوئی بے پردہ نہ ہوئی اور ان کی عزت و آبرو پر کسی کو غلط کوشش کی جرأت نہ ہوئی۔ وہ محرماتِ عصمت باپردہ رہیں اور بالکل ہر آلودگی سے محفوظ رہیں کسی کی کیا جرأت و مجال ہو سکتی تھی کہ ان کی طرف دست درازی تو درکنار غلط آنکھ بھی اٹھا کر دیکھ سکے جن پر آیتِ تطہیر کی چادر پروردگار نے تان رکھی ہے۔

آیتِ تطہیر میں قابلِ غور بات یہ بھی ہے کہ اِنَّمَا کا جملہ استعمال ہوا ہے یہ حصر کے لیے آتا ہے اپنے ارادے (چاہت) سے اس کا ارادہ قدیم ہے اس نے چاہا ہے کہ اہلِ بیت کو ان تمام برائیوں سے پاک رکھے اور آیت کے آخر میں تَطْهِيْرًا مبالغہ کے لیے فرمایا تاکہ طہارتِ کاملہ حاصل ہو اور مجاز کا شک رفع ہو جائے۔ پھر تَطْهِيْرًا کی تنوین تعظیم و تکثیر کے لیے ہے یعنی معمولی طہارت نہیں بلکہ بہت عمدہ اور اعلیٰ تطہیر ہے۔

جب خلافت ظاہرہ میں شان و مملکت و سلطنت پیدا ہوئی تو قدرت نے آلِ طاہرہ کو اس سے بچایا اور اس کے عوض خلافتِ باطنہ عطا فرمائی (۲)

حضرات صوفیہ کا ایک گروہ جزم کرتا ہے کہ ہر زمانے میں قطب اولیاء آلِ رسول خیر الانام ہی سے ہوں گے۔ اس تطہیر کا ثمرہ ہے کہ صدقہ ان پر حرام کیا گیا ہے کیونکہ حدیث میں صدقہ کو دینے والوں کا میل بتایا گیا ہے اور اس میں لینے والے کی سبکی بھی ہے اس کی بجائے وہ خمس و غنیمت کے حق دار بنائے گئے جس میں لینے والا بلند و بالا ہوتا ہے حدیث میں آتا ہے کہ ایک مرتبہ صدقہ کی کھجوریں سیّد عالم علیہ السلام کی بارگاہ

(۱)،(۲) سوانح کربلا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

میں پیش کی گئیں اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ نے ایک کھجور اٹھا کر منہ میں ڈال لی جب حضور علیہ السلام نے دیکھا تو فرمایا اسے تھوک دو انہوں نے تھوک دیا۔ آپؐ نے فرمایا:

اِنَّ هٰذِهِ الصَّدَقَاتِ اِنَّمَا هِيَ اَوْسَاخُ النَّاسِ وَاِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِمُحَمَّدٍ وَّلَا لِاَهْلِ مُحَمَّدٍ (۱)

یہ صدقات لوگوں کا میل کچیل ہیں۔ محمد اور ان کی آلِ پاک کے لیے حلال نہیں۔

اس کامل تطہیر کے بعد یہ نفوسِ قدسیہ انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کی طرح معصوم تو نہیں ہاں محفوظ ضرور ہو گئے ایسے محفوظ جیسے حق ہے اور کوئی رجس ان کے قریب نہیں پھٹک سکتا۔ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا کے اس عظیم شان سے نوازا گیا۔

## لفظ اہل کی تحقیق از رُوئے قرآن (۸۰ آیات)

حدود اربعہ کے مکین، متبعین، مالک، پروردہ، منتظم، گھر میں مقیم، ہم عقیدہ، عاملین، لائقین، تسلیم، زوجہ۔ پر لفظ اہل کا استعمال

۱۔ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ (البقرہ ۲:۱۲۶)

۲۔ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا۔ (النساء ۴:۷۵)

۳۔ ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ۔ (الانعام ۶:۱۳۱)

۴۔ وَمَا اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا اَخَذْنَا اَهْلَهَا۔ (الاعراف ۷:۹۴)

۵۔ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا۔ (الاعراف ۷:۹۶)

۶۔ اَوَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ۔ (الاعراف ۷:۵۸)

۷۔ اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ نَآئِمُوْنَ (الاعراف ۷:۹۷)

۸۔ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ (ہود ۱۱:۱۱۷)

۹۔ فَانْطَلَقَا حَتّٰى اِذَا اَتَيَا اَهْلَ قَرْيَةٍ نِ اسْتَطْعَمَا اَهْلَهَا۔ (الکہف ۱۸:۷۷)

۱۰۔ وَمَا كُنَّا مُهْلِكِ الْقُرٰى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ۔ (القصص ۲۸:۵۹)

۱۱۔ وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓ اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ۔ (العنکبوت ۲۹:۳۱)

۱۲۔ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ۔ (الحشر ۵۹:۷)

۱۳۔ قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً (النمل ۲۷:۳۴)

۱۴۔ مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ۔ (التوبہ ۹:۱۲۰)

۱۵۔ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ۔ (التوبہ ۹:۱۰۱)

۱۶۔ قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِي الْمَدِيْنَةِ (الاعراف ۷:۱۲۳)

۱۷۔ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ۔ (الاعراف ۷:۱۲۳)

۱۸۔ وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ۔ (الحجر ۱۵:۶۷)

(۱) سوانح کربلا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۱۹۔ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْ اَهْلِ مَدْيَنَ۔ (طٰہٰ ۲۰:۴۰)

۲۰۔ وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا۔ (القصص ۲۸:۱۵)

۲۱۔ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ۔ (القصص ۲۸:۴۵)

۲۲۔ وَاِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا۔ (الاحزاب ۳۳:۱۳)

۲۳۔ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ۔ (البقرہ ۲:۱۹۶)

۲۴۔ وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ۔ (البقرہ ۲:۲۱۷)

۲۵۔ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا۔ (الکہف ۱۸:۷۱)

## متبعین پر لفظِ اہل کا استعمال

۲۶۔ قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ۔ (ہود ۱۱:۴۶)

۲۷۔ وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ۔ (الانبیاء ۲۱:۷۶)

۲۸۔ رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ۔ (الشعراء ۲۶:۱۶۹)

۲۹۔ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ اِلَّا عَجُوْزًا۔ (الشعراء ۲۶:۱۷۰)

۳۰۔ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ۔ (النمل ۲۷:۴۹)

۳۱۔ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ۔ (الاعراف ۷:۸۳)

۳۲۔ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا۔ (القصص ۲۸:۴)

۳۳۔ قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (الزمر ۳۹:۱۵)

۳۴۔ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ۔ (النمل ۲۷:۵۷)

۳۵۔ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ۔ (العنکبوت ۲۹:۳۲)

۳۶۔ اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ۔ (العنکبوت ۲۹:۳۳)

۳۷۔ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ۔ (الصافات ۳۷:۷۶)

## مالک پر لفظِ اہل کا استعمال

۳۸۔ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا۔ (النساء ۴:۵۸)

۳۹۔ اَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ اَهْلِهَآ۔ (الاعراف ۷:۱۰۰)

## پروردۂ منتظم پر لفظِ اہل کا استعمال

۴۰۔ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ۔ (النساء ۴:۲۵)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۴۱۔ فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا۔ (النساء ۴:۳۵)

۴۲۔ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا۔ (مریم ۱۹:۱۶)

## گھر میں مقیم پر لفظِ اہل کا استعمال

۴۳۔ فَكَفَّارَتُهٗ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ (المائدہ ۵:۸۹)

۴۴۔ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰى اَهْلِهٖ (النساء ۴:۹۲)

۴۵۔ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ (ہود ۱۱:۴۵)

۴۶۔ وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ۔ (ہود ۱۱: )

۴۷۔ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ۔ (ہود ۱۱:۸۱)

۴۸۔ قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا۔ (یوسف ۱۲:۲۶)

۴۹۔ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ (یوسف ۱۲:۶۲)

۵۰۔ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا۔ (یوسف ۱۲:۶۵)

۵۱۔ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ۔ (یوسف ۱۲:۸۸)

۵۲۔ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ۔ (یوسف ۱۲:۹۳)

۵۳۔ وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ۔ (مریم ۱۹:۵۵)

۵۴۔ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ (طٰہٰ ۲۰:۱۳۲)

۵۵۔ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ۔ (المؤمنون ۲۳:۲۷)

۵۶۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا۔ (النور ۲۴:۲۷)

۵۷۔ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ۔ (یٰس ۳۶:۵۰)

۵۸۔ سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا۔ (الفتح:۱۱)

۵۹۔ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا۔ (الفتح:۱۲)

۶۰۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا۔ (التحریم:۶)

۶۱۔ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى۔ (القیامۃ:۳۳)

## ہم عقیدہ پر لفظِ اہل کا استعمال

۶۲۔ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ۔ (الطور:۲۶)

۶۳۔ وَيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا۔ (الانشقاق:۹)

۶۴۔ وَاِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ۔ (المطففین:۳۱)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## عاملین پر لفظِ اہل کا استعمال

۶۵۔ فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ۔ (النحل ۱۶:۴۳)

۶۶۔ فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (الانبیاء ۲۱:۷)

۶۷۔ وَلَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ (فاطر:۴۳)

۶۸۔ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى۔ (المدثر:۵۶)

## لائق پر لفظِ اہل کا استعمال

۶۹۔ وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ۔ (المدثر:۵۶)

۷۰۔ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا۔ (الفتح:۲۶)۔

## تسلیم کرنے والوں پر لفظِ اہل کا استعمال

۷۲۔ قُلْ يٰاَهْلَ الْكِتٰبِ۔ (آلِ عمران:۶۴)

۷۳۔ قُلْ يٰاَهْلَ الْكِتٰبِ۔ (آلِ عمران:۹۸)

۷۴۔ وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ۔ (المائدہ:۴۷)

## بیوی پر لفظِ اہل کا استعمال

۷۵۔ فَرَاغَ اِلٰى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ۔ (الذاریات:۲۶)

۷۶۔ وَهَبْنَا لَهٗ اَهْلَهٗ۔ (ص:۴۳)

۷۷۔ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖ اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا۔ (النمل:۷)

۷۸۔ وَاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ۔ (الانبیاء:۸۴)

۷۹۔ وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ (آلِ عمران:۱۲۱)

## لفظِ آل کی تحقیق (۹ آیات)

۸۰۔ وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ (البقرۃ:۴۹)

۸۱۔ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ۔ (البقرۃ:۲۴۸)

۸۲۔ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ۔ (آلِ عمران:۳۳)

۸۳۔ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ۔ (النساء:۵۴)

۸۴۔ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ۔ (الانفال:۵۴)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۸۵۔ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ۔ (یوسف:۶)

۸۶۔ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ۔ (النمل:۵۶)

۸۷۔ وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ (المؤمن:۲۸)

۸۸۔ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ۔ (المؤمن:۴۶)

ان آیات مذکورہ سے معلوم ہوا کہ اہل یا آل کا اطلاق کئی مقامات پر ہوا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فصل ۱

# قرآن اور اصحابِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۫ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ۔ (الفتح ۴۸:۲۹)

محمد اللہ کے رسول ہیں اور ان کے ساتھ والے کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں نرم دل تو انہیں دیکھے گا رکوع کرتے سجدے میں گرتے اللہ کا فضل و رضا چاہتے ان کی علامت ان کے چہروں میں ہے سجدے کے نشان۔

وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ۔ (التوبۃ:۱۰۰)

اور سب میں اگلے پہلے مہاجر اور انصار اور جو بھلائی کے ساتھ ان کے پیرو ہوئے اللہ ان سے راضی اور وہ اللہ سے راضی۔

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ۔ (الحجرات:۷)

لیکن اللہ نے تمہیں ایمان پیارا کر دیا ہے اور اسے تمہارے دلوں میں آراستہ کر دیا ہے اور کفر اور حکم عدولی اور نافرمانی تمہیں ناگوار کر دی ایسے ہی لوگ راہِ ہدایت پر ہیں۔

يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ (التحریم:۸)

جس دن اللہ رسوا نہ کرے گا نبی اور ان کے ساتھ کے ایمان والوں کو ان کا نور دوڑتا ہوگا ان کے آگے اور ان کے داہنے۔

وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ۭ وَسَاۗءَتْ مَصِيْرًا۔ (النساء:۱۱۵)

اور جو رسول کا خلاف کرے بعد اس کے کہ حق راستہ اس پر کھل چکا اور مسلمانوں کی راہ سے جدا ہو کر چلے ہم اسے اس کے حال پر چھوڑ دیں گے اور اسے دوزخ میں داخل کریں گے اور کیا ہی بری جگہ ہے پلٹنے کی۔

آیاتِ بالا سے معلوم ہوا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھی یعنی اصحاب وہ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی خوشنودی کی بشارت دی کہ میں ان سے اور وہ مجھ سے راضی ہو چکے ہیں اور یہ کہ جو ان کے پیروکار ہوئے ان سے بھی اللہ راضی ہوا۔ کیونکہ وہ ایمان والے اور کفر و فسق اور گناہ سے بچے ہوئے ہیں اور یہ ان کی صفات ہیں اور جو کوئی ایمان والوں کے راستے کو چھوڑ کر غیروں کی پیروی کرے گا ہم اس کو جہنم میں ڈالیں گے اور اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ نبی اور نبی کی معیت میں آنے والوں کو روزِ قیامت رسوا نہیں کروں گا بلکہ ان کے دائیں اور آگے نور ہوگا۔ اس کے علاوہ بہت آیات ہیں۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِيْ فَلَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ اَنْفَقَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ اَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيْفَهٗ (۱)

میرے صحابہ کو برا بھلا مت کہو۔ کیونکہ اگر کوئی تم میں سے جبلِ احد کے برابر بھی سونا صدقہ کر دے تو ان کے ایک (سیر) یا اس کے نصف کے برابر بھی نہیں ہو سکتا۔

(۱) بخاری

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے۔

اِذَا رَأَیْتُمُ الَّذِیْنَ یَسُبُّوْنَ اَصْحَابِیْ فَقُوْلُوْا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلٰی شَرِّکُمْ (۱)

جب تم ان لوگوں کو دیکھو جو میرے اصحاب کی بدگوئی کرتے ہیں تو کہہ دو کہ تمہارے شر پر اللہ کی لعنت ہو۔

ان احادیث سے حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوۃ والسلام کے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا مرتبہ اور مؤمن کے لیے ان کے ساتھ محبت و اخلاص و ادب و تعظیم کا لازم ہونا اور ان کی بدگویوں سے دور رہنا ثابت ہوا اس لیے اہلِ سنت کے لیے جائز نہیں کہ ایسے لوگوں کی مجلس میں شرکت کریں کیونکہ اصحابِ رسول کے دشمنوں سے میل جول مومنِ خالص الاعتقاد کا کام نہیں۔ آدمی اپنے دشمن کے ساتھ نشست و برخاست اور خوش دلی سے بات کرنا گوارا نہیں کرتا تو دشمنانِ رسول و دشمنانِ اصحابِ رسول کے ساتھ کیسے گوارا کر سکتا ہے۔ (۲)

اصحابِ کبار میں خلفائے راشدین سیّدنا حضرت ابوبکر صدیق، سیّدنا حضرت عمر فاروق، سیّدنا حضرت عثمان غنی، سیّدنا حضرت علی المرتضیٰ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا مرتبہ بلند و بالا ہے (۳) اب ان کے جداگانہ حالات ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) ترمذی (۲)، (۳) سوانح کربلا ص ۸، ۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

باب ۶

## خلیفہء اوّل ابوبکر صدیق

# حضرت سیّدنا عبداللہ بن عثمان رضی اللہ عنہ

آپ کا اسمِ گرامی عبداللہ ہے۔ کنیت ابوبکر، لقب صدیق، عتیق ہیں۔ سلسلہ نسب اس طرح ہے۔ عبداللہ بن ابی قحافہ عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب القرشی تیمی۔

آپ کی والدہ ماجدہ کا نام ام الخیر سلمٰی بنت فجر بن عامر بن عمرو بن کعب ہے۔ آپ کا نسب باپ اور ماں کی طرف سے مرہ تک ساتویں پشت میں حضور سرورِ کائنات ﷺ سے جا ملتا ہے۔ جو حضور علیہ السلام کے جدِ امجد تھے اور سیّدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے چھٹے دادا تھے۔ اس طرح آپ کا سلسلہ نسب سیّد عالم ﷺ سے مل جاتا ہے۔

### ولادتِ باسعادت:

سیّدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ولادت واقعہء فیل کے دو سال چار مہینہ بعد مکہ مکرمہ میں ہوئی۔ یہی صحیح ہے اور یہ جو مشہور ہے کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے حضور نبی کریم ﷺ نے دریافت فرمایا کہ ہم بڑے ہیں یا تم۔ انہوں نے عرض آپ بڑے ہیں عمر میری زیادہ ہے یہ روایت مرسل وغریب ہے اور واقعہ میں یہ گفتگو حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے پیش آئی۔

### ابتدائی حالات:

حضرت سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ میں سکونت پذیر تھے بسلسلہ تجارت مکہ سے باہر دوسرے ملکوں میں تشریف لے جاتے تھے اپنی قوم میں بڑے دولت مند اور صاحب مروت واحسان تھے زمانہ جاہلیت میں قریش کے رئیس اور ان کی مجلسِ شوریٰ کے رکن تھے مجلسِ شوریٰ کی رکنیت ایک بڑا منصب تھا۔ عرب میں کوئی بادشاہ تو تھا نہیں۔ تمام امور ایک کمیٹی سے متعلق تھے جس کے دس ممبر تھے۔ کوئی جنگ کا، کوئی مالیات کا، اور کوئی کسی اور کام کا اور ہر ممبر اپنے محکمہ کی ولایتِ عامہ اور اختیارِ کامل رکھتا تھا معاملہ فہمی اور دانائی میں آپ کی خاص شہرت تھی اسلام کے بعد سب باتوں سے دل اچاٹ ہو گیا زمانہ جاہلیت میں بھی آپ کا چال چلن نہایت پاکیزہ اور افعال متین وشائستہ تھے۔ ابنِ عساکر نے ابوالعالیہ ریاحی سے نقل کیا ہے کہ مجمعِ اصحاب میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا گیا کہ کیا آپ نے زمانہ جاہلیت میں کبھی شراب پی تھی؟ تو فرمایا:

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ فَقِیْلَ وَلِمَ قَالَ کُنْتُ اَصُوْنُ عَرَضِی وَاحْفِظُ مَرُوَّتِی فَاِنَّ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرُ کَانَ مَضِیْعًا فِیْ عَرَضِہٖ وَمَرُوَّتِہٖ۔ قَالَ فَبَلَغَ ذٰالِكَ رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ صَدَقَ اَبُوْبَکْرٍ صَدَقَ اَبُوْبَکْرٍ مَرَّتَیْنِ (۱)

خدا کی پناہ، احباب نے کہا یہ کیوں، فرمایا میں اپنی مروت وآبرو کی حفاظت کرتا تھا اور شراب پینے والے کی عزت وآبرو برباد ہو جاتی ہے یہ خبر سرکارِ دوعالم ﷺ کو پہنچی تو آپ نے دو مرتبہ فرمایا ابوبکر نے سچ کہا سچ کہا۔

دوسری روایت میں آتا ہے کہ آپ نے زمانۂ جاہلیت میں کبھی بت پرستی بھی نہ کی تھی۔ ابتداء ہی میں اس سے بھی آپ کو اوّلین نفرت تھی۔

## واقعۂ رویتِ شام اور سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا شرفِ اسلام

حضرت سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے قبولِ اسلام کا واقعہ یوں ہے کہ آپ ملکِ شام میں تجارت کے سلسلہ میں گئے ہوئے تھے تو آپ نے وہاں ایک خواب دیکھا تھا چنانچہ جب آپ دولت اسلام سے مشرف ہونے لگے تو حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوۃ والسلام سے نبوت کی دلیل طلب فرمائی۔ تو آپ نے ان سے ارشاد فرمایا:

کَانَ تَاجِرًا بِالشَّامِ فَرَاٰی رُؤْیَا فَقَصَّھَا عَلٰی بُحَیْرَۃِ الرَّاھِبِ فَقَالَ لَہٗ بُحَیْرَۃُ مِنْ اَنْتَ مَا اسْمُكَ قَالَ اَبُوْبَکْرٍ قَالَ مِنْ مَکَّۃَ قَالَ مِنْ اَیِّ قَبِیْلَۃٍ قَالَ مِنْ قُرَیْشٍ قَالَ اِنْ صَدَقَ اللّٰہُ رُؤْیَاكَ

حضرت صدیق اکبر تجارت کے سلسلہ میں ملک شام میں میں تشریف فرما تھے وہاں پر آپ نے ایک خواب دیکھا تو اس کی تعبیر کے لیے ایک راہب کے پاس جا کر خواب سنایا۔ بحیرہ نامی راہب نے کہا آپ کا نام کیا ہے؟ آپ نے

فَاِنَّہٗ بَعَثَ اللّٰہُ نَبِیًّا مِنْ قَوْمِكَ تَکُوْنُ وَزِیْرَہٗ حَیَاتِہٖ وَخَلِیْفَتُہٗ بَعْدَ وَفَاتِہٖ فَاَضَرَّھَا اَبُوْبَکْرٍ فِیْ نَفْسِہٖ فَلَمَّا بَعُثَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَجَآءَ اَبُوْ بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ مَا الدَّلِیْلُ عَلٰی مَا تَدَّعِیْ قَالَ الرُّؤْیَا الَّتِیْ رَاَیْتَ بِالشَّامِ فَقَبَّلَہٗ بَیْنَ عَیْنَیْہِ وَقَالَ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰہِ (۲)

فرمایا: ابوبکر اس نے کہا: آپ کون سے قبیلہ اور کہاں کے رہنے والے ہیں اور کیا کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا میں مکہ کا رہنے والا اور بنی ہاشم کے خاندان سے ہوں اور تجارت کا کام کرتا ہوں۔ راہب نے کہا تو سن لیجئے مکہ اور قبیلہ بنی ہاشم سے نبی آخر الزماں ﷺ کا ظہور ہوگا۔ اے ابوبکر تم اس کے دین میں داخل ہوگے اور ان کے پہلے وزیر ہوگے اور ان کے وصال کے بعد خلیفۂ اوّل بھی تم ہی ہوگے۔ پس ابوبکر رضی اللہ عنہ متاثر ہوئے لہٰذا جب نبی پاک ﷺ نے اعلانِ نبوت فرمایا اور ابوبکر رضی اللہ عنہ جب مکہ میں آئے تو نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کرنے لگے اے محمد! آپ جس طرف بلا رہے ہیں اس کی آپ کے پاس کون سی دلیل ہے؟ تو آپ نے فرمایا: اے ابوبکر کیا وہ دلیل کافی نہیں

(۱) تاریخ الخلفاء باب فضائل ابوبکر۔ (۲) نزہۃ المجالس جزء الثانی ص ۱۵۲۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہے جو تم ملکِ شام میں دیکھ چکے ہو؟ تو فوراً ابو بکر نے کہا: اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ۔

اس سے معلوم ہوا کہ سیّدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جو خواب ملکِ شام میں دیکھا تھا اس کا حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو علم تھا کیونکہ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نبوت کی دلیل مانگی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا وہ کم دلیل تھی جو ملکِ شام میں دیکھ چکے ہو اور راہب تمہیں اس کی تعبیر بتا چکا ہے تو آپ نے فوراً اسلام کو قبول فرمایا اور آپ کے نبی برحق ہونے پر ایمان لائے۔ سبقتِ اسلام کے سلسلہ میں کچھ مختلف اقوال ہیں کہ حضور سیّد عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر سب سے اوّل کون ایمان لایا تو اس کے بارہ میں صحیح اور معتبر قول یہی ہے جیسا کہ سیّدنا امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ بچوں میں سب سے پہلے سیّدنا علی المرتضیٰ ایمان لائے اور عورتوں میں سب سے پہلے حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا ایمان لائیں اور مردوں میں سب سے پہلے سیّدنا ابو بکر صدیق ابن ابو قحافہ رضی اللہ عنہ ایمان لائے۔

## رفاقتِ نبوت اور سیّدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ

سیّدنا ابو بکر عبد اللہ بن عثمان رضی اللہ عنہ قبولِ اسلام سے لے کر وصالِ سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام تک مسلسل آپ کے ساتھ رہے چنانچہ صحابہ نے بالاتفاق دیکھا کہ:

صَحِبَهٗ اَبُوْبَكْرٍ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حِيْنَ الْاِسْلَامِ اِلٰى حِيْنَ تُوُفِّيَ لَمْ يُفَارِقْهُ سَفَرًا وَلَا حَضَرًا اِلَّا اَنْ يَأْذَنَ لَهٗ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخُرُوْجِ فِيْهِ مِنْ حَجٍّ وَ غَزْوَةٍ شَهِدَ مَعَهُ الْمَشَاهِدَ وَ هَاجَرَ مَعَهٗ وَ تَرَكَ عِيَالَهٗ رَغْبَةً لِلّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ رَفِيْقُهٗ فِي الْغَارِ۔ (۱)

حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ جب سے اسلام لائے تا وصالِ حضور علیہ السلام سفر و حضر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ رہے مگر حج یا غزوہ کے لیے با اجازت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جدا ہوتے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ رہ کر اکثر مشاہدات بھی حاصل کیے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہجرت کی اور اہل و عیال کو چھوڑا اور غارِ ثور میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاص رفیق ہوئے۔

معلوم ہوا کہ سیّدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو یہ خاص رفاقت حاصل تھی کہ آپ رضی اللہ عنہ مسلسل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ رہے اور بغیر اجازت آپ سے جدا نہ ہوئے۔

## مالی قربانی اور سیّدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے۔

اِنَّ مِنْ اَمَنِّ النَّاسِ عَلَيَّ فِيْ صُحْبَتِهٖ وَمَالِهٖ اَبُوْبَكْرٍ (۲)

میری ذات پر سب سے زیادہ خرچ کرنے والے اور میری خدمت میں رہنے والے ابو بکر صدیق ہیں۔

ثابت ہوا کہ سیّدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ سب سے زیادہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اسلام کی خاطر مال قربان کیا کرتے تھے۔ دوسری حدیث میں آتا ہے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جس روز حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ مشرف باسلام ہوئے تو آپ کے پاس چالیس ہزار

(۱) نزھۃ المجالس جزء الثانی ص ۱۵۲ (۲) تاریخ الخلفاء

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

دینار تھے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے حکم پر وہ سب کے سب خرچ فرما دیے۔ (۱)

ابوداؤد اور ترمذی نے بحوالہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نقل کیا ہے کہ بارگاہِ نبوت سے ہم کو مال کے قربان کرنے کا حکم ہوا تو میں نے دل میں ارادہ کیا کہ آج ابوبکر سے سبقت لے جاؤں گا چنانچہ میں اپنا نصف مال لے کر حضورِ اقدس کی بارگاہ میں حاضر ہو گیا آپ نے مجھ سے فرمایا اے عمر اپنے گھر میں بیوی بچوں کے لیے کتنا چھوڑ کر آئے ہو؟ عرض کیا حضور آدھا مال گھر پر موجود ہے۔ پھر ابوبکر حاضر ہوئے اور اپنا کل مال لے آئے آپ نے فرمایا اے ابوبکر بیوی بچوں کے لیے کیا چھوڑ کر آئے ہو عرض کیا حضور! اللہ جل جلالہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!

اس وقت حضرت عمر فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے دل میں خیال کیا کہ میں ابوبکر سے کسی معاملہ میں بھی سبقت نہیں لے سکتا۔ (۲)

ترمذی میں حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے ہر ایک کا احسان اتار دیا ہے مگر ابوبکر کا احسان اللہ تعالیٰ روزِ قیامت اتارے گا مجھے اتنا کسی کے مال نے نفع نہیں دیا جتنا ابوبکر کے مال نے نفع دیا ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ابوبکر کے مجھ پر عظیم احسانات ہیں اور کسی کے اتنے نہیں انہوں نے اپنی جان و مال سے میری مدد کی اور اپنی بیٹی بھی میرے نکاح میں دی۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن میں اپنے باپ حضرت عثمان ابوقحافہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ رسالت مآب علیہ السلام کی بارگاہ میں حاضر ہوا میرے بوڑھے باپ کو دیکھ کر حضورِ اقدس نے فرمایا کہ تم نے اپنے والد کو یہاں آنے کی اتنی تکلیف کیوں دی میں خود ان کے پاس آ جاتا میں نے عرض کیا حضور آپ کی زحمت کی بجائے ان کا آنا بہتر تھا اس پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوقحافہ تمہارے بیٹے کے عظیم احسانات ہمیں یاد ہیں۔ ثابت ہوا کہ اصحابِ رسول میں سب سے اعلیٰ سخی اور مال کی قربانی دینے والے سیّدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے۔

## ہجرتِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور رفیقِ غارِ ثور

## سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

سیّدنا حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ جب ہجرت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ غارِ ثور پر پہنچے تو حضرت صدیق اکبر نے آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کیا:

قَالَ وَاللّٰهِ لَا تَدْخُلْهُ حَتّٰى اَدْخُلَ فَاِنْ كَانَ فِيْهِ شَيْءٌ اَصَابَنِيْ دُوْنَكَ فَدَخَلَ فَكَسَحَهُ وَوَجَدَ فِيْ جَانِبِهٖ ثُقْبًا فَشَقَّ اِزَارَهُ وَسَدَّهَا بِهٖ وَبَقِيَ مِنْهَا اثْنَانِ فَاَبْقَمَهُمَا بِرِجْلَيْهِ ثُمَّ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُدْخُلْ فَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوَضَعَ رَاْسَهٗ فِيْ حِجْرِهٖ وَنَامَ فَلُدِغَ اَبُوْ بَكْرٍ فِيْ رِجْلِهٖ مِنَ الْجُحْرِ وَلَمْ تَحَرَّكْ مُخَافَةَ اَنْ يَنْتَبِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَقَطَتْ دُمُوْعُهٗ وَجْهَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَالِكَ يَا اَبَا بَكْرٍ قَالَ اُلْدِغْتُ فِدَاكَ اَبِيْ وَاُمِّيْ فَتَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَهَبَ مَا يَجِدُهٗ۔

(۱) مشکوۃ مناقب ابوبکر (۲) ترمذی و ابوداؤد

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کہ اللہ کی قسم میں آپ کو اس وقت تک غار میں داخل نہیں ہونے دوں گا جب تک کہ میں غار کو اندر سے دیکھ نہ لوں کہ کہیں اس پرانی غار میں کوئی موذی چیز نہ ہو۔ اگر کوئی چیز ہو تو اس کا ضرر مجھے پہنچے گا آپ کو نہ پہنچے۔ چنانچہ ابوبکر غار میں داخل ہوئے تو غار کو صاف کیا پھر آپ کو غار میں تین سوراخ نظر آئے ایک میں تو انہوں نے اپنا تہ بند پھاڑ کر بھر دیا اور دو سوراخوں میں انہوں نے اپنی ایڑیاں داخل کر دیں۔ اس کے بعد عرض کیا حضور اندر تشریف لے آئیں۔ حضور ﷺ غار کے اندر آ گئے تو ابوبکر کی گود میں سر مبارک رکھ کر سو گئے۔ اسی حالت میں سوراخ کے اندر سے سانپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاؤں کو کاٹ لیا لیکن وہ اسی طرح بیٹھے رہے اس لیے حرکت نہ کی کہ رسول اللہ ﷺ کے آرام میں خلل نہ آوے لیکن شدت تکلیف سے آپ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے جو حضور علیہ السلام کے چہرہ مبارک پر پڑے۔ آپ نے فرمایا: ابوبکر کیا ہوا؟ عرض کیا: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں مجھ کو سانپ نے کاٹ لیا ہے حضور ﷺ نے اپنا لعابِ دہن آپ کے پاؤں پر لگایا اور اسی وقت تکلیف جاتی رہی۔

مذکورہ بالا حدیث سے ثابت ہوا کہ حضور رسالت مآب ﷺ کی محبت و صحبت و عشق میں سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو خاص مقام حاصل تھا۔

حضرت ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں:

بَيْنَا رَأْسُ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حِجْرِيْ فِيْ لَيْلَةٍ صَاحِيَةٍ إِذْ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! هَلْ يَكُوْنُ لِأَحَدٍ مِنَ الْحَسَنَاتِ عَدَدَ نُجُوْمِ السَّمَاءِ؟ قَالَ: نَعَمْ عُمَرُ قُلْتُ: وَأَيْنَ حَسَنَاتُ أَبِيْ بَكْرٍ؟ قَالَ: إِنَّمَا جَمِيْعُ حَسَنَاتِ عُمَرَ كَحَسَنَةٍ وَاحِدَةٍ مِنْ حَسَنَاتِ أَبِيْ بَكْرٍ (۱)

ایک چاندنی رات میں جبکہ رسول اللہ ﷺ کا سر مبارک میری گود میں تھا میں نے کہا یا رسول اللہ! کیا اتنی نیکیاں بھی کسی کی ہیں جتنے آسمان کے ستارے ہیں آپؐ نے فرمایا: ہاں عمر کی اتنی نیکیاں ہیں۔ پھر میں نے پوچھا ابوبکر کی نیکیوں کا کیا حال ہے؟ آپ نے فرمایا عمر کی ساری عمر کی نیکیاں ابوبکر کی ایک نیکی (یعنی غار والی نیکی) کے برابر ہیں۔

## سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی رفاقتِ نبوت در غارِ ثور کا انتخاب

جو لوگ اس کو نہیں مانتے ان کی کتابوں میں بھی اس امر کی تصدیق موجود ہے مشہور کتاب حسن عسکری میں ہے۔

إِنَّ اللهَ تَعَالٰى أَوْحٰى إِلَيْهِ يَا مُحَمَّدُ إِنَّ الْعَلِيَّ الْأَعْلٰى يُقْرِئُكَ عَلَيْكَ السَّلَامُ وَيَقُوْلُ لَكَ: إِنَّ أَبَا جَهْلٍ وَالْمَلَاءَ مِنْ قُرَيْشٍ قَدْ دَبَّرُوْا وَيُرِيْدُوْنَ قَتْلَكَ إِلٰى أَنْ قَالَ وَأَمَرَكَ أَنْ تَسْتَصْحِبَ أَبَا بَكْرٍ فَإِنَّهُ إِنْ أَنَسَكَ وَسَاعَدَكَ وَآزَرَكَ وَثَبَتَ عَلٰى تُعَاهِدِكَ وَتُعَاقِدِكَ كَانَ فِي الْجَنَّةِ مِنْ رُفَقَائِكَ فِيْ غُرْفَتِهَا مِنْ خُلَصَائِكَ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِيْ بَكْرٍ

کہ جبریل علیہ السلام اللہ رسول علیہ الصلوۃ والسلام پر وحی لے کر آئے اور عرض کی کہ اللہ تعالیٰ کا آپ پر تحفہ سلام ہو اور وہ فرماتا ہے ابوجہل اور جماعت قریش نے آپ کو شہید (قتل) کرنے کا منصوبہ بنایا ہے اور اللہ نے آپ کو حکم دیا کہ ابوبکر کو اپنا رفیق بناؤ اور اگر وہ اپنے عہدِ موافقت پر قائم رہے تو جنت میں بھی آپ کے ساتھ ہوں گے۔ پھر حضور علیہ السلام ابوبکر کی طرف متوجہ ہو کر فرمانے لگے اے ابوبکر کیا تو اس بات پر راضی ہو کہ

(۱) مشکوٰۃ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

رَضِيتَ اَنْ تَكُوْنَ مَعِيَ اَبَابَكْرٍ تُطْلَبُ كَمَا اُطْلَبُ وَتُعْرَفَ بِاَنَّكَ اَنْتَ الَّذِيْ تَحْمِلُنِيْ عَلٰى مَااَدَّعِيْهِ فَتَحْمِلُ عَنِّيْ اَنْوَاعَ الْعَذَابِ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَمَّا اَنَا لَوْعِشْتُ عُمَرَالدُّنْيَا عَذَّبْتُ فِيْ جَمِيْعِهَا اَشَدَّ عَذَابٍ لَايَنْزِلُ عَلٰى مَوْتٌ فَرِيْحٌ وَلَا نَرِيْحٌ مُنِيْحٌ وَكَانَ ذٰلِكَ فِيْ مَحَبَّتِكَ لَكَانَ ذَالِكَ اَحَبَّ اِلَيَّ اَنْ اَتَنَعَّمَ وَاَنَا مَالِكٌ لِجَمِيْعِ قَلْبِكَ لِمِلْوُكِهَا فِيْ مُخَالِفَتِكَ مَا اَهْلِيْ وَوَلَدِيْ اِلَّا فِدَاءُكَ فَقَالَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا جَرَمَ اَنْ اَطْلَعَ اللّٰهُ عَلٰى قَلْبِكَ وَجَدَمَا فِيْهِ مَوافِقًا لِمَا جَرٰى عَلٰى لِسَانِكَ جَعَلَكَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ السَّمْعَ وَالبَصَرِ وَالرَّاسِ مِنَ الْجَسَدِ وَبِمَنْزِلَةِ مِنَ الْبَدَنِ كَعَلِيٍّ الَّذِيْ هُوَلَكَ۔ (۱)

میرے ہمسفر ہو۔ اور کفار قریش جس طرح میرے قتل کے درپے ہیں تمہارے قتل کے بھی درپے ہوں اور اس بات کی تشہیر بھی ہو کہ تم نے ہی مجھ کو اس طرح کرنے پر آمادہ کیا اور میری رفاقت کے سبب تم کو طرح طرح کے عذاب پہنچیں؟ حضرت ابوبکر نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں وہ شخص ہوں کہ اگر آپ کی محبت میں عمر بھر عذاب اور تکلیف پہنچتی رہے نہ مروں نہ آرام پاؤں تو میرے نزدیک اس سے بہتر ہے کہ آپ کو چھوڑ کر دنیا کی شہنشاہی قبول کر لوں میری جان اور مال اور اہل وعیال آپ پر قربان ہوں آپ کو چھوڑ کر کہاں جا سکتا ہوں۔ یہ سن کر رسالتِ مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ تحقیق اللہ تیرے دل پر گواہ ہے اور تیرے دل کو تیری زبان کے مطابق پایا بالیقین اللہ نے تجھے بمنزلہ میرے سمع و بصر کے گردانا اور تجھ کو میرے ساتھ وہ نسبت ہے جو سر کو جسم سے اور روح کو بدن سے ہے۔

سیّدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کی رفاقت اور سفر ہجرت کو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ بیان کیا ہے۔

## حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاطر اگر بیٹا بھی میری تلوار کی زد میں آجاتا تو اس کا سر بھی قلم کر دیتا (از سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ)

ابنِ عساکر سے مروی ہے کہ غزوۂ بدر میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بیٹے عبدالرحمٰن مشرکوں کے ساتھ مل کر مسلمانوں کے مقابلہ میں تھے۔

اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنَ ابنِ اَبِيْ بَكْرٍ كَانَ يَوْمَ بَدْرٍ مَعَ الْمُشْرِكِيْنَ فَلَمَّا اَسْلَمَ قَالَ لِاَبِيْهِ لَقَدْ هَدَفْتَ لِيْ يَوْمَ بَدْرٍ فَانْصَرَفْتُ عَنْكَ وَلَمْ اَقْتُلْكَ (۲)

کہ عبدالرحمٰن ابن ابوبکر یوم بدر مشرکین کے ہمراہ تھے تو جب انہوں نے اسلام قبول کر لیا تو اپنے باپ (ابوبکر رضی اللہ عنہ) سے کہا کہ آپ کئی بار میری تلوار کی زد میں آئے لیکن میں نے آپ کو (باپ سمجھ کر) قتل نہ کیا۔

اس بات کو سن کر سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: فقال ابوبکر لٰكِنَّكَ لَوْاَهْدَفْتَ لِيْ لَمْ اَنْصَرِفْ عَنْكَ بیٹا! اگر میری تلوار کی زد میں اس وقت تم آجاتے تو میں تمہیں بیٹا خیال کر کے کبھی نہ چھوڑتا تمہیں اپنی تلوار سے اڑا دیتا۔

(۱) تفسیر حسن عسکری زیر آیت فی الغار
(۲) تاریخ الخلفاء للسیوطی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس سے معلوم ہوا کہ سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ثابت کر دیا کہ جو میرے آقا و مولا علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مخالف ہو کر ان کے غلاموں کے مقابلہ میں آئے خواہ وہ حقیقی بیٹا ہی کیوں نہ ہو میں اس کا لحاظ کرنے کو تیار نہیں جس کو اس ذاتِ اعلیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے تعلق اور رشتہ نہیں اس کے ساتھ ابوبکر کو بھی کچھ رشتہ نہیں۔ خواہ وہ ابوبکر کا بیٹا ہی کیوں نہ ہو، قرآن پاک میں ہے لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ۔ حضرت ابوبکر صدیق نے اس آیتِ قرآن کی مکمل تفسیر عملی شکل میں بیان فرما دی کہ دینِ مصطفوی کے مقابلہ میں اس کے مخالف کا کچھ لحاظ نہیں خواہ وہ باپ، بیٹا اور بھائی ہی کیوں نہ ہو۔

## مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور شجاعتِ عظمیٰ سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ:

بزّار نے اپنی مسند میں لکھا ہے کہ شجاعت یعنی بہادری کے سلسلہ میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے اصحاب سے فرمایا:

قَالَ اَخْبِرُوْنِيْ مَنْ اَشْجَعُ النَّاسِ۔ فَقَالُوْا: اَنْتَ قَالَ اَمَا اِنِّيْ مَا بَارَزْتُ اَحَدًا اِلَّا اَنْصَفْتُ مِنْهُ وَلٰكِنْ اَخْبِرُوْنِيْ بِاَشْجَعِ النَّاسِ قَالُوْا لَا نَعْلَمُ۔ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ اِنَّهٗ لَمَّا كَانَ يَوْمَ بَدْرٍ فَجَعَلْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرِيْشًا فَقُلْنَا مَنْ يَّكُوْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِئَلَّا يَهْوِيَ اِلَيْهِ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَوَ اللّٰهِ مَا دَنَا مِنْهُ اَحَدٌ اِلَّا اَبُوْ بَكْرٍ سَاهِرًا بِالسَّيْفِ عَلٰى رَاْسِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَهْوِيْ اِلَيْهِ اَحَدٌ اِلَّا هَوَايَ اِلَيْهِ فَهُوَ اَشْجَعُ النَّاسِ (مجمع الزوائد ۹: ۴، ۷۴)

اے لوگو مجھے خبر دو کہ سب سے زیادہ بہادر اور شجاع کون ہیں؟ لوگوں نے کہا آپ ہیں فرمایا میں ہمیشہ اپنے برابر کے جوڑ کے ساتھ لڑتا ہوں یہ کوئی بہادری نہیں ہے میں تم سب سے زیادہ بہادر شخص کے بارے میں پوچھ رہا ہوں۔ عرض کیا ہمیں معلوم نہیں۔ آپ نے فرمایا سب سے زیادہ شجاع و بہادر ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں جنگِ بدر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے واسطے ایک سائبان بنایا گیا تھا پھر آپس میں ہم نے صلاح کی کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آپ کی حفاظت کے لئے کون شخص ٹھہرے گا اللہ کی قسم ہم میں سے کسی کو ہمت نہ ہوئی مگر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ننگی تلوار لے کر کھڑے ہو گئے اور کسی کو رسالت مآب علیہ السلام تک پھٹکنے نہ دیا اگر کوئی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حملہ آور ہوا تو آپ فوراً جھپٹ پڑے اور حملہ کر دیا۔ لہٰذا آپ بڑے شجاعت والے تھے۔

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سب سے زیادہ مشرکین نے سختی کون سے وقت کی تھی تو آپ نے جواب دیا:

رَاَيْتُ عُقْبَةَ بْنَ اَبِيْ مُعَيْطٍ جَآءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّيْ فَوَضَعَ رِدَآءَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ فَخَنَقَهٗ بِهٖ خَنْقًا شَدِيْدًا فَجَآءَ اَبُوْ بَكْرٍ حَتّٰى دَفَعَهٗ عَنْهُ۔ فَقَالَ تَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَ قَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنَاتِ مِنْ رَّبِّكُمْ (صحیح البخاری ۳: ۱۳۴ رقم ۳۴۷۵)

میں نے دیکھا عتبہ بن ابی معیط مشرک جو تھا وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے سے نماز کے دوران آیا۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گلے میں چادر ڈال کر گلا گھونٹنے لگا اور بہت زور سے گلا گھونٹا۔ تو اسی وقت حضرت ابوبکر آ گئے اور اسے پیچھے دھکا دے کر فرمایا کہ اتقتلون رجلا ان یقول ربی اللہ کیا اس لیے حضرت کو قتل کرنا چاہتے ہو کہ وہ یہ کہتے ہیں کہ اللہ ایک ہے اور تمہارے رب کی طرف سے تمہارے لیے نشانیاں لے کر آئے ہیں۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# تواضع وحلم ورحم سیّدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَرْحَمُ أُمَّتِیْ بِأُمَّتِیْ أَبُوْبَکْرٍ۔ (سنن ابن ماجہ ۱:۵۵ رقم ۱۵۴)

میری امت میں سے میری امت پر سب سے زیادہ رحیم وحلیم ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔

ابنِ عساکر نے حضرت ابی صالح غفاری سے روایت کیا ہے۔

اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ کَانَ یَتَعَاهَدُ عَجُوْزًا کَبِیْرَةً عَمْیَاءَ فِیْ بَعْضِ حَوَاشِی الْمَدِیْنَةِ مِنَ اللَّیْلِ فَیَسْتَقِیْ لَهَا وَیَقُوْمُ بِأَمْرِهَا فَکَانَ اِذَا جَآءَ هَا وَجَدَ غَیْرَهٗ قَدْسَبَقَهٗ اَیُّهَا فَأَصْلَحَ مَا اَرَدْتُ فَجَآءَ هَا غَیْرَهٗ مَرَّةً کَیْلَا یَسْبِقَ اِلَیْهَا فَرَصَدَهٗ عُمَرُ فَاِذَا هُوَ بِاَبِیْ بَکْرٍ اَلَّذِیْ یَأْتِیْهَا وَهُوَ یَوْمَئِذٍ خَلِیْفَةٌ فَقَالَ عُمَرُ اَنْتَ هُوَ عُمْرِیْ۔

(تاریخ ابنِ عساکر، ۳۰:۳۲۲)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ رات کے وقت ایک بڑھیا اندھی اپاہج جو مدینہ کے اطراف میں رہتی تھی خبر گیری کیا کرتے تھے۔ اس کو روٹی پانی اور دوسرے کام کر دیا کرتے تھے۔ ایک روز جو اس کے پاس آپ تشریف لے گئے تو خلافِ توقع اس کا تمام کام ہوا پایا اور اب سے ہمیشہ ہی کوئی ہر کام آپ سے پہلے کر جانے لگا آپ کو حیرت ہوئی اور جستجو کرنی شروع کی تو حضرت ابوبکر صدیق نکلے حالانکہ حضرت ابوبکر ان ایام میں خلیفہ کی مسند پر فائز تھے۔ آپ کو دیکھ کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ عرض کرنے لگے واللہ آپ کے سوا اور کون ہوسکتا ہے۔

ثابت ہوا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نہایت حلیم، رحم دل اور صاحبِ تواضع تھے آپ کی نرمی قلب کے بارے میں اکثر احادیث آتی ہے۔

# قرآن وحدیث وتفسیر وانساب وتعبیر الرؤیا وحکمت وفصاحت و بلاغت کے علومِ بحرِ ناکنار: سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

کَانَ الصِّدِّیْقُ اَقْرَأُ مِنَ الصَّحَابَةِ اِیْ اَعْلَمُهُمْ بِالْقُرْآنِ لِاَنَّهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدَّمَهٗ اَمَامًا لِلصَّلٰوةِ بِالصَّحَابَةِ مَعَ قَوْلِهٖ یُؤَمُّ الْقَوْمَ اَقْرَأُهُمْ لِکِتَابِ اللّٰهِ وَاَنَّهٗ اَعْلَمُ الصَّحَابَةِ وَاَزْکَاهُمْ وَاَحَدُ الصَّحَابَةِ الَّذِیْنَ حَفَظُوا الْقُرْآنَ کُلَّهٗ وَکَیْفَ لَا یَکُوْنُ کَذٰلِكَ وَقَدْ صَحِبَ صُحْبَةَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَوَّلِ

تحقیق ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، کلام اللہ کو سب سے زیادہ جاننے والے تھے اور اسی لیے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ میں نماز کا امام بھی انہی کو بنایا آپ نے خود ہی فرمایا تھا کہ قوم کا امام وہ ہونا چاہیے جو قرآن کا سب سے زیادہ جاننے والا ہو اور آپ صحابہ میں سے بڑے ذکی اور عالم تھے اور قرآن کو حفظ بھی کیا تھا کیونکہ آپ کے حافظ ہونے کا بڑا ثبوت یہ بھی ہے کہ آپ اوّل سے تا وصال نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بَعَثَهٗ اِلَی وِصَالٍ وَهُوَ مَعَ ذَالِكَ مِنْ اَزْكٰی عِبَادَ اللّٰهِ وَاَعْقَلُهُمْ وَلَوْوَلُ الرُّوْيَا وَكَانَ مِنْ اَفْصَحُ النَّاسِ وَاَخْطَبُهُمْ وَاَعْلَمُ النَّاسِ بِاَنْسَابِ الْعَرَبِ مِنْ نَسَبِهٖ۔

آپ کی معیت میں رہے اور خوابوں کی تعبیروں کا علم بھی جانتے تھے۔ فصاحت و بلاغت و خطابت میں بھی اعلیٰ مقام تھا اور نسب عرب کے بھی بڑے ماہر تھے عرب کے بالعموم اور قریش کے بالخصوص انساب کے واقف کار تھے۔

## بارگاہِ نبوت کی عطا: ابوبکر عتیق اور صدیق رضی اللہ عنہ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دو لقب عتیق وصدیق اس قدر مشہور ہیں کہ نام پر لقب غالب آئے اس لیے کہ یہ دونوں القاب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے حق میں خود ارشاد فرمائے ہیں:

عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ اَبَابَكْرٍ دَخَلَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَنْتَ عَتِيْقُ اللّٰهِ مِنَ النَّارِ فَيَوْمَئِذٍ عَتِيْقًا۔ (مشکوۃ المصابیح، باب مناقب لابی بکر)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک روز ابوبکر رضی اللہ عنہ حضور علیہ السلام کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوبکر رضی اللہ عنہ! تم عتیق اللہ من النار یعنی دوزخ سے آزاد ہو پس اس روز سے آپ کا لقب عتیق مشہور ہو گیا۔

عَنِ ابْنِ اَمْرَهٗ قَالَ قُلْنَا لِعَلِيٍّ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَخْبِرْنَا عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ قَالَ ذٰلِكَ اِمْرُءٌ سَمَّاهُ اللّٰهُ الصِّدِّيْقَ عَلٰی لِسَانِ جِبْرِيْلَ وَ عَلٰی لِسَانِ مُحَمَّدٍ كَانَ خَلِيْفَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَی الصَّلٰوةِ رَضِيَهٗ لِدِيْنِنَا فَرَضِيْنَا وَاَخْرَجَهُ الدَّارُ قُطْنِيُّ وَالْحَاكِمُ عَنْ اَبِيْ يَحْيٰی قَالَ لَا اُحْصِيْ كَمْ سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ عَلَی الْمِنْبَرِ اِنَّ اللّٰهَ سَمّٰی اَبَابَكْرٍ عَلٰی لِسَانِ نَبِيِّهٖ صِدِّيْقًا۔ (۱)

طبرانی نے اوسط میں اور حاکم نے مستدرک میں لکھا ہے کہ ابن امرہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ ابوبکر کا حال بیان کیجئے تو آپ نے فرمایا ابوبکر وہ ہستی ہیں جن کا نام اللہ نے جبریل اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ اقدس سے صدیق رکھا، وہ نماز میں حضور علیہ السلام کے خلیفہ تھے جس شخص سے حضور علیہ السلام دینی امور میں خوش ہو گئے ہم ان پر اپنے دنیاوی معاملات میں بھی راضی ہو گئے۔ دار قطنی اور حاکم نے ابو یحییٰ سے بھی روایت کیا کہ میں نے بہت مرتبہ حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو برسرِ منبر یہ کہتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان حق ترجمان سے ابوبکر کا نام صدیق سنا۔

ابن اسحٰق بروایت حسن بصری فرماتے ہیں کہ

اَوَّل ما اشتهر به صبحية الاسرآء (تاریخ الخلفاء للسیوطی)

شب معراج سے دوسرے روز آپ کا لقب صدیق مشہور ہوا۔

قال مصعب بن الزبير وغيره اجتمعت ال امة على تَسْمِيَةَ بالصديق لأنه بلا خوف الى تصديق رسول الله صلى الله وسلم عليه (۲)

مصعب بن زبیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اس پر تمام امت کا اتفاق ہے کہ آپ کا لقب صدیق ہے کیونکہ آپ نے بے خوف و نڈر ہو کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی تصدیق کی۔

(۱) نزھۃ المجالس (۲) تاریخ الخلفاء للسیوطی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَعِدَ اُحُدًا وَ اَبُوْبَکْرٍ وَ عُمَرُ وَ عُثْمَانُ فَرَجَفَ بِھِمْ فَقَالَ اُثْبُتْ اُحُدُ فَاِنَّمَا عَلَیْکَ نَبِیٌّ وَ صِدِّیْقٌ وَ شَھِیْدَانِ (۱)

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک روز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے ہمراہ ابو بکر، عمر، عثمان رضی اللہ عنہم کوہ احد پر چڑھے احد حرکت کرنے لگا (یعنی آمد مصطفیٰ علیہ السلام پر مسرت سے جھومنے لگا) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے احد پر ٹھوکر لگائی اور فرمایا: احد ٹھہر جا! تیرے اوپر ایک نبی ہے اور صدیق ہے اور دو شہید ہیں۔

مذکورہ احادیث و روایات سے ثابت ہوا کہ حضرت ابو بکر کو صدیق و عتیق کے القاب حاصل ہوئے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ آپ نے احد پہاڑ پر جداگانہ اسماء کا ذکر فرمایا اور نبی اور صدیق یعنی یہ لقب صرف ابو بکر کو ہی عطا ہوئے نیز حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عثمان غنی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ دونوں کو شہیدان فرمایا کہ یہ دونوں شہید کئے جاویں گے۔ یہ آپ کی خبرِ غیب بھی تھی جو قبل از وقت ارشاد فرما دی۔

## سیّدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ عبد اللہ کے صدیق ہونے پر تصدیق

جو لوگ آپ کو صدیق نہیں مانتے ان کی کتابوں میں بھی اس کا ثبوت موجود ہے۔

سُئِلَ الْاِمَامُ جَعْفَرَ عَنْ حِلْیَۃِ السَّیْفِ ھَلْ یَجُوْزُ قَالَ نَعَمْ حَلّٰی اَبُوْ بَکْرِنِ الصَّدِیْقَ سَیْفَہٗ : فَقَالَ الرَّاوِیُ اَتَقُوْلُ ھٰکَذَا فَوَثَبَ الْاِمَامُ عَنْ مَقَامِہٖ فَقَالَ نَعَمْ الصِّدِّیْقُ نَعَمْ الصِّدِّیْقُ نَعَمْ الصِّدِّیْقُ۔ فَمَنْ لَمْ یَقُلْ لَہُ الصِّدِّیْقُ فَلَا صَدَّقَ اللّٰہُ قَوْلَہٗ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ (۲)

حضرت امام جعفر رضی اللہ عنہ سے تلوار کو چاندی سے مرصع کرنے کے متعلق دریافت کیا گیا تو امام رضی اللہ عنہ نے فرمایا جائز ہے کیونکہ ابو بکر رضی اللہ عنہ نے اپنی تلوار کو مرصع کیا ہے۔ راوی کہنے لگا آپ اس کو صدیق کہتے ہیں؟ امام غضب ناک ہو کر کہنے لگے ہاں صدیق رضی اللہ عنہ ہاں صدیق رضی اللہ عنہ ہاں صدیق رضی اللہ عنہ جو اس کو صدیق نہ کہے خدا اس کو دنیا اور آخرت میں جھوٹا کرے۔

نیز اس کے علاوہ ان کی معتبر کتاب احتجاج طبرسی میں بروایت امیر المؤمنین رضی اللہ عنہ وہ حدیث درج کی گئی ہے جس میں احد پہاڑ پر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ اے پہاڑ ٹھہر جا تیرے اوپر ایک نبی اور صدیق ہے اور دو شہید ہیں۔ اس سے پتہ چلا کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صدیقیت بزبانِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھی۔

## نزول بعض آیاتِ قرآنی بحقِ سیّدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ

وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَ صَدَّقَ بِہٖٓ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُتَّقُوْنَ ○ لَھُمْ مَّا یَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّھِمْ ذٰلِکَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِیْنَ ○ لِیُکَفِّرَ اللّٰہُ عَنْھُمْ اَسْوَاَ الَّذِیْ عَمِلُوْا وَ یَجْزِیَھُمْ اَجْرَھُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِیْ کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ۔ (الزمر ۳۹: ۳۳ تا ۳۵)

اور جو شخص سچ لے کر آیا اور جس نے اس کی تصدیق کی وہی لوگ ہی تو متقی ہیں ان کے لیے وہ (نعمتیں) ان کے رب کے پاس (موجود) ہیں جن کی وہ خواہش کریں گے یہی محسنوں کی جزا ہے تا کہ اللہ ان کی خطاؤں کو جو انہوں نے کیں اُن سے دور کر دے اور انہیں ان کا ثواب ان کی نیکیوں کے بدلہ میں عطا فرمائے جو وہ کیا کرتے تھے۔

(۱) صحیح البخاری ۳: ۱۳۴۴، رقم ۳۴۷۲ (۲) کشف الغمہ، احتجاج طبرسی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِاللَّیْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّ عَلَانِیَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ (البقرہ ۲:۲۷۴)

وہ جو اپنے مال خیرات کرتے ہیں رات میں اور دن میں چھپے اور ظاہر ان کے لیے ان کا اجر ہے ان کے رب کے پاس ان کو نہ کچھ اندیشہ ہو نہ کچھ غم۔

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِیْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِیْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِیَآءُ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِیَآءَ بِغَیْرِ حَقٍّ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِیْقِ (آلِ عمران ۳:۱۸۱)

بے شک اللہ نے سنا جنہوں نے کہا کہ اللہ محتاج ہے اور ہم غنی۔ اب ہم لکھ کر رہیں گے ان کا کہا اور انبیاء کو ان کا ناحق شہید کرنا اور ہم فرمائیں گے کہ چکھو آگ کا عذاب۔

وَسَیُجَنَّبُهَا الْاَتْقَی ○ الَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَهٗ یَتَزَكّٰی ○ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓی ○ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰی ○ وَلَسَوْفَ یَرْضٰی (سورۃ اللیل ۹۲:۱۷ تا ۲۱)

اور دور رکھا جائے گا جو سب سے بڑا پرہیزگار ہے اور اپنا مال دیتا ہے کہ ستھرا ہو اور کسی کا اس پر کچھ احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جائے صرف اپنے رب کی رضا چاہتا ہے جو سب سے بلند ہے۔ اور بے شک قریب ہے کہ وہ راضی ہوگا۔

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّیْقُوْنَ وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ

(الحدید ۵۷:۱۹)

اور وہ جو اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے اور وہی ہیں کامل صدیق اور اوروں پر گواہ اپنے رب کے ہاں ان کے لیے ان کا ثواب اور نور ہے۔

فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْ هُمَا فِی الْغَارِ اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِیْنَتَهٗ عَلَیْهِ وَاَیَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَ جَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِیْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰی وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِیَ الْعُلْیَا ؕ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ (التوبۃ ۹:۴۰)

تو بے شک اللہ نے ان کی مدد فرمائی جب کافروں کی شرارت سے انہیں باہر تشریف لے جانا ہوا جب وہ دونوں غار میں تھے اپنے یار سے فرماتے تھے غم نہ کھا اللہ ہمارے ساتھ ہے تو اللہ نے ان پر سکینہ اتارا اور ان فوجوں سے ان کی مدد کی جو تم نے نہ دیکھیں اور کافروں کی بات نیچے ڈالی اور اللہ کا ہی بول بالا ہے اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔

## چاندی کی انگوٹھی اور سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

علامہ فخر الدین رازی علیہ الرحمۃ تفسیر کبیر جلد اوّل میں یہ روایت بیان فرماتے ہیں:

أن النبی صلی الله وسلم دفع خاتم ألی ابی بکر و قال اکتب لا اله الا الله فدفعه أبو بکر الی النقاش ویقال اکتب علیه لا اله الا الله محمد رسول الله. فلما جاء به ابو بکر الی النبی صلی الله علیه وسلم وجد علیه لا اله الا الله محمد رسول الله ابوبکر الصدیق فقال ما

تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو اپنی انگوٹھی مبارک دی اور فرمایا اس پر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لکھوا لاؤ تو حضرت ابو بکر صدیق نقاش کے پاس گئے اور اس کو کہا اس پر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ لکھ دو۔ اس نے لکھ دیا۔ آپ وہ انگوٹھی لے کر بارگاہِ رسالتِ مآب علیہ السلام میں حاضر ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انگوٹھی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

هذه الزيادة يا ابوبكر فقال ما رضيت ان افرق اسمك عن اسم الله وأما الباقي فما قلته؛ فنزل جبرئيل وقال ان الله تعالىٰ يقول انى كتبت اسم ابي بكر لأنه مارضى ان يفرق اسمك عن اسمى، فانا مارضيت ان افرق اسمه عن اسمك (۱)

کو دیکھ کر فرمایا: ابوبکر یہ زیادتی کیسی؟ عرض کیا یارسول اللہ! میرا دل اس بات پر راضی نہ ہوا کہ آپ کا نامِ اقدس خدا کے نام مبارک سے جدا ہو۔ یہ آپ کا نام میں نے اس لیے لکھوالیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو یہ تمہارا نام کس نے لکھ دیا ہے عرض کیا یہ تو میں نے نہیں لکھوایا۔ پھر جبریل علیہ السلام تشریف لائے اور عرض کیا: اللہ فرماتا ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپ کا نام ہمارے نام سے جدا کرنا مناسب نہ جانا۔ تو ہم نے ابوبکر کا نام آپ کے نام سے جدا ہونا مناسب نہ جانا لہٰذا ابوبکر رضی اللہ عنہ کا نام تو ہم نے خود لکھ دیا ہے۔

## سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت کی اجمالی خصوصیات

سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا زمانۂ خلافت مسلمانوں کے لیے ظلِ رحمت ثابت ہوا۔ اور دین مصطفیٰ ﷺ کو جو ہولناک اندیشے اور خطرات عظیمہ پیش آئے تھے۔ وہ حضرت صدیق اکبر کی رائے صائب تدبیر صحیح اور کامل دین داری و زبردست اتباعِ سنت کی برکت سے دفع ہوئے اور اسلام کو وہ استحکام حاصل ہوا کہ کفار و منافقین لرزنے لگے۔ اور ضعیف الایمان لوگ پختہ ہو گئے۔ آپ کی خلافتِ راشدہ کا زمانہ اگرچہ بہت تھوڑا تھا لیکن اس سے اسلام کو ایسی عظیم الشان تائیدیں اور قوتیں حاصل ہوئیں کہ کسی زبردست حکومت کے طویل زمانہ کو اس سے کچھ نسبت نہیں ہو سکتی آپ کے عہدِ مبارک کے چند اہم واقعات یہ ہیں۔

آپ نے جیشِ اسامہ کی تنفیذ کی۔ جس کو حضور ﷺ نے اپنے عہدِ مبارک کے آخر میں شام کی طرف روانہ فرمایا تھا ابھی یہ لشکر تھوڑی ہی دور پہنچا تھا۔ اور مدینہ طیبہ کے قریب ہی تھا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس عالم سے پردہ فرمایا یہ خبر سن کر اطرافِ مدینہ کے عرب اسلام سے پھر گئے اور مرتد ہو گئے صحابہ کرام نے مجتمع ہو کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر زور دیا کہ آپ اس لشکر کو واپس بلائیں اس وقت اس لشکر کا روانہ کرنا کسی طرح مصلحت نہیں۔ مدینہ کے گروہ اور طوائف کثیرہ تو مرتد ہو گئے اور لشکر شام بھیج دیا جائے اسلام کے لیے یہ نازک ترین وقت تھا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے انتقالِ اقدس کے بعد کفار و منافقین کے حوصلے بڑھ گئے تھے اور ان کی مردہ ہمتوں میں جان پڑ گئی تھی۔ منافقین سمجھ گئے تھے کہ اب وقت کھیل کھیلنے کا آ گیا ہے ضعیف الایمان دین سے پھر گئے اور مسلمان ایک ایسے صدمے میں شکستہ دل اور بے تاب و ناتواں ہو گئے جس کی مثل دنیا کی آنکھ نے کبھی نہ دیکھی ان کے دل گھائل ہیں اور آنکھوں سے اشک جاری ہیں کھانا پینا برا معلوم ہوتا ہے زندگی ناگوار نظر آتی ہے۔ (۲)

اس وقت حضور اقدس ﷺ کے جانشین کے لئے امن قائم کرنا۔ دین کا سنبھالنا۔ مسلمانوں کی حفاظت کرنا۔ ارتدار کے سیلاب کو روکنا کس قدر دشوار تھا باوجود اس کے سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کے روانہ کیے ہوئے لشکر کو واپس کرنا اور مرضی مبارکہ کے خلاف جرأت کرنا حضرت صدیق رضی اللہ عنہ سراپا صدق کا رابطہ نیاز مندی گوارہ نہ کرتا تھا اس مشکل کو وہ ہر مشکل سے سخت تر سمجھتے تھے اس پر صحابہ کا اصرار کہ لشکر واپس بلا لیا جائے اور خود حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کا لوٹ آنا اور حضرت صدیق اکبر سے عرض کرنا کہ قبائلِ عرب آمادۂ جنگ اور درپے

(۱) نزہۃ المجالس ۱۰۵ (۲) الحیات

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تخریبِ اسلام ہیں اور کار آزما بہادر میرے لشکر میں ہیں۔ انہیں اس وقت روم بھیجنا اور ملک کو ایسے دلاور مردان سے خالی کر دینا کسی طرح مناسب نہیں معلوم ہوتا تھا۔ یہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے لیے مشکلات تھیں۔ (۱)

صحابہ کرام علیہم الرضوان نے اعتراف کیا ہے کہ اگر اس وقت ان کی جگہ دوسرا ہوتا تو ہرگز ثابت قدم نہ رہتا اور مصائب و افکار کا یہ ہجوم اور اپنی جماعت کی پریشان حالات ان کو مبہوت کر ڈالتے مگر اللہ اکبر! حضرت صدیق اکبر کے پائے ثبات میں ذرہ بھی لغزش نہ ہوئی اور ان کے استقلال میں ایک شمہ فرق نہ آیا آپ نے فرمایا۔ وَالَّذِیْ لَااِلٰہَ اِلَّا ھُوَ مَارُدَّتْ جَیْشًا وَجَّھَہٗ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلَا حللت لواء عقدہ۔ اس ذات وحدہ لاشریک کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے جس لشکر کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روانہ فرمایا اور جس لشکر کے جھنڈے کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے باندھا ہوا سے ہرگز نہ کھولوں گا اور نہ اس کو روانگی سے روکوں گا خواہ میری جان پر کچھ بن جائے پرندے میری بوٹیاں نوچ کھائیں لیکن ذاتِ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کے حکم میں ذرا بھی تنسیخ و ترمیم نہیں کروں گا۔ اور ان کے حکم میں اپنی دخل اندازی نہیں دے سکتا چنانچہ آپ نے لشکر کو ایسی حالت میں ہی روانہ فرما دیا۔ (۲)

اس سے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی حیرت انگیز شجاعت و لیاقت اور کمال دلیری و جوانمردی کے علاوہ ان کے توکلِ صادق کا بھی پتہ چلتا ہے اور دشمن بھی انصافاً یہ کہنے پر مجبور ہوتا ہے کہ قدرت نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خلافت و جانشینی کی اعلیٰ تربیت قابلیت و اہلیت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو عطا فرمائی تھی۔

اب یہ لشکر روانہ ہوا۔ جو قبائل مرتد ہونے کو تیار تھے اور یہ سمجھ چکے تھے کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے بعد اسلام کا شیرازہ ضرور درہم برہم ہو جائے گا اور اس کی سطوت و شوکت باقی نہ رہے گی انہوں نے جب دیکھا کہ لشکرِ اسلام رومیوں کی سرکوبی کے لیے روانہ ہو گیا اسی وقت ان کے خیالی منصوبے غلط ہو گئے انہوں نے جان لیا کہ سیّدِ عالم علیہ الصلوۃ والسلام نے اپنے عہدِ مبارک میں اسلام کے لیے ایسا زبردست نظم فرما دیا جس سے مسلمانوں کا شیرازہ درہم برہم نہیں ہو سکتا۔

اور وہ ایسے غم و اندوہ کے وقت بھی اسلام کی تبلیغ و اشاعت اور اس کے سامنے اقوامِ عالم کو سرنگوں کرنے کے لیے ایک مشہور و زبردست قوم کے خلاف فوج کشی کر رہے ہیں لہٰذا یہ خیال غلط ہے کہ اسلام مٹ جائے گا ابھی صبر سے دیکھنا ہے کہ یہ لشکر کس شان سے واپس ہوتا ہے۔ بفضلِ الٰہی بہ وعدۂ خداوندی اور بہ برکتِ نبوی یہ لشکرِ ظفر پیکر فتحیاب ہوا۔ رومیوں کو ہزیمت ہوئی جب یہ فاتح لشکر واپس آیا وہ تمام قبائل جو مرتد ہونے کا ارادہ کر چکے تھے۔ اس ناپاک قصد سے باز آئے اور اسلام پر صدق سے قائم ہوئے بڑے بڑے جلیل القدر صائب الرائے صحابہ جو اس لشکر کی روانگی کے وقت نہایت شدت سے اختلاف فرما رہے تھے اپنی فکر کی خطا اور ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی رائے مبارک کے صائب اور ان کے علم کی وسعت و استقامت اور ایمانی عقیدت کے معترف ہوئے۔

اسی خلافتِ مبارکہ کا ایک اہم ترین واقعہ مانعینِ زکوٰۃ کے ساتھ عزمِ قتال ہے جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کی خبر مدینہ طیبہ کے حوالی اور اطراف میں مشہور ہوئی تو عرب کے بہت گروہ مرتد ہو گئے اور انہوں نے زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ان سے قتال کرنے کے لیے تیار ہوئے تو امیر المؤمنین غیظ المنافقین سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور دوسرے صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے وقت کی نزاکت اسلام کی نوعمری، دشمنوں کی قوت اور مسلمانوں کی پریشانی اور پراگندہ خاطری کا لحاظ فرما کر مشورہ دیا کہ اس وقت جنگ کے

(۱)،(۲) الحیات

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

لیے ہتھیار نہ اٹھائے جائیں مگر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اپنے ارادہ پر قائم رہے اور آپ نے فرمایا کہ قسم وحدہٗ لاشریک کی جو زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں ایک تسمہ کی زکوٰۃ بھی ادا کرتے تھے اگر آج انکار کریں گے تو میں ضرور ان سے قتال کروں گا آخر کار آپ قتال کے لیے اٹھے اور مہاجرین و انصار کو ساتھ لیا اور اعراب اپنی ذریتوں کو لے کر بھاگے پھر آپ نے حضرت سیف اللہ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو امیر لشکر بنایا اور اللہ تعالیٰ نے انہیں فتح دی اور صحابہ نے خصوصاً سیّدنا حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صحت تدبیر، اصابت رائے کا اعتراف کیا اور کہا خدا کی قسم اللہ نے صدیق کا سینہ کھول دیا جو انہوں نے کیا حق تھا اور واقعہ بھی یہی ہے کہ اس وقت کمزوری دکھائی جاتی تو ہر قوم ہر قبیلہ کو احکامِ اسلام کی بے حرمتی اور ان کی مخالفت کی جرأت ہوتی اور دینِ حق کا نظم باقی نہ رہتا۔ (۱)

سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت کے ان عظیم واقعات سے مسلمانوں کو سبق حاصل کرنا چاہیے کہ ہر حالت میں حق کی حمایت اور ناحق کی مخالفت ضروری ہے اور ہر قوم جو ناحق کی مخالفت میں سستی کرے گی جلد تباہ ہو جائے گی۔ آج کل سادہ لوح برائے نام اخلاق پسندی کا صرف دعویٰ کرنے والے فرقِ باطلہ کے رد کرنے کو بھی منع کرتے ہیں اور کہتے ہیں اس وقت آپس کی جنگ موقوف کرو وقت کا تقاضا اجازت نہیں دیتا۔ میں ان حضرات کو سیّدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے اس طریقِ عمل کی طرف رغبت دلاتا ہوں کہ وہ وقت نازک ترین تھا یا کہ موجودہ یقیناً اس وقت کے عظیم نازک حالات کے باوجود بھی حضرت صدیق عتیق رضی اللہ عنہ نے باطل کی سرشکنی میں ذرا توقف نہ فرمایا۔ جو فرقے اسلام کو نقصان پہنچانے کے لئے پیدا ہوئے ہیں ان سے ایسی غفلت برتنا یقیناً اسلام کو صریح نقصان پہنچانے کے مترادف ہے اور ایسا کرنے والے بارگاہِ ذوالجلال میں جوابدہ ہوں گے۔

پھر حضرت خالد بن ولید سیف اللہ رضی اللہ عنہ لشکر لے کر یمامہ کی طرف مسیلمہ کذاب کے قتال کے لیے روانہ ہوئے دونوں طرف سے لشکر مقابل ہوئے چند روز جنگ جاری رہی آخر الامر مسیلمہ کذاب علیہ اللعنۃ حضرت وحشی رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں مارا گیا۔ اسلام لانے سے قبل انہی کے ہاتھوں حضرت سیّدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی شہادت واقع ہوئی تھی۔

مسیلمہ کذاب کی قتل کے وقت عمر ڈیڑھ سو سال کی تھی۔ مسیلمہ کذاب کی عمر حضرت سیّدنا عبداللہ والد ماجد حضور سیّد الانام صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی زیادہ تھی اس جنگِ یمامہ بمقابلہ مسیلمہ کذاب میں جو صحابہ کرام شہادت سے سرفراز ہوئے تھے ان کے اسماءِ مبارکہ یہ ہیں۔ (۱) ابوحذیفہ بن عتبہ (۲) سالم مولیٰ ابوحذیفہ (۳) شجاع بن وہب۔ (۴) زید بن خطاب (۵) عبداللہ بن سہل (۶) مالک بن عمرو (۷) طفیل بن عمرو الدوسی (۸) یزید بن قیس (۹) عامر بن کبیر (۱۰) عبداللہ بن محرمہ سائب (۱۱) عثمان بن مظعون (۱۲) عبادہ بن بشیر (۱۳) معن بن علمی (۱۴) ثابت بن قیس بن شماس (۱۵) ابودجانہ (۱۶) سماک بن حرب۔ وغیرہ رضوان اللہ علیہم اجمعین۔

۱۲ھ میں حضرت سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت علاء بن حضرمی رضی اللہ عنہ کو بحرین کی طرف روانہ کیا وہاں کے لوگ مرتد ہو گئے تھے۔ بمقام جواثی میں ان سے مقابلہ ہوا۔ اور بکرمہ تعالیٰ مسلمانوں کو فتح ہوئی۔ اسی طرح عمان میں بھی لوگ مرتد ہو گئے تھے تو آپ نے حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ ابن ابوجہل کو روانہ کیا اور بجیرہ کے مرتدین پر مہاجرین ابی امیہ کو بھیجا۔ مرتدین کی ایک اور جماعت پر زیاد بن لبید انصاری رضی اللہ عنہ کو روانہ کیا اسی سال مرتدین کے قتال سے فارغ ہو کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو سرزمینِ بصرہ کی طرف روانہ کیا آپ نے اہلِ ایلہ پر جہاد کیا۔ ایلہ فتح ہوا اور کسریٰ کے شہر جو عراق میں تھے فتح ہوئے۔ اس کے بعد آپ

(۱) الحیات

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ اور اسلامی لشکروں کو شام کی طرف بھیجا اور جمادی ل آخر ۱۳ھ میں واقعۂ جنگ حبادین پیش آیا اس میں بھی مسلمانوں کو فتح یابی ہوئی۔ آپ حالتِ نزع میں تھے کہ حضرت کو فتح کی خوشخبری ملی۔ (۱)

اسی سال جنگِ مرج الصفر ہوا۔ مشرکین کو زبردست شکست ہوئی اس جنگ میں حضرت عکرمہ بن ابی جہل، ہشام بن عاص رضی اللہ عنہ، فضل بن عباس رضی اللہ عنہ اور دوسرے صحابہ موجود تھے۔

بفضلہٖ تعالیٰ حضرت سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت کے تھوڑے سے عرصے میں شب و روز کی سعیِ پیہم سے بدخواہوں کے حوصلے پست کر دیئے اور ارتداد کا سیلاب روک دیا۔ کفار کے قلوب میں اسلام کا وقار راسخ ہو گیا اور مسلمانوں کی شوکت و اقبال کے پھریرے عرب و عجم و بحر و بر میں لہرانے لگے۔

آپ قرآن حکیم کے پہلے جامع حافظ ہیں اور آپ کے عہد مبارک کا نہایت زریں کارنامہ جمع قرآن ہے۔ کیونکہ آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ جہادوں میں وہ صحابہ کرام جو حافظِ قرآن تھے وہ شہید ہونے لگے ہیں اور آپ کو اندیشہ ہوا کہ اگر تھوڑے زمانہ بعد حفاظِ قرآن باقی نہ رہے تو قرآن پاک مسلمانوں کو کہاں سے میسر ہوگا۔ یہ خیال فرما کر آپ نے صحابہ کو جمعِ قرآن کا حکم فرمایا اور مصاحف مرتب ہوئے بالآخر قرآن حکیم مکمل جمع کیا گیا جو آخر وقت تک آپ کے پاس رہا اور اس کے بعد سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے پاس رہا۔ اس عظیم احسان کا ہی کمال ہے کہ آج ساری دنیا کے مسلمانوں کے سینوں اور زبانوں پر تلاوتِ قرآن ہو رہی ہے (۲)

ابو یعلیٰ نے بروایتِ صحیح نقل کیا ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا کہ سب سے زیادہ ثوابِ قرآن حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو حاصل ہوا ہے جنہوں نے کتابی شکل میں قرآن حکیم کو مرتب فرمایا۔ (۳)

## صحابہ کرام کو آپ کی وصیت:

حضرت سیّدنا ابوبکر صدیق صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے آخری ایام میں تمام صحابہ کرام علیہم الرضوان کو وصیتیں فرمائیں۔ بالخصوص اپنے بعد جانشین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے بارہ میں صحابہ کی رائے و رضامندی حاصل کر لی۔ تمام نے بالاتفاق حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت پر رضامندی کا اظہار کر لیا اور چند ایک وصیتیں بھی اپنے جانشین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو فرمائیں۔ اور ان کے حق میں بارگاہِ الٰہی میں بھی دعائیں کیں۔

## سیّدنا ابوبکر صدیق کا علم مافی الارحام: بیٹی ام کلثوم کے پیدا ہونے کی خبر دینا:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے مجھ کو بیس وسق (تقریباً پانچ من) کھجوریں جو درختوں پر لگی ہوئی تھیں ہبہ کیں اور اپنے انتقال سے پہلے ہی فرمایا۔ اے میری پیاری بیٹی مال و دولت کے باب میں مجھے تم سے زیادہ کوئی پیارا نہیں ہے اور مجھے تمہاری حاجت مندی بھی پسند نہیں ہے۔ لاریب بیس وسق کھجوریں میں نے تمہیں ہبہ کی ہیں۔ اگر تم نے انہیں توڑ کر اکٹھا کر لیا ہوتا تو وہ تمہاری مملوکہ ہوتیں لیکن اب وہ تمام وارثوں کا مال ہے جس میں:

(۱)، (۲)، (۳) الحیات

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

وَاِنَّمَا هُوَ اَخُوَاكِ وَاَخَتَاكِ فَاقْتِمُوْهُ عَلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ قُلْتُ يَاأَبَتِ وَاللّٰهِ لَوْ كَانَ كَذَا كَذَا اَتَرَكْتُهُ اِنَّمَا هِيَ اَسْمَآءُ الْاُخْرٰى قَالَ ذُوْبَطْنِ ابْنَةِ خَارِجَةَ اَرٰهَا جَارِيَةً وَاَخْرَجَهُ ابْنِ سَعْدٍ وَ قَالَ فِيْ اٰخِرِهٖ قَالَ ذَاتُ بَطْنِ ابْنَةِ خَارِجَةَ فَاسْتَوْصٰى بِهَا خَيْرًا فَوَلَدَتْ اُمِّ كَلْثُوْم (۱)

تمہارے دو بھائی اور تمہاری دو بہنیں شریک ہیں اس کو تم قرآن کے حکم کے مطابق تقسیم کر لینا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا ابا جان! اگر بہت زیادہ ہوتیں تب بھی میں اس ہبہ سے دست بردار ہو جاتی لیکن یہ فرمایئے میری بہن تو صرف اسماء ہے یہ دوسری کون؟ حضرت ابوبکر صدیق نے جواب دیا کہ بنتِ خارجہ کے پیٹ سے مجھے لڑکی دکھائی دے رہی ہے ابن سعد نے یہ واقعہ اس طرح روایت کیا کہ بنتِ خارجہ کے پیٹ کی لڑکی کو میرے دل پر القاء کیا گیا۔ یعنی میری بیوی بنتِ خارجہ کے پیٹ میں لڑکی ہے پس میری وصیت کو قبول کر بالآخر جناب سیّدہ امِ کلثوم پیدا ہوئیں۔

مذکورہ حدیث سے ثابت ہوا کہ حضرت سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے تقسیمِ میراث کی وصیت فرمائی۔ اور اپنی بیوی بنتِ خارجہ کے بطن سے جو اولاد بعد از انتقال پیدا ہوئی تھی اس کی خبر دی۔ معلوم ہوا آپ علومِ باطنہ علم مافی الارحام کو اللہ کی عطا سے جانتے تھے جبھی آپ نے لڑکی پیدا ہونے کی بشارت فرما دی اور ایسا ہی ہوا۔ غلاموں کو علم مافی الارحام ہو سکتا ہے تو ان کے آقاء و مولیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کیسے مافی الارحام کا علم نہیں ہو سکتا۔ یقیناً بلاشبہ ہو سکتا ہے۔

## سیّدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کا حلیہ مبارکہ

كَانَ اَبْيَضُ نَحِيْفًا خَفِيْفَا الْعَارِضَيْنِ مَعْرُوْقَ الْوَجْهِ غَائِرُ الْعَيْنَيْنِ نَاتِئُ الْجَبْهَةِ ..... (۲)

آپ کا رنگ سفید تھا جسم دبلا پتلا تھا۔ رخسار جھرجھرا ہے تھے۔ چہرہ پر گوشت بہت کم تھا آنکھیں اندر کو تھیں۔ پیشانی بلند تھی۔ قد درمیانہ تھا۔ انگلیوں کی جڑیں گوشت سے کم تھیں داڑھی گھنی تھی آپ داڑھی پر مہندی خضاب کیا کرتے تھے۔

## آخری لمحات بوقتِ انتقال سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

آپ کے انتقال کا اصلی سبب حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جدائی تھی جس کا صدمہ دمِ آخر تک آپ کے قلبِ مبارک سے کم نہ ہوا۔ اس روز سے برابر آپ کا جسم مبارک گھلتا اور دبلا ہوتا گیا۔

سات جمادی الاخریٰ ۱۳ھ بروز دوشنبہ کو آپ نے غسل فرمایا۔ دن سرد تھا بخار آ گیا صحابہ عیادت کے لیے حاضر ہوئے عرض کیا اے خلیفہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اجازت ہو تو ہم طبیب کو بلائیں جو آپ کو دیکھے۔

آپ نے فرمایا طبیب نے تو مجھے دیکھ لیا ہے، انہوں نے دریافت کیا کہ پھر طبیب نے کیا کہا فرمایا کہ اس نے کہا: اِنِّیْ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ۔ یعنی میں جو چاہتا ہوں کرتا ہوں۔ مراد یہ تھی کہ حکیم اللہ تعالیٰ ہے اس کی مرضی کو کوئی ٹال نہیں سکتا جو مشیت ہے ضرور ہو گا یہ حضرت کا توکلِ صادق تھا اور رضائے حق پر راضی رہتے تھے۔

(۱) لاستیعاب والحیات (۲) تاریخ الخلفاء للسیوطی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت عبداللہ بن احمد نے زوائدِ زہد میں بکر بن عبداللہ مزنی سے روایت کیا کہ جس وقت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ! کے آخری لمحات تھے تو آپ کی بیٹی سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا آپ کے سرہانے یہ کلمات پڑھ رہی تھیں۔

كُلُّ ذِيْ اِبِلٍ مَوْرِدٍ لَهَا وَ كُلُّ ذِيْ سَلَبٍ مَسْلُوْبٍ
وَاَبْيَضُ يَسْتَسْقِي الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ ثِمَالُ الْيَتٰمٰى عِصْمَةٌ لِلْاَ رَامِلِ

ہر سوار کی ایک منزل ہوتی ہے اور ہر کپڑا پہننے والے کا کپڑا ہوتا ہے بہت سے سفید چہرے والے ہیں کہ ان کے روئے مبارک سے ابر پانی حاصل کرتے ہیں اور وہ یتیموں کے فریادرس اور بیواؤں کے پشت پناہ ہیں۔

فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ ذَاكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَا بِنْتَاهُ وَلٰكِنَّهٗ كَمَا قَالَ اللّٰهُ وَجَاءَتْ سَكْرَتُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدِ. وَقَالَ يَا اِبْنَتِي اَغْسِلُنِيْ ثَوْبَيَّ هٰذَيْنِ وَاَكْفِنِيْ بِهِمَا ..... (۱)

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے یہ سن کر فرمایا یہ صفات تو میرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہیں ہاں بیٹی یہ آیت کہو جیسا کہ اللہ فرماتا ہے وجاءت سکرت الموت بالحق اور اے بیٹی میری ان دو چادروں کو دھو کر انہی میں مجھ کو کفن دینا۔ یہ ضرور ہے کہ میں تمہارا باپ ہوں لیکن اگر مجھے نئے کپڑوں میں کفن دو گے تو کچھ بڑھ نہ جاؤں گا اور اگر پرانے بوسیدہ کپڑے میں کفنایا تو کچھ گھٹ نہ جاؤں گا۔

آپ رضی اللہ عنہ نے مزید فرمایا:

اَنْ تَغْسِلَنِيْ اِمْرَأَتِي اَسْمَاءُ بِنْتِ عَمِيْسٍ وَيُعِيْنُهَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ اِبْنِ اَبِيْ بَكْرٍ

مجھے میری زوجہ حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا غسل دیں۔ اور اس کام میں عبدالرحمن میرے بیٹے مدد دیں۔

## وصیت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
## میرا جنازہ قبر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دروازہ پر رکھنا
## اجازت ہو تو دفن کرنا

اِذَا اَنَا مِتُّ فَجِيْئُوا بِي الْبَابَ يَعْنِي بَابَ بَيْتِ النَّبِيِّ الَّذِيْ فِيْهِ قَبْرَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَذْنُوْهُ فَاِنْ فُتِحَ لَكُمْ فَادْفِنُوْنِيْ اِلٰى جَنْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (۲)

جب میرا وصال ہو جائے اور (تجہیز و تکفین و جنازہ سے فارغ ہو جاؤ) تو پھر میری چار پائی کو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضۂ پر انوار کے سامنے رکھ دینا اگر روضۂ مبارک کا دروازہ مبارک کھل جاوے تو مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پہلو میں دفن کر دینا۔

یہ بھی دریافت فرمایا کہ آج کون سا دن ہے اور رسول اللہ علیہ وسلم کے یوم انتقال کا دن کیا تھا جواب دیا گیا آج کا دن پیر ہے اور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یوم وصال کا دن بھی پیر تھا فرمایا۔ اَرْجُوْ فِيْمَا بَيْنِيْ وَبَيْنَ اللَّيْلِ میں امید کرتا ہوں کہ آج روز پیر اور رات منگل یعنی پیر و منگل کی درمیانی شب کو اس دارِ فانی سے رخصت ہو جاؤں گا (۳)

(۱) تاریخ الخلفاء للسیوطی۔ (۲) تفسیر کبیر للرازی ج ۵ صفحہ ۶۸۵۔ (۳) تاریخ الخلفاء للسیوطی،

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے پندرہ روز کی متواتر علالت اور عرصہ دو سال چار ماہ کی خلافت کے بعد ۲۲ جمادی الآخری شب سہ شنبہ کو بعمر تریسٹھ سال اس عالمِ ناپائیدار سے رحلت فرمائی بوقتِ وصال زبان پر یہ قرآن کے الفاظ جاری تھے تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ (۱)

## سیّدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کے انتقال پر آپ کے والد ابوقحافہ رضی اللہ عنہ واہلِ مدینہ کا حال

حضرت سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ اوّل کے انتقال کی خبر مدینہ طیبہ اور تمام اطراف میں آناً فاناً پھیل جانے سے ہر طرف کہرام مچ گیا حضرت ابنِ مسیب فرماتے ہیں۔

وَلَمَّا تُوُفِّیَ اَبُوْبَکْرٍ رضی اللہ عنہ اِرْتَجَّتِ الْمَدِیْنَۃُ بِالْبُکَاءِ وَرَهَشِ اَلْقَوْمُ کَیَوْمِ مَوْتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبُوْ قُحَافَۃَ رضی اللہ عنہ: مَا هٰذَا؟ قَالُوْا: مَاتَ اَبُنُكَ وَقُرَّۃُ عَیْنِكَ قَالَ اَبُوْ قُحَافَۃَ ..... (۲)

اور جب ابوبکر رضی اللہ عنہ فوت ہوئے تو مکہ اور ہر طرف ایک رونے اور پرغم ہجوم کا کہرام مچ گیا جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصالِ اقدس پر تھا۔ اس شور کو سن کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے والد ابو قحافہ رضی اللہ عنہ نے کہا۔ شور کیسا ہے لوگوں نے کہا آپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک حضرت ابوبکر انتقال فرما گئے ہیں آپ نے فرمایا کیسی عظیم مصیبت اللہ! اللہ اور فرمایا وہ اب خلافت کے سرانجام دینے کے لیے کس کو خلیفہ مقرر کر گئے ہیں جواب دیا گیا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو آپ نے فرمایا اچھا مرحوم کے دوست۔

### حضرت ابوقحافہ رضی اللہ عنہ:

اپنے بیٹے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے وصال سے چھ ماہ کچھ دن بعد محرم الحرام ۱۴ھ میں بعمر ستانوے برس چھ ماہ کچھ روز اس دارِ فانی سے انتقال فرما گئے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کتنے خوش نصیب ہیں کہ خود صحابی، والد صحابی بیٹے صحابی، پوتے صحابی رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔ (۳)

## نمازِ جنازہ و روضۂ اطہر سے اجازت اور ابوبکر رضی اللہ عنہ گنبدِ خضریٰ میں مکین

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے انتقال کے بعد آپ کی وصیت کے مطابق آپ کو غسل دیا گیا اور دو سفید چادروں میں کفنایا گیا۔ آپ کا جنازۂ اقدس گھر سے مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم و قبرِ مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان لایا گیا۔ اسی جگہ پر حضرت سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ خلیفہ دوم نے خود نمازِ جنازہ کی امامت کرائی اور اس میں چار تکبیریں کہی گئیں۔ نماز جنازہ کے بعد حضرت کے جنازے کی چارپائی جو کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی تھی حضور شہنشاہِ دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اطہر کے پاس حاضر کر دی گئی۔ (۴)

(۱) الحیات (۲) تاریخ الخلفاء للسیوطی: والحیات (۳) تاریخ الخفائ للسیوطی والحیات (۴) تاریخ للسیوطی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے روضہ کے پاس یوں عرض کیا۔

السلام علیك یا رسول الله هذا أبوبكر ن الصديق قد اشتهى عندك فتح الباب ولا ندرى من فتح الباب وقال ادخلوا وادفنوه كرامة ولا نرى شخصا ولاشيئا كذا فى الصفوة وفى رواية سمعوا صوتا يقول ضموا الحبيب الى الحبيب الخ۔ ونزل فى قبره عمر وعثمان و طلحه و ابنه عبد الرحمن بن ابى بكرهو دفن ليلا وحبل راسه عند كتفى رسول الله صلى الله عليه وسلم الخ والصق اللحد بقبر رسول الله صلى الله عليه وسلم۔ (۱)

سلام ہو اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تحقیق ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ آپ کے پاس مدفون ہونے کے مشتاق ہیں اگر اجازت ہو تو آپ کے پاس دفن کر دیں پس حجرۂ اقدس کا دروازہ خود بخود کھل گیا۔ ہم میں سے کسی نے ظاہراً نہیں دیکھا کہ حجرہ شریف کا دروازہ کس نے کھولا۔ اور آواز آئی کہ اندر داخل ہو جاؤ اور دوست کو دوست کے ساتھ ملا دو یہ خاص کرامت تھی اور ہم میں سے کسی نے نہ کوئی آدمی دیکھا اور نہ کوئی اور چیز (یعنی دروازہ اقدس کھولنے والا اور آواز دینے والا کون ہے اور روایت میں ہے کہ حجرہ شریف سے آواز آئی حبیب کو حبیب کے ساتھ جلدی ملا دو۔ اور حضرت عمر فاروق حضرت عثمان غنی، حضرت طلحہ اور آپ کے بیٹے حضرت عبد الرحمن رضوان اللہ علیہم اجمعین آپ کی قبر مبارک میں اترے اور رات کے وقت آپ کو دفن کیا اور آپ کے سر مبارک کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک کندھوں کے قریب کیا اور لحد کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک کے ساتھ ملا یا۔

## سیّدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ازواج و ابناء و بنات کے اسماء اور تعداد

حضرت سیّدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی چار بیویاں تھیں۔ جن کے اسماء یہ ہیں (۲)

(۱) قتیلہ (۲) ام رومان (۳) اسماء بنت عمیس (۴) ام حبیبہ خارجہ بن زید

آپ کی کل اولاد کی تعداد چھ ہے۔ جن میں آپ کے تین بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں۔

بیٹوں کے اسماء یہ ہیں:

۱۔ عبد اللہ رضی اللہ عنہ ۲۔ عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ ۳۔ محمد رضی اللہ عنہ

بیٹیوں کے نام یہ ہیں:

۱۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ۲۔ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا ۳۔ حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا (۲)

(۱) تاریخ الخلفاء للسیوطی (۲) نور الابصار اور الحیات

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# حالاتِ ازواج واولادِ امجاد سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

حضرت عبداللہ سب سے بڑے تھے ان کی والدہ قتیلہ بنت عامر بن لوئی سے ہیں یہ اسلام نہ لائیں۔ حضرت عبداللہ بن ابوبکر طائف اور حنین میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حاضر ہوتے رہے۔ طائف میں ایک ابومحسن ثقفی نے گہرا تیر مارا پس وہ زخم خلافتِ ابوبکر میں صحیح ہوگیا تھا بعد میں شوال ۱۱ھ میں انتقال فرما گئے بعد نماز ظہر جنازہ حضرت ابوبکر نے خود پڑھایا اور بھائی اور اصحاب نے لحد میں اتارا۔

دوسرے بیٹے حضرت عبدالرحمن ہیں، ان کی کنیت ابوعبداللہ تھی۔ ان کی والدہ ام رومان تھیں۔ جو حرث کی بیٹی اور بنی فراس بن غنم سے تھیں یہ مشرف باسلام ہوئیں حضرت عبدالرحمن حضرت عائشہ کے سگے بھائی تھے۔ بدر اور احد میں مشرکوں کے ساتھ آئے۔ اور حدیبیہ کے موقع پر مشرف باسلام ہوئے جس وقت یہ مشرف باسلام نہ تھے اس وقت انہوں نے اپنا نام عبدالکعبہ رکھا ہوا تھا۔ سیّدنا ابوبکر نے عبدالرحمن نام رکھا تھا۔ بعد اسلام یمامہ میں بھی حاضر ہوئے اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہے۔ اس کے علاوہ حضرت ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ واقعہ جمل میں بھی ان کے ساتھ تھے۔ کل ۵۳ سال کی عمر پائی اور مکہ معظمہ میں انتقال فرمایا۔

آپ کے تیسرے صاحبزادے حضرت محمد، کنیت ابوالقاسم تھی۔ ان کی والدہ اسماء بنت عمیس تھی اور یہ پہلی ہجرت والیوں میں سے تھیں مشرف باسلام ہوئیں یہ پہلے جعفر بن ابوطالب کے نکاح میں تھیں اور جعفر کے ساتھ حبشہ میں ہجرت کی۔ جعفر جب ارضِ شام میں وفات پا گئے تو پھر حضرت ابوبکر نے ان سے نکاح فرمایا۔ حضرت محمد بن ابوبکر جمل اور حنین میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ساتھ تھے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان کو مصر کا گورنر بھی بنایا تھا بعد میں معزول کر دیئے گئے اور انہوں نے مصر میں وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا حضرت عبدالرحمن کی سگی بہن تھیں ان کا نکاح سیّد عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ چھ سال کی عمر میں ہوا اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک اس وقت پنتالیس سال تھی۔ آپ کے نکاح میں آنے سے زوجۃ النبی کا شرف اور ام المؤمنین ہونے کا مقام حاصل ہوا اور سیّدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کے خسر بھی ہوئے (۱)

حضرت اسماء حضرت عبداللہ کی بہن ہیں اور یہ بڑی تھیں۔ ان کا نکاح حضرت زبیر بن عوام سے ہوا اور اولاد بھی ہوئی۔

حضرت امِ کلثوم کی والدہ امِ حبیبہ خارجہ بن زید تھیں اور سیّدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ یعنی اپنے ابا جان کے انتقال کے بعد پیدا ہوئیں ان کو اپنا باپ دیکھنا بھی نصیب نہ ہوا آپ نے اپنی میراث کی تقسیم میں ان کا حصہ قبل از وقت مقرر فرما دیا تھا۔ ان کا نکاح حضرت طلحہ بن زبیر سے ہوا تھا۔

سایۂ مصطفیٰ مایہ اصطفاء
عزوناز خلافت پہ لاکھوں سلام
یعنی اس افضل الخلق بعد الرسل
ثانی اثنین ہجرت پہ لاکھوں سلام
اصدق الصادقین سیّد المتقین
چشم گوشِ وزارت پہ لاکھوں سلام

(از امامِ اہلِ سنت احمد رضا علیہ الرحمہ)

(۱) الجواہر ص ۱۰۵ تا ۱۰۶ ج ۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

باب ۷

## خلیفہء ثانی فاروقِ اعظم

# حضرت سیّدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

آپ کا اسمِ گرامی عمر۔ کنیت ابو حفص لقب فاروقِ اعظم ہے۔ نسب آباء و اجداد اس طرح ہے۔ عمر بن خطاب بن نفیل بن عبد العزی بن رباح بن عبداللہ بن قرط بن زراح بن عدی بن کعب بن لوی بن غالب القرشی۔ (۱)

آپ کی والدہ ماجدہ کا نام ختمہ بنت ہاشم بن مغیرہ ہے۔ ایک روایت میں بنتِ ہشام بن المغیرہ بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم ہے۔ پہلے قول کی بناء پر ابو جہل کی چچازاد بہن اور دوسرے قول کی بناء پر ابو جہل کی ہمشیرہ ہیں۔

سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا نسب باپ کی طرف سے حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جد ہشتم کعب سے جاملتا ہے جو حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے نویں جدِ امجد تھے۔

### ولادت باسعادت:

حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی ولادت واقعہ فیل کے تیرہ سال بعد ہوئی۔

### زمانہ طفولیت و جوانی:

عرب میں اس وقت جن چیزوں کی تعلیم دی جاتی تھی اور جو لازمہ شرافت خیال کی جاتی تھیں وہ یہ تھیں۔ نسب دانی، سپہ گری، پہلوانی، مقرری یہ تمام امور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خاندان میں موروثی چلے آرہے تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ان تمام امور میں اعلیٰ مقام حاصل تھا ان مذکورہ آبائی مشاغل سے ظاہر ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اکثر جوانی و بچپن انہی امور میں گزارا۔ علاوہ ازیں حضرت کے باپ خطاب نے بے شمار اونٹ رکھے ہوئے تھے خطاب حضرت عمر کو سارا دن ان اونٹوں کے چرانے پر لگائے رکھتے تھے۔

جس میدان میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ کام سرانجام دیتے تھے اس وادی کا نام ضجنان تھا جو مکہ معظمہ کے قریب قدید سے دس میل کے فاصلہ پر ہے۔ خلافت کے زمانہ میں ایک مرتبہ آپ کا اس جگہ گزر ہوا تو آبدیدہ ہو کر فرمایا اللہ اکبر ایک زمانہ وہ تھا کہ نمدے کا کرتہ پہن کر اونٹ چرایا کرتا تھا۔ اور تھک کر بیٹھتا تو والد خطاب سے جھڑک لیتا تھا آج یہ دن ہے کہ اللہ کے سوا مجھ پر کوئی حاکم نہیں آپ نے

(۱) تاریخ الخلفاء۔ الحیات

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اپنا بچپن اور جوانی قبل از اسلام بھی نہایت پاکیزگی سے گزاری نہایت مدبر اور عزت وغیرت کی حفاظت کرنے والے تھے۔ اور نہایت قوت وجلالت رکھتے تھے۔

## بارگاہِ خداوندی میں دعائے مصطفی کے اے اللہ عمر بن خطاب کے ساتھ اسلام کو غلبہ وقوت عطا فرما

احادیثِ صحیحہ میں موجود ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے بارگاہِ خداوندی میں دعا فرمائی تھی کہ مجھے ابوجہل ابنِ ہشام یا عمر ابنِ خطاب دونوں میں سے ایک شخص عطا فرما چنانچہ عبداللہ ابنِ عمر سے ترمذی میں یہ حدیث مروی ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَعِزَّ الْاِسْلَامَ بِأَحَبِّ ھٰذَیْنِ الرَّجُلَیْنِ اِلَیْكَ بِاَبِیْ جَھْلٍ أَوْ بِعُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ۔

اے میرے اللہ تو اسلام کو عزت وقوت دے ان دو شخصوں میں سے جن کو تو پسند کرے: ابوجہل یا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ۔

اور ابویعلیٰ وحاکم وبیہقی وطبرانی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اور حضرت ابنِ عباس سے بھی مروی ہے کہ حضور ﷺ نے یوں دعا فرمائی تھی۔

اَللّٰھُمَّ اَعِزَّ الْاِسْلَامَ بِعُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ خَاصَّةً۔

اے میرے اللہ سلام کو خاص عمر ابن خطاب کے ساتھ غلبہ وقوت عطا فرما۔

مذکورہ پہلی روایت کے مطابق ثابت ہوتا ہے کہ حضور ﷺ نے بارگاہِ الٰہی میں عرض کیا کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اور ابوجہل بن ہشام میں سے جو تجھے پیارا اور پسندیدہ ہے اس کے ساتھ اسلام کو قوت بخش دے۔ اس سے بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ہی خصوصیت ثابت ہے۔ اس لیے کہ اللہ کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہی پیارے تھے لہٰذا آپ کے ذریعے اسلام کو اعلیٰ عزت وقوت حاصل ہوئی۔ دوسری روایت سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے یہ دعا صرف حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہی حق میں فرمائی تھی۔

دونوں روایتوں کا حاصل یہ ہے کہ سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ خدا اور اس کے مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کے مخلصین میں سے ہیں۔

## مرادِ رسول کے مشرف با اسلام ہونے پر مؤمنین کے نعرے وخوشیاں:

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے مشرف بہ اسلام ہونے کے متعلق علامہ عبدالرحمن صفوری واقعہ یوں نقل فرماتے ہیں:

ان قریشا اجتمعت فتشاورت فی امر النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالوا ای رجل یقتلہ فقال عمر ابن الخطاب انا لھا فقالوا انت لھا یا عمر فخرج..... طالبا للنبی صلی اللہ علیہ وسلم وکان النبی صلی اللہ علیہ وسلم مع اصحابہ فی منزلہ حمزۃ الدار التی فی اصل الصفا فلما خرج عمر الی الصفا لقیہ سعد بن ابی وقاص الزھری فقال این ترید یا عمر فقال ارید ان اقتل محمداً قال انت احقر و اصغر من ذالك فکیف تأمن من بنی ھاشم و بنی زھرۃ وقد قتلت (۱)

نبی ﷺ کے بارے میں قریشی عدو نے مشورہ کیا کہ تم میں کون ہے جو کہ محمد (ﷺ) کو قتل کر ڈالے تو حضرت عمر اٹھے اور کہا میں ان کو قتل کر دیتا ہوں اجلاس والے کہنے لگے بالکل درست ہے۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ تلوار لے کر گھوڑے پر سوار ہو کر وہاں پہنچے جہاں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ واصحاب بمعہ نبی ﷺ اصل صفا میں موجود تھے۔ جب حضرت عمر آگے جانے لگے تو حضرت سعد بن ابی وقاص زہری رضی اللہ عنہ ملے کہنے لگے اے عمر کس طرف جا رہے ہو؟ کہا میں محمد ﷺ کو قتل کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ سعد نے کہا تم اس کام کو معمولی سمجھتے ہو اگر تم نے ایسا کر دیا تو بنو ہاشم سے کس طرح بچو گے وہ تمہیں قتل کر ڈالیں گے۔

(۱) نورالابصار

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا:

فقال ما اراك الا قد صبوت قال افلا ادلك على العجب ان ختنك واختك صبوا و تركا دينك فمشى عمر فاتاهما و عندهما خباب فلما سمع جس عمر توارى فى البيت فدخل فقال ماهذه الهينة و كانوا يتلون طه قالا ما حديثا تحدثناه بلينا قال فلعلكما قد صبوتما فقال له ختنه يا عمر ان كان لحق فى غير دينك فوثب عليه عمر فوطئه وطاء شديد فجاء ت اخته فدفعته عن زوجها فنفها نفخة بيده فدمى وجهها فقالت وهى غضبا ان كان الحق فى غير دينك انى اشهد ان لااله الا الله و ان محمداً عبده و رسوله فقال عمر اعطونى الكتاب الذى هو عندكم فاقراء وكان عمر يقرء الكتاب فقالت انك رجس وانه لا يمسه الا المطهرون

معلوم ہوتا ہے کہ تم بھی بے دین ہو سعد نے کہا میں تم کو اس سے بھی زیادہ تعجب انگیز بات بتلاتا ہوں۔ کہ تمہارے بہنوئی (سعد) اور تمہاری بہن (فاطمہ) دونوں تمہارے دین سے گئے۔ حضرت عمر اپنے بہنوئی کے مکان کی طرف چلے گئے وہاں حضرت خباب بھی تشریف رکھتے تھے آپ کی آمد کی آواز سن کر چھپ گئے کیونکہ اس وقت تینوں صاحب آہستہ آہستہ سورہ طٰہٰ پڑھ رہے تھے آپ کے آجانے سے خاموش ہو گئے تو آپ نے دریافت کیا کہ یہ چپکے چپکے کیا پڑھا جا رہا تھا۔ آپ کی بہن اور بہنوئی نے کہا کچھ نہیں باتیں کر رہے تھے۔ آپ نے فرمایا معلوم ہوا ہے کہ تم دونوں بے دین ہو گئے ہو آپ کے بہنوئی نے کہا جب تمہارے دین میں حق ہی نہ ہوا تو؟ اس پر آپ کو غصہ آیا اور ان کو زور سے ایک طمانچہ کھینچ مارا آپ کی بہن نے آپ کو چھڑانا چاہا تو آپ نے بہن کو دھکا دے دیا۔ جس سے ان کو بھی چوٹ آئی اور منہ خون سے تر ہو گیا۔ آپ کی بہن نے نہایت غصہ سے کہا کہ جب تمہارا دین سچا نہیں تو میں گواہی دیتی ہوں کہ خدا ایک ہی معبود ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے سچے بندے اور رسول ہیں آپ نے فرمایا اچھا مجھے وہ کتاب دو جو تمہارے پاس ہے تاکہ میں اسے پڑھوں۔ آپ کی بہن نے کہا تم نجس ہو اس مقدس کتاب کو پاک ہی لوگ چھو سکتے ہیں۔

فقم فاغسل وتوضاء فقام فتوضأ ثم اخذ الكتاب فقرأ طه ما انزلنا اليك القرآن الى انتهى انني انا الله لااله الا انا فاعبدنى واقم الصلوة لذكرى فقال عمر دلونى على محمد فلما سمع خباب قول عمر خرج فقال ابشرى يا عمر فانى ارجو ان تكون دعوة رسول الله صلى الله عليه وسلم لك ليلة الخميس اللهم اعز الاسلام بعمر ابن الخطاب۔

اٹھو غسل کرو اور وضو کرو آپ نے وضو کیا اور کتاب لے کر پڑھی اس میں سورت طٰہٰ لکھی ہوئی تھی آپ نے طٰہٰ سے پڑھنا شروع کیا جب اس آیت پر اِنَّنِیْ اَنَا اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنَا فَاعْبُدْنِیْ وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِیْ پر پہنچے تو آپ نے فرمایا مجھے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لے چلو جس وقت حضرت خباب نے یہ سنا آپ باہر آئے اور فرمایا اے عمر تم کو بشارت دیتا ہوں کہ جمعرات کی شب کو ہمارے آقا و مولا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو یہ دعا فرمائی تھی اے الٰہ العالمین عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ اسلام کو عزت، قوت، غلبہ دے وہ قبول ہو گئی ہے اور اس کا یہ اثر ہے (۱)

(۱) نور الابصار

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

وكان رسول الله فى الدار التى فى اصل الصفا ونطلق عمر حتى اتى الدار على بابها حمزة وطلحة فقال حمزة هذا عمر ان يرد الله به خيراً يسلم وان يرد غير ذالك يكن قتله علينا هينا وقال النبى صلى الله عليه وسلم دخل يوحى اليه فخرج حتى اتى عمر فاخذ ثوبه و حمائل سيفه فقال ءا انت عنة يا عمر حتى ينزل الله بِك من الخُزْى والنكال ما انزل بالوليد بن المغيرة فقال عمر اشهدان لااله الا الله وانك عبد الله و رسوله[1]

پس حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے ہمراہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بارگاہِ رسالت مآب علیہ السلام میں حاضر ہوئے اس وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم جس مکان میں تشریف فرما تھے اس کے دروازے پر حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے انہیں دیکھ کر کہا عمر آ رہے ہیں اگر اللہ ان کے ساتھ نیکی کا ارادہ رکھتا ہے تو میرے ہاتھ سے بچ جائیں گے ورنہ ان کا قتل کرنا میرے لیے آسان ہے۔ اسی اثناء میں نبی علیہ السلام پر تمام حالات منکشف ہو چکے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مکان سے باہر تشریف لائے اور عمر کا دامن اور تلوار پکڑ کر فرمایا اے عمر رضی اللہ عنہ یہ فسادات ولید بن مغیرہ حشر تک باقی رہیں گے۔ آپ نے عرض کیا حضور، اشهد ان لااله الا الله وانك عبد الله و رسوله۔ بے شک میں گواہی دیتا ہوں اور ایمان لاتا ہوں کہ اللہ ایک معبود ہے اور بے شک آپ اللہ کے بندے اور اس کے سچے رسول ہیں۔

---

حدیث کے آگے الفاظ ملاحظہ فرمائیے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ مشرف باسلام ہوئے تو

فكبر اهل الدار تكبيرة سمعها اهل المسجد و فى روايه سمعت بمكة[2]

پس جتنے صحابہ اس وقت گھر پر تھے انہوں نے بلند آواز سے نعرہ تکبیر بلند کیا یہاں تک کہ اہلِ مسجد اور دوسری روایت میں ہے تمام مکہ کے رہنے والوں نے ان کی آواز سنی۔

ترمذی کی حدیث کے مطابق سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نبوت کے چھٹے سال ۲۷ ذوالحجہ ۲۷ برس کی عمر میں مشرف باسلام ہوئے آپ چالیس مردوں گیارہ عورتوں یا ۳۹ مردوں تیرہ عورتوں یا ۴۵ مردوں گیارہ عورتوں کے بعد اسلام لائے۔ آپ قدیم الاسلام سابقین الاولین عشرہ مبشرہ بالجنۃ اور خلفائے راشدین میں سے ہیں۔ صحابہ کرام میں آپ کا مرتبہ ممتاز ہے۔

## طواف کعبۃ اللہ اور لقب فاروق اعظم از مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مرادِ رسول سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے مشرف باسلام ہونے کے بعد بڑی شان و شوکت سے کعبۃ اللہ کا طواف فرمایا جس پر سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو ''فاروق'' کا لقب عطا فرمایا۔

قلت يا رسول الله السنا على الحق قال بلى۔ قلت: ففيم الاخفاء فخرجنا صفين انا فى احدهما و حمزة

اسلام لانے کے بعد حضرت عمر نے دریافت کیا یا رسول اللہ کیا ہم حق پر نہیں آپ نے جواب دیا کیوں نہیں ہم ضرور حق پر ہیں۔

---

(۱)،(۲) الحیات، طبرانی، المعجم الکبیر، سوانح کربلا ص ۳۶

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فی الآخر حتی دخلنا المسجد فنظرت قریش الی والی حمزة فاصابتهم کآبة شدیدة لم یصبهم مثلها فسمانی رسول الله صلی الله علیه وسلم الفاروق یومئذ لأنه ظهر الاسلام وفرق بین الحق وَالْبَاطِلِ (۱)

میں نے عرض کیا تو آپ کیوں اخفاء ہیں یعنی اسلام خفیہ کیوں ہے پس ہم دو صفیں بنا کر نکلے ایک صف میں میں اور دوسری صف میں حمزہ رضی اللہ عنہ تھا قریش نے مجھے اور حمزہ کو دیکھا اس پر قریش کو بہت صدمہ و رنج پہنچا اور کہنے لگے آج مسلمانوں نے سب بدلہ ہم سے لے لیا (یعنی حضرت عمر کے اسلام کی وجہ سے) ہم مسجد حرام میں داخل ہوئے اور کعبہ کا طواف کیا اسی دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرا نام فاروق رکھ دیا کیونکہ اسلام ظاہر ہو گیا اور حق و باطل میں فرق ہو گیا۔

حدیث بالا سے ثابت ہوا کہ اسلام پہلے مخفی تھا اور مسلمانوں کی تعداد نہایت قلیل تھی لیکن سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے سبب اسلام ظاہر ہو گیا اور عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے تمام صحابہ کو لے کر کے اعلانیہ نماز ادا کی۔ مسجد حرام میں داخل ہوئے۔ کعبۃ اللہ کا طواف کیا اور مشرکین و کفار کے تمام حوصلے پست ہو گئے تو اسی دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعلان فرما دیا میرا عمر فاروق ہے یعنی حق و باطل میں فرق کرنے والا۔ اور ان کے اسلام لانے سے اسلام ظاہر ہو گیا۔ اور باطل مٹ گیا۔

طبرانی اور معجم کبیر میں ہے کہ سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ مشرف باسلام ہونے کے بعد ابو جہل بن ہشام کے گھر گئے، اور فرمایا اے ابو جہل بن ہشام میں یہ بتانے آیا ہوں کہ میں مشرف باسلام ہو چکا ہوں ابو جہل کہنے لگا افسوس تم نے بہت برا کیا ہے آپ نے فرمایا ابو جہل آئندہ ایسا کلمہ استعمال نہ کرنا اور حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے دین کی مخالفت و گستاخی کرنے کی کوشش نہ کرنا یہ تم کو آگاہ کر دیا ہے ورنہ تم مجھ سے ہرگز نہ بچ سکو گے۔

اللہ اکبر۔ ایسے عظیم المرتبت صحابی کہ دشمن کیا بلکہ دشمنوں کے سردار کو گھر پر جا کر کہہ رہے ہیں کہ میں مسلمان ہو گیا ہوں۔ آئندہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گستاخی کی کوشش نہ کرنا ورنہ تم اپنی جان مشکل سے بچا سکو گے۔

## سیّدنا عمر فاروق اعظم کے قبولِ اسلام پر نزولِ آیت قرآنی اور مبارکباد ملائکِ آسمانی

بزاز و حاکم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

لما اسلم عمر نزل جبرئیل فقال یا محمد لقد استبشر اهل السماء باسلام عمر۔ (۲)

جب حضرت عمر نے اسلام قبول کیا تو جبریل علیہ السلام آئے اور عرض کرنے لگے یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آسمان والے حضرت عمر کے اسلام لانے پر آپ کو مبارک باد دیتے ہیں۔

(۱) تاریخ الخلفاء للسیوطی: ۱۱۴ (۲) (تاریخ الخلفاء للسیوطی ۱۱۴)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ دوسری حدیث بیان فرماتے ہیں:

لما أسلم عمر رضی اللہ عنہ قال المشركون قدانتصف القوم اليوم منا وانزل الله يايها النبى حسبك الله ومن اتبعك من المؤمنين ۔ و عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ قال مازلنا أعزة منذ اسلم عمر

جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا تو مشرکین نے کہا آج مسلمانوں نے ہم سے سارا بدلہ لے لیا ہے اللہ تعالیٰ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حق میں یہ آیت نازل فرمائی اے میرے نبی آپ کے لیے اللہ کافی ہے اور ایمان والے۔ یعنی ایمان والے سے مراد بالخصوص حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہیں۔ ابنِ مسعود فرماتے ہیں کہ جب سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسلام لائے اسلام کو دن بدن چاند لگتے گئے۔

## فتوحاتِ اسلام اور سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

اسلام کو جو قوت حاصل ہوئی اور کفار کو سخت پریشانی و پستی کا سامنا کرنا پڑا اس کے متعلق حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔

كان اسلام عمر فتحا وكانت هجرته نصرا و كانت امامته رحمة ولقد رايتنا وما نستطيع ان نصلى الى البيت حتى اسلم عمر فلما أسلم قاتلهم تركونا فصلينا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا گویا اسلام کی فتح تھی اور آپ کی ہجرت گویا نصرت تھی اور آپ کی امامت گویا رحمت تھی۔ ہم میں طاقت نہیں تھی کہ ہم بیت اللہ میں نماز پڑھ سکیں یہاں تک کہ عمر اسلام لے آئے، اور جب عمر اسلام لے آئے تو آپ نے مشرکین سے خوب قتال کیا یہاں تک کہ مشرکین نے ہمارا پیچھا چھوڑ دیا۔

طبرانی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے۔

اول من جهر با لاسلام عمر بن الخطاب وظهر الاسلام ودعى اليه علانية وجلسنا حول البيت حلقا وطفنا با لبيت وانقصفنا ممن غلظ علينا ورددنا عليه بعض ما ياتى۔

جس نے سب سے پہلے اسلام کو ظاہر کیا وہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ہیں۔ جب آپ اسلام لائے تو اسلام ظاہر ہوا اسلام کی طرف سے اعلانیہ دعوت ہونے لگی اور ہم کعبہ شریف میں بیٹھنے والے اور طواف کرنے والے بدلہ لینے اور جواب دینے کے قابل ہو گئے۔

ابنِ عساکر نے حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت کی ہے کہ آپ فرماتے ہیں:

ماعلمت احدا هاجر مختفيا الا عمر ابن الخطاب فانه لما هم بالهجرة تقلد سيفه و تنكب قوسه وانتضى فى يده اسهم واتى الكعبة واشراف قريش بضائها فطاف تسعا ثم صلى ركعتين عند المقام ثم حلفهم واحدة واحدة فقال شاهت الوجوه من

کہ میں جہاں تک جانتا ہوں جس کسی نے ہجرت کی چھپ کر ہی کی۔ بجز حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے آپ کی ہجرت کی یہ شان تھی کہ مسلح ہو کر خانہ کعبہ میں آئے کفار کے سردار وہاں موجود تھے آپ نے سات مرتبہ بیت اللہ شریف کا طواف کیا اور مقام ابراہیم علیہ السلام پر دو رکعتیں ادا کیں پھر قریش کی ایک جماعت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ارادان تثکله امه و یتیم ولده و ترمل زوجته فلیلقی وراء هذا الوادی فما تبعه منهم

کے پاس تشریف لے گئے اور للکار کر فرمایا کہ جو اس کے لیے تیار ہو کہ اس کی ماں اسے روئے اور اس کی اولاد یتیم ہو بیوی رانڈ ہو وہ میدان میں میرے مقابل آئے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے یہ کلمات سن کر ایک سناٹا سا چھا گیا کفار میں کوئی بھی جنبش نہ کر سکا۔

(طبقات ابنِ سعد)

## غزوات زمانۂ نبوت:

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہر غزوات نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں شریک ہوئے اور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہی ہمراہ رہتے تھے تا کہ کوئی دشمن حضرت تک نہ آنے پائے۔

## سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی عظمت، اسلام کی سربلندی، طواف کعبہ و نماز، مشرکین و کفار کی پستی اور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا استقبال

جو لوگ آپ کی صفات کو تسلیم نہیں کرتے انہی حضرات کی مستند کتاب ناسخ التواریخ میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قبولِ اسلام اور اعلیٰ صفات کو یوں بیان کیا گیا ہے۔

یارسول اللہ از بہر آمدہ ام کہ کیش مسلمانی گیرم وکلمہ توحید بر زبان رانم پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم از اسلام عمر چناں شاد شد کہ بانگ بلند تکبیر گفت وتکبیراں حضرت اصحاب شنیدند و ہمہ بہ یک بار تکبیر گفتند و باستقبال عمر رضی اللہ عنہ بیرون آمدند و آنگاہ عمر رضی اللہ عنہ گفت یارسول اللہ کافراں لات و عزی را آشکارا پرستش میکنند چرا باید خدائے را پنہائی پرستش کرد پس آہنگ کعبہ کردند۔

ترجمہ: حضرت عمر نے عرض کیا یارسول اللہ میں اس لیے حاضر ہوا ہوں کہ اسلام قبول کروں پس کلمۂ توحید و رسالت پڑھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے سے ایسے خوش ہوئے کہ بلند آواز سے تکبیر کہی آپ کی تکبیر اصحاب نے سنی اور سب نے نعرۂ تکبیر بلند کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے استقبال و تعظیم کے لیے باہر نکلے۔ اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کافر تولات وعزٰی کی پرستش ظاہر ہو کر کریں تو ہم خدائے قدوس کی عبادت کیوں چھپ کر کریں؟ پھر انہوں نے کعبہ جانے کا ارادہ کر لیا۔

جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علانیہ نماز پڑھنے کی اجازت فرمائی تو مصنف کتاب موصوف لکھتے ہیں کہ سب صحابہ کعبہ کو اس شان سے روانہ ہوئے۔

عمر رضی اللہ عنہ از جانب پیغمبر و ابوبکر رضی اللہ عنہ از طرف دیگر و علی علیہ السلام از پیش و اصحاب رضی اللہ عنہم از دنبال رواں شدند و عمر رضی اللہ عنہ با شمشیر خویش از پیش جملہ ہمی رفت و ازاں سوئے کفار قریشاں چناں نے پنداشتند کہ عمر رضی اللہ عنہ رسول خدائے را آسیب خواہد رسانید ناگاہ دید ند کہ پیش رسول خدا با شمشیر حمائل کردہ می آید۔ گفتند، ہاں عمر برچہ گونہ گفت یارسول خدا ایمان آوردم واگر کسے از شما بنالائقی جنبش کند با ہمیں تیغش کیفر کنم۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پہلو میں تھے ابو بکر رضی اللہ عنہ دوسرے پہلو میں تھے اور علی سامنے اور دیگر اصحاب پیچھے روانہ ہوئے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنی تلوار لیے سب سے آگے چلے ادھر کفارِ قریش منتظر تھے کہ حضرت عمر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایذا دیں گے ناگاہ انہوں نے دیکھا کہ وہ تو رسولِ خدا علیہ السلام کی اردل میں تلوار حمائل کیے ہوئے چلے آرہے ہیں۔ سب نے کہا ہاں عمر تمہاری کیا حالت ہے آپ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں رسولِ خدا علیہ السلام پر ایمان لایا ہوں اور تم میں سے کوئی شخص اپنی نالائقی سے ذرہ بھی کچھ بے جا حرکت کرے گا تو اسی تلوار سے اس کا سر قلم کردوں گا۔

اس کے آگے مصنف لکھتے ہیں:

آں جماعت از کعبہ با کنار کردو رسول خدا دو رکعت نماز بگذاشت و باز بخانہ شد۔

پس رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اصحاب کے ساتھ کعبہ میں دو رکعت نماز ادا کی اور پھر گھر واپس چلے گئے۔

اس کے آگے مصنف لکھتے ہیں:

بالجملہ بعد از اسلام بدر خانہ ابو جہل رفت و در بکوفت و ابو جہل چوں بانگ اذن بشنید بیامد و در بکشود۔ وگفت مرحبا واہلاً از چہ حاجت مرا یاد کردے و بدینجا شدی گفت آمدم تا ترا آگہی دہم کہ ایمان بخدائے رسول آوردم ابو جہل در خشم شد در بروئے بست وگفت قبحك الله وقبح ما جئته۔ (ناسخ التواریخ۔ بحر الانوار)

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ بعد از اسلام ابو جہل کے گھر گئے دروازہ کھٹکھٹایا ابو جہل نے دروازہ کھولا اور آؤ بھگت کر کے کہنے لگا آپ نے مجھے کیسے یاد کرلیا اور کس طرح تشریف لائے آپ نے فرمایا تجھے یہ بتانے آیا ہوں کہ میں خدا اور رسول علیہ السلام پر ایمان لے آیا ہوں ابو جہل کو بہت غصہ آیا دروازہ بند کرلیا اور کہنے لگا خدا تمہارا اور جو تم خبر لائے ہو برا کرے۔

ان حضرات کی کتب سے بھی معلوم ہوا۔

۱۔ حضرت سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے اسلام کا خیر مقدم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اصحابِ رسول نے گرمجوشی سے کیا اور حضور علیہ السلام نے بغل گیر ہوکر جو برکات پہنچائیں اور اعزاز بخشا یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ہی حصہ تھا۔

۲۔ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے جلال و جبروت کا نتیجہ تھا کہ آپ کے اسلام لاتے ہی شوکتِ اسلام دوبالا ہوگئی اور بجائے خفیہ عبادت کے خدا کے گھر کعبہ اللہ میں پہنچ کر نمازِ با جماعت پڑھی گئی اور کفار نابکار کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تیغِ آبدار کے سامنے آنے کی جرأت نہ ہوسکی۔

۳۔ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے حسنِ دینِ حق کا عالم یہ تھا کہ کفار کو للکار کر کہا کہ اگر ذرّہ برابر میرے آقا و مولی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں بے ادبی سے پیش آؤ گے تو میری تلوار ہے اور تمہارا سر۔

۴۔ حضرت سیّدنا امیر المؤمنین امام المجاہدین غیظ المنافقین عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے کس جرأت و بہادری کے ساتھ ابو جہل جیسے خطرناک دشمنِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر تن تنہا جا کر اپنے اسلام کا اعلان کیا۔ پھر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جن کو علوم اوّلین و آخرین سب معلوم تھے اسلامِ عمر رضی اللہ عنہ پر اس قدر خوشیاں کیوں مناتے اگر معلوم تھا کہ بالآخر انہوں نے (معاذ اللہ) اسلام سے پھر جانا ہے۔ اور میرے اہلِ بیت کو تکلیف پہنچانی ہے۔ فاعتبروا یا اولی الابصار۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## جنتی محل اور سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

بخاری و مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

بینا انا نائم رایتني فی الجنة فاذا امرأة تتوضا الی جانب القصر قلت لمن هذا القصر قالوا لعمر فذکرت غیرته فولیت مدبرا فبکی عمر وقال اعلیك أغار یارسول الله۔ (۱)

میں نے خواب میں جنت کو دیکھا کہ اس میں ایک عورت قصر (محل) کی طرف بیٹھی ہوئی وضو کر رہی ہے میں نے پوچھا یہ محل کس کا ہے؟ فرشتوں نے جواب دیا کہ عمر رضی اللہ عنہ کا ہے پھر آپ نے فرمایا اے عمر رضی اللہ عنہ میں نے تیری غیرت یاد کر کے قصر میں قدم نہ رکھا اور لوٹ آیا۔ اس پر حضرت عمر رو پڑے اور عرض کیا یا رسول اللہ میں آپ پر غیرت کروں گا؟

بخاری و مسلم میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

رأیت الناس یعرضون علی و علیهم قمص فمنها ما یبلغ الثدی و منها ما یبلغ دون ذالك و عرض علی عمر ابن الخطاب و علیه قمیص یجره قالوا فما أولته یا رسول الله؟ قال الدین۔ (۲)

میں نے دیکھا کہ لوگ میرے سامنے لائے جا رہے ہیں سب نے کُرتے پہنے ہوئے ہیں جن میں سے بعض کے کرتے سینے تک پہنچتے تھے اور بعض اس کے نیچے عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب کو لایا گیا تو اتنا لمبا کرتا پہنے ہوئے تھے کہ زمین پر گھسٹتا جاتا تھا لوگوں نے دریافت کیا حضور اس کی تعبیر کیا ہے؟ فرمایا دین۔

دونوں احادیث سے ثابت ہوا کہ سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نہایت غیرت مند اور کامل حیاء کے مالک تھے اور آپ کی بلند غیرت درحقیقت آپ کے دینِ ایمان پر استقامت کی دلیل ہے یعنی آپ اکمل ایمان و غیرت والے تھے۔

## علوم نا بحرِ کنار اور سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

بخاری و مسلم میں حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ آپ نے فرمایا میں نے خواب میں دیکھا کہ

اتیت بقدح لبن فشربت حتی انی لاری الری یخرج فی اظفاری ثم اعطیت فضلی عمر ابن الخطاب قالوا فما اولته یارسول الله قال العلم۔ (۳)

میرے پاس دودھ کا پیالہ لایا گیا میں نے اس دودھ کو پی لیا پھر میں نے اس دودھ کی سیرابی کی حالت کو دیکھا کہ اس کا اثر میرے ناخنوں سے ظاہر ہو رہا تھا پھر میں نے پیالے کا بچا ہوا دودھ عمر بن خطاب کو دے دیا لوگوں نے پوچھا اس خواب کی تعبیر آپ نے کیا قرار دی۔ فرمایا علم۔

---

(۱) صحیح البخاری ۳:۱۳۴۶ رقم ۳۴۷۷ (۲) صحیح البخاری ۳:۱۳۴۹، رقم: ۳۴۸۸ (۳) صحیح البخاری ۳:۱۳۴۶، رقم ۳۴۸۷

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس حدیث کی شرح شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ اشعۃ اللمعات میں فرماتے ہیں۔

وگفت اند کے صورت مثالیہ علم دراں لبن ست ہر کہ درخواب بیند کہ شیر میخورد وتعبیرش آن ست کہ علم خالص نافع نصیب او گردد وجوہ مشابہت میان علم وشیر۔

حاصل کلام یہ ہے کہ دودھ سے مراد علم ہے اور وہ علم خاص ہے جو نصیب ہوا حضرت عمر کو پس آپ کو وہ علوم حاصل ہوئے ہیں جو کہ سارے جہاں کو سیراب کرنے والے ہیں۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

لوان علم عمر وضع فی کفۃ میزان ووضع علم الاحیاء الارض فی کفۃ لرجح علم عمر بعلمھم ولقد کان یرون انہ ذھب بتسعۃ اعشار العلم۔

تمام دنیا کا علم دوسرے پلڑے میں رکھ کر وزن کیا جائے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا پلہ بھاری رہے گا کیونکہ آپ کو علم کے دس حصوں میں سے نو حصے علم ملا ہے۔

حاکم نے حضرت حذیفہ سے روایت کیا ہے

کان علم الناس کان مدموسا فی حجر عمر

تمام دنیا کا علم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی گود میں چھپا ہوا ہے۔

حاکم وطبرانی نے حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

اذا ذکر الصالحون فحییھلا بعمر ان عمر کان اعلمنا بکتاب اللہ وافقھنا فی دین اللہ تعالیٰ۔

کہ جب صالحین کا ذکر کیا جائے تو ضروری ہے کہ ان میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ فاروق اعظم کا ذکر کیا جائے۔ کیونکہ آپ ہم میں سے سب سے زیادہ کتاب اللہ کے عالم اور دینِ خدا کے فقیہ ہیں۔

مذکورہ بالا احادیث و روایات صحیحہ سے ثابت ہوا کہ حضرت سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کو تمام علوم کے خزانے حاصل تھے جس ذات نے نوش شدہ شیر ان کو پلا دیا ہو وہ کیوں نہ علوم نبوت سے فیض یاب ہوتے اور پھر ایسے علوم جو کہ ساری دنیا کو تا قیامت سیراب کر رہے ہیں۔

## حق کی زبان و دل اور سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

ان اللہ جعل الحق علیٰ لسان عمر وقلبہ رواہ الترمذی وفی روایۃ ابی داود عن ابی ذر قال ان اللہ وضع الحق علیٰ لسان عمر یقول بہ

بے شک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زبان پر اللہ تعالیٰ نے حق کو جاری کر دیا ہے اور دل میں (حق کو) پیدا کیا ہے ترمذی اور ابوداؤد کی روایت میں ابوذر سے منقول ہے کہ خداوند تعالیٰ نے حق کو عمر کی زبان پر رکھا اور وہ حق بات کہتے ہیں۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

دلائل النبوت اور حدیث مشکوٰۃ میں حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں:

ما کنا نبعد ان السکینة تنطق علیٰ لسان عمر۔

ہم اس بات کو بعید از قیاس نہیں کرتے تھے۔ کہ سکینہ وطمانیت، عمر کی زبان پر نازل ہوتی ہے یعنی وہ جو بات فرماتے ہیں۔ اس سے ہم کو سکون واطمینان حاصل ہو جاتا ہے۔

ثابت ہوا کہ آپ کی ہر بات حق ورضائے الٰہی کے مطابق ہوتی تھی اسی لیے حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ آپ کی ہر بات ہمارے لیے دلوں کا چین ہوتی تھی۔

## سیّدنا فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ اس امت کے محدث

مسلم و بخاری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور سیّدِ عالم علیہ السلام نے فرمایا:

لقد کان فیما قبلکم من الامم محدثون فان یك احد فی امتی فانه عمر

تم سے پہلی امتوں میں محدث تھے یعنی جن کو الہام ہوتا تھا۔ اگر میری امت میں محدث وملہم ہوا تو وہ عمر ہیں۔

معلوم ہوا کہ امت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اس درجہ الہام میں حضرت عمر کو خاص مقام حاصل تھا اسی لیے آپ کو خطبات میں موافقارایہ بالوحی والکتاب کہا جاتا ہے۔

## میرے بعد اگر کوئی نبی ہوتا..... حدیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

طبرانی وابنِ عساکر نے حضرت ابو سعید خدری اور عمر بن مالک رضی اللہ عنہ اور ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے:

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ بَعْدِی نَبِيًّا لَكَانَ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ۔

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر بن خطاب ہوتے۔

یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نبوت ورسالت کا دروازہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قطعی بند ہے آپ کے بعد کسی کی نبوت نہیں ہوسکتی لیکن رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہوتے۔ ظاہر ہے کہ یہ حدیث آپ کی عظمت اور اعلیٰ شان پر دال ہے نبوت حضور علیہ الصلوۃ والسلام پر ختم ہے آپ کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول نہیں آسکتا۔

## سراج اہل جنت سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

قَالَ عَلِی ابْن ابی طالب رضی الله تعالیٰ عَنْهُ سَمِعْتَ النَّبِیَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقول عُمَرُ ابْن الخطاب سراجِ اَهْلِ الْجَنَّة فبلغه ذالك فقال انت سمعت

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا کہ حضرت عمر بن خطاب اہل جنت کے چراغ ہیں پس یہ بات آپ تک پہنچی تو مجھ سے دریافت کیا کہ اے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ نعم قال اکتب لی خطك فکتب بعد البسم اللہ ھذا ضمن علی ابن ابی طالب لعمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن جبرئیل علیہ السلام عن ربہ عزوجل ان عمر بن الخطاب سراج اھل الجنۃ فاخذھا عمر و قال اجعلوھا فی کفنی حتی القی بھا ربی ففعلوا۔ (۱)

علی! کیا آپ نے یہ بات نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا ہاں آپ نے کہا مجھے اس بارے میں تحریر لکھ دیں پس حضرت علی نے بسم اللہ کے بعد یوں لکھا کہ علی ابن طالب اس بات کی ضمانت تحریر کرتا ہے کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا کہ جبرائیل علیہ السلام نے کہا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ابن الخطاب اہل جنت کے چراغ ہیں پس آپ نے یہ تحریر پکڑ لی اور فرمایا اے علی میرے انتقال کے بعد میرے کفن میں یہ تحریر رکھ دینا تاکہ میں اسی حالت میں اللہ کو ملوں پس حضرت علی اور تمام صحابہ نے نے ایسا ہی کیا۔

حدیث بالا سے یہ بات کس قدر روشن ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد کہ عمر فاروق سراجِ اہلِ جنت ہیں۔ اس کی تحریری ضمانت لکھ کر دے رہے ہیں چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی وصیت کے مطابق حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپ کے کفن مبارک میں یہ تحریر رکھی۔

## خدائی مصافحہ وسلام اور سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ

ابنِ ماجہ و حاکم نے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ فرمایا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

اَوَّلُ مَنْ یُّصَافِحُ الْحَقُّ عُمَرَ وَاَوَّلُ مَنْ یُّسَلِّمُ عَلَیْہِ وَاَوَّلُ مَنْ یَّاْخُذُ بِیَدِہٖ فَیُدْخِلُ الْجَنَّۃَ (۲)

کہ وہ شخص جس سے اللہ تعالیٰ سب سے اوّل مصافحہ فرمائے گا اور سلام کرے گا اور ہاتھ پکڑ کر جنت میں داخل کرے گا وہ عمر فاروق ہیں۔

حدیث مذکورہ سے سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کی شان و عظمت کتنی بلند ثابت ہوئی کہ اللہ تعالیٰ آپ سے سب سے اوّل مصافحہ فرمائے گا اور سلام بھیجے گا اور خود جنت میں داخل کرے گا۔ یہ حضرت پر خدا کی خوشی کا اظہار ہے جو روزِ حشر بھی ظاہر کی جائے گی معلوم نہیں ان لوگوں کا کیا حشر ہوگا جو ایسی عظیم شخصیت کی شان میں گستاخی کے کلمات استعمال کرتے ہیں۔

## خدائی شفقت و رحمت اور چہرۂ عمر فاروق رضی اللہ عنہ

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

نَظَرَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلٰی عُمَرَ ذَاتَ یَوْمٍ فَتَبَسَّمَ وَ قَالَ یَا ابْنَ الْخَطَّابِ اَتَدْرِیْ لِمَ تَبَسَّمْتُ فِیْ وَجْھِكَ؟ قَالَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ۔ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ نَظَرَ اِلَیْكَ بِالشَّفْقَۃِ وَالرَّحْمَۃِ لَیْلَۃَ الْعَرَفَۃِ جَعَلَكَ مِفْتَاحَ الْاِسْلَامِ۔

ایک روز نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے چہرہ مبارک کی طرف دیکھتے اور تبسم فرما رہے تھے آپ نے فرمایا: اے ابن الخطاب! کیا تمہیں معلوم ہے کہ میں تمہارے چہرہ کو دیکھ کر کیوں خوش ہوتا ہوں؟ عرض کیا اللہ اور اس کے رسول علیہ السلام زیادہ جانتے ہیں۔ آپ

(۱) نزہۃ المجالس ص ۱۰۳۔ ونور الابصار (۲) سنن ابن ماجہ: ۳۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نے فرمایا بے شک اے عمر رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ نے شب عرفہ شفقت و رحمت کی نظر سے تمہاری طرف دیکھا ہے (یعنی پیار اور رحمت کی نظر سے) بے شک اللہ نے تجھے اسلام کی کنجی بنایا ہے۔

سبحان اللہ چہرۂ عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ وہ چہرۂ پاک ہے جس سے خود خدا پیار فرماتا ہے اور امام المرسلین علیہ الصلوۃ والسلام اس چہرۂ انور کو دیکھ کر خوش ہوتے ہیں اور آپ کو اللہ نے دینِ اسلام کی کنجی یعنی دینِ اسلام کے لئے فتوحات کو کھولنے والا بنایا ہے۔

## روزِ قیامت شان و رفعت سیّدنا عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

يُنَادِيْ مُنَادٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَيْنَ الْفَارُوْقُ فَيُؤْتٰى بِهٖ اِلَى اللّٰهِ فَيُقَالُ مَرْحَبًا بِكَ يَا اَبَاحَفْصٍ هٰذَا كِتَابُكَ اِنْ شِئْتَ فَاقْرَءْ اِنْ شِئْتَ فَلَا فَقَدْ غَفَرْتُ لَكَ فَيَقُوْلُ الْاِسْلَام يَا رَبِّ هٰذَا عُمَرُ عَزَّنِيْ فِيْ دَارِ الدُّنْيَا فَاَعِزَّهٗ فِيْ عَرَصَاتِ الْقِيَامَةِ فَعِنْدَ ذَالِكَ يُحْمَلُ عَلٰى نَاقَةٍ مِنْ نُوْرٍ ثُمَّ يُكْسٰى حُلَّتَيْنِ لَوْ نَشَرَتْ اِحْدَاهُمَا لَغَطَّتْ الْخَلَائِقَ ثُمَّ بِسَيْرِ بِيَدِيْهِ سبعون الف ملك ثم ينادى منادياً يا اهل الموقف هذا عمر بن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه (۱)

روزِ محشر جب اوّلین و آخرین جمع ہوں گے تو منادی کرنے والا پکارے گا سیّدنا عمر فاروق کہاں ہیں پس وہ دربارِ خداوندی میں حاضر ہوں گے تو اللہ تعالیٰ ان کو مرحبا فرمائے گا اور فرمائے گا اے ابو حفص عمر فاروق یہ ہے آپ کی کتاب دل چاہے تو پڑھو چاہے نہ پڑھو اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے مغفرت کو مختص فرما دیا اور اسلام یہ کہے گا اے باری تعالیٰ یہ ابو حفص وہ ہیں جنہوں نے دنیا میں میری عزت دوبالا کی۔ پس ان کو عزت دے آج قیامت کے دن پس پھر ایک نوری ناقہ حاضر کی جائے گی اور اس پر آپ کو سوار کیا جائے گا پھر انہیں دو حلے پہنائے جائیں گے اگر ان میں سے ایک کو کھولا جائے تو ساری مخلوق کو ڈھانپ لے پھر ستر ہزار ملائکہ چلیں گے اس نوری سواری کے آگے پیچھے اور یہ منادی کریں گے اے اہلِ محشر یہ عمر ابن خطاب ہیں جس نے اسلام کو عزت دی۔

## حلیۂ اقدس سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ

ابنِ عساکر نے حضرت ابو رجاء عطاردی سے روایت کیا ہے:

كَانَ عُمَرُ رَجُلًا طَوِيْلًا جَسِيْمًا اَصْلَعَ شَدِيْدَ الصَّلْعِ اَبْيَضَ شَدِيْدَ الْحُمْرَةِ فِيْ عَارِضَيْهِ خِفَّةٌ (۲)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ لمبے قد کے تھے اور نہایت اعلیٰ جسیم تھے نہایت سفید (یعنی گورے) رنگ کے تھے۔ گورے رنگ میں سرخی بہت زیادہ دمک رہی تھی۔ رخسار اقدس اندر کو تھے اور چہرہ بہت ہی سرخ رنگ کا تھا۔ (وقت غضب آپ کی آنکھیں سخت سرخ ہو جایا کرتیں تھیں)

(۱) نزہۃ المجالس ۱۰۷ جلد ۳ سطر ۳ (۲) تاریخ الخلفاء ۱۳۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ابنِ سعد رضی اللہ عنہ نے حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے یوں بیان کیا ہے:

رَجُلٌ اَبْیَضُ تَعْلُوْہُ حُمْرَۃٌ طُوَالٌ اَضْلَعُ اَشْیَبُ۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا رنگ مبارک نہایت سفید اور شدید سرخ تھا۔ یعنی (لال) اور نہایت بلند قد آور تھے۔ سر کے بال جھڑے ہوئے تھے اور بڑھاپے کے آثار نمایاں تھے۔

احادیث وروایات سے معلوم ہوا کہ سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کا وجودِ اقدس بھی حق وصداقت کا مینار تھا اور چہرہ اقدس سے نورِ حق جگمگاتا تھا۔

## آسمانی ملائکہ اور وقارِ عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ۔ سایۂ عمرِ فاروق سے شیاطین وجنّات ونافرمان انسانوں کا فرار

بخاری ومسلم میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ مَالَقِیَکَ الشَّیْطٰنُ قَطُّ سَالِکًا فَجًّا اِلَّا سَلَکَ فَجًّا غَیْرَ فَجِّکَ (۱)

قسم ہے مجھے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے جس راستے سے تم چلو گے شیطان اس راستہ سے نہیں چلے گا دوسرا راستہ اختیار کرے گا۔

ابنِ عساکر نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا:

مَا فِی السَّمَاءِ مَلَکٌ اِلَّا وَھُوَ یُوَقِّرُ عُمَرَ رضی اللہ عنہ وَلَا فِی الْاَرْضِ شَیْطَانٌ اِلَّا وَھُوَ یَفِرُّ مِنْ ظِلِّ عُمَرَ (۲)

آسمان کے تمام فرشتے عمر کا وقار کرتے ہیں اور زمین کے تمام شیطان عمر کے سایہ سے ڈرتے اور بھاگتے ہیں۔

امام ترمذی نے سیّدہ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

اِنِّیْ لَاَنْظُرُ اِلٰی شَیَاطِیْنِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ قَدْ فَرُّوْا مِنْ عُمَرَ (۳)

میں دیکھتا ہوں کہ شیاطین، جنات، اور نافرمان انسان عمر رضی اللہ عنہ سے بھاگتے ہیں۔

## رضاء وغصہ سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اتَّقُوْا غَضَبَ عُمَرَ رضی اللہ عنہ فَاِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یُغْضَبُ اِذَا غَضِبَ عُمَرُ۔ (۴) (ترمذی)

حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں میرے عمر رضی اللہ عنہ کے غضب سے ڈرو بے شک جب عمر غضب ناک ہوتے ہیں تو اللہ بھی غضب فرماتا ہے۔

(۱) صحیح البخاری ۳:۱۱۹۹ رقم ۳۱۲۰ (۲) نزہۃ المجالس (۳) ترمذی ۵:۶۲۱ رقم ۳۶۹۱ (۴) ترمذی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

طبرانی میں اوسط سے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں:

جَاءَ جِبْرَائِيْلُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَقْرَاَ السَّلَامَ عُمَرَ وَاَخْبِرْهُ اَنَّ غَضَبَهٗ عِزٌّ وَرِضَاهُ حُكْمٌ۔

حضرت جبرائیل علیہ السلام بارگاہ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض کیا حضور اپنے عمر کو سلام کہہ دیجیے اور ان کو خبر دیجیے کہ آپ کا غصہ غلبہ ہے اور آپ کی رضا حکم ہے۔

طبرانی نے حضرت عمیر بن ربیعہ سے نقل کیا ہے کہ حضرت سیّدنا مفتاح الاسلام عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے کعب بن احبار رضی اللہ عنہ سے دریافت فرمایا کہ تو نے پچھلے صحیفوں میں میرا بھی ذکر دیکھا ہے یا کہ نہیں۔ انہوں نے کہا: ہاں آپ کے متعلق لکھا ہے۔

قَرْنًا مِّنْ حَدِيْدٍ قَالَ وَمَا قَرْنٌ مِّنْ حَدِيْدٍ قَالَ اَمِيْرٌ شَدِيْدٌ لَا تَاْخُذُهٗ فِي اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ قَالَ ثُمَّ قَالَ يَكُوْنُ مِنْ بَعْدِكَ خَلِيْفَةٌ تَقْتُلُهٗ فِئَةٌ ظَالِمَةٌ قَالَ ثُمَّ قَالَ ثُمَّ يَكُوْنُ الْبَلَاءُ[1]

کہ آپ فولاد کی تلوار یا لوہے کا پہاڑ قرنا من حدید ہوں گے آپ نے پوچھا اس کا کیا مطلب ہے؟ انہوں نے کہا کہ ایک ایسے امیر شدید کہ خدا کی راہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہ کریں گے یعنی دینِ خدا کی خاطر کوئی خلافِ حکم کام بر داشت نہ کریں گے۔ آپ نے پوچھا اور کیا لکھا ہے انہوں نے کہا کہ آپ کے بعد جو خلیفہ ہوں گے انہیں ایک ظالم جماعت شہید کر دے گی آپ نے فرمایا اور کیا ہو گا کہا پھر فتنہ و فساد پھیل جائے گا۔

مذکورہ احادیث و روایاتِ صحیحہ سے معلوم ہوا کہ سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کا غصہ اپنی طبیعت پر ہی نہ تھا۔ بلکہ آپ کا غصہ بھی خدا کے غصہ پر ہوتا تھا یعنی آپ بلاوجہ کبھی غضبناک نہیں ہوئے جب بھی غضب ناک ہوتے ہیں تو اس وقت خدا بھی غضب ناک ہوتا ہے۔ کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا غضب بالکل سچا ہے جو حقیقت میں غلبہ ہوا کرتا تھا۔

## قفلِ جہنم

طبرانی نے روایت کیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے بیٹے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا یا ابن قفل جهنم اے قفل جہنم کے بیٹے آپ یہ بات سن کر متغیر ہوئے اور اپنے ابا جان سے جا کر عرض کیا کہ آپ کو عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے قفل جہنم کہا ہے آپ یہ سن کر حضرت عبداللہ بن سلام کے پاس آئے اور فرمایا آپ نے میرے حق میں یہ لفظ کیوں استعمال کیا ہے اس کی وجہ کیا ہے۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مجھے میرے ماں باپ اور ان کے آباؤ اجداد نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا ہے کہ مجھے جبرائیل علیہ السلام نے خبر دی ہے کہ حضور پیغمبرِ آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں ایک شخص پیدا ہو گا۔

يُقَالُ لَهٗ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ مَادَامَ فِيْهِمْ فَجَهَنَّمُ مُغْلَقَةٌ فَاِذَا مَاتَ انْفَتَحَتْ جَهَنَّمُ. وَافْتَرَقَ النَّاسُ عَلَى الْاَهْوَاءِ فَيَدْخُلُ اَكْثَرُهُمْ اِلَيْهَا

جسے عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کہا جائے گا وہ مبارک شخص جب تک امتِ محمد یہ میں رہے گا تب تک جہنم کا دروازہ بند رہے گا گویا وہ جہنم کا قفل ہو گا لیکن جب اس کا انتقال ہو جائے گا تو جہنم کا دروازہ کھل جائے گا اور لوگ اپنی نفسانی خواہشات میں مبتلا ہو کر ادھر ادھر پریشان ہو کر متفرق ہو جائیں گے۔[2]

معلوم ہوا کہ حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کی ذات مقدسہ جہنم کے لیے قفل ہے۔

(۱) ریاض النضرۃ (۲) نزہۃ المجالس

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## شراب کا دودھ اور سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ

ایک شخص شراب کی بھری بوتل لیے جا رہا تھا کہ راستے میں اس کو حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نظر آئے۔ آپ کو دیکھنے سے اس کا رنگ متغیر ہو گیا اور دل ہی دل میں کانپنے لگا۔ گھبراہٹ اور خطرہ جان کر نوبت اس حد تک پہنچ گئی کہ دل میں کہنے لگا اے باری تعالیٰ مجھے عمر فاروق رضی اللہ عنہ (کے غضب) سے بچا لے۔ میں سچے دل سے تجھ پر اور تیرے رسول علیہ السلام پر ایمان لاتا ہوں۔ یہاں تک کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اس کے قریب آ پہنچے۔ آپ نے فرمایا یہ چادر میں کیا چھپا رکھا ہے، کہنے لگا حضور یہ بوتل میں دودھ ہے آپ نے فرمایا اسے لپیٹ کر کیوں رکھا ہے عرض کیا یہ دودھ گرم تھا اس لیے اردگرد چادر لپیٹ لی ہے آپ نے فرمایا کھول کر دکھاؤ ڈرتے کانپتے اس نے چادر کو کھول کر دکھایا تو اس میں واقعی گرم دودھ بھرا ہوا تھا آپ نے فرمایا وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ۔ اللہ فرماتا ہے جو سچے دل سے مجھ سے ڈر جاتا ہے اللہ اس کو دو جنتیں عطا فرماتا ہے۔ آپ نے فرمایا اے شخص بے شک تیری بوتل میں تھی تو شراب، لیکن تیرے قلب صادق کی توبہ نے اسے دودھ بنا دیا۔ سچا خوف اللہ کو ایسا پسند آیا کہ شراب کا دودھ بن گیا ورنہ حقیقت تھی کہ عمر سے تمہاری جان کا بچاؤ مشکل تھا۔ (۱)

## دف کی آواز اور سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ

حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک غزوہ سے واپس تشریف لائے تو ایک حبشن لڑکی نے عرض کیا: حضور: اِنِّیْ کُنْتُ نَذَرْتُ اِنْ رَدَّكَ اللّٰهُ صَالِحًا اَنْ اَضْرِبَ بَيْنَ يَدَيْكَ بِالدَّفِ الْغَنَّى۔ میں نے یہ نذر مانی تھی کہ جب آپ میدان جنگ سے بخیریت واپس تشریف لے آئیں گے تو میں اس خوشی میں دف کو بجاؤں گی اور چند اشعار پڑھوں گی۔ آپ نے اس بچی سے فرمایا۔ اگر تم نے یہ منت مانی ہے تو اس منت کو پورا کر لے پس وہ عورت دف بجانے لگی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آئے وہ لڑکی دف بجاتی رہی پھر ان کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے تو اس لڑکی نے دف بجانا چھوڑ کر دف کو اپنی سرینوں (یعنی رانوں کے نیچے چھپا لیا اور اس پر بیٹھ گئی) آپ نے فرمایا: اِنَّ الشَّيْطَانَ لَيَخَافُ مِنْكَ يَا عُمَرُ۔ اے عمر بے شک شیطان بھی تجھ سے ڈرتا ہے۔ اس لیے کہ سب آئے اور بیٹھتے گئے اور یہ لڑکی بدستور دف بجاتی رہی لیکن تمہیں دیکھتے ہی اس نے دف بجانا چھوڑ دی اور اوپر بیٹھ گئی۔ (۲)

## ازواج مطہرات اور سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ

مشکوٰۃ شریف میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ اجازت لے کر حاضر ہوئے اس وقت ازواجِ مطہرات بیٹھی ہوئی زور زور سے باتیں کر رہی تھیں جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی آواز ازواج نے سنی تو خاموش ہو گئیں اور اٹھ کر پردہ میں چلی گئیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اندر داخل ہوئے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مسکراتے دیکھ کر عرض کیا حضور خدا آپ کے دانتوں کو ہمیشہ ہنسائے رکھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے عمر رضی اللہ عنہ مجھے ان عورتوں کی حالت پر تعجب ہوا کہ میرے پاس بیٹھی شور مچا رہی تھیں تمہاری آواز سے خاموش ہو گئیں اور پردہ میں چلی گئیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عورتوں کو مخاطب کر کے فرمایا:

(۱) سیرت عمر فاروق (۲) جامع ترمذی ۵:۲۶۰، رقم ۳۶۹۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

يَاعَدُاوَتُ اَنْفُسِهِنَّ اَتَهَبْنَنِیْ وَلَا تَهَبْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَ نَعَمْ اَنْتَ اَفَظُّ وَاَغْلَظُ (۱)

اے اپنی جان کی دشمن عورتو! تم مجھ سے ڈرتی ہو اور رسول اللہ ﷺ سے نہیں ڈرتی ازواج مطہرات نے جواب دیا ہاں اس لیے کہ آپ بہت ہی سخت ہیں اور ہم آپ کے غضب سے ڈرتی ہیں۔

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے عمر یہ بات چھوڑیں خدا کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے شیطان تمہارے راستہ کو چھوڑ کر بھاگتا ہے۔

دو باتیں معلوم ہوئیں ایک یہ کہ فاروقِ اعظم نے یہ سبق دیا کہ خواہ ازواجِ مطہرات ہی کیوں نہ ہوں ان کو بھی یہ زیبا نہیں کہ بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں اونچی آواز سے باتیں کریں دوسری یہ کہ عورتوں کی آواز اتنی بلند نہ ہو کہ کسی غیر محرم تک پہنچ سکے۔

## منافق کا سر قلم اور سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ

حضور ﷺ کے زمانہ میں ایک یہودی اور ایک منافق میں کسی بات پر جھگڑا ہو گیا۔ یہودی چاہتا تھا کہ جس طرح بھی ہو میں اسے حضور ﷺ کی خدمت میں لے چلوں چنانچہ وہ کوشش کر کے اسے حضور ﷺ کی بارگاہِ عدالت میں لے آیا۔ حضور علیہ السلام نے واقعات کو سن کر فیصلہ یہودی کے حق میں دے دیا۔ وہ منافق یہودی سے کہنے لگا میں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس چلوں گا اور ان کا فیصلہ قبول کروں گا۔ اس نے کہا عجیب شخص ہو کہ جب حضور علیہ السلام نے فیصلہ کر دیا ہے تو پھر اب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس جانے کی کیا ضرورت ہے مگر وہ منافق نہ مانا۔ اس یہودی کو لے کر حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے پاس آیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہنے لگا ہمارا فیصلہ کیجئے۔ آپ نے فرمایا کیا تمہارا فیصلہ آقائے کائنات ﷺ نے نہیں فرمایا۔

یہودی بولا۔ حضرت حضور علیہ السلام نے میرے حق میں فیصلہ دے دیا ہے لیکن یہ منافق فیصلہ سے مطمئن نہیں ہوا اور اب آپ کے پاس فیصلہ کرانے کے لیے مجھے لایا ہے کہ میرا فیصلہ وہ کریں گے آپ نے فرمایا اے منافق اب تم مجھ سے فیصلہ کرانے کے لیے آئے ہو عرض کیا ہاں۔ آپ نے فرمایا ٹھہرو یہ کہہ کر اندر تشریف لے گئے اور تلوار لے کر نکلے اور اس منافق کی گردن پر یہ کہتے ہوئے ماری کہ جو حضور سرورِ کائنات کے فیصلہ کو نہ مانے اس کا فیصلہ یہ ہے۔ حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام تک یہ بات پہنچی تو آپ نے فرمایا عمر کی تلوار کسی مومن پر نہیں چلتی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرما کر سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے فیصلہ کی خود تصدیق فرمائی (۲)

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔ (النساء ۴:۶۵)

تو اے محبوب تمہارے رب کی قسم وہ مسلمان نہ ہوں گے جب تک اپنے آپس کے جھگڑے میں تمہیں حاکم نہ بنائیں پھر جو کچھ تم حکم فرما دو اپنے دلوں میں اس سے رکاوٹ نہ پائیں اور جی سے مان لیں۔

نزولِ آیت خداوندی نے ظاہر کر دیا کہ جو رسالت مآب ﷺ کے فیصلہ کو تسلیم نہیں کرتے وہ بے ایمان ہیں لہٰذا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ایسے آدمی کا تلوار سے جو فیصلہ فرمایا یہ بالکل درست ہے۔ اے محبوب مجھے آپ کے رب ہونے کی قسم ہے وہ ایمان والے نہیں جو بخوشی آپ کے فیصلہ کو نہ مانیں۔

(۱) مشکوٰۃ (۲) سیرت عمر بن الخطاب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## دریائے نیل اور سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ

مصر کا دریائے نیل ہر سال خشک ہو جاتا تھا تاوقتیکہ ایک کنواری خوبصورت لڑکی کی جان نہ لے لیتا۔ حتیٰ کہ حضرت سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں مصر فتح ہوا۔ اور حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ وہاں کے گورنر مقرر ہوئے۔ کچھ عرصہ کے بعد آپ نے سنا کہ مصر کا دریائے نیل خشک ہو گیا ہے۔ آپ نے لوگوں سے دریافت کیا کہ کیا ہر سال دریا خشک ہو جایا کرتا ہے لوگوں نے کہا ہاں جب تک ہم ایک کنواری خوبصورت لڑکی اس کی بھینٹ نہ چڑھائیں یہ جاری نہیں ہوتا۔ آپ نے فرمایا ایک بے گناہ لڑکی کا ناحق خون اسلام کو منظور نہیں صبر کرو۔ پھر آپ نے ایک خط مدینہ منورہ میں حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کی طرف لکھا جس میں دریائے نیل کا مذکورہ واقعہ تحریر کر کے کہا اس کا بندوبست کرنا آپ کے ذمہ ہے کہ دریا بھی جاری ہو جاوے اور ہر سال ایک لڑکی کی جان بھی بچائی جائے آپ نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو خط کا جواب دیا اور اس کے ہمراہ ایک خط دریائے نیل کے نام لکھا کہ یہ میرا خط بنام دریا ہے اس کو خشک ریت میں ڈال دینا جو خط دریا کے نام تحریر کیا تھا اس کا مضمون یہ تھا۔

مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اِلٰى نِيْلِ مِصْرَ اَمَّا بَعْدُ اِنْ كُنْتَ تَجْرِيْ بِاَمْرِ اللّٰهِ فَاِنَّا نَسْئَلُ اَجْرَاكَ مِنَ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتَ تَجْرِيْ مِنْ عِنْدِكَ فَلَا حَاجَةَ لَنَا بِكَ (۱)

یہ خط اللہ کے بندے عمر بن خطاب کی طرف سے دریائے نیل کے نام ہے۔ اے دریا اگر تو خدا کے حکم سے چلتا ہے تو ہم بھی خدا ہی سے تیرا جاری ہونا مانگتے ہیں اور اگر تو خود اپنی مرضی سے بہتا ہے اور اپنی ہی مرضی سے رک جاتا ہے تو ہمیں تیری پرواہ اور ضرورت نہیں ہے۔

حضرت سیّدنا امیر المؤمنین عمر فاروق مفتاح الاسلام رضی اللہ عنہ کا یہ انوکھا ارشاد سن کر سارے مصر میں حیرت ہوئی۔ لاتعداد لوگ یہ منظر دیکھنے کے لیے دریا پر جمع ہو گئے مجمع کثیر کے ساتھ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بھی خط لے کر پہنچ گئے۔ پھر دریا کے اندر جا کر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا خط مبارک دریا کی خشک ریت کے اندر رکھ دیا۔ جب خط کو رکھ کر باہر آئے تو چند لمحوں کے بعد ہی دریائے نیل خود بخود اس زور سے جاری ہوا کہ کبھی پہلے لڑکی کی بھینٹ لے کر بھی جاری نہ ہوا تھا۔ اور ہر سال سے اس سال چھ گز زیادہ پانی بلندی پر آیا۔ پھر اس دن کا ایسا جاری ہوا کہ آج تک بند نہیں ہوا۔

معلوم ہوا کہ حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کو خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں وہ مرتبہ حاصل تھا کہ اگر خشک دریا کو حکم دیں تو وہ بھی جاری ہو جاتا ہے۔ دریاؤں پر بھی حضرت کو حکومت حاصل ہے۔

## یا ساریۃ الجبل اور سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ

حضرت سیّدنا عمر فاروقِ اعظم نے ایک ملک میں اپنا لشکر جہاد کے لیے بھیجا اور اس لشکر کے سپہ سالار حضرت ساریہ مقرر کیے۔ حضرت ساریہ اس ملک میں جا کر کافروں سے جہاد کرنے لگے۔ ادھر جمعہ کے روز مدینہ منورہ میں حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ خطبۂ جمعہ ارشاد فرما رہے تھے دورانِ خطبہ آپ نے منبر پر فرمایا یا ساریۃ الجبل اے ساریہ: پہاڑ کی طرف سے خبردار رہو لوگ حیران ہو گئے کہ دورانِ خطبہ یہ کلام کیسا ساریہ تو یہاں سے سینکڑوں میلوں پر جنگ میں مصروف ہیں یہاں سے اس کو آواز دینے کا کیا مطلب کچھ

(۱) سیرت حلبیہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

روز کے بعد وہاں سے قاصد آیا اور اس نے کہا کہ ہمارا مقابلہ کفار سے ہو رہا تھا اور کافر ہم پر غالب ہونے پر تھے کہ اچانک ہم کو ایک آواز آئی۔ اے ساریہ پہاڑ کی طرف سے دھیان کرنا۔ ہم نے آواز سنتے ہی پہاڑ کی پناہ لی۔ اس ہدایت پر عمل کرنا ہی تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو فتح عنایت فرما دی۔

ثابت ہوا کہ حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کو اللہ تعالیٰ نے ایسی قوتِ بصر عنایت فرمائی تھی کہ آپ مدینہ منورہ کے منبر شریف پر سینکڑوں میل کے واقعہ کو مشاہدہ فرما رہے تھے اور پھر آپ کی قوتِ لسان ایسی تھی جو اتنے میلوں پر بغیر کسی آلہ کے حضرت ساریہ کے کانوں تک پہنچ گئی۔ اور اگر آپ یہ مدد نہ فرماتے تو کفار ہم کو شکست دے دیتے لہٰذا آپ نے نازک صورتِ حال دیکھتے ہی فرمایا اے ساریہ پہاڑ کے پیچھے ہو جاؤ۔

## کھجوروں کا طباق اور سیّدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے حضرت سیّدنا عمر فاروقِ اعظم کے دورِ خلافت میں ایک روز خواب دیکھا کہ مسجد نبوی شریف میں خود حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز پڑھا رہے ہیں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی آپ کی اقتداء میں نماز پڑھ رہے ہیں۔ سلام پھیرنے کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسجد کی دیوار سے پشتِ انور لگا کر بیٹھ گئے اتنے میں ایک عورت کھجوروں کا طباق لے کر حاضر ہوئی اور آپ کے سامنے وہ طباق رکھا حضور علیہ السلام نے اس میں سے ایک کھجور اٹھائی اور حضرت علی کو عطا فرمائی اور باقی کھجوریں دوسرے نمازیوں کو تقسیم کر دیں۔ حضرت علی کی آنکھ کھل گئی اور آپ نے دیکھا کہ زبان پر وہی کھجور کا ذائقہ ہے۔ جب فجر ہوئی تو آپ نمازِ فجر کے لیے مسجد میں تشریف لائے حضرت عمر فاروقِ اعظم نے حسب معمول خود نماز پڑھائی حضرت علی بھی حسبِ طریق آپ کے پیچھے نماز پڑھنے کے لیے جماعت میں شامل ہوئے نمازِ باجماعت سے فارغ ہو کر حضرت عمر فاروقِ اعظم مسجد کی دیوار سے تکیہ لگا کر بیٹھ گئے۔ جیسا حضرت علی نے رات خواب میں سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تھا تھوڑی دیر ہوئی تو

فَاِذَا بِجَارِيَةٍ عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ وَمَعَهَا رُطَبٌ فَوَضَعَتْ بَيْنَ يَدَيْ عُمَرَ فَاَخَذَ رُطَبَةً فَجَعَلَهَا فِيْ فَمِيْ ثُمَّ اَخَذَ الْاُخْرٰى كذالك ثم فرق على اصحابه و كنت اشتهى منه يعنى الزيادة فقال لوزادك رسول الله صلى الله عليه وسلم البارحة لردناك فتعجبت من ذالك فقال يا على المؤمن ينظر بنور الله فقلت صدقت يا امير المؤمنين هكذا رايت وهكذا وجدت طعمه ولذته من يدك كما وجدته

ایک عورت کھجوروں کا طباق لے کر مسجد کے دروازے پر آ گئی۔ پس وہ آگے بڑھی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں طباق حاضر کر دیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے طباق سے ایک کھجور اٹھائی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دے دی اور باقی سب کھجوریں دوسرے نمازیوں میں تقسیم کر دیں حضرت علی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا یا امیر المؤمنین ایک کھجور مجھے اور بھی دے دیتے تو کیا ہوتا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے علی المرتضیٰ آپ کو دوسری کھجور عنایت فرما دیتے تو اس وقت میں بھی آپ کو دوسری کھجور دے دیتا۔ جب میرے سرکار ابد قرار علیہ الصلوٰۃ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

من یدر رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ (۱)

والسلام نے نہ دی تو میں کیسے دوں حضرت علی نے کہا میرا یہ خواب کا واقعہ آپ کو کیسے معلوم ہو گیا؟ آپ نے فرمایا بندہ مومن نور ایمان سے سب کچھ دیکھ لیتا ہے اس کے بعد حضرت علی نے فرمایا یا حضرت امیر المؤمنین سچ فرمایا آپ نے واقعی میں نے اسی طرح رات کو منظر دیکھا اور جیسی لذت کھجور میں بدست رسول ﷺ حاصل ہوئی ویسی ہی لذت اب بھی آپ کے ہاتھ سے دی ہوئی کھجور کی تھی۔ آخر میں آتا ہے کہ حضرت علی نے فرمایا بے شک اے عمر رضی اللہ عنہ: آپ سیّد الناس ہیں یعنی تمام لوگوں کے سردار۔

## بعض آیات قرآن کا نزول بحقِ سیّدنا عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ

ابنِ مردویہ نے حضرت مجاہد سے روایت کیا ہے کہ حضرت سیّدنا عمر فاروق جو کوئی رائے دیتے تھے قرآنِ حکیم اسی کے موافق نازل ہوتا تھا۔ ابنِ عساکر حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ فرمایا کرتے تھے کہ اَنَّ فِی الْقُرْآنِ لَرَأْیًا مِنْ رَأْیِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کہ قرآن میں حضرت عمر فاروق کی رائیں موجود ہیں۔ (۲)

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ اگر بعض امور میں لوگوں کی رائے کچھ اور ہوتی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری تو قرآن حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قول کے موافق نازل ہوتا تھا۔

بخاری و مسلم میں روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عمر نے بارگاہِ رسالت میں عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کاش ہم مقامِ ابراہیم علیہ السلام کو نماز کی جگہ بناتے۔ اس کے بعد ہی یہ آیتِ قرآن نازل ہوئی:

وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاھِیْمَ مُصَلًّی وَعَھِدْنَا اِلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَاِسْمٰعِیْلَ اَنْ طَھِّرَا بَیْتِیَ الخ۔ (سورۃ بقرہ)

اور ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ کو نماز کا مقام بناؤ اور ہم نے تاکید فرمائی ابراہیم و اسماعیل کو کہ میرا گھر خوب ستھرا کرو۔

بخاری و مسلم میں ہے کہ حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ کے پاس ہر قسم کے لوگ آتے جاتے ہیں۔ کیا ہی اچھا ہو کہ ازواجِ مطہرات کے لیے پردہ کا خاص حکم ہو۔ اس کے بعد ہی یہ آیتِ قرآن خاص ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنھن کے لیے نازل ہو گئی:

وَاِذَا سَاَلْتُمُوْھُنَّ مَتَاعًا فَسْئَلُوْھُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ط ذٰلِکُمْ اَطْھَرُ لِقُلُوْبِکُمْ وَقُلُوْبِھِنَّ۔ (سورۃ احزاب)

اور جب تم ان سے برتنے کی کوئی چیز مانگو تو پردے کے باہر سے مانگو اس میں زیادہ ستھرائی ہے تمہارے دلوں اور ان کے دلوں کے لئے۔

بخاری و مسلم میں روایت ہے کہ جب ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنھن حضور کی غیرت میں شریک ہو گئیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا عسی ربہ ان طلقکن ان یبدلہ ازواجا خیرا۔ کہ اگر تم کو رسول اللہ ﷺ طلاق دے دیں تو اللہ تعالیٰ تم سے بہتر بیویاں اپنے نبی کو دے گا اس کے بعد ہی اللہ تعالیٰ نے قرآن کی یہ آیت نازل فرما دی:

(۱) نزہۃ المجالس ص ۱۰۷ سطر نمبر ۱۵ (۲) سیرت حلبیہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗۤ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا۔ (سورۃ التحریم)

ان کا رب قریب ہے اگر وہ تمہیں طلاق دے دیں کہ انہیں تم سے بہتر بیبیاں بدل دے اطاعت والیاں، ایمان والیاں، ادب والیاں توجہ والیاں، بندگی والیاں، روزہ دار، بیاہیاں اور کنواریاں۔

مستدرک حاکم میں ہے کہ حضرت سیّدنا عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ نے بارگاہ الٰہی میں یہ دعا کی تھی کہ الٰہ العالمین بہتر ہے کہ مسلمانوں پر شراب حرام ہو جائے ورنہ ایسی چیز کے ہوتے ہوئے مسلمان تجھ سے غافل ہو جاویں گے تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی دعا قبول فرمائی اور یہ آیت کریمہ نازل فرما کر مسلمانوں پر حرمتِ شراب کا حکم نازل فرما دیا:

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ؕ قُلْ فِيْهِمَاۤ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَاِثْمُهُمَاۤ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا۔ (سورۃ البقرہ ۲۱۹)

تم سے شراب اور جوئے کا حکم پوچھتے ہیں تم فرما دو کہ ان دونوں میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لیے کچھ دنیوی نفع بھی اور ان کا گناہ ان کے نفع سے بڑا ہے۔

اس کے بعد پارہ چھٹا سورہ مائدہ کی آیات بھی شراب کے حرام ہونے پر نازل ہوئیں يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ ..... مُنْتَهُوْنَ۔ اسد الغابہ۔

ابنِ ابی حاتم نے اپنی تفسیر میں حضرت انس سے روایت کیا ہے کہ جب قرآن کی آیت لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ نازل ہوئی کہ ہم نے انسان کو چنی ہوئی مٹی سے پیدا کیا ہے تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی زبان سے بے اختیار یہ الفاظ شانِ خداوندی میں نکلے فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ۔ برکت ہی برکت والا ہے وہ اللہ جو بہترین پیدا فرمانے والا ہے اس کے فوراً بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل ہوئی۔

فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ۔

تو بڑی برکت والا ہے اللہ سب سے بہتر بنانے والا۔

مستند تفاسیر میں ہے کہ عبداللہ (بن ابی بن خلف) کی نماز جنازہ پڑھانے کے موقعہ پر حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ منافق تو ساری عمر آپ کی توہین کرتا رہا پھر آپ ایسے منافق ابی بن خلف کی نماز جنازہ کیوں پڑھاتے ہیں آپ نے فرمایا مجھے اختیار دیا گیا ہے کہ میں ان کی بخشش کی دعا کروں یا نہ کروں چنانچہ نمازِ جنازہ کی فراغت کے بعد اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر قرآن کی یہ آیت نازل فرما کر ہمیشہ کے لیے منافقین کی نمازِ جنازہ پڑھانے اور ان کی قبر پر کھڑا ہونے کی ممانعت فرما دی۔ (۱)

وَلَا تُصَلِّ عَلٰۤى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖۤ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ۔ (سورۃ توبہ، ۸۴)

اور ان میں سے کسی کی میت پر کبھی نماز نہ پڑھنا اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہونا بے شک اللہ و اس کے رسول کے منکر ہوئے۔

(اس کی مزید تفصیل میری کتاب علم خیر الانام میں ملاحظہ فرمائیں)

علماء کرام فرماتے ہیں کہ واقعۂ افک کے موقع پر جب کہ منافقین نے سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی پاکدامنی پر تہمت لگائی اس وقت حضور علیہ السلام نے صحابہ کرام سے اس معاملہ میں مشورہ فرمایا تو اس دوران حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا نکاح کس نے کیا تھا؟ فرمایا اللہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کیا آپ گمان کر سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے لئے عیب دار چیز رکھی ہے۔ یہ الفاظ جب حضرت عمر کی زبان پر جاری ہوئے تو یہ آیت نازل ہوئی۔

(۱) تفسیر خازن

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سُبْحَانَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ۔ (نور:۱۶) الٰہی پاکی ہے تجھے یہ بڑا بہتان ہے۔

ابتدائے اسلام میں ماہِ رمضان کی راتوں میں اپنی بیویوں سے ہم بستری (صحبت) کرنے کی ممانعت تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ اس کے باوجود کچھ لوگوں سے پورے ماہ کی پابندی نہ ہو سکے گی کیا ہی اچھا ہو کہ رمضان المبارک کی راتوں میں مسلمانوں کے لیے اپنی بیویوں سے صحبت کرنے کی اجازت ہو جائے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرما کر اس کی اجازت دے دی۔

اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى نِسَآئِكُمْ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ط (البقرہ:۱۸۷) روزوں کی راتوں میں اپنی عورتوں کے پاس جانا تمہارے لیے حلال ہوا وہ تمہارا لباس ہیں اور تم ان کے لباس۔

اکثر غلام بے اذن اپنے مالک کے گھر آ جایا کرتے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ آرام فرما رہے تھے کہ اچانک آپ کا غلام آ گیا آپ کو یہ بات ناگوار گزری اور دعا فرمائی کہ اے اللہ کیا ہی اچھا ہو کہ بے اذن گھر میں داخل ہونے کی ممانعت ہو جائے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیتِ شریفہ نازل فرما دی:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا۔ (نور:۲۷) اے ایمان والو! اپنے گھروں کے سوا اور گھروں میں نہ جاؤ جب تک اجازت نہ لے لو اور ان کے ساکنوں پر سلام نہ کر لو۔

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ سب سے پہلے مساجد میں قندیلیں روشن کرنے والے سیّدنا عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ تھے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے جب دیکھا کہ مساجد اس طرح قندیلوں سے روشن ہیں جن کی روشنی دور دور تک جا رہی تھی تو آپ نے فرمایا:

اَوَّلُ مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ فَاِنَّهٗ اَجْمَعَ النَّاسَ فِيْ صَلَاةِ التَّرَاوِيْحِ وَ عَلَّقَ الْقَنَادِيْلَ فَلَمَّا رَاهَا عَلِيٌّ تَزْهَرُ قَالَ نَوَّرْتَ مَسَاجِدَنَا نَوَّرَ اللّٰهُ قَبْرَكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ۔ (۱)

ہم میں سے سب سے پہلے عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ نے مسجد میں روشنی کی پس جب لوگ نمازِ تراویح کے لیے جمع ہوئے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ بھی تشریف لائے تو آپ نے مسجدوں کو جگمگاتے ہوئے دیکھا تو آپ نے فرمایا اے ابنِ خطاب ہماری مسجدوں کو آپ نے منور کیا اللہ تعالیٰ آپ کی قبر کو منور فرمائے۔

یاد رہے کہ سب سے پہلے مسجدِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی توسیع بھی آپ نے فرمائی۔

## فتوحات سیّدنا عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ

جس روز ۱۳ھ ۲۲ جمادی الآخر کو سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا سیّدنا عمرِ فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ اسی روز سے تختِ خلافت پر متمکن ہوئے آپ نے عہدۂ خلافت پر فائز ہوتے ہی بے شمار فتوحات فرمائیں۔ یہاں پر صرف مختصر خاکہ فتوحات کا تحریر کیا جاتا ہے۔ جس سے ظاہر ہو جائے گا کہ حضرت نے کس قدر دنیا کے تمام حصوں میں اعلیٰ فتوحات فرما کر اسلام کو عزت و غلبہ دیا۔

(۱) صواعق محرقہ۔ اسد الغابہ۔ سیرت حلبیہ۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فتوحاتِ عراق، واقعہ بویب منان ۱۳ھ۔ قادسیہ کی جنگ اور فتحِ محرم ۱۴ھ جلولا ۱۶ھ، فتوحاتِ شام، فتحِ دمشق محل ذیقعد ۱۴ھ حمص ۱۴ھ یرموک ۵ رجب ۱۵ھ بیعت المقدس ۱۶ھ، حمص پر عیسائیوں کی دوبارہ کوشش اور پھر فتح حاصل ہوئی ۱۷ھ۔
عمواس کی وبا ۱۹ھ۔ قیسانیہ کی فتح شوّال ۱۹ھ، جزیرہ ۱۶ھ، خوزستان عراق عجم ۱۶ھ رے پر لشکر کشی ۲۱ھ۔ آذربائیجان ۲۲ھ۔ طبرستان۔ آرمینہ و فارس ۲۳ھ کرمان، ستیان ۲۳ھ مکران ۲۳ھ خراسان کی فتح و یزدگرد کی ہزیمت ۲۳ھ۔ مصر کی فتح ۲۰ھ، اسکندریہ کی فتح ۲۱ھ۔

سیّدنا عمر فاروقِ اعظم کے مقبوضہ ممالک کا کل رقبہ ۲۲۵۱۰۳۰ مربع میل تھا یعنی مکہ مکرمہ سے شمال کی جانب ۱۰۳۶۰ مشرق کی جانب ۱۰۸۷ جنوب کی جانب ۴۸۳ میل تھا۔ مغرب کی جانب جدہ تک حکومت تھی۔

سچ تو یہ ہے کہ دنیائے اسلام حضرت سیّدنا عمر فاروق اعظم کی ذات مقدسہ پر جس قدر بھی فخر کرے تھوڑا ہے آپ نے اپنے عہد خلافت میں ایسی مشکلات کو حل کیا جو کہ انسانی طاقت سے بالاتر ہے۔ ایک ہزار چھتیس بڑے بڑے شہر جن میں کفار کی حکومت تھی اور بتوں کو خدا مانا جاتا تھا ان سب کو فتح کر کے دارالاسلام بنایا اور وہاں کی آبادی کو درسِ توحید و رسالت دے کر ایمان و اسلام کی دولت عنایت فرمائی۔ چار ہزار مساجد تعمیر کروائیں۔ حق یہی ہے کہ آپ کی کوشش و ہمت نے مشرق سے مغرب اور جنوب سے شمال تک آفتاب کی طرح نورِ اسلام و ایمان پھیلایا۔ ضلالت کے شہروں میں ہدایت کی مشعلیں روشن کیں۔ تاریکی کفر کی تمام چٹانیں ہٹا کر رکھ دیں۔ اور انہیں ہزیمت دی اور عجم و عراق سے بے شمار مالِ غنیمت حاصل کیا اسی لیے کہ دعائے مصطفیٰ اَللّٰھُمَّ اَعِزَّ الْاِسْلَامَ بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اپنی عملی شان و شوکت میں آ گئی تھی۔

# فاتحِ مدائن حضرت سراقہ کو سونے کے کنگن
## از سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ

صحیح حدیث میں وارد ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے حضرت سراقہ کو ایک مرتبہ دیکھتے ہوئے فرمایا (جب کہ سراقہ بن مالک کے ہاتھوں کو دیکھا بازوؤں کو دیکھا جو بہت پتلے پتلے تھے اور بالوں سے بھرے ہوئے تھے) اے سراقہ تمہاری اس روز کیا حالت (یعنی شان ہوگی) جب شاہِ عجم کے سونے کے کنگن تمہارے ہاتھ میں پہنائے جائیں گے حضرت سراقہ بن مالک کو زبانِ مصطفوی ﷺ پر یقینِ کامل تو تھا لیکن باوجود اس کے کہ کوئی ایسے آثار نہ تھے جس سے اس کا ادراک کر سکیں کہ مجھے سونے کے کنگن شاہِ عجم کے اور پھر عجب اس پر کہ ساری امتِ مصطفویہ پر مردوں کے لیے سونے کا پہننا حرام ہے اور میرے لیے جائز بھی ہو رہا ہے یہ شان و اختیار ہے سرورِ کون و مکان علیہ السلام کا آپ جانتے تھے کہ عہدِ فاروق میں یہ فتح حاصل ہوگی اور شاہِ عجم کے کنگن سیّدنا عمر فاروق کے پاس آئیں گے اس پیش گوئی اور علومِ غیبیہ کو عملی شکل اس طرح نصیب ہوئی کہ جب سیّدنا عمر بن خطاب فاروقِ اعظم نے اپنے عہد میں مدائن کو فتح کیا تو شاہِ عجم کے سونے کے کنگن مالِ غنیمت میں پیش ہوئے۔ ان کا آنا تھا کہ سیّدنا فاروقِ اعظم نے فرمایا سراقہ آؤ اور اپنا ہاتھ بڑھاؤ پھر آپ سونے کے کنگن ان کے ہاتھ پر چڑھاتے جاتے اور زبانِ اطہر سے فرماتے جاتے صَدَقَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَدَقَ رَسُوْلُ اللّٰہِ۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

یعنی میرے آقا و مولا کی خبر غیبی آج میرے ذریعے پوری ہوگئی جس کی کئی سالوں سے پیش گوئی فرمادی گئی تھی۔ گویا حضرت سراقہ بن مالک کو سونے کے کنگن کی بشارت دینے میں سیّدنا عمرِ فاروق کی فتوحات کی طرف اشارہ تھا۔ اس اصل واقعۂ حدیث کے بعد ان (مخالفینِ عمر) کی طرف سے بھی ملاحظہ کریں انہوں نے بھی فتوحاتِ عمرِ فاروق کا اقرار کیا اور اس مذکورہ واقعہ کو حقیقت مانا ہے۔ صاحبِ حیات القلوب جلد دوم میں صفحہ ۲۴۸ پر لکھتے ہیں: پس چوں درزمان عمر فتح مدائن کردند عمر اورا طلب و دست رنجہائے بادشاہ عجم رادر دست اوکرد۔ پس جب زمانۂ عمر میں مدائن فتح ہوا تو شاہِ عجم کے سونے کے کنگن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سراقہ کو پہنائے۔

## پیکرِ حسن و جمال آراستہ زیورات و جواہرات

# شہزادی ایران شہر بانو بحقِ زوجیتِ حسین بہ عنایت سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے جب ایران فتح کیا اور اسلام کا علم بلند کیا تو مالِ غنیمت میں شاہِ یزدگرد کی بیٹی حضرت عمر فاروق کے پاس آئی جن کا نام شہر بانو تھا تو سیّدنا عمر فاروق نے سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ بن حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اولاد کو مقدم سمجھا۔

یہ شہزادی سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس نکاح کے موقعہ پر اس حال میں آئیں کہ شاہانہ پوشاک جس پر ہیرے اور جواہرات جڑے ہوئے تھے اور سونے چاندی کے زیورات سے آراستہ تھیں اور اسی طرح سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے حبالہ نکاح میں آئیں۔ عجب بات ہے کہ باغِ فدک نہ دیا جو بالکل کم قیمت کا تھا اور اتنا گرانقدر تحفہ اور قیمتی مال بمعہ شہزادی کیسے دے دیا۔ ثابت ہوا کہ یہ باغِ فدک کا افتراء صرف حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عناد کی وجہ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ حضرت سیّدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو سیّدنا حسین رضی اللہ عنہ و علی رضی اللہ عنہ اور خاندانِ مقدسہ سے اس قدر پیار و محبت تھی کہ شاہی خاندان کی پری شہزادی شہر بانو گراں قدر زیورات سے مزین مع لباسِ فاخرہ ہیرے جواہرات سیّدنا حسین رضی اللہ عنہ کو بخش دی۔ جس سے ایک باغِ فدک کیا فدک جیسے کئی باغ خریدے جاسکتے تھے اہلِ تشیع نے اپنی کتاب اصولِ کافی صفحہ ۲۹۶ میں اس کو تسلیم کیا ہے اور پھر اسی شہزادی شہر بانو کے بطن سے سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہاں سیّدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے پھر یہی وہ مولودِ مسعود تھے جن کی نسل سے روئے زمین پر سادات کرام موجود ہیں اور نسل حسینی جاری و ساری ہے۔

## حضراتِ حسنین کی محبت و الفت اور

# سیّدنا عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ

ایک مرتبہ حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے ہاں آپ کے صاحبزادے عبداللہ آئے اور اجازت طلب کی تو آپ نے اجازت نہ دی یہ واقعہ آپ کے دورِ خلافت کا ہے اسی اثناء میں حضرت سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے اور وہ یہ حال سن کر چلے گئے آپ کو بعد میں معلوم ہوا تو آپ نے ان کو بلایا اور پوچھا کہ آپ واپس کیوں چلے گئے۔ تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے عرض کیا جب آپ نے اپنے بیٹے عبداللہ کو اجازت نہ دی تو میں نے خیال کیا کہ مجھے بھی اجازت نہیں مل سکے گی اس لیے واپس چلا گیا۔ سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فرمایا:

اَنْتَ اَحَقُّ بِالْاِذْنِ مِنْهُ اَنْبَتَ الشَّعْرَ فِي الرَّاسِ بَعْدَ اللّٰهِ اِلَّا اَنْتُمْ (۱)

آپ ان سے زیادہ مستحقِ اذن ہیں اور یہ جو بال ہمارے سروں پر اللہ تعالیٰ نے اگائے ہیں اس کے بعد کس نے اگائے ہیں سوائے تمہارے۔

سبحان اللہ کیا محبت و پیار ہے کہ سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں جو کچھ ملا اللہ تعالیٰ سے آپ کے صدقہ سے آپ کو اجازت نہیں تو کس کو ہوگی۔ ناظرین نے دیکھا کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا ان عظیم ہستیوں سے کس قدر پیار و محبت تھا۔

ایک مرتبہ سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے منبر پر گود میں سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو لے کر فرمایا هَلْ اَنْبَتَ الشَّعْرَ عَلٰى رُؤُسِنَا اِلَّا اَبُوْكَ۔ یعنی ہمارے سروں پر بال کس نے اگائے ہیں تمہارے ہی نانا جان میرے آقا و مولیٰ کے اگائے ہوئے ہیں گویا یہ عزت و دولت سب سرورِ کون و مکان اور ان کی آلِ اطہار کا صدقہ ہے (۲)

معلوم ہوا کہ اصحابِ نبوت کی حسنین سعیدین آلِ کرام سے انتہا درجہ کی محبت و عقیدت برحق تھی۔

## سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کا زہد و ورع و حلم و تواضع

حضرت سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے زہد و ورع اور تواضع و حلم کا یہ عالم تھا کہ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ روزانہ گیارہ لقموں سے زیادہ طعام تناول نہ فرماتے۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے دیکھا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قمیص مبارک میں دو شانوں کے درمیان چار پیوند لگے ہوئے تھے۔ یہ بھی روایت ہے کہ شام کے ممالک جب فتح ہوئے اور آپ نے ان ممالک کو اپنے قدومِ میمنت لزوم سے سرفراز فرمایا اور وہاں کے امراء و عظماء آپ کے استقبال کے لیے آئے تو اس موقع پر آپ اپنے شتر پر سوار تھے آپ کے خواص و خدام نے عرض کیا اے امیر المؤمنین! شام کے اکابر و اشراف حضور کی ملاقات کے لیے آ رہے ہیں۔ مناسب ہوگا کہ آپ گھوڑے پر سوار ہوں تا کہ آپ کی شوکت و ہیبت ان کے دلوں میں جاگزین ہو۔ فرمایا اس خیال میں نہ رہیے کام بنانے والا وہی (اللہ) ہے۔ سبحان اللہ۔ (۳)

ایک مرتبہ قیصرِ روم کا قاصد مدینہ طیبہ آیا اور وہ امیر المؤمنین کو تلاش کرتا تھا تا کہ بادشاہ کا پیغام آپ کی خدمت میں عرض کرے۔ لوگوں نے بتایا کہ امیر المؤمنین مسجد میں ہیں۔ مسجد میں آیا تو دیکھا کہ ایک صاحب موٹے پیوند زدہ کپڑے پہنے ایک اینٹ پر سر رکھ کر لیٹے ہیں یہ دیکھ کر باہر آیا اور لوگوں سے امیر المؤمنین کا پتہ دریافت کرنے لگا۔ کہا گیا کہ مسجد میں تشریف فرما ہیں۔ کہنے لگا مسجد میں سوائے ایک دلق پوش کے اور کوئی نہیں۔ صحابہ نے کہا وہی ہمارا امیر و خلیفہ ہے۔

برور میکدہ رندانِ قلندر باشند
کہ ستانند و دہند افسر شاہی
خشت زیرِ سر و بر نارک ہفت اختر پائے
دست قدرت فگرد منصبِ صاحب جاہی

(۱) و (۲) سوانحہ کربلا ص ۲۹، ۳۰ (۳) سوانح کربلا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

قیصر روم کا قاصد پھر مسجد میں آیا اور غور سے امیر المؤمنین کے چہرہ مبارک کو دیکھنے لگا۔ دل میں محبت و ہیبت پیدا ہوئی اور آپ کی حقانیت کا پرتو اس کے دل میں جلوہ گر ہوا اور اس نے کہا:

مہر و ہیبت ہست ضدیک و گر
ایں دو ضد راجع دید اندر جگر
گفت با خود من شہاں دریدہ ام
گرد سلطاں را ہمہ گردیدہ ام
از شہانم ہیبت و ترسے نبود
ہیبت ایں مرد ہوشم در بود
رفتہ ام در بیشۂ شیر پلنگ
روئے من ایشاں نگر دانند رنگ
پس شدم اندر مصافِ کار زار
ہم چو شیراں دم کر باشد کار راز
بسکہ حور دم بس زدم زخم گراں
دل قوی ترجودہ ام از دیگراں
بے سلاح ایں مرد خفتہ برزمین
من بہفت اندام لرزاں ایں چنیں
ہیبت حق ست ایں از خلق نیست
ہیبت ایں مرد صاحب دلق نیست

(از صدر الافاضل علیہ الرحمۃ سیّد المفسرین حکیم الامت)

## کرتہ مبارک اور پیوند:

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو اکثر ہم نے دیکھا کہ آپ بازاروں میں بھی چلتے پھرتے تو آپ کا کرتہ پھٹا ہوا اور اس میں پیوند لگے ہوئے ہوتے تھے۔

جُبَّةٌ مِنْ صُوْفَةٍ مَرْقُوْعَةٍ بَعْضُهَا بِأَدِمٍ، وَيَطُوْفُ فِي الْأَسْوَاقِ..... (۱)

حضرت عمر جب خلیفہ تھے تو آپ صوف کا پھٹا ہوا کپڑا یعنی کرتا مبارک جس میں چمڑے کا پیوند لگا ہوا ہوتا تھا پہن لیتے تھے اور اسی حالت میں بازار سے گزرتے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔

رَأَيْتُ بَيْنَ كَتِفَيْ عُمَرَ اَرْبَعَ رَقَاعٍ فِي قَمِيْصِهٖ۔

میں نے دیکھا کہ آپ کے کرتے مبارک میں مونڈے کے پاس چار پیوند لگے ہوئے تھے۔

(۱) تاریخ الخلفا ۱۲۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## شلوار مبارک اور چمڑے کے پیوند:

حضرت عثمان ہندی لکھتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شلوار مبارک میں چمڑے کے پیوند لگے ہوئے تھے۔

## رو رو کر رخسار پر نشان:

حضرت عبداللہ بن عیسیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نہایت کثیر البکا تھے یہاں تک کہ:

كَانَ فِي وَجْهِ عُمَرِ ابْنَ الْخَطَّابِ خَطَّانِ أَسْوَدَانِ مِنَ الْبُكَاءِ۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے چہرے مبارک کے رخسار انور پر رو رو کر دو سیاہ نشان پڑ گئے تھے۔ یعنی بصورتِ زخم۔

## رتبہ امیر المؤمنین اور تو کہاں:

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں ایک باغ میں گیا دیکھا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اکیلے بیٹھے رو رہے ہیں اور فرما رہے ہیں}

يَا عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ وَاللهُ لَتَتَّقِيَنَّ اللهَ ابْنَ الْخَطَّابِ أَوْ لَيُعَذِّبَنَّكَ اللهُ۔ (۱)

اے عمر! تم کہاں اور کہاں امیر المؤمنین کا درجہ اللہ تعالیٰ سے ڈرو ورنہ تو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے پکڑا جائے گا۔

## جو میرے عیب ظاہر کرے مجھے وہ پسند ہے:

حضرت سفیان ثوری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سیّدنا عمر فاروق کو وہ آدمی بہت پسند ہوا کرتا تھا جو آپ کے عیب بیان کرتا تھا۔ آپ خود فرمایا کرتے تھے:

أَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ مَنْ رَفَعَ إِلَيَّ عُيُوبِي۔ (۲)

مجھے سب سے زیادہ محبوب وہ شخص ہے جو میرے عیب مجھ پر ظاہر کرتا ہے۔

## کاش میں زمین کا ایک تنکا ہوتا:

حضرت عبداللہ بن عامر ربیعہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے دیکھا کہ سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

أَخَذَ تَبْنَةً مِنَ الْأَرْضِ فَقَالَ يَا لَيْتَنِي هٰذَا التِّبْنَةُ۔

زمین سے ایک تنکا اٹھایا اور فرمایا! کاش میں بھی ایک تنکا ہوتا۔

## رات کی تاریکی میں گشت اور غریبوں کی امداد:

دورِ خلافت میں سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ ساری رات مخلوق میں پھرتے اور دیکھتے کہ کوئی مفلس و تنگدست، غریب و بھوکا تو نہیں ہے۔

# ازواج و اولادِ سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ بمعہ اسماء و تعداد

حضرت سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے اپنی زندگی مبارکہ میں کافی نکاح فرمائے تھے جس کے متعلق روایات معتبرہ شاہد ہیں کہ آپ کی کل ازواج کی تعداد مختلف اوقات میں نو تھی یعنی آپ کی نو بیویاں تھیں جن کے نام یہ ہیں:

---

(۱) تاریخ الخلفاء: ۱۲۹ (۲) تاریخ الخلفاء ۱۳۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۱۔ حضرت زینب بنتِ عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ۔
۲۔ حضرت امِ کلثوم بنتِ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ۔
۳۔ عاتکہ بنتِ زید رضی اللہ عنہ۔
۴۔ امِ حکیم بنتِ حارث
۵۔ فقیہہ
۶۔ لہیہ
۷۔ امِ ولد
۸۔ قریبہ بنتِ ابی امیہ
۹۔ ملیکہ بنتِ جرول الخزاعی

کل نو ازواج میں سے آپ نے قریبہ اور دوسری ملیکہ کو اسلام نہ لانے کی وجہ سے طلاق دے دی۔ ثابت ہوا کہ آپ کی کل سات بیویاں تھیں کیونکہ دو کو آپ نے طلاق دے کر حقوقِ زوجیت سے خارج کر دیا تھا۔

آپ کی کل اولادِ امجاد تیرہ تھی جن میں آپ کے نو بیٹے اور چار بیٹیاں تھیں۔

بیٹوں کے اسماء یہ ہیں۔

۱۔عبداللہ، ۲۔عبدالرحمٰن الاکبر، ۳۔زید الاکبر، ۴۔عاصم، ۵۔عیاض۔۶۔زید الاصغر، ۷۔عبدالرحمٰن الاصغر ۹۔عبدالرحمٰن اوسط۔

بیٹیوں کے اسماء یہ ہیں:

۱۔ حفصہ رضی اللہ عنہا ۲۔ رقیہ رضی اللہ عنہا ۳۔ فاطمہ رضی اللہ عنہا ۴۔ زینب رضی اللہ عنہا

# ازواج واولاد سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے احوال بمعہ خصوصیات

حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے والد معظم حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ سابقین الاوّلین صحابہ میں سے تھے یعنی اسلام لانے والوں میں ان کا چودھواں نمبر تھا ۲ھ میں انہوں نے انتقال فرمایا۔ سیّد عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ان کی وفات کا شدید صدمہ ہوا آپ ان کی میت مبارک کو بوسے دیتے تھے اور بے اختیار روتے جاتے تھے حضرت عثمان کے دوسرے بھائی بھی اکابر صحابہ میں سے تھے حضرت زینب کا انتقال مکہ معظمہ میں ہوا تھا۔ دوسری زوجہ حضرت سیّدہ امِ کلثوم بنتِ حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم از بطنِ حضرت سیّدہ فاطمۃ الزہرا خاتونِ جنت تھیں۔ ان کے متعلق حضرت سیّدنا عمر فاروق نے حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ آلِ رسول علیہ السلام سے مجھے شرفِ زوجیت حاصل ہو اس لیے آپ اپنی شہزادی میرے نکاح میں فرما دیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس اصرار پر حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے اپنی بیٹی امِ کلثوم کا نکاح چالیس ہزار مہر پر کر دیا اور یہ نکاح ۱۷ ہجری میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ہوا۔ (۱)

(۱) تاریخ ابن کثیر ۲:۳۸۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ثُمَّ تَزَوَّجَ عُمَرُ اُمَّ كُلْثُوْمَ بِنْتَ عَلِيِّ ابْنِ اَبِي طَالِبٍ وَهِيَ مِنْ فَاطِمَةَ وَدَخَلَ بِهَا فِي شَهْرِ ذِيْ قَعْدَةٍ۔

تیسری زوجہ عاتکہ تھیں جو حضرت زید کی بیٹی تھیں، چوتھی امِ حکیم بنت الحارث پانچویں فقہیہ چھٹی لہیہ۔ ساتویں امِ ولد تھیں۔

## حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی دو بیویوں کو طلاق دینے کی وجوہات:

قریبہ بنتِ ابی امیہ المخزومی تھیں جو آپ کی بیوی تھیں اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زوجہ مبارکہ ام المؤمنین امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کی حقیقی بہن تھیں۔ چونکہ اسلام نہ لائیں اور مشرک عورت سے نکاح جائز نہیں تھا۔ صلح حدیبیہ کے بعد ۶ھ میں ان کو طلاق دے دی۔ دوسری ملیکہ بنت جزول الخزاعی بھی اسلام نہ لائیں ان کو بھی ۶ھ میں طلاق دے دی۔

## سیّدنا عبداللہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی کنیت:

حضرت عبداللہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی کنیت عبدالرحمن تھی۔ یہ بچپن ہی سے اپنے والد بزرگوار حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایمان لائے جب ہجرت فرمائی گئی تو ان کی عمر دس سال تھی اور اپنے والد بزرگوار کے ساتھ تھے بدر اور احد میں آپ شریک تھے غزوۂ احد میں ان کی عمر چودہ سال تھی۔ انہوں نے ایک ہزار سات سو حدیثیں روایت فرمائی ہیں۔ بخاری و مسلم میں کئی احادیث انہی سے مروی ہیں آپ نہایت اعلیٰ علم و زہد و تقویٰ کی شخصیت کے مالک تھے۔ جب آپ کے زمانہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا معاملہ چل رہا تھا تو تمام لوگوں نے آپ کو منصب خلافت کے لیے کہا کہ آپ سنبھال لیں۔ تو آپ نے انکار فرما دیا اور کہا کہ میں نہیں چاہتا کہ مسلمانوں کے خون سے منصب خلافت کو خریدوں حضرت عبداللہ ابنِ عمر علم فقہ اور علم حدیث کے علاوہ حق گوئی میں بھی نہایت بے باک تھے۔ ایک مرتبہ حجاج بن یوسف کعبے میں آیا اور تقریر کر رہا تھا کہ حضرت سیّدنا عبداللہ ابنِ عمر کھڑے ہو گئے اور فرمایا لوگو! یہ خدا کا دشمن ہے اور جھوٹ بول رہا ہے اس لیے کہ اس نے خدا کے دوستوں کے ساتھ دشمنی کی ہے اور انہیں قتل کیا ہے۔ حجاج بن یوسف نے اس کا انتقام لینے کے لیے ایک آدمی متعین کیا کہ وہ ان کو قتل کر دے چنانچہ اس شخص نے موقع پا کر تیز دھار آلہ کے ساتھ حضرت عبداللہ ابن عمر پر حملہ کر دیا جس سے زخم کاری ہوا اور شفا نہ ہوئی بالآخر سیّدنا عبداللہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہ اسی زخم کی وجہ سے انتقال فرما گئے آپ نے کل چوراسی سال کی عمر پائی اور مکہ معظمہ کے درمیان نجف کے مقام پر آپ کا انتقال ہوا۔ آپ صاحبِ اولاد بھی ہوئے ہیں۔

## حضرت سالم رضی اللہ عنہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بن عمر رضی اللہ عنہ:

فقہائے سبعہ مدینہ منورہ میں سے ہیں جن کا منصب جلیلہ حدیث و فقہ کے ساتھ فتوے دینا تھا جن کے فتوے کے بغیر کسی قاضی کو فیصلہ کا اذن نہ تھا۔ خارجہ بن زید۔ عروہ بن الزبیر، سلیمان بن یسار، عبیداللہ بن عمر، سعید بن مسیب اور چھٹے حضرت سیّدنا سالم بن عبد اللہ بن عمر اعلیٰ شخصیت کے مالک تھے۔

## ۲۔ حضرت عبدالرحمٰن الاکبر:

یہ بھی حضرت عبداللہ کے ماں جائے بھائی تھے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ۳۔حضرت زیدالاکبر:

ان کی والدہ حضرت امِ کلثوم بنتِ علی المرتضی تھیں حضرت زیدالاکبراوران کی والدہ ماجدہ دونوں ایک ہی دن میں انتقال فرما گئے۔

## ۴۔حضرت عاصم:

ان کی والدہ جمیلہ تھیں جو عاصم بن ثابت کی بیٹی تھی ان کے ہاں اولاد بھی ہوئی اور ستر سال کی عمر میں وفات فرمائی۔
نہایت پاکیزہ اور عالم وفاضل تھے جب آپ نے انتقال فرمایا تو حضرت عبداللہ ابنِ عمر نے ان الفاظ سے آپ کو یاد فرمایا۔

فَلَيْتَ الْمَنَايَا كُنَّ خَلَصَ عَاصِمًا
فَعِشْنَا جَمِيْعًا اَوْ ذَهَبْنَ بِنَا مَعًا

کاش موت حضرت عاصم کو چھوڑ جاتی تا کہ ہم سب ان کے ساتھ رہتے یا لے جاتی تو سب کو ہی لے جاتی۔
حضرت عمر بن عبدالعزیز انہی کے نواسے تھے۔

## حضرت عیاض:

ان کی والدہ عاتکہ تھیں جو حضرت زید کی بیٹی تھیں۔

## زیدالاصغر، عبیداللہ:

ان دونوں کی والدہ ملیکہ بنت جزول خزاعیہ تھیں۔

## عبدالرحمٰن الاکبر:

ان کی والدہ لہیہ (امِ ولد) اور عبدالرحمٰن الاصغر جن کی کنیت ابوشحمہ تھی ان کی والدہ بھی امِ ولد تھیں۔

## ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا:

حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا ان کا نکاح حضور سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ ہوا اور ام المؤمنین کا شرف حاصل ہوا۔اس لیے حضرت سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ حضور علیہ السلام کے خسر بھی ہوئے حضرت حفصہ از بطنِ حضرت زینب بنتِ عثمان ابن مظعون سے تھیں اور ان ہی کے بطن سے حضرت عبداللہ و حضرت عبدالرحمٰن ہیں جو حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے سگے بھائی ہیں۔حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا زید الاکبر کی سگی بہن، ان کا نکاح ابراہیم بن نعیم بن عبداللہ سے ہوا اور حضرت فاطمہ کا نکاح ان کے چچا کے بیٹے عبد الرحمٰن بن زید بن خطاب سے ہوا۔حضرت فاطمہ از بطنِ امِ حکیم تھیں۔
حضرت زینب جن کی والدہ فقیہہ تھیں ان کا نکاح حضرت عبداللہ بن سراقہ سے ہوا تھا۔

## آخری خطبہ وخبر شہادت بزبانِ عمر فاروق رضی اللہ عنہ

حضرت معدان بن ابی طلحہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے خطبۂ جمعہ میں حاضرین سے ارشاد فرمایا:

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

يَاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ قَدْ رَأَيْتُ رُؤْيَا كَانَ دِيْكًا اَحْمَرَ انْقَرَنِيْ نَقْرَتَيْنِ وَلَا اَرٰى ذٰلِكَ اِلَّا يَحْفُوْرُ اَجَلِيْ۔

اے لوگو! سنو میں نے خواب میں دیکھا کہ دو لال مرغوں نے مجھے ٹھونگیں ماریں اور اس خواب کی تعبیر یہ ہے کہ میری موت کا وقت بالکل نزدیک ہے۔ (۱)

مذکورہ بیان سے ثابت ہوا کہ یہ خواب الہامی کشف تھا جس کو آپ نے حاضرین کے سامنے پیش کیا اور آپ جانتے تھے کہ اب میری موت شہادت کا وقت قریب ہے۔ ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ جب فیروز لؤلؤ لعین آپ کے پاس سے ہو کر گیا تو آپ نے فرمایا یہ شخص وہ مجوسی ہے جو میری شہادت کا سبب ہوگا اور یہ خود اپنی موت مر جائے گا۔

## حضرت سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کی شہادتِ عظمیٰ

مدینہ منورہ میں فیروز نامی ایک پارسی غلام تھا۔ جس کی کنیت ابولؤلؤ تھی۔ اس نے ایک دن حضرت سیّدنا عمر فاروق اعظم بن خطاب رضی اللہ عنہ سے آ کر شکایت کی کہ میرے آقا مغیرہ بن شعبہ نے مجھ پر بہت بھاری رقم محصول مقرر کیا ہے آپ کم کرا دیں۔ حضرت سیّدنا عمر نے تعداد دریافت کی روزانہ دو درہم تھے حضرت سیّدنا عمر نے پھر دریافت فرمایا کہ تو کون سا پیشہ کرتا ہے۔ کہنے لگا نجاری، نقاشی، آہنگری، فرمایا ان صنعتوں کے مقابلہ میں رقم کچھ بہت معلوم نہیں ہوتی اچھا میں مغیرہ بن شعبہ کو سمجھاؤں گا کہ وہ تمہارے ساتھ اچھا سلوک کرے اور تم اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا کرو ظاہر ہوا کہ سیّدنا حضرت عمر نے کوئی بات ایسی نہ فرمائی جس سے اس کی دل آزاری ہو یہ سن کر وہ چلا گیا۔ اس کو دو باتوں کی ناراضگی ہوئی ایک یہ کہ تم بھی اچھا سلوک کرو دوسرا کوئی بہت رقم معلوم نہیں ہوتی۔ اس کدورت و عناد اور بغض میں جلتے ہوئے اس نے اپنے دل میں آپ کو قتل کر دینے کا ارادہ کر لیا۔ (۲)

اور ظاہر ہے کہ ایسے مینارِ اسلام کو قتل کرنا کوئی معمولی بات نہ تھی بالآخر اس نے حضور سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو قتل کرنے کے لئے نماز کا پروگرام بنایا کہ یہی وہ وقت ہے جب کہ آپ نماز میں مشغول ہوں تو قتل کر دوں۔ کیونکہ اس وقت آپ ماسوی اللہ سے بالکل کنارا کش ہو جاتے ہیں اور توجہ صرف الی اللہ ہوتی ہے ایسی حالت میں قتل کرنا میرے لیے آسان ہے اور نیز باقی تمام رفقاء اصحاب بھی آپ کے پیچھے نماز میں محو ہوں گے۔ چنانچہ دوسرے روز ملعون خنجر لے کر فجر کی نماز کے وقت مسجد میں آ گیا اور محراب کی اوٹ میں چھپ گیا جب صفیں درست ہو گئیں اور نماز فجر کی جماعت تیار تھی تو حسبِ عادتِ مبارکہ سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے اور امامت کے لیے آگے بڑھے جوں ہی آپ نے تکبیر فرما کر نماز شروع کر دی۔ گویا اللہ کے پیارے اس کے حضور دل و جان اور نہایت خشوع و خضوع سے کھڑے ہو گئے اور اس کے ساتھ لو لگا لی اور قرآن کی تلاوت شروع فرما دی ملعون فیروز نے فوراً یہی موقعہ پا کر نکل کر آپ پر تیز دھار خنجر زہر آلود کے چھ وار کیے۔ دو کوکھ مبارک دو کندھے کے قریب اور دو ناف کے قریب آفتابِ اسلام کے جسمِ انور سے خون کے فوّارے پھوٹ پڑے اور زخموں سے چور ہو گئے ایسی حالتِ بے قراری میں پھر بھی توجہ الی اللہ کا یہ عالم تھا کہ فوراً پیچھے کھڑے اصحاب میں سے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کا ہاتھ پکڑ کر اپنی جگہ کھڑا کر دیا اور خود زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زمین پر گر پڑے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے اسی حالت میں نماز پڑھائی اور اصحاب نے پڑھی کہ آفتابِ نورِ ہدایت مصباحِ اسلام زمین پر تشریف فرما ہیں اسی حالت میں اس ظالم ملعون نے اصحاب پر بھی حملے کیے اور زخمی کیا اور خود بھی اسی خنجر سے اپنے اوپر وار کر کے خودکشی کر کے مر گیا۔ نماز کے ختم ہونے پر

(۱) تاریخ عمر: ۴۵۰ (۲) تاریخ عمر ص ۴۵۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت سیّدنا عمر فاروق کو گھر لایا گیا آپ نے پوچھا میرا قاتل کون ہے؟ عرض کیا گیا فیروز ابولؤلؤ تھا فرمایا الحمدللہ! میں ایسے شخص کے ہاتھوں نہیں مارا گیا جو اسلام کا دعویٰ رکھتا ہو۔ وہ تو مجوسی تھا جس کا اسلام کے ساتھ کوئی تعلق نہ تھا اصحاب کا خیال تھا کہ زخموں سے شائد شفا ہو جاوے لیکن زخم کاری تھے طبیب آئے انہوں نے حضرت کو دودھ پلایا لیکن وہ تمام دودھ زخموں سے باہر آ گیا اصحاب نے عرض کیا آپ فی الفور اپنا ولی عہد منتخب کر جائیں آپ نے فرمایا پہلے میرے بیٹے عبداللہ کو بلاؤ آپ نے اپنے بیٹے عبداللہ سے فرمایا بیٹا جلدی جاؤ اور ام المؤمنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے اجازت طلب کرو کہ عمر آپ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پہلو میں دفن ہونے کی اجازت چاہتے ہیں حضرت عبداللہ بن عمر بن خطاب سیّدہ ام المؤمنین کے پاس حاضر ہوئے تو وہ زار و قطار رو رہی تھیں اور فرما رہی تھیں کہ اسلام کے آفتاب پر کس قدر ظلم ہوا آج وہ ہم سے جدا ہو رہے ہیں اسی حالت میں جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا پیغام دیا اور آپ کا سلام پہنچایا گیا تو سیّدہ نے دل و رضا کے ساتھ فرمایا کہ اس جگہ کو تو ارادہ تھا میں محفوظ کرتی لیکن آفتابِ اسلام فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ جیسی عظیم شخصیت کو اپنے آپ پر ترجیح دیتی ہوں۔ میری طرف سے اجازت ہے کہ ان کو پہلوئے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں دفن کیا جائے۔ حضرت عبداللہ جب یہ خبر لے کر حاضر ہوئے تو حضرت عمر نے فرمایا بیٹا کیا خبر لائے ہو؟ عرض کیا حضور: آپ کے دل کی آرزو پوری ہوئی سیّدہ نے اجازت مرحمت فرما دی کہ پہلوئے مصطفیٰ میں ہی آپ کو دفن کیا جاوے۔ آپ نے فرمایا الحمدللہ۔

## آخری لمحات تجہیز و تکفین گنبد خضریٰ میں مکین سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ:

اس کے بعد آپ نے اپنے صاحبزادے عبداللہ سے فرمایا حساب کر کے بتاؤ مجھ پر کتنا قرض ہے انہوں نے حساب لگا کر آپ کو چھیاسی ہزار روپے قرض بتایا۔ آپ نے فرمایا آلِ عمر سے ادا ہو جائے تو بہتر ہے۔ چنانچہ آپ کا مسکونہ مکان فروخت کر دیا گیا یہ آپ کا مکان باب الرحمت اور باب السلام کے بالکل درمیان میں تھا اس کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے خرید لیا۔ گویا یہ مسکونہ مکان فروخت ہونے اور آلِ عمر کے ادا کرنے سے چھیاسی ہزار کی رقم کا جو قرض تھا وہ اتر گیا۔ آپ کو خبر ہوئی تو فرمایا الحمدللہ۔ یاد رہے کہ یہ مکان ایک مدت تک دارالقضاء کے نام سے مشہور رہا (۱)

اس کے بعد آپ نے خلیفہ منتخب کرنے کے متعلق لوگوں سے فرمایا جیسا کہ اصحاب پہلے آپ سے سوال کر چکے تھے۔ آپ نے فرمایا میرے بعد حضرت علی، حضرت عثمان، حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت سعد میں سے جس کے متعلق کثرت آراء اس کو خلیفہ مقرر کر لینا۔ آلِ عمر تمہارے اس معاملہ میں تمہارے ساتھ ضرور ہو گی لیکن عہدۂ خلافت کے ساتھ تعلق نہیں ہو گا۔

بالآخر مرادِ رسول، خسرِ رسول، وزیرِ رسول، دامادِ علی، خلیفۂ ثانی موافقارائے بالوحی والکتاب، امیر المؤمنین وغیظ المنافقین، ابوحفص، حضرت سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ترسٹھ سال کی عمر مبارک عرصہ دس سال چھ ماہ اور چار دن خلافت کے بعد اس دارِ فانی سے ۲۹ ذوالحج ۲۳ھ، ۶۴۴ء کو دارالبقاء روانہ ہو گئے بوقتِ انتقال و شہادت آپ کی زبان مبارک پر تسبیح و درود و سلام و آیات قرآنی تھیں اور یکم محرم الحرام پہلی تاریخ کو یہ آفتابِ دین و ہدایت اپنے آقا و مولیٰ سرکار محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جا ملے اور ان کے پہلوئے اقدس میں آرامِ گنبدِ مکین ہوئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

(۱) خلاصۃ الوفاء فی دارالمصطفیٰ مطبوعہ مصر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

آپ کے جدا ہو جانے سے حرمین شریفین میں اصحاب زار و قطار روئے اور غیبی آوازیں سنائی دیں گویا کہ اس عظیم شخصیت سے جو خلا پیدا ہوا اس صدمہ کو بیان کرنے سے قلم و زبان قاصر ہے نمازِ جنازہ حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔

حضرت عبدالرحمٰن، حضرت علی، حضرت عثمان، حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت عبدالرحمن بن عوف نے آپ کو قبر میں اتارا آپ کے ہاتھ میں چاندی کی انگوٹھی پر یہ کندہ تھا کَفٰی بِالْمَوْتِ وَاعِظًا (موت آدمی کے واسطے کافی وعظ کرنے والی ہے)۔

حق است فاروق برحق است فاروق
آں مرادِ رسول لاشک است فاروق

وہ عمر جس کے اعداء پہ شیدا
اس خدا دوست حضرت پہ لاکھوں سلام

مدینہ منورہ میں حضرت رسول کریم ﷺ کے روضہ مبارک کی جالیوں پر بائیں طرف کا بڑا دائرہ نبی کریم ﷺ کے مزار مبارک کی نشاندہی کرتا ہے۔ جبکہ دوسرے دو دائرے حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق کے مزار مبارک کے نشان ہیں۔

فارق حق و باطل امام الہدیٰ
تیغِ مسلول شدت پہ لاکھوں سلام
ترجمانِ نبی ہمزبانِ نبی
جانِ شانِ عدالت پہ لاکھوں سلام

(از امامِ اہلِ سنت احمد رضا علیہ الرحمۃ)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

باب ۸

# خلیفۂ ثالث جامعِ آیاتِ القرآن

## حضرت عثمان ابنِ عفان رضی اللہ عنہ

آپ کا اسم گرامی عثمان، کنیت ابوعبداللہ، لقب ذوالنورین وغنی ہیں۔ نسب مبارک اس طرح ہے۔ عثمان بن عفان ابن ابی العاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف۔

آپ کی والدہ ماجدہ کا نام اروی بنت کریز بن ربیعہ بن حبیب ابن عبد شمس بن عبد مناف۔

آپ کا سلسلہ نسب ماں اور باپ دونوں کی طرف سے عبدِ مناف تک جا کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مل جاتا ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی چوتھی پشت میں دادا تھے اور حضرت عثمان کے پانچویں پشت میں۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی نانی ام حکیم البیضاء بنت عبدالمطلب بن ہاشم تھیں اور یہ آپ کی نانی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والد ماجد حضرت عبد اللہ بن عبدالمطلب کے ساتھ توام پیدا ہوئی تھیں۔ اس رشتہ سے حضرت عثمان کی والدہ ماجدہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی کی بیٹی تھیں۔ (۱)

### ولادتِ شریفہ:

واقعۂ فیل کے چھ سال بعد ہوئی۔ زمانہ جاہلیت نہایت پاکیزگی میں گزارا۔ باوجودیکہ ہر طرف حرام چیزوں کا دورہ تھا لیکن آپ نے کبھی زنا نہیں کیا، شراب نہیں پی، چوری نہیں کی تمام برے افعال سے سخت نفرت فرمایا کرتے تھے۔ اپنے دور میں بھی نہایت مالدار تھے اور رحم دل بھی تھے مفلس لوگوں کی امداد کیا کرتے تھے۔ ایسے دور میں ان صفات کا حامل ہونا بھی آپ کے لیے ایک بہترین خوش نصیبی تھی۔

### قبول اسلام:

سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے آپ سے نہایت اعلیٰ دوستانہ تعلقات تھے۔ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول فرمایا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ آپ بھی مشرف باسلام ہو جائیں چنانچہ آپ نے اسی وقت حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہو کر اسلام قبول فرمایا۔ (۲)

(۱) نورالابصار (۲) تاریخ الخلفا: ۱۴۷

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ہجرت:

آپ نے دو ہجرتیں فرمائیں ایک حبشہ کی طرف اور دوسری مدینہ طیبہ کی طرف غرضکہ آپ سابقین الاولین، اور اوّل مہاجرین و انصار اور عشرہ مبشرہ میں شمار ہیں اور ان چھ آدمیوں میں بھی آپ شمار ہوتے ہیں جن سے وصال تک رسول اللہ ﷺ بہت خوش تھے۔(۱)

## استقامت:

حضرت سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کے بعد ان کو ان کے چچا حکم ابن ابی العاص ابن امیہ نے پکڑ کر باندھ دیا اور کہا کہ تم اپنے آباء واجداد کا دین چھوڑ کر ایک نیا دین اختیار کرتے ہو بخدا میں تم کو نہیں چھوڑوں گا جب تک تم اس دین کو نہ چھوڑو۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا خدا کی قسم میں اس دین کو ہرگز نہیں چھوڑوں گا خواہ تم مجھے جان سے مار دو۔ حکم بن ابی العاص نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اس عظیم قوتِ ایمان اور استقلال کو دیکھ کر چھوڑ دیا۔

# سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو جنت میں مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رفاقت

ترمذی شریف میں حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ نَبِيٍّ رَفِيْقٌ وَ رَفِيْقِيْ فِي الْجَنَّةِ عُثْمَانُ (۲)

حضور ﷺ فرماتے ہیں کہ ہر نبی کا ایک رفیق ہوتا ہے اور میرے رفیق جنت میں عثمان (غنی) ہیں۔

معلوم ہوا کہ حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو جنت میں اپنا رفیق ہونے کا شرف بخشا اور آپ کے جنتی ہونے کی بھی بشارت فرمادی اس حدیثِ مبارکہ میں مطلقاً رفاقت میں خصوصیت پائی جاتی ہے حالانکہ اور بھی خوش نصیب شخصیتیں ہیں۔

# جیشِ عسرہ کے موقعہ پر سیّدنا عثمان غنی کی مالی قربانی

حضرت عبدالرحمٰن بن خباب فرماتے ہیں کہ جیشِ عسرہ کے موقع پر (عسرہ تنگی کو کہتے ہیں جس زمانہ میں نبی ﷺ نے اس لشکر کو تیار فرمایا تھا وہ زمانہ سخت تنگی کا تھا اس لیے اس کا نام جیشِ عسرہ ہوگیا یہ لشکر غزوۂ تبوک کے لیے تیار کیا گیا تھا) حضور ﷺ لوگوں کو مدد کا حکم فرما رہے تھے تو

فَقَامَ عُثْمَانُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! عَلَيَّ مِائَةُ بَعِيْرٍ بِأَحْلَاسِهَا وَأَقْتَابِهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ حَضَّ عَلَى الْجَيْشِ فَقَامَ عُثْمَانُ فَقَالَ عَلَيَّ مِائَتَا بَعِيْرٍ بِأَحْلَاسِهَا وَأَقْتَابِهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ حَضَّ عَلَى الْجَيْشِ فَقَامَ عُثْمَانُ فَقَالَ عَلَيَّ ثَلَاثُمِائَةِ بَعِيْرٍ بِأَحْلَاسِهَا وَأَقْتَابِهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَأَنَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْزِلُ عَنِ الْمِنْبَرِ وَهُوَ يَقُوْلُ مَا عَلَى عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ

پس حضرت عثمان اٹھے اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں سو اونٹ بمعہ جھولوں اور کجاووں کے خدا کی راہ میں پیش کروں گا۔ اس کے بعد پھر آپ نے لوگوں کو امداد کی طرف توجہ دلائی۔ حضرت عثمان پھر کھڑے ہو کر عرض کرنے لگے یارسول اللہ ﷺ میں اور دو سو اونٹ بمعہ سامان کے اللہ کی راہ میں پیش کروں گا۔ آپ ﷺ نے پھر لوگوں کو امداد کی طرف توجہ دلائی تو حضرت عثمان پھر کھڑے ہو کر عرض کرنے لگے یارسول اللہ ﷺ

(۱) تاریخ الخلفاء ۱۴۷: ۱۴۸ (۲) جامع ترمذی ۵: ۶۲۴ رقم ۳۶۹۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

هٰذِهٖ مَا عَلٰی عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ هٰذِهٖ (۱)

میں تین سو اونٹ اللہ کی راہ میں پیش کرتا ہوں بمعہ سامان کے۔ یہ سب اونٹ ملا کر چھ سو اونٹ ہوئے راوی کہتے ہیں پھر میں نے دیکھا کہ حضور ﷺ منبر سے اترتے جاتے اور فرماتے جاتے اب عثمان کو وہ چیز نقصان نہ پہنچائے گی جو اس کے بعد کریں گے اب عثمان کو کوئی عمل کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا جو وہ بعد میں کریں گے یعنی ان کی یہ نیکی ان کی تمام آئندہ برائیوں کا بھی کفارہ ہے۔

اس حدیث کے تحت ملا علی قاری مرقات میں فرماتے ہیں کہ سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اعلان تو چھ سو اونٹوں کا کیا لیکن نو سو پچاس اونٹ پیش کئے پھر ہزار کے تکملہ کے لیے پچاس گھوڑے مع ساز و سامان حاضر کیے اور ایک ہزار اشرفیاں حاضر کیں۔

یہ بھی معلوم ہوا کہ جہاں سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے لیے گزشتہ گناہوں کے معاف ہونے کی بشارت ہے وہاں آئندہ گناہوں سے محفوظ رہنے کی اور پھر یہ کہ ان کا خاتمہ ایمان پر ہوگا۔

یہ زمانہ مسلمانوں پر سخت تنگی کا تھا گرمی بہت شدید تھی اور تبوک کی جگہ بہت دور تھی خیبر مدینہ طیبہ سے ایک سو ساٹھ میل کے فاصلہ پر ہے اور خیبر سے تبوک پانچ سو میل کے فاصلہ پر ہے تو اس طرح معلوم یہ ہوا کہ مدینہ طیبہ سے تبوک چھ سو ساٹھ میل ہے یہ غزوہ حضور اقدس ﷺ کا آخری غزوہ تھا جو ۹ ھ میں ہوا اس کے بعد آپ نے کوئی غزوہ نہ فرمایا اور اس غزوہ میں مسلمانوں کی تعداد سب سے زیادہ تھی۔ یاد رہے کہ غزوہ بدر میں لشکر اسلام تین سو تیرہ اور احد میں سات سو اور حدیبیہ میں پندرہ سو اور فتح مکہ میں دس ہزار اور غزوہ حنین میں بارہ ہزار اور شیخ محقق علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ غزوہ تبوک جس کو جیشِ عسرہ کہا جاتا ہے اس میں مسلمانان اسلام کی تعداد چالیس ہزار سے بہتر ہزار کے درمیان تھی۔ (الجواہر)

## بارگاہ رسالتِ مآب میں دیناروں کا ڈھیر
## اور سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ روایت کرتے ہیں کہ جیشِ عسرہ کے زمانہ میں حضرت عثمان بارگاہ رسالت م آب میں حاضر ہوئے۔

جَاءَ عُثْمَانُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِاَلْفِ دِیْنَارٍ فِیْ کُمِّهٖ حِیْنَ جَهَّزَ جَیْشَ الْعُسْرَةِ فَنَثَرَهَا فِیْ حِجْرِهٖ فَرَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُقَلِّبُهَا فِیْ حِجْرِهٖ وَهُوَ یَقُوْلُ مَا ضَرَّ عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ الْیَوْمِ مَرَّتَیْنِ (۲)

حضرت عثمان جیشِ عسرت کی تیاری کے وقت بارگاہِ رسالت میں ایک ہزار دینار اپنے کرتے کی آستین میں بھر کر لائے اور ان کو رسول اللہ ﷺ کی گود اقدس میں ڈال دیا۔ حضور علیہ السلام اپنی گود میں دیناروں کو الٹ پلٹ کر دیکھتے جاتے اور فرماتے جاتے تھے آج کے بعد میرے عثمان کوئی غلطی کر بیٹھیں گے تو ان کو کچھ ضرر نہ پہنچے گا یعنی یہ عمل ان کے آئندہ اعمال کے لیے بھی معافی کا سبب ہے۔

(۱) جامع ترمذی ۵:۲۶۵، رقم ۳۷۰۰ (۲) جامع ترمذی ۶۶۵۵، رقم ۳۷۰۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سیّدنا عثمان غنی نے اشرفیاں خود جیش عسرہ والوں پر خرچ نہ کیں بلکہ خود حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں پیش کیں۔ کمالِ محبت کی اعلیٰ دلیل۔ اور پھر حضور اقدس ﷺ اشرفیوں کے ڈھیر کو ہلاتے اور خوشی سے فرماتے آج کے بعد میرے عثمان کوئی کام بھی کریں مضر نہ ہوگا۔ اس کا یہ معنی نہیں کہ بعد میں حضرت عثمان کو گناہوں کی اجازت دے دی گئی بلکہ مراد یہ ہے کہ اب عثمان کے دل میں کبھی گناہ کا خیال بھی نہیں آسکے گا۔ اس عمل سے ان کی تطہیر کر دی گئی ہے۔ ارشادِ نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام میں پہلے ما نافیہ اور پھر ما علی عثمان اور پھر ما عمل بعد۔ گویا کہ سیّدنا عثمان ابن عفان کی شان اور تطہیر کا بین ثبوت ہے۔

## چاہِ رومہ در مدینہ برضائے نبوت اور عثمان غنی کی خریداری:

طبرانی المعجم الکبیر میں روایت کرتے ہیں کہ جب مہاجرین مکہ معظمہ سے ہجرت کر کے مدینہ شریف آئے تو یہاں کا پانی کھاری تھا جسے پینے کو دل نہیں چاہتا تھا۔ مدینہ طیبہ میں ایک شخص رومہ نامی تھا اس کی مِلک میں ایک کنواں تھا جس کا نام اس کے نام پر رومہ تھا یہ کنواں مسجدِ قبلتین کی شمالی جانب واقع ہے اس کا پانی بہت ہی لذیذ، ہلکا اور زود ہضم ہے۔ اب اس کنواں کو بئر عثمان بھی کہتے ہیں وہ کنواں کا پانی قیمتاً دیتا تھا حضور ﷺ نے فرمایا تم اپنا یہ کنواں جنت کے عوض میرے ہاتھ پر بیچ ڈالو۔ چونکہ اس کنواں کی خرید پر حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ سے جنت کا سودا ہوا تھا حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کون ہے جو اس کنواں کو خرید کر وقف کر دے اس کے عوض وہ جنت اور حوضِ کوثر سے سیراب کیا جائے گا یہ کنواں چونکہ ایک یہودی کا تھا اور وہ بہت قیمت پر اس کا پانی فروخت کرتا تھا اور مسلمانوں کے لیے شدید پریشانی کا سبب تھا سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو خبر ہوئی کہ میرے آقا مولیٰ کی یہ خواہش ہے اور پھر اس کا عوض حوضِ کوثر ہے ساقی کوثر علیہ الصلوۃ والسلام کے قلبِ اقدس کی اس خواہش کو جلدی پورا کرتا ہوں۔ آپ اسی وقت کنواں کے مالک کے پاس گئے اور اس سے بیس ہزار اور بعض روایات میں چالیس ہزار بھی آیا ہے اس بہت بڑی رقم سے کنواں خرید کر سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نامِ اقدس کی رسید کرالی اور یہ کنواں خرید لیا۔ اس پر حضور سیّدِ عالم بہت خوش ہوئے اور تعجب بھی ہوا کہ یہودی نے دیدہ دانستہ مسلمانوں کی وجہ سے اتنی زیادہ قیمت وصول کی۔ سیّدنا عثمان نے عرض کیا حضور اگر وہ اس سے بھی زیادہ رقم مانگتا تو میں دے دیتا۔ جس چیز پر آپ کی تمنا ہو اسے عثمان کیونکر رہنے دے سکتا ہے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اب حوضِ کوثر سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی ملکیت میں ہے جو جنتی کوثر سے پانی پیئے گا وہ سیّدنا عثمان کا پیئے گا۔

## مصطفیٰ ﷺ کے ایک ایک قدم مبارک پر غلاموں کو نثار کرنا:

ایک مرتبہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کی دعوتِ طعام فرمائی۔ نبی ﷺ بمعہ اصحاب کے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے چلے۔ حضرت عثمان پیچھے ہو کر چلتے رہے اور حضور علیہ الصلوۃ والسلام کا ایک ایک قدم مبارک جو آپ کے گھر کی طرف زمین پر پڑ رہا تھا۔ اسے گنتے رہے نبی ﷺ نے دریافت فرمایا اے عثمان میرے قدم کیوں گن رہے ہو؟ حضرت عثمان نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ حضور کے ایک ایک قدم کے عوضِ آپ کی تعظیم و توقیر کی خاطر ایک ایک غلام آزاد کروں۔ چنانچہ حضور ﷺ کے جتنے قدم مبارک حضرت کے مکان تک پڑے حضرت عثمان نے اس قدر ہی غلام آزاد کر دیے۔ (۱)

(۱) نزہۃ المجالس

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ کے ایک ایک قدم پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے غلام آزاد فرمائے۔ یہ آپ کے ایثار اور عشقِ رسول ﷺ کی صحبت میں سرشاری کا بیّن ثبوت ہے۔

## مجسمہ و پیکر حیاء و ایمان حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ:

مسلم شریف میں حضرت ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ حضور سیّدِ عالم ﷺ اپنے گھر میں تشریف فرما تھے اس حال میں کہ پنڈلی مبارک سے کپڑا اٹھا ہوا تھا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حاضری کی اجازت چاہی آپ نے ان کو بلا لیا اور لیٹے رہے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت چاہی آپ نے ان کو بھی بلا لیا اور اسی طرح لیٹے رہے یعنی ان دونوں حضرات سے بے تکلف رہے اور اسی طرح آرام فرما رہے پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب فرمائی آپ اٹھ کر بیٹھ گئے اور کپڑوں کو درست فرمایا (یعنی پنڈلیاں مبارک ڈھک لیں) پھر جب یہ سب چلے گئے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ حضرت ابوبکر و حضرت عمر رضی اللہ عنہما آئے آپ اسی حالت میں لیٹے رہے۔ لیکن جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے تو آپ اٹھ کر بیٹھ گئے اور اپنے کپڑوں کو درست کر لیا۔ اس کا کیا سبب ہے؟ آپ نے فرمایا:

فَقَالَ اَسْتَحِیْ مِنْ رُجُلٍ تَسْتَحِیْ مِنْهُ الْمَلَائِکَةُ (۱) کیا میں اس شخص سے حیا نہ کروں جس سے ملا اعلیٰ کے فرشتے بھی حیاء کرتے ہیں۔

سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی شرم و حیاء کا یہ حال تھا کہ آپ غسل خانہ میں بھی تہبند باندھ کر غسل فرماتے تھے تب بھی آپ سیدھے ہو کر غسل نہ فرماتے تھے بلکہ جھکے ہوئے غسل فرماتے اور آپ نے ساری عمر اقدس میں اپنی شرمگاہ کو بھی نہ دیکھا اسی لیے ایک حدیث میں آتا ہے کہ حضور اقدس ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ میرا عثمان بڑا شرمیلا ہے اے اللہ تو میرے عثمان کی شرم و حیا کی لاج رکھ اور قیامت کے روز اس کا حساب نہ لینا اے مولیٰ جس کی شرم و حیاء کا یہ عالم دنیا میں ہے وہ کل تیرے حضور کیسے حساب دے سکے گا اسی لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جلدی سے اٹھ کر بیٹھ گئے اور پنڈلی اقدس کو ڈھانپ لیا کہ میرا عثمان شرم و حیاء کا مجسمہ ہے اس حال میں مجھ کو دیکھ کر بات بھی نہیں کر سکے گا جن کی شرم کا یہ عالم ہے سبحان اللہ جس سے خدا کے فرشتے بھی شرم کریں۔ اور مصطفیٰ ﷺ بھی حیاء فرمائیں باغِ رسالت کے اس پھول عثمان رضی اللہ عنہ کی کتنی بلند شان ہے۔

ان لوگوں کو سوچنا چاہئے کہ آج ان کی حالت کیا ہے مرد اور عورتیں سبھی کثرت کے ساتھ ننگے پھر رہے ہیں اور کسی بات میں کوئی حیاء نہ رہی گویا کہ مرد عورتیں کپڑے پہننے کے باوجود ننگے ہیں ایسے باریک کپڑے مردوں اور عورتوں نے پہننے شروع کیے ہیں کہ تمام جسم بلکہ ایک ایک بال نظر آتا ہے یہ برہنگی اور بے پردگی بازاروں اور گھروں میں ایسی خطرناک حد تک پھیل چکی ہے جو کہ سراسر تباہی اور بربادی کا نتیجہ ہے۔ اور یہ بے حیائی و بے پردگی ایمان درست نہ ہونے کی بھی ایک کڑی ہے۔ اَلْحَیَاءُ شُعْبَةٌ مِّنَ الْاِیْمَانِ کے مطابق حیاء ایمان کی شاخ ہے اور جس میں حیاء نہیں اس میں ایمان کی شاخ نہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس عظیم شخصیت کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرما دے تاکہ اس حیاء کے اپنانے کے ساتھ ساتھ ہم ایمان میں کامل ہو سکیں۔

(۱) صحیح مسلم ۴:۱۸۶۶ رقم ۲۴۰۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## بیعت رضوان، نبی غیب دان اور سیّدنا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ:

ایک مرتبہ حضور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیت اللہ شریف کی زیارت کے لیے بقصد عمرہ مکہ معظّمہ کو روانہ ہوئے۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان آپ کے ہمراہ تھے راستہ میں مقام حدیبیہ پر ٹھہرے اور حضرت عثمان کو قریشِ مکہ کے پاس مکہ معظّمہ بھیجا اور فرمایا: ان سے کہنا کہ ہم کسی جنگ کی نیت سے نہیں آرہے بلکہ صرف زیارت کے لیے آرہے ہیں اور مکہ کے مسلمانوں سے کہنا کہ گھبرائیں نہیں عنقریب ہم مکہ کو فتح کرلیں گے چنانچہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ آپ کا پیغام لے کر قاصد کی حیثیت سے روانہ ہوگئے اور مکہ معظّمہ جا کر قریشِ مکہ کو آپ کا پیغام دیا انہوں نے کہا ہم اس سال تو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مکہ نہیں آنے دیں گے۔ ہاں اگر آپ کعبہ کا طواف کرنا چاہیں تو شوق سے کرسکتے ہیں۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا ایسا کبھی نہیں ہوسکتا کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بغیر طوافِ کعبہ کروں پھر وہاں سے مکہ کے مسلمانوں کے پاس جا کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی فتح مکہ کی پیش گوئی سنائی ادھر حدیبیہ کے مقام پر صحابہ میں یہ بات مشہور ہوگئی کہ حضرت عثمان خوش نصیب ہیں جو کہ طواف بیت اللہ کر چکے ہیں۔ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا اے صحابہ میں جانتا ہوں کہ عثمان میرے بغیر کبھی طواف نہیں کرسکتے تم یہ یقین رکھو پھر جو آپ کے آنے میں کچھ دیر ہوئی تو آپ کے متعلق یہ بات مشہور ہوگئی کہ قریشِ مکہ نے حضرت عثمان کو شہید کر دیا ہے اس بات سے مسلمانوں کے دلوں میں کافروں سے مقابلہ کرنے کا جوش پیدا ہوگیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا عثمان زندہ ہیں ان کو ہرگز کفار نے کچھ اذیت نہیں پہنچائی پھر نبی علیہ الصلوۃ والسلام نے صحابہ کرام سے اپنے ہاتھ پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی بیعت لی اور فرمایا میرے عثمان نے نہ کعبہ کا طواف کیا اور نہ عمرہ کیا۔ یہ حضرت عثمان کے عشقِ رسول کا اعلیٰ ثبوت ہے اس وقت جب مسلمانوں سے آپ نے بیعت لی تو فرمایا یہ ایک ہاتھ میرا ہے اور دوسرا عثمان کا ہے اور میں خود عثمان کی طرف سے اپنے ہاتھ پر بیعت کرتا ہوں۔ جب اصحاب مصطفیٰ علیہ الصلوۃ والسلام نے حضرت عثمان کی بیعت حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے ہاتھ پر کرلی تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ۙ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا (۱)

## سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا حلیۂ اقدس

ابن عساکر سے روایت ہے کہ

اَنَّ عُثْمَانَ كَانَ رَجُلًا رُبْعَةً لَيْسَ بِالْقَصِيْرِ وَلَا بِالطَّوِيْلِ حُسْنُ الْوَجْهِ اَبْيَضُ مُشْرَبًا حُمْرَةً بِوَجْهِهٖ نُكَتَاتُ جَدَرِيٍّ كَثِيْرُ اللِّحْيَةِ عَظِيْمُ الْكَرَادِيْسِ بَعِيْدٌ مَا بَيْنَ الْمُنْكَبَيْنِ خَدْلُ السَّاقَيْنِ طَوِيْلُ الذِّرَاعَيْنِ شَعْرَةٌ قَدْ كَسَا ذِرَاعَيْهِ جَعْدُ الرَّاْسِ اَضْلَعُ اَحْسَنُ النَّاسِ ثَغْرًا جُمَّتُهٗ اَسْفَلُ مِنْ اُذُنَيْهِ يَخْضِبُ بِالصُّفْرَةِ وَكَانَ قَدْ شَدَّ اَسْنَانَهٗ بِالذَّهَبِ (۲)

حضرت عثمان میانہ قد اور خوبصورت تھے رنگت میں سفیدی کے ساتھ سرخی ملی ہوئی تھی چہرہ اقدس پر چیچک کے داغ تھے داڑھی مبارک بہت گھنی تھی چوڑی ہڈی کے تھے شانوں میں زیادہ فاصلہ تھا۔ پنڈلیاں بھری بھری تھیں، ہاتھ لمبے تھے جن پر بال اگے ہوئے تھے۔ سر مبارک کے بال گھنگھر یالے تھے دانت خوبصورت تھے۔ کنپٹی کے بال کانوں تک تھے زرد خضاب کرتے تھے دانتوں کو سونے سے باندھ رکھا تھا۔

آپ کے خوبصورت ہونے پر دیگر روایات بھی آئی ہیں کہ بہت زیادہ حسن و جمال والے تھے۔

(۱) الفتح ۴۸:۱۸ (۲) تاریخ الخلفاء: ۱۵۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے عہدۂ خلافت کی اجمالی خصوصیات

عامۃ المسلمین بمعہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے بالاتفاق حضرت عثمان ذوالنورین کی بیعت کر لی اور سب نے آپ کو اپنا خلیفہ تسلیم کر لیا۔ اس وقت حضرت عثمان کی عمر مبارک ستر برس تھی۔ یکم محرم الحرام ۲۴ھ کو مسندِ خلافت پر فائز ہوئے جب کہ مملکت اسلامیہ میں چاروں طرف ابتری اور بدامنی کے آثار نمایاں تھے ایران کے صوبوں میں بغاوت رونما تھی، خراسان، آرمینیا اور آذر بائیجان کے علاقے سرکشی دکھا رہے تھے مصر اور اسکندریہ میں رومیوں کی آتشِ بغاوت کے شعلے بلند ہو رہے تھے غرضیکہ ہر طرف خلفشار اور انتشار تھا۔ لیکن حضرت عثمان نے نہایت مستعدی دلیری اور تدبر سے تمام بغاوتوں کا استیصال کر دیا تھا نہ صرف یہ بلکہ اسلامی سلطنت کی حدود سندھ اور کابل سے لے کر یورپ کی سرحدوں تک وسیع کر دی گئیں۔ حضرت عثمان کے ہی دور میں ترکستان، کابل، سندھ میں فتوحات حاصل ہوئیں اور بحیرہ روم کے جزیرہ قبرص پر مسلمانوں نے پورا تسلط قائم کر لیا۔

۱۔ حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت کے پہلے ہی سال ملک رے فتح ہوا۔

۲۔ اور اسی سال ملکِ روم کا اکثر حصہ فتح ہوا۔ آغاز خلافت میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے نظامِ فاروقی میں کوئی تغیر تبدیلی نہیں فرمایا صرف حضرت عمر کی وصیت کے مطابق مغیرہ بن شعبہ کو کوفہ کی گورنری سے موقوف کر کے حضرت سعد بن ابی وقاص کو کوفہ کا گورنر مقرر فرمایا۔

۳۔ ۲۵ھ میں اسکندریہ میں مقیم رومیوں نے قیصر کے اکسانے پر بغاوت کر دی قسطنطنیہ سے ان کی امداد کے لیے ایک جنگی بیڑا بھی روانہ کیا۔ حضرت عمرو بن العاص حاکمِ مصر نے رومیوں کو شکستِ فاش دے دی اور آئندہ حفاظت کی غرض سے اسکندریہ کی پناہ گاہ کے شہر کو مسمار کر دیا۔

۴۔ مسجد حرام ۲۶ھ میں آپ نے کچھ مکانات خرید کر مسجد حرام کو وسیع فرمایا اور اسی سال سابور فتح فرمایا۔

۵۔ ۲۷ ہجری میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے جہاز پر لشکر لے جا کر قبرص پر حملہ کیا اس لشکر میں عبادہ بن صامت معہ اپنی زوجہ ام حرام بنت ملحان کے ہمراہ شامل تھے آپ کی زوجہ گھوڑے سے گر کر انتقال کر گئیں۔ جنہیں وہیں دفن کیا گیا۔ اس لشکر کے متعلق حضور رسالتِ مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیشگوئی کی تھی اور فرمایا تھا کہ اس لشکر میں عبادہ اور ان کی بیوی بھی ہوگی اور وہیں ان کی فتح ہوگی اسی سال ارجان اور دارالجرد فتح ہوا۔ اور اسی سال حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو معزول کر کے عبداللہ ابن سعد بن ابی سرح رضی اللہ عنہ کو مقرر فرمایا اور انہوں نے وہاں پہنچ کر افریقہ پر حملہ کیا اور اس کو فتح کر کے تمام ملک اپنے قبضہ میں کر لیا۔ یہاں پر مسلمانوں کو مالِ غنیمت اتنا ہاتھ لگا کہ ہر سپاہی کو ایک ایک ہزار دینار اور بقول بعض کے تین تین ہزار ملے اس کے بعد اسی سال اندلس فتح ہوا۔ (یاد رہے کہ عبداللہ بن ابی سرح ہی سیّدنا عثمان کے لیے فتح کا سبب بنے) ۲۹ھ میں اصطخر اور قساء اور ان کے علاوہ دیگر ممالک میں لڑائی سے فتح ہوئی اور اسی ۲۹ھ میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور زیادہ وسیع کیا اور اس میں منقش خوبصورت پتھر لگوائے اور ستون بھی پتھر ہی کے لگوائے اور اس کی چھت میں ساگوان کی لکڑی لگوائی۔

۳۰ھ میں جور اور اکثر شہر خراسان کے اور نیشاپور صلح سے فتح ہوئے اسی سال حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ولید بن عتبہ کو معزول کر کے سعید بن العاص کو کوفہ کا گورنر مقرر فرمایا یہ تیسرے گورنر تھے جو حضرت کے زمانہ میں معزول کیے گئے۔ فتح طبرستان، ایرانیوں کی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بغاوت میں اہالیان طبرستان بھی ان کے ساتھ شریک تھے۔ ۳۰ ہجری میں سعید بن العاص نے طبرستان پر فوج کشی کی۔ اس مہم میں حضرت سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہ بھی شریک تھے۔ سعید ابن العاص نے جرجان پر حملہ کیا۔ وہاں کے باشندوں نے دو لاکھ درہم سالانہ بطورِ جزیہ دینا منظور کیا اور صلح کر لی۔ عبداللہ بن عامر فارس کی فتح سے فارغ ہو کر خراسان پہنچے اور پورے علاقہ میں فوجیں پھیلا دیں اور خراسان کے تمام بڑے بڑے مقامات سرخس، نیشاپور اور ابیورد فتح کر لیے۔ یزدگرد والی فارس اسی جگہ مقیم تھا۔ مسلمانوں نے اس کا تعاقب کیا وہ کئی مہینے ادھر ادھر مارا پھرتا رہا۔ اور آخر ایک دہقانی کے ہاتھ سے قتل ہو گیا۔ خراسان پر قابو پانے کے بعد ابن عامر طخارستان کی طرف بڑھے۔ اور احنف بن قیس کو اس مہم پر بھیجا احنف نے ایک نہایت ہی خونریز جنگ کے بعد متحدہ قبائل کے لشکروں کو شکست دے دی اقرع نے بڑھ کر جرجان پر قبضہ کر لیا۔ احنف خود بلخ کی طرف روانہ ہو گئے اور ماوراء النہر کے امیروں نے احنف کے مقابلہ کی تاب نہ لا کر صلح کر لی۔

ابنِ عامر نے کرمان کی مہم پر مجاشع بن سعود اور سجستان کی مہم پر ربیع بن زیاد کو پہلے ہی بھیج دیا تھا۔ ان دونوں نے شدید جنگ کے بعد کرمان اور سجستان دونوں پر قبضہ کر لیا۔

فتح کش، دوار، ابنِ عامر نے ایک دوسرے سال عبدالرحمن بن سمرہ کو سجستان سے کابل کی طرف جانے کا حکم دیا اس نے رخج سے دوار تک تمام علاقے فتح کر لیے دوار کے باشندوں نے صلح کر لی۔ پھر عبدالرحمٰن زابستان کی طرف بڑھے اور غزنہ سے لے کر کابل تک اسلامی پرچم لہرا دیا۔ رومی ۳۱ھ میں پانچ سو جہازوں کا ایک نہایت طاقتور بیڑہ لے کر شام کے ساحل پر حملہ آور ہوئے لیکن حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور عبداللہ ابن سرح رضی اللہ عنہ نے رومیوں کا مقابلہ کیا اس مہم میں رومیوں کو شکست ہوئی اور مسلمانوں نے یہ ثابت کر دیا کہ مسلمان بحری جنگیں بھی کامیابی کے ساتھ لڑ سکتے ہیں (۱)

## غیبی خبر، فتنوں کی پیداوار اور سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی حقانیت:

حضرت مرہ بن کعب سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا:

وَذَكَرَ الْفِتَنَ فَقَرَّبَهَا فَمَرَّ رَجُلٌ مَقْنَعٌ فِيْ ثَوْبٍ فَقَالَ هٰذَا يَوْمَئِذٍ عَلَى الْهُدٰى فَقُمْتُ اِلَيْهِ فَاِذَا هُوَ عثمانُ بْنُ عَفَّانٍ قَالَ فَأَقْبَلْتُ عَلَيْهِ بِوَجْهِهٖ فَقلتُ! هٰذَا؟ قَالَ نَعَمْ

آپ فتنوں کے پیدا ہونے کا ذکر فرما رہے تھے اور ان فتنوں کا بہت جلد پیدا ہونے کو کہا کہ ایک شخص چادر پوش گزرے تو فرمایا اس دن یہ شخص ہدایت پر ہوں گے مرہ بن کعب کہتے ہیں میں اٹھا اور دیکھا وہ شخص عثمان ابن عفان تھے کہتے ہیں میں نے آپ کا چہرہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے سامنے کر کے عرض کیا: آقا یہ شخص؟ تو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہاں (یعنی عثمان ابن عفان ہی ہے)

اس سے معلوم ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قبل از وقت خبر دے رہے تھے کہ پہلا فتنہ جو اسلام میں واقع ہوگا وہ دورِ عثمان غنی میں ہوگا۔ اور سیّدنا حضرت عثمانِ رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں پیدا ہونے والے فتنوں میں عثمان ہدایت اور حق پر ہوں گے اور پھر فتنے پر فتنے پیدا ہوتے رہیں گے لیکن عثمان حق پر ہوں گے۔ تاکہ کوئی آپ کی شہادت پر آپ کو قصوروار نہ کہے۔

(۱) تاریخ الخلفاء للسیوطی: ۱۵۴، ۱۵۵

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مکہ کے فتح ہوتے ہی مکہ والوں نے اسلام قبول کرلیا۔تمام قبیلوں کی نگاہیں قریش کی طرف لگی ہوئی تھیں۔کعبہ کے متولی ہونے کی وجہ سے ان کو سب عزت کی نگاہ سے دیکھتے تھے قریش نے بھی کئی سال اسلام کی مخالفت کرنے کے بعد جب اسلام قبول کرلیا تو اسلام کی حقانیت میں کچھ شک وشبہ نہ رہا۔قرب وجوار کے باشندے گروہ در گروہ حلقہء اسلام میں داخل ہو گئے۔زمانہ نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسّلام میں ہی یہودی جو دینِ اسلام اور پیغمبرِ خدا کے سخت دشمن تھے ان کا قلع قمع ہو گیا تھا کئی مفسد اور دغاباز قبیلے جلاوطن کر دیے گئے تھے۔تین مفسد اور سازش کرنے والے یہودی قتل کر دیے گئے۔خیبر ان کا پرانا اور مستحکم مرکز تھا وہ بھی فتح ہو گیا وہاں سے بھی جلاوطنی کا حکم ہو گیا تھا مگر یہودیوں کی عاجزانہ درخواست پر حضور نبی کریم ﷺ نے بٹائی پر مقبوضہ باغات اور اراضی کی زراعت کرنے کی اجازت ان کے کاشتکاروں کو دے دی لیکن کئی برس کے بعد حضرت سیّدنا عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ نے تنگ آ کر آخر کار آئے روز فتنہ وفساد کو کم کرنے کے لیے ان کو خیبر سے بھی نکال دیا ظاہر ہوتا ہے کہ یہودی سب کچھ چھوڑنا برداشت کر سکتے تھے لیکن مسلمانوں کے خلاف مفسدانہ سازشیں نہیں چھوڑ سکتے تھے ان کے کئی گروہ تھے ایک وہ جو خلوصِ دل کے ساتھ مسلمان ہو گئے تھے دوسرے وہ جو بظاہر مسلمان ہو گئے مگر تھے منافق ۔یہ بہت سخت خطرناک تھے۔کیونکہ اسلامی دوستی کے پردہ میں مسلمانوں کو نقصان پہنچاتے تھے زمانہ سیّدنا ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما میں ان کا کچھ داؤ نہ چلا وہ زمانہ ان کے منصوبوں اور فتنہ پردازیوں کے لیے موافق نہ تھا۔لیکن حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے عہدۂ خلافت کے آخری حصہ میں جب مسلمان جنگوں سے فارغ ہوئے اور فتح یابی کی نعمتوں کے ساتھ نہایت امن کے ساتھ زندگی بسر کرنے لگے تو یہودیوں نے حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی نرم مزاجی سے فائدہ اٹھا کر اسلام کی تخریب اور اس میں فرقے پیدا کرنے کا پروپیگنڈہ خاموشی اور استقلال کے ساتھ وسیع پیمانے پر شروع کر دیا جس میں ان کو آہستہ آہستہ اس منافقانہ حال سے فائدہ حاصل ہوا۔

کسی چیز کی طاقت کو کم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس کے اجزاء کو الگ الگ کر دیا جائے۔مسلمانوں کی طاقت کو گھٹانے کے لیے انہوں نے یہی تدبیر اختیار کی۔جس سے آپس میں پھوٹ پڑ گئی اور مسلمانوں کی طاقت کمزور ہو گئی۔

یمن جو عرب کا جنوبی حصہ ہے حضور ﷺ کے زمانہ بعثت کے پیشتر ہی بہت زرخیز تھا۔علوم وفنون میں ترقی پذیر تھا۔اس میں ایک شہر صفاء تھا وہاں پر یہودیوں کا خاندان بڑا معزز تھا اپنے علوم میں پیشوا تھا۔عبداللہ ابن سبا اسی خاندان سے تھا۔یہ عالم بھی تھا توریت وانجیل سے واقف تھا عربی میں کافی دستگاہ رکھتا تھا۔اپنے عقائد میں مضبوط تھا۔نہایت ہوشیار چالاک تھا دماغ میں ہر قسم کا فتور رکھتا تھا جب اس نے دیکھا کہ اسلام کے پھیلنے سے یہودیوں کو سخت ذلت اٹھانا پڑی تو اس نے خیال کیا کہ اب مسلمانوں میں اختلاف ڈالا جائے اور اس کی صورت یہی ہو سکتی ہے کہ میں ظاہراً مسلمان ہو جاؤں۔اسی منافقانہ چال سے مسلمانوں میں خوب پھوٹ پڑ جائے گی چنانچہ خلافتِ عثمانی میں اسے اپنے ناپاک منصوبوں اور خطرناک سازش کے لیے مناسب فضا مہیا ہوئی لہٰذا اس نے مدینہ طیبہ آ کر حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا۔اور مرتبہ وعزت وجاہ کا خواستگاہ ہوا۔اس نے کوشش کی کہ حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ میری طرف زیادہ التفات کریں لیکن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے التفات نہ فرمانے سے وہ ناکام ہوا تو اس نے مسلمانوں میں پھوٹ ڈالی جو درحقیقت خلافتِ عثمانی کو ختم کرنے کی تھی۔

مدینہ ومکہ میں کچھ عرصہ رہا اور فتنہ پھیلانے کی کوشش کرتا رہا لیکن اس کا یہاں پر داؤ نہ چلا تو پھر یہ شہرِ بصرہ میں گیا اور وہاں کچھ نقصان پھیلایا پھر کوفہ میں گیا وہاں پوری طرح اسے موقع نہ ملا۔جب مصر میں آیا تو مصر کے لوگوں کو بھڑکانا شروع کیا اور ان سے طرح

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

طرح کی باتیں کیں۔ کسی کو یہ کہا کہ بتاؤ محمد (ﷺ) کا مرتبہ زیادہ ہے یا عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا؟ سب نے کہا کہ ہمارے حضور ﷺ کا۔ کہنے لگا بڑا افسوس ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام تو قیامت سے پہلے آئیں اور کافروں کو ہلاک کریں۔ اور حضور ﷺ نہ آئیں اور آپ کے دشمن جو چاہیں کریں یہ بات کب ہوسکتی ہے اس بات کو رجعت پسند بعض اہلِ مصر نے مان لیا۔ جب وہ یہاں تک پہنچا تو ایک قدم اور آگے بڑھا اور کہنے لگا ہر نبی کا ایک ولی ہوتا ہے اور حضور کے ولی حضرت علی کرم اللہ وجہہ ہیں۔ خلافت کا حق ولی کا ہوتا ہے حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے خلافت کو غصب کیا ہے۔ تم کسی طرح سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کو خلافت سے الگ کرو اور سیّدنا علی کو بٹھاؤ۔ یہ بے دین حضرت علی رضی اللہ عنہ کا بھی خیر خواہ نہ تھا وہ تو محض مسلمانوں میں افتراق پیدا کرنا چاہتا تھا۔ چنانچہ کئی لوگ اس کے داؤ میں آ گئے اور کہنے لگے ہم سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کو کس طریقہ سے خلافت سے الگ کریں۔ یہ عبداللہ بن سبا کہنے لگا کہ حضرت سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی طرف سے مصر کے جو حکام مقرر ہیں تم ان کی شان میں اعتراضات کرنے شروع کر دو۔ اور لوگوں کو اپنی طرف راغب کرو اور جگہ جگہ مصر میں خط روانہ کرو چنانچہ جگہ جگہ سے حاکموں کے متعلق شکایات لکھی جانے لگیں اور رائے عامہ کو اس طرف کیا جانے لگا کہ سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے حاکم ظلم کرتے ہیں۔ بہت سے لوگ کوفہ و بصرہ کے بھی اس سازش میں شریک ہو گئے یہاں تک کہ اہلِ مصر و بصرہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ اور تو ہم ہر طرح سے چین سے ہیں لیکن آپ کے حاکم ہم پر ظلم کرتے ہیں آپ انہیں موقوف کر دیں۔ حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے جواب میں لکھا کہ جس جس پر عاملوں نے ظلم کیا ہے وہ اس مرتبہ ضرور حج پر آئیں اور میرے عامل بھی آئیں گے اس وقت سب کے ظلم کا بدلہ دلوا دوں گا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ادھر اپنے تمام عاملوں کو طلب کر لیا چنانچہ حکام تو سب آ گئے مگر شکایت کرنے والوں میں سے کوئی نہ آیا حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے سب حاکموں سے پوچھا کہ تم ظلم کیوں کرتے ہو؟ تو ان سب نے عرض کیا یہ بات بالکل غلط اور بناوٹی ہے۔ ہم نے کبھی ظلم نہیں کیا۔ چنانچہ حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے یہ بھی معلوم کر لیا کہ یہ محض شرارت اور جھوٹ ہے۔ (الجواہر)

ابنِ سبا یہودی کی سازش سے روز بروز اہلِ مصر و کوفہ و بصرہ والے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے خلاف ہو گئے۔ اور بصرہ والوں نے بے بنیاد شکایات کی فہرست تیار کر کے حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کو بھیجی جن کا جواب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے دیا۔ پھر دوسری مرتبہ بھی انہوں نے ایسا ہی کیا تو حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے کوئی جواب نہ دیا۔ پھر اس کے بعد ابنِ سبا کے اکسانے پر ایک ہزار مصری اور اسی قدر کوفی اور پانچ سو بصرہ کے لوگ مدینہ منورہ کی طرف روانہ ہوئے اور مدینہ منورہ کو گھیر لیا۔ جب حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ لوگ میرے قتل کے درپے ہیں۔ تو آپ نے حضرت سیّدنا علی رضی اللہ عنہ سے کہا کہ ان سے کہو جو تمہارا مطلب ہے بیان کرو تا کہ اس کو پورا کروں۔ میرے خون میں اپنے ہاتھوں کو رنگین نہ کریں۔ حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ نے سختی سے ان لوگوں کو روکا اور کہا تمہارا مطلب کیا ہے؟ انہوں نے کہا مصر کے پہلے حاکم کو موقوف کر کے محمد ابن ابوبکر کو مصر کا حاکم بنایا جائے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان کی اس بات کو تسلیم کر لیا۔ اور عبداللہ ابن ابی سرح رضی اللہ عنہ کو معزول کر کے محمد بن ابوبکر کو والیٔ مصر مقرر کر دیا اور اہلِ مصر اس وقت واپس ہوئے۔ (الجواہر)

سیّدنا حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کا قریبی رشتہ دار مروان تھا۔ یہ شخص نہایت ہی فتنہ باز تھا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جب مصر کے حاکم کو معزول کر کے محمد بن ابوبکر کو مقرر کیا تو چونکہ مصر کا سابق حاکم مروان کا رشتہ دار تھا۔ اس لیے اسے یہ بات ناپسند ہوئی تو اس نے ایک جعلی خط مصر کے حاکم کے نام لکھا کہ یہ خط سیّدنا عثمان امیر المؤمنین کی طرف سے ہے۔ جس وقت محمد بن ابی بکر تمہارے پاس آئے تو اسے قتل کر دینا اور فلاں فلاں سات آدمیوں کو بھی قتل کر دینا۔ خفیہ طور پر حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی مہر لگا کر حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ایک غلام کو اونٹ پر سوار کر کے مصر کو روانہ کر دیا۔ راستہ میں وہ لوگ اور یہ غلام باہم مل گئے۔ اس غلام سے پوچھا کہ تم کہاں جا رہے ہو اس نے کہا کہ امیر المؤمنین کا ایک پیغام لے کر جا رہا ہوں لوگوں نے کہا حاکمِ مصر تو ہمارے ساتھ ہیں جو پیغام ہے ان سے کہو کہا یہ نہیں بلکہ جو حاکمِ مصر میں ہے۔ کہا تمہارے پاس کوئی خط ہے غلام نے کہا نہیں۔ لوگوں کو شبہ ہوا اس غلام کی تلاشی لی تو دیکھا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف سے پہلے حاکمِ مصر کو خط ہے اس میں لکھا ہے کہ محمد بن ابی بکر کو لوگوں نے زبردستی حاکم مقرر کروایا ہے۔ جس وقت یہ لوگ مصر میں آئیں تو محمد بن ابی بکر کے ہاتھ پاؤں کاٹ دینا اور ان سب کو دائم الحبس کرنا۔ سب یہ خط دیکھ کر غصہ میں آگ بگولہ ہو گئے اور واپس مدینہ منورہ میں آئے اور مدینہ میں تمام لوگوں کو جمع کیا اور یہ خط سنایا اور کہا اب ہم کو حق ہے کہ حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیں اہلِ کوفہ و بصرہ اپنے مصری بھائیوں کی مدد کے لیے آئے ہیں۔ محمد بن مسلمہ کہتے ہیں یہ دیکھ کر کہ مصری برسرِ فساد ہیں یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس گئے اور بتایا کہ مصری دروازہ پر کھڑے ہیں آپ ان کے نمائندوں کو اپنے پاس آنے کی اجازت دیں اس وقت مروان ابن الحکم نے جو آپ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہنے لگا مجھے اجازت دیں میں ان لوگوں سے بات کرتا ہوں۔ اس پر حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے اسے ڈانٹا اور فرمایا تمہیں اس معاملہ میں بولنے کا اختیار نہیں۔ تب مروان وہاں سے چلا گیا۔ (الجواہر)

## اِرشادِ مصطفوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

### سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کو منصبِ خلافت کا قمیص:

حضرت سیّدہ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرتبہ سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو فرمایا:

يَا عُثْمَانُ! اِنَّهُ لَعَلَّ اللّٰهَ يُقَمِّصُكَ قَمِيْصًا فَاِنْ اَرَادُوْكَ عَلٰى خَلْعِهٖ فَلَا تَخْلَعْهُ لَهُمْ (۱)

اے عثمان! اللہ تعالیٰ تجھ کو ایک قمیض پہنائے گا (یعنی منصبِ خلافت کی) اور لوگ تجھ سے وہ قمیض اتارنا چاہیں تو تم ان لوگوں کی وجہ سے قمیض کو نہ اتارنا (یعنی خلافت سے دستبردار نہ ہونا)۔

یعنی اللہ تعالیٰ تجھ کو خلافت کے منصب پر فائز فرمائے گا اور لوگ تجھ کو معزول کرنا چاہیں گے خلافت کے منصب سے دستبردار نہ ہونا کیونکہ تم حق پر ہو گے اور وہ لوگ باطل پر۔ کیونکہ ایسا کرنے سے شبہ ہو گا کہ شائد آپ حق پر نہیں تھے نبیٔ غیب دان کی پیشگوئی کے مطابق ایسا ہی ہوا۔ اب جب کہ سیّدنا عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ کے سامنے وہ وقت آ گیا تو آپ نے حکمِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعمیل اس طرح ثابت فرمائی کہ جان دے دی اور جامِ شہادت نوش فرما لیا لیکن اس قمیض کو نہ اتارا۔ جسے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول علیہ السلام نے پہنایا تھا۔

چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خط والا تمام واقعہ سیّدنا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو سنایا آپ نے قسم کھا کر فرمایا کہ میں نے اس قسم کا کوئی خط نہیں لکھوایا اور نہ ہی اس کا مجھے علم ہے محمد بن مسلمہ نے بھی اس امر کی تصدیق کی۔ اس پر حضرت سیّدنا علی رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ آپ ان کو اپنے پاس بلا کر اصل حقیقت واضح کر دیں اور ان کی غلط فہمی دور فرما دیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ارشاد پر حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے مصریوں کو اندر آنے کی اجازت دے دی وہ آئے اور سلام عرض کیا۔ ان کے نمائندوں میں سے ابنِ اندلس نے بات کرنی شروع کی۔ کہ ہم مصر سے یہ ارادہ کر کے چلے تھے کہ یا تو آپ کو قتل کر دیں یا خلافت سے دستبردار ہونے پر اصرار کریں لیکن ہم اس بات پر لوٹ گئے کہ آپ نے ہماری منشاء پر عبداللہ ابن ابی سرح کو معزول کر کے محمد بن ابوبکر کو مقرر کر دیا ہے ہم اپنے اپنے شہروں میں جا رہے تھے کہ راستہ میں مقام بویب پر آپ کا

(۱) جامع ترمذی ۵:۲۶۸، رقم ۳۷۰۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

غلام ملا۔ ہم نے اس کے قبضہ سے آپ کا ایک خط برآمد کیا ہے جس پر آپ کی مہر ثبت ہے جو حاکمِ مصر کے نام لکھا تھا۔ اس میں آپ نے ہمیں قتل کرنے اور کوڑے لگانے کی سزائیں دینے کا حکم دیا یہ کہہ کر انہوں نے وہ خط حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو خط دیکھ کر اور پڑھ کر نہایت ہی تعجب و حیرانگی ہوئی اور سخت پریشانی ہوئی کہ یہ کیسا دغا کیا گیا ہے۔ آپ نے فرمایا خدا کی قسم نہ میں نے یہ خط لکھا اور نہ ہی کسی کو لکھنے کا حکم دیا اور نہ کسی کو اشارہ تک کیا اور نہ ہی اس کے لکھے جانے اور پہنچائے جانے کا مجھ کو علم ہے۔

محمد بن مسلمہ کہتے ہیں میں نے اور سیّدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا بالکل سچ ہے اس پر مصریوں نے کہا تو پھر یہ خط کس نے تحریر کیا ہے سیّدنا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے قطعاً معلوم نہیں۔ وہ کہنے لگے یہ کس طرح ممکن ہے کہ مروان آپ کے نام سے ایک خط لکھے آپ ہی کے غلام کو وہ خط دے کر روانہ کرے اور اونٹ سواری کے لیے دے اور اس پر مہر بھی آپ کی لگائے اور آپ کے عمال کو ایسی سخت بات کا حکم دے اور آپ کو اس بات کا علم تک نہ ہو۔ سیّدنا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ سب کچھ کیا جا سکتا ہے یہ کوئی دشوار نہیں۔ وہ کہنے لگے آپ پھر نہایت ہی غافل ثابت ہوئے ہیں اگر ایسی ہی حالت ہے تو آپ کو خلافت چھوڑ دینی چاہیئے۔ حضرت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں وہ قمیض کیسے اتاروں جو اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے پہنائی ہے۔ اور رہا تمہارا مجھے قتل کرنا اس کا مجھے خطرہ نہیں اس لیے کہ میرے آقا و مولا سرورِ کائنات نے مجھے فرما دیا تھا۔

يُقْتَلُ هٰذَا فِيْهَا مَظْلُوْمًا لِعُثْمَانَ (۱) اُس فتنہ میں میرا عثمان رضی اللہ عنہ ظلم سے شہید ہوگا۔

میں اس پر صابر اور شاکر ہوں۔ لیکن یاد رکھو خلیفۂ سیّد الابرار ہوں اور یقیناً تم ایسا ہی کرو گے تو میرے قتل کے بدلے میں اللہ تعالیٰ اسی ہزار آدمی ہلاک کرے گا خدا کی قسم اس وقت تو تم میری موت چاہتے ہو لیکن میرے قتل ہونے کے بعد یوں تمنا کرو گے کہ کاش عثمان رضی اللہ عنہ کا ایک ایک سانس ایک ایک سال کی عمر کے برابر ہوتا۔ اور یاد رکھنا میرے قتل کے بعد تم لوگوں کو چین نصیب نہیں ہو سکے گا اور میری شہادت ہی تمہارے اوپر بلاؤں کی دلیل ہوگی۔

سیّدنا عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ کے مذکورہ بالا ارشاد میں آئندہ فتنوں کے آنے اور قتلِ عام ہونے کی صراحۃً بشارت ہے یہ کوئی بد دعا تو نہ تھی بلکہ پیشین گوئی تھی کہ عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت تمہارے لیے بلاؤں اور قتلِ عام کی ابتداء ہوگی۔

چنانچہ تاریخ گواہ ہے کہ واقعی آپ کی شہادتِ عظمیٰ سے لے کر جمل اور کربلا تک کیا حال ہوا بلکہ اب تک فتنہ پروری اور قتل و غارت کا بازار گرم ہے اور قیامت تک اس سے نجات نہیں مل سکے گی۔

## جو عصائے نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تبرکاً سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس تھا

## چھین کر توڑنے والا تڑپ تڑپ کر مر گیا:

اس دوران ایک شخص نے آپ کے ہاتھ مبارک میں جو عصا مبارک حضور علیہ السلام کا تبرک تھا چھین لیا اور اپنے گھٹنے پر رکھ کر زور سے توڑ ڈالا۔ سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اس نے یہ عصائے اقدس نہیں توڑا بلکہ اپنے آپ کو توڑا ہے زبانِ عثمان رضی اللہ عنہ سے یہ الفاظ نکلنے تھے کہ اسی وقت اس کے گھٹنے پر پھوڑا ہو گیا۔ اس پھوڑے کا نکلنا تھا کہ سارا بدن گلنا شروع ہو گیا اور شام تک تڑپتے تڑپتے مر گیا۔

الغرض جب آپ نے ان لوگوں کو تمام حالات سے آگاہ فرما دیا تو پھر شور و غل پیدا ہو گیا۔ محمد بن مسلمہ کہتے ہیں کہ میں یہ خیال کرنے لگا کہ کہیں یہ لوگ سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ پر حملہ نہ کر دیں۔ یہ منظر دیکھ کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے اور فرمایا نکل جاؤ یہاں سے چنانچہ سب لوگ نکل گئے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنے گھر واپس لوٹ آئے۔

(۱) جامع ترمذی ۵: ۶۳۰، رقم: ۳۷۰۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# علم غیب نبوت ﷺ سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ ظلم وستم سے شہید ہوں گے

حضرت عبداللہ ابنِ عمر سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب فتنوں کا دور شروع ہوگا تو اس وقت یہ میرا عثمان رضی اللہ عنہ ظلم وستم کے ساتھ شہید کیا جائے گا۔ اس کے ساتھ پھر آپ نے فرمایا اے میرے پیارے عثمان رضی اللہ عنہ مجھ سے وعدہ کرو کہ کیا تم اس وقت جب کہ تم پر ظلم وستم کیا جائے گا صبر کرو گے تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ہاں میں اس وقت صبر کروں گا۔

نبی غیب دان سرکار ابد قرار علیہ الصلوۃ والسلام کا یہ فرمان کہ عثمان شہید ہوں گے اور پھر فرمایا کہ ظلم وستم کی انتہا ہوگی اور اے میرے عثمان رضی اللہ عنہ اس وقت صبر کا دامن مضبوطی سے تھامے رکھنا اور ان مظالم کو برداشت کرنا۔ اب اس ظلم وستم کا وقت بالکل عملی شکل میں آ گیا ہے ایک طرف فرمانِ نبوت ﷺ کا نظارہ دیکھ رہے ہیں اور دوسری طرف اس کا نقشہ سر پر آیا ہوا ہے کہ ابنِ سبا یہودی کی سازش اور مروان کی شرارت سے اہلِ مصر و اہلِ کوفہ حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ خلیفہ الرسول ﷺ فی الارض کے بے گناہ خون سے ہاتھ رنگے بغیر نہ رہ سکے چنانچہ یہ لوگ ہزاروں کی تعداد میں بلوہ کر کے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے مکان کا محاصرہ کر کے جمع ہو گئے اس وقت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے جمع ہو کر عرض کیا یا امیر المؤمنین رضی اللہ عنہ آپ ہم کو لڑائی کا حکم دیں اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو خبر دیں تا کہ وہ بھی فوج روانہ کر دیں اور ہم ان کو مار ڈالیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں تم کو قسم دیتا ہوں کہ میرے لیے کسی مسلمان کا ایک قطرہ بھی خون نہ بہانا میں قیامت کے روز خدا کو کیا جواب دوں گا اور نہ ہی مدینۃ الرسول ﷺ کو خونریزی کا میدان بنانا۔ صحابہ نے عرض کیا کہ آپ یہاں سے تشریف لے جائیں آپ نے فرمایا دوستو میں ساری عمر مدینۃ الرسول میں رہا ہوں اور اب موت کے وقت آغوشِ رحمتِ دو عالم ﷺ چھوڑ کر کیسے جا سکتا ہوں۔ اس لیے میری موت وشہادت بھی مدینۃ الرسول ﷺ میں ہوگی۔ یہاں تک کہ بلوائیوں نے آپ کے مکان میں سب کا آنا جانا بند کر دیا اور سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کو نماز کے لیے مسجد میں بھی نہ جانے دیا اور آپ کا پانی بند کر دیا اور جو کچھ گھر میں تھا سب کچھ کھانے کا سامان ختم ہو گیا اور سب گھر والے پانی کو ترسنے لگے جب سات روزیوں ہی گزر گئے اور کسی کو ایک قطرہ بھی پانی نہ ملا تو آپ نے اپنے مکان کی کھڑکی سے سرِ انور باہر نکال کر آواز دی کہ یہاں پر علی رضی اللہ عنہ یا سعد رضی اللہ عنہ ہیں کوئی جواب نہ ملا۔ آپ نے فرمایا اے لوگو! روم وفارس کے بادشاہ بھی اگر کسی کو قید کرتے ہیں تو قیدی کو دانہ پانی ضرور دیتے ہیں میں کون سا گناہ کر بیٹھا ہوں کہ تم پینے کو پانی بھی نہیں دیتے ہو کیا ہے کوئی جو حوضِ کوثر کے پانی کے بدلہ مجھے پانی کا ایک پیالہ دے لیکن ان کو حوضِ کوثر کی کیا پرواہ جن کو خلیفۂ رسول کی عزت کا کچھ پاس نہ رہا۔

## سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی آمد:

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو خبر ہوئی تو وہ تین مشکیں پانی کی بھر کر لائے اور فرمایا اے لوگو یہ کام تو کافر بھی نہیں کرتے جو تم سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ کر رہے ہو۔ تم پر غضبِ خداوندی نازل ہوگا اس کی بھی انہوں نے کچھ پرواہ نہ کی بلکہ پانی کی مشکوں کو برچھیاں مار مار کر تمام پانی نکال دیا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## سیّدہ ام المؤمنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کی آمد:

سیّدہ خچر پر سوار ہو کر ایک مشک پانی بھر کر لائیں کہ ظالم شائد میرا ہی کچھ احترام کر لیں گے اور میں ان تک یہ پانی پہنچا سکوں لیکن انہوں نے اس کی بھی کچھ پرواہ نہ کی اور خچر پر چھڑیاں ماریں تو وہ بھاگا سیّدہ ام المومنین رضی اللہ عنہا بڑی مشکل سے گرنے سے بچ گئیں۔ بعض لوگوں نے کہا بھی ظالمو! ازواجِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا تو کچھ احساس واحترام کرو تم ان صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بھی ایسا ہی سلوک کرنے لگے ہو یہ منظر دیکھ کر اصحابِ رسول تلواریں لے کر آ گئے اور پکار کر کہا یا امیر المؤمنین عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ اب تو اجازت دیجئے تا کہ ہم ان کو مار ڈالیں لیکن پیکرِ حلم ورضا اور عدل وانصاف کے شہنشاہ نے اس وقت بھی سرِ انور کھڑکی سے باہر نکال کر فرمایا ہرگز نہیں اگر میں ایسا کرنا چاہتا تو ہزاروں فوجی شام وعراق سے منگوا لیتا۔ اور تم کو اجازت دے کر ان کا صفایا کرا دیا ہوتا۔ تم میری طرح صبر کرو اور واپس اپنے گھروں میں لوٹ جاؤ لوگ پریشان ہو کر جو آپ کے جانثار تھے چلے گئے کیونکہ حضرت کی اجازت نہ تھی۔ لیکن اس کے باوجود کچھ جانثار پھر بھی نہ گئے اور دروازہ پر آپ کی حفاظت کرتے رہے۔

## سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ اور سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا تقرر:

سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے حکم پر سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ اور سیّد امام حسین رضی اللہ عنہ آپ کے گھر کے دروازہ پر اس لیے متعین ہوئے کہ کسی شر پسند کو تم نے اندر نہیں جانے دینا اور ذرا بھی اس میں کوتاہی نہ کرنا۔ حسنین کریمین رضی اللہ عنہما متواتر اسی طرح حفاظت کے لیے آپ کے دروازہ پر ٹھہرے رہے۔

حضرت ابنِ عباس، حضرت محمد بن طلحہ، حضرت ابو ہریرہ، حضرت عبداللہ ابن زبیر، حضرت ابن الاخنس رضی اللہ عنہم جانثاران بھی دروازہ پر کھڑے رہے کہ کسی طریقہ سے یہ لوگ حضرت تک نہ پہنچ سکیں۔ (الجواہر)

# اتمام حجت سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کا آخری دردناک خطبہ

جب یہ صورتحال شدت اختیار کر گئی تو سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے مکان کی بالائی منزل کی کھڑکی سے سر مبارک نکال کر باغیوں کو چند پچھلی باتیں یاد کرائیں کہ ہوسکتا ہے ان پر کچھ اثر ہو جائے ایسا ہوگا تو نہیں لیکن اتمامِ حجت کے لیے ضروری ہے۔ آپ نے فرمایا:

اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَ بِالْاِسْلَامِ! هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ لَيْسَ بِهَا مَآءٌ يُسْتَعْذَبُ اِلَّا بِئْرُ رُوْمَةَ فَقَالَ مَنْ يَّشْتَرِيْ بِئْرَ رُوْمَةَ يَجْعَلُ فِيْهَا دَلْوَهٗ مَعَ دِلَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ بِخَيْرٍ لَّهٗ مِنْهَا فِي الْجَنَّةِ فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ صُلْبِ مَالِيْ فَجَعَلْتُ دَلْوِيْ فِيْهَا مَعَ دِلَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَنْتُمُ الْيَوْمَ تَمْنَعُوْنِيْ مِنَ الشُّرْبِ مِنْهَا حَتّٰى اَشْرَبَ مِنْ مَآءِ الْبَحْرِ (۱)

میں تم کو اللہ تعالیٰ اور اسلام کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ کیا تم نہیں جانتے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ طیبہ میں تشریف لائے تو یہاں سوائے رومہ کنواں کے میٹھا پانی نہ تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کون ہے جو اس میٹھے کنویں کو خریدے اور اپنا ڈول مسلمانوں کے ڈولوں کے ساتھ کر دے اور فرمایا کون ہے جو اس کنوین کو خرید کر جنت کا مالک بن جائے یعنی اس کنویں کا عوض جنت ہوگا تو میں نے اسی وقت اپنے ذاتی مال سے اس کو خرید لیا اور اپنا ڈول مسلمانوں کے ڈول کے ساتھ کیا، لیکن آج تم مجھے اسی کا پانی پینے سے روکتے ہو اور میں سمندر جیسا کھارا پانی پی رہا ہوں کیا تم کو یاد ہے اس پر سب نے کہا جی ہمیں یاد ہے۔

(۱) سنن نسائی ۶:۲۳۵ رقم: ۳۶۰۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

پھر آپ نے فرمایا میں تم کو اللہ تعالیٰ اور اسلام کی قسم دیتا ہوں مجھے بتاؤ۔

هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ الْمَسْجِدَ ضَاقَّ بِاَهْلِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّشْتَرِيْ بُقْعَةَ اٰلِ فُلَانٍ فَيَزِيْدُهَا فِي الْمَسْجِدِ بِخَيْرٍ لَّهٗ مِنْهَا فِي الْجَنَّةِ فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ صُلْبِ مَالِيْ فَاَنْتُمُ الْيَوْمَ تَمْنَعُوْنِيْ اَنْ اُصَلِّيَ فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ (۱)

کیا تم نہیں جانتے کہ مسجد نبوی ﷺ نمازیوں پر تنگ ہوگئی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: فلاں آدمی کا علاقہ جو اس کے متصل رہائشی تھا، وہ کون خریدے گا تاکہ مسجد کو بڑھایا جائے؟ اس کو اس کے عوض بہترین نعمت جنت ملے گی تو میں نے وہ علاقے ان آدمیوں سے اپنے ذاتی مال سے خرید کر مسجد نبوی ﷺ کو وسیع کرایا، آج اسی مسجد میں تم مجھے دو رکعت نماز نہیں پڑھنے دیتے۔

سب نے کہا: اس میں کچھ شک نہیں پھر آپ نے فرمایا میں تم کو اللہ تعالیٰ اور اسلام کی قسم دے کر پوچھتا ہوں مجھے بتاؤ۔

هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنِّيْ جَهَّزْتُ جَيْشَ الْعُسْرَةِ مِنْ مَالِيْ (۲)

جب مسلمانوں کے لشکر پر سخت تنگی کا وقت آ گیا اور انہیں مالی امداد کا سامنا کرنا پڑا تو اس وقت میں نے اپنے مال سے مسلمانوں کی تنگی و مشکل کو دور کیا

پھر آپ نے فرمایا: میں تم کو اللہ تعالیٰ اور اسلام کی قسم دے کر پوچھتا ہوں مجھے بتاؤ:

اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَلٰى ثَبِيْرٍ مَكَّةَ وَمَعَهٗ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَاَنَا فَتَحَرَّكَ الْجَبَلُ حَتّٰى تَسَاقَطَتْ حِجَارَتُهٗ بِالْحِضِيْضِ قَالَ: فَرَكَضَهٗ بِرِجْلِهٖ قَالَ اُسْكُنْ ثَبِيْرُ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ نَبِيٌّ وَّصِدِّيْقٌ وَّشَهِيْدَانِ

رسول اللہ ﷺ مکہ معظمہ کے ثبیر پہاڑ پر تھے تو آپ کے ساتھ ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما تھے اور میں بھی تھا تو پہاڑ جوش سے ہلا اور اس کے پتھر نیچے گرنے شروع ہوئے تو حضور علیہ السلام نے اپنے پاؤں کی ایڑی مار کر فرمایا: ٹھہر جا اے ثبیر! ٹھہر جا کہ تجھ پر ایک نبی اور صدیق اور دو شہید ہیں۔

اس پر سب نے اقرار کیا: جی ایسا ہی ہے اس پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے تین بار فرمایا:

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُوْا بِيْ رَبِّ الْكَعْبَةِ اِنِّيْ شَهِيْدٌ

اللہ سب سے بڑا ہے۔ پھر گواہ ہو جاؤ رب کعبہ کی قسم! میں شہید ہوں۔

ان تمام خطبات میں سابقہ واقعات کی یاد دہانی کا باغیوں پر کوئی اثر نہ ہوا۔

## بحالتِ تلاوتِ قرآن سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت عظمیٰ

سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو پچاس روز ہو گئے تھے کہ بلوائیوں کے گھیرے میں تھے۔ بالآخر مفسدین نے آپ کو قتل کرنے کا ارادۂ مصمم کر لیا چنانچہ دروازہ پر حملہ کیا اور آگ لگا دی اگرچہ آپ نے اپنے جانثاران کو واپس کر دیا تھا لیکن سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ اور سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور حضرت ابنِ عباس و عبداللہ ابنِ زبیر اور محمد بن طلحہ اور ابن الاخنس بن شریق اور حضرت ابو ہریرہ رضوان اللہ علیہم اجمعین ان بلوائیوں پر ٹوٹ پڑے اور خوب جنگ ہوئی ظالموں کی اس جنگ میں شہزادہ گلگوں قبا سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ اور ریحانِ رسول سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ زخمی ہوئے اور دیگر اصحاب نبوت متذکرہ زخمی ہوئے لیکن شہزادگانِ مصطفی ﷺ کے چہروں پر زخم اور خون دیکھ کر

(۱) سنن نسائی ۶:۲۳۵، رقم ۳۶۰۸ (۲) جامع ترمذی ۵:۲۶۷، رقم ۳۷۰۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بلوائی گھبرا گئے کہ اگر خاندانِ ہاشمی کو یہ پتہ چلا تو ہماری خیر نہیں ہوگی۔ بلوائیوں میں شدید فکر اور کہرام مچ گیا تو انہوں نے سوچا کہ جس مقصد کے لیے ہم اتنے روز سے گھیرا ڈالے ہوئے ہیں وہ بھی ختم ہو جائے گا لہٰذا اسی وقت حضرت سیّدنا عثمان غنی کو شہید کر دینا چاہیے۔

بس اسی حالت میں موقعہ پا کر ظالموں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پڑوسی عمرو بن حزم کے گھر کا رخنہ لیا اور اس راستہ سے سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے مکان کے اندر داخل ہو گئے۔

سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ اس وقت نماز ادا فرما کر قرآنِ حکیم کی تلاوت فرما رہے تھے اور آپ کی زوجہ نائلہ آپ کے پاس بیٹھی ہوئی تھیں آپ فرماتی ہیں مجھے سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے فرما دیا تھا کہ آج رات مجھ کو میرے آقا و مولیٰ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرما دیا ہے اور اس وقت ان کے ہمراہ سیّدنا ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما تھے اور آپ نے فرمایا اے عثمان رضی اللہ عنہ کل کا روزہ ہمارے پاس آ کر کھولو۔ آپ متواتر روزے رکھ رہے تھے سیّدہ نائلہ فرماتی ہیں مجھے حضرت کے اس فرمان پر یقینِ کامل ہو گیا کہ یہ مردِ صالح و کامل سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ آج یقیناً ہم سے جدا ہو جائیں گے اور مجھ کو بے سر و سامان چھوڑ جائیں گے اس لیے میں آپ کے پاس ہی بیٹھی تھی کہ بلوائیوں میں سے سب سے پہلے ایک شخص محمد بن ابوبکر آیا اور سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی داڑھی مبارک کی توہین کی۔ آپ نے تلاوتِ قرآن فرماتے ہوئے فرمایا ارے ظالم! کاش اگر آج تیرا باپ تیری اس حرکت کو دیکھتا تو تجھے قتل کر دیتا۔ یہ سنتے ہی محمد ابن ابوبکر استغفار کہتے کہتے بھاگ گیا۔ پھر اس کے بعد قتیرہ، سودان بن حمران اور غافقی نے یکبارگی حملہ کر دیا۔ غافقی نے لوہے کی سلاخ سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے سر مبارک پر اس زور سے ماری کہ حضرت کے سر سے خون کی دھار جاری ہو گئی۔ چہرہ مبارک اور داڑھی مبارک خون سے شرابور ہو گئے اور خون کی دھاریں قرآن پاک جو کھلا ہوا تھا اس آیت پر جا کر پڑیں **فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ**۔ ان کے شر سے آپ کے لیے اللہ ہی کافی ہے اور وہ سب کچھ سنتا اور جانتا ہے۔ یاد رہے کہ یہ قرآنِ پاک جس پر سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے خون کی دھاریں پڑی تھیں یہ قرآن تاشقند لائبریری میں موجود تھا جب صدرِ پاکستان فیلڈ مارشل محمد ایوب خاں مرحوم وہاں دورہ پر گئے تو وہاں سے یہ تحفہ لے کر آئے پھر یہ قرآن عزیز راولپنڈی مسلم لیگ کے دفتر میں مسلمانوں کی زیارت کے لیے رکھا گیا خوش نصیب ہیں جن کو وہ قرآن ملا جو سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں سے لکھا ہوا تھا اور اس پر خون کی دھاریں تھیں اس کو بوسہ دینے اور شرفِ زیارت کا موقعہ ملا اور یہ عظیم تحفہ لے کر آئے۔

اس کے بعد ظالم سودان بن حمران نے میان سے تلوار نکالی اور قتیرہ کے حوالے کی قتیرہ نے تلوار کا جب وار کیا تو سیّدہ حضرت نائلہ نے تلوار کے وار کو اپنے ہاتھ کو بڑھا کر روکا۔

وقت چو ضرورت چوں ماند گریز
دست نگیر و سر شمشیر تیز

سیّدہ نائلہ کے ہاتھ پر تلوار لگی اور آپ کی دو انگلیاں کٹ کر گر گئیں۔

اگر آپ چاہتے تو اس دوران بھی دشمن کا مقابلہ کر سکتے تھے لیکن صبر کیا اور کچھ نہ کہا۔ پھر ظالم سودان بن حمران نے جلدی سے تلوار پکڑی اور حضرت سیّدنا عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ پر حملہ کیا۔ مدینہ طیبہ میں وہ جانِ عزیز، خلیفۃ الرسول دامادِ رسول سیّدنا عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ جامع القرآن کامل الحیاء والایمان کی ادھر نمازِ عصر ختم ہوئی اور ادھر اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔ **اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ**۔ یہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

دن جمعۃ المبارک کا تھا اور اٹھارہ ذوالحجہ کی تاریخ تھی سن ہجری ۳۵ تھا۔

سلام صد ہا سلام بر عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ۔

بشنو حیا وَ سیرت عثمان کربر نکرد
در پیش روئے دشمن قاتل سر از جیا
ایں شرطِ مہربانی و عشق دوستی است
کز بہرِ دوستاں بری از دشمنانِ جفا
خاصانِ حق، ہمیشہ بلیہ کشیدہ اند
ہم بیشتر عنایت وہم بیشتر عنا

## قدرتِ خداوندی:

اس دوران عجب منظر یہ بھی دیکھنے میں آیا کہ جب سیّدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ پر حملہ کیا گیا تو اس وقت اس ہلہ میں سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا ایک وفادار غلام بھی داخل ہوا جب اس نے ذوالنورین سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کا یہ حال دیکھا تو اس نے اسی تلوار سے ابنِ حمران کے ٹکڑے کر دیئے اس پر قتیرہ نے اس غلام کو مار ڈالا، جب قتیرہ بھاگنے لگا تو سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کا دوسرا وفادار غلام بھی اس ہلہ میں آ پہنچا جب اس نے یہ حال دیکھا تو اس نے قتیرہ کے ٹکڑے کر ڈالے (الجواہر)

## فراقِ شوہر پر سیّدہ نائلہ کا حال:

اسی وقت حضرت سیّدہ نائلہ رضی اللہ عنہا دوتی اور فریاد کرتی ہوئی بالائی منزل پر چڑھ کر آواز دینے لگیں کہ اے لوگو تمہارے ہمدرد صابر و شاکر امیر المؤمنین خلیفۂ رسول شہید کر دیئے گئے۔ اور رو پڑیں فراقِ عثمان رضی اللہ عنہ اور اپنے شوہر کی جدائی نے ان کے دل کو پاش پاش کر دیا۔ (الجواہر)

پیش کہ از دردکنم سینۂ چاک
خاک بفرق انگینم از دستِ خاک
حال کرا گویم و ہمدرد کو
ہم نفس یار من آن مرد کو
خاک نفسے نیست دریں بوستان
باکہ تواں گفت غمِ دوستاں
کز بچنیں درد بماند صبور
گلِ نتواں گفت کہ خاراں بود
شہر پر از خلق جہا پر زیار
جان خرابم نبیند یرو قرار

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ان کی اس دردناک اور غمناک آواز کا سننا تھا کہ دروازہ پر کھڑے جانثاران عثمان رضی اللہ عنہ اور سیّدنا امام حسن وسیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ گھر کے اندر دوڑ پڑے۔ دیکھا تو واقعی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ مذبوح پڑے ہیں۔ حسنین کریمین اور اصحابِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم روتے رہے۔

برآمد نا ہائے آتش آلود
چکاں برخاک و خوں دیدہ بآلود
زہر چشمِ انجمن را خوں برآمد
نفیر از انجمن گردوں آمد
نہ تنہا و نیک خواہاں
کہ غمگین شد ہمہ کوہِ بیابان

اس خبرِ شہادت سے مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم میں ہر طرف آہ و بکا بلند ہوئی اور لوگ خلیفۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اس سانحۂ قتل اور شہادتِ عظمیٰ پر دھاڑیں مار مار کر رونے لگے کہ کاش حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ہم کو اجازت دے دیتے۔ لیکن اس صبر کے بادشاہ نے ایسا نہ کرنے دیا اور وقتِ آخر تک کسی کو دکھ نہ دیا اور مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانانِ اصحاب واحباب سے جو مدینہ کی گلیاں رنگین ہونی تھیں سب کو بچالیا اور خود اپنی جان خدا کی راہ میں قربان کردی۔ عاشقِ رسول پیکرِ صدق ووفا نے جو اپنے آقا سے وعدہ کیا تھا اس کو پورا کر دیا۔

سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ غم کی حالت میں دوڑتے ہوئے آئے اور آتے ہی حضرات حسنین عظیمین کو مارنا شروع کر دیا حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے آگے بڑھ کر بچایا اور کہا: ہم کو بھی ماروان کا اور ہم سب کا کچھ قصور نہیں ہم دروازہ پر کھڑے رہے اور ان بلوائیوں کا مقابلہ کیا اور وہ نشانات ہمارے چہروں اور جسموں پر موجود ہیں بلوائی ساتھ والے مکان سے پیچھے ہو کر اندر داخل ہوئے اور ہم کو اس وقت پتہ چلا کہ جب سیّدہ زوجۂ عثمان رضی اللہ عنہ نے کوٹھے پر چڑھ کر آواز دی جب ہم اندر داخل ہوئے تو وہ جام شہادت نوش فرما چکے تھے اور بلوائی حملہ آور مارے گئے اور باہر کے سب بھاگ گئے مدینہ طیبہ کے حالات سنگین ہوئے انہی ایام میں سیّدہ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا حج کرنے کے لیے مکہ معظمہ تشریف لے گئیں ہوئیں تھیں آپ واپس آ رہی تھیں کہ راستہ میں آپ کو اس عظیم سانحہ کی خبر سن کر اس قدر دل کو صدمہ پہنچا کہ آپ واپس مکہ معظمہ چلی گئیں۔

## سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی تجہیز و تکفین:

سیّدنا عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ کی لاش مقدسہ اٹھارہ ذوالحج بوقتِ عصر سے ۲۰ ذوالحجہ تک گھر میں ہی پڑی رہی اس دوران گھر کے چاروں طرف عالمِ بالا سے یہ آوازیں سنی گئیں:

یابن عفان البشر بجنان ذات ایوان یابن عفان لبشر وریحان یابن عفان البشر بغم العرفان یابن عزان البشر برب غضبان (الجواہر)

جب سیّدنا عثمان ابن عفان کی تجہیز و تکفین کی گئی۔ سر مبارک اس وقت بھی حق حق کی آواز دے رہا تھا۔ اور ۲۰ ذوالحجہ بروز اتوار مغرب وعشاء کے درمیان آپ کا جنازہ اٹھایا گیا اور اس جگہ لے جایا گیا جس کے بارہ میں خود حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے بلکہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ایک بار آپ کا گزر بھی اس جگہ سے ہوا تو آپ نے فرمایا اس جگہ جس کا نام حسن کوکب ہے۔ یہاں پر ایک مظلوم مرد صالح دفن کیا جائے گا۔ جب آپ سے پوچھا گیا کہ حضور وہ کون مرد صالح ہے فرمایا جب وہ اس زمین کے ٹکڑے میں دفن ہوگا۔ خود بخود پتہ چل جائے گا اب وہ ارشاد بالکل اسی طرح پورا ہوا۔

چنانچہ حسن کوکب کے باغ میں نمازِ جنازہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔ اور اسی نشان پر آپ کو دفن کیا گیا جس کی پیشین گوئی آپ نے فرمائی تھی۔

وقتِ شہادت حضرت عثمان ابن عفان خلیفۂ سوم کی عمر مبارک بیاسی سال تھی۔ کل بارہ سال کا طویل عرصہ منصبِ خلافت پر فائز رہ کر شہادت کا جام نوش فرما گئے۔

وَاَبْعَدُ عُثْمَانِ تَرْجُوْا الْخَيْرَ فَاِنَّهٗ
قَدْ كَانَ اَقْتَلُ مَنْ يَمْشِىْ عَلٰى سَاقٍ

## قتلِ عثمان میں شریک طرح طرح کے عذابوں میں مبتلا:

یاد رہے کہ اس بات پر روایات شاہد ہیں کہ سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے قتل میں جو لوگ بھی کسی طریقہ سے شریک ہوئے تھے وہ طرح طرح کی عقوبتوں میں مبتلا ہو کر ذلیل ہو کر مرے کوئی پاگل مجنون ہو کر مرا۔ کوئی پھیپھڑے کے سوکھ جانے سے تڑپ تڑپ کر مرا۔ کوئی جل کر مرا۔ کوئی بلائے عظیم میں مبتلا ہو کر مرا اور کچھ وہ تھے جو اسی وقت مارے گئے۔

## سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی کل ازواج و ابناء و بنات بمعہ اسماء و تعداد

سیّدنا حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ کی کل آٹھ بیویاں تھیں۔ آٹھ بیٹے آٹھ بیٹیاں کل تعدادِ اولاد سولہ ہوئی۔ جن کے نام یہ ہیں:

۱۔ حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا ۲۔ حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا ۳۔ جندب از بنی سعد رضی اللہ عنہا
۴۔ فاطمہ بنتِ ولید۔ ۵۔ ملیکہ رضی اللہ عنہا ۶۔ رملہ رضی اللہ عنہا
۷۔ ام ولد رضی اللہ عنہا ۸۔ حضرت نائلہ بنتِ فافتہ کلبیہ

آپ کے کل بیٹے آٹھ تھے جن کے نام یہ ہیں:

۱۔ عبداللہ اکبر۔ ۲۔ عبداللہ الاصغر ۳۔ ابان ۴۔ خالد ۵۔ عمر ۶۔ سعید ۷۔ ولید ۸۔ عبدالملک

آپ کی کل بیٹیاں آٹھ تھیں جن کے نام یہ ہیں:

۱۔ مریم الکبریٰ ۲۔ عائشہ ۳۔ ام ابان ۴۔ ام عمر ۵۔ مریم صغریٰ ۶۔ ام سعید
۷۔ ام البنین ۸۔ ام ایوب (۱)

## سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی ازواج و اولادِ امجاد کے حالات

حضرت سیّدہ رقیہ بنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زوجہ سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ہاں ایک بیٹے عبداللہ پیدا ہوئے یعنی یہ حضورِ اقدس علیہ الصلوۃ والسلام کی بیٹی رقیہ کے بیٹے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے ہوئے بچپن شریف میں ہی حضرت عبداللہ کی آنکھ پر ایک مرغ نے ٹھونگ

(۱) نور الابصار۔ الحیات

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ماری۔جس سے زخم گہرا ہو گیا اور اس تکلیف سے ہی چھ سال کی عمر میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا۔

حضرت عبداللہ الاکبر، عمر میں بڑے اور صاحبِ اولاد بھی ہوئے اور مقامِ حسنا میں وفات پائی۔حضرت ابان کی کنیت ابوسعید تھی۔اور یہ احادیث کے راویوں میں سے ہوئے ہیں غزوۂ جمل میں سیّدہ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ حاضر ہوئے۔ عبدالملک بن مروان کے زمانہ میں والیٔ مدینہ بھی ہوئے اور یزید بن عبدالملک کے زمانہ میں وفات پائی۔ان کی اولاد بہت ہوئی۔ خالد۔ ان کی والدہ حضرت نائلہ تھیں ان کے پاس وہ قرآن پاک موجود تھا جس پر حضرت سیّدنا عثمان ان کے والدِ معظم کے وقتِ شہادت خون کے قطرے گرے تھے آپ کثیر الاولاد ہوئے ہیں۔

عمر۔ان کی والدہ جندب بنی سعد قبیلہ سے تھیں ان کے ہاں بھی اولاد ہوئی۔

ولید۔فاطمہ بنتِ ولید ان کی والدہ تھیں بڑے خوش نصیب ہوئے کنیت ابوعثمان تھی ایک دور میں ان کو خراسان کا والی بھی بنایا گیا۔عبد الملک بچپن میں ہی انتقال کر گئے ان کی والدہ ملیکہ تھیں۔

مریم الکبریٰ اور عمریہ دونوں سگے بہن بھائی تھے۔

عائشہ۔ان کا نکاح حرث بن حکم سے ہوا تھا۔

ام ابان اور ابان۔دونوں بہن بھائی تھے ان کا نکاح مروان بن حکم بن العاص سے ہوا۔

ام عمر اور عمر۔دونوں بہن بھائی تھے ان کی والدہ رحلہ تھیں۔

ام سعید اور سعید دونوں بہن بھائی تھے۔ان کا نکاح عبداللہ سے ہوا۔

ام البنین۔ان کی والدہ امِ ولد تھیں۔(الجواہر)

درِ منثور قرآن کی سلک بہی
زوجِ دو نورِ عفت پہ لاکھوں سلام
یعنی عثمان صاحبِ قمیصِ ہدیٰ
حلّہ پوشِ شہادت پہ لاکھوں سلام

(امام اہلِ سنت احمد رضا علیہ الرحمہ)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

باب ۹

خلیفہء رابع و امام اوّل

# حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ ابنِ عمران ابوطالب رضی اللہ عنہما

آپ کا اسمِ گرامی علی رضی اللہ عنہ، کنیت ابوتراب اور ابوالحسن، لقب اسد اللہ ہے نسب مبارک اس طرح ہے۔

**علی بن ابی طالب بن عبد المطلب بن ھاشم بن عبدِ مناف بن قصی بن کلاب بن مرۃ بن لوی بن غالب بن فھر بن مالك بن نضر بن کنانۃ۔**

آپ کی والدہ ماجدہ فاطمہ بنتِ اسد بن ہاشم بن عبد مناف یعنی سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ کو حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خاص نسبت حاصل تھی اور وہ یہ کہ باپ اور ماں دونوں کی طرف سے آپ ہاشمی ہیں۔ حضرت سیّدنا اسمٰعیل علیہ الصلوۃ والسلام کے چھبیسویں فرزند عبدِ مناف سے ہاشم اور ہاشم کے فرزند عبد المطلب کی اولاد میں حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ اور ان سے حضور رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام اور ابوطالب عمران سے حضرت علی پیدا ہوئے اور حضرت عبد اللہ و ابوطالب عمران رضی اللہ عنہما حقیقی بھائی تھے۔ حضرت عبد المطلب کے بعد انہی کو شیخِ قریش، رئیسِ مکہ، سیّد العرب ہونے کے القابات حاصل ہوئے۔ (الجواہر۔الحیات)

سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے والد کا اصلی نام عمران ہے۔ لیکن کنیت نام پر غالب آ گئی۔ ابوطالب عمران تمام عرب میں نضر بن کنانہ کی اولاد جن کو قریش کہتے ہیں۔ شجاعت، سخاوت اخلاق، مہمان نوازی میں مشہور تھے۔ خانہ کعبہ کے کلید بردار اور حجاج کے ساقی بھی یہی لوگ تھے۔ قریش میں بھی بنی ہاشم کو خاص اعزاز حاصل تھا اور بنی ہاشم میں عبد المطلب ان تمام اعزازوں کے مالک تھے جو بنی ہاشم کے لیے طرۂ امتیاز ہے۔ عبد المطلب کے قائم مقام عمران ابوطالب والد سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم تھے۔ (الجواہر۔الحیات)

## مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہء حمل شریف میں ہی آپ کے والد حضرت سیّدنا عبد اللہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا۔ **مَاتَ اَبُوْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ وَلَهٗ خَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ سَنَةً وَتُوُفِّیَ قَبْلَ اَنْ یَّوْلِدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔** (الاستیعاب) اس وقت سیّدنا عبد اللہ رضی اللہ عنہ کی عمر پچیس سال تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعد میں پیدا ہوئے اور جب چھ سال کے ہوئے تو والدہ ماجدہ حضرت سیّدہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

آمنہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہو گیا اور جب آٹھ سال کے ہوئے تو حضرت عبد المطلب رضی اللہ عنہ دادا جان انتقال کر گئے اس وقت دادا جان کی عمر بیاسی سال کی تھی۔ اَلَمْ یَجِدْكَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی کا نقشہ قرآن نے کھینچ کر رکھ دیا۔ پھر سیّدنا علی المرتضیٰ کے والدین نے آپ کی پرورش فرمائی۔ حضرت فاطمہ بنتِ اسد زوجہ عمران ابو طالب رضی اللہ عنہما نے اپنے بچوں سے زیادہ محبت وشفقت کے ساتھ آپ کی پندرہ سال تک نگہبانی فرمائی جب آپ بڑے ہوئے تو عمران ابو طالب رضی اللہ عنہ نے زبانی، مالی، اخلاقی، سماجی ہر طریقہ اور ہر موقعہ پر حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوۃ والسلام کی معاونت میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑی عرصۂ پندرہ سال تک وہ خدمات سر انجام دیں کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ یہ فاطمہ بنتِ اسد میری وہ ماں ہے جس نے مجھے پالا اور میرے ساتھ وہ پیار اور والہانہ محبت کا ثبوت دیا جس کا میں حق ادا نہیں کر سکتا ہاں ان کا حق اللہ تعالیٰ ان کو ضرور دے گا۔ (الجواہر) جب حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نبوت کا اعلان فرمایا تو عورتوں میں سب سے پہلے حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے ایمان لانے کے بعد دوسری خاتون حضرت فاطمہ بنتِ اسد والدہ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم تھیں جو آپ پر ایمان لا کر اس دولتِ عظمیٰ سے سرفراز ہوئیں۔ یاد رہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پہلا نکاح حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے ساتھ انہوں نے اپنی نگہبانی میں کرایا۔ گویا کہ بچپن شریف سے شادی تک اور بعد تا وصال آپ کا ساتھ دیا۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب ہجرت فرمائی تو اس وقت بھی فاطمہ بنتِ اسد نے آپ کے ساتھ ہجرت فرمائی حضور علیہ الصلوۃ والسلام ہمیشہ ان کو ماں کہہ کر پکارتے اور یاد فرمایا کرتے تھے اور ان کی تعظیم فرمایا کرتے تھے جب آپ کا انتقال ہوا تو سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے آ کر عرض کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری اماں فوت ہو گئیں ہیں۔ آپ نے فرمایا علی رضی اللہ عنہ میری اماں انتقال کر گئیں ہیں۔ آپ کو شدید صدمہ پہنچا اور فرمایا آج میری ماں اس دنیا سے مجھ کو چھوڑ کر خالقِ کائنات سے جا ملی ہیں فوراً خود ہی تجہیز و تکفین کا انتظام فرمایا اور ان کی قبر کے اندرونی حصہ میں تدفین سے پہلے خود جا کر کچھ دیر لیٹ گئے اور پھر اٹھے اور پھر اپنا قمیضِ اطہر ان کو پہنایا اور فرمایا اے اللہ! یہ میری والدہ ہیں انہوں نے مجھے کھلایا اور پلایا ان پر تو اپنا رحم فرما۔ اور پھر جہاں خود قبر میں لیٹے تھے اسی جگہ پر سیّدہ فاطمہ بنتِ اسد رضی اللہ عنہا کو قبر میں رکھا۔ (۱)

گویا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو ان امور بالا کی بناء پر بھی حضور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے رشتہ محبت و تعلق تھا یعنی آپ کے چچا زاد بھائی بھی تھے اور آپ کے نزدیک حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ایک امتیازی حیثیت تھی۔

(عمران ابو طالب رضی اللہ عنہ کے متعلق تفصیلی بیان اعلیٰ حضرت بریلوی کی کتاب شرح المطالب فی مبحث ابی طالب کا مطالعہ کریں)

## سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی ولادتِ باسعادت:

حضرت فاطمہ بنتِ اسد زوجہ عمران ابو طالب حاملہ تھیں اور خانۂ کعبہ میں طواف کی غرض سے آئیں۔ دورانِ طواف آپ کو دردِ زہ محسوس ہوا اور چوتھے چکر پر آپ کی حالت زیادہ متغیر ہو گئی آپ نے عرض کیا اے اللہ مجھ پر یہ وقتِ ولادت آسان فرما۔ اچانک کعبہ معظمہ کی دیوار شق ہوئی اور حضرت فاطمہ بنتِ اسد اندرونِ کعبہ چلی گئیں جو افراد باہر موجود تھے وہ حیران ہوئے کہ فاطمہ بنتِ اسد کہاں چلی گئی جب کسی طریق سے آپ کا پتہ نہ چل سکا تو حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوۃ والسلام سے عرض کیا کہ آپ کی محترمہ چچی کہاں گئی ہیں آپ نے فرمایا مطمئن رہو آ جائیں گی۔ انہوں نے بار بار اصرار کیا کہ ہیں کہاں، آپ نے فرمایا جہاں بھی ہیں آ جائیں گی انہوں

(۱) المعجم الکبیر ۲۴:۳۵۱، رقم ۸۷۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نے کہا آپ ظاہر کیوں نہیں کرتے آپ نے فرمایا حکمِ الٰہی نہیں ہے چنانچہ تین روز کعبۃ اللہ میں گزارنے کے بعد چوتھے روز حضرت فاطمہ بنتِ اسد خانہ کعبہ سے باہر تشریف لائیں تو آپ کی گود میں بچہ تھا۔ بچہ کے باپ عمران ابوطالب رضی اللہ عنہ نے خوشی سے گود میں لیا اور پیار کیا اور کچھ پریشان ہو گئے فوراً اس کی خبر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دی۔ آپ تشریف لائے اور بچہ کو اپنی گود میں لے کر پیار کیا اور خوش ہوئے عرض کیا بچہ تو اللہ تعالیٰ نے دیا ہے لیکن اس کی آنکھیں کیوں بند ہیں۔ آپ نے فرمایا نہیں اب دیکھو میری گود میں اس بچہ نے دونوں آنکھیں کھولی ہوئی ہیں اور وہ ٹکٹکی لگا کر مجھے دیکھ رہا ہے عمران ابوطالب رضی اللہ عنہ بڑے خوش ہوئے اور کہا میرا گمان تھا کہ یہ بچہ کہیں نابینا تو نہیں ہے اب میرے دل کو ٹھنڈک ہو گئی ہے اس کے بعد حضور سیّدِ عالم الصلوۃ والسلام نے اس بچہ کو خود غسل دیا۔ غسل فرماتے ہوئے آپ نے فرمایا آج اس بچہ کو میں غسل دے رہا ہوں ہوسکتا ہے کہ وہ وقت بھی آجائے کہ یہی بچہ مجھ کو آخری غسل دے۔ کپڑے پہنا کر بچہ کو اپنے آغوشِ اقدس میں لیا اور اپنی زبان مبارک اس کے منہ میں ڈال دی۔ اور مولودِ کعبہ کی آنکھیں مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کی طرف لگی ہوئی ہیں۔

روایت میں آتا ہے کہ ایک مرتبہ جوانی کے عالم میں حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مسکراتے ہوئے فرمایا علی رضی اللہ عنہ مجھے یہ تو بتاؤ کہ جب تم پیدا ہوئے تو اس وقت تم نے آنکھیں کیوں نہ کھولیں۔ تمہارے ماں باپ پریشان ہو گئے تھے اور جب میں نے تم کو اپنی گود میں لیا تو تمہاری دونوں آنکھیں کھلی تھیں عرض کیا حضور اس لیے کہ میری پہلی نگاہ رخِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پڑے۔ (الجواہر)

کسے را میسر نہ شد ایں سعادت
بکعبہ ولادت بمسجد شہادت

الغرض سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی ولادت ۲۲ رجب المرجب بروز اتوار کی شب بیت الحرام میں ظہورِ نبوت سے دس سال قبل ہوئی۔

## مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور نام علی رضی اللہ عنہ کا انتخاب:

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر فاطمہ بنتِ اسد اور عمران سے فرمایا اس بچے کا نام کیا رکھو گے عرض کیا جو نام آپ کو پسند ہوگا۔ وہی رکھا جائے گا۔ آپ نے فرمایا میں اس کا نام علی رضی اللہ عنہ رکھتا ہوں۔ فاطمہ بنتِ اسد نے عرض کیا حضور واللہ مجھے خانہ کعبہ میں غیبی آواز آئی اس کا نام علی رضی اللہ عنہ رکھنا۔ لیکن میں نے اس کا اظہار نہ کیا۔ آپ نے وہی نام رکھا جس پر غیبی نداء آئی تھی۔

فَاِسْمُهٗ مِنْ شَامِخٍ عَلِیٌّ
عَلِیٌّ اُشْتُقَّ مِنَ الْعُلٰی

یعنی یہ نامِ علی رضی اللہ عنہ اس بچہ کا نام ہے۔ اور یہ نام عُلیٰ بمعنیٰ بلندی سے مشتق ہے۔

(الجواہر: ۴۰)

اس سے معلوم ہوا کہ یہ پیارا نام علی خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رکھا ہے۔ یاد رہے کہ بعض جہلا قرآن کی آیت هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ سے مراد علی رضی اللہ عنہ لے کر اُسے خدا اور رسول قرار دیتے ہیں یہ سراسر غلط اور ظلمِ عظیم ہے۔ اس طرح کے استدلال سے شان نہیں بنتی۔ شان وہ ہے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عطا سے ہو۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## آغوش نبوت میں سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کی تعلیم وتربیت:

عرب کے زمانۂ قحط میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے چچا حضرت سیّدنا عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت سیّد الشہداء امیر حمزہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ کیا مناسب نہیں کہ ہم ابوطالب رضی اللہ عنہ کے بوجھ کو ہلکا کریں۔ چنانچہ ابوطالب رضی اللہ عنہ سے یہی کہا گیا۔ تو انہوں نے کہا ہاں عقیل رضی اللہ عنہ کو میرے پاس رہنے دو اور باقی جس کو تم چاہو لے جاؤ۔ تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ طالب کو لے آئے۔ اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ جعفر رضی اللہ عنہ کو لے آئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اس وقت عمر مبارک چھ سال تھی جب سے ان کی کفالت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ذمہ لی۔ بچپن سے لے کر جوانی تک حضور کی آغوشِ رحمت میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے تربیت حاصل کی۔ جس ذات مقدسہ کو خود نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سینہ سے لگایا اور محبت سے اپنے ساتھ سلایا اور اپنی خوشبو ان کو سنگھائی اور اپنے منہ اقدس کا لقمہ چبا کر ان کے منہ میں ڈالا اور شب و روز اپنی آغوشِ نبوت میں پناہ دی۔ ظاہر ہے کہ ان کی زندگی کے کسی لمحہ میں مکر و فریب نہیں ہوسکتا اور ان کے کمالِ اعلیٰ ہونے میں شبہ نہیں۔

یہ بات جاننے کے بعد اگر کوئی سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی شانِ اقدس میں کسی قسم کی مجالِ گستاخی کرے تو لازماً اس کے دل میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کچھ عزت نہیں یہ بات اس امر کا بھی ثبوت ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمرِ اقدس چھ سال ہوئی تو آپ ابوطالب رضی اللہ عنہ کی کفالت میں ہوئے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ چھ سال کے ہوئے تو ان کی نبی علیہ السلام نے کفالت فرمائی گویا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوطالب رضی اللہ عنہ کو یہ صلہ عطا فرمایا تھا۔

## شرفِ اسلام:

حضرت علی کو اسلام قبول کرنے کا شرف بچپن میں ہی حاصل ہوا۔ حَتّٰی بَعَثَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فَاَتَّبَعَہٗ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَاٰمَنَ بِہٖ وَصَدَّقَ بِہٖ وَکَانَ عُمُرُہٗ اِذَاذَاکَ ثَلَاثَۃَ عُشَرَۃَ سَنَۃً (۱)

ابن اسحٰق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اس وقت ایمان لائے اور آپ کی تصدیق کی جب کہ ان کی عمر تیرہ سال تھی۔ معلوم ہوا کہ حضرت سیّدنا اسد اللہ الغالب کو نوعمری میں ہی قبولِ اسلام کا شرف حاصل ہوا۔

## شب ہجرت حضرت علی رضی اللہ عنہ کی جانثاری:

جس شب حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ معظمہ سے ہجرت کا ارادہ فرمایا اور کفار آپ کے قتل کرنے کے ناپاک ارادے سے جمع تھے تو اس وقت حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو فرمایا میرے اس بستر پر سو جائیں میں جا رہا ہوں اور آپ میرے بعد لوگوں کی امانتیں دے کر میرے پاس پہنچ جائیں۔ ایسے حال میں جب کہ دشمن بیتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا محاصرہ کیے ہوئے ہوں اور اس خیال میں ہیں کہ آپ گھر کے اندر موجود ہیں۔ ایسے حالات میں سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے لیے جان کا خطرہ ہے۔ جس میں انہوں نے کمالِ محبت و جانثاری کا ثبوت دیا۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دشمنوں کے باہر ہونے کے باوجود ان کے پاس سے ہو کر چلے گئے۔ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْہِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِہِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰہُمْ فَہُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ۔ لیکن ان کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام باہر جاتے نظر نہ آئے آنکھیں رکھنے کے باوجود سیّد عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دیکھ نہ سکے۔ صبح ہوئی تو دشمن دروازہ توڑ کر

(۱) نور الابصار: ۸۶

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اندر داخل ہوئے کہنے لگے آج یہ نبی ہمارے ڈر سے باہر نہیں نکلے ورنہ یہ تو نمازِ تہجد کے لیے کب کے چلے گئے ہوتے ہیں۔ بستر بھی وہی اور اس میں آرام بھی وہی کر رہے ہیں انہوں نے جب سبز چادر کو اٹھایا تو دیکھا کہ یہ نبی اللہ ﷺ نہیں بلکہ علی ابن عمران رضی اللہ عنہ ہیں، دشمنوں نے کہا بتاؤ نبی ﷺ کہاں ہیں؟ آپ نے فرمایا پہرہ تو ساری رات باہر کھڑے تلواریں لیے تم دے رہے تھے اور پوچھتے مجھ سے ہو۔ عجیب بات ہے۔ وَيَمْكُرُوْنَ وَ يَمْكُرُ اللّٰهُ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ۔ جب کفار نے یہ سنا تو تعجب ہوا کہ نبی اللہ ﷺ کدھر اور کس راستہ سے باہر نکلے ہیں۔ آپ نے فرمایا واللہ تمہارے پاس سے ہو کر گئے ہیں جب وہ لاجواب ہو کر چلے گئے پھر آپ کچھ روز بعد حضورِ اقدس ﷺ کے پاس پہنچ گئے اس عظیم واقعہ سے معلوم ہوا کہ ہجرت کی رات جبکہ کفار نے بڑی تعداد میں مسلح ہو کر بیتِ نبوی ﷺ کا محاصرہ کیا اور جان چلی جانے کا سخت خطرہ تھا ایسے نازک وقت میں حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے بسترِ مصطفیٰ ﷺ پر سو کر ثابت کر دیا کہ اپنے آقا و مولیٰ ﷺ کی خاطر اگر علی رضی اللہ عنہ کی جان بھی قربان ہو جائے تو کوئی پرواہ نہیں۔ حضرت علامہ فخر الدین رازی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ جب حضورِ اقدس ﷺ حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کو اپنے بسترِ مبارک پر سلا کر چلے گئے تو اللہ تعالیٰ نے جبرائیل علیہ السلام اور میکائیل علیہ السلام سے فرمایا جاؤ اس میرے رسول ﷺ کے علی رضی اللہ عنہ کے پاس جو میرے محبوب پر جان نثار و فدا کرنے کے لیے تیار ہیں ان کی حفاظت تم کرو۔

فَقَامَ جِبْرَائِيْلُ عِنْدَ رَأْسِهٖ وَ مِيْكَائِيْلُ عِنْدَ رِجْلَيْهِ يُنَادِيْ: بَخٍ بَخٍ مَنْ مِثْلُكَ يَا ابْنَ اَبِيْ طَالِبٍ يُبَاهِيْ بِكَ اللّٰهُ الْمَلَائِكَةَ۔ (۱)

جبرائیل علیہ السلام آپ کے سر کی طرف اور میکائیل علیہ السلام پاؤں کی جانب کھڑے ہو گئے اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کہنے لگے واہ! واہ! اے علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ آج کون تم جیسا خوش نصیب ہے؟ اللہ تعالیٰ ملائکہ کے سامنے تمہاری اس جانثاری پر فخر فرما رہا ہے۔

## اخوّتِ دنیا و آخرت بانبوت ﷺ اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

حضرت عبد اللہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام جب مکہ معظمہ سے مدینہ طیبہ پہنچے تو آپ نے اپنے اصحاب کا آپس میں بھائی چارہ فرمایا تو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ روتے ہوئے بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں حاضر ہوئے آپ نے رونے کی وجہ دریافت فرمائی تو عرض کیا حضورِ ﷺ آپ نے تمام کے ساتھ بھائی چارہ فرما لیا ہے اور مجھے کس کا بھائی بنایا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

اَنْتَ اَخِيْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔ (۲)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اے علی رضی اللہ عنہ تم دنیا و آخرت میں میرے بھائی ہو۔

اس فرمان سے حضرت علی المرتضیٰ کو تسکین حاصل ہوئی لیکن اس کا یہ مفہوم ہرگز نہیں کہ نبی کریم ﷺ عام بھائی کی مثل ہو گئے۔ جیسا کہ بعض جہلا نبی ﷺ کا مرتبہ ایک بھائی جیسا قرار دیتے ہیں بلکہ یہ تو سرورِ کونین ﷺ کا اپنے غلام کے ساتھ کمالِ محبت و شفقت کا اظہار تھا کہ انہیں یہ خصوصیت عنایت فرمائی ورنہ حضرت علی نے باوجودیکہ رشتہ میں آپ کے چچا زاد بھائی تھے اس فرمانِ عالیشان کے بعد بھی کبھی نبی کریم ﷺ کو بھائی کہہ کر نہیں پکارا۔

(۱) سمط النجوم العوالی ۱:۳۴۵ (۲) المستدرک ۳:۱۵، ۱۶، رقم ۴۲۸۸، ۴۲۸۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## مولائے کائنات سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

حضرت براء ابنِ عازب رضی اللہ عنہما اور زید بن ارقم رضی اللہ عنہما سے روایت ہے حضور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس روز مکہ اور مدینہ کے درمیان غدیرِ خم میں قیام فرمایا غدیر کے معنی ہیں تالاب اور خم ایک جگہ ہے۔ جحفہ منزل سے تین میل دور اور یہ مکہ اور مدینہ کے درمیان ہے۔ یہ واقعہ حجۃ الوداع سے واپسی پر ہوا۔ اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ تھے۔ اس روز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خطبہ ارشاد فرمایا اور

اَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ فَقَالَ اَلَسْتُ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ؟ قَالُوْا بَلٰى، قَالَ اَلَسْتُ اَوْلٰى بِكُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ نَفْسِهٖ؟ قَالُوْا: بَلٰى قَالَ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَّالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ۔ (۱)

سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا اے لوگو کیا میں مومنوں کے نزدیک ان کی جانوں سے بھی زیادہ نہیں ہوں؟ لوگوں نے عرض کیا ہاں۔ پھر آپ نے فرمایا کیا میں ہر مومن کی جان سے بھی زیادہ اس کے نزدیک نہیں ہوں؟ سب نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بے شک۔ پھر آپ نے فرمایا: تو سن لو جس کا میں مولیٰ ہوں اس کا علی مولیٰ ہے۔ اے اللہ تو اس کو دوست رکھ جو علی کو دوست رکھے۔ اور جو اس سے عداوت رکھے تو اس کو اپنا دشمن جان۔

اس حدیث کے آگے آتا ہے کہ سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم سے کہا :اے علی رضی اللہ عنہ آج کے بعد آپ ہر مومن مرد اور مومنہ عورت کے محبوب ہو گئے ہیں۔

اس حدیثِ مبارکہ میں حضرت علی کی جو شان بیان فرمائی گئی ہے اس سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دربار میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا خصوصی قرب اور اہلِ ایمان پر آپ کی فضیلتِ شان واضح ہوتی ہے۔

لیکن یاد رہے کہ مولیٰ کے معنی نبی نہیں۔ بلکہ یہاں مولیٰ کے معنی مددگار کے ہیں جیسے فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰهُ وَ جِبْرِيْلُ وَ صَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ۔ (التحریم:۴) اس آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں تمہارا مددگار ہوں اور جبرائیل علیہ السلام تمہارے مددگار ہیں اور نیک ایمان والے تمہارے مددگار ہیں اور دیگر فرشتے تمہارے مددگار ہیں۔ ایک اور آیتِ کریمہ میں آتا ہے اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ۔ (المائدہ:۵۵)

تمہارے مددگار نہیں ہیں مگر اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ایمان والے کہ نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ کے حضور جھکے ہوئے ہیں۔ لفظ مولیٰ اور ولی دونوں مددگار کے معنی میں ہیں اگر معنی دوست کیا جائے تو دوست بھی وہی ہوتا ہے جو مددگار ہو۔ آیتِ قرآنی اور اس حدیث کی روشنی میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ مومنین کے مولا ہیں۔ مولا علی رضی اللہ عنہ کے لفظ سے بعض جہلا گھبرا جاتے ہیں ان کو معلوم ہونا چاہیے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرما دیا جس کا میں مولیٰ اس کا علی رضی اللہ عنہ مولیٰ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذَالِكَ۔

### (واقعہ) وہ مومن نہیں جس کے علی رضی اللہ عنہ مولیٰ نہیں۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ:

حضرت سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے پاس دو آدمی کسی دیہات سے لڑتے ہوئے آئے آپ نے سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے فرمایا ان کا جھگڑا سن لیجئے اور ان کے درمیان فیصلہ فرما دیجئے۔ ان میں سے ایک نے کہا یہ کیا فیصلہ کریں گے؟ یہ الفاظ سننے تھے کہ

(۱) مسند احمد بن حنبل ۴:۲۸۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس شخص کو گریبان سے پکڑ لیا خَوَّشَبَ اِلَيْهِ عُمَرُ وَاَخَذَ بِتَلْبِيْبِهٖ وَقَالَ وَيْلَكَ مَا تَدْرِيْ مِنْ هٰذَا هٰذَا مَوْلَاكَ وَمَوْلٰى كُلِّ مُؤْمِنٍ مَنْ لَمْ يَكُنْ مَوْلَاهُ فَلَيْسَ مُؤْمِنٌ (۱)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کی طرف بڑھے اور اسے گریبان سے پکڑ کر کھینچا آپ نے فرمایا کیا تجھے معلوم نہیں یہ علی ہیں جو تیرے مولا اور ہر مؤمن کے مولیٰ ہیں جس کے یہ مولیٰ نہیں وہ مومن نہیں ہے (۲)

## بارگاہ نبوت میں بھنا ہوا گوشت اور سیّدنا علی المرتضیٰ:

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بھنا ہوا گوشت رکھا ہوا تھا۔ اور آپ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کر رہے تھے:

اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْ عَلَيَّ اَحَبَّ خَلْقِكَ اِلَيْكَ يَاْكُلُ مَعِيَ مِنْ هٰذَا الطَّيْرِ (۳)

اے میرے اللہ میرے پاس تو اس شخص کو بھیج دے جو تجھے اپنی مخلوق میں سے زیادہ پیارا ہو کہ وہ میرے ہاتھ سے یہ پرندے کا گوشت کھائے۔

آپ نے کسی کو پیغام نہ دیا اور نہ ہی کسی کا نام لیا بلکہ خود بارگاہِ رب العزت میں دعا فرما رہے ہیں کہ اے اللہ جو تجھے زیادہ پیارا ہے اس کو بھیج تا کہ میں اس کے ساتھ یہ بھنا ہوا گوشت کھاؤں تو پس حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے تو پھر آپ نے ان کے ساتھ گوشت کھایا۔

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کتنے محبوب ہیں اللہ تعالیٰ نے پھر انہی کو بھیجا جو اس کا پیارا تھا۔ یہ واقعہ سیّدنا حضرت علی المرتضیٰ کی فضیلتِ شان پر دال ہے۔

# عطائے علمِ فتحِ خیبر

## محبوبِ خدا و پیارے مصطفیٰ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ خیبر کی فتح سے پہلے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے اصحاب سے فرمایا:

لَاُعْطِيَنَّ هٰذِهِ الرَّايَةَ رَجُلًا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ۔

میں یہ جھنڈا کل اس کے ہاتھ میں دوں گا جس کے ہاتھوں سے اللہ تعالیٰ خیبر فتح فرمائے گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ محبت کرتا ہوگا اور اللہ اور اس کا رسول اس کے ساتھ محبت رکھتے ہوں گے۔

جب اصحاب نے زبان نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام سے یہ جملے سنے تو سبھی اپنی اپنی جگہوں پر سوچتے رہے کہ ہم تو سب اللہ اور اس کے رسول کی محبت رکھتے ہیں اور یقیناً اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ہمارے ساتھ محبت رکھتے ہیں۔ اب معلوم نہیں کہ وہ کون شخص ہے جس کی یہ خصوصیت بیان فرمائی گئی اور اس کے ہاتھوں خیبر کی فتح ہوگی۔ ظاہر ہے کہ اصحابِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے یہ بڑا تفکر کا مسئلہ بن گیا۔ بالآخر

(۱) صواعقِ محرقہ ص ۱۷۷ (۲) الریاض النضرۃ: ۳: ۱۲۸ (۳) مسند بزار ۹: ۲۸۷ رقم ۳۸۴۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سب اس انتظار میں ہیں کہ کب صبح ہو اور دیکھیں کہ وہ کون سی شخصیتِ عظمیٰ ہے جس کے متعلق یہ نشانی بیان فرمائی گئی ہے۔ آگے حدیث کے الفاظ ملاحظہ فرمائیں:

فَلَمَّا اَصْبَحَ النَّاسُ غَدَوْا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کُلُّھُمْ یَرْجُوْنَ اَنْ یُّعْطِیَنَا

پس جب صبح ہوئی تو سب لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس آ کر جمع ہو گئے اور اس انتظار میں رہے کہ جھنڈا ہم کو ملے گا۔

یعنی اپنے اپنے دلوں میں سب یہ آس لیے ہوئے تھے کہ جھنڈا مجھ کو ملے گا چنانچہ سب حاضر ہو گئے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیْنَ عَلِیٌّ

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: علی رضی اللہ عنہ کہاں ہے؟

لوگوں نے عرض کیا حضور ان کی آنکھیں دکھتی ہیں۔ اس درد اور تکلیف کی وجہ سے وہ نہیں آئے۔ آپ نے فرمایا ان کو بلا کر لاؤ۔ جب علی المرتضیٰ بحالت درد آنکھ حاضرِ خدمتِ اقدس ہوئے تو:

فَبَصَقَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ عَیْنَیْہِ فَبَرَأَ حَتّٰی کَاَنْ لَّمْ یَکُنْ بِہٖ وَجَعٌ فَاَعْطَاہُ الرَّایَۃَ۔ (۱)

حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی دکھتی ہوئی آنکھ میں اپنا لعابِ دہن ڈالا اسی وقت آنکھ کی تکلیف جاتی رہی گویا کبھی ہوئی ہی نہیں تھی پھر آپ نے فتحِ خیبر کا علم (جھنڈا) علی المرتضیٰ کے ہاتھ میں عنایت فرمایا۔

ثابت ہوا کہ حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم وہ شخصیت ہیں جن کے ساتھ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول علیہ السلام نے محبت رکھی اور خیبر کی فتح کا جھنڈا بھی ان ہی کے ہاتھ میں آیا ان کی شان و عظمت کا اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔

## سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نگہبانِ اہلِ بیتِ نبی ﷺ:

ابنِ اسحٰق روایت کرتے ہیں کہ غزوۂ تبوک کے موقعہ پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا آپ ہمارے ساتھ نہ جائیں اور ازواج مطہرات و اولاد کی نگہبانی کے لیے ہی ٹھہرے رہیں۔ یاد رہے کہ ماسوا تبوک کے باقی تمام غزوات میں سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ شریک ہوئے اور اعلیٰ و نمایاں خدمات سرانجام فرمائیں۔ لیکن اس موقع پر آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اجازت نہ دی اور ازواج و اولاد کی نگہداشت پر مقرر فرمایا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا آپ مجھے عورتوں اور بچوں میں چھوڑ کر جائیں گے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا:

اَمَا تَرْضٰی اَنْ تَکُوْنَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَۃِ ھَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی غَیْرُ اَنَّہٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ (۲)

اے علی رضی اللہ عنہ کیا تم اس بات پر خوش نہیں ہو کہ تمہارا مقام میرے نزدیک وہی ہو جو مقام ہارون علیہ السلام کا موسیٰ علیہ السلام کے نزدیک تھا سوائے اس کے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

یعنی اے علی رضی اللہ عنہ تم میں اور ہارون علیہ السلام میں اتنا ہی فرق ہے کہ وہ موسیٰ علیہ السلام کے نائب بھی تھے اور نبی بھی تھے۔ تم میرے نائب ہو لیکن نبی نہیں ہو تو کیا تم کو نائب ہونے کی خوشی نہیں ہے۔ یاد رہے کہ نماز کی امامت کے لیے مدینہ طیبہ میں آپ علیہ السلام نے عبداللہ ابنِ ام مکتوم کو مقرر فرمایا اور گھر والوں اور مدینہ طیبہ والوں کی نگہبانی کے لیے سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو اس موقع پر مقرر فرمایا تھا۔

---

(۱) صحیح مسلم ۴: ۱۸۷۲، رقم ۲۴۰۶ (۲) السنن الکبریٰ ۵: ۱۲۴، رقم ۸۴۴۶

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## محبت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور محبت اللہ ورسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

طبرانی نے سندِ صحیح کے ساتھ حضرت سیّدہ امِ سلمہ رضی اللہ عنہا سے یہ نقل کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے متعلق ارشاد فرمایا ہے:

مَنْ اَحَبَّ عَلِیًّا فَقَدْ اَحَبَّنِیْ وَ مَنْ اَحَبَّنِیْ فَقَدْ اَحَبَّ اللّٰہَ وَمَنْ اَبْغَضَ عَلِیًّا فَقَدْ اَبْغَضَنِیْ وَ مَنْ اَبْغَضَنِیْ فَقَدْ اَبْغَضَ اللّٰہ (۱)

جس نے علی رضی اللہ عنہ سے محبت کی اس نے میرے ساتھ محبت کی اور جس نے میرے ساتھ محبت رکھی اللہ تعالیٰ اس کو محبوب رکھے گا اور جس نے علی کے ساتھ بغض رکھا اس نے میرے ساتھ بغض رکھا اور جس نے میرے ساتھ بغض کرلیا اس پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہوگا۔

معلوم ہوا کہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی محبت عینِ ایمان ہے اور ان کی محبت سیّد عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ محبت کی دلیل ہے کیونکہ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیارے ہیں اور پھر اللہ تعالیٰ کی محبت اس کو حاصل ہوگی جو ان سے محبت کرتا ہے کیونکہ بغض وعنادِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نفاق اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ بغض اور غضبِ خداوندی کی دلیل ہے۔

## اطاعت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور اطاعت الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

مَنْ اَطَاعَنِیْ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ وَمَنْ عَصَانِیْ فَقَدْ عَصَی اللّٰہَ وَمَنْ اَطَاعَ عَلِیًّا فَقَدْ اَطَاعَنِیْ وَمَنْ عَصَا عَلِیًّا فَقَدْ عَصَانِیْ (۲)

جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی اور جس نے علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے علی رضی اللہ عنہ کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔

معلوم ہوا کہ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی اطاعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت ہے اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی نافرمانی مصطفیٰ کریم علیہ السلام کی نافرمانی ہے۔

## مومن اور منافق کی علامت

حضرت زرین جیش راوی ہیں کہ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے قسم اٹھا کر فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس نے دانہ کو چیرا اور ہر جان کو پیدا کیا۔ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

لَا یُحِبُّنِیْ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا یُبْغِضُنِیْ اِلَّا مُنَافِقٌ (۳)

کہ مجھے (یعنی علی سے) محبت نہیں کرے گا مگر مؤمن، اور مجھ سے بغض نہیں رکھے گا مگر منافق۔

معلوم ہوا کہ حبِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ علامتِ ایمان ہے اور بغضِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ علامتِ نفاق۔

(۱) مستدرک حاکم ۳:۱۳۰ (۲) مستدرک حاکم ۳:۱۳۱ رقم ۴۶۱۷ (۳) صحیح مسلم ۱:۸۶، رقم ۷۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## اجازت در مسجد بحالتِ جنابت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا:

لَا یَحِلُّ لِاَحَدٍ یُّجْنِبُ فِیْ ھٰذَا الْمَسْجِدِ غَیْرِیْ وَغَیْرُكَ (۱) اے علی میرے اور تیرے سوا کسی شخص کو مسجد میں جنابت کی حالت میں آنے کی اجازت نہیں۔

معلوم ہوا کہ حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو بحالتِ جنابت مسجد میں داخل ہونے کی اجازت عنایت فرمائی اور یہ آپ کی خصوصیت ہے کسی اور کو اس حالت میں مسجد میں آنے کی اجازت نہیں ہے۔

## شامل در عبادت ذکر و زیارتِ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

حضرت عبداللہ ابنِ مسعود اور ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا راوی ہیں۔ کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا:

اَلنَّظْرُ اِلٰی وَجْهِ عَلِیٍّ عِبَادَةٌ وَذِکْرُ عَلِیٍّ عِبَادَةٌ۔ میرے علی رضی اللہ عنہ کے چہرہ کو دیکھنا عبادت ہے اور علی کا ذکر کرنا بھی عبادت ہے۔

معلوم ہوا کہ یہ وہ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ہیں جن کا ذکر کیا جائے تو عبادت میں شامل ہے اور اگر ان کے چہرہ کی زیارت نصیب ہو جائے تو یہ بھی عبادت ہے۔ یاد رہے کہ عام طور پر سوال کیا جاتا ہے۔

کہ حضرت علی کو کرم اللہ وجہہ الکریم کیوں کہا جاتا ہے تو اس کا جواب اس مذکورہ حدیث سے مل گیا کہ ان کے چہرے کو دیکھنا عبادت ہے اس لیے آپ کو کرم اللہ وجہہ الکریم کہا جاتا ہے۔

## سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے جسم پر گرمی و سردی بے اثر:

احمد نے حضرت عبدالرحمن بن لیلیٰ سے روایت کیا ہے کہ حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم گرمیوں میں کپڑے گرم اور سردیوں میں کپڑے سرد پہنا کرتے تھے آپ سے اس کی وجہ پوچھی گئی تو آپ نے فرمایا جب مجھے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لعابِ دہن آنکھ پر لگایا تو ساتھ ہی یہ دعا فرمائی کہ اے اللہ علی سے سردی اور گرمی دور کر دے اس روز سے نہ مجھے سردی محسوس ہوئی اور نہ گرمی (۲)

معلوم ہوا کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا اقدس سے اللہ تعالیٰ نے سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو اس تکلیف سے محفوظ فرما دیا۔ ورنہ حقیقت یہ ہے کہ شدید سردی اور سخت گرمی دونوں انسان برداشت نہیں کر سکتا۔

## حبِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ گناہوں کو کھا جاتی ہے:

حضرت سیّدنا ابنِ عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

حُبُّ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ تَاْکُلُ الذُّنُوْبَ کَمَا تَاْکُلُ النَّارُ الْحَطَبَ (۳) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی محبت گناہوں کو اس طرح ختم کر دیتی ہے جس طرح آگ لکڑی کو جلا دیتی ہے۔

ثابت ہوا کہ حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی محبت ہمارے گناہوں کو دھونے کا بہترین سبب ہے۔

(۱) جامع ترمذی ۵:۶۳۹ رقم ۳۷۲۷ (۲) نزہۃ المجالس: مشکوٰۃ شریف (۳) الریاض النضرۃ ۲:۳۷:۲۸۵

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## واقعۂ خیبر اور فاتحِ خیبر حیدرِ کرار سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

یہودیوں کا ایک بہت بڑا قلعہ تھا جس کو خیبر کہا جاتا تھا۔ حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پہلے دن سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں ایک لشکر بھیجا سخت جنگ ہونے کے باوجود کامیابی نہ ہوئی پھر آپ نے سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں ایک لشکر بھیجا لیکن کچھ کامیابی نہیں ہوسکی لڑائی خوب ہوئی لیکن خیبر فتح نہ ہوا تیسرے روز حضور آقائے دو جہان علیہ السلام نے اعلان فرمادیا کہ میں کل یہ جھنڈا اس شخص کو دوں گا جو اللہ و رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ و رسول اس کے ساتھ محبت کرتے ہیں۔ یہ نصیب اور قسمت اب جس کے حق میں تھی اسی کو خیبر کی فتح کا علم ملنا تھا۔ چنانچہ آپ نے فتح خیبر کا علم علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ دیا اور فرمایا اس خداداد قوت کے علمبردار علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اس قلعۂ خیبر کو فتح کریں گے آپ یہ جھنڈا لے کر قلعۂ خیبر کے پاس پہنچے اور وہ جھنڈا قلعہ کے پاس گاڑ دیا اور خود ایک ہاتھ میں تلوار اور ایک ہاتھ میں ڈھال تھامی یہودیوں نے جب قلعہ سے جھانکا تو کہنے لگے یہ کون بہادر ہے جس نے یہاں آ کر فتح کا علم بلند کر دیا ہے آپ نے فرمایا میں علی ابنِ عمران رضی اللہ عنہ ہوں یہودیوں کو جب یہ معلوم ہوا تو وہ نام علی رضی اللہ عنہ سن کر گھبرا گئے اور کہنے لگے قسم ہے ہم کو اس سے پیشتر تو ہم مغلوب نہ ہوئے لیکن جو شخص آج مسلمانوں کی طرف سے آیا ہے یہ ہم کو مغلوب کر دے گا۔ اور خیبر کا بہت بڑا مضبوط قلعہ ہمارے ہاتھ سے جاتا رہے گا۔

سب سے پہلے خیبر کا مشہور بہادر یہودی حارث نامی جو مرحب کا بھائی تھا چند ساتھیوں کے ساتھ آیا اور حیدرِ کرار سے کہنے لگا آؤ میرا مقابلہ کرو۔ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے اپنے دو ساتھیوں کو اس کے مقابل بھیجا لیکن وہ شہید ہو گئے پھر سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اس کے مقابلہ میں آئے تو آپ نے اپنی تلوار کے ایک ہی وار سے اس کے ٹکڑے کر دیے جب مرحب کو پتہ چلا تو وہ آگ بگولا ہوا اور انتقامی کارروائی کے لیے دہرے فولادی خول سر پر رکھ کر اور دہری تلواریں ہاتھوں میں لیے اور دہری زرّہ فولادی پہن کر شیرِ خدا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے مقابلہ میں آیا اور اپنے بہت بڑے وزنی بھالہ فولادی کو اٹھا کر کہنے لگا تم جانتے ہو میں کون ہوں تمام خیبر مجھے جانتا ہے اور اپنی طاقت و بہادری پر یہ شعر کہا:

قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ اِنِّيْ مَرْحَبُ
شَاكِي السَّلَاحِ بَطَلٌ مُجَرَّبُ

خیبر والے خوب جانتے ہیں کہ میں مرحب ہوں سلاح پوش فنِ جنگی میں ماہر طاقت و شجاعت میں مشہور ہوں۔

اِذَا السُّيُوْفُ اَقْبَلَتْ تَلَهَّبُ
وَاَحْجَمَتْ عَنْ صَوْلَتِ الْمُغَلَّبِ

جب معرکہ جنگ میں شیر آتے ہیں اور آگ کے شعلے بھڑکاتے ہیں تو اس وقت اسی مرحب کے حملہ غالب سے پیچھے بھاگ جاتے ہیں۔

ابھی تک تو یہودی مرحب شعر پڑھ پڑھ کر اپنی تعریف کرتا جا رہا ہے اور سامانِ فولادی لے کر بے بس ہو کر شعروں کی بوچھاڑ شروع کر رکھی ہے۔ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اس کے شعر سن رہے ہیں کہ یہ بجائے حملہ کرنے یا مجھے اکیلے کو مارنے کے یہ کیا کر رہا ہے اب یہ سوائے شعروں کے اور کرے گا بھی کیا اب پھر شعر:

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

خَلَتْ حَمَایَ اَبَدًا لَا تَقْرُبُ
اَطْعَنُ اَحْیَانًا وَ حِیْنًا اَضْرِبُ

میرے خوف سے میرے کوئی قریب نہیں آتا میں کبھی تلوار اور کبھی نیزہ کے ایک وار سے کام تمام کر دیتا ہوں۔

ظالم شعروں سے اسد اللہ الغالب رضی اللہ عنہ کو اپنی شان بتا رہا ہے۔ پھر یہ شعر کہا:

اِنِّیْ اَغْلِبُ الدَّھْرَ فَاِنِّیْ اَغْلَبُ
وَالْقَدْنُ عِنْدِیْ بِالْاِمَاءِ مُخَضَّبُ

اگر سارا زمانہ مغلوب ہو جائے تو بھی میں غالب آتا ہوں اور میرا مدِ مقابل خون میں رنگا ہوا ہے۔

دیکھا اس شعر میں کہتا ہے کہ اگر سارا زمانہ مغلوب ہو جائے تو میں غالب آتا ہوں اور یہ جو میرے مقابل ہے یہ تو خون میں رنگین پڑا ہے۔ جب اسد اللہ حیدرِ کرار نے اس کے شعر سنے تو آپ نے فرمایا یہ ظالم بھی جانتا ہے کہ میں کون ہوں پھر بھی اپنی تعریفوں کے پل باندھ رہا ہے۔

آپ نے میدان میں اس کے مقابل جا کر یہ اشعار پڑھے۔

اَنَا الَّذِیْ سَمَّتْنِیْ اُمِّیْ حَیْدَرَہْ
کَلَیْثِ غَابَاتٍ کَرِیْہُ الْمَنْظَرَہْ

میں وہ ہوں کہ جس کی ماں نے اس کا نام حیدر رکھا ہے اور شیر کی طرح مہیب اور ہیبت ناک ہوں۔

اَکِیْلُکُمْ بِالسَّیْفِ کَیْلَ السَّنْدَرَہْ
اَضْرِبُکُمْ ضَرْبًا یُبَیِّنُ الْفَقَرَہْ

میں تلوار کے ایک وار سے تم کو ناپوں گا کہ تم کس پانی میں ہو اور تمہیں اگر میری ایک بھی پڑ گئی جو کہ بصورتِ ناپ ہو گی تو وہ تمہارے ٹکڑے کر دے گی۔

وَاَتْرُکُ الْقِرْنَ بِقَاعٍ جُزُرَہ
اَضْرِبُ بِالسَّیْفِ رِقَابُ الْکَفَرَہْ

میں نیزے کے وار سے زمین میں گاڑ دیتا ہوں اور تلوار سے کافروں کے پرخچے اڑا دیتا ہوں اتنے میں پھر آپ کے اور اس کے درمیان مقابلہ شروع ہوا۔ شاہِ مرداں شیرِ یزداں امام الائمہ حیدرِ کرار اللہ کی تلوار ذوالفقار کا ایک ہی وار شعر پڑھ پڑھ کر لاف زنی کرنے والے اس مرحب پر پڑا اور تلوار کی ضرب نے اس کے سر کے دہرے اور بھاری فولادی خول کو کاٹتے ہوئے اس کے منہ کو چیر کر رکھ دیا۔ یعنی جس طرح گرما کو کاٹ کر پھینک دیا جائے۔ اس ضرب کے کھڑکے نے قلعہ کے یہودیوں کو ہلا کر رکھ دیا بھاگتے آئے تو دیکھا کہ ہمارا سب سے بڑا بہادر مرحب دو ٹکڑے ہوا پڑا ہے۔

پڑی شمشیر جس پر کر دیے ٹکڑے برابر کے
یہ ادنیٰ سی کرامت تھی علی کی تیغ براں کی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مرحب کے مارے جانے پر یہودی مسلح ہو کر اسلام کے لشکر پر ٹوٹ پڑے۔ دونوں طرف سے خوب تلواریں چلیں۔ جس سے آپ کی ڈھال ہاتھ سے گر کر گھمسان میں گم ہو گئی۔ لڑتے لڑتے جب انتہا ہو گئی تو شیرِ خدا حیدر کرار علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے قلعہ خیبر کا لوہے کا بہت وزنی دروازہ اپنے ایک ہاتھ سے پکڑ کر ہلایا اور اکھاڑ کر قلعہ کی دیوار سے باہر رکھ دیا اور خیبر فتح ہو گیا اور قلعہ کی بلندی پر اسلام کا جھنڈا لہرانے لگا اور خیبر مسلمانوں کے قبضہ میں آ گیا خیبر کا ذرہ ذرہ گواہ ہے کہ شیرِ خدا حیدرِ کرار فاتحِ خیبر نے ہی ہم کو اسلام کے قبضہ میں دیا اب اس وزنی لوہے کے دروازہ کو ستر مسلمان مل کر ہلانا چاہیں تو وہ حرکت میں نہ آئے وہ حیران ہوئے کہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھوں سے کس طرح اسے اکھاڑا اور پھر اٹھا کر علیحدہ کر دیا ابو رافع کہتے ہیں کہ ہم چالیس آدمیوں نے مل کر ہلانا چاہا لیکن خیبر کا وزنی دروازہ ہم سے ہل نہ سکا آپ سے پوچھا گیا یہ کیا بات ہے۔ علامہ رازی علیہ الرحمہ آپ کا جواب نقل کرتے ہیں سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا:

وَاللّٰهِ مَا قَلَعْتُ بَابَ خَيْبَرَ بِقُوَّةٍ جَسَدَانِيَّةٍ وَلٰكِنْ بِقُوَّةٍ رَبَّانِيَّةٍ (۱)

اللہ کی قسم! میں نے بابِ خیبر کو جسمانی قوت سے فتح نہیں کیا بلکہ قوتِ ربانی سے اٹھایا۔

شاہِ مرداں شیرِ یزداں قوتِ پروردگار
لَافَتٰى اِلَّا عَلِيٌّ لَاسَيْفَ اِلَّا ذُوالْفِقَارُ

اور امام احمد رضا علیہ الرحمہ نے یوں فرمایا اور کیا خوب فرمایا:

شیرِ شمشیر زن شاہِ خیبر شکن
پرتو دستِ قدرت پہ لاکھوں سلام

## سیّدنا مولیٰ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی نمازِ عصر، مقام صہبا پر ڈوبا ہوا سورج واپس:

حضرت اسماء بنتِ عمیس زوجہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہا روایت فرماتی ہیں کہ فتح خیبر سے واپسی پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقامِ صہبا (ایک راستہ کی منزل) پر پہنچے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نمازِ ظہر ادا فرمائی اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو کسی کام کے لیے کہیں بھیجا۔ اسی دوران نمازِ عصر کا وقت بھی آ گیا اور پھر آپ نے نمازِ عصر ادا فرما لی اس کے بعد سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو آپ نے اپنا سر انور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی گود میں رکھا اور سو گئے۔ حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے حرکت تک نہ کی تا کہ میرے آقا و مولیٰ علیہ الصلوۃ والسلام کے آرامِ اقدس میں خلل نہ آئے۔ یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا۔ جب آپ بیدار ہوئے تو آپ نے فرمایا اے علی رضی اللہ عنہ کیا تم نے نمازِ عصر پڑھی ہے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہیں۔ آپ نے فرمایا اچھا اب سورج غروب ہو گیا ہے لیکن تم نمازِ عصر وقت پر ہی ادا کرو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی:

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اِنَّهٗ كَانَ فِيْ طَاعَتِكَ وَطَاعَتِ رَسُوْلِكَ فَارْدُدْ عَلَيْهِ الشَّمْسَ. قَالَتْ اَسْمَاءُ فَرَاَيْتُهَا غَرَبَتْ ثُمَّ رَاَيْتُهَا طَلَعَتْ بَعْدَمَا

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی اے اللہ یہ علی رضی اللہ عنہ تیرے اور تیرے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت میں تھا تو اس پر سورج کو لوٹا دے۔ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے دیکھا کہ وہ سورج جو

(۱) تفسیر الکبیر ۲۱:۷۷

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

غَرَبَتْ حَتّٰی وَقَعَتْ عَلَی الْجِبَالِ وَعَلَی الْاَرْضِ — غروب ہو چکا تھا وہ غروب ہونے کے بعد پھر طلوع ہو گیا یہاں تک کہ پہاڑوں اور زمین پر دھوپ چمکنے لگی۔

ثُمَّ قَامَ عَلِیٌّ فَتَوَضَّأَ وَصَلَّی الْعَصْرَ ثُمَّ غَابَتْ وَذٰلِكَ فِی الصَّهْبَا۔

پس حضرت علی رضی اللہ عنہ اٹھے پھر آپ نے وضو کیا اور نمازِ عصر پڑھی پھر سورج غروب ہو گیا اور واقعہ مقامِ صہبا کا ہے (مشکل الآثار:۳۳۸) حضرت سیّدنا امام احمد رضا علیہ الرحمہ نے کیا خوب نقشہ کھینچا ہے:

مولیٰ علی نے واری تیری نیند پر نماز
وہ بھی عصر سب سے جو اعلیٰ خطر کی ہے
ہاں تو نے ان کو جان انہیں پھیر دی نماز
پروہ تو کر چکے تھے جو کرنی بشر کی ہے
ثابت ہوا کہ جملہ فرائض فروع ہیں
اصل الاصول بندگی اس تاجور کی ہے

## تاجدارِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینۃ العلم اور سیّدنا مولیٰ علی رضی اللہ عنہ باب مدینۃ العلم

حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَنَا مَدِیْنَةُ الْعِلْمِ وَعَلِیٌّ بَابُهَا۔ وَفِیْ رِوَایَةٍ اَنَا دَارُ الْحِكْمَةِ وَعَلِیٌّ بَابُهَا (۱) — میں علم کا شہر ہوں اور علی رضی اللہ عنہ اس کے دروازہ ہیں۔ اور دوسری روایت میں ہے کہ میں حکمت کا گھر ہوں اور علی رضی اللہ عنہ اس کے دروازہ ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ تمام علوم کے سرچشمہ سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی ذات ہے۔

دوسری حدیث میں آتا ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں۔

عَلَّمَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْفَ بَابٍ یُفْتَحُ كُلُّ بَابٍ اِلٰی اَلْفِ بَابٍ (۲) — مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علم کے ہزار باب دیے اور ہر باب سے آگے علم کے ہزار باب کھلتے ہیں۔

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ باب مدینۃ العلم کا یہ حال تھا۔

كَانَ قَدْ مُلِئَ جَوْفُهٗ حِكْمًا وَّ عِلْمًا وَّ بَأْسًا وَنَجْدَةً مَعَ قَرَابَتِهٖ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ (۳) — کہ ان کی ذات علم وحکمت، قوت وشجاعت کا خزانہ عظیم تھی اور یہ قرابتِ رسول کا صدقہ تھا۔

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ سیّدِ عالم علیہ الصلوۃ والسلام نے یہاں تک ارشاد فرمایا ہے:

عَلِیٌّ غَیْبَةُ عِلْمِیْ۔ — میرا علی رضی اللہ عنہ میرے علمی بھید کا خزانہ ہیں۔

(۱) ترمذی، مشکوۃ، حاکم (۲) سیر اعلام النبلاء ۸:۲۶ (۳) (الاستیعاب ۳:۱۱۳۰)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## قیامت تک جو ہونے والا ہے اس کی خبر بابِ مدینۃ العلم رضی اللہ عنہ:

حضرت سیّدنا ابوالطفیل عامر بن واثلہ روایت کرتے ہے کہ میں سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے خطبہ میں بیٹھا تھا اور اپنے کانوں سے سنا اور دیکھا کہ آپ نے فرمایا:

سَلُوْنِیْ فَوَاللّٰہِ لَا تَسْئَالُوْنِیْ عَنْ شَیْءٍ یَکُوْنُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ اِلَّا حَدَّثْتُکُمْ بِہٖ (۱)

مجھ سے سوال کرو اللہ کی قسم! قیامت تک ہونے والی کسی چیز کے بارے میں تم مجھ سے سوال نہیں کرو گے مگر میں تمہیں اس کی خبر دے دوں گا۔

حضرت مسلم بن اوس رضی اللہ عنہ و جاریہ بن قدامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سیّدنا مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا:

سَلُوْنِیْ قَبْلَ اَنْ تَفْقِدُوْنِیْ فَاِنِّیْ لَا تَسْئَلُوْنِیْ عَنْ شَیْءٍ دُوْنَ الْعَرْشِ اِلَّا اَخْبَرْتُکُمْ عَنْہُ (۲)

مجھے کھو دینے سے قبل مجھ سے سوال کرو ما دون العرش کسی چیز کے بارے میں مجھ سے سوال نہیں کیا جائے گا مگر میں اس کی خبر دوں گا۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ تابعی فرماتے ہیں:

لَمْ یَکُنْ اَحَدٌ مِّنَ الصَّحَابَۃِ یَقُوْلُ سَلُوْنِیْ اِلَّا عَلِیًّا (۳)

اصحاب میں سے سوائے سیّدنا علی المرتضیٰ کے کسی نے ایسا نہ کہا کہ پوچھ لو مجھ سے جو کچھ پوچھنا ہے میں تم کو خبر دوں گا۔

ثابت ہوا کہ حضرت مولیٰ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم قیامت تک کے احوال کی خبر رکھتے تھے اور بالاتفاق آپ علوم کے بحرِ ناپیدا کنار ہیں اور تمام علم کی نہریں انہی کے چشمہ سے چلی ہیں۔ ولی، قطب، غوث، ابدال، اوتاد، درویش، قلندر اور سالک سب آپ ہی کے باجگزار ہیں۔ قادری، چشتی، نقشبندی اور سہروردی آپ ہی کے شجرِ طریقت کی شاخیں ہیں۔ شریعت و طریقت، حقیقت و معرفت کے میدانوں میں سرگرداں آپ ہی کی جانب رجوع کرتے ہیں۔

ذات او دروازۂ شہر علوم
زیر فرمانش حجاز و چین و روم

آپ کی ذات علوم کے شہر کا دروازہ ہے۔ حجاز و چین اور روم آپ کے زیرِ فرمان ہیں۔

## خزائنِ قرآن و تفسیر و حدیث اور حوضِ کوثر پر قرآن و علی رضی اللہ عنہ کی معیت:

معجم در اوسط اور تاریخ الخلفاء میں حضرت امِ المؤمنین امِ سلمہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا:

عَلِیٌّ مَعَ الْقُرْآنِ وَالْقُرْآنُ مَعَ عَلِیٍّ وَلَا یَفْتَرِقَانِ حَتّٰی یَرِدَا عَلَیَّ الْحَوْضَ (۴)

علی قرآن کے ساتھ ہیں اور قرآن علی کے ساتھ ہے اور یہ دونوں جدا نہ ہوں گے یہاں تک کہ مجھ سے حوضِ کوثر پر آملیں گے۔

---

(۱) (کنز العمال ۶:۴۰۵)
(۲) کنز العمال ۶:۴۰۵
(۳) کنز العمال ۶:۴۰۵
(۴) مستدرک حاکم ۳:۱۳۴، رقم ۴۶۲۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ابنِ سعد رضی اللہ عنہ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں:

وَاللّٰہِ مَا نَزَلَتْ اٰیَۃٌ اِلَّا وَقَدْ عَلِمْتُ فِیْمَا نَزَلَتْ وَاَیْنَ نَزَلَتْ وَ عَلٰی مَنْ نَزَلَتْ اِنَّ رَبِّیْ وَھَبَ لِیْ قَلْبًا عَقُوْلًا وَ لِسَانًا نَاطِقًا (۱)

خدا کی قسم! مجھے ہر ایک آیت کا شانِ نزول اور کہاں نازل ہوئی اور کس کے حق میں نازل ہوئی سب کچھ معلوم ہے کیونکہ میرے رب نے مجھے قلب اور عقل اور زبانِ ناطق عطا فرمائی ہے۔

حضرت ابنِ سعد رضی اللہ عنہ ابوالطفیل رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت مولیٰ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

سَلُوْنِیْ عَنْ کِتَابِ اللّٰہِ فَاِنَّہٗ لَیْسَ مِنْ اٰیَۃٍ اِلَّا وَ قَدْ عَرَفْتُ بِلَیْلٍ نَزَلَتْ اَمْ بِنَھَارٍ اَمْ فِیْ سَھْلٍ اَمْ فِیْ جَبَلٍ (۲)

جس کسی نے قرآن کے متعلق پوچھنا ہو وہ مجھ سے پوچھ لے کیونکہ کوئی آیت ایسی نہیں جو مجھے معلوم نہ ہو کہ یہ دن میں نازل ہوئی یا رات میں میدان میں نازل ہوئی یا پہاڑ پر۔

مذکورہ بالا روایاتِ صحیحہ سے ثابت ہوا کہ بابِ مدینۃ العلم سیّدنا مولیٰ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم قرآن حکیم کے سب سے بڑے عالم تھے کوئی آیت مکی ہو یا مدنی، سفری ہو یا حضری، ناسخ ہو یا منسوخ محکم ہو یا متشابہ، لیل کی ہو یا نہار کی، آپ سب کو جاننے والے تھے اور ہر آیت کو منشائے خداوندی کے مطابق جانتے تھے۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کو خود قرآن نے راسخ العلوم فی القرآن کا لقب بخشا ہے۔

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے پوری شب بسم اللہ کے حرفِ با کی تفسیر شروع فرمائی۔ یہاں تک کہ صبح ہوگئی آپ نے فرمایا اگر اور رات ہوتی تو بیان کرتا۔ واللہ یہ سمندر سے قطرہ بھی بیان نہیں کیا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ، فرماتے ہیں کہ اگر میں سورت فاتحہ کی تفسیر لکھوں تو ستر اونٹ کتابوں سے لاد دے جائیں مگر تفسیرِ سورت فاتحہ ختم نہ ہو سکے (۳)

حضرت سرکار مولیٰ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ رکاب میں ایک پاؤں رکھتے اور دوسرا پاؤں دوسری رکاب میں رکھنے تک پورا قرآن پڑھ کر ختم فرما لیتے۔ اللہ اللہ یہ شانِ کرامت کمال تھی۔

حضرت عبداللہ ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

اِنَّ الْقُرْاٰنَ اُنْزِلَ عَلٰی سَبْعَۃِ اَحْرُفٍ مَا مِنْھَا حَرْفٌ اِلَّا لَہٗ ظَھْرٌ وَّبَطْنٌ وَاِنَّ عَلِیًّا عِنْدَہٗ مِنَ الظَّاھِرِ وَالْبَاطِنِ

قرآن سات قراتوں میں نازل ہوا اور ہر حرف جو ہے اس کے ایک ظاہری اور دوسرے باطنی معنی ہیں اور ہر حرف کے ظاہر و باطن کا علم سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو ہے۔

یہ ہے خاموش قرآن اور وہ قرآنِ ناطق ہیں
نہ ہوں جس دل میں یہ اس میں نہیں قرآن کا رشتہ

(۱) طبقات ابن سعد ۲:۳۸۸ (۲) طبقات ابن سعد ۲:۳۸۸ (۳) سیرت حلبیہ ۱:۶۵

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## واقعہ میراث اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا علم القرآن:

ایک شخص نے مرتے وقت وصیت کی کہ میری میراث کا ایک جز فلاں شخص کو دے دینا۔ اس کے انتقال کے بعد جز کے تعین میں اختلاف ہوا جب فیصلہ نہ ہو سکا تو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا ساتواں حصہ دے دو کیا تم نے قرآن میں یہ نہیں پڑھا ہے:

لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ؕ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ۔

اس کے سات دروازے ہیں ہر دروازے کے لیے ان میں سے ایک حصہ بٹا ہوا ہے (۱)

معلوم ہوا کہ مسئلہ میراث کے موقعہ پر مولیٰ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے قرآن کریم سے جواب دے کر اختلاف ختم کر دیا اور مسئلہ میراث حل فرما دیا۔

## لڑکے کی ماں کی پہچان اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا علم القرآن:

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے زمانہ میں دو عورتوں نے بچے جنے۔ رات اندھیری تھی ایک کے ہاں لڑکا پیدا ہوا اور ایک کے ہاں لڑکی دونوں میں جھگڑا اس بات پر ہوا کہ ہر ایک کہتی تھی کہ لڑکا میں نے جنا ہے آخر کار دونوں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے پاس لائی گئیں ہر ایک یہی کہتی تھی کہ لڑکے کی ماں میں ہوں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

فَاَمَرَ كُلَّ وَاحِدَةٍ اَنْ تَحْلِبَ لَبِنَهَا شَيْئًا ثُمَّ وَزَنَ اللَّبَنَيْنِ فَرَجَحَ اَحَدُهُمَا فَحُكْمُ لِصَاحِبَةِ الرَّاجِحِ بِالصَّبِيِّ فَقِيْلَ مِنْ اَيْنَ اَخَذْتَ هٰذَا قَالَ مِنْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ۔ (۲)

تم دونوں تھوڑا تھوڑا دودھ چھاتیوں سے نکال کر دو برتنوں میں رکھو چنانچہ ایسا ہی کیا گیا آپ نے دونوں دودھوں کو تولا تو ایک وزنی اترا فرمایا جس کا دودھ وزنی ہے لڑکا اسی کا ہے یہ فیصلہ سن کر لوگوں نے دریافت کیا یا حضرت آپ نے یہ مسئلہ کہاں سے نکالا تو فرمایا قرآن کی اس آیت سے لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ۔

اس آیت میں یہ بھی استدلال ہے کہ خدا نے مرد کو ہر چیز میں فضیلت دی ہے حتی کہ غذا میں بھی پس میں نے اس حقیقت کے پیشِ نظر سوچا تھا کہ لڑکے کی ماں کا دودھ ضرور وزنی ہوگا۔

معلوم ہوا کہ ایسے مشکل ترین موقعہ پر بھی سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے قرآن عظیم سے کیسی عقدہ کشائی فرمائی ہے ایسے دقیق مسائل کا حل قرآن سے پیش کرنا اس بات کا روشن ثبوت ہے کہ آپ قرآن حکیم کے ہر راز سے واقف تھے اور یہی صفت راسخون فی العلم والوں کی ہے۔

## یہودی کی کھودی داڑھی اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا علم القرآن:

ایک یہودی کی داڑھی بہت مختصر تھی۔ ٹھوڑی پر چند ایک گنتی کے بال تھے اور حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ کی داڑھی مبارک بہت گھنی اور بھری ہوئی تھی ایک دن وہ یہودی حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے کہنے لگا۔ اے علی رضی اللہ عنہ تمہارا یہ دعویٰ ہے کہ قرآن میں جمیع علوم

(۱) المناقب: ۳۴ (۲) نزہۃ المجالس ص ۱۸۷

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہیں اور تم بابِ مدینۃ العلم ہوتو بتاؤ قرآن میں کیا تمہاری گھنی داڑھی اور میری مختصر داڑھی کا بھی ذکر ہے حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہاں ہے۔لوسنو۔قرآن میں آتا ہے۔

اَلْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهُ بِإِذْنِ رَبِّهٖ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا۔ (۱)

یعنی جو اچھی زمین ہے اس کا سبزہ اللہ کے حکم سے خوب نکلتا ہے اور جو خراب ہے اس میں سے نہیں نکلتا مگر تھوڑا بمشکل۔

تو اے یہودی! وہ اچھی پاکیزہ زمین میری ٹھوڑی ہے جس سے خوب گھنے بال داڑھی اگے ہیں اور خراب و پلید زمین تیری ٹھوڑی ہے جس سے کوئی اگتا ہے تو مشکل سے۔سبحان اللہ (مناقب اسد اللہ)

معلوم ہوا کہ سرکار بابِ مدینہ علم نے ثابت کر دیا کہ قرآن میں جمیع علوم موجود ہیں جن کا علم اللہ تعالیٰ نے آپ کو دیا ہے۔

یاد رہے کہ داڑھی کا رکھنا اور مونچھوں کا کٹوانا یہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت اور سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی بھی سنت ہے روایات شاہد ہیں کہ سیّدنا علی المرتضیٰ کی داڑھی مبارک بھری ہوئی اور گھنی تھی اور آپ کی مونچھیں پست تھیں اور سیّد عالم علیہ السلام کی صحیح حدیث ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اُحْفُوا الشَّوَارِبَ وَاَعْفُوا اللِّحٰى وَلَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ

مونچھیں کٹاؤ اور داڑھیاں بڑھاؤ اور یہود کی مشابہت اختیار نہ کرو۔

ایک مرتبہ حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے کسی نے پوچھا کون سا لشکر ہے تو آپ نے فرمایا اس قوم کی بڑی نشانی یہ تھی۔

فَقَالَ لَهٗ قَوْمٌ حَلَقُوا اللِّحْيَةَ وَقَتَلُوا الشَّوَارِبَ (۲)

یہ وہ قوم تھی جو داڑھی چٹ کرا دیتے تھے اور مونچھوں کو لمبا رکھتے تھے اس قوم کی صورتیں بھی مسخ کر دی گئیں۔

سیّدنا امام جعفر صادق علیہ السلام سے داڑھی کے متعلق پوچھا گیا کہ اس کی مقدار کیا ہے تو آپ نے فرمایا:

تَقْبِضُ بِيَدِكَ وَتَجُزُّ مَا تَفْضُلُ (۳)

داڑھی کی مقدار بقدر ایک مشت رکھو اور اس سے زائد کاٹو۔

بلکہ حیات القلوب میں تو یہاں تک بھی بیان ہے۔

از سنتہائے ابراہیم است، شارب را گرفتن و ریش را بلند داشتن (۴)

داڑھی بڑھانا اور مونچھیں کٹوانا سنتِ ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام ہے۔

امام الائمۃ العظام ہادی انام سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا یہ اصلی نشان ہے کہ داڑھی مبارک گھنی اور بھرپور اور مونچھیں پست۔ان کے نقشہ کو اپنانا لازمی ہے۔

## علوم وقضاء وفقہ وحکمت اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

ترمذی اور مشکوٰۃ میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَنَا دَارُ الْحِكْمَةِ وَعَلِيٌّ بَابُهَا

میں حکمت کا شہر ہوں اور حکمت کے شہر کے دروازہ علی رضی اللہ عنہ ہیں۔

(۱) الاعراف ۷:۵۸ (۲) اصول کافی ۱:۲۸ (۳) فروع کافی ۲:۵۳ (۴) حیات القلوب ۱:۱۲۶

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حاکم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کیا ہے کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے جب یمن کی طرف اشاعتِ اسلام کے لیے بھیجنا چاہا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مجھے آپ یمن کی طرف بھیجتے ہیں اور میں ایک ناتجربہ کار آدمی ہوں۔ معاملات طے کرنے نہیں جانتا۔

آپ ﷺ نے یہ سن کر میرے سینے پر ہاتھ مارا اور فرمایا:

اَللّٰھُمَّ اَھْدِ قَلْبَہٗ وَ ثَبِّتْ لِسَانَہٗ فَوَالَّذِیْ فَلَقَ الْحَبَّۃَ مَا شَکَکْتُ فِیْ قَضَاءٍ بَیْنَ اثْنَیْنِ (۱)

الٰہی اس کے قلب کو روشن کر دے اور اس کی زبان کو استقلال مرحمت فرما دے۔

اللہ کی قسم پھر اس روز کے بعد مجھے تمام معاملات طے کرنے میں کبھی بھی دشواری پیش نہ آئی۔

حضرت ابو ہریرہ و ابنِ مسعود رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ اکثر فرمایا کرتے تھے:

عَلِیٌّ اَقْضَانَا عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ کُنَّا نَتَحَدَّثُ اَنَّ اَقْضٰی اَھْلُ الْمَدِیْنَۃِ عَلِیٌّ۔

بے شک ہم میں سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ بہترین فیصلہ کرنے والے ہیں اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اہل مدینہ میں علی رضی اللہ عنہ سے زیادہ معاملہ فہم کوئی نہیں تھا۔ (۲)

مذکورہ بالا احادیث و روایاتِ صحیحہ سے ثابت ہوا کہ حضرت پرنور شافع یوم النشور ﷺ نے اپنی حکمت کا حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو دروازہ فرمایا ہے اور آپ کے حق میں دعا فرمائی۔ اسی فیضِ نبوت کا صدقہ تھا کہ آپ فقیہہ فی الدین اور امام الحکمت کی شان سے نوازے گئے کوئی مشکل مسئلہ ہی کیوں نہ ہو اسے صرف حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ہی حل فرمایا کرتے تھے۔ عظیم المرتبت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین بھی اکثر دشواری اور مشکل کے موقع پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے جواب اور مشورہ لیا کرتے تھے اس لیے کہ آپ کا جواب و مشورہ دانائی، حکمت سمجھداری اور عقل پر مبنی ہوا کرتا تھا۔

## عیسائی عالم پادری کے سوالات اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے جوابات:

سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں نجران کا ایک یہودی عالم اسلام پر اعتراضات کرنے کے لیے چند سوالات سوچ کر آیا۔ حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ خلیفۃ المؤمنین کی بارگاہ میں حاضر ہونے کے لیے اجازت طلب کی۔ اس وقت حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضرت علی کرم اللہ وجہہ موجود تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہودی عالم کو اپنی عدالت میں آنے کی اجازت دے دی۔ جب یہ یہودی اندر داخل ہوا تو حضرت امیر المؤمنین سے خطاب کر کے عرض کرنے لگا۔ میں چند سوالات کرنے آیا ہوں۔ اجازت ہو تو بیان کروں اور آپ ان کا جواب دیں امیر المؤمنین نے فرمایا ہاں اپنے سوال بیان کرو۔

۱۔ آپ کا قرآن جنت کا کچھ ایسا طول و عرض بیان کرتا ہے جو میری سمجھ میں نہیں آتا۔ آپ کا قرآن کہتا ہے کہ جنت کا عرض آسمان اور زمین کے برابر ہوگا یہ بتلایئے کہ جب جنت اتنی بڑی ہوگی تو دوزخ کہاں واقع ہوگئی؟

۲۔ وہ کیا چیز ہے جو میوہ ہائے جنت کی مثل ہے؟

۳۔ آسمان کا کوئی قفل ہے؟

۴۔ زمین پر سب سے پہلے کس کا خون گرا تھا؟

(۱) مستدرک حاکم ۲:۵ ۱۳ (۲) تاریخ الخلفاء

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت مولیٰ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے فرمایا آپ اس کے چاروں سوالوں کے جواب دیجئے۔

حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اسی وقت یہودی سے مخاطب ہوکر فرمانے لگے اے یہودی اپنے جملہ سوالات کے جوابات من لے اور اگر دل چاہے تو نوٹ کر لے۔ تم نے قرآن پاک کی اس آیت پر اعتراض کیا ہے کہ جب جنت کا عرض زمین و آسمان کے برابر ہے تو دوزخ کہاں واقع ہوگا۔ یہودی مجھے اس بات کا جواب دو کہ جب رات آتی ہے تو دن کہاں چلا جاتا ہے۔ اور جب دن آتا ہے تو رات کہاں چلی جاتی ہے۔ پادری یہ جوابِ باصواب ہی سن کر حیران رہ گیا۔ آپ نے فرمایا یہودی تمہارا دوسرا سوال یہ ہے کہ وہ کیا چیز ہے جو میوہ ہائے جنت کی مانند ہے۔ آپ نے فرمایا وہ قرآن ہے۔ کہ تمام مخلوق اس سے استفادہ کرنا چاہے تو بھی اس میں کوئی کمی واقع نہیں ہوسکتی۔ گویا جنت کے میوہ جات بھی اسی طرح کے ہیں۔

یہودی تمہارا تیسرا سوال یہ ہے کہ آسمان کا قفل کیا ہے فرمایا وہ قفل شرک ہے جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کیا جائے سلسلہ کلام کو جاری رکھتے ہوئے فرمایا۔ قفل کی مفتاح (کنجی) کلمہ شہادت ہے جس کی پرواز درسائی فرش سے عرش تک ہے۔

یہودی تمہارا چوتھا سوال یہ ہے کہ زمین پر سب سے پہلے خون کس کا گرا۔ آپ نے فرمایا تمہارا یہ گمان ہے کہ چمگادڑ کا خون سب سے پہلے زمین پر گرا۔ یہ غلط ہے سب سے پہلے خون حضرت حوا کا تھا جو حضرت ہابیل کی ولادت کے وقت زمین بوس ہوا تھا۔

یہودی نے کہا بخدا سچ ہے۔ مگر میرے ایک سوال کا جواب اور دیجئے۔ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا آخری سوال بھی پوچھ لو تاکہ تمہارے دل میں کوئی حسرت نہ رہے کہنے لگا بتایئے خدا کہاں پر ہے؟ حضرت مولائے کائنات نے متبسّم ہوکر فرمایا۔

یہی سوال میں نے اپنے آقا مولا علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کیا تھا اور اپنی آنکھوں کے سامنے یہ منظر دیکھا تھا کہ ایک فرشتہ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ آپ نے پوچھا کہاں سے آئے ہو۔ فرشتہ نے کہا ساتویں آسمان کا مکین ہوں اور اپنے رب کے پاس سے آیا ہوں۔ پھر دوسرا فرشتہ آیا۔ آپ نے اس سے بھی یہی سوال کیا کہ کہاں سے آرہے ہو اس نے کہا اپنے رب کے پاس سے ساتویں طبق زمین سے آرہا ہوں پھر اس کے بعد ایک فرشتہ مغرب سے آیا اور ایک مشرق سے آیا دونوں سے یہی سوال کیا گیا۔ انہوں نے بھی جواب دیا کہ ہم اپنے رب کے پاس سے مغرب اور مشرق سے آرہے ہیں۔

پس اے یہودی! اللہ تعالیٰ یہاں بھی ہے وہاں بھی ہے، زیرِ زمین بھی ہے۔ بالائے آسمان بھی ہے۔ پس وہ کون سی جگہ ہے کون سی جہت جہاں وہ نہیں۔ اَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ۔

یہودی عالم حضرت علی کرم اللہ وجہہ امام المشارق والمغارب باب مدینۃ الحکمت کے یہ جوابات سن کر اسی وقت مسلمان ہوگیا۔ (۱)

## یہودی عالم کے سات سوال اور علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے جوابات

ایک یہودی عالم نے جس کا نام مفر تھا نے ایک مرتبہ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے پوچھا کہ میرے چند سوالوں کے جواب دیجئے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا پوچھو کیا پوچھتے ہو، پوچھا بتایئے:

۱۔ وہ کون سا فرد ہے جس کا نہ باپ ہے نہ ماں؟

۲۔ وہ کون سی عورت ہے جس کا نہ باپ ہے نہ ماں؟

(۱) مطالب السوال، ص: ۳۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۳۔ وہ کونسا مرد ہے جس کی ماں تو ہے باپ نہیں؟
۴۔ وہ کون سا پتھر ہے جس نے جانور جنا ہے؟
۵۔ وہ کون سی عورت ہے جس نے ایک ہی دن میں تین گھڑیوں میں بچہ جن دیا؟
۶۔ وہ کون سے دو دوست ہیں جو آپس میں کبھی دشمن نہ بنیں گے؟
۷۔ وہ کونسے دو دشمن ہیں جو آپس میں کبھی دوست نہ بنیں گے؟

حضرت مولائے مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے ارشاد فرمایا سنو۔

۱۔ وہ مرد جس کا نہ باپ ہے نہ ماں وہ حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔
۲۔ وہ عورت جس کا نہ باپ ہے نہ ماں وہ حوا علیہا السلام ہیں۔
۳۔ وہ مرد جس کی ماں ہے اور باپ نہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔
۴۔ وہ پتھر جس نے جانور جنا ہے یہ وہ پتھر ہے جس سے حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی پیدا ہوئی۔
۵۔ وہ عورت جس نے ایک ہی دن میں تین گھڑیوں میں بچہ جنا وہ حضرت مریم علیہا السلام ہیں۔ جن کو ایک گھڑی میں حمل ٹھہر گیا۔ دوسری گھڑی میں دردِ زہ پیدا ہوئی اور تیسری گھڑی حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے۔
۶۔ وہ دو دوست جو کبھی آپس میں دشمن نہ بنیں گے۔ وہ جسم اور روح ہیں۔
۷۔ وہ دو دشمن جو آپس میں کبھی دوست نہ بنیں گے۔ موت اور حیات ہیں۔

مفر یہودی نے یہ سن کر عرض کیا۔ واقعی اے مولا مرتضیٰ رضی اللہ عنہ: آپ نے بالکل صحیح جواب دیئے۔ اور واقعی آپ باب مدینۃ العلم ہیں۔(۱)

## تقسیمِ حصہ اور علمِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

دو آدمی ہم سفر تھے ایک کے پاس پانچ روٹیاں تھیں اور دوسرے کے پاس تین کھانے کا وقت آیا تو راستے میں دونوں ایک جگہ ٹھہرے اور وہ روٹیاں اکٹھی کر کے دونوں مل کر کھانے بیٹھے اتنے میں ایک تیسرا شخص بھی آ گیا انہوں نے اس سے کہا آؤ بھائی جان کھانا حاضر ہے۔ اس شخص نے یہ دعوت قبول کر لی اور وہ بھی ان کے ساتھ کھانے میں شریک ہو گیا اور پھر تینوں نے وہ روٹیاں مل کر کھائیں کھانا کھا لینے کے بعد وہ تیسرا شخص آٹھ روپے ان کو دے گیا اور کہہ گیا کہ آپس میں بانٹ لینا۔ چنانچہ جب وہ دونوں ان آٹھ روپوں کو بانٹنے لگے تو پانچ روٹیوں والے نے کہا کہ میری پانچ روٹیاں تھیں میں پانچ روپے لیتا ہوں اور تیری تین تھیں تو تین لے۔ تین روٹیوں والا کہنے لگا ایسا کیوں؟ بلکہ یہ روپے آدھے تیرے اور آدھے میرے۔ ہم دونوں نے مل کر روٹی کھائی ہے اس لیے دونوں کا حصہ بھی برابر ہو گا۔ دونوں میں تکرار بڑھ گئی اور پھر دونوں اپنے اس جھگڑے کا فیصلہ کرانے کے لیے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی عدالت میں پہنچے۔

(۱) اسد اللہ الغالب، ص: ۳۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے سارا واقعہ سن کر تین روٹیوں والے سے فرمایا کہ اگر تمہیں تین روپے ملتے ہیں تو تین ہی لے لو۔ تمہارا فائدہ اسی میں ہے ورنہ اگر حساب کر کے لو گے تو تمہارے حصہ میں صرف ایک ہی روپیہ آتا ہے وہ حیران ہو کر بولا بھلا یہ کس طرح ہو سکتا ہے مجھے یہ حساب سمجھا دیجئے تو میں ایک روپیہ ہی لے لوں گا۔

قَالَ لِاَنَّ الثَّمَانِيَةَ اَرْبَعَةٌ وَ عِشْرُوْنَ ثُلُثًا لِصَاحِبِ الْخَمْسَةِ عَشَرَ وَتِلْكَ ثَلٰثَةَ وَقَدِاسْتَوَيْتُمْ فِي الْاَكْلِ فَاَكَلَتْ ثَمَانِيَةً مَا بَقِيَ لَهٗ سَبْعَةً وَاَكَلَ الثَالِثُ ثَمَانِيَةً سَبْعَةً لِصَاحِبِكَ وَوَاحِدًلَكَ فَقَالَ رَجُلٌ رَضِيْتُ الْاٰنَ۔

حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ، نے فرمایا اچھا سنو۔ تمہاری تین روٹیاں تھیں اور اس تمہارے ساتھی کی پانچ کل آٹھ روٹیاں تھیں اور تم کھانے والے تین تھے اور تم آٹھ روٹیوں کے تین تین ٹکڑے کرو تو چوبیس ٹکڑے بنتے ہیں اور اب چوبیس ٹکڑوں کو تین کھانے والوں میں تقسیم کرو تو آٹھ آٹھ ٹکڑے سب کے حصے میں آئے۔ آٹھ تم نے آٹھ تمہارے ساتھی اور آٹھ تمہارے مہمان نے اب سنو تمہاری تین روٹیاں تھیں۔ ان تین روٹیوں کے تین تین ٹکڑے کریں تو نو ٹکڑے بنتے ہیں اور تمہارے ساتھی کی پانچ روٹیاں تھیں ان پانچ روٹیوں کے تین تین ٹکڑے کریں تو پندرہ ٹکڑے بنتے ہیں اور تم نے اپنے نو ٹکڑوں میں سے آٹھ خود کھائے اور تمہارا صرف ایک ٹکڑا بچا۔ جو مہمان نے کھایا لہٰذا ایک روپیہ تمہارا۔ تمہارے ساتھی نے اپنے پندرہ ٹکڑوں میں سے آٹھ خود کھائے اور اس کے سات ٹکڑے بچے جو مہمان نے کھائے لہٰذا سات روپے اس کے یہ فیصلہ سن کر وہ شخص حیران رہ گیا۔ اور مجبوراً اسے ایک ہی روپیہ لینا پڑا۔ اور دل میں کہنے لگا کہ تین ہی لے لیتا تو اچھا تھا۔ (۱)

## ایک نوجوان، اس کی ماں اور فیصلہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

حضرت مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے عہدِ خلافت میں ایک نوجوان آیا۔ اور عرض کیا یا امیر المؤمنین مجھ میں اور میری ماں میں فیصلہ فرما دیں۔ میری ماں نے باوجود اس کہ مجھے نو ماہ شکم میں رکھا بعد اس کے اپنی گود میں دو سال دودھ پلایا اور جب میں جوان ہوا تو اس نے مجھے گھر سے نکال دیا اور کہتی ہے تم میرے بیٹے نہیں ہو۔ حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ نے اس کی ماں کو بلایا۔ چنانچہ حکم کی تعمیل میں اس عورت کو اس کے چار بھائیوں اور چالیس مصنوعی گواہوں سمیت لایا گیا جو اس بات کی قسم کھاتے تھے کہ یہ عورت اس نوجوان کو جانتی بھی نہیں بلکہ یہ نوجوان جھوٹا دعویٰ کر رہا ہے۔ نوجوان نے عرض کیا امیر المؤمنین اللہ کی قسم یہ میری ماں ہے آپ نے عورت سے کہا۔ بتا کیا درست ہے کہنے لگی امیر المؤمنین واللہ میں اس نوجوان کو نہیں جانتی۔ میں ابھی تک کنواری ہوں۔ شادی نہیں کرائی تو بچہ کیسے جن سکتی تھی۔ آپ نے فرمایا کیا گواہ پیش کر سکتی ہو تو چالیس گواہ عورت کی حمائت میں بولے۔ حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا میں اب فیصلہ

(۱) الاستیعاب: ۴۷۵ کنز العمال ۵: ۴۹۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کرتا ہوں۔جس کو میرا اللہ پسند کرے گا۔کیوں عورت تیرا کوئی ولی ہے؟ کہنے لگی یہ میرے بھائی ہیں۔آپ نے فرمایا بتاؤ میرا فیصلہ تمہارے لیے اور تمہاری بہن کے لیے قابلِ قبول ہوگا، چاروں بھائی بولے کیوں نہیں آپ کا فیصلہ قبول ہوگا۔حضرت علی کرم اللہ نے فرمایا واللہ میں نے خدا اور حاضرین کی موجودگی میں بلاشک اس عورت کو اس نوجوان کے ساتھ بیاہ دیا مہر چار سو نقد درہموں سے۔اے قنبر میرے مال سے چار سو نقد درہم اس نوجوان کو دو۔نوجوان نے درہم لے لیے آپ نے فرمایا اپنی عورت کی گود میں ڈال دو۔اور چلے جاؤ اب میرے پاس اس حالت میں آنا کہ تجھ میں غسل کا اثر ہو (یعنی بعد مباشرت و غسل کے) نوجوان یہ ارشاد سن کر اٹھا اور درہم عورت کی گود میں ڈال دیے۔

عورت چلا کر بولی یا امیر المؤمنین جہنم جہنم۔کیا آپ یہ چاہتے ہیں کہ مجھ کو میرے فرزند سے بیاہ دیں۔میرے بھائیوں نے مجھے ایک کمینے آدمی سے بیاہ دیا جس میں یہ فرزند پیدا ہوا۔پھر جب یہ بالغ ہوا تو بھائیوں نے مجھے کہا کہ اس کی فرزندگی سے انکار کر کے اس کو گھر سے نکال دو۔اللہ کی قسم یہ میرا فرزند ہے۔آپ نے فرمایا اچھا جاؤ اور اپنے بیٹے کو گھر لے جاؤ۔(مناقب اسد اللہ)

## زن حاملہ بالزنا اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا فیصلہ:

ایک عورت نے نکاح کے چھ ماہ بعد بچہ جنا۔لوگوں نے اس پر زنا کا الزام لگایا۔حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس عورت کے رجم کا ارادہ کیا اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے پوچھا معاملہ اس طرح ہے آپ فیصلہ دیں کہ کیا کرنا چاہیے۔حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا چھ ماہ کے بعد بھی بچہ پیدا ہو سکتا ہے وہ کس طرح؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا۔فرمایا قرآن میں ہے کہ: وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا بچہ حمل میں رہنے اور اس کے دودھ چھڑانے کی مدت تیس مہینے ہے۔اور دودھ چھڑانے کی مدت دو برس ہے۔ وَفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ لہٰذا چونیس ماہ دودھ چھڑانے اور چھ ماہ حمل میں رہنے کے پورے تیس ماہ ہوئے نیز یہ مجنونہ اور مرفوع القلم ہے۔

فَتَرَكَ عُمَرُ رَجْمَهَا وَقَالَ لَوْلَا عَلِيٌّ لَهَلَكَ عُمَرُ۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ سن کر خوش ہوئے اور اس عورت کو رجم نہ کیا اور فرمایا اگر آج علی رضی اللہ عنہ نہ ہوتے تو عمر رضی اللہ عنہ ہلاک ہو جاتا کہ بے گناہ عورت کا سنگسار ہونا میرے لیے ہلاکت کا سبب بن جاتا۔(۱)

## ایک عورت سے دو آدمیوں کا فریب اور فیصلہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

دو آدمیوں نے ایک قریشی عورت کے پاس سو دینار کی امانت رکھی اور کہا جب تک ہم دونوں اکٹھے تیرے پاس نہ آئیں یہ امانت ہم میں سے کسی ایک کو نہ دینا۔ایک سال گزر گیا اُن میں سے ایک نے عورت سے آ کر بیان کیا کہ میرا دوست مر گیا ہے لہٰذا یہ امانت مجھے دے دے۔عورت نے سو دینار اسے دے دیے۔ایک سال گزرنے کے بعد دوسرا شخص آیا اور کہا سو دینار تجھے دے دے۔اس نے کہا تیرا دوست میرے پاس آیا تھا اس کا خیال تھا کہ تم مر چکے ہو چنانچہ وہ مجھ سے امانت لے گیا ہے۔اس نے کہا کیا ہمارا وعدہ نہ تھا کہ جب تک ہم دونوں اکٹھے نہ آئیں تو کسی ایک کو امانت نہ دینا۔اس مرد اور عورت میں جھگڑا ہو گیا۔حضرت علی کرم اللہ وجہہ تمام روداد سن کر سمجھ گئے کہ ان دونوں مردوں نے عورت کے ساتھ مکر کیا ہے۔آپ نے فرمایا:

| | |
|---|---|
| اَلَيْسَ قُلْتُمَا لَا تَدْفَعُهَا اِلٰى وَاحِدٍ مِنْهُمَا دُوْنَ صَاحِبِهٖ قَالَ بَلٰى قَالَ فَاِنَّ مَالَكَ عِنْدَنَا اِذْهَبْ فَجِيْءْ بِصَاحِبِكَ حَتّٰى تُدْفَعَهَا لَكُمَا | کیا تم دونوں نے یہ نہیں کہا تھا کہ جب تک ہم دونوں اکٹھے نہ آئیں تم یہ مال کسی کو نہ دینا کہا ہاں تو آپ نے فرمایا تمہارا حال ہمارے سامنے ہے جا اور اپنے ساتھی کو لا اور دونوں اپنا مال لے جاؤ۔(۲) |

(۱) الاستیعاب ج ۲ ص ۴۷۴ (۲) نزہۃ المجالس

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ایک بچہ اور دعویدار دو عورتیں، فیصلۂ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

حضرت سیّدنا امام المسلمین عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں دو عورتوں میں ایک لڑکے کے بارے میں جھگڑا ہو گیا ان میں سے ہر عورت اس لڑکے کو اپنا بیٹا بیان کرتی تھی۔ حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ نے یہ مقدمہ حضرت مولا علی مشکل کشا کرم اللہ وجہہ کے پاس پیش کیا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کوئی ایک آدمی میرے پاس بلا لاؤ۔ تا کہ اس بچہ کے دو ٹکڑے کر دے۔ ایک حصہ ایک عورت کو دے دو اور دوسرا حصہ دوسری عورت کو دے دیا جائے۔

لڑکے کی ماں چلا کر کہنے لگی۔ حضور آپ اس لڑکے کے دو ٹکڑے نہ کروائیں یہ سالم بچہ اس عورت (یعنی دوسری دعویٰ دار) کو ہی دے دیں۔ دوسری عورت کہنے لگی نہیں واقعی ہی دو ٹکڑے کر دیں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اسی وقت وہ بچہ اس عورت کی گود میں ڈال دیا جو یہ کہتی تھی کہ خدارا اس کے ٹکڑے نہ کروانا۔ یہ دلیل تھی اس کی کہ یہی لڑکے کی اصل ماں ہے۔ اور وہ جھوٹی اور دشمن ہے جو کہتی ہے کہ ہاں اس کو کاٹ کر برابر ٹکڑے کر دیں۔ لہٰذا جس کا بیٹا تھا اس کی گود میں دے دیا گیا۔ (مناقب اسد اللہ)

## بحالتِ احرام شترمرغ کے انڈوں کا استعمال اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا فیصلہ:

سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس کچھ لوگ آئے اور عرض کیا ہم لوگوں نے احرام کی حالت میں شترمرغ کے انڈے کھائے ہیں اب اس کا حل کیا ہے؟ حضرت مولائے کائنات کرم اللہ وجہہ نے فرمایا اب اس کا حل یہ ہے کہ انڈوں کے برابر نوجوان باکرہ اونٹنیوں کے ساتھ نر اونٹوں کو ملائیں۔ جب ان سے بچے پیدا ہوں تو ان کی قربانی کریں۔ انہوں نے عرض کیا کہ اونٹ کا نطفہ کبھی فاسد بھی ہو جاتا ہے۔ اس لیے ان کی تعداد کیونکر ٹھیک رہے گی۔ حضرت مولا علی نے فرمایا کبھی انڈا بھی تو گندہ ہو جاتا ہے۔ (ایضاً)

## اسلامی سن ہجری اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

حضرت سیّدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سمیت صحابہ کرام علیہم الرضوان کو جمع کر کے فرمایا کہ ہمیں چاہیے کہ ہم اسلامی سن جاری کریں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہمیں چاہیے کہ اسلامی سن کی ابتداء ہجرتِ نبوی کے تاریخی واقعہ سے کی جائے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ نے یہ رائے بہت پسند کی اور اسلامی سن ہجری جاری کر دیا گیا۔ (ایضاً)

## عجیب الخلقت بچہ اور فیصلۂ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

حضرت سیّدنا امام جلیل امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ عہدِ فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ میں لوگ ایک لڑکے کو لائے جس کے دو سر، دو پیٹ، دو پاؤں، چار ہاتھ، ایک قبل اور ایک دبر تھی۔ حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کہا۔ اس کا فیصلہ کریں آپ نے فرمایا جب یہ بچہ سو جائے تو تم لوگ زور سے شور و غل کرو۔ اگر جاگتے وقت اس کے دونوں سر ایک ہی ساتھ حرکت کریں تو سمجھ لو کہ یہ ایک ہے اور اگر ایک جنبش کرے اور دوسرا نہ کرے تو جان لو کہ دو ہیں اور اسی لحاظ سے وراثت تقسیم کی جائے۔ حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ یہ سن کر فرمانے لگے۔ اے ابوالحسن خدا آپ کے بغیر مجھے نہ رکھے۔ (ایضاً)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ایک عورت کا مسئلہ میراث اور جواب سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس ایک عورت آئی جب کہ آپ گھوڑے پر سوار ہو کر ایک پاؤں رکاب میں رکھے ہوئے تھے۔ عورت نے عرض کیا یا امیر المؤمنین میرا بھائی چھ سو دینار چھوڑ کر مرا ہے۔ مگر لوگوں نے مجھے صرف ایک دینار دیا ہے میں آپ کے پاس اپنے حق اور انصاف کے لیے درخواست لے کر آئی ہوں۔

حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ نے جواب دیا۔ تمہارے بھائی کی دو بیٹیاں رہ گئیں ہوں گی۔ اس نے کہا ہاں۔ آپ نے فرمایا: ثلث یعنی چار سو دینار ان کے لیے ہوئے اور تیرے بھائی کی ماں بھی ہوگی۔ جس کو سدس یعنی سو دینار پہنچے۔ پھر اس کی بیوی بھی ہوگی جسے ثمن یعنی پچھتر دینار ملے آپ نے فرمایا کیا تمہارے بارہ بھائی ہیں؟ عورت نے کہا ہاں۔ آپ نے فرمایا چوبیس دینار بھائیوں کو ملے۔ پس تمہارا حق صرف ایک دینار کا ہے تم اپنا حق لے چکی ہو۔ (ایضاً)

## مسئلۂ جائیداد اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

ایک روز مولائے کائنات رضی اللہ عنہ کوفہ کی جامع مسجد کے منبر شریف پر تشریف فرما تھے۔ ایک شخص کھڑا ہوا اور عرض کی یا امیر المؤمنین میری لڑکی کا شوہر فوت ہو چکا ہے اور ترکہ میں اس کا حصہ آٹھواں ہے لیکن میرے داماد کے وارث اسے نواں حصہ دیتے ہیں فرمایا: داماد دو بیٹیاں چھوڑ کر مرا؟ اس نے کہا ہاں! آپ نے جواب فرمایا اس کے ماں باپ بھی تو زندہ ہیں۔ اس نے عرض کیا ہاں۔ فرمایا اس لحاظ سے تمہارے بیٹی کا آٹھواں حصہ ہے اب نواں حصہ بن گیا۔ اس لیے تجھے اس سے زیادہ نہیں مانگنا چاہیے۔ (ایضاً)

## علمِ نحو اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

یہ علم حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ایجاد کیا ہوا ہے آج مدینۃ العلم کے اس عظیم احسان پر عالمِ اسلام نہایت ممنون ہے اور کسی کو اس کا انکار نہیں کیونکہ اہل عرب کو اپنی زبان کی صحت میں غیر عرب کو عربی سیکھنے میں علمِ نحو کی ضرورت ہے۔ معمولی سے معمولی عربی کے طالب علم کو علمِ نحو کی ضرورت پڑتی ہے پھر فارسی اور اردو زبان کا علم نحو بھی عربی علمِ نحو سے لیا گیا ہے اس لیے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا سب سے بڑا احسان ہوا۔ چنانچہ علومِ نحو کے بارہ میں کثرت سے روایات آتی ہیں۔

ابوالاسود دائلی روایت کرتے ہیں۔ کہ میں ایک روز حضرت مولا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ میں نے آپ کو متفکر دیکھ کر عرض کیا حضور آج پریشان سے نظر آ رہے ہیں آپ نے فرمایا۔

میں نے سنا ہے کہ تمہارے شہر میں لغات کے اندر تبدل شروع ہو گیا ہے۔ اس لیے میں نے ارادہ کیا ہے کہ عربیت کے اصول کے اندر کچھ قواعد منضبط کر دوں تا کہ زبان اپنی حیثیت سے نہ گرے میں نے کہا اگر ایسا کر دیں تو آپ کا بہت احسان ہوگا اور آپ کے بعد ہمیشہ یہ اصول باقی رہیں گے۔ تین روز کے بعد جو میں پھر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے میرے سامنے ایک لکھا ہوا کاغذ رکھا جس میں بسم اللہ الرحمن الرحیم کے بعد لکھا ہوا تھا۔ کلام کی تین قسمیں ہیں۔ اسم، فعل، حرف۔ اسم، وہ ہے جو اپنے مسمیٰ کی خبر دے اور فعل وہ ہے جو اپنے مسمی کی حرکت کی خبر دے۔ اور حرف وہ ہے جو ایسے معنی بتائے جو نہ اسم ہوں نہ فعل۔ پھر فرمایا اس کا تتبع کرو اور جو مناسب ہو اضافہ کرو۔ پھر آپ نے فرمایا اشیاء تین قسم کی ہوتی ہیں۔ ظاہر، مضمر اور ایک شے جو نہ ظاہر ہو اور نہ مضمر۔ ابوالاسود کہتے ہیں

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

میں پھر چلا آیا اور میں نے بھی کچھ جمع کر کے آپ کے سامنے پیش کیا منجملہ ان کے حروفِ ناصبہ بھی میں نے لکھے تھے جو یہ تھے۔ اَنَّ۔ اِنَّ۔ لَیْتَ۔ لَعَلَّ۔ کَأَنَّ آپ نے فرمایا لٰکِنَّ بھی تو حرفِ ناصبہ ہے۔ اس کو کیوں ذکر نہیں کیا۔ میں نے عرض کیا میں نے اسے حرفِ ناصبہ نہیں سمجھا تھا آپ نے فرمایا نہیں وہ بھی حرفِ ناصبہ ہے۔ (۱)

## علمِ ریاضی اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

علمِ ریاضی میں آپ کو اعلیٰ مہارت حاصل تھی جب کسی نے کوئی سوال کیا اسی وقت جواب فرمایا۔ ایک مرتبہ آپ کوفہ کی جامع مسجد میں خطبہ پڑھ رہے تھے۔ ایک شخص نے کسورِ تسعہ کا مخرج دریافت کیا۔ آپ نے فرمایا اپنے سال کے دنوں کو ہفتہ کے دنوں سے ضرب دو۔ اہلِ عرب کے نزدیک سال تین سو ساٹھ دنوں کا ہوتا ہے سات سے اگر ضرب دیں تو ۲۵۲۰ ہوتے ہیں۔ کسورِ تسعہ کا مخرج بھی یہی ہے (۲)

## سترہ اونٹ کا مسئلہ اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

ایک بار حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس تین آدمی آئے عرض کیا سترہ اُونٹ ہیں۔ ہم تینوں آدمی شریک ہیں۔ ایک کا نصف دوسرے کا تہائی اور تیسرے کا نواں حصہ ہے ہم چاہتے ہیں کہ اونٹ اس طرح تقسیم کر دیجئے کہ کاٹنا نہ پڑے۔ حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ نے مولا علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا کہ ان کا جواب دیجئے۔ حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا بیت المال سے ایک اونٹ منگاؤ۔ اب اٹھارہ ہو گئے تو جس کا نصف حصہ تھا اسے نو اور جس کا تہائی حصہ تھا اسے چھ اور جس کا نواں حصہ تھا دو اونٹ دے کر باقی اونٹ بچا۔ اسے بیت المال واپس کر دیا۔ تینوں شخص خوش ہو گئے (۳)

غرضیکہ حضرت مولا علی المرتضیٰ تمام علوم کے بحرِ بے کنار تھے اور اسی لیے تو حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تھا اَنَا مَدِیْنَۃُ الْعِلْمِ وَعَلِیٌّ بَابُهَا (۴) میں علم کا شہر ہوں اور علی دروازہ یہ سب فیض حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا صدقہ تھا۔

علمِ قرآن، علمِ تفسیر، علمِ حدیث، اصولِ تفسیر، اصولِ حدیث، علمِ فقہ، علمِ حکمت، علمِ کتابت، علمِ ریاضی، علمِ تصوف، علمِ اشعار، علمِ منطق، علمِ فلسفہ، علمِ صرف، علمِ نحو، علمِ فصاحت، علمِ بلاغت، علمِ خطابت، علمِ قضا، علمِ ظاہر، علمِ باطن، ان سب علوم کے آپ سرتاج تھے جس نبی کے ایک غلام کے علم کی یہ شان ہے کیا ان کے آقا و مولیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم کا کوئی اندازہ کر سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ اگر یہ دروازہ علم کا حال ہے تو جو شہرِ علم ہے، اب آپ خود فیصلہ کر لیں۔

## خریدا ہوا مکان واپس اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

ایک مرتبہ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے پاس ایک شخص آیا۔ عرض کیا حضور میں نے ایک مکان خریدا ہے آپ مجھے اس کا بیع نامہ لکھ دیں آپ نے فرمایا میں تمہیں لکھ دیتا ہوں لیکن لکھنے سے پہلے مجھ سے یہ سن لو کہ میں جو تحریر کروں گا اس بیع نامہ تحریری کو تم پسند بھی کرو گے یا کہ نہیں۔ اس نے عرض کیا ہاں حضور آپ فرمائیں کس طرح کا مضمون لکھیں گے۔ آپ نے فرمایا لو سنو:

---

(۱) تاریخ الخلفاء: ص ۱۲۷، سطر ۳ (۲) مناقب و تاریخ الخلفاء: ص ۱۲۷، سطر: ۳
(۳) مناقب اسد اللہ (۴) مستدرک، ۳: ۱۲۷

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اِشْتَرٰی مَفْرُوْسٌ مِنْ مَفْرُوْرٍ دَارًا لَا بَقَاءٌ لَهَا وَ لَا لِعَا مِلِهَا وَهِیَ فِیْ سِكَّةِ الْغَافِلِیْنَ الْحَدُّ الْاَوَّلُ الْمَوْتُ وَالْحَدُّ الثَّانِیْ فِی الْقَبْرِ وَالْحَدُّ الثَّالِثُ الْحَشْرُ وَ الْحَدُّ الرَّابِعُ غَیْرُ مَعْلُوْمٍ اِنَّمَا الْجَنَّةُ اَوِ النَّارُ (۱)

دھوکا کھانے والے نے ایک مکان دھوکا دہی سے خریدا مکان والا نہیں ہے اور وہ مکان غفلت کے محلہ میں ہے اور اس کا حدود اربعہ اس طرح ہے۔ پہلی حد اس کی موت ہے اور دوسری قبر اور تیسری حشر اور چوتھی حد اس کی یہ معلوم نہیں کہ وہ جنتی ہے یا کہ جہنمی۔

جب سیدنا مولا مرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے یہ مضمون بیع نامہ کا سنایا تو اس کے دل پر ایسا اثر ہوا۔ عرض کیا حضور اب میں مکان قطعاً نہیں خریدوں گا اب میں اسی مکان کو خریدوں گا جس کی بقاء کا آپ نے ذکر کیا وہ ہے جنت اور اسی مکان اخروی کی حدودِ اربعہ کا لحاظ رکھوں گا۔

## سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی خوشی طبعی اور حاضر جوابی:

ایک مرتبہ سرکار سیدنا آقائے دو جہاں علیہ الصلوۃ والسلام کی بارگاہِ اقدس میں باغِ رسالت کے پھول سیّدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ، سیّدنا عمر رضی اللہ عنہ، سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ، سیّدنا علی رضی اللہ عنہ حاضر تھے۔ کہ کھجوروں کا طباق پڑا ہوا تھا۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب کو اجازت فرمائی کہ لو کھجوریں کھاؤ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کے ساتھ سب کھجوریں کھا رہے تھے کہ تدبیر یہ سوچی کہ سب کھجوریں کھا کھا کر خالی گٹھلیاں سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس رکھتے جاؤ۔ جب خوب کھجوریں کھائی گئیں تو گٹھلیوں کا ڈھیر بھی حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے پاس لگ گیا۔ سب یہ منظر دیکھ کر خوب محظوظ ہوئے اور حضور سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی مسکرائے۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! آج کھجوریں بہت زیادہ کس نے کھائی ہیں؟ حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسکراتے ہوئے فرمایا معلوم تو بظاہر یہی ہو رہا ہے کہ اس وقت تمام کھجوریں میرے علی رضی اللہ عنہ نے ہی کھائی ہوں گی۔ کیونکہ گٹھلیاں انہی کے پاس ہیں۔

باب مدینۃ العلم نے شہرِ مدینۃ العلم سرورِ کائنات سے عرض کیا حضور مجھے اجازت دیجئے میں ان کا جواب دوں۔ امام الانبیاء نے فرمایا اے علی رضی اللہ عنہ ہاں آپ ضرور جواب دیں۔

عرض کیا حضور! اگر ایسا ہی ہے تو میں تو بھلا کھجوریں کھاتا رہا اور گٹھلیوں کو رکھتا گیا اور یہ سب گٹھلیوں سمیت ہی کھجوریں کھا گئے ہیں۔ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور باغِ رسالت کے پھول خوب ہنسے۔ آپ نے فرمایا اے علی رضی اللہ عنہ انہوں نے ہنسنے کے لیے ہی ایسا کیا تھا۔ کیونکہ علی رضی اللہ عنہ اصحاب کے ساتھ خوش طبعی لا جواب کرتے ہیں (۲)

معلوم ہوا کہ اصحاب نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام آپس میں خوش طبعی کے لیے بہترین مذاق فرماتے جو تمام بیہودہ باتوں سے پاک ہوتا۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ آپ کو حاضر جوابی میں ملکہ حاصل تھا۔

## حاضر جوابی، خوش دلی کا ایک اور واقعہ:

ایک مرتبہ سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم اور آپ کے ساتھی سیّدنا ابو بکر صدیق اور دوسرے ساتھی سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ اکھٹے کسی جگہ جا رہے تھے۔ سیّدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ دائیں جانب اور سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ بائیں جانب اور درمیان میں مولا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ تھے۔ سیّدنا ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کا قد مبارک بڑا تھا اور سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کا قد مبارک ان دونوں سے چھوٹا تھا۔ سیّدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے سیّدنا عمر رضی اللہ عنہ کو کہا کہ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ بَیْنَنَا كَالنُّوْنِ فِیْ لَنَا ہم دونوں کے درمیان اس طرح ہیں جیسے لفظِ لَنَا میں نون۔ یعنی ہم دونوں

(۱) المطالب (۲) المطالب، ص: ۹۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

درازقد ہیں ان کا قد اس طرح ہے جیسے لنا میں نون۔ سیدنا مولا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ہنس کر فرمایا اچھا تو پھر میرا جواب بھی سن لو لَوْ لَمْ اَکُنْ بَیْنَکُمَا لَکُنْتُمَا لَا - اگر میں تمہارے درمیان نہ ہوتا تو تم لا ہو جاتے لا کے معنی ہیں نہیں۔ یعنی تم دونوں نہیں رہتے۔ یہ میرے نون ہونے کا صدقہ ہے کہ تم دونوں ہو لنا سے اگر نون نکل جائے تو صرف لا رہ جاتا ہے اور لا نفی پر دلالت کرتا ہے (ایضاً)

بابِ مدینۃ العلم کا یہ علمی جواب سن کر دونوں اصحاب بہت خوش ہوئے اور حیران ہوئے کہ مولائے کائنات نے عجیب نکتہ بیان فرمایا ہے۔ معلوم ہوا کہ اصحاب نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام اور سیدنا علی رضی اللہ عنہ آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ اتنا پیار رکھتے کہ اکثر ہنستے اور وہ ایسا پاک مذاق کرتے جس میں بیہودہ بات نہ ہوتی۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ بابِ مدینۃ العلم کو حاضر جوابی کا وہ ملکہ حاصل تھا۔ جس کی مثال آپ خود تھے۔

## میاں بیوی، ماں بیٹا: علمِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے حرام سے بچالیا:

جب حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کوفے میں تشریف لائے تو آپ کے ساتھ اور بھی بہت سے لوگوں نے پناہ لی۔ ان میں ایک نوجوان بھی اس لشکر میں شامل ہو گیا۔ پھر کچھ عرصہ بعد اس نوجوان نے عرب سے آئی ہوئی ایک عورت سے نکاح کر لیا۔ اس کے دوسرے روز نمازِ فجر کے بعد آپ نے ایک شخص کو بلا کر فرمایا کوفہ کے فلاں محلہ میں جاؤ اور فلاں مکان میں ایک مرد اور ایک عورت آپس میں لڑ رہے ہوں گے یہ نشانی ہے ان کی کہ وہ ایک دوسرے کو طعن و تشنیع کر رہے ہوں گے۔ تم ان دونوں کو میرا نام لے کر بلا لاؤ۔ وہ آدمی حکم کے مطابق جب اس محلہ میں گیا تو واقعی وہی طرزِ عمل اور اسی نشاندہی پر وہ ان کے مکان تک پہنچ گیا ان کو جا کر کہا کہ تمہیں سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ بلا رہے ہیں۔ وہ اسی وقت اٹھے اور دونوں مرد و عورت حاضرِ خدمت ہو گئے۔ آپ نے فرمایا اے عورت اور مرد مجھے یہ بتاؤ ساری رات اور اب دن چڑھ گیا ہے تم آپس میں کیوں لڑتے رہے؟ اس شخص نے عرض کیا حضور! یہ میری بیوی ہے اور کل اس کے ساتھ میرا نکاح ہوا۔ جب آپس میں ملنے کا وقت آیا تو اس نے مجھ سے نفرت کی۔ اور پھر مجھ کو بھی اس بات پر نفرت ہوئی اسی طرح ایک دوسرے کو طعنے دیتے ساری رات گزر گئی اور صبح بھی یہی چکر رہا۔ آپ نے فرمایا اچھا یہ بات ہے جو تم لڑتے جھگڑتے رہے ہو۔ اب میں علیحدہ بات کرتا ہوں۔ آپ نے اس عورت کو یہ فرمایا کیا تم جانتی ہو کہ یہ نوجوان کون ہے؟ عرض کیا حضور قطعاً پتہ نہیں۔ آپ نے فرمایا میں تجھ پر ایک بات ظاہر کرتا ہوں اگر وہ سچی ہو تو انکار نہ کرنا۔ اس میں تمہاری بھلائی ہے اور اس کو برا بھی محسوس نہ کرنا۔ اس عورت نے اقرار کیا کہ حضور جھوٹ نہیں کہوں گی۔ سیدنا بابِ مدینۃ العلم نے فرمایا کیا تو فلاں آدمی کی بیٹی ہے؟ کہنے لگی ہاں فرمایا تمہاری ماں کا یہ نام تھا؟ عرض کیا ہاں۔ فرمایا کیا تیرا ایک رازدار نہ تھا اور تم دونوں کو ایک دوسرے کے ساتھ محبت نہ تھی؟ عورت نے کہا درست ہے۔ آپ نے فرمایا تیرا باپ اس سے تیرا نکاح نہیں کرنا چاہتا تھا۔ عورت نے کہا ہاں، فرمایا پھر تیرے باپ نے اس کو اپنے پڑوس سے بھی نکال دیا تھا۔ عورت نے کہا ہاں۔ آپ نے فرمایا پھر تو ایک رات قضائے حاجت کے لیے گھر سے باہر نکلی اور وہ تمہاری انتظار میں تھا اور تم اس کو جا کر ملی تھی اور پھر اس سے وہ حرکت یعنی وطی کی اور تو حاملہ ہو گئی۔ پھر تم نے اپنے حمل میں جو تھا اسے چھپایا اور تیری ماں کو یہ بات معلوم ہو گئی تھی اور وضعِ حمل کے وقت وہ تجھ کو اپنے ساتھ لے کر رات کو باہر نکلی اور تجھے لڑکا ہو گیا۔ اور تم نے کپڑے میں لپیٹ کر وہیں رکھ دیا اور خود وہاں سے چلی آئی کہ ایک کتا آیا اور اس کو سونگھنے لگا۔ تجھے خیال آیا کہ اس کو کھا نہ جائے تو نے کتے کو مارا لیکن وہ بچہ کو لگ گیا اور اس سے اس کا سر زخمی ہو گیا۔ تو نے اور اس نے اسی وقت وہاں پہنچ کر اس کے سر پر پٹی باندھی اور پھر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

وہیں چھوڑ کر تم دونوں گھر چلی گئیں کیا معلوم کہ وہ کہاں گیا اور اسے کیا ہوا۔

امام الائمہ بابِ مدینۃ العلم سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے گزشتہ کئی سالوں کا یہ واقعہ سن کر عورت سخت حیران ہوئی۔ ایک طرف آپ کا بیان اور دوسری طرف اس وقت عورت نے عرض کیا حضور جیسا آپ نے فرمایا ہے بالکل درست ہے بعینہٖ ایسا ہی ہوا ہے۔ ایک بات بھی بلکہ ایک لفظ بھی غلط نہیں۔ آپ نے فرمایا اچھا سن لو۔ پھر جب صبح ہوئی تو فلاں قوم کے لوگ اس جگہ سے گزرے تو انہوں نے کپڑے میں رکھا ہوا بچہ دیکھا تو وہ اس کو اٹھا کر لے گئے اور پھر وہ وہاں پرورش پا کر جوان ہوا اور ان کے ساتھ کوفے آیا اور پھر تیرے ساتھ اس کا نکاح کر دیا گیا۔ یہ تیرا وہی لڑکا ہے۔ پھر آپ نے اس نوجوان سے فرمایا اپنا سر کھول اس نے سر سے کپڑا اُتارا تو زخم کا نشان موجود تھا آپ نے فرمایا خدا کا شکر کرو کہ تم نے وطی نہیں کی تم ماں اور بیٹا ہو۔

هٰذَا اِبْنُكِ قَدْ عَصَمَهُ اللّٰهُ مِمَّا حَرَّمَ فَخُذِيْ وَلَدَكِ (۱)

فرمایا یہ تمہارا بیٹا ہے اللہ تعالیٰ نے اسے اس کام سے بچا لیا ہے جو حرام تھا۔ اپنے بیٹے کو لے۔

ناظرین! علمِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی وسعت ملاحظہ فرمائیں کہ کئی سال پہلے کا واقعہ پیش کرتے ہوئے کس طرح مرد و عورت کی اصلاح فرمائی۔

## کراماتِ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں ایک شخص نے چوری کی اور آپ کے روبرو پیش کیا گیا آپ نے اس سے فرمایا کیا تو نے چوری کی ہے؟ اس نے اپنی چوری کا اقرار کیا۔ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ہاتھ کاٹ دیا۔ جب ہاتھ کٹوا کر واپس چلا گیا تو راستہ میں حضرت سلمان فارسی اور ابن الکرادیہ دو حضرات ملے تو انہوں نے اس طرح کٹا ہوا ہاتھ دیکھ کر کہا تمہارا یہ ہاتھ کس طرح کٹا تو اس شخص نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ میں نے چوری کی تھی اور امیر المؤمنین، امام الائمہ، امام المتقین اس طرح کے القابات نہایت تعظیم و تکریم سے لے کر کہا کہ اس عظیم ہستی نے میرا ہاتھ کاٹا ہے۔ تو وہ حضرات بصورت تعجب اس شخص سے کہنے لگے کہ تو نے اتنی تعریفات کا اظہار کیوں کیا؟ کہنے لگا بات یہ ہے کہ میں ان کی اعلیٰ درجہ کی عزت کرتا ہوں۔ اور جب میں نے غلطی کی تو انہوں نے مجھے شرعی سزا پر میرا لحاظ نہ کرتے ہوئے جو مجھے سزا دی اس پر خوش ہوا ہوں کہ انہوں نے مجھے یہ سزا دے کر خدا کے عذاب و غضب سے بچا لیا ہے۔ اس سے بڑھ کر ان کی میرے ساتھ اور کیا ہمدردی ہو سکتی ہے؟ لہٰذا ان کی تعریف کروں گا وہ تعریف کے لائق ہیں۔ ان دونوں حضرات نے اس شخص کی بات سیّدنا امام الائمہ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو جا کر بیان کی۔ آپ نے فوراً اس شخص کے خلوصِ دینیہ کو دیکھ کر بلوا بھیجا۔ جب وہ بارگاہ میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا اپنے قطع کیے ہوئے ہاتھ کو بازو کے ساتھ رکھو اس نے اس کو ساتھ ملا کر رکھ دیا۔

وَوَضَعَ يَدَهٗ عَلٰى سَاعِدِهٖ وَغَطَّاهُ بِمِنْدِيْلٍ وَ دَعَا بِدَعَوَاتٍ فَسَمِعْنَا صَوْتًا مِنَ السَّمَاءِ اِرْفَعِ الرِّدَاءَ عَنْ يَدِهٖ فَرَفَعْنَا ○ فَالْيَدُ قَدْ بَرَأَتْ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَ جَمِيْلِ صُنْعِهٖ

اور اس کا ہاتھ اس کے پہنچے پر رکھ کر رومال سے ڈھانپ کر آپ نے دعا فرمائی تو ہم لوگوں نے آسمان سے یہ آواز سنی کہ رومال کو ہاتھ سے اٹھاؤ تو جب ہم نے رومال ہاتھ سے اٹھایا تو اس کا ہاتھ اللہ تعالیٰ کے حکم سے درست ہو گیا۔ (۲)

(۱) والنکتہ العلیا، ص: ۱۱۳ (۲) طبقات کبریٰ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ایک مرتبہ آپ کے پاس ایک ایسا شخص حاضر کیا گیا جس کا دائیں ہاتھ سوکھا ہوا اور ناکارہ ہو گیا تھا حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے دعا فرمائی آپ کی دعا مانگنے کی دیر تھی کہ اس شخص کا ہاتھ درست ہو گیا۔

ایک مرتبہ ایک حدیث سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے بیان کی تو ایک شخص نے اس کی تکذیب کی۔ آپ نے فرمایا اگر تو جھوٹا ہے تو میں جو کہوں گا وہ ہو جائے گا وہ کہنے لگا کہ دیکھ لیتے ہیں کون سچا ہے اور کون جھوٹا ہے۔ اتنے میں آپ نے دعا فرمائی یا اللہ جو جھوٹا ہے اس کی آنکھوں کی بینائی اٹھا دے یہ کہنا تھا کہ اسی وقت وہ شخص اندھا ہو گیا۔ فَلَمْ یَبْرَحْ حَتّٰی ذَهَبَ بَعَدَهٗ (۱) وہ ہمیشہ اسی طرح اندھا ہی رہا۔

ایک مرتبہ آپ نے فرمایا بارہ ہزار کا لشکر آ رہا ہے کسی نے آزمائش کے لیے جب لشکر کی آمد ہوئی تو راستہ میں بیٹھ کر گنتی کرتا رہا۔ یہاں تک کہ لشکر کی تعداد پوری بارہ ہزار ہوئی اور ذرا کم وبیش نہ ہوئی۔ اس شخص نے حاضر ہو کر کہا حضور مولا علی رضی اللہ عنہ آپ نے بارہ ہزار تعداد فرمائی تھی واقعی پورے بارہ ہزار آدمی تھے (۲)

## سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے فضائل ومحاسن ومحامد کا مجموعی ذکر:

### عبادت:

حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہ الکریم کو عبادتِ خدا، ریاضتِ نفس اور خضوع وخشوع میں خاص مقام حاصل تھا۔ کمسنی سے ہی اپنا دل خدا کی یاد میں اپنی جان راہ خدا میں اور اپنی زبان ذکرِ خدا میں لگا دی۔ ساری ساری رات اللہ کے حضور رکوع وسجود میں صرف فرما دیتے۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو عبادتِ خداوندی کرنے میں خاص قرب حاصل تھا۔ آپ کے دل میں خوفِ خدا کا بہت گہرا اثر تھا۔ اور پیشانیٔ اقدس پر سجدوں کی کثرت سے نشان پڑ چکا تھا۔ حضرت ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام فرمایا کرتے تھے کہ علی رضی اللہ عنہ کے چہرے کو دیکھنا عبادت ہے۔ عبادت میں اعلیٰ خصوصیات کی بنا پر ہی آپ کے نامِ نامی کے ساتھ کرم اللہ وجہہ الکریم کا لقب استعمال کیا جاتا ہے (۳)

### نماز:

شیرِ خدا اسد اللہ الغالب نمازِ پنجگانہ کی نہایت پابندی کرتے تھے غزوات میں شریک ہو کر بھی آپ نے کبھی بغیر جماعت کے نماز ادا نہ فرمائی۔ باوجودیکہ تمام دن دینی خدمات میں صرف فرما دیتے لیکن ظہر، عصر، مغرب، عشاء، فجر کی نمازوں کو باجماعت پڑھا کرتے تھے آپ کی پابندیٔ نماز اور خضوع وخشوع کا عالم یہ تھا کہ ایک مرتبہ غزوۂ احد میں آپ کے پاؤں اقدس میں تیر لگا اور ایسا سخت چبھ گیا کہ نکل نہ سکا اور اگر نکالنے کی کوشش کی جاتی تو آپ اس کی تکلیف برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ آپ نے فرمایا اس وقت رہنے دو۔ جب میں نماز کے لیے اللہ کے حضور کھڑا ہوں گا تو اس وقت یہ تیر نکال لینا جب حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نماز میں مشغول ہوئے تو زنبور سے وہ تیر کھینچا گیا اور تمام جائے نماز خون سے بھر گئی۔ لیکن سبحان اللہ حضرت امام المشارق ایسے نماز میں غرق تھے کہ آپ کو مطلقاً خبر نہ ہوئی۔ اکثر غزوات میں جب نماز کا وقت ہو جاتا تو میدانِ جنگ میں ہی نماز کے لیے کھڑے ہو جاتے۔ حالانکہ ہر طرف تلواروں وتیروں کی بارش ہوتی تھی۔ لیکن آپ نہایت خشوع کے ساتھ نماز میں محو ہو جاتے تھے اور نماز کو اپنی جان سے بھی پیارا سمجھتے تھے۔ (۴)

(۱) البدایہ ص:۸، تفسیر کبیر، ج:۵، ص:۴۷۹۔ (۲) تاریخ الخلفاء کے مطالب (۳) تا (۴) مناقب اسد اللہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس واقعہ میں ان لوگوں کے لیے درسِ عبرت ہے جو صرف محبانِ علی رضی اللہ عنہ ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور صرف یا علی رضی اللہ عنہ کا نعرہ لگا لینا ہی کمال سمجھتے ہیں لیکن نماز کے معاملہ میں دیکھا جائے تو شاید زندگی بھر کبھی نماز پڑھنی نصیب نہ ہوئی ہو ایسے لوگ قطعاً محبِ علی رضی اللہ عنہ کہلانے کے مستحق نہیں۔ یہ لوگ محض پیٹ بھرنے کے لیے نئے نئے نمونوں میں ظاہر ہوتے ہیں اور یہی وہ لوگ ہیں جو حقیقتاً حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سخت ترین دشمن ہیں۔ پھر مزے کی بات یہ کہ اکثر محبان علی رضی اللہ عنہ یہ بھی کہتے ہیں کہ نماز دل کی ہونی چاہیے۔ معاذ اللہ پھر کھانا پینا چھوڑ دیں اس لیے کہ یہ بھی دل کا ہونا چاہیئے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے تو ایسی مکروفریب کی نماز نہیں پڑھی۔ انہوں نے تو جسم و قلب سے نماز ادا کر کے اپنا عمل پیش کیا ہے۔

## روزہ:

حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم اپنی عمر میں اکثر فرض روزہ کے علاوہ نفلی روزے پے در پے رکھتے تھے۔ آپ کی صرف زبان ہی روزہ نہیں رکھتی تھی بلکہ آپ کے تمام اعضاء بھی روزہ سے ہوتے تھے۔ آپ صلوٰۃ وصوم کو ایسے ادا فرماتے تھے کہ قائم اللیل ،صائم النہار لقب ہو گیا۔ اور اکثر بحالت روزہ ہی جہاد فرمایا۔ آپ خود بھی فرمایا کرتے تھے کہ شدید گرمی میں روزہ رکھ کر میدانِ جنگ میں تلوار چلانا مجھے بہت ہی پسند ہے اور بعض اوقات اگر افطاری وسحری میں کھانے کی چیز نہ ملی تو پانی سے ہی روزہ رکھ لیا اور افطار بھی کر لیا۔ (۱)

## خیرات:

آپ نے کبھی مال جمع نہیں فرمایا۔ بلکہ جو بھی ملتا بلا تاخیر کل کا کل مال فقراء و مساکین پر تقسیم فرما دیتے آپ اکثر اپنے خطبات میں فرمایا کرتے تھے۔ تم صرف دنیا میں آزمائش کے لیے پیدا کیے گئے ہو۔ آدمی مرتا ہے تو اس کے قرابت دار تلاش کرتے ہیں کہ کتنا مال چھوڑ گیا ہے مگر فرشتے یہ دیکھتے ہیں کہ کتنا مال خیرات کر کے خدا کی بارگاہ میں بھیج چکا ہے۔ اے لوگو! اپنا مال خیرات کر کے اللہ کی بارگاہ میں پیش کرو ورنہ تمام دنیا میں ہی رہ جائے گا اور تمہارے لیے عذاب و وبال کا سبب بنے گا۔ آپ اکثر اوقات اسی چیز کے متلاشی رہتے تھے کہ کوئی مستحق ملے جس کو ہر وقت مال دیتا رہوں۔ یہاں تک کہ مقروض لوگوں کے قرضے بھی آپ نے اتارے۔ اور اگر کوئی فوت ہو گیا تو اس کے بیوی بچوں کی پرورش کے لیے تمام چیزوں کا انتظام کرتے اور اگر میت پر قرضہ رہ جاتا تو وہ بھی خود ادا کرتے تھے۔ (۲)

## حج:

آپ نے ہر سال بلا ناغہ حج ادا فرمائے۔ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ بھی حج کرنے کا شرف حاصل ہوا۔ خلفاء ثلاثہ، اور اپنے عہد میں بھی آپ نے کبھی کسی سال حج ادا کرنے میں ناغہ نہیں فرمایا اور اکثر خطبات میں لوگوں کو حج کی ترغیب فرماتے تھے۔ اس کے علاوہ حاجیوں کے لیے دورانِ حج ایسے نمایاں کام سرانجام دیتے کہ جس کی مثال نہیں ملتی۔ (۳)

(۱) تا (۳) مناقب اسد اللہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## اخلاق:

صاحبِ خلقِ عظیم نبی کریم رؤف ورحیم ﷺ کی تعلیم کا ایسا اثر تھا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم اخلاقِ حسنہ میں نہایت اعلیٰ مقام رکھتے تھے مدِ مقابل پر قابو پا کر رحم کرنا۔ دشمن کے مجبور ہونے کے بعد اس کی سختیوں کا جواب نرمی سے دینا ظالم کی مخالفانہ شدتوں پر صبر کر کے اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا۔ مخالفت کرنے والے کی سختی کو بھول جانا دشمن کے ساتھ برے سلوک کی بجائے بہترین سلوک فرمانا۔ ان اخلاقِ حسنہ کے آپ حامل تھے آپ اکثر اپنے خطبات میں فرمایا کرتے تھے۔ لوگو مجھے یہ بات ناپسند ہے کہ کسی کو گالی دو یا گالی دینے والے کو جواباً گالی دو اور اپنے کو گالی دینے والے میں شمار کرلو۔ بلکہ یہ دعا کرو کہ یہ راہِ ہدایت پر آ جائے اور جس حق کو وہ نہیں پہچانتا اللہ تمہیں پہچاننے کی توفیق دے۔ جنگ میں آپ نے ایک یہودی پر حملہ کر کے گرا دیا۔ پھر چاہا کہ تلوار سے اس کا سر قلم کر لیں۔ اس نے اپنے آپ کو مجبور پا کر آپ کے چہرہ پر تھوک ڈالا۔ آپ نے اسے فوراً چھوڑ دیا۔ اس نے خود دریافت کیا آپ نے دشمن پر مکمل غلبہ حاصل کر کے کیوں چھوڑ دیا؟ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا۔ تجھے صرف اللہ کی رضا کی خاطر قتل کر رہا تھا۔ جب تم نے تھوکا مجھے غصہ آ گیا میری خواہشِ نفس تیرے قتل میں شریک ہو گئی اس لیے میں تجھ سے علیحدہ ہو گیا تا کہ خواہشِ نفس کی وجہ سے تجھے قتل نہ کروں۔ وہ یہودی یہ بات سن کر اسی وقت مسلمان ہو گیا۔ (۱)

## صبر و تحمل:

حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم بچپن سے ہی حضور رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ السلام کے ہمراہ رہ کر آپ کی تمام تکلیفوں میں شریک رہے اور صبر کیا۔ پھر غزوات میں شریک ہو کر زخم پر زخم کھائے اور صبر کیا۔ پھر دشمنوں کے مکر و فریب و سختیاں دیکھیں اور صبر کیا۔ اکثر بھوک اور پیاس کو برداشت کر کے صبر کیا۔ الغرض آپ پر اکثر مصیبتوں کے پہاڑ ٹوٹتے رہے لیکن صبر کیا۔ خود اپنے خطبات میں فرمایا کرتے تھے۔ میں نے بڑی تکلیفیں برداشت کی ہیں لیکن صبر کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔ حضور رسالتِ مآب ﷺ نے جب آپ کو آپ کی شہادت اور فتنۂ خوارج کے پیدا ہونے کی خبر دی تو بھی آپ نے صبر کو ملحوظ رکھا اور سیّدنا امام حسین علیہ السلام کی شہادت کا علم ہوا تو بیٹے کے آئندہ مصائب پر صبر فرمایا۔ آخر میں جب زہر آلود چھری سے حملہ کیا گیا تو اس کے زہر و زخم سے جو تکلیف پہنچی اس پر بھی صبر فرمایا۔ الغرض آپ نہایت اعلیٰ صابرین میں سے ہیں۔ (۲)

## رحم و عفو:

آپ کے مزاج میں اس قدر رحم تھا کہ دشمن کی تکلیف بھی آپ سے دیکھی نہیں جاتی تھی جبھی تو قاتل کو پیاسا دیکھ کر شربت پلایا اور اگر کوئی بھوکا ہے تو اس کے کھانے کا اور اگر کوئی ننگا ہے تو اس کے لباس کا اور اگر کوئی قرض دار ہے تو اس کے ادائے قرض کا انتظام فرماتے تھے۔ بیمار کی تیمارداری، عیادت و خبر گیری و امداد فرماتے تھے، مسافر کی سواری، زادِ راہ کا اہتمام اپنا فرض سمجھتے تھے۔ اپنے آرام سے دوسروں کے آرام کا زیادہ خیال فرماتے ایک مرتبہ ایک بڑھیا کو دیکھا جو مشکیزہ اٹھا کر لے جانا چاہتی ہے مگر بڑھاپے کی وجہ سے اٹھا نہیں سکتی تھی آپ نے مشکیزہ اپنی پیٹھ پر لاد کر اس کے گھر پہنچا دیا۔ (۳)

---

(۱) تا (۳) مناقب اسد اللہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## حلم:

آپ حلم میں بھی خاص مقام رکھتے تھے حضرت معقل بن یسار فرماتے ہیں کہ حضور رسالت مآب ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا۔ اے پیاری بیٹی مبارک ہو میں نے تمہاری شادی اس شخص کے ساتھ کی ہے جو اوّل اسلام لانے والے علم والے اور حلم والے ہیں۔ (۱)

## تواضع وانکساری:

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو انکساری بہت ہی پسند تھی۔ آپ نے کبھی تکبر وغرور نہیں کیا اور نہ ہی تکبر وغرور کرنے والے کو پسند فرماتے تھے آپ خود اپنی کمر پر لکڑیاں لادا کرتے تھے۔ پانی خود بھرتے تھے۔ گھر میں خود جھاڑو بھی دے لیا کرتے تھے۔ بازارِ کوفہ میں ایک مرتبہ خرمے خریدے اپنی چادر میں باندھ کر لے جا رہے تھے۔ لوگوں نے بڑھ کر عرض کیا حضور ہم یہ گٹھڑی اٹھا لیتے ہیں آپ نے فرمایا جو اپنے بچوں کا ذمہ دار ہوتا ہے وہی اس بھار کو اٹھانے کا زیادہ حق دار ہے۔ (۲)

## سخاوت:

اس صفت میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم اس مقام پر تھے کہ فقراء ومساکین کے سامنے آپ نے اپنے نفس یا اپنے اہل و عیال کے نفس کا کبھی خیال نہ فرمایا۔ خود خالی ہاتھ رہنا برداشت کر لیتے لیکن سائل کو کبھی خالی نہ رکھا اکثر قرض اٹھا کر بھی دوسروں کی امداد فرمایا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ آپ نے دیکھا کہ زنجیرِ کعبہ کو پکڑے ہوئے ایک شخص کہہ رہا ہے مجھے چار ہزار درہم دے دے۔ آپ نے اس کے شانہ پر ہاتھ رکھ کر فرمایا جو تم نے خدا سے مانگا میں نے سنا یہ تو بتا چار ہزار درہم کیا کرے گا؟ اس نے کہا ایک ہزار میری زوجہ کا مہر ہے وہ ادا کروں گا اور ایک ہزار درہم کا قرضدار ہوں وہ دوں گا۔ ایک ہزار درہم سے مکان بناؤں گا اور ایک ہزار درہم سے ذریعۂ معاش کا انتظام کروں گا آپ نے فرمایا اے سائل اگر تو مدینہ طیبہ آ جائے تو میں یہ رقم تجھے دے دوں گا۔ چنانچہ کچھ دنوں کے بعد وہ آپ کے پاس مدینہ طیبہ پہنچا تو آپ نے اپنا ایک باغ فروخت فرما کر چار ہزار درہم اسے دے دیے اور زادِ راہ بھی عنایت کر دیا۔

ایک مرتبہ کسی سائل نے آپ سے روٹی کا سوال کیا آپ نے اپنے غلام قنبر سے فرمایا اس کی حاجت پوری کرو۔ اس نے کہا حضور روٹی توشہ دان میں ہے فرمایا معہ توشہ دان دے دو۔ اس نے کہا توشہ دان اونٹ پر ہے فرمایا اونٹ سمیت دے دو۔ اس نے کہا اونٹ قطار میں ہے۔ فرمایا معہ قطار کے دے دو۔ قنبر جلدی سے اٹھا اور اونٹوں کی مہار سائل کے ہاتھ میں دے دی۔ ایسے سینکڑوں واقعات شاہد ہیں کہ حضرت بہت ہی سخاوت فرمایا کرتے تھے۔ (۳)

## مہمان نوازی:

ایک روز بہت پریشان نظر آئے۔ لوگوں نے وجہ پوچھی تو فرمایا آج سات روز ہو گئے ہیں کہ کوئی مہمان نہیں آیا۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ مہمان کا آنا اور اس کی خدمت کرنا خدا کی رحمت ہوتی ہے۔ (۴)

(۱) تا (۴) مناقب اسد اللہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## زہد:

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم بہت عظیم زاہد تھے۔ نبی کریم ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ علی رضی اللہ عنہ نے کبھی دنیا کی طرف نگاہ اٹھا کر نہیں دیکھا۔ اور اے علی رضی اللہ عنہ تم کو اللہ نے ایک زینت سے نوازا ہے جو کسی کو نہیں دی۔ بے شک خدا نے تجھے زاہد بنایا ہے۔ سوید بن غفلہ فرماتے ہیں کہ عید کا دن تھا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سوکھی روٹیوں کے ٹکڑے پانی میں بھگو کر دبا دبا کر تناول فرما رہے تھے۔ میں نے عرض کیا حضور آج عید کے روز تو کوئی اچھی لذیذ تازہ چیز تناول فرمائیں۔ آپ نے فرمایا اے سوید! عید اس کی ہے جو گناہوں سے نجات پا چکا ہے۔ (۱)

## امام المتقین:

آپ کا تقویٰ اتنا بلند تھا کہ حضور علیہ السلام نے آپ کو امام المتقین کا لقب عنایت فرمایا۔ زندگی کے ہر شعبہ میں آپ نے تقویٰ کو ملحوظ رکھا۔ جیسا کہ گزر چکا ہے کہ ایک شخص نے آپ کے منہ پر تھوکا تو اسی وقت اس کو چھوڑ دیا۔ آپ نے فرمایا پہلے اس کو قتل کرنا اللہ کی رضا کیلئے تھا اور اب ذاتی انتقام کیلئے ہوگا۔ اس لیے اس کو میں نے چھوڑ دیا کہ کہیں رضائے الٰہی میں ذاتی خواہش غالب نہ ہو۔ (۲)

## شجاعت:

احادیثِ صحیحہ اس بات پر شاہد ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم بہت بڑے شجاع تھے۔ آپ نے غزوۂ بدر، غزوۂ احد، غزوۂ احزاب صلح حدیبیہ، بنو سعد، فتحِ مکہ، فتحِ خیبر اور دیگر مختلف غزوات میں نمایاں کام کیے۔ دشمنانِ اسلام کی ایک پوری جماعت سے بھی کبھی مرعوب نہ ہوئے۔ مشکل سے مشکل موقع پر دشمنوں کا مقابلہ کرنے کے لیے اوّل اپنا قدم بڑھاتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کا لقب اشجع الاشجعین مشہور ہو گیا۔

حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو اللہ تعالیٰ نے بہت بڑی طاقت عطا فرمائی تھی۔ حضرت محمد ابن علی فرماتے ہیں کہ روز بدر

نَادَى مَلَكٌ مِنَ السَّمَاءِ يَوْمَ بَدْرٍ يُقَالُ لَهُ رِضْوَانٌ لَا سَيْفَ إِلَّا ذُو الْفِقَارُ وَلَا فَتَى إِلَّا عَلِيٌّ۔

ایک فرشتہ آسمان سے یہ ندا کر رہا تھا جس کو رضوان کہتے ہیں۔ ذوالفقار جیسی کوئی تلوار نہیں اور علی رضی اللہ عنہ جیسا کوئی شجاع نہیں۔

## خصائلِ حمیدہ:

سیّدنا حضرت مولا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ پر تربیتِ حضور سرورِ کائنات ﷺ کا ایسا اثر تھا کہ آپ کی تمام صفات عینِ نقشۂ نبوت پر تھیں۔ آنکھ میں مروت، مزاج میں سخاوت، دل میں رحم، طبیعت میں انکسار، میدانِ جنگ میں سخت، بزمِ احباب میں نرم دل، غیروں میں خود دار، اپنوں میں معتدل، بے تکلفی، کفار پر شدید، سنگ دلوں پر سخت مزاج، باتیں کم کرنا اور مشوروں میں اچھا مشورہ دینا، طرزِ ادا میں ادب و احترام، خلوص و محبت، مبالغہ سے نفرت، فخر و مباہات ناپسند، جھوٹ سے زبان صاف، مکر و فریب سے نفرت، احکام میں استحکام، ارادے میں استقلال، عدالت میں سخت، نفس کشی میں مرد، ذاتی معاملہ میں لاپرواہ۔ راضی برضائے الٰہی، صابر، تحفظ الایمان میں کوہ و مینار، اظہارِ حق میں نڈر، تلوار کے دھنی، کلام میں نرمی، الفاظ فصیح، اشعار فلسفہ کی جان، معرفت کا دفتر، عبرت کا خزانہ، فقرے سنجیدہ و لطافت خیز، اظہار مقصد پُر لطف،

(۱) تا (۲) مناقب اسد اللہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بات میں اثر، جملے روحِ علم، اقوال عینِ حکمت، خطبات میں نصیحت، دنیا اور دنیا کی آرائشوں سے دور، ایمان اور ارکان کا مجسمہ، خوفِ خدا میں گریہ زاری، اطاعتِ رسولِ خدا میں مکمل فرمانبردار۔

## غذا:

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نہایت سادہ کھانا تناول فرماتے۔ کھانے سے پہلے معلوم کرتے کہیں محلہ میں کوئی بھوکا تو نہیں۔ اکثر اپنا کھانا بھوکوں میں تقسیم فرما دیتے۔ کئی مرتبہ سوکھے ٹکڑے پانی میں بھگو کر کھا لیتے۔ گوشت، میٹھی چیز اور شہد کو پسند فرماتے لیکن سیر ہو کر کبھی نہ کھایا۔ (۱)

## لباس:

حیدرِ کرّار فاتحِ خیبر حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم سر پر سفید کپڑے کی ٹوپی اور سفید عمامہ پہنا کرتے تھے۔ کرتہ سفید لمبا اور کھلا موٹے کپڑے کا پہنتے تھے۔ اور کبھی کبھی جبہ پشمینہ کا پہنتے تھے۔ ٹخنوں تک سفید رنگ کا تہبند۔ پاؤں میں عربی نعلین، کمر میں ذوالفقار یا کوئی دوسری تلوار، آپ کو لباس اکثر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہنایا۔ خوشبو پسند فرماتے یہ بھی معلوم ہوا کہ آپ کو سفید کپڑا بہت پسند تھا۔

# منصبِ خلافت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

حضرت سیّدنا عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کی شہادتِ عظمیٰ کے بعد تین روز گزر چکے تو لوگوں کے اصرار پر ۲۱ ذوالحج ۳۰ ہجری بمطابق ۲۴ جون ۶۵۶ء مسجدِ نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام میں حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو بالاجماع خلیفہ منتخب کر لیا گیا۔ خلفاء نبوی رضی اللہ عنہم میں یہ خلیفہ چہارم تھے۔ اور ان کی سب اصحاب نے بالاتفاق خلافت پر بیعت کر لی۔

بُوْيِعَ عَلِيٌّ بِالْخِلَافَةِ بَعْدَ الْغَدِ مِنْ قَتْلِ الْعُثْمَانَ بِالْمَدِيْنَةِ وَفَبَايَعَهُ جَمِيْعُ مَنْ كَانَ بِهَا مِنَ الصَّحَابَةِ۔ (۲)

سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد دوسرے روز مدینہ طیبہ میں سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کی خلافت پر بیعت ہوئی۔ مدینہ میں جتنے صحابہ تھے سب نے بیعت کی۔

دوسری دلیل: علامہ ابنِ حجر مکی فرماتے ہیں:

اَلْخِلَافَةُ بَعْدَ الْاَئِمَّةِ الثَّلَاثَةِ هُوَ الْاِمَامُ الْمُرْتَضٰى وَالْوَلِيُّ الْمُجْتَبٰى عَلِيٌّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ بِاِتِّفَاقِ اَهْلِ الْحِلِّ وَالْعِقْدِ عَلَيْهِ (۳)

اہلِ حل وعقد کے اجماع سے خلفائے ثلاثہ کے بعد خلافت کے مستحق امامِ مرتضیٰ ولیٔ مجتبیٰ حضرت سیّدنا علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ تھے۔ یہ اہلِ حل وعقد حضرات کون تھے؟ آگے ان حضرات کے نام بھی دیتے ہیں۔ طلحہ، زبیر، ابوموسیٰ، ابنِ عباس، خزیمہ بن ثابت، ابی الہیثمہ بن تہان، محمد بن سلمہ، عمار بن یاسر رضی اللہ عنہم پھر آگے فرماتے ہیں کہ سیّدنا عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں آپ کے بعد خلیفہ ہونے والے کا سوال پیدا ہوا تو اس میں

(۱) مناقب اسد اللہ (۲) تاریخ الخلفاء: ۱۷۴ (۳) الصواعق المحرقہ ۳۴۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عثمان وعلی رضی اللہ عنہما کا انتخاب ہوا۔ ظاہر ہے کہ جب عثمان رضی اللہ عنہ خلیفہ سوم شہید ہو گئے تو حق علی رضی اللہ عنہ کا ہے پس اجماع پھر حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ پر ہوا۔

فَصَعِدَالْمِنْبَرَ وَكَانَ اَوَّلَ مَنْ صَعِدَ اِلَيْهِ وَ بَايِعهُ طَلْحَه وَالزبَيْرُ وسَعْدٌ وَاَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (۱)

پس سیّدنا علی المرتضیٰ مسجد کے منبر پر چڑھے اور سب سے پہلے طلحہ، زبیر، سعد اور اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے خلافت کی بیعت کی۔

ان تمام جلیل القدر محدثین اور اسخین کی تصریحات سے ثابت ہوا کہ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو مسندِ خلافت پر بٹھانے والے اصحابِ بدر اور اصحابِ عظام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین تھے، جس میں عمار بن یاسر اور طلحہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہم بالخصوص شاملِ فہرست ہیں۔

## سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی حقانیت اور جمل و صفین غزوات:

حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک مرتبہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو فرمایا:

تَقْتُلُكَ فِئَةٌ بَاغِيَةٌ۔ (۲)

تجھے خلیفہ برحق پر خروج کرنے والی جماعت قتل کرے گی۔

امام نووی اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں کہ

قَالَ الْعُلَمَاءُ هٰذَا الْحَدِيْثُ حُجَّةٌ ظَاهِرَةٌ فِيْ اَنَّ عَلِيًّا مُحِقًّا مُصِيْبًا وَالطَّائِفَةُ الْاُخْرٰى بَغَاةٌ لٰكِنَّهُمْ مُجْتَهِدُوْنَ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِمْ لِذٰلِكَ

علماء نے اس حدیث سے کھلم کھلا یہ اخذ کیا جو الفاظ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ کہ سیّدنا علی حق وصواب پر تھے اور دوسرے گروہ کو خطا اجتہادی ہوئی تھی۔ اور ان پر کوئی گناہ نہیں۔

کیونکہ عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ متواتر دل وجان سے سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ کے ساتھ ان معرکوں میں رہے۔ امام بخاری نے نقل کیا کہ حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کے متعلق فرمایا:

وَفِيْكُمُ الَّذِيْ اَجَارَهُ اللّٰهُ مِنَ الشَّيْطَانِ عَلٰى لِسَانَ نَبِيِّهٖ يَعْنِيْ عَمَّارًا (۳)

اور تم میں وہ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے شیطان سے محفوظ رکھا۔ اپنے نبی کی زبان کے مطابق یعنی عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ۔

جب عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بزبانِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے شرِ شیطان سے محفوظ ہیں تو ان سے خطا بھی نہیں ہوسکتی اور یہ سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ کے ساتھ تھے۔

ثابت ہوا کہ سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم حق پر تھے۔ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ حق و باطل کے درمیان ایسی معیاری شخصیت تھیکہ ان کی وجہ سے بہت سے صحابہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مقابل میں ہوئے وہ واپس لوٹ آئے۔ حقانیتِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے قائل ہوئے۔

آپ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حمائت میں صفین میں شہید ہوئے اور وہیں دفن کیے گئے اور حضرت عبد اللہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہما تو یہاں تک فرماتے ہیں کہ:

(۱) الریاض النضرہ، ۲:۱۲۶ (۲) صحیح مسلم، ۴:۲۲۳۵، رقم ۲۹۱۵ (۳) صحیح بخاری، ۳:۱۱۹۷، رقم ۳۱۱۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مَا اَسَاءَ عَلٰی شَیْءٍ اِلَّا اَنِّیْ لَمْ اُقَاتِلْ مَعَ عَلِیٍّ الْفِئَةَ الْبَاغِیَةَ (۱)

مجھے اس سے زیادہ اور کوئی چیز بری نہیں لگی وہ یہ کہ میں نے علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ مل کر باغیوں سے جنگ کیوں نہ کی۔ (یعنی علی رضی اللہ عنہ کے مخالفوں سے)

حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی شہادت اور حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کی شہادت کا اثر حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ پر بھی ہوا اور وہ آپ کے مخالف جو جماعت تھی اس سے نکلنے شروع ہو گئے۔ علامہ ابنِ حجر عسقلانی فرماتے ہیں کہ بعض صحابہ وہ بھی تھے جن پر احادیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظاہر نہ رہیں اور ان کو وہ احادیثِ مبارکہ ظاہر ہونے پر مخالفت ترک کرنا پڑی جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مقابل ہوئے۔

ظَهَرَ لَهُمْ مِنَ الْاَحَادِیْثِ اَنَّهُ الْاِمَامُ الْحَقِّ فَنَدَمُوْا عَلَی التَّخَلُّفِ مِنْهُ كَمَا مَرَّ وَمِنْهُمْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ (۲)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے علیحدہ ہونے والوں میں سے بعض پر جب حدیثیں ظاہر ہوئیں تو وہ علیحدگی پر نادم ہوئے جیسا کہ گزر گیا ہے ان میں سے سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بھی ہیں۔

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو جنگِ جمل میں دیکھ کر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بلوا کر فرمایا کہ تم کو یاد ہے کہ فلاں وقت بارگاہِ رسالت میں میں اور تم تھے اور اس وقت تم سے میرے آقا نے فرمایا تھا کہ اے زبیر رضی اللہ عنہ علی رضی اللہ عنہ سے محبت کرتے ہو تم نے کہا ہاں۔ تو حضور علیہ السلام نے فرمایا اے زبیر ایک دن آئے گا کہ تم اس کے مدِ مقابل ہو گے۔ اسی طرح حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے متعلق آتا ہے کہ:

آپ اس وقت اونٹ پر سوار تھیں جب ایک جگہ پر سے آپ کا گزر ہوا تو وہاں پر کتوں نے بھونکنا شروع کر دیا۔ سیّدہ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے دریافت کیا یہ کون سی جگہ ہے تو ان لوگوں نے کہا ''حوآب'' ہے۔ یہ سن کر سیّدہ نے فوراً فرمایا: میں واپس جاتی ہوں تمہارے ساتھ قطعاً جانا نہیں چاہتی انہوں نے کہا اس طرح کام اور مطلوبِ قصاصِ عثمان رضی اللہ عنہ نہیں مل سکے گا آپ کا ہمارے ساتھ جانا ضروری ہے۔ آپ نے فرمایا کہ مجھے سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ایک حدیث یاد آ گئی ہے کہ آپ ایک روز ازواجِ مطہرات سے باتیں فرما رہے تھے تو آپ نے فرمایا:

اَیَّتُكُنَّ صَاحِبَةَ الْجَمَلِ الْاَحْمَرِ تُخْرُجُ حَتّٰی تَنْبَحَهَا كِلَابُ الْحُوْاَبِ فَیَتَّصِلُ حَوْلَهَا قَتْلٰی كَثِیْرَةٌ (۳)

تم میں کون سرخ اونٹنی پر سوار ہو گی جس پر وادی حوآب کے کتے بھونکیں گے اس کے بعد اس کے اردگرد لاشوں کے ڈھیر ہوں گے۔

ناظرین غور فرمائیں کہ خلیفہ چہارم کے دور میں ہونے والے واقعہ کی پیشین گوئی جو کئی سالوں پہلے سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دی تھی وہ بالکل عملی شکل میں سامنے آ گئی۔ سیّدہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اس جگہ کا نام بھی وہی ہے یعنی حوآب اور دوسرا اس کا پتہ بھی کتوں کے بھونکنے سے لگا ہے۔ تیسرا میں ہوں بھی جمل سرخ پر سوار۔ جمل کہتے ہیں اونٹ کو سرخ اونٹ پر اس کے اردگرد لاشوں کے ڈھیر ہوں گے۔ مجھے واپس جانا چاہئے۔ پھر آپ کو کہا گیا کہ نہیں غلطی لگی ہے اس جگہ کا نام حوآب نہیں ہے۔ چنانچہ وہی ہو کر رہا۔

## جنگِ جمل:

ربیع الاوّل ۳۶ھ بمطابق دسمبر ۶۵۶ء کو جنگ ہوئی اور اس قدر شدت اختیار کر گئی کہ دس ہزار مسلمان مارے گئے اور حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ جیسے بڑے بڑے صحابی ایک غلط فہمی میں مبتلا ہو گئے۔ آخر صلح ہوئی اور حضرت سیّدنا علی رضی اللہ عنہ نے چالیس

(۱) سیر اعلام النبلاء، ۳:۲۳۱ (۲) تطہیر الجنان (۳) الصواعق المحرقۃ: ۳۴۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بصری خواتین کے ساتھ حضرت امِ المؤمنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو نہایت تعظیم و تکریم سے ان کے بھائی محمد ابنِ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہمراہ مدینہ طیبہ روانہ کیا یہ جنگِ جمل کے نام سے مشہور ہوگئی ہے۔ (۱)

## کوفہ دار الخلافہ:

جنگِ جمل کے بعد سیّدنا مولیٰ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے فتنہ و فساد کے خطرہ کی بناء پر کہ مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں مفسدین خارجیوں کی وجہ سے کسی قسم کی اہانت نہ ہو آپ نے مدینہ طیبہ کی سکونت چھوڑ دی اور بمعہ اپنے تمام اہل و عیال ۳۷ھ بمطابق جولائی ۶۵۷ء کو کوفہ تشریف لے آئے اور دار الخلافہ کوفہ میں منتقل کر لیا۔ حالانکہ کوفہ میں بھی خارجی مفسدین کی جماعت موجود تھی۔ (۲)

## جنگِ صفین:

کوفہ میں آنے کے بعد ۳۷ھ بمطابق ۶۵۷ء کو صفین کے مقام پر دونوں لشکروں کی خوفناک لڑائی ہوئی۔ حضرت معاویہ کے پینتالیس ہزار افراد مارے گئے اور حضرت علی کرم اللہ کے لشکر سے تئیس ہزار افراد مارے گئے صفین کے مقام پر بیعتِ رضوان کے آٹھ سو صحابہ میں سے تین سو شہید ہوئے جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ساتھ تھے۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی آپس میں صلح ہوگئی۔ اب جو لوگ خوارج کہلاتے ہیں ان کا سرغنہ عبداللہ ابنِ سبا یہودی منافق تھا۔ یہ ہزاروں کی تعداد میں نکل کر مقامِ حرورا پر پناہ گزیں ہو گئے اور اپنا ایک علیحدہ مرکز بنا لیا اور مرکزی حیثیت اختیار کر کے یہ کہنا شروع کر دیا کہ کوئی انسان دین کے معاملہ میں دخل نہیں دے سکتا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفہ برحق ہیں اور معاویہ رضی اللہ عنہ نے ان کی بیعت نہیں کی اور اسلام سے انحراف کیا اور وہ باغی واجب القتل ہیں کسی ثالث کی ضرورت نہیں ان کو قتل کر دینا چاہئے اور علی رضی اللہ عنہ نے ایسے شخص کی بات سن کر صلح کر لی اس لیے اب یہ بھی خلافت کے حقدار نہیں اور خلافت من جانب اللہ والرسول ہے۔ باغی کی بات پر رضامند ہونا یہ خلیفہ برحق نے حکمِ خداوندی کو صریحاً پسِ پشت ڈالا ہے۔ ان دونوں سے جنگ کریں (۳)

## خوارج سے جنگ:

خوارج جو ظاہراً مسلمان تھے اور اندرونِ خانہ منافقانہ سازشوں میں مصروف تھے اب وہ علمِ بغاوت لے کر کھڑے ہو گئے۔ یہ گروہ ظاہراً تو دونوں کے خلاف اپنی جماعت قائم کرتا تھا لیکن درحقیقت مسلمانوں کی عداوت میں پیش پیش تھا اور ان کی جڑیں کھوکھلی کرنے میں مصروف تھا۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ان لوگوں کو باز کیا بالخصوص عبداللہ ابنِ سبا کو۔ لیکن یہ لوگ ظاہر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی محبت کا دعویٰ اور باطن میں ان کے خلاف تھے ظاہر ہے کہ ان پر کیا اثر ہوتا پھر ان لوگوں نے نہروان کو اپنا مرکز بنا لیا اور لشکرِ جرار حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مقابلہ میں جمع کر لیا جس کی تعداد ستر ہزار ہوگی۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے جب صورتحال کو دیکھا تو پھر بھی بڑی کوشش فرمائی۔ لیکن سبائی مفسد اپنے ناپاک ارادے پر تلے ہوئے تھے اور ستر ہزار خارجیوں نے لوٹ مار کا بازار گرم کر دیا۔ آپ نے حکم دیا کہ اب ان کا خاتمہ کریں گے۔ ۳۷ھ کو آپ کا لشکر ان کے مقابلہ میں آیا اور خوفناک لڑائی ہوئی کہ ان خوارج میں اکثر لوگ مارے گئے۔ عبداللہ ابنِ سبا اور اس کے ستر افراد کو آگ میں جلا دیا گیا اور اکثر بھاگ کر دوبارہ کوفہ اور شام کے علاقوں میں چلے گئے (۴)

(۱) تا (۴) مناقب اسد اللہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

لیکن حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کا مرکز توڑ دیا اور یہ ناکام ہوئے۔ انہی میں سے جو لوگ بھاگے تھے وہ پھر اکٹھے ہو کر موقع پا کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قتل کرنے کے درپے ہوئے۔ (۱)

الغرض کہ اس گروہ نے مصر، مدینہ، شام، کوفہ، بصرہ میں شجرِ اسلام کی جڑوں کو کھوکھلا کرنے اور مسلمانوں کو ناکام کرنے کی جو مہم شروع کی تھی اس میں کسی حد تک کامیاب ہوئے۔ سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ اور اس کے بعد خلافتِ علی رضی اللہ عنہ اور پھر شہادتِ علی رضی اللہ عنہ۔ یہ تمام اسباب اسی سبائی منافق خوارج کی طرف سے پیدا کردہ تھے اور واقعات کی کڑی کو دیکھنے سے معلوم یہ ہوتا ہے کہ اب تک اسی سبائی خوارج کے بیج بوئی کا نتیجہ ہے جو کہ ختم نہیں ہوا اور نہ قیامت تک ختم ہو سکے گا۔ آج بالکل وہی صورت ہماری آنکھوں کے سامنے ہے۔

## اصحابِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صداقتِ اہلِ سنت

حضرت امام احمد بن حنبل علیہ الرحمہ اس سلسلہ میں فرماتے ہیں جو جمل و صفین مابین صحابہ عظام کے ہوا اس کے متعلق طعن و تشنیع کرنا اپنے اعمال کو آلودہ کرنا ہے۔ ملاحظہ فرماویں۔

وَاَمَّا قَتْلَهٗ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ بِطَلْحَةَ وَالزُّبَیْرِ وَعَائِشَةَ وَ مُعَاوِیَةَ ... فَقَدْ مَنَعَ الْاِمَامُ الْاَحْمَدُ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلٰی مَسَاكٍ عَنْ ذٰلِكَ وَ جَمْعَ مَا شَجَرَ بَیْنَهُمْ مِنْ مُنَازَعَةٍ وَمُنَافِرَةٍ وَخُصُوْمَةٍ لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یَفْصِلُ بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ كَمَا قَالَ عَزَّوَجَلَّ وَ نَزَعْنَا مَا فِیْ قُلُوْبِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ۔

لیکن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا جنگ کرنا حضرت طلحہ و زبیر و عائشہ معاویہ رضی اللہ عنہم اجمعین سے تو اس کے متعلق امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے نکتہ چینی کرنے سے منع کیا ہے جو بھی ان کے درمیان لڑائی یا جھگڑا تھا ان تمام امور میں باز رکھا ہے اور یہ بھی صراحت کر دی ہے کہ ان کے متعلق روزِ قیامت اللہ تعالیٰ فیصلہ فرمائے گا۔ اور جو بھی آپس کے جھگڑے تھے دور فرما دے گا۔ اور اللہ تعالیٰ خود قرآن میں فرماتا ہے کہ ہم نے ان کے سینوں میں جتنے کینے تھے سب دور فرما دیے اور آپس میں ایک دوسرے کے رو برو بھائیوں کی طرح بیٹھیں گے۔ (۲)

اس کے آگے چل کر فرماتے ہیں:

وَاتَّفَقَ اَهْلُ السُّنَّةِ عَلٰی وُجُوْبِ الْكَفِّ عَمَّا شَجَرَ بَیْنَهُمْ وَالْاِمْسَاكُ مِنْ سَاَرِیْهِمْ وَاَظْهَارُ فَضَائِلِهِمْ وَمَحَاسِنِهِمْ وَ تَسْلِیْمِ اَمْرِهِمْ اِلَی اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ مَا كَانَ وَجَرٰی مِنْ اِخْتِلَافِ عَلِیٍّ طَلْحَةَ وَالزُّبَیْرِ وَ عَائِشَةَ وَ مُعَاوِیَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمْ عَلٰی مَا قَدِمْنَا۔

اہلِ سنت کا اس پر اتفاق ہے کہ ان حضرات کے درمیان جو جھگڑے ہوئے ان کے بارے میں خاموش رہنا اور ان کی برائی سے رکنا لازم ہے ان کے فضائل و محاسن کا اظہار لازم ہے حضرت علی و طلحہ و زبیر و معاویہ و عائشہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے درمیان ہونے والے اختلاف کو اللہ عزوجل کی طرف سپرد کیا ہے۔ (۳)

(۱) مناقب اسد اللہ (۲) الیواقیت، ۲:۷۷ (۳) الیواقیت ۲:۸۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت امام عبدالوہاب شعرانی علیہ الرحمہ اس کے متعلق فرماتے ہیں:

وَالْتِفَاتُ إِلٰى مَا يُذْكُرُهُ بَعْضُ اَهْلُ السِّيَرِ فَإِنَّ ذَالِكَ لَايَصِحُّ وَإِنْ صَحَّ فَلَهُ تَاوِيْلٌ صَحِيْحٌ وَمَا اَحْسَنُ قَالَ عُمَرُ ابْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ تِلْكَ وَطَهِرَ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنْهَا سُيُوفَنَا فَلَا نُخَضِّبَ بِهَا اَلْسِنَتِنَا۔

جو بعض نے ان حضرات کی شان میں ذکر کیا ہے۔ یہ نا قابلِ قبول ہے اگر ان کی صحت ثابت بھی ہو جائے جیسا کہ کہا کرتے ہیں تو بھی صحیح تاویل کی جائے گی۔ لیکن خوب بات حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے فرمائی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے اس خون (یعنی جمل و صفین) سے ہماری تلواروں کو پاک رکھا تو ہم اپنی زبانوں کو اس سے ان کی برائی کر کے آلودہ نہ کریں۔ (۱)

حضرت امام ترمذی علیہ الرحمہ اپنی صحیح میں حضرت عبداللہ بن مغفل کی حدیث بیان فرماتے ہیں:

اَللّٰهَ اَللّٰهَ فِي أَصْحَابِيْ، لَاتَتَّخِذُوْهُمْ غَرَضًا بَعْدِيْ، فَمَنْ أَحَبَّهُمْ فَبِحُبِّيْ أَحَبَّهُمْ، وَمَنْ أَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِيْ أَبْغَضَهُمْ وَمَنْ اٰذَا هُمْ فَقَدْ اٰذَانِيْ وَمَنْ اٰذَانِيْ فَقَدْ اٰذَى اللّٰهَ وَمَنْ اٰذَى اللّٰهَ فَيُوْشِكُ أَنْ يَّاْخُذَهٗ۔ (۲)

میرے صحابہ کے بارے میں اللہ سے ڈرو! اللہ سے ڈرو! اور میرے بعد انہیں اپنی گفتگو کا نشانہ مت بنانا کیونکہ ان سے محبت رکھتا ہے وہ مجھ سے محبت رکھنے کے باعث ان سے محبت کرتا ہے اور جو ان سے بغض رکھتا ہے وہ مجھ سے بغض رکھنے کی بناء پر ان سے بغض رکھتا ہے اور جس نے ان کو تکلیف پہنچائی اس نے مجھ کو تکلیف پہنچائی اور جس نے مجھے تکلیف پہنچائی اس نے اللہ تعالیٰ کو تکلیف دی اور جس نے اللہ کو تکلیف پہنچائی پھر قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنی گرفت میں لے۔

ان مذکورہ بالا تصریحات سے مسلکِ اہلِ سنت و جماعت نکھر کر سامنے آ گیا کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان اور حضرت سیّدہ امِ المؤمنین رضی اللہ عنہا کے مابین کوئی خلافت کا جھگڑا نہ تھا۔ اور نہ ہی اقتدار یا مال و متاع بنائے نزاع تھا۔ ہمارے لیے ان کے معاملات میں خاموشی اختیار کرنا ہی بہتر ہے اور ان عظیم ہستیوں پر طعن و تشنیع کرنا اور ان میں عیب نکالنا کسی طرح بھی ہمارے لیے روا نہیں اللہ تعالیٰ ہدایت نصیب فرمائے۔

## علمِ غیب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور خبرِ شہادتِ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ مجھے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا خوارج کی جماعت میں سے ایک شخص تجھ کو قتل کرے گا اور ہاتھ سے اشارہ کر کے فرمایا تمہیں ایک ضرب یہاں اور ایک یہاں پر لگے گی۔

فَيَسِيْلُ دَمًا حَتّٰى يَخْضِبَ لِحْيَتَكَ (۳) پس تمہارا خون نکلے گا اور تمہاری داڑھی خون سے تر ہو جائے گی۔

(۱) الیواقیت، ۲:۷۷ (۲) جامع ترمذی، ۵:۶۹۶، رقم: ۳۸۶۲ (۳) الخصائص الکبریٰ، ۱:۳۷

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اور اے علی رضی اللہ عنہ تم اس وقت کیسے صبر کرو گے؟ میں نے عرض کیا حضور جب ہونے والا کام میرے لیے ثابت ہو چکا ہے تو میں نے صبر ہی کیا بلکہ خوش ہوں گا کہ مجھے درجۂ شہادت نصیب ہوا۔ حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا ایک بد بخت وہ تھا جس نے سیّدنا صالح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں اور دوسرا بد بخت وہ جو تمہاری کنپٹی پر تلوار مار کر تیرے چہرے اور داڑھی کو خون سے رنگین کر دے گا۔ ایک اور روایت میں آتا ہے کہ حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ بیمار ہو گئے تو لوگوں نے آپ کی حالت دیکھ کر کہا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علی اس بیماری سے انتقال فرما جائیں گے۔ جب نبی غیب دان علیہ الصلوۃ والسلام کو معلوم ہوا تو آپ نے فرمایا نہیں لَنْ تَمُوْتَ اِلَّا مَقْتُوْلًا۔ نہیں ہرگز نہیں میرا علی رضی اللہ عنہ تو شہید ہوگا۔ ان احادیث سے ثابت ہوا کہ امام المشارق والمغارب سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادت کا سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو علم تھا اور آپ بھی جانتے تھے کہ میری موت شہادت کے ساتھ ہوگی (۱)

## خبر قاتل عبدالرحمٰن ابنِ ملجم اور علمِ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

عبدالرحمٰن ابنِ ملجم خارجی ایک روز سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا معلوم نہیں میرا قاتل کیوں دیر لگا رہا ہے جب وہ اس ناپاک ارادوں سے کوفے آ چکا ہے تو وہ کیا انتظار کر رہا ہے اور منبر پر تشریف فرما ہوئے تو آپ نے فرمایا مجھے میرے آقا و مولیٰ نے اس کی خبر کر دی ہے۔ لوگوں نے عرض کیا حضور ہم کو خبر دیں کہ وہ شخص کون ہے تا کہ اس کو مار ڈالیں؟ آپ نے فرمایا یہ کیسے ہو سکتا ہے جب تک وہ جرم نہ کر لے اور میں تمہیں قسم دے کر کہتا ہوں کہ میرا قاتل میرے قتل کے بعد اور کسی کو قتل نہ کر سکے گا۔ (۲)

عبدالرحمٰن ابنِ ملجم اسی طرح گا ہے گا ہے سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس آنے جانے لگا جب ایک روز آپ کے پاس آیا تو کہنے لگا ایک سواری تو دیں تو آپ نے اس کو سواری دے دی اور فرمایا۔ اُرِیْدُ حَیَاتَہٗ وَیُرِیْدُ قَتْلِیْ میں تو اس کی زندگی چاہتا ہوں اور یہ میرے قتل کا ارادہ رکھتا ہے۔

اِنَّ ھٰذَا قَاتِلِیْ بے شک یہی میرا قاتل ہے پھر ایک آدمی نے کہا حضور فَمَا یَمْنَعُكَ مِنْہُ تو پھر آپ اس کو قتل کیوں نہیں کر دیتے کون سی چیز مانع ہے قَالَ اِنَّہٗ لَمْ یَقْتُلْنِیْ بَعْدُ۔ فرمایا: اس لئے کہ ابھی تک اس نے مجھے قتل تو نہیں کیا۔ (۳)

## خارجن اور خارجی:

ایک روز کا واقعہ ہے کہ عبدالرحمٰن ابنِ ملجم بازار سے گزر رہا تھا کہ راستہ میں اس کی نظر ایک عورت خارجن قطام نامی پر پڑی۔ جو کہ اس کو خوبصورت لگی یہ اس پر عاشق ہو گیا اور اس کے عشق میں مارا مارا پھرتا رہا۔ ایک دن موقعہ پا کر اس کو کہنے لگا تو میرے ساتھ نکاح کر لے۔ اس نے کہا نکاح تو کر لوں گی لیکن یہ تجھ کو مہنگا پڑے گا۔ کہنے لگا وہ کیسے؟ اس خارجن نے کہا اوّل یہ کہ رقم تین ہزار دینار۔ دوم یہ کہ علی رضی اللہ عنہ کا قتل۔ اس نے کہا رقم کی بات تو ہوئی لیکن یہ تم نے کیوں کہا۔ کہنے لگی میرے بہت سے رشتہ داروں کو علی نے جنگ نہروان میں قتل کر ڈالا ہے میں چاہتی ہوں کہ اس شخص کو مار دیا جائے۔ کہنے لگا کوئی بات نہیں تو نے بھی میرے دل کی ناپاک کوشش کو بیان کر دیا میرا بھی یہی ارادہ ہے۔ عورت نے کہا بس پھر تجھ کو وہ کامیابی حاصل ہو گی

(۱) مستدرک، ۱:۱۴۱ (۲) الاستیعاب، ۲:۴۸۳ (۳) شمس، ۴:۱۲۷۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جوتم چاہتے ہو۔ جب تک تم اس کو قتل نہ کر ڈالو۔ پھر تجھ کو رقم نقد بھی کم کر دوں گی۔ اس پر اس نے عورت سے پختہ اقرار کر لیا۔ اور تلوار خرید کر زہر میں بجھالی۔ (۱)

کس قدر یہ بدنصیب ہوا جو کہ اس عظیم شخصیت کے قتل پر آمادہ ہو گیا۔ خود حضورِ اقدس ﷺ نے بھی فرمایا ہے کہ اے میرے علی رضی اللہ عنہ ایک بدبخت وہ ہے جس نے سیّدنا صالح علیہ الصلوۃ والسلام کی اونٹنی کی کونچیں کاٹی تھیں اور دوسرا بدبخت وہ ہے جو تیرے سر کی کنپٹی پر تلوار کا وار کرے گا اور وہ تلوار زہر آلود جب تم کو لگے گی تو میں دیکھ رہا ہوں کہ تیرا یہ چہرہ مبارک اور داڑھی مبارک خون سے تر بتر ہو جائے گی۔ (۲)

## قبل از وقت جامِ شہادت کی تیاری اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

جس ماہِ رمضان المبارک میں سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے شہید ہونا تھا اس مہینہ میں اوّل روز سے آپ کا دستور رہا کہ ایک شب سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ اور دوسری شب سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس رہتے اور ایک شب عبداللہ ابنِ جعفر کے پاس گزارتے۔ اور افطاری وسحری میں تین لقموں سے زیادہ نہ کھاتے۔ جب آپ سے پوچھا جاتا حضور اتنا کم کیوں کھاتے ہیں یہ تو نہ کھانے کے برابر ہے۔ تو امام الائمہ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے یہ محبوب ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کے حضور جاؤں تو پیٹ خالی ہو۔

یہاں تک کہ جب وہ دن نزدیک آنے والا تھا جس روز اس ہادیٔ انام نے اپنے خالقِ حقیقی سے ملنا تھا تو آپ کو کہا گیا آپ کچھ نہ کچھ تو کھایا کریں۔ ارشاد فرمایا: هِيَ لَيْلَةٌ اَوْ لَيْلَتَانِ۔ کوئی بات نہیں اب تو ایک دو رات کا معاملہ رہ گیا ہے۔ جس رات کی صبح کو آپ نے شہید ہونا تھا۔ اس رات بار بار گھر سے باہر نکل کر آسمان کی طرف نظر فرماتے تو زبان سے یہ جملہ استعمال فرماتے واللہ یہ تو وعدہ کی وہی رات ہے جب سحری ہوئی تو فرزند دلبند نورِ نظر امام حسن رضی اللہ عنہ سے فرمایا بیٹا آج میں نے سیّدِ دو جہاں تمہارے نانا جان علیہ الصلوۃ والسلام کو دیکھا ہے آپ فرما رہے تھے کہ اے علی اس امت سے تم کو آرام نہیں ملا۔ ان کے حق میں دعا کرو میں نے پھر یوں دعا کر دی ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَبْدِلْنِيْ بِهِمْ مَنْ هُوَ خَيْرًا مِنْهُمْ وَاَبْدِلْهُمْ بِيْ مَنْ هُوَ شَرٌّ مِنِّيْ (۳)

اے اللہ مجھے اس کے بدلے بہتری عطا فرما اور انہیں میرے بدلے برا دے۔

اب نمازِ فجر کی مسجدِ کوفہ سے اذان ہوئی اور آپ حسب معمول گھر سے نکلے اور لوگوں کو نماز کے لیے پکارتے ہوئے چل رہے تھے کہ راستہ میں کچھ بطخیں آپ کے سامنے آ کر زور سے چلا چلا کر منہ مارتی دیکھی گئیں۔ ہم ان کو ہٹانے لگے تو حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ان کو نہ ہٹاؤ۔

## سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادتِ عظمیٰ:

یہاں تک کہ سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم جامع مسجد کوفہ میں تشریف لے آئے اور وہی ملعون عبدالرحمٰن ابنِ ملجم خارجی چھپا ہوا تھا آپ اس کے آگے سے ہو کر گزرے آپ نے مسجد کے اندر ایک طرف جا کر نمازِ سنتِ فجر مؤکدہ کی نیت فرمالی اور نمازِ سنت کی ایک رکعت ادا فرما چکے تھے کہ جب دوسری رکعت بحالتِ قیام پڑھ رہے تھے تو ظالم نے اچانک پیچھے سے دائیں جانب زہر آلود تلوار اس قدر زور سے ماری کہ آپ کے سر مبارک اور کنپٹی کو کاٹ کر رکھ دیا اور خون کا فوارہ حضرت کے دامنِ اقدس کو ایسا رنگین کر گیا کہ

(۱) الکامل، ۳:۱۶۸ (۲) البدایہ، ۶:۲۱۸ (۳) الکامل فی التاریخ، ۳:۲۵۵

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سیّد السادات شہنشاہِ ولایت، بابِ مدینۃ العلم، فاتحِ خیبر، حیدرِ کرّار، ہادیٔ انام، امیر المؤمنین خون میں نہا گئے۔ یہ حشر دیکھنا تھا کہ لوگ جلدی سے حضرت کو سنبھالنے لگے اور اس سانحۂ عظیم کے صدمہ سے دھاڑیں مار مار کر رو پڑے اور کچھ لوگوں نے ملعون خارجی کو پکڑے رکھا تا کہ یہ بھاگ نہ جائے۔ (۱)

جامع مسجد کوفہ سے سرکار مولائے کائنات کے اس حملہ سے وہ آہ و بکاہ بلند ہوئی کہ لوگ روتے اور گھبرائے ہوئے جامع مسجد میں آ گئے اور جونہی یہ خبر سرکار مولائے کائنات کے شہزادے سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ اور سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو ہوئی تو وہ بھی روتے ہوئے جم کثیر سے گزر کر جونہی خون میں نہائے ہوئے اپنے شفیق باپ کے پاس پہنچے تو یَا اَبَتَاہُ یَا اَبَتَاہُ کی دلگداز صدائیں بلند کیں۔ اپنے باپ معظم کے قدموں کو بوسے دیتے ہوئے لپٹ گئے اس منظرِ بے کسی نے اہالیانِ کوفہ کے دل پاش پاش کر دیے۔

اسی زخم کاری اور خون میں تر بتر سرکار سیّد السادات رو پڑے۔ اور زبانِ اقدس سے فرمایا: میں اس لیے نہیں رو رہا کہ مجھے موت کا خوف ہے بلکہ اس لیے رو رہا ہوں کہ مجھے میرے آقا و مولا سرکار محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یاد آ گئے ہیں اور ان کے وہ الفاظ کہ اے علی رضی اللہ عنہ جب بد بخت تجھ پر حملہ کرے گا تو تیرا چہرہ اور داڑھی خون سے تر ہو جائے گی اور تو اس وقت کس حال میں ہو گا اور ساتھ ہی فرمایا دنیا میں ایک بد بخت وہ تھا۔ جس نے سیّدنا صالح علیہ الصلوٰۃ والسلام جیسے جلیل القدر نبی علیہ السلام کی اونٹنی کی کونچیں کاٹی تھیں اور اے علی رضی اللہ عنہ دوسرا بد بخت وہ ہے جو تجھ پر زہر آلود تلوار سے حملہ کرے گا۔ (۲)

پھر آپ نے اشارہ فرمایا میں تم سے کہا کرتا تھا بلکہ اس کو بھی کہا کرتا تھا کہ یہی میرا قاتل ہے کیا تم لوگوں کو یاد ہے؟ سب لوگوں نے عرض کیا ہاں یاد ہے۔ فرمایا یہ بد بخت مجھ سے بڑی محبت کے دعوے کیا کرتا تھا اور ہر مشکل و تنگدستی کے موقع پر مجھ سے مدد لیتا تھا اور میں کہا کرتا تھا اے الٰہی! عجب بات ہے کہ میں اس کا بھلا کرتا ہوں اور یہ میرے قتل کا دل میں ارادہ رکھتا ہے۔ چنانچہ دیکھ لو آج وہی ہو کر رہا ہے۔

شہنشاہِ عدل و انصاف خلیفۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مولائے کائنات رضی اللہ عنہ ایک طرف تو اس حال میں ہیں اور دوسری طرف فرماتے ہیں۔
بیٹا حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ نمازِ فجر کی جماعت کا وقت ہو گیا ہے مجھے چھوڑ دو اور نماز با جماعت ادا کرو (۳)
نمازِ فجر سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ نے پڑھائی اور لوگوں نے نماز پڑھی دیکھا کہ خون میں بھرے اور زخم کاری جس پر کپڑا باندھا ہوا تھا اسی حال میں سرکار مولا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نمازِ فجر پڑھ رہے ہیں۔ امامِ زمانہ جب نماز پڑھ چکے تو آپ نے کہا: فُزْتُ بِرَبِّ الْکَعْبَۃِ۔ فُزْتُ بِرَبِّ الْکَعْبَۃِ۔ اے اللہ تیرا شکر ہے میں کامیاب ہو گیا ہوں۔ ربِّ کعبہ کی قسم میں کامیاب ہو گیا ہوں۔ اور میں اس حال میں تیرے پاس آ رہا ہوں کہ تو خوش ہو گا اور میرے آقا و مولیٰ خوش ہوں گے جب اس خون میں لت پت حاضر ہوں گا اس سے بڑھ کر میری خوش نصیبی اور کیا ہو سکتی ہے۔ (۴)

اور ادھر حسنین کریمین رضی اللہ عنہما دامنِ اقدس سے لپٹے اور ادھر ہجوم حضرت کے اردگرد رو رہا ہے۔

دلہا تمام، آتشِ حسرت کباب شد
جانہا اسیر سلسلۂ اضطراب شد

(۱) تا (۴) مناقب اسد اللہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

لب تشنگان بالا بہ اشتیاق را
دریائے بحرِ صبر سلامت سراب شد

سرکار سیّد السادات کو جب حسنین کریمین رضی اللہ عنہما اور لوگ گھر لے کر آئے تو سیّد زادیوں کے جگر اپنے عظیم باپ کے اس صدمہ سے پاش پاش ہیں۔ تمام فرزندگان اور شہزادیاں اور سیّدہ زینب رو رہی ہیں گویا کہ نبی کے گھرانے والوں کی گریہ وزاری پر آسمان اور زمین رو رہے ہیں۔ (۱)

سب شہزادیاں اور شہزادے اور بہن اور اولاد و امجاد سرکار مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کے دامنِ اقدس سے لپٹ گئے اور پاؤں مبارک کو بوسہ دیتے ہوئے گر گئے۔ (۲)

ابا جان آپ کے بعد ہمارا کون ہوگا۔ غریبی و یتیمی و بے وطنی ہم پر آ گئی۔ سرکار نے فرمایا تمہارے ساتھ اللہ تعالیٰ ہے لہٰذا صبر کرو۔ ہمیشہ زندہ رہنے والی ذات اللہ کی ہے۔ جس دنیا نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ وفا نہ کی وہ علی سے کیا وفا کر سکتی ہے؟ مگر میں خوش ہوں کہ علی رضی اللہ عنہ کی زندگی بھی اللہ کے لیے اور موت بھی اللہ کے لیے ہوئی۔ مجھے افسوس ضرور ہے کہ میں دشمنوں میں تم کو چھوڑ کر جا رہا ہوں۔ لیکن قدرت نے جو لکھ دیا ہے وہ ہو کر رہنا ہے قُلْ لَنْ يُصِيبَنَا إِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا لیکن یاد رکھنا میرے بعد اگر تم پر دنیا کے پہاڑ ٹوٹ آئیں تو بھی اسلام پر قائم رہنا اور جان دے دینا اس کی راہ میں جو تکالیف آئیں خوشی سے قبول کرنا اور مصیبتوں پر صبر کرنا اور اپنے جدِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین پر داغ نہ آنے دینا۔ (۳)

سب کو گلے لگایا اور بوسے دیے اور صبر کی تلقین کے ساتھ رات کو زیارت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر فرمایا اور فرمایا کیا تم خوش نہیں کہ خالقِ حقیقی کے محبوبِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے یاد کر لیا ہے اور میں ان کے پاس جا رہا ہوں۔

تھوڑی دیر کے بعد عمرو بن لقمان جراح اجازت لے کر حاضر ہوئے جونہی کپڑا اتار کر دیکھا تو کہا یہ زخم زہر آلود تلوار کا ہے یہ زخم مرہم پذیر نہیں ہو سکے گا، مرہم کرنے کے باوجود اس کا درست ہونا ناممکن ہو گیا ہے۔ (۴)

دریغ چونتو مقتدائے و داع چونتو پیشوائے
دریغ چونتو عالمے دریغ چونتو خاکے
دریغ چونتو امیرے دریغ چونتو امامے
برائے شرع مشیر برائے ملک نظامے

سرکار مولائے کائنات رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہمارا رہنا ناممکن ہو گیا ہے اس لیے زخم کا درست ہونا کیسے ممکن تھا۔

اتنا فرمانا تھا کہ پھر سرکار کے تمام بیٹے اور بیٹیوں نے رونا شروع کر دیا۔ پھر آپ نے تسلی و تشفی دی اور فرمایا میری آخری وصیتیں سن لو۔ آپ نے تمام آخری وصیتیں فرما دیں۔ جب بیٹیوں کو وصیت فرما چکے تو سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کو علیحدہ وصیت فرمائی اور پھر سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو وصیتیں فرمائیں اور واقعۂ کربلا پر ثابت قدم رہنے کی تلقین فرمائی اور فرمایا میرے بعد جو کچھ ہونے والا ہے تم جانتے ہو سب کچھ آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں۔ جیسا کہ تم کو کئی مرتبہ بتا چکا ہوں۔ (۵)

(۱) تا (۵) مناقب اسد اللہ والجواہر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سب نے زار و قطار رونا شروع کر دیا۔ سیّدنا مولا علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا خاموش ہو جاؤ میرے دل کو تکلیف ہوتی ہے میری ام کلثوم رضی اللہ عنہا نہ رو۔ اے زینب رضی اللہ عنہا نہ رو۔ کیا تم اس بات پر خوش نہیں جو اللہ کو پسند ہے پھر فرمایا اچھا علی رضی اللہ عنہ کا آخری سلام ہو اے میرے گھر والو۔ اب نہ رونا میں جا رہا ہوں وہ دیکھو کون عظیم ہستیاں آ رہی ہیں۔

قَالَ هٰذِهِ الْمَلٰئِكَةُ وَالنَّبِيُّوْنَ وَهٰذَا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَلِيٌّ بَشِّرْ فَمَا تَصِيْرُ اِلَيْهِ خَيْرٌ مِّمَّا اَنْتَ فِيْهِ

یہ فرشتوں کی جماعت اور انبیاء کرام علیہ الصلوۃ والسلام کی جماعت اور سرکار محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے ہیں اور فرما رہے ہیں کہ اے علی رضی اللہ عنہ بشارت ہو تم اس سے بہترین مقام کی طرف لوٹ رہے ہو۔ (۱)

جب آپ نے یہ فرمایا تو مقامِ احترام کے پیشِ نظر سب خاموش ہو گئے پھر سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے کوئی کلام نہ فرمایا ثُمَّ لَا تُتَكَلَّمُ اور خاموش ہو گئے اسی حال میں بیتِ علی رضی اللہ عنہ کے چاروں طرف سے غیبی آوازیں بحقِ شانِ علی رضی اللہ عنہ سنائی دیں اور ندا آئی ہٹ جاؤ ہٹ جاؤ۔ سرکار محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جلوہ گر ہوتے ہیں۔ اس کے بعد سرکار مولا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی یہ آواز سنائی دی۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ (۲)

یہ کلمات جاری ہوئے تو دیکھا کہ روحِ علی رضی اللہ عنہ خالقِ حقیقی سے جا ملی پھر کیا ہوا؟ آواز آئی اور حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی ندا آئی۔ میرا بھائی شہید ہو گیا اب اس امت کا کون نگہبان ہو گا۔ جو اس کی سیرت و کردار کی پیروی کرے گا۔ جب آواز ساکن ہوئی تو سب دولت سرائے اقدس والے بھی خاموش ہو گئے کہ اللہ کا پیارا اللہ کو پیارا ہو چکا۔ (۳)

۱۹ رمضان المعظم کو حملہ ہوا تھا ۲۱ رمضان المعظم کے آغاز میں شب کے وقت یہ منبع فیوض و برکات، سیّد السادات، سراج آلِ نبوت، امام المتقین، خلیفۃ الرسول چہارم منصبِ خلافت پر پونے پانچ سال رہ کر عمر مبارک بوقتِ شہادت تریسٹھ سال بموافق عمرِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس دارِ فانی سے دار البقاء میں منتقل ہو گئے۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔

زیں مصیبت جائے انداز د کہ چشم آفتاب
دامن گردوں زعشق گوہر آلاید نجون
لبیک با حکم خدا جاندا افتد رجوع
مرجع دل نیست وَ اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ

پس سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہما اور سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہما نے آپ کو غسل دیا اور حضرت عبداللہ ابنِ جعفر رضی اللہ عنہ پانی دیتے رہے۔ پھر سیّدنا امام حسن علیہ السلام نے چار تکبیرات سے آپ کی نماز جنازہ کوفہ میں پڑھائی اور آپ کی غزنین جواب حضرت کی وجہ سے ہی نجف اشرف کے نام سے مشہور ہے یہ کوفہ سے سات میل کے فاصلہ پر ہے میں تدفین کی گئی۔ (۴)

جب واپس ہوئے تو شہزادے ننگے پاؤں گرتے چلتے آ رہے تھے کہ ایک بڑی جماعت کہیں دور دراز سے آ رہی تھی جب شہزادگان کو دیکھا قدموں میں گر گئے اور رو رو کر اظہارِ افسوس کیا اور کہا آپ ہمارے امیر المؤمنین کو کہاں چھوڑ آئے ہو؟ شہزادے کچھ جواب نہ دے سکے اور رو پڑے۔ (۵)

(۱) شمس، ۴:۱۲۸۴ (۲) الجواہر (۳) مناقب اسد اللہ والجواہر (۴) شمس، ۴:۱۲۸۴ (۵) مناقب اسد اللہ والجواہر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

صاحبِ ذوالفقارِ کو شاہِ دلدل سوار کو
شربیت پر زحسرت غم شہر یار کو
کاریست بس خراب خداوند کار کو
ہفت اختر و چہار گر در مصیبت اند
و حسر تا خلاصہ ہفت چہار کو
از روزگار دولت روزے امید بود
از خوشی کجا شدواں روز گار کو

آخر یہ جماعت روتی ہوئی اور آہ وفغاں کرتی ہوئی حضرت کی قبرِ اطہر پر حاضر ہوئی۔

## ایک درویشِ حق:

لوگوں کا تانتا شب و روز بیتِ علی رضی اللہ عنہ پر اظہارِ تعزیت کیلئے لگا ہوا تھا۔ اس حال میں لوگوں نے خبر دی کہ فلاں جگہ پر ایک شخص کوفہ کے کسی ویران مقام پر بیٹھا رو رہا ہے اور چیخ و پکار کر رہا ہے۔ شہزادوں سے عرض کیا گیا کہ خیال ہے کہ امیر المؤمنین کی داغِ مفارقت پر اس کا حال برا ہو رہا ہے۔ آپ جائیں اور اس کو تسلی دیں۔ سیّدین حسنین کریمین رضی اللہ عنہما وہاں پہنچے تو دیکھا واقعی اس کا برا حال ہے۔ شہزادوں نے آگے ہو کر جونہی اس کو ہاتھ مبارک لگایا تو وہ قدموں پر گر پڑا۔ کہنے لگا آپ سے مجھے وہ بے مثال خوشبو آ رہی ہے جس خوشبو نے مجھے معطر کیا ہے۔ شہزادگان نے فرمایا تم کیوں روتے ہو اپنا حال تو بیان کرو؟ کہنے لگا حال کیا بتاؤں میرا دنیا میں کوئی نہ تھا اور اکیلا تنہائی میں فلاں جگہ رہتا تھا کہ ایک مردِ کامل میرے پاس آتے تھے اور بیٹھتے تھے اور کہتے تھے مسکین کے پاس مسکین آیا ہے۔ درویش کا ہمنشین درویش ہے۔ غریب ہے اور غریب کے ساتھ ہے۔ آج چار روز ہو گئے ہیں کہ وہ مردِ کامل نہیں آیا گرتا چلتا راستہ دیکھتے یہاں آ بیٹھا ہوں۔ شہزادوں نے کہا ہم اسی مردِ کامل کے غریب و یتیم بچے ہیں جن کو چھوڑ کر وہ اللہ کو پیارے ہو گئے صبر کرو اور اس نے کہا صبر جب آئے گا جب مجھے ان کی قبرِ اقدس کے پاس لے چلو۔ شہزادوں نے اس کی خدمت کی اور اس نے ان شہزادوں کی قدم بوسی کی جب قبرِ سیّدنا مولا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس لائے تو قبرِ اطہر کی خاک سے لپٹ گیا اور روتا رہا۔ شہزادوں نے بڑی تسلی دی لیکن۔

نمے دانم چہ کار افتاد مارا — کہ آں دلدار مارا راز نگداشت
دریں پیرانہ آں پیری حزیں را — غریب و عاجز و بے یار بگذاشت

وہ یہی کہتا رہا کہ میں بے سہارا بے یار و مددگار غریب ہوں اب میرا زندہ رہنا مشکل ہے اب میں اسی کے پاس جاؤں گا تو چین ملے گا۔ اور بار بار یہ کہا اے اللہ تو نے مجھے زندگی میں اس کا ساتھ دیا تھا اب بھی مجھے موت دے تا کہ میں ان کے ساتھ جا ملوں۔ ربّ کائنات نے اس درویش حق کی دعا قبول فرمائی اور قبر پر لپٹے ہی اس کی روح پرواز کر گئی وہ درویشِ حق ان کو جا ملے وَاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ کا رنگ ظاہر ہوا۔ شہزادوں نے تجہیز و تکفین و نمازِ جنازہ کے بعد سرکار مولائے کائنات رضی اللہ عنہ کے قریب ہی دفن کر دیا۔ (۱)

(۱) مناقب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## قاتل آگ میں جلا دیا گیا:

سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی تدفین سے فراغت کے بعد لوگوں نے قاتل عبدالرحمٰن ابنِ ملجم خارجی کے ہاتھ پاؤں کاٹے اور ایک ٹوکری میں ڈال کر آگ لگا دی۔ گویا کہ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ پر حملہ کرنے والا قاتل دنیا میں بھی آگ میں جل کر راکھ ہوا اور آخرت کے عذابِ جہنم میں بھی ہمیشہ ہمیشہ کے لیے واصلِ جہنم ہوا۔ اس ملعون نے دنیا کی خاطر دین کی قدر و منزلت نہ کی اور ایسے امامِ عظیم کے قتل کے درپے ہوا کہ نہ اس کی دنیا رہی نہ آخرت رہی دونوں جہان میں واصلِ جہنم ہو گیا۔ (۱)

## مردِ کامل:

سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی شہادتِ عظمیٰ کے بعد سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ نے ایک دردناک خطبہ دیا جس سے جمِ غفیر سرکار سیّد السادات کو یاد کر کے روتا رہا۔ اس خطبہ کا بیان یہ تھا:

يَآاَهْلَ الْعِرَاقِ لَقَدْ كَانَ فِيْكُمْ رَجُلٌ بِالْاَمْسِ قُتِلَ اللَّيْلَةَ وَاُصِيبَ الْيَوْمَ لَمْ يُسْبِقْهُ الْاَوَّلُوْنَ وَلَمْ يُدْرِكْهُ الْاٰخِرُوْنَ اِذَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا بَعَثَهٗ فِيْ سَرِيَّةٍ كَانَ جِبْرِيْلُ عَنْ يَمِيْنِهٖ وَمِيْكَائِيْلُ عَنْ يَسَارِهٖ فَلَمْ يَرْجِعْ حَتّٰى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ۔

اے عراق والو! کل تم میں ایک ایسے مردِ کامل تھے جن کو رات شہید کر دیا گیا اور آج اللہ تعالیٰ کے پاس پہنچ گئے جس سے پہلوں نے نہ سبقت کی اور نہ پچھلے پہنچ سکتے ہیں۔ جب سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم ان کو کسی فوج کی سرداری پر بھیجتے تو جبرائیل اور میکائیل ان کی دائیں بائیں جانب ہوتے جب تک اللہ تعالیٰ ان کو فتح نہ دیتا وہ واپس نہ لوٹتے۔ (۲)

## سرِ آہ:

سیّدہ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو جب خبر ہوئی کہ سیّد السادات شہید ہو چکے۔ یہ خبر سنتے ہی سیّدہ رو پڑیں اور ایک ٹھنڈی آہ لیتے ہوئے فرمایا تَصَنَّعُ الْعَرَبُ مَا تَشَاءُ فَلَيْسَ اَحَدٌ يَنْهٰى۔ اب عرب جو چاہے سو کرے اس کا خصم نہیں رہا۔ (۳)

وَكُلُّ مَنَاقِبِ الْخَيْرَاتِ فِيْهِ
وَحُبُّ رَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَا

ترجمہ: وہ رخصت ہوئے جو خوبیوں والے تھے۔ اور رب العالمین کے رسول کریم علیہ السلام کے ساتھ پیار رکھتے تھے۔

## ذکر القاباتِ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ اقدس سے جو القاباتِ سرکارِ مولائے کائنات رضی اللہ عنہ کو عطا ہوئے وہ یہ ہیں۔

اسد اللہ الغالب، مطلوب کل غالب، سیّد العرب، صدیق الاکبر، امام البرہ، بیضۃ البلد، کرار غیر فرار، یعسوب الدین، امیر المؤمنین، ولی المتقین، امام المتقین، خلیفۃ الرسول، ولی اللہ، امام الاولیاء، سیّد فی الدنیا والآخرۃ، باب مدینۃ العلم۔ المولیٰ۔ اور کنیت بارگاہِ رسالت مآب سے ابوتراب ملی تھی۔

آپ کے القابات تو بہت ہیں لیکن یہاں پر اختصار کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ متذکرہ القابات میں ایک لقب صدیق الاکبر بھی آیا ہے اس کے یہ معنی نہیں کہ صدیق الاکبر دوسرے اصحاب نہیں ہو سکتے۔ (۴)

(۱) الصواعق المحرقہ ۱۳۴ (۲) طبقات ابن سعد ج ۳ ص ۱۳۸، کنز العمال ج ۶ (۳) الاستیعاب، ۲:۴۸۲ (۴) الجواہر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## کوفہ میں سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا مکان اور درسِ قرآن:

جامع مسجد کوفہ کے قریب ہی بیتِ علی رضی اللہ عنہ کے نام سے اب تک وہ مکان شریف ہے۔ یہ گھر جس میں سیّدنا مولیٰ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی سکونت تھی پرانے تاریخی نقشہ پر بنا ہوا ہے مکان نہایت سادہ ہے اور کمرہ ایک ہی ہے اور یہاں پر وہ جگہ مکان کے اندر ہی ہے جہاں سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو غسل دیا گیا اور کفن پہنایا گیا۔ جس کنوئیں سے پانی لے کر حضرت سرکارِ والا کو غسل دیا گیا وہ کنواں بھی موجود ہے۔ مکان کا چھوٹا سا صحن چمنیاں بھی چھوٹی چھوٹی ہیں اس جَلَہ کمرہ ہے جہاں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو آخری ایام میں رکھا گیا اس کی بھی نشان دہی کی گئی ہے۔ سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا مولائے کائنات رضی اللہ عنہ کی شہزادی اسی کمرہ میں کوفہ کی عورتوں کو درسِ تفسیرِ قرآن بھی دیا کرتی تھیں۔ کوفہ آ کر آپ کے پاس ہی رہتیں اور شہادتِ عظمیٰ تک کئی سال تفسیرِ قرآن کا درس فرماتی رہیں گویا یہ بیتِ علی رضی اللہ عنہ بیتِ درسِ تفسیرِ قرآن بھی تھا۔ ایک دن سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا عورتوں کو معمول کے مطابق درسِ قرآن میں سورہ مریم میں کھیعص کی تفسیر بیان فرما رہی تھیں کہ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ آ گئے آپ نے فرمایا اچھا آج کھیعص کی تفسیر بیان کر رہی ہو؟ عرض کیا حضور ابا جان جی ہاں۔ آپ نے فرمایا اے میری نورِ نظر زینب علیہا السلام اس میں بڑے رازوں کا سمندر ہے۔ اور ایک جملہ جو رمزِ خداوندی ہے جس سے ایک مصیبت بھی آشکارہ ہوتی ہے یہ سن کر سیّدہ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔

## سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی وصیت بمتعلق تدفین:

سیّدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے یہ وصیت قبل از شہادت فرما دی تھی کہ جب میں اس دنیا سے رخصت ہو جاؤں تو مجھے فلاں جگہ جو کوفہ سے کچھ فاصلہ پر ہے دفن کرنا۔ وہ جگہ غزنین ہے وہاں پر ایک سفید پتھر ہے اور اس سے نور چمکتا ہے۔ اس کو وہاں سے ہٹا کر دیکھنا اس کے نیچے جگہ گہرائی دار ہو گی اس میں مجھے رکھنا یہ بات آپ نے سیّدنا امام حسن و امام حسین رضی اللہ عنہما کو بتا دی تھی اور یہ بھی فرما دیا تھا کہ مجھے غسل بھی تم دونوں نے دینا ہو گا اور نمازِ جنازہ امام حسن رضی اللہ عنہ کو فرمایا تم نے پڑھانی ہو گی۔ (۱)

## ذکرِ انگشتری سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

ابنِ عساکر نے بحوالہ جعفر بن محمد لکھا ہے کہ حضرت مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی انگشتری چاندی کی تھی اور اس پر نعم القادر کندہ ہوا تھا۔ لیکن عمر بن عثمان رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ آپ کی مہر کی عبارت چاندی کی انگشتری پر الملك لله کندہ تھی۔ (۲)

## مقام شہادت در جامع کوفہ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

جامع مسجد کوفہ جہاں سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو شہید کیا گیا یہ ایک تاریخی مسجد ہے صحن بہت بڑا وسیع ہے چاروں طرف کمرے ہی کمرے ہیں اور ایک بہت بڑا مسافر خانہ بھی ہے۔ مقامِ ابراہیم علیہ السلام، مقامِ جبرائیل علیہ السلام، مقامِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، مقامِ آدم علیہ السلام، مقامِ زین العابدین رضی اللہ عنہ، کئی ناموں سے چھوٹے چھوٹے چبوترے بنے ہوئے ہیں۔ کہا گیا ہے کہ یہاں پر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام نے نمازیں پڑھی ہیں وہ نشانات دیے گئے ہیں مشہور ہے نبیوں کی جائے نماز صحن کے درمیان ایک لوہے کے سریوں سے گول حلقہ بنا ہوا ہے کہا جاتا ہے کہ سیّدنا نوح علیہ السلام کے زمانہ میں اس جگہ وہ تنور تھا جس سے پانی کے چشمے پھوٹے تھے۔ پھر

(۱) المناقب (۲) تاریخ للسیوطی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ایک چبوترہ بنا ہوا ہے کہا جاتا ہے کہ یہاں سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ عدالت فرمایا کرتے تھے۔ایک اور جگہ ہے تہہ خانہ اور وہ مقفل ہے کہا جاتا ہے یہاں پر سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے تبرکات ہیں ایک اور تہ خانہ ہے کہا جاتا ہے کہ یہاں سیّدنا نوح علیہ السلام عبادت فرمایا کرتے تھے۔ایک جانب اس مسجد میں سیّدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ شہید در کوفہ کا چاندی کا مزار اور حضرت ہانی بن عروہ رضی اللہ عنہ اور محمد بن علی رضی اللہ عنہما کے مزارات ہیں اور مختار بن عبید ثقفی کی قبر بھی یہیں ہے۔اس مسجد کے برآمدہ میں وہ جگہ بھی ہے جہاں سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو دورانِ نماز شہید کیا گیا یہ مقام زیارت گاہ ہے کہ جس مسجد کے دس مقام پر امام الائمہ کو بحالتِ نماز زہر آلود تلوار ماری گئی۔(۱)

کسے رامیسر نہ شدایں سعادت
بکعبہ ولادت بمسجد شہادت
تائید حق میں پہلی شہادت سیّدنا علی کی ہے
پیغمبری نبی کی ولایت سیّدنا علی کی ہے
مولا بھی محترم ہے ولد بھی ہے محترم
کعبہ ہے اور جائے ولادت علی کی ہے
مولود کعبہ کے لیے اکرم خوب ہے
مسجد میں اللہ اللہ شہادت علی کی ہے
کعبہ سے ابتدا ہے تو مسجد میں انتہا
مرقوم در حرم حکایت علی کی ہے

(۱) تاریخ کوفہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# مزارِ اقدس سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ درنجفِ اشرف

کوفہ کے باہر سات میل کے فاصلہ پر جس جگہ سرکار مولا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو دفن کیا گیا تھا وہاں کسی آبادی کا نام ونشان تک نہ تھا۔ لیکن سرکار مولائے کائنات کی مسکن گاہ قبرِ اطہر کے صدقہ اب اس کو نجفِ اشرف کے مکرم نام سے یاد کیا جاتا ہے اور اس جگہ ایک شاندار پیارا شہر نجفِ اشرف کے نام سے کہلا رہا ہے جس کی آبادی سات ہزار کے قریب ہے۔(۱)

نجفِ اشرف کوفہ سے تو سات میل دور ہے جہاں سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا مزار اقدس ہے۔ لیکن کربلائے معلیٰ سے نجفِ اشرف کا فاصلہ ساٹھ میل ہے۔ جہاں سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا مزارِ اقدس ہے۔(۲)

کربلا معلیٰ سے ایک پختہ سڑک نجفِ اشرف کو جاتی ہے۔ لیکن اردگرد تمام علاقہ ریگستانی وریتلا ہے کوئی سبزہ نظر نہیں آتا دور دراز تک ریت کا سمندر نظر آتا ہے اس راستہ سے دور سے ہی سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے روضۂ اطہر کا گنبد دن میں دمکتا اور رات کے وقت بجلی کی روشنی میں چمکتا نظر آتا ہے۔ گنبد پر سونا بندھا ہوا ہے اور مزارِ اقدس کے اندر بھی سونے اور چاندی اور شیشوں سے مرصع کاری جو سونے پر سہاگہ ہے۔ چمک اور دمک سے آنکھیں خوش ہوجاتی ہیں دروازے جالیاں، چوکھٹیں سب سونے اور چاندی سے بھرپور ہیں اور پھر ہیرے وجواہرات بھی ہیں اور قبرِ اطہر پر اس شان کی میناکاری اور گلکاری اور نقش نگاری کی ہوئی ہے کہ دل خوش ہوجاتا ہے سونے چاندی کی قندیلیں لٹکی ہوئی ہیں اور دیواروں پر شیشوں اور چینی سے گلکاریاں ہیں۔ آفتابِ ہدایت، شہنشاہِ ولایت کی قیام گاہ ہرزن، صبی وبالغ کے لیے صبح وشام فیوض وبرکات کا مرکز ہے اور آفتابِ ہدایت وشہنشاہِ ولایت سبھی کو اپنی نورانی عرفانی تجلیات سے مستفیض فرمارہے ہیں۔ آج تک جتنے سلاسل ہیں سب اسی مرکز سے وابستہ ہیں اور وہی روشنی اس مرکزِ عالیہ سے چل رہی ہے۔ جیسا کہ تفصیلی ذکر ہوچکا ہے۔

(۱) تاریخ الکوفہ (۲) تاریخ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# شجرۂ طیبہ

## آلِ حیدرِ کرار، ازواج وابناو بناتِ کرام رضی اللہ عنہم

| نمبر شمار | نام اہلیہ | بیٹے | بیٹیاں |
|---|---|---|---|
| ۱ | سیّدۃ نساء العالمین حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا | حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ | حضرت زینب رضی اللہ عنہا، حضرت امِ کلثوم رضی اللہ عنہا |
| ۲۔ | ام البنین بنتِ حرام بن خالد (از بنی ہوازن) | عمر، عباس، جعفر، عبید اللہ عثمان | حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا، میمونہ ام جعفر رضی اللہ عنہ |
| ۳ | لیلیٰ بنتِ مسعود (از بنی تمیم) | حضرت عبید اللہ و ابوبکر رضی اللہ عنہما | حضرت زینب الصغریٰ رضی اللہ عنہا، رملۃ الصغری رضی اللہ عنہا |
| ۴ | اسماء بنتِ عمیس (الخثمیہ) | حضرت عون، یحییٰ رضی اللہ عنہما | حضرت فاطمہ، امامہ، خدیجہ رضی اللہ عنھن |
| ۵ | امامہ بنتِ ابوالعاص (از بطنِ سیّدہ زینب) | حضرت محمد، اوسط رضی اللہ عنہما | ..... |
| ۶ | خولہ بنتِ جعفر بن قیس ..... | حضرت محمد حنفیہ، محمد اکبر رضی اللہ عنہما | ..... |
| ۷ | امِ سعید بنتِ عروہ بن مسعود ثقفی | محسن رضی اللہ عنہ | حضرت امِ الحسن، رملۃ الکبری رضی اللہ عنہما |
| ۸ | امِ حبیبہ بنتِ ربیعۃ ثعلبیہ | حضرت عمر اطراف، عمران رضی اللہ عنہما | حضرت ام الکرام، حضرت رقیہ، ام سلمہ رضی اللہ عنھن |
| ۹ | مسمیاۃ بنت امرالقیس الکلبی | ..... | حضرت جمانہ، حارثہ، نصیر رضی اللہ عنھن |

شہدائے کربلا۔ سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ۔ ۲۔ سیّدنا عباس رضی اللہ عنہ ۳۔ سیّدنا جعفر رضی اللہ عنہ ۴۔ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ ۵۔ سیّدنا محمد رضی اللہ عنہ، ۶۔ سیّدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ۔ ۷۔ سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ

### سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی ازواج وابناء وبنات کا بمعہ اسماء وتعداد بیان:

حضرت سیّدنا مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے انتقال کے بعد آٹھ مزید نکاح فرمائے تھے اس طرح

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

آپ کی کل ازواج کی تعداد نو ہوتی ہے۔

آپ کی کل ازواج کے نام یہ ہیں۔

۱۔ سیّدہ نساء العالمین وسیّدہ نساء اہل الجنت حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا بنتِ سرکار سیّدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

۲۔ ام البنین بنتِ خرام بن خالد رضی اللہ عنہا

۳۔ لیلیٰ بنتِ مسعود از بنی تمیم رضی اللہ عنہا

۴۔ اسماء بنتِ عمیس رضی اللہ عنہا

۵۔ امامہ بنتِ ابوالعاص رضی اللہ عنہا

۶۔ خولہ بنتِ جعفر بن قیس رضی اللہ عنہا

۷۔ ام سعید بنتِ عروہ بن مسعود رضی اللہ عنہا

۸۔ ام حبیبہ بنتِ ربیعہ رضی اللہ عنہا

۹۔ مسمیاۃ امراء القیس رضی اللہ عنہا

آپ کے کل بیٹے اٹھارہ تھے جن کے نام یہ ہیں:

۱۔ سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ

۲۔ سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ

۳۔ سیّدنا عمر رضی اللہ عنہ

۴۔ سیّدنا عباس رضی اللہ عنہ

۵۔ سیّدنا جعفر رضی اللہ عنہ

۶۔ سیّدنا عبید اللہ رضی اللہ عنہ

۷۔ سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ

۸۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ

۹۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ

۱۰۔ حضرت عون رضی اللہ عنہ

۱۱۔ حضرت یحییٰ رضی اللہ عنہ

۱۲۔ حضرت محمد رضی اللہ عنہ

۱۳۔ حضرت اوسط رضی اللہ عنہ

۱۴۔ حضرت محمد حنفیہ رضی اللہ عنہ

۱۵۔ حضرت محمد اکبر رضی اللہ عنہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۱۶۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ
۱۷۔ حضر تحسن رضی اللہ عنہ
۱۸۔ حضرت عمران رضی اللہ عنہ

آپ کی کل بیٹیاں اٹھارہ تھیں جن کے نام یہ ہیں۔

۱۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا
۲۔ حضرت امِ کلثوم رضی اللہ عنہا
۳۔ حضرت امِ ہانی رضی اللہ عنہا
۴۔ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا
۵۔ حضرت امِ جعفر رضی اللہ عنہا
۶۔ حضرت زینب الصغریٰ رضی اللہ عنہا
۷۔ حضرت رملۃ الصغریٰ رضی اللہ عنہا
۸۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا
۹۔ حضرت امامہ رضی اللہ عنہا
۱۰۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا
۱۱۔ حضرت امِ الحسن رضی اللہ عنہا
۱۲۔ حضرت رملۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا
۱۳۔ حضرت امِ الکرام رضی اللہ عنہا
۱۴۔ حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا
۱۵۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا
۱۶۔ حضرت جمانہ رضی اللہ عنہا
۱۷۔ حضرت حارثہ رضی اللہ عنہا
۱۸۔ حضرت نصیر رضی اللہ عنہا (۱)

## سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی اولاد و ازواج کے احوال:

حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی زوجہ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے بطنِ اقدس سے حضرت حسن رضی اللہ عنہ، حضرت حسین رضی اللہ عنہ، حضرت زینب رضی اللہ عنہا، حضرت امِ کلثوم رضی اللہ عنہا پیدا ہوئے۔ یعنی دو بیٹے اور دو بیٹیاں۔ حضرت زینب بنتِ علی رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت عبد اللہ ابنِ جعفر سے ہوا۔ ان کے ہاں عون رضی اللہ عنہ، محمد رضی اللہ عنہ، عباس رضی اللہ عنہ، ام کلثوم رضی اللہ عنہا چار بچے پیدا ہوئے یعنی تین بیٹے اور ایک بیٹی پیدا

(۱) تاریخ الائمۃ العظام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہوئی۔ان میں سے دو بیٹے جو جوان تھے کربلا میں شہید ہوئے۔دوسری بیٹی علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی ام کلثوم رضی اللہ عنہا ان کا نکاح سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے ہوا۔ان سے ایک بیٹی رقیہ رضی اللہ عنہا اور بیٹا زید رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے۔حضرت زید بن عمر فاروق رضی اللہ عنہما از بطنِ ام کلثوم رضی اللہ عنہا بنتِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا جس روز انتقال ہوا اسی روز ام کلثوم رضی اللہ عنہا بنتِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا۔(۱)

حضرت ام البنین رضی اللہ عنہا زوجہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ جو بنی ھوازن سے تھیں ان کے بطن سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ، عباس رضی اللہ عنہ، جعفر رضی اللہ عنہ، عبید اللہ رضی اللہ عنہ، عثمان رضی اللہ عنہ پانچ بیٹے اور تین بیٹیاں پیدا ہوئیں یعنی ام ہانی رضی اللہ عنہ، میمونہ رضی اللہ عنہ، ام جعفر رضی اللہ عنہ۔یعنی آپ کی اس زوجہ کے بطن سے آٹھ اولاد امجاد ہوئیں۔ان میں سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ، عباس رضی اللہ عنہ، جعفر رضی اللہ عنہ، عثمان رضی اللہ عنہ، عبید اللہ رضی اللہ عنہ، میدان کربلا میں شہید ہوئے۔

حضرت لیلیٰ بنتِ مسعود زوجہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ جو بنی تمیم سے تھیں ان کے بطن سے حضرت عبد اللہ ابوبکر رضی اللہ عنہ، زینب الصغریٰ رضی اللہ عنہا، رملۃ الصغریٰ رضی اللہ عنہا پیدا ہوئے یعنی دو بیٹے اور دو بیٹیاں پیدا ہوئیں ان میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کربلا میں شہید ہوئے۔

حضرت اسماء بنتِ عمیس زوجہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے بطن سے عون رضی اللہ عنہ، یحییٰ رضی اللہ عنہ، فاطمہ رضی اللہ عنہا امامہ رضی اللہ عنہا، خدیجہ رضی اللہ عنہا پانچ بچے پیدا ہوئے۔دو بیٹے اور تین بیٹیاں۔

حضرت امامہ بنتِ ابوالعاص زوجہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے بطن سے محمد رضی اللہ عنہ اور اوسط رضی اللہ عنہ دو بیٹے پیدا ہوئے۔

حضرت خولہ بنتِ جعفر بن قیس زوجہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے بطن سے محمد رضی اللہ عنہ، حنفیہ رضی اللہ عنہ اور محمد اکبر رضی اللہ عنہ دو بیٹے پیدا ہوئے۔

حضرت ام سعید بنتِ عروہ بن مسعود ثقفی زوجہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے بطن سے محسن رضی اللہ عنہ، ام الحسن رضی اللہ عنہا، رملۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا یعنی ایک بیٹا اور دو بیٹیاں پیدا ہوئیں۔

حضرت ام حبیبہ بنتِ ربیعہ زوجہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے بطن سے حضرت عمر اور حضرت عمران رضی اللہ عنہ، ام الکرام رضی اللہ عنہا، رقیہ رضی اللہ عنہا ام سلمیٰ رضی اللہ عنہا یعنی دو بیٹے اور تین بیٹیاں پیدا ہوئیں۔

حضرت مسمیاۃ بنتِ امرء القیس الکلبی زوجہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے بطن سے جمانہ رضی اللہ عنہا، حارثہ رضی اللہ عنہا، نصیر رضی اللہ عنہا، تین بیٹیاں پیدا ہوئیں۔(۲)

اس مذکورہ اولاد میں سے جو آپ کے اٹھارہ بیٹے تھے ان میں سے پانچ بیٹے سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی ظاہری زندگی میں انتقال فرما چکے تھے اور بوقتِ شہادت آپ کے تیرہ شہزادے بحیات موجود تھے ان تیرہ شہزادوں میں سے سات شہزادے بمع سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ میدان کربلا میں شہید ہوئے جبکہ باقی چھ شہزادوں میں سے بھی دنیا میں نسل جاری ہے۔

## اسمائے گرامی ابنائے اکرام سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ، شہدائے کربلا رضوان اللہ علیہم اجمعین

۱۔ حضرت سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ ابنِ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم از بطنِ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا

۲۔ حضرت سیّدنا عباس ابنِ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم از بطنِ سیّدہ ام البنین رضی اللہ عنہا

۳۔ حضرت سیّدنا جعفر ابنِ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم از بطنِ سیّدہ ام البنین رضی اللہ عنہا

(۱) بخاری، مناقب فاطمہ (۲) الجواہر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۴۔ حضرت سیّدنا عثمان ابنِ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم از بطنِ سیّدہ ام البنین رضی اللہ عنہا
۵۔ حضرت سیّدنا محمد ابنِ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہ الکریم از بطنِ سیّدہ خولہ رضی اللہ عنہا
۶۔ حضرت سیّدنا ابوبکر ابنِ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہ الکریم از بطنِ سیّدہ لیلیٰ رضی اللہ عنہا
۷۔ حضرت سیّدنا عبداللہ ابنِ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہ الکزیم از بطنِ سیّدہ ام البنین رضی اللہ عنہا (۱)

ان سب کی تفصیلی شہادتوں کا ذکر آگے آ رہا ہے کہ میدانِ کربلا میں حیدرِ کرار کے ان شہزادوں نے کس طرح دشمنوں کو واصلِ جہنم کیا اور پھر جامِ شہادت نوش فرمایا۔

## سلسلہ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا بیان

سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی دنیا میں پانچ بیٹوں اور ایک بیٹی سے نسل جاری ہے

۱۔ سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ (۲) سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ ان کا ذکر ان کے علیحدہ علیحدہ بابوں میں بالتفصیل بیان کر دیا گیا ہے۔ اب یہاں پر باقی تین شہزادوں کا ذکر کیا جا رہا ہے۔ حضرت محمد ابنِ الحنفیہ ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ۔ دوسرے حضرت عباس علمبردار رضی اللہ عنہ سقائے اہلِ بیت شہید در کربلا اور تیسرے حضرت عمر رضی اللہ عنہ (اطرف) ہیں۔ اور چھٹی حضرت سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا آپ کی بیٹی ہیں ان سے بھی دنیا میں نسل جاری ہے (۲)

اب یہاں پر مناسب سمجھتا ہوں کہ (۱) حضرت محمد ابنِ الحنفیہ رضی اللہ عنہ (۲) حضرت عباس رضی اللہ عنہ (۳) حضرت عمر رضی اللہ عنہ اطرف اور حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا ذکر کیا جائے۔

### حضرت محمد (ابن الحنفیہ) ابنِ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

ان کی والدہ حضرت خولہ ملقب بہ حنفیہ تھیں۔ قبیلہ الجسیم نے عہدِ صدیقی میں ارتداد کیا تھا۔ یہ جنگ میں اسیر ہو کر آئیں اور سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے نکاح میں آئیں ان کے بطن سے حضرت محمد رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے اور حنفیہ لقب والدہ کی نسبت کی بناء پر مشہور ہوا۔ محمد ابنِ الحنفیہ رضی اللہ عنہ یعنی محمد رضی اللہ عنہ نام اور والدہ حنفیہ رضی اللہ عنہا اور والد سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ۔ ان کو ہی امام حنیف کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ حضرت محمد حنفیہ کی کنیت ابوالقاسم تھی۔ حضرت محمد ابنِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ۸ھ میں پیدا ہوئے تھے اور یکم محرم الحرام ۸۱ھ میں انتقال فرما گئے۔ واقعۂ کربلا کے وقت مدینہ طیبہ میں تھے بوجۂ علالت کے کہیں نہ گئے۔ بعدِ واقعۂ کربلا کافی عرصہ حیات رہے تھے جب انتقامِ یزید و ابنِ زیاد و عمرو بن سعد اور شمر وغیرہا سے لیا گیا تو مختار بن عبید ثقفی نے انہی کی خدمتِ عالیہ میں ان ظالموں کے سر اتار کر بھیجے ان کو قتل کیا اور طرح طرح کی سزائیں دیں۔ حضرت محمد ابنِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ، زہد رضی اللہ عنہ، ریاضت میں اعلیٰ مقام رکھتے تھے۔ لشکرِ مرتضوی کے علم بردار ہر میدان میں یہی ہوا کرتے تھے۔ کسی نے ان سے کہا کہ آپ کے والدِ معظم حسن رضی اللہ عنہ و حسین رضی اللہ عنہ کو جنگوں میں نہیں بھیجتے اور آپ کو ہی سخت سے سخت کام پر مامور کرتے ہیں۔ سیّدنا محمد ابنِ الحنفیہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا وہ میرے ابا جان کی آنکھیں ہیں اور میں ابا جان کا ہاتھ ہوں۔ یعنی وہ علی رضی اللہ عنہ کی آنکھیں ہیں اور میں علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ ہوں۔

حضرت محمد ابن الحنفیہ بن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما کی اولاد کی تعداد ۲۴ ہے جس میں سے ۱۴ نرینہ فرزند تھے تین سے نسل جاری ہے۔

(۱) تا (۲) الجواہر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

آپ کے صاحبزادے ابو ہاشم عبد اللہ بزرگ تابعین میں سے ہیں، آپ کے ایک صاحبزادے جعفر ہیں جو یوم الحرہ کو شہید ہوئے، ان کی اولادِ کثیر موجود ہے اور آپ کے صاحبزادے علی رضی اللہ عنہ کی نسل بھی کثرت کے ساتھ موجود ہے انہی کو کسانیہ امام تسلیم کرتے ہیں۔

## حضرت عباس بن سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

آپ میدانِ کربلا میں علمبردار امامِ ہمام تھے۔ ان کا خطاب سقائے اہلِ بیت بھی ہے۔ ۳۴ سال کی عمر مبارک میں کربلا میں شہید ہوئے تھے۔ ان کی اولاد پاک کا شجرہ اس طرح ہے۔




Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# (اطراف) حضرت عمر ابنِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

آپ حضرت عباس علمبردار رضی اللہ عنہ کے حقیقی بھائی ہیں۔ اختلاف یہ ہے کہ ان میں سے بڑا کون تھا" 77 سال کی عمر شریف میں وصال فرمایا۔ ان کی نسل کا سلسلہ یہ ہے:

## حضرت عمر رضی اللہ عنہ

محمد رضی اللہ عنہ

- عبداللہ رضی اللہ عنہ
- عبیداللہ رضی اللہ عنہ
  - طیب رضی اللہ عنہ
  - علی رضی اللہ عنہ
  - بغداد اور نواحی میں نسل موجود
- عمر رضی اللہ عنہ
  - ابو محمد اسمٰعیل رضی اللہ عنہ
  - ابوالحسن ابراہیم رضی اللہ عنہ
  - ان کی نسل کثیر بلخ اور خراسان میں ہے
- جعفر از بطنِ امِ ولد رضی اللہ عنہما
- احمد رضی اللہ عنہ
- محمد رضی اللہ عنہ
- عیسیٰ المبارک رضی اللہ عنہ
- عیسیٰ الصالح رضی اللہ عنہ

**قاسم ملقب طالقان**

سب کی نسل جاری ہے اور قاسم بن محمد رضی اللہ عنہما کی نسل ملتان میں پائی جاتی ہے۔

حضرت سیّدنا علی رضی اللہ عنہ علم بردار کے باقی تین بھائی کربلا میں شہید ہوئے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ، حضرت عبیداللہ رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# سیّدہ حضرت زینب دختر سیّدنا علی المرتضیٰ کا سلسلۂ اولاد

سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ وسیّدہ فاطمہ طاہرہ رضی اللہ عنہا

- سیّدامام حسن رضی اللہ عنہ
- سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ
- سیّدہ زینب کبریٰ،
- سیّدہ امِ کلثوم رضی اللہ عنہن

- علی الزینبی رضی اللہ عنہ
- عباس رضی اللہ عنہ
- عون رضی اللہ عنہ
- محمد رضی اللہ عنہ

یہ دونوں کربلا میں شہید ہوئے۔

- علی رضی اللہ عنہ
- محمد شعث رضی اللہ عنہ
- عون مثنیٰ رضی اللہ عنہ
- طاہر رضی اللہ عنہ
- قاسم رضی اللہ عنہ
- سالم رضی اللہ عنہ
- امین رضی اللہ عنہ
- شفیع رضی اللہ عنہ
- نصیح رضی اللہ عنہ

← صالح رضی اللہ عنہ

- جعفر رضی اللہ عنہ
- ہادی رضی اللہ عنہ
- مہدی رضی اللہ عنہ
- غالب رضی اللہ عنہ
- طالب رضی اللہ عنہ
- مصطفیٰ رضی اللہ عنہ
- مرتضیٰ رضی اللہ عنہ
- حسن رضی اللہ عنہ

← حسین رضی اللہ عنہ

- آلِ محمد رضی اللہ عنہ
- آلِ علی رضی اللہ عنہ
- نورِ احمد رضی اللہ عنہ

ان سے قفات غزنی کا سلسلہ چلا اور انہی کی نسل کے آدمی ہندوستان میں قاضی کے منصب پر مامور ہوئے۔

حضرت سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا کا بالتفصیل ذکر اسی کتاب کے بابِ زینب میں بمعہ اولادِ امجاد کیا گیا ہے۔ تاریخ الائمہ۔

## حضرت امِ ہانی فاختہ بہن حقیقی سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

حضرت امِ ہانی یا فاختہ رضی اللہ عنہا، سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی حقیقی ہمشیرہ ہیں۔ حضرت سیّدہ فاطمہ بنتِ اسد رضی اللہ عنہا جن کا ذکر میں پہلے باب علی رضی اللہ عنہ کے شروع میں کر چکا ہوں انہی کے بطن سے عمران ابو طالب رضی اللہ عنہ کی تمام اولاد ہوئی۔ طالب رضی اللہ عنہ، حضرت عقیل رضی اللہ عنہ، حضرت جعفر رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ، صحانہ رضی اللہ عنہا، امِ ہانی یا فاختہ رضی اللہ عنہا۔

ام ہانی یا فاختہ رضی اللہ عنہا کا نکاح ہبیرہ بن ابی وھب بن عمرو بن مایذ بن عمران بن مخدوم رضی اللہ عنہم سے ہوا تھا اور حضرت ام ہانی فاختہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے ہانی رضی اللہ عنہ، عمر رضی اللہ عنہ، یوسف رضی اللہ عنہ اور خبدہ رضی اللہ عنہ بچے پیدا ہوئے تھے۔ تین بیٹے اور ایک بیٹی۔ حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کو عام الفتح کے موقعہ پر شرف اسلام کی سعادت نصیب ہوئی۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہبیرہ جس کے ساتھ ان کا نکاح ہوا تھا یہ نجران کو بھاگ گیا تھا اس کے اسلام لانے کی کوئی روایت نہیں مل سکی ہاں ہبیرہ مکہ فرار ہوتے وقت جو اشعار کہے تھے۔ وہ یہ ہیں۔

لعمرك ما وليت ظهری محمداً
واصحابه جبنا ولا خيفة القتل
ولكنی قلبت طرفی فلم أجد
لسيفی مصاه ضربت ولا نبلی
وقفت فلما خفت ضيعة موقفی
فررت العود كا لهذبرالي الشبل

حاصل یہ ہے کہ سچ پوچھو تو میں نے محمد ﷺ اور ان کے اصحاب کے خوفِ قتل سے پیٹھ نہ دی بلکہ میں نے دیکھا کہ میرا کام الٹ گیا اور میری تلوار اور نیزہ کچھ کام نہ بنا سکے۔

اب حضرت سیّدنا عقیل رضی اللہ عنہ و حضرت سیّدنا جعفر برادران علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم کا حال اور حسباً نسباً و اولادِ امجاد کی بعض رشتہ داریوں کا اجمالی ذکر۔ ان میں جو شہیدِ کربلا ہوئے ان کی شہادتوں کا علیحدہ ذکر بالتفصل بابِ شہدائے کربلا میں کیا گیا ہے اور جو کوفہ میں شہید ہوئے ان کا علیحدہ شہادتوں کا بیان کر دیا گیا ہے۔

## برادر علی المرتضیٰ حضرت عقیل ابن عمران (ابوطالب) رضی اللہ عنہم:

آپ طالب رضی اللہ عنہ سے دس برس چھوٹے اور جعفر رضی اللہ عنہ سے دس برس بڑے تھے۔ جنگِ بدر میں دشمنوں کی جانب تھے اور اسیر ہوئے تھے۔ صلح حدیبیہ سے پیشتر اسلام لائے اور غزوۂ موتہ میں شریک ہوئے عقیل رضی اللہ عنہ واقعات اور انساب عرب کے بڑے واقف تھے۔ اس علم میں ان کو امتیازِ خاص تھا نبی علیہ السلام نے ان سے فرمایا تھا:

اِنِّیْ اُحِبُّكَ حُبَّيْنِ حُبًّا لِقرابَتِك وَحُبًّا لِمَا كُنْتُ اَعْلَمُ مِنْ حُبِّ عَمِّی اِيَّاكَ۔ (۱)

میں تم سے دو گونہ محبت رکھتا ہے ایک محبتِ قرابت۔ دوم اس لیے کہ مجھے علم ہے کہ میرے چچا کو تم سے محبت تھی۔

ان کا انتقالِ سلطنتِ معاویہ رضی اللہ عنہ میں ہوا تھا۔ حضرت مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ جو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے نائب ہو کر کوفہ گئے تھے اور بروزِ پنج شنبہ ۹ ذی الحجہ ۵۹ھ کو شہید ہوئے ان ہی کے فرزند ہیں عقیل رضی اللہ عنہ کے دو فرزند محمد و عبدالرحمٰن جعفر رضی اللہ عنہما پوتے عبداللہ بن مسلم محمد بن مسلم رضی اللہ عنہما بھی کربلا میں شہید ہوئے تھے۔

(۱) طبقاتِ ابن سعد، ۴: ۴۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## شجرۂ اولادِ عمران رضی اللہ عنہ

### حضرت عقیل (بن ابی طالب) رضی اللہ عنہ

- **حضرت امام مسلم رضی اللہ عنہ** — شہید در کوفہ
  - **عبداللہ رضی اللہ عنہ** — شہید در کربلا. ان کی والدہ رقیہ بنت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما ہیں
    - **قاسم الجری رضی اللہ عنہ**
    - **علی رضی اللہ عنہ**
    - **طاہر رضی اللہ عنہ**
    - **ابراہیم رضی اللہ عنہ**
    - **عقیل رضی اللہ عنہ** — محدّث ثقہ. ان کی والدہ حمید ہے جو مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی بیٹی ہیں اور ام کلثوم بنتِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما کے بطن سے تھی۔
      - **عبدالرحمن رضی اللہ عنہ**
        - **محمد المرفوع** — ان کی اولاد طبرستان میں ہے بنو المرفوع کے نام سے مشہور ہیں۔
      - **عقیل رضی اللہ عنہ**
      - **قاسم رضی اللہ عنہ** — محمد الانعاریہ۔ بڑی نسل ہے
      - **احمد رضی اللہ عنہ**
      - **عبداللہ**
      - **مسلم رضی اللہ عنہ**
    - **محمد بن ابو محمد عبداللہ رضی اللہ عنہ**
- **حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ** — شہیدِ کربلا
  - **عبدالرحمن رضی اللہ عنہ** — شہید در کربلا
  - **قاسم رضی اللہ عنہ** — شہید در کربلا
  - **ابو محمد عبداللہ بن محمد رضی اللہ عنہما** — امام ترمذی ان سے روایت کرتے ہیں ابنِ حجر نے ۱۴۰ھ کو ان کی وفات تحریر کی ہے۔
- **حضرت محمد رضی اللہ عنہ** — شہیدِ کربلا. ان کے گھر زینب الصغریٰ بنت علی المرتضیٰ تھیں۔

### برادرِ علی المرتضیٰ حضرت جعفر (طیار) ابن عمران (ابوطالب) رضی اللہ عنہم:

حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے حقیقی بھائی ان سے دس سال بڑے قدیم الاسلام تھے اوّل ہجرت حبشہ کی اور وہاں جملہ مہاجرین کے سردار رہے۔ اس ملک میں ان کے ہاتھ سے خوب اسلام کی اشاعت ہوئی۔ بالخصوص اسلام پر جو تقریر انہوں نے حبشہ کے بادشاہ کے دربار میں فرمائی تھی۔ ۷ھ میں حبشہ سے مدینہ تشریف لائے تو نبی علیہ السلام نے فرمایا میں نہیں کہہ سکتا کہ مجھے فتح خیبر کی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

خوشی زیادہ ہے یا کہ قدومِ جعفر کی (باب غزوۂ موتہ بروائتِ حضرت عمر رضی اللہ عنہ) ۸ھ میں جنگِ موتہ میں شہید ہوئے۔ تلوار اور نیزے کے نوے سے زیادہ زخم ان کے سامنے کی جانب موجود تھے دونوں بازو جڑ سے کٹ گئے تھے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

نبی علیہ السلام نے ان کی منقبت میں فرمایا تھا:

اَشْبَہْتَ خَلْقِیْ خُلُقِیْ۔ (۱)

اے جعفر رضی اللہ عنہ تم صورت اور سیرت میں مجھ سے مشابہت رکھتے ہو۔

عمر مبارک بوقتِ شہادت ۴۱ سال تھی۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ مسکین کے حق میں جعفر طیار سب سے بہتر تھے وہ اہلِ صفہ کی خبر رکھتے تھے اور کھانا کھلایا کرتے تھے جو کچھ ان کے گھر میں ہوتا کبھی کبھی وہ ہمارے گھر خوراک کا عکہ (تھیلا) بھی لے آتے جس میں اور کچھ نہ ہوتا ہم اس کو ہی چاٹ لیتے۔ ان کے چار فرزند تھے۔

ایک ان میں سے عبداللہ رضی اللہ عنہ ہیں اور یہ پہلے مولود ہیں جو مسلمانوں کے گھر حبش میں پیدا ہوئے۔ کثرتِ سخاو کرم سے ان کا لقب بحر الجود تھا۔ عبادت گزار بھی حد درجہ کے تھے ۸۰ھ میں بعمر نوے سال مدینہ منورہ میں انتقال فرمایا۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی دختر سیّدہ زینب کبریٰ رضی اللہ عنہا ان ہی کے گھر میں تھیں۔

(۱) تاریخ بغداد، ۱۱: ۱۷۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# شجرۂ اولادِ حضرت عمران جعفر ابنِ (ابی طالب) رضی اللہ عنہم

## حضرت جعفر ابن عمرانِ ابو طالب رضی اللہ عنہ

ابو جعفر عبداللہ الجود رضی اللہ عنہ — عون رضی اللہ عنہ — محمد الاکبر رضی اللہ عنہ — محمد الاصغر رضی اللہ عنہ — حمید رضی اللہ عنہ — حسین رضی اللہ عنہ — عبداللہ الاصغر رضی اللہ عنہ

مساور

عبداللہ رضی اللہ عنہ — قاسم — ان کے نکاح میں ام کلثوم بنت زینب علی المرتضیٰ تھیں۔

معاویہ رضی اللہ عنہ — علی الزینبی رضی اللہ عنہ — اسحٰق العریفی رضی اللہ عنہ — اسماعیل زاید رضی اللہ عنہ — محمد رضی اللہ عنہ — عدی رضی اللہ عنہ — عون رضی اللہ عنہ

ان کی اولاد زینب رضی اللہ عنہا دختر علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ہیں

المتوفی ۱۴۵ھ ابنِ ماجہ میں ایسے روایت ہے۔

شہید کربلا ان کی والدہ خوصاء بنتِ حفصہ ہیں

شہیدِ کربلا ان کی والد جمانہ بنتِ مشیب ا نبی ف یں

شہید کربلا ان کی والدہ ماجدہ بنت القاسم بن محمد بن ابی بکر قاسم اور امام جعفر صادق حالہ زاد بھائی ہیں۔

عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ۱۲۵ھ میں دعویٰ خلافت کیا ۱۲۹ھ میں اسیر ہوئے ۱۳۳ھ میں انتقال فرمایا نسل آئندہ نہیں۔

محمد الادریس رضی اللہ عنہ — اسحاق ملاشرف رضی اللہ عنہ — محمد رضی اللہ عنہ — جعفر رضی اللہ عنہ — قاسم رضی اللہ عنہ

الائیس ابراہیم جعفر السیّد نسل کثیر باقی ہے اور بنو جعفر رضی اللہ عنہ کہلاتے ہیں۔

نسل کثیر باقی ہے

نسل گم

نسل گم

| | |
|---|---|
| مرتضیٰ شیرِ حق اتجع الاشجعین | ساقیٔ سیرو شربت پہ لاکھوں سلام |
| اصلِ نسلِ صفا وجہِ وصلِ خدا | بابِ فضلِ ولایت پہ لاکھوں سلام |
| اوّلین دافعِ اہلِ رفض و خروج | چارمیٔ رکنِ ملت پہ لاکھوں سلام |
| شیرِ شمشیر زن شاہِ خیبر شکن | پرتوِ دستِ قدرت پہ لاکھوں سلام |

(از امام اہلِ سنت الشاہ احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمہ)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

باب ۱۰

# خلیفہء خامس وامام ثانی سیّد الاسخیاء

## حضرت سیّدنا امام حسن بن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما:

آپ کا اسمِ گرامی حسن، کنیت ابو محمد لقب تقی، زکی، سیّد، مجتبیٰ، شبیہ الرسول ہیں۔ آپ کا حسب ونسب آباء وامہات اس طرح ہے۔ **حسن بن علی المرتضیٰ بن ابی طالب بن عبد المطلب بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی۔** آپ کی والدہ ماجدہ خاتونِ جنت حضرت سیّدہ طاہرہ فاطمہ سلام اللہ علیہا بنتِ سرکار سیّدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں یعنی آپ حضور سیّد العالمین علیہ السلام وآلہ الکرام کے نواسے ہیں اسی نسبت خاص کی وجہ سے آپ کو سبط الرسول بھی کہا جاتا ہے ائمہ اثنا عشر میں آپ اپنے والد مولیٰ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے بعد امامِ دوم بھی ہیں۔ اور آپ آخر الخلفاء بالنص بھی ہیں۔ یعنی آپ پر منصوص خلافت ختم ہوگئی۔ (۱)

## ولادت باسعادت:

حضرت سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ ۱۵ رمضان المعظم کی شب مدینہ طیبہ میں پیدا ہوئے، یہ سالِ ولادت ۳ھ تھا محدثین اس بات پر متفق ہیں کہ تاریخِ ولادت یہی تھی۔ لیکن سالِ ولادت میں بعض نے کچھ اختلاف کیا ہے بعض نے ۲ھ اور بعض نے ۳ھ اور بعض نے ۴ھ لکھا ہے لیکن کثیر جماعت اکابرین نے ۳ ہجری لکھا ہے اور یہی صحیح ہے۔

## اسمِ مبارک کا انتخاب وخواص:

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے دریافت فرمایا:

کہ تم نے اس فرزند کا کیا نام رکھا ہے؟ عرض کیا یا رسول اللہ میری کیا مجال ہے کہ آپ کے بے اذن واجازت نام رکھنے میں سبقت کرتا۔ آپ مختار ہیں جو نام چاہیں وہ رکھیں۔ دوسری روایت میں ہے کہ آپ کچھ دیر خاموش رہے یہاں تک کہ جبرائیل علیہ السلام آئے اور انہوں نے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے سلام ہے اور اسی کی طرف سے یہ پیغام ہے کہ اس فرزند کا نام حسن رکھا جائے۔ پس حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے اس نواسے کا نام حسن رضی اللہ عنہ رکھا۔ (۲)

---

(۱) الجواہر، اشعۃ اللمعات۔ نور الابصار۔ تاریخ آئمہ۔

(۲) طبقات ابنِ سعد

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کا نام جب حسن ہوا تو حسن حُسن سے ہے۔ جس کے معنی خوبصورتی و جمال کے ہیں۔ یعنی دل کش، خوبصورت، جمیل، خوشنما اور اسی نام کے باطنی معنی یہ ہیں کہ حسن صرف ظاہری حسن و جمال کا کمال ہی نہیں بلکہ اس سے بڑھ کر جمالِ باطنی اور حُسنِ معنوی ملحوظ تھا۔ اسی طرح حسن نام احسان سے مشتق ہے اسی لیے سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کے امتیازات میں احسان ایک ان کی امتیازی صفت ہے۔ خلق حسن شہرہ آفاق اور اخلاق باطنی جمال ہے آپ جس طرح ظاہری شکل وصورت کے لحاظ سے حسین تھے اس سے بڑھ کر باطنی حسن و جمال میں بھی آپ کو کمال حاصل تھا(۱)

## لعابِ دہن و آدائے عقیقہ از مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے اس نواسے حضرت سیّدنا امام حسن کی ولادتِ طیبہ پر اپنی بیٹی سیّدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے گھر تشریف لائے تو آپ نے فرمایا: اسماء بنتِ عمیس میرے فرزند کو لاؤ۔ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے ایک زرد رنگ کے کپڑے میں ملبوس کر کے آپ کی خدمتِ اقدس میں پیش کر دیا۔ حضورِ سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ کے داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر کہی اور آپ کی ولادتِ طیبہ کے ساتویں روز آپ کا عقیقہ کیا گیا اور آپ کے سر مبارک کے بال منڈوائے اور حکم دیا کہ ان بالوں کے ہم وزن چاندی خیرات کی جائے۔ سیّدنا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ آپ نے عقیقہ کرنے کے وقت یہ دعا فرمائی:

اَللّٰھُمَّ عَظْمُھَا بِعَظْمِہٖ وَلَحْمُھَا بِلَحْمِہٖ وَدَمُھَا بِدَمِہٖ وَ شَعْرُھَا بِشَعْرِہٖ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا وَقَاءً لِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ۔ (۲)

اے میرے اللہ اس کی ہڈی بعوض مولود کی ہڈی کے ہے اور اس کا گوشت بعوض اس کے گوشت کے ہے اور خون اس کا بعوض اس کے خون کے ہے اور بال بعوض اس مولود کے بال کے ہیں۔ اے اللہ اس قربانی عقیقہ کو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اس کی آل کے لیے بچانے والا بنا۔

اور ساتویں روز ہی آپ نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کا ختنہ بھی کیا یہ تمام کام خود بنفسِ نفیس حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمائے۔ دوسری روایت میں یوں بھی آیا ہے کہ آپ نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی ولادت سے پہلے حضرت امِ سلمہ رضی اللہ عنہا اور حضرت اسماء بنتِ عمیس رضی اللہ عنہا کو حکم دیا کہ تم نے میری بیٹی فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس رہنا ہے اور جب ان کے ہاں بچہ پیدا ہو جائے تو مجھے خبر دے دینا۔ میرے آنے تک کوئی کام نہ کرنا۔ سب کام میں خود کروں گا۔ چنانچہ آپ آئے اور سب کام خود کئے۔ اور پھر اپنا لعاب دہن اقدس حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے منہ مبارک میں ڈالا اور پھر یہ دعا فرمائی۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُعِیْذُہٗ بِکَ وَ ذُرِّیَّتَہٗ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ (۳)

اے اللہ میں اس کو بھی تیری پناہ میں دیتا ہوں اور اس کی اولاد کو بھی اس شیطان کے شر سے بچا جو تیری بارگاہ سے راندہ گیا ہے۔

## زمانۂ طفولیت:

حضرت سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ چھ سال اور چار مہینے اپنے نانا جان حضور سرکارِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سایۂ عاطفت میں رہے اور سات سال سیّدہ حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا جیسی طاہرہ ماں کی آغوش کے زیرِ تربیت رہے اور تقریباً عرصہ ۳۷ سال اپنے والد بزرگوار سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے فیوض و برکات سے مستفیض رہے ظاہر ہے کہ ایسی پاکیزہ آغوشوں میں پرورش فرمانے والے امام جلیل میں یقیناً وہی تاثیر ہوگی جو ان عظیم ہستیوں میں ہے۔ (۴)

(۱) نورالابصار۔ النجم (۲) تذکرۃ الہمام (۳) نورالابصار (۴) سوانح کربلا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## شباہتِ رسولِ مقبول ظاہر و باطن اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ:

اکثر روایاتِ صحیحہ میں موجود ہے کہ حضرت سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کا حُسن و جمال اپنے نانا جان حضور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مشابہ تھا۔ صحیح بخاری میں حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔

صَلَّى اَبُوْبَكْرٍ الْعَصْرَ فَخَرَجَ يَمْشِيْ وَ مَعَهٗ عَلِيًّا فَرَاٰ الْحَسَنَ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ فَحَمَلَهٗ عَلٰى عَاتِقِهٖ قَالَ بِاَبِيْ شَبِيْهٌ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ شَبِيْهٌ بِعَلِيٍّ وَعَلِيٌّ يَضْحَكُ (۱)

ایک مرتبہ سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نماز عصر پڑھ کر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے ہمراہ نکلے تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ بچوں کے ساتھ کھیل رہے ہیں تو آپ نے ان کو اپنے کندھے پر اٹھالیا اور فرمایا میرا باپ قربان اس بچہ پر یہ میرے آقا حضور مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء سے مشابہ ہیں یہ علی رضی اللہ عنہ کے مشابہ نہیں یہ سن کر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ بہت مسکرائے (۲)

کنز العمال میں حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت موجود ہے امام حسن رضی اللہ عنہ گردن سے لے کر روئے مبارک تک سرورِ دو جہاں علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سب سے زیادہ مشابہ ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امامِ حسن رضی اللہ عنہ سے زیادہ کوئی بھی رسالتِ مآب کی ذاتِ اقدس سے مشابہ نہ تھا۔ (۳)

## عطائے حلم:

روایاتِ صحیحہ اس پر شاہد ہیں کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں نے اپنے اس بیٹے حسن رضی اللہ عنہ کو حلم عطا فرما دیا ہے طبرانی اور معجم کبیر میں ہے کہ یہ ایک ایسی نعمت تھی جو سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کو بارِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حاصل ہوئی۔

## آغوشِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ:

روایاتِ صحیحہ میں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیّدنا امام حسن علیہ السلام سے بہت زیادہ محبت و پیار کے ثبوت موجود ہیں مستدرک حاکم میں حضرت سیّدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کو اس وقت سے محبوب رکھتا ہوں جب سے میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔

رَاَيْتُ الْحَسَنَ فِيْ حِجْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَدْخُلُ اَصَابِعَهٗ فِيْ لِحْيَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّبِيُّ يَدْخُلُ لِسَانَهٗ فِيْ فَمِهٖ ثُمَّ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُحِبُّهٗ۔ (۴)

میں نے دیکھا کہ امام حسن رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گود میں ہیں اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ریش انور (داڑھی مبارک) میں انگلیاں ڈال رہے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی زبان مبارک ان کے منہ میں دے کر فرماتے ہیں اے اللہ میں اسے اپنا محبوب رکھتا ہوں۔ اس لیے تو بھی اسے اپنا محبوب رکھ۔

دوسری روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا: اے اللہ مجھے حسن سے پیار ہے تو بھی ان سے پیار فرما اور جو کوئی ان سے محبت کرے تو اس کے ساتھ بھی محبت فرما۔

(۱) بخاری فی المناقب (۲) الاحاد والمثانی، ۲۹۹۱، رقم ۴۰۹ (۳) بخاری (۴) المستدرک ۲:۱۸۵

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## رسالت مآب بحالتِ رکوع وسجود اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ

ابنِ سعد نے صحیح سند کے ساتھ طبقات میں بیان کیا ہے کہ حضرت عبداللہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔

رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ سَاجِدٌ وَالْحَسَنُ يَرْكَبُ ظَهْرَهُ فَمَا يُنْزِلُ حَتّٰى يَكُوْنَ هُوَ الَّذِيْ يَنْزِلُ وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ نَجِيَ وَرَاكِعٍ صَيَفْرَجُ لَهُ بَيْنَ رِجْلَيْهِ حَتّٰى يَخْرُجَ مِنَ الْجَانِبِ الْاٰخِرِ۔

تحقیق میں نے رسول اللہ کو اس حال میں دیکھا کہ جب آپ نماز پڑھتے ہوئے سجدہ میں تشریف لے جاتے تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ آپ کی کمر مبارک پر سوار ہو جاتے جب تک آپ خود نہ اترتے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس وقت تک سجدہ میں ہی رہتے اور تحقیق میں نے دیکھا کہ آپ جب رکوع فرماتے تو امام حسن آپ کے پاؤں کے درمیان میں گھس جاتے اور آپ رکوع سے نہ اٹھتے جب تک وہ دوسری جانب نہ نکل جاتے (۱)

معلوم ہوا کہ بحالتِ رکوع وسجود حضور علیہ السلام اپنے نواسے کو سوار ہوتا دیکھتے تو آپ ارکانِ نماز کو طویل فرما لیتے تاکہ میرے حسن رضی اللہ عنہ کو کوئی تکلیف نہ پہنچے۔

## راکبِ دوشِ نبوت اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ

صحیح بخاری مسلم میں حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے دیکھا۔

كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَامِلُ الْحَسَنِ ابْنِ عَلِيٍّ عَلٰى عَاتِقِهٖ فَقَالَ رَجُلٌ نِعْمَ الْمَرْكَبُ رَكِبْتَ يَا غُلَامُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَ الرَّاكِبُ هُوَ۔ (۲)

کہ حضور علیہ السلام اپنے کندھے مبارک پر اپنے نواسے امام حسن رضی اللہ عنہ کو بٹھائے ہوئے ہیں تو ایک شخص نے کہا اے لڑکے تو کیسی اچھی سواری پر سوار ہے۔ حضور علیہ السلام نے یہ سن کر فرمایا یہ سوار بھی تو کیسا اچھا ہے۔

اسی لیے حضرت سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کو راکبِ دوشِ نبوت کہا جاتا ہے اور آپ کا یہ لقب مشہور ہے کیونکہ آپ اکثر اپنے نانا جان کے کندھے مبارک پر مدینہ طیبہ کے بازاروں میں سیر کیا کرتے تھے۔ کتنا عظیم پیار ہے اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی رفعت کتنی بلند و بالا ہے جن کو یہ سعادتِ عظیم حاصل ہے۔

اعلیٰ حضرت قدس سرہ نے کیا خوب فرمایا:

وہ حسن مجتبیٰ سیّد الاسخیاء
راکبِ دوشِ عزت پہ لاکھوں سلام

(۱) نورالابصار (۲) جامع ترمذی، ۵:۶۶۱، رقم ۳۷۸۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## دو عظیم مسلمانوں کے گروہ میں صلح علمِ غیب مصطفی اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ:

صحیح بخاری میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَی الْمِنْبَرِ وَالْحَسَنِ ابْنِ عَلِیٍّ اِلٰی جَنْبِہٖ وَھُوَ یُقْبِلُ عَلَی النَّاسِ مَرَّۃً وَّ عَلَیْہِ اُخْرٰی وَ یَقُوْلُ اِنَّ ابْنِیْ ھٰذَا سَیِّدٌ وَلَعَلَّ اللّٰہَ اَنْ یُّصْلِحَ بِہٖ فِئَتَیْنِ عَظِیْمَتَیْنِ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔ (۱)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہیں اور آپ کے پہلو میں امام حسن رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے ہیں آپ لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمانے لگے اور امام حسن رضی اللہ عنہ کی طرف بھی (کہ اے لوگو) بے شک میرا یہ بیٹا حسن سیّد ہے اللہ تعالیٰ اس کے توسل سے مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں کے درمیان صلح فرما دے گا۔

حدیثِ صحیح سے معلوم ہوا کہ حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے امام حسن رضی اللہ عنہ کو منبر شریف پر اپنی گود میں بٹھا کر فرمایا۔ لوگو میرا بیٹا سیّد ہے سبحان اللہ یہ لقب زبانِ رسالت علیہ السلام نے عطا فرمایا۔

آج کل اکثر یہ مرض پھیل چکی ہے کہ لوگ اپنے آپ کو سیّد کہنا یا لکھنا یا کہلوانا فخر سمجھتے ہیں حالانکہ ان کو کبھی سیادت کی خوشبو بھی نہیں آئی جب کہا جائے کہ جناب آپ کے باپ دادا تو سیّد نہ تھے۔ آپ کیسے بن گئے ہیں تو بڑی ڈھٹائی سے یہ کہتے ہیں کہ ہم نے پٹواری صاحب سے دریافت کیا تھا تو اس میں ہمارے والد صاحب کے نام کے ساتھ سیّد ہاشمی یا سیّد قریشی لکھا ہوا تھا۔ تو معلوم ہوا کہ ہم تو سیّد ہیں۔ العیاذ باللہ تعالیٰ۔ کیا عجب بات ہم تو سنا کرتے تھے کہ پٹواری صاحبان تو صرف زمینوں کا کھاتہ بتایا کرتے ہیں وہ بھی ادھر کا ادھر کر کے اس کے مطابق تقسیم کرتے ہیں۔ اب معلوم ہوا ہے کہ ایسے لوگوں کو برائے نام پٹواریوں سے سیادت تقسیم ہوئی ہے۔ وہ ملعون ہے جو سیّد نہیں ہے اور خود کو سیّد کہلوائے کچھ غیرت ہونی چاہئے اور ایسے بے جا دعوائے سیادت سے پرہیز کرنی چاہیے اس کے متعلق مقامِ سید پر تفصیلی ذکر آئے گا۔

نیز آپ منبر پر یہ خبرِ غیب بھی فرما رہے ہیں کہ اللہ کریم میرے اس بیٹے کے طفیل مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں صلح فرما دے گا یہ بشارت وہی صلح ہے جو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور آپ کے مابین ہوئی تھی۔ (۲)

## بحالتِ وضو خوفِ خداوندی اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ:

حضرت سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ جب بارگاہِ ربوبیت میں نماز کے لیے تیاری فرماتے تو آپ کا وضو فرمانا ایک نہایت ہی اعلیٰ درجہ رکھتا تھا اکثر روایات اس پر شاہد ہیں کہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ جب وضو فرماتے تھے تو جسم کا ایک ایک عضو کانپنے لگتا تھا اور رنگ زرد ہو جایا کرتا تھا جب آپ سے پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا جو بھی رب العرش کے حضور کھڑا ہوا اس پر یہ حق ہے کہ اس کا رنگ زرد ہو جائے اور اس کے جوڑ جوڑ کانپنے لگیں۔ (۳)

## عبادت و تلاوتِ قرآن میں خشوع و خضوع اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ:

سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ جب نماز شروع فرماتے تو آپ پر انتہائی خضوع و خشوع طاری ہو جاتا تھا۔ خشیت کے آثار ظاہر ہوتے اور تمام بدن کانپنے لگتا۔ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ جب نماز پڑھتے تھے تو آپ کا بدن لرزتا تھا اور رنگ زرد ہو

(۱) صحیح بخاری، ۲:۹۶۲، رقم ۲۵۵۷ (۲) سوانح کربلا (۳) احیاء العلوم

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جایا کرتا تھا یہی وجہ ہے کہ آپ عابدین میں اعلیٰ عابد ہونے کا درجہ رکھتے تھے۔ (۱)

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ جب قرآنِ حکیم کی تلاوت فرمایا کرتے تھے تو جہاں لفظ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا پڑھتے تو لَبَّیْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّیْكَ کہتے۔ اے میرے اللہ میں حاضر ہوں حاضر ہوں۔ کیفیت یہ تھی کہ ہر آیت کو نہایت غور و تدبر کے ساتھ پڑھتے۔ جب جنت و نار کا تذکرہ پڑھتے تو تڑپتے تھے اور بعدِ موت کے احوال پڑھتے تو بہت روتے تھے۔ (۲)

## تنگدستوں، مقروضوں، حاجتمندوں کی مددگاری اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ:

روایاتِ صحیحہ اس پر شاہد ہیں کہ سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ بہت بڑے سخی تھے اور ان کے دربارِ اقدس سے کوئی خالی نہیں گیا اور ہر وقت سخاوت کا دروازہ کھلا رہا کرتا تھا۔

ایک مرتبہ آپ کی بارگاہِ اقدس میں ایک اعرابی آیا اور حاجت کے لیے سوال کیا آپ نے اسی وقت حکم دیا کہ میرے خزانہ میں جو کچھ ہو اسے ابھی دے دو۔ چنانچہ وہ دس ہزار درہم تھے جو آپ نے اسے دے دیئے۔ سائل اعرابی نے عرض کیا اے سیّد آپ نے اتنا موقع بھی نہیں دیا کہ کچھ عرض کر سکوں آپ نے فرمایا ہمارے نفوس سوال کرنے سے پہلے ہی عطا کرنے کے عادی ہیں تا کہ سائل کی پیشانی شرم سے عرق آلود نہ ہو۔ سبحان اللہ (۳)

○ ایک مرتبہ آپ نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ بیٹھا ہوا یہ دعا کر رہا تھا۔ الٰہی مجھے دس ہزار درہم دے میں سخت مقروض ہوں اور تنگدست ہوں قرض خواہ مجھے تنگ کر رہے ہیں آپ نے سن لیا اور دس ہزار درہم اس کو بھیج دیئے۔ (۴)

○ ایک مرتبہ آپ کی بارگاہ میں حاجتمند آیا اور عرض کیا حضور میں بہت ہی زیادہ مقروض ہوں اور اہل و عیال کا گزارہ بھی تنگدستی سے کرتا ہوں آپ نے اس شخص کو ایک لاکھ درہم عنایت فرما دیے۔ (۵)

○ ایک مرتبہ آپ کی خدمت میں ایک شخص نے اپنی تنگدستی، ناداری اور فقر و فاقہ کا حال بیان کیا۔ سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ نے اپنے عامل کو بلایا اور فرمایا پچاس ہزار اشرفیاں ان کو دے دیجئے۔ (۶)

○ ابو الحامد امام محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ احیاء العلوم میں اس روایت کو درج کرتے ہوئے یہ بھی فرماتے ہیں کہ اس شخص سے پچاس ہزار اشرفیاں اٹھائی نہ گئیں تو اس نے مزدور بلایا۔ وہ شخص جب دو مزدور لایا تو امام حسن رضی اللہ عنہ نے دونوں مزدوروں کی اجرت بھی دے دی۔ غلاموں نے عرض کیا حضور اب تو ہمارے پاس ایک اشرفی بھی نہیں بچی۔ آپ نے فرمایا اللہ کے ہاں اجر بھی ملے گا اور زیادہ بھی ملے گا۔ (۷)

○ سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ سے کسی نے سوال کیا حضور آپ سائل کو کبھی خالی نہیں جانے دیتے۔ خواہ آپ فاقہ سے ہی کیوں نہ ہوں۔ فرمایا میں خود بارگاہِ الٰہی کا فقیر ہوں اس لیے مجھے شرم آتی ہے کہ میں خود گدا ہو کر کیوں کسی حاجت مند کو اپنے ہاں سے محروم کروں۔ نیز میرا اللہ ہمیشہ مجھ پر فیضان فرماتا رہتا ہے اور میں بھی اسی کا عادی ہو گیا ہوں۔ (۸) سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ۔

---

(۱) طبقات ابن سعد (۲) طبقات ابن سعد (۳) طبقات کبریٰ، ج ۱: ص: ۲۳ (۴) تا (۵) ابن عساکر، ج: ۴، ص: ۲۱۴
(۶) طبقات کبریٰ (۷) تاریخ الخلفاء، احیاء العلوم (۸) ابن عساکر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## انتہائے ادب پچیس حج برہنہ پا اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ:

روایات اس بات پر شاہد ہیں کہ حضرت سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ نے پچیس حج پا پیادہ فرمائے۔ آپ کی سواری کی اونٹنیاں آپ کے ہمراہ تھیں مگر آپ ان پر سوار نہیں ہوتے تھے۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ مجھے اپنے پروردگار سے شرم آتی ہے کہ اس کی ملاقات کو جاؤں اور اس کے گھر تک پا پیادہ نہ جاؤں۔

○ سیّدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان پا پیادہ حجوں میں اکثر امام حسن رضی اللہ عنہ برہنہ پا چلتے تھے۔ یہاں تک کہ اکثر آپ کے پاؤں میں ورم ہو جایا کرتا تھا۔ سُبْحَانَ اللّٰہُ الْعَظِیْمِ (اسد الغابہ)

○ اکثر قافلے سوار ہو کر راستہ میں جب آپ کو پیدل سفر کرتے دیکھتے تو حجاج و امیرِ حجاج اپنی سواریوں سے آپ کی عزت کی خاطر اتر جایا کرتے تھے تو ان کے قریب جا کر فرماتے ایسا نہ کرو تم میں کمزور بھی ہیں۔ ہم نے تو عادت بنالی ہے کہ حج کے لیے پیدل سفر کرنا ہے آپ کے اصرار پر وہ لوگ سوار ہو کر دوسرے راستہ سے چلے جایا کرتے تھے۔ (۱)

## پیکرِ حلم اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ:

ایک دن سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ اپنے دولت کدہ میں چند ساتھیوں کے ہمراہ کھانا کھا رہے تھے کہ آپ نے اپنے غلام کو سالن لانے کو کہا وہ لایا تو سالن کا برتن ہاتھ سے گر گیا اور ٹوٹ گیا اور سالن کا کچھ حصہ امام حسن رضی اللہ عنہ پر گر پڑا۔ غلام یہ واقعہ دیکھ کر گھبرایا۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے اس کی طرف دیکھا تو غلام نے جھٹ یہ آیت پڑھی۔ وَالْکَاظِمِیْنَ الْغَیْظَ۔ غصہ کو پی جانے والے آپ نے فرمایا میں نے غصہ کو پی لیا۔ اس نے پھر آیت کا اگلا حصہ پڑھا وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ۔ اور لوگوں سے درگزر کرنے والے۔ آپ نے فرمایا جاؤ میں نے معاف بھی کر دیا۔ اس نے پھر تیسرا آیت کا حصہ پڑھا وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ۔ احسان والوں سے اللہ محبت فرماتا ہے۔ آپ نے فرمایا جاؤ میں نے تم کو آزاد کر دیا۔ (۲)

علامہ الحافظ سیوطی فرماتے ہیں کہ مروان آپ کا بہت بڑا دشمن تھا اور آپ کو مختلف اذیتیں دیا کرتا تھا اور گستاخی کے کلمات استعمال کیا کرتا تھا لیکن امام حسن رضی اللہ عنہ نے ہمیشہ خاموشی فرمائی۔ جب حضرت کا وصال ہو گیا تو مروان بہت زور زور سے رونے لگا اور آپ کے جنازہ کو کاندھا بھی دیا۔ امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا کل تک تو تو اپنے ظلم و ستم سے ان کا کلیجہ خون کیا کرتا تھا اور آج روتا ہے۔ کہنے لگا میں اپنے مظالم ان پر کیا کرتا تھا جس کا حلم پہاڑ کے برابر تھا۔ (۳)

## سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کا فیصلہ (ایک واقعہ) قاتل و مقتول:

علامہ ابنِ قیم اپنی کتاب الطریق الحکمیہ میں لکھتے ہیں کہ ایک شخص کو گرفتار کر کے حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے پاس لایا گیا گرفتاری ایک ویران غیر آباد مقام سے ہوئی تھی گرفتاری کے وقت اس کے ہاتھ میں ایک خون آلود چھری تھی یہ کھڑا تھا اور ایک لاش خاک و خون میں تڑپ رہی تھی۔ اس شخص نے حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ کے سامنے اقبالِ جرم کر لیا۔ خلیفۃ المؤمنین مولا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ملزمِ اوّل سے دریافت کیا کہ تو نے کیوں اقبالِ جرم کیا؟ اس نے کہا کہ جن حالات میں میری گرفتاری کی گئی تھی میں نے سمجھا کہ ان حالات کی موجودگی میں میرا انکار کچھ بھی مفید نہ ہوگا پوچھا گیا کہ واقعہ کیا ہے۔ اس نے کہا کہ میں قصاب ہوں میں نے جائے وقوعہ کے

(۱) سوانح کربلا (۲) روح البیان، ج:۴، ص:۳۶۷ (۳) سوانح کربلا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

قریب بکرے کو ذبح کیا تھا گوشت کاٹ رہا تھا کہ مجھے پیشاب کی حاجت ہوئی جائے وقوعہ کے قریب پیشاب سے فارغ ہوا کہ میری نظر اس لاش پر پڑ گئی۔ لوگ کہنے لگے یہی اس کا قاتل ہے مجھے بھی اس کا یقین ہو گیا کہ ان لوگوں کے بیانات کے سامنے میرے بیان کا کچھ اعتبار نہ کیا جائے گا اس لیے میں نے اقبالِ جرم ہی کر لینا بہتر سمجھا۔

اب دوسرے اقبالِ جرم کرنے والے سے دریافت فرمایا۔ اس نے کہا میں ایک اعرابی ہوں۔ مفلس ہوں۔ مقتول کو میں نے بطمعِ مال قتل کیا تھا۔ اتنے میں مجھے کسی کے آنے کی آہٹ معلوم ہوئی میں ایک گوشہ میں جا چھپا اتنے میں پولیس آ گئی اس نے پہلے ملزم کو گرفتار کر لیا اب جب اس کے خلاف فیصلہ سنایا گیا تو میرے دل نے مجھے آمادہ کیا کہ میں خود اپنے جرم کا اقبال کروں۔ یہ سن کر مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے اپنے فرزند سیّدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ سے پوچھا تمہاری اس مقدمہ میں کیا رائے ہے؟ آپ نے فرمایا اے امیر المؤمنین! اگر اس شخص نے ایک کو ہلاک کیا ہے تو ایک شخص کی جان بھی بچائی ہے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا۔ (۱)

جس نے ایک شخص کی جان کو بچا لیا گویا اس نے سب لوگوں کی جان کو بچا لیا۔

مولا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کا مشورہ بڑا ہی پسند آیا آپ نے دو ملزم کو بھی چھوڑ دیا اور مقتول کا خون بہا بیت المال سے ادا کرنے کا حکم دیا۔ (۲)

## نصب خلافت اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ:

حضرت مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی شہادت کے بعد حضرت سیّدنا امام حسن مسندِ خلافت پر جلوہ افروز ہوئے۔ اہلِ کوفہ نے آپ کے دستِ حق پر بیعت کی۔ آپ نے چند ماہ اور چند روز امورِ خلافت سرانجام دیئے۔ اس کے بعد آپ نے امرِ خلافت کا حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو تفویض کرنا مسطورِ ذیل شرائط پر منظور فرمایا:

۱۔ بعد حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے خلافت حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو پہنچے۔

۲۔ اہلِ مدینہ و حجاز اور اہلِ عراق میں سے کسی بھی شخص سے زمانۂ حضرت امیر المؤمنین مولا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے متعلق کوئی مؤاخذہ و مطالبہ نہ کیا جائے۔

۳۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے دیون کو ادا کریں گے۔

چنانچہ ان شرائط پر ربیع الاوّل ۴۱ھ میں پانچ ماہ دس دن کے بعد عہدۂ خلافت سے دست بردار ہو کر تختِ سلطنت حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے لیے خالی کر دیا۔ یہاں پر حضور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی کے بعد خلافت تیس سال رہے گی۔ وہ برحق ثابت ہوئی حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے بعد کسی کی خلافت خلافتِ راشدہ نہیں۔ (۳)

یہ بھی معلوم ہوا کہ امام حسن رضی اللہ عنہ کا خلافت سے دست بردار ہونا اپنے نانا جان علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حکم کے عین مطابق تھا جس کی خلاف ورزی ناممکن تھی (۴)

---

(۱) المائدہ، ۵:۳۲ (۲) ص:۵۶ مطبوعہ مصر (۱) تا (۲) الطریق الحکمیہ، ص:۵۶، مطبوعہ مصر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

دوسرا یہ کہ حضور سیّد عالم ﷺ نے منبر اقدس پر اپنے پہلو میں امام حسن رضی اللہ عنہ کو بٹھا کر فرمایا تھا: اِنَّ ابْنِیْ هٰذَا سَیِّدٌ وَلَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ یُّصْلِحَ بِهٖ فِئَتَیْنِ عَظِیْمَتَیْنِ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔ بخاری، میرا یہ بیٹا سیّد ہے یہ وہی بیٹا ہے جو آئندہ مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں صلح فرمادے گا۔ اور اس کی صلح بھی رضائے الٰہی کے مطابق ہوگی۔ تو ظاہر ہوا کہ ایسا ہونا نہایت بہتر تھا۔ اس کو رسول خدا علیہ الصلوٰۃ والسلام اور خود سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ زیادہ بہتر جانتے تھے۔ جاہل لوگ اس سے ناواقف تھے چنانچہ جب حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے منصبِ خلافت خالی کر دیا تو آپ پر بعض لوگوں نے مختلف اشاروں اور کنایوں میں تعریضیں کیں تو آپ نے انہیں سمجھایا اور نانا جان کا پیغامِ بشارت سنایا کہ اے لوگو میں ہرگز یہ گوارہ نہیں کر سکتا تھا کہ تم لوگوں کو صرف ملک کی چند روزہ حکومت کی خاطر مرواتا رہوں یہ مجھے گوارا نہیں امام حسین رضی اللہ عنہ صلح دان تھے یہی وجہ ہے کہ بعض محبانِ حسین رضی اللہ عنہ امام حسن رضی اللہ عنہ سے اس مذکورہ صلح نامہ کے پیشِ نظر بغض رکھتے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ نسل بھی اس وقت کی ہے جنہوں نے اس وقت بھی امام حسن رضی اللہ عنہ کی صلح پر تنقید کی تھی۔ ان جاہلوں نے خود کو بڑا سمجھدار جانا۔ اور عملِ امام حسن رضی اللہ عنہ کو بے سمجھی کا عمل جانا۔ یہی خود ان کی گمراہی ہے۔ اہلِ بیت کے مبارک نفوس جو کریں اس پر آمین کہنی چاہیے تھی ورنہ محبتِ اہلِ بیت کا دعویٰ غلط ہے امام حسن رضی اللہ عنہ کے ساتھ بغض درحقیقت امام حسین رضی اللہ عنہ سے بغض ہے۔ (۱)

## دعائے نبوت علمِ غیب و زیارت بحالتِ خواب اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ:

سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ خلافت سے دست برداری کے بعد کوفہ سے مدینہ طیبہ تشریف لے آئے اور وہاں ہی آپ نے سکونت اختیار فرمائی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف سے ایک لاکھ روپیہ سالانہ وظیفہ مقرر تھا۔ ایک سال وظیفہ پہنچنے میں تاخیر ہوئی تو آپ کو اس سال سخت تنگی آئی۔ امام عالی مقام امام حسن رضی اللہ عنہ نے چاہا کہ اس کی شکایت لکھیں لکھنے کا ارادہ فرمایا دوات منگائی لیکن کچھ سوچ کر توقف فرمایا اسی رات خواب میں حضور پُرنور شافع یوم النشور نانا جان علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دیدار پُرانوار سے مشرف ہوئے نانا جان نے استفسارِ حال فرمایا اور ارشاد فرمایا اے میرے فرزندِ ارجمند کیا حال ہے عرض کیا الحمد للہ بخیر ہوں۔ وظیفہ کی تاخیر کی شکایت کی۔ حضور سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تم نے دوات منگائی تھی تاکہ تم اپنی مثل ایک مخلوق کے پاس اپنی تکلیف کی شکایت لکھو۔ عرض کیا یا رسول اللہ مجبور تھا کیا کرتا؟ فرمایا یہ دعا پڑھو۔

اَللّٰهُمَّ اَقْذِفْ فِیْ قَلْبِیْ رِجَائَكَ وَاقْطَعْ رِجَائِیْ عَمَّنْ سِوَاكَ حَتّٰی لَا اَرْجُوْا غَیْرَكَ اَللّٰهُمَّ وَمَا ضَعُفَتْ عَنْهُ قُوَّتِیْ وَقَصُرَ عَنْهُ عَمَلِیْ وَلَمْ تَنْتَهِ اِلَیْهِ رَغْبَتِیْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ مَسْئَلَتِیْ وَلَمْ اَجْرِ لِسَانِیْ مِمَّا اَعْطَیْتَ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ مِنَ الْیَقِیْنِ فَخُصَّنِیْ بِهٖ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔ (۲)

اے میرے اللہ میرے دل میں اپنی امید ڈال اور اپنے ماسوا سے میری امید قطع فرما اور میرا سوال نہ پہنچے اور میری زبان پر جاری نہ ہو جو تو نے اوّلین و آخرین میں سے کسی کو عطا فرمایا ہو۔ مجھے یقین سے وہ کچھ عطا فرمادے یا رب العالمین مجھے اس کے ساتھ مخصوص فرما۔

(۱) نورالابصار (۲) تاریخ الخلفاء، ۱۹۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ سے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی معذرت

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دعائے اقدس کے پڑھنے پر ایک ہفتہ نہ گزرا تھا کہ معاویہ رضی اللہ عنہ نے میرے پاس ایک لاکھ پچاس ہزار روپیہ کی رقم بھیج دی۔ سالانہ وظیفہ ایک لاکھ اور تاخیر ہو جانے کا نصف حصہ (سبحان اللہ) اور ساتھ ہی حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنے پیغام میں اظہارِ معذرت بھی کیا کہ حضور آپ ناراضگی نہ فرمائیں۔ متذکرہ کچھ وجوہات سے تاخیر ہوگئی تھی جس سے یقینا آپ کے قلبِ اقدس پر ملال ہوگا اس کے پیشِ نظر میں معافی بھی چاہتا ہوں ایک لاکھ کے ساتھ پچاس ہزار زائد بھیج رہا ہوں۔ کل ڈیڑھ لاکھ (۱)

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے بارگاہِ ربی میں شکر ادا کیا پھر خواب میں حضورِ سیّد عالم علیہ السلام اپنے نانائے پاک کا دیدار ہوا۔ حضور سیّد الابرار علیہ السلام نے فرمایا اے حسن رضی اللہ عنہ! کیا حال ہے میں نے عرض کیا حضور خدا کا شکر ہے۔ واقعہ عرض کیا۔ فرمایا اے فرزندِ ارجمند جو مخلوق سے امید نہ رکھے اور خالق سے لو لگائے رکھے اس کے کام یوں ہی بنتے ہیں۔ (۲)

معلوم ہوا کہ حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو وظیفہ سالانہ مل جانے کا علم تھا اور جب نہیں ملا تھا اس کا بھی علم تھا اور پھر آپ نے وہ دعا بھی بتادی جس سے ثابت ہوا کہ مخلوق پر بھروسہ نہ کرو اس ذات رب العزت پر بھروسہ رکھو سبحان اللہ متذکرہ دعائے اقدس ارشاد تو سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کو فرمائی تھی لیکن آپ کے صدقہ سے قیامت تک کے مسلمانوں کے لئے بھی مفید ہے۔ ہر نماز کے بعد اس دعا کو تین مرتبہ پڑھیں اور اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں تو ادائیگی قرض اور حاجات کی برآری کے لئے انتہائی زود اثر ہے۔ سیّدنا اعلیٰ حضرت مجددِ دین وملت مولانا الشاہ احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہٗ العزیز نے اسے الوظیفۃ الکریمہ میں درج فرمایا ہے۔

# حلیۂ مبارک سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ

حضرت سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کی آنکھیں سیاہ اور بڑی بڑی غلافی خوشنما اور خوش منظر تھیں۔ رخسارِ اقدس پتلے پتلے (کتابی خدوخال کے) تھے۔ کلائیاں گول تھیں۔ داڑھی مبارک گنجان گھنی اور بھرپور کانوں تک بل کھائے ہوئے تھی۔ گردن بلند اور روشن شفاف صراحی کی طرح تھی۔ شانے اور بازو گدگدے اور بھرے ہوئے تھے۔ سینۂ اقدس چوڑا تھا۔ قد نہ زیادہ طویل اور نہ کوتاہ گویا میانہ تھا۔ رخِ اقدس نہایت کشادہ، نورانی اور نہایت ہی حسین تھا اور سر کے بال گھونگریالے تھے۔ بدن خوبصورت تھا گویا حسن و جمال کے لحاظ سے حسن اسمِ بامسمیٰ تھے۔ (۳)

## ازواجِ مقدسہ سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ:

روایات اس پر بھی شاہد ہیں کہ حضرت سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ نے اپنی زندگی مطہرہ میں کافی نکاح فرمائے اور اکثر کو دو تین ایام کے بعد طلاق دے دی۔ بعض نے آپ کی ازواج کی تعداد ستر بیان کی ہے اور بعض نے ایک سو بیان کی ہے اور کثرت رائے اکابرین کی ایک سو کی تعداد کی طرف ہے کہ آپ نے سو کے قریب بیویاں کی ہیں اس کی ایک خصوصی وجہ یہ تھی کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ جس کا جسم میرے حسن کے جسم کے ساتھ مس ہوگا اس پر آتشِ نار حرام ہو جائے گی۔ (۴)

(۱) سوانح کربلا (۲) تذکرۃ البہام۔ (۳) نور الابصار (۴) تذکرۃ البہام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اہلِ بیتِ اطہار میں آپ کو خصوصی رفعت وفوقیت حاصل تھی جس کی بنا پر آپ کے زمانہ میں اکثر لوگوں کا یہی خیال ہوا کرتا کہ ہماری بیٹیوں سے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نکاح فرمالیں۔ تو یہ اعلیٰ درجہ کی فضیلت ہے۔ اس لیے آپ کثیر التزوج مشہور تھے۔ یعنی بہت بیویوں والے پھر آپ جس عورت کو طلاق دے دیا کرتے تھے وہ تادمِ آخر حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی محبت وعقیدت میں سرشار رہتی تھی جو کبھی کسی غیر کی طرف التفات نہیں فرماتی تھیں۔ (۱)

آپ کی ازواجِ مقدسہ میں انہی کے اسماء ملتے ہیں جن میں سے حضرت سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کی اولاد پیدا ہوئی۔ وہ نام یہ ہیں:

۱۔ امِ بشیر دختر ابو مسعود بن عتبہ رضی اللہ عنہا
۲۔ خولہ بنتِ منظور بن ریان بن عمرو بن جابر رضی اللہ عنہ
۳۔ فاطمہ بنتِ ابو مسعود عتبہ بن عمر بن ثعلبہ رضی اللہ عنہا
۴۔ امِ ولد رضی اللہ عنہا
۵۔ امِ اسحٰق بنتِ طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہا
۶۔ رملہ رضی اللہ عنہا
۷۔ امِ الحسن رضی اللہ عنہا
۸۔ تقضیہ رضی اللہ عنہا
۹۔ امرء القیس رضی اللہ عنہا
۱۰۔ جعدہ بنتِ اشعث۔

## اولادِ امجاد سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ:

حضرت سیّدنا امام حسنِ مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کی اولادِ عظام کے متعلق جو روایات ملی ہیں ان میں آپ کی کل اولاد کی تعداد سترہ اٹھارہ نفوسِ مقدسہ ہیں۔ جن میں آپ کے تیرہ بیٹے اور پانچ بیٹیاں ہیں۔

۱۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ
۲۔ حضرت حسن مثنیٰ رضی اللہ عنہ
۳۔ حضرت حسین الاثرم رضی اللہ عنہ
۴۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ
۵۔ حضرت اسمٰعیل رضی اللہ عنہ
۶۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ
۷۔ حضرت یعقوب رضی اللہ عنہ
۸۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ
۹۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ
۱۰۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ
۱۱۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ
۱۲۔ حضرت قاسم رضی اللہ عنہ

آپ کی شہزادیوں کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

۱۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا
۲۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا
۳۔ حضرت ام عبداللہ رضی اللہ عنہا
۴۔ حضرت امِ الحسین رملہ رضی اللہ عنہا
۵۔ حضرت امِ الحسن رضی اللہ عنہا (۲)

(۱) سوانح کربلا (۲) تذکرۃ الصمام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# میدانِ کربلا میں سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کے شہزادوں میں سے شہید ہونے والوں کی تعداد اور ان کے اسمائے مبارکہ

ثابت ہوا ہے کہ حضرت سیّدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کے کل فرزندوں میں سے چار شہزادوں نے میدانِ کربلا میں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہمراہ جامِ شہادت نوش فرمایا:

۱۔ حضرت سیّدنا ابوبکر ابنِ امام حسن رضی اللہ عنہما

۲۔ حضرت سیّدنا عمر ابنِ امام حسن رضی اللہ عنہما

۳۔ حضرت سیّدنا عبداللہ ابنِ امام حسن رضی اللہ عنہما

۴۔ حضرت سیّدنا قاسم ابنِ امام حسن رضی اللہ عنہما

یاد رہے کہ شیعہ حضرات کی کتب میں بھی ان مقدس ہستیوں کے کربلا میں شہید ہونے کا ذکر موجود ہے۔ (تاریخ الائمہ) آئندہ اسی کتاب میں آپ ان عظیم شخصیتوں کی شہادت کا مفصل علیٰحدہ علیٰحدہ بیان ملاحظہ فرمائیں گے کہ کس طرح ان حضرات نے اپنی جانیں قربان کیں۔ یہاں پر صرف اتنا واضح کرنا مقصود تھا کیونکہ یہاں پر آپ کی اولادِ امجاد کا ذکر زیرِ نظر ہے۔

## احوال وخصائلِ حضرت زید بن سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہما:

حضرت سیّدنا زید بن سیّدنا امامِ حسن رضی اللہ عنہما ان کی دو بہنیں امِ الحسن رضی اللہ عنہا اور امِ الحسین رضی اللہ عنہا ہیں۔ یہ حضرت فاطمہ بنتِ ابومسعود عتبہ بن عمر بن ثعلبہ الانصاری کے بطن سے ہیں۔

حضرت سیّدنا زید رضی اللہ عنہ کی کنیت ابوالحسن تھی۔ آپ امامِ ہمام سیّدنا امامِ حسن کے بڑے صاحبزادے ہیں۔ نہایت جلیل القدر، پاکیزہ نفس اور کثیر الاحسان تھے اور حضور علیہ السلام کے حسن کے صدقات کے متولی تھے۔ جب سلطنت حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کو ملی تو انہوں نے مدینہ کے گورنر کو لکھا کہ:

اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ زَیْدُ بْنِ الْحَسَنِ شَرِیْفِ بَنِیْ هَاشِمٍ فَاِذَا جَاءَ كَ كِتَابِیْ هٰذَا رُدَّ عَلَیْهِ صَدَقَاتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَعِنْهُ مَا اسْتَعَانَكَ

حضرت زید بن حسن بنی ہاشم کے سردار ہیں۔ جب میرا یہ خط تمہیں پہنچے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تولیت صدقات انہی کو لوٹا دینا اور جس طرح کی مدد طلب کریں ان کی مدد کرنا۔

پس دوسری مرتبہ صدقاتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تولیت انہی کے سپرد ہوئی۔ انہوں نے نوے سال عمر مبارک پائی۔ جب انہوں نے دنیا سے رحلت فرمائی تو کثیر جماعت نے آپ کی شانِ اقدس ان الفاظ کے ساتھ بیان فرمائی۔

فَاِنْ یَّكُ زَیْدُ غَابَتِ الْاَرْضُ شَخْصَهٗ
فَقَدْ بَانَ مَعْرُوْفٌ هُنَاكَ وَجُوْدُ

ترجمہ: اگرچہ حضرت زید کی شخصیت عظیمہ سطح زمین سے روپوش ہوگئی مگر اس جگہ ان کی نیکیوں کا وجود ظاہر و باہر ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

واضح رہے کہ اہلِ تشیع کے یہاں بھی دو گروہ پائے جاتے ہیں۔ ایک امامیہ اور دوسرا زیدیہ امامیہ فرقہ وہ ہے جو صرف حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کی اولاد سے پیدا ہونے والوں کو امام جانتا ہے۔ زیدیہ فرقہ وہ ہے جو حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ بن ابی طالب اور حضراتِ حسنین کریمین عظمین سعیدین کے بعد حضرت سیّدنا زید بن سیّدِ نا امامِ حسن رضی اللہ عنہ کو امام تسلیم کرتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ فرقہ امامیہ حضرت سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حضرت سیّدنا زید رضی اللہ عنہ کو اس لیے امام تسلیم نہیں کرتا کہ انہوں نے امیہ خاندان سے اپنے تعلقات جاری رکھے۔ یہاں سے یہ بات بھی معلوم ہوگئی کہ یہ گروہ صرف امامِ حسن رضی اللہ عنہ ہی کے جگر پارہ سیّدنا زید رضی اللہ عنہ سے ہی بغض نہیں رکھتا بلکہ ان کے والد بزرگوار سیّد المتقین سیّدنا حسنِ مجتبیٰ رضی اللہ عنہ، نواسۂ رسول جگر گوشۂ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ، لختِ جگر سیّدۃ النساء رضی اللہ عنہا سے بھی بغض رکھتا ہے۔ صرف اس لیے کہ انہوں نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے صلح کر لی اور ان کا وظیفہ بھی قبول کرتے رہے۔

معلوم ہوا کہ پھر ان کا محبانِ اہلِ بیت کا مدعی ہونا سراسر فریب ہے ایک طرف تو دکھلاوا محبت کا جھوٹا پرچار اور دوسری طرف انہی نفوسِ عالیہ سے بغض اب میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ قرآن وحدیث کی روشنی میں اور ان کے عقیدہ کے مطابق ان لوگوں کا کیا حال ہوگا جو اہلِ بیتِ اطہار سے رائی برابر بھی بغض رکھتے ہیں تو ان کو بالاتفاق علی الاطلاق بالنص تسلیم کرنا پڑے گا کہ: خَسِرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَفِيْ نَارِ جَهَنَّمَ کے مصداق بن رہے ہیں۔

حضرت سیّدنا زید بن امامِ حسن رضی اللہ عنہما بھی کثیر الاولاد تھے اور متقدمین نے ان کا بالتفصیل ذکر کیا ہے۔ دنیا میں آج بھی ان کی نسل جاری وساری ہے یاد رہے کہ حضرت سیّد محمد گیسو دراز خلیفۂ حضرت سیّدنا خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی علیہم الرحمہ بھی حضرت سیّدنا زید بن سیّدنا امامِ حسن رضی اللہ عنہما کی اولاد سے ہیں۔ ان کا مزارِ اقدس بمقامِ گلبرگہ (علاقہ سرکار عالی نظام خَلَّدَ اللّٰهُ مُلْكَهٗ) میں ہے (۱)

## فضائلِ جلیلہ حضرت حسنِ مثنیٰ بن سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہما

## وازواج واولاد

حضرت سیّدنا امامِ حسن رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حسنِ مثنیٰ رضی اللہ عنہ وہ ہیں جن کا نامِ گرامی مشہور ومعروف ہے۔ ان کی والدہ محترمہ حضرت خولہ بنتِ منظور بن ریان بن عمرو بن جابر بن عقیل بن سمی بن حازن بن فزادہ ہیں۔

حضرت حسن مثنیٰ بن سیّدنا الامام الحسن رضی اللہ عنہ کی کنیت ابو محمد تھی آپ کے نکاح میں حضرت فاطمہ جو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی بیٹی ہیں اور یہی حضرت فاطمہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی بڑی شہزادی تھیں واقعۂ کربلا کے وقت یہ مدینہ طیبہ میں اپنے شوہر حضرت حسن مثنیٰ کے پاس بمعہ بچوں کے آپ کے گھر میں موجود تھیں۔

حضرت حسنِ مثنیٰ بن امامِ حسن رضی اللہ عنہما اور حضرت فاطمہ صغریٰ بنتِ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے بطن سے آپ کے ہاں تین لڑکے اور دو لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ یعنی کل پانچ اولادیں تھیں۔ بیٹوں کے نام یہ ہیں:

۱۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ
۲۔ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ
۳۔ حضرت حسنِ مثلث رضی اللہ عنہ

(۱) تذکرۃ البہام، تہذیب الکمال

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بیٹیوں کے نام

۱۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا

۲۔ حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا (یہ پانچوں از بطنِ بنت الحسین بن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم ہیں)(۱)

حضرت حسنِ مثنیٰ کی ایک اور بیوی تھی جو ام ولد حبیبہ اہلِ روم سے تھیں۔ان کے بطن سے حضرت حسنِ مثنیٰ کے ہاں دو فرزند پیدا ہوئے ایک حضرت داؤد رضی اللہ عنہ اور دوسرے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ۔

حضرت حسنِ مثنیٰ کی تیسری بیوی رملہ تھیں جن کے بطن سے آپ کے ہاں ایک فرزند حضرت محمد رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے۔

حضرت حسنِ مثنیٰ کی چوتھی بیوی ایک اور تھیں جن کے بطن سے حضرت کے ہاں دو بیٹیاں پیدا ہوئیں۔ایک حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا اور دوسری حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حسن عمری۔

حضرت حسنِ مثنیٰ کی ایک پانچویں بیوی تھی جن کے بطن سے آپ کے ہاں ایک بیٹی پیدا ہوئی۔جن کا نام حضرت قسیمہ رضی اللہ عنہا تھا۔

نتیجہ متذکرہ یہ ہوا کہ حضرت سیّدنا حسنِ مثنیٰ کی کل اولاد امجاد گیارہ نفوسِ مقدسہ ہیں جن میں حضرت کے کل چھ فرزند ہیں اور پانچ بیٹیاں ہیں۔(۲)

## حالاتِ صاحبزادگان حضرت حسنِ مثنیٰ بن امامِ حسن رضی اللہ عنہما

حضرت سیّدنا حسنِ مثنیٰ رضی اللہ عنہ کے چھ فرزندوں میں سے تین فرزند ابراہیم الغمر رضی اللہ عنہ ۲۔حسنِ مثلث رضی اللہ عنہ ۳۔عبداللہ المحض رضی اللہ عنہ۔یہ تینوں وہ اصحاب ہیں جو طرفین سے فاطمی ہیں۔یہ شرف اوروں میں نہیں پایا جاتا۔

### حضرت عبداللہ المحض:

یاد رہے کہ ان کا نام عبداللہ المحض ہے کیونکہ ان کے والد حسنِ مثنیٰ بن امامِ حسن رضی اللہ عنہما اور ان کی والدہ محترمہ حضرت فاطمہ صغریٰ بنتِ امام حسین علیہ السلام ہیں۔یہ شکل وصورت میں بھی شبیہِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم تھے قبیلہ بنی ہاشم کے شیخ تھے۔نہایت خوبصورت اور نہایت قوی اور سخی النفس تھے۔یہ منصور کے ہاتھوں شہید ہو گئے تھے۔اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ان کے چھ فرزند تھے۔

۱۔ حضرت محمد النفس الزکیہ رضی اللہ عنہ ۲۔ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ ۳۔ حضرت موسیٰ الجون رضی اللہ عنہ

۴۔ حضرت یحییٰ رضی اللہ عنہ ۵۔ حضرت سلیمان رضی اللہ عنہ ۶۔ حضرت ادریس رضی اللہ عنہ

اور پانچ بیٹیاں

۱۔فاطمہ رضی اللہ عنہا ۲۔زینب رضی اللہ عنہا ۳۔ام کلثوم رضی اللہ عنہا ۴۔ام سلمہ رضی اللہ عنہا ۵۔ام سلمہ رضی اللہ عنہا

حضرت امام مالک کے دور میں حضرت محمد النفس الزکیہ نے دعویٰ خلافت کیا تھا اور انہوں نے ان کی رفاقت کا فتویٰ دیا تھا حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ نے دعویٰ خلافت کیا تھا حضرت سیّدنا امام ابوحنیفہ علیہ الرحمہ نے ان کو چار ہزار درہم بطورِ تحفہ دیے تھے اور ان کی رفاقت فرمائی تھی۔ان کے دو بیٹے حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ دنیا میں بہت مشہور ہیں۔حضرت موسیٰ الجون ابنِ عبداللہ المحض بن حسنِ مثنیٰ کی نسل دنیا میں بہت پھیلی ہے۔

---

(۱) تہذیب الکمال۔ سوانح کربلا (۲) تذکرہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت پیرانِ پیر سلطان الاولیاء غوث الغیاث، قطب الاقطاب، فرد الافراد، سیّد السیادات سیدی وسندی شیخ ابو محمد عبد القادر الحسنی الحسینی گیلانی سرکارِ بغداد: حضرت موسیٰ الجون کی ہی نسل مبارک سے ہیں آپ کا سلسلہ عالیہ اس طرح ہے محمد عبد القادر بن موسیٰ بن عبد اللہ بن یحییٰ الذاھد بن داؤد بن موسیٰ بن عبد اللہ بن موسیٰ الجون بن عبد اللہ المحض بن حسن مثنیٰ بن امام حسن بن مولیٰ علی المرتضیٰ (رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین)

## حضرت ابراہیم العمر رضی اللہ عنہ:

حضرت ابراہیم بن حضرت حسنِ مثنیٰ کا لقب عمر، کثرتِ جود کی وجہ سے پڑ گیا۔ ان کی کنیت ابو اسمٰعیل ۱۴۵ھ میں انہتر سال کی عمر میں انتقال فرمایا تھا ان کی نسل اسمٰعیل دیباج سے جاری ہوئی۔ اسمٰعیل دیباج کی کنیت ابو ابراہیم اور لقب شریف الخاص تھا ان کے فرزند حضرت حسن کی نسل اور ابراہیم طباطبا سے جاری ہے اور بکثرت موجود ہے۔ ساداتِ معسیہ کا سلسلہ نسب انہی میں آ کر شامل ہوتا ہے۔ بنو معسیہ میں سے سیّد عماد الدین محمد بن محمد حسین بن قریش کی اولاد دہلی میں موجود ہے۔

## حضرت حسن المثلث رضی اللہ عنہ:

حضرت حسن المثلث بن حسنِ مثنیٰ رضی اللہ عنہ کی کنیت ابو علی ہے ۱۴۵ھ میں انتقال فرمایا ان کی نسل دنیا میں موجود ہے۔

## حضرت داؤد رضی اللہ عنہ:

حضرت داؤد بن حضرت حسنِ مثنیٰ اور حضرت سیّدنا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ باہم رفیق تھے ان کی نسل حضرت سلیمان اور حضرت داؤد رضی اللہ عنہ سے جاری ہے۔ سلیمان کی والدہ امِ کلثوم بنتِ حضرت علی اوسط امام زین العابدین رضی اللہ عنہ ہیں حضرت سلیمان رضی اللہ عنہ کی نسل چار فرزندوں، موسیٰ رضی اللہ عنہ، داؤد رضی اللہ عنہ، اسحٰق رضی اللہ عنہ، حسن رضی اللہ عنہ سے دنیا میں موجود ہے۔ (۱)

## حضرت جعفر رضی اللہ عنہ:

حضرت جعفر بن حسنِ مثنیٰ کی کنیت ابو الحسن ہے۔ ۱۷۰ھ میں انتقال فرمایا ان کے ہاں ایک بیٹے حسن رضی اللہ عنہ تھے جس کی نسل عبد اللہ رضی اللہ عنہ اور جعفر رضی اللہ عنہ اور محمد الشیلق رضی اللہ عنہ سے جاری ہے۔

## حضرت ادریس رضی اللہ عنہ:

حضرت ادریس بن حسنِ مثنیٰ رضی اللہ عنہ کی نسل دنیا میں موجود ہے خاص کر اہلِ مصر میں تو اکثر لوگ انہی کی نسل سے ہیں۔

متقدمین علیہم الرحمہ نے تو حضرت سیّدنا امامِ حسن رضی اللہ عنہ کے صاحبزادوں، پوتوں، نواسوں، پڑپوتوں کے تمام احوال بمعہ اسمائے گرامی درج کیے ہیں جن کے لیے ایک مخصوص کتاب بھی تیار کی جائے تو کم ہے۔ لیکن یہاں پر چند مختصر اور ضروری حالات بیان کیے گئے جن کا تعلق اس کتاب سے ہے۔

(۱) تذکرہ لبام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# آخری لمحات شدید زہر سے
# سیّدنا امامِ حسن رضی اللہ عنہ کی شہادتِ عظمیٰ

ابنِ سعد عمران بن عبداللہ بن طلحہ رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ امام الاتقیاء حضرت سیّدنا حسنِ مجتبیٰ رضی اللہ عنہ نے ایک شب خواب میں دیکھا کہ آپ کی دونوں چشم مبارک کے درمیان قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ لکھا ہوا ہے۔ آپ کے اہلِ بیتِ عظام یہ خواب دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔ لیکن جب یہ خواب حضرت سعید بن المسیب کے سامنے بیان کیا گیا تو انہوں نے فرمایا اگر واقعی یہ خواب دیکھا ہے تو

مَا بَقِيَ مِنْ اَجَلِهٖ اِلَّا اَيَّامٌ حَتّٰى مَاتَ (۱)

حضرت امام کی عمرِ اقدس چند روز ہی باقی رہ گئی یہاں تک کہ وہ ہم سے جدا ہو جائیں گے۔ (۲)

چنانچہ خواب اور اس کی تعبیر صحیح ثابت ہوئی اور کچھ ایام کے بعد ہی دشمنوں نے آپ کو زہر پلا دیا۔ زہر کے شدید اثر سے حضرت امامِ جلیل نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی انتڑیاں ٹکڑے ٹکڑے ہو گئیں۔

وَكَانَ مَرَضُهُ الْاِسْهَالَ الْكَبِدِيَّ وَتَقَطَّعَ الْاَمْعَاءَ وَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ جَاءَ الْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ اَخِيْ اَيُّ مَنْ صَاحَبَكَ قَالَ تُرِيْدُ قَتْلَهٗ قَالَ نَعَمْ قَالَ لَئِنْ كَانَ صَاحِبِيَ الَّذِيْ اَظُنُّ اللّٰهُ اَشَدُّ نِقْمَةً وَاِنْ لَمْ يَكُنْهُ مَا اُحِبُّ اَنْ تَقْتُلَ بِيْ بَرِيْئًا ثُمَّ قَالَ لَقَدْ سُقِيْتُ السَّمَّ مِرَارًا وَسُقِيْتُ مَرَّةً اَشَدَّ مِنْ هٰذِهٖ۔

''اور آپ کی بیماری یہ تھی کہ جگر اور انتڑیاں ٹکڑے ٹکڑے ہو کر دستوں میں نکلتی تھیں اور جب آپ کا وصال ہونے لگا تو حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے آ کر عرض کیا اے میرے بھائی کون تھا۔ جس نے یہ حرکت کی۔ حضرت امامِ حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم اسے مارنا چاہتے ہو امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے کہا ہاں! امامِ حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر میرا قاتل وہی ہے جو میرے گمان میں ہے تو میرا اللہ تعالیٰ سخت بدلہ لینے والا ہے اور اگر وہ قاتل نہیں تو میں نہیں چاہتا کہ تم کسی بے گناہ کو قتل کرو۔ بعد اس کے آپ نے فرمایا مجھے کئی مرتبہ زہر پلایا گیا لیکن ایسا سخت کبھی نہیں پلایا گیا'' (۳)

مذکورہ بالا روایتِ صحیح سے معلوم ہوا کہ حضرت سیّدنا و سیّد الصالحین امامِ حسن رضی اللہ عنہ کو زہر پلانے سے اسہالِ کبدی لاحق ہو گیا اس تکلیف میں آپ کئی روز مبتلا رہے۔ اہلِ بیت کے تمام نفوس آپ کے پاس جمع ہوئے اور جونہی یہ خبر پھیلتی گئی لوگ جوق در جوق جمع ہوتے گئے آپ کی شدید تکلیف سے اہلِ بیت و اصحاب کے آنسو نہ تھم سکے۔ یہ کیسا عظیم وقت تھا کہ نواسۂ رسول جگر گوشۂ بتول کی آنتیں کٹی جا رہی ہیں اور جگر ٹوٹ رہا ہے اور منہ سے قے در قے آ رہی ہے اور حلق خشک ہو چکا ہے ایسے موقع پر امامِ حسین رضی اللہ عنہ عرض کرتے ہیں کہ بھائی جان آپ کو کس نے زہر پلایا ہے تو آپ فرماتے ہیں تم اسے قتل کرو گے؟ امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہاں۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرا گمان جس کی طرف ہے اگر درحقیقت وہی قاتل ہے تو اللہ تعالیٰ منتقمِ حقیقی ہے اور اس کی گرفت سخت ہے اور اگر وہ نہیں تو میں نہیں چاہتا کہ میرے سبب سے کوئی بے گناہ مبتلائے مصیبت ہو۔ مجھے کئی بار زہر دیا گیا لیکن اس مرتبہ کا زہر زیادہ سخت اور جان لیوا ثابت ہوا ہے۔ (۴)

---

(۱) تاریخ الخلفاء ۱۹۲ (۲) اور (۳) تاریخ الخلفاء، سر الشہادتین، تہذیب الکمال۔ نور الابصار (۳) تذکرۃ البہام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اللہ اکبر اللہ اکبر۔ ناظرین ذرا دل سے عقیدت کے آنسو بہاتے ہوئے غور فرمائیں کہ حضرت امام المتقین سیّد الصالحین منبعِ جود وسخا، راکب دوشِ مصطفیٰ، سیّد الاسخیاء، لختِ جگر سیّدۃ النساء، جگر گوشۂ مولا علی المرتضیٰ، سیّدِ کونین، برادرِ حسین سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کے زہر کے اثر سے دل وجگر کے ٹکڑے ٹکڑے ہو رہے ہیں اور آنتیں کٹ کٹ کر باہر آ رہی ہیں اور زندگی کا چراغ نزع کی حالت میں ہے۔ مگر انصاف کا بادشاہ اس وقت بھی اپنی عدالت وانصاف کا نہ مٹنے والا نقش صفحۂ تاریخ پر ثبت فرماتا ہے۔ اس کی احتیاط اس بات پر اجازت نہیں دیتی کہ جس کی طرف گمان ہے اس کا نام بھی لیا جائے۔ اس سے معلوم ہوا کہ جو لوگ آپ کی زوجہ جعدہ بنتِ اشعث پر یہ الزام لگاتے ہیں کہ انہوں نے زہر پلایا تھا بالکل سراسر بہتان ہے۔ جب خود حضرت امام واہلِ بیتِ اطہار نے کسی کا نام نہیں لیا تو آج ان لوگوں کو کس نے آپ کی بیوی کا نام بتا دیا ہے؟ یہ ظلمِ عظیم ہے۔ (۱)

حضرت سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ سبطِ سیّد الانام پہ لاکھوں درود وسلام۔ ایسا صبر وتحمل اور ایسی بردباری اور ایسا عظیم حوصلہ اور ایسی شانِ کرامت ومنزلت اور ایسا عدل جس کی مثال روئے زمین پر نہیں مل سکتی۔ بوقتِ انتقال حضرت امامِ حسن کی گھبراہٹ اور بے قراری زیادہ بڑھ گئی۔ نفوسِ اہلِ بیت کی آنکھوں میں بارش کی طرح آنسو ہیں۔ امامِ عالی مقام نے زندگی سے مایوس ہو کر اپنی سگی بہن سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا کو اپنے قریب کر کے فرمایا۔ اے میری بہن دعا کرو کہ اللہ تعالیٰ خاتمہ بالخیر فرما دے۔ میرے ماں باپ میرا انتظار کر رہے ہیں۔ اللہ تمہارا بہترین نگہبان ہے۔ تم بڑی ہو تمام خاندان کا خیال رکھنا اور کسی کو میرے بعد کوئی تکلیف نہ ہونے دینا۔ بہن زینب رضی اللہ عنہا کی آہ وبکا اور تیز ہو گئی لیکن دامنِ صبر کو ہاتھ سے نہ چھوڑا۔ اس لیے کہ رضائے الٰہی پر شاکر ہونا انہی کی صفت ہے یہ منظر دیکھ کر امامِ حسین رضی اللہ عنہ اپنے بھائی جان امامِ حسن رضی اللہ عنہ کے گلے سے لپٹ کر روتے رہے اور عرض کیا اے میرے پیارے برادر گرامی! آپ کیوں رنجیدہ ہیں آپ کو عنقریب نانا جان حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں باریابی حاصل ہو گی اور حضرت مولا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا اور حضرت فاطمہ الزہرا رضی اللہ عنہا اور حضرت قاسم وطاہر وحمزہ اور جعفر رضی اللہ عنہم اجمعین کا دیدار نصیب ہو گا۔

جس کے بھائی کو زہر پلایا گیا
اس حسین ابنِ حیدر پہ لاکھوں سلام

امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اے برادر عزیز میں کچھ ایسے امر میں داخل ہونے والا ہوں جس کی مثل اب تک داخل نہیں ہوا اور خلقِ الٰہی میں سے ایسی خلق کو دیکھتا ہوں جس کی مثل میں نے کبھی نہیں دیکھی۔ اِنِّیْ اَرٰی خَلْقًا مِّنْ خَلْقِ اللّٰہِ لَمْ اَرَ مِثْلَہٗ قَطُّ اور اس کے ساتھ ہی آپ نے فرمایا اے حسین رضی اللہ عنہ میں تمہارے اس وقت کو دیکھ رہا ہوں جب کہ تمہارے ساتھ کوئی ماسوا خدا کے مددگار نہ ہو گا۔ یاد رکھنا اس وقت نانا جان اور ابا جان کی وصیت کے مطابق صبر کو ہاتھ سے نہ چھوڑنا اور تم بھی بہت جلد ہمارے پاس پہنچ جاؤ گے۔ (۲)

اس ارشادِ اقدس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت حضرت امامِ عالی مقام شہزادۂ کونین نبی کے نور العین امام حسن رضی اللہ عنہ کے سامنے کربلا کا ہولناک منظر اور حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی تنہائی کا نقشہ تھا اور کوفیوں کے مظالم کی تصویریں آپ کو غمگین کر رہی تھیں۔ اس کے ساتھ ہی آپ نے فرمایا۔

(۱) سوانح کربلا (۲) الاسد الغابہ، تہذیب الکمال، تذکرۃ الہمام، سوانح کربلا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

میں نے امِ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے درخواست کی تھی کہ مجھے روضۂ اطہر ساقیٔ کوثر میں دفن کی جگہ عنایت کی جائے تو انہوں نے نہایت خوشی سے منظوری فرمادی۔ میرے وصال کے بعد دوبارہ ان سے اجازت طلب کر لینا۔ وہ اجازت تو ضرور دے دیں گی لیکن میں گمان کرتا ہوں کہ قوم اس پر مانع ہوگی اگر وہ ایسا کریں تو تم ان سے تکرار نہ کرنا۔ (۱)

امام الاتقیاء سیّدنا امامِ حسن رضی اللہ عنہ نے پینتالیس سال چھ ماہ چند روز ۴۹ھ ربیع الاوّل کی پانچ تاریخ کو اس دارِ ناپائیدار سے مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم میں رحلت فرمائی۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ (۲)

## تجہیز و تکفین و نمازِ جنازہ و تدفینِ سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ:

جس روز مدینہ طیبہ میں نواسۂ رسول امامِ حسن رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوگیا۔ مدینہ طیبہ میں ہر طرف گریہ زاری کی آوازیں بلند ہوگئیں۔ یہ رحلت کوئی معمولی نہ تھی۔ یہ رحلت ان کی تھی جو سبطِ سیّد المرسلین، سیّد الصالحین، پیکرِ صلح و مصالحت، مرکزِ حلم و عفو، منبعِ صبر و تحمل، خزانۂ جود و سخا، عاملِ فرائض و سنن، مولائے مساکین، سیّدِ شبابِ اہلِ الجنۃ، خاندانِ نبوت کے چشم و چراغ تھے۔ بازار بند ہوگئے۔ گلیوں میں سناٹا چھا گیا اور ایک مہینہ تک اس غم جدائی کا تذکرہ ہوتا رہا کہ ہم میں سے وہ شخصیت جدا ہوگئی جس کو دیکھ کر چہرۂ رسالت مآب کا نقشہ سامنے آجاتا تھا۔ جس کو دیکھ کر خدا یاد آجاتا تھا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما نے پکار پکار کر فرمایا آج رولو جس آنکھ نے رونا ہے مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کے محبوب دنیا سے اٹھ گئے ہیں۔ (۳)

ثعلبہ بن مالک جو امام حسن کے جنازے میں شریک تھے۔ فرماتے ہیں کہ آپ کے جنازہ پر انسانوں کا اس قدر بے پناہ ہجوم تھا کہ اگر سوئی جیسی مہین چیز بھی پھینکی جاتی تو کثرتِ اژدھام سے زمین پر نہ گرتی۔

حضرت امامِ حسن رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ بالاتفاق خود حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔ آپ کی تجہیز و تکفین کا انتظام نفوسِ اہلِ بیتِ عظام نے ہی کیا تھا حضرت امامِ حسن رضی اللہ عنہ کی وصیت کے مطابق دوبارہ سیّدہ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روضہ اطہرِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے اندر دفن کرنے کی اجازت مانگی گئی تو حضرت امِ المؤمنین نے بخوشی امامِ حسین رضی اللہ عنہ کو فرمایا کہ ضرور امام حسن رضی اللہ عنہ کو روضۂ پاک میں ہی دفن کرو۔ لیکن جب مروان کو اس کا علم ہوا تو اس نے کہا کہ امامِ حسن رضی اللہ عنہ کے لئے بہتر ہے کہ بقیع قبرستان میں ہی دفن کیا جائے۔

یہ جھوٹ کہ معاذ اللہ حضرت ام المؤمنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے امام حسن رضی اللہ عنہ کو روضۂ اطہر میں دفن ہونے کی اجازت نہیں دی تھی۔ حالانکہ ان ہی کی اکثر کتابوں میں صاف یہ ذکر موجود ہے کہ سیّدہ نے اجازت دی تھی لیکن مروان مانع ہوا۔

چنانچہ تمام اصحاب نے امام حسن رضی اللہ عنہ کی وصیت کے مطابق زیادہ تکرار نہ کیا اور آپ کو جنت البقیع کے مبارک قبرستان میں ان کی والدہ خاتونِ جنت سیّدۃ النساء فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے ساتھ دفن کیا۔

ان کے مولیٰ کے ان پہ کروڑوں درود
ان کے اصحاب و عترت پہ لاکھوں سلام

(۱) تذکرۃ الہمام و سر الشہادتین (۲) تذکرۃ الہمام۔ سر الشہادتین۔
(۳) تہذیب الکمال، ص: ۱۸۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## زہر خورانی کی تحقیق اور سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کی زوجہ پر جھوٹے الزام کی تردید:

ناظرین کے لیے صدر الافاضل فخر الاماثل سیّد المفسرین حضرت علامہ سیّد حکیم محمد نعیم الدین رحمۃ اللہ علیہ مرادآبادی کی سوانحِ کربلا کا ایک ورق پیش ہے جس سے معلوم ہو جائے گا کہ حضرت سیّدنا حسن رضی اللہ عنہ کو زہر ان کی بیوی نے نہیں دیا۔ حضرت صدر الافاضل نے پوری تحقیق کے بعد سوانحِ کربلا میں اس بیان کو قلمبند کیا۔ چنانچہ فرماتے ہیں:

''مؤرخین نے زہر خورانی کی نسبت جعدہ بنت اشعث بن قیس کی طرف کی ہے اور اس کو حضرت امام کی زوجہ بتایا ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ یہ زہر خورانی یزید کی وجہ سے ہوئی تھی اور یزید نے اس سے نکاح کا وعدہ کیا تھا۔ اس طمع میں آ کر اس نے حضرت امام کو زہر دیا تھا لیکن اس روایت کی کوئی سند صحیح دستیاب نہیں ہوئی۔

اور بغیر کسی سند کے کسی مسلمان پر قتل کا الزام اور عظیم الشان انسان کے قتل کا الزام کس طرح جائز ہو سکتا ہے۔ قطع نظر اس بات کے کہ روایت کے لیے کوئی سند نہیں ہے اور مؤرخین نے بغیر کسی معتبر ذریعہ اور حوالہ کے لکھ دیا ہے۔

یہ خبر واقعات کے لحاظ سے بھی ناقابلِ اطمینان معلوم ہوتی ہے۔ واقعات کی تحقیق خود واقعات کے زمانہ میں جیسی ہو سکتی ہے مشکل ہے کہ بعد کو ویسی تحقیق ہو۔ خاص کر جب کہ واقعہ اتنا اہم ہو۔ مگر حیرت ہے کہ اہلِ بیتِ اطہار کے اس امامِ جلیل کے قتل کی خبر غیر کو تو کیا ہوتی خود امامِ حسین رضی اللہ عنہ نام نہیں لیتے۔ یہی تاریخیں بتاتی ہیں کہ وہ اپنے برادرِ معظم سے زہر دہندہ کا نام دریافت فرماتے ہیں۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے زہر دینے والے کا ذکر نہ کیا۔ اب رہی یہ بات کہ حضرت امامِ حسن رضی اللہ عنہ خود کسی کا نام لیتے انہوں نے بھی ایسا نہیں کیا۔

تو اب جعدہ کو قاتل ہونے کے لیے معین کرنے والے کون ہیں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو یا امامین کے صاحبزادوں میں سے کسی صاحب کو اپنی آخر حیات تک جعدہ کی زہر خورانی کا کوئی ثبوت نہ پہنچا نہ ان میں سے کسی نے اس پر شرعی مؤاخذہ کیا۔

ایک اور پہلو اس واقعہ کا قابلِ لحاظ ہے وہ یہ کہ حضرت امام کی بیوی کو غیر کے ساتھ ساز باز کرنے کی تہمتِ شنیعہ کے ساتھ متہم کیا جاتا ہے۔ یہ ایک بدترین تبرا ہے عجب نہیں کہ اس حکایت کی بنیاد خارجیوں کی افتراء ہو۔ جب کہ صحیح اور معتبر ذرائع سے یہ معلوم ہے کہ حضرت امامِ حسن رضی اللہ عنہ کثیر الازواج تھے اور آپ نے سو کے قریب نکاح کیے اور طلاقیں دیں۔ اکثر ایک دو شب کے بعد ہی طلاق دے دیتے تھے اور حضرت امیرِ المؤمنین علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم بار بار اعلان فرماتے تھے کہ امامِ حسن رضی اللہ عنہ کی عادت ہے کہ یہ طلاق دے دیا کرتے ہیں کوئی اپنی لڑکی ان کے ساتھ نہ بیاہے۔ مگر مسلمان بیبیاں اور ان کے والدین یہ تمنا کرتے تھے کہ کنیز ہونے کا شرف حاصل ہو جائے اسی کا اثر تھا کہ امامِ حسن رضی اللہ عنہ جن عورتوں کو طلاق دے دیتے تھے وہ اپنی باقی زندگی حضرت امام کی محبت میں شیدایانہ گزار دیتی تھیں اور ان کی حیات کا لمحہ لمحہ حضرت امام کی یاد اور محبت میں گزرتا تھا۔ ایسی حالت میں یہ بات بہت بعید ہے کہ امام کی بیوی حضرت امام کے فیضِ صحبت کی قدر نہ کرے اور یزید پلید کی طرف ایک طمعِ فاسد سے امامِ جلیل کے قتل جیسے سخت جرم کا ارتکاب کرے۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ۔[1]

(۱) تحقیقۃ الحال (سوانح کربلا)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## باب نمبر ۱۱

# حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کا مشترکہ بیان

## سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ وسیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی خاطر مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خطبہ ومنبرِ اقدس چھوڑ دیا:

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تحقیق ہم نے دیکھا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم میں خطبہ فرما رہے تھے کہ۔

جَاءَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ عَلَيْهِمَا قَمِيْصَانِ اَحْمَرَانِ يَمْشِيَانِ وَيَعْثُرَانِ فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمِنْبَرِ فَحَمَلَهُمَا فَوَضَعَهُمَا بَيْنَ يَدَيْهِ۔ (۱)

حضرت سیّدنا امامِ حسن وسیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہما اس حال میں آ رہے ہیں کہ وہ چل رہے ہیں اور گر رہے ہیں اور دونوں نے سرخ قمیصیں پہنی ہوئی ہیں (یعنی سرخ دھاری والی)۔ پس جب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دیکھا کہ حسن رضی اللہ عنہ و حسین رضی اللہ عنہ اس حالت میں گرتے چلے آ رہے ہیں تو آپ منبر شریف سے اترے اور دونوں کو اٹھا لیا اور اپنی آغوش میں بٹھا لیا (اور پھر منبر پر چڑھ گئے)

پھر آپ نے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ تم لوگ حیران ہو گئے کہ میں نے ایسا کیوں کیا ہے؟

نَظَرْتُ اِلٰى هٰذَيْنِ الصَّبِيَّيْنِ يَمْشِيَانِ وَيَعْثُرَانِ فَلَمْ اَصْبِرْ حَتّٰى قَطَعْتُ حَدِيْثِيْ فَرَفَعْتُهُمَا (۲)

جب میں نے اپنے ان دو بچوں حسن رضی اللہ عنہ و حسین رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ آ رہے ہیں اور گرتے گرتے چل رہے ہیں تو مجھ سے رہا نہ گیا یہاں تک کہ مجھے اپنا خطبہ چھوڑنا پڑا اور منبر کو بھی چھوڑنا پڑا، اور ان دونوں بچوں کو اٹھا لیا۔

اس حدیثِ صحیح سے معلوم ہوا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنے ان شہزادوں کے ساتھ اس قدر پیار و محبت تھا کہ آپ سے اتنا بھی برداشت نہ ہو سکا کہ میرے حسنین کریمین رضی اللہ عنہما گرتے چلے آ رہے ہیں لہٰذا آپ کو اپنا خطبہ اور منبر چھوڑنا پڑا۔ لیکن پیارے حسنین کریمین کا گرنا برداشت نہ فرمایا۔

---

(۱) صحیح ابن حبان، ۱۳: ۴۰۳، رقم: ۶۰۳۰ (۲) صحیح ابن حبان، ۱۳: ۴۰۳، رقم: ۶۰۳۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

یہ واقعہ بچپن شریف میں رونما ہوا لیکن اس کی لاج سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے میدانِ کربلا میں رکھی۔ ایک وقت وہ تھا جب ہم گر رہے تھے تو نانا جان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ و منبر چھوڑ دیا اور ہمارا گرنا برداشت نہ کیا۔ آج جب ہمارے نانا جان علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دین اسلام کو گرانے کے لیے یزید پلید ملعون کوشش کر رہا ہے میں حسین رضی اللہ عنہ اپنا کنبہ اور چھوٹے بچے اور نوجوان بیٹے قربان کر دوں گا اور اپنی جان دے دوں گا لیکن اپنے نانائے پاک سرکار محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کو نہیں گرنے دوں گا کہ اے نانا جان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگر آپ نے حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کا گرنا برداشت نہ کیا تو ہم نے آپ کے دین کو گرنے سے بچا لیا ہے۔

جس نے نانا کا وعدہ وفا کر دیا　　اس حسین ابنِ حیدر پہ لاکھوں سلام

نیز ان لوگوں کا کیا حال ہوگا جنہوں نے حسین رضی اللہ عنہ کو ظلم و ستم کا نشانہ بنایا جس حسین رضی اللہ عنہ کا آپ نے گرنا برداشت نہ کیا۔

## سیّدنا امام حسن و سیّدنا امام حسین مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کملی مبارک میں بوقتِ شب:

ترمذی کی حدیث میں حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ مجھے ایک رات سرکارِ دو عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس کسی حاجت کی خاطر جانا پڑا تو میں نے دیکھا۔

فَخَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ مُشْتَمِلٌ عَلٰی شَیْءٍ لَااَدْرِیْ مَاھُوَ

آپ اس حالت میں باہر تشریف لائے کہ آپ نے اپنے اوپر کملی اوڑھی ہوئی تھی اور کوئی چیز اس میں حرکت کرتی نظر آ رہی تھی۔ تعجب ہوا کہ کملی اقدس میں کون سی شے حرکت کر رہی ہے؟ میں نہ جان سکا۔

آگے حضرت اسامہ فرماتے ہیں کہ پس جب میری ضرورت پوری ہوئی اور میں فارغ ہوا اس کام سے جس کی خاطر آپ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا تھا تو میں نے آپ سے پوچھا:

مَا ھٰذَا الَّذِیْ اَنْتَ مَشْتَمِلٌ عَلَیْہِ (۱)

یہ کیا چیز ہے جو آپ اپنی کملی میں چھپائے ہوئے ہیں اور حرکت نظر آ رہی ہے؟

مصطفیٰ علیہ السلام نے زبانِ اطہر سے بغیر کچھ فرمائے ہوئے کملی مبارک کھول دی۔

فَاِذَا ھُوَ حَسَنٌ وَحُسَیْنٌ عَلٰی فَخِذَیْہِ۔

پس میں نے دیکھا کہ آپ حضرت حسن رضی اللہ عنہ و حضرت حسین رضی اللہ عنہ دونوں کو اپنی ران مبارک پر اٹھائے ہوئے ہیں۔

پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

ھٰذَانِ اِبْنَایَ وَاِبْنَا اِبْنَتِیْ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُحِبُّھُمَا فَاَحِبَّھُمَا، وَاَحِبَّ مَنْ یُّحِبُّھُمَا (۲)

یہ میرے بیٹے اور میری بیٹی کے بیٹے ہیں اے میرے اللہ مجھے ان دونوں سے محبت ہے اور تو بھی ان کے ساتھ محبت فرما اور جو ان سے محبت کرے تو اس سے بھی پیار فرما۔

معلوم ہوا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کو رات کے وقت تھوڑی دیر کے لیے بھی اپنے سے جدا نہ فرماتے اور دروازہ سے باہر اس حال میں آئے کہ شہزادے اپنے سینۂ اقدس سے لگائے ہوئے ہیں اور ساتھ یہ بھی فرما دیا کہ مجھے ان سے محبت ہے

(۱) ترمذی، مشکوٰۃ باب مناقب اہل بیت　(۲) ترمذی، مشکوٰۃ باب مناقب اہل بیت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اور اللہ تعالیٰ کو بھی یقیناً محبت ہے اور میری دعا ہے کہ جو ان سے پیار رکھے اے اللہ تو اس کے ساتھ پیار رکھ۔ معلوم ہوا کہ جس دل میں حسنین کی محبت ہوگی اللہ تعالیٰ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس سے محبت فرماتے ہیں۔

## سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ وسیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے جسم اقدس کو مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سونگھتے اور بوسہ دیتے:

حضرت انس رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اہلِ بیتِ اطہار میں سے حضرت امامِ حسن رضی اللہ عنہ و امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ اس قدر محبت تھی۔ الفاظِ حدیث ملاحظہ فرمائیں:

سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ اَهْلِ بَيْتِكَ اَحَبُّ اِلَيْكَ ؟ قَالَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ. وَكَانَ يَقُوْلُ لِفَاطِمَةَ اُدْعِيْ لِيْ اِبْنَيَّ فَيَشُمُّهُمَا وَيَضُمُّهُمَا اِلَيْهِ۔ (۱)

حضور علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ آپ کو اہل بیت میں سے سب سے زیادہ کس سے محبت ہے؟ تو آپ نے فرمایا حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ سے مجھے زیادہ محبت ہے۔ اور فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا کرتے تھے میرے بیٹوں کو میرے پاس لاؤ۔ پس آپ دونوں کو لے کر سینۂ اقدس سے لگاتے اور ان کے جسم کو سونگھتے۔

## سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ وسیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دنیا میں دو پھول ہیں:

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اِنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ هُمَا رَيْحَانَتَايَ مِنَ الدُّنْيَا۔

تحقیق میرے حسن رضی اللہ عنہ و حسین رضی اللہ عنہ دنیا میں سے میرے پھول ہیں۔

یاد رہے کہ جنت کے پھولوں کا نام ریحان ہے وَالْحَبُّ ذُوالْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ. کہ جنت کے پھول ریحان ہیں اور سرورِ کائنات کے ریحان یعنی پھول حسنین کریمین رضی اللہ عنہما ہیں۔

## سیّدنا امامِ حسن و سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہما جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے:

اِنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ۔ (۲)

تحقیق میرے حسن رضی اللہ عنہ و حسین رضی اللہ عنہ جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں۔

معلوم ہوا کہ حضرت حسنین کریمین سیّدین رضی اللہ عنہما جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں اور نوجوانوں کا اس لیے فرمایا گیا ہے کیونکہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جنت میں کوئی بوڑھا نہیں ہوگا سب جوان ہوں گے اور ان سب اہلِ جنت کے سردار سیّدنا حسنِ و سیّدنا حسین رضی اللہ عنہما ہوں گے۔

(۱) جامع ترمذی ۵:۶۵۷، رقم:۳۷۷۲ (۲) صحیح ابن حبان ۱۵:۴۱۳، رقم:۶۹۶۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

پارہ ہائے صحف غنچہ ہائے قدس
اہلِ بیتِ نبوت پہ لاکھوں سلام
آبِ تطہیر سے جن کے پودے جمے
اس ریاضِ نجابت پہ لاکھوں سلام
خونِ خیر الرسل سے ہے جن کا خمیر
ان کی بے لوث طینت پہ لاکھوں سلام
ان کی بالا شرافت پر اعلیٰ درود
ان کی والا سیادت پہ لاکھوں سلام

(از امامِ اہلِ سنت الشاہ احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمۃ)

## حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کا تختیاں لکھنا اور خدائی فیصلہ:

امام صفوری نے لکھا ہے کہ ایک مرتبہ سیّدنا امامِ حسن رضی اللہ عنہ و سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے بچپن میں تختیاں لکھیں اور پہلے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور پھر سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس لائے کہ فیصلہ کریں خط کس کا اچھا ہے:

كَتَبَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ فِيْ لَوْحَيْنِ وَقَالَ كُلٌّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا خَطِّيْ اَحْسَنُ اَلْحُكْمُ اِلَى الْفَاطِمَةَ فَدَفَعَتِ الْحُكْمَ اِلَى جِدِّهَا فَقَالَ لَا يَحْكُمُ بَيْنَهُمَا اِلَّا جِبْرِيْلُ فَقَالَ جِبْرِيْلُ لَا يَحْكُمُ بَيْنَهُمَا اِلَّا رَبُّ الْعِزَّةِ فَقَالَ رَبُّ الْعِزَّتِ يَا جِبْرِيْلُ خُذْ تُفَّاحَةً مِّنَ الْجَنَّةِ وَاطْرَحْهَا عَلَى اللَّوْحَيْنِ نَحْنُ وَقَعَتْ عَلٰى خَطِّهٖ فَهُوَ اَحْسَنُ فَلَمَّا اَلْقَاهَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى كُوْنِيْ نِصْفًا نِصْفًا فَوَقَعَ نِصْفُهَا عَلٰى خَطِّ الْحَسَنِ وَالنِّصْفُ الْاٰخَرُ خَطِّ الْحُسَيْنِ۔ (۱)

حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ نے دو تختیوں پر لکھا اور ان میں سے ہر ایک کہنے لگا کہ میرا خط اچھا ہے پھر اپنے والد ماجد حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فیصلہ چاہا انہوں نے سیّدہ فاطمۃ رضی اللہ عنہا کے پاس فیصلے کے لیے بھیجا سیّدہ نے اپنے بچوں کو نانا جان صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بھیجا رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کا فیصلہ جبریل علیہ السلام کریں گے۔ جناب جبریل علیہ السلام نے کہا سوائے رب العزت کے ان دونوں شہزادوں کا فیصلہ کوئی نہیں کرے گا اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: اے جبریل علیہ السلام جنت سے ایک سیب لے کر ان دونوں تختیوں پر ڈال دو جس کی تحریر پر وہ گرے وہی بہتر ہے جب جبریل نے سیب لا کر ڈالا تو خدا تعالیٰ نے اسے حکم دیا کہ دو ٹکڑوں میں تقسیم ہو جا پس وہ آدھا حسن رضی اللہ عنہ کے خط پر اور آدھا حسین رضی اللہ عنہ کے خط پر گر پڑا (فیصلہ خداوندی یہ ہوا کہ دونوں کا خط اچھا ہے)

معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے ان دونوں شہزادوں کے خط کی تعریف کی اور انہیں اچھا قرار دیا اس لیے کہ ان دونوں شہزادوں میں سے کسی ایک کی دل شکنی نہ ہو۔ یاد رہے کہ اس واقعہ کو علامہ عبد الرحمن صفوی علیہ الرحمہ نے نقل کیا ہے۔ اس کے علاوہ جو لوگ یہ کہتے ہیں یا اپنی غیر معتبرہ مجموعوں میں جو یہ لکھتے ہیں یا بیان کرتے ہیں کہ ایک موتیوں کی بالی گری اور وہ پھر نصف نصف ہو کر تختیوں پر پڑی۔ اس کی کچھ اصل نہیں اور نہ ہی کسی معتبر مستند کتاب میں موجود ہے۔ جو اصل واقعہ تھا وہ درج کر دیا گیا یہ ہے شان حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کی۔

(۱) نزہۃ المجالس ۱۹۳ سطر آخر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

باب ۱۲

سیّدالشہداء وامامِ ثالث

# حضرت سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ ابنِ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ

آپ کا اسمِ گرامی حسین کنیت ابوعبداللہ لقب سبط الرسول اور ریحانۃ الرسول نسب مبارک اس طرح ہے۔ حسین بن علی ابن ابی طالب بن عبدالمطلب بن ھاشم بن عبدمناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فھر بن مالك بن نضر بن کنانہ۔ آپ کی والدہ ماجدہ حضرت سیّدہ فاطمہ الزہرا بنتِ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

## بشارت:

مشکوٰۃ شریف میں حضرت سیّدہ ام الفضل بنتِ حارث رضی اللہ عنہا سے راویت ہے کہ میں نے ایک پریشان خواب دیکھا تو اس حالتِ پریشانی میں بارگاہِ حضور رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

اِنِّیْ رَأَیْتُ حُلْمًا مُنْکَرًا اللَّیْلَۃَ قَالَ وَمَا ھُوَ قَالَتْ اِنَّہٗ شَدِیْدٌ قَالَ وَمَا ھُوَ قَالَتْ رَأَیْتُ کَاَنَّ قِطْعَۃً مِّنْ جَسَدِكَ قُطِعَتْ وَوُضِعَتْ فِیْ حِجْرِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَأَیْتِ خَیْرًا تَلِدُ فَاطِمَۃُ اِنْشَآءَ اللّٰہُ غُلَامًا یَکُوْنُ فِیْ حِجْرِكِ۔ (۱)

میں نے بہت سخت عجیب خواب دیکھا ہے۔ آپ نے فرمایا وہ کیا ہے جو تم نے دیکھا؟ عرض کیا وہ بہت ہی ڈراؤنا خواب ہے آپ نے فرمایا کوئی بات نہیں تم بیان کرو عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نے دیکھا ہے کہ آپ کے جسمِ اقدس کا ایک ٹکڑا کاٹ کر میری گود میں رکھ دیا گیا ہے۔ آپ نے فرمایا اے ام الفضل یہ گھبرانے کی بات نہیں ہے یہ تو بڑا مبارک خواب ہے۔ اس کی تعبیر یہ ہے کہ انشاء اللہ میری بیٹی فاطمہ کو اللہ تعالیٰ بیٹا عطا فرمادے گا۔ جسے تم اپنی گود میں لوگی۔

مذکورہ بالا حدیثِ صحیح سے صاف معلوم ہوا کہ حضور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مافی الارحام کا علم تھا اور یہ بھی بشارت فرمادی کہ میری بیٹی فاطمہ کو اللہ تعالیٰ بیٹا عطا فرمائے گا۔

(۱) باب مناقب اہل بیت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ولادتِ باسعادت:

حضرت سیّدہ ام الفضل بنتِ حارث رضی اللہ عنہا جو حضور علیہ السلام کی چچی اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ یعنی نبی علیہ السلام کے چچا کی بیوی تھی اپنا خواب سنا کر اور اس کی تعبیر سن کر چلی گئیں۔ زمانہ گزرتا گیا۔ یہاں تک کہ ۴ھ کے ماہِ شعبان المعظم کی پانچ تاریخ ہوئی تو حضرت سیّدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے ہاں مدینہ طیبہ میں حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے یعنی آپ کی بشارت کے مطابق حدیث میں آتا ہے۔

فَوَلَدَتْ فَاطِمَةُ الْحُسَيْنَ وَكَانَ فِيْ حِجْرِيْ كَمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (۱)

## نام حسین رضی اللہ عنہ و ادائے عقیقہ از مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں حضرت حسین پیدا ہوئے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس صاحبزادے کی پیدائش کی خبر پہنچی تو آپ سیّدہ سلام اللہ علیہا کے گھر تشریف لائے اور فرمایا میرے بیٹے میرے جگر کے ٹکڑے کو میرے پاس لاؤ۔

حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کو ایک سفید کپڑے میں لپیٹ کر آپ کی خدمتِ اقدس میں پیش کیا گیا تو آپ نے اپنی گود میں لیا۔

وَاَذَّنَ فِيْ اُذُنِهٖ وَتَفَلَ فِيْ فَمِهٖ وَدَعَالَهٗ وَسَمَّاهُ حُسَيْنًا يَوْمَ السَّابِعِ وَعُقَّ عَنْهُ بِكَبْشٍ وَقَالَ اَحْلِقِيْ رَاْسَهٗ وَتَصَدَّقِيْ بِوَزْنَةِ شَعْرِهٖ فِضَّةً كَمَا فَعَلَتِ بِالْحَسَنِ۔ (۲)

پس نبی علیہ السلام نے حضرت حسین کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر کہی اور اپنا لعابِ اقدس ان کے منہ میں ڈالا اور آپ کے حق میں دعا فرمائی اور آپ کا نام حسین رکھا اور حکم دیا کہ ساتویں روز ان کا عقیقہ کرو۔ اور بالوں کو اتار کر ان کے ہم وزن چاندی خیرات کر دو۔

چنانچہ ساتویں روز یہ عمل کیا گیا۔ معلوم ہوا کہ امامِ حسین رضی اللہ عنہ کا نام بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منتخب فرمایا۔

## پرورش:

جب حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی ولادت ہوئی تھی تو اس وقت آپ کے بڑے بھائی حضرت امامِ حسن رضی اللہ عنہ کی مدتِ رضاعت یعنی دودھ پلانے کا زمانہ ختم نہیں ہوا تھا۔ اس لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی چچی ام فضل سے فرمایا آپ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو دودھ پلایا کرو۔ چنانچہ امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے اپنی والدہ کا نہیں بلکہ امِ فضل کا دودھ پیا۔ اسی لیے حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسمِ اطہر کا ٹکڑا ام فضل رضی اللہ عنہا بنتِ حارث کی گود میں آ گیا کے الفاظ ہیں۔ حضرت ام الفضل نے حضرت حسین سے ایسی ہی محبت فرمائی جیسی حقیقی بیٹے سے ہوتی ہے۔ آپ نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی پرورش میں نہایت والہانہ محبت فرما کر آپ کے لیے اپنے تمام آرام قربان کر دیے جیسا کہ ایک حقیقی ماں کرتی ہے۔

## تعلیم و تربیت:

حضرت سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اپنے بچپن کے سات سال سات ماہ اور سات دن اپنے نانا جان حضور رسالت مآب علیہ السلام کی آغوش میں رہے۔ گو آپ کو زیادہ مدت نانا جان کی زیرِ تربیت رہنے کا موقع نہ ملا کہ سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام ظاہری پردہ فرما گئے لیکن پھر بھی سات سال اور سات ماہ کا جو موقع حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ سے حاصل ہوا وہ کسی کو نہیں ملا۔ آپ اکثر حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو اپنے ساتھ ہی رکھتے اور خود ہر چیز کے آداب سکھاتے تھے۔ چنانچہ امام بخاری نے اپنی کتاب میں ایک واقعہ درج فرمایا ہے۔

(۱) مشکوٰۃ باب مناقب اہلِ بیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم (۲) اسد الله الغالب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ایک مرتبہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی بارگاہ میں زکوٰۃ کی کھجوروں کا ٹوکرا آیا اتنے میں امام حسین تشریف لائے۔ اور بچے ہی تھے کہ ایک کھجور اٹھا کر منہ میں رکھ لی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اسی وقت آپ کے منہ میں انگلی ڈال کر کھجور نکالتے ہوئے فرمایا کخ کخ۔ نبی کے اہلِ بیت زکوٰۃ نہیں کھایا کرتے۔ (۱) سبحان اللہ

اس سے معلوم ہوا کہ گو امام حسین رضی اللہ عنہ ابھی بچے ہی تھے اور ایک کھجور اٹھا بھی لی تھی تو کیا حرج تھا۔ لیکن آپ نے اسی وقت خود انگلی ڈال کر وہ کھجور نکال دی۔ محض اس لیے کہ اہلِ بیتِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر زکوٰۃ سے ادنیٰ تر ادنیٰ لقمہ بھی حرام ہے آج کل اکثر جھوٹے سیادت کے دعویٰ کرنے والے سب زکوٰتیں وصدقات ہضم کر جائیں تو بھی کچھ فرق ان کی سیادت میں نہیں آتا۔ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ۔ پھر دعویٰ یہ کہ ہم حسنی حسینی ہاشمی ہیں اور آگے معلوم نہیں کیا کیا ہیں۔

اللہ محفوظ رکھے ہر بلا سے
خصوصاً ہر جھوٹی سیادت کے دعویٰ سے

علامہ ابنِ حجر عسقلانی علیہ الرحمہ نے ایک روایت درج فرمائی ہے۔ کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

كَانَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ يَصْطَرِعَانِ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

کہ حسن و حسین رضی اللہ عنہما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے کشتی لڑا کرتے تھے۔

تو ظاہر ہوا کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کی اکثر تعلیم و تربیت نانا جان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہوئی۔ نبی علیہ الصلوۃ والسلام کے ظاہری پردہ فرما جانے کے بعد حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی تربیت سیّدۃ نساء العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور سیّدنا مولا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے ہوئی جن کی ساری زندگی محبت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہی گزری۔

## سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا والہانہ پیار:

احادیث صحیحہ اور روایات مصدقہ پر جب غور کیا گیا تو معلوم ہوا کہ حضور سیّدِ عالم علیہ الصلوۃ والسلام کو امام حسین رضی اللہ عنہ سے بہت زیادہ محبت تھی۔ الاصابہ اور الاستیعاب میں ہے

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَبْصَرَتْ عَيْنَايَ هَاتَانِ وَسَمِعَتْ اُذُنَايَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ اٰخِذٌ بِكَفَّيْ حُسَيْنٍ وَقَدَمَاهُ عَلٰى قَدَمِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُوْلُ تَرَقَّ تَرَقَّ (...) بِقِه قَالَ فَرَقِيَ الْغُلَامُ حَتّٰى وَضَعَ قَدَمَيْهِ عَلٰى صَدْرِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِفْتَحْ فَاكَ ثُمَّ قَبَّلَهٗ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَحِبَّهٗ فَاِنِّيْ اُحِبُّهٗ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میری ان آنکھوں نے دیکھا اور کانوں نے سنا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں کو پکڑے ہوئے تھے اور حسین کے پاؤں حضور علیہ السلام کے پاؤں پر رکھے ہوئے تھے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما رہے تھے اے ننھے منھے قدموں والے چڑھ آ چڑھ آ۔ چنانچہ امام حسین رضی اللہ عنہ جسمِ اطہر پر چڑھتے گئے یہاں تک کہ اپنے قدم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سینہ پر رکھ دیے پس آپ نے فرمایا منہ کھول۔ پھر آپ نے اپنا لعابِ دہن حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے منہ میں ڈالا اور منہ چوم لیا۔ پھر فرمایا اے اللہ تو اسے محبوب رکھ میں اسے محبوب رکھتا ہوں۔

(۱) بخاری جلد دوم ص ۱۲۹ مطبع مصر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## نسبتِ خصوصی اور سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ:

حضرت یعلی بن مرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔

حُسَیْنٌ مِنِّیْ وَاَنَا مِنَ الْحُسَیْنِ اَحَبَّ اللّٰہُ مَنْ اَحَبَّ الْحُسَیْنَ حُسَیْنٌ سِبْطٌ مِنَ الْاَسْبَاطِ (۱)

حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں جو حسین سے محبت کرے گا اللہ اس کے ساتھ محبت کرے گا۔ حسین میری بیٹی کے بیٹے ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضور علیہ السلام کو خاص تعلق ہے اور اسی تعلق کی بنا پر یہاں تک فرمادیا ہے کہ جو میرے اس حسین رضی اللہ عنہ سے محبت کرے گا اللہ تعالیٰ اس سے محبت رکھے گا۔

## راکب دوش نبوت سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ

عَنْ بَرَاءِ اِبْنِ عَازِبٍ قَالَ رَأَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَامِلَ الْحُسَیْنِ عَلٰی عَاتِقِہٖ وَھُوَ یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُحِبُّہٗ فَاَحِبَّہٗ (۲)

براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ حسین رضی اللہ عنہ کو کندھے پر اٹھائے ہوئے ہیں اور فرمارہے ہیں اے اللہ میں اس سے محبت رکھتا ہوں تو بھی اس سے محبت فرما۔

## آغوشِ نبوت اور سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَلَسَ فِی الْمَسْجِدِ فَجَاءَ الْحُسَیْنُ یَمْشِیْ حَتّٰی سَقَطَ فِیْ حِجْرِہٖ فَجَعَلَ اَصَابِعَہٗ فِیْ لِحْیَۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَفَتَحَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَمَہٗ فَجَعَلَ یُدْخِلُ فَاہُ فِیْ فِیْہِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُحِبُّہٗ فَاَحِبَّہٗ وَاَحِبَّ مَنْ یُّحِبُّہٗ (۳)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تحقیق نبی علیہ السلام مسجد میں تشریف فرما تھے پس حضرت حسین رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور آپ کی آغوشِ اقدس میں لیٹ گئے اور اپنی انگلیاں حضور علیہ السلام کی ریشِ اقدس میں ڈالنے لگے۔ حضور علیہ السلام نے اپنا منہ مبارک کھولا اور اپنا منہ ان کے منہ میں ڈالا۔ پھر فرمایا اے میرے اللہ میں اس کو محبوب رکھتا ہوں تو بھی اسے محبوب رکھ اور جو اس کے ساتھ محبت کرے تو بھی اس کے ساتھ محبت فرما۔

## مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور لعابِ حسین رضی اللہ عنہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو میں نے اس حال میں دیکھا کہ:

لُعَابُ الْحُسَیْنِ کَمَا یَمْتُصُ الرَّجُلُ تَمْرَۃً (۴)

آپ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے لعابِ دہن کو اس طرح چوس رہے ہیں جیسے آدمی کھجور چوستا ہے۔

اس حدیث سے سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کمالِ محبتِ حسین رضی اللہ عنہ واضح ہے کہ آپ ان کے منہ اقدس کا لعابِ دہن چوستے ہیں۔

(۱) المستدرک ۳:۱۹۴، رقم ۴۸۲۰ (۲) المستدرک ۳:۱۹۵، رقم ۴۸۲۱ (۳) سمط النجوم العوالی، ۳:۱۹۵ (۴) سمط النجوم العوالی، ۳:۱۹۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## جگر گوشۂ رسالت سیّدنا حسین رضی اللہ عنہ:

حضرت زید ابن زیاد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے۔

خَرَجَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَيْتِ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ فَمَرَّ عَلٰى بَابِ الْفَاطِمَةَ فَسَمِعَ حُسَيْنًا يَبْكِي فَقَالَ اَلَمْ تَعْلَمِيْ اَنَّ بُكَاؤَهٗ يُؤْذِيْنِيْ۔ (۱)

پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے گھر سے نکلے تو آپ کا گزر حضرت فاطمہ علیہا السلام کے گھر کے دروازہ سے ہوا تو آپ نے سنا کہ حضرت حسین رو رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا اے فاطمہ رضی اللہ عنہا کیا تم نہیں جانتی ہو کہ حسین رضی اللہ عنہ کے رونے سے میرے دل کو تکلیف ہوتی ہے۔

## سردارِ اہلِ جنت رضی اللہ عنہ:

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ سُرَّهٗ اَنْ يَنْظُرَ اِلٰى سَيِّدِ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ اِلَى الْحُسَيْنِ ابْنِ عَلِيٍّ۔ (۲)

میں نے رسول اللہ علیہ السلام کو فرماتے سنا ہے کہ جو شخص اہلِ جنت کے سردار کو دیکھنا چاہیے وہ حسین ابنِ علی رضی اللہ عنہ کو دیکھ لے۔

# سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے کمالات یعنی ان کے ذاتی اخلاق واطوار اور فضائل ومناقب

## اخلاقِ حسنہ:

حضرت سیّدنا امام عالی مقام امام حسین رضی اللہ عنہ کے اخلاق نہایت اعلیٰ اور عادات نہایت پاکیزہ تھیں کیونکہ آپ نے اس فخرِ دو عالم علیہ الصلوۃ والسلام کی آغوش میں پرورش پائی جن کو خدائے بزرگ و برتر نے اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ کا لقب عنایت فرمایا ہے تو ایسی آغوشِ رحمت میں کھیلنے والے کی عادات عین سیّدِ عالم علیہ السلام کے نقشِ مبارک پر تھیں۔ چنانچہ ایک بار ایک شخص کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھیجا تو اسے شناخت کے طور پر بتایا کہ جب تم مدینہ میں پہنچ کر مسجدِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں داخل ہو گے تو وہاں تمہیں لوگوں کا ایک حلقہ نظر آئے گا اس حلقے میں لوگ نہایت باادب طریقے سے بیٹھے ہوں گے تو سمجھ لینا کہ یہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا حلقہ ہے معلوم ہوا کہ آپ کی اخلاقی خصوصیات اتنی بلند تھیں کہ لوگوں میں آپ بہت مقبول تھے اور لوگ آپ کا ادب واحترام کرتے تھے۔ (۳)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن میں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک کنیز نے پھولوں کا گلدستہ لا کر پیش کیا گلدستہ ہاتھ میں لے کر حضرت نے سونگھا اور کنیز سے ارشاد فرمایا جاؤ تم اللہ کی راہ میں میری طرف سے آزاد ہو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے کہا: آپ نے ایک گلدستہ پر ہی اتنی اچھی خوبرو کنیز کو آزاد کر دیا آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

(۱) المعجم الکبیر، ۳:۱۱۶، رقم ۲۸۴۷ (۲) صحیح ابن حبان، ۱۵:۴۲۱، رقم ۶۹۶۶ (۳) تاریخ ابن عساکر، ۴:۳۳۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## نسبتِ خصوصی اور سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ:

حضرت یعلی بن مرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔

حُسَیْنٌ مِنِّیْ وَاَنَا مِنَ الْحُسَیْنِ اَحَبَّ اللّٰہُ مَنْ اَحَبَّ الْحُسَیْنَ حُسَیْنٌ سِبْطٌ مِنَ الْاَسْبَاطِ (۱)

حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں جو حسین سے محبت کرے گا اللہ اس کے ساتھ محبت کرے گا۔ حسین میری بیٹی کے بیٹے ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضور علیہ السلام کو خاص تعلق ہے اور اسی تعلق کی بنا پر یہاں تک فرما دیا ہے کہ جو میرے اس حسین رضی اللہ عنہ سے محبت کرے گا اللہ تعالیٰ اس سے محبت رکھے گا۔

## راکب دوشِ نبوت سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ

عَنْ بَرَاءِ اِبْنِ عَازِبٍ قَالَ رَأَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَامِلَ الْحُسَیْنِ عَلٰی عَاتِقِہٖ وَھُوَ یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُحِبُّہٗ فَاَحِبَّہٗ (۲)

براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ حسین رضی اللہ عنہ کو کندھے پر اٹھائے ہوئے ہیں اور فرما رہے ہیں اے اللہ میں اس سے محبت رکھتا ہوں تو بھی اس سے محبت فرما۔

## آغوشِ نبوت اور سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَلَسَ فِی الْمَسْجِدِ فَجَاءَ الْحُسَیْنُ یَمْشِیْ حَتّٰی سَقَطَ فِیْ حِجْرِہٖ فَجَعَلَ اَصَابِعَہٗ فِیْ لِحْیَۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَفَتَحَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَمَہٗ اَلْحُسَیْنُ فَاَدْخَلَ فَاہُ فِیْ فِیْہِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُحِبُّہٗ فَاَحِبَّہٗ وَاَحِبَّ مَنْ یُّحِبُّہٗ (۳)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تحقیق نبی علیہ السلام مسجد میں تشریف فرما تھے پس حضرت حسین رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور آپ کی آغوشِ اقدس میں لیٹ گئے اور اپنی انگلیاں حضور علیہ السلام کی ریشِ اقدس میں ڈالنے لگے۔ حضور علیہ السلام نے اپنا منہ مبارک کھولا اور اپنا منہ ان کے منہ میں ڈالا۔ پھر فرمایا اے میرے اللہ میں اس کو محبوب رکھتا ہوں تو بھی اسے محبوب رکھ اور جو اس کے ساتھ محبت کرے تو بھی اس کے ساتھ محبت فرما۔

## مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور لعابِ حسین رضی اللہ عنہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو میں نے اس حال میں دیکھا کہ:

لُعَابُ الْحُسَیْنِ کَمَا یَمْتُصُ الرَّجُلُ تَمْرَۃً (۴)

آپ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے لعابِ دہن کو اس طرح چوس رہے ہیں جیسے آدمی کھجور چوستا ہے۔

اس حدیث سے سیّدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کمالِ محبتِ حسین رضی اللہ عنہ واضح ہے کہ آپ ان کے منہ اقدس کا لعابِ دہن چوستے ہیں۔

(۱) المستدرک ۳:۱۹۴، رقم ۴۸۲۰ (۲) المستدرک ۳:۱۹۵، رقم ۴۸۲۱ (۳) سمط النجوم العوالی، ۳:۱۹۵ (۴) سمط النجوم العوالی، ۳:۱۹۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## جگر گوشۂ رسالت سیّدنا حسین رضی اللہ عنہ:

حضرت زید ابن زیاد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے۔

خَرَجَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَيْتِ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ فَمَرَّ عَلٰى بَابِ الْفَاطِمَةَ فَسَمِعَ حُسَيْنًا يَبْكِي فَقَالَ اَلَمْ تَعْلَمِيْ اَنَّ بُكَاؤَهُ يُؤْذِيْنِيْ۔ (۱)

پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے گھر سے نکلے تو آپ کا گزر حضرت فاطمہ علیہا السلام کے گھر کے دروازہ سے ہوا تو آپ نے سنا کہ حضرت حسین رو رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا اے فاطمہ رضی اللہ عنہا کیا تم نہیں جانتی ہو کہ حسین رضی اللہ عنہ کے رونے سے میرے دل کو تکلیف ہوتی ہے۔

## سردارِ اہلِ جنت رضی اللہ عنہ:

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ سُرَّهٗ اَنْ يَنْظُرَ اِلٰى سَيِّدِ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ اِلَى الْحُسَيْنِ ابْنِ عَلِيٍّ۔ (۲)

میں نے رسول اللہ علیہ السلام کو فرماتے سنا ہے کہ جو شخص اہلِ جنت کے سردار کو دیکھنا چاہیے وہ حسین ابنِ علی رضی اللہ عنہ کو دیکھ لے۔

# سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے کمالات یعنی ان کے ذاتی اخلاق واطوار اور فضائل ومناقب

## اخلاقِ حسنہ:

حضرت سیّدنا امامِ عالی مقام امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے اخلاق نہایت اعلیٰ اور عادات نہایت پاکیزہ تھیں کیونکہ آپ نے اس فخرِ دو عالم علیہ الصلوۃ والسلام کی آغوش میں پرورش پائی جن کو خدائے بزرگ و برتر نے اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ کا لقب عنایت فرمایا ہے تو ایسی آغوشِ رحمت میں کھیلنے والے کی عادات عین سیدِ عالم علیہ السلام کے نقشِ مبارک پر تھیں۔ چنانچہ ایک بار ایک شخص کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھیجا تو اسے شناخت کے طور پر بتایا کہ جب تم مدینہ میں پہنچ کر مسجدِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں داخل ہو گے تو وہاں تمہیں لوگوں کا ایک حلقہ نظر آئے گا اس حلقے میں لوگ نہایت باادب طریقے سے بیٹھے ہوں گے تو سمجھ لینا کہ یہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا حلقہ ہے معلوم ہوا کہ آپ کی اخلاقی خصوصیات اتنی بلند تھیں کہ لوگوں میں آپ بہت مقبول تھے اور لوگ آپ کا ادب واحترام کرتے تھے۔ (۳)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن میں حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک کنیز نے پھولوں کا گلدستہ لا کر پیش کیا گلدستہ ہاتھ میں لے کر حضرت نے سونگھا اور کنیز سے ارشاد فرمایا جاؤ تم اللہ کی راہ میں میری طرف سے آزاد ہو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے کہا: آپ نے ایک گلدستہ پر ہی اتنی اچھی خوبرو کنیز کو آزاد کر دیا آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

(۱) المعجم الکبیر، ۳:۱۱۶، رقم ۲۸۴۷ (۲) صحیح ابن حبان، ۱۵:۴۲۱، رقم ۶۹۶۶ (۳) تاریخ ابن عساکر، ۴:۳۳۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَا اَوْرُدُّوْهَا (النساء ۴:۸۶) جب تمہیں اچھا تحفہ پیش کیا جائے تو تم اس جیسا یا اس سے بہتر تحفہ دیا کرو۔

پس اس کے لیے سب سے اچھا تحفہ یہی ہوسکتا تھا کہ میں اسے اللہ کے لیے آزاد کردوں (۱)

## تواضع:

حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ میں نہایت عاجزی اور انکساری تھی۔ تکبر سے سخت نفرت رکھتے تھے۔ آپ کو کسی کام کے کرنے میں یا کسی طبقے کے لوگوں میں بیٹھنے سے کبھی کسی قسم کا کوئی عار نہ تھا۔ ایک مرتبہ کہیں تشریف لے جارہے تھے راستہ میں چند غریب لوگ کھانا کھا رہے تھے انہوں نے آپ کو جو دیکھا تو دوڑتے ہوئے حاضرِ خدمت ہوکر عرض کیا حضور آیئے اور کھانا تناول فرمائیں۔ آپ اس وقت ان غرباء کے حلقہ میں جا بیٹھے اور ان کے ساتھ کھانا کھایا۔ فرمایا مجھے کھانے کی حاجت تو نہیں تھی لیکن تمہاری خوشی کی خاطر چند لقمے تناول کر لیے ہیں۔ دیکھو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ۔ (۲) بے شک اللہ تعالیٰ تکبر کرنے والوں کو ہرگز پسند نہیں فرماتا۔ (۳)

(لقمان، ۳۱، ۱۸)

## مقروضوں و بیکسوں کی اعانت اور سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ:

حضرت سیّدنا امامِ عالی مقام امامِ حسین رضی اللہ عنہ اہلِ بیت کے سخی گھرانہ کے چشم و چراغ تھے۔ سخاوت کرنا غریبوں اور مساکین کی مدد کرنا یہ آپ کی خاندانی وراثت تھی۔ کبھی کوئی سائل آپ کی بارگاہ سے خالی نہ گیا۔

○ حضرت سیّدنا امام زین العابدین علی اوسط رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے والدِ بزرگوار یتیموں اور محتاج لوگوں کے گھروں پر خود کھانا لے کر جاتے تھے۔ اس کام میں اس قدر مشقت اٹھاتے تھے کہ آپ کی پیٹھ پر نشانات پڑ جاتے تھے (۴)

○ ابنِ عساکر روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک سائل حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور دروازہ کھٹکھٹایا آپ اس وقت نماز پڑھ رہے تھے نماز کو مختصر کر کے دروازہ پر تشریف لائے اور دیکھا کہ سائل واقعی محتاج ہے آپ نے اسی وقت خادم سے فرمایا کہ ہمارے گھر میں کتنی رقم ہے عرض کیا دوسو درہم۔ فرمایا وہ لے آؤ۔ عرض کیا یہ تو صرف اہلِ بیت کے خرچ کے لیے ہیں۔ آپ نے فرمایا ہمارا گزارا ہو جائے گا اس محتاج کو دینا اوّلین فرض ہے چنانچہ دوسو درہم منگوا کر آپ نے سائل کو پیش کیے اور ساتھ ہی فرمایا اس وقت ہم تنگدست ہیں تمہاری زیادہ خدمت نہیں کر سکتے۔ (۵)

○ ایک مرتبہ آپ کو بیت المال سے بڑی رقم ملی، آپ وہ رقم لے کر مسجد میں بیٹھ گئے اور ایک ضرورت مند کا انتظار کرنے لگے۔ ایک شخص نے عرض کیا حضور آپ کے کپڑے پھٹے ہوئے ہیں آپ یہ رقم اپنے لباس اور ضروری اشیاء پر خرچ کریں۔ آپ نے فرمایا اپنے آرام و آرائش سے بہتر یہی ہے کہ یہ رقم کسی محتاج کی حاجت میں صرف کی جائے۔ چنانچہ ایک حاجت مند آیا تو آپ نے تمام رقم اسے عنایت فرمادی۔ (۶)

---

(۱) تحفہ اثنا عشرہ (۲) تا (۶) تاریخ ابنِ عساکر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

○ ایک بار ایک ضرورت مند محتاج دیہاتی آپ کے دروازے پر حاضر ہوا اور چند گزارشات لکھ کر حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجیں جن کے الفاظ یہ تھے۔

لَمْ يَبْقَ لِيْ شَيْءٌ يُبَاعُ بِحَبَّةٍ، فَكُفَاكَ مَظْهَرِ حَالَتِيْ عَنْ فَجَرِيْ اَبْقَيْتُ مَاءَ الْوَجْهِ كُنْتُ صَنَنْتُهَا، مَاإِنْ يُبَاعَ فَقَدْ وَجَدْتُ الْمُشْتَرِيْ۔

میرے پاس کوئی ایسی چیز نہیں رہی جس سے ایک دانہ خریدا جا سکے۔ میری حالت آپ پر ظاہر ہے بتانے کی حاجت نہیں۔ میں نے اپنی آبرو بچا رکھی تھی اسے کسی کے ہاتھ فروخت کرنا پسند نہیں کرتا تھا مگر اب خریدار مل گیا ہے۔

اتفاق سے جواب آنے میں کچھ دیر لگ گئی تو اعرابی دیہاتی نے چار مصرعے اور لکھ بھیجے۔

مَاذَا اَقُوْلُ اِذَا رَجَعْتُ وَقِيْلَ لِيْ مَاذَا اَصَبْتَ مِنَ الْجَوَادِ الْمُفْضِلِ اِنْ قُلْتُ اَعْطَانِيْ كَذَبْتَ فَاِنْ اَقُوْلُ۔ بَخِلَ الْجَوَادُ بِمَالِهٖ لَمْ يُقْبَلِ۔

جب میں لوٹوں گا تو مجھ سے پوچھیں گے کہ صاحبِ فضل سخی سے تجھے کیا ملا ہے تو کیا جواب دوں گا۔ اگر کہوں گا کہ مجھے دیا ہے؟ تو جھوٹ ہوگا اور اگر کہوں کہ سخی نے اپنا مال روک لیا ہے تو یہ بات مانی نہ جائے گی۔

سیّدنا امامِ عالی مقام نے دس ہزار درہم کی تھیلی اس سائل کو بھیجی اور ساتھ ہی اس کو اشعار میں ہی جواب دیا۔

عَاجِلْتَنَا فَاتَاكَ اَقْلَلِ بَوَّنَا۔ كَلَّا وَاِنْ اَمْهَلْتَنَا لَمْ تَقْلِلْ خُذْلَهَا وَكُنْ اَنْتَ كَمَا لَمْ تَسْئَلْ وَنَكُوْنَ نَحْنُ كَاَنَّمَا لَمْ نَفْعَلْ۔

تم نے جلدی مچادی ہے سو تمہیں یہ قلیل حصہ مل گیا ہے اگر تم جلدی نہ کرتے تو تمہیں اور زیادہ ملتا۔ اب لے لو اور یوں سمجھنا کہ سوال کیا ہی نہیں اور ہم سمجھیں گے کہ گویا ہم نے کچھ دیا ہی نہیں (۱)

○ ایک مرتبہ حضورِ سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے محبوب صحابی حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما بیمار ہوئے۔ جب حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا تو آپ ان کی عیادت کے لیے تشریف لے گئے۔ اس وقت اسامہ رضی اللہ عنہ کی زبان پر یہ الفاظ جاری تھے۔ "واغماہ واغماہ" آہ کتنا بڑا غم ہے۔ آہ کتنا بڑا غم ہے۔ حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا کہ اے میرے بھائی آپ کو کس بات کا غم ہے؟ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ موت سامنے کھڑی ہے اور میں بہت لوگوں کا مقروض ہوں اس قرض کی عدم ادائیگی کے صدمے نے سخت مصیبت اور تکلیف میں مبتلا کر دیا ہے۔ حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ پریشان نہ ہوں اس قرض کی ادائیگی کا ذمہ میں لیتا ہوں۔ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے اس بات کا خوف ہے کہ میں مقروض ہونے کی حالت میں نہ مر جاؤں۔ حضرت امامِ عالی مقام نے مزید تسلی دی اور فرمایا کہ میں گھر جاتے ہی آپ کا قرض ادا کر دوں گا۔ چنانچہ آپ گھر پر آئے اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کے تمام قرض خواہوں کو بلوایا اور ان کی ساری رقم اسی وقت ادا کر دی کل رقم آپ نے ساٹھ ہزار تقسیم فرمائی۔ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ خوش ہوئے اور امامِ عالی مقام کو دعائیں دیتے رہے۔ (۲)

○ ایک بار عرب کے مشہور شاعر فرزدق کو مدینہ کے گورنر مروان نے شہر بدر کر دیا وہ اسی حالت میں بالکل بے سروسامان تھا۔ جب وہ حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے اپنی مصیبت بیان کی تو آپ نے بہت سی رقم اسے عنایت فرما دی۔ (۳)

آپ اکثر یہ فرمایا کرتے تھے۔ ان خیر المال ما وقی به العرض۔ مال کا سب سے بڑا مصرف یہی ہے کہ اس سے کسی کی عزت و آبرو محفوظ ہو جائے۔ (۴)

---

(۱) تاریخ ابن عساکر (۲) تا (۴) تاریخ ابن عساکر، ۴: ۳۳۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## پاکیزگیٔ قلب:

حضرت سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے قلب کو ظاہر و باطن کی پاکیزگی حاصل تھی۔ سب سے بڑی مومن کے قلب کی پاکیزگی یہ بھی ہے کہ وہ کسی مسلمان کے بارہ اپنے دل میں کینہ نہ رکھے۔ چنانچہ ایک مرتبہ آپ اپنے بھائی محمد اکبر رضی اللہ عنہ سے جن کو ابنِ حنیفہ کا لقب حاصل تھا ناراض ہو کر چلے آئے آپ کے چلے آنے کے بعد کچھ دوستوں نے حضرت امامِ عالی مقام کے متعلق نازیبا باتیں کیں تو حضرت محمد اکبر ابنِ حنیفہ نے فرمایا نہیں اگر تم لوگ کہو تو میں ابھی حسین رضی اللہ عنہ کو اپنے پاس بلا کر بتا دوں یہ کہہ کر آپ نے حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کو لکھا۔ اے برادرِ معظم! ہم دونوں کے والد بزرگوار مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم ہیں۔ اس لحاظ سے نہ مجھ کو آپ پر اور نہ آپ کو مجھ پر کوئی فضیلت حاصل ہے۔ لیکن ہاں آپ کی والدہ محترمہ امام الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شہزادی تھیں۔ میری ماں کے قبضہ میں تمام کمالات آ جائیں تو بھی آپ کی والدہ کی شان و عظمت کے برابر نہیں ہو سکتی۔ پس اس لحاظ سے آپ کو مجھ پر فضیلت حاصل ہے اور آپ بڑھے ہوئے ہیں۔ اس لیے آپ میرے پاس آنے میں بھی سبقت کریں۔ کیونکہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اگر دو مسلمانوں میں ناچاکی ہو جائے تو جو کوئی دونوں میں صلح کرنے میں سبقت کرے گا اسے اللہ تعالیٰ پہلے جنت میں داخل کرے گا۔ میری خواہش ہے کہ اپنی فضیلت کی وجہ سے جنت میں جانے میں بھی آپ ہی سبقت کریں۔ والسلام۔

حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ حضرت امام محمد اکبر ابنِ حنیفہ کا یہ خط پڑھ کر بہت ہی محظوظ ہوئے اور اسی وقت جا کر اپنے بھائی سے بغل گیر ہوئے۔

## شجاعت:

حضرت سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ شجاعت میں بھی نہایت بلند مقام رکھتے تھے خود حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ میں نے حسین کو ہیبت اور جرأت عطا کی ہے۔ آپ کی جوانمردی اور بہادری کا اس سے بھی اندازہ ہو سکتا ہے کہ جب ۳۵ ہجری میں باغیوں اور مفسدوں نے حضرت سیّدنا عثمان غنی ذوالنورین رضی اللہ عنہ کے مکان کا محاصرہ کیا تو مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے امامِ حسن اور امامِ حسین رضی اللہ عنہ دونوں کو آپ کی حفاظت کے لیے مقرر فرمایا۔ چنانچہ اس موقعہ پر امامِ عالی مقام نے نہایت نمایاں خدمت سرانجام دی اور باغیوں کے ساتھ جنگ کی۔ لیکن دروازۂ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کسی کو نہ جانے دیا۔ بالآخر باغی لوگ دوسرے راستہ سے آپ کے مکان میں داخل ہوئے۔

اس طرح آپ نے جنگِ جمل اور جنگِ صفین اور معرکۂ نہروان میں اپنی حیرت انگیز شجاعت سے متعدد معرکے سر کیے۔ ایک مرتبہ آپ نے ایک جنگ میں سب سے آگے بڑھ کر فرمایا تھا هَلْ مِنْ مُبَارِزٍ؟ ہے کوئی تم میں سے میرے مقابلہ میں آئے۔ حضرت امامِ عالی مقام کا یہ چیلنج سن کر ایک بہت بڑا بہادر زبرقان مقابلہ کے لیے نکلا اور پوچھا کہ تم کون ہو؟ تو آپ نے فرمایا:

فَقَالَ اَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ فَقَالَ لَهُ الزَّبَرَقَانُ انْصَرِفْ يَا بُنَيَّ فَاِنِّيْ وَاللّٰهِ نَظَرْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ مُقْبِلًا مِنْ نَاحِيَةِ قُبَا عَلٰى نَاقَةٍ حَمْرَاءَ وَاَنْتَ يَوْمَئِذٍ قُدَّامَهٗ فَمَا كُنْتُ لَاَ لْقٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدَمِكَ.

میں حسین بن علی رضی اللہ عنہما ہوں۔ اس پر زبرقان نے کہا اے میرے بیٹے تم میدان سے ہٹ جاؤ کیونکہ ایک دن میں نے دیکھا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اونٹنی پر سوار ہو کر قبا کی طرف جا رہے تھے اور تم نبی علیہ السلام کے آگے بیٹھے ہوئے تھے میں حضور علیہ السلام سے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس حالت میں ملاقات کرنا نہیں چاہتا کہ میرے ہاتھ تمہارے
خون سے رنگین ہوں۔ (۱)

جنگِ صفین میں تحکم کے موقع پر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے درمیان جو عہد نامہ لکھا گیا تھا اس میں بھی گواہ کی حیثیت سے امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے اپنے دستخط ثبت فرمائے تھے۔ (۲)

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہدِ حکومت و امارت میں ممالکِ غیر کو جو مہمات بھیجی گئی تھیں ان میں سے ایک مہم میں حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے بھی حصہ لیا یہ قسطنطنیہ کی مہم تھی اور ۴۹ھ میں بھیجی گئی تھی اس مہم کے کمانڈر انچیف سفیان بن عوف تھے۔ (الحسین) بعض مؤرخین نے بنو امیہ کی خوشامد کی خاطر یزید بن حضرت معاویہ کا نام اس مہم کے کمانڈر کی حیثیت سے درج کیا ہے ورنہ حقیقت یہ ہے کہ تاریخ میں جو چند جھوٹ بولے گئے ہیں ان میں سب سے بڑا جھوٹ یہ بھی بیان کیا ہے۔ جیسا کہ اس کا ذکر آئے گا آپ نہایت شجاع دل غازی اور مجاہد تھے اور سب سے بڑا کارنامۂ شجاعت تو امامِ عالی مقام کا کرب و بلا میں تھا جس کا نام تا قیامت جاری رہے گا۔ جیسا کہ آئندہ آ رہا ہے۔

## علم و فضل:

سیّدنا حضرت امامِ حسین نے بابِ مدینۃ العلم مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی آغوش میں بچپن سے لے کر جوانی تک تعلیم و تربیت پائی باب مدینۃ العلم نے جس کو خود تعلیم دی ہو۔ صحبتِ رسالت مآب علیہ السلام کے تربیت یافتگان سے جس نے براہِ راست کسبِ فیض کیا ہو اس کو اگر علم و فضل کا بحرِ بیکراں کہا جائے تو مبالغہ کیونکر ہوگا؟ علماء سیر و تواریخ متفق ہیں کہ امامِ عالی مقام اپنے زمانہ کے بہت بڑے عالم اور فاضل تھے۔ (اسد اللہ الغالب) آپ کے معاصرین بھی آپ کے بحرِ علمی کے معترف تھے اور آپ کی فقہی بصیرت کے مداح تھے۔ جب کبھی کوئی علمی مشکل پیش آتی تھی تو حلِ مشکل کے لیے آپ ہی کی طرف رجوع فرماتے تھے۔

چنانچہ ایک مرتبہ حضرت عبداللہ ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ کو دودھ پینے والے بچے کا وظیفہ مقرر ہونے کے متعلق مسئلہ معلوم کرنے کی ضرورت پیش آئی۔ اس مسئلے میں بھی انہوں نے حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ سے استفادہ کیا۔ آپ نے فرمایا کہ بطنِ مادر سے نکلنے کے بعد جب بچہ آواز دے اس وقت سے وہ وظیفہ کا مستحق ہو جاتا ہے۔ (۳)

غرضیکہ آپ علم و حکمت کے بہت بڑے فاضل و عالم تھے۔

## عبادت و ریاضت:

سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے اپنی تمام زندگی رضائے الٰہی کے حصول اور عبادتِ الٰہی میں صرف کر دی۔

آپ کے دن تدریسِ دین اور راتیں قیام و سجود میں بسر ہوتیں۔ اکثر لوگوں نے دیکھا کہ آپ جب اللہ تعالیٰ کے حضور کھڑے ہوتے تو خشوع و خضوع اور تضرع کا عالم یہ ہوتا تھا کہ آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑیاں بندھ جاتیں۔ میدانِ کربلا کے عظیم مصائب کے وقت بھی آپ نے دن اللہ کے کلام کی تلاوت اور رات اللہ کے حضور رکوع و سجود میں گزار دی۔ آپ نے اپنی زندگی میں امامِ حسن رضی اللہ عنہ کی طرح خود پچیس حج پیدل ادا کیے۔ (۴)

---

(۱)،(۲) الحسین: ۴۲۴۱ (۱) اسد الغابہ (۲) التہذیب والحیاۃ: ۱۲۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## مجسمۂ اوصافِ جلیلہ سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ محبت ونشانیٔ خداوندی:

ابنِ عربی اور ابنِ ابی شیبہ بیان کرتے ہیں۔ کہ سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ ان اوصافِ جلیلہ کے حامل تھے۔ علم وحلم، عمل، عبودیت، صبر و استقلال، اولوالعزمی، سخاوت، شجاعت وتدبر، عاجزی وانکساری، حق گوئی، حق پسندی اور راضی برضائے مولیٰ۔ مزید فرماتے ہیں۔

كَانَ عَالِمًا بِالْقُرْآنِ عَامِلًا زَاهِدًا تَقِيًّا وَرَّاعًا وَجَوَّادًا فَصِيحًا بَلِيغًا عَارِفًا بِاللهِ وَدَلِيلًا عَلٰى ذَاتِهٖ تَعَالٰى كَانَ الْحُسَيْنُ السِبْطُ اٰيَةً مِّنْ اٰيَتِ اللهِ۔

سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ قرآن کے عالم باعمل، زاہد، متقی، منزہ عن المعاصی، متورع، صاحبِ جود وکرم، صاحبِ فصاحت و بلاغت، عارف باللہ اور ذاتِ باری تعالیٰ کی حجت تمامی تھے حضرت حسین نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے نشانی تھے۔ (۱)

معلوم ہوا یہ وہ شخصیت ہیں کہ جو سراپا فضائل، جس کی ہر ادا، جس کا ہر فعل، جس کا ہر عمل، جس کا خلق اور جس کا کریکٹر سرچشمۂ فضیلت ہو، اس کے فضائل مجھ جیسا کیا لاکھوں اور کروڑوں افراد بھی ضبطِ تحریر میں نہیں لا سکتے۔ مگر پھر بھی حصولِ برکت وسعادتِ دارین کی خاطر تبرکاً اور تیمناً اس بحرِ فضائل کے دو چار قطرات محض اس لیے لکھے جا رہے ہے ہے کہ سرشارانِ محبتِ اہلِ بیتِ رسول کے دلوں کو تسکین ہو سکے۔

## اخبار عن الغیب شہادت در کربلا سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ بارشادِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امام حسین رضی اللہ عنہ کی ولادت:

حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی ولادتِ طیبہ کے ساتھ ہی آپ کی شہادتِ کربلا مشہور ہو گئی۔ احادیثِ صحیحہ کثرت کے ساتھ اس پر شاہد ہیں۔ چنانچہ حدیث میں آتا ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چچی ام الفضل بنتِ حارث حضرت سیّدنا عباس بن عبدالمطلب کی زوجہ ایک روز حضور انور علیہ الصلوۃ والسلام کے حضور حاضر ہوئیں اس حال میں کہ گود میں سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ تھے آپ نے انہیں سیّدِ عالم علیہ السلام کی گودِ اقدس میں دیا تو میں نے دیکھا کہ:

فَاَمَنْ عَيْنَاهُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُهْرِيْقَانِ الدُّمُوْعَ قَالَتْ فَقُلْتُ يَانَبِيَّ اللهِ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ مَالَكَ قَالَ اَتَانِيْ جِبْرَائِيْلُ فَاَخْبَرَنِيْ اَنَّ اُمَّتِيْ سَتُقْتَلُ ابْنِيْ هٰذَا۔

آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہیں اور پھوٹ پھوٹ کر رو رہے ہیں میں نے عرض کیا یارسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جائیں کیا بات ہے؟ تو آپ نے فرمایا جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آئے ہیں پس انہوں نے مجھے خبر دی ہے کہ میری امت میں سے اس بیٹے کو شہید کر دیا جائے گا۔

حضرت سیّدہ ام الفضل نے عرض کیا واقعی ایسا ہوگا تو آپ نے فرمایا:

هٰذَا فَقُلْتُ هٰذَا قَالَ وَاَتَانِيْ بِتُرْبَةٍ مِنْ تُرْبَتِهٖ حَمْرَاءَ۔

ہاں میرے پاس اس جگہ میں سے وہ مٹی بھی لائی گئی ہے اور وہ مٹی سرخی مائل ہے۔ (۲)

---

(۱) الحسین: ۵۲، ۵۳ (۲) المستدرک ۱۹۴۱۲، رقم ۴۸۱۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ثابت ہوا کہ سیّدنا امامِ حسین السلام کی ولادت کے ساتھ ہی آپ کی شہادت کی خبر بھی مشہور ہو چکی تھی۔ شیر خوارگی کے ایام میں حضورِ اقدس علیہ السلام نے حضرت ام الفضل کو آپ کی شہادت کی خبر دی۔ خاتونِ جنت رضی اللہ عنہا نے اپنے اس نونہال کو زمینِ کربلا میں خون بہانے کے لیے اپنا خونِ جگر (دودھ) پلایا۔ علی المرتضیٰ نے اپنے دل بند جگر کو خاک میں لوٹنے اور دم توڑنے کے لیے سینہ سے لگا کر پالا۔ مصطفیٰ علیہ السلام نے بیابان میں سوکھا حلق کٹوانے اور راہِ خدا میں مردانہ وار جان نذر کرنے کے لیے حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کو اپنی آغوشِ رحمت میں تربیت فرمائی۔ یہ آغوش کرامت و رحمت فردوسی چمنستان اور جنتی ایوانوں سے زیادہ بالا مرتبت ہے اس کے رتبہ کی کیا نہایت ہے جو اس گود میں پرورش پائے اس کی عزت کا کیا اندازہ؟ اس وقت کا تصور دل لرزا دیتا ہے۔ جب کہ اس فرزندِ ارجمند کی ولادت کی مسرت کے ساتھ ساتھ شہادت کی خبر پہنچتی ہوگی۔ سیّدِ عالم رحمتِ دو عالم علیہ الصلوۃ والسلام کی چشمِ اقدس نے اشکوں کے موتی لگا دیے۔ (۱)

اس خبر نے صحابہ کبار جان نثارانِ اہلِ بیت کے دل ہلا دیئے اس درد کی لذت علی المرتضیٰ کے دل سے پوچھیے۔ صدق وصفا کی امتحان گاہ میں سنتِ خلیل ادا کر رہے ہیں۔ حضرت خاتون جنت رضی اللہ عنہا کی خاک زیرِ قدمِ پاک پر قربان، جن کے دل کا ٹکڑا نازنین لاڈلا سینۂ اقدس سے لگا ہوا ہے۔ محبت کی نگاہوں سے اس نور کے پتلے کو دیکھتی ہیں وہ اپنے سرور آفرین تبسم سے دلربائی کرتا ہے۔ ہمک ہمک کر محبت کے سمندر میں تلاطم پیدا کرتا ہے ماں کی گود میں کھیل کر شفقتِ مادری کے جوش کو زیادہ موجزن کرتا ہے۔ میٹھی میٹھی نگاہوں اور پیاری پیاری باتوں سے دل لبھاتا ہے، عین اسی حالت میں کربلا کا نقشہ آپ کے پیشِ نظر ہوتا ہے۔ (۲)

جہاں یہ چہیتا، نازوں کا پالا، بھوکا پیاسا، بیابان میں بے رحمی کے ساتھ شہید ہو رہا ہے نہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ساتھ ہیں، نہ حسنِ مجتبیٰ ساتھ ہیں، عزیز و اقارب، برادرِ عزیز و فرزند قربان ہو چکے ہیں تنہا نازوں کا پالا حسین ہے کہ تیروں کی بارش سے نوری جسم لہولہان ہو رہا ہے۔ کربلا کی زمین مصطفیٰ علیہ السلام کے پھول سے رنگین ہو رہی ہے۔ (۳)

باوجود اس کے بارگاہِ الٰہی میں اس حادثہ ہائلہ سے محفوظ رہنے اور دشمنوں کے برباد ہونے کی دعا نہیں فرماتے۔ کیونکہ اصل مقصود امتحان میں ثابت قدمی تھا۔ (۴)

ہاں یہ دعائیں کی گئیں کہ اس حسین رضی اللہ عنہ نورِ عین مقامِ صدق وصفا میں ثابت قدم رہو توفیق الٰہی مساعد رہے۔ مصائب اور آلام کا انبوہ اس کے قدم کو پیچھے نہ ہٹا سکے۔

حضرت سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی شہادتِ عظمیٰ کی شہرت میں کثرت کے ساتھ احادیث موجود ہیں۔ ایک حدیث حضرت سیّدہ ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضورِ اقدس علیہ السلام نے فرمایا کہ جو مٹی مجھے حسین کے قتل گاہ کی دی گئی ہے وہ میں تمہیں دیتا ہوں اس مٹی سے دکھ اور مصیبت کی بو آتی ہے اس کو اپنے پاس سنبھال کر شیشی میں رکھ لو۔

وَقَالَ يَا أُمِّ سَلَمَةَ إِذَا تَحَوَّلَتْ هٰذِهِ التُّرْبَةُ دَمًا فَاعْلَمِي إِنَّ ابْنِيْ قَدْ قُتِلَ (۵)

اے ام سلمہ رضی اللہ عنہا جب یہ مٹی سرخ ہو جائے تو سمجھ لینا کہ میرا بیٹا حسین کربلا میں شہید ہو گیا ہے۔ (۶)

(۱) سوانح کربلا (۲) تا (۳) سوانح کربلا (۴) ترمذی، مشکوۃ (۵) المعجم الکبیر: ۱۰۸م، رقم: ۲۸۱۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس وجہ سے کربلا کی مٹی سیّدہ ام المؤمنین امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کو دی گئی کیونکہ آپ جانتے تھے کہ واقعۂ کربلا کے وقت میری یہ بیوی مدینہ طیبہ میں موجود ہوں گی اور اس وقت تک ان کی حیات ہوگی۔ اس لیے انہی کو یہ کربلا کی مٹی دینی چاہیئے۔ چنانچہ مشکوٰۃ میں دوسرے مقام پر حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ عین واقعۂ کربلا میں جب سیّدنا امامِ حسین شہید ہو گئے تو وہی شیشی جس میں کربلا کی مٹی تھی وہ خون بن گئی۔ جس کو ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے دیکھا اور روئیں اس سے معلوم ہوا کہ شہادتِ امام عالی مقام کا بار بار تذکرہ ان کے عہدِ طفولیت سے ہی حضور علیہ السلام نے فرمایا اور یہ شہادت مشہور ہو چکی تھی سب کو معلوم ہو گیا کہ ان کی مشہد کربلا ہے۔ حاکم نے ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ تحقیق اس میں کچھ شک نہیں رہا اور اہلِ بیت باتفاق جانتے تھے کہ حضرت امامِ حسین کربلا میں شہید ہوں گے (۱)

ابو نعیم نے یحییٰ حضرمی سے روایت کی ہے کہ سفرِ صفین میں حضرت مولیٰ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے ہمراہ تھے۔ جب نینویٰ کے قریب پہنچے جہاں سیّدنا یونس علیہ السلام کا مزارِ اقدس ہے تو آپ نے فرمایا اے ابوعبداللہ فرات کے کنارے ٹھہرو۔ بعد ازاں آپ اس مقام پر آئے جہاں آج سیّدنا امامِ حسین کا مزارِ اقدس کربلائے معلیٰ میں ہے میں نے دیکھا کہ آپ رضی اللہ عنہ روئے آپ سے دریافت کیا کہ آپ اس مقام پر کیوں رو رہے ہیں تو آپ نے فرمایا:

فَقَالَ هٰهُنَا مَنَاخُ رِكَابِهِمْ وَمَوْضِعُ رِحَالِهِمْ وَمِهْرَاقُ دِمَآئِهِمْ فِئَةٌ مِنْ آلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُقْتَلُوْنَ بِهٰذِهِ الْعَرْصَةِ تَبْكِيْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ۔

یہاں شہیدوں کی سواریاں باندھی جائیں گی اور یہاں پر خیمے نصب ہوں گے اور یہاں پر خون بہائے جائیں گے آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کتنے ہی خون یہاں پر ہوں گے اور اس وقت زمین و آسمان روئیں گے۔ (۲)

یاد رہے کہ اس روایت کو حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے ساتھ اصبغ بن نباتہ نے بھی بیان کیا ہے۔

ان دلائل سے ثابت ہوا کہ سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت در کربلا سب جانتے تھے بالخصوص اہلِ بیتِ اطہار اس مقام پر پہاڑ بھی ہوتا تو وہ بھی گھبرا اٹھتا اور زندگی کا ایک ایک لمحہ گزارنا مشکل ہو جاتا مگر طالبِ رضائے حق مولیٰ تعالیٰ کی مرضی پر فدا ہونے اور جان قربان کرنے اور صبر و استقامت کے ساتھ منتظر ہیں۔ کہ کونسا وہ وقت آئے گا جب کہ فرزندانِ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کو یہ عظیم درجہ شہادت کا حصہ ملے گا۔

## سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی ازواج اور اولادِ امجاد کا بیان:

نواسہء سیّد الابرار سرکار سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی ازواج و اولادِ امجاد کے متعلق روایات شاہد ہیں کہ آپ کی کل ازواج کی تعداد پانچ تھی اور اولاد و امجاد کی تعداد چھ ہے۔ آپ کی بیویوں کے نام یہ ہیں۔

۱۔ حضرتِ شہر بانو رضی اللہ عنہا
۲۔ حضرت معظمہ لیلیٰ رضی اللہ عنہا
۳۔ حضرت رباب رضی اللہ عنہا
۴۔ حضرت امِ اسحاق رضی اللہ عنہا
۵۔ حضرت قضاعیہ رضی اللہ عنہا

(۱) سوانح کربلا (۲) مستدرک حاکم و سوانح کربلا ص:۳۵

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

آپ کی اولاد امجاد کے نام یہ ہیں۔

۱۔ حضرت علی اوسط المعروف امام زین العابدین رضی اللہ عنہ۔ ۲۔ حضرت علی اکبر رضی اللہ عنہ

۳۔ حضرت عبداللہ المشہور علی اصغر رضی اللہ عنہ ۴۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ

۵۔ حضرت فاطمہ صغریٰ خاتون رضی اللہ عنہا ۶۔ حضرت سکینہ خاتون رضی اللہ عنہا

اب ازواج کی تفصیلات ملاحظہ فرمائیں جن کو سرکارِ امامِ حسین کی زوجیت کا شرف حاصل ہوا۔

## ۱۔ حضرتِ شہر بانو:

حضرت شہر بانو رضی اللہ عنہا بنتِ یزدجرد بن شہر یار بن خسرو پرویز بن ہرمز بن کسریٰ نوشیرواں العادل۔ یزدجرد شاہانِ فارس میں سے آخری بادشاہ سے تھیں۔ سیّدنا امیر المؤمنین حضرت عمر ابن الخطاب فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں جب اس ملکِ فارس میں فتح حاصل ہوئی تو اس وقت یہ محترمہ اسیر ہو کر مالِ غنیمت میں لائی گئیں۔ سیّدنا عمر ابن الخطاب فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ خلیفہ۔ المسلمین امیر المؤمنین نے اس محترمہ حسینہ وجمیلہ کی بمعہ مزین ہیرے وجواہرات وزیورات کے سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ تزویج فرمادی۔

گویا کہ شہنشاہِ کسریٰ کی بیٹی کو شہزادۂ کونین سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ زوجیت کا شرف حاصل ہوا۔ ان کے بطن سے سیّدنا امامِ حسین کے ہاں حضرت علی اوسط المعروف امام زین العابدین متولد ہوئے۔

## ۲۔ حضرت لیلیٰ رضی اللہ عنہا:

حضرت لیلیٰ بنتِ مرۃ بن عروہ بن مسعود رضی اللہ عنہما بن معتب الثقفی سے تھیں۔ ان کو سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی زوجیت میں آنے کا شرف حاصل ہوا ان کے بطن سے سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے ہاں حضرت علی اکبر رضی اللہ عنہ متولد ہوئے۔

## ۳۔ حضرت رباب رضی اللہ عنہا:

حضرت رباب بنتِ امراء القیس بن عدی الکلبیہ حضرت امامِ حسین کو اپنی ازواج میں سے زیادہ محبوب تھیں اور ان کا بہت زیادہ اکرام واحترام فرماتے تھے۔ حضرت امام رضی اللہ عنہ کے یہ اشعار بہت مشہور ہیں جو آپ نے حضرت رباب رضی اللہ عنہا کے متعلق فرمائے تھے۔

لَعَمْرُكَ اِنَّنِیْ لَاُحِبُّ اَرْضًا
تَحُلُّ بِهَا سَكِيْنَةُ وَالرَّبَابُ

قسم مجھے تیری زندگی کی مجھے محبت ہے اس زمین سے جہاں رباب وسکینہ ٹھہری ہوئی ہیں۔

اُحِبُّهُمَا وَاَبْذِلُ جَلَّ مَا لِیْ
وَلَيْسَ لِعَاتِبٍ عِنْدِیْ عِتَابٌ

مجھے ان دونوں سے محبت ہے ان پر دولت کثیر خرچ کرتا ہوں اور عاتب کے عتاب کی پرواہ نہیں کرتا۔

فَلَسْتُ لَهُمْ وَاِنْ غَابُوْا مُضَيِّعًا
حَيَاتِیْ اَوْ يُغَيِّبُنِیْ التُّرَابُ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

گو وہ یہاں موجود نہیں مگر ان کی پرداخت سے بے خبر نہ رہوں گا۔ جب تک زندہ ہوں اور مٹی مجھے نہ چھپا لے۔

كَاَنَّ اللَّيْلَ مَوْصُوْلٍ بِلَيْلٍ
اِذَا ذَارَتْ سَكِيْنَةُ وَالرِّبَابُ

جب سکینہ اور رباب اپنے اقارب سے ملنے گئی ہوں تو رات ایسی لمبی نظر آتی ہے کہ گویا دوسری رات مل گئی۔ (۱)

اس سے معلوم ہوا کہ امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کو حضرت سکینہ رضی اللہ عنہا اور ان کی والدہ ماجدہ سے کس قدر محبت تھی۔ حضرت سکینہ خاتون رضی اللہ عنہا انہی کے بطن سے تھیں اور حضرت عبداللہ المشہور بہ علی اصغر رضی اللہ عنہ بھی ان ہی کے بطن سے متولد ہوئے۔ یعنی امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی ایک صاحبزادی سیّدہ سکینہ خاتون اور ایک صاحبزادے عبداللہ یعنی علی اصغر رضی اللہ عنہ یہ بہن بھائی انہی سے پیدا ہوئے۔

## حضرت رباب کے دردناک اشعار بعد شہادتِ امام رضی اللہ عنہ:

مہر و وفا کی پتلی نے واقعہ کربلا کے بعد اپنے عظیم شوہر کی جدائی پر یہ کلمے ارشاد فرمائے۔

اَنَّ الَّذِیْ كَانَ اَسْتَضَاءَ بِهٖ
بِكَرْبَلَا قُتِلَ غَيْرَ مَدْفُوْنٍ

وہ نور جو روشنی پھیلاتا تھا کربلا میں مقتول پڑا ہے اسے مدفون بھی کسی نے نہ کیا۔

سَبْطِ النَّبِيِّ جَزَاكَ اللّٰهُ صَالِحَةً
عَنَادِ حَيْثُ خُسْرَانِ الْمَوَازِيْنِ

اے سبطِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اللہ ہماری طرف سے تجھے بہترین جزا دے آپ میزانِ عمل کے نقصان سے بچائے گے۔

قَدْ كُنْتَ لِيْ جَبَلًا صَعْبًا اَلُوْذُبِهٖ
وَكُنْتَ تَصْبِحُنَا بِالرَّحْمِ وَالدِّيْنِ

میرے لیے آپ بلند پہاڑ کی چوٹی تھے۔ جس کی پناہ میں تھی آپ کا برتاؤ رحم اور دین تھا۔

مَنْ لِلْيَتَامٰى وَمَنْ لِلسَّائِلِيْنَ وَمَنْ
يَعْنِيْ وِيَاوِيْ كُلَّ مِسْكِيْنٍ

اب کون رہ گیا جس کے پاس ہر مسکین، یتیم اور فقیر کو پناہ ملے گی اب مسکینوں کا کون ہے۔

وَاللّٰهِ لَا اَبْتَغِيْ بَعْدَ صَهْرِكُمْ
حَتّٰى اُغَيَّبَ بَيْنَ الرَّمْلِ وَالطِّيْنِ

اب اس قرابت کے بعد اور کوئی خوشی پسند نہیں کروں گی۔ حتیٰ کہ ریت اور مٹی کو جا چھوؤں۔

---

(۱) الفائق، ۲: ۱۳۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ۴۔ حضرت ام اسحاق رضی اللہ عنہا:

یہ محترمہ طلحہ بن عبداللہ سے ہیں۔ ان کے والدِ معظم حضرت طلحہ عشرہ مبشرہ سے ہیں ان کو سرکار امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ زوجیت کا شرف ملا اور ان کے بطن سے امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے ہاں ایک صاحبزادی حضرت فاطمہ صغریٰ رضی اللہ عنہا پیدا ہوئیں۔

## ۵۔ حضرت قضاعیہ:

یہ محترمہ قبیلہ بنی قضاعیہ سے ہیں اسی نام قضاعیہ سے مشہور ہیں۔ ان کو سرکار امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ شرف زوجیت حاصل ہوا۔ ان کے بطن سے حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے ہاں ایک صاحبزادے جعفر پیدا ہوئے۔ اب آپ کی اولادِ امجاد کا اجمالی ذکر ملاحظہ فرمائیں۔

سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی ان مذکورہ ازواج میں سے آپ کے چار صاحبزادے اور دو صاحبزادیاں تھیں۔

## ۱۔ حضرت علی اوسط ابن الحسین المعروف امام زین العابدین رضی اللہ عنہ:

ان کی والدہ محترمہ حضرت شہر بانو رضی اللہ عنہا ہیں۔ واقعۂ کربلا میں سیّدنا علی اوسط المعروف امام زین العابدین رضی اللہ عنہ بیمار تھے اور ان کی والدہ محترمہ کربلا میں موجود تھیں۔

## ۲۔ حضرت علی اکبر ابن الحسین رضی اللہ عنہ:

ان کی والدہ محترمہ امِ لیلیٰ ہیں۔ واقعۂ کربلا کے وقت جوان تھے اور عمر مبارک اٹھارہ سال تھی اور کربلا میں اپنے والد بزرگوار سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۳۔ حضرت عبداللہ المشہور علی اصغر:

ان کی والدہ محترمہ حضرت رباب رضی اللہ عنہا تھیں واقعۂ کربلا میں ان کی عمر چھ ماہ تھی اور یہ شیر خوارگی کے عالم میں تھے۔ سخت شدت پیاس پر پانی کی بجائے ان کے حلقِ اقدس پر ایک ظالم نے تیر مارا کہ شہزادہ نے تڑپ کر اپنے والد بزرگوار کی آغوش میں جان دے دی گویا کہ سرکار امام کے اس طفلِ شیر خوار کی شہادت ہوئی۔ آپ کی والدہ حضرت رباب رضی اللہ عنہا واقعہ کربلا کے وقت موجود تھیں۔

## ۴۔ حضرت جعفر ابن الحسین رضی اللہ عنہ:

ان کی والدہ محترمہ حضرت قضاعیہ رضی اللہ عنہا تھیں سرکار امامِ کے قیامِ مدینہ طیبہ میں بچپن میں ہی انتقال فرما گئے تھے بعد کئی سالوں کے واقعۂ کربلا پیش آیا۔

## ۵۔ حضرت فاطمہ صغریٰ خاتون:

ان کی والدہ محترمہ امِ اسحاق تھیں امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے قیامِ مدینہ طیبہ کے وقت یہ جوان تھیں اور ان کا نکاح حضرت حسن مثنیٰ ابنِ امامِ حسن رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہو چکا تھا اور یہ بمعہ اپنے بچوں کے اپنے شوہر حسن مثنیٰ کے ساتھ اپنے گھر میں تھیں۔ امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے مدینہ طیبہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

رحلت فرمانے پر ان کو ہمراہ نہ لے جانے کی یہی وجہ مانع ہوئی کہ یہ شادی شدہ اپنے گھر والی ہیں۔ دوسرا ان کے شوہر تجارت پر باہر تشریف لے گئے تھے ان کی بغیر اجازت کے ان کا لے جانا بھی مناسب نہ تھا۔ واقعۂ کربلا کے وقت سیّدہ خیر و عافیت کے ساتھ مدینہ طیبہ میں اپنے گھر پر تھیں۔ حضرت فاطمہ صغریٰ کے بطن سے حسن مثنیٰ ابنِ امامِ حسن کے ہاں تین صاحبزادے ہوئے جن کی نسل روئے زمین میں ہے۔ عبداللہ المحض، ابراہیم العمر، حسن المثلث، جیسا کہ اس کی تفصیل امامِ حسنِ رضی اللہ عنہ کے باب میں بیان کی جا چکی ہے۔

## ۶۔ حضرت سکینہ بنت الحسین رضی اللہ عنہا:

ان کی والدہ محترمہ حضرت رباب رضی اللہ عنہا تھیں اپنی والدہ محترمہ کے ساتھ واقعۂ کربلا میں موجود تھیں۔ لیکن ان کی عمر مبارک اس وقت ۷ سال تھی۔ کربلا میں ان کے نکاح کی جو روایت مشہور ہے بالکل غلط ہے اس کی کچھ اصل نہیں۔ کچھ ایسے کم عقل لوگوں نے یہ روایت وضع کر دی جنہیں اتنی تمیز بھی نہ تھی کہ وہ یہ سمجھ سکتے کہ یہ وقت اہلِ بیتِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے توجہ الی اللہ اور شوقِ شہادت و اتمامِ حجت کا تھا اس وقت شادی یا نکاح کی طرف التفات ہونا بھی ان حالات کے منافی ہے۔ پھر حضرت سکینہ رضی اللہ عنہا کی وفات راہِ شام میں مشہور کی جاتی ہے یہ بھی بالکل غلط ہے۔ بلکہ واقعۂ کربلا کے بعد عرصہ تک حیات رہیں اور ان کا نکاح حضرت ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہوا۔ یہ وہ صاحبزادی سکینہ ہیں جن کے ساتھ سرکار امام علیہ السلام کو شدید محبت تھی۔ اور ان کی والدہ کے ساتھ بھی محبت تھی۔ واقعۂ کربلا کے خونی منظر میں یہ شہزادی اور ان کی والدہ موجود تھیں۔

جہاں تک محققین کی تحقیق کے مطابق آپ کی ازواج و اولاد و امجاد کا تعلق پایۂ ثبوت تک پہنچا ہے اس کے مطابق ذکر کر دیا گیا ہے۔ گو بعض نے کچھ اختلاف بھی پیدا کیے ہیں لیکن اس کی صداقت کا معیار علمائے محققین کے نزدیک جو درست ہے وہی قابلِ قبول ہے۔ سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی شہادتِ عظمیٰ کے بعد آپ کی نسل روئے زمین میں آپ کے صاحبزادے سیّدنا علی اوسط المعروف امام زین العابدین رضی اللہ عنہ سے پھیلی ہوئی ہے اور شہزادی حضرت فاطمہ صغریٰ سے بھی آپ کی نسل روئے دنیا میں آج تک موجود ہے۔

یاد رہے کہ یزید عنید کی بہت اولاد ہوئی تھی بعض نے لکھا ہے کہ اس کے چودہ لڑکے تھے اور چودہ میں آج تک نسلِ لعین کا کہیں کوئی نام و نشان بھی موجود نہیں۔ کتب عربی و فارسی و تواریخ معتبرہ کی ورق گردانی کے باوجود کچھ پتہ نہیں چل سکا۔ ثابت ہوا کہ پروردگارِ عالم نے اس کی نسل تک بھی ختم کر کے رکھ دی اور سرکار امامِ کے صرف ایک ہی صاحبزادے سے کل روئے زمین میں نسل مبارک موجود ہے۔ (۱)

(۱) الجواہر، تاریخ کربلا، حیات الحفی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

باب ۱۳

# یزید کی تخت نشینی

حضرت سیّدنا امامِ حسن رضی اللہ عنہ سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ خلیفہ رابع کی شہادتِ عظمیٰ کے بعد مسندِ خلافت پر جلوہ افروز ہوئے۔ اہلِ کوفہ نے آپ کے دستِ حق پرست پر بیعت کی اور آپ نے وہاں چند ماہ چند روز قیام فرمایا۔ اس کے بعد آپ نے امرِ خلافت کا حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو تفویض کرنا مسطورِ ذیل شرائط پر منظور فرمایا۔

۱۔ بعد حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے خلافت حضرت امامِ حسن رضی اللہ عنہ کو ملے گی۔

۲۔ اہلِ مدینہ وحجاز واہلِ عراق میں کسی شخص سے بھی زمانہ حضرت علی المرتضیٰ امیر المؤمنین کرم اللہ وجہہ الکریم کے متعلق کوئی مواخذہ و مطالبہ نہ کیا جائے۔

۳۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے یہ تمام شرائط قبول کیں اور باہم صلح ہوگئی اور حضور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ معجزہ ظاہر ہوا جو آپ نے فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ میرے اس فرزندِ ارجمند کی بدولت مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں صلح فرما دے گا۔ سیّدنا امامِ حسن رضی اللہ عنہ نے تختِ سلطنت حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے لیے خالی کر دیا۔ (۱)

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے رجب ۶۰ھ میں بمقامِ دمشق لقوہ میں مبتلا ہو کر وفات پائی۔ آپ کے پاس حضور سیّدِ عالم علیہ السلام کے تبرکات میں سے ازار شریف، ردائے اقدس قمیص مبارک موئے شریف اور تراشہائے ناخن ہمایوں تھے۔ آپ نے وصیت کی تھی کہ مجھے حضور علیہ السلام کی ازار شریف وردائے مبارک وقمیضِ اقدس میں کفن دیا جائے اور میرے ان اعضاء پر جن سے سجدہ کیا جاتا ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے موئے مبارک اور ناخن اقدس رکھ دیے جائیں اور مجھے ارحم الراحمین کے رحم پر چھوڑ دیا جائے۔

کور باطن یزید نے دیکھا تھا کہ اس کے باپ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تبرکات اور بدنِ اقدس سے چھو جانے والے کپڑوں کو جان سے زیادہ عزیز رکھا تھا اور تادمِ آخر تمام زر ومالِ ثروت وحکومت سب سے زیادہ وہی چیز پیاری تھی اور اس کو ساتھ لے جانے کی تمنا حضرت امیر کے دل میں تھی۔ (۲)

اس برکت سے انہیں امید تھی کہ اس ملبوسِ پاک میں بوئے محبوب ہے یہ مقامِ غربت میں پیارا رفیق اور بہترین مونس ہوگا اور اللہ تعالیٰ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لباس اور تبرکات کے صدقہ میں مجھ پر رحم فرمائے گا۔ اس سے وہ سمجھ سکتا تھا کہ جب حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(۱) اور (۲) سوانح کربلا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کے بدن پاک سے چھو جانا ایک کپڑے کو ایسا بابرکت بنا دیتا ہے تو حسنین کریمین جو بدنِ اقدس کا جزو ہیں ان کا کیا مرتبہ ہوگا اور ان کا کیا احترام لازم ہے۔ مگر بدنصیبی اور شقاوت کا کیا علاج۔ (۱)

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد یزید تختِ سلطنت پر بیٹھا اور اس نے اپنی بیعت لینے کے لیے اطرافِ سلطنت میں مکتوب روانہ کیے۔ یزید بن معاویہ ابو خالد اموی وہ بدنصیب شخص ہے جس کی پیشانی پر اہلِ بیتِ کرام کے بیگناہ قتل کا سیاہ داغ ہے اور جس پر ہر قرن میں دنیائے اسلام ملامت کرتی رہی ہے اور قیامت تک اس کا نام تحقیر کے ساتھ لیا جائے گا۔ (۲)

یہ بد باطن، سیاہ دل، ننگِ خاندان ۲۵ھ میں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے گھر بنتِ مجدل کلبیہ کے پیٹ سے پیدا ہوا۔ نہایت موٹا، بدنما، کثیر الشعر، بدخلق، تندخو، فاسق، فاجر، شرابی، بدکار، ظالم، بے ادب اور گستاخ تھا۔ اس کی شرارتیں اور بیہودگیاں ایسی ہیں جن سے بد معاشوں کو بھی شرم آئے۔ عبداللہ بن حنظلۃ الغیل الملائکۃ نے فرمایا خدا کی قسم ہم نے یزید پر اس وقت خروج کیا جب ہمیں اندیشہ ہو گیا کہ اس کی بدکاریوں کے سبب سے آسمان سے پتھر نہ برسنے لگیں محرمات کے ساتھ نکاح اور سود وغیرہ منہیات کو اس بے دین نے علانیہ رواج دیا۔ مدینہ طیبہ مکہ مکرمہ کی علانیہ بے حرمتی کرائی۔ اربابِ فراست اور اصحابِ اسرار اس وقت سے ڈرتے تھے جب کہ عنانِ سلطنت اس شقی کے ہاتھ میں آئے۔ (۳)

اس نے اپنی بیعت لینے کے لیے اطرافِ سلطنت میں مکتوب روانہ کیے مدینہ طیبہ کا عامل جب یزید کی بیعت کے لیے حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے اس کے فسق و ظلم کی بناء پر اس کو نااہل قرار دیا اور بیعت سے انکار فرمایا اور حضرت ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے بھی بیعت سے انکار فرما دیا بلکہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تو یہ دعا فرمایا کرتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ رَأْسِ السِّتِّیْنَ وَاِمَارَۃِ الصِّبْیَانِ۔ (۴)

یارب میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں ۶۰ھ کے آغاز اور لڑکوں کی حکومت سے۔

اس دعا سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ جو حاملِ اسرار تھے۔ انہیں معلوم تھا کہ ۶۰ھ کا آغاز لڑکوں کی حکومت اور فتنوں کا وقت ہے ان کی یہ دعا قبول ہوئی انہوں نے ۵۹ھ میں بمقامِ مدینہ طیبہ رحلت فرمائی۔ (۵)

اب حدیث کی روشنی میں یزید کے دورِ سلطنت کے بارے ملاحظہ فرمائیں۔

## ارشادِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امارۃ الصبیان اور امت کی ہلاکت

حضرت سیّدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور سیّدِ عالم علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ہے:

هَلَكَةُ أُمَّتِيْ عَلٰى يَدَيْ غِلْمَةٍ مِّنْ قُرَيْشٍ فَقَالَ مَرْوَانُ لَعَنَةُ اللهِ عَلَيْهِمْ غِلْمَةً فَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةُ لَوْشِئْتُ اَنْ اَقُوْلَ بَنِيْ فُلَانٍ وَبَنِيْ فُلَانٍ لَفَعَلْتُ فَكُنْتُ اَخْرُجُ مَعَ جَدِّيْ حِيْنَ مَامُلِكُوا بِالشَّامِ فَاِذَا رَاَهُمْ غِلْمَانًا اَحْدَاثًا

میری امت کی ہلاکت قریش کے لونڈوں کے ہاتھوں ہوگی۔ عمرو بن یحییٰ فرماتے ہیں کہ ان پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہوگی۔ انہی میں سے ایک مروان لونڈا ہے اور کہا ابو ہریرہ نے اگر تم چاہو تو میں بتا سکتا ہوں کہ وہ فلاں فلاں لونڈے ہوں گے اور عمرو بن یحییٰ نے کہا

(۱) تا (۲) سوانح کربلا (۳) سوانح کربلا: ۲۳، ۷۴ (۴) فتح الباری، ۱: ۲۱۶ (۵) سوانح کربلا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

قَالَ لَنَا عَسٰی هٰؤُلَاءِ اِنْ یَکُوْنُوْنَ مِنْهُمْ قُلْنَا اَنْتَ اَعْلَمُ۔

کہ شام میں اپنے دادا کے ساتھ جاتا تھا تو میں نے ان نو خیز چھوکروں کو دیکھا یہ انہیں میں سے ہیں جن کی خبر دی گئی۔ شاگردوں نے کہا آپ خوب جانتے ہیں۔

اس حدیث کے تحت ملا علی قاری فرماتے ہیں:

قَوْلُهٗ اَحْدَاثًا اَیْ شَبَابًا وَاَوَّلِهِمْ یَزِیْدُ عَلَیْهِ مَا یَسْتَحِقُّ وَکَانَ غَالِبًا یَنْتَزِعُ الشُّیُوْخُ مِنْ اِمَارَةِ الْبُلْدَانِ الْکِبَارِ وَیُوَلِّیْهَا الْاَصَاغِرُ مِنْ اَقَارِبِهٖ۔ (۱)

احداث یعنی جوان ہوں گے ان کا پہلا شخص یزید علیہ ما یستحق ہے اور یہ عموماً بڑی عمر والوں کو شہروں کی امارت سے علیحدہ کرتا تھا اور اپنے رشتہ داروں میں کم عمر والوں (چھوکروں) کو حکمران بناتا تھا۔

مزید اسی حدیث بالا کے تحت ملا علی قاری فرماتے:

قَوْلُهٗ عَلٰی یَدَیْ غِلْمَةٍ اَیْ اَیْدِیْ شَبَانَ الَّذِیْنَ مَا صَلُّوْا اِلٰی مَرْتَبَةِ کَمَالِ الْعَقْلِ وَاَحْدَاثُ اَسَنَّ الَّذِیْنَ لَا مُبَالَاةَ لَهُمْ بِاَصْحَابِ الْوَقَارِ وَالظَّاهِرِ اَنَّ الْمُرَادَ مَا وَقَعَ بَیْنَ عُثْمَانَ وَ قَتَلَتِهٖ وَ بَیْنَ عَلِیٍّ وَالْحُسَیْنَ وَمِنْ قَاتِلِیْهِمْ قَالَ الْمَظْهَرُ لَعَلَّهٗ اُرِیْدَ بِهِمُ الَّذِیْنَ کَانُوْا بَعْدَ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ مِثْلُ یَزِیْدَ وَ عَبْدُ الْمَلِکِ بْنِ مَرْوَانَ وَغَیْرِهِمَا۔ (۲)

غلمہ سے مراد وہ نوجوان ہیں جو کمال عقل کے مرتبہ تک نہیں پہنچتے اور وہ نوعمر جو وقار والوں کی پرواہ نہیں کرتے اور ظاہر ہے کہ یہاں وہ لوگ مراد ہیں جنہوں نے حضرت عثمانؓ کو قتل کیا اور حضرت علی و حضرت حسین کو قتل کیا۔ مظہر نے کہا کہ ان سے مراد وہی ہیں جو خلفاء راشدین کے بعد تھے جیسے یزید اور عبد الملک بن مروان وغیرہ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ:

تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ رَأْسِ السَّبْعِیْنَ وَاِمَارَةِ الصِّبْیَانِ (۳)

اے لوگو ستر سال کی ابتدا اور چھوکروں کے امیر ہونے سے پناہ مانگو۔

اس کی شرح میں علامہ ملا علی قاری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

اَیْ اِمَارَةِ الصِّبْیَانِ مِنْ حُکُوْمَتِ السُّفَهَاءِ الْجُهَّالِ کَیَزِیْدَ بْنِ مُعَاوِیَةَ وَاَوْلَادِ حَکَمِ بْنِ مَرْوَانَ وَاَمْثَالِهِمْ قِیْلَ رَاٰهُمُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ تَعَالٰی وَسَلَّمَ فِیْ مَنَامِهٖ یَلْعَبُوْنَ عَلٰی مِنْبَرِهٖ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ۔ (۴)

امارۃ الصبیان سے مراد جاہل چھوکروں کی حکومت ہے۔ جیسے یزید بن معاویہ اور حکم بن مروان کی اولاد اور ان کے ہم مثل ایک روایت میں آتا ہے کہ حضور علیہ السلام نے انہیں اپنے منبر پر کھیل کود کرتے ملاحظہ فرمایا ہے (یعنی اس سے وہی لوگ مراد ہیں)

اس حدیث مذکورہ کے متعلق علامہ ابنِ حجر مکی لکھتے ہیں جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

وَکَانَ لِاَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عِلْمٌ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِمَا مَوْعَنْهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ یَزِیْدَ

یزید کے متعلق جو باتیں مذکور ہیں جن کو حضور اقدس علیہ السلام نے بیان فرمایا ہے ان کا علم آپ کے بتانے سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو ہوا تو

(۱) عمدۃ القاری ۲۴: ۱۸۰، ۱۸۱ (۲) فتح الباری، ج: ۱۳، ص: ۸ (۳) مسند احمد، ۲: ۴۴۸ (۴) فتح الباری، ج: ۳، ص: ۷، صواعق محرقہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فَاِنَّهٗ كَانَ يَدْعُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ رَأْسِ السَّبْعِيْنَ وَاِمَارَةِ الصِّبْيَانَ فَاسْتَجَابَ اللّٰهُ لَهٗ فَتَوَفَّاهُ سَنَةَ تِسْعٍ وَاَرْبَعِيْنَ وَ كَانَتْ وَفَاةُ مُعَاوِيَةَ وَوِلَايَةُ ابْنُ سَنَةَ سِتِّيْنَ۔

وہ دعا کیا کرتے تھے کہ اے اللہ ۶۰ھ کی ابتدا اور چھوکروں کی امارت سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرمائی یہ ۵۹ ہجری میں وفات پا گئے اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بعد یزید کی حکومت ۶۰ھ میں ہوئی۔ (۱)

ان احادیث کے ماتحت علامہ شیخ محقق شاہ عبدالحق دہلوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

اشارت زمان یزید بے دولت کرد کہ ھم رسان ستین برسریر شقاوت نشت واقعۂ حرہ در زمان شقاوت نشان او وقوع یافت (۲)

حدیث مذکورہ میں اشارہ ہے کہ یزید کا زمانہ جس کی ابتداء ساٹھ ہجری سے ہوئی (جس میں شہادتِ امامِ حسین کے) بعد واقعۂ حرہ بھی ہے اور یہی نشانیاں ہیں اس میں اور یزید اس سے مراد ہے۔

احادیثِ صحیحہ اور محدثین کرام علیہم الرحمۃ سے ثابت ہوا کہ ساٹھ ہجری میں جو حکومت قائم ہوگی وہ یزید کی ہی حکومت تھی اور امت کو برباد کرنے والے اور اس امت کی تباہی کا ذریعہ چند قریشی لڑکے بنیں گے۔ لڑکوں کا لفظ تصغیر کے ساتھ لایا جانا ان کی تحقیر کی طرف اشارہ ہے۔ کیونکہ امت جیسی عظیم و جلیل چیز کو تباہ کرنے والا تعظیم و توقیر کا مستحق کیسے ہوسکتا ہے اس لیے ان کو سفہاء سے تعبیر کیا گیا ہے۔ یعنی یہ تباہی لڑکوں کے ہاتھوں ہوگی جن میں سفاہت ہوگی۔ جس سے ان کی بدنظری واضح ہے اور بدنظر وہ ہے جس کا دل درست نہیں وہ نیک کام کیا کر سکے گا۔ اس لیے ان لڑکوں کو صبیان سے تعبیر کرتے ہوئے ان کی عملی کیفیت بیان کی گئی ہے کہ وہ نمازوں کو ضائع کریں گے اور شہواتِ نفس کی پیروی کریں گے اور جہنم میں وادی غی میں پھینک دیے جائیں گے۔ (۳)

ثابت ہوا کہ گو اس حدیث میں یزید کا نام تو نہیں آیا لیکن محدثین کرام اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دعا اور یزید کے افعالِ شنیعہ نے نصف النہار کی طرح یزید کو ظاہر کر دیا ہے کہ ایسی احادیث کا اوّلین مصداق یزید کے سوا اور کوئی نہیں ہے۔

## سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بدلنے والا پہلا شخص یزید ہوگا

حضور سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے۔

لَا يَزَالُ اُمَّتِيْ قَائِمًا بِالْقِسْطِ حَتّٰى يَكُوْنَ أَوَّلُ مَنْ يَثْلِمُ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ اُمَيَّةَ يُقَالُ لَهٗ يَزِيْدُ۔ (۴)

ہمیشہ میری امت میں انصاف کا دور دورہ رہے گا یہاں تک کہ سب سے پہلے اس میں سوراخ امیہ کا ایک شخص کرے گا جس کا نام یزید ہوگا۔

عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: أَوَّلُ مَنْ يُبَدِّلُ سُنَّتِيْ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ اُمَيَّةَ يُقَالُ لَهٗ يَزِيْدُ (۵)

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی علیہ السلام کو یہ فرماتے سنا کہ میری سنت کو بدلنے والا پہلا شخص بنی امیہ سے ہوگا جس کو یزید کہا جائے گا۔

مذکورہ بالا حدیث سے یزید پلید کی اصل صورت سامنے آجاتی ہے کہ امت کی بربادی کا سبب اور سنت رسول علیہ السلام کو بدلنے والا اوّلین شخص یزید پلید ہے۔ اس کا انکار رسول اللہ علیہ السلام کی احادیث سے انکار ہے جس کی جسارت کوئی مسلمان نہیں کر سکتا۔

(۱) الصواعق المحرقۃ: ۳۳ (۲) جذب القلوب، ص: ۳۳ (۳) جذب القلوب، ص: ۳۳
(۴) مسند ابی یعلی، ۲: ۱۷۶، رقم: ۸۷۱ (۵) تاریخ ابن عساکر، ۶۵: ۲۵۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا اقدامِ جہاد نہ طلبِ خلافت نہ حصولِ جاہ واقتدار۔ باغیانہ الزام کی تردید۔ یزید کے حقیقی خدّوخال

نواسۂ رسول جگر گوشۂ بتول سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے دینِ اسلام اور ملتِ اسلامیہ کے تحفظ کی خاطر اپنے اور اپنے خاندان والوں کے خون سے میدانِ کربلا میں جو نقوش ثبت کئے افسوس کہ اسے فراموش کر دیا گیا اور ان کی اس عظیم قربانی کے اعلیٰ ترین مقصد کو قابلِ التفات ہی نہیں سمجھا گیا۔ بلکہ بدبختوں نے یزید کی حمایت کر کے اسے خلیفۂ رسول ثابت کرنا اپنی زندگی کا مقصد بنالیا ہے۔

اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کا حشر بھی یزید عنید کے ساتھ کرے (اور یقیناً کرے گا) جنہوں نے شہیدِ انسانیت کے احسان کو بھول کر محض یزید کی پوزیشن صاف کرنے کے لیے سرکار سیّد الشہداء نواسۂ سیّد الابرار امامِ حسین رضی اللہ عنہ پر بغاوت کا الزام عائد کیا ہے۔

ان جاہلوں کو پہلے بغاوت کی شرعی تعریف معلوم ہونی چاہیے اور وہ یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحیح وارث و جانشین کے خلاف علمِ مخالفت بلند کرنا۔

نیز کسی شخص پر بغاوت کا الزام عائد کرنے سے پہلے یہ معلوم کرنا ضروری ہے کہ جس کے خلاف اس نے کوئی اقدام کیا ہے۔ آیا اس کی خلافت صحیح طریقہ پر ثابت بھی ہے یا کہ نہیں اس اصول کے تحت اگر یزید کا جائزہ لیا جائے تو وہ قواعدِ حقہ کے مطابق کسی طرح درست ثابت نہیں ہوتی اور اس کی کئی وجوہاتِ حقہ ہیں۔

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْخِلَافَةُ مِنْ بَعْدِيْ ثَلٰثُوْنَ سَنَةً ثُمَّ تَكُوْنُ مَلَكًا(۱)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میرے بعد خلافت تیس برس رہے گی اس کے بعد بادشاہت ہوگی۔

اس ارشاد کے مطابق خلافت کی مدت بعد از نبوت تیس برس بتائی گئی ہے جس کو خلافت علیٰ منہاج النبوت بھی کہا جاتا ہے اور یہ سلسلہ سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے شروع ہو کر سیّدنا امامِ حسن رضی اللہ عنہ پر ختم ہو جاتا ہے اور اس کے بعد ملوکیت ہے چنانچہ اس حدیث کے تحت محقق علی الاطلاق شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

خلافتِ ابوبکر چنانچہ در جامع الاصول وغیرہ مذکور است دو سال و چہار ماہ است و خلافت عمر دہ سال و شش ماہ است و خلافت عثمان دوازدہ سال الا چند روز خلافت علی چہار سال و نہ ماہ و بایں حساب خلافت خلفائے اربعہ بست و نہ سال و ہفت ماہ تمام می شود و پنج ماہ از سی سال باقی ماند کہ بامام المسلمین حسن بن علی تمام می گردد۔

ترجمہ: یہ بات جامع اصول اور دیگر مستند کتب سے ثابت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت دو سال اور چار ماہ ہے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافت دس سال اور چھ ماہ ہے۔ اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خلافت بارہ سال اور کچھ روز کم ہے اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی خلافت چار سال اور نو ماہ ہے اور اس حساب سے خلفائے اربعہ کی خلافت انتیس سال سات ماہ ہوتی ہے اور امام المسلمین امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی خلافت پانچ ماہ شامل ہو کر مکمل پورے تیس سال ہوتے ہیں۔

---

(۱) صحیح ابن حبان، ۱۵: ۳۹۲، رقم: ۶۹۴۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس حدیث کے مطابق جب کہ خلافت ہی باقی نہ رہی تو سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ اس کی طلب کیسے فرما سکتے تھے کیونکہ اس حدیث میں خلافت سے مراد خلافتِ راشدہ ہے جس کی عمر تیس سال بتائی گئی ہے اس لیے اسی خلافت کو خلافت علی منہاج النبوۃ کہتے ہیں اور اس کے بعد کا سلسلہ حکومت آمریت کہلاتا ہے۔

خلافتِ راشدہ یا خلافتِ نبوت تو ایسی چیز تھی کہ اہلِ دین و دیانت کے لیے اس کی طلب اور اس کے مل جانے پر جماؤ کے ساتھ اس پر استقامت دکھلانا عقلی اور شرعی تقاضا ہو سکتا تھا اور اس پر جماؤ ایسا ہی ہوتا ہے جیسا کہ ایمان اور اسلام کی طلب اور اس پر استقامت بہر صورت ضروری ہوتی ہے پس وہ ایک ایسا دینی مقام ہے کہ اگر پاک قلوب میں اس کی طلب ہو تو وہ زیبا ہے اگر اس کے حصول کے بعد اس پر استقامت دکھلائی جائے کہ کچھ بھی ہو جائے دنیا ادھر سے ادھر ہو جائے مگر اس نعمت کو ایمان اور اسلام کی طرح ہاتھ سے دینا نہیں اور یہی زیبا ہے۔

جیسا کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ کو فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تجھے خلافت کی قمیص پہنائے گا، خواہ کچھ بھی ہو جائے اسے تم خود نہ اُتارنا چنانچہ سیّدنا عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ نے مظلومیت کے ساتھ جان دے دی لیکن قمیصِ خلافت بدن سے نہیں اتاری، اس میں اصولاً ہدایت حاصل ہوئی کہ خلافتِ نبوت ہی ایک ایسا عظیم اخلاقی و ایمانی مقام ہے جو کسی حالت میں نہیں چھوڑا جا سکتا۔

یہی وجہ ظاہر ہوتی ہے کہ سیّدنا امامِ حسین کے رضی اللہ عنہ بڑے بھائی امامِ حسن رضی اللہ عنہ نے ابتدائے امر میں خلافت سنبھال لی اور چھ ماہ بعد اسے چھوڑنے کے لیے تیار ہو گئے۔

غور کیا جائے جیسا کہ شیخ محقق نے فرمایا ہے تو چھ ماہ ہی پر وہ تیس سال مدت پوری ہوتی ہے جو خلافتِ نبوت کی عمر بتلائی گئی ہے۔

جس کے معنی یہ نکلتے ہیں کہ جب تک خلافتِ راشدہ کا دور قائم رہا۔ قبول کیے رہے جب نہ رہا تو اس سے علیحدہ ہو گئے۔ اور اس سے یہ بھی ظاہر ہوا کہ اگر خلافت راشدہ کا دور ختم نہ ہوتا تو وہ اسے حضرت سیّدنا عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ کی طرح ترک نہ فرماتے۔ خواہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے کتنا ہی سخت مقابلہ ہو جاتا۔ جیسا کہ شیرِ خدا حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے بھی سخت مقابلوں کے باوجود منصبِ خلافت سے دست برداری اختیار نہ فرمائی۔

لیکن خلافتِ راشدہ کی مدت گزر جانے کے بعد اگر مطلق ملوکیت کے لیے جان کی بازی لگائی جاتی تو اس میں محض اپنا ذاتی مفاد پیشِ نظر ہوتا اور مسلمانوں کا خون ضائع ہوتا اس لیے آپ نے خلافت ترک فرما کر مسلمانوں کی دو عظیم جماعتوں کو آپس کی خونریزی سے بچا لیا اور ان میں صلح پیدا فرما کر اپنی سیادت کا وہ عملی ثبوت پیش فرما دیا جس کے متعلق حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے بشارت دی تھی۔

اِنَّ ابْنِیْ هٰذَا سَیِّدٌ وَلَعَلَّ اللّٰهَ یُصْلِحُ بَیْنَ فِئَتَیْنِ عَظِیْمَتَیْنِ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔ (۱)

یہ میرا بیٹا سیّد ہے اور اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں صلح فرمائے گا۔

شاہ عبد العزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ سیّدنا امامِ حسن رضی اللہ عنہ نے نانا جان علیہ الصلوۃ والسلام کی حدیث پر عمل فرماتے ہوئے کہ خلافتِ راشدہ کی عمر تیس سال ہے اس کی عمر پوری ہونے پر خلافت ترک فرما دی۔ (۲)

---

(۱) صحیح بخاری، ۲:۹۶۲، رقم: ۲۵۵۷ (۲) فتاوی عزیزی، ۱:۲۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

گویا خلافت پر اس وقت تک جمے رہے جب تک کہ اس کے رشد کا دور قائم رہا اور اس کے ختم ہوتے ہی علیحدہ ہونے کے لیے تیار ہو گئے۔ جس کا یہ ثمرہ نکلتا ہے کہ انہیں راشدہ خلافت مطلوب تھی جو اہل اللہ کے خواہش کرنے کی چیز ہے اور اس پر جہاد اور استقامت ان کے دین کا مقتضی ہوتا ہے۔ مطلق حکمرانی انہیں مطلوب نہ تھی۔ شہزادۂ امامِ حسن رضی اللہ عنہ نے یہ عمل کر کے عین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیشگوئی کی تفسیر پیش کر دی۔ جس کا تعلق صلح سے تھا اور شہزادہ امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے جہاد کا عمل کر کے کربلا میں اپنے نانا جان علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیشگوئی کی عملی تفسیر پیش فرما دی۔ دونوں شہزادگانِ سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عمل عین حکمِ خداوندی و مصطفوی کے مطابق ہوئے۔

اس سے پتہ چلا کہ جب سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ جانتے تھے کہ خلافتِ نبوت کا دور ختم ہو چکا ہے۔ تو اس کی طلب کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اس لیے ان کے کربلا کے اقدام کو مطلب خلافت پر محمول کرنا اوّل درجہ کی جہالت اور بے دلیل ہے۔ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

خروجِ امامِ حسین بناء بر دعوائے خلافتِ راشدہ پیغامبر کہ درسی سال منقضی گشت نبود بلکہ بنا بر تخلیص رعایا از دستِ ظالم بودد اعانۃ المظلوم علی الظالم من الواجبات (۱)

ترجمہ: سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کا یزید کے خلاف کھڑا ہونا دعوائے خلافتِ راشدہ کی بنا پر نہ تھا جو تیس سال گزرنے پر ختم ہو چکی تھی۔ بلکہ رعایا کو ایک ظالم (یزید) کے ہاتھ سے چھڑانے کی بنا پر تھا اور ظالم کے مقابلہ میں مظلوم کی اعانت واجباتِ (دین) میں سے ہے۔

معلوم ہوا کہ جب یزید کا خلیفہ ہونا شرعاً درست و ثابت نہیں تو اس کے خلاف اقدام کرنے والا کیونکر باغی قرار دیا جا سکتا ہے اقدامِ امام نہ طلبِ خلافت کے لیے تھا نہ حصولِ جاہ و اقتدار کے لیے۔ بلکہ یہ ایک عظیم جہاد تھا جو کہ مظلوموں کو ظالموں کے پنجوں سے رہائی دلانے کے لیے تھا۔

علامہ ملا علی قاری فرماتے ہیں:

وَاَمَّا (.....) بَعْضَ الْجُهَلَةِ مِنْ اَنَّ الْحُسَيْنَ كَانَ بَاغِيًا فَبَاطِلٌ عِنْدَ اَهْلِ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ وَلَعَلَّ هٰذَا مِنْ هَذَيَانَاتِ الْخَوَارِجِ۔

اور یہ جو بعض جہلا نے افواہ اڑا رکھی ہے کہ سیّدنا حسین رضی اللہ عنہ باغی تھے تو اہلِ السنت و الجماعت کے نزدیک باطل ہے شائد یہ خارجیوں کے ہذیانات ہیں جو راہِ مستقیم سے ہٹے ہوئے ہیں۔

عبارت مذکورہ سے واضح ہوا کہ وہ لوگ جاہل ہیں۔ جنہوں نے سیّدنا امامِ عالیمقام پر بغاوت کا الزام لگانے کی کوشش کی ہے۔ سیّدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کا صحابی اور اہلِ بیتِ رسول اور افضل المسلمین ہوتے ہوئے کربلائی اقدام کسی حصول جاہ و اقتدار کے لیے نہ تھا بلکہ عظیم جہاد تھا جس کو معرکۂ کربلا میں عملی شکل میں پیش فرمایا۔ جب یزید خلیفہ ہی نہیں تو اس کے خلاف اقدام کیونکر باغیانہ ہو سکتا ہے۔ ہر چیز کا کوئی نہ کوئی معیار ہوتا ہے آخر خلیفۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہونے کا بھی تو کوئی معیار ہونا چاہیے ایسا تو نہیں ہو سکتا کہ شتر بے مہار دعوائے خلافت کر دے اور لاٹھی کے زور سے خلافت کے تخت پر بیٹھ جائے اور خلیفۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بن جائے۔ اگرچہ شراب خور، زنا کار، تارکِ صوم و صلوٰۃ غرضیکہ پکا فاسق و فاجر بلکہ عقائد بھی کافرانہ و ملحدانہ رکھتا ہو کیا کوئی سچا فقیہ مسلمان اس دھاندلی کی اجازت دے سکتا ہے۔ حاشا و کلا ہرگز نہیں۔

(۱) فتاویٰ عزیزی، ۱:۳۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# یزید کے بعض کافرانہ عقائد ونظریات

یزید کے کفریہ عقائد بیان کرتے ہوئے ائمہ لکھتے ہیں کہ یزید کہا کرتا تھا:

لَیْتَ اَشْیَاخِیْ بِبَدْرٍ شُهَدَآءَ
جَزْعَ الْخَزْرَجِ مِنْ وَقْعِ الْاَسَلِ

کاش میرے بدر والے وہ بزرگ جنہوں نے تیر کھا کر بنی خزرج کی فزع وجزع اور اضطراب کو دیکھا تھا آج موجود ہوتے۔

قَدْقَتَلْنَا الْقَوْمَ مِنْ سَادَاتِکُمْ
وَعَدَلْنَا مَیْلَ بَدْرٍ فَاعْتَدِلْ

اور دیکھتے کہ ہم نے تمہارے سرداروں میں سے بڑے سردار (امام حسین) کو قتل کر کے بدر والی کجی کو سیدھا کر دیا۔

فَاَهَلُوا وَاسْتَهَلُّوْا فَرَحًا
ثُمَّ قَالُوا یَا یَزِیْدُ لَاتَشَلْ

اس وقت خوشی کے مارے ضرور بآواز بلند پکار کر کہتے کہ اے یزید تیرے ہاتھ شل نہ ہوں۔

لَسْتُ مِنْ خَنْدَفٍ اِنْ لَمْ اَنْتَقِمِ
مِنْ بَنِیْ اَحْمَدٍ مَا کَانَ فَعَلَ (۱)

میں اولادِ خندف سے نہیں ہوں۔ اگر اولادِ احمد سے ان کے کیے ہوئے کا بدلا نہ لے لوں۔

لَعِبَتْ بَنُوْ هَاشِمٍ بِالْمُلْکِ فَلَا
خَبَرٌ جَآءَ وَلَا وَحْیٌ نَزَلَ

بنی ہاشم نے ملک گیری کے لیے ایک ڈھونگ رچایا تھا ورنہ کوئی خبر آسمان سے آئی تھی اور نہ کوئی وحی نازل ہوئی تھی۔ (۲)

یہ ہیں یزید کے کفریہ عقائد ونظریات جو دینِ اسلام اور اس کے حقائق کا انکار کرنے کے ساتھ اپنے نجس وناپاک خیال کا اظہار کرتا ہے کہ میں نے بدر والوں کا آلِ رسول ﷺ سے بدلہ لیا ہے۔ علامہ آلوسی اپنا فیصلہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

اَنَّ الْخَبِیْثَ لَمْ یَکُنْ مُصَدِّقًا بِرِسَالَةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ۔ هٰذَا هُوَ الْمَرُوْقُ مِنَ الدِّیْنِ وَقَوْلِهٖ مَنْ لَا یَرْجِعُ اِلَی اللّٰهِ وَلَا اِلٰی دِیْنِهٖ وَلَا اِلٰی کِتَابِهٖ وَلَا اِلٰی رَسُوْلِهٖ وَلَا یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَلَا بِمَا جَآءَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ۔ (۳)

کہ یہ خبیث یزید تو رسالتِ مقدسہ نبی علیہ السلام کا بھی قائل تھا۔ یعنی یہ ہے دین اسلام سے کھلم کھلا خارج ہونا یزید کا اور اس کا یہ قول کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف اور نہ ہی اس کے دین کی طرف اور نہ ہی اس کی کتاب کی طرف اور نہ ہی اس کے رسول کی طرف اور نہ ہی اللہ پر اور جو کچھ اس کی طرف سے آیا ہے رجوع نہیں کرے گا۔

(۱) تفسیر روح المعانی: علامہ آلوسی، ج:۲۹، ص:۷۲۔ (۲) تفسیر روح المعانی: علامہ آلوسی، ج:۲۹، ص:۷۲۔
(۳) تذکرہ خواص الامہ، ص:۱۴۸، صواعق محرقہ، ص:۲۲۲، طبری، ص:۲۵۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# یزید کا حلتِ شراب کے متعلق نظریہ آیتِ قرآنی کا تمسخر

یزید علانیہ شراب کے دور چلاتا تھا اور عیش وعشرت کرتا تھا جب اس کو شراب سے روکا جاتا تھا تو کہا کرتا تھا کوئی بات نہیں۔

فَاِنْ حَرَّمَتْ يَوْمًا عَلٰى دِيْنِ اَحْمَدٍ
فَحُثَّ عَلٰى دِيْنِ مَسِيْحِ بْنِ مَرْيَمَ

اگر دین احمد میں شراب نوشی حرام ہے تو پھر مسیح بن مریم (علیہ السلام) کے دین پر پی لو۔

مَا قَالَ رَبُّكَ وَيْلٌ لِلَّذِيْ شَرِبُوْا
بَلْ قَالَ رَبُّكَ وَيْلٌ لِلْمُصَلِّيْنَ

خدا نے شراب خوروں کے بارے میں ویل للشاربین نہیں کہا۔ البتہ نماز گزاروں کے متعلق قرآن میں ویل للمصلین موجود ہے۔ یعنی ہلاک ہوجاویں شرابی نہیں کہا بلکہ ہلاک ہوجاویں نمازی کہا ہے۔ (۱)

العیاذ باللہ۔ خدا اور رسول اور قرآن کا کیسا کھلا تمسخر کیا گیا ہے اور آیاتِ خداوندی کو کس طرح اپنی شراب نوشی پر دلیل بنانے کی کوشش کی۔ جیسے آج کل بھی شراب نوشی کرنے والے کہا کرتے ہیں کہ شراباً طہوراً جنت میں بھی جنتی لوگوں کو شراب ملے گی کون سی طہورا پاک۔ اس لیے ہم شراب پیتے ہیں خدا نے اس کی تعریف کی ہے۔

# یزید اور محرماتِ شرعیہ، زنا، ترکِ نماز، شراب کا ارتکاب

حضرت عبداللہ بن حنظلہ (غسیلِ ملائکہ رضی اللہ عنہ) بیان کرتے ہیں:

لَقَدْ اَخْرَجَ الْوَاقِدِيُّ مِنْ طُرُقٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ حَنْظَلَةَ بْنِ الْغَسِيْلِ قَالَ وَاللّٰهِ مَا خَرَجْنَا عَلٰى يَزِيْدَ حَتّٰى خِفْنَا اَنْ نُّرْمٰى بِالْحِجَارَةِ مِنَ السَّمَاءِ اَنَّهٗ رَجُلٌ يَنْكِحُ اُمَّهَاتِ الْاَوْلَادِ وَالْبَنَاتِ وَالْاَخَوَاتِ وَيَشْرَبُ الْخَمْرَ وَيَدَعُ الصَّلٰوةَ۔ (۲)

واقدی نے متعدد طریق سے یہ روایت کیا ہے کہ عبداللہ ابن حنظلہ نے فرمایا کہ واللہ ہم نے یزید کی بیعت کو اس وقت فسخ کیا جب ہم کو اپنے اوپر آسمان سے پتھر برسائے جانے کا خطرہ پیدا ہوا کہ وہ (یزید) اپنی اولاد کی ماؤں سے بیٹیوں سے اور بہنوں سے نکاح کرتا ہے اور نماز ترک کرتا ہے۔

# یزید گانے باجے، ناچ، راگ، کتوں، بندروں کا دلدادہ

یزید کی عیش وعشرت اور عادات واطوار کا یہ حال تھا:

كَانَ يَزِيْدُ صَاحِبَ طَرَبٍ وَجَوَارِحَ وَكِلَابٍ وَقُرُدٍ وَقُرُوْدٍ وَمَنَادِمَةٍ عَلَى الشَّرَابِ۔

یزید بڑا عیش وعشرت پسند، شکاری، جانوروں، کتوں، بندروں اور چیتوں کا دلدادہ تھا اور ہر وقت اس کے ہاں شراب خوری کی بزم میں لگی رہتی تھیں۔

---

(۱) تفسیر مظہری، ج:۲، ص:۱۹۱؛ ابن اثیر کامل، ج:۴، ص:۳۶

(۲) تاریخ الخلفاء، ص:۲۰۷

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جب یزید کی بدکرداریوں کی عام شہرت ہوئی تو مدینہ کے لوگوں پر یہ بات بالخصوص شاق گزری۔ حاکم عثمان بن محمد بن ابی سفیان نے معاملہ کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے اشراف مدینہ کا ایک وفد مرتب کر کے یزید کے پاس بھیجا جس میں حضرت عبداللہ بن حنظلہ انصاری اور حضرت منذر ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ شامل تھے عثمان کا خیال تھا کہ یہ لوگ یزید کی عطا و بخشش سے مطمئن ہو جائیں گے مگر اس کا یہ خیال بالکل غلط ثابت ہوا۔ ان حضرات نے واپس آ کر یزید کے کردار کو بالکل طشت از بام کر دیا۔ اگرچہ یزید نے رخصت کے وقت حضرت عبداللہ کو ایک لاکھ اور ان کے ہمراہیوں کو دس دس ہزر درہم دیے۔ یزید کا خیال تھا کہ اس حیلہ سے ان کو اپنے دام میں پھانسنے میں کامیاب ہو جاؤں گا۔ مگر اس کی توقع کے خلاف جب یہ حضرات واپس لوٹ کر مدینہ طیبہ پہنچے تو کھلے بندوں یزید کی برائیاں آنکھوں دیکھی بیان کیں۔

فَاَظْهَرَ وَاَظْلَمَ يَزِيْدَ وَ عَيْبِهٖ وَقَالُوْا قَدِمْنَا مِنْ عِنْدِ رَجُلٍ لَيْسَ لَهٗ دِيْنٌ يَشْرَبُ الْخَمْرَ وَ يَطْرَبُ بِالطَّنَابِيْرَ عِنْدَهُ اَلْقِيْنَانُ وَالْمَعَازِفُ وَ مُلَعِّبٌ بِالْكِلَابِ وَيُسْمِرُ عِنْدَهُ الْحَرَابَ وَ هُمْ اَللُّصُوْصُ وَاَنَا شَهِدَ كُمْ اَنَاقَدْ خَلَعْنَاهُ۔ (۱)

یزید کے متعلق یہ برائیاں ظاہر کیں کہ ہم ایک ایسے شخص کے پاس سے ہو کر آئے ہیں جو بالکل بے دین ہے۔ شراب پیتا ہے طنبورے بجاتا ہے اس کے سامنے کنیزیں باجے بجاتی ہیں کتوں کے کھیل سے دل بہلاتا ہے رات بدمعاشوں اور چوروں کے گروہ میں جنگی کہانیاں بیان ہوتی ہیں۔ ہم تمہیں گواہ کر کے کہتے ہیں کہ ہم نے اس کی بیعت توڑ دی ہے۔

چنانچہ دیگر اہلِ مدینہ نے بھی یزید کی بیعت توڑ دی۔ جس کے نتیجہ میں وہ واقعہ ہوا۔ جو واقعۂ حرہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

وَقَدْ رُوِيَ اَنَّ يَزِيْدِ كَانَ قَدْ اشْتُهِرَ بِالْمَعَازِفَ وَ شُرْبُ الْخَمْرِ وَالْغَنَاءَ وَالصَّيْدَ وَاِتِّخَاذِالْغِلْمَانَ وَالْقِيَانَ وَالْكِلَابَ وَالنِّطَاحَ بَيْنَ الْكِبَاشَ وَالدِّبَابَ وَالْقِرَدَ وَمَا مِنْ يَوْمِ اَلَّايَصْبِحُ فِيْهِ مَخْمُوْرًا وَكَانَ يَشُدُّالْقِرَدَ عَلٰى فَرَسٍ مُسَرَّجَةٍ بِحَبَالٍ وَ يَسُوْقُ وَيَلْبَسُ الْقِرَدَ قِلَاسُ الذَّهَبِ وَ كَذَالِكَ اَلْغِلْمَانَ وَكَانَ يُسَابِقُ بَيْنَ الْخَيْلِ وَكَانَ اِذَامَاتَ الْقِرَدُ حُزِنَ عَلَيْهِ۔ (۲)

اور تحقیق روایات سے ثابت ہے کہ یزید سرود و نغمہ، ساز و راگ، شراب نوشی اور سیر و شکار کے اندر اپنے زمانہ میں مشہور تھا نوعمر لڑکوں، گانے والی دوشیزاؤں اور کتوں کو اپنے گرد جمع رکھتا تھا۔ سینگ والے لڑاکا مینڈھوں، سانڈھوں اور بندروں کے درمیان لڑائی کا مقابلہ کرواتا تھا۔ ہر دن صبح نشہ میں مخمور رہتا تھا۔ زین کسے ہوئے گھوڑوں پر بندروں کو رسی سے باندھ دیتا تھا اور پھراتا تھا۔ بندروں اور نوعمر لڑکوں کو سونے کی ٹوپیاں پہناتا تھا۔ گھوڑوں کے درمیان دوڑ کا مقابلہ کراتا تھا۔ جب کوئی بندر مر جاتا تو اس کا سوگ منایا جاتا تھا۔

(۱) تاریخ الخلفاء (۲) البدایہ والنہایہ، ج:۸، ص:۲۳۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# سیدنا امامِ عالی مقام کا جہادِ عظیم

حضورِ سید عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ظالم وجابر بادشاہ سے نجات حاصل کرنے پر اس کے خلاف جہاد کرنے کا حکم دیا ہے۔

عَنْ عَمَرِ ابْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہُ تَصِیْبُ اُمَّتِیْ فِی اٰخِرِ الزَّمَانِ مِنْ سَلَطَانِہِمْ شَدَائِدُ لَایَنْجُوْ مِنْہَا اِلَّا رَجُلٌ عَرَفَ دِیْنَ اللّٰہِ فَجَاھَدَ عَلَیْہِ بِلِسَانِہٖ وَیَدِہٖ وَقَلْبِہٖ

حضرت عمر ابن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا ہے کہ فرمایا حضور رسول اللہ ﷺ نے کہ پہنچیں گی آخری زمانہ میں میری امت کو سختیاں نجات نہیں پائے گا مگر وہ شخص جو کہ بچائے اللہ کے دین کو پس جہاد کیا اس نے اپنی زبان سے اور اپنے ہاتھ سے اور اپنے دل سے۔ پس یہی شخص ہے جو نیکیوں میں سابق ہے۔

اس حدیث سے روشن الفاظ میں ثابت ہوا کہ حضور ﷺ نے جابر وظالم بادشاہ کی سختیوں سے نجات کی بنیاد جہاد پر رکھی جس میں جابر فرماں روا کے ساتھ بھی جنگ کرنا جہاد شمار کیا گیا ہے۔

سرکار رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دوسری مشہور حدیث میں بھی اس طرف اشارہ بیان فرمادیا۔

اَفْضَلُ الْجِھَادِ کَلِمَۃُ الْحَقِّ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ (۱)

سب سے بہتر جہاد وہ کلمہ حق ہے جو کسی جابر غیر عادل بادشاہ کے سامنے برملا کہا جائے۔

تیسری حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے۔

مَنْ رَأٰی مِنْکُمْ مُنْکَرًا فَلْیُغَیِّرْہُ بِیَدِہٖ فَاِنْ لَمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِہٖ وَاِنْ لَمْ یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِہٖ وَذٰلِکَ اَضْعَفُ الْاِیْمَانِ۔

تم میں جو شخص بھی کوئی برائی دیکھے تو اسے چاہیے کہ اسے ہاتھ سے مٹادے اور اگر اس کی قدرت نہیں تو زبان سے مذمت کرے اور اگر اس کی بھی استطاعت نہیں ہے تو دل میں برا سمجھے یہ ایمان کا نچلا درجہ ہے۔

علامہ ابنِ حزم فرماتے ہیں:

وَصِفَۃُ الْاِمَامِ اَنْ یَّکُوْنَ مُجْتَنِبُ الْکَبَائِرِ وَمُسْتَتِرًا بِالصَّغَائِرِ عَالِمًا بِحُسْنِ السِّیَاسَۃِ لِاَنَّ ھٰذَا الَّذِیْ کُلِّفَ بِہٖ

امام کی شان یہ ہے کہ وہ کبائر سے اجتناب کرے اور صغائر کا اظہار نہ کرے حسنِ سیاست اور تدبیرِ مملکت کی خصوصیات کو جانتا ہو کیونکہ اس بات کا وہ مکلف ہے۔

اس کے پھر کچھ آگے علامہ ابنِ حزم فرماتے ہیں:

فَاِنْ قَامَ عَلَی الْاِمَامِ الْقُرَشِیِّ مَنْ ھُوَ خَیْرٌ مِنْہُ اَوْ مِثْلُہٗ اَوْ دُوْنَہٗ قَاتَلُوْا کُلُّھُمْ مَعَہٗ لَمَّا ذَکَرْنَا قَبْلَ اِلَّا اَنْ یَّکُوْنَ جَائِرٌ فَاِنْ جَائِرًا فَقَامَ عَلَیْہِ مِثْلُہٗ اَوْ دُوْنَہٗ قَاتَلُوْ مَعَہٗ الْقَائِمُ لِاَنَّہٗ مُنْکَرٌ زَائِرٌ فَاِنْ قَائِمٌ عَلَیْہِ اَعْدَلُ مِنْہ وَجَبَ الْقِتَالُ مَعَ الْقَائِمِ لِاَنَّہٗ تَغْیِیْرُ مُنْکَرٍ (۲)

پس اگر قریشی امام کے خلاف ایسا شخص کھڑا ہوا جو اس سے بہتر یا اس کے مثل ہو یا اس سے کم ہو تو چاہیے کہ سب متحد ہو کر اس کے ساتھ قتال کریں بجز اس کے کہ وہ امام غیر عادل ہو پس اگر وہ امام غیر عادل ہے اور اس کے مقابلہ میں ایسا شخص کھڑا ہوا ہو جو اس کے مثل یا اس سے کم ہے تو چاہیے سب مل کر اس کے ساتھ قتال کریں اور اگر اس کے

(۱) صحاح ستہ (۲) المحلی، ج:۹، ص:۲۶۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مقابلہ میں ایسا شخص کھڑا ہوا ہو جو اس سے بہتر ہے تو چاہیے کہ سب اس کھڑے ہونے والے کے ساتھ متحد ہو کر اس امام جائر کے خلاف قتال کریں کیونکہ یہ امر منکر کی تغییر ہے۔

معلوم ہوا کہ امام المسلمین ہونے پر جن چیزوں کی اہلیت وصلاحیت ہونا ضروری ہے وہ یزید میں ہرگز نہ تھیں اور امام عالی مقام کا اقدام بالکل شرعاً جہادِ عظیم ہے۔ اس اصول اور ارشاد نبوت ﷺ کے مطابق امامِ عالی مقام پر لازم ہو گیا کہ وہ یزید عنید کے خلاف جہاد کریں۔

چنانچہ علامہ ابنِ خلدون اپنے مقدمہ میں لکھتے ہیں کہ:

فَاَمَّا الْحُسَيْنُ فَاِنَّهٗ لَمَّا ظَهَرَ فِسْقُ يَزِيْدَ عِنْدَ الْكَافَّةِ مِنْ اَهْلِ عَصْرِهٖ بَعَثَتْ شِيْعَةُ اَهْلِ الْبَيْتِ بِالْكُوْفَةِ لِلْحُسَيْنِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ فَيَقُوْمُوْا بِاَمْرِهٖ فَرَاٰى الْحُسَيْنُ اَنَّ الْخُرُوْجَ عَلٰى يَزِيْدَ مُتَعَيِّنٌ مِنْ اَجْلِ فِسْقِهٖ لَاسِيَّمَا مَنْ لَهُ الْقُدْرَةُ عَلٰى ذَالِكَ وَظَنَّهَا مِنْ نَفْسِهٖ بِاَهْلِيَّةٍ وَشَوْكَةٍ فَاَمَّا الْاَهْلِيَّةُ فَكَانَتْ كَمَا ظَنَّ وَزِيَادَةٌ وَاِمَّا الشَّوْكَةُ فَغَلَطَ يَرْحَمُهُ اللّٰهُ فِيْهَا لِاَنَّ عَصَبِيَّةَ مُضَرٍ كَانَتْ فِيْ قُرَيْشٍ وَعَصَبِيَّةَ قُرَيْشٍ فِيْ عَبْدِ مَنَافٍ وَعَصَبِيَّةَ عَبْدِ مَنَافٍ اِنَّمَا كَانَتْ فِيْ بَنِيْ اُمَيَّةَ تَعْرِفُ ذَالِكَ لَهُمْ قُرَيْشٌ وَسَائِرُ النَّاسِ وَلَا يُنْكِرُوْنَهٗ۔ (۱)

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ تو جب یزید کا فسق وفجور اس کے دور کے سب لوگوں کے نزدیک نمایاں ہو گیا تو کوفہ کی اہلِ بیت کی جماعت نے سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کے پاس پیغام بھیجا کہ وہ اہلِ کوفہ کے پاس تشریف لے آئیں تو وہ سب ان کی اطاعت میں کھڑے ہو جائیں گے تو اس وقت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے سمجھ لیا اب یزید کے خلاف کھڑے ہو جانا متعین ہے اس کے فسق کی وجہ سے۔ (اور مقابلہ کی قوت فراہم ہو جانے سے) بالخصوص اس شخص کے لیے جسے کھڑے ہونے کی قدرت حاصل ہو جائے اور اہلیت بھی موجود ہو اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو اپنے اندر اس قوت کا ظنِ غالب پیدا ہو گیا مع اپنی صلاحیت واہلیت کے جہاں تک تعلق ہے صلاحیت کا تو وہ بلاشبہ ان میں یعنی سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ میں تھی جیسا کہ انہوں نے گمان کیا۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ تھی۔ لیکن جہاں تک یزید کے مقابلہ کی قوت کا تعلق تو اپنے اندر اس کے سمجھنے میں نہ پہنچ سکے کیونکہ اس وقت مضر کی ساری جماعتیں طاقتِ قریش میں تھیں اور قریش کی جماعتی طاقت عبدِ مناف اور عبدِ مناف کی ساری قبائلی طاقت بنی امیہ میں تھی۔ پس قبائلی اور خاندانی طاقتیں کل کی کل یزید کو حاصل تھیں جسے قریش اور سب لوگ برملا پہچانتے تھے اور کسی کو اس سے انکار نہ تھا۔

(۱) مقدمہ ابنِ خلدون، ص: ۱۸۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عبارتِ بالا سے واضح ہوگیا کہ یزید کے فسق کے متعلق صحابہ میں دورائیں نہ تھیں بلکہ اس کے خلاف کھڑا ہونے میں دورائیں تھیں اور سیدنا امامِ عالی مقام کے شرعی موقف کی پوری وضاحت ہوتی ہے کہ ان کا خروج مذہبی نقطۂ نگاہ سے اقتدارِ یزید کے خلاف جہادِ عظیم تھا۔

نیز مقامِ بیضہ راہِ کربلا پر جو خطبہ امامِ عالی مقام نے اپنی زبانِ حق ترجمان سے بیان فرمایا اسے بھی بغور جانا جائے۔

أَنَّ الْحُسَيْنَ خَطَبَ أَصْحَابَهُ وَأَصْحَابَ الْحُرِّ بِالْبَيْضَةِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَأٰى سُلْطَانًا جَائِرًا مُسْتَحِلًّا لِحُرُمِ اللّٰهِ نَاكِثًا لِعَهْدِ اللّٰهِ مُخَالِفًا لِسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْمَلُ فِيْ عِبَادِ اللّٰهِ بِالْإِثْمِ الْعُدْوَانِ فَلَمْ يُغَيِّرْ مَا عَلَيْهِ بِفِعْلٍ وَلَا قَوْلٍ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُدْخِلَهُ مَدْخَلَهُ أَلَا وَإِنَّ هٰؤُلَاءِ قَدْ لَزِمُوْا طَاعَةَ الشَّيْطَانِ وَتَرَكُوْا طَاعَةَ الرَّحْمٰنِ وَأَظْهَرُوا الْفَسَادَ عَطَّلُوا الْحُدُوْدَ وَاسْتَأْثَرُوا بِالْفَيْءِ وَأَحَلُّوْا حَرَامَ اللّٰهِ وَحَرَّمُوْا حَلَالَ اللّٰهِ وَأَنَا أَحَقُّ مِنْ غَيَّرَ۔

امام عالی مقام نے مقامِ بیضہ میں خطبہ دیا جس میں حُر اور آپ کے ساتھی بھی تھے۔ اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا۔ پھر فرمایا اے لوگو! رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص کسی سلطان جائر کو دیکھے کہ اس نے خدا کی حرام کردہ چیزوں کو حلال ٹھہرا لیا ہے اور عہدِ الٰہی کو توڑ رہا ہے اور سنتِ رسول اللہ ﷺ کی مخالفت کر رہا اللہ کے بندوں کے ساتھ ظلم اور زیاتی کا معاملہ کرتا ہے۔ پس یہ سب کچھ دیکھتے جانتے بھی اپنے قول وعمل سے اس شر کو مٹا کر اپنا فرض ادا نہیں کرتا تو خدا کا تقاضائے عدل ہے کہ اسے اس کے ٹھکانے پر پہنچادے۔ غور سے سنو کہ ان یزیدیوں نے شیطان کی اطاعت کو اپنے اوپر لازم کرلیا ہے اور خدا کی بندگی کو چھوڑ رکھا ہے ان لوگوں نے ہر طرف فساد بپا کردیے ہیں اور شریعت کی حدود کو معطل کردیا اور سرکاری مال کو ذاتی مفاد پر خرچ کیا خدا کے حرام کو حلال کیا اور اس کے حلال کو حرام کردیا اور یزیدیوں کے شر مٹانے والوں میں سے سب سے زیادہ میں مستحق ہوں۔

## صحابہ پر یزید کا فسق وفجور مسلّم

## اور عدمِ شرکتِ امام پر موقفِ صحابہ، نیز کربلائی اقدام پر اتفاق

اب رہا یہ کہ جب سرکار سیدنا امامِ عالی مقام حسین رضی اللہ عنہ نے اقدامِ جہاد کیا تو اس وقت کے دور کے دوسرے صحابہ ان کے ساتھ کربلائی اقدام میں کیوں شریک نہ ہوئے کیا وہ یزید کو خلیفہ جانتے تھے اور اس کے خلاف خروج کو جائز نہ جانتے تھے۔ اگر صحابہ پر یزید کا فسق مسلم تھا تو وہ ضرور سیدنا امام کے ساتھ ہوتے۔ یہ الزام بھی بالکل سراسر بے بنیاد اور غلط ہے۔ صحابہ پر یزید کا فسق مسلم ہو چکا تھا۔ لیکن صرف فتنہ وخونریزی کے اندیشہ کے پیشِ نظر اس کے خلاف خروج نہیں کیا اور یہ ان کا اپنا اجتہاد تھا۔

چنانچہ اس کے متعلق مشہور مورخ علامہ ابنِ خلدون لکھتے ہیں۔ جو یزیدی پارٹی کے نزدیک معتمد علیہ مورخ ہیں۔

وَمَا حَدَثَ فِيْ يَزِيْدَ مَا حَدَثَ مِنَ الْفِسْقِ اِخْتَلَفَ الصَّحَابَةُ حِيْنَئِذٍ فِيْ شَأْنِهٖ فَمِنْهُمْ مَنْ رَأَى الْخُرُوْجَ وَنَقْضَ الْبَيْعَةِ مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ كَمَا فَعَلَ الْحُسَيْنُ

اور جب یزید میں وہ بات پیدا ہوگئی جو پیدا ہونی تھی یعنی فسق وفجور۔ تو صحابہ اس کے بارہ میں مختلف آرا ہوگئے بعضوں نے اس کی بیعت توڑ دینے اور اس کے خلاف کھڑے ہوجانے کو ضروری سمجھا اس

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

وَعَبْدَاللّٰهِ ابْنِ زُبَيْرٍ وَمَنْ تَبِعَهُمَا فِي ذَالِكَ وَمِنْهُمْ مَنْ اَبَاهُ مِمَّا فِيهِ مِنْ اَثَارَةِ الْفِتْنَةِ وَكَثْرَةِ الْقَتْلِ مَعَ الْعِجْزِ عَنِ الْوَفَاءِ بِهٖ لِاَنَّ شَوْكَةَ يَزِيْدَ يَوْمَئِذٍ هِيَ عِصَابَةُ بَنِيْ اُمَيَّةَ وَجُمْهُوْرُ اَهْلَ الْحِلِّ وَالْعُقْدَةِ مِنْ قُرَيْشٍ وَتَشَبُّعُ عَصَبِيَّةُ مُضَرٍ اَجْمَعُ وَهُوَ اَعْظَمُ مِنْ كُلِّ شَوْكَةٍ وَلَا يُطَاقُ مَقَاوَمَتِهِمْ ... عَنْ يَزِيْدٍ بِسَبَبِ ذَالِكَ وَاَقَامُوْا عَلَى الدُّعَاءِ بِهِدَايَةٍ وَالرَّاحَةِ مِنْهُ هٰذَا كَانَ شَأْنَ جَمْهُوْرُ الْمُسْلِمِيْنَ وَكُلٌّ مُجْتَهِدُوْنَ وَلَا يُنْكِرُ عَلٰى اَحَدٍ مِنَ الْفَرِيْقَيْنِ فَمَا قَصَدَهُمْ اِلَّا فِي الْبِرِّ وَتَحَرِّيِ الْحَقِّ مَعْرُوْفَةٌ وَفَّقَنَا اللّٰهُ لِاقْتِدَائِهِمْ۔ (۱)

فسق کی وجہ سے جیسا کہ سیدنا حسین رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ ابن زبیر اور ان کے پیروؤں نے کیا اور بعض نے فتنہ اور کثرتِ قتل کے خطرات اور اس کی روک تھام سے عجز محسوس کرنے کی وجہ سے اس سے انکار کیا۔ کیونکہ اس دور میں یزید کی شوکت وقوت بنی امیہ کی عصبیت تھی اور اکثر اہل حل وعقد قریش تھے اور اس کے ساتھ مضر کی ساری کی ساری عصبیت اور جماعتی قوت بھی لگی ہوئی تھی اور وہ سب قوتوں سے بڑے قوت تھی جس کی تاب ومقاومت کوئی نہیں لاسکتا تھا اس لیے کہ جو لوگ (یزید کے مخالف بھی تھے) وہ اس وجہ سے اس کے مقابلہ سے رک گئے اور اس کے لیے دعا (ہدایت) مانگنے اور اپنے کو اس سے راحت دینے میں رہنے لگ گئے عام طور سے (اس وقت) مسلمانوں کی اکثریت کا بھی یہی طریقہ رہا اور سب کے سب مجتہد تھے کوئی دنیوی غرض درمیان میں حائل نہ تھی۔ فریقین میں کوئی ایک دوسرے پر ملامت نہیں کرتا تھا۔ پس مقاصد ان کے نیک تھے اور حق کی جستجو ان کی نیک تھی۔ اللہ تعالیٰ ان کی اقتداء ہمیں بھی نصیب کرے۔

اس کے آگے چل کر علامہ لکھتے ہیں:

وَاَمَّا غَيْرَ الْحُسَيْنِ مِنَ الصَّحَابَةِ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِالْحِجَازِ وَمَعَ يَزِيْدٍ بِالشَّامِ وَالْعِرَاقِ وَمِنَ التَّابِعِيْنَ لَهُمْ فَرَاَوْا اَنَّ الْخُرُوْجَ عَلٰى يَزِيْدٍ وَاِنْ كَانَ فَاسِقًا لَا يَجُوْزُ لِمَا يَنْشَاءُ عِنْدَ مِنَ الْجَرْحِ وَالدِّمَاءِ فَاقْصَرُوْا عَنْ ذَالِكَ وَلَمْ تُبَايِعُوْا الْحُسَيْنَ وَلَا اَنْكَرُوْا عَلَيْهِ وَلَا اَثَّمُوْهُ لِاَنَّهُ مُجْتَهِدٌ وَهُوَ اُسْوَةُ الْمُجْتَهِدِيْنَ۔

اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے سوا دوسرے صحابہ جو حجاز میں تھے اور یزید کے ساتھ شام اور عراق میں تھے اور جو لوگ ان کی رائے کے تابع تھے یزید کے خلاف خروج کرنا ناجائز سمجھتے تھے اگرچہ یزید (ان کے نزدیک) فاسق تھا۔ کہ اس خروج سے قتل وخون ریزی کافی ہوتی تو یہ حضرات اس خون ریزی سے رک گئے اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ نہ ہوئے۔ مگر حضرت پر کوئی انکار اور ملامت بھی نہ کیا اور نہ ہی انہیں گنہگار سمجھا کیونکہ امام حسین رضی اللہ عنہ مجتہد تھے (اور یہ حضرات بھی) اور مجتہدوں کا یہی طریقہ ہے کہ ایک مجتہد دوسرے مجتہد پر ملامت نہیں کرتا۔ اگرچہ رائے میں اسے خاطی بھی سمجھتا ہو۔

ایک اور مقام پر حافظ ابنِ کثیر وضاحت کرتے ہیں:

وَاَمَّا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ فَاِنَّ وَلِيْدَ تَشَاغَلَ عَنْهُ بِابْنِ الزُّبَيْرِ وَجَعَلَ كُلَّمَا بَعَثَ اِلَيْهِ يَقُوْلُ حَتّٰى تَنْظُرَ وَمَنْظُرُ

اور رہا معاملہ سیدنا حسین ابن علی رضی اللہ عنہ کا تو ولید جب ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ کے معاملہ میں لگ کر حسین رضی اللہ عنہ سے کچھ غافل ہوا اور جب بھی ان سے

(۱) مقدمہ ابن خلدون، ص:۱۷۷

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ثُمَّ جَمَعَ اَهْلَ بَيْتِهٖ وَرَكِبَ لَيْلَةَ الْاَحَدِ اللَّيْلَتَيْنِ بَقِيَتَا مِنْ رَجَبٍ مِّنْ هٰذِهِ السَّنَةِ بَعْدَ خُرُوْجِ ابْنِ زُبَيْرٍ بِلَيْلَةٍ وَلَمْ يَتَخَلَّفْ عَنْهُ اَحَدٌ مِّنْ اَهْلِهٖ سِوَى مُحَمَّدٌ ابْنُ الْحَنَفِيَّةِ فَاِنَّهٗ قَالَ لَهٗ وَاللّٰهِ يَا اَخِيْ لَاَنْتَ اَعَزُّ اَهْلَ الْاَرْضِ عَلَيَّ وَاِنِّيْ نَاصِحٌ لَكَ لَاتَدْخُلَنَّ مِصْرًا مِّنَ هٰذِهِ الْاَمْصَارِ وَلٰكِنْ اُسْكُنِ الْبَوَادِيَ وَالرِّمَالَ وَابْعَثْ اِلَى النَّاسِ فَاِذَا بَايَعُوْكَ وَاجْتَمَعُوْا عَلَيْكَ فَاَدْخِلِ الْمِصْرَ وَاِنْ اَبَيْتَ اِلَّا سَكَنَ الْمِصْرَ فَاذْهَبْ اِلٰى مَكَّةَ فَاِنْ رَاَيْتَ مَا تُحِبُّ والا ترفعت اِلَى الرِّمَالِ وَالْجِبَالِ فَقَالَ لَهٗ جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا فَقَدْ نَصَحْتَ وَاَشْفَقْتَ وَسَارَ الْحُسَيْنُ اِلٰى مَكَّةَ۔

بیعت کے لیے کہتا تو سیدنا حسین رضی اللہ عنہ جواب دیتے رہے کہ تم بھی سوچ سمجھ لو۔ ہم بھی غور کر رہے ہیں اس کے بعد انہوں نے اپنے اہل وعیال کو جمع کیا اور اس سنہ کے رجب کی دو راتیں رہ گئی تھیں کہ وہ روانہ ہوگئے۔ ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ کی روانگی کے ایک رات بعد اور ان کے خاندان میں سے کوئی بھی ساتھ سے نہیں رہا سوائے محمد بن الحنفیہ کے تو محمد بن الحنفیہ رضی اللہ عنہ نے سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ سے کہا خدا کی قسم میرے بھائی میں تمہیں اپنی نظر میں ساری دنیا سے عزیز جانتا ہوں اور میں تمہاری خیر خواہی سے یہ کہتا ہوں کہ اول تو تم کسی بھی شہر میں ان شہروں میں سے مت جاؤ بلکہ دیہات و ریگستان میں قیام کرو اور لوگوں کو اطلاع دو اگر وہ تم سے بیعت کرلیں اور تم پر جمع ہوجائیں تب شہروں کا رخ کرو اور اگر بہر صورت تم اور شہروں میں رہنا چاہتے ہو تو مکہ چلے جاؤ اگر وہاں وہ بات پوری ہو جائے جو تم چاہتے ہو تو فبہا۔ ورنہ ریگستانوں اور پہاڑوں میں ہی قیام رکھو۔ اس پر سیدنا حسین نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر عطا فرمائے تم نے نیک مشورہ دیا ہے اور شفقت کی اور مکہ کا راستہ لیا۔

اور علامہ ابنِ خلدون لکھتے ہیں:

وَلَا يَذْهَبْ بِكَ الْغَلَطُ اَنْ تَقُوْلَ بِتَاْثِيْمِ هٰؤُلَاءِ بِمُخَالَفَةِ الْحُسَيْنِ وَقُعُوْدُهُمْ عَنْ نَصْرِهٖ فَاِنَّ كَثْرَةَ الصَّحَابَةِ كَانُوْا مَعَ يَزِيْدَ وَلَمْ يَرَوُا الْخُرُوْجَ عَلَيْهِ وَكَانَ الْحُسَيْنُ يَتَشَهَّدُ بِهِمْ وَهُوَ يَقُوْلُ فِيْ كَرْبَلَا عَلٰى فَضْلِهٖ وَحَقِّهٖ وَيَقُوْلُ سَلُوْا جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ وَاَبَا سَعِيْدَ الْخُدْرِيَّ وَاَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَسَهْلَ بْنَ سَعِيْدٍ وَزَيْدًا ابْنَ اَرْقَمَ وَاَمْثَالَهُمْ وَلَمْ يَنْكُرْ عَلٰى قُعُوْدِهِمْ عَنْ نَصْرِهٖ وَلَمْ تَعْرِضْ لِذٰلِكَ لِعِلْمِهٖ اِنَّهٗ عَنْ اجْتِهَادٍ مِّنْهُمْ كَمَا كَانَ فَعَلَهٗ عَنْ اِجْتِهَادٍ مِّنْهُ۔(۱)

کہیں تم اس غلطی میں نہ پڑ جانا کہ تم ان لوگوں کو جو سیدنا حسین کی رائے کے مخالف تھے اور ان کی مدد کے لیے (عملاً) کھڑے نہیں ہوئے گنہگار کہنے لگو۔ اس لیے کہ گو صحابہ کی اکثریت ہے جو یزید کے ساتھ تھے اور اس پر خروج جائز نہیں سمجھتے تھے اور خود سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ اپنے حق اور اپنی فضیلت کے بارہ میں انہیں میدانِ کربلا میں قتال کرتے ہوئے بطورِ گواہ کے پیش فرما رہے تھے تو جب وہ انہیں گنہگار نہیں سمجھتے تھے بلکہ متقی وعادل جانتے تھے جیسا کہ گواہی میں پیش کرنے سے ثابت ہے تو انہیں گنہگار سمجھنا کب جائز ہے اور کہہ رہے تھے کہ میرے حق اور فضیلت اور اہلیت کے بارہ میں پوچھو جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اور ابو سعید

(۱) مقدمہ ابن خلدون ص ۱۸۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

خدری رضی اللہ عنہ سے اور انس ابنِ مالک رضی اللہ عنہ سے اور سہل ابنِ سعید رضی اللہ عنہ سے اور زید بن ارقم سے اوران جیسے دوسرے حضرات سے۔نیز سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے ان کے بیٹھ رہنے پر اوران کو اپنا مددگار نہ دیکھ کر ان پر ملامت کی اور نہ ان سے تعرض کیا کیونکہ وہ جانتے تھے کہ ان حضرات کا یہ رویہ اجتہادی ہے۔(کسی دنیوی غرض سے نہیں ہے) جیسا کہ خود ان کا اپنا رویہ اپنے اجتہاد سے تھا۔

اہلِ کوفہ کے پیہم اصرار پر سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ رختِ سفر میں جب مصروف ہوئے تو اکابرین صحابہ اہلِ کوفہ کی بے وفائی کے پیشِ نظر انہیں کوفہ سے باز رکھنے کی تجویز میں لگے رہے کیونکہ امامِ عالی مقام کا نقصان ملتِ اسلامیہ کا نقصانِ عظیم تھا۔جس کی تلافی میں کوئی صورت نظر نہیں آتی تھی۔حضرت عبداللہ ابنِ جعفر رضی اللہ عنہ نے جو خط امامِ عالی مقام کو سفرِ کوفہ سے باز رکھنے کے لیے لکھا اس میں اس چیز کا ذکر کیا گیا ہے۔

اِنْ هَلَكْتَ الْيَوْمَ طَفٰى نُوْرُ الْاَرْضِ فَاِنَّكَ عِلْمَ الْمُهْتَدِيْنَ وَرَجَاءَ الْمُؤْمِنِيْنَ۔

اگر آپ شہید ہوگئے تو نورِ اسلام جاتا رہے گا کیونکہ آپ ہدایت یافتہ لوگوں کے امام ہیں اور اہلِ ایمان کی امیدوں کے مرکز۔

اور حضرت عبداللہ ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے کہا۔

اَقِمْ فِيْ هٰذَا الْبَلَدِ فَاِنَّكَ سَيِّدُ اَهْلِ الْحِجَازِ۔

اس شہر میں قیام کیجیے کیونکہ آپ باشندگانِ حجاز کے امام ہیں۔

ثابت ہوا کہ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے روکنے میں جو حضرات پیش پیش تھے اس کی یہ وجہ نہیں کہ وہ یزید کے خلاف سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے اقدام کو ناجائز سمجھتے تھے بلکہ اسبابِ خروج مہیا نہ ہونے کی بنا پر امام عالی مقام کو روکنے میں کوشاں رہے کیونکہ اہلِ کوفہ کے وعدوں پر ان حضرات کو کوئی اعتماد نہ تھا۔جیسا کہ سفرِ کوفہ میں راستہ پر فرزوق نے سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے دریافت کرنے پر اہلِ کوفہ کی حالت کا ان الفاظ سے تعارف کرایا۔

قُلُوْبُ النَّاسِ مَعَكَ وَسُيُوْفُهُمْ مَعَ بَنِيْ اُمَيَّةَ۔

لوگوں کے دل تو آپ کے ساتھ ہیں لیکن ان کی تلواریں بنی امیہ کے ساتھ ہیں۔

اس لیے اختلاف صرف اسباب مہیا نہ ہونے پر مبنی تھا نہ کہ اقدامِ امام پر۔

## یزید کو امیر المؤمنین کہنے پر ایک شخص کو بیس کوڑے

وَقَالَ نَوْفَلُ بْنُ اَبِيْ نَضْرَاتٍ كُنْتُ عِنْدَ عُمَرَ بْنِ عَبْدِالْعَزِيْزِ فَذَكَرَ رَجُلٌ يَزِيْدَ فَقَالَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ يَزِيْدِ ابْنِ مُعَاوِيَةَ فَقَالَ تَقُوْلُ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَمَرَ بِهٖ

نوفل بن ابونضرات نے فرمایا کہ میں عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر تھا۔پس ایک شخص نے یزید کا تذکرہ کرتے ہوئے اس کو یوں کہا امیر المؤمنین یزید بن معاویہ یہ سننا تھا کہ عمر بن عبدالعزیز

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فَضُرِبَ عِشْرِیْنَ سَوْطًا۔ (۱)

غضب ناک ہوئے آپ نے فرمایا آیا تو یزید کو امیر المؤمنین کہتا ہے پھر آپ کے حکم پر اس کو بیس کوڑے مارے گئے۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ خود بھی بنی امیہ میں سے ہیں مگر حق پرست بنی امیہ میں سے ہیں مطلقاً بنی امیہ میں سے نہیں اور حق گو کی علامت یہی ہے کہ خود حق پر ہو اور حق کو حق کہے اور باطل کو باطل۔ خود نیک ہو تو نیک کو نیک کہے اور بد کو بد کہے خواہ وہ اپنا ہی کیوں نہ ہو اور خواہ پرایا ہو حق گو اس کا قطعاً لحاظ نہیں کرتا۔ چنانچہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے ایسے شخص کو بیس کوڑے مروائے اور امیر المؤمنین جیسا اعلیٰ خطاب حق ایک یزید پلید کے متعلق گوارا نہ فرمایا۔ کاش اگر آج بھی وہی دور ہوتا تو ایسے لوگ جو پمفلٹ اور کتابچے اور مجموعات میں یزید عنید کو امیر کہہ رہے ہیں ان کی پیٹھوں پر کوڑے مارے جاتے تو زبانیں یزید کی مدح سے رک جاتیں اور مجموعات و کتابچے ضبط ہی نہ ہوتے بلکہ ہمیشہ کے لیے خاتمہ ہو جاتا اور دین فروش لوگوں کو بھی سمجھ آ جاتی۔

## فاسق بادشاہ یا امیر حاکم کے خلاف خروج

اب رہا سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے جہادِ عظمیٰ کے بارے میں یہ کلام کرنا کہ یزید ایک حاکم تھا اور حاکمِ وقت کے خلاف یا امیر پر خروج کرنے سے سیدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے منع فرمایا ہے وہ یہ کہ امیر پر خروج کسی صورت نہ کیا جائے جب تک کہ وہ کافر نہ ہو جائے۔ اس لیے امام کا خروج یا اقدام معاذ اللہ ایک امیر کے خلاف خروج تھا ان جہلاء اور ہوا خواہانِ یزید کو اتنا بھی پتہ نہیں کہ امیر کے کافر ہو جانے پر اس کے خلاف خروج کا جواز رہتا ہی نہیں ہے کیونکہ اس حالت میں امیر باقی ہی نہیں رہتا۔ جب کہ امیر کے لیے اسلام شرطِ اول ہے اگر وہ اسلام سے خارج ہو جائے تو اسے معزول کرنے کی ضرورت ہی نہیں رہتی وہ خود بخود معزول ہو جاتا ہے۔ اس کے جواز یا عدم جواز کا سوال ہی نہیں رہتا اور ایسی صورت میں سیدنا امامِ عالی مقام کے اقدام پر بھلا کیا اثر پڑ سکتا ہے۔ ارشادِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم یہ ہے:

وَلَا اِنْتِزَاعَ اَمْرَ اَهْلَهٗ اِلَّا اَنْ تَرَوْا كُفْرًا بَوَاحًا عِنْدَ كُمْ مِّنَ اللّٰهِ فِيْهِ بُرْهَانٌ۔ (۲)

اور یہ کہ حکومت کے بارے میں جو برسر اقتدار شخص ہے جھگڑا نہ کریں جب تک کہ اس سے کھلا کفر ظاہر نہ ہو اور اللہ تعالیٰ کی جانب سے اس کے بارے میں قطعی کوئی دلیل موجود ہو۔

اس ارشادِ نبوت میں کفرًا بواحًا سے مراد کفر بمعنے عصیان خداوندی (نافرمانی) ہے کہ حقیقی کفر جس سے انسان حدودِ اسلامی سے خارج کیا جاتا ہے۔

۱۔ مجمع البحار میں اس کی تصریح موجود ہے۔

وَالْمُرَادُ بِهِ الْمَعَاصِیْ اَیْ لَاتُنَازِعُوا الْوَلَاةَ اِلَّا اَنْ تَرَوْا مِنْهُمْ مُنْكَرًا مُحَقَّقًا فَانْكِرُوْهُ۔

اور مراد اس سے معاصی ہیں یعنی نہ جھگڑو، حاکمان وقت سے مگر یہ کہ دیکھو ان سے برائی ظاہر پس نکیر کرو اس پر

(۱) تہذیب التہذیب ج ۱۱ ص ۳۶۱ بزاس ص ۵۵۱ (۲) بخاری ہکذا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اور علامہ نووی قاضی عیاض علیہ الرحمہ سے نقل کرتے ہیں:

قَالَ الْقَاضِیُ عَیَاضُ اَجْمَعَ الْعُلَمَاءُ عَلٰی اَنَّ الْاِمَامَةَ لَا تَنْعَقِدُ لِکَافِرٍ وعلٰی اَنَّهٗ لَوْطَرَأَ عَلَیْهِ الْکُفْرُ اِنْعَزَلَ قَالَ وَکَذَا لَوْتَرَکَ اَقَامَةَ الصَّلٰوةِ وَالدُّعَاءَ اِلَیْهَا. قَالَ وَکَذَالِكَ عِنْدَ جُمْهُوْرِهِمُ الْبِدْعَةُ۔ (۱)

قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ علماء کا اس پر اجماع ہے کہ امامت کافر کی منعقد ہو ہی نہیں سکتی اور اگر امامت کے بعد اس پر کفر طاری ہوجائے تو وہ خود بخود معزول ہوجاتا ہے اور ایسے ہی جب کہ وہ اقامتِ صلوٰۃ چھوڑ دے اور اس کی طرف بلانا ہی ترک کردے اور ایسے ہی جمہور علماء کے یہاں بدعت کا یہی حکم ہے (کہ اسے رائج کرنے لگے)

اس کے کچھ آگے لکھتے ہیں:

قَالَ الْقَاضِیُ فَلَوْ طَرَءَ عَلَیْهِ کُفْرٌ اَوْ تَغْیِیْرٌ لِلشَّرْعِ اَوبِدْعَةٌ خَرَجَ عِنْ حُکْمِ الْوَلَایَةِ اَوْ بِدْعَةٌ خَرَجَ عَنْ حُکْمِ الْوَلَایَةِ وَبِدْعَةٍ سَقَطَتْ طَاعَتُهٗ وَوَجَبَ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ الْقِیَامُ عَلَیْهِ وَخَلْعُهٗ وَنَصِبُ اِمَامٍ عَادِلٍ اِنْ اَمْکَنَهُمْ ذٰالِكَ فَاِنْ لَّمْ یَقَعْ ذٰالِكَ اِلَّا لِطَائِفَةٍ وَجَبَ عَلَیْهِمُ الْقِیَامَ بِخَلْعِ الْکَافِرِ وَلَا یَجِبُ فِی الْمُتَبِدِعِ اِلَّا اِذَا ظَنُّوْا الْقُدْرَةَ عَلَیْهِ فَاِنْ تَحَقَّقُوْ الْعِجْزَکُمْ یَجِبْ الْقِیَامُ وَالْهِجْرِ الْمُسْلِمُ عَنْ اَرْضِهٖ اِلٰی غَیْرِهَا وَیَفِرُّ بِدِیْنِهٖ۔ (۲)

امام قاضی عیاض نے فرمایا ہے کہ اگر امام پر کفر یا شرع کو بدلنا یا بدعت طاری ہوجائے تو وہ امام (خود بخود) ولدیت و امامت سے خارج ہو جائے گا اور اس کی اطاعت ساقط ہو جائے گی اور مسلمانوں پر اس کے خلاف کھڑا ہونا اور اس کی امامت سے ہٹانا اور اس کی جگہ امام عالَ کا مقرر کرنا واجب ہوجائے گا۔ بشرطیکہ ان میں اس کی قدرت و طاقت ہو اور اگر ایسا نہ ہو (کہ سارے مسلمان اس کے خلاف کھڑے ہوں) بلکہ کوئی چھوٹی جماعت کھڑی ہو تو اس پر کافر کا ہٹانا تو واجب ہوگا اور مبترع کا ہٹانا اس وقت واجب ہوگا جب اس جماعت کو اپنی قدرت کا ظن غالب ہو میں اگر ان کو اپنا عجز و کمزوری متحقق ہو تو (اس کے خلاف) کھڑا ہونا واجب نہیں اور مسلمان اس کے ملک سے کسی دوسری زمیں میں ہجرت کر جائے اور اپنے دین و ایمان کے ساتھ (وہاں سے) بھاگ جائے۔

اب اس کے مطابق شرعی اصول اور مسائل فقہیہ پر نظر ڈالی جائے تو واضح ہوگا کہ امیر پر خروج کے جواز کی صورت کفر سے پہلے ہی ہوسکتی ہے کہ وہ امیر باقی رہے مگر مستحق عزل ہوجائے نہ کہ کفر کے بعد کہ نہ امیر رہے نہ اس کے عزل کے استحقاق کا سوال درمیان میں آئے اور یہ صورت فسق کی نہیں کفر کی ہوسکتی ہے۔

پھر اس حدیث کی یہ مراد خود حدیث سے متعین ہوجاتی ہے۔ چنانچہ اسی حدیث عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ میں حبان بن النصر رضی اللہ عنہ کی روایت سے شرح کرتے ہوئے اِلَّا اَنْ تَرَوْا کُفْرًا بَوَاحًا کی وجہ اِلَّا اَنْ تَرَوْ مَعْصِیَةً بَوَاحًا۔ نقل کیا ہے جس سے واضح ہوجاتا ہے کہ یہاں کفرِ بواح سے شارع علیہ السلام کی مراد معصیۃ اور کھلا ہوا منکر ہے۔

(۱) اور (۲) مسلم مع نووی ج ۲ ص ۱۲۵

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

علامہ ابنِ حجر صاحب فتح الباری فرماتے ہیں۔

۴۔ وَقَعَ فِیْ رِوَایَۃِ حِبَّانَ اَبِی النَّضْرِ الْمَذْکُوْرَۃِ " اِلَّا اَنْ یَّکُوْنَ مَعْصِیَۃَ اللّٰہِ بَوَاحًا۔[1]

اور اسی حدیث میں بروایتِ حبان بن النضر یہ جملہ آیا ہے۔ اِلَّا اَنْ یَّکُوْنَ مَعْصِیَۃَ اللّٰہِ بَوَاحًا۔ یعنی اس وقت امام سے منازعۃ جائز ہے کہ وہ کھلی ہوئی معصیت میں گرفتار ہو جائے۔

اس سے صاف واضح ہوا کہ کفرِ بواح سے معصیتِ بواح مراد ہے نہ کہ کفرِ اصطلاحی حدیث کی اسی بینہ مراد کو سلف وخلف نے قبول کیا ہے اور علامہ نووی نے اس حدیث کی شرح میں لکھا ہے۔

۵۔ وَالْمُرَادُ بِالْکُفْرِ ھٰھُنَا الْمَعَاصِی وَمَعْنٰی عِنْدَکُمْ مِّنَ اللّٰہِ فِیْہِ بُرْھَانٌ اِیْ تَعْلَمُوْنَہٗ مِنْ دِیْنِ اللّٰہِ تَعَالٰی۔

اور یہاں کفر سے مراد معاصی ہیں اور معنی عندکم من اللہ فیہ برھان کے یہ ہیں کہ تم امام کی معصیت کو قواعدِ شرعیہ سے جان لو کہ یہ دینی خلاف ورزی ہے۔

اور بھی کئی متعدد مقامات پر شرعی استعمالات میں معاصی پر کفر کا اطلاق کیا گیا ہے جیسے حدیث میں مَنْ تَرَکَ الصَّلٰوۃَ مُتَعَمِّدًا فَقَدْ کَفَرَ۔ عَمَّدًا تَارِکِ الصلوٰۃ کو مرتکب کفر کہا گیا ہے۔ یا کاہن وساحر کے پاس آنے جانے والے کو پوری شریعت کا منکر اور اس کے ساتھ کفر کنند فرمایا گیا۔ اس طرح اس حدیث میں بھی معصیتِ بواح کو جس میں آدمی کافروں کی طرح برملا حقوق شرعیہ کو ضائع کرنے لگے کفرِ بواح فرمادیا گیا کہ وہ عمل بلاشبہ کفر کے قریب تر کردینے والا ہے۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ اس حدیث کے بارے فرماتے ہیں۔

۶۔ آنچہ در مشکوٰۃ شریف ثابت است از حضرت ﷺ کہ وخروج بر بادشاہ وقت اگرچہ ظالم باشد منع فرمودہ اند پس در آن وقت است کہ آن بادشاہ ظالم بلا منازع ومزاحم تسلط پیدا کردہ باشد وہنوز اہلِ مدینہ واہلِ مکہ واہلِ کوفہ بہ تسلط یزید پلید راضی نشدہ بودند ومثل حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ وعبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ وعبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ بیعت نہ کردہ بالجملہ خروج حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ برائے دفع تسلط وآنچہ در حدیث ممنوع است آں خروج است کہ برائے رفع تسلط سلطان جائر باشد والفرق بین الدفع و الرفع ظاہر مشہور فی المسائل۔

اور یہ جو مشکوٰۃ شریف میں ثابت ہے کہ حضرت ﷺ نے بادشاہِ وقت کے مقابلہ میں کھڑے ہونے سے منع فرمایا ہے اگرچہ وہ ظالم ہی کیوں نہ ہو اس وقت کے لیے ہے کہ وہ ظالم بلا کسی کے جھگڑے اور مزاحمت کے مکمل غلبہ پیدا کرلے حالانکہ یہاں ابھی تک اہلِ مدینہ اور اہلِ مکہ اور اہلِ کوفہ یزید پلید کے تسلط سے راضی نہ تھے اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ وعبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ وعبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ جیسے حضرات نے بیعت ہی نہ کی تھی۔ حاصل یہ کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کا خروج یزید کے (ظالمانہ) تسلط کو دفع کرنے کے لیے تھا اس کے رفع کرنے کے لیے نہ تھا (کیونکہ تسلط مان کر خروج ہوتا تو رفع ہوتا اور ماننے سے پہلے جب کہ خروج ہوا تو دفع کی صورت ہوئی جو ممنوع ہیں اور وہ خروج جو حدیث شریف میں ممنوع ہے وہ ہے جو کے بادشاہ کا تسلط رفع کرنے کے لیے ہو۔ (نہ کہ دفع کرنے کے لیے) اور دفع اور رفع میں ایک روشن فرق ہے اور مسائل فقہیہ میں مشہور ہے۔

(۱) فتح الباری ج ۱۳ ص ۶

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

علامہ ابنِ خلدون لکھتے ہیں:

وَاَعْلَمْ اَنَّهٗ اِنَّمَا يُنْفَذُ مِنْ اَعْمَالِ الْفَاسِقِ مَا كَانَ مَشْرُوْعًا وَقِتَالُ بَغَاةٍ عِنْدَهُمْ مِنْ شَرْطِ اَنْ يَكُوْنَ مَعَ الْاِمَامِ الْعَادِلِ وَهُوَ مَفْقُوْدٌ فِيْ مَسْئَلَتِنَا فَلَا يَجُوْزُ قِتَالُ الْحُسَيْنِ مَعَ يَزِيْدَ وَلَا لِيَزِيْدَ بَلْ هِيَ مِنْ فِعْلَاتِهٖ الْمُؤَكِّدَةِ وَالْحُسَيْنُ فِيْهَا شَهِيْدٌ مَثَابٌ وَهُوَ عَلٰى حَقٍّ وَ اِجْتِهَادٍ وَ الصَّحَابَةُ الَّذِيْ كَانُوْا مَعَ يَزِيْدَ عَلٰى حَقٍّ وَاجْتِهَادٍ۔ (۱)

اور جان لو کہ (فاسق امیر) کے وہی اعمال واحکام عنداللہ نافذ ہو سکتے ہیں جو مشروع ہوں اور باغیوں سے قتال کرنے میں اہلِ شرع کے نزدیک شرط یہ ہے کہ امام عادل ہو تب اس کے ساتھ ہو کر باغیوں سے جنگ کی جا سکتی ہے کیونکہ یزید امیر عادل ہی نہ تھا اس لیے حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ قتال کرنا یزید کے ساتھ ہو کر یا یزید کے لیے جائز نہ تھا۔ بلکہ یہ حرکتیں یزید کے فسق کے لیے زیادہ مؤید اور مؤکد ثابت ہوئیں اور سیدنا حسین رضی اللہ عنہ اس قتال میں شہید اور اجر یافتہ ہوئے جو حق اور اجتہاد پر تھے اور جو صحابہ یزید کے ساتھ تھے وہ بھی حق اور اجتہاد پر تھے۔

فَقَدْ تَبَيَّنَ غَلَطُ الْحُسَيْنِ اَلَّا اَنَّهٗ فِيْ اَمْرٍ دُنْيَوِيٍّ لَا يَضُرُّهُ الْغَلَطُ فِيْهِ وَاَمَّا الْحُكْمُ شَرْعِيٌّ لَمْ يَغْلَطْ فِيْهِ لِاَنَّهٗ مَنُوْطٌ بِظَنِّهٖ وَكَانَ ظَنُّهُ الْقُدْرَةَ عَلٰى ذٰلِكَ۔

پس تم پر اتنا واضح ہو گیا کہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے بمقابلہ یزید اپنی مادی شوکت وقوت سمجھنے میں غلطی کی۔ لیکن یہ غلطی ایک دنیوی امر (یعنے جنگی تدبیر) میں تھی جو ان کے لیے کچھ بھی مضر نہ تھی کیونکہ اس کا دارومدار ان کے گمان پر تھا اور گمان یہ تھا کہ انہیں یزید کے مقابلہ کی قدرت ہے تو ان کی نیت اور گمان کے لحاظ سے یہ خطاء اجتہادی تھی۔ کسی حکمِ شرعی کے خلاف معصیت نہیں تھی کہ اسے مضر کہا جائے۔

صاحبِ اتحاف لکھتے ہیں:

وَاَمَّا اِذَا خَالَفَ اَحْكَامُ الشَّرْعِ فَلَا طَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِيْ مَعْصِيَةِ الْخَالِقِ كَمَا فِي الْبُخَارِيِّ وَسُنَنِ الْاَرْبَعَةِ اَلسَّمْعُ وَالطَّاعَةُ عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ فِيْ مَا اَحَبَّ وَكَرِهَ مَالَمْ يُؤْمَرْ بِمَعْصِيَةٍ فَاِذَا اُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ فَلَا سَمْعَ وَلَا طَاعَةَ۔ (۲)

اور جب امیر احکامِ شریعت کی خلاف ورزی کرنے لگے تو پھر مخلوق کی اطاعت خالق کی معصیت میں نہیں ہے جیسا کہ بخاری اور سنن اربعہ میں ہے کہ امیر کی سمع وطاعت مردِ مسلم پر واجب ہے خوشی اور ناخوشی میں مگر جب تک کہ اسے معصیتِ خداوندی کا امر نہ کیا جائے۔ پس جب اسے کسی معصیتِ شرعی کا امر کیا جائے تو اب سمع وطاعت نہیں۔

ان تمام دلائل سے ثابت ہوا کہ جب حکمِ شرع کی نافرمانی (معصیت) حاکم یا امیرِ وقت میں پائی جائے تو اس کے خلاف جہاد ضروری ہے۔ جب کہ اس کی طاقت ہو تو معلوم ہوا کہ سرکار امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے اقدامِ جہاد کو کیسے ناجائز سمجھا جا سکتا ہے۔ بلکہ اس حدیث کو سب سے بہتر سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ بخوبی جانتے تھے کہ یہ کفر بمعنے معصیت کے ہے اور ایسے شخص کے متعلق تو آپ نے جہاد کا حکم دیا ہے۔ جیسا کہ مشکوٰۃ کی حدیث سے واضح کیا جا چکا ہے۔

(۱) مقدمہ ابن خلدون ص ۱۸۱ (۲) اتحاف السادۃ المتقین جلد دوم ص ۲۳۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اب رہا یہ کہ ایک اور حدیث میں آتا ہے:

فَمَنْ اَرَادَ اَنْ یُّفَرِّقَ اَمْرَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَهِیَ جَمِیْعٌ فَاضْرِبُوْهُ بِالسَّیْفِ كَائِنًا مَنْ كَانَ۔ (۱)

اگر کوئی شخص اس امت کے سیاسی نظام میں اختلال پیدا کرنا چاہے اور امت متفق ہو چکی ہو تو تلوار سے اس کی گردن اڑا دو خواہ وہ کوئی ہو۔

اس حدیث میں بھی احکامِ اسلامی میں ممانعت وخروج اس وقت ہے جب کہ کسی کا اقتدار مکمل طور پر ملک میں جم چکا ہو اور قوم اس کے اقتدار کو بغیر کسی مزاحم کے طوعاً یا کرہاً تسلیم کر چکی ہو جیسا کہ الفاظِ حدیث وھی جمیع سے ظاہر ہے۔ لیکن اقتدارِ یزید ابھی نامکمل تھا اس لیے کہ اہلِ مدینہ واہلِ کوفہ تا حال اقتدارِ یزید سے راضی نہ ہوئے تھے۔ مثلاً جیسا کہ خواصِ امت سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ، عبداللہ ابنِ عباس رضی اللہ عنہ، عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ، عبداللہ ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ کے طرزِ عمل سے ظاہر ہے کہ کسی چیز کی صحت وعدمِ صحت کا مدار صرف خواصِ امت پر ہوا کرتا ہے نہ کہ عوام الناس پر۔

لہٰذا عوام الناس کا اقتدارِ یزید کو قبول کرنا کوئی وقعت نہیں رکھتا۔ جب کہ خواص امت اس کے خلاف ہوں۔ تو ایسی صورت میں سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے خروج کو ناجائز قرار دینا کس طرح صحیح قرار دیا جا سکتا ہے؟

بالفرض اگر اقتدارِ یزید استخلافِ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ یا بیعتِ جمہوریت کی بنا پر تسلیم کر لیا جائے کہ اقتدارِ یزید مکمل ہو چکا تھا تو پھر بھی سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے خروج میں کلام نہیں کیا جا سکتا تو اس صورت میں ہم یہ کہنے میں حق بجانب ہیں کہ سرکار نواسۂ سیدالابرار امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے یزید کو کافر سمجھ کر اس پر خروج کیا تھا۔ جیسا کہ ائمہ اربعہ میں امام احمد بن حنبل یزید کے کفر کے قائل ہیں اور مفسرین کی جماعت میں علامہ آلوسی بھی کفر کے قائل ہونے اور محققین ومحدثین مثل علامہ سعدالدین تفتازانی اور علامہ ثناء اللہ پانی پتی اور دیگر مجتہدین رحم اللہ تعالیٰ علیہم کفرِ یزید کی طرف گئے ہیں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بعد تو یزید کی حالت میں ایسی نمایاں تبدیل ہو گئی کہ وہ غیر شرعی امور کا اعلانیہ ارتکاب کرنے لگا اور کفریہ الفاظ کا زبان سے اظہار کرنے لگا۔

## مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وقت آخر تک تین قبیلوں سے کیوں بیزار تھے؟

قبیلہ بنی حنیفہ مسیلمہ کذاب، قبیلہ ثقیف حجاج، قبیلہ بنی امیہ یزید اور ابنِ زیاد۔

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ قَالَ مَاتَ النَّبِیُّ ﷺ وَهُوَ یَكْرَهُ ثَلَاثَةَ اَحْیَاءٍ (۲)

ترجمہ: عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حال میں وصال فرمایا کہ آپ تین قبیلوں کو ناپسند فرماتے تھے۔ ایک قبیلہ ثقیف ہے۔ جس قبیلہ میں مشہور ظالم حجاج بن یوسف گزرا ہے۔ دوسرا قبیلہ بنی حنیفہ ہے جس قبیلہ کا مسیلمہ کذاب فرد تھا اور تیسرا قبیلہ بنی امیہ ہے جس قبیلہ سے یزید اور ابنِ زیاد کا تعلق ہے جو امام شہید سیدنا حسین ابنِ علی رضی اللہ عنہ کے قتل کا بانی فاعل تھا۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان تین قبیلوں کو جو ناپسند فرمایا اس کی وجہ یہ ہے کہ ان تینوں قبیلوں میں ایسے افراد گزرے ہیں جن کے سیاہ کارناموں کی وجہ سے ان سے ناخوش تھے۔ یہ سیاہ افراد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں نہ تھے لیکن قبیلے موجود تھے اور آپ کو ان کے کرتوتوں کا علم باعلامِ الٰہی تھا اس لیے آپ کے قلبِ مبارک پر یہ قبائل گراں تھے۔

---

(۱) بخاری (۲) الی آخر اشعۃ اللمعات

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

شیخ محقق علی الاطلاق آگے چل کر یزید کا حال بیان کرتے ہیں:

وعجب است ازایں قائل کہ یزید رانہ گفت کہ امیر عبیداللہ ابن زیاد بود وہر چہ کرد بامر دے ورضائے وے کرد باقی بنی امیہ ہم درکارہائے خود تقصیر کردہ اند یزید وعبیداللہ راچہ گویند ودر حدیث آمدہ است کہ آنحضرت ﷺ درخواب دید کہ بوزنہا بر منبر شریف وے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بازی می کنند وتعبیر آں بہ بنی امیہ کردہ دیگر چیزہا بسیار است چہ گوید۔ (۱)

اوراس قائل کے حال پر تعجب ہے کہ یزید کا نام نہ لیا حالانکہ ابنِ زیاد کا امیر یزید ہی تھا۔ باقی بنی امیہ نے بھی اپنے اپنے سیاہ کارناموں میں کوئی کمی نہیں کی ہے صرف یزید وابنِ زیاد کو کیا کہا جائے۔ دوسری حدیث میں ہے کہ سرکارِ دوعالم ﷺ نے خواب میں دیکھا کہ آپ کے منبر شریف پر بندر کھیل رہے ہیں آپ نے اس خواب کی تعبیر بنی امیہ کو ہی قرار دیا اس کے علاوہ اور بھی بہت سی باتیں بنی امیہ کے متعلق حدیثوں میں ہیں اس کے متعلق کیا کہا جائے۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اس حدیث کو بیان کرتے ہیں۔ کہ ابویعلیٰ اور حاکم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ میں نے خواب میں اولادِ حکم کو دیکھا کہ میرے منبر پر کود رہے ہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ اس خواب کے بعد حضور سید العالمین علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کبھی میں نے ہنستا ہوا نہیں دیکھا یہاں تک کہ آپ کا وصال ہوگیا۔

ثابت ہوا کہ حضور سیدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام جانتے تھے کہ ان قبائل میں ایسے ظالم اشخاص پیدا ہوں گے چنانچہ اس کے متعلق محدثین کرام نے واضح کردیا ہے کہ قبیلہ بنی حنیفہ میں مسیلمہ کذاب ہوا اور قبیلہ ثقیف میں حجاج بن یوسف اور قبیلہ بنی امیہ سے یزید بن معاویہ ہوا۔ اور سیدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ان کے ظلم باعلامِ الٰہی معلوم تھے۔ جس کی بناء پر آپ رنج وغم سے اس دنیا سے وصال فرما گئے۔

آپ اندازہ کریں کہ ایسے ظالم لوگوں کا کیا حال ہوگا جن پر خدا کے محبوب علیہ السلام نے ان کے ظلم وستم پر رنج رکھا اور وصال فرما گئے۔ اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَعَنَھُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ۔

آیۂ قرآنی اور احادیثِ نبویہ ﷺ سے یزید کے ظلم وستم پر گہری روشنی پڑتی ہے۔

## اہلِ مدینہ کو خوف زدہ کرنے پر لعنتِ خداوندی

امام مسلم نے اس حدیث کو بیان کیا کہ حضور سیدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے۔

مَنْ اَخَافَ اَھْلَ الْمَدِیْنَۃِ ظُلْمًا اَخَافَہُ اللّٰہُ وَعَلَیْہِ لَعْنَۃُ اللّٰہِ وَالْمَلٰئِکَۃِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ۔ (۲)

جس نے اہلِ مدینہ کو ظلماً ڈرایا دھمکایا اس پر اللہ تعالیٰ خوف ڈالے گا اور اس پر اللہ تعالیٰ کی اور فرشتوں کی اور سب لوگوں کی لعنت ہو۔

اس حدیث سے اول بات یہ معلوم ہوئی کہ حضورِ اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشاد کے مطابق جس نے بھی مدینہ والوں کو ظلماً ستایا یا ڈرایا یا دھمکایا اللہ تعالیٰ اس پر خوف ڈالے گا اور اس پر اللہ اور فرشتوں اور لوگوں کی لعنت ہے۔

ثابت ہوا کہ ایسا کرنے والے غضب خداوندی ولعنت خداوندی کے مستحق ہیں۔ اس کے آگے ہے۔

(۱) اشعۃ اللمعات ج ۴ باب ذکر المناقب قریش (۲) مسلم شریف، اشعۃ اللمعات ج ۴ ص ۲۸۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

وَلَا يُقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا۔ اور اللہ کے ہاں اس کا کوئی عمل جانی و مالی فرضی و نفلی قبول نہ ہوگا۔

## مقامِ زیت (حرہ) مدینہ منورہ خون سے رنگین ہوگا

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

كَيْفَ اَنْتَ اِذَا رَاَيْتَ اَحْجَارَ الزَّيْتِ قَدْ غَرِقَتْ بِالدَّمِ (۱) جب تو دیکھے گا کہ زیت کے پتھر خون میں ڈوب جائیں۔ اس وقت اے ابوذر تیرا کیا حال ہوگا۔

اس حدیث کے تحت شرح مشکوٰۃ اشعۃ اللمعات میں شاہ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔ کہ احجارِ زیت مدینہ منورہ میں ایک جگہ ہے جسے حرہ کہتے ہیں اور اس میں واقعۂ حرہ کی طرف اشارہ ہے جس کا وقوع یزید کے دورِ حکومت میں ہوا۔ اس کے حکم پر مدینہ طیبہ خون سے رنگین ہوا تھا اور جو کچھ ہونا تھا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قبل از وقت اس کی بشارت فرمادی۔ (۲)

مذکورہ بالا دونوں احادیث میں واضح فرمایا گیا کہ جو اہلِ مدینہ کو خوف زدہ کرے گا اس پر اللہ تعالیٰ فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے اور سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ طیبہ کے مقامِ زیت کے خون سے رنگین ہونے کی طرف اشارہ فرمارہے ہیں۔ اہلِ علم واقعۂ حرہ کے متعلق خوب جانتے ہیں کہ یہ اس وقت پیش آیا جب یزید کی بدکرداریوں کی بنا پر اس کی بیعت کو فسخ کیا گیا تو یزید کے حکم پر اس کے بدبخت لشکریوں نے اہلِ مدینہ کے مقدس ترین خون سے اپنے ہاتھوں کو رنگین کیا۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ اگر اس حکومت کا مصداق یزید پلید اور اس کے لشکری نہیں تو اور کون ہے؟ اگر اہلِ مدینہ کو ظلماً قتل کر کے اور مدینہ منورہ کی بے حرمتی کے بعد بھی یہ لعنت کا مستحق نہیں تو اور کون ہے، اور یہ فرمانِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطابق ملعون ہوا اور اس کے اعوان و انصار ملعون ہوئے۔

## یزید کا سہ سالہ دورِ حکومت

اب رہا یزید کا مسلم بن عقبہ کی ماتحتی میں لشکرِ جرار بھیج کر اہلِ مدینہ کو ڈرانا اور دھمکانا اور ان پر ظلم و ستم کے پہاڑ ڈھانا تو یہ تاریخ کا وہ مسلم الثبوت اور دردناک و کربناک واقعہ ہے کہ جس کا انکار نہیں کیا جاسکتا۔ اس بارہ ہزار اور بروایتِ دیگر بائیس ہزار کے لشکرِ جرار یزیدیوں نے مدینہ طیبہ میں وہ طوفان بپا کیا کہ العظمۃ للہ۔ قتل و غارت اور طرح طرح کے مظالم ساکنین کے گھر لوٹ لیے۔ سات سو جلیل القدر قاریانِ قرآن کو شہید کیا گیا اور ایک ہزار صحابہ کرام کو شہید کیا گیا اور ایک ہزار کے قریب باکرہ عورتوں کے ساتھ زنا کا ارتکاب کیا۔ لڑکوں کو قید کیا اور ان کے ساتھ وہ بدتمیزیاں کیں جن کا ذکر کرنا ناگوار ہے مسجدِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ستونوں کے ساتھ گھوڑے باندھے اور گوبر و پیشاب کی غلاظت پھیلائی۔ تین دن تک لوگ مسجدِ نبوی شریف میں نماز سے مشرف نہ ہوسکے اور اذان و جماعت نہ ہوسکی۔ مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وہ ہتک و بے حرمتی کی جو بیان سے باہر ہے۔ (۳)

"ایک گروہ نے میرے نانا ابنِ جوزی سے یزید کے متعلق پوچھا تو انہوں نے جواب دیا کہ بھلا تم ایسے شخص کے بارہ میں کیا کہتے ہو جس نے اپنے سہ سالہ دورِ حکومت میں سے پہلے سال میں سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کیا اور دوسرے سال مدینہ منورہ والوں کو خوف زدہ کیا اور مدینہ طیبہ کی ہتک کی اور تیسرے سال خانہ کعبہ کو منجنیقوں سے اڑادیا۔ انہوں نے کہا ہم اس پر لعنت کریں؟ تو فرمایا: ہاں اس پر لعنت کرو"۔ (۴)

(۱) تاریخ الخلفاء ص ۱۳۶، ابوداؤد کتاب الفتن، صواعق محرقہ ص ۱۳۳ (۲) اشعۃ اللمعات ج ۴ ص ۲۸۸ (۳) سوانح کربلا
(۴) قسطلانی شرح بخاری ج ۵ ص ۸۴، ۸۵ ج ۱۰، ص ۱۳۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# واقعۂ حرہ

اور بلاشبہ یزید نے شدید ترین اور بہت بڑی غلطی کی کہ جو مسلم بن عقبہ سے کہا کہ وہ مدینہ منورہ کو تین دن تک مباح الدم قرار دے (یعنی خون بہائے) یہ وہ غلطی تھی جس کے ساتھ مزید یہ اضافہ ہوا کہ ایک بڑی تعداد صحابہ اور ابنائے صحابہ کی قتل ہوگئی اور یہ پہلے ہی بیان ہو چکا ہے کہ اس نے سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں کو عبداللہ ابنِ زیاد کے ہاتھوں سے قتل کرایا ان تین دنوں میں مدینہ منورہ میں بڑے عظیم فساد رونما ہوئے جن کو بیان نہیں کیا جاسکتا ہے اور نہ ان کی کیفیت بیان کی جاسکتی ہے انہیں اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ یزید نے مسلم بن عقبہ کو مدینہ منورہ بھیج کر تو یہ چاہا تھا کہ اس کا ملک مضبوط ہو جائے اور اس کی حکومت دیرپا ہو جائے جس میں کوئی شریک نہ ہو۔ لیکن خدا نے اس کے ان منصوبوں کے خلاف سزا دی اور جو چاہتا تھا وہ نہ ہونے دیا اس کو خدا نے اسی طرح پچھاڑا جس طرح اس نے جابروں کو پچھاڑا ہے اور قضا کے پنجوں سے اسے پکڑا اور ظالم بستیوں کے لیے تیرے رب کی پکڑ ایسی ہی سخت ہوتی ہے اس کی گرفت بے انتہا الم انگیز اور شدید ہوتی ہے۔ (۱)

## یزیدی لشکر کی مدینہ منورہ میں تباہی، مسجدِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی توہین صحابہ کرام تابعین، حفاظِ قرآن، عوام الناس کا قتل لوٹ مار کا بازار گرم

حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد سب سے شنیع اور قبیح واقعہ جو یزید پلید بن حضرت امیر معاویہ کے زمانہ میں رونما ہوا وہ واقعۂ حرہ ہے۔ اس کو واقعۂ حرہ اور حرہ زہرہ بھی کہتے ہیں۔ یہ وہ زمانہ تھا جب مدینہ طیبہ رونق و آبادی میں مرتبہ کمال تک پہنچا ہوا تھا۔ صحابہ اور انصار و مہاجرین و علمائے کبار تابعین سے مالا مال تھا۔ یزید نے حکم دیا کہ اگر وہ لوگ میری اطاعت کرلیں تو فبہا ورنہ جنگ کر و فتح کے بعد تین دن تک مدینہ تمہارے لیے مباح ہے۔ مسلم بن عقبہ آیا اور مقامِ حرہ پر پڑاؤ ڈالا اہلِ مدینہ تابِ مقابلہ نہ لا کر خندق کھود کر محصور ہو گئے۔ یزیدی مدینہ میں گھس آئے پہلے پہل حرمِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پناہ گزینوں نے بڑے شد و مد کے ساتھ مدافعت کی مگر کب تک۔ عبداللہ بن مطیع رئیسِ قریش مع اپنے سات فرزندوں کے شہید ہو گئے آخر میں یہ شامی درندے حرم پاک میں گھس گئے۔ نہایت بے دردی کے ساتھ قتل عام کیا۔ ایک ہزار سات سو مہاجرین و انصار صحابہ کرام اور کبار علمائے تابعین کو، سات سو حفاظ کو اور دو ہزار ان کے علاوہ عوام الناس کو ذبح کیا۔ بوڑھوں، بچوں عورتوں اور مردوں کو پامال کیا، مال و متاع جو کچھ ملا سب لوٹا۔ ہزاروں دوشیزگانِ حرمِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عصمت دری کی مسجدِ نبوی شریف میں گھوڑے دوڑائے۔ روضۂ جنت میں گھوڑے باندھے۔ گھوڑوں کی لید و پیشاب سے اسے ناپاک کیا۔ تین دن تک کسی اہلِ مدینہ کو جرأت نہ ہو سکی کہ مسجدِ نبوی شریف میں جا کر نماز و اذان ادا کرے نہ یزیدی درندوں کو اس کی توفیق ہو سکی۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی ریش مبارک نوچ لی گئی۔ **تَعَاذُ السَّمٰوٰتُ یَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هٰذَا**۔ قریب ہے کہ آسمان ٹوٹ پڑے زمین پھٹ جائے پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں۔ جان اس کی بچی جس نے ان الفاظ کے ساتھ یزید کی بیعت کی۔ **ثُمَّ دَعَا اِلٰی بَیْعَةِ یَزِیْدَ وَهُمْ عَبْدٌ لَهٗ فِیْ طَاعَةِ اللّٰهِ وَمَعْصِیَتِهٖ فَاَجَابَهٗ اِلَّا وَاحِدٌ مِّنْ قُرَیْشٍ فَقُتِلَ** مدینہ والوں کو یزید کی اس بیعت کی دعوت دی گئی کہ یہ لوگ یزید کے غلام ہیں۔ اللہ عزوجل کی اطاعت و

(۱) البدایہ والنہایہ، ۸:۲۲۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

معصیت میں ہے۔ان درندوں کے ظلم وستم سے مرعوب ہوکر سب نے بیعت کرلی۔ایک قریشی نے نہ کی تو اسے قتل کردیا گیا۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ کو جو کبار تابعین اور قراء سبعہ میں سے ہیں پکڑا ان سے یزید کی بیعت لینی چاہی۔انہوں نے فرمایا ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کی سیرت پر بیعت کرتا ہوں۔ابن عقبہ نے حکم دیا کہ اسے قتل کردیا جائے۔ایک شخص کھڑا ہوا اس نے ان کے مجنون ہونے کی گواہی دی، تب کہیں جا کر ان کی جان بچی۔پھر یزید کے حکم کے بموجب یزیدی لشکر مکہ معظّمہ پر حملہ آور ہوا اس ارض پاک کا جس کے جنگلی جانور کو اٹھا کر اس کی جگہ سایہ میں نہیں بیٹھ سکتے محاصرہ کرلیا آتش بازی کر کے کعبۃ اللہ کی چھت کو جلایا۔فدیۂ اسمٰعیل علیہ السلام کے سینگ جل گئے اسی اثناء میں ان سارے مظالم کے بانی مبانی یزید کو اپنے کیفرِ کردار تک پہنچنے کا وعدہ آ گیا اور وہ اپنے ٹھکانے لگا۔

## یزیدی ظلم سے مسجد نبوی شریف تین یوم بے اذان و بے نماز رہی

سعید بن عبدالعزیز روایت کرتے ہیں:

جب واقعۂ حرہ ہوا تو تین دن مسجد نبوی شریف میں آذان نہ ہوئی اور سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ مسجد سے باہر نہ نکلے اور وقتِ نماز کا پتہ نہ چل سکتا تھا تو قبرِ مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم سے خفیہ آواز سنتے تھے (یعنی وقتِ نماز کی اذان)"(۱)

## یزیدیوں نے کعبۃ اللہ کو آگ لگادی

یزیدی لشکر مدینہ طیبہ کی تاراجی کے بعد مکہ معظّمہ آیا۔حضرت ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ کا محاصرہ کرلیا اور ان سے قتال کیا اور ان پر منجنیق کے ذریعہ آتش بازی کی۔یہ واقعہ صفر کے مہینہ ۶۴ ہجری کو رونما ہوا۔جس آگ کے شعلوں سے کعبہ کے پردے اور اس کی چھت جل گئی اس مینڈے کے دو سینگ بھی جل گئے جو سیدنا اسماعیل علیہ السلام کے فدیہ میں اللہ تعالیٰ نے جنت سے بھیجا تھا یہ سینگ دونوں کعبۃ اللہ کی چھت میں تھے۔پھر اللہ تعالیٰ نے یزید کو اسی سال ربیع الاول کا مہینہ گزرتے ہی ہلاک فرمادیا۔(۲)

## یزید کے ظلم وستم اور افعالِ قبیحہ
## اس کے بیٹے معاویہ بن یزید کی زبانی

یزید بن معاویہ نے اپنے ایک بیٹے کا نام اپنے باپ کے نام پر رکھا تھا۔جس کا نام معاویہ تھا۔یعنی معاویہ ابنِ یزید۔جب یزید لعین مرگیا تو اس کے بیٹے کو تختِ سلطنت پر بٹھایا گیا تو اس نے لوگوں کے سامنے اپنے باپ یزید کے متعلق ایک طویل خطبہ دیا جس کا حاصل یہ ہے:

ثُمَّ قُلِّدَ اَبِیْ الْاَمْرَ وَکَانَ غَیْرَ اَھْلٍ لَہٗ وَنَازَعَ ابْنَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ فَقَصَفَ عُمُرُہٗ وَانْبَتَرَ عَقِبُہٗ وَصَارَ فِیْ قَبْرِہٖ رَھِیْنًا بِذُنُوْبِہٖ ثُمَّ بَلٰی وَقَالَ اِنَّ مِنْ اَعْظَمِ الْاُمُوْرِ عَلَیْنَا عِلْمُنَا بِسُوْءِ مَصْرَعِہٖ وَبِئْسَ مُنْقَلَبِہٖ وَقَدْ قَتَلَ عِتْرَۃَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَبَاحَ الْخَمْرَ وَخَرَّبَ الْکَعْبَۃَ۔ (۳)

پھر میرے باپ نے حکومت سنبھالی تو وہ اس کا اہل ہی نہ تھا اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے سے جھگڑا کیا آخر اس کی عمر گھٹ گئی اور نسل ختم ہوگئی پھر وہ اپنے گناہوں کے ساتھ اپنی قبر میں دفن ہوگیا یہ کہہ کر رونے لگے جو بات ہم پر سب سے زیادہ گراں گزری ہے وہ یہی ہے کہ اس کا برا انجام اور بری عاقبت ہمیں معلوم ہے اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عترت کو قتل کیا شراب کو حاصل کیا اور بیت اللہ کو ویران کیا۔

(۱) مشکوۃ باب الکرامات وشرح بخاری عینی (۲) تاریخ الخلفاء:۹۰۲ (۳) الصواعق المحرقۃ،ص:۲۲۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# یزید کی رضامندی اور واقعۂ کربلا

جہاں تک یزید کے ذاتی فسق وفجور کا تعلق ہے اس ذاتی فسق سے محض ذات تباہ ہوجاتی ہے۔لیکن اجتماعی فسق سے امت اور اجتماعیت تباہ ہوکر رہ جاتی ہے اس لیے علمائے اکابرین نے زیادہ تر یزید کے اسی فسق کا ذکر کیا اور اس پر احکام مرتب کیے۔پھر اس میں بھی قبیح ترین فسق یہ تھا کہ اس نے نواسۂ رسول اور خاندانِ نبوت ﷺ پر ظلم وستم کئے اور پھر ان کو قتل کیا۔اب اس اقدامِ ظلم اور اس کے حمایتیوں نے مشہور کر رکھا ہے کہ اس قتل میں یزید شریک نہیں۔بھلا جو شخص عنانِ سلطنت پر بیٹھا ہے کیا اس کی مرضی کے بغیر ایسا عظیم واقعہ ہوسکتا تھا ہرگز نہیں۔واقعۂ کربلا میں جو کچھ دن دھاڑے یومِ عاشور ۶۰ھ کو ہوا وہ سب یزید کی رضامندی سے ہوا اور اس کی تمام تر ذمہ داری یزید پر عائد ہوتی ہے اگرچہ اس واقعہ کے وقت ظاہر میں کربلا سے دور تھا مگر حقیقت میں وہ اسی قدر نزدیک تھا کیونکہ کوئی کام بھی اس کی مرضی کے بغیر نہیں ہورہا تھا۔سرکار نواسۂ سید الابرار امامِ حسین وعلیٰ جدہ علیہ الصلوٰۃ والسلام جیسی عظیم شخصیت پر ہاتھ ڈالنا کسی فوجی افسر یا کسی صوبہ کے گورنر کا ذاتی فعل نہیں ہوسکتا۔

اب یہاں پر ایک مشہور کتاب شرح عقائد علامہ سعد الدین تفتازانی علیہ الرحمہ کی عبارت وہ ہے جو سب پر ایک شافی کی حقیقت کا مقام رکھتی ہے۔

وَالْحَقُّ اَنَّ رَضَا یَزِیْدَ بِقَتْلِ الْحُسَیْنِ وَاِسْتِبْشَارِہٖ بِذٰالِكَ وَاِهَانَةِ اَهْلِ بَیْتِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا تَوَاتُرٍ مَعْنَاهُ وَاِنْ كَانَ تَفَاصِیْلُهَا اٰحَادً افَنَحْنُ لَانَتَوَقَّفُ فِیْ شَأْنِهٖ بَلْ فِیْ اِیْمَانِهٖ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِ وَعَلٰی اَنْصَارِهٖ وَاَعْوَانِهٖ۔

اور حق بات تو یہ ہے کہ یزید کی رضا قتلِ حسین رضی اللہ عنہ پر اور اس کا اس پر خوش ہونا اہلِ بیتِ نبوت ﷺ کی توہین کرنا متواتر المعنی اگرچہ اس کی تفصیل احاد ہے۔بس ہم اس کے معاملہ میں توقف نہیں کرتے بلکہ اس کے ایمان میں (وہ یقینا کافر ہے) اس پر اس کے اعوان وانصار پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو (مدد خواہ مشورہ سے کریں یا اسلحہ سے کریں۔)

اہم نقطہ:

شرح عقائد کی مذکورہ بالا عبارت میں غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اس میں صیغہ متکلم مع الغیر اپنی ذات کی نہیں بلکہ تمام اہلِ سنت کی ترجمانی کر رہا ہے اور علم عقائد کی کتابوں میں سے صرف اسی شرح عقائد کو نصابِ تعلیم میں داخل ہونے کا شرف حاصل ہے اور آج تک کسی عالمِ دین نے اس کتاب کو نصابِ تعلیم سے خارج کرنے کا ارادہ نہیں کیا۔

وَتَقَدَّمَ اَنَّهٗ قَتَلَ الْحُسَیْنَ وَاَصْحَابَهٗ عَلٰی یَدَیْ عُبَیْدِاللّٰهِ ابْنِ زِیَادٍ۔

اور یہ گزر چکا ہے کہ یزید نے سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں کو عبید اللہ ابن زیاد کے ہاتھوں قتل کرایا۔

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ یزید کی رضا سے عبید اللہ ابنِ زیاد کے ہاتھوں سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کا قتل ہوا۔

یہ عبارتِ مذکورہ امام قسطلانی شارح بخاری نے علامہ سعد الدین تفتازانی سے نقل کی ہے قسطلانی کا بلانکیر تفتازانی سے یہ عقیدہ اور واقعہ نقل کرنا اس واقعہ اور عقیدہ سے خود ان کی موافقت کی کھلی دلیل ہے کیونکہ نہ انہوں نے اس قول کی تردید کی ہے اور نہ انکار۔پھر اس کے کفر وجوازِ لعن کو واضح کیا ہے اور اس واقعہ کو یزید کی رضا بقتل الحسین کو معناً متواتر فرمارہے ہیں اور یہ اجماعی بات ہوئی اور ایک متواتر عقیدہ واجب ہوا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بعد از شہادتِ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے جب شہدائے کربلا کے سرہائے مبارکہ اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک عبید اللہ ابنِ زیاد نے یزید کے پاس بھیجا تو اس وقت یزید نے امامِ عالی مقام کے لب و دندانِ مبارک پر چھڑی ماری اور بے ادبی کی۔

ابنِ ابی الدنیا نے ابو الولید سے انہوں نے خالد بن یزید بن اسد سے انہوں نے عمار وہبی اور انہوں نے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ کہ:

لَمَّا وُضِعَ رَأْسُ الْحُسَيْنِ بَيْنَ يَدَيْ يَزِيْدَ وَعِنْدَهٗ اَبُوْبَرْزَةَ وَجَعَلَ يَنْكُتُ بِالْقَضِيْبِ وَقَالَ لَهٗ اِرْفَعْ قَضِيْبَكَ فَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْثُمُهٗ۔ (۱)

سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کا سرِ اقدس یزید کے سامنے رکھا گیا تو اس کے پاس ابو برزہ رضی اللہ عنہ صحابی تھے، یزید نے سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کے منہ مبارک پر چھڑی سے چوکے مارنے شروع کیے تو صحابی نے دیکھ کر کہا یزید اپنی چھڑی کو ہٹا لے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس جگہ بوسہ دیتے دیکھا ہے۔

کیا سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادتِ عظمیٰ کے بعد چہرہ مبارک کو چھڑی سے چوکا لگانا قتلِ امام رضی اللہ عنہ سے ناخوشی کی دلیل ہوگی اور آیا یہ گستاخانہ نازیبا اور تحقیر آمیز رویہ وہ شخص اختیار کر سکتا ہے جو اس قتل سے ناخوش ہو یا وہ کرے گا جو دل میں انتہائی خوشی کے جذبات لیے ہوئے ہو؟

بلاشبہ یزید عنید کا سرکار امامِ حسین و علی جدہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے چہرہ مبارک سے تحقیر آمیز رویہ جو ایک دشمن کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ کسی طرح سے بھی اس قتل سے یزید کی ناخوشی کا ثبوت نہیں بن سکتا بلکہ اس کی خوشی و رضا کی کھلی علامت ہے۔

علامہ ابنِ جوزی فرماتے ہیں۔

وَقَالَ ابْنُ الْجَوْزِيْ فِيْمَا مَعَاهُ سِبْطُهٗ عَنْهُ لَيْسَ الْعَجَبُ مِنْ قِتَالِ ابْنِ زِيَادٍ لِلْحُسَيْنِ وَاِنَّمَا الْعَجَبُ مِنْ خُذْلَانِ يَزِيْدَ وَضَرْبِهٖ بِالْقَضِيْبِ ثَنَايَا الْحُسَيْنِ وَحَمْلِهٖ اٰلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَايَا عَلٰى اَقْتَابِ الْجِمَالِ وَذَكَرَ اَشْيَاءَ مِنْ قَبِيْحِ مَا اُشْتُهِرَ عَنْهُ وَرَدِّهٖ الرَّاْسَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ وَقَدْ تَغَيَّرَتْ رِيْحُهٗ ثُمَّ قَالَ وَمَا كَانَ مَقْصُوْدُهٗ اِلَّا الْفَضِيْحَةَ وَاِظْهَارَ الرَّاْسِ فَيَجُوْزُ اَنْ يُفْعَلَ هٰذَا بِالْخَوَارِجِ وَالْبُغَاةِ يُكَفَّنُوْنَ وَيُصَلّٰى عَلَيْهِمْ وَيُدْفَنُوْنَ وَلَوْ لَمْ يَكُنْ فِيْ قَلْبِهٖ اَحْقَادُ جَاهِلِيَّةٍ وَاَضْغَانُ بَدْرِيَّةٍ لَاَحْتَرَمَ الرَّاْسَ لَمَّا وَصَلَ اِلَيْهِ وَكَفَّنَهٗ وَدَفَنَهٗ وَاَحْسَنَ اِلٰى اٰلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (۲)

ابن جوزی نے کہا جیسا کہ ان کے پوتے نے اُن کے سے بیان کیا کہ ابن زیاد کا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کو قتل کرنا اس قدر تعجب خیز نہیں تعجب خیز تو یزید کا خاندان ہے اور اس کا امامِ عالی مقام سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کے دانتوں پر لکڑی مارنا اور آلِ رسول رضی اللہ عنہ کو قیدی بنا کر اونٹوں کے پالانوں پر بٹھانا ہے اور ابن جوزی اس قسم کی بہت سی قبیح باتوں کا ذکر کیا ہے جو اس یزید کے بارے میں مشہور ہیں پھر یزید نے امام رضی اللہ عنہ کا سر اس وقت مدینہ منورہ میں واپس لوٹایا جبکہ اس کی بُو متغیر ہو چکی تھی تو اس سے اس کا مقصد سوائے فضیحت اور سرِ انور کی توہین کے اور کیا تھا حالانکہ خارجیوں اور باغیوں کی تجہیز و تکفین اور نمازِ جنازہ بھی جائز ہے اور اگر اس کے دل میں جاہلیت کا بغض و کینہ اور جنگ بدر کا انتقالی جذبہ نہ ہوتا تو جب اس کے پاس امام کا سرِ انور پہنچا تھا وہ اس کا احترام کرتا اور اس کو کفن دے کر دفن کرتا اور آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نہایت اچھا سلوک کرتا۔

(۱) نبہانی، ج:۵، ص:۱۲۴، ۱۲۵ (۲) الصواعق المحرقہ، ص:۲۱۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ثابت ہوا کہ یزید عنید نے اپنے مقصد کو حاصل کرنے کے بعد بھی اپنے بغض وکینہ کا اظہار کیا اگر وہ ناخوش ہوتا تو کبھی ایسی بے ادبی نہ کرتا بلکہ احترام کرتا نمازِ جنازہ پڑھتا اور سر مبارک دفن کرتا۔ لیکن ایسا نہ کیا بلکہ خوشی کے ساتھ شعر بولے کہ آج میں نے بدر کے اپنے بزرگوں کا بدلہ لے لیا کاش وہ آج دیکھتے ہوتے۔

اسی لیے علامہ سعد الدین تفتازانی علیہ الرحمہ اور قسطلانی اور علامہ ابنِ جوزی نے یزید کی خوشی بقتلِ حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ ساتھ اس پر کفر اور اس کو بے ایمان اور اجتماعی طور پر لعنت کا مستحق ٹھہرایا ہے اور یہ بات بھی واضح ہوگئی جو یزیدی ہوا خواہاں کہتے ہیں کہ سر مبارک امام رضی اللہ عنہ یزید کے پاس آیا ہی نہیں تھا کہاں تک یہ داغ مٹایا جاسکتا ہے اور یزید کی پوزیشن صاف ہوسکے گی؟

## ابنِ زیاد اور حادثۂ کربلا

رہا یہ کہ امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کا سر مبارک بعد از شہادت عبید اللہ ابنِ زیاد کے پاس نہیں پہنچا تو یزید کے پاس کیسے پہنچ سکتا تھا۔ یزیدی ہوا خواہوں نے اب اس داغ کو مٹانے کے لیے عبید اللہ ابنِ زیاد کے پاس بھی سر مبارک پہنچنے سے انکار کر دیا۔ چنانچہ صحیح بخاری سے اس کا بین ثبوت واضح ہوتا ہے جس کے مقابلہ میں تاریخی قیاسات کو ترجیح نہیں دے سکتے۔ محمد بن حسین بن ابراہیم رضی اللہ عنہ نے کہا ہم سے بیان کیا اس کو انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ:

عَنْ اَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ زِيَادٍ فَجِيْءَ بِرَأْسِ الْحُسَيْنِ فَجَعَلَ يَنْكُتُ بِقَضِيْبٍ فِيْ اَنْفِهٖ وَيَقُوْلُ مَا رَاَيْتُ مِثْلَ هٰذَا حَسَنًا لِمَ يُذْكَرُ قُلْتُ اَمَّا اَنَّهٗ كَانَ مِنْ اَشْبَهِهِمْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں ابنِ زیاد کے پاس موجود تھا کہ امامِ حسین رضی اللہ عنہ کا سرِ انور لایا گیا تو وہ ایک چھڑی سے آپ کے ناک مبارک پر مارنے لگا اور کہا کہ میں نے ان جیسا حسین نہیں دیکھا تو پھر ان (امامِ حسین رضی اللہ عنہ) کا ذکر کیوں ہوتا ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا وہ ان لوگوں میں سے تھے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سب سے زیادہ مشابہ تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

علامہ بدر الدین عینی نے مسند بزار سے اس پر اتنے جملہ کا اضافہ کیا ہے۔

قَالَ فَقُلْتُ لَهٗ اِنِّيْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْثُمُ حَيْثُ يَقَعُ قَضِيْبُكَ۔ (۱)

(اور بزار نے ایک دوسرے طریقہ سے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یہ جملہ اور زائد روایت کیا کہ) میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ اس جگہ کو چومتے تھے جس جگہ پر تیری چھڑی لگی ہے۔

حافظ ابنِ حجر نے بخاری کی اس روایت کی مزید تفصیل بیان کرتے ہوئے لکھا ہے:

وَلِلطَّبْرَانِيْ مِنْ حَدِيْثِ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ فَجَعَلَ قَضِيْبًا فِيْ يَدِهٖ فِيْ عَيْنِهٖ وَاَنْفِهٖ فَقُلْتُ اِرْفَعْ قَضِيْبَكَ فَقَدْ رَاَيْتُ فَمَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ مَوْضِعِهٖ وَلَهٗ مِنْ وَجْهٍ اٰخَرَ عَنْ اَنَسٍ نَحْوَهٗ۔ (۲)

اور طبرانی کی روایت سے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی حدیث میں یہ ہے کہ ابنِ زیاد نے اپنے ہاتھ کی چھڑی سے یہ شروع کیا کہ چھڑی سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کی آنکھ مبارک و ناک مبارک میں دینے لگا تو میں نے کہا کہ اپنی چھڑی اٹھا تحقیق میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دہن مبارک کو اس موقع پر رکھے ہوئے دیکھا ہے۔

(۱) عینی شرح بخاری، ج:۷، ص:۶۵۷ (۲) فتح الباری، ج:۷، ص:۷۵

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اور طبرانی ہی کی ایک اور روایت اور طریق سے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے۔

ثُمَّ انْفَخَ فَقَالَ لَهُ اِبْنُ زَيَاد اَبْكَى اللهُ عَيْنَكَ فَوَاللهِ لَوْ لَا اِنَّكَ شَيْخٌ قَدْ خَرِفْتُ وَذَهَبَتْ عَقْلُكَ لَضَرَبْتُ عُنُقِكَ فَقَامَ وَخَرَجَ فَسَمِعْتُ النَّاسَ يَقُوْلُوْنَ وَاللهِ لَقَدْ قَالَ زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ قَوْلًا لَوْ سَمِعَهُ اِبْنُ زَيَادٍ لَقَتَلَهُ فَقُلْتُ مَا الَّذِىْ قَالَ قَالَ هُوَ يَقُوْلُ اَنْتُمْ يَا مَعْشَرَ الْعَرَبِ عُبَيْدٌ بَعْدَ الْيَوْمِ قَتَلْتُمْ ابْنَ فَاطِمَةَ وَاَمَّرْتُمْ ابْنَ مَرْجَانَةَ فَهُوَ يَقْتُلُ خِيَارَكُمْ وَيَسْتَعْبِدُ شِرَارَكُمْ۔ (۱)

پھر زید بن ارقم رضی اللہ عنہ رونے لگے تو ابنِ زیاد نے کہا خدا تیری آنکھوں کو روتا ہوا رکھے۔ خدا کی قسم اگر تو بوڑھا نہ ہوتا تو میں تجھے جلد دیتا اور تیری عقل نہ چلی گئی ہوتی تو تیری گردن اڑا دیتا تو زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے اور یہاں سے نکل گئے تو میں نے لوگوں کو دیکھا اور سنا کہ وہ کہہ رہے تھے کہ واللہ زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے ایک ایسا کلمہ کہا ہے کہ اگر ابنِ زیاد اسے سن لیتا تو اسے قتل کر دیتا تو میں نے کہا کہ کیا کلمہ ہے جو زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے کہا ہے تو کہا کہ زید بن ارقم رضی اللہ عنہ جب ہم پر سے گزرے تو کہہ رہے تھے کہ اے گروہِ عرب: آج کے بعد سمجھ لو کہ تم غلام بن گئے ہو۔ تم نے ابنِ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کو شہید کیا اور ابنِ مرجانہ (یعنی ابنِ زیاد کو جو) تم میں بہترین لوگوں کو قتل کرے گا اور بدترین لوگوں کو پناہ دے گا۔

قُلْتُ فَلِلّٰهِ زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ الْاَنْصَارِىُّ الْخَزْرَجِىُّ مِنْ عِيَانِ الصَّحَابَةِ غَزَا مَعَ النَّبِىِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً وَشَرِيْكٌ صِفِّيْنَ مَعَ عَلِىِّ ابْنِ اَبِىْ طَالِبٍ وَكَانَ مِنْ خَوَاصِّ الصَّحَابَةِ وَمَاتَ بِالْكُوْفَةِ سَنَةَ سِتٍّ وَسِتِّيْنَ وَقِيْلَ ثَمَانِيَةٍ وَسِتِّيْنَ۔ (۲)

میں تو کہتا ہوں کہ اللہ بھلائی کرے زید ابن ارقم انصاری خزرجی کا جو اکابر صحابہ میں سے ہیں جنہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سترہ جہاد کیے اور جنگِ صفین میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے ساتھ رہے اور خواص صحابہ میں سے تھے اور کوفہ میں وفات پائی ۶۶ھ میں اور ایک قول کے مطابق ۶۸ھ میں۔ اور یہ صحابی جلیل القدر اور صاحبِ مناقب تھے اور ابنِ زیاد نے ان کی بھی قدر و منزلت کی بجائے ان کو بڈھے اور سٹھیا گیا اور تیری عقل ماری گئی جیسے جملے کہے۔

مذکورہ دلائل سے ثابت ہوا کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک عبید اللہ ابنِ زیاد کے پاس لایا گیا اور ابنِ زیاد نے امام کی بھی بے حرمتی کی اور روکنے والے صحابی کی بھی گستاخی کی اور اپنی کور باطنی کو نمایاں کیا۔ جن کو محدثین کی جماعتِ کثیرہ، بخاری، بزار، طبرانی، ابنِ حجر عسقلانی بدر الدین عینی نے پیش کیا اور انس بن مالک رضی اللہ عنہ اور زید بن ارقم رضی اللہ عنہ جیسے جلیل القدر صحابہ سے روایت کیا۔ یہ سرکار امام کے سرِ اقدس کو تنِ اقدس سے جدا کرنے اور اظہار خوشی و رضا کے بیس دلائل ہیں۔ عبید اللہ ابنِ زیاد کا جو حشر ہوا اس کو سزاؤں کے باب میں تفصیل سے بیان کر دیا ہے۔

---

(۱)،(۲) عینی ج ۷ ص ۶۷۵

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# یزید کا قتل امام کے بعد خطراتِ رسوائی تا قیامت کی بنا پر اظہارِ ندامت اور ابنِ زیاد کو لعنت و ملامت

اور یہ کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادتِ عظمیٰ کے بعد آپ کا سر مبارک جب یزید کے پاس پہنچا تو وہ غم میں نڈھال ہو گیا اور اس نے ابنِ مرجانہ یعنے عبید اللہ ابنِ زیاد پر لعنت کی یہ کہنا کہ اس کی قتلِ امام میں ناخوشی کا بین ثبوت ہے یہ بالکل سراسر غلط ہے۔ یزید خوش ہوا لیکن یہ خوشی دیر پا ثابت نہ ہوئی اور فوراً ابنِ زیاد کو برا کہنا صرف اس لیے شروع کر دیا کہ قیامت تک کے آنے والے لوگ مجھے برے طریقہ سے یاد کریں گے۔ چنانچہ ملاحظہ فرمائیں:

لَمَّا قَتَلَ ابْنُ زِيَادٍ اَلْحُسَيْنَ وَمَنْ مَعَهٗ بَعَثَ رُؤُسَهُمْ اِلٰى يَزِيْدَ فَسُرَّ بِقَتْلِهٖ اَوَّلًا حَسُنَتْ بِذٰلِكَ مَنْزِلَةُ ابْنُ زِيَادٍ عِنْدَهٗ ثُمَّ لَمْ يَلْبَثْ اِلَّا قَلِيْلًا حَتّٰى نَدِمَ۔ (۱)

جب ابنِ زیاد نے سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کو مع ان کے ساتھیوں کے قتل کر دیا اور ان کے سر یزید کے پاس بھیجے گئے تو اس قتل سے خوش ہوا اور اس کی وجہ سے ابنِ زیاد کا رتبہ اسکے یہاں بلند ہو گیا اس خوشی پر تھوڑی دیر نہ گزری کہ نادم ہوا۔

وَلَعَنَ اِبْنَ زِيَاد عَلٰى فِعْلَه وَشَتَمَهٗ فِيْ مَا يَظْهِرُ وَيَبْدَأُ وَلٰكِنْ لَمْ يَعْزِلْهُ عَلٰى ذٰلِكَ وَلَا اَعْقَبَه وَلَا اَرْسَلَ اَحَدًا يَعِيْبُ عَلَيْهِ ذٰلِكَ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔ (۲)

یزید نے ابن زیاد پر لعنت تو کی اور اسے برا بھلا کہتا رہا اس پر کہ آئندہ کیا ہو گا اور کیا بنے گا اور لوگ کیا کہیں گے لیکن نہ تو اس ناپاک فعل پر اسے معزول کیا نہ بعد میں اسے کچھ کہا اور نہ ہی کسی کو بھیج دیا کہ وہی اس کی طرف سے جا کر اس کا یہ شرمناک عیب اسے جتائے اور قائل کرے۔

فَلَمْ يَفْعَلْ بَلْ اَبٰى عَلَيْهِ وَقَتَلَهٗ فَبَغَّضَنِيْ بِقَتْلِهٖ اِلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَزَرَعَ لِيْ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعَدَاوَةَ فَالْبَغِيْضُ الْبِرُّ وَالْفَاجِرُ بِمَا اسْتَعْظَمَ النَّاسُ مِنْ قَتْلِيْ حُسَيْنًا مَالِيْ وَلِابْنِ مَرْجَانَةَ قَبَّحَهُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ (۳)

ابنِ مرجانہ نے وہ نہ ہونے دیا جو سیدنا حسین چاہتے تھے (کہ یا انہیں آزاد چھوڑ دیا جائے کہ جہاں چاہیں چلے جائیں یا انہیں سرحدات کی طرف جانے دیا جائے کہ جہاد میں زندگی بسر کریں۔ یا انھیں یزید کے پاس جانے دیا جائے کہ وہ خود اس سے معاملہ طے کریں) بلکہ گھیر گھار کر انہیں مقتول ہونے پر مجبور کر دیا اور قتل کر دیا۔ اس سے ابن مرجانہ (یعنے ابنِ زیاد) نے مجھے لوگوں کی نگاہوں مبغوض بنا دیا ہے اور مسلمانوں کی طرف سے عداوت کا بیج بو دیا ہے جس سے ہر ایک نیک و بد مجھ سے عداوت رکھے گا۔ جب کہ سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کو میرا قتل کر دینا لوگوں کے دلوں پر شاق اور بھاری گزرے گا۔ مجھے اس کم بخت ابنِ مرجانہ سے کیا واسطہ خدا اس کا برا کرے اور اس پر خدا کا غضب نازل ہو۔

(۱) البدایہ والنہایہ ج ۸ ص ۲۳۲ (۲) البدایہ ج ۸ ص ۲۰۳ (۳) البدایہ ج ۸ ص ۲۳۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس سے یہ واضح ہوا کہ یزید حقیقتاً قتلِ امام سے خوش ہوا کہ رقیب باقی نہ رہا۔اس لیے ابن مرجانہ قاتل کا رتبہ اپنے یہاں بلند کیا۔لیکن یہ وقتی خوشی دیر پا ثابت نہ ہوئی۔فوراً ہی اس پر نادم بھی ہوگیا اور یہ ندامت قتلِ امام پر نہیں بلکہ اپنی رسوائی کے خطرات پر جو قیامت تک اس کے حصہ میں آنے والی تھی اور آئی۔اس لیے یہ کہنا کہ یزید قتلِ امام سے راضی نہ تھا۔خود یزید کی منشاء کے خلاف ہے۔اس کی خوشی اور چیز پر تھی اور ناخوشی اور چیز پر تھی۔اسی لیے اس نے اپنی رسوائی کے خیال سے یہ الفاظ نکالے اور بڑے سوچ سمجھ کر۔پھر اگر وہ ناخوش تھا تو ابنِ زیاد کو سزا دیتا اور معزول کرواتا یا کم سے کم باز پرس کرتا۔

زبان سے ملعون و مغضوبِ خداوندی کہہ کر کچھ اپنا مغضوب بھی تو بناتا۔ابن زیاد تو یزید کا ملازم تھا۔اور یزید مطلق العنان ہوتے ہوئے یہ جرأت نہ کرسکا کہ ابنِ زیاد کو پوچھتا پھانسی نہیں تو تعزیر دیتا۔ایسے زور آور آدمی سے یہ بے زوری عجز کے سبب سے نہیں بلکہ قتلِ امام حسین رضی اللہ عنہ کی خوشی میں تھی کہ کام تو اپنا ہی ہے ابنِ زیاد کو صرف زبان سے ملعون یا مغضوب کہنا یہ یزید کی بہت بڑی سیاست تھی۔

## حدیثِ قسطنطنیہ کا تحقیقی بیان

یزید لعین کے ساتھ محبت کرنے والے بہت ہاتھ پیر مارنے کے بعد بموجب، ڈوبتے کو تنکے کا سہارا، اپنے یزید لعین کی صفائی پیش کرنے کے لیے بخاری کی اس حدیث کو پیش کیا کرتے ہیں کہ حضور سید الکونین علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے:

اَوَّلُ جَيْشٍ مِنْ اُمَّتِي يَغْزُوْنَ مَدِيْنَةَ قَيْصَرَ مَغْفُوْرٌ لَهُمْ۔ میری امت کا پہلا لشکر جو قیصر (بادشاہ روم) کے شہر قسطنطنیہ پر جہاد کرے گا وہ بخشا ہوا ہے۔

چنانچہ ۴۹ھ میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے ایک فوج سفیان بن عوف کی کمان میں قسطنطنیہ بھیجی تھی اور چونکہ یزید لعین اس لشکر میں شامل تھا۔لہٰذا وہ مبشر بالجنۃ قرار پاتا ہے۔یہ دلیل دے کر یزید کی صفائی ہرگز نہیں ہوسکتی۔

اولاً یہ روایت سند کے اعتبار سے مجروح ہے کیونکہ اس کے راوی بوجہ بدعقیدہ یا بدعمل ہونے کے ناقابلِ اعتبار ہیں اس روایت کا سلسلہ سند اس طرح ہے۔

حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الدِّمِشْقِي حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ حَمْزَةَ بْنِ وَاقِدٍ الدِّمِشْقِي حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ الْحِمْصِي عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانِ الْحِمْصِي عَنْ عُمَيْرِ بْنِ الْاَسْوَدِ الحمصی۔

اس سلسلہ کا پہلا راوی اسحاق ہے جو کہ علمائے رجال کے نزدیک ضعیف ہے۔چنانچہ علامہ ابنِ حجر عسقلانی تہذیب التہذیب ج ۱ ص ۲۲۰ میں لکھتے ہیں:

قَالَ اِبْنُ اَبِيْ حَاتِمٍ كَتَبَ عَنْهُ اَبِيْ سَمِعْتُ اَبَازُرْعَةَ يَقُوْلُ اَدْرَكْنَاهُ وَلَمْ نَكْتُبْ عَنْهُ

ابنِ ابی حاتم بیان کرتے ہیں میرے باپ نے اس (اسحاق) سے حدیث لکھی اور میں نے ابوزرعہ (راوی) سے سنا وہ کہتے ہیں کہ ہم نے اس کا زمانہ پایا ہے مگر (بوجہِ ضعیف ہونے کے) اس سے حدیث نہیں لکھی۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

دوسرا راوی یحییٰ ہے اس کے متعلق تہذیب التہذیب جلد ا صفحہ ۲۰۰ پہ لکھا ہے۔

كَانَ يُرْمٰى بِالْقَدْرِ رُوِىَ عَنِ ابْنِ مُعِيْنٍ اَنَّهٗ كَانَ قَدَرِيًّا۔

اسی پر قدری ہونے کا الزام لگایا جاتا ہے اور ابی معین (بڑے نقاد) سے روایت ہے کہ یہ قدری تھا۔

اور رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے۔

اَلْقَدَرِيَّةُ مَجُوْسُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ۔

قدریہ میری امت کے مجوسی ہیں۔ (۱)

تیسرا راوی ثور ہے۔ اس کے متعلق تہذیب التہذیب جلد ۲ صفحہ ۲۳ میں لکھا ہے۔

يُقَالُ اَنَّهٗ قَدَرِيًّا وَكَانَ جَدّه قُتِلَ يَوْمَ صِفِّيْنَ مَعَ مُعَاوِيَةَ وَكَانَ ثُوْرٌ اِذَا ذَكَرَ عَلِيًّا قَالَ لَا اُحِبُّ رَجُلًا قَتَلَ جَدِّى نَفَاهُ اَهْلُ الْحِمْصِ لِكُوْنِهٖ قَدَرِيًّا۔

کہا جاتا ہے کہ یہ شخص قدری المذہب تھا اس کا دادا جنگِ صفین میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی معیت میں مارا گیا۔ چنانچہ جب ثور حضرت سیدنا علی رضی اللہ عنہ کرم اللہ کا ذکر کیا کرتا تو کہتا کہ میں ایسے شخص کو دوست نہیں رکھتا جس نے میرے دادا کو قتل کیا۔ اہلِ حمص نے اس کو قدری ہونے کی وجہ سے شہر بدر کر دیا تھا۔ (۲)

معلوم ہوا کہ یہ شخص قدری ہونے کے ساتھ ساتھ اہلِ بیت کا دشمن بھی تھا اور یہ امر بجائے خود راوی کے لیے قادح ہے لہذا ایک قدری و ناصبی کی روایت کیونکر قابلِ قبول ہو سکتی ہے۔

چوتھا راوی خالد بن معدان ہے۔ اس کے متعلق تہذیب التہذیب جلد ا صفحہ ۲۲ میں تصریح موجود ہے۔ کہ یرسل کثیراً یہ شخص روایت کرتے وقت ارسال سے بہت کام لیتا تھا۔ اس بناء پر یہ بھی نا قابلِ اعتماد ہو کر رہ جاتا ہے۔

علاوہ ازیں ان تمام راویوں کا دمشقی، شامی، حمصی ہونا بری طرح کھٹکتا ہے۔ جس سے معلوم ہوا کہ ان راویوں نے اپنی طرف سے یا حکومتِ وقت کے اشارے پر ایسی روایات وضع کر کے اسلامی شہروں میں پھیلا دیں جن سے سلاطینِ وقت کی خوشنودی ہو سکے۔ ان حقائق قویہ کی روشنی میں واضح ہو گیا کہ یہ روایت بالکل وضعی و جعلی اور نا قابلِ استدلال ہے۔

## ثانیاً

اگر اسے بالفرض صحیح بھی تسلیم کر لیا جائے تو اس میں پہلے لشکر کی فضیلت وارد ہوئی ہے اور جس لشکر میں یزید شامل تھا۔ وہ پہلا نہ تھا یزید ۵۰ھ میں شریک ہوا۔ حالانکہ اس سے بہت پہلے ۲۷ھ میں ایک مہم مدینہ طیبہ سے قیصرِ قسطنطنیہ کے خلاف روانہ کی جا چکی تھی اور سالہا سال بعد میں بھی برابر مہمیں روانہ ہوتی رہیں۔ جیسا کہ ابنِ خلدون اور ابنِ کثیر نے بیان کیا ہے۔

## ثالثاً

واقعات شاہد ہیں کہ یزید نے اس مہم میں بادلِ ناخواستہ شرکت کی تھی۔ ظاہر ہے کہ جو عمل قلبی رضامندی سے نہ ہو وہ شرعاً نا قابلِ اعتنا نہیں ہوتا۔ چنانچہ کامل ابنِ اثیر میں ہے کہ حضرت معاویہ نے یزید کو شرکتِ جہاد کا حکم دیا مگر اس نے سستی سے کام لیا اور کوئی بہانہ کر کے رہ گیا۔ ادھر لشکر میں بخار اور چیچک کی وبا پھوٹ پڑی۔ جب یزید لعین کو اس کی اطلاع ملی تو اس نے خوب بغلیں بجائیں اور عیاشانہ اشعار کہے:

(۱) شرح القاصد (۲) میزان الاعتدال

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جن کا ترجمہ یہ ہے:

مَااِنْ اُبَالِیْ بِمَا لَا قَتْ جُمُوْعُھُمْ
بِالْفَدْفَدِ الْبَیْدِ مِنَ الْحُمٰی وَمِنْ شَئُوْمِ
اِذَاتَکَأْتُ علی الْاَنْمَاطِ مُرْتَفِعًا
بِدِیْدِیْنِ مَّران عِنْدِی اُمُّ کَلْثُوْمِ

ترجمہ: مجھے پرواہ نہیں کہ ان لشکروں پر یہ بخار و تنگی کی بلائیں فرقدونہ (نام مقام) میں آ پڑیں۔ جب کہ میں اونچی مسند پر تکیہ لگائے ام کلثوم وبنتِ عبداللہ ابنِ عام (یزید کی بیویاں) کو اپنے پاس لئے بیٹھا ہوں۔

یزید کے یہ اشعار جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ تک پہنچے فَاَقْسَمَ عَلَیْہِ لَیُلْحِقَنَّ سُفْیَانَ فِی اَرْضِ رُوْمٍ یُصِیْبُہٗ مَا اَصَابَ النَّاسَ۔ تو انہوں نے قسم کھا کر کہا کہ اب میں اس یزید کو ضرور بھیجوں گا سفیان بن عوف کے پاس روم کی سرزمین میں تا کہ اسے بھی ان مصائب کا حصہ ملے جو وہاں کے لشکروں کو ملا ہے۔

## رابعاً

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمہ نے اس کا جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ جہاد ماضی کے گناہ دھوتا ہے۔ مستقبل کے گناہوں اور بداعمالیوں کو محو نہیں کرتا یزید سے جو گناہ بعد میں سرزد ہوئے ان کا حساب و کتاب جزا اور سزا اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے جو انہیں بہت اچھی طرح جانتا ہے۔ (عمدۃ القاری ج:۶، ص:۶۴۹ پہ ہے)

لَایَلْزَمُ مِنْ دُخُوْلِہٖ فِیْ ذٰالِكَ الْعُمُوْمِ اَنْ لَایَخْرُجَ بِدَلِیْلٍ خَاصٍ اِذْلَا یَخْتَلِفُ اَھْلُ الْعِلْمِ اَنَّ قَوْلَہٗ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَالصَّلٰوۃُ مَغْفُوْرٌ لَھُمْ مَشْرُوْطٌ بِاَنْ یَّکُوْنُوْا مِنْ اَھْلِ الْمَغْفِرَۃِ حَتّٰی لَوْارِتَدَّ مِمَّنْ غَزَاھَا بَعْدَ ذٰلِكَ لَمْ یَدْخُلْ فِیْ ذٰالِكَ الْعُمُوْمِ اِتَّفَاقًا۔

اس بخشش والے عموم میں یزید کے داخل ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ دلیلِ خاص کے ذریعہ نکل نہ سکے کیونکہ اس میں کچھ اختلاف نہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ ارشاد کہ وہ لشکر بخشا ہوا ہے۔ اس شرط کے ساتھ مشروط ہے کہ وہ شامل ہونے والا شخص مغفرت کی قابلیت بھی رکھتا ہو۔ لہذا اگر کوئی بھی اس لشکر والوں میں سے بعد میں مرتد ہو جائے تو وہ بالاتفاق اس بخشش کے عموم میں داخل نہ ہوگا اور یزید نے چونکہ بعد میں وہ افعالِ شنیعہ کیے ہیں کہ اگر پہلے اس کا اسلام بالفرض تسلیم کر بھی لیا جائے تو پھر اس کا مرتد ہونا ثابت ہے لہٰذا وہ اس عموم سے خارج ہوگا۔

سبط ابنِ جوزی نے اس کا جواب دیتے ہوئے لکھا ہے۔ کہ

قُلْنَا فَقَدْ قَالَ النَّبِیُّ لَعَنَ اللّٰہُ مَنْ اَخَافَ مِدِیْنَتِیْ وَالْاٰخِرُ یُنْسِخُ الْاَوَّلَ۔

ہم اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ نبی علیہ السلام کا یہ ارشاد بھی ہے کہ جس نے میرے مدینہ والوں کو ڈرایا اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اور واقعہ حرہ جو یزید کے حکم سے مدینہ طیبہ میں رونما ہوا وہ غزوہ قسطنطنیہ کے بعد میں ہوا لہٰذا آخری حدیث نے پہلی کو منسوخ کر دیا۔

## ایک مشہور شبہ متعلق یزید

رہا یہ کہ علامہ حافظ ابنِ کثیر نے لکھا ہے کہ یزید میں بہت اچھی خصلتیں تھیں۔ لیکن جو پوری بات حافظ ابنِ کثیر نے لکھی ہے اس کو حذف کر دیا جاتا ہے۔

اب حافظ ابنِ کثیر کی اصل عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

وَقَدْ كَانَ يَزِيْدُ فِيْهِ خِصَالٍ مَحْمُوْدَةٍ مِنَ الْكَرَمِ وَالْحِلْمِ وَالْفَصَاحَةِ وَالشِّعْرِ وَالشُّجَاعَةِ وَ حُسْنِ الرَّأْيِ فِيْ الْمُلْكِ وَكَانَ ذَا جَمَالٍ وَحُسْنَ الْمُعَاشَرَةِ۔

اور یزید میں کچھ ایسی خصلتیں بھی تھیں جیسے حلم و کرم اور فصاحت اور شعر گوئی اور شجاعت اور عمدگی رائے ملک و سیاست کے بارہ میں اور صاحبِ جمال اور حسن المعاشرت تھا۔

اب خود ہی حافظ ابنِ کثیر خصلتیں بیان کرنے کے ساتھ ہی جو لکھتے ہیں وہ بھی عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

وَكَانَ فِيْهِ اِقْبَالٌ عَلَى شَهْوَاتِ وَتَرْكَ بَعْضَ الصَّلٰوتِ فِيْ بَعْضِ الْاَوْقَاتِ وَاَمَا تَتْهَا فِيْ غَالِبِ الْاَوْقَاتِ۔

اور یزید میں یہ عادتیں بھی تھیں کہ شہوت رانی پر جھکا ہوا تھا۔ بعض اوقات کی نمازیں بھی نہیں پڑھتا تھا اور وقت گزار کر پڑھنا تو بہت زیادہ تھا۔

دیکھا یزید کی کیسی خصلتیں بیان کی گئی ہیں کہ وہ شہوت پرست اور نمازوں کو ضائع کر دیتا تھا اور اگر کوئی پڑھتا بھی تو وقتِ نماز گزار کر۔ اب یزید کا نمازوں کو ضائع کرنا اور شہوت پرست ہونا ہی اس کے فصیح و بلیغ و شاعر ہونے نیز اس کے حلم و کرم اور سیاست کو خاک میں ملا دینے کے لیے کافی ہے کیا ان باتوں سے یزید کے متقی اور پرہیز گار ہونے پر روشنی پڑی ہے۔ ہرگز نہیں بلکہ خود حافظ ابنِ کثیر آگے چل کر اس حدیث کو بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ ۶۰ھ کے بعد ایسے ناخلف ہوں گے جو نمازوں کو ضائع کریں گے اور شہوتوں کی پیروی کریں گے تو ان کا انجام ''غی'' جہنم کی ایک وادی میں ہوگا۔

اس حدیث کے ساتھ ہی یہ لانا ثابت کر رہا ہے کہ حافظ ابنِ کثیر کا یہ ارشارہ یزید کی پارٹی کی طرف ہے جو ساٹھ ہجری کو اُبھری۔ اور ناخلف لوگ اور جہنم کے مستحق یہی لوگ ہوں گے۔ بلکہ یہ بات قرآن میں بھی ہے:

فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِ هِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوْا الشَّهْوَاتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غِيًّا۔ (مریم:۵۹)

اس کے بعد ایسے ناخلف لوگ پیدا ہوں گے جو شہوات پرست اور نمازوں کو ضائع کرنے والے ہوں گے۔ قریب ہے کہ ایسے لوگ جہنم کے (غی) ذلیل نالے میں ڈالے جائیں گے۔

اس سے معلوم ہوا کہ یزید کے پرکھنے کی کسوٹی یہی تھی اور ظاہر ہے کہ جس شخص کی نماز عبادت اور بالفاظ دیگر تعلق مع اللہ ہی درست نہ ہو۔ تو اس کا حلم و کرم، شعر گوئی، سیاست، خوبصورتی، بہادری، فصاحت، اور اس کی زندگی اور معاشرت دین کی حیثیت سے کیا درست ہو سکتی ہے۔

اب دیکھئے سیدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ اپنے دورِ خلافت میں اپنے عمال و حکام کے نام جو فرمان جاری کر رہے ہیں اس کے متعلق امام مالک علیہ الرحمہ نے موطا میں نقل کیا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَنَّ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ كَتَبَ اِلٰى عُمَّالِهٖ اِنَّ اَهَمَّ اُمُوْرِكُمْ عِنْدِیْ اَلصَّلٰوةَ فَمَنْ حَفِظَهَا وَحَافِظَ عَلَيْهَا حَفِظَ دِيْنَه وَمَنْ ضَيَّعَهَا فَهُوَ لِمَا سِوَاهَا اَضْيَعُ۔

عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ نے اپنے حکام کے نام فرمان جاری کیے اور لکھا کہ میرے نزدیک تمہارے کاموں میں اہم ترین کام نماز کی پابندی ہے جو اسے صحیح طور پر ادا کرے گا اور اس کی پابندی رکھے گا وہی اپنے دین کو محفوظ رکھ سکے گا اور جو اسے ضائع کردے گا تو وہ نماز کے سوا (اپنی زندگی کی) ہر چیز کا اور بھی زیادہ ضائع کرنے والا ہوگا (یعنی جس کا تعلق مع اللہ درست نہیں اس کا تعلق مع الخلق بھی کبھی صحیح بنیادوں پر استوار نہیں رہ سکتا)۔

معلوم ہوا کہ جو شخص شہوات پر جھکا ہوا اور تارک الصلوٰۃ ہے اس کی متذکرہ خصلتیں کچھ معنے نہیں رکھتیں۔ کربلائے معلیٰ اور حرمین شریفین میں اس کے کئے جانے والے مظالم کے بعد اس کی ان خصلتوں کی کوئی حقیقت نہیں رہتی۔

## یزید کے متعلق دنیائے اسلام کی رائے

(۱) علامہ ملا علی قاری علیہ الرحمہ لکھتے ہیں:

اِخْتِلَافٌ فِیْ اِكْفَارِ يَزِيْدَ قِيْلَ نَعَمْ لِمَا رُوِیَ عَنْهُ مَا يَدُلُّ عَلٰى كُفْرِهٖ مِنْ تَحْلِيْلِ الْخَمْرِ وَلَعَلَّهٗ وَجْهٌ مَا قَالَ الْاِمَامُ اَحْمَدُ بِتَكْفِيْرِهٖ لِمَا ثَبَتَ عِنْدَهٗ۔ (۱)

یعنی کفرِ یزید کے بارے میں اختلاف ہے ایک قول یہ ہے کہ ہاں وہ کافر ہے کیونکہ اس سے ایسے اقوال وافعال نقل ہوتے ہیں جو اس کے کفر پر دلالت کرتے ہیں جیسے شراب کو حلال سمجھنا وغیرہ اور شائد ان ہی وجوہ کی بنا پر امام احمد حنبل رضی اللہ عنہ نے اس کے کفر پر فتویٰ دیا ہے کیونکہ ان کے نزدیک اس کے یہ کافرانہ اقوال وافعال ثابت ہو گئے تھے۔

علامہ سعد الدین تفتازانی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں:

اَطْلَقَ اللَّعْنَ عَلَيْهِ لِمَا اَنَّهٗ كَفَرَ حَيْثُ اَمَرَ بِقَتْلِ الْحُسَيْنِ وَاتَّفَقُوْا عَلٰى جَوَازِ اللَّعْنِ عَلٰى مَنْ قَتَلَهٗ وَاَمَرَ بِهٖ وَاَجَازَهٗ وَرَضِیَ بِهٖ۔

یزید پر لعنت بھیجنی علی الاطلاق جائز ہے اس لیے کہ اس نے سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو قتل کرنے کا حکم دے کر کفر کیا اور تمام اس پر متفق ہیں جس نے یہ فعل کیا یا اس کا حکم دیا اور اس پر راضی ہوا۔ اس پر لعنت بھیجنے کا جواز ہے۔

اَلْحَقُّ اَنَّ رَضَا يَزِيْدَ بِقَتْلِ الْحُسَيْنِ وَاسْتِبْشَارَهٗ بِذٰلِكَ وَاِهَانَتَهٗ اَهْلَ بَيْتِ النَّبِیِّ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔

اور سچی حق بات یہ ہے کہ یزید سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے قتل پر راضی ہوا اور خوش ہوا اور اس نے عترتِ رسول کی بے حرمتی کی۔

(۱) شرح فقہ اکبر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نَحْنُ لَا نَتَوَقَّفُ فِي شَأْنِهٖ بَلْ فِي اِيْمَانِهٖ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَعَلٰى اَنْصَارِهٖ وَاَعْوَانِهٖ۔ (۱)

ہم یزید پر لعنت کرنے کے جواز بلکہ اس کے بے دین اور بے ایمان ہونے میں کسی قسم کا توقف نہیں کرتے اور شک وشبہ نہیں رکھتے۔اس پر اور اس کے اعوان انصار پر خدا کی لعنت ہو۔

اس کے حاشیہ پر ہے۔

اَنَّهٗ شَرِبَ الْخَمْرَ وَفَسَقَ فِيْ دِيْنِهٖ وَاَنَّ يَزِيْدَ اَرْسَلَ الْجُنْدَ عَلَى الْحُسَيْنِ فَقَتَلُوْهُ وَاَهَانُوْا اَهْلَ بَيْتِ النَّبِيِّ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔

یزید شراب پیتا تھا اور یہ بات تو اس سے ثابت ہے کہ یزید نے امام کے قتل کے لیے لشکر بھیجا اور پھر اس لشکر نے قتل کیا اور آلِ رسول ﷺ کی توہین کی۔

۲۔ ابنِ جوزی علیہ الرحمہ نے یزید کے کفر پر اور اس پر لعنت بھیجنے پر ایک مستقل کتاب لکھی ہے جس کا نام ہے۔اَلرَّدُّ عَلَى الْمُتَعَصِّبِ الْعَنِيْدِ فِيْ جَوَازِ اللَّعْنِ عَلٰى يَزِيْدَ۔ اس سے انہوں نے دلائلِ قاطعہ براہینِ ساطعہ سے ثابت کیا ہے کہ یزید پر لعنت اور اس کے کفر میں کچھ شک وشبہ نہیں۔

۳۔ علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں:

لَعَنَ اللّٰهُ قَاتِلَهٗ وَابْنَ زِيَادٍ وَيَزِيْدَ۔

خدا تعالیٰ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے قاتل اور ابن زیاد اور یزید پر لعنت کرے۔

۴۔ محقق علی الاطلاق شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ واقعۂ حرہ کی تفصیل بیان فرماتے ہوئے اس حدیث كَيْفَ بِكَ يَا اَبَاذَرٍ۔اے ابوذر رضی اللہ عنہ تو اس وقت کیا کرے گا جب مدینہ منورہ خون سے رنگین ہوگا۔ کے تحت فرماتے ہیں۔آں شقی بدار البوار رفت کہ وہ بے سعادت یعنی یزید جہنم میں گیا۔اور اس یزید کو ملعون وکافر وجہنمی لکھا ہے اور شیخ محقق نے یزید کے نام کے ساتھ ملعون کا لفظ استعمال کیا ہے۔

۵۔ علامہ سید امیر علی علیہ الرحمہ مترجم کتبِ کثیرہ نور الہدایہ وشرح وقایہ وفتوی نہدیہ وبخاری اپنی تفسیر پارہ اٹھائیسواں سورۂ حشر میں فرماتے ہیں۔کہ حضور اقدس ﷺ جانتے تھے کہ آپ کے بعد سیدنا ابوبکر پھر عمر وعثمان وعلی وحسن رضی اللہ عنہم ترتیب خلفاء ہوں گے اور سیدنا علی المرتضیٰ کی خلافت میں ایک گروہِ قریش وبنی امیہ سخت مناقشہ کریں گے۔چنانچہ آئندہ حدیث لاارا کم فاعلین میں ظاہر ہوگا۔ بلکہ آپ جانتے تھے کہ یزید پلید اور ولید وحجاج وغیرہ کی مانند ایسے ظالم ہوں گے کہ قرآن پر ایمان لانے سے منحرف ہوکر توہین کرنے لگیں گے اور آپ کی پاک عترت کے ساتھ ظلم سے پیش آئیں گے۔اصل حدیث میں سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور اہلِ بیت کی محبت کا ذکر ہے جو مومنوں پر لازم ہے اور آپ نے یہ حجت تمام فرمائی۔اگرچہ آپ جانتے تھے کہ یزید پلید ایسے بدکار ہوں گے جن پر قیامت تک لعنت ہوتی رہے گی۔کیونکہ یزید مردود اور اس کے ساتھیوں کی ذات سے اہلِ بیت کے حق میں شہید کرنے اور تعظیم نہ کرنے کی بدذاتی سرزد ہوئی۔حتیٰ کہ امام الدنیا والدین سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور ائمہ کرام نے یزید پلید سے بیعت کو منظور نہ فرمایا۔

۶۔ علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔ابنِ جوزی نے کہا کہ قاضی ابویعلیٰ نے کتاب المعتمد الاصول میں اپنی سند سے

(۱) شرح عقائد نسفی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

روایت کی ہے کہ صالح بن احمد حنبل نے کہا اپنے باپ سے کہ بعض لوگ خیال کرتے ہیں کہ ہم یزید بن معاویہ سے محبت کرتے ہیں۔ پس احمد نے کہا اے بیٹے جو اللہ پر ایمان رکھے اسے چاہیے کہ وہ یزید سے اس طرح لعنت کی محبت کرے جس طرح اللہ نے اس پر لعنت کی محبت کی ہے۔ میں نے کہا کہ یزید پر اللہ تعالیٰ نے کہاں لعنت بھیجی ہے۔ تو آپ نے کہا اس آیت میں۔

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْا اَرْحَامَكُمْ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ۔ (محمد:۲۳)

تو کیا تمہارے یہ لچھن نظر آتے ہیں کہ اگر تمہیں حکومت ملے تو زمین میں فساد پھیلاؤ اور اپنے رشتے کاٹ دو یہ ہیں وہ لوگ جن پر اللہ نے لعنت کی۔

یزید فسادی تھا اور اس نے خون ریزی کی اور اس نے نواسۂ سید الابرار رضی اللہ عنہ کو بھی اور ان کے خاندان کو بھی قتل کرنے سے گریز نہ کیا اور مدینہ طیبہ میں بھی قتلِ عام کرایا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے

وَيَقْطَعُوْنَ مَا اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ۔

وہ جو اللہ کے عہد کو توڑ دیتے ہیں پکا ہونے کے بعد اور کاٹتے ہیں اس چیز کو جس کے جوڑنے کا خدا نے حکم دیا اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں وہی نقصان میں ہیں۔

اس کے آگے علامہ قاضی صاحب علیہ الرحمہ دوسرے مقام پر سورت ابراہیم کی تفسیر میں فرماتے ہیں۔

قُلْتُ اَمَا بَنُوْ اُمَيَّةَ فَتَمَتَّعُوْا بِالْكُفْرِ حَتّٰى اَسْلَمَ اَبُوْسُفْيَانَ وَمُعَاوِيَةَ وَعَمْرُوبْنِ الْعَاصِ وَغَيْرِهِمْ ثُمَّ كَفَرَ يَزِيْدُ وَمَنْ مَّعَهٗ بِمَا اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَانْتَجُوا الْعَدَاوَةَ اٰلَ مُحَمَّدٍ وَقَتَلُوْا الْحُسَيْنَا ظُلْمًا وَ كَفَرَ يَزِيْدُ بِدِيْنِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ۔

میں کہتا ہوں کہ بنوامیہ نے کفر سے فائدہ اٹھایا یہاں تک کہ ابوسفیان رضی اللہ عنہ اور معاویہ اور عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ وغیرہ مسلمان ہوگئے۔ پھر یزید نے کفر کیا اور جو اس کے ساتھی تھے ان نعمتوں کے ساتھ جو اللہ تعالیٰ نے ان پر کیں اور انہوں نے آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ دشمنی کی اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو ظلم اور کفر سے قتل کیا اور یزید نے دینِ مصطفی کے ساتھ کفر کیا۔

علامہ قاضی ثناء اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب فرمایا ہے۔ رحمہ اللہ تعالیٰ عنہ۔

۷۔ علامہ سید محمود آلوسی علیہ الرحمہ صاحب۔ روح المعانی زیرِ آیت اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ سورہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے تحت بڑی تفصیل کے ساتھ اس کی وضاحت کرتے ہیں اور آخر میں لکھتے ہیں، اصل عبارت ملاحظہ ہو۔

وَاَنَا اَقُوْلُ الَّذِيْ يَغْلِبُ عَلٰى ظَنِّيْ اَنَّ الْخَبِيْثَ لَمْ يَكُنْ مُصَدِّقًا بِرِسَالَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَّ مَجْمُوْعَ مَافَعَلَ مَعَ اَهْلِ حَرَمِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاَهْلَ حَرَمِ نَبِيِّهٖ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَعِتْرَتِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ فِي الْحَيَاةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ وَمَاصَدَرَ عَنْهُ مِنَ الْمَخَارِيْ لَيْسَ بِاَضْعَفِ دَلَالَةٍ عَلٰى عَدَمِ تَصْدِيْقِهٖ مِنْ اِلْقَاءِ وَرَقَةٍ مِّنَ الْمُصْحَفِ الشَّرِيْفِ فِي قِذْرٍ

وَلَوْ سَلِمَ اَنَّ الْخَبِيْثَ كَانَ مُسْلِمًا فَهُوَ مُسْلِمٌ جَمَعَ مِنَ الْكَبَائِرِ مَالَا يُحِيْطُ بِهٖ نِطَاقُ الْبَيَانِ

میں کہتا ہوں اور میرا ظن غالب یہ ہے کہ ہو خبیث (یزید) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کو ماننے والا نہ تھا اور جو کچھ اس

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نے مکہ ومکرمہ ومدینہ منورہ کے باسیوں اور اہلِ بیتِ اطہار کے ساتھ ان کی زندگی اور بعد از وفات کیا اور جو کچھ اس نے دیگر افعال کئے وہ اس کے عدم ایمان پر قرآن مجید کے اوراق گندگی پر ڈالنے سے کم دلالت نہیں کرتے۔۔۔۔اگر یہ بھی مان لیا جائے کہ وہ خبیث مسلمان تھا تو وہ ایسا مسلمان تھا جس نے اتنے زیادہ گناہ کبیرہ کیے جو بیان کی حدود سے باہر ہیں۔

۸۔ حضرت سیدنا مجدد الف ثانی احمد فاروقی سرہندی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں وہ کم بخت یزید اصحاب میں سے نہ تھا۔اس کی بدبختی میں کسی کو کلام نہیں جو کام اس بدبخت نے کیا کوئی کافر فرنگ بھی نہیں کرتا۔ملا جامی رحمۃ اللہ علیہ نے جو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے متعلق لکھا ہے اگر وہ لعنت کا مستحق ہے الخ یہ بھی نامناسب ہے اور اس کی تردید کی کیا حاجت ہے اس میں کون سا محلِ اشتباہ ہے اگر یہ بات یزید کے حق میں کہتا۔(یعنی لعنت) تو بیشک جائز تھا۔لیکن حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں کہنا برا ہے۔

۹۔ مجددِ دین وملت اعلیٰ حضرت عظیم البرکت امام احمد رضا علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔یزید پلید علیہ مایستحقہ، من العزیز المجید قطعاً یقیناً باجماع اہلسنت فاسق وفاجر وجری علی الکبار تھا۔اس قدر پر ائمہ اہلسنت کا اطباق اور اتفاق ہے۔امام احمد بن حنبل اور ان کے اتباع وموافقین اسے کافر کہتے ہیں اور بہ تخصیص نام اس پر طعن کرتے ہیں اس کے فسق وفجور سے انکار کرنا اور امامِ مظلوم پر الزام رکھنا ضروریاتِ اہلِ سنت مذہب کے خلاف ہے اور ضلالت وبے دینی ہے۔بلکہ انصافاً یہ اس قلب سے نہیں جس میں محبتِ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون شک نہیں کہ اس کا قائل ناجی ہو بلکہ مردود اور اہلِ سنت کا عدو عنود ہے اور ان کلماتِ شنیعہ سے حضرت بتول زہرا رضی اللہ عنہا، حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور خود حضور سید الانبیاء علیہ وعلیہم افضل الصلوٰۃ والثناء کا دل دکھا چکا ہے۔اَللّٰہُ وَاحِدٌ قَھَّارٌ کو ایذاء دے چکا ہے۔وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰہِ لَھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ، اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَعَنَھُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاَعَدَّلَھُمْ عَذَابًا مُّھِیْنًا۔

۱۰۔یزید پلید کے بارے میں ائمہ اہلِ سنت کے تین اقوال ہیں۔امام احمد وغیرہ اکابر اسے کافر جانتے ہیں تو ہرگز بخشش نہ ہوگی۔اور امام غزالی وغیرہ مسلمان جانتے ہیں تو اس پر کتنا عذاب ہو بالآخر بخشش ضرور ہے اور ہمارے امام سکوت فرماتے ہیں کہ ہم نہ مسلمان کہیں نہ کافر لہذا یہاں بھی سکوت کریں گے۔

۱۱۔ سید المفسرین حکیم الامت رئیس المحققین صدر الافاضل حضرت علامہ سید محمد نعیم الدین مرادآبادی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں یزید بن معاویہ ابوخالد اموی وہ بدنصیب شخص ہے جس کی پیشانی پر اہلِ بیتِ کرام کے بیگناہ قتل کا سیاہ داغ ہے اور جس پر ہر قرن (زمانہ) میں دنیائے اسلام ملامت کرتی رہی ہے اور قیامت تک اس کا نام تحقیر کے ساتھ لیا جائے گا۔یزید بد باطن، سیاہ دل، ننگِ خاندان ۲۵ھ میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے گھر میسون بنتِ نجدل کلبیہ کے پیٹ سے پیدا ہوا۔نہایت موٹا، بدنما، کثیر الشعر، بدخلق، تندخو، فاسق، فاجر، شرابی، بدکار، ظالم، بے ادب، گستاخ تھا۔اس کی شرارتیں اور بیہودگیاں ایسی ہیں جن سے بدمعاشوں کو شرم آئے عبداللہ بن حنظلۃ الغسیل نے فرمایا خدا کی قسم ہم نے یزید پر اس وقت خروج کیا جب ہمیں اندیشہ ہوگیا کہ اس کی بدکاریوں کے سبب آسمان سے پتھر نہ برسنے لگیں۔(واقدی)

محرمات کے ساتھ نکاح اور سود وغیرہ منہیات کو اس بے دین نے اعلانیہ رواج دیا۔مدینہ طیبہ ومکہ مکرمہ کی بے حرمتی کرائی۔ایسے شخص کی حکومت گرگ کی چوبانی سے زیادہ خطرناک تھی۔اربابِ فراست اور اصحابِ اسرار اس وقت سے ڈرتے تھے۔جب کہ عنانِ سلطنت اس کے ہاتھ آئی۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۱۲۔ علامہ قاضی شہاب الدین علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

تَوَاتِرَ عَنْ يَزِيْدَ مَنْ اِيذَاءِ النَّبِيِّ فِيْ اَهْلِ بَيْتِهٖ مَا يُوْجِبُ اللَّعْنَ فَرَحِمَ اللّٰهُ مَنْ جَوَازِ لِعْنَهٗ۔ قَالَ اللّٰهَ تَبَارَكَ وتعالٰى اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمَ اللّٰهِ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَهٖ وَاعدلَهُمْ عَذَابًا مهينًا۔

یزید کے متعلق یہ بات بالتواتر ثابت ہے کہ اس نے حضور اقدس علیہ السلام کو بوجہِ قتل اہلِ بیت اذیت پہنچائی اور یہ بات موجبِ لعنت ہے اور اللہ رحم کرے ان لوگوں پر جو یزید پر لعنت جائز سمجھتے ہیں اللہ فرماتا ہے کہ بیشک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو اذیت پہنچاتے ہیں ان پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۱۳۔ علامہ دمیری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

سُئِلَ الكَيَا الْاَهْرَاسِيُّ الْفِقييه الشَّافِعِيّ عَنْ يَزِيْدَبْنِ مُعَاوِيَةَ هَلْ هُوَمِنَ الصِّحَابَةِ اَمْ لَا هَلْ يَجُوْزُلعَنَهٗ اَمْ لَا فَاجَابَ اَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ مِنَ الصِّحَابَةِ لِاَنَّهٗ وَلِدَ فِي ايَّامِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَاَمَّا قَوْلَ السَّلْفِ فَضِيَهٗ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَمَالِكٍ وَاَحْمَدَ قَوْلَانِ تَصْرِيْحٌ وَتَلْوِيْحٌ وَلَنَا قَوْلُ وَاحِدٌ التَّصْرِيْحِ دُوْنَ التَّلْوِيْحِ وَكَيْفَ لَا يَكُوْنُ كَذَالِكَ وَهُوَالمتقيد بِالْفَهْدِ وَاللَّاعِبُ بِالنَّدَرِ وَشَرِبَ الْخَمْرَ وَمِنْ شِعْرِهٖ فِي الْخَمْرِ قَوْلُ الصَّحْبِ قُمْتَ الْكَاسِ شَلَّمْلهُم وَدَاعِي حبَابَاتِ الْهَوٰى يَتم ثُمَّ خذُوا بِنصَيْبَ مِنْ نَعِيْم وَلزَةً فَكَلَ وَاَنْ طَالِ الْمَدٰى يَتطَوَمُ وَكتبَ فَضْلًا وطويلًا اَضَرَبْنَا عَنْ ذَكرَهٗ ثُمَّ قُلُبُ الْوَرَقَةِ وِ كِتَبَ وَلومدَوت بِبَيَاضٍ لَاطلقتَ العَنَان وَسَبَطِت الْكَلَامِ فِي فَخَارِيْ هٰذَا الرَّحَلَ

الکیا اہراسی فقیہ شافعی سے سوال کیا گیا کہ یزید بن معاویہ صحابہ میں سے ہے یا نہیں اور آیا اس پر لعنت کرنا جائز ہے یا کہ نہیں؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ یزید صحابہ میں سے نہیں تھا۔ کیونکہ اس کی ولادت زمانہ عثمان رضی اللہ عنہ میں ہوئی تھی۔ اب رہا سلف صالحین کا قول اس پر لعنت کے بارہ میں تو اس میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ امام مالک اور احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ کے دو قسم کے قول ہیں ایک تصریح کے ساتھ اور ایک تلویح کے ساتھ اور ہمارے نزدیک ایک ہی قول ہے یعنی تصریح نہ کرنا بلکہ تلویح۔ (یعنے صراحۃً لعنت کا جواز) اور کیوں نہ ہو جب کہ یزید کی کیفیت یہ تھی کہ وہ چیتوں کے شکار میں رہتا اور نرد سے کھیلتا اور شراب خوری کرتا۔ چنانچہ اس کے اشعار میں سے ہے کہ میں اپنے ساتھیوں سے کہتا ہوں جن کی جماعت کو دورِ جام و شراب نے جمع کر دیا ہے اور عشق کی سرگرمیاں ترنم کی آواز سے پکار رہی ہیں کہ اپنے نعمتوں کے حصہ کو حاصل کر لو کیونکہ ہر انسان ختم ہو جائے گا۔ اگرچہ اس کی کتنی ہی عمر طویل کیوں نہ ہو۔ لہٰذا وقت تھوڑا ہے جو عیش کرنی ہے کر لو کہ پھر یہ زندگی ہاتھ نہیں آئے گی۔ اس پر اہراسی فقیہ نے ایک فصل لکھا ہے جسے طول کی وجہ سے ہم نے چھوڑ دیا ہے پھر انہوں نے ایک ورق پلٹا اور لکھا کہ اگر اس ورق میں کچھ اور بھی جگہ ہوتی تو میں قلم کی باگ ڈھیلی کر دیتا اور اس یزید کی رسوائیاں کافی تفصیل سے لکھتا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۱۵۔ مؤرخ جلیل سعودی لکھتے ہیں:

ولیزیدٍ وَغیرہ اخبار عَجِیبَة وَمَشَالِبَ کَثِیْرَةٍ مِنَ شَرْبَ الْخَمْرَ وَقتَلَ ابْنُ الرَسُوْل وَلَعَنَ الْوَحِی وَهَدَمَ الْبَیْتَ وَسَفكَ الدِّمَاءِ وَالْفَسْق وَالْفُجورَ وَغَیْرَہ ذٰالِك مِمَّا وَرَدَّ فِیْهِ الْوَعِیْدِ بَا الْیَاسُ مِن عَفرانَهٗ کُورَوَدِہٖ فِیْمَنَ جحد التوحِیْدِ وَخَالِفَ رَسُلِہٖ۔

یزید اوراس کے ہمرایوں کے اخبار وآثار عجیب اورمصائب ومشالب کثیر ہیں۔جیسے شراب پینا،فرزندِ رسول کوقتل کرنا ان پرلعن وطعن کرنا۔خانہ کعبہ کا گرانا۔مسلمانوں کا خون بہانا اور مختلف قسم کے ایسے فسق وفجور کے کاموں کا ارتکاب کرنا جن کے ارتکاب کرنے والوں کے لیے اس طرح رحمتِ خداوندی سے ناامیدی کی وعیدِ تہدید وارد ہوئی ہے جس طرح منکرینِ توحید ومخالفینِ رسل کے بارے میں وارد ہوئی ہے۔

قَالَ الْاِمَامُ اَحْمَدُ بِکُفِرِہٖ وَنَاهِیك بِہٖ وَرَعًا وَعِلْمًا اَنَّهٗ لَمْ یَقُلْ ذٰالِك اِلَّا لَمَا ثَبَتَ عِنْدَہٗ اَمُوْرَصَرِیْحَةَ وَقعَتَ مِنْه تَوْجِبَ ذٰالِك وَوَافِقَهٗ عَلٰی ذٰالِك جَمَاعَةٌ کَابِن اَلْجَوْرِي وَغَیْرَہٖ وَاَمَافَسَقَهٗ لَقَدَ اَجْمَعُوا عَلَیْهِ وَاَجَاز قومَ مِنْ العلماء لَعْنِة بخصوص اسَمِه وَرَی ذٰالِك عَنْ الاِمَامِ احمد قَالَ ابْن الْجُوزِی صَنفَ الْقَاضِی اَبُویعلی کِتَابًا مَمَنَ یَسْتِحق اللَعْنَةِ وَذکر مِنْهُمْ یَزِیْد۔

امام احمد بن حنبل نے یزید کوکافر کہا۔اپنے علم وورع کے اعتبار سے وہ کافی ہیں ان کے علم وورع اس بات کے گواہ ہیں کہ یزید کوکافر اسی وقت کہا ہوگا جب کہ صریح موجبِ کفر باتیں اس سے واقع ہوئی ہوں گی ایک جماعت کا جن میں ابنِ جوزی وغیرہ ہیں یہی فتویٰ ہے۔یزید کے فسق پر اجماع ہے بہت سے علمائے کرام نے یزید کا نام لے کر اس پر لعنت کرنے کو جائز رکھا ہے۔امام احمد رضی اللہ عنہ سے بھی یہی مروی ہے ابنِ جوزی نے بتایا کہ قاضی ابویعلیٰ نے مستحقینِ لعنت کے بارہ میں ایک کتاب لکھی ہے اس میں یزید کا نام بھی ذکر کیا ہے۔

کچھ دلائل سابقہ بھی بیان ہوئے، اب تک دنیائے اسلام کی رائے بمتعلق یزید لکھی گئی ہیں۔مفسرین، محدثین، محققین، مجتہدین، ائمہ اربعہ، فقہا، فضلا، علما اکابرین امت کے حوالہ جات کو ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

خدا اور فرشتوں، مومن مردوں اور مومن عورتوں کی ہر لحظہ ہر لمحہ زبان اس ملعون پر اور اس کے پیروکاروں یار ومددگار اور اس کے لشکر اور اس کے خادموں پر بے حد لعنت ہو۔علمائے سلف ومشائخِ خلف کا اس پر اتفاق ہے کہ وہ جملہ اہلسنت کے نزدیک کافر ہو چکا ہے۔پس جب یزید کا کافر ہونا ثابت ہوگیا تو اس پر لعن کرنا بھی جائز ہوگیا۔حوالہ کے لئے دیکھو سعادۃ الکونین فی فضائل الحسنین از مفتی محمد اکرام الدین علیہ الرحمہ بندۂ شیخ محقق محدث دہلوی علیہ الرحمہ از حوالہ مناقب السادات مترجم اخی المکرم مولانا محمد ضیاء اللہ صاحب سلمہ، قادری کوٹلوی کتب خانہ قادری تحصیل بازار سیالکوٹ شریف)

## یزید عنانِ سلطنت پر اور بیعت لینے پر اصرار اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا انکار

یزید پلید نے ۶۰ ہجری بقولے ۲۲ رجب کی تاریخ کو تختِ شام پر قدم رکھتے ہی اپنی بیعت لینے کے لیے اطرافِ ممالک میں مکتوب روانہ کئے اور سب سے زیادہ توجہ حضرت عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ اور بالخصوص سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

طرف دی۔ اگر یہ حضرات بیعت قبول کرلیں گے تو ان کی پیروی میں تمام لوگ میری بیعت کرلیں گے چنانچہ اس نے اس کام کے لیے مدینہ طیبہ کے اس وقت کے گورنر ولید بن عتبہ کو ایک خط بذریعہ قاصد روانہ کیا جس میں اپنے والد کے انتقال اور اپنی جانشینی کی اطلاع دی اور ساتھ یہ ہدایت کی کہ جتنی جلدی ہو سکے۔

فَخُذْ حُسَيْنًا وَعَبْدَاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَعَبْدَاللّٰهِ ابْنَ الزُّبَيْرِ بِالْبَيْعَةِ اَخْذًا شَدِيْدًا لَيْسَتْ فِيْهِ رُخْصَةٌ حَتّٰى يُبَايِعُوا۔ (۱)

حضرت حسینؓ اور عبداللہ ابن عمر اور عبداللہ ابن زبیر کو میری بیعت پر مجبور کرو۔ جب تک یہ میری بیعت نہ کریں ان کو ہرگز نہ چھوڑیں۔

بعض روایات میں اس کے مزید الفاظ بھی درج ہیں:

فَمَنْ لَمْ يُبَايِعْكَ اِلَيَّ بِرَأْسِهٖ مَعَ جَوَابِ كِتَابِيْ هٰذَا۔

ان کے سامنے میرا خط پیش کرو اور ان میں سے جو بھی میری بیعت سے انکار کرے اس کا سر قلم کر کے میرے اس خط کے جواب کے ساتھ بھیج دو۔

ولید بن عتبہ گورنرِ مدینہ فطرتاً صلح پسند اور خون ریزی و فساد کو پسند نہ کرتا تھا اور جب اس نے یہ خط پڑھا تو وہ ڈر گیا کہ یزید نے کیسا حکم دیا ہے۔ اس نے مروان بن حکم کو مشورہ کے لیے بلایا اور یزید کا حکم نامہ پڑھ کر سنایا اور پوچھا تمہاری کیا رائے ہے اور مجھے کیا کرنا چاہیے۔ مروان مفسد اور بد باطن تھا۔ اس نے مشورہ دیا کہ ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ اور ابن علی رضی اللہ عنہ دونوں کو بلاؤ اور یزید کی بیعت پر آمادہ کرو اگر انکار کریں تو گردن اڑا دو۔ کیونکہ ایسا نہ ہو کہ یہ لوگ مدعی خلافت بن جائیں اور پھر کچھ نہ ہو سکے گا۔ ولید بن عتبہ گورنرِ مدینہ نے جب یہ بات سنی تو اس نے کہا:

قَالَ لَا يَرَانِيَ اللّٰهُ اَقْتُلُ ابْنَ بِنْتِ نَبِيِّهٖ وَلَوْ جَعَلَ يَزِيْدُ اِلَى الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا۔

خدا مجھے اس حال میں نہ دیکھے گا کہ میں اس کے نبی کی بیٹی کے بیٹے کو قتل کروں خواہ مجھے یزید ساری دنیا کی سلطنت کیوں نہ دے دے۔

لیکن ہاں میں ان کو بلوا کر بات کروں گا۔ چنانچہ ولید بن عتبہ نے ان حضرات کو بلوانے کے لیے ایک قاصد بھیجا۔ جب قاصد ان کو بلانے کے لیے گیا تو مسجد نبوی شریف میں سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ اور عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ دونوں بیٹھے ہوئے تھے اور آپس میں باتیں کر رہے تھے۔ اور یہ رات کا وقت تھا جب دونوں کو یہ پیغام ملا تو اپنی ذہانت سے یہی اندازہ ہوا کہ اس وقت بے وقت طلبی کا مقصد یزید کی بیعت کرانا مقصود ہے کیونکہ یہ خبر پہنچ چکی تھی کہ یزید تخت نشین ہو گیا ہے۔ لہٰذا یقیناً اسی بات کے لیے بلوایا گیا ہے۔ ان حضرات نے قاصد کو فرما دیا کہ تم چلو اور ہم آ رہے ہیں۔ حضرت امام علی مقام رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سمیت باقی چند اصحاب کو ہمراہ لے کر ولید بن عتبہ والی مدینہ کے پاس پہنچ گئے۔ گورنر ولید نے کہا کہ حضور میں نے آپ کو تکلیف دی ہے اس کی معذرت چاہتا ہوں۔ میں نے نہایت مجبور ہو کر اور پریشان ہو کر آپ کو بلوایا ہے میرے دل میں اہلِ بیت عظام کا احترام ہے خود حاضر ہونے کی بجائے آپ کو بلانا مناسب نہ تھا۔

بات دراصل یہ ہے کہ مجھے یزید نے یہ حکم نامہ بھیجا ہے جسے آپ خود پڑھ لیں میری زبان تو زیب نہیں دیتی جو الفاظ یزید بن معاویہ نے تخت نشین ہوتے ہی آپ حضرات کے متعلق لکھ بھیجے ہیں۔ آپ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے انتقال پر فرمایا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔ باقی رہا جو کچھ یزید نے لکھا ہے کہ یہ حضرات میری بیعت کرلیں تو اس کا جواب یہ ہے۔

(۱) حیات الحسنی، ج:۲، ص:۲۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَیُّھَا الْاَمِیْرُاِنَّا اَھْلُ بَیْتِ النُّبُوَّۃِ وَمَعْدَنِ الرِّسَالَۃِ وَمُخْتَلِفُ الْمَلَائِکَۃِ وَیَزِیْدُ بْنُ الْمُعَاوِیَۃَ رَجُلٌ فَاسِقٌ شَارِبُ الْخَمْرِ قَاتِلُ النَّفْسِ الْمُحَرَّمَۃِ مُعْلِنٌ بِالْفِسْقِ وَمِثْلِیْ لَایُبَایِعُ۔

اے والی مدینہ! ہم اہلِ بیتِ نبوت ورسالت ہیں ہمارے گھر فرشتوں کی آمدورفت ہے۔خدا نے ہمارا گھرانہ بلند وبالا بنایا ہے یزید بن معاویہ فاسق، فاجر، شارب الخمر (شراب کا عادی) اور ظالم، قاتل اور معلن فاسق ہے۔ ہم جیسے (پاکباز) گھرانے والے ایسے شخص کی بیعت نہیں کرسکتے کیونکہ میں حسین اسی پاک خاندان سے ہوں۔

خلاصہ یہ ہوا کہ پاک کا کیا کام ہے کہ وہ پلید کے ہاتھ پر بیعت کرے۔ خاندانِ نبوت ورسالت پر تو یہ سب سے عظیم داغ ہوگا کہ نواسۂ رسول ﷺ نے ایسے پلید لعین کے ہاتھ پر بیعت کرکے اس کو مسلمانانِ اسلام کا خلیفہ مان لیا۔ اس کے بعد حضرت امام نے فرمایا ہاں۔

وَلٰکِنْ نَصْبَحُ وَتَصْبَحُوْنَ وَنَنْظُرُ وَتَنْظُرُوْنَ اَیُّنَا اَحَقُّ وَالْبَیْعَۃِ وَالْخِلَافَۃِ۔

صبح ہونے دو ہم غور کریں گے اور آپ بھی غور کریں کہ ہم میں کون بیعتِ خلافت کا حق دار ہے۔

سبحان اللہ حضرت امام عالی مقام سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کا یہ جواب ساٹھ ہجری بتاریخ ۲۷ رجب المرجب بروز شنبہ کی شب کو والی مدینہ کو کئی اصحاب کی موجودگی میں ملا۔ یہ وہ جملہ تھا جس پر سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے جان دے دی لیکن دینِ مصطفی علیہ التحیۃ والثناء پر داغ نہ آنے دیا ورنہ آیۂ تطہیر کی چادر پر وہ دھبہ لگ جانا تھا جس سے قیامت کو بھی بچاؤ نہ تھا۔ نواسۂ رسول ﷺ کی یہی وہ حق بات تھی جس نے کربلا کے تپتے ہوئے میدان میں آپ کو آزمایا اور آزمائش کرنے والے نے دیکھ لیا کہ وہ اس بات پر قائم رہے اور جان دے دی۔ لیکن نانا پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دین پر داغ نہ آنے دیا۔ گویا کہ کربلا کی پہلی سیڑھی کی ابتداء ہوچکی ہے۔

جب حضرت امامِ عالی مقام یہ جواب دے کر بمعہ اپنے اصحاب کے واپس دولت سرائے اقدس میں پہنچ گئے تو مروان بن حکم نے والی مدینہ کو پھر کہا کہ تم نے کوئی سخت اقدام ان کے جواب میں نہیں کیا بہتر تھا کہ تم اس کی گردن اڑا دیتے جس نے صاف انکار کردیا ہے تو پھر والی مدینہ ولید بن عتبہ نے اس کو کہا۔ مجھے تجھ پر افسوس ہے کہ تو مجھے بار بار مفسدانہ وسفاکانہ مشورہ دیتا ہے۔ باقی جہاں تک اس امر کا تعلق ہے تو میری بات یاد رکھو۔

اَلَّتِیْ فِیْھَا ھَلَکَ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاللّٰہِ لَا اِنِّیْ قَتَلْتُ حُسَیْنًا لَوْاَنَّ مَالِیَ الدُّنْیَا وَمُلْکِھَا۔

میں اپنا دین اور دنیا ہلاک نہیں کرنا چاہتا خدا کی قسم اگر مجھے دنیا کی بادشاہی اور دنیا کی دولت مل جائے تو بھی میں سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایسا اقدام نہ کروں گا۔

معلوم ہوا کہ یہی وہ اصل حقیقت تھی جس کے مطابق والی مدینہ نے کئی بار ایسا ہی کیا کیونکہ وہ جانتا تھا کہ اہلِ بیتِ اطہار کا کس قدر بلند مقام ہے اور میں نہیں چاہتا کہ میری طرف سے اس عظیم ہستی کی رائی برابر گستاخی ہو اور اگر ایسا ہوا تو دنیا وآخرت تباہ اور عذابِ الیم کا مستحق ٹھہراؤں گا، کاش اگر اتنی بات بھی یزید بن معاویہ یا اس کے حواریوں کے دل میں آجاتی تو یہاں تک نوبت نہ آتی لیکن یہ بدنما داغ جس کے لیے تھا اسے مل کر رہنا تھا اور اب تک ہے اور روزِ حشر تک یہ داغ مٹ نہ سکے گا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## باب ۱۴

# حضرت امامِ عالی مقام کی مدینہ طیبہ سے رخصت کی حکمتیں

پھر سیدنا امامِ عالی مقام نے اہلِ بیتِ اطہار اور اصحاب و رفقائے اہل مدینہ سے یزید کی ساری بات بیان فرما کر ان سے اور اپنے بھائی حضرت محمد ابن الحنفیہ سے مشورے طلب کیے۔ سب نے آپکا خیال دریافت کیا تو آپ نے وہی جواب دیا جو آپ نے والیٔ مدینہ کو دیا تھا کہ میں خاندانِ نبوت کا چشم و چراغ ہرگز ایسے فاسق و فاجر کے ہاتھ پر بیعت نہیں کر سکتا اور اسکی خلافت کو تسلیم نہیں کرتا۔ اس پر سب نے اتفاق کیا اور مشورہ دیا کہ آپ مدینہ طیبہ سے مکہ معظّمہ چلے جائیں۔ حضرت امام عالی مقام کا بھی یہی ارادہ ہوا کہ مدینہ طیبہ میں رہنا درست نہیں۔ کیونکہ اب یہ خطرہ یقینی کسی حد تک پہنچ چکا ہے کیونکہ حضرت امام جانتے تھے کہ میرا انکارِ بیعت یزید کے اشتعال کا باعث بنے گا اور نابکار جان کا دشمن اور خون کا پیاسا ہو جائے گا۔ جس کا نتیجہ یہ بھی نکلے گا کہ مدینۃ الرسول کہیں میری وجہ سے رنگینِ خون نہ ہو جائے اور یہ توہین برداشت سے باہر ہے۔

لیکن حضرت امام کی دیانت و امانت و تقویٰ نے اجازت نہ دی کہ اپنی جان کی خاطر یا عزیز و اقارب یا وطن کی خاطر نا اہل کے ہاتھ پر بیعت کر لیں اور مسلمانانِ اسلام کی تباہی اور شرع و احکام کی بے حرمتی اور دین کے نقصان کی پرواہ نہ کریں اور یہ امام جیسے جلیل القدر فرزندِ رسول ﷺ سے کیونکر ممکن ہو سکتا تھا۔ اگر امام اس وقت یزید کی بیعت کر لیتے تو ظاہر ہے کہ یزید آپ کی قدر و منزلت کرتا اور آپ کی عافیت و راحت میں کوئی فرق نہ آنے دیتا اور بہت سی دنیاوی دولت کے انبار آپ کے قدموں پر نچھاور کر دیتا۔ لیکن اسلام کا نظام درہم برہم ہو جاتا اور اس پر داغ لگ جاتا اور یزید کی ہر بدکاری کے جواز کے لیے حضرت امام کی بیعت سند ہوتی اور شریعتِ اسلامیہ و ملتِ حنیفہ کا نقشہ مٹ جاتا۔ یہاں پر ان حضرات کو بھی یاد رکھنا چاہیے کہ حضرت امام نے اپنی جان خطرہ میں ڈال دی اور تقیہ کا تصور بھی خاطر پر نہ گزرا۔ اگر تقیہ جائز ہوتا تو اس کے لیے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس اور کونسا وقت زیادہ ضرورت کا تھا۔ حضرت امام ابن عمر و ابن زبیر رضوان اللہ تعالیٰ علیہم سے بیعت کی درخواست اسی لیے سب سے پہلے کی گئی کہ اگر ان حضرات نے بیعت کر لی تو پھر کسی کو تامل نہ ہوگا۔ لیکن ان حضرات کے اس انکار سے وہ منصوبہ خاک میں مل گیا اور یزیدیوں کی آتشِ عناد بھڑک اٹھی اور اسی ضرورت پہ حضرت امام عالی مقام کو مدینہ طیبہ چھوڑنے کا ارادہ کرنا پڑا۔ کہ واقعی اب ولید بن عتبہ نے یزید کے تحریری حکم میں کچھ دیر کر دی تو اسے معزول کر کے دشمنِ اسلام کو گورنر بنا دے اور ایسا ہو سکتا تھا جیسا کہ آئندہ آئے گا اور انکارِ بیعتِ امام کی صورت میں مدینۃ الرسول کے بازار اور گلیاں خون سے رنگین نہ ہو جائیں اور عظیم تبرکاتِ عظیمہ کی توہین نہ ہو جائے یقیناً طرفین سے یہ کام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

شروع ہوجائے گا۔ حضرت امام کے حمائتی ایک طرف اور یزیدی ایک طرف اس سے مدینۃ الرسول کی اہانت ہوگی اور یہ داغ بھی حضرت امام کی وجہ سے نہیں آنا چاہیے۔

اس لیے حضرت امامِ عالی مقام نے متفقہ طور پر مصمم ارادہ فرمالیا کہ جتنی جلدی ہوسکے اب مدینۃ الرسول سے کوچ کر جائیں۔

## ریاضِ جنت میں سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی آخری رات

مدینہ طیبہ سے حضرت امامِ عالی مقام کی رحلت کا دن اہلِ مدینہ اور خود حضرت امام کے لیے غم واندوہ کا دن تھا۔ اطرافِ عالم سے تو لوگ وطن ترک کر کے اعزہ واحباب کو چھوڑ کر مدینہ طیبہ حاضر ہونے کی تمنائیں کریں اور دربارِ رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حاضری کا شوق دشوار گزار منزلیں اور بحر و بر کا طویل وخوف ناک سفر اختیار کرنے کے لیے بیقرار بنادے۔ ایک ایک لمحہ کی جدائی انہیں شاق ہو۔ اور فرزندِ رسول علیہ السلام جوارِ رسول سے جانے پر مجبور ہو اس وقت کا تصور دل کو پاش پاش کر دیتا ہے لیکن یہ وہی جانتے ہیں جن پر یہ وقت آیا کہ ان پر کیا گزری۔ روایاتِ صحیحہ ومعتبرہ اس پر موجود ہیں کہ دن کو مکمل تیاری فرمالی اور احبابِ اہلِ بیتِ اطہار کو اپنے ہمراہ لے جانے کے لیے تیار کرالیا اور شب کو ریاضِ جنت میں عبادت ونوافل میں مشغول رہے اور بارگاہِ رب العزت ذوالجلال میں دعا فرمائی۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا قَبْرُ نَبِيِّكَ وَاَنَا ابْنُ بِنْتِ نَبِيِّكَ وَحَضَرَنِيْ مِنَ الْاَمْرِ مَا قَدْ عَلِمْتَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُحِبُّ الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَاُنْكِرَ الْمُنْكَرَ وَاَسْئَلُكَ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِحَقِّ الْقَبْرِ وَمَنْ فِيْهِ اِخْتَرْلِيْ مَا هُوَ لَكَ رِضًى وَلِرَسُوْلِكَ۔

اے میرے اللہ: یہ تیرے نبی ﷺ کی قبرِ اطہر ہے اور میں تیرے نبی ﷺ کی بیٹی کا بیٹا ہوں۔ میں جن حالات سے مجبور ہوکر جارہا ہوں تو جانتا ہے میں نیکی کو اختیار اور بدی سے اجتناب کو پسند کرتا ہوں۔ اے اللہ میں تجھ سے صاحبِ قبر کا واسطہ دے کر کہتا ہوں کہ تو میرے لیے وہ راستہ پیدا فرما جس میں تیری اور تیرے رسول کی رضامندی ہے۔

حضرت امام عالی مقام علیہ السلام یہ دعا فرماتے رہے اور روتے رہے۔

## دربارِ رسالت مآب ﷺ پر رات کی پچھلی گھڑی

نوافل وعبادت اور دعوات سے فارغ ہونے کے بعد حضرت امامِ عالی مقام امامِ حسین رضی اللہ عنہ اپنے نانا جان آقا ومولیٰ سرکار محمد رسول اللہ ﷺ کے مزارِ پرانوار پر حاضر ہوئے اور ہدیۂ درود وسلام پڑھتے اور روتے رہے اور قبرِ انور کے ساتھ لپٹ گئے اسی حالت میں آپ دیکھتے ہیں کہ فرشتوں کی جماعتِ کثیرہ ہے اور حضور پرنور ﷺ جلوہ افروز ہیں اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو آپ نے اپنی آغوش میں لیا اور سینۂ اقدس سے لگایا اور چوما اور فرمایا:

حَبِيْبِيْ يَا حُسَيْنُ كَاَنِّيْ اَرَاكَ عَنْ قَرِيْبٍ مَرْمَلًا بِدِمَائِكَ مَذْبُوْحًا بِاَرْضِ كَرْبَلَا بَيْنَ اَحْبَابِهٖ مِنْ اُمَّتِيْ وَاَنْتَ مَعَ ذٰالِكَ عَطْشَانَ وَظْلْمَانَ لَاتَرْوِيْ وَهُمْ بَعْدَ ذٰالِكَ

اے میرے پیارے حسین! میں تمہیں دیکھ رہا ہوں کہ عنقریب تم خاک وخون میں تڑپائے جاؤ گے اور میری امت کے چند اور ساتھیوں کے ساتھ زمینِ کربلا میں ظلم کے ساتھ ذبح کیے جاؤ گے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

يَرْجُوْنَ شَفَاعَتِي لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ شَفَاعَتِيْ يَوْمُ الْقِيَامَةِ حَبِيْبِيْ يَا حَسَنُ اِنَّ اَبَاكَ اُمَّكَ وَهُمْ مَشْتَاقُوْنَ اِلَيْكَ۔ (۱)

اور تم سب پیاسے بھی ہو گے اور تمہیں پانی میسر نہ ہوگا اور اس کے باوجود قاتل میری شفاعت کے امیدوار ہوں گے خدا کی قسم ان کو میری شفاعت نصیب نہ ہوگی۔ گھبراؤ نہیں تم عنقریب اپنے ماں باپ کے پاس پہنچ جاؤ گے سب تمہارے مشتاق ہیں۔

اسی حالت میں حضرت امام اپنے نانا جان علیہ السلام سے روئے اور عرض کرتے ہیں۔

يَا جَدَّاهُ لَا حَاجَةَ لِيْ فِي الرُّجُوْعِ اِلَى الدُّنْيَا فَخُذْ اِنِّيْ اِلَيْكَ وَاَدْخِلْنِيْ فِيْ قَبْرِكَ۔ (۲)

اے پیارے نانا جان صلی اللہ علیہ وسلم! میری دنیا میں جانے کی کوئی خواہش نہیں سوائے اس کے کہ آپ مجھے یہیں اپنے ہمراہ قبر میں جگہ دے دیں۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے حسین رضی اللہ عنہ کو تسلی دی اور فرمایا:

لَا بُدَّ لَكَ مِنَ الرُّجُوْعِ اِلَى الدُّنْيَا حَتّٰى تَرْزُقَ الشَّهَادَةَ لِيَكُوْنَ مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكَ فِيْهَا مِنَ الثَّوَابِ الْعَظِيْمِ۔ (۳)

نہیں اے پیارے بیٹے تمہارے لیے دنیا میں ابھی رجوع ہے کیونکہ تمہیں شہادت کا وہ مرتبہ پانا ہے جو خدا نے تمہارے لیے لکھ دیا ہوا ہے جس کا عظیم ثواب تم کو ملنا ہے۔

اسی حال میں حضرت امامِ عالی مقام قبرِ اطہر سے اٹھے اور آنکھوں سے آنسو جاری ہیں اور کہا اے پیارے نانا جان علیہ السلام اب حسین رضی اللہ عنہ کی آخری حاضری ہے امید نہیں کہ اب دوبارہ قبرِ اطہر کی حاضری مجھ کو نصیب ہو۔ امام تر دامن لیے ہوئے پھر حضرت سیدنا ابوبکر صدیق اور سیدنا عمر فاروقِ اعظم کی قبرِ اطہر پر روئے اور سلام عرض کیا۔

## حضرت محمد ابن الحنفیہ رضی اللہ عنہ اور سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی آخری ملاقات

حضرت سیدنا امام حسین نے اس سلسلے میں اپنے بھائی حضرت محمد ابن الحنفیہ رضی اللہ عنہ جو اپنے وقت کے بہت بڑے بزرگ اور جید عالم تھے اور آپ کے بھائی تھے ان سے ملاقات کی اور تمام ماجرا بیان فرمایا کہ اب مجھے کیا کرنا چاہیے؟ حضرت محمد ابن الحنفیہ رضی اللہ عنہ نے کہا اے بھائی حسین رضی اللہ عنہ جہاں تک یزید کی بیعت کا تعلق ہے تو آپ نے جو والیٔ مدینہ کو فرما دیا ہے بالکل درست ہے واقعی وہ اس کا اہل نہیں ہے۔ میں آپ کے ساتھ ہوں بلکہ تمام مدینہ والے آپ کے ساتھ ہیں اور کسی صورت اس یزید کی بیعت کو تیار نہ ہوں گے۔

اب رہا یہ معاملہ کے آپ مدینہ طیبہ سے چلے جائیں اور مکہ معظمہ میں قیام فرمالیں واقعی جیسا آپ نے ذکر کیا ہے کہ کہیں مدینۃ الرسول کی توہین نہ ہو اور مسلمانوں کا خون نہ بہے۔ اگر مدینۃ الرسول سے کوچ کرنا ہے تو کر جائیں لیکن مجھے بیماری سے صحت یابی ہونے تک ٹھہریں تاکہ میں بھی آپ کے ساتھ چلوں کیونکہ اے بھائی حسین رضی اللہ عنہ آپ جانتے ہیں کہ سب سے زیادہ مجھے آپ ہی عزیز ہیں اور آپ سے بہتر کوئی نہیں اور میری جان بھی آپ پر قربان ہو جائے تو میں تیار ہوں۔

روایاتِ صحیحہ سے ثابت ہوا کہ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ محمد ابن الحنفیہ رضی اللہ عنہ نے مکمل اتفاق فرمایا اور آپ نے ان کو مکہ معظمہ جانے کا بھی مشورہ اسی لیے دیا تاکہ مدینۃ الرسول کی اہانت نہ ہو اور مسلمانوں کا خون نہ بہنے پائے اس کے بعد حضرت سیدنا امامِ عالی مقام نے فرمایا۔

(۱) تا (۳) الحیات الحلی، ج ۲، ص ۲۸۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اے بھائی جان! میں پھر مدینہ طیبہ سے کوچ کر جاتا ہوں اور مکہ معظّمہ قیام پذیر ہو جاتا ہوں۔لیکن آپ میرے ساتھ نہ چلیں آپ کا مدینہ میں رہنا بہتر ہے تا کہ حالات کا جائزہ لیتے رہیں۔

اَمَّا اَنْتَ فَلَاعَلَيْكَ اَنْ تَقِيْمَ بِالْمَدِيْنَةِ تَكُوْنَ عَنَّا عَلِيْهِمْ لَا تُخْفٰى عَنِّي شَيْئًا مِنْ اُمُوْرِهِمْ۔ (۱)

جو باتیں مجھے معلوم نہ ہوں آپ مجھے ان کی خبر گیری کرتے رہیں گے اس طرح مجھے کیسے پتہ چل سکے گا کہ کیا حالات ہیں آپ کو کچھ حرج نہیں اور آپ ویسے بھی سخت بیمار ہیں آپ کا مدینہ طیبہ میں ہی رہنا بہتر ہے۔

اس روایت سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حضرت محمد ابن الحنفیہ رضی اللہ عنہ ضرور حضرت امام کے ساتھ جاتے لیکن ان کے سامنے ایک خاص وجہ معقول تھی۔اول یہ کہ وہ بیمار تھے۔دوم یہ کہ مصلحتاً ان کا ٹھہرنا بقولِ حضرت امام بھی بہتر تھا۔اگر کوئی وجہ معقول نہ ہوتی تو کبھی نہیں ہوسکتا تھا کہ حضرت محمد ابن الحنفیہ رضی اللہ عنہ مدینہ طیبہ میں ٹھہرتے۔

اس کے بعد آپ نے ان کے حق میں دعائے خیر فرمائی اور آپ کے سینے سے لپٹ گئے۔

فَبَكَى الْحَسِيْنُ ابْنُ عَلِيٍّ وَاَخِيْهِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيٍّ الْمَعْرُوْفِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ شَدِيْدًا۔

پھر حضرت محمد ابن الحنفیہ رضی اللہ عنہ اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ پھوٹ پھوٹ کر رو پڑے۔

پس سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو الوداع کیا اور حضرت محمد ابن الحنفیہ نے یہ کلمات کہے:

فَقُلْتُ لَهٗ وَاللّٰهِ مَامِنْ مُسَافِرٍ
يَسِيْرُوَلَا اَدْرِيْ مَابِهِ الدَّهْرُصَانِعٌ
عَسٰى مَنْ قَطٰى بِالْبُعْدِبَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ
يَجْمَعُنَا وَالْقَلْبُ فِيْ ذَالِكَ طَامِعٌ (حیات)

خلاصۂ عبارت یہ ہے کہ جو مسافر مدینہ سے مکہ کا سفر کر رہا ہے میں نہیں جانتا کہ زمانہ اس کے ساتھ کیا کرے گا۔اور جس نے ہم کو ایک دوسرے سے جدا کیا ہے وہی ہم کو پھر ملا دے گا کیونکہ میرے دل کی محبت اس کی جدائی برداشت نہیں کر سکتی۔

## ام المؤمنین سیدہ امِ سلمہ رضی اللہ عنہا سے سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی آخری ملاقات

حضرت سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ اب سیدہ امِ سلمہ ام المؤمنین کے پاس ملاقات کے لیے حاضر ہوئے اور سارا ماجرا سنایا۔حضرت سیدہ امِ سلمہ یہ سن کر کہ اب حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ مدینہ طیبہ سے مکہ معظّمہ جانے کا مصمّم ارادہ کر چکے ہیں تو آپ نے فرمایا مجھے اس سفر پر جانے کا سنا کر میرے دل کو تکلیف نہ دو اور مجھے غمزدہ نہ کرو کیونکہ میں نے تو آپ کے جدِ کریم اور اپنے آقا سرکار محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ اطہر سے سنا ہے۔

فَاِنِّيْ سَمِعْتُ جَدِّكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يُقْتَلُ وَلَدِيْ الْحُسَيْنَ بِاَرْضِ الْعِرَاقِ فِيْ اَرْضٍ

میرا بیٹا حسین رضی اللہ عنہ عراق کی سرزمین میں شہید کیا جائے گا اور اس پر ظلم وستم کیا جائے گا اور اس زمین کے ٹکڑے کو کربلا کہا جائے گا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

يُقَالُ لَهَا كَرْبَلَا وَعِنْدِيْ تُرْبَتُكَ فِيْ قَارُوْرَةٍ دَفَعَهَانِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

اور میرے پاس تو وہ مٹی بھی شیشی میں محفوظ ہے جو خود مصطفیٰ ﷺ نے مجھے دی تھی کہ اس کو سنبھال کر رکھنا۔ (جب یہ خون بن جائے تو سمجھ لینا کہ حسین رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے ہیں)

لہٰذا اے پیارے حسین آپ کا سفر مجھے مکہ معظّمہ کا معلوم نہیں ہوتا بلکہ کربلا کا سفر ہے۔ حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے رو کر عرض کیا۔

يَا اُمَّاهْ اِنِّيْ اَعْلَمُ مَقْتُوْلٌ مَذْبُوْحٌ ظُلْمًا وَعُدْوَانًا۔

اے امی جان میں جانتا ہوں کہ یقیناً مجھ پر ظلم و جفا ہوگا اور اسی ظلم کے ساتھ قتل کیا جاؤں گا۔

اس کے بعد سیدہ رضی اللہ عنہا ام المؤمنین نے اور باتیں بھی فرمائیں اور یہ بھی فرمایا کہ پھر آپ اپنے اہل وعیال کو ساتھ نہ لے جائیں تو آپ نے فرمایا بیشک آپ کا فرمان حق بجانب ہے کہ بچوں کو ہمراہ نہ لیجاؤں لیکن مشیت الٰہیہ اسی طرح ہے۔

قَدْ شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّرَانِيْ مَقْتُوْلًا مَذْبُوْحًا ظُلْمًا وَعُدْوَانًا وَيَرٰى اَهْلِيْ بَعِيْدًا مِّنَ الْوَطَنِ مَذْبُوْحِيْنَ مَظْلُوْمِيْنَ وَهُمْ يَسْتَغِيْثُوْنَ فَلَا يَجِدُوْنَ نَاصِرًا وَلَا مُعِيْنًا۔ (حیات)

کہ مجھے ظلم و جفا کے ساتھ شہید ہوتا دیکھے اور میرے اہل وعیال کو وطن سے دور دیکھے اور ان کو مصائب میں مبتلا دیکھے کہ ان میں کوئی اس کی راہ میں ذبح ہو رہا ہو اور کوئی طرح طرح کی مصیبتوں میں ہو اور جب مدد کے لیے پکاریں تو کوئی ان کا حامی و ناصر نہ ہو۔

حضرت سیدہ ام المؤمنین امِ سلمہ رضی اللہ عنہا یہ سن کر بہت روئیں اور اس تمام معاملہ کو سپردِ خدا کرتے ہوئے اور دعائے استقامت فرماتے ہوئے آپ نے ان کو الوداع فرمایا۔

## مزارِ ساقیٔ کوثر ﷺ پر سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی آخری حاضری

جب حضور سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ ان تمام ملاقاتوں سے فارغ ہوئے تو مدینۃ الرسول کے در و دیوار کو دیکھتے اور آنکھوں سے آنسو بہاتے ہوئے امام الانبیاء محبوبِ رب العالمین رحمۃ اللعالمین سرکار سیدنا آقا و مولیٰ محمد رسول اللہ ﷺ کے روضۂ اطہر پر حاضر ہوئے اور نہایت بے بسی کے عالم میں اور حسرت و یاس کے لہجہ میں عرض کرتے ہیں:

يَا سَيِّدِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَيَا جَدِّيْ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ لَقَدْ خَرَجْتُ جَوَارَكَ كَرْهًا وَفَرَّقَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ وَاُخِذْتُ بِالْيَدِ قَهْرًا اَنْ اُبَايِعَ يَزِيْدَ ابْنَ مُعَاوِيَةَ شَارِبَ الْخَمْرِ وَرَاكِبَ الْمَفْجُوْرِ فَاِنْ فَعَلْتُ فَكَفَرْتُ وَاِنْ اَبَيْتَ فَقُتِلْتُ فَمَا اَنَا بِخَارِجٍ مِنْ جَوَارِكَ عَلَى الْخَطَرَةِ اَهَانَةُ الْمَدِيْنَةِ فَعَلَيْكَ مِنِّيْ السَّلَامُ يَا جَدِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔ (ایضاً)

اے میرے پیارے سردار یا رسول اللہ اور پیارے نانا جان یا حبیب اللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں میں نہایت مجبور ہو کر آپ کے جوارِ اقدس سے جا رہا ہوں میرے اور آپ کے درمیان ظاہری جدائی ہو رہی ہے۔ باطنی تو نہ ہونے والی ہے یہ ظاہری جدائی اسی لیے ہے کہ مجھے مجبور کیا جا رہا ہے کہ میں حسین رضی اللہ عنہ یزید بن معاویہ شارب خمر، فاسق و فاجر کی بیعت کروں اور اگر میں ایسے شخص کی بیعت کرلوں تو کافر ہوتا ہوں اور اگر انکار کرتا ہوں تو قتل ہوتا ہوں اور مجھے خود قتل ہونے کا ڈر نہیں ہاں البتہ آپ کے شہرِ مدینہ کی اہانت کا خطرہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہے اس مجبوری کی بنا پر جوارِ رسول انور ﷺ سے رخصت ہو رہا ہوں
میری طرف سے حضور آخری حاضری کا سلام ہو۔

اس حالت میں روضۂ اطہر سے لپٹ گئے اور اس حال میں دیکھا کہ سرکار ابد قرار علیہ الصلوۃ والسلام اپنے نواسے حسین رضی اللہ عنہ کو آغوش میں لے کر سینۂ اقدس سے لگاتے ہیں اور چومتے ہیں اور فرمایا۔

اے فرزند حسین رضی اللہ عنہ! عنقریب ظالم تجھے بھوکا اور پیاسا کربلا کے میدان میں شہید کر ڈالیں گے اور تیرے خاندانِ اہلِ بیت پر مصائب ڈھائیں گے اہلِ بیت کے چھوٹے بڑے شہید کر دیے جائیں گے۔ بہشت تمہارے لیے آراستہ ہے اس میں تمہارے اور تمہارے رفیقوں کے درجات عالیہ ہیں جو شہادتِ عظمیٰ کے بغیر آپ کو نہیں مل سکتے۔ بیٹا صبر و رضا پر قائم رہنا اور میرے دین پر داغ نہ آنے دینا اور جامِ شہادت کے بعد میرے پاس آجاؤ گے۔ میری دعا ہے۔

اے میرے اللہ میرے حسین کو صبر اور اجر عطا فرما۔

یہ منظرِ پرانوار دیکھنا تھا کہ حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کا حوصلہ بلند ہوا اور عزم و ہمت و استقامت و صبر و رضا کو اپنے دامنِ اقدس میں لیے ہوئے آخری ہدیہ صلوٰۃ و سلام پیش کرتے روضۂ اطہر سے جدا ہوتے ہیں۔

آنسو آنکھوں سے لگاتار ہیں جاری
یہ عمر میں شبیر کی ہے آخری باری

## قبرِ انور خاتونِ جنت رضی اللہ عنہا و قبورِ اصحابِ جنت البقیع رضوان اللہ علیہم اجمعین پر آخری حاضری

حضرت امامِ عالی مقام اس کے بعد جنت البقیع میں تشریف لائے اور اپنی والدہ ماجدہ خاتونِ جنت سیدہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی قبرِ اطہر پر حاضر ہوئے قبر کو دیکھنا تھا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ قبرِ اطہر سے لپٹ گئے اور روتے ہوئے عرض کیا۔

اے پیاری امّی جان! آپ کا نازوں کا پالا ہوا حسین اور آپ کی آنکھوں کا نور اور آپ کے دل کا سرور وہ حسین جس کی ذرّہ برابر آپ تکلیف برداشت نہ کر سکتی تھیں اب وہ حسین مجبور ہو کر مدینہ طیبہ سے جا رہا ہے امّی جان آج سے پہلے قبر پر حاضری دے کر دل کو تسکین دے لیا کرتا تھا اب حاضری کی سعادت سے محروم ہو رہا ہوں آپ کی جدائی سے دل ٹوٹ رہا ہے۔ آپ جانتے ہیں میں مجبور ہوں اور اب آپ کے لاڈلے حسین کی آزمائش کا وقت قریب آ گیا ہے امی جان میرے لیے دعا فرمایئے کہ میری جان چلی جائے لیکن نانا جان علیہ السلام کے دین پر داغ نہ آنے پائے۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ ان کلماتِ طیبات کی ادائیگی اور آخری ہدیۂ سلام کے بعد جنت البقیع سے رخصت ہوئے۔

## غلط افتراء اور اس کی تردید

یاد رہے کہ اس واقعۂ مذکورہ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی قبرِ اطہر پر حاضری کے متعلق بھی بعض غیر ذمہ دار افراد کی تقریریں یا تحریریں کہ امام کی آنکھوں نے ساون بھادوں کی جھڑی لگا رکھی تھی۔ یا یہ کہ قبر سے آواز آئی کہ اپنی آنکھوں کو پونچھو اگر ایک قطرہ میری قبر پر پڑ گیا تو قبر پھٹ جائے گی یا عرشِ الٰہی کانپ اٹھے گا یا یہ کہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا ننگے سر قبر پر بیٹھی ہیں اور بین کرتی تھیں وغیرہ وغیرہ..... یہ سب افترائی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جملے اور اہلِ بیت کی شان کے منافی ہیں۔ کئی مجموعات میں سخت ناجائز کلمات استعمال کیے گئے ہیں ان کا کچھ اصل نہیں ہے ان کے اپنے ہی الفاظ خود غلط ہونے کی ترجمانی ہیں۔

# واقعۂ سیدہ فاطمہ صغریٰ رضی اللہ عنہا بنت الحسین رضی اللہ عنہ تحقیق کی کسوٹی پر

حضرت امامِ عالی مقام امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی دو شہزادیوں میں سے ایک سیدہ حضرت سکینہ رضی اللہ عنہا اور دوسری شہزادی سیدہ حضرت فاطمہ صغریٰ رضی اللہ عنہا ہیں اس دوسری شہزادی حضرت فاطمہ صغریٰ رضی اللہ عنہا کے متعلق یہ مشہور کیا گیا ہے کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ جب مدینہ طیبہ سے رخصت ہوئے تو ان کو بیماری کی حالت میں مدینہ میں ہی رہنے دیا یا یہ کہ ان کو مدینہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس چھوڑ گئے اور یا یہ کہ اکیلے تنہا ایک کمرے میں ٹوٹی ہوئی چار پائی پر چھوڑ گئے۔

اس واقعہ کو بڑی شد و مد اور رقت آمیز پیرایہ میں نظماً و نثراً بیان ہی نہیں کیا جاتا بلکہ غیر معتبرہ مجموعوں میں غیر ذمہ دار افراد نے درج کر دیا ہے۔

نہایت افسوس کے ساتھ اور مجبور ہو کر لکھنا پڑا ہے کہ ان افراد نے کیسے اس بے بنیاد واقعہ کو اتنا لمبا و چوڑا بنا کر پیش کر دیا ہے۔ عربی و فارسی کی مستند کتابیں اور تواریخ و سیر اور معتبرہ کتب میں واقعہ کا کہیں نام و نشان نہیں ملتا اور اردو کی معتبر کتابوں میں بھی کہیں اس کی اصل نہیں ملتی۔

اگر اس واقعہ کو تحقیق کی کسوٹی پر پرکھا جائے تو بالکل بے اصل، بے بنیاد اور سراسر غلط ہے۔ بلکہ جب اس واقعہ کی عام ہوا پھیلنی شروع ہوئی تو اکابرین نے اس کی تردید میں اپنی تالیفات میں صراحتہً یہ واضح کر دیا کہ یہ واقعہ من گھڑت بنایا گیا ہے۔ افسوس ہے کہ ایسے افراد یہ جانتے ہوئے بھی کیوں ایسا کرنے پر آمادہ ہوئے۔

جن غیر معتبرہ مجموعوں میں یہ واقعہ درج کیا گیا ہے وہاں پر بھی کوئی مسلسل سند مذکور نہیں ہے اور کسی ایک بھی معتبر کتاب کا حوالہ نہیں ہے۔

بلکہ دلائلِ قویہ اور روایاتِ معتبرہ مستندہ اس پر شاہد ہیں۔

کہ سیدہ حضرت فاطمہ صغریٰ بنت الحسین رضی اللہ عنہا کی شادی حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے بیٹے حضرت حسن مثنیٰ رضی اللہ عنہ سے ہو چکی تھی جن سے آپ کی اولاد ہوئی جس کا ذکر میں نے اولادِ امجاد کے باب میں مفصل بمعہ ناموں کے بیان کیا ہے حضرت امام کی روانگی از مدینہ تا مکہ کے وقت سیدہ حضرت فاطمہ صغریٰ رضی اللہ عنہا اپنے شوہر حضرت حسن مثنیٰ ابن امام حسن ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم کے گھر میں مدینہ طیبہ میں موجود تھیں۔

کیا یہ شانِ اہلِ بیت بیان ہو رہی ہے یا کہ توہین عقل و علم کے اندھوں اور مسلک و عقائد سے بے بہروں کو اور بزرگانِ دین و اکابرینِ اسلام کی حدوں کو توڑنے والوں نے خود ہی اپنی زبانی بارہ بارہ صفحے متذکرہ واقعہ پر سیاہ کر ڈالے اور کہیں اس کی اصل ثابت نہ کر سکے کیوں کہ ان کی بنائی ہوئی کہانی اپنی زبانی بالکل من گھڑت ہونے کا ثبوت دے رہی ہے۔ عربی و فارسی کے حوالاجات کی بجائے یہاں پر وہ حوالہ پیش کئے دیتا ہوں جس کو بخوبی و با آسانی یہ حضرات دیکھ سکیں۔ دیکھو سوانح کربلا: صفحہ ۸۹ سطر نمبر: ۱۶ مطبع

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کراچی للعلامہ سیدی صدرالافاضل علیہ الرحمۃ۔عربی کی معتبر ومستند جامع کتاب الحیات الخفی للعلامہ سید محمد شاہ ابنِ احمد دہلوی علیہ الرحمۃ جلداول صفحہ:۷۸ سطر ۹ تا ۲۵ مطبع مصر۔

کیسی عجب بات ہے کہ تندرستوں کو حضرت امام ہمراہ لے جائیں اور سیدہ فاطمہ صغریٰ رضی اللہ عنہا بیمار کو چھوڑ جائیں۔کیوں اور کن وجوہات پر؟ فقط اس لئے ان کے پاس کچھ نہیں؟ پھر اول تو ایسا ہوا ہی نہیں اگر ہوا تو جو واسطے فاطمہ صغریٰ رضی اللہ عنہا کے بیان کئے گئے ان پر حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس کیا شرعی دلیل تھی کہ وہ ان کے اتنے واسطوں کے باوجود نہ لے گئے۔پھر اگر ایسا ہی تھا تو پھر مدینۃ الرسول میں ان کا کیوں نہ کوئی پرسانِ حال ہوا۔پھر جب یہ بھی ہو گیا تو چار ماہ کا عرصہ مکہ معظمہ میں حضرت امام مقیم ہوئے اور پھر سفر کربلا پر روانہ ہو گئے۔اتنے طویل عرصہ میں سب آتے جاتے رہے ان کو کیوں نہ منگوالیا گیا یا آ کر خود لے جاتے۔پھر ان کو ایک سو چار ڈگری کا بخار لکھنے اور کہنے والے بتائیں کہ وہ بخار بدستور اس طرح اس وقت ایک سو چار ڈگری کا بخار پانچ ماہ تک رہا جو کہ وہ واقعۂ کربلا کے موقعہ پر مدینہ میں وہ چلاتی اور روتی تھیں اور ایک گھوڑ سوار سے واسطے ڈال کر یہاں تک کہہ رہی تھیں کہ مجھے کربلا جانا ہے خدا کے لیے گھوڑوں کی ٹانگوں سے چمٹ جاتی ہوں لے جاؤ اور وہ چٹھیاں بھیج کر حضرت علی اصغر رضی اللہ عنہ کا حال پوچھتی ہیں وغیرہ وغیرہ.....

ناظرین کرام: اگر میں ان جملوں کو بیان کروں جو ان افراد نے بیان کیے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ جملے دہرانے بھی اہلِ بیتِ اطہار کی شان کے منافی ہیں کیونکہ تمام باتیں توہین آمیز اور اوٹ پٹانگ ہیں کہ خدا کی پناہ۔یہ چند باتیں بطورِ نمونہ خود کو محتاط رکھتے ہوئے پیش کی ہیں کیونکہ آلِ رسول کی شانِ اقدس میں وہ الفاظ جو انہوں نے استعمال کیے ہیں وہ نوکِ قلم پر نہیں لاسکتا۔آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا۔دلائلِ قویہ اور روایاتِ معتبرہ اس پر گواہ ہیں۔

کہ حضرت سیدہ فاطمہ صغریٰ بنتِ حسین رضی اللہ عنہ کی شادی سیدنا حضرت حسن مثنیٰ رضی اللہ عنہ سے ہو چکی تھی اور آپ مدینۃ الرسول میں اپنے شوہر حضرت حسن مثنیٰ رضی اللہ عنہ کے گھر پر بمعہ بچوں کے موجود تھیں۔اس لیے نہ آپ ان کو ہمراہ لے گئے اور نہ ہی اصولی طور پر ان کو لے جانا ضروری تھا۔آپ تندرست تھیں کوئی وجہ مانع نہ تھی۔اگر ان کو حضرت امام لے جانا چاہتے تو لے جاسکتے تھے لیکن ایسا کرنا حضرت امام کی شان کے خلاف تھا۔(اس لیے کہ اس وقت ان کے شوہر تجارت کے سلسلہ میں کسی دوسرے ملک گئے ہوئے تھے اور ان کی اجازت کے بغیر بیٹی اور بچوں کو لے جانا شرعاً ناجائز اور غیر مناسب تھا)۔دوسرا اگر وہ خود جانا چاہتیں تو بھی جاسکتی تھیں۔جیسا کہ اس کا ذکر آپ کی اولادِ امجاد کے باب میں بالتفصیل بیان ہوا ہے۔الحیات الخفی، جلداول، سوانح کربلا، از مطبع مصر سطر ۶ تا ۲۱۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## باب ۱۵

# سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی مدینہ منوّرہ سے مکہ معظّمہ ہجرت

حضرت سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے جس صبح کو مدینہ طیبہ سے روانہ ہونا تھا اسی رات کا کچھ حصہ اپنے نانا (مصطفی علیہ التحیۃ والثناء) اور اپنی محترمہ والدہ معظّمہ طیبہ وطاہرہ رضی اللہ عنہا اور برادر مکرم سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ اور امہات المؤمنین اور اصحابِ عظام جو بقیع قبرستان میں ہیں ان کی حاضری اور ہدیۂ سلام میں صرف فرمایا۔ یہ تھا وہ ایک مسلسل فکری جہاد اور عقلی جہاد اور پھر اپنے وطن مدینہ طیبہ کے حسین منظر کو چھوڑ کر مکہ معظّمہ کے دشوار گزار سفر کو بمعہ اہل وعیال رخصت ہونا یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے بلکہ یہ بھی حضرت امام کا بہت بڑا جہاد تھا جس کو آپ نے عملی شکل دے دی۔ آج جو آپ مدینہ طیبہ سے مکہ معظّمہ ہجرت فرما رہے ہیں وہ آج سے ٹھیک ساٹھ برس پہلے حضرت امام کے جدِ امجد سرکار سیدنا محمد رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مکہ معظّمہ سے مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت کے ساتھ عجیب مشابہت رکھتی ہے۔ اس وقت سید عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام ابوجہل وغیرہ جیسے شر پسندوں کی شرارتوں سے تنگ آ کر ہجرت کرنی پڑی اور آج اسی ذاتِ ستودہ صفات علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نواسے خاندانِ نبوت یزید لعین کی شرارتوں کی وجہ سے ہجرت کرنے پر مجبور ہو رہے ہے۔

ہجرت مصطفوی کے کچھ عرصہ بعد فتح مکہ کے بعد کفارِ مکہ کی شیطانیت ختم ہوگئی اور اسی طرح سیدنا امامِ عالی مقام کی شہادتِ عظمیٰ کے کچھ دیر بعد یزیدیت تباہ ہوگئی۔

عام انسانی فطرت کا تقاضا ہے کہ انسان اپنا وطن چھوڑتے وقت وطن کی ہر پسندیدہ چیز حتیٰ کہ اس کے آب وگیاہ اور خاک سے بھی پیار کرتا ہے اور ان پر حسرت ویاس کی نگاہ ڈالتا ہے۔ روایات شاہد ہیں کہ حضور سید عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام وآلہ الکرام مکہ معظّمہ سے روانہ ہوتے وقت مڑ مڑ کر بار بار در ودیوار پر نگاہ ڈالتے تھے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو تسلی دی۔

اس طرح جب حضرت امامِ عالی مقام اپنے خاندان مقدسہ کو لئے ہوئے ۶۰ ہجری ماہِ رجب کی ستائیس ۲۷ تاریخ بروز اتوار ۳ مئی ۶۸۰ء کو مدینہ طیبہ سے روانہ ہوئے تو مدینہ پاک سے حضرت امام کی رحلت اہلِ مدینہ اور خود امامِ عالی مقام کے لیے کیسا رنج واندوہ کا وقت تھا۔ اطرافِ عالم سے تو مسلمان وطن ترک کر کے اعزہ واحباب کو چھوڑ کر مدینہ طیبہ حاضر ہونے کی تمنائیں کریں اور دربارِ سرکار ابد قرار حبیب کردگار شان پروقار سید الابرار سرکار رسالت مآب علیہ السلام کی حاضری کا شوق دشوار گزار منزلیں اور بری وبحری اور ہوائی کا سفر طویل اور نان نفقہ وزادِ راہ کا بار اور خوفناک سفر اختیار کرنے کے لیے بیقرار بنا دے ایک ایک لمحہ کی جدائی انہیں شاق ہو اور فرزند رسول جگر گوشۂ بتول اور نورِ نظر مولا علی جوارِ نبوت ورسالت سے جدا ہونے پر مجبور ہو۔ یہاں پر ہی حضرت کی ولادت اور یہاں پر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہی حضرت کی بلندی عظمت اور یہاں پر ہی راکبِ دوشِ نبوت کی شان کا اظہار ہوا۔ (الحسین ج ۱، ص: ۱۵، سوانحِ کربلا)

اس وقت کا تصور دل کو پاش پاش کر دیتا ہے۔ جدِ کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کے روضۂ طاہرہ سے جدائی کا صدمہ حضرت امام کے دل پر رنج وغم کے پہاڑ توڑ رہا ہے۔

اہلِ مدینہ کی بھی مصیبت کا کیا اندازہ ہوسکتا ہے۔ دیدارِ حبیب کے فدائی اس فرزند کی زیارت سے اپنے مجروح قلوب کو تسکین دیتے تھے۔ ان کا دیدار ان کے قلب کا قرار تھا۔

اَلْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ کَانَا اَشْبَهُهُمْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

حسنین کریمین مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کے مشابہ تھے

یقیناً آج اہلِ مدینہ کا حال بے حال ہو رہا ہے کہ آج یہ قرارِ دل بے قرار ہی نہیں بلکہ جہانوں کا یہ قرارِ دل مدینہ طیبہ سے رخصت ہو رہا ہے۔ امامِ عالی مقام الوداعی نظروں سے اپنے مدینہ کے حسین در و دیوار پر نگاہ ڈالتے ہوئے اور اپنے جدِ کریم کے گنبدِ اقدس کی بہارِ رحمت کا مزہ دیکھتے ہوئے بہزار غم واندوہ بادل ناشاد ہدیہ سلام پیش کرتے ہوئے رحلت فرماتے ہیں۔ تو زبانِ اطہر سے قرآن حکیم کی یہ آیت پڑھ رہے ہیں۔

فَخَرَجَ مِنْهَا خَائِفًا یَّتَرَقَّبُ قَالَ رَبِّ نَجِّنِیْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ۔ (۱)

سو موسیٰ (علیہ السلام) وہاں سے خوف زدہ ہو کر (مدد الٰہی کا) انتظار کرتے ہوئے نکل کھڑے ہوئے عرض کیا: اے میرے رب مجھے ظالم قوم سے نجات عطا فرما۔

(اس آیت کی تلاوت بھی حضرت امام کے علم وفضل کی اور ایک عظیم پیرائے کی ترجمانی اور عظیم نشانی تھی۔ اول: یہ کہ اس آیت میں حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا وہ ذکر ہے جب کہ فرعون کے ظلم وتشدد سے بیزار ہو کر مصر سے باہر نکلے۔

گویا حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اس طرف اشارہ فرما رہے تھے کہ ہم یزید کے ظلم وستم سے بیزاری کی بنا پر مدینہ طیبہ سے رخصت ہو رہے اور آپ بارگاہِ الٰہی میں آنے والے مصائب ومظالم پر صبر واستقامت کی آرزو فرما رہے تھے۔ دوم: یہ کہ تدبر کا اقتضاء یہی تھا کہ مدینہ میں قیام ممکن نہیں رہا۔ جب کہ فاسق وفاجر کے ہاتھ پر بیعت نہیں کرنا ہے تو اب اپنے اصول اور اپنے مقصد اور اپنی قربانی کو اسی افق پر لے جا کر پیش کرنا چاہیے۔

سوم: یہ سفر کوئی معمولی سفر نہ تھا بلکہ یہ کربلا کی منزل کا پہلا مرحلہ اور سفرِ آخرت وشہادت کا پہلا قدم تھا جس پر قرآن کی تلاوت فرمائی۔

قاریٔ قرآن کی کمالِ شان پر غور کیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ جب مدینہ طیبہ سے رخصت ہوئے تو زبان پر قرآن اور جب مکہ معظمہ پہنچے تو زبان پر قرآن اور جب سفرِ کربلا پر روانہ ہوئے تو زبان پر قرآن اور جب ماہِ محرم عاشورا کی رات میدانِ کربلا میں آئی تو زبان پر قرآن اور جب جامِ شہادت نوش فرمایا تو زبان پر قرآن اور جب سرِ اقدس تنِ اقدس سے جدا ہو چکا اور نیزے کی نوک پر رکھا تو بھی زبان پر قرآن جیسا کہ آپ آگے ملاحظہ فرمائیں گے کہ حضرت امام ہمام رضی اللہ عنہ نے ہر مقام پر ویسی ہی تلاوتِ قرآن فرمائی جو آپ کے اس موقع پر شایانِ شان تھی۔

(۱) سورۃ القصص، آیت ۲۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

رمزِ قرآن از حسین آموختیم
ز آتش او شعلہ ہا اندوختیم

(علامہ اقبالؒ سیالکوٹی)

## سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا مکہ معظّمہ میں قیام

حضرت سیدنا امامِ عالی مقام مدینہ طیبہ سے شاہراہ عام کے راستہ پر سے چھٹے روز بروز جمعہ ۳ شعبان المعظم ۶۰ ہجری ۹ مئی ۶۸۰ء کو مکہ معظمہ میں پہنچے تو اہلِ مکہ آپ کی آمد کی خبر سنتے ہی آپ کے استقبال اور دیدار کے لیے جمع ہو گئے۔ تو اس وقت آپ نے قرآنِ پاک کی اس آیت کی تلاوت فرمائی: وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ۔ (۱)

اس آیت کی تلاوت میں بھی سیدنا موسیٰ علیہ السلام کے متعلق وہ ذکر ہے جب آپ نے وادی مدین میں پناہ لی تھی۔ ترجمہ اس کا یہ ہے: اور جب وہ مَدْیَنْ کی طرف رخ کر کے چلے (تو) کہنے لگے: امید ہے میرا رب مجھے (منزلِ مقصود تک پہنچانے کے لیے) سیدھی راہ دکھا دے گا گویا کہ حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ یہ آیت تلاوت فرما کر مدینہ طیبہ سے مکہ مکرمہ پناہ گزین ہونے اور صراطِ مستقیم پر گامزن رہنے کی آرزو کی طرف اشارہ فرما رہے تھے۔ آپ نے تین شعبان المعظم سے لے کر آٹھویں ذوالحج ۶۰ ھ تک برابر تقریباً چار ماہ اور چھ دن شعب ابی طالب میں قیام فرمایا۔ یہ وہی مقام تھا جہاں حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقیم ہوئے جب قریش نے آپ سے جدائی کی اور بنو ہاشم کو یہاں پر رہنا پڑا۔ آج اسی رسول علیہ السلام کے نواسے کو بھی قیام کرنا پڑا اس قیام کے دوران تمام اہلِ مکہ و اطرافِ عالم کے لوگ جوق در جوق آپ کی خدمت میں آتے رہے اور سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی خدمتِ عالیہ میں حاضر ہو کر فیوض و برکاتِ علمیہ و عملیہ سے استفادہ کرتے رہے اور دیدار شہزادۂ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنے دلوں کو تسکین دیتے رہے۔ اس قیام سے ظاہری طور پر معلوم ہوتا ہے کہ حضرت امام مستقل طور پر قیام پذیر ہو گئے اور پرامن زندگی گزارنے کے خواہشمند رہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ نے اپنی موافقت میں کوئی فوجی طاقت بنائی اور نہ ہی کوئی امدادی پارٹی بنانے کی کوشش کی اور نہ ہی تحریر و تقریر یا دیگر ذرائع ابلاغ سے لوگوں کو اپنا ہمنوا بنانے کی کوشش کی۔ مگر بہت جلد ایسے حالات پیدا کئے گئے کہ حضرت امام کا یہاں زیادہ دیر رہنا ناممکن ہو گیا۔

جب یزیدی حکومت کو حضرت امام کے مکہ معظّمہ پہنچنے کا علم ہوا تو اس نے مدینہ کے والی ولید بن عتبہ کو معزول کر دیا اور عمرو بن سعد کو مقرر کر دیا اور مکہ معظّمہ میں یحییٰ بن حکیم بن صفوان تھے ان کو معزول کر کے نیا والی بنا دیا جیسا کہ کوفہ میں نعمان بن بشیر کو معزول کر کے عبداللہ ابن زیاد کو مقرر کیا گیا۔

اس کی وجہ صرف یہ تھی کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے معاملہ میں یزید کا طرزِ عمل اتنا غیر منصفانہ اور جارحانہ اقدام تھا کہ اسے اس مقصد کی تکمیل کے لیے وہ آدمی نہ ملتے تھے اور خود اس کے گورنر اس کے احکام کی تعمیل اس کی خواہش کے مطابق نہ کر سکتے تھے اس صورتِ حال سے ظاہر ہے کہ یزید کے عمالِ حکومت میں سے جو بھی حضرت امام کے ساتھ مراعات برتنے کا رجحان ظاہر کرتا اسی وقت اسے عہدہ سے برطرف کر دیا جاتا۔ اسے صرف ان لوگوں کی ضرورت تھی جو اہلِ بیت کے ساتھ کسی مراعات کی جگہ اپنے دل میں نہ رکھتے ہوں۔ اس سے معلوم ہوا کہ عمالِ حکومت کی تمام ذمہ داری بھی یزید پر ہی تھی۔

(۱) پ:۲۰ سورۃ قصص، آیت:۲۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کو اہلِ کوفہ کے دعوتی خطوط

تمام شہروں اور بالخصوص کوفہ و بصرہ میں سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی مکہ معظمہ میں تشریف آوری و قیام پذیر کی خبر پھیل چکی تھی تو کوفہ کے رؤسا اور عمائدین نے سلیمان بن صرد خزاعی کے مکان پر اجتماع کیا اور باہم جان و مال کے ساتھ نصرتِ امام کا عہد و پیمان کیا اور پھر چند افراد کی طرف سے اس مضمون کا ایک خط لکھا۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِلَى الْحُسَيْنِ ابْنِ عَلِيٍّ مِنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صَرَدٍ الْمُسَيِّبِ بْنِ نَجِبَةَ رُفَاعَةَ ابْنِ شَدَّادِ الْجَلِي وَحَبِيْبُ ابْنُ مَظَاهِرٍ وَشِيْعَتِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ سَلَامٌ عَلَيْكَ فَنَحْمُدُ اللهَ الَّذِيْ لَااِلٰهَ اِلَّا هُوَاَمَّابَعْدُ...اِنَّ لَيْسَ عَلَيْنَا اِمَامٌ فَاَقْبِلْ لَعَلَّ اللهَ اَنْ يَجْمَعَنَا بِكَ عَلَى الْحَقِّ وَالنُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ فِيْ قَصْرِ الْاِمَارَةِ..... وَلَا نَخْرُجُ مَعَهٗ اِلٰى عِيْدٍ وَجُمُعَةٍ وَلَوقَدْ بَلَغَنَا اِنَّكَ قَدْ اَقْبَلْتَ اَلَيْنَا اَخْرَجْنَا حَتّٰى نلحقه بِالشام انشاءَ الله۔ (۱)

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم ولا۔ یہ خط حضرت حسین ابن علی رضی اللہ عنہما کی طرف ہے از جانب سلیمان بن صرد مسیب بن نجبہ، رفاعہ بن شداد، حبیب ابن مظاہر کوفہ کے شیعہ و دیگر مؤمنین و مسلمین کی طرف سے آپ پر سلام ہو۔ ہم اس خدا کی حمد و ثناء کرتے ہیں جس کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ گزارش یہ ہے کہ ہم میں کوئی امام نہیں۔ آپ یہاں جلدی تشریف لائیں شائد اس طرح ہم کو اللہ تعالیٰ حق پر جمع کردے۔ نعمان بن بشیر قصر دارا لامارت کوفہ میں موجود ہے۔ مگر ہم نہ تو اس کے پیچھے نماز عید و نماز جمعہ پڑھتے ہیں اور اگر ہم کو اطلاع مل گئی کہ آپ تشریف لا رہے ہیں تو ہم اسے نکال کر شام بھیج دیں گے انشاء اللہ۔

مذکورہ بالا خط لکھے جانے کے بعد عبداللہ بن سمع ہمدانی عبداللہ بن وال تمیمی، کے بدست حضرت امام کی خدمت میں مکہ معظمہ روانہ کیا گیا۔ یہ خط حضرت امام کو دس رمضان المعظم ساٹھ ہجری کو وصول ہوا اس کے بعد یکے بعد دیگرے خطوط کا تانتا بندھ گیا۔ اس اول خط سے لے کر آخری خط تک حضرت امام کو ایسا ہی یقین دلایا گیا۔ چنانچہ آپ کو جو آخری خط موصول ہوا اس کا مضمون یہ تھا۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔اِلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ مِنْ شِيْعَةِ اَبِيْهِ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ سَلَامٌ عَلَيْكَ۔اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ النَّاسَ۔يَنْتَظِرُوْنَكَ وَلَا رَاْىَ لَهُمْ فِيْ غَيْرِكَ الْعَجَلَ يَابْنَ رَسُوْلَ اللهِ اَلْعَجَلَ۔

یہ خط حسین ابن علی رضی اللہ عنہ کے نام ہے جو حضرت حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے باپ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے شیعوں کی طرف سے لکھا جاتا ہے۔ صورتحال یہ ہے کہ لوگ آپ کا شدت سے انتظار کر رہے ہیں اور آپ کے سوا کسی اور کے متعلق کسی قسم کا حقِ امامت نہیں رکھتے۔ اے ابنِ رسول جلدی کیجیے جلدی آیئے۔

غرضیکہ امامِ عالی مقام کی خدمتِ عالیہ میں اسی طرح کے کئی خطوط یکے بعد دیگرے پہنچتے رہے۔ خطوں کی تعداد کے بارے میں کچھ اختلاف ہے۔ سبط ابنِ جوزی، ابنِ اثیر کامل، طبری نے ڈیڑھ سو لکھی ہے اور دینوسی نے لکھا ہے کہ دو خرجیاں بھری ہوئی حضرت امام کے پاس تھیں۔

(۱) الحیات، ج:۲، ص:۱۰۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جو قاصد آپ کی بارگاہ میں خطوط لے کر آتے رہے ان کے اسماء یہ ہیں۔قیس بن مصری صیداوی، عمارہ بن عبداللہ، ہانی بن ہانی سبعی، سعید بن عبداللہ، یہ وہ اشخاص ہیں جو خود خطوط بھی لاتے رہے اور حضرت امام کو بار بار یقین بھی دلاتے رہے۔

اس کے علاوہ بصرہ سے ایک وفد یزید بن سبط، عبیداللہ بن یزید اور عبداللہ بن یزید پر بھی مشتمل حاضر ہوا اور انہوں نے بھی بار بار آپ کو سب کی طرف سے یقین دلایا۔

## اہلِ کوفہ وبصرہ کے دعوتی خطوط پر سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا جواب

دلائل قویہ کے بعد یہ بات روشن ہوگئی کہ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ پر اہلِ کوفہ وبصرہ اور دیگر مختلف مقامات سے بار بار اصرار پر اتمام حجت کی خاطر ان کی دعوت پر لبیک کہنا شرعاً ضروری ہوگیا۔ چنانچہ امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے تمام خطوط کا ایک ہی جواب موجود قاصدین جو ان مقامات سے آئے ہوئے تھے کو ذیل کے مضمون کا خط لکھ کر روانہ فرمایا:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مِنَ الْحُسَيْنِ ابْنِ عَلِيٍّ إِلَى الْمَلَاءِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ هَانِيًا وَسَعِيْدًا قَدِمَا عَلَيَّ بِكُتُبِكُمْ وَكَانَ آخِرَ مَنْ قَدِمَ عَلَيَّ مِنْ رُسُلِكُمْ وَقَدْ فَهِمْتُ كُلَّ الَّذِيْ قَصَصْتُمْ وَذُكِرَ تُمْ مَقَالَةَ جَمَلَكُمْ إِنَّهُ لَيْسَ عَلَيْنَا إِمَامًا: فَاقْبَلَ فَلَعَلَّ اللهَ أَنْ يَجْمَعَنَا بِكَ عَلَى الْحَقِّ وَالْهُدٰى وَأَنَا بَاعِثٌ إِلَيْكُمْ أَخِي وَابْنَ عَمِّيْ وَثِقَتِي مِنْ أَهْلِ بَيْتِيْ مُسْلِمَ بْنَ عَقِيْلٍ فَإِنْ كَتَبَ إِلَيَّ أَنَّهُ قَدْ أَجْمَعَ رَأْيَ مَلَإِ كُمْ وذَوِي الْحِجَى عَلٰى مِثْلِ مَا قَدِمَتْ بِهِ رُسُلُكُمْ وَقَرَأْتُ فِيْ كُتُبِكُمْ فَإِنِّيْ أَقْدَمُ إِلَيْكُمْ وَشِيْكًا إِنْ شَاءَ اللهُ فَلَعَمْرِيْ مَا الْإِمَامُ وَالْحَاكِمُ بِالْكِتَابِ بِالْقِسْطِ يَدِيْنُ بِدِيْنِ الْحَقِّ الْحَابِسُ نَفْسَهُ عَلٰى ذَاتِ اللهِ وَالسَّلَامُ۔ (۱)

یہ خط حسین ابن علی رضی اللہ عنہما کی طرف سے ہے۔ مسلمان ومومن گروہ کے ساتھ نام اللہ تعالیٰ کے جو بڑا مہربان اور رحم کرنے والا۔ ہانی اور سعید سب سے آخر میں ہمارے پاس تمہارے خطوط لے کر پہنچے اور جو کچھ تم نے ان خطوط میں لکھا میں نے سمجھا کہ اس وقت ہمارا کوئی امام نہیں آپ آیئے شائد اللہ تعالیٰ ہمیں آپ کی وجہ سے ہدایت اور حق پر جمع فرمادے اس لیے اب میں اپنے چچازاد بھائی امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کو جو اپنے خاندانِ عالیہ کے مخصوص اور مسلمہ ہیں روانہ کر رہا ہوں میں نے انہیں مامور کر دیا ہے کہ وہ تمہارے صحیح حالات مجھے لکھیں لہٰذا اگر انہوں نے مجھے وہاں سے لکھ دیا کہ تمہارے اربابِ بست وکشاد اور صاحبانِ عقل وخرد اس بات پر متفق ہیں جو تم نے بذریعہ فرستادگان اپنے خطوط میں ظاہر کیا ہے تو میں خود بہت جلدی تمہارے پاس پہنچ جاؤں گا۔ مجھے اپنی زندگی کی قسم امام برحق نہیں ہے مگر وہی جو کتاب اللہ کے مطابق اور عدل وانصاف پر قائم رہے اور دینِ حق کا سپرد کار رہے اور اپنے نفس کو رضائے الٰہی پر وقف کر چکا ہو۔ فقط والسلام۔

مذکورہ بالا حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کا تحریری خط یہ ثابت کرتا ہے کہ آپ نے اہلِ کوفہ واہلِ بصرہ کے شدید اصرار پر ناچار اپنے چچازاد بھائی سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی روانگی کسی حرب وضرب واختلاف کی خاطر نہیں فرمائی۔ بلکہ وہاں کے لوگوں کے اصرار کے پیشِ نظر اور حالات کا صحیح جائزہ لینے کی یہ تجویز فرمائی تھی۔ اگرچہ حضرت امام کی شہادت کی خبر مشہور ہو چکی تھی اور کوفیوں کی بیوفائی کا پہلے ہی سے تجربہ ہو چکا تھا۔ مگر جب یزید نے سلطنت سنبھال لی اور یہ سلطنت دینِ اسلام کے لیے خطرہ تھی اور اس کی وجہ سے اس کی

(۱) الکامل، ج:۳، ص:۲۶۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بیعت ناروا ہو چکی تھی اور وہ طرح طرح کے حیلوں اور تدبیروں سے چاہتا تھا کہ لوگ اس کی بیعت کریں۔ ان حالات میں کوفیوں کا بپاسِ ملت یزید کی بیعت سے دست کشی کرنا اور سیدنا امامِ ہمام سے طالبِ بیعت ہونا حضرت امام پر لازم کرتا تھا کہ ان کی درخواست کو قبول فرمائیں۔ جب ایک قوم ظالم و فاسق کی بیعت پر راضی نہ ہو اور صاحبِ استحقاق سے بیعت کرنا چاہیں تو اس پر اگر وہ ان کی استدعا قبول نہ کرے تو اس کے یہ معنے ہوتے ہیں کہ وہ اس قوم کو ایک ایسے جابر کے حوالہ کرنا چاہتا ہے۔

سیدنا امام اگر اس وقت کوفیوں کی درخواست قبول نہ فرماتے تو غور طلب مسئلہ یہ ہے کہ سیدنا امام کے لیے کوفیوں کے اس مطالبہ پر بارگاہ میں کیا جواب ہوتا کہ ہم ہر چند در پے ہوئے مگر حضرت امام ابنِ رسول علیہ السلام بیعت کے لیے راضی نہ ہوئے۔ بریں وجہ ہمیں یزید کے ظلم و تشدد سے مجبور ہو کر اس کی بیعت کرنا پڑی اور اگر امام ہاتھ بڑھاتے تو ہم ان پر جانیں قربان کرنے کو تیار تھے۔

یہ مسئلہ ایسا درپیش آیا کہ بجز اس کے اور کوئی حل نہ تھا کہ حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ ان کی دعوت پر لبیک فرمائیں اگرچہ اکابر صحابہ آپ کی اس رائے پر متفق نہ تھے اور انہیں کوفیوں کے عہد و میثاق کا اعتبار نہ تھا لیکن حضرت امام کی محبت و شہادت ان سب کے دلوں میں اختلاج پیدا کر رہی تھی۔ گویا یقین کرنے کی بھی کوئی وجہ نہ تھی کہ شہادت کا یہی وقت ہے اور اسی سفر میں یہ مرحلہ پیش ہوگا لیکن اندیشہ مانع تھا۔ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے سامنے مسئلہ کی یہ صورت درپیش تھی کہ اس استدعا کو روکنے کے لیے عذر شرعی کیا ہے؟ ادھر جلیل القدر صحابہ کے شدید اصرار کا لحاظ اور ادھر اہلِ کوفہ کی شدید استدعا رد نہ فرمانے کے لیے کوئی عذر شرعی نہ ہونا حضرت امام کے لیے نہایت پیچیدہ مسئلہ تھا جس کا حل سوائے اس کے اور کچھ نہ تھا کہ پہلے سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ چچازاد بھائی کو بھیجا جائے اگر کوفیوں نے بدعہدی کی یا بیوفائی کی تو عذر شرعی مل جائے گا اور اگر وہ اس عہد پر قائم رہے تو صحابہ کو تسلی دی جا سکے گی۔ چنانچہ امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے اہلِ کوفہ کے آخری دو قاصدوں ایک ہانی دوسرے سعید کے بدست ان کے خطوط کا جواب با صواب دے کر روانہ کر دیا۔ (۱)

(۱) الحیات، ج:۲، ص:۱۰۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

باب ۱۶

# سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی بجانبِ کوفہ روانگی

جیسا کہ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ اپنے خط میں اہلِ کوفہ کو واضح فرما چکے تھے۔اس کے مطابق آپ نے سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کو کوفہ جانے کے لیے تیار فرمالیا اور ادھر آپ کے پاس مزید اور قاصد آ چکے تھے جن کو آپ نے فرمایا کہ اب تمہاری استدعا اور بار بار اصرار پر میں نے اپنے چچازاد بھائی کو تیار کرلیا ہے اور میں سعید اور ہانی نامی افراد کے بدست اپنا جوابی خط بھیج چکا ہوں اب بہتر یہی ہے کہ تم خود ہی میرے چچازاد بھائی مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کو ہمراہ لے جاؤ۔ان کی نصرت وحمائت تم پر لازم ہے انہوں نے عرض کیا بیشک ہم اس کی ایفاء کریں گے۔چنانچہ پندرہ رمضان المبارک کو قیس بن ھداری عمارہ بن عبداللہ سلولی، اور عبدالرحمن بن عبداللہ ازدی ان آخری تین قاصدوں کے ہمراہ سیدنا امام بن عقیل رضی اللہ عنہ کو بھیج دیا۔ (۱)

سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ آخری سلام وآخری ارشادات کے بعد مکہ معظمہ سے مدینہ طیبہ تشریف لائے اور سب سے پہلے روضہء مصطفی علیہ التحیۃ والثناء پر حاضری دی اور پھر ریاضِ جنت میں نوافل ادا فرمائے اور پھر اپنے گھر تشریف لائے اور سب ماجرا سنایا اور اپنے کوفہ جانے کا ذکر فرمایا اور آخری وصیت فرمائی اور فرمایا تم سب مکہ معظمہ چلے جاؤ تا کہ جب سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کوفہ آئیں تو تم سب ان کے ہمراہ آ جانا۔امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے دو چھوٹے صاحبزادے حضرت محمد اور حضرت ابراہیم دونوں اس بات پر مصر ہوئے کہ ابا جان ہم کو ہمراہ لے چلو۔بالآخر آپ نے ان کے اصرار کی بنا پر انہیں ساتھ جانے کی اجازت عنایت فرمادی۔سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا آپ کی زوجہ ان بچوں کی امی جان چاہتی تو نہ تھی لیکن امام مسلم کی تسلی پر انہوں نے بھی اجازت عنایت فرمادی کہ چھوٹے بچے اپنے ابا جان کے ہمراہ چلے جائیں۔

ان امور سے فراغت کے بعد آپ کوفہ کے سفر پر روانہ ہو گئے اور شوال کی پانچ تاریخ کو کوفہ پہنچ گئے اور آپ نے مختار بن عبیدہ ثقفی کے ہاں اپنی اقامت فرمائی۔آپ کے کوفہ پہنچنے کی خبر آناً فاناً تمام شہروں میں پھیل گئی اور لوگ جوق در جوق ملاقات وزیارت کے لیے حاضر ہوتے رہے یہاں تک کہ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی حضرت امام مسلم رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کرلی۔ان کی تعداد میں اختلاف ہے۔بعض نے بارہ ہزار اور بعض نے اٹھارہ ہزار اور بعض نے پچیس ہزار لکھی ہے کہ ان سب نے آپ کی حمائت کا وعدہ کرلیا اور کہا کہ آپ بلاخوف وخطر اب ہمارے رویہ سے سیدنا امامِ حسین ابنِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آگاہ کریں اور ان کو جلدی بلالیں آپ کے لکھنے پر ہی وہ تشریف لائیں گے۔ (۲)

---

(۱) الحیات (۲) الحیات، ج:۲، ص:۱۱۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## سیدنا امام مسلم بن عقیل کا خط از کوفہ بنامِ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ

اٹھارہ ہزار افراد کی بیعت کرنے اور حالات سازگار ہونے کی کیفیت سیدنا امام مسلم بن عقیل نے ابنِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کو لکھ دی اور تشریف لانے کی استدعا فرما دی۔ اس تحریر کا مضمون جن باتوں پر مشتمل تھا اور جسے آپ نے مکہ معظّمہ بھیجا وہ حسبِ ذیل تھا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَبِحَمْدِهٖ وَسَلَامٌ عَلٰى نَبِيِّهٖ وَآلِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ يَا اُخِيْ الْحُسَيْنُ اَمَّا بَعْدُ فَاِنْ..... لَا يُكَذِّبُ اَهْلَهٗ وَاَنَّ جَمِيْعَ اَهْلَ الْكُوفَةِ مَعَكَ وَقَدْ بَايِعْنِيْ مِنْهُمْ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ الفًا فَعِجْلِ الْاِقْبَالِ بِقَرَاءَةِ كِتَابِيْ وَالسَّلَامُ مُسْلِمُ ابْنِ الْعقيلَ مْنِ اَهْلَ الْبَيْتِ مِنَ الْكُوْفَةِ۔

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا اور سب تعریفیں اسی کے لائق ہیں اور سلام و درود ہو اس کے نبی علیہ السلام پر اور ان کی آلِ اطہار پر اے حسین رضی اللہ عنہ آپ پر سلام اور رحمت و برکت ہو میں نے اہلِ بیت سے ہو کر کبھی جھوٹ نہیں بولا اور نہ اہلِ بیت نے کبھی جھوٹ بولا۔ تمام اہلِ کوفہ آپ کے ساتھ ہیں اٹھارہ ہزار نفوس نے میری بیعت کر لی ہے۔ میرا خط پڑھتے ہی آپ جلدی تشریف لے آئیں۔

یہ خط حضرت سیدنا مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ نے عابس بن شبیب شاکری اور قیس بن مصر صیدادی کے ہاتھ روانہ کر دیا اس خط سے صحیح تعداد اٹھارہ ہزار ثابت ہو گئی کیونکہ یہ تعداد سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ نے اپنی تحریری خط میں ذکر فرمائی۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ آپ کا مقصد لوگوں کی رشد و ہدایت اور مذہبی و اخلاقی اصلاح مقصود تھی ورنہ اتنے عرصہ میں جو کچھ ہوا اس میں اگر کوئی حکومت یا سلطنت کا لالچ ہوتا تو آپ ایسا کر سکتے تھے اور اگر کوئی فتنہ و فساد مقصد ہوتا تو آپ حکومت سے ٹکر لے سکتے تھے۔ لیکن ایسا نہ کیا۔ (۱)

## کثرتِ حمائت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ اور والیٔ کوفہ نعمان بن بشیر کی تقریر

دوسری طرف مقامی حکومت کا رویہ نرم تھا وہ اس طرح کہ گورنر کوفہ نعمان بن بشیر جو کہ حضرت معاویہ کے دور میں ہی والیٔ کوفہ مقرر تھے اور یزید کے عہد میں اسی عہدہ پر تھے یہ محبِ اہلِ بیت اور صلح جو اور امن پسند تھے۔ جب ان کو سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی جوق در جوق حمائت لوگوں میں نظر آئی کہ ان کے ہاتھ پر لوگوں نے بیعت کر لی ہے تو بحیثیت عہدہ گورنری کے اہلِ کوفہ کو جمع کر کے ایک صلح کن خطاب کیا مگر ان کی تقریر اور رویہ یقیناً حمائتِ امام پر مبنی تھا اور صلح جوئی کے جوہر نمایاں نظر آ رہے تھے۔ ان کی تقریر کا مضمون ذیل ہے:

فَاتَّقُوْا اللّٰهَ۔ عِبَادُاللّٰهِ وَلَا تَعَاوَنُوا اِلَى الْفِتْنَةِ وَالْفِرْقَةِ فَاِنَّ فِيْهَا فَيُهْلِكَ الرِّجَالُ وَيَسفك الدِمَاءُ يَغْصِبِ اَمْوَال اِنِي لَا اقَاتَلِ مِنَ لَا يُقَاتِل من وَلَا اٰتَى عَلٰى مَنْ لَمْ بَات عَلٰى وَلَا اَنبة فائمكُمْ وَلَا اتَموشُ لَكُمْ وَلَا اَحَدْكُمْ وَالتَّقْرِبَتْ وَلَا ارْنَعَّيَتَيْهِ وَلَا التَقَتَهُمْ وَلٰكِنَّكُمْ اَنَّ اَبَدِيْتَمْ فَتهكُمْ لِيْ وَلكتتُمْ بَيْعَتكم

اے اللہ کے بندوں اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور فتنہ و فساد اور باہمی خلفشار و انتشار سے اجتناب کرو کیونکہ ایسا کرنے میں لوگ ہلاک ہوتے ہیں خون بہتے ہیں اور مال تباہ ہوتے ہیں میرا اصول تو یہ ہے کہ کوئی شخص مجھ سے نہیں ڈرتا میں اس سے گمانوں اور غلط تہمتوں پر تمہارا مؤاخذہ کروں گا اور اگر تم نے کھل کھلا مخالفت شروع کر دی یا سنت کے.....

(۱) اور (۲) الحیات، ج:۲، ص:۱۱۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

وَخَلَقم اماحَکَمَ فَوَاللّٰہِ الَّذِیْ لَااِلٰہَ اِلَّاعِنْدَہٗ وَلَا فریتکم سَیَقَی ھٰذَا۔

یہ تقریر جو میانہ روی کی تھی یہ ان یزیدیوں کو نہ بھائی۔ تو انہی میں سے ایک شخص عبداللہ بن مسلم بن سعد حضرمی نے کھڑے ہو کر صاف صاف کہہ دیا

اِنَّہٗ لَایُصْلِحُ مَاتَرٰی اِلَّااَنْفُسَھُمْ وَھٰذَاالَّذِیْ اَنْتَ عَلَیْہِ فِیْمَابَیْنَکَ وَبَیْنَ عَدُوِّکَ رَایَ الْمُتَضَعِفِیْنَ۔ (۱)

آپ کا یہ رویہ درست نہیں سوائے سختی کے اصلاح نہ ہوگی آپ نے جو اپنے دشمنوں کے ساتھ رویہ نرم کر رکھا ہے یہ کمزور لوگوں کا شیوہ ہے۔

نعمان بن بشیر نے معترض کا جواب یہ دیا:

لَاِنْ اَکُوْنَ من المُسْتَضْعَفِیْنَ فِیْ طَاعَتِ اللّٰہ اَحِبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ اَکُوْنَ مِنَ الْاَعِزِّیْنَ فِیْ مَعْصِیَۃِ اللّٰہِ۔

اگر میں اللہ کی اطاعت میں کمزور ہوں تو مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ میں نافرمانی خداوندی میں ڈرنے والوں میں سے ہوں۔

## یزید کی طرف سے شکائتی خطوط پر نعمان بن بشیر کی معزولی اور عبیداللہ ابنِ زیاد کی تقرری

اس وقت تو عبداللہ ابن مسلم ابن سعید حضرمی کچھ نہ کر سکا لیکن بعد میں اس نے ایک خط یزید کو لکھا کہ آپ کا گورنر نعمان بن بشیر کمزور شخص ہے اگر آپ کوفہ کو قبضہ میں رکھنا چاہتے ہیں تو کسی دلیر آدمی کو مقرر کرو اس کے علاوہ عمرو بن سعد اور عمارہ بن عقبہ نے بھی اسی طرح کے یزید کو خطوط لکھے۔

ان شکائتی خطوط کے ملنے کے بعد یزید نے سرجون بن منصور ایک شخص سے مشورہ کیا کہ کیا کرنا چاہیے تو اس نے عبیداللہ ابن زیاد کا نام لیا اس لیے کہ یہ عبیداللہ ابن زیاد کا دوست تھا اور یزید پلید کسی بات پر اس سے ناراض تھا اس نے یہ موقعہ پا کر کہا کہ یہ شخص بہت مفید ثابت ہوگا اور کسی کا لحاظ نہ کرے گا۔ میری رائے ہے کہ اس کو گورنر کوفہ مقرر کر دیں۔

یزید نے اس بات کو مان لیا اور عبیداللہ ابن زیاد جو اس وقت بصرہ کا گورنر تھا۔ اس کو مندرجہ ذیل مضمون کا خط روانہ کر دیا۔

فَاِنَّہٗ کَتَبَ اِلٰی شِیْعَتِیْ مِنْ اَھْلِ الْکُوْفَۃِ یُخْبِرُوْنَنِیْ اَنْ ابْنَ عَقِیْلٍ بِالْکُوْفَۃِ یَجْمَعُ الْجُمُوْعَ شَقَّ عَصَاء الْمُسْلِمِیْنَ سَرَحَسَنَ تقرامَابِیْ ھٰذَا احَقَّ تَانَی الْکُوْفَۃَ فَتَطْلُلُبُ اَمَنْ عَقِیْلَ طَلَبَ الْخزاۃ فِنَقفہ فتوتقۃ اَرْتقلہ اَوِتنفیہ۔

کوفہ کے رہنے والے میرے شیعوں نے مجھے لکھا ہے کہ ابنِ عقیل کوفہ میں لوگوں کو جمع کر کے موجودہ بنی بنائی صورت کو خراب کر رہا ہے لہٰذا فوراً وہاں جاؤ اور مسلم پر قابو پا کر بایں طور سزا دو کہ اسے قید کرو یا شہر بدر کر دو یا قتل کر دو۔

چنانچہ حضرت نعمان بن بشیر کو معزول کیا جاتا ہے اور ابن زیاد کو بصرہ اور کوفہ کا حاکم بنایا جاتا ہے یہ پروانہ چلنا تھا کہ عبیداللہ ابن زیاد تیار ہو گیا اور اپنے بھائی عثمان بن زیاد کو قائمقام کر دیا۔ معلوم ہوا کہ یہاں پر بھی یزید نے وہی کام کیا جو مکہ معظمہ اور مدینہ طیبہ کے

(۱) کامل ابن اثیر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

گورنروں کے ساتھ کیا۔ان کو بھی معزول کیا اور نئے مقرر کئے اس سے ظاہر ہے کہ وہ اہلِ بیتِ نبوت کا عظیم دشمن تھا اور خاندانِ نبوت کو ختم کرنے کے لیے ظالم لوگوں کا تقرر کرتا رہا۔

## عبیداللہ ابنِ زیاد بصرہ سے کوفہ دارالامارت تک

عبیداللہ ابنِ زیاد بصرہ سے کوفہ کے سفر پر روانہ ہوا تو اس وقت پانچسو کے قریب افراد اس کے ساتھ تھے اور اس کا خاندان اور چشم وخدام بھی ساتھ تھے اپنے حالات کو مخفی رکھتے ہوئے رات کے وقت کوفہ کے قریب پہنچ کر اس نے اپنی ظاہری ہیئت بدل کر مجازی وضع قطع اختیار کر لی۔ جب یہ کوفہ میں داخل ہوا تو اس نے سر پر سیاہ عمامہ باندھا ہوا تھا اور شجاعانِ عرب کے دستور کے مطابق منہ پر ڈھاسا باندھا ہوا تھا اس فریب اور مکر کا مقصد یہ تھا کہ لوگ مجھے امامِ حسین رضی اللہ عنہ خیال کریں اور استقبال کرنے آئیں تو مجھے اس چالاکی و مکاری سے پتہ چل جائے گا کہ ان کو کتنی حمائت حاصل ہے۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ چونکہ اہلِ کوفہ جانتے تھے کہ حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ مکہ معظمہ سے روانہ ہو چکے ہیں۔اس ظالم کی عیاری و مکاری نے فی الحقیقت لوگوں میں یہ بات پیدا کر دی کہ یہ جو قافلہ آ رہا ہے امامِ حسین رضی اللہ عنہ کا ہوگا۔لوگ بڑی کثرت سے اشتیاقِ امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی خاطر نعرے لگاتے ہوئے جمع ہو گئے۔اور حجازی لباس دیکھ کر تو لوگوں کو پورا یقین ہو گیا مگر ظالم دل میں جلتا رہا اور اسے اتنا معلوم ہو گیا کہ اکثریت امام حسین ابنِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف ہے۔اسی اثنا میں عمرو بن باہلی نامی نے کہا ہٹ ہٹ ھذا الامیر عبیداللہ ابن زیاد۔ یہ سننا تھا کہ لوگ واپس مایوس ہو کر لوٹ گئے کہ یہ ظالم کس طرح یہاں آ گیا۔ کیونکہ لوگ اس کے ظلم وستم سے واقف تھے۔سخت مایوس اور پریشان ہو گئے کہ اس کا آنا ظلم وستم کی چکی چلانے کے سوا اور کچھ نہیں اور یزید نے اس کو اسی لیے یہاں کا گورنر بنا کر بھیجا ہے۔ بالآخر یہ سیدھا دارالامارت کوفہ میں گیا۔حضرت نعمان بن بشیر نے بھی یہی سمجھ کر دروازہ نہ کھولا۔ جب عبیداللہ ابن زیاد نے پورا پیغام اندر پہنچایا تو یہ جان کر نعمان بن بشیر نے قصرِ امارت کھول دیا۔ جب یزید کا حکم نامہ دکھایا تو حضرت نعمان بن بشیر اپنے وطن واپس دمشق چلے گئے اور ابنِ زیاد نے انتظام سنبھال لیا۔

ابنِ زیاد نے شہر کے رؤساء کو جمع کیا اور کہا کہ مخالفینِ حکومت کی فہرستیں تیار کرو اور تقریر کر کے کوفہ کے لوگوں میں خوف وہراس پیدا کر دو کہ اگر تم لوگ باز نہ آئے تو تم کو پیس کر رکھ دیا جائے گا۔

## سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کا مختار بن عبید ثقفی کے گھر سے منتقل ہو کر ہانی بن عروہ کے ہاں قیام

عبیداللہ ابن زیاد کے کوفہ کے گورنر کے تقرر اور کوفہ کے لوگوں میں خوف وہراس کی لہر کا سیدنا مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کو پتہ چلا تو آپ نے مصلحتاً مناسب سمجھا کہ میں ان حالات کے پیشِ نظر اپنی جائے اقامت تبدیل کر دوں۔ چونکہ ویسے بھی اس اقامت گاہ مختار بن عبیدہ ثقفی کے ہاں کا سب کو علم تھا اس لیے آپ نے اس جگہ کو تبدیل کیا اور نمازِ عشاء کے بعد ہانی بن عروہ کے گھر تشریف لے گئے۔ایسے متشددانہ حالات میں آپ کا وہاں جانا ثابت کرتا ہے کہ حالات آن کی آن میں بدل گئے ہانی نے کہا حضور جہاں تک ایسے حالات اور آپ کی حفاظت اور خدمت کا تعلق ہے میں اس میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑوں گا۔آپ اطمینان سے رہیں جو بھار آئے مجھ پر آئے لیکن آپ کو کوئی تکلیف نہ ہونے دوں گا۔(ان کے حالات کا تفصیلی ذکر ہانی کی شہادت میں آئے گا)

حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کو چند یوم گزرے تھے کہ ہانی بیمار ہو گئے اور عبیداللہ ابن زیاد کو معلوم ہوا کہ ہانی بیمار ہو گئے ہیں

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

چونکہ آپ رؤسائے کوفہ میں سے تھے لہٰذا دوستانہ تعلقات کی بنا پر اس نے پیغام بھیجا کہ آج شام آپ کی عیادت کے لیے آؤں گا۔ اس موقعہ پر عمارہ بن سلول نے کہا کہ موقعہ بڑا شاندار ہے کہ جب یہ عیادت کے لیے آئے تو اسے قتل کر دیا جائے۔ ہانی نے کہا گھر آئے ہوئے مہمان کے ساتھ ایسا کرنا درست نہیں۔ چنانچہ ابنِ زیاد آیا اور عیادت کر کے چلا گیا اسے یہ معلوم نہ ہو سکا کہ امام مسلم بن عقیل یہاں کسی کمرے میں محفوظ ہیں۔ چند دنوں کے بعد دوسری مرتبہ پھر ابنِ زیاد ہانی کی عیادت کے لیے آیا۔ تو پھر حضرت مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ سے کہا گیا کہ حضور اسے قتل کر دیا جائے سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ نے فرمایا میرے آقا سرکار محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان کو یہ روا نہیں کہ وہ دوسرے مسلمان کو چپکے سے مارے۔ ہانی نے اس کی تائید کی اور کہا ایسا کرنا تو آسان ہے لیکن اسے بزدلانہ اور غیر شریفانہ فعل قرار دیا۔

ناظرین! یہ تھا وہ سلوک جو سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ اور ہانی بن عروہ کا کہ اتنے بڑے ظالم قاتل کے گھر آنے پر اس کو مہمان کا درجہ خیال دیتے ہوئے ایسا کوئی وار نہیں فرماتے۔ یہ تھی مثال ان کے حسنِ سلوک کی۔

لیکن ابنِ زیاد نے جو ناروا سلوک اہلِ بیت کے امام جلیل ابنِ عقیل رضی اللہ عنہ اور انہی کے میزبان ہانی بن عروہ کے ساتھ کیا جو ابنِ زیاد کے بھی گہرے دوست تھے لیکن ظالم نے نہ احترامِ اہلِ بیت ملحوظ رکھا اور نہ ہی ہانی پر ظلم کرتے وقت ان کی دوستی کا خیال رکھا۔

## سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی تلاش اور عبید اللہ ابن زیاد کے جاسوس

عبید اللہ ابن زیاد نے سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی تلاش کے سلسلہ میں کئی دن لگا دیے لیکن کہیں سے آپ کی جائے اقامت کا پتہ نہ چل سکا۔ حیرت ہے کہ کسی کے ذریعہ بھی ان کا کہیں جائے مقام کا پتہ نہیں چلتا۔ بالآخر اس نے بنو تمیم کے ایک آزاد غلام معقل کو تین ہزار درہم دے کر سراغ رسانی پر مقرر کیا۔ معقل نے سرتوڑ کوشش شروع کر دی۔ یہ شخص جامع مسجد کوفہ میں آیا اور وہاں ایک آدمی مسلم بن عوسجد کو نماز نوافل میں مشغول دیکھا۔ معقل نے اس کی کثرتِ عبادت سے اندازہ کیا کہ یقیناً یہ آدمی یزیدی، زیادی نہیں بلکہ کوئی حسینی اور دینی جماعت کا ہے جب وہ فارغ ہوا تو اس نے آگے بڑھ کر حال پوچھا اور بڑے احترام سے کہا میں ایک شامی ہوں میرے دل میں اہلِ بیتِ اطہار کی محبت ہے مجھے معلوم ہے کہ یہاں سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے معتمد مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ آئے ہوئے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ ان کی زیارت کروں اور ناچیز ہدیہ بھی پیش کروں۔ یہ مسلم بن عوسجہ اس کی منافقانہ باتوں میں آ گئے اور چال نہ سمجھ سکے منافق ایسے ہی چٹ پٹی میٹھی میٹھی باتیں کر کے راز لے لیتے ہیں اور بھولے بھالے لوگ بڑی جلدی ان کی ایسی باتوں میں آ جایا کرتے ہیں۔ بالآخر مسلم بن عوسجہ نے اجازت لے کر چند روز کے بعد معقل کو سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ کے حضور پیش کر دیا اس نے بیعت کر لی اور ہدیہ پیش کیا آپ نے انکار فرمایا تو ابو ثمامہ صیداوی نے لیا۔ یہ روزانہ سب سے اول حاضر ہوتا اور آخر میں جاتا۔ تاکہ سب آمد و رفت والوں کو جانوں اور رازلوں۔ پھر ابنِ زیاد کے پاس جایا کرتا تھا۔ حتیٰ کہ عبید اللہ ابن زیاد کو تمام حالات اور جائے اقامت سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ معلوم ہو گئی۔ (الحیات)

## حضرت ہانی بن عروہ کا مختصر تعارف

ہانی بن عروہ یہ وہ صاحب ہیں جو اپنے قبیلہ کے سردار تھے اور بڑے بزرگ اور صاحبِ اقتدار تھے۔ جب کسی مہم کے لیے نکلتے تو

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

چار ہزار زرہ پوش اور آٹھ ہزار پیادہ آدمی ان کے ساتھ ہوتے تھے۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کے دور میں کئی جنگوں میں شریک ہوتے رہے۔ شہادت کے وقت ان کی عمر اٹھانوے برس تھی جیسا کہ آگے ان کی شہادت کا ذکر آ رہا ہے۔ غرضیکہ ہانی بن عروہ روسائے کوفہ میں بڑی اعلیٰ شخصیت تھے۔ ان کی اسی سرداری کی وجہ سے ابنِ زیاد خود ان کے پاس ملنے آیا کرتا تھا اور آپ بھی دوستانہ تعلقات کے پیشِ نظر اس کے پاس آتے جاتے تھے لیکن جب سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ ان کے ہاں رہائش پذیر ہوئے تو انہوں نے آنا جانا کم کر دیا تھا کہ کہیں ان کو میرے ہاں حضرت کی رہائش کا علم نہ ہو جائے اور کوئی بات سامنے نہ آئے۔

## مہمانِ جلیل سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کو پناہ دینے پر حضرت ہانی بن عروہ کی گرفتاری اور ظلمِ عبیداللہ ابنِ زیاد

عبیداللہ ابنِ زیاد والیٔ کوفہ کو اپنے جاسوس معقل کی زبانی سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے متعلق یہ معلوم ہو چکا تھا کہ آپ ہانی بن عروہ کے گھر مقیم ہیں چنانچہ ابنِ زیاد نے محمد ابن اشعث، اسما ابن خارجہ کو بلایا اور کہا کہ ہانی کئی روز سے نہیں آئے ان کو بلا کر لاؤ۔ (الحیات)

انہوں نے کہا معلوم نہیں ہو سکتا ہے کہ وہ ابھی بیماری سے صحت یاب نہ ہوئے ہوں کہنے لگا اچھا تم جاؤ اور ان کو ضرور ساتھ لے کر آؤ۔ پھر یہ دونوں اشخاص ہانی کے پاس آئے اور ابنِ زیاد کا پیغام دیا کہ وہ آپ کو بلا رہا ہے اور آپ کو چلنا چاہیے۔ وہ بھی اس معاملہ میں بے خبر تھے۔ حضرت ہانی بغیر کسی کو اطلاع دیے ہوئے تنہا حسبِ روایات چلے گئے تو دیکھا کہ ابنِ زیاد کے تیور بدلے ہوئے ہیں۔ ابنِ زیاد دیکھتے ہی کہنے لگا موت کے منہ میں آ گئے ہو آپ نے فرمایا کیوں کیا بات ہو گئی؟ کہنے لگا تم نے مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کو اپنے پاس رکھا ہوا ہے۔ حضرت ہانی نے کہا تم کو اس کی کس نے خبر دی۔ اس نے اشارہ کیا اپنے جاسوس معقل کی طرف کہ یہ کہتا ہے جو روزانہ تمہارے ہاں آتا جاتا ہے اسی نے مجھے تمام حالات بتائے ہیں۔ حضرت ہانی نے جب اس شخص کو دیکھا تو سمجھ گئے اور واقعہ کی تہہ تک پہنچ گئے کہ یہی جاسوس ہے جس نے یہ خبر ان تک پہنچائی۔ آپ نے برموقعہ جواب دیا مہمان کو میں نے پناہ دی ہے تو کیا حرج ہے مجھے یہ گوارا نہ تھا کہ مہمان کو اپنے گھر سے نکالوں۔ ابنِ زیاد نے کہا اچھا یہی بات ہے تو مسلم کو ہمارے حوالے کر دو۔ حضرت ہانی نے جواب دیا یہ کبھی نہیں ہو سکتا۔ کہنے لگا پھر یہاں آپ کا چھٹکارا مشکل ہے جب تک ان کو میرے پاس نہ لاؤ۔ آپ نے فرمایا: وَاللّٰهِ لَا جِيئُكَ بِهٖ اَبَدًا اَجِيئُكَ بِضَيْفِيْ تَقْتُلُهٗ۔ اللہ کی قسم میں ان کو ہرگز تمہارے پاس پیش نہیں کروں گا اس لیے کہ تو میرے مہمان کو قتل کر ڈالے۔ جب بات باہمی تکرار میں شدت اختیار کر گئی اور آپ انکار کرتے رہے تو ایک شخص مسلم ابن عمرو باہلی جو پاس کھڑا تھا اس نے علیحدہ کر کے حضرت ہانی کو کہا کہ آپ کی اس طرح بڑی ذلت ہے جب یہ کہتے ہیں کہ ان کو حاضر کر دو تو اس میں آپ کا کیا حرج ہے؟ حضرت ہانی نے کہا خدا کی قسم اگر میرے ساتھ کوئی نہ ہو تو بھی کٹ مروں گا لیکن اپنے مہمان کو کسی قیمت پر خود ان کے حوالے نہیں کروں گا۔ یہ بات بھی ابنِ زیاد نے سن لی تو کہنے لگا۔ اِنْ لَّا تَاْتِيْنِيْ لَاَضْرِبَنَّ عُنُقَكَ اگر تم نے اس کو حاضر نہ کیا تو تمہاری گردن اڑا دوں گا۔ حضرت ہانی نے فرمایا اِذًا وَاللّٰهِ تَكْثُرُ الْبَارِقَةَ۔ خدا کی قسم اگر تم ایسا کرو گے تو تمہارے قصر کے اردگرد تلواریں ہی تلواریں چمک اٹھیں گی۔ یہ سن کر ابنِ زیاد آگ بگولہ ہو گیا اور کہنے لگا اَتُخَوِّفُنِيْ بِالْبَارِقَةَ تم مجھے تلواروں سے ڈراتے ہو؟ آپ نے فرمایا۔ ہاں جیسا تم مجھے ڈراتے ہو۔ اسی حال میں ابنِ زیاد جلتا اٹھا اور اپنے عصا سے حضرت ہانی کو اس قدر مارا کہ ان کے رخسارے پھٹ گئے اور

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ناک کی ہڈی ٹوٹ گئی اور خون کے فواروں نے تمام بدن بمعہ لباس کے رنگین کر دیا۔ چونکہ آپ کے پاس کچھ نہ تھا آپ نے ایک تلوار کو جو وہاں پڑی ہوئی تھی پکڑنا چاہا وہ چھین لی گئی۔ اس زخمی بے چارگی کی حالت میں سسکتے ہوئے آپ کو کمرے میں قید کر لیا گیا اور دروازہ مقفل کر دیا۔ تاکہ لوگوں کو ان کا حال معلوم نہ ہو جائے۔ اگر واقعی کسی کو معلوم ہو گیا تو تمام کوفہ تلواریں لے کر آ جائے گا۔ عبیداللہ ابنِ زیاد ایسا کر تو چکا تھا لیکن اب خائف تھا اور کوئی تدبیر یعنے چالاکی سوچتا رہا۔ (۱)

## عبیداللہ ابنِ زیاد کا محاصرہ

تھوڑی ہی دیر کے بعد سارے کوفہ میں خبر پھیل گئی کہ حضرت ہانی کو قتل کر دیا گیا ہے تو ہانی کے برادرِ نسبتی عمرو بن حجاج زبیدی یہ خبر سنتے ہی بہت بڑی جماعت لے کر قصرِ دارالامارت کو آ کر گھیر لیا۔ اب ابنِ زیاد کو اپنی شامت نظر آ رہی تھی اس نے ایک ترکیب سوچی تھی کہ قاضی شریح کو بلوایا اور کہا دیکھو فلاں کمرے میں ہانی زندہ ہیں یا کہ نہیں۔ انہوں نے دیکھا زندہ ہیں لیکن زخمی اور بیمارگی کی حالت میں۔ ہانی نے شریح سے کہا کہ خدارا قوم کو میرے متعلق صحیح بات سے آگاہ کرو کہ میرے ساتھ یہ سلوک ہوا ہے۔ اگر دس آدمی آ جائیں تو آج اس کا مقابلہ ہو جائے گا کہاں گئی میری قوم اور کہا گئے مددگار یہ الفاظ آپ کہہ رہے تھے کہ قاضی شریح نے کہا میں بتا تو دوں لیکن اس نے میرے ساتھ اپنے جاسوس ہمراہ بھیجے ہیں تاکہ کسی کو اصل حقیقت سے خبردار نہ کر دے۔ اس کے بعد ابنِ زیاد نے بڑی منت سماجت کر کے قاضی شریح سے کہا کہ تم نے ان لوگوں کو یہاں سے لے جانا ہے اور ان کی تسلی کرنی ہے اور کہنا کسی مصلحت کے تحت انہوں نے ان کو پاس بٹھایا ہوا ہے۔ کیونکہ ان کے دوستانہ تعلقات ہیں۔ چنانچہ قاضی شریح نے باہر لوگوں کو تسلی دی اور کہا کہ تم اپنے اپنے گھروں میں چلے جاؤ ایسی کوئی بات نہیں۔ ہانی بخریت وسلامت ہیں تو عمرو بن حجاج نے کہا الحمدللہ اگر وہ خیرت سے ہیں تو ہم کو یقین آ گیا لہذا سب چلتے ہیں۔ گویا کہ یہ بھی ایک کرن تھی کہ شائد حضرت ہانی بچ جاتے لیکن یہ کرن نمودار ہوتے ہی آن کی آن میں غائب ہو گئی۔ یہ خبر تو پہلے ہی مشہور ہو چکی تھی لیکن ہانی کے گھر سب رو رہے تھے۔ سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کیسے برداشت کر سکتے تھے کہ معزز میزبان انہی کی خاطر مصائب میں گرفتار رہیں اور وہ ابھی تک گھر نہیں آئے چنانچہ امام باہر نکل آئے اور چند افراد کو ہمراہ لے کر سیدھے قصرِ دارالامارہ پہنچ گئے اور کچھ لوگ بھی ساتھ شامل ہو گئے جب ابنِ زیاد کو پتہ چلا کہ مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ لشکر لے کر آ رہے ہیں اور قلعہ کا محاصرہ کرنے لگے ہیں۔ تو اس نے کوفہ کے رؤساء جن کی تعداد بیس تک تھی اور کچھ اور دس افراد تھے اور کچھ باہر اس کام پر مامور تھے کہ وہ لوگوں کو ڈرائیں اور دھمکائیں چنانچہ وہ بیس افراد قلعہ کے اوپر چڑھ کر لوگوں کو ڈرانے لگے کہ ہم رؤساء کوفہ ہو کر تم کو بتا دینا چاہتے ہیں۔

اَیُّھَا النَّاسُ اَلْحِقُوا بِاَھْلِیْکُمْ فَاِنَّ ھٰذِہٖ جُنُوْدِ اَمِیْرِالْمُؤْمِنِیْنَ یَزِیْدَ قَدْ اَقْبَلَتْ۔

لوگو اپنے گھروں میں چلے جاؤ جلدی کرو یزید کے لشکر آ رہے ہیں اور وہ تمہارا قلع قمع کر دیں گے اور تمہاری اولاد اور تم کو ایک دوسرے سے جدا کر دیں گے یعنی قتل کر کے اڑا دیں گے اور تمہاری کوئی کوئی مدد نہیں کرے گا۔

اس شیطانی مکروفریب کا کافی اثر ہوا کہ لوگ متفرق ہوئے اور بھاگنے شروع ہو گئے یہاں تک کہ عورتیں آدمیوں کو اور لڑکے باپوں کو اور باپ لڑکوں کو مائیں بیٹوں کو الغرض اپنے اپنے قریبیوں کو بلا بلا کر لے گئے کیونکہ خوف وہراس لشکرِ یزید سے بڑا ڈرایا دھمکایا گیا کہ کوئی یتیم ہو گا کوئی بیوہ اور کوئی بے اولاد۔

(۱) الحیات، ج:۲، ص:۱۱۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

كَانَتْ اَلْمَرْأَةُ فَتَاتِيْ بِهَا وَاِنْ هَلْ قَتبَغول اِنْصَرَفَ النَّاسُ يَكْفُوْنَكَ وَيُجِيْئُ الرَّجُلُ اِلٰى اَبْنِهٖ وَاَخِيْهِ قَبَقَوْلُ غُرايَا اَهْلَ الشَّامِ فَمَا تَصْنَعُ بِالْحَرْبِ وَالسَّرِ اِنْصَرَفَ۔

عورتیں اپنے مردوں اور بیٹوں اور بھائیوں کے پاس آتیں اور کہتیں واپس چلو واپس چلو شام کا لشکر آجائے گا کیا کروگے۔(الحیات)

یہ عیاری مکاری رفتہ رفتہ کارگر ہوئی اور لوگ جانے شروع ہوگئے یہاں تک کہ مغرب کی نماز کا وقت ہوگیا اور ہزاروں میں سے صرف پانچسو کے لگ بھگ آدمی رہ گئے۔

## جامع مسجد کوفہ میں بحالتِ نمازِ مغرب آخری افراد کا سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ سے فرار

اب چندسو آدمیوں کی تعداد سیدنا امام مسلم بن عقیل کے ہمراہ ہے آپ نے خیال کیا کہ اور تو لوگ ڈر اور لالچ انعام واکرام کی خاطر چلے گئے ہیں امید ہے کہ یہ نہیں جائیں لیکن معلوم نہیں کہ یہ بھی وقتِ آخر ساتھ چھوڑ دیں گے اسی اثناء میں جب نمازِ مغرب کا وقت ہوا تو جامع مسجدِ انبیاء کوفہ میں آپ نماز کی ادائیگی کے لیے تشریف لے گئے اور یہ افراد جن کی تعداد پانچ سو کے قریب تھی وہ بھی ساتھ رہے جب آذان کے بعد جماعت کھڑی ہوئی اور امامت کے فرائض سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ ہی فرمارہے تھے تو سب آپ کے پیچھے کھڑے تھے لیکن جب آپ نے سلام پھیرا تو دیکھا کہ پیچھے تو ایک شخص بھی موجود نہیں۔(ایضاً)

فَانَهٗ يَنْظُرُ اِلٰى خَلْفِ فَاِذَا فَرَغْتِ الصَّلٰوةِ الْمَغْرِبِ لَيْسَ النَّاسُ مِنْ وَاحِدِ رَجُلٍ

پس جب آپ نے فراغتِ نماز کے بعد پیچھے دیکھا تو صفوں پر لوگوں میں سے کوئی ایک آدمی بھی آپ کے پیچھے نہ رہا۔

یہ تو تھا ان کا حال اور جو دیگر محلوں میں تھے ان کی ناکہ بندی کردی گئی تھی کہ کوئی شخص امام مسلم رضی اللہ عنہ کی نصرت کے لیے نہ آسکے بلکہ جو نکلے ان کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ یہ واقعہ آٹھویں ذوالحج ساٹھ ہجری کا ہے۔

ان مذکورہ حالات سے معلوم ہوا کہ ساٹھ ہجری کے دورِ منحوس میں یزید کے پیروکاروں نے جلیل امامِ اہلِ بیت کے پیچھے سے نماز توڑ کر اور جامع مسجد اللہ کے گھر جو کئی فیوض وبرکات کی حامل ہے جس کو مسجدِ انبیاء بھی کہا جاتا ہے۔ اس طرح چھوڑنے والے اس عظیم شرف سے محروم ہوگئے اور یہی ان کی تباہی کا اصل سبب تھا۔ جس کی ابتدا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کو بلوا کر پھر ان کا ساتھ چھوڑ کر ہوئی اور حضرت امام مسلم رضی اللہ عنہ تنہا رات کی تاریکی میں رہ گئے اور کوئی راستہ بتانے والا بھی نہ رہا۔

## سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ کی بیکسی اور خاتون طوعہ مسلمہ

اس غربت میں سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ جامع مسجد کوفہ سے باہر نکلے تو دیکھا کوئی ہمسر نہیں ہے۔ آج شہرِ کوفہ کی عظیم گنجان آبادی میں سرگرداں پھر رہے ہیں اس پریشانی کے عالم میں کہ کدھر جائیں اور کہاں رات گزاریں کوفہ کے وسیع خطہ میں دو چار گز زمین کا ٹکڑا شب گزارنے کے لیے نظر نہیں آتا۔ اب سوچتے ہیں کہ واقعی بدعہد قوم نے بیوفائی کا وہی مظاہرہ کیا ہے جس کا مشہور ہے حیرت ہے کہ کوفہ کے تمام مہمان خانون کے دروازے مقفل ہوچکے ہیں۔ جہاں سے ایسے محترم مہمان کو مدعو کرنے اور رسل ورسائل کا تانتا بندھ گیا تھا اور آج کوئی ایک ہمدم نظر نہیں آرہا۔(ایضاً)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اسی بے کسی اور بے بسی کے عالم میں بنی کندہ کے قبیلہ بنی جبلہ کے محلہ میں جا نکلے اور چلتے چلتے ایک عورت طوعہ نامی کے دروازے پر جا پہنچے۔آپ نے دیکھا کہ عورت تاریکی رات میں نہ معلوم اپنا دروازہ کھول کر کیوں بیٹھی ہوئی ہے۔آپ نے اس عورت کو اس طرح دیکھ کر فرمایا۔اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا اَمَةَ اللّٰهِ اَسْقِيْنِي مَاءً اے اللہ کی بندی تجھ پر سلام ہو مجھے کچھ پانی تو پلا دو۔اللہ اکبر۔جس گھر سے دنیا کو بھیک ملتی ہے آج وہ امام جلیل بھوک اور پیاس سے کوفہ کی گلیوں میں پھر رہے ہیں اور ایک عورت سے پانی کی تمنا کر رہے ہیں۔لیکن معلوم ہوتا ہے کہ یہ درحقیقت اس عورت کی قسمت روشن فرما رہے ہیں۔اور سخت پریشانی اور مصیبت وغم میں بھی شریعتِ مطہرہ کا لحاظ ان کی رگِ ہاشمی میں موجود ہے۔جب عورت سے پانی طلب فرماتے ہیں تو بغیر السلام علیکم کے نہیں فرماتے۔کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ آقا و مولا سرکار محمد رسول اللہ ﷺ کا حکم ہے کہ کسی مسلمان سے کوئی بات نہ کرو جب تک اسے سلام نہ کرلو۔ایسی حالت میں بھی ایک لمحہ خلافِ شریعت کلمہ نہیں فرماتے۔

اس عورت نے اسی وقت پانی کا پیالہ پیش کیا حضرت نے پانی پیا تو فرمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ جَزَاكِ اللّٰهُ يَا اَمَةَ اللّٰهِ۔ اللہ کا شکر ہے اے پانی پلانے والی خدا تجھ کو جزائے خیر دے۔اب پانی پی کر حضرت کے قدم اٹھتے نہیں اور وہیں تھکے ماندے دروازہ کے نزدیک دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھ گئے۔کون کیا بتائے جوان کے دل پر گزری۔عورت نے جب آپ کو بیٹھے ہوئے دیکھا کہ یہ اب جاتے نہیں تو کہنا پڑا کیا بات ہے آپ کہاں بیٹھ گئے اپنے گھر کیوں نہیں جاتے؟ سیدنا امام مسلم نے فرمایا: يَا اَمَةَ اللّٰهِ مَالِيْ هٰذَا الْمِصْرُ مَنْزِلٌ وَلَا عَشِيْرَةٌ فَهَلْ لَّكِ اَجْرٍ وَمَعْرُوْفٍ وَلَعَلِّيْ اُكَافِئُكِ بَعْدَ الْيَوْمِ۔اے اللہ کی بندی جاؤں کہاں اس شہر میں نہ تو میرا کوئی گھر ہے اور نہ کوئی میرا ہمسر ہے کیا تو مجھے اپنے گھر ٹھہرا سکتی ہے؟ (ایضاً)
ہوسکتا ہے کہ آج کے بعد اس نیکی کا بدلہ تجھے دے سکوں۔

امام کی زبان سے یہ کلمات نکلنے تھے کہ طوعہ عورت گھبرا کر کہنے لگی يَا عَبْدَ اللّٰهِ مَا ذَاكَ وَمَنْ اَنْتَ الرَّجُلُ اے اللہ کے بندے ماجرا کیا ہے اور آپ کون شخص ہیں؟

حضرت امام مسلم رضی اللہ عنہ نے بحالتِ زار فرمایا ہمارا کیا حال پوچھتی ہو کچھ بتانے کے لیے نہیں رہا اَنَا مُسْلِمٌ ابْنُ عَقِيْلٍ مِنْ اَهْلِ الْبَيْتِ كَذَّبَنِيْ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ وَغَرَّنِيْ وَاَخْرَجُوْنِيْ۔میں مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ اہلِ بیت سے ہوں اور مجھے ان لوگوں نے یہاں بلوا کر دھوکا دیا اور اب سب بھاگ گئے ہیں۔

اس نام کا سننا تھا کہ طوعہ عورت آپ کے قدموں میں گر گئی اور نہایت عزت وتکریم کے ساتھ اپنے گھر کے اندر لے گئی اور اپنی لاعلمی کی معافی چاہی۔بسترِ آرام بچھایا اور کھانا تیار کر کے پیش خدمت کیا۔زہے نصیب۔

حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ نے کھانا نہ کھایا بڑے اصرار کے باوجود آخر آپ نے فرمایا نہیں مجھے بھوک نہیں۔ہاں مجھے وضو کے لیے کسی برتن میں پانی ڈال کر میرے پاس رکھ دو۔رات کا کافی حصہ گزر چکا تھا کہ اس عورت کا لڑکا بلال نامی آیا اس نے دریافت کیا یہ کون شخص ہے؟ طوعہ نے کہا یہ امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ اہلِ بیت سے ہیں ہماری خوش نصیبی ہے کہ مہمانِ عظیم کے قدمِ اقدس ہمارے گھر میں آ گئے ہیں ان کی خدمت اور تعظیم وتکریم دنیاوی واخروی بھلائی ہے اس کے بعد وہ لڑکا بلال سو گیا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## سیدنا امام مسلم کی آخری شبِ عبادت، شرفِ زیارت، بشارتِ شہادت

صبح ہونے کے بعد طوعہ خاتون نے سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کیا حضور آپ رات کو سوئے نہیں اکثر وقت آپ عبادتِ خداوندی میں مصروف رہے ہیں آپ نے فرمایا اللہ کی جتنی یاد کی جائے بہتر ہے طوعہ خاتون نے عرض کیا کھانا تیار کر لیا ہے آپ نے رات کو بھی کھانا نہ کھایا اب تو کھائیں میں کھانا لائی ہوں۔ آپ نے فرمایا کھانا کھانے کو جی نہیں چاہتا۔ بڑے اصرار پر یہی فرمایا۔ طوعہ خاتون نے کہا کہ آخر اس کی وجہ کیا ہے آپ نے فرمایا میں چاہتا ہوں کہ خدا کے حضور اسی حالت میں جاؤں۔ گھبرا کر کہا ایسا کیوں فرماتے ہیں آپ نے فرمایا پس آج مسلم کا آخری دن ہے اس لیے کہ

رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُوْلُ الْعَجَلِ وَمَا أَظُنُّ إِلَّا أَنَّهُ آخِرُ أَيَّامِيْ مِنَ الدُّنْيَا.

میں نے آج شب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار کیا ہے میرے آقا علیہ السلام نے فرمایا ہے مسلم جلدی جلدی کرو۔ میرا گمان یہی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ میرا یہ دنیا میں آخری دن ہے۔

طوعہ گھبرا گئی اور کہا ایسا کیوں؟ آپ نے فرمایا دشمن میری تلاش میں مارے مارے پھر رہے ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ ان کو میری خبر ہو جائے۔ اس نے کہا ایسا نہیں کون ہے جو یہ بتائے۔ آپ نے فرمایا یہ خبر اقامتِ مسلم اب کیسے چھپی رہ سکتی ہے؟ اس کے بعد آپ پھر نوافل اور ادعیہ الٰہیہ میں مصروف ہو گئے۔

## مسلح لشکرِ ابنِ زیاد اور طوعہ کے گھر کا گھیراؤ

اسی دن عبید اللہ ابن زیاد کے اس اعلان پر کہ مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی تلاش کرو وہ کہاں ہے اور عمرو بن حریث نامی کو اس کام پر مامور کر دیا رات بھر شہر کی ناکہ بندی رہی اور گھروں کی تلاشی شروع ہوئی دارالامارت میں ابنِ زیاد نے پوچھ گچھ شروع کر دی۔ ان میں خاتون طوعہ کا لڑکا بلال بھی پہنچا جب اسے معلوم ہوا کہ یہ تو اسی شخص کی تلاش میں ہیں جو ہمارے گھر میں ہیں اور اگر بتا دوں گا تو بہت بڑا مال و متاع پاؤں گا، بدطینت اس لالچ میں اسی لیے آیا کیونکہ ابنِ زیاد یہ اعلانِ عام کر چکا تھا۔

فَإِنَّ ابْنَ عَقِيْلٍ السَّفِيْهَةَ الْجَاهِلِ فَعَلَ مَا رَأَيْتُمْ مِنَ الْخِلَافِ الشِّقَا فَبَرَاءَتْ ذِمَّتِهٖ مِنْ رَجُلٍ وَجَدْنَاهُ فِيْ دَارِهٖ .....

ابنِ عقیل نے حکومت کی جو مخالفت کی وہ تم لوگوں نے دیکھ لی۔ ہم نے جس کے گھر سے پالیا اس کی جان و مال تباہ کر دیں گے اور جو اسے پکڑ کر ہمارے پاس لے آئے گا اس کو دیت دی جائے گی (یعنے دیت کے برابر انعام اور مال و متاع)

بدبخت عبدالرحمٰن ابن محمد ابن اشعث کے پاس گیا اور کہا کہ مسلم ہمارے گھر میں رات کے موجود ہیں اور ابنِ زیاد کو کہہ کر انعام حاصل کریں۔ یہ فوراً جا کر ابنِ زیاد کو کہتا ہے مسلم بلال کے گھر میں ہیں ابنِ زیاد نے چھڑی مار کر کہا جاؤ جلدی کرو اس کو پکڑ کر لاؤ۔ اس نے کہا میں اس کو اکیلے نہیں لا سکتا آپ مجھے پورا دستہ فوج دیں تا کہ اسے پکڑ سکیں اس نے کہا ایک آدمی کے لیے یہ کوئی معمولی بات ہے ابنِ زیاد نے کہا اچھا اس کے بعد ستر آدمی تلواریں اور گھوڑے لے کر دوڑے (بعض نے ان کی تعداد تین سو کے قریب بھی لکھی) اس لشکر نے بکفِ اسلحہ جنگی سامان سے بھرپور ہو کر طوعہ خاتون کے گھر تک پہنچ کر تمام گھر کا محاصرہ کر لیا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ پر سنگباری اور شجاعتِ ہاشمی اور گرفتاری

اچانک گھوڑوں کی ٹاپوں اور لوگوں کے شوروغل کی آواز کانوں تک پہنچی کہ یزیدی فوجیں آ گئیں۔ سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ فوراً اٹھے اور اپنی تلوار حمائل کی اور طوعہ کو کہا یہ تمہارے بدبخت لڑکے کا حال ہے کہ میری اقامت کی اس نے خبر دے دی ہے لیکن کیا کر سکتی تھی۔ آپ نے فرمایا اس کو اپنی کارگزاری کا صلہ ہے اور تم کو اپنی نیکی کا ملے گا۔ آپ باہر نکلنے لگے تو طوعہ خاتون نے کہا آپ باہر نہ جائیں آپ نے فرمایا مجھے اندیشہ ہے کہ ظالم مکان کو آگ نہ لگا دیں یا گرا نہ دیں میں خود ہی ان کے سامنے چلا جاتا ہوں یہ کہہ کر طوعہ کو فرمایا آخری سلام مسلم کا قبول ہو۔

قَدْ اَدَّیْتَ مَا عَلَیْكِ مِنَ الْبِرِّ وَ الْاِحْسَانِ وَجُدْتِ نَصِیْبَكِ مِنْ شَفَاعَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَیِّدِ الْاَنْسِ وَالْجَانِّ

تو نے میرے ساتھ نیکی کر کے سید الانس والجان سرکار محمد رسول اللہ ﷺ کی شفاعت اپنے نصیب میں کر لی ہے۔

طوعہ خاتون روتی رہ گئی۔ سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ باہر نکلے تو دیکھا کہ لشکر اپنے ناپاک ارادوں میں تیار ہے اور زبانِ حال سے فرمایا اُخْرِجِیْ الْمَوْتَ الَّذِیْ لَیْسَ مِنْهُ مَحِیْصٌ۔ ''اے جان نکل موت کی طرف جس سے کچھ چھٹکارا نہیں''۔

ظالم حضرت کو دیکھتے ہی درندوں کی طرح آپ پر حملہ آور ہو گئے۔ شجاعتِ ہاشمی کے پیکرِ عظیم نے تنے تنہا اپنی تلوار سے مقابلہ کیا اور اپنی تلوار کے ایک ہی وار سے کئی لوگوں کو واصلِ جہنم کیا۔ آپ کی زبانِ اطہر سے یہ کلمات جاری تھے۔

هُوَالْمَوْتُ فَاصْنَعْ مَاآنْتَ صَانِعٌ
مَاآنْتَ بِكَأْسِ الْمَوْتِ لَاشَكَّ جَارِعٌ
فَصَبْرًا لِاَمْرِ اللّٰهِ جَلَّ جَلَالُهٗ
مَحْكُمِ قَضَاءِ اللّٰهِ فِی الْخَلْقِ وَاقِعٌ

جو کچھ کرنا ہے کر لے موت موجود ہے اور یہ موت کا پیالہ تم نے ضرور پینا ہے اللہ تعالیٰ کے حکم پر صبر کرنا لازمی ہے سب مخلوقات پر اسی کا حکم نافذ العمل ہے۔

یہاں تک کہ آپ نے اکتالیس یزیدیوں کو مار ڈالا وہ گھبرا گئے۔ محمد ابن اشعث گھبراتا ہوا گھوڑے کو دوڑاتا ہوا ابنِ زیاد کے پاس گیا کہ ہمارے اکتالیس آدمی اکیلے مسلم نے مار ڈالے ہیں اور ہمیں اور آدمی دیے جائیں ابنِ زیاد آگ بگولہ ہو کر محمد ابن اشعث پر ٹوٹ پڑا اور کہنے لگا۔

اَبَعَثْنَاكَ اِلٰی رَجُلٍ وَاحِدٍ لِتَاْتِیَنَا بِهٖ فَكَیْفَ اِذَا اَرْسَلْنَاكَ اِلٰی غَیْرِهٖ۔

ہم نے تم کو ایک آدمی پکڑنے کے لیے بھیجا اور تمہارا یہ حال ہوا اگر تم کو کسی فوج کے مقابلہ پر بھیج دیا جائے تو پھر تمہارا کیا حال ہوگا؟

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ابنِ اشعث نے کہا:

اَیُّھَا الْاَمِیْرُ اَظَنُّكَ اِنَّكَ بَعَثْتَنِیْ اِلٰی بِقَالِ الْکُوْفَةِ وَاِلٰی اَمْرٍ مَقَانِیْ مِنْ جَرَامَقَةِ الْحِیْرَةِ اَوَلَمْ تَعْلَمْ اَیُّھَا الْاَمِیْرُ اِنَّكَ بَعَثْتَنِیْ اِلٰی اَسِدٍ ضَرْغَامٍ وَسَیْفَ حِسَامٍ فِیْ کَفِّ بَطَلٍ ھُمَامٍ مِنْ آلِ خَیْرِ الْاَنَامِ۔

اے امیر کیا آپ کا خیال ہے کہ آپ نے مجھے کسی کوفہ کے گنڈ پیاز اور سبزی فروش کے پاس بھیجا ہے یا قوم مقانی بزدل (موصل میں ایک قوم کی طرف اشارہ ہے) کی طرف بھیجا ہے کیا آپ نہیں جانتے کہ آپ نے کس کی طرف بھیجا ہے جو شیرِ شبیر شجاعتِ عام اور اس کی تلوار حسام ہے اور جو جلیل امام ہمام ہے اور وہ نسلِ حضور خیر الانام ہے۔

ابنِ زیاد یہ سن کر چکرا گیا کہنے لگا اَعْطِہِ الْاَمَانَ فَاِنَّكَ لَا تَقْدِرُ عَلَیْہِ الَّا بِہٖ۔ اس کو امان وسلامتی کا دھوکا دے کر اس بہانے سے میرے پاس لے آؤ کہ ابنِ زیاد امان دے گا آپ کو کچھ نہ کہا جائے گا۔ ورنہ اس کے بغیر تم اس پر قابو نہ پاسکو گے۔ ابنِ اشعث گھوڑا دوڑاتا ہوا آیا تو دیکھا کہ مقابلہ ہو رہا ہے اور سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ شدید زخمی ہیں زخموں کی کثرت اور خون کے زیادہ بہہ جانے سے اور شدتِ پیاس سے نڈھال ہو کر دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھ گئے ہیں۔ اسی اثناء میں آپ نے طوعہ خاتون کو آواز دی کہ تھوڑا سا پانی پلا دو وہ جلدی سے پانی لے کر آئی کہ حضرت پانی پینے نہ پائے کہ ایک ظالم نے اس قدر زور سے پتھر مارا کہ حضور امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے منہ پر لگا اور ہونٹ مبارک چھید گیا اور اگلے دانت ٹوٹ گئے آپ نے فرمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَوْ کَانَ لِیْ رِزْقٌ الْمَقْسُوْمِ شکر ہے اللہ تعالیٰ اگر یہ دنیاوی پانی ہماری قسمت میں نہیں ہے تو حوضِ کوثر سے سیراب ہو جائیں گے۔ پھر ایک ظالم نے اور پتھر مارا جو سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ کی پیشانی ءِ اقدس پر لگا کہ خون کا فوارا پھوٹ پڑا بدنِ اقدس لہولہان ہو گیا داڑھی مبارک اور چہرہ خون آلود ہو گیا۔ پھر آپ نے فرمایا مَالَکُمْ تَرْمُوْنِیْ بِالْاَحْجَارِ کَمَا تَرَامُ الْکُفَّارُ وَاَنَا مِنْ اَھْلِ بَیْتِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْاَبْرَارِ لَا تَرْعَوْنَ حَقَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ۔ تمہیں کیا ہو گیا مجھے تو پتھر اس طرح مار رہے ہو جیسے کفار کو مارے جاتے ہیں۔ حالانکہ میں تو انبیاء وابرار کے خاندانِ اہلِ بیت سے ہوں اور تم کو خاندانِ مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء کے معاملہ میں ان کے خاندان واولاد کا کچھ پاس نہیں۔

اس کے بعد ایک ظالم نے پیچھے سے اچانک اس قدر زور کا پتھر مارا جو کمرِ اقدس پر لگا اور گر گئے اور زبانِ حال سے بے بس ہو کر فرمایا:

یَا حُسَیْنُ ھَلْ عَلِمْتَ اَخِیْہِ الْمُسْلِمَ مُظْلِمٍ مَاذَابِہٖ النَّاسُ مِنَ الْکُوْفَةِ مَا اُخْبِرَ بِحَالٍ اِلَیْكَ .....

ہائے اے حسین رضی اللہ عنہ کیا اپنے بھائی جگر سوختہ مسلم کی آپ کو خبر ہے کون ہے جو آپ کو خبر کرے کہ مجھ پر کیا ظلم ڈھائے جا رہے ہیں اور کون ہے جو آپ کو اس سرزمین میں آنے سے روکے۔

ظالموں نے خستہ بدن حالت میں لاچار دیکھ کر آپ کو پکڑا اور گھوڑے پر سوار کرنے لگے آپ نے فرمایا کہاں لے جانے لگے ہو ابنِ اشعث نے کہا ابن زیاد آپ کو امان دے گا آپ نے فرمایا ظالمو اب بھی مجھے امان کا دھوکا دے کر لے جانا چاہتے ہو۔ کہنے لگا نہیں نہیں۔ آپ نے فرمایا تم پر کچھ اعتبار نہیں لیکن اب بھی تمہارا پتہ چل جائے گا سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کو دارالامارت کوفہ ابنِ زیاد کے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

پاس لے آئے۔

## سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ کے آخری مکالمات اور ابنِ زیاد

تمام معتبرہ روایات اس پر شاہد ہیں کہ صاحب علم وفضل وصاحبِ کمال، حسنِ عبادت وغیرتِ ہاشمی کے پیکر سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ جب زخمی حالت میں دربارِ ابنِ زیاد میں آئے تو آپ نے نہ اشارۃً اور نہ کنایۃً اور نہ زبانِ اطہر سے سلام کہا۔ ایک شخص نے کہا امیر کو سلام کہو تو آپ نے فرمایا۔

اِنْ کَانَ یُرِیْدُ قَتْلِیْ فَمَا سَلَامِیْ وَاِنْ کَانَ لَایُرِیْدُ لَیَکُفُّنَّ سَلَامِیْ عَلَیْہِ۔ اگر ابنِ زیاد میرے قتل کا ارادہ رکھتا ہے تو اس کو میرا سلام نہیں اور اگر ایسا نہ کرے جیسا کہ رہا ہے تو پھر سلام وکلام ہوتا ہی رہے گا۔

ابن زیاد نے کہا لَعَمْرِیْ لَیَقْتُلَنَّ مجھے قسم ہے اپنی عمر کی تجھ کو ضرور قتل کروں گا۔ سیدنا امام مسلم نے فرمایا اَنَا اُقْتَلُ لِھٰذِہٖ میں قتل ہونے ہی کے لیے بلوایا گیا ہوں ابنِ زیاد نے کہا یا ابن عَقِیْلٍ اَتَیْتَ النَّاسَ وَھُمْ جَمْعٌ فَصَرَفْتَھُمْ۔ جمع شدہ لوگوں میں آ کر تو نے تفرقہ ڈالا۔ سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ نے فرمایا کَلَّا وَلٰکِنْ اَھْلَ الْمِصْرِ زَعَمُوْا اَنَّ لَنَا مُرْبَا الْعَدْلِ وَنَدْعُوْا اِلَی الْحُکْمِ الْکِتَابِ وَالسُّنَّۃِ تمہارا الزام غلط ہے یہاں کے لوگوں نے ہم کو دعوت دے کر بلایا تب ہم یہاں آئے تا کہ لوگوں میں عدل وانصاف کے ساتھ حکم ہو اور کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ پر عمل ہو۔ ابنِ زیاد نے کہا اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ یَزِیْدَ اَھْلُہٗ وَاَنَا اَھْلِہٖ اس کا حق دار امیر المؤمنین یزید ہے اور میں حقدار ہوں۔ (ایضاً)

سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ نے فرمایا یَزِیْدُ وَاَنْتَ وَھُوَ یَبْدَلُ سُنَّتَ رَسُوْلَ اللّٰہِ فَھُوَ فَاسِقٌ شَارِبُ الْخَمْرِ وَقَاتِلُ النَّفْسِ لَاھٰکَذَا اَھْلُہٗ۔ یزید نے اور تم نے فتنہ وفساد مچایا اور اتحاد کو برباد کیا اور سنت رسول کو بدلنا چاہا اور کیا وہ یزید جو شارب الخمر اور فاسق وفاجر اور قاتل ہے کیا یہ ہے اہل امیر المؤمنین ہونے کے حقدار؟

ابنِ زیاد کے پاس کچھ جواب نہ رہا اور کہنے لگا اب تم کو برسرِ عام قتل کیا جائے گا سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ نے فرمایا تو میری موت سے پہلے میری چند وصیتیں ہیں اگر تم اس کو سن لو۔ کہنے لگا ہاں ضرور بیان کریں۔ فرمایا

۱۔ جب سے کوفہ آیا ہوں سات سو درہم مجھ پر قرض ہے میری موت کے بعد میری تلوار اور زرہ فروخت کر کے میرا قرض ادا کر دیں اعلان کرا دیں کہ جو قرض کسی نے مسلم کو دیا تھا وہ آ کر لے جائے۔

۲۔ میرے قتل کے بعد میری لاش کو رنگین خون کے اسی لباس میں دفن کر دینا۔

۳۔ مکہ معظمہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیج دیں کہ مسلم نے کہا ہے کہ یہاں نہ آئیں کیونکہ میں ان کو پہلے بلوا چکا ہوں۔

ابنِ زیاد کا جواب :۔ جہاں تک قرض کا تعلق ہے وہ ادا کر دیا جائے گا جیسا کہ آپ نے کہا ہے۔ نمبر ۲۔ جہاں تک لاش کا تعلق ہے تو اس سے ہم کو کوئی سروکار نہیں دفن کر دیا جائے انہی کپڑوں میں نمبر ۳۔ جہاں تک سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کا تعلق ہے اگر وہ ہماری طرف قصد نہ کریں گے تو ہم بھی ان کی طرف قصد نہیں کریں گے۔

قارئین نے دیکھا کہ سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ نے کس جرأت مندانہ اور حقیقت پسندانہ اور قوت ایمانی وجوشِ ہاشمی کا ابنِ زیاد ظالم والیٔ کوفہ کے ساتھ کلام فرمایا باوجودیکہ آپ زخموں سے چور ہیں اور شہادت کا وقت قریب ہے لیکن پیکرِ صبر ورضا نے ثابت کر دیا کہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جان دے دوں گا لیکن دینِ نبوی ﷺ کے خلاف قطعاً اقدام نہیں کیا جائے گا۔ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے اسی مقصد پر قائم رہے۔

جان دی دی ہوئی اسی کی تھی　　حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

## سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادتِ عظمیٰ

عبیداللہ ابنِ زیاد نے پھر اعلان عام کرایا کہ سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کو قصر امارت پر برسرِ عام قتل کیا جا رہا ہے آ کر دیکھو کہ جو کوئی حکومتِ یزیدیت کی مخالفت کرے گا اس کا یہی حال کیا جائے گا لوگ قصرِ امارت کے باہر بڑی تعداد میں جمع ہو گئے۔ آخر کار عبیداللہ ابنِ زیاد نے ایک شقی ازلی بکیر بن حمدان الاحمری ملعون کو کہا کہ قصرِ امارت کی بلندی پر لے جا کر ان کو تلوار مار دو۔ سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کو ظالم ہمراہ لیے ہوئے بالائی منزل پر لے جانے لگے تو آپ کی زبان مبارک پر یہ الفاظ قرآن جاری تھے۔

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَیْرُ الْفَاتِحِیْنَ۔ قَوْمُنَا غَرُّوْنَا وَ کَذَّبُوْنَا۔ (۱)

اے اللہ تو ہمارے اور ان کے درمیان فیصلہ فرما بیشک تیرا فیصلہ سب سے بہتر ہے یہ قوم وہ ہے جس نے دھوکا دیا جھوٹ بولا ہے۔

جب آپ نے اوپر چڑھ کر نیچے دھیان فرمایا تو دیکھا کہ جمِ کثیر کا ہجوم ہے لیکن کوئی یار و مددگار نہیں رہا۔ اس کے ظالم احمری لعنۃ اللہ دنیا کے کتے نے آپ پر اس قدر زور سے تلوار کا وار کیا کہ سیدنا امام مسلم بن عقیل کا سر انور تن اقدس سے جدا کر دیا سر انور نیچے گرا تو ظالم نے تنِ اقدس نیچے گرا دیا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ، صَلٰوۃُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ۔ یہ واقعۂ شہادت روز چہار شنبہ ۹ ذوالحج ۶۰ھ کا ہے کہ آفتابِ ہدایت غروب ہو گئے۔

شہید مسلم بیکس ہوئے ہزار افسوس
فرشتے کرتے ہیں اس غم سے ہزار افسوس
شقی نے کچھ نہ ان کی غربت کا پاس کیا
چلائی حلق پر شمشیرِ آب دار افسوس
کرلیا نوش جس نے شہادت کا جام
اس مسلم ابنِ عقیل پہ لاکھوں سلام

## سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ کا مزار مسجد انبیاء در کوفہ مرکزِ برکاتِ عامہ و خاصہ

شہادتِ عظمیٰ کے بعد سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے جسد اطہر اور سرِ اقدس کو کوفہ کی جامع مسجد میں دفن کیا گیا جسے مسجدِ انبیاء بھی کہتے ہیں اس لیے کہ یہاں پر مختلف انبیاء اکرام علیہم الصلوۃ والسلام نے نمازیں ادا فرمائیں اور ان کے مصلوں کے نشان دکھائی دیتے ہیں اس مسجد کے صحن کے بائیں جانب (مشرقی دیوار کے ساتھ خوبصورت قبہ کے ساتھ حضرت سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی قبر مبارک ہے۔ اب تک صبح و شام لوگوں کا تانتا آپ کے روضۂ اطہر پر حاضری دے کر فیوضات و برکات سے مالا مال ہوتا ہے اور آپ کی قبرِ اطہر پر ہدیہ فاتحہ پیش کرتے ہیں۔ (۲)

(۱) کامل طبری　(۲) تاریخ کربلا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی شدید گستاخی اور اس کی تردید

یہاں پر یہ بات بھی واضح کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ ایک شخص نے سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد ان کی شانِ اقدس میں جس جرأت کے ساتھ گستاخی کی ہے وہ کسی ایک بھی مستند کتاب میں موجود نہیں اور بالکل بے اصل اور سراسر اپنی طرف سے بنائی ہوئی توہین آمیز عبارت ہے۔

اگر کوئی شخص اپنی جہالت کی بنا پر ایسی غلط اور توہین آمیز باتیں لکھے تو اس کے یہ معنے ہرگز نہیں کہ پورا مذہب اس کا ذمہ دار ہے یا ایسا عقیدہ یا خیال ونظریہ پورے مذہب کا ہے۔ اصولاً تو ہر شخص کو بات لکھتے وقت اپنے مذہب کا پاس ہونا ضروری ہے اور یہ بھی لازم ہے کہ وہ اس کے متعلق مکمل چھان بین اور تحقیق کے بعد وہ بات نوکِ قلم پر لائے تاکہ پورے مذہب وعقیدہ اور اس سے منسلک افراد اس کا شکار نہ ہوں۔

اب اس شخص کی توہین آمیز عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

صاحبِ مجموعہ اپنے مجموعہ کے صفحہ ۱۳۰ سطر ۱۲، ۱۴ پر تحریر کرتے ہیں۔

''سر کاٹ کر دارالامارت کے باہر لٹکا دیا گیا اور لاش مبارک کتوں سے نچوادی گئی ہے۔''

العیاذ باللہ۔ ناظرین نے دیکھا کہ مصنفِ مذکورہ نے کس قدر صریحاً دریدہ دھنی اور بدزبانی کے ساتھ گستاخی کا مظاہرہ کیا ہے کہ لاش مبارک کتوں سے نچوادی گئی ہے۔ اب تک ہزاروں کتابیں اس موضوعِ شہادت پر لکھی گئی ہیں لیکن کسی ایک نے ایسا جملہ حضرت کے متعلق نہیں لکھا اور پھر سینکڑوں عربی وفارسی کی مستند معتبر کتابیں ہیں جن میں اس کی کچھ اصل تو درکنار ایسا جملہ مذکور نہیں۔ میں ایسی بات کو پسِ پشت رہنے دیتا لیکن مجبور ہو کر ذکر کرنا پڑا کیونکہ احبابِ اہلِ سنت وجماعت واہلِ مذہبِ حق کو اس شدید توہین پر سخت تکلیف ہوئی اور پھر اس کی تردید نہ کرنا سراسر ایک ایسی بات کے ساتھ اتفاق ثابت کرتا ہے۔ مجھے خود اہلِ سنت کے دو افراد کی زبانی معلوم ہوا ہے کہ بعض ذاکرین نے اپنی عشرہ محرم کی مجالس میں لاؤڈ سپیکر پر مذکورہ حوالہ دے کر اہلِ سنت کے علمائے حق اور احبابِ اہلِ سنت کی پوری جماعت کو برا کہا اور اہلِ مجلس حاضرین کی زبانی بڑے ناجائز الفاظ کہلوائے گئے۔ گواہ موجود ہیں۔ میں نے اپنے موضوع شہادت کی تقریروں میں اس کی تردید کی اور اب تحریری طور پر پوری ذمہ داری سے یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ ہم اہلِ سنت وجماعت کا اس توہین آمیز عبارت سے کچھ تعلق نہیں۔ اگر ایک شخص نے ایسی غلطی کی ہے تو اس کا یہ معنے نہیں کہ تم پوری جماعت کو اس کا نشانہ ٹھہراؤ۔

صاحبِ تفسیر خازن نے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مومن کے خون کا چوسنا اور جسم کا نوچنا جانوروں پر حرام کر دیا ہے۔ اسی لیے انبیاء واولیا کے اجسام ان سے محفوظ رکھے گئے ہیں۔ بلکہ یاد رہے کہ سیدنا حضرت ایوب علیہ الصلوۃ والسلام کے متعلق بھی جو مشہور ہے کہ بدنِ اقدس میں کیڑے پڑ گئے یہ بھی شانِ نبوت کی توہین اور ایسے امتحان میں ہونا ناممکن ہے۔ بلکہ ایسا نہ ہونا نبوت اور ولایت کی اعلیٰ دلیل ہے۔ اسی لیے حدیث میں آتا ہے کہ سیدِ عالم علیہ السلام کے بدنِ اقدس پر کبھی مکھی بیٹھی نہ دیکھی گئی اور صحابہ کے پوچھنے پر آپ نے فرمایا کہ انبیاء پر اللہ تعالیٰ نے غلیظ چیزوں کا آنا حرام کیا ہوا ہے۔ چنانچہ یہی شخص مذکورہ صفحہ ۳۴ پر لکھتے ہیں کہ سیدنا حضرت ایوب علیہ السلام کے تنِ اقدس میں کیڑے پڑ گئے اب جس شخص نے مقامِ نبوت کا لحاظ نہ کیا اس

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کے آگے سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے جسمِ اطہر کو کتوں سے نچوانا کیا مشکل خیال کیا جا سکتا ہے۔(یہ بھی کوئی دلیل ہے کہ امتحان کیڑوں کے ہی پڑنے سے ہوتا ہے) العیاذ باللہ۔

## حضرت ہانی بن عروہ کی شہادت کا بیان:

حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادتِ عظمیٰ کے بعد عبیداللہ ابنِ زیاد نے حضرت ہانی بن عروہ جن کو پہلے ہی زخمی کر کے قید کر رکھا تھا صرف اس بناء پر کہ انھوں نے حضرت مسلم کو پناہ دے رکھی تھی۔اس واقعۂ امام مسلم میں حضرت ہانی نے جس بلند کردار کا مظاہرہ کیا ہے اس کی نظیر دنیا کے بڑے بڑے لوگوں کے ہاں کہیں نہیں مل سکتی۔اہلِ بیت کا وفادار ہوتے ہوئے انہوں نے اہلِ بیت پر جان نثار کر دی۔حضرت ہانی کے کردار کا جوہر اس وقت بھی نمایاں نظر آتا ہے کہ جب عبیداللہ ابنِ زیاد ان کی عیادت کے لیے گھر پر آتا ہے تو ان سے ابنِ زیاد کے قتل کا کہا جاتا ہے اور قتل کر دینے کی اجازت مانگی جاتی ہے لیکن اس موقعہ پر اس اقدام کی مخالفت کرتے ہوئے فرماتے ہیں گھر آئے ہوئے مہمان کو قتل کرنا درست نہیں۔حالانکہ اس وقت ان کے ایک ادنیٰ اشارے پر ابنِ زیاد کا سر قلم ہو جاتا۔ان کی عظمتِ کردار کے جوہر اس وقت بھی نمایاں نظر آتے ہیں کہ جب عبیداللہ ابنِ زیاد نے ان کو کہا کہ مسلم کو ہمارے حوالہ کر دو تو فرمایا اپنے مہمان کو دشمن کے حوالہ نہیں کروں گا ایسی صورت میں بھی ان کی جان بچ جانے کا امکان تھا لیکن ان کی شرافت وغیرت اپنے مہمان کو دشمن کے حوالہ کرنے کو گوارہ نہیں کرتی باوجودیکہ آپ کو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی معیت میں کربلا کے میدان میں شہید ہونے کی سعادت نہیں ملی۔مگر انہوں نے کوفہ میں ہی جن دشوار گذار مرحلوں سے گزر کر موت کو مرحبا کہا اس بنا پر انہیں شہدائے کربلا میں ممتاز مقام حاصل ہے۔چنانچہ عبیداللہ ابنِ زیاد نے حضرت ہانی کو قید کے کمرے سے نکالا اور حکم دیا کہ اس کی مشکیں باندھ دو جب مشکیں باندھ دی گئیں تو حکم دیا ان کو برسرِ بازار لے جا کر قتل کر دو تا کہ لوگ اس کا بھی حال دیکھ لیں۔جب حضرت ہانی کو اس حالت میں کوفہ کے بازار میں لے جایا جا رہا تھا تو دیکھا کوئی ہمسر و یار و مددگار نہیں ہے تو اس وقت زبان سے کہہ رہے تھے۔کہاں ہیں میرے قبیلہ مذحج والے آہا آج کوئی قبیلہ مذحج کہیں دکھائی نہیں دیتا۔ہائے اتنے بڑے سردار کو ایسی حالتِ زار کے ساتھ قتل گاہ کی طرف لے جایا جا رہا ہے کہ کوئی آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھ سکا۔عین اس جگہ پر جہاں گوسفندوں کی خرید وفروخت ہوتی ہے حضرت ہانی بن عروہ کو مارنا چاہا تو اس وقت ان کی زبان پر یہ کلمات جاری تھے اِلَی اللّٰہِ اِلْمِیْعَادُ اَللّٰھُمَّ اِلٰی رَحْمَتِكَ رِضْوَانِكَ وَاِنَّا لِلّٰہِ۔وعدہ کے مطابق میں اپنے اللہ کی طرف جا رہا ہوں اور میرے اللہ یہ تیری رحمت ہے جو مجھ پر ہے میں اس تیری رحمت وخوشی کی طرف بڑھ رہا ہوں۔ابنِ زیاد کے ایک غلام رشید ترکی نامی نے حضرت ہانی بن عروہؓ کو تلوار کا نشانہ بناتے ہوئے اس زور سے تلوار ماری کہ آپ کا سر مبارک تن سے جدا کر دیا۔اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔گویا کہ میزبانِ عظیم بھی اپنے مہمانِ جلیل کے پاس جا پہنچے اور اپنے مہمان پر جان قربان کر دی۔کمالِ شان اور کمالِ محبت کی نشانی یہ بھی ہے کہ شہادت کے بعد حضرت ہانی کو بھی سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ کے ساتھ دفن کیا گیا۔

## حضرت ہانی کی قبر امام مسلم کے ساتھ

جامع مسجد کوفہ المعروف مسجدِ انبیاء (علیہم السلام) اس مسجد کے صحن کی مشرقی دیوار کے ساتھ جہاں سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ آرام فرما ہیں ان کی قبرِ اطہر کے ساتھ اس کے متصل ہی حضرت ہانی بن عروہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مزارِ اقدس ہے۔صبح وشام لوگ آپ کی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

قبر پر حاضر ہوتے اور فاتحہ خوانی کرتے ہیں۔ (۱)

## فرزندانِ امام مسلم رضی اللہ عنہ حضرت محمد اور حضرت ابراہیم کی کوفہ میں بیکسی اور شہادت

سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے دو شہزادے حضرت محمد رضی اللہ عنہ اور حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ بھی اپنے والد معظم کے ہمراہ کوفہ تشریف لائے تھے جب کوفہ کے حالات سنگین صورتحال اختیار کر گئے اور حضرت ہانی کی گرفتاری پر آپ کو ان کی خاطر ان کے گھر سے باہر نکلنا پڑا تو اس وقت آپ نے حضرت ہانی کے گھر والوں کو فرمایا کہ میرے دونوں بچوں کو پاس ہی رکھیں اور اگر میں قتل ہو جاؤں تو ان کو کسی طریقہ سے کسی کے ہمراہ مکہ معظمہ یا مدینہ منورہ بھیج دینا۔ جب خطرہ شدت اختیار کر گیا اور سیدنا امام مسلم دارِ فانی سے دارِ بقاء کو چلے گئے تو پھر یہ بچے یہاں سے کسی کے ذریعہ اپنی طرف سے بھجوا دیئے گئے۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ جب حضرت امام مسلم اور حضرت ہانی کے قتل سے عبیداللہ ابنِ زیاد فارغ ہوا تو اس کو یہ خبر بھی پہنچی کہ امام مسلم کے دو شہزادے جوان کے ہمراہ آئے تھے وہ یہاں کوفہ میں ہی ہیں یا کہیں چلے گئے ہیں۔ تو عبیداللہ ابنِ زیاد نے اعلان کرا دیا کہ جو ان کو بھی پناہ دے گا وہ قتل کر دیا جائے گا۔ لہٰذا وہ بچے خود بخود ہمارے پاس پیش کر دے ہم اس کو انعام و اکرام دیں گے اور اسے کچھ نہیں کہیں گے۔ ان حالات میں شام کے وقت ہانی کے گھر والوں نے مناسب جانا اور کہا کہ بچو! آپ کے باپ کو اور ہمارے عظیم سردار کو عبیداللہ ابن زیاد نے شہید کر ڈالا ہے اور اب ایسا نہ ہو کہ تمہارے ساتھ بھی ایسا ہی ناروا سلوک ہو بہتر یہ ہے کہ جس طرح بھی ہو کوفہ سے باہر چل پڑو اور راستہ مکہ و مدینہ اختیار کر لینا۔

شہزادوں نے جونہی اپنے پدرِ شفیق کی شہادت کی خبر سنی تو وہ یا ابتاہ یا ابتاہ کہنے لگ گئے ہائے ابا جان ہائے ابا جان۔ اور روتے رہے۔ لیکن اب وہ معظم شفیق کہاں سے آ کر ان کو دلاسے دے سکتے ہیں۔ ماں اور بہن بھائیوں سے چھوٹے اور دشمن کے نرغے میں آ گئے اب کون ہے جو ان روتے ہوئے شہزادوں کو تسکین دے سکے۔ جہاں موجود ہیں وہاں سے بھی ان کو جانے کو کہا جا رہا ہے اب شہزادے سوچتے ہیں اور اسی غم و یاس و بیکسی میں دونوں شہزادے نکل پڑے اور رات کی تاریکی میں کوفہ سے بچتے ہوئے باہر کی جانب آ گئے تو دیکھا کہ راستہ تاریکی میں نظر نہیں آتا اب کہاں جائیں اور کیا کریں چلتے چلتے ایک بڑھیا اپنے مکان کے باہر بیٹھی ہوئی دکھائی دی تو شہزادے کہنے لگے۔

يَاعَجُوْزُ اَنَاغُلَامَانِ صَغِيْرَانِ غَرِيْبَانِ حَدَثَانِ غَيْرَ نَاظِرِيْنَ بِالطَّرِيْقِ. وَهٰذَا اللَّيْلُ قَدْ جِئْنَا اَصْفِيَا سَوَادَ لَيْلِنَا هٰذِهِ اللَّيْلِ فَلَمَّا اَصْبَحْنَا اَلْزَمْنَا الطَّرِيْقَ.

اے ضعیفہ ہم دو صغیر السن بچے ہیں راستہ سے ناواقف ہیں رات کی تاریکی زیادہ ہو گئی ہے ہم کو آج کی رات اپنے پاس ٹھہرا لو۔ صبح ہوتے ہی اپنا راستہ پکڑ لیں گے۔

ضعیفہ نے ان بچوں کو پا کر اور ان کی بات سن کر کہا۔

اَنْتُمَا يَاحَبِيْبِيَّ. فَقَدْ شَمَمْتُ الرَّوَائِحَ كُلَّهَا فَمَا شَمِمْتُ رَائِحَةً هِيَ اَطْيَبُ مِنْ رَائِحَتِكُمْ.

میرے پیارو! مجھے یہ تو بتاؤ کہ تم کون ہو میں نے دنیا کی خوشبوئیں دیکھی ہیں لیکن جو خوشبو تم سے آ رہی ہے وہ عجیب خوشبو ہے۔

شہزادوں نے فرمایا۔

يَاعَجُوْزُ نَحْنُ مِنْ عِتْرَةِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ هَرَبْنَا مِنْ خَوْفِ عَبِيْدِ اللّٰهِ ابْنِ زِيَادٍ عَنِ الْقَتْلِ.

اے ضعیفہ ہم تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان سے ہیں بخوف قتل ابن زیاد تجھ سے تعاون مانگ رہے ہیں۔

(۱) تاریخ کربلا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ضعیفہ نے جب یہ سنا تو اس نے شہزادوں کو سینے سے لگا لیا اور پاؤں کو بوسہ دیا اور کہا کہ میں تمہیں اپنے گھر رکھ لیتی ہوں لیکن میرا ایک داماد ہے وہ لشکر ابنِ زیاد میں شامل ہے اور جو کچھ آپ کے باپ اور ہانی کے ساتھ ہوا وہ اس میں تھا کہیں ایسا نہ ہو کہ اسے پتہ چل جائے تو آپ کو یہاں پا کر کوئی تکلیف نہ دے۔ شہزادوں نے کہا رات اندھیری ہوگئی ہے صبح صادق ہوتے ہی ہم چلے جائیں گے۔ بڑھیا نے شہزادوں کو کھانا و پانی پیش کیا پھر ان کو بستر برائے آرام دیا دونوں شہزادے ایک دوسرے کے ساتھ مل کر سو گئے۔ آدھی رات کے وقت دروازہ کھٹکا اور بڑھیا نے دروازہ کھولا۔ تو وہی اس کا داماد تھا بڑھیا نے کہا کہ آدھی رات جہاں گزاری باقی رات بھی وہاں گزار لیتے اتنی دیر کیوں لگا کر آئے ہو؟ کہنے لگا پس سارا دن اب تک کئی گھروں میں پھر کر آ رہا ہوں اور تھک گیا ہوں اس نے کہا کیوں؟ کہنے لگا: ابنِ زیاد نے دو ہزار روپے کا اعلان کر دیا ہے کہ جو مسلم کے بچوں کو جہاں کہیں سے پکڑ کر ہمارے پاس لائے۔ تو میں ان کی تلاش میں رہا بڑھیا نے کہا تم ایسا نہ کرو اس لیے کہ اہلِ بیتِ اطہار پر ظلم اور پھر یتیم بچے۔ یہ تمہارے لیے دنیا و آخرت کا خسارہ ہے کہنے لگا واہ دو ہزار روپیہ ملے گا اور کیا چاہیئے اور یہ اس وقت دو لاکھ کے برابر تھا۔ ظالم ملعون کہنے لگا تیری اس باتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ تو ان کی حمائت کرتی ہے تیرا بھی پھر وہی حشر ہوگا جو دوسروں کے ساتھ ابنِ زیاد نے کیا ہے۔ بڑھیا نے کہا مجھے کیا کر سکتا ہے کہنے لگا اٹھو کہنے لگی کیوں میں اپنے گھر کوفہ کے بالکل باہر صحرا میں رہ رہی ہوں میں کیوں جاؤں اور میرا کیا سروکار ہے۔ پھر ظالم روٹی کھاپی کر اونٹ کی طرح بڑبڑاتے لیتا ہوا سو گیا جب اس کی آنکھ کھلی تو شہزادوں کی دھیمی دھیمی سانس کی آواز رات کی خاموشی میں اس کے کانوں تک پہنچی تو حیران ہوا یہ آواز کیسی ہے اٹھا اور دوسرے کمرہ میں جہاں شہزادے آرام فرما تھے اس کمرہ میں ہاتھ مارتا مارتا شہزادوں تک جا پہنچا اور ظالم پلید کا ہاتھ پاکانِ عترت کے جسمِ اطہر پر جا لگا۔ حیران ہوا یہ کون ہیں۔ (الحیات)

حضرت محمد کی آنکھ کھل گئی اور حضرت ابراہیم کو کہنے لگے۔

يَآاَخِي وَحَبِيْبِيْ وَاللّٰهِ وَقَعْنَا فِيْمَا كُنَّا نُحَاذِرُهٗ۔

پیارے بھائی اٹھو جس مصیبت سے ڈر کر یہاں آئے وہ مصیبت آ گئی۔

ظالم ان شہزادوں سے کہنے لگا تم کون ہو؟ شہزادوں نے کہا۔

نَحْنُ مِنْ عِتْرَتِ نَبِيِّكَ وَاَبْنَاءِ الْمُسْلِمِ وَاَخَافُ مِنْ قَتْلِ عَبِيْدِاللّٰهِ ابْنِ زِيَادٍ۔

ہم تمہارے نبی کے خاندان سے ہیں اور قتل عبیداللہ ابنِ زیاد کے خوف سے یہاں آ گئے ہیں۔

ظالم کہنے لگا سارا دن اور رات گئے تک میں تمہاری تلاش میں تھا کہ مجھے دو ہزار روپیہ انعام ملے گا اور تم یہاں پر موجود ہو میں تو اب اپنے مقصد میں کامیاب ہو گیا ہوں۔ (الحیات)

ظالم ملعون نے دونوں شہزادوں کو صبح کے وقت کھینچا اور باہر لے آیا۔ بڑھیا بہت ہاتھ پیر مارتی رہی لیکن وہ ملعون باز نہ آیا۔

کھینچا اس طرح کہ پرزے ہوئے کرتے سارے
منہ کے بل گر گئے وہ برج شرف کے تارے

اور شہزادوں کو باندھ کر اپنے غلام سیاہ فام کو کہا کہ ان کو فرات کے کنارے لے جا کر قتل کر دو اور سر میرے پاس لے آؤ تا کہ ابنِ زیاد کو دے کر انعام لیا جائے وہ غلام شہزادوں کو لے کر دریائے فرات پر چلا گیا شہزادوں سے کہنے لگا مجھے آقا نے تمہیں قتل کرنے کا حکم دیا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہے اس لیے اب تم کو قتل کردوں گا شہزادوں نے کہا۔ لَا یَا شَیْخُ وَبِعِتْرَتِ نَبِیِّكَ اے شخص ہم کو ایسا نہ کر کیا تو اپنے نبی ﷺ کی عترت کے ساتھ یہ ظلم کرنا چاہتا ہے۔ جب غلام نے یہ جملے سنے تو فوراً قدموں پر گر پڑا اور کہنے لگا۔ نَفْسِیْ نَفْسَکُمَا الْفِدَاءُ وَوَجْهِیْ بِوَجْهِکُمَا الْوِقَاءُ یَا عِتْرَتِ نَبِیِّ اللّٰهِ الْمُصْطَفٰی لَا یَکُوْنَ مُحَمَّدًا حُمٰی فِی الْقِیٰمَةِ۔ میری جان آپ پر قربان ہو میں ہرگز اب ایسا نہیں کروں گا نبی اللہ مصطفیٰ کی عترت کو دکھ دے کر ان کو قیامت کے روز کیا جواب دوں گا۔ ملعون نے یہ منظر دیکھ کر اس سے کہا غلام ہو کر تم نے میرا ابھی تک یہ کام نہیں کیا غلام نے کہا خدا کی قسم میں خدا کی نافرمانی میں تمہاری فرماں روائی نہیں کرسکتا اور میں ہمیشہ کے لیے تم سے بیزار ہوں۔ پھر اس نے اپنے بیٹے سے کہا کہ تم ان کو قتل کرو یہ مال تمہارے لیے ہی ہوگا جو اس کے بدلہ میں انعام ملے گا۔ جب نوجوان لڑکے نے جرأت کی اور تلوار لے کر سامنے ہوا تو شہزادوں نے کہا یَا شَبَابُ مَا اَخْوَفَنِیْ عَلٰی شَبَابِكَ مِنْ نَارِ جَهَنَّمِ۔ اے نوجوان تمہاری جوانی کا یہ خطرہ ہے کہ یہ آتشِ جہنم کا ایندھن نہ بن جائے۔ عترتِ رسول کے ساتھ ایسا نہ کر۔ لڑکے کے دل پر یہ اثر پڑا وہ بھی قدموں میں گر گیا اور تلوار پھینک دی۔

اب وہ ملعون آگ بگولہ ہو کر تلوار پکڑ کر جب شہزادوں کو قتل کرنے لگا تو شہزادوں کو یقین ہوگیا کہ اب یہ ہم کو نہیں چھوڑے گا۔ شہزادوں نے کہا۔

یَا رَجُلُ انْطَلِقْ بِنَا اِلٰی اَسْوُقٍ وَاَسْمِتِعْ وَلَا تَکُوْنَ اَنْ یَکُوْنَ مُحَمَّدٌ خَصْمِكَ۔

اے شخص ہمیں بازار میں لے جا کر فروخت کردے اور پیسے کما لے لیکن ہم کو قتل کر کے محمد رسول اللہ ﷺ کو ناراض نہ کر۔

ملعون نے کہا ضرور قتل کردوں گا اور دو ہزار ابنِ زیاد سے انعام پاؤں گا۔

شہزادوں نے فرمایا:

یَا اَیُّهَا الرَّجُلُ اَمَا تَحْفَظُ قَرَابَتِنَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَاْتِ بِنَا اِلٰی عَبِیْدِ اللّٰهِ ابْنِ زِیَادٍ حَتّٰی یَحْکُمُ فِیْنَا بِاَمْرِهٖ۔

اے شخص تجھ کو ہماری قرابتِ رسول کا کچھ پاس نہیں ہے ہمیں زندہ عبیداللہ ابنِ زیاد کے پاس لے جا تا کہ وہ ہمارے متعلق فیصلہ کرے۔

ملعون کہنے لگا ایسا بھی نہیں ہوگا تمہیں قتل کر کے ابنِ زیاد کے پاس سر لے کر جاؤں گا شہزادوں نے فرمایا۔ اَمَا تَرْحَمُ صِغَرِ سِنِّنَا کیا تجھ کو ہماری صغرسنی پر ترس نہیں آتا۔ ظالم نے کہا نہیں۔ شہزادوں نے جان لیا کہ اب یہ کتا ہماری جان نہیں چھوڑے گا۔ شہزادوں نے فرمایا ہمیں مہلت دے کہ آخری نفل نماز ادا کرلیں اس نے موقعہ دے دیا۔ چار رکعت نماز نفل شہزادوں نے ادا فرمائی اور اونچی آواز سے کہا یَا حَیُّ یَا حَلِیْمُ یَا اَحْکَمَ الْحَاکِمِیْنَ اَحْکُمْ بَیْنَنَا وَبَیْنَهٗ بِالْحَقِّ۔ اے حی اے حلیم اے احکم الحاکمین تو ہمارے اور اس کے درمیان برحق فیصلہ فرما۔ اتنے کہنے کی دیر تھی کہ ظالم جھپکا اور تلوار اس قدر زور سے ماری کہ حضرت سیدنا محمد شہزادۂ مسلم کے لاڈلے کا سرِ انور تن سے جدا کر دیا۔ سیدنا ابراہیم چھوٹے بھائی کے تنِ اقدس سے خون کے فواروں پر جا گرے ظالم نے تلوار مار کر لپٹے ہوئے تڑپتے ہوئے شہزادے کے بھی سرِ انور کو تنِ اقدس سے جدا کر دیا شہزادوں کے تن اور سر تڑپتے رہے اور چند لمحوں کے بعد ہمیشہ کے لیے خاموش ہوگئے اور اپنے آقا و مولا علیہ السلام کی آغوش میں جا پہنچے اور جنت میں والدِ معظم کے پاس سدھارے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ۔ (الحیات)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ظالم کا انجام

دونوں سرہائے مقدسہ کو لے کر ظالم ملعون کتا جب عبیداللہ ابنِ زیاد کے پاس گیا۔تو دیکھتے ہی وہ کرسی پر بیٹھا تین بار اٹھا اور کہنے لگا تو نے ان بچوں کو کہاں سے پایا۔ کہنے لگا ایک بڑھیا کے ہاں شام کو آئے اور رات کو پا کر اب قتل کر کے ان کے سر لا رہا ہوں۔ابنِ زیاد نے کہا تو نے ان کے ساتھ ایسا کیوں کیا؟ خاموش ہو گیا۔ابنِ زیاد نے کہا انہوں نے کچھ کہا تھا۔ کہنے لگا ہاں انہوں نے کہا تھا کہ ہمیں قتل نہ کرو اور بازار میں فروخت کر کے ہماری قیمت وصول کر لو یا ابنِ زیاد کے پاس زندہ لے جاتا کہ وہ ہمارا فیصلہ کرے۔میں نے کہا میں دو ہزار روپیہ انعام پاؤں گا اور تمہیں قتل کروں گا۔اور پھر کہا ہماری قرابتِ رسول اور صغرسنی کا لحاظ کر میں نے کہا نہیں پھر انہوں نے نماز کا کہا وہ نماز چار رکعت نفل پڑھ چکے۔ابنِ زیاد بولا: پھر انہوں نے کیا کہا؟ کہنے لگا پھر وہ ان الفاظ کے ساتھ یہ دعا کر رہے تھے۔اے حی اے حلیم اے احکم الحاکمین احکم بیننا وبینہ بالحق۔یا حی وحلیم احکم الحاکمین ہمارے اور اس کے درمیان فیصلہ کر۔ابنِ زیاد نے کہا پھر انہوں نے تجھ سے کچھ کہا تھا؟ ہنے لگے نہیں میں نے یہ الفاظ سنتے ہی ایک کو تلوار مار کر اس کا سر قلم کر دیا دوسرا بھائی لاش تڑپتی پر گرا تو میں نے دوسرے کا بھی اسی حالت میں سر قلم کر دیا۔ابن زیاد نے کہا کتے کہیں کے۔اب پھر تجھ کو فیصلہ ملتا ہے کرسی سے اٹھا اور کہنے لگا کون ہے تم میں جو اس کتے کو ابھی وہاں پر جا کر قتل کرے جہاں ان شہزادوں کو قتل کیا اور ان کے خون وجسم کے ساتھ اس کا خون وجسم نہ ملنے پائے۔اور اس کو وہیں پانی میں پھینک دو اور شہزادوں کے تنِ اقدسوں کو اٹھا کر لے آؤ تا کہ رؤس مقدسہ کے ساتھ محفوظ کیا جا سکے۔(الحیات)

ایک شامی نے اٹھ کر کہا اے جناب امیر آپ کے اس فیصلہ سے میں خوش ہوا خدا کی قسم اگر ساری دنیا کی بادشاہی مجھے دیدیتے تو اس سے زیادہ خوشی نہ ہوتی جو اس کتے کو مار دینے کے حکم سے ہوئی ہے چنانچہ آدمی ساتھ لیے اور اس کو پکڑ کر لے گئے۔کوفہ کے بازاروں اور سڑکوں پر عورتیں اور مرد رو رہے تھے اور کئی بچوں نے کتے پر پتھر برسائے۔ابنِ زیاد کے درباریوں نے کہا ہم اس کو قتل کرنے کے لیے لے جا رہے ہیں۔(الحیات)

جب ظالم کو اس جگہ فرات کے کنارے قتل کر کے دریا میں پھینکا تو مردود کی لاش پانی میں جاتے ہی پانی میں اس زور کی لہریں اٹھیں کہ لاش باہر کنارہ پر آ گئی۔اندازہ ہوا کہ اس کی لاش کو پانی نے قبول نہیں کیا۔ابنِ زیاد کو پیغام دیا گیا کہ اب اس کی لاش کا کیا کرنا چاہیے۔دریائے فرات نے اس کی لاش کو باہر پھینک دیا ہے۔کہنے لگا گڑھا کھود کر اوپر مٹی ڈال دو جب گڑھا کھودا اور اس میں لاش رکھی تو مٹی اچھلی پھر لاش باہر۔پھر پیغام بھجوایا کہ اب کیا کریں اس کو تو مٹی بھی قبول نہیں کرتی۔کہنے لگا لکڑیاں رکھ کر آگ لگا دو۔لکڑیوں کی آگ میں اس کی لاش جلا کر راکھ کر دی گئی۔گویا کہ سیدنا محمد رضی اللہ عنہ اور سیدنا ابراہیم رضی اللہ عنہ پر ظلم وستم کرنے والے کو دنیا میں ہی نہ مٹی و پانی نے قبول کیا اور دنیا میں ہی آگ رسید ہوا اور ہمیشہ کے لیے واصلِ جہنم ہوا۔

## فرزندانِ امام مسلم رضی اللہ عنہ سیدنا محمد رضی اللہ عنہ اور سیدنا ابراہیم رضی اللہ عنہ کے مزاراتِ مقدسہ

کربلائے معلے اقدس کے قریب اسکندریہ ایک آبادی کا نام ہے اس کے تھوڑی دور مسیب ایک جگہ ہے۔مسیب کے بائیں جانب ایک میل کے فاصلے پر ایک گاؤں ہے جن کا نام ہے قریہ اولاد مسلم۔(تاریخ کربلا) یعنے اس آبادی کا نام ہی حضرت سیدنا امام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مسلم بن عقیل کی اولاد کے نام پر ہے۔اس بستی میں کافی لوگ آباد ہیں۔اس آبادی میں شہزادگان مسلم آرام فرما ہیں اور ان کے مزاراتِ مقدسہ ہیں۔مزاراتِ مقدسہ کے بیرونی دروازہ سے داخل ہونا پڑتا ہے اور بیرونی دروازہ کے بعد ایک بہت بڑا صحن ہے جس کے بائیں جانب کمرے اور سامنے برآمدے ہیں اور برآمدے میں مزارات کا دروازہ ہے۔مزارات نہایت خوبصورت بنے ہوئے ہیں دونوں بھائیوں کی قبریں ساتھ ساتھ ہیں۔مزارات پر بہترین گنبد بنا ہوا ہے اور گنبد پر سبز رنگ ہے اور اس کے اوپر سونے کا عکس چڑھا ہوا ہے۔(تاریخِ کربلا) صبح وشام لوگ فاتحہ خوانی کرنے اور فیوض وبرکات حاصل کرنے کے لیے حاضری دیتے رہتے ہیں۔یاد رہے کہ بعض لوگوں نے ان مزارات کے اندرونی حصہ میں تصویریں لگادی ہیں۔ایسا ہونا تو نہیں چاہیے ان تصاویر میں دونوں شہزادوں کو دکھایا گیا ہے اور ظالم قاتل کو بھی ہاتھ میں خنجر لے کر ذبح کرتا دکھایا گیا ہے۔لیکن یہ سب اہانت ہے اور خلافِ حقیقت تصویر ہے۔جیسا کہ آج کل بعض لوگوں نے بعض شخصیتوں کی تصویریں بنا کر کیلنڈروں میں پیش کی ہیں نہ تو وہ اصل تصاویر ہیں اور نہ ہی اس طرح انسانی تصویریں پیش کرنا جائز ہے۔اس لیے بعض بناوٹی تصاویر کو اصل سمجھ لیتے ہیں اللہ تعالیٰ ہدایت دے۔

یاد رہے کہ سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ اور فرزندانِ امام مسلم رضی اللہ عنہما کے متعلق ان کی شہادتوں پر بھی بعض مجموعات میں مختلف طریقوں سے ذکر کیا گیا اور بعض نے تو فرزندانِ مسلم کے کوفہ میں شہید ہونے کا بھی انکار کیا۔لیکن میں پوری تحقیق کے بعد جس نتیجہ پر پہنچا اس کے مطابق اصل حقائق ذکر کئے ہیں۔

## ان شہداء کوفہ کا بیان جن کا واقعۂ کربلا کے ساتھ بالواسطہ گہرا ربط ہے

یہاں پر ان حضرات کی تفصیل بیان کرنا مقصود ہے جو کربلا کے میدان میں تو شہید نہیں ہوئے لیکن کوفہ میں حضرت امام رضی اللہ عنہ کی حمائت پر شہید کئے گئے۔گویا کہ یہ شہدائے کوفہ ہیں جن کا واقعہ کربلا کے ساتھ بلاواسطہ یا بالواسطہ گہرا ربط وتعلق ہے اور ان کی شہادتیں سانحہ کربلا کا ایک حصہ ہیں۔

سرِفہرست تو آپ جان چکے ہیں کہ حضرت سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ ہیں۔ان کے بعد ان کی حمائت میں حضرت ہانی بن عروہ قبیلہ مذحج شہید ہوئے اس کے بعد قیس بن مسہر صیدادی نمبر ۴۔عبداللہ بن عفیف نمبر ۵۔عبداللہ بن یقطر۔ان حضرات کو بھی امامِ حسین رضی اللہ عنہ اور امامِ مسلم رضی اللہ عنہ کی حمائت پر عبیداللہ ابن زیاد کے حکم سے شہید کیا گیا پھر سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے دو شہزادے حضرت محمد رضی اللہ عنہ و حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ شہید ہوئے۔عبدالاعلیٰ بن یزید العلیمی جو حافظ وقاری قرآن تھے۔ان کو ابنِ زیاد کے آدمی نے محض اس لیے گرفتار کرلیا کہ یہ بھی حضرت امام کی حمائت میں ہیں چنانچہ ان کو بھی کثیر بن شہاب نے کوفہ کے خبابہ سبیع میں لے جا کر شہید کر ڈالا۔عبیداللہ بن عمرو الکندی کوفہ کے شجاعان میں سے تھے۔اور امام مسلم کی حمائت میں لوگوں کو حق وباطل کی تبلیغ کرتے تھے حصیر بن نمیر نے ان کو گرفتار کر کے ابنِ زیاد کے پاس پیش کیا تو اس کے حکم پر آپ شہید ہوئے۔ابوذر بن سلیمان جو حضرت امام کا خط مکہ معظمہ سے بصرہ لے کر آئے تھے انہیں بھی گرفتار کر کے شہید کردیا گیا۔عبیداللہ ابن الحارث جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ، کے ہمرکاب رہتے تھے اور کوفہ میں لوگوں کو بیعتِ امام پر آمادہ کیا ان کو کثیر بن شہاب نے گرفتار کیا اور ابنِ زیاد نے شہید کروا ڈالا۔عمارہ بن صلخب الازدی کو کوفہ کے محلہ میں بحالت اسلحہ جب حالات سنگین صورت اختیار کر گئے تو عمارہ ہی کے محلہ میں چل رہے تھے کہ محمد ابن اشعث کو پتہ چلا اس نے آپ کو گرفتار کر کے عبیداللہ ابن زیاد کے پاس پیش کیا بالآخر آپ کو بھی شہید کردیا گیا۔ان تمام شہدائے کوفہ پر اناللہ وانا الیہ راجعون کے ساتھ ہدیہ سلام ورحمت۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اب ان حضرات شہدائے کوفہ کے علیحدہ اسماء درج ہیں۔

۱ حضرت سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ۔
۲ حضرت سیدنا محمد ابن مسلم رضی اللہ عنہ
۳ حضرت ہانی ابن عروہ رضی اللہ عنہ
۴ حضرت قیس ابن مسہر صیدادی رضی اللہ عنہ
۵ حضرت عبیداللہ ابن عفیف رضی اللہ عنہ
۶ حضرت عبداللہ ابن عفیف رضی اللہ عنہ
۷ حافظ حضرت عبدالاعلیٰ ابن یزید القاری رضی اللہ عنہ
۸ حضرت عبیداللہ ابن عمرو الکندی رضی اللہ عنہ
۹ حضرت ابوذر ابن الحارث رضی اللہ عنہ
۱۰ حضرت عبیداللہ ابن الحارث رضی اللہ عنہ
۱۱ حضرت عمارہ ابن صلخب الازدی رضی اللہ عنہ

سلام بر اصحاب سیدنا الامامین الجلیلین (۱)

(۱) حیات الحسن ج ۲ ص ۱۴۵

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فصل ۲

# جہاد و ہجرت قرآن کی روشنی میں

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ۔ (۱)

اور جنہوں نے اللہ کی راہ میں اپنے گھر بار چھوڑے مظلوم ہو کر ہم انہیں دنیا میں اچھی جگہ دیں گے اور بے شک آخرت کا ثواب بہت بڑا ہے کسی طرح لوگ جانتے۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ۔ (۲)

وہ جو ایمان لائے اور ہجرت کی اور اپنے مال و جان سے اللہ کی راہ میں لڑے اللہ کے یہاں ان کا درجہ بڑا ہے اور وہی مراد کو پہنچے۔

اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ۔ اَلتَّآئِبُوْنَ الْعَابِدُوْنَ الْحَامِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ (۳)

بے شک اللہ نے مسلمانوں سے ان کے مال اور جان خرید لیے ہیں اس بدلے پر کہ ان کے لیے جنت ہے اللہ کی راہ میں لڑیں تو ماریں اور مریں اس کے ذمہ کرم پر سچا وعدہ توریت اور انجیل اور قرآن میں اور اللہ سے زیادہ قول کا پورا کون تو خوشیاں مناؤ اپنے سودے کی جو تم نے اس سے کیا ہے اور یہی بڑی کامیابی ہے۔ توبہ والے عبادت والے سراہنے والے روزے والے رکوع والے سجدہ والے بھلائی کے بتانے والے اور برائی سے روکنے والے اور اللہ کی حدیں نگاہ میں رکھنے والے اور خوشی سناؤ مسلمانوں کو۔

آیات بالا سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی خاطر جہاد کرنا اور ہجرت کرنا افضل ترین عمل ہے۔ اور پروردگارِ عالم دنیا و آخرت میں ان کو اس کا بہترین صلہ عنایت فرمائے گا۔ اور وہ مرتبہ بخشے گا جس کا وہم و گمان بھی نہیں کیا جا سکتا کیونکہ اہلِ ایمان نے اللہ تعالیٰ سے جان و مال کا سودا کر لیا ہے کہ وہ اس کی راہ میں قتل کریں گے اور خود بھی اس کی راہ میں شہید ہو جائیں گے اور اللہ تعالیٰ کا بھی ان سے پختہ وعدہ ہے کہ انہیں کامیابی و کامرانی نصیب فرمائے گا۔

(۱) پارہ ۱۴ النحل آیت ۴۱ (۲) سورۃ توبہ آیت ۲۰ (۳) سورۃ توبہ آیت ۱۱۰ تا ۱۱۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## باب ۱۷

# سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی مکہ معظّمہ سے رخصت کی حکمتیں

اب وہ وقت قریب آ گیا ہے جب کہ اطرافِ عالم اور اکنافِ عالم سے مسلمان فریضۂ حج ادا کرنے کے لیے مکہ معظّمہ کا رخ کر رہے تھے اور ابنِ رسول دلبندِ زہرا بتول سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ جن کے ذوقِ عبادت وشوقِ حج کا یہ عالم تھا کہ پچیس حج پیدل کر چکے تھے اور اب حج میں صرف دو دن باقی رہ گئے ہیں اور آپ عمرہ تمتع کو عمرہ مفردہ کے ساتھ تبدیل کر کے مکہ مکرمہ چھوڑنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ اس لیے کہ آپ کو سیدنا امام مسلم بن عقیل کا وہ خط جو انہوں نے ۱۲ ذیقعد کو عابس بن شبیب شاکری کے ہاتھ بھیجا تھا مل چکا تھا لیکن کوفہ کے اندونی حالات کی بجائے ظاہری حالات کچھ مشکوک بھی نظر آتے تھے۔ اب حج میں صرف دو تین دن باقی رہ گئے ہیں۔ کیا سیدنا امام حسین جیسی شخصیتِ عظیم کا یہ غیر متوقع اقدام غیر معمولی حالات واسباب کے پیدا ہونے کی غمازی نہیں کرتا۔ یہ شخصیتِ امام سے ناواقف آدمی تو کہہ سکتا ہے بلکہ کہا گیا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اہلِ کوفہ کے پیہم اصرار اور ان کے دعویٰ خلوص ومحبت نے آپ کو تکمیلِ حج بھی نہ کرنے دیا اور سفرِ عراق پر روانہ ہو گئے۔ مگر جو لوگ اہلِ بیتِ اطہار کے مقام کی کچھ بھی معرفت رکھتے ہیں وہ تو ہرگز ایسا گمان بھی نہیں کر سکتے لیکن ان سب کا تعلق ظاہری حالات کے مطابق ہے اور بغورِ نظر حقیقت کی تہہ تک پہنچا جائے تو یہ معلوم ہوگا کہ یزید پلید نے حاجیوں کے لباس میں کئی آدمی بھیجے ہوئے تھے کہ موقع پا کر سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی شمع حیات کو گل کر دیں۔ چنانچہ کتبِ سیر وتواریخ سے اس امر کا ثبوت ملتا ہے۔

وَكَانَ فِيْهِ خُرُوْجُ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ مِنْ مَكَّةَ اِلٰى بَعْدِ اَنْ طَافَ وَسَعٰى وَاَحَلَّ مِنْ اَحْرَامِهٖ وَجَعَلَ حَجَّهٗ عُمْرَةً مُفْرَدَةً لِاَنَّهٗ لَمْ تيمكن مِنْ اِتْمَامِ الْحَجِّ مُخَافَةَ اَنْ يبطش بِهٖ وَيَقَعُ الْفَسَادُ فِي الْمَوْسِمِ لِاَنَّ يَزِيْدَ اَرْسَلَ مَعَ الْحُجَّاجِ ثَلَاثِيْنَ رَجُلًا وَاَمَرَهُمْ بِقَتْلِ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ عَلٰى كُلِّ حَالٍ۔ (الحیات)

اس تاریخ ۸ ذوالحجہ ۶۱ھ کو حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ مکہ سے روانہ ہوئے طواف وسعی کے بعد اپنے حج کو عمرہ مفردہ کے ساتھ بدل کر عازمِ سفر ہو گئے تھے کیونکہ تکمیل حج نہ کر سکتے تھے اس لیے کہ یزید نے تیس آدمی حج کے بہانہ سے حاجیوں کے لباس میں بھیجے تھے اور ان کو حکم دیا کہ بہرحال موقعہ پا کر سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیں۔

لہٰذا اگر آپ مکہ معظّمہ سے تشریف نہ لے جاتے تو اس میں سب سے بڑی خرابی یہ تھی کہ مکہ معظّمہ کی اور بالخصوص بیت اللہ کی ہتک ہوتی۔ جسے آپ ہرگز پسند نہیں کر سکتے تھے کہ میری وجہ سے حرم خدا کی اور مکہ معظّمہ کی توہین ہو۔ آپ نے خود بھی فرمایا تھا کہ اگر میں مکہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

معظّمہ سے ایک بالشت باہر قتل کیا جاؤں تو یہ مجھے پسند ہے لیکن مکہ معظّمہ میری وجہ سے رنگین ہوتو میں اس کو ہرگز پسند نہیں کرتا۔ (۱)

دوسرے اس طرح دشمن بڑی آسانی کے ساتھ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت پر پردہ ڈالنے اور اپنی برأت کرنے میں کامیاب ہوجاتے۔ ممکن تھا کہ طوافِ کعبہ اور وقوفِ عرفات، قربانی منٰی یا صفاومروہ کے درمیان سعی کرتے وقت آپ شہید کردیے جاتے اور اس ہنگامہ آرائی میں قاتل گم ہوجاتے تو پھر کون باور کرسکتا تھا کہ یزید کے آدمی قاتل ہیں یا کہ اور افراد۔ اس طرح یزید کا قاتل ہونا ثابت نہ ہوسکتا تھا اور اس پر خود یزید نے پردہ ڈالنے کی کوشش کرنی تھی لیکن حضرت سیدنا امامِ عالی مقام یزید پلید کے ان حالات سے مکمل طور پر واقف تھے۔ جب مدینہ طیبہ کا قیام بھی انہی وجوہات پر ترک کیا تو اب مکہ معظّمہ میں رہنے کا سوال ہی پیدا نہ ہوسکتا تھا۔ اس لیے مکہ معظّمہ سے خروج کرنے کا مقصد بھی یہی تھا اس وقت جب کہ تمام اطرافِ عالم اور اکنافِ عالم کے مسلمان فریضۂ حج ادا کرنے کے لیے وہاں جمع ہورہے ہیں۔ احرام حج کو توڑتے ہوئے سفر عراق پر روانہ ہوکر لوگوں کے جمود کو توڑ دیا اور ان کو یہ سوچنے پر مجبور کردیا کہ آخر کن حالات سے متاثر ہوکر سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے یہ اقدام کیا ہے۔ اہل وعیال سمیت نانا جان کا جوارِ مدینہ کیوں ترک کیا اور صرف دو دن باقی تھے کہ حرمِ خدا میں حج بھی نہ کرسکے اور یہاں پر رہنا بھی ان کے لیے مشکل ہوگیا کہ حسین رضی اللہ عنہ کیوں اور کہاں جارہے ہیں۔ ہر آدمی کو یہ سوچنے پر مجبور کردیا کہ وہ غور کرے کہ وہ کون سے حالات تھے جنہوں نے حرمِ خدا میں بھی سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کو آرام وسکون کا سانس نہ لینے دیا اور یہ کہ ان حالات کا ذمہ دار کون ہے۔ یہ اقدامات حضرت سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے صلح پسندانہ اور حکیمانہ طرزِ عمل پر بین ثبوت ہیں۔ ان کی وجہ سے یزید لعین کا ظلم وستم طشت از بام ہوکر رہ گیا۔ (الحیات)

## حضرت عبداللہ ابنِ زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما

اس میں بھی کچھ شک نہیں کہ مکہ معظّمہ کے احباب واصحاب نے آپ کے اس ارادہ پر آپ کو سفرِ عراق پر جانے سے منع کیا۔ حضرت عبداللہ ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ کوفیوں کا کچھ اعتبار نہیں ان پر قطعاً اعتبار نہ کریں یہ وہی لوگ ہیں جن کا ہاتھ آپ کے باپ سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ اور آپ کے بھائی سیدنا امامِ حسن رضی اللہ عنہ کی شہادت میں تھا اس لیے آپ وہاں جانے کا ارادہ ترک کردیں۔ لیکن حضرت امام اس بات کو بھی سن کر اپنے ارادہ میں متزلزل نہ ہوئے۔ (ایضاً)

## حضرت عبداللہ ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے رشتہ سے سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے چچا تھے اور سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے رشتہ سے نانا تھے۔ اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ سے عمر میں تقریباً نو سال بڑے تھے اور بزرگ بھی تھے۔ ان کو جب یہ معلوم ہوا کہ حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو کوفیوں نے بلایا اور آپ ان کے بلاوے پر وہاں جارہے ہیں تو آپ نے فوراً خود آکر حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ راز مجھ سے تو بیان کرو آپ کوفہ جارہے ہیں۔ آپ نے فرمایا میں مصمم ارادہ کرچکا ہوں کیونکہ چچازاد بھائی مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ نے مجھے خط لکھ دیا ہے اور کوفہ سے قاصدین کی جماعتیں اور درخواستیں آچکی ہے اور ان سے وعدہ کرچکا ہوں اب مجھے جانا چاہیے اور دوسرا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عالم رضی اللہ عنہ خواب میں خاص حکم فرمایا ہے۔ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اَمَرَنِیْ بِاَمْرٍ اَنَا مَاضٍ فِیْہِ۔ میں اس حکم کی تعمیل کررہا ہوں۔ آپ نے یہ سن کر فرمایا۔ اچھا تو میری ایک بات تو مان لو وہ یہ کہ اپنے ہمراہ بیوی بچوں اور خاندان کو نہ لے

(۱) الحیات، ج:۲، ص:۶۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جاؤ مجھے خطرہ ہے کہ آپ قتل نہ ہو جائیں اور جس طرح حضرت سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے بیوی بچے ان کو دیکھتے ہی رہ گئے اور وہ ان کے سامنے شہید کر دیے گئے۔ یہ عظیم صدمہ خواتین اور بچے نہیں دیکھ سکیں گے سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے کہا: زندگی کے آخری لمحات میں میں چاہتا ہوں کہ سب میرے ساتھ ہوں ان کی جدائی برداشت نہیں کر سکتا جب تک میں شہید نہ ہو جاؤں اور اللہ تعالیٰ کی مشیت بھی یہی ہے کہ میرے بچے اور خاندان والے بھی اس ابتلا میں مبتلا ہوں اس گفتگو کو سیدہ زینب بھی سن رہی تھیں آپ نے فرمایا اے بزرگوار بے شک آپ درست فرما رہے ہیں اور قلبی احترام رکھتے ہیں۔ لیکن میں اپنے بھائی کو ایسے موقع پر اپنے سے جدا نہیں ہونے دوں گی اگر یہ جائیں گے تو زینب بھی ضرور جائے گی اس لیے کہ بھائی کو تنہا نہیں جانے دیا جائے گا۔ حضرت نے فرمایا یہ تو ظاہر ہے کہ جب یہ اس سفر کو ترک نہیں کریں گے تو آپ کس طرح رُوک سکتے ہیں۔ (الحیات)

## حضرت عبداللہ ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما جو حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ سے عمر میں تقریباً سولہ سال بڑے تھے۔ ان کو جب معلوم ہوا تو انہوں نے بھی بڑی کوشش کی کہ آپ نہ جائیں۔ کوفی دغاباز ہیں لیکن ان کو بھی اس کوشش میں کامیابی نہ ہوئی۔ واقعۂ کربلا کے بعد ایک مرتبہ ایک عراقی نے آپ سے مسئلہ دریافت کیا کہ حالتِ احرام میں مکھی کا مارنا جائز ہے یا کہ ناجائز۔ تو آپ نے فرمایا اے اہلِ عراق تمہیں مکھی کی جان کا تو خیال آیا مگر تم کو نواسۂ رسول اور اس کے خاندان کی جانوں کا خیال نہ آیا۔ تم وہی تو ہو آج مکھی پر مسئلہ چھیڑ رہے ہو۔

## سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا مکہ معظّمہ میں آخری خطبہ

حضرت سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے مکہ معظّمہ میں اپنی روانگی سے قبل جو خطبہ حاضرین کے سامنے دیا اس کا مضمون یہ تھا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ مَامَاشَاءَ اللّٰہُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ خَطَ الْمَوْت عَلٰی وَلِدِ آدم کَلَحْظِ القلاد عَلٰی جِیَدِ الْفَتَاۃِ وَمَا اَرْطَعَنِی اِلٰی اَسْلَافِی فِی اشتیَاق یَعْقُوْبَ اِلٰی یَوْسَفَ وَخَیَّرَلِیْ مَصْرَ اِتَّا الا قبہ کانی باوِّصَالی شقطعہا عسلان الفلواتِ بَیْنَ النواونس و کربلا فیملان منِی وَاجرَبۃ سَبَغَالا محیص عن یوم خَطِ بالقلم رضی اللّٰہَ رضانا اھبیہ لَصبر عَلٰی بَلَائِہٖ ویوضِیَتِا اجر القابرین کن تشذ عن رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ لحمۃ وَھِی مَجموعۃٌ لَہٗ فِی خطرۃ القدِس تقربھم عینہٗ وَیَجزِ بِھِمِ وَعدہٗ مِن کَانَ بازلًا مُحبَہ ومَرطنا عَلٰی لقاعہ اللّٰہ نَفْسَہٗ فَلرِجَّل مَعِنَا فَاِنِّی وَاَحَلْ وَمَصْبِحًا اِنْشَاءَ اللّٰہِ۔

موت فرزندان آدم (علیہ السلام) کے لیے اس طرح لازم اور باعث (زینت) ہے جس طرح نوجوان عورت کے گلو کے لیے قلادہ (ہار) مجھے اپنے بزرگوں کے دیدار کا اس قدر سخت اشتیاق ہے جس طرح حضرت یعقوب علیہ السلام دیدارِ یوسف علیہ السلام کے مشتاق تھے میرے لیے ایک مقتل تیار کیا گیا ہے جسے میں ضرور دیکھوں گا گویا کہ میں دیکھ رہا ہوں کہ بسّ کے بھیڑیے (فوج یزید کے بھیڑیے بصورتِ سپاہی) میرے جوڑوں کو جدا کر رہے ہیں۔ اور مجھ سے (اپنی آرزوؤں اور تمناؤں کے) شکم پر کر رہے ہیں۔ اس دن سے بچنے کا کوئی چارہ نہیں جو قلمِ قضا سے لکھ دیا گیا ہے۔ ہم اہلِ بیت خدا کی رضامندی پر راضی ہیں ہم اس کی آزمائش مصیبت و بلا پر صبر کریں گے اور وہ ہمیں اجر و ثواب عطا فرمائے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے جدِ امجد سے ان کے پارہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سرشت میں وہ سب ان کے پاس جمع ہوں گے اور ان کی وجہ سے میرے نانا جان علیہ السلام کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی۔ خدا ان سے کئے ہوئے وعدے پورے فرمائے گا جو ہمارے بارے میں اپنی جان قربان کرنا چاہتا ہے اور ملاقاتِ حق کے لیے اپنے نفس کو آمادہ کر چکا ہے وہ ہمارے ہمراہ چلے میں کل انشاء اللہ روانہ ہو رہا ہوں۔

امام عالی مقام کے مذکورہ خطبہ جلیلہ سے یہ بات آفتاب کی طرح روشن ہو جاتی ہے۔ اور حادثۂ کرب و بلا کا خونی منظر سامنے آجاتا ہے۔

سیدنا امام عالیمقام رضی اللہ عنہ اسی روز اپنے اہلِ بیت کے علاوہ اور موالی و خدام اور احباب جن کی کل تعداد دوسو کے قریب تھی اپنے ہمراہ لے کر سفرِ عراق کو روانہ ہوئے مکہ معظمہ بیت الحرام سے اہل بیتِ رسالت کا یہ چھوٹا سا قافلہ روانہ ہوتا ہے تو ان کی جدائی نے باشندگانِ مکہ کو مغموم و آبدیدہ کر دیا۔ مگر وہ جانبازوں کے امیرِ لشکر اور فدا کاروں کے قافلہ کے سالارِ مردانہ ہمت کے ساتھ اہلِ مکہ اور حرمِ خدا کو الوداع الوداع کہتے ہوئے زبانِ اطہر سے قرآن کی یہ آیت پڑھتے ہیں:

قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا هُوَ مَوْلٰنَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ۔ (التوبہ)

تم فرماؤ ہمیں نہ پہنچے گا مگر جو اللہ نے ہمارے لیے لکھ دیا وہ ہمارا مولیٰ ہے اور مسلمانوں کو اللہ ہی پر بھروسہ چاہیئے۔

جب مکہ معظمہ سے باہر نکلے تو مدینہ طیبہ یاد آ گیا اور مدینہ کی طرف منہ کر کے امیرِ قافلہ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ آبدیدہ ہو کر فرماتے ہیں۔ ''اے نانا جان آپ کا نواسہ اس قابل نہیں چھوڑا گیا کہ اب مکہ سے جاتے ہوئے روضۂ اطہر پر حاضری دے سکے اب میری طرف سے دور سے ہی آخری سلام ہو۔

## سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی مکہ معظمہ سے بجانبِ کوفہ روانگی

ہلالِ عیدالاضحیٰ نمودار ہو چکا تھا اور یومِ عید میں صرف دو دن باقی رہ گئے ہیں۔ دنیائے اسلام عید کی خوشیوں میں ہے اور حجاج کرام روزِ حج کی خوشی میں ہیں اور اکسٹھ ہجری کی صبح صادق ۸ ذوالحجہ طلوع نہیں ہوئی کہ نواسۂ رسول راکبِ دوش رسول سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ رات کی تاریکی میں خانہ خدا بیت اللہ میں داخل ہوئے۔ دو نفل پڑھے اور سجدے میں گرے اور بآواز بلند عرض کیا اے معبودِ حقیقی۔ اس وقت جب کہ عیدالاضحیٰ سر پر ہے اور مسلمانانِ اسلام حج کیلئے تیرے اس گھر کی طرف آ رہے ہیں اور تیرے محبوب کا نواسہ تیرے اس گھر سے جدا ہو رہا ہے۔ آج ان در و دیوار سے جن میں عمر کا ایک حصہ گزارا تھا بچھڑ رہا ہوں اور جہاں شب و روز تیری رحمت و برکات کے نزول تھے وہاں سے اوجھل ہو رہا ہوں۔ میں تیرے محبوب اپنے نانائے پاک کی اس پیشگوئی پر کہ مکہ میں خون بہایا جائے گا اور اس کی بے حرمتی کی جائے گی۔ یہاں سے جا رہا ہوں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ پیشگوئی مجھ پر صادق آجائے اور کعتبہ اللہ المقدسہ میری وجہ سے خون سے لبریز ہو جائے اور مسلمانانِ مکہ کا خون بے گناہ بہایا جائے۔ اے احکم الحاکمین تو مجھے معاف فرما تجھے علم ہے اور تو جانتا ہے کہ میرا جانا کسی حکومتِ وقت کا مقابلہ نہیں اور نہ کسی کے خلاف کوئی اقدام ہے اور نہ کوئی اقتدار کا لالچ ہے۔ میرا سفر تیرے گھر کا احترام ہے اور میں اس سخت سفر میں چھوٹے چھوٹے بچوں اور محرمات کی تکلیف اس لیے گوارا کر رہا ہوں کہ وہ پیشگوئی میرے واسطے پوری نہ ہو جائے۔ اے الٰہ العالمین تو مجھ پر رحم فرما تو جانتا ہے کہ میں نے فاسق و فاجر کی بیعت نہیں کی اور نہ کروں گا اس لیے کہ یہ تیرے اور

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تیرے محبوب کے حکم کی تعمیل ہے وہ ہاتھ جس کو تیرے محبوب نے بوسہ دیا وہ پلید کے ہاتھ میں نہ جائے گا اور وہ زبان جس کو تیرے محبوب نے چوسا اس سے خوار کو امیر تسلیم نہ کروں گا۔ تو میری خطاؤں کو معاف فرما اور دشمنوں کے مظالم میں صبر و رضا پر قائم رکھنا۔ صبر و رضا میرا شیوا ہے اور استقامت میرا راستہ ہے۔ کعبہ کے در و دیوار کو بوسہ دیتے اور آنکھوں سے آنسو بہاتے ہوئے کعبہ کے تحفظ و آبرو کو لیے ہوئے نمازِ فجر کے بعد یہاں سے جدا ہوتے اپنے مقام پر آتے ہیں اور اب سفر کی تیاری میں خود بھی اور اپنے خاندانِ مقدسہ کے چھوٹے بڑے سب تیاری میں ہیں کہ آج حرمِ خدا سے جدا ہونا ہے۔ (سوانح کربلا)

## نقشہ راہ سفر




Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## باب ۱۸

# مکہ معظّمہ سے کربلا تک منازلِ سفر اور درمیان میں رونما ہونے والے واقعات کا بیان

اب مکہ معظّمہ سے کربلا تک درمیانی منزلوں کی تفصیل اور تعداد اور اس کے درمیانی واقعات کو پیش کیا جاتا ہے۔ مکہ معظّمہ سے کربلائے معلیٰ تک کل منازل کی تعداد میں کچھ اختلاف اور اس کے درمیان ہونے والے واقعات میں بھی فرق پایا جاتا ہے۔ لیکن جہاں تک اس کی اصل تحقیق کی گئی اس کے مطابق ان منازل اور پیش آنے والے واقعات درج ذیل ہیں۔

### پہلی منزل بستانِ ابنِ عامر

مکہ معظّمہ سے پہلی منزل بستانِ ابنِ عامر ہے بعض نے تنعیم لکھی ہے لیکن یاد رہے کہ یہ منزل مکہ معظّمہ سے مدینہ طیبہ جاتے ہوئے آتی ہے۔ مکہ معظّمہ سے مدینہ طیبہ عسفان کے راستہ تنعیم منزل سمتِ مغرب ہے اور مکہ سے کوفہ شمال مشرق کی طرف پہلی منزل بستانِ ابنِ عامر ہے اس پہلی منزل پر جب قافلہ آلِ رسول علیہ السلام پہنچا تو یہاں پر حضرت عبداللہ ابن جعفر جو مدینہ طیبہ میں موجود تھے کو یہ خبر ملی کہ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ بمعہ اہل وعیال اور دیگر اصحاب کوفہ کے سفر پر روانہ ہو چکے ہیں۔ لہٰذا آپ نے ایک خط حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی طرف لکھا جس کا مضمون یہ تھا۔

اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاللّٰهِ لِمَا انْصَرَفْتَ فَاِذَا تَقْرَأُ كِتَابِیْ هٰذَا فَاِنِّیْ مُشْفِقٌ عَلَیْكَ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ اِنَّ یَكُوْنَ فِیْهِ هَلَاكِكَ وَاِسْتِیْصَالِ اَهْلَبَیْتِ اِنْ اَهْلَكْتَ الْیَوْمَ طَفٰی نُوْرَ الْاَرْضِ فَاِنَّكَ عِلْمَ الْمُهْتَدِیْنَ وَرَجَاءُ الْمُؤْمِنِیْنَ فَلَا تعجل بِالْمَسِیْرِ فَانِّیْ فِیْ اَثَرِ كِتَابِیْ۔

امابعد خدارا۔ جب میرا یہ خط آپ کو ملے تو پڑھنے کے بعد اس سفر کو ترک کریں۔ کیونکہ مجھے اس سفر میں آپ کی اور آپ کے اہلِ خانہ کی ہلاکت کا اندیشہ ہے۔ اگر آپ کی موت واقع ہوگئی تو زمین کا نور بجھ جائے گا کیونکہ آپ ہی ہدایت کرنے والوں کے نشان راہ ہیں اور اہل مؤمنین کی امیدوں کا مرکز ہیں۔ جلدی نہ کریں اور میرا مکتوب پڑھ کر غور کریں۔

یہ خط حضرت عبداللہ ابن جعفر رضی اللہ عنہ نے اپنے دو بیٹے حضرت محمد اور حضرت عون کے بدست روانہ کیا تھا اور ساتھ ہی یہ بھی فرما دیا تھا کہ اگر تمہارے ماموں حضرت امام عالی مقام سفر کا ارادہ ترک کر دیں تو ان کے ساتھ واپس آ جانا اور اگر وہ اس سفرِ کوفہ کو ترک نہ کریں

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تو پھر میں تم کو اجازت دیتا ہوں کہ تم دونوں اپنے ماموں جان کے ساتھ چلے جانا اور اپنی امی سیّدہ زینب کا بھی خیال رکھنا تا کہ اس کو تمہارے ساتھ ہونے سے تسلی رہے اور اے میرے بیٹو! اگر وقت آنے پر حضرت امام کو ضرورت پڑے تو اپنی جان بھی ان پر نثار کر دینا میں اگر طاقت رکھتا تو ضرور تمہارے ساتھ چلتا۔ (الحیات)

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ حضرت عبداللہ ابن جعفر رضی اللہ عنہ اور سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے یہ دونوں بیٹے محمد، عون نوجوان تھے۔ اکثر یہ کہا جاتا ہے اور مجموعوں میں یہ غیر معتبر بات لکھ دی ہے کہ یہ دونوں بیٹے بچے تھے۔ اس سلسلہ میں کافی تحقیق کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ یہ چھوٹی عمر کے شہزادے نہیں تھے۔ جیسا کہ اس کی پوری تفصیل مزید آگے بیان ہوگی۔ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا اپنے شوہر کی اجازت سے تو پہلے ہی سے حضرت امام عالی مقام کے ہمراہ تھیں۔

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے اس خط کو پڑھا اور غور فرمایا بالآخر فیصلہ یہی کیا کہ یہ سفر ملتوی نہیں کیا جائے گا۔ اس کے بعد پھر مکہ معظمہ کے حاکم عمرو بن سعید نے ایک خط یحیٰ ابن سعید کے بدست بھی روانہ کیا اس خط کا خلاصہ یہ ہے کہ:

اَمَّابَعْدُ فَاِنِّیْ اَسْئَلُ اللّٰہَ اَن یَّصُوْنُکَ وَاَنْ یَّھْدِیَکَ لِمَایُرْشِدُکَ بَلَغَنِیْ اِنَّکَ قَدْ تَوَجَّھْتَ اِلَی الْعَرَاقِ وَاِنِّیْ اُعِیْذُبِکَ بِاللّٰہِ مِنَ الشِّقَاقِ فَاِنِّیْ اَخَافُ عَلَیْکَ فِیْہِ الْھَلَکَ فَاَقْبِلْ مَعَھَا فَاَنَّ لَکَ عِنْدَالْاَمَانِ وَالصِّلَۃُ وَاَبَرُّ وَحُسْنَ الْجَوَارِ لَکَ اللّٰہُ عَلَیَّ بِذَالِکَ شَھِیْدٌ وَ کَفِیْلٌ وَمَرَاعٌ وَ کَیِلٌ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ۔ (الحیات)

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو ہر شر سے محفوظ رکھے اور جو چیز بہتر ہو اس میں آپ کی رہبری فرمائے۔ مجھے پتہ چلا ہے کہ آپ سفرِ عراق پر جا رہے ہیں اور میں آپ کے لیے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتا ہوں لیکن اس کے باوجود مجھے اس بات میں ہلاکت پوشیدہ معلوم ہوتی ہے۔ میں آپ کی طرف جس کو بھیج رہا ہوں آپ اس کے ساتھ واپس مکہ آجائیں۔ میں آپ کو امان اور صلہ رحمی اور حسنِ سلوک کا یقین دلاتا ہوں اللہ تعالیٰ گواہ اور وکیل ہے اور کفیل فقط اور سلام ہو آپ پر۔

اس خط کو بھی حضرت امام عالی مقام نے پڑھا اور زبانی پیغام بھی لے لیا۔ آپ نے والیٔ مکہ اور حضرت عبداللہ ابن جعفر رضی اللہ عنہ کو بھی یحیٰ ابن سعید کے بدست یہ کہلا بھیجا کہ میں اس سفر کو ترک نہیں کر سکتا اس لیے کہ اِنِّیْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فِی الْمَنَامِ وَاَمَرَنِیْ بِمَا اَنَا مَاضٍ لَہٗ میں نے خواب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ہے آپ نے مجھے ایک حکم فرمایا ہے جس کی تعمیل پر اس کو ہر صورت پورا کروں گا۔ یحیٰ ابن سعید کو کہہ دیا کہ تم پیغام والیٔ مکہ کو دے کر کسی طریقہ سے مدینہ طیبہ میں حضرت عبداللہ ابن جعفر رضی اللہ عنہ کو بھی پہنچا دینا اور ساتھ یہ بھی کہہ دینا کہ آپ کے دونوں فرزند محمد و عون آپ کی اجازت کے مطابق میرے اور اپنی امی جان کے ہمراہ جا رہے ہیں۔

## دوسری منزل صفاح

اس منزلِ صفاح پر جب قافلہ آلِ رسول پہنچا تو ایک مشہور شاعر فرزدق جو اپنی والدہ کے ہمراہ کوفہ سے آ رہا تھا اس کی یہاں امام عالی مقام سے ملاقات ہوئی آپ نے فرزدق سے کوفہ کے حالات دریافت فرمائے تو اس نے عرض کیا۔ قُلُوْبُ النَّاسِ مَعَکَ وَسُیُوْفُھُمْ عَلَیْکَ وَالْقَضَاءُ یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَاللّٰہُ یَفْعَلُ مَا یَشَاءُ۔ لوگوں کے دل آپ کی طرف ہیں اور ان کی تلواریں آپ کے برخلاف قضاء آسمان سے نازل ہوتی ہے۔ اور اللہ جو چاہتا ہے وہی کرتا ہے حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

صَدَقْتَ لِلّٰهِ الْاَمْرُ وَكُلَّ يَوْمٍ رَبُّنَا فِيْ شَانٍ اَنْ نَزَلَ الْقَضَا بِنَا فَنَحْمَدَ اللّٰهَ عَلٰى نُعْمَائِهٖ وَهُوَ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى اَدَاءِ الشُّكْرِ وَاِنْ حَالَ الْقَضَاءُ دُوْنَ الرَّجَاءِ فَلَمْ يَعْقِدْ مَنْ كَانَ الْحَقُّ نِيَّتَهٗ وَالتَّقْوٰى سَرِيْرَتُهٗ۔ (الحیات)

تم نے سچ کہا بے شک تمام کام اللہ تعالیٰ کے ہی قبضہ واختیار میں ہیں اور ہمارا رب ہر روز نئی شان میں ہوتا ہے اگر ہماری خواہش کے مطابق قضاء نازل ہوئی تو اس کے احسان پر شکر گزار ہیں اور اگر حالات ہماری منشاء کے خلاف ہوئے تو پھر جس کی نیت حق وتقویٰ کے ساتھ ہو اس کے ساتھ کوئی زیادتی نہیں۔

اس کے بعد فرزدق اپنے سفر کو روانہ ہو گیا اور حضرت امام بمعہ اپنے قافلہ کے سفر پر چل پڑے۔

## تیسری منزل ذاتِ عرق

اس منزل ذاتِ عرق پر قافلہ آلِ رسول ﷺ پہنچا تو کچھ دیر آرام فرمانے کی غرض سے خیمے نصب فرما لیے اور قیام فرما رہے تھے کہ ایک شخص بشیر ابن غالب نامی نے اس طرح بیابان میں خیموں کو لگا ہوا دیکھا تو وہ تعجب سے قریب گیا اور پوچھا کہ یہ کون لوگ ہیں تو جواب ملا کہ یہ اہلِ بیتِ نبی ﷺ کا قافلہ بغرضِ آرام قیام پذیر ہے اور یہ کوفہ کے سفر پر ہیں یہ سن کر اس نے سیدنا امام حسین سے جا کر ملاقات کا شرف حاصل کیا اور عرض کی حضور یا ابنِ رسول اللہ ﷺ۔ آپ کو کس چیز نے اس صحرا میں آنے پر مجبور کر دیا ہے تو سیدنا امام عالی مقام نے فرمایا۔

اِنَّ هٰؤُلَاءِ كَتَبَ اِلَيَّ وَهُمْ قَاتِلِيْ فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ لَمْ يَدَعُوْا لِلّٰهِ مُحَرَّمًا اِلَّا انتكهو بَعَثَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مَنْ يَقْتُلُهُمْ حَتّٰى يَكُوْنُوْا اَوْلَ مِنْ قَوْمِ الذِّلَّةَ۔

یہ میرے پاس خرجی ہے ان خطوط کی جو اہل کوفہ کے ارسال کردہ ہیں۔ مجھے انہوں نے دعوت دی ہے وہاں آنے کی۔ پس اگر وہ ہمارے قتل میں شریک ہوئے تو یہ جرم اور اہانتِ حرمت ہو گی اور ان پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک شخص کا تسلط ہو گا جو ان کو قتل وغارت کر دے گا تو وہ ذلیل قوم ہوں گے۔

اس بیان میں دو چیزوں کی پیشگوئی ہے۔ ایک یہ کہ ان لوگوں کی دعوت پر کوفہ کو جا رہے ہیں پس اگر وہ مجھے قتل کریں (یقیناً اشارہ طرف ہے کربلا کے) تو پھر ایسا شخص مسلط ہو گا ان پر کہ یہ قتل وغارت وذلیل ہوں گے۔ یعنی مختار بن عبید ثقفی جو ان کو قتل کرے گا اور تا قیامت ذلت سے یاد کیے جائیں گے۔

## چوتھی منزل بطنِ رمہ

اس منزل بطن رمہ کو دوسرے نام حاجز سے یاد کیا جاتا ہے۔ لیکن مشہور یہی ہے یہاں پر آل رسول کے قافلہ نے کچھ دیر آرام فرمایا اور حضرت امام عالی مقام نے قیس بن مصہر صیداوی کے بدست ایک خط اہلِ کوفہ کے نام لکھا جس کا مضمون یہ تھا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ مِنَ الْحُسَيْنِ ابْنِ عَلِيٍّ اِخْوَانُهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ۔ حَمِدَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ كِتٰبَ مُسْلِمٍ ابْنِ

الحاصل اس خط کا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان اور رحم فرمانے والا۔ ازطرف حسین ابن علی۔ سلام ہو تم پر اے مومنو! اور مسلمان بھائیو! سب تعریف اس ذات باری تعالیٰ کے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عَقِيل جَائَنِیْ يُنْجِرُفِيْهِ بِحُسْنٍ وَّاِنَّكُمْ اِجْتِمَاعِ مَلَائِكُمْ لِاَجْرِ عَلٰی نَصْرَنَاوَالطَلَبُ بِحَقِّنَا فَسَاَلَتُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اَنْ يَّحْسَنَ لَنَا الصُنْعَ وَاِن سَكَمَ عَلٰی ذَالِك اَجْرِوَقَدَ شَخَّصتُ اِلَيْكُمْ مِنْ مَكَّةَ يَوْمَ الثَّلَا ثَالِثُمان خَلَوْنَ مِنْ ذِیْ الْحِجَّةِ يَوْمِ وَيَحَةِ فَاِذَاقَدَم عَلَيْكُمْ وَسرِلِیْ فَامْكِشُوْا فِیْ اَمْرِكُمْ وَجَدُّوْافَاِنِّیْ تَادِمَ عَلَيْكُمْ فِیْ اَيَامِیْ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ۔

لیے ہے وہ ذات جس کے سوا کوئی معبود نہیں اور وہی حقیقی الٰہ ہے بعد اس کے کہ مجھے مسلم بن عقیل اپنے چچازاد بھائی کا مکتوب ملا اور تمہارے حالات کی درستگی معلوم ہوئی تمہارے درمیان ہماری نصرت وحمایت اور طلبِ حق پر اتفاق پایا جاتا ہے ہماری دعا ہے کہ مولیٰ تعالیٰ انجام بخیر کرے اور اس پر تم کو اجر ملے اگر تم اسی پر قائم رہے میں آٹھویں ذوالحجہ کو تمہاری طرف مکہ سے روانہ ہو چکا ہوں جس وقت تم کو قاصد میرا خط پہنچا دے تو تم اپنی جگہ منتظر رہو میں اب بہت جلد انہی دنوں تمہاری طرف آ رہا ہوں۔ فقط والسلام۔

یہ خط قیس بن مصہر صیداوی جب لے کر کوفہ روانہ ہوئے تو ان کو وہاں پہنچنے پر معلوم ہوا کہ عبیداللہ ابن زیاد والیٔ کوفہ نے حضرت امام کی آمد پر ہر طرف ناکہ بندی کی ہوئی ہے تاکہ ان کو یہاں پہنچتے ہی گرفتار کر لیا جائے جس کی بناء پر قیس کو پکڑ لیا گیا اور ان کو والیٔ کوفہ کے ہاں پیش کر دیا گیا وہ خط ان سے چھین لیا اور کہا کہ اگر تم اپنی جان کی خیر چاہتے ہو تو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا ساتھ چھوڑ دو۔ انہوں نے کہا کہ جان دے دی جائے گی لیکن آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ساتھ نہیں چھوڑوں گا۔ بالآخر قیس بن مصہر صیداوی کے ہاتھ و پاؤں باندھ کر ان کو دارالامارت کوفہ لے جایا گیا اور عبدالملک بن عسمر نامی نے ان کے سر کو قلم کر دیا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔ شہدائے کوفہ میں یہ بھی شامل ہیں۔

## پانچویں منزل بعض العیون

یہ منزل بعض العیون کے نام سے مشہور ہے اور عربوں کا یہاں پر ایک چشمہ ہے اور اس چشمہ کی بناء پر اس جگہ کا نام بعض العیون پڑ گیا ہے۔ یہاں پر کچھ لوگوں نے امام عالی مقام سے ملاقات کی اور سفرِ کوفہ سے منع کیا لیکن آپ نے انکار فرمایا۔

## چھٹی منزل خزیمیہ

اس منزلِ خزیمیہ پر حضرت امام عالی مقام نے خیمے نصب فرما لیے اور دن رات قیام فرمایا۔ آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس قافلہ میں سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے رات گزارنے کے بعد فرمایا کہ میں نے رات ایک عجب بات سنی ہے وہ یہ کہ ہاتف غیب سے یہ آواز سنائی دی اور یہ کہا گیا۔

اَلَايَا عَيْنُ فَاحْتُنِلِیْ بِجَهْدٍ وَمَنْ يَّبْكِیْ عَلَی الشُّهَدَاءِ بَعْدِیْ۔ عَلٰی قَوْمٍ تَسوُّقُهُمْ الْمَنَايَا بِمِقْدَارٍ عَلٰی اَنْجَازِ وَعْدِهٖ۔

اے آنکھ پوری کوشش سے آنسو بہا لے بھلا میرے بعد شہداء پر کون روئے گا اس کے بعد کون روئے گا اس گروہ پر جو ایفائے عہد کیلئے جا رہے ہیں۔

ان کلمات کو سن کر امام عالی مقام نے فرمایا:

يَااُخْتَاهُ زَيْنَبُ ذَاكَ الَّذِیْ قَطٰی فَهُوَ كَائِنٌ۔

جو بات قضاء وقدر میں ہے وہ تو آخر ضرور ہو کر رہے گی۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ساتویں منزل زرود

اس منزل پر جب قافلہ آلِ نبی ﷺ پہنچا تو مکہ معظمہ سے حج کی ادائیگی کے بعد ایک شخص جو کہ سیدنا عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ ذوالنورین خلیفہ سوم کے خاص اقرباء میں سے تھے واپس آ رہے تھے ان کا نام زہیر بن القیس بجلی تھا۔ انہوں نے حضرت امام عالی مقام کو اس حال میں دیکھا تو دل میں خیال آیا کہ میں بھی آپ کے ہمراہ ہی چلتا ہوں اس ارادہ سے سیدنا امام عالی مقام کو ظاہر کیا۔ آپ نے فرمایا اگر آپ چاہتے ہیں تو ضرور چلیں۔ چنانچہ آپ ان کے ساتھ ہوئے ان کی شہادت کربلا میں جس شان سے ہوئی اس کا ذکر ان کے باب میں تفصیل کے ساتھ آ رہا ہے۔

## آٹھویں منزل ثعلبیہ

اس منزل ثعلبیہ پر آپ نے قیام فرمایا اور خیال ہوا کہ رات گزار لیں اور پھر صبح سفر جاری رکھا جائے خیمے نصب فرمائے۔ اسی اثناء میں عجب خبر یہ پیش آئی کہ ایک شخص گھوڑے پر سوار کوفہ کی طرف سے آتا ہوا نظر آیا۔ حضرت امام عالی مقام نے فرمایا کہ یہ جو سوار آ رہا ہے اس کو ٹھہر کر دریافت کرتے ہیں ممکن ہے کہ اگر یہ کوفہ سے آ رہا ہوگا تو وہاں کے تازہ ترین حالات کی خبر پوچھیں گے۔ چنانچہ وہ سوار جب قریب آیا تو حضرت امام عالی مقام نے اس سے فرمایا کہ تم کہاں سے آ رہے ہو؟ تو اس نے کہا کہ میں کوفہ سے آ رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا وہاں کے کیا حالات ہیں۔ سوار نے جب دیکھا کہ یہ نواسۂ رسول ہیں جن کے چہرہ پر رات کی تاریکی میں بھی نور چمک رہا ہے وہ بطورِ احترام گھوڑے سے نیچے اتر آیا اور تعظیم و تکریم کے ساتھ سلام عرض کیا اور پوچھا آپ کہاں جا رہے ہیں فرمایا کوفہ۔ اس لیے تم سے وہاں کے حالات پوچھ رہا ہوں۔ اس شخص نے کہا یا ابنِ رسول اللہ ﷺ وہاں کے حالات بیان کرنے کے قابل نہیں والیٔ کوفہ عبیداللہ ابن زیاد نے یزید کی مخالفت کرنے والوں کو سخت تنگ کر دیا اور بالآخر سب لوگ اس کے ظلم کے خوف سے یزید کی حمایت میں ہو گئے۔ اور وہ شخصیتِ عظیمہ جو آپ کے چچا زاد بھائی سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ تھے ان کو دارالامارت کوفہ کی بلندی پر لے جا کر برسرِ عام شہید کر دیا گیا ہے اور جن کے گھر مقیم تھے وہ ہانی بن عروہ رئیسِ کوفہ اور مذحج کے سردار تھے ان کو بھی شہید کر دیا گیا اور اس کے علاوہ جو بھی حضرت امام مسلم رضی اللہ عنہ کی حمائت میں تھے ان کے ساتھ بھی یہی سلوک کیا گیا۔ اس خبرِ دردناک نے سیدنا امام کی حالت بدل کر رکھ دی آپ نے فرمایا مسلم کے بچے ایک چھ سال اور ایک آٹھ سال ان کے ہمراہ گئے تھے وہ کہاں ہیں عرض کیا حضور ایک ظالم کوفی نے ان دونوں بھائیوں کو شہید کر کے ابن زیادہ کو سر مبارک دے دیے اور پھر اس قاتل کو بھی مروا دیا۔ اور دونوں بچوں اور ان کے باپ کو دفن کر دیا گیا ہے۔ (الحیات)

سیدنا امام عالی مقام روتے اور مسلم اور ان کے بچوں کو یاد فرماتے جب خیموں کی طرف بڑھے تو سب جمع ہو گئے اور عرض کیا حضور کیا ہوا؟ آپ نے جب یہ خبر سنائی کہ ظالموں نے میرے مسلم اور اس کے بچوں کو بیدردی کے ساتھ شہید کر دیا ہے بس یہ خبر سننا تھا کہ آلِ رسول و احباب نے گریہ و زاری شروع کر دی۔ ارتج الموضع البکاء بِقَتْلِ مُسْلِمٍ بْنِ عَقِیْلٍ سَالَتِ الدُّمُوْعُ کُلَّ سَیْلٍ۔ کہ وہ زمین کا حصہ اہلِ بیت کے رونے سے کانپ رہا تھا اس قدر آہ و بکاء بلند ہوئی حضرت امام پھر خواتینِ اہلِ بیت کی طرف یہ دردناک خبر لے کر گئے جبکہ پہلے ہی سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ کی زوجہ سیدہ رقیہ جو اپنے عظیم شوہر اور دل کے ٹکڑوں کو یاد کر کے رو رہی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تھیں اور سیدہ حمیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا امام مسلم کی بڑی نوجوان صاحبزادی اپنے شفیق باپ اور چھوٹے بھائیوں کو یاد کر کے رو رہی تھیں۔ آپ نے ان کو بڑے صبر و تحمل کی تلقین فرمائی اور فرمایا اللہ ان ظالموں سے بدلہ لے گا اور ظالم جہنم رسید ہوئے اور میرے مسلم تو رَحِمَ اللّٰہُ مُسْلِمًا فَلَقَدْ صَارِعًا اِلٰی رُوْحِ اللّٰہِ وَرَیْحَانُہٗ وَجَنَّۃُ وَّرِضْوَانُہٗ قَفٰی عَلَیْہِ وَبَقِیَ مَاعَلَیْنَا۔ اللہ تعالیٰ میرے مسلم کے حال پر رحم فرمائے وہ اللہ کے ہاں اور اس کی جنت کے رضوان کو روانہ ہو گئے جو کچھ ان کے ذمے تھا وہ پورا کر چکے اور اب جو کچھ ہے وہ ہمارے ذمہ ہے۔ سب اہلِ بیت کے نوجوان میں ولولہ و جذبہء شوقِ شہادت بھر آیا۔ امام مسلم کے دو نوجوان بیٹے بھی جو ہمراہ تھے انہوں نے بھی امی جان اور بہن کو تسلی دی۔ ان کی شہادت کا ذکر آگے آ رہا ہے گویا کہ اس دردناک خبر نے جو آلِ نبی ﷺ پر صدمہ کا پہاڑ ڈھایا اس کا کچھ اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن اس کے برعکس صبر و رضا و تحمل بھی دیکھا جائے تو اس کی مثال بھی نہیں مل سکتی۔ صبر کا دامن لیے صابرین نے اپنا سفر پھر شروع کر دیا۔

بلوا کے حرم سے ہم کو خود رخصت ہو گئے
آخر بار تو کچھ کہہ دیتے یہ حسرت بھی ساتھ لے گئے

## نویں منزل زبالہ

اس مقامِ زبالہ پر قافلۂ اہل بیتِ رسول ﷺ نے کچھ دیر آرام فرمایا اور لوگوں سے ملاقاتیں بھی ہوئیں اور کچھ لوگ نواسۂ رسول کے ہمراہ بھی ہوئے۔ (الحیات)

## دسویں منزل بطنِ عقبہ

اس منزل بطنِ عقبہ پر ایک شخص عمرو بن لوزان سے ملاقات ہوئی تو آپ نے اس سے فرمایا۔ تم مجھے کوفیوں کے حالات کی وجہ سے روکتے ہو کہ یہ سفر ترک کروں۔ لیکن وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَایَعْلَمُوْنَ۔ اللہ تعالیٰ کا حکم ہر معاملہ میں امرِ غالب ہے لیکن اکثر لوگ اس کو نہیں جانتے ہیں۔ اِنِّیْ رَاَیْتُ کِلَابًا اِشْتَھَتْنِیْ اَشَدُّھَا عَلَیَّ کَلْبٌ اَبْقَعُ۔ میں ان کتوں کو دیکھ رہا ہوں جو کاٹ رہے ہیں ان میں ایک کتا سفید داغ ہے اس میں تمثیل ہے ظالموں کے کتوں کی مثل ہونے کی اور دوسری نشانی ہے سفید داغ شمر ذی الجوشن کی طرف اس جگہ یہ رات گزاری۔ (ایضاً)

## گیارھویں منزل شراف

اس منزلِ شراف تک آپ پہنچے اور کچھ دیر ٹھہرے اور پانی وغیرہ اپنے مشکیزوں میں بھرا اور رات اسی جگہ پر قیام فرمایا اور دوپہر تک اسی جگہ رہے پھر سفر یہاں سے جاری فرمایا۔ شراف منزل قادسیہ سے چند میل کے فاصلہ پر ہے۔

## بارہویں منزل سرات

اس منزل پر جب سیدنا امام عالی مقام کا قافلہ پہنچا تو اس سے پہلے ہی عبیداللہ ابن زیاد والیٔ کوفہ نے حر ابن یزید ریاحی کو ایک ہزار کا لشکر دے کر روانہ کر دیا اس لیے کہ اسے یہ خبر ہو چکی تھی کہ قافلۂ آلِ رسول کوفہ کی طرف آ رہا ہے لہٰذا ان کو تم جہاں کہیں پاؤ اسی وقت گرفتار کر کے میرے پاس لے آؤ۔ حر اس حکم کی تعمیل کرتے ہوئے ایک ہزار کا لشکر لے کر آ رہے تھے کہ اس جگہ پر ایک عجیب واقعہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

پیش آیا جو مندرجہ ذیل ہے۔

## مقام سرات اور حرابن یزید ریاحی

حرایک ہزار کا دستہ فوج لے کر پہنچ گئے۔ مگر بغیر آب وگیاہ اس ریگستانی علاقہ میں حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور آپ کے اصحاب کے سدراہ ہونے پر حراور ان کی فوج اور ان کی سواریوں کا برا حال ہو رہا تھا۔ ریگستانی علاقہ میں دھوپ اور شدید پیاس سے بے بس ہو رہے تھے۔ جب حضرت امام نے ان کی یہ کیفیت دیکھی تو آپ نے اپنے اصحاب کو فرمایا کہ ان کو پانی بھر کر پلاؤ حکم کی تعمیل کرتے ہوئے حر کی فوج کو پانی پلانا شروع کر دیا یہاں تک کہ تمام سوار اور سواریاں سیر ہو کر پانی پی چکے۔ علی بن طعمان حر کا ایک سپاہی بیان کرتا ہے کہ میں سب سے آخر میں تھا اور میں اور میری سواری شدت پیاس سے نڈھال تھے تو میری اور سواری کی خستہ حالت دیکھ کر سیدنا امام آگے بڑھے اور فرمایا میں نے راویہ کا مطلب مشکیزہ سمجھا یعنی اصل مطلب نہ سمجھ سکا۔ پھر امام نے فرمایا اونٹ کو بٹھاؤ میں نے اونٹ کو بٹھایا حضرت امام نے مشکیزہ پیش کیا اور فرمایا پانی پیو۔ مگر میری حالت یہ تھی کہ پانی پینے لگتا تو پانی بہہ جاتا یعنے اس قدر میری حالت خراب تھی سیدنا امام نے فرمایا دھانے کو اپنی طرف کرو میں پھر بھی ایسا نہ کر سکا۔ سیدنا امام نے پھر خود دھانے کو میرے منہ کے قریب کر کے مجھے پانی پلا دیا۔ (الحیات)

گویا کہ نواسۂ سید الابرار سرکار ابد قرار علیہ وعلیٰ جدہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس مقام پر دشمن کی فوج کو پانی پلا کر ثابت کر دیا کہ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ دشمن کے ساتھ اچھا سلوک کر کے اپنا دفاع کرو تا کہ وہ جان جائے کہ میرا کیا ارادہ ہے اور اس کا میرے ساتھ اچھا سلوک ہے یہ ہے شانِ آلِ اطہار۔ اسی حال میں نماز ظہر کا وقت قریب آ گیا تو آپ نے اپنے بیٹے سیدنا علی اکبر رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ اذان کہو۔ جب اذان ہو گئی اور سب نماز کے لیے جمع ہو گئے اور سیدنا امام اپنے مخصوص لباس عربی جبہ پہنے ہوئے تشریف لائے۔ اس وقت حرابن یزید ریاحی اور اس کی تمام فوج بھی وہاں پر موجود تھی تو سیدنا امام نے اس ریگستانی علاقہ میں خطبہ فرمایا۔

اَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ لَمْ اَتِکُمْ حَتّٰی اَتَتْنِیْ کُتُبُکُمْ وَقَدِمَتْ عَلَیَّ رُسُلُکُمْ اَنْ اَقْدِمْ عَلَیْنَا فَاِنَّهٗ لَیْسَ عَلَیْنَا اِمَامٌ لَعَلَّ اللّٰهُ یَجْمَعُنَا بِكَ عَلَی الْهُدٰی وَالْحَقِّ فَاِنْ کُنْتُمْ عَلٰی ذٰلِكَ فَقَدْ جِئْتُکُمْ فَاَعْطُوْنِیْ عُهُوْدَکُمْ وَاِنْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَکُنْتُمْ لَقَدُوْمِیْ کَارِهِیْنَ اِنْصَرَفْتُ عَنْکُمْ اِلَی الْمَکَانِ الَّذِیْ جِئْتُ مِنْهُ اِلَیْکُمْ۔ (الحیات)

اے لوگو! میں اس وقت تک تمہاری طرف نہیں آیا۔ جب تک تم نے خطوط لکھ کر اور درخواستیں بذریعہ قاصد نہیں بھیجیں کہ یہاں آیئے ہمارا کوئی امام نہیں۔ شائد آپ کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ہم کو ہدایت دے دے اور حق پر آ جائیں۔ پس اگر تم عہد و پیمان پر قائم ہو تو میں آ گیا ہوں۔ اب مجھے اپنے ایفائے عہد کا یقین دلاؤ اور اگر تمہیں میرا آنا ناپسند ہے تو میں جہاں سے آیا ہوں واپس چلا جاتا ہوں۔

آپ کے اس خطبہ کو سن کر کسی ایک نے بھی کوئی جواب نہ دیا۔ پھر آپ نے حر سے فرمایا کہ ہمارے ساتھ نماز پڑھو گے؟ انہوں نے کہا ہاں۔ چنانچہ آپ کے پیچھے تمام لشکرِ حر نے نماز پڑھی۔ نمازِ ظہر کی فراغت کے بعد سیدنا امام اپنے خیمہ میں چلے گئے اور حر اپنے خیمہ میں۔ باقی تمام لشکر حر ادھر اپنے اپنے سواروں کے ہمراہ بیٹھا رہا یہاں تک کہ نمازِ عصر کا وقت آ گیا۔ پھر اذان کہلوائی اور سب جمع ہو گئے نمازِ عصر بھی لشکرِ حر نے آپ کی اقتداء میں پڑھی اس کے بعد پھر آپ نے خطبہ دیا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَیُّهَاالنَّاسُ فَاِنَّکُمْ اِنْ تَتَّقُوااللّٰهَ وَتَعَرَّفُوالْحَقَّ لِاَهْلِهٖ تَکُنْ اَرْضَی اللّٰهُ عَنْکُمْ اَهْلُبَیْتِ مُحَمَّدٍوَاَوْلٰی بِوَلَایَةِ هٰذَالْاَمْرِعَلَیْکُمْ مِنْ هٰؤُلَاءِ وَکَانَ رَأْیُکُمْ اَلْاٰنَ غَیْرَ، ماَاتتنی به قَدَّمْتُ بِهٖ عَلٰی رَسُوْلِکُمْ اِنْصَرَفْتُ عَنْکُمْ۔

مزید فرمایا: اے لوگو! اگر تم اللہ سے ڈرو اور حق دار کا حق پہچانو تو یہ بات اللہ تعالیٰ کی خوشنودی ہوگی آلِ رسول اسلامی نظام کی بنا پر ان لوگوں سے زیادہ حقدار ہے اور جو لوگ دعویٰ دار ہیں وہ غلط ہیں اور ظلم کر رہے ہیں لیکن اگر تم ہم کو ناپسند کرتے ہو اور ہم کو نہیں پہچانتے اور تمہاری رائے اس کے مخالف ہے جو تم نے اپنے خطوط اور قاصدوں کے ذریعہ ظاہر کیا تو پھر میں واپس چلا جاتا ہوں۔ (الحیات)

سیدنا امام کے اس خطبہ پر حر نے عرض کیا اَنَا وَاللّٰهِ مَا اَدْرِیْ مَا هٰذِهِ الْکُتُبُ وَالرُّسُلُ الَّتِیْ تَذْکُرُ۔ میں خدا کی قسم اٹھا کر کہتا ہوں آپ یقین کریں مجھے ان خطوط یا قاصدوں کے متعلق کچھ علم نہیں جن کا آپ ذکر فرما رہے ہیں۔ سیدنا امام نے ایک شخص عقبہ ابن سمعان کو فرمایا کہ خیمہ سے خطوط والی خرجیاں لاؤ چنانچہ وہ دو تھیلے لائے جو اہلِ کوفہ و بصرہ کے خطوط سے بھرے ہوئے تھے۔ سیدنا امام نے نکال کر حر کے آگے پھیلا کر رکھ دیے تو حر نے کہا اِنَّا لَسْنَا هٰؤُلَاءِ الَّذِیْ کَتَبُوْا اِلَیْكَ ہم ان میں سے نہیں ہیں جنہوں نے آپ کو خطوط لکھے ہیں ہم تو عبیداللہ ابن زیاد کے حکم پر آئے ہیں اس والیٔ کوفہ کا حکم ہے کہ اس قافلہ والوں کو پکڑ کر ہمارے سامنے پیش کرو لیکن ابھی تک ہم نے آپ کو کچھ نہیں کہا حر نے کہا یا تو آپ ہمارے ساتھ چلیں اور عبیداللہ ابن زیاد کے سامنے پیش ہو جائیں اور اگر ایسا نہیں تو آپ کسی اور راستہ کو اختیار کر لیں آپ نے پھر تمام قافلہ والوں کو فرمایا کہ یہ راستہ چھوڑ دو اور ہم دوسرے راستہ کی طرف نکل جاتے ہیں۔ یہ صورتحال دیکھ امام عالی مقام نے پھر ایک اور خطبہ دیا۔ جس کے ابتدائی الفاظ یہ ہیں:

فَاِنَّهٗ قَدْنَزَلَ مِنَ الْاَمر قدتَرَوْنَهَا اِنَّ الدُّنْیَا تَغَیَّرَتْ وَتُنکرَتْ وَاَمْربر مَعْروفها واستمرَ تَخَدّاء فَلَمْ یَبْقٰی مِنْهَا اِلَّاحَبَابَةٌ لِکلِبَابَةِ الْاِنَاءِ وَخَمِیْسُ عَیْشُ کَالْمُرْعٰی الْوَبِیْلَ اَلاتَرَوْنَ اَنَ الْحَقَّ لَایَعمَل وَبِهٖ اَنَّ الْبَاطل لَایتَنَاهِیَ سَرُاغَبَ الْمؤمن فی لقاء اللّٰهِ مُحُقًّا فَاِنِّیْ لَااَرَی الْمَوْتَ اِلَّاسَعَادَةَ الشَّهَادَةِ وَلَاالْحَیٰوةُ مَعَ الظَّالِمِیْنَ اِلَّابِرمًا۔

اے لوگو! جو مصیبت اور بلا نازل ہوئی ہے وہ آپ نے دیکھ لی ہے دنیا کی حالت بدل گئی اور لوگ منہ پھیر گئے اور اگر کوئی باقی ہے تو اس طرح جیسے پیالہ میں ایک قطرہ۔ اسی حالت میں زندگی گزارنا اس طرح مشکل ہے جیسے چراگاہ میں چرانا ناگوار ہو جاتا ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ حق پر کچھ عمل نہیں رہا اور باطل پر عمل ہو رہا ہے اس حال میں مردِ مؤمن اللہ وحدہٗ کے حضور حاضر ہونے کی تمنا کرتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ ان حالات میں مرجانا اور درجۂ شہادت کی سعادت حاصل کر لینا اس سے بہتر ہے کہ ظالموں کی جماعت میں رسوائی ہو۔

اس کے ساتھ ہی سیدنا امام کے ساتھیوں میں سے ایک شخص زہیر بن القیس کھڑے ہو گئے اور مخاطب ہو کر عرض کیا:

قَدْسَمِعْنَا هٰدَاكَ اللّٰهُ یَااِبْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ مَقَالَتَكَ اِلَّالَوْکَانَتِ الدُّنْیَا لَنَابَاقِیَةً وَلَنَا فِیْهَا فَخَدَیْنِ اِلَّا اَنَ خَرَاقِهَا فِیْ نَصْرِكَ مَرَافَقَتَكَ لَاَثَرْنَا الْخُرُوْجَ مَعَكَ عَلَی الْاِقَامَةِ فِیْهَا۔

اے ابنِ رسول۔ ہم نے آپ کی بات سنی خدا کی قسم اگر یہ دنیا ہمیشہ کی زندگی ہوتی اور کبھی مرنا بھی نہ ہوتا تو بھی ہم آپ کی نصرت اور تائیدِ حق میں اس ہمیشہ کی زندگی کو آپ کے ساتھ مرنے پر ترجیح دیتے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سیدنا امام عالی مقام نے ان کے حق میں یہ کلام سن کر دعا فرمائی۔ اس کے بعد ایک ساتھی نافع نے کھڑے ہو کر کہا:

وَاللّٰهِ مَا كَرِهْنَا لِقَاءَ رَبِّنَا وَاِنَّا عَلٰى نِيَاتِنَا وَبَصَائِرِنَا نُوَالِيْ مَنْ وَالَاكَ وَنُعَادِيْ مَنْ عَادَاكَ۔

خدا کی قسم ہم بارگاہ رب العزت میں ہونا پسند کرتے ہیں اور ہم اپنی دینی بصیرت اور صاف نیت پر قائم ہیں۔ ہماری دوستی ان سے ہے جو آپ کا ہے اور جو آپ کا دشمن ہوگا ہم اس کے دشمن ہوں گے۔

اس کے بعد پھر برید بن خفیر نے کھڑے ہو کر کہا۔

وَاللّٰهِ يَابْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ بِكَ عَلَيْنَا وَاَنْ نُقَاتِلَ بَيْنَ يَدَيْكَ فَيُقْطَعَ فِيْكَ اَعْضَائُنَا ثُمَّ يَكُوْنُ جَدُّكَ شَفِيْعُنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

اے ابنِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قسم یہ اللہ تعالیٰ کا ہم پر احسان ہے کہ اس نے ہم کو توفیق دی کہ ہم آپ کے ساتھ ہیں اور دینِ اسلام کے دشمنوں سے جہاد کریں اور اس میں ہمارے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں اور پھر روزِ قیامت آپ کے نانا پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام ہمارے شفیع ہوں گے۔

پھر اس کے بعد سیدنا امام عالی مقام نے یہاں پر چلنے کا حکم دیا کہ اب ہم بجائے کوفہ جانے کے شام کا سفر اختیار کر لیتے ہیں۔ چنانچہ آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ قافلہ اور آپ کے رفقاء واحباب نے یہ راستہ چھوڑ دیا اور دوسری جانب شمال مغرب کی طرف روانہ ہو گئے اور حر ابن یزید ریاحی نے کہا بالکل درست ہے اور عبید اللہ ابن زیاد والیٔ کوفہ کو میں سنبھال لوں گا۔ میں جانوں اور وہ جانے۔

## کوفہ کی بجائے راہِ شام درحقیقت شام کربلا

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے مکہ معظمہ سے کوفہ کے سفر کو اگر بغور دیکھا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ جب آپ سرات کے مقام پر پہنچے جو کہ قادسیہ کے بالکل قریب ہے تو آپ کو حر ابن یزید ریاحی کی نگرانی میں جو یزیدی لشکر گرفتار کرنے کے لیے آیا تھا انہوں نے تو ایسا نہ کیا لیکن حضرت امام عالی مقام نے باہمی اتفاق پر کوفہ کا راستہ تبدیل فرما لیا قادسیہ سے کوفہ کم وبیش ۳۵ میل کے فاصلہ پر مشرق کی طرف ہے اس راستہ کو چھوڑ کر مغیثہ قصر بنی مقاتل، غریب الحجانات، نینوا کی راہ شمال مغرب کی طرف سیدنا امام عالی مقام کے قافلہ کا جانا ثابت کرتا ہے کہ جب کوفہ والوں کی غداری کا پورا پورا علم ہو چکا تو آپ نے کوفہ کا خیال اور اس طرف جانے کا ارادا ترک فرما دیا اور شام کی طرف روانہ ہو گئے اور کوفہ سے کربلا بطرفِ شام کا فاصلہ بعض نے صرف ۶۴ میل لکھ دیا ہے جو کہ بالکل غلط ہے، لیکن میں پوری تحقیق اور ذمہ داری سے لکھنا اور واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ کوفہ سے کربلا ۱۵۰ کلومیٹر انگریزی اور ۹۰ میل فاصلہ پر ہے۔ (۱)

تعجب ہے کہ ان لوگوں نے نوے میل کو چوبیس میل اتنا فرق کیسے لکھ دیا ہے اور یہ ثابت ہوا کہ حضرت امام عالی مقام نے کوفہ کا سفر اور یہ راستہ ہی چھوڑ دیا اور جو راستہ ملکِ شام کی طرف جاتا تھا اس کی طرف روانہ ہو گئے لیکن ظالموں نے پھر آپ کا پیچھا کیا اور اس میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑی۔

## تیرہویں منزل قادسیہ اور چودھویں منزل مغیثہ

سے گزرتے ہوئے آپ نے اور قافلہ والوں نے پانی پیا اور پھر یہاں سے سفر جاری رکھتے ہوئے آگے روانہ ہوئے۔

(۱) تاریخ کربلا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## پندرہویں منزل غریب الہجانات

اس منزل سے بھی بغیر قیام سفر جاری رکھا۔

## سولہویں منزل بیضہ

یہاں پر بھی کوئی خاص واقعہ پیش نہ آیا۔

## سترہویں منزل زرحم

اس منزل سے بھی گزرتے ہوئے قصر بنی مقاتل کی منزل پر پہنچ گئے۔

## اٹھارہویں منزل قصر بنی مقاتل

یہاں پر شام ہوگئی اور سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے اور رفقاء نے رات گزاری اور پھر صبح یہاں سے روانہ ہوئے تو زبان پر یہ کلمات جاری تھے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ سیدنا علی اکبر رضی اللہ عنہ نے آگے بڑھ کر پوچھا ابا جان کیا بات ہے فرمایا: بیٹا میں نے بحالتِ قیلولہ ابھی دیکھا ہے کہ عالمِ غنودگی میں گھوڑے پر بیٹھے ہوئے۔

اِنِّیْ خَفَقَتْ خَفْقَةً فَغُنَّ لِیْ فَارِسٍ عَلٰی فَارِسٍ وَھُوَ یَقُوْلُ اِنَّھُمْ یَسِیْرُوْنَ وَالْمَنَایَا تَرٰی اِلَیْھِمْ فَعَلِمْتُ اِنَّھَا اَتَتْ اِلَیْنَا۔

ایک گھوڑے سوار کہہ رہے ہیں یہ لوگ تو چل رہے ہیں اور موت ان کی طرف آ رہی ہے پس میں نے معلوم کر لیا ہے کہ ہمیں موت کی اطلاع دی گئی ہے۔

شہزادہ علی اکبر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یَا اَبَتِ لَا اَرَکَ اللّٰہُ سُوْءً اَلَسْنَا عَلَی الْحَقِّ۔ اے پیارے ابا جان اللہ آپ کو کوئی دکھ نہ دے اور کیا ہم حق پر نہیں ہیں۔ آپ نے فرمایا بَلٰی عَلَی الْحَقِّ۔ ہاں ہم حق پر ہیں۔ شہزادہ نے عرض کیا فَاِذًا لَا نُبَالِیْ اَنَّ الْمَوْتَ حَقٌّ۔ پس اگر ہم حق پر ہیں اور یقینا ہیں تو پھر موت سے کچھ ڈر نہیں۔ سیدنا امام نے شہزادے کی اس بات کو سن کر فرمایا۔ جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرَ مَا جَزٰی وَلَدًا عَنْ وَّالِدِہٖ۔ جو بہترین جزا کسی بیٹے کو اپنے باپ سے مل سکتی ہے وہ جزا اللہ تعالیٰ تم کو عطا فرمائے۔

## ہولناک میدان میں حسینی قافلہ کا محاصرہ انیسویں منزل نینوا

نینوا کے قریب پہنچے جہاں حضرت یونس علیہ السلام کا مزارِ اقدس بھی ہے اور دریائے فرات بھی نزدیک ہے۔ اس کے قریب غاخریہ اور شیفہ اس زمانہ میں چھوٹی چھوٹی بستیاں بھی تھیں۔ یہاں پر سیدنا امام عالی مقام کو وہ منظر یاد آنے لگا جو اپنے والدِ بزرگوار سے سنا کرتے تھے کہ نینوا کے قریب دریائے فرات کے مغربی کنارے نشیب کی طرف مجھے حسین رضی اللہ عنہ اور اس کے بچے خون میں تڑپتے نظر آ رہے ہیں۔ چنانچہ ابھی تھوڑا ہی فاصلہ طے فرمایا تھا کہ ایک ریگستانی میدان نظر آیا۔ ابھی یہ منظر قیامت آنکھوں میں منڈلا رہا تھا کہ حر بمع یزیدی لشکر جس کی تعداد ایک ہزار تھی پہنچ گیا اور حر نے آگے بڑھ کر سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کو سلام عرض کر کے کہا حضور میں اس لیے یہاں دوبارہ آیا ہوں کہ مجھے عبید اللہ ابن زیاد والیٔ کوفہ نے اور عمرو ابن سعد سپہ سالار فوجِ یزیدی نے یہ خط دے کر روانہ کیا ہے۔ (جس کا ترجمہ یہ ہے)

جب تمہیں میرا یہ خط ملے تو حسین رضی اللہ عنہ کو وہیں روک لو اور ان کو بے آب و گیاہ جگہ پر اترنے پر مجبور کر دو میں نے اپنے قاصد کو کہہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

دیا ہے کہ یہ تمہارے ساتھ رہے یہاں تک کہ میرے حکم کی تعمیل کی مجھے اطلاع دے۔

یہاں پر یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ والیٔ کوفہ کو حر کے نرم رویہ کے متعلق اطلاع ہو چکی تھی اس لیے کہ مقامِ سرات پر بھی یہی آ کر ملے لیکن قافلۂ اہلِ بیت کے ساتھ کوئی کاروائی عمل میں نہ لائی گئی بلکہ اس راستہ سے ہٹا کر راہِ شام اختیار کرادی اور نہ ہی انہیں موجود پا کر گرفتار کیا گیا۔ ان تمام باتوں سے وہ بخوبی واقف تھا جبھی ایک جاسوس کو ان کے ہمراہ روانہ کیا گیا اور تاکید کی گئی کہ جہاں انہیں پاؤ روک لو۔

## ورودِ کربلا دو محرم الحرام پنجشنبہ روز ۶۱ ہجری (بیسویں منزل کربلا)

اس چٹیل ریگستانی میدان میں قافلۂ اہلِ بیتِ نبوت اور ان کے اصحاب رکے تو سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اچھا ہم یہاں ہی رک جاتے ہیں اتنا تو بتاؤ کہ اس ہولناک میدان کا کیا نام ہے۔ مَا اِسْمُ هٰذِهِ الْاَرْضُ۔ جواب دیا گیا هٰذِهِ الْاَرْضُ كَرْبٌ وَبَلَا۔ اس جگہ کو کربلا کہتے ہیں۔ یعنے مصیبتوں اور تکلیفوں والا میدان یا جگہ۔ سیدنا امام عالی مقام نے فرمایا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكَرْبِ وَالْبَلَا۔ اے میرے اللہ ہم تجھ سے پناہ مانگتے ہیں اس کرب و بلا سے۔ سیدنا امام عالی مقام نے یہ کہہ کر اپنے احباب اور خاندان کو فرمایا هٰهُنَا مَحَطُّ رِحَالِنَا وَسَفْكُ دِمَائِنَا وَهٰهُنَا مَحَلُّ قُبُوْرِنَا بِهٰذَا حَدَّثَنِیْ جَدِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یہی وہ ہماری جگہ ہے جہاں ہم نے لنگر ڈالنے ہیں اور ہمارے خون بہائے جانے ہیں اور یہی ہماری قبروں کے محل ہیں اور یہی وہ مقام ہے جس کے متعلق میرے جدتاجدار آقا سید الابرار سرکار سیدنا محمد رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خبر دے دی ہے۔ (الحیات)

چنانچہ خیمے نصب کر لیے گئے اور آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بڑے اور چھوٹوں نے اپنی قیام گاہ پسند کر لی اور رفقاء و احباب حسینی رضی اللہ عنہ نے اپنے اپنے ٹھکانے بنا لیے۔ یہ محرم الحرام کی ۶۱ ہجری بروز پنجشنبہ کا روز ہے کہ قافلۂ اہلِ بیتِ رسول نے کربلا کی اس زمین میں ورودِ مسعود فرمالیا۔ حر نے جب ان کو یہاں ٹھہرالیا اور آگے نہ جانے دیا تو پھر اس کی اطلاع عبید اللہ ابن زیاد اور سپہ سالارِ فوج عمرو ابن سعد کو کر دی گئی کہ ہم نے نواسۂ رسول اور ان کے خاندان اور احباب کو اس جگہ پر گھیر لیا ہے انہوں نے کہا تھا کہ مجھے کچھ آگے چلنے دو لیکن ہم نے ان کو نہیں جانے دیا۔

ناظرین نے متذکرہ بالا بیان پر غور کیا ہے کہ نواسۂ رسول نے ہر ممکن کوشش کی۔ لیکن ابتلائے خداوندی و رضائے مصطفوی کس طریق اور کس رنگ میں آ پڑی اور اس جگہ جس کے متعلق کئی سال پہلے وقتِ پیدائشِ امام پر ہی شہرت ہو چکی تھی وہ کس طرح آج عمل میں آ چکی ہے یہ وہی کربلا ہے جس کی مٹی سیدہ ام سلمہ ام المؤمنین سلام اللہ علیہا کو دی گئی۔

## سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا پہلا خطبہ اور خاندان و رفقاء

محرم الحرام کی دوسری تاریخ ۶۱ ہجری کو سیدنا امام عالی مقام نے میدانِ کربلا میں خیمے نصب فرمانے کے بعد سب سے پہلے اپنے اہلِ بیت و رفقاء و احباب کو جو خطبہ اور نصیحتیں فرمائیں اس کا مضمون یہ تھا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جَمَعَ وَلَدِهٖ وَاِخْوَتِهٖ وَاَهْلَ بَيْتِهٖ وَنَظَرَ اِيَّاهُمْ سَاعَةً وَبَكٰى وَقَالَ اَللّٰهُمَّ اِنَّا عِتْرَةُ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَقَدْ اَخْرَجَنَا عَنْ حَرَمِ جَدِّنَا وَتَعَدَّتْ عَلَيْنَا اَللّٰهُمَّ فَخُذْ لَنَا بِحَقِّنَا وَ انْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ وَقَالَ اَكْثَرُ النَّاسِ عَبِيْدُ الدُّنْيَا وَالدِّيْنُ لَعِقٌ عَلٰى اَلْسِنَتِهِمْ يَحُوْطُوْنَهٗ مَادَرَّتْ مَعَايِشُهُمْ فَاِذَا مُحِّصُوْا بِالْبَلَاءِ قَلَّ الدَّيَّانُوْنَ۔

آپ نے اپنی اولاد اور بھائیوں اور تمام اہلِ بیت کو جمع کیا اور ایک ساعت ان کی طرف دیکھتے رہے اور رو پڑے اور بارگاہِ خداوندی میں یوں عرض کیا اے اللہ ہم تیرے نبی کی عترت ہیں اور ہم کو زبردستی آقاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کے شہر اور حرم سے دور کیا گیا اور ہم پر ظلم وستم کیا گیا ہے تو ہمارے حق کو پورا فرما اور ظالموں پر فتح ونصرت عطا فرما۔ عام لوگ دنیا کے بندے ہیں اور انہوں نے دین کو ایک چاٹ بنایا ہوا ہے اور وہ دین میں ظاہری طور پر اس وقت تک رہتے ہیں جب تک ان کی مالی حالت بہتر رہتی ہے۔ لیکن جب کسی آزمائش کا وقت آتا ہے تو دیندار بہت کم لوگ ثابت قدم رہتے ہیں۔

اس کے بعد فرمایا میں تجھ کو اس کی خاص نصیحت کرتا ہوں کہ جب ہم پر مصیبت اور تکلیف اور موتِ شہادت آئے تو۔

وَقَالَ اَصْبِرْنَ عَلٰى مَصَابِنِيْ وَ فِرَاقِيْ وَاِذَا اَنَا مِتُّ لَا تَلْطِمْنَ خَدًّا وَلَا تَخْمِشْنَ وَجْهًا وَلَا تَنْقُفْنَ شَعْرًا وَلَا تَسْوَدْنَ ثَوْبًا وَلَا تَدْعُيْنَ بِوَيْلٍ۔ (ایضاً)

میری مصیبت اور مفارقت پر صبر کرنا اور جب میں مارا جاؤں (یعنے شہید ہوجاؤں) تو خبردار اپنے رخساروں پر طمانچے نہ مارنا اور اپنے چہروں کو نہ نوچنا اور اپنے بالوں کو نہ نوچنا اور اپنے کپڑے نہ پھاڑنا اور واویلا کی صدائیں بلند نہ کرنا۔

وَيَا اُخْتِيْ زَيْنَبُ اَنْتِ بِنْتُ الْفَاطِمَةَ وَاصْبِرِيْ كَمَا صَبَرَتْ اِذَا فَرَّقَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ كَذٰلِكِ صَبَرْتِ عَلٰى مُصِيْبَتِيْ۔

اور اے میری بہن زینب تم فاطمہ زہرا کی شہزادی ہو اور جیسا انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی مفارقت پر صبر کیا تھا تم بھی اسی طرح صبر کرنا اور جیسا کہ صبر کیا میری مصیبت پر۔

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے اس خطبہ کا مقصد یہی ہے کہ ہمارے مصائب اور موتِ شہادت کے بعد ماتم نہ کرنا۔ کیونکہ ایسا کرنا اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی صریحاً خلاف ورزی اور صبر کے منافی ہے۔ اور یاد رہے کہ اس ماتم کی ممانعت کے متعلق کے خطبہ ان لوگوں نے بھی اپنی کتب میں لکھا ہے لیکن افسوس کہ حبِ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ واہل بیت کا دعویٰ۔ اور ان کے حکم کی خلاف ورزی بلکہ ان کے ساتھ سراسر دشمنی کی دلیل ہے۔

## (فَصَكَّتْ وَجْهَهَا) کے معنیٰ ماتم نہیں

بعض جہلا ماتم کو شرعی حیثیت دیتے ہیں اور قرآن کریم کی آیت فَصَكَّتْ وَجْهَهَا سے یہ مراد لیتے ہیں کہ ماتم جائز ہے حالانکہ اس آیت میں اس واقعہ کا بیان ہے جب حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو ولادتِ فرزند کی بشارت دی گئی تو سیدہ سارہ نے اظہار تعجب کے طور پر اپنا ہاتھ اپنے منہ پر رکھ لیا جیسا کہ عموماً عورتوں کی عادت ہوتی ہے لیکن ان لوگوں نے اس کو ماتم کا ثبوت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بنالیا حالانکہ ان کی کتابوں میں بھی فَصَكَّتْ وَجْهَهَا کا یہی مفہوم واضح الفاظ میں مذکور ہے۔ ملاحظہ کریں۔

(فَصَكَّتْ وَجْهَهَا) قِيْلَ فَلَطَمَتْ اَطْرَافَ الْاَصَابِعَ عَلٰى جَبْهَتِهَا فِعْلَ الْمُتَعَجِّبِ وَقَالَ الْقُمِّيُّ غَطَّتْهُ۔ (۱)

''فَصَكَّتْ وَجْهَهَا'' کہا گیا ہے (اس کے معنیٰ یہ ہیں) پس سارہ نے بطورِ تعجب اپنی انگلیوں کے پورے اپنے ماتھے پر مارے قمی نے کہا کہ حیا کرتے ہوئے اپنا منہ ڈھانپ لیا۔

فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ (فِيْ جَمَاعَةٍ) الطبرسی عَنِ الصَّادِقِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ جَمَاعَةٍ وَقَالَ عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا اَيْ غَطَّتْهُ لِمَا بَشَّرَهَا جِبْرَائِيْلُ يَا اِسْحٰقَ۔ (۲)

حضرت صادق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کی عورت سارہ رضی اللہ عنہا جماعت میں آئی علی ابن ابراہیم نے کہا فَصَكَّتْ وَجْهَهَا یعنے جبرائیل علیہ السلام نے حضرت اسحٰق کو بیٹے کی خوش خبری دی تو سارہ نے اپنے منہ کو شرم سے ڈھانپ لیا۔

(فَصَكَّتْ وَجْهَهَا) اَيْ جَمَعَتْ اَصَابِعَهَا فَغَوَّيْتُ جَبِيْنَهَا تَعَجُّبًا فَصَكَّتْ وَجْهَهَا۔

یعنے اپنی انگلیوں کو جمع کر کے حضرت سارہ نے تعجب سے اپنی پیشانی پر مارا۔

جب یہ حوالہ دیا ہے تو پھر یہ بھی شبہ ڈالا جا سکتا ہے کہ بعض مفسرین نے فَصَكَّتْ کا ترجمہ لَطَمَتْ یعنے طمانچے بھی کیا ہے وہ تفاسیر ملاحظہ ہوں۔

لِاَنَّهَا وَجَدَتْ حَرَارَةَ الدَّمِ فَلَطَمَتْ وَجْهَهَا مِنَ الْحَيَاءِ۔

اس لیے کہ اسی وقت خونِ حیض کی گرمی حضرت سیدہ کو معلوم ہوئی تو حیاء سے انہوں نے اپنے منہ پر طمانچہ مارا۔

(تفسیر جوامع الجوامع للطبرسی ص:۴۴۷)

(فَصَكَّتْ) پس طمانچہ زد بسر انگشتان وَجْهَهَا بروئے خود مقاتل وکلبی گفتہ اند کہ انگشتان جمع کردو بر ہر دو جبین خود زد ایں از عادت زناں است در وقلت تعجب وگویند ایں مژدہ کہ شنید حرارت دمِ حیض را بر خود یافت وطمانچہ بروئے خود زد۔ (۳)

ترجمہ: پھر انگلیوں کے پوروں سے اپنے منہ پر سارہ نے طمانچہ مارا مقاتل اور کلبی نے کہا کہ انگلیوں کو اٹھا کر کے اپنے ماتھے پر مارا اور یہ تعجب کے واسطے عورتوں کی عادت ہے اور کہا جاتا ہے کہ یہ خوشخبری جب حضرت سارہ نے سنی تو اسی وقت خون حیض کی گرمی حضرت سیدہ کو اپنی ذات پر محسوس ہوئی اور حیاء کی وجہ سے اپنے منہ پر طمانچہ مارا۔

عمر بن مقدام کہتے ہیں کہ امام محمد باقر علیہ الرحمۃ نے مجھ سے فرمایا: تم اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں کیا جانتے ہو۔

وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ قُلْتُ لَا قَالَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لِفَاطِمَةَ عَلَيْهَا السَّلَامِ اِذَا اَنَا مِتُّ لَا تَخْمِشِيْ عَلَيَّ وَجْهًا وَلَا تَرْخِيْ عَلَيَّ شَعْرًا وَلَا تُنَادِيْ بِالْوَيْلِ وَلَا تُقِيْمِيْ عَلَيَّ نَائِحَةً قَالَ ثُمَّ قَالَ هٰذَا الْمَعْرُوْفُ الَّذِيْ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ۔ (۴)

عمر بن المقدام فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام باقر علیہ السلام سے سنا ہے کہ فرماتے تھے کہ تم جانتے ہو اللہ کے فرمان وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ کہ عورتیں نیکی میں اللہ کی نافرمانی نہ کریں میں نے عرض کیا کہ حضور میں نے نہیں سنا۔ حضرت امام باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

(۱) تفسیر صافی، ص:۳۶۹ (۲) تفسیر برہان، ج:۴، ص:۲۳۵ (۳) تفسیر المنہج، ص:۷۰۶ (۴) فروع کافی، ج:۲، ص:۲۲۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو وصیت فرمائی کہ جب میرا وصال ہوجائے تو تم مجھ پر اپنے منہ کو نہ نوچنا اور مجھ پر اپنے بالوں کو نہ کھولنا اور مجھ پر واویلا کر کے نہ پکارنا اور مجھ پر نوحہ کرنے والی کھڑی نہ کرنا۔ حضرت امام باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ پھر نبی ﷺ نے حضرت فاطمہ کو فرمایا کہ یہ مطلب ہے معروف کا جو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ۔

فَقَامَتْ اُمُّ حَكِيْمٍ بِنْتِ الْحَارِثِ ابْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا هٰذَا الْمَعْرُوْفُ الَّذِيْ اَمَرَنَا اللّٰهُ بِهٖ اَنْ لَّا نَعْصِيَكَ فِيْهِ فَقَالَ اَنْ لَّا تَخْمِشْنَ وَجْهًا وَلَا تَلْطُمْنَ خَدًّا وَلَا تَنْتُفْنَ شَعْرًا وَلَا تُمَزِّقْنَ جَيْبًا وَلَا تُسَوِّدْنَ ثَوْبًا وَلَا تَدْعُوْنَ بِالْوَيْلِ وَالثُّبُوْرِ وَلَا تُقِيْمَنَّ عِنْدَ قَبْرٍ فَبَايِعْهُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ عَلٰى هٰذِهِ الشُّرُوْطِ۔ (۱)

ام حکیم بنت حارث بن عبدالمطلب کھڑی ہوئیں تو اس نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ نے معروف کے متعلق یہ کیا حکم فرمایا ہے کہ ہم اس معروف میں آپ کی نافرمانی نہ کریں تو مصطفےٰ ﷺ نے فرمایا کہ خداوندی فرمان معروف کے متعلق یہ ہے کہ تم اپنے مونہوں کو نہ نوچو اور اپنے رخساروں کو طمانچے نہ مارو اور اپنے بالوں کو بھی نہ نوچو اور نہ اپنے کرتوں کو ٹکڑے ٹکڑے کرو اور اپنے کپڑے سیاہ نہ بناؤ اور واویلا و ہلاکت نہ پکارو۔ اور قبر کے پاس کھڑی نہ ہو تو رسول اللہ ﷺ نے ان شروط پر بیعت فرمائی۔

وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ عُنِيَ بِالْمَعْرُوْفِ اَنْهٰى عَنِ النَّوْحِ وَتَمْزِيْقِ الثِّيَابِ وَجَزِّ الشَّعْرِ وَشَقِّ الْجُيُوْبِ وَخَمْشِ الْوَجْهِ وَالدُّعَاءِ بِالْوَيْلِ عَنِ الْمُقَاتِلِيْنَ۔

وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ سے مراد یہ لیا گیا ہے کہ نوحہ سے رکنا کپڑے پھاڑنے سے باز رہنا بال اکھاڑنے سے منع رہنا، کرتے نہ پھاڑنا اور منہ نوچنے سے باز رہنا مقتولین پر واویلا کر کے نہ پکارنا۔

مذکورہ حدیث سے ثابت ہوا کہ حضور ﷺ نے چھ امور پر عورتوں سے بیعت لی۔

لَا تَلْطُمْنَ خَدًّا۔ خبردار اپنے رخساروں پر طمانچے نہ مارنا۔
وَلَا تَخْمِشْنَ وَجْهًا۔ اور اپنے مونہوں کو نہ نوچنا۔
وَلَا تَنْقُضْنَ شَعْرًا۔ اور اپنے بالوں کو نہ نوچنا۔
وَلَا تُسَوِّدْنَ ثَوْبًا۔ اور اپنے کرتوں کو نہ پھاڑنا۔
وَلَا تَدْعِيْنَ بِوَيْلٍ۔ اور واویلا کر کے نہ پکارنا۔

تو معلوم یہ ہوا کہ امام نے اپنے اس خطبہ میں ماتم کی ممانعت اس لیے فرمائی کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی ناراضگی ہے۔

(۱) تفسیر قمی، ص:۳۳۵

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## فصل ۳

# صابرین کی فضیلت از روئے قرآن

وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ○ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ○ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ○

(الرعد: ۲۲ تا ۲۴)

اور وہ جنہوں نے صبر کیا اپنے رب کی رضا چاہنے کو اور نماز قائم رکھی اور ہمارے دیے سے ہماری راہ میں چھپے اور ظاہر کچھ خرچ کیا اور برائی کے بدلے بھلائی کر کے ٹالتے ہیں۔ انہیں کے لیے پچھلے گھر کا نفع ہے۔ بسنے کے باغ جن میں وہ داخل ہوں گے اور جو لائق ہوں ان کے باپ دادا اور بیویوں اور اولاد میں اور فرشتے ہر دروازے سے ان پر یہ کہنے آئیں گے سلامتی ہو تم پر تمہارے صبر کا بدلہ تو پچھلا گھر کیا ہی خوب ملا۔

اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔

صابروں ہی کو ان کا ثواب بھرپور دیا جائے گا بے گنتی۔

اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا۔

اور ان کو جنت کا سب سے اونچا بالا خانہ انعام بدلہ ان کے صبر کا اور وہاں مجرے اور سلام کے ساتھ ان کی پیشوائی ہوگی۔

وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا۔

(السجدۃ: ۲۴)

اور ہم نے ان میں سے کچھ امام بنائے کہ ہمارے حکم سے بتاتے جبکہ انہوں نے صبر کیا۔

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے صبر کرنے والوں کی دنیا و آخرت میں شان بیان فرمائی ہے کہ ایمان والے صابرین کو امامِ ہدایت بنایا ہے اور جنت میں انہیں بلند مقام نصیب ہوگا۔ اور سلام کے ساتھ انہیں عزت بخشی جائے گی۔ اور انہیں بے حساب اجر حاصل ہوگا۔ اٹھتر مقامات پر اللہ تعالیٰ نے صابرین کی تعریف فرمائی ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## فصل ۴

# قرآن اور کرب و بلاء

یہاں پر صرف چند آیات پیش کی جاتی ہیں جن سے واضح ہوگا کہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو کس طرح کرب و بلا میں مبتلا کر کے ان کو جانچتا ہے اور پھر عظیم انعام سے نوازے جاتے ہیں تا کہ لوگ کسی غلط وہم وگمان کے شکار نہ ہو جائیں۔

(۱) اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ۔ (البقرۃ:۲۱۴)

کیا اس گمان میں ہو کہ جنت میں چلے جاؤ گے اور ابھی تم پر اگلوں کی سی روئیداد نہیں پہنچی کہ وہ سختی اور شدت سے ہلا ہلا ڈالے گئے یہاں تک کہ کہہ اٹھا رسول اور اس کے ساتھ ایمان والے کب آئے گی اللہ کی مدد؟ سن لو بے شک اللہ تعالیٰ کی مدد قریب ہے۔

(۲) اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ۔ (آل عمران:۱۴۲)

کیا اس گمان میں ہو کہ جنت میں (یونہی) چلے جاؤ گے حالانکہ ابھی اللہ نے نہ تمہارے مجاہدوں کا امتحان لیا اور نہ ہی صبر والوں کی آزمائش کی۔

(۳) الٓمّٓ ○ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ○ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ۔ (العنکبوت:۱ تا ۳)

کیا اس گمان میں ہیں کہ چھوڑ دیے جائیں گے کہ کہیں ہم ایمان لائے اور ان کی آزمائش نہ ہوگی اور بیشک ہم نے ان کے اگلوں کو جانچا تو ضرور اللہ پچھلوں کو دیکھے گا اور جھوٹوں کو دیکھے گا۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ○ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ○ (البقرۃ:۱۵۵ تا ۱۵۷)

اور ضرور ہم تمہیں آزمائیں گے کچھ ڈر اور بھوک سے اور کچھ مالوں اور جانوں اور پھلوں کی کمی سے اور خوشخبری سناؤ ان صبر کرنے والوں کو کہ جب ان پر کوئی مصیبت پڑے تو کہیں ہم اللہ کے مال ہیں اور ہم نے اسی کی طرف لوٹنا ہے یہ لوگ ہیں جن پر ان کے رب کی دردیں ہیں اور رحمت اور یہی لوگ ہدایت کی راہ پر ہیں۔

ان آیاتِ طیبات سے ثابت ہوا کہ پروردگارِ عالم اپنے بندوں کی آزمائش فرماتا ہے اور آزمایا بھی اپنوں کو ہی جاتا ہے۔ غیروں کو نہیں۔ اسی لیے جتنے بھی امتحان آئے نیکوں پر ہی آئے بروں پر نہیں اور سخت ترین امتحانات میں مبتلا فرما کر پھر ان کو ان انعامات و درجات سے نوازا جاتا ہے جن کا شمار نہیں۔ اسی لیے سابقہ اہلِ مؤمنین اور انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والسلام پر بھی سخت ترین امتحان آئے جن کا قرآن پاک میں ذکر موجود ہے اور حضور خاتم الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام پر اور ان کے ایمان والے متبعین پر امتحانات آئے جیسا کہ احد، بدر، حنین لیکن تمام امتحانوں سے سخت ترین اور ایسا سخت امتحان جو صرف ایک یا دو کے ساتھ تعلق نہیں رکھتا تھا بلکہ آخری مذکورہ آیت میں تو تمام امتحانات کو جان کر پتہ چلتا ہے کہ یہ امتحانات ایک ہی وقت میں میدانِ کربلا میں نواسۂ سید الابرار سرکار سید

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الشہداء سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور آپ کے اعزاء واصحاب واحباب پر آئے اتنا سخت امتحان کہ بیویاں اور بچے اپنی آنکھوں سے یہ منظر دیکھ رہے ہیں۔ خوف، بھوک پیاس، مال، اولاد جان پر تنگی مسلط ہے اور مصائب وآلام کے پہاڑ ایک وقت میں پرچے بن کر آ گئے تو نواسۂ سید الکونین سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے صبر کے ساتھ برداشت فرمایا۔ تو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں یہ بشارت فرمادی کہ ہماری طرف سے ایسے ہی حضرات پر برکتیں اور رحمتیں ہوئی ہیں اور یہی

ہدایت یافتہ ہیں۔ گویا کہ ان امتحانات میں پاس ہونے والوں کو سند دے دی گئی اور بے شمار آیات ہیں۔

(نوٹ) یاد رہے کہ انبیاء مرسلین علیہم السلام پر یا ان کے متبعین پر جو مصائب آئے وہ ان کے درجات کی بلندی اور آزمائش ہے اور یہ اگر گنہگار پر آجائیں تو گناہوں کا کفارہ اور اصلاحِ آخرت ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

باب ۱۹

# دو محرم سے روز عاشورا تک کے حالات

## سیدنا امام عالی مقام کے نام عبید اللہ ابن زیاد والیٔ کوفہ کا خط

سیدنا امامِ عالی مقام امام حسین اور آپ کے ساتھیوں کے ورودِ کربلا کا جب والیٔ کوفہ عبید اللہ ابنِ زیاد کو علم ہوا تو اس نے اوّلین سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کو ایک خط بھیجا جس کا مضمون یہ تھا۔

لَقَدْ بَلَغَنِیْ یَاحُسَیْنُ نُزُوْلِكَ بِكَرْبَلَا وَقَدْ كَتَبَ اِلَیَّ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ یَزِیْدَ اَنْ لَّا اَلْوَسَّدُ الْوَسِیْرَ وَلَا اَتبِعَ مِنَ الْخَیْرِ الْحَقُكَ بِاللَّطِیْفِ الْخَبِیْرِ وَتَرْجِعَ اِلٰی حُكْمِیْ وَحُكْمِ یَزِیْدَ۔ (۱)

الحاصل یہ ہے کہ اے حسین رضی اللہ عنہ مجھے آپ کے کربلا پہنچنے کی خبر ملی ہے اور امیر یزید نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں اس وقت تک نرم تکیہ پر سر نہ رکھوں اور نہ عمدہ خوراک کھاؤں جب تک آپ کو قتل نہ کرلوں مگر یہ کہ آپ میرے اور یزید کے حکم کے آگے سرِ خم تسلیم کرلیں۔

خط کے مضمون سے ظاہر ہوتا ہے کہ عبید اللہ ابنِ زیاد نے حضرت امام کو قتل کی دھمکی دے دی اور واضح کردیا کہ اگر آپ امیر یزید کے آگے سرِ خم نہ کریں گے تو اس وقت تک میں آرام کی غذا نہیں کھا سکوں گا یا جب تک آپ کو قتل نہ کردیا جائے دو چیزیں ہی ہیں یا تو بیعتِ یزید اور یا قتل ہونا۔ اس خط کو پڑھنے کے بعد سیدنا امامِ عالی امام نے اس کو پھینک دیا اور زبانِ اطہر سے یہ جملے فرمائے۔

لَا اَفْلَحَ الْقَوْمُ وَاشْتَرَوا مَرْضَاتِ لِمَخْلُوْقٍ بِسُخْطِ الْخَالِقِ۔

وہ قوم کبھی کامیاب نہیں ہوسکتی جو اللہ تعالیٰ خالقِ حقیقی کی ناراضگی کے عوض مخلوق کی رضامندی خریدے۔

جب قاصد نے جواب کا تقاضا کیا تو آپ نے فرمایا:

مَالَهٗ عِنْدِیْ جَوَابٌ فَقَدْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ۔ (۲)

میرے پاس اس خط کا کچھ جواب نہیں ہے۔ پس ایسا شخص عذابِ خداوندی میں مبتلا ہوگا۔

جب قاصد نے عبید اللہ ابنِ زیاد کو سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے رویہ سے آگاہ کیا تو اس کو یہ یقین ہوگیا کہ میری قاتلانہ دھمکیوں سے آپ مرعوب نہیں ہوئے اور ان کو کسی قیمت پر امیر یزید کی بیعت کرنا گوارہ نہیں۔ اب بجز اس کے کچھ اور چارہ نہیں کہ ان کو ظلم و ستم کا نشانہ بنایا جائے تو عبید اللہ ابنِ زیاد نے پھر دوسرا کام یہ کیا کہ اب آپ کے مقابلہ کے لیے لشکر بھیجنے پر تل گیا۔

(۱) الحیات، ج:۲، ص:۱۸۹ (۱)(الحیات)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## عبیداللہ ابنِ زیاد کا مختصر تعارف

اب رہا عبیداللہ ابنِ زیاد والیٔ کوفہ تو اس کے متعلق بھی اکثر دریافت کیا جاتا ہے کہ یہ کون تھا؟ اور اس کو ابنِ زیاد کیوں کہا جاتا ہے تو عبیداللہ ابنِ زیاد یزید ابنِ معاویہ کا چچازاد بھائی تھا اصل نام عبیداللہ ہے اور باپ کا نام زیاد ہے عام طور پر اس کو ابنِ زیاد کہا جاتا ہے لیکن مراد یہی ہے کہ عبیداللہ۔ عبیداللہ کے باپ کو جو زیاد تھا اس کو بھی ابنِ ابوسفیان کہا جاتا ہے۔ زیاد کی ماں کا نام سمیہ تھا۔ یزید جب تختِ سلطنت پر آیا تو اس نے عبیداللہ کو بصرہ کا گورنر لگا دیا (اس کی ایک خاص وجہ تھی) اس وقت عبیداللہ کی عمر ۳۳ سال تھی پھر اس نے کچھ دیر بعد جیسا کہ آپ جان چکے ہیں کہ کوفہ کا بھی گورنر بنا دیا یہ وہی عبیداللہ ہے جس کے باپ زیاد نے ۵۶ھ ہجری میں یزید کی بیعت لیے جانے کی سخت مخالفت کی تھی۔ عبیداللہ ابنِ زیاد مرجانہ لونڈی کا لڑکا تھا اور یزید اسے اپنے منہ نہ لگاتا تھا مگر خراسان اور بصرہ کا اس کو حاکم بنا دیا اور پھر اسے معزول بھی کر دیا۔ جب یزید کو ہوشیار، عیار، تیز، مکار کوئی اس سے زیادہ نظر نہ آیا تو اس نے عبیداللہ ابنِ زیاد کو بصرہ اور کوفہ کا گورنر بنا دیا یہی یزید کی توقعات تھیں جو اس نے اس سے پوری کرائیں اور اس نے یزید کی ناراضگی کو خوشی میں بدلنے کے لیے ایسے ہی کام کر دکھائے جس سے یزید خوش ہو جائے (آگے انجام بھی ملاحظہ کریں گے)۔

## ۳ محرم اور کربلا میں عمرو بن سعد بمعہ چار ہزار لشکرِ یزید

یاد رہے کہ عبیداللہ ابنِ زیاد نے کربلا میں فوجیں بھیجنے سے قبل عمرو بن سعد سپہ سالار کو کہا کہ میں تجھے قزوین کا (علاقہ) بطورِ انعام دیتا ہوں اور تو ان لوگوں کی سرکوبی اور مقبوضہ علاقہ کی بازیابی کی مہم پر روانہ کرتا ہوں جنہوں نے سرحد علاقے دستبیٰ پر قبضہ کر رکھا ہے اور یہ پورا علاقہ بھی تیرا ہوگا۔ چنانچہ عمرو بن سعد چار ہزار کا لشکرِ مسلح لے کر روانہ ہوا اور ابھی وہ بمقامِ حمام اعین لشکر سمیت پہنچا تو اسی اثناء میں عبیداللہ ابنِ زیاد نے فوراً عمرو بن سعد کو بلا کر کہا کہ کربلا والوں سے پہلے نمٹ لو بعد میں کوئی اور کام کریں گے عمرو بن سعد نے بطورِ معذرت کہا کہ میں جس کام کے لیے جا رہا ہوں مجھے جانے دو اس کام کے لیے کسی اور کو مامور کر دیں۔ عبیداللہ ابنِ زیاد نے کہا جو کام تم کر سکتے ہو وہ اور کون کرے گا بہتر یہی ہے کہ وہی چار ہزار لشکر لو اور واپس کربلا لے آؤ۔ ابن سعد نے کہا اچھا پھر آج کی رات مجھے کچھ غور کر لینے دو صبح سوچ کر قدم اٹھائیں گے۔ (الحیات)

ابنِ سعد گھر آیا اور احباب و اقارب سے مشورہ کیا کہ عبیداللہ ابنِ زیاد یہ کہتا ہے اور مجھے کچھ اپنی رائے دو۔ سب نے بلکہ اس کے بھانجے حمزہ بن مغیرہ نے بھی اس کو یہاں تک کہہ دیا کہ اگر تم کو روئے زمین کی بادشاہی مل جاوے یا روئے زمین کی بادشاہی پر مسلط ہو اور تجھے چھوڑنی پڑے تو چھوڑ دے۔ لیکن یاد رکھ نواسۂ رسول ﷺ اور ان کے خاندانِ عالیہ کے مدِ مقابل نہ ہونا ابنِ سعد نے وعدہ کر لیا۔

## عمرو بن سعد کا مختصر تعارف

یاد رہے کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ مشہور صحابیٔ رسول ہیں اور آپ ان دس خوش نصیب صحابہ سے ہیں جنہیں جنت کی بشارت دی گئی ہے۔

عمرو ان کا ہی بیٹا تھا اس لیے اس کو ابنِ سعد کہتے ہیں۔ اصل نام عمرو ہے ابنِ سعد کے معنیٰ سعد کا بیٹا۔ اور سعد کا بیٹا جو یہاں پر اکثر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

استعمال کیا جاتا ہے۔ وہ عمرو ہی ہے۔
(آخر میں انجام بھی ملاحظہ کریں گے)

اب جب اپنے اقربا سے ابنِ سعد یہ وعدہ کر چکا کہ میں آلِ رسول ﷺ کے خلاف قطعاً کوئی اقدام نہیں کروں گا۔ لیکن اس وعدہ کی پابندی اس کے لیے بڑا دشوار مسئلہ بن گئی وہ یہ کہ اس کے دل و دماغ میں ملک کی حکومت کا لالچ آ گیا اور یہ بھوت ایسا اس کے سر پر سوار ہوا کہ وہ اسے حاصل کرنا چاہتا تھا۔ بالآخر اس نے یہی سوچا کہ آلِ رسول ﷺ کا احترام جاتا ہے تو جائے ان پر جو ہوتا ہے ہو جائے کچھ پرواہ نہیں لیکن ملک ہاتھ سے نہ جائے۔ گویا کہ حکومت نقد ہے اور اہل بیتِ اطہار اور جنت ادھار ہے۔ اس نقد کو چھوڑ کر ادھار کا سودا کیوں کیا جائے۔ چنانچہ اس نے ابنِ زیاد سے اپنی رضامندی کا اظہار کر دیا اور ابنِ زیاد نے وہی چار ہزار کا لشکرِ جرار دے کر جو پہلے تو اسے دیلمیوں کی سرکوبی کے لیے دیا تھا۔ اب نواسۂ سید الابرار خاندانِ آلِ اطہار احمد مختار ﷺ کو ظلم و ستم کا نشانہ بنانے کے لیے تین محرم الحرام ۶۱ھ کو کربلا پہنچ گیا۔ (۱)

## بیعتِ یزید پر اصرار ورنہ موت کے لیے تیار

عمرو بن سعد جب چار ہزار لشکرِ یزیدی لے کر کربلا پہنچ گیا تو حر ابن ریاحی کا لشکر جس کی تعداد ایک ہزار تھی وہ بھی ان کے ساتھ شامل ہوا اور اب محرم الحرام کی تین تاریخ ہے کہ خاندانِ اہلِ بیت کے مقابلہ کے لیے جمع ہو گیا۔ اب عمرو بن سعد نے اپنے ایک خاص قاصد قرت بن قیس حنظلی کو سیدنا امام کے پاس بھیجا اور زبانی پیغام دیا کہ آپ یہاں کس طرح تشریف لائے ہیں؟

سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

اَنَّ اَهْلَ مِصْرِكُمْ كَتَبُوا اِلَيَّ اَنْ اُقْدِمْ عَلَيْنَا فَاَمَّا اِذَا كَرِهْتُمُوْنِيْ اِنْصَرَفْتُ عَنْكُمْ

تمہارے شہر والوں نے مجھے خطوط لکھے کہ ہماری طرف آئیں تو مجھے آنا پڑا اگر میرا آنا ناپسند ہے تو میں واپس چلا جاتا ہوں۔

قاصد نے جب عمرو بن سعد سپہ سالارِ فوج کو حضرت امام کا یہ جواب دیا تو اس نے کہا کہ يُعَافِيْنِي اللّٰهُ مِنْ حَرْبِهٖ امید ہے کہ اللہ مجھے ان سے جنگ کرنے سے بچائے گا اس کے بعد عمرو بن سعد نے عبید اللہ ابنِ زیاد کو لکھ بھیجا کہ امامِ حسین رضی اللہ عنہ کا نظریہ اور خیال بالکل درست ہے وہ یہاں کے لوگوں کے کہنے پر تشریف لائے اور اب وہ کہتے ہیں کہ اگر میرا آنا تم کو ناپسند ہے تو میں واپس چلا جاتا ہوں یہ خط ملنے پر قرت بن قیس حنظلی اور ایک شخص حسبان بن قائد یحییٰ جو اس وقت عبید اللہ ابنِ زیاد کے پاس موجود تھا۔ کہتے ہیں کہ عبید اللہ کہنے لگا واہ اب ہمارے پنجرے میں شکار آ جائے اور پھر وہ ایسے ہی واپس چلا جائے وہ یزید امیر کے آگے سرخم کریں یا مرنے کے لیے تیار ہو جائیں۔ عبید اللہ ابنِ زیاد نے عمرو ابن سعد سپہ سالارِ فوجِ یزید کو اس مضمون کا خط لکھا۔

فَقَدْ بَلَغَنِيْ كِتَابُكَ وَفَهِمْتُ مَاذُكِرْتَ فَاَعْرِضْ عَلَى الْحُسَيْنِ اَنْ يُّبَايِعَ يَزِيْدَ هُوَ وَجَمِيْعَ اَصْحَابِهٖ فَاِذَا هُوَ فَعَلَ ذٰلِكَ..... (الحیات)

مجھے تمہارا خط ملا اور حالات سے آگاہی ہوئی حسین رضی اللہ عنہ سے یہ کہو کہ وہ خود اور اپنے تمام اصحاب سمیت یزید امیر کی بیعت کر لیں پھر ہم ان کے متعلق دیکھیں گے۔

(۱) الحیات، ج: ۲، ص: ۱۹۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اب یہ خط عمرو بن سعد کو ملا تو وہ خط پڑھتے ہی کہنے لگا مجھے پتہ تھا کہ عبیداللہ ابن زیاد صلح کو پسند نہیں کرے گا اور وہی ہوا۔ اس خط کا عمرو بن سعد نے حضرت امام کے پاس کچھ ذکر نہ کیا اس لیے کہ وہ جانتا تھا کہ حضرت امام یہ کسی قیمت پر تسلیم نہیں کریں گے۔ کہ وہ یزید لعین کی بیعت کریں۔

## خولی بن یزید اور شمر ذی الجوشن کی خباثت (یزیدی گروہ)

ادھر عبیداللہ ابنِ زیاد نے کوفہ میں یزید کی حمائت پر لوگوں کو مال ومتاع کے لالچ کی مہم تیز کردی اور ہر آدمی کو یزید کی حکومت کی طرف سے سو سو درہم بطورِ وظیفہ تقسیم کرنے شروع کردیے تا کہ لوگ امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ورودِ کربلا میں اس کی خبر پر وہاں ان تک نہ پہنچ سکیں کوئی ان کی حمائت نہ کرسکے اور ساتھ ہی یہ دھمکی دے دی کہ جو کوئی ان کا ساتھ دے گا یا ان کی حمائت کرنے کو ان تک جانے کی کوشش کرے گا اسے قتل کردیا جائے گا علاوہ ازیں تمام کوفہ والوں اور اردگرد دیہاتوں پر ناکہ بندی کرادی کہ کوئی حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ تک نہ پہنچنے پائے اور خولی بن یزید شمر ذی الجوشن کی نگرانی میں مزید فوجیں کربلا میں بھیجتا رہا ان دونوں خبیثوں کا وہاں پہنچنا تھا کہ انہوں نے دوسری شرارت یہ کی کہ عبیداللہ ابن زیاد کو ایک خط عمرو بن سعد سپہ سالارِ فوج کے متعلق یہ لکھا۔

يَاأَيُّهَا الْاَمِيْرُ اِنَّ عَمْرَوابْنَ سَعْدٍ يَخْرُجُ كُلَّ لَيْلَةٍ وَيَسْبُطُ بِسَاطًا وَيَدْعُوا الْحُسَيْنَ وَيَتَحَدَّثَانِ حَتّٰى يَمْضِيَ مِنَ اللَّيْلِ وَقَدْاَدْرَكْتُهُ عَلَى الْحُسَيْنِ الرَّحْمَةَ وَالرَّاْفَةَ فَاَمَرَهُ اَنْ يَنْزِلَ عَنْ حُكْمِكَ ..... اَلْحُكْمُ لِيْ وَاَنَا اَكْفِيْكَ اَمْرَهُ۔ (۱)

خلاصہ عبارت یہ ہے کہ اے امیر! عمرو بن سعد ہر رات کو اپنے لشکر سے نکلتا ہے اور حسین کے لیے فرش بچھا کر ان کو بلاتا ہے اور رات کافی دیر تک دونوں باتیں کرتے ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ عمرو سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہمدردی وخیر خواہی کرنا چاہتا ہے اس لیے اس کو حکم دیں کہ وہ اس عہدہ سے سبکدوش ہوجائے اور اس کام کی نگرانی میرے سپرد کریں میں پھر اس کام کو خود انجام دوں گا۔

خولی نے جو خط لکھا تھا شمر اس کو لے کر بذاتِ خود ابنِ زیاد کے پاس آیا۔ عبیداللہ ابنِ زیاد کچھ سوچ میں پڑ گیا۔ اس کی خاموشی کو دیکھ کر شمر ذی الجوشن کہنے لگا۔

اَتَقْبَلُ هٰذَا مِنْهُ وَقَدْ نَزَلَ بِاَرْضِكَ وَاِلٰى جَنْبِكَ اَلْاٰنَ رُحْلٌ مِّنْ بَلَادِكَ وَلَمْ يَقَعْ يَدُهٗ فِيْ يَدِكَ لَيَكُوْنَنَّ اُوْلِى الْقُوَّةِ وَلَتَكُوْنَنَّ اَوْلَى الضَّعْفِ وَالْعِجْزِ فَلَا تُعْطَهٗ هٰذِهِ الْمَنْزِلَةَ وَلٰكِنْ يَنْزِلُ عَلٰى حُكْمِكَ هُوَ وَاَصْحَابُهٗ۔ (۲)

کیا اے امیر! حسین رضی اللہ عنہ کی اس بات کو مانتے ہو کہ وہ کسی اور جگہ واپس چلے جائیں جب کہ وہ اس وقت تمہاری گرفت میں آئے ہوئے ہیں اور اگر وہ یہاں سے کسی اور جگہ چلے گئے تو وہ پھر تمہارے ہاتھ نہ آسکیں گے اور وہ طاقتور ہوجائیں گے اور تم لوگ کمزور ہوجاؤ گے پھر ان پر قابو پانا تمہارے لیے ایک مشکل ترین کام ہوجائے گا اس لیے اس کو ہرگز مہلت نہ دو اور نہ بات مانو جب تک وہ امیر یزید کے آگے سرخم نہ کریں۔

(۱) الحیات، ج:۲، ص:۱۹۲ (۲) الحیات، ج:۲، ص:۱۹۲، ۱۹۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ابنِ زیاد نے یہ بات سنی تو کہنے لگا ہاں بات تو درست ہے لیکن دو روز ہو گئے ہیں ابھی تک مجھے سپہ سالار عمرو بن سعد نے کچھ نہیں لکھا اس کی انتظار کر رہا ہوں۔ شمر کہنے لگا وہ تو حسین رضی اللہ عنہ کی ہمدردی کرتا پھرتا ہے وہ کچھ نہیں کرے گا تم ہم کو حکم کرو۔ عبید اللہ نے کہا اچھا میں عمرو بن سعد کو خط لکھتا ہوں اگر اس نے پھر عمل نہ کیا تو پھر یہ کام تم لوگوں کے سپرد کر دیا جائے گا۔ چنانچہ ابنِ زیاد نے اس مضمون کا خط عمرو بن سعد کو لکھا۔

اِلٰی یَا عَمْرُو ابْنِ سَعْدٍ اِنِّی لَمْ اَبْعُثْكَ اِلَی الْحُسَیْنِ لِتَكُفَّ عَنْهُ وَلَا لِتَعْذِرَ لَهٗ عِنْدِیْ وَلَا تَكُوْنَ لَهٗ عِنْدِیْ شَافِعًا قَدْ بَلَغَنِیْ اِنَّكَ تَخْرُجُ فِیْ كُلِّ لَیْلَةٍ وَتَبْسُطُ بِسَاطًا تَدْعُوا الْحُسَیْنَ تَتَحَدَّثُ مَعَهٗ حَتّٰی یَمْضِیَ مِنَ اللَّیْلِ شَطْرَهٗ فَاِذَا قَرَأْتَ كِتَابِیْ هٰذَا مُرْهُ اَنْ یَنْزِلَ عَلٰی حُكْمِیْ فَاِنْ اَطَاعَ فَاِنْ اَبٰی مَنَعَهٗ مِنَ الْمَاءِ فَاِنَّ حَلَّلْتُهٗ عَلٰی یَهُوْدِ وَالنَّصٰرٰی وَحَرَّمْتُهٗ عَلَیْهِ وَاَهْلَ بَیْتِ الْحُسَیْنِ وَاَصْحَابِهٖ كَمَا وُضِعَ بِالتُّقٰی وَالنُّقٰی عُثْمَانَ ابْنِ عَفَّانِ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ الْمَظْلُوْمُ فَاِنْ نَزَلَ الْحُسَیْنُ وَاَصْحَابُهٗ عَلٰی حُكْمِیْ وَاسْتَسْلَمُوْا فَابْعَثْ اِلَیَّ مُسْلِمًا وَاِنْ اَبَوْا فَاذْحَفْ اِلَیْهِمْ حَتّٰی۔ (۱)

یہ خط کا یہ ہے۔ اے عمرو بن سعد میں نے تم کو حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ صلح کرنے کے لیے نہیں بھیجا اور نہ اس لیے بھیجا ہے کہ تم اس کی سفارشیں کرو اور نہ اس لیے کہ تم اس کے ساتھ رات کی تنہائی میں بیٹھ کر باتیں کرو جیسا کہ مجھے اس کی اطلاع ملی ہے اچھی طرح سمجھ لو کہ اگر حسین رضی اللہ عنہ اور اس کے ساتھی میرے حکم کے آگے سر جھکا لیں تو ان کو سلامتی کے ساتھ میرے پاس بھیج دو اگر وہ انکار کریں تو ان کا پانی بند کر دو یہود و نصاریٰ کے لیے یہ پانی پینا حلال ہے اور حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں کے لیے حرام ہے ان تک پانی کا ایک قطرہ نہ پہنچنے پائے۔ تم جانتے ہو کہ امام التقیٰ والنقیٰ عثمان ابنِ عفان امیر المؤمنین والمسلمین کے ساتھ بھی ایسا گیا کیا تھا اگر وہ پھر بھی میری بات نہ مانیں تو پھر ان کو قتل کر دو اور کوئی لحاظ نہ کرو اگر تم نے میری بات کو نہ مانا اور ایسا نہیں کرنا چاہتے تو ہمارے لشکر سے چلے جاؤ اور یہ بھاگ ڈور شمر ذی الجوشن کے حوالے کر دو اور اگر تم نے ایسا کر لیا جیسا میں لکھ رہا ہوں تو پھر تم کو جیسا کہا گیا ہے اس کا انعام و اکرام اور ملک رے کی حکومت دی جائے گی۔

اس خط کو لے کر شمر ذی الجوشن بڑی خوشی سے ناچتا ہوا جب آیا تو اس نے عمرو بن سعد کے حوالے کیا کہ یہ امیر عبید اللہ ابنِ زیاد نے بھیجا ہے۔ عمرو بن سعد نے جب یہ خط کھول کر پڑھا تو فوراً یہ الفاظ کہے۔

وَیْلَكَ قَبَّحَ اللّٰهُ مَا قَدَمْتَ بِهٖ عَلَیَّ وَاللّٰهِ اِنِّیْ اَظُنُّكَ اِنَّكَ نَهَیْتَهٗ اَنْ یَقْبَلَ مَا كَتَبْتُ بِهٖ اِلَیْهِ۔ (ایضاً)

خدا تمہیں ہلاک کرے اور اللہ تمہیں دفعہ دور کرے۔ جو کچھ یہ میرے پاس (یعنی ایسا خط) لائے ہو اور اسے غارت کرے مجھے پتہ تھا کہ تم نے ابنِ زیاد کو ابھارا ہے اور میرے مشورہ سے اسے روکا ہے۔

لَا یَسْتَسْلِمُ وَاللّٰهِ حُسَیْنٌ اَنَّ نَفْسَ اَبِیْهٖ بَیْنَ جَنْبَیْهِ وَبَسْطِ زَبِیْهِ۔

وہ حسین جس کی رگوں میں حیدر کرار کا خون ہے اور وہ پاک دودھ ہے جو کبھی ایسا کرنے کو تیار نہیں ہو سکتے جیسا تم لوگ چاہتے ہو یعنے یزید پلید کے ہاتھ میں پاک ہاتھ نہیں دیں گے۔

(۱) حیات ج ۲ ص ۱۹۳، ۱۹۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

شمر ذی الجوشن کچھ نہ کہہ سکا لیکن اتنا ضرور کہا اچھا پھر بتاؤ یہ کام کرنا ہے یا کہ نہیں عمرو بن سعد نے کہا وَلٰكِنِ اَتَوَلّٰى فَكُنْ اَنْتَ عَلَى الرِّحَالَةِ۔ اس کام کو میں خود ہی سرانجام دیتا ہوں پیدل فوج کی ذمہ داری تم خود سنبھال لو یہ تمہارے سپرد ہے۔

ان متذکرہ بیان سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ عمرو بن سعد دلی طور پر قطعاً امام عالی مقام سے ایسا نہیں کرنا چاہتا تھا کہ اہلِ بیت کے خونِ مقدس سے اپنے ہاتھوں کو رنگین کرے اور ہمیشہ کے لیے اہلِ بیتِ اطہار کے خون کا داغ اس پر بحیثیتِ عہدۂ سپہ سالاری یزیدی فوج آئے اور اس میں ذرا برابر بھی خود کو شریک کرے۔ لیکن بدنصیبی اس کی کہ دنیا کے مال ومتاع اور ملک رے کی حکومت کے لالچ نے اس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا۔ اس قتل وجنگ سے بھی خلاصی چاہتا تھا اور لالچ نے اس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا۔ مگر ابنِ زیاد کی فتنہ پروری اور خونریزی کے ناپاک ارادوں نے عمرو سعد کی جو کوشش مصلحانہ تھی اس کو پورا نہ ہونے دیا۔

## سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور یزیدی فوج کے سربراہ عمرو بن سعد کی آخری گفتگو

چنانچہ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے جب عمرو بن سعد کی مایوسی اور خاموشی دیکھی تو آپ نے جان لیا کہ یہ یزیدی حکومت کے ناپاک احکامات جو میرے متعلق کئے گئے ہیں اس پر یہ تفکر میں پڑا ہوا ہے۔ آپ نے خود اس کو پیغام بھیجا کہ آج رات مجھے ملو تا کہ تم سے کچھ ضروری باتیں کروں اس نے کہلا بھیجا کہ میں فلاں علیحدہ مقام پر آپ سے ملاقات کروں گا۔ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ جب اس وقت رات کو گئے تو شہزادہ علی اکبر رضی اللہ عنہ اور سیدنا ابوالفضل العباس کو بھی ہمراہ لے گئے اور ادھر عمرو بن سعد خود اور اپنے ہمراہ اپنا بیٹا حفص اور ایک خاص غلام ہمراہ لے گیا سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے اس رویہ سے پتہ چلتا ہے کہ وہ ابنِ سعد کی اس مایوسی کو بھی برداشت نہ کر سکے اور خود اس کو ملنے کی خواہش ظاہر کی تا کہ دشمن کو کسی بات کا کہیں وہ سراغ نہ مل سکے جس سے وہ خود کو بارگاہِ خداوندی میں عذر کر کے بچا سکے اور یہ حکیمانہ اقدام تھا۔ (ایضاً)

جب سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ اور عمرو بن سعد کے درمیان گفتگو ہوتی رہی اور موجود صورتحال پر کئی امور زیرِ بحث آئے اور سلسلۂ کلام بڑھتا گیا یہاں تک کہ آپس میں مخصوص باتیں بھی ہوئیں۔ جن کا حاصل یہ ہے۔ کہ امام نے فرمایا:

وَيْلَكَ يَا ابْنَ سَعْدٍ اَمَا تَتَّقِى اللّٰهَ الَّذِىْ اِلَيْهِ مَعَادُكَ وَتُقَاتِلُنِىْ وَاَنَا ابْنُ مَنْ عَلِمْتَ. ذَرْ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمَ وَكُنْ مَعِىْ فَاِنَّهٗ اَقْرَبُ لَكَ اِلَى اللّٰهِ۔

تو اس خدا سے نہیں ڈرتا جس کی بارگاہ میں حاضر ہونا ہے تو مجھ سے جنگ کرتا ہے حالانکہ تو اچھی طرح جانتا ہے کہ میں کس کا فرزند ہوں اس قوم کو چھوڑ اور میرا ساتھ دے کہ یہ خدا کی خوشنودی کے زیادہ نزدیک ہے۔

عمرو بن سعد نے کہا اَخَافُ اَنْ يَّهْدِمَ دَارِىْ مجھے خوف ہے کہ میرا گھر ڈھا دیا جائے گا۔ سرکار امام نے فرمایا اگر ان لوگوں نے تمہارا گھر ڈھایا تو میں تمہیں گھر بنا دوں گا۔ عمرو سعد نے کہا مجھے خطرہ ہے کہ میری جائداد ضبط کر لی جائے گی سرکار امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ میں اپنے مالِ حجاز سے تیری موجودہ جائداد سے بہتر جائداد تجھے لے کر دوں گا عمرو بن سعد نے کہا لِىْ عِيَالٌ وَاَخَافُ عَلَيْهِمْ۔ میرے اہل وعیال ہیں مجھے ان کی ہلاکت کا بھی ڈر ہے اس کے بعد ابنِ سعد خاموش ہو گیا! اور سرکار امامِ حسین رضی اللہ عنہ اٹھ کر کھڑے ہوئے اور فرمایا مَالَكَ وَلَا غَفَرَ اَنَّكَ يَوْمَ الْحَشْرِ اِنِّىْ لَاَرْجُوْ اَنْ لَّا تَاْكُلَ مِنْ بُرِّ الْعِرَاقِ۔ تجھے کیا ہو گیا؟ اللہ تجھے نہ بخشے گا اور توقع ہے کہ تو اب زیادہ دیر تک عراق کی گندم نہیں کھا سکے گا۔ عمرو بن سعد نے بطورِ تمسخر یہ کہا فِى الشَّعِيْرِ كِنَايَةٌ عَنِ الْبِرِّ۔ اچھا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

گندم نہ ملی تو جو کھا کر گزارہ کرلیں گے (قولہ مستھزأ) یہ اس کا ایک مذاق تھا۔(۱)

یہ تھیں وہ آپس کی باتیں۔لیکن بعض لوگوں نے اس گفتگو کو کئی طریقوں سے بیان کردیا اور کئی من گھڑت باتیں بھی بنالیں۔صاحب الحیات فرماتے ہیں تُحَدِّثُ النَّاسَ فِیْمَابَیْنَهُمَا ظَنًّا۔لوگوں نے اس مابین گفتگو کو قیاس آرائیوں سے بیان کیا ہے۔جو کچھ صحیح ہے وہ بیان کردیا گیا ہے۔

## یزیدی لشکرِ جرار کی کل تعداد تیس ہزار

عبیداللہ ابنِ زیاد بذاتِ خود کوفہ اور کربلا کے درمیان ایک جگہ مقام نخیلہ پر آ گیا اور یہاں اقامت اختیار کی۔تاکہ نوے میل کوفہ دارالامارت تک حالات کے پہنچنے میں جو تاخیر ہوتی ہے وہ دور ہوجائے۔میں اتنا نزدیک ہوجاؤں کہ تمام کام کی دیکھ بھال بھی ہوتی رہے اور مجھ تک جلدی جلدی خبریں پہنچتی رہیں چونکہ یہ پہلے حر ابن ریاحی کی سربراہی میں ایک ہزار کا لشکر بھیج چکا تھا اور پھر اس کے بعد چار ہزار کا لشکر عمرو بن سعد ذی الجوشن چار ہزار، کعب بن طلحہ تین ہزار، شیبت بن ربعی ایک ہزار حصین بن نمیر چار ہزار نصر بن حرتہ تین ہزار حجار بن ابجر ایک ہزار مفاریر بن وصنہ مازنی تین ہزار یزید بن رکاب کلبی دو ہزار، یہ کل تعداد پچیس ہزار ہوتی ہے۔لیکن اگر تحقیق کی روشنی میں ان کی کل تعداد دیکھی جائے تو وہ اعلیٰ ثبوت سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے آپ سے پوچھا گیا کہ حضور کتنی قومِ اشقیاءِ یزیدی لشکر کی تعداد تھی تو آپ نے فرمایا۔میں نے جو اس وقت سنا اور جو میری آنکھوں نے دیکھا۔(۲)

اَنَّ ابْنَ زِیَادٍ زَالَ اُرْسَلَ اِلَی ابْنِ سَعْدٍ بِالْعَسَاکِرِ حَتّٰی تَکَامِلَ عِنْدَهٗ ثَلَاثُوْنَ اَلْفًا مَابَیْنَ فَارِسٍ وَرَاجِلٍ ثُمَّ کَتَبَ اِلَیْهِ ابْنُ زِیَادٍ اِنِّیْ لَمْ اَجْعَلْ لَکَ عِلَّةً فِیْ کَثْرَةِ الْخَیْلِ وَالرِّجَالِ.....(۳)

الحاصل کلام سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ ابن حسین یہ ہے کہ ابنِ زیاد نے اس قدر لشکر پر لشکر روانہ کیے کہ ان کی تعداد تیس ہزار ہوگئی اور اس کے باوجود عبیداللہ نے عمرو بن سعد کو لکھا کہ دیکھو میں نے فوجیں کی فوجیں بمعہ سواریوں اور تیروں، برچھوں اور تلواروں (اسلحۂ جنگ سے لبریز) تمہیں دے دی ہیں اور صبح وشام مجھے تمہارے کام کی خبر ملتی رہنی چاہیے۔اب تمہیں کسی قسم کے عذر کی گنجائش نہیں رہی (یعنے بہانہ جنگ نہ کرنے کا) اور یہ فوجیں جن کی تعداد تیس ہزار تھی چھ یوم تک پہنچ چکی تھیں۔

معلوم ہوا کہ یزیدی فوج کی کل تعداد تیس ہزار تھی اور یہ تمام لشکرِ جرار صرف اور صرف اس میدانِ کربلا میں اس لیے اکٹھا کیا گیا تاکہ نواسۂ سیدالابرار لختِ جگر بنتِ نبی المختار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور جگر گوشۂ حیدرِ کرار اور ان کے خاندان ورفقاء احباب واصحاب کو قتل کردیا جائے اور کربلا کی زمین ان کے خون سے رنگین ہوجائے۔پھر حیرت ہے کہ اتنا لشکرِ جرار صرف ایک سو پینتالیس نفوس عالیہ کے لیے جمع کیا گیا۔کہاں تیس ہزار اور کہاں ایک سو پینتالیس۔

---

(۱) تا (۳) الحیات، ج:۲، ص:۲۰۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## سپاہِ حسینی کی کل تعداد ایک سو پینتالیس (اور اقوالِ افراط وتفریط)

مناسب سمجھتا ہوں کہ یہاں پر یہ بات واضح کردی جائے کہ جہاں تک لشکرِ یزید اور سپاہِ حسینی کا تعلق ہے اس میں شدید اختلاف پایا جاتا ہے۔ بعض نے یزیدی فوج کی تعداد بیس ہزار اور بعض نے پچاس ہزار اور بعض نے پینتیس ہزار بعض نے بائیس ہزار اور بعض نے تو اسی ہزار اور بعض نے اٹھارہ ہزار لکھی ہے۔ یہ تمام اقوال افراط وتفریط تک گئے اور ایک دوسرے سے بڑھتے یا کم ہوتے گئے۔ لیکن میں نے جو اصل تحقیق کی اس کے مطابق تیس ہزار تک یزیدی لشکر کی تعداد تھی۔ رہا سپاہِ حسینی کی تعداد تو اس میں بھی شدید اختلاف پڑ گیا بعض نے ان کی تعداد بہتر لکھی ہے بعض نے بیاسی بعض نے ستتر بعض نے تہتر بعض نے ایک سو چالیس بعض نے دوسو چوبیس بعض نے ایک سو ستر بعض نے ایک سو چودہ بعض نے ایک ہزار یعنے یہ بھی ایک دوسرے سے کچھ کم اور کچھ بڑھ کر لکھی گئی ہیں لیکن مستند کتابوں میں بالتحقیق سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ سے صحیح تعداد کا پتہ چلتا ہے کہ آپ سے پوچھا گیا: سپاہِ حسینی کی تعداد کتنی تھی؟ تو آپ نے فرمایا کہ کل تعداد **وَهِيَ رَفَقَاءُ وَاَصْحَابُ وَاَهْلُبَيْتٍ مَائَةَ اَرْبَعِيْنَ خَمْسَةً**۔ تمام رفقاء واحباب واہل بیت سمیت ایک سو پنتالیس تھی۔ یہ تھے جملہ سپاہِ حسینی کے نفوسِ عالیہ کی تعداد جو مستندہ کتابوں میں موجود ہے۔ جیسا کہ آگے چل کر سب شخصیتوں کی شہادتوں کا بمعہ اسماء کے ذکر آئے گا۔

## ساتویں محرم خاندانِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بندشِ آب

وہ بات جو ۲ محرم سے ۶ محرم تک جاری تھی اب وہ ساتویں محرم کو اس مقام پر آ پہنچی کہ دریائے فرات کا پانی جس کو پانچ یوم تک تو پہلے ہی بڑی دشواری کے ساتھ اس بے آب وگیاہ چٹیل میدان میں دریائے فرات سے خاندانِ نبوت پانی استعمال کرتے رہے اور پیتے بھی رہے لیکن اب ساتویں محرم کو مکمل طور پر خاندانِ نبوت کو پانی استعمال کرنے یا پینے کے لیے بندش کو عملی شکل دی جارہی ہے یزیدی فوج کے سربراہ نے عمرو بن سعد کو سینکڑوں کی تعداد میں فوجی دستہ دیا کہ تم دریائے فرات پر سب کو متعین کردو اور اتنی دور تک پہرہ لگاؤ کہ سپاہِ حسینی میں سے کوئی بھی کسی حصہ سے بھی پانی نہ لے سکے ایک قطرہ پانی ان تک نہ پہنچنے پائے۔ **اَمْنَعَنَّهُ مِنَ الْمَاءِ فَلَا يَذُوْقُوْا مِنْهُ قَطْرَةً**۔ (الحیات)

اس بندشِ آب کے بعد قافلۂ حسینی اور ان کے رفقاء واحباب اور بالخصوص خواتینِ مقدسہ اور بچوں پر کیا گزر رہی ہوگی جب زمین آگ اگل رہی ہو اور آسمان تپش دے رہا ہو اور کوئی ٹکڑا سایہ کے لیے نظر نہ آرہا ہو ایسے چٹیل ریگستانی تپتے ہوئے میدان میں جب پانی تک بند کردیا جائے تو اس کا اندازہ لگانا مشکل نہ ہوگا کہ خاندانِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کیا حال ہوا ہوگا۔ بوجہِ شدتِ پیاس العطش۔ العطش کی آوازیں بلند ہورہی تھیں اور ساقیٔ کوثر کے خاندان کے دلارے آج قطرہ آب کو ترس رہے ہیں۔

## حصولِ آب کے لیے برید بن حضیر ہمدانی کی کوشش کارگر ثابت نہ ہوسکی

جب پیاس کی شدت بڑھ گئی تو سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے رفقاء واحباب میں سے ایک شخص برید بن حضیر ہمدانی نے سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت طلب کی کہ اس بندشِ آب اور خاندانِ نبوت کی العطش کی صداؤں کے پیشِ نظر مجھے یزیدی فوج کے سربراہ عمرو بن سعد سے بات کرنے دیں چنانچہ برید بن حضیر ہمدانی اجازت لے کر عمرو بن سعد کے پاس گئے تو اُسے کوئی سلام وغیرہ نہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کہا۔اس نے کہا اے ہمدانی اجازت لے کر میرے پاس آئے ہو اور سلام تک نہیں کیا۔اے ہمدانی کیا میں مسلمان نہیں ہوں جو تم نے مجھے سلام بھی نہیں کیا ہمدانی نے کہا اَاَنْتَ مُسْلِمًا ؟ وَعِتْرَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ تُرِيْدُ قَتْلَهُمْ کیا تم مسلمان ہو جو کہ رسول اللہ ﷺ کی عترت کے قتل کرنے کا ارادہ رکھتے ہو۔عمرو بن سعد نے اس بات کا کچھ جواب نہ دیا پھر ہمدانی نے کہا۔

فَهٰذَا الْمَاءُ الْفَرَاتِ يَشْرِبُ الْوُحُوْشَ وَالطَّيُوْرَ وَحُسَيْنُ ابْنِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاِخْوَانُهٗ وَنِسَاءُ اَهْلِبَيْتِهٖ وَاِطْفَالُهٗ يَمُوْتُوْنَ عَطَشًا قَدْ حَلَّتْ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَاءِ الْفَرَاتِ اَنْ يَشْرِبُوْهُ۔

دریائے فرات کا پانی وحوش وطیور پی رہے ہیں لیکن حسین ابن علی اوران کے بھائی اور خواتین اور اہل بیت اور بچے پانی نہ ملنے سے دم توڑ رہے ہیں۔

اس کے جواب میں عمرو بن سعد نے کہا:

وَاللّٰهِ يَا اَخَا هَمْدَانَ اِنِّيْ اَعْلَمُ لٰكِنْ دَعَانِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ۔ (الحیات)

اے ہمدانی میں خوب جانتا ہوں مگر کروں کیا مجھے عبیداللہ ابنِ زیاد نے اس کام پر مامور کیا ہے۔ ہمدانی کو یقین ہوگیا کہ اس پر قطعاً کچھ اثر نہیں۔مایوس ہوکر بارگاہِ امام رضی اللہ عنہ میں آ گئے۔

## نویں محرم اور ایک رات کی مہلت

نویں محرم کی عصر کے وقت عمرو بن سعد نے اپنی فوجوں کو پیش قدمی کا حکم دے دیا اور ظالم کثرت سپاہ اور مادی قوت وطاقت کے نشہ میں سرشار ہتھیاروں کو چھنکارتے اور گھوڑوں کو دوڑاتے ہوئے آگے بڑھے۔رفقاء واحباب نے امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے عرض کیا حضور! یہ حملہ کے ارادے سے آرہے ہیں۔حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے فرمایا ان سے جا کر پوچھو کہ تم کیا چاہتے ہو؟ چنانچہ بیس سوار ان کی طرف بڑھے اور جا کر ان سے کہا ظالمو کیا چاہتے ہو؟ کہنے لگے ہمیں والیٔ کوفہ کا حکم نامہ آیا ہے کہ یا تو یزید کی بیعت کرلو ورنہ فیصلہ کن جنگ کے لیے تیار ہوجاؤ۔جب یہ پیغام امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کو دیا گیا تو آپ نے فرمایا: ان کو کہو کہ ہم یہ تو نہیں کرسکتے لیکن ہاں اپنی جانیں اس کی راہِ حق میں دینے کے لیے تیار بیٹھے ہیں۔لیکن آج رات ٹھہر جاؤ ہمیں صرف ایک رات کی مہلت دے دو پھر تمہارا جس طرح جی چاہے کرلینا۔عمرو بن سعد نے جواب میں یہ کہلا بھیجا ٹھیک ہے اگر آپ کل تک بھی بیعتِ یزید کو قبول کرلیں گے تو ہم کچھ نہیں کہیں گے ورنہ کل تمہیں زندہ نہیں چھوڑیں گے۔

## شبِ عاشورا کے دلدوز واقعات

آلِ رسول ﷺ کے لیے عاشورا کی رات تمام راتوں سے سخت رات تھی۔تمام ظاہری اسباب منقطع ہوچکے تھے اور سبھی کو اپنی اپنی شہادت کا مکمل یقین ہوچکا تھا۔کل کو آنے والے دن کا نقشہ ان کی آنکھوں کے سامنے منڈلا رہا تھا کہ کل شام کیسی قیامت خیز اور خونی منظر کی ہوگی اور ہر ایک کو ایک دوسرے کی محبت میں یہ جدائی وصدمہ ان کے دلوں کو چھلنی کر رہا تھا۔یہ قلقِ اضطراب ایک فطری تقاضا بھی تھا۔اس صورت کے مطابق سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے شبِ عاشورہ کی نمازِ عشاء ادا فرما کر ایک خطبہ ارشاد فرمایا:

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

أُثْنِیْ عَلَی اللهِ اَحْسَنَ الثَّنَاءِ وَاَحْمِدُهٗ ... عَلَی السَّرَّاءِ وَالضَّرَّآءِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَحْمِدُكَ عَلٰی اَنْ اَكْرَمْتَنَا اٰلَ نَبُوَّتَهٗ وَعَلَّمْتَنَا الْقُرْاٰنَ فَفَقَّهْتَنَا فِی الدِّیْنِ وَجَعَلْتَ اَسْمَاعًا وَاَبْصَارًا وَاَفْئِدَةً فَجَعَلْنَا مِنَ الشَّاكِرِیْنَ. اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّیْ اَعْلَمُ اَصْحَابًا ..... فَجَزَاكُمُ اللهُ خَیْرًا الْاَظُنُّ یَوْمًا لَنَا مِنْ هٰؤُلَاءِ اِلَّا رَانِیْ وَاِنِّیْ قَدْ اَذِنْتُ لَكُمْ اِنْطَلِقُوْا جَمِیْعًا فِیْ لِیْلٍ لَیْسَ عَلَیْكُمْ حَرَجٌ مِنِّیْ وَلَا زِمَامُ هٰذَا اللَّیْلِ قَدْ غَشِیَكُمْ ثُمَّ لِیَاْخُذْ كُلُّ رَجُلٍ مِنْكُمْ بِیَدِ رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ بَیْتِیْ حَتّٰی یَفَرِّجُ اللهَ فَاِنَّ الْقَوْمَ اِنَّمَا یَطْلُبُوْنَنِیْ فَلَوْ اَقَدْ اَصَابُوْلِیْ لَهُوْا عَنْ طَلَبِ غَیْرِیْ

خلاصہ خطبہ یہ ہے میں اللہ تعالیٰ بہترین حمد وثناء سے اور وہ حمد وثناء جو ہر حال میں خواہ غمی اور خواہ خوشی میں ہوں اس کی تعریف کرتا ہوں اور میں یہی کہتا ہوں اے میرے اللہ تیرا شکر اور احسان ہے جس نے ہم کو آلِ نبی ﷺ بنایا اور قرآن سکھایا اور دینِ حق کی سمجھ عطا فرمائی اور اس بصیرتِ حق پر قائم رکھا ہم اس کے شکر گذاروں میں سے ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ میرے ساتھی نہایت وفادار اور اچھے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو اس کا بہتر صلہ عطا فرمائے۔ میرا خیال ہے کہ ہماری جنگ ضرور ہوگی میں تم سے کہہ دینا چاہتا ہوں کہ رات کی تاریکی ہے جس کا دل چاہے وہ بخوشی جا سکتا ہے اور اگر کسی کا ہاتھ پکڑ کر بھی ساتھ لے جانا چاہتا ہے تو اسے بھی لے جائے کسی کو کوئی مجبوری نہیں ہے۔ کیونکہ ان لوگوں کو میری ضرورت ہے۔ جب تک مجھے شہید نہیں کر لیں گے سانس نہ لیں گے۔

اس خطبہ جلیلہ کے بعد خاندانِ اہلِ بیت اور رفقاء واحباب نے ایک زبان ہو کر حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کو کہا۔

## کربلا والوں کی جان راہِ حق پر قربان ہے

وَاللهِ لَا نَفْعَلُ ذٰالِكَ وَلٰكِنْ نَفْدِیْكَ اَنْفُسَنَا وَاَمْوَالَنَا وَاَهْلِیْنَا وَنُقَاتِلُ مَعَكَ حَتّٰی یَعْلَمَ اللهُ اِنَّا حَفَظْنَا غَیْبَةَ رَسُوْلِهٖ فِیْكَ اَمَا وَاللهِ لَوْ عَلِمْنَا اَنَّا نُقْتَلُ ثُمَّ نُحْیَا ثُمَّ نُقْتَلُ ثُمَّ نُحْیَا ثُمَّ نُقْتَلُ ثُمَّ نُحْیَا ثُمَّ نُذْرٰی یُفْعَلُ بِنَا سَبْعِیْنَ مَرَّةً لَمَا فَارَقْنٰكَ وَكَیْفَ لَا نَفْعَلُ ذَالِكَ وَاِنَّمَا هِیَ قَتْلَةٌ وَاحِدَةٌ ثُمَّ هِیَ الْكَرَامَةُ الَّتِیْ قَضًا وَلَهَا اَبَدًا۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ خدا کی قسم ہم ایسا کبھی نہیں کر سکتے ہماری جانیں، مال، اہل وعیال سب آپ پر قربان ہم آپ کے ساتھ مل کر ان لوگوں سے جنگ کریں گے اس زندگی کا برا حال ہو جو آپ کے بعد ہو اور آپ کو اس حال میں چھوڑیں۔ ہم اپنے عملی کردار سے ثابت کریں گے کہ اللہ اور رسول ﷺ پر غیب میں کیسا حق ادا کرتے ہیں۔ خدا کی قسم ہم کو معلوم ہو کہ ہم قتل کیے جائیں پھر زندہ کیے جائیں پھر زندہ جلا کر راکھ کیے جائیں پھر ستر بار ہماری راکھ اڑا دی جائے اور پھر ایسا ہی کیا جائے تب بھی آپ کو نہیں چھوڑ سکتے اور آپ کے ساتھ رہیں گے ہم کو یقین ہے کہ ایک بار قتل ہوں گے پھر اسی پر ابدی عزت وحیات پائیں گے جو کبھی ختم ہونے والی نہیں ہے۔

سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کو یہ یقین ہو گیا کہ تائیدِ حق میں یہ میرے ساتھ دلی طور پر ہیں اور اپنی عزیز جانیں راہِ حق میں قربان کرنے کے لیے تیار ہیں اور یہ میرے ساتھ اس طرح مانوس ہیں جیسا کہ ماں کے ساتھ بچہ۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## جانثارانِ حق اور محلاتِ جنت

جب سیدنا امامِ عالی مقام نے تمام رفقاء واحباب کو آزمالیا تو پھران کوفرمایا میں تم کواب بشارت دیتا ہوں کہ سوائے محرماتِ رسول ﷺ کے تم سب کل شہید کردیے جاؤ گے اور تمہارے بعد بالآخر میں بھی شہید ہوجاؤں گا۔ اِنَّكُمْ تُقْتَلُوْنَ غَدًا۔ تم میں کوئی زندہ نہ بچ سکے گا اور سب شہید کیے جاؤ گے۔ سب نے عرض کیا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ شَرَّفَنَا بِالْقَتْلِ مَعَكَ۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے آپ کے ساتھ ہم کو جان قربان کردینے کا شرف عطا فرمایا ہے۔ سیدنا امام عالی مقام نے فرمایا۔

اِرْفَعُوْا رُءُ سَكُمْ وَانْظُرُوْا فَجَعَلُوْا یَنْظُرُوْنَ اِلٰی مواضِعِهِمْ وَمَنَازِلِهِمْ مِّنَ الْجَنَّةِ وَهُوَ یَقُوْلُ هٰذَا مَنْزِلُكَ یَافُلَان یَافُلَان۔ (ایضاً)

آسمان کی طرف سر کو اٹھاؤ اور آنکھوں سے دیکھو اور اپنے اپنے جنتی محل دیکھ لو پھر ایک ایک کا نام اور محل کی طرف اشارہ کرکے فرماتے یہ اس کا ہے یہ اس کا ہے۔

جب سب کی نگاہوں سے حجاب اٹھے تو انہوں نے اپنی آنکھوں سے اپنے اپنے مقامات کا نظارہ کیا تو وہ خوش ہوئے یہی وجہ تھی کہ تائیدِ حق کے لئے ان جانثاروں نے تیروں تلواروں اور نیزوں کے حملوں کو اپنے سینوں اور بدنوں سے روکا۔ تاکہ ہم اس مقامِ حقیقی وابدی کو جلد از جلد پہنچ سکیں۔

## کربلا کی سیّدزادیوں سے سیّد کا خطاب

اس کے بعد سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ خیمے کے اندر خواتینِ محرماتِ مقدسہ کے پاس تشریف لائے۔ ایک طرف سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ سخت بیمار پڑے ہیں اور دوسری طرف سیدہ زینب رضی اللہ عنہا اور ان کے ساتھ دیگر خواتینِ مقدسہ اور لختِ جگر سیدہ سکینہ رضی اللہ عنہا بیٹھی ہوئی ہیں اور دیکھ رہی ہیں کہ کل کیا ہوگا؟ اور ہمارا کون ہوگا؟ اس حال میں حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے آکر فرمایا اے خاندانِ اہلِ بیت کی سیّدزادیو اور سالار قافلہ سیّدزادیاں زینب رضی اللہ عنہا کل میرے بعد تمہی ان کی سالار ہوگی۔

تُعَزِّیْ بِعَزَاءِ وَاللّٰهِ وَاعْلِمُوْا اَنَّ اَهْلَ الْاَرْضِ یَمُوْتُوْنَ وَاَهْلَ السَّمَاءِ لَایَبْقُوْنَ وَاَنَّ كُلَّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ الْخَلْقَ بِقُدْرَتِهٖ وَیَبْعَثُ الْخَلْقَ وَیُعِیْدُهُمْ وَهُوَ وَحْدَهٗ جَدِّیْ خَیْرٌ مِّنِّیْ وَاَبِیْ خَیْرٌ مِّنِّیْ وَاَخِیْ خَیْرٌ مِّنِّیْ لِكُلِّ مُسْلِمٍ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اُسْوَةٌ۔ (ایضاً)

صبر وضبط کرو یقین رکھو سب اہلِ زمین مرجائیں گے اور اہلِ آسمان بھی زندہ نہ رہیں گے ہر چیز فنا ہوجائے گی سوائے اس اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک کے جس نے اپنی قدرتِ کاملہ سے تمام مخلوق کو پیدا فرمایا اور پھر سب کو اپنی قدرت سے زندہ اٹھائے گا اور وہ اپنی ذات وصفات میں یگانہ ہے میرے نانا جان جو سب سے بہتر میرے ابا جان جو مجھ سے بہتر میرے بھائی جان جو مجھ سے بہتر ہیں وہ سب اس دارِفانی سے رخصت ہوگئے اور دارِبقاء چلے گئے تو میں کیونکر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

یہاں رہ سکتا ہوں پس ہر مسلمان کے لیے رسول اللہ ﷺ کی زندگی نمونہ ہے۔

اے میری بہن زینب رضی اللہ عنہا تم کو بالخصوص تاکید کرتا ہوں کہ صبر کا دامن تھامے رکھنا اگر سالار قافلہ کا یہ حال ہوگا تو میرے چھوٹے بچوں اور بیویوں کی نگہبانی کون کرے گا پھر آپ نے اس کے علاوہ اور وصیتیں فرمائیں اور فرمایا آج تم اللہ تعالیٰ کی خوب عبادت کرو۔

## زمین جگمگا اٹھی جب دل سے کیں عبادتیں

شبِ عاشورا کو وعظ و نصیحت و وصیت کے بعد حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ اور آپ کے رفقاء و احباب نے ساری رات اللہ تعالیٰ کی عبادت میں گزاری۔

فَقَامَ اللَّيْلَ كُلَّهٗ يُصَلِّيْ وَيَسْتَغْفِرُ وَيَدْعُوْا وَيَتَضَرَّعُ وَتَمَامَ اَصْحَابِهٖ كَذٰلِكَ يُصَلُّوْنَ وَيَدْعُوْنَ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ فَبَاتُوْا وَلَهُمْ دَوِيٌّ كَدَوِيِّ النَّحْلِ۔

پس تمام رات نماز و نفل اور استغفار اور دعا و پکار اور گریہ میں اللہ کے حضور گزار دی اور یہی حال آپ کے رفقاء و احباب کا تھا خیامِ حسین رضی اللہ عنہ سے تسبیح و تہلیل کی یوں بھنبھناہٹ سنائی دیتی تھی جیسے شہد کے چھتہ سے بھنبھناہٹ کی آواز آتی ہے کوئی رکوع میں ہے کوئی سجود میں اور کوئی قیام میں ہے۔

الغرض قافلۂ حسینی نے ریگستان تپتے ہوئے میدان میں ساری رات عبادتِ خداوندی سے وہ سماں پیدا فرما دیا کہ کربلا کی زمین ذکرِ خدا سے جگمگا گئی۔

## ماہِ محرم الحرام اور فضائلِ یوم عاشورا

اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ۔ (پ۱۰ التوبہ ۳۶)

بے شک مہینوں کی گنتی اللہ کے نزدیک بارہ مہینے ہیں۔ اللہ کی کتاب میں جب سے اس نے آسمان اور زمین بنائے ان میں سے چار حرمت والے ہیں یہ سیدھا دین ہے تو ان مہینوں میں اپنی جان پر ظلم نہ کرو۔

آیتِ شریفہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ سال کے بارہ مہینے ہیں۔ ۱۔ محرم، ۲ صفر، ۳ ربیع الاول، ۴ ربیع الثانی، ۵ جمادی الاولیٰ۔ ۶ جمادی الاخریٰ، ۷ رجب، ۸ شعبان، ۹ رمضان، ۱۰ شوال۔ ۱۱۔ ذیقعدہ۔ ۱۲ ذوالحجہ۔ اور ان بارہ مہینوں میں چار مہینے بڑے عزت والے ہیں۔ علماء مفسرین نے ان چار مہینوں کے نام یہ بتائے ہیں ذیقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور ایک رجب بعض نے ربیع الاول اور بعض نے رمضان ان دو کو شامل کر کے ذیقعد اور رجب شامل نہیں کیے اور بعض نے ذیقعد کی بجائے شعبان شامل کیا ہے۔ لیکن ان چاروں میں دو پر اختلاف اور دو پر اتفاق یہ ہے کہ محرم الحرام جو اسلامی مہینوں میں سے پہلا مہینہ اور اسی سے سال کی ابتداء ہوتی ہے وہ مراد ہے اور دوسرا ان مہینوں کا آخری مہینہ ذوالحج ایامِ حج کا ہے۔ تمام مہینوں پر افضلیت اور فوقیت محرم الحرام کو حاصل ہے اور تمام دنوں پر یومِ عاشورا کی فضیلت زیادہ ہے۔ بلکہ بعض نے محرم کی دس راتوں کو آیت ولیال عشر سے یہی دس راتیں مراد لی ہیں۔ یا ذوالحج

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

یامحرم۔لیکن دن دسواں یعنے یومِ عاشورا کی اہمیت سب پر بلند ہے۔

شَرَّفَ عَلٰی هٰذِهِ الْاَیَّامِ یَوْمُ عَاشُوْرَآءَ وَخَلَقَ فِیْهَا اَنْبِیَآءَ وَاٰدَمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَاُمَّنَا حَوَّا علیها السَّلام وَالْعَرْشَ وَالْکُرْسِیَ وَاللَّوْحَ وَالْقَلَمَ وَالْجَنَّةَ الْمَأْوٰی وَالرَّحْمَةَ وَالْاَرْوَاحَ وَالْاَرْضَ وَالسَّمَآءَ وَشَرَّفَ فِیْهِ بِالنُّبُوَّةِ بَعْضَ الْاَنْبِیَاءِ۔ (۱)

اور دنوں پر عاشورے کے دن کو شرف دیا ہے اور اس میں نبیوں کو پیدا کیا ہے اور اس میں آدم اور حوا سلام اللہ علیہما اور عرش وکرسی لوح وقلم وجنت الماویٰ ورحمت ارواح اور زمین وآسمان کو پیدا کیا ہے اور بعض نبیوں کو بھی اس دن نبوت کے ساتھ شرف بخشا۔

سرکار سیدنا غوث الثقلین پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانی غنیۃ الطالبین میں فرماتے ہیں۔

''حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول ہوئی تو یومِ عاشور حضرت ادریس علیہ السلام آسمان پر اٹھائے گئے تو یومِ عاشور۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیٹے کی گردن پر چھری چلائی تو یومِ عاشور۔ حضرت اسمعیل علیہ السلام کو چھری سے نجات ہوئی تو یومِ عاشور اور جنت سے فدیہ دنبہ کا آکر ابراہیم علیہ السلام نے ذبح کیا تو یومِ عاشور۔ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہری تو یومِ عاشورہ اور خصوصی کروٹ اصحاب کہف جب بدلتے ہیں تو یومِ عاشورہ حضرت یونس علیہ السلام کو مچھلی کے پیٹ سے نجات ملی تو یومِ عاشور۔ حضرت موسیٰ وہارون علیہ السلام کی دعا مستجاب ہوئی تو یومِ عاشور۔ بنی اسرائیل کو فرعون سے نجات ملی تو یومِ عاشور۔ حضرت یوسف علیہ السلام کو قید سے نجات ملی تو یومِ عاشور۔ حضرت یعقوب علیہ السلام اور حضرت یوسف علیہ السلام کی ملاقات ہوئی تو یومِ عاشور۔ حضرت داؤد کو ذنب سے مغفرت ملی تو یومِ عاشور۔ حضرت خضر علیہ السلام کو علم باطن ملا تو یومِ عاشور۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کو حکومت کی بادشاہی ملی تو یومِ عاشور۔ حضرت عیسی علیہ السلام آسمان پر زندہ اٹھائے گئے تو یومِ عاشور۔ حضور علیہ السلام کی مدد کی گئی غار میں تو یومِ عاشور۔ دنیا میں پہلی بارش ہوئی تو یومِ عاشور۔ جنت ونار بنائے گئے تو یومِ عاشور۔ آسمان وزمین بنائے گئے تو یومِ عاشور۔ پہاڑ اور سمندر بنائے گئے تو یومِ عاشور۔ جبریل ومیکائیل وعزرائیل واسرافیل بنائے گئے تو یومِ عاشور اور فرشتوں کو بنایا گیا تو یومِ عاشور۔ عرش وکرسی بنائی گئی تو یومِ عاشور اور لوح وقلم بنائے گئے تو یومِ عاشور اور جب سیدنا امامِ عالی مقام سیدنا امامِ حسین نواسۂ رسول فرزند علی السلول جگر گوشہ زہرا بتول اور خاندانِ نبوت وان کے اعزا واقارب واحباب کربلا کے تپتے ہوئے چٹیل میدان میں شہید کیے گئے تو اس وقت بھی یومِ عاشور اور جب قیامت برپا ہوگی تو بھی یومِ عاشور۔ (۲)

معلوم ہوا کہ یومِ عاشورہ کی فضیلت اسی لیے زیادہ ہے کہ یہ دن نور علی نور ہے اسی لیے یہ لفظ اصل میں عاش نوراً تھا۔ نون تخفیفاً حذف ہوگیا اور عاشورا رہ گیا۔ جس کے معنے یہ ہیں کہ اس دن کی جو عزت کرے گا۔ وہ نور علیٰ نور زندگی بسر کرے گا۔ پروردگارِ عالم نے جتنے انعام واکرام کے کام کیے اسی یوم کو کیے تاکہ اسی کی قدر ومنزلت جانی اور سمجھی جائے اور اس دن کا ہر کام باعثِ برکت بلکہ اس کا احترام سال بھر کے لیے بہتر ہے۔ روزہ رکھنا صدقہ کرنا، نماز نفل پڑھنا، علماء کی زیارت کرنا، بزرگوں کی بارگاہوں میں حاضری دینا، قبور کی زیارت کرنا، یتیموں کے سر پر ہاتھ رکھنا، اپنے اہل وعیال پر مال خرچ کرنا، غسل کرنا، بیمار پرسی کرنا سب امور مستحب ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص عاشورے کے دن اپنے بال بچوں پر فراخی کرے گا اور کھانے پینے میں وسعت کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس پر سارا سال فراخی فرمائے گا اور رزق میں کشادگی کرے گا۔ (بیہقی)

(۱) الجواہر، ص: ۱۲۴، فضائل محرم (۲) غنیۃ الطالبین باب فضائل یومِ عاشور

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۱۔ عاشورہ کے روز غسل کرے اور چار رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھے اور ثواب بہ ارواحِ حسنین شہیدین کو کرے۔

۲۔ عاشورہ کے روز غسل کر کے دو رکعت نماز اسی طرح پڑھے کہ دونوں رکعتوں میں الحمد کے بعد دس مرتبہ قل ہو اللہ پڑھے۔ سلام کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور نو مرتبہ درودِ ابراہیمی پڑھ کر یہ دعا پڑھے عمر بھر میں خیر و برکت اور زندگی میں فلاح و نعمت حاصل ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ سُبْحَانَ اللهِ عَدَدَ الْخَلْقِ وَمِلَأَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَاءِ وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ الْخَلْقِ وَمِلَاءَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَاءِ وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ عَدَدَ الْخَلْقِ وَمِلَاءَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَاءِ وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَاللهُ اَكْبَرُ عَدَدَ الْخَلْقِ وَمِلَاءَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَاءِ وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ عَدَدَ الْخَلْقِ وَمِلَاءَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَاءِ وَزِنَةَ الْعَرْشِ لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ وَلَا خَلَاصَ وَلَا مَنَاصَ وَلَا مَغْرِبَ وَلَا مَفْزَعَ مِنَ اللهِ اِلَّا اِلَیْهِ سُبْحَانَ اللهِ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَعَدَدَ كَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَهُوَ حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ وَنِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ وَصَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ وَنُوْرِ عَرْشِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔ اَللّٰھُمَّ یَا قَابِلَ تَوْبَةِ اٰدَمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا رَافِعَ اِدْرِیْسَ عَلَیْهِ السَّلَامُ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ یَا مُنْجِیَ اِسْمٰعِیْلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا جَامِعَ شَمْلِ یَعْقُوْبَ عَلَیْهِ السَّلَامُ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا غِیَاثَ اِبْرَاهِیْمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ مِنْ نَارِ نَمْرُوْدَ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا مُخْلِصَ یُوْسُفَ عَلَیْهِ السَّلَامُ مِنَ السِّجْنِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا خَارِجَ كُرُوْبِ ذُوالنُّوْنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا نَاجِیَ یُوْنُسَ عَلَیْهِ السَّلَامُ مِنْ بَطْنِ اِسْمَكِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ یَا سَامِعَ دَعْوَةِ مُوْسٰی وَهَارُوْنَ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا مَاسِكَ سَفِیْنَةَ نُوْحٍ عَلَیْهِ السَّلَامُ عَلَی السَّمَاءِ الرَّابِعَةِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا كَاشِفَ الضُّرِّ اَیُّوْبَ عَلَیْهِ السَّلَامُ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا غَافِرَ الذَّنْبِ لِدَاوٗدَ عَلَیْهِ السَّلَامُ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا زَائِرَ الْخِضْرِ عَلَیْهِ السَّلَامُ فِیْ عِلْمِهٖ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا نَاصِرَ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلَ اللهِ فِی الْغَارِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا مُعْطِیَ الشَّهَادَةِ لِلْحُسَیْنِ رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهُ فِیْ اَرْضِ الْكَرْبَلَاءِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا خَالِقَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا خَالِقَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا خَالِقَ الْجِبَالِ وَالْغَارِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا خَالِقَ الْعَرْشِ وَالْكُرْسِیِّ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَخَالِقَ جِبْرَائِیْلَ وَمِیْكَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَعِزْرَائِیْلَ وَالْمَلٰئِكَةَ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا خَالِقَ اٰدَمَ وَحَوَّاءَ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا مُعْطِیَ سُلَیْمَانَ عَلَیْهِ السَّلَامُ الْمُلْكَ وَالْخَاتَمَ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا مُغْرِقَ فِرْعَوْنَ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا مُنْجِیَ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَیَا غَافِرَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ یَا اللهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا خَالِقَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ بِحَقِّ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ وَبِحَقِّ حَیْدَرِ الْكَرَّارِ وَبِحَقِّ فَاطِمَةَ بِنْتِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ خَلِّصْنَا مِنَ الْكُفَّارِ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ وَیَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ وَیَا وَلِیَّ الْحَسَنَاتِ۔ وَیَا دَافِعَ السَّیِّاٰتِ۔ اِدْفَعْ سَیِّئَاتِنَا بِجَاهِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔ وَیَا مَالِكَ یَوْمَ الدِّیْنِ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ۔ فِیْ اُمُوْرِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔ یَا اللهُ بِحَقِّ عِزَّةِ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

رَسُوْلِ اللّٰہِ وَحُرْمَتِہٖ وَبَرَکَتِہٖ وَشَانِہٖ وَجَلَالِہٖ وَجَمَالِہٖ نَجِّنَا مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدٍ وَنَجِّنَا مِنَ الطَّاعُوْنِ وَالْوَبَاءِ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ الْبَلَاءِ بِحُرْمَۃِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ آمِیْنَ ثُمَّ آمِیْنَ۔

## ایک خاص نماز نفل

ماہ محرم الحرام کا چاند نظر آتے ہی پہلی محرم سے دس محرم تک دن یا رات کو بلا قیدِ وقت روزانہ چار رکعت نماز نفل ہر دو رکعت کے بعد سلام اور ہر رکعت میں الحمد کے بعد پندرہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور ان کا ثواب سرکار سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کو پہنچائے۔

ان دس روز نماز نفل کی فضیلت اور شان بیان کرنے سے قاصر ہوں۔ (۱)

# مجرب عملیات وتعویذات

## گریۂ اطفال کے لیے

جب کوئی بچہ سوتے میں یا جاگتے میں بہت روتا ہو تو ان آیاتِ کریمہ کو چینی کی طشتری میں لکھ کر دھو کر پلائے اور منہ پر بھی چھینٹے دے۔ انشاء اللہ بچہ رونے سے باز رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ بِحَقِّ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا۔

اور ان دونوں نقشوں کو لکھ کر گلے میں ڈال دے۔

۶۸۷

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۲ | ۴ | ۷ | ۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

۶۸۷

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱ | ۸ |
| ۷ | ۵ | ۲ |
| ۲ | ۹ | ۴ |

## حاجت برآری کے لیے

جمیع حاجات دینی و دنیوی کے لیے بعد نمازِ مغرب قبلہ رو بیٹھ کر سو بار درود شریف پڑھ کر لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الخ پانچ سو مرتبہ پڑھے۔ پھر ایک سو مرتبہ یَا فَتَّاحُ اور ایک سو بار یَا وَھَّابُ اور سو بار یَا رَازِقُ اور ایک سو بار یَا مُعِزُّ اور ایک سو بار یَا سَلَامُ پڑھ کر حاجت مانگے پروردگار انشاء اللہ تعالیٰ مراد پوری کرے گا۔

(۱) الجواہر، ص:۱۲۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## اولادِ نرینہ کے لیے

جس کے ہاں اولادِ نرینہ نہ ہوتی ہو تو اس کو چاہیے کہ ایک ہزار مرتبہ یَاخَالِقُ پڑھا کرے اور اسی اسم شریف کو چاندی پر کندہ کرا کے پہنے مگر طالع برج حمل ہو اور اپنی بیوی سے ہم بستر ہو۔ عورت حاملہ ہوگی اور فرزند نرینہ پیدا ہوگا۔ انشاء اللہ۔ اس نقش کو بھی اپنے پاس رکھے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ق | ل | ا | خ |
| ۹۷ | ۴ | ۳۱ | ۹۹ |
| ۳۲ | ۳ | ۹۸ | ۳ |
| ۴ | ۴۹۹ | ۱۰۱ | ۲۹ |

## مفلسی دور کرنے کے لیے

جو شخص مفلس پریشان ہو اس کو چاہیے کہ پہلی ساعت میں جمعہ کے روز یَابَاسِطُ کو ایک ہزار بار پڑھے اور ہر روز ورد کرے اور یہ نقش اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ مفلسی سے نجات پائے اور غنی ہو جائے۔

۷۸۶



## گمشدہ کے لیے

جب کوئی شخص غائب ہو جاوے سورۂ التین کو دو ہزار بار پڑھے اور یہ نقش لکھ کر پتھر کے نیچے دبا دے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۱۰۳ | ۳۱۰۷ | ۳۱۱۰ | ۳۰۹۶ |
| ۳۱۰۹ | ۳۰۹۷ | ۳۱۰۲ | ۳۱۰۸ |
| ۳۰۹۸ | ۳۱۱۴ | ۳۱۰۵ | ۳۱۰۱ |
| ۳۱۰۶ | ۳۱۰۰ | ۳۱۹۶ | ۳۱۱۱ |

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## تمام امراض وفکر وغم سے نجات کے لیے

وقتِ تحویلِ آفتاب ظرف چینی پر مشک وزعفران وگلاب سے لکھ کر اور کیوڑے سے دھو کر جو شخص پیئے تو تمام سال جملہ امراض وغم وفکر وصدمات سے محفوظ رہے گا۔ سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَهَارُوْنَ سَلَامٌ عَلٰی اِلْیَاسِیْنَ سَلَامٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خَالِدِیْنَ سَلَامٌ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ۔ از حاشیہ زاد المعاد

اس سورت کو مشک وزعفران سے لکھے اور گلاب میں دھو کر پیئے۔ وباوامراضِ روحانی و جسمانی سے محفوظ رہے گا۔ الا:۱۱۱۹۱۱۱۹ھ۔ ۱۱ محطے مقطعات قرآنی بوقتِ تحویل یا شرفِ آفتاب گلاب ومشک وزعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے جملہ آفات سے محفوظ اور نظرِ خلائق میں مقبول اور حکام کی نظر میں عزیز ہوگا اور اگر سونے یا چاندی پر کندہ کر کے انگشتری ہاتھ میں پہنے گا تو غنی ہوگا۔

الم، المص، المر، الر، کھیعص، طه، طسم، طس، یس، حم، ص، حمعسق، ق، ن، برائے دردِ زہ سات مرتبہ اس آیت کو گڑ یا شکر یا کسی مناسب عرق پر پڑھ کر کھلائے یا پلائے فوراً بچہ پیدا ہوگا۔ آیت اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ۔ اور مدتِ حمل تک واسطے حفاظتِ حمل کے ایضاً اس شکل کو لکھ کر ران پر اندر کی جانب باندھے اور گرد کی عبارت کو چشم کشادہ لکھے اور بعد بچہ پیدا ہونے کے کھول ڈالے۔

الشکور البکور




## ہر مصیبت کے لیے: نادِ علی صغیر

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِی النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِوِلَایَتِكَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## فصل ۵

# فضیلتِ شہادت قرآن وحدیث کی روشنی میں

قرآن حکیم میں متعدد آیات شریفہ موجود ہیں۔جن میں شہیدانِ راہِ خدا کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔ایک آیت میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ بَلْ اَحْيَاءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ۔

اور جو خدا کی راہ میں مارے جائیں انہیں مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہیں ہاں تمہیں خبر نہیں۔

دوسرے مقام پر ارشاد ہوتا ہے:

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ۔

اور جو اللہ کی راہ میں مارے گئے ہرگز انہیں مردہ نہ خیال کرنا بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں۔روزی پاتے۔

اس آگے ارشاد فرمایا گیا۔

فَرِحِيْنَ بِمَا اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔

شاد ہیں اس پر جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دیا۔اور خوشیاں منا رہے ہیں۔اپنے پچھلوں کی جو بھی ان سے نہ ملے کہ ان پر نہ کچھ اندیشہ ہے اور نہ کچھ غم۔

ان آیاتِ بالا میں شہدا کی عظمت وشان کا ذکر فرمایا گیا جو ان کو اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کی خاطر اس کے دین کی بقاء اور شرف ومجدِ انسانی کے تحفظ کی بنا پر حاصل ہوئی ہے اور ظاہر ہے کہ یہ غرض وغایت دوسری تمام اغراض وغایات سے اشرف واعلیٰ ہے اس لیے اس کی قدر ومنزلت بھی اتنی ہی بلند اور عظیم رکھی گئی ہے۔

حضور سیدِ عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔

مَامِنْ قَطْرَةٍ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ مِنْ قَطْرَةِ دَمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ (خصائص کبریٰ)

پروردگارِ عالم کو اس قطرہ خون سے زیادہ کوئی قطرہ محبوب نہیں جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں بہایا جائے۔

اس قطرہ خون کے بارگاہ رب العزت میں بلند ہونے کے یہ معنیٰ ہیں کہ وہ پوری شہادت کو پہنچے اور وہ شہادت ہی اصل شہادت ہے۔

تَمَامُ الشَّهَادَةِ اَنْ يَقْتُلَ الرَّجُلَ فِي الْغُرْبَةِ وَالْكُرْبَةِ وَاَنْ يُعْقَرَ بِهٖ بَهِيْمَتُهٗ جَثَّةً مَطْرُوْحَةً وَتُقْبَلَ جُوْلَةُ جَمْعٍ كَثِيْرٍ مِّنْ اَعِزَّةِ اَصْحَابِهٖ وَاَقَارِبِهٖ وَاَنْ يُّنْهَبَ مَالُهٗ وَاَنْ تُوْسَرَ عِيَالُهٗ وَاَيْتَامُهٗ وَكُلُّ ذَالِكَ فِيْ ذَاتِ اللّٰهِ۔ (۱)

یعنے پوری شہادت اس کا نام ہے کہ انسان مؤمن سفر اور سختی میں مارا جائے اور اس کے گھوڑے کی کوچیں کاٹی جائیں اس کی لاش میدان میں پڑی رہے۔اس کے سامنے بہت سے باعزت احباب اور اقارب مارے جائیں۔اس کا مال لوٹا جائے اس کی بیبیاں اور یتیم بچے قید میں گرفتار ہوں اور یہ سب باتیں اور مصیبتیں اللہ تعالیٰ کے واسطے ہوں۔

اسی لیے پروردگار عالم نے مذکورہ بالا مصائب کے بعد شہادت پانے والے کو عظیم مقام اور حیات ابدی کے رتبہ سے نوازا ہے۔

(۱) باب شہادت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

باب ۲۰

# روزِ عاشوراؑ اور کربلا
# سپاہِ حسینی اور لشکرِ اشقیاء

دسویں محرم یوم عاشوراء جمعہ کا قیامت نما دن آیا۔ حضرت سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے اپنے تمام رفقاء واحباب اور آلِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ فجر کے وقت اپنی عمر کی آخری نماز باجماعت نہایت ذوق وشوق تضرع وخشوع کے ساتھ ادا فرمائی اور قرآن پاک کی آخری تلاوت فرمائی۔ بعدِ فراغت خیمہ کے اندر تشریف لائے۔

دسویں محرم کا سورج طلوع ہوگیا لیکن امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ اور اہلِ بیتِ نبوت اور رفقاء واحباب تین دن کے بھوکے پیاسے ہیں ایک قطرہ آب میسر نہیں اور ایک لقمہ حلق سے نہیں اترا بھوک اور پیاس سے جس قدر ضعف وناتوانی کا غلبہ ہوجاتا ہے اس کا وہی لوگ اندازہ کرسکتے ہیں جنہیں کبھی دو تین وقت کے فاقہ کی نوبت آئی ہو۔ پھر بے وطنی، تیز دھوپ، گرم ریت، گرم ہوائیں۔ انہوں نے ناز پروردگانِ آغوشِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیسا پژمردہ کردیا ہوگا۔ ان پر جور وجفا کے پہاڑ توڑنے کے لیے تیس ہزار کا لشکرِ جرار تیر وتبر، تیغ وسناں سے مسلح صفیں باندھے موجود ہے جنگ کا نقارہ بجادیا گیا اور مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند اور فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کے جگر بند کو مہمان بنا کر بلانے والی قوم نے جانوں پر کھیلنے کی دعوت دے دی اور یہ دینِ اسلام کی حمایت اور حق کی تائید اور جذبۂ شہادت سے سرشار اور قوتِ ایمانی سے مثل سیسہ پلائی ہوئی دیوار کے اہل باطل کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر سکینہ ووقار کے ساتھ اذنِ جہاد کے منتظر ہیں۔

عمرو بن سعد نے میمنہ پر عمرو بن حجاج زبیدی، میسرہ پر شمر ذی الجوشن، سواروں پر عزرہ بن قیس احمسی، اور پیاروں پر شبث بن ربعی کو افسر مقرر کردیا اور جھنڈا اپنے غلام کے ہاتھ میں دے دیا۔ (۱)

ادھر سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے اپنے مختصر ایک سو پینتالیس افرادِ مقدسہ کو اس طرح مرتب فرمایا۔ میمنہ پر زہیر بن قیس، میسرہ پر حبیب ابنِ مظاہر اور جھنڈا سیدنا عباس ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما کے ہاتھ اور ان کا اعلیٰ افسر مقرر فرمادیا۔ گویا کہ میدانِ کربلا کے کارزار میں یزیدی فوج اشقیاء کے تیس ہزار اور سپاہِ حسینی کے ایک سو پینتالیس نفوسِ عالیہ۔

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ اَکْمَلُ۔ (ایضاً)

(۱) الحیات ج ۲ ص ۲۲۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## جنگ میں تاخیر کی وجہ

دونوں طرف سے صف بندی ہوجانے کے بعد کافی دیر تک جنگ شروع نہیں ہوئی۔جس کی وجہ یہ معلوم ہورہی ہے کہ ہر فریق ابتدائے جنگ دوسرے پر ڈالنا چاہتا ہے۔قومِ اشقیاء کی یہ خواہش تھی کہ کسی نہ کسی طریقہ سے اس جنگ کی پہل کم ازکم سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی طرف سے ہوجائے اور سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ یہ چاہتے تھے کہ جب ہر معاملہ میں ظلم و جفا کی پہل ان کی طرف سے ہوئی ہے اب اس جارحانہ وظالمانہ جنگ کی ابتداء بھی انہی کی طرف سے ہونی چاہیے آپ کی تو وقتِ آخر تک یہی کوشش رہی کہ یہاں تک نوبت نہ آنے پائے لیکن انہوں نے آپ کی کسی مصلحانہ راہ کو تسلیم نہ کیا۔

## سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا کربلا میں جنگی صف بندی پر خطبہ

اس سلسلہ کی ایک آخری کڑی اور آخری خطبہ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کا کربلا میں وہ ہے جو آپ نے فریقین کی جنگی صف بندی کے موقعہ پر اتمامِ حجت کی خاطر اپنے ہاتھ مبارک میں قرآن پاک لیا اور سرِ انور پر عمامہ باندھا اور عربی جبہ اقدس پہنا اور گھوڑے پر سوار ہوکر ایک فصیح وبلیغ خطبہ دیا۔

اَیُّهَا النَّاسُ اِسْمَعُوا قَوْلِیْ وَلَا تَعْجَلُوْنِیْ حَتّٰی اَعِظَكُمْ بِمَا یَحِقُّ لَكُمْ عَلَیَّ وَحَتّٰی اَعْذِرَ اِلَیْكُمْ مِنْ مَقْدَمِیْ عَلَیْكُمْ فَاِنْ قَبِلْتُمْ عُذْرِیْ وَصَدَّقْتُمْ قَوْلِیْ وَاَعْطَیْتُمُوْنِیَ النِّصْفَ كُنْتُمْ بِذٰلِكَ اَسْعَدَ وَلَمْ یَكُنْ لَكُمْ عَلَیَّ سَبِیْلٌ وَاِنْ لَمْ تَقْبَلُوْا مِنِّی الْعُذْرَ وَلَمْ تُعْطُوْا النِّصْفَ وَلَا تَنْظُرُوْنَ اِنَّ وَلِیَّ اللّٰهِ الَّذِیْ نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ یَتَوَلَّی الصَّالِحِیْنَ۔ (۱)

خلاصیہ یہ ہے کہ اے لوگو! میری بات سنو اور جلدی نہ مچاؤ میں چاہتا ہوں کہ میرا جو حق تمہیں وعظ ونصیحت کرنے کا ہے وہ پورا کردوں اور اپنے یہاں پہنچنے کی وجہ بیان کروں۔پس اگر تم نے میری بات کو تسلیم کرلیا تو تم نیک ہوجاؤ گے اور تم کو لڑنے جھگڑنے کا موقعہ نہ مل سکے گا اور اگر میری بات نہ سنو گے اور انصاف سے کام نہ لوگے پھر تم اپنی طاقت اکٹھی کرلو اور مجھے ہرگز مہلت نہ دو۔میرا مددگار وہ اللہ تعالیٰ ہے جس نے قرآن نازل کیا اور وہی اپنے نیک بندوں کا مددگار ہے۔

اس کے بعد یہ فرمایا:

وَانْظُرُوْا مَنْ اَنَا۔ثُمَّ ارْجِعُوْا اِلٰی اَنْفُسِكُمْ فَانْظُرُوْا هَلْ یَصْلُحُ لَكُمْ قَتْلِیْ وَاِنْتِهَاكُ حُرْمَتِیْ اَلَسْتُ ابْنَ نَبِیِّكُمْ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِیْ وَلِاَخِیْ هٰذَانِ سَیِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ مَا فِیْ هٰذَا حَاجِزٌ لَكُمْ عَنْ سَفْكِ دَمِیْ۔ (۲)

الحاصل یہ ہے کہ اے لوگو! میرے حسب ونسب پر غور کرو اور دیکھو تو سہی میں کون ہوں۔پھر اپنے آپ پر ملامت کرو اور غور کرو کہ آیا تمہارے لیے میرا قتل کرنا اور میری ہتک کرنا روا ہے کیا میں تمہارے نبی کا بیٹا نہیں ہوں اور کیا میرے اور میرے بھائی حسن رضی اللہ عنہ کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا کہ یہ میرے دو بیٹے جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں۔کیا یہ بات بھی تمہیں اس بات پر مانع نہ ہوگی کہ تم بیگناہ میرا خون نہ بہاؤ۔

(۱) الحیات (۲) الحیات،ج:۳،ص:۲۲۲،۲۲۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سیدنا امامِ عالی مقام کا یہ تاریخی خطبہ جو میدانِ کربلا میں دیا اس کی مثال نہیں ملتی۔ آپ کے اس خطبہ کے متعلق گو مختلف طریقوں سے بیان کیا گیا ہے لیکن یہاں پر وہی خطبہ جلیلہ درج کیا گیا جو حضرت امام نے فرمایا۔ روایات میں یہ بھی آتا ہے کہ مزید آپ نے آخر میں ان کو یہ بھی فرمایا تھا کو خونِ ناحق حرام اور غضبِ الٰہی کا موجب ہے۔ میں تمہیں آگاہ کرتا ہوں کہ تم اس گناہ میں مبتلا نہ ہو میں نے کسی کو قتل نہیں کیا ہے کسی کا گھر نہیں جلایا ہے کسی پر حملہ آور نہیں ہوا۔ اگر تم اپنے شہر میں میرا آنا ناپسند کرو تو تم نے خود ہی مجھے اس بے آب و گیاہ میدان میں گھیر لیا پھر بھی میں نے کئی روز کوشش کی کہ مجھے واپس جانے دو لیکن تم نے ایسا بھی نہ کرنے دیا۔ اور اب بھی میں پھر تم کو واضح کر رہا ہوں کہ تم سے کسی چیز کا طلبگار نہیں۔ تمہارے درپے آزار نہیں۔ تم کیوں میری جان کے قتل کے درپے ہو۔ تم نے کیوں میرے بچوں اور رفقاء کے لیے پانی بند کیا اور کیوں میرے مقابل ہزاروں تیر و تلوار لے کر جمع ہوئے ہو۔ تم بتاؤ میرے خون سے قیامت کے روز تک اور قیامت کے دن کیسے بری ہو سکو گے۔ روزِ محشر تمہارے پاس میرے خون کا کیا جواب ہوگا اپنا انجام سوچو اور اپنی عاقبت پر نظر ڈالو پھر یہ بھی سمجھو کہ میں بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں کس قدر منظور نظر ہوں۔ میرے والدِ معظم کون ہیں میری والدہ معظمہ کس کی لختِ جگر ہیں۔ میں کس کا نور دیدہ ہوں جن کے پل صراط پر گزرتے وقت عرش سے ندا آئے گی اے اہلِ محشر اپنے چہرے جھکا لو اور آنکھیں بند کر لو کہ حضرت خاتونِ جنت پل صراط سے ستر ہزار حوروں کو رکابِ سعادت میں لے کر گزرنے والی ہیں۔ میں وہی ہوں جس کی محبت کو سرورِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی محبت فرمایا۔ میرے فضائل و محاسن تمہیں خوب معلوم ہیں۔(۱)

اس خطبۂ جلیلہ برحق سے ارض و سما کانپ رہا ہے اور آلِ رسول ﷺ کے خانوادہ اور حضرت امام کے رفقاء و احباب ان دردناک الفاظ کو سن سن کر رو رہے ہیں۔ خیامِ حسینی کی محرماتِ مقدسہ بھی رو پڑیں۔ لیکن ان ظالموں پر پھر بھی کوئی اثر نہ ہوا۔ ہاں جن کے نصیب اچھے تھے ان پر اس دعوتِ حق کا ضرور اثر بھی ہوا۔ وَمَا تُغْنِي الْآيَاتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُونَ۔

## سپاہِ حسینی میں حر ابن یزید الریاحی

چنانچہ حر ابن یزید ریاحی کے دل پر ایسا اثر ہوا کہ اس نے چاہا کہ اب کسی طریقہ سے فوجِ یزید کو چھوڑ کر سپاہِ حسینی سے جا ملوں۔ حر کو یقین ہو گیا کہ فوجِ یزیدی پر نواسۂ رسول ﷺ کے عظیم دردناک خطبہ کا کوئی اثر نہیں ہوا اور نہ ہی ان دنیا پرستوں نے کوئی امن و مصلحانہ بات کو تسلیم کیا سوائے اس کے کہ جنگ **وقتال بامخالفت**۔ اب حر نے یزیدی لشکر سے نکلنے سے پہلے عمرو بن سعد کو جا کر کہا اَتُقَاتِلُ اَنْتَ هٰذَا الرَّجُل کیا تم واقعی اس شخص (یعنی حسین رضی اللہ عنہ) کو قتل کرو گے۔ جنہوں نے یہ خطبہ فرمایا ہے۔ عمرو بن سعد نے کہا ہاں۔ ایسی جنگ کریں گے کہ تیروں کی بارش ہوگی اور ان کے ہاتھ کٹ کر زمین پر گریں گے اور نتیجہ خیز ہوگی۔ حر نے کہا: جو تجویز امن پسندی کی انہوں نے یعنے (حضرت حسین رضی اللہ عنہ) نے پیش کی ہے کیا تم کو وہ پسند نہیں۔ عمرو بن سعد کہنے لگا ہے تو درست لیکن میں مجبور ہوں کیونکہ والیٔ کوفہ پہلے ہی ایسی باتوں سے انکار کر چکا ہے۔ حر واپس آ گیا۔ اب حر اپنے پختہ عزم کے مطابق کوشاں ہیں کہ کس طریق سے ان سے چھٹکارا حاصل کروں اور سپاہِ حسینی میں شامل ہو سکوں حر نے آہستہ آہستہ اپنے گھوڑے کو خیامِ حسینی کی طرف کرنا شروع کر دیا۔ یزیدی فوج سے ایک شخص نے کہا کیا حسینی قافلہ پر حملہ آور ہو رہے ہو۔ حر نے جواب نہ دیا۔ جب کافی باہر نکل گئے تو پھر ایک

(۱) الحیات، ج:۲، ص:۲۲۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

یزیدی کو حالت مشکوک نظر آئی تو کہنے لگا حر کیا بات ہے تم اتنے بہادر اور جنگجو اور فوجِ یزید کے افسر اعلیٰ ہو آج تمہاری حالت کچھ افسردہ نظر آ رہی ہے حر نے کہا ہاں میں پریشان ہوں۔

اِنِّیْ وَاللّٰہِ اَخَیِّرُ نَفْسِیْ بَیْنَ الْجَنَّۃِ وَالنَّارِ فَوَاللّٰہِ لَا اَخْتَارُ عَلَی الْجَنَّۃِ شَیْئًا وَلَوْ قُطِّعْتُ وَحُرِّقْتُ۔ (۱)

خدا کی قسم میں اپنے آپ کو جنت و جہنم کے درمیان پا رہا ہوں۔ خدا کی قسم میں جنت پر کسی چیز کو مقدم نہیں سمجھتا چاہے میرے ٹکڑے ٹکڑے کر دیے جائیں یا میں جلا دیا جاؤں۔

یہ کہنا تھا کہ حر نے گھوڑے کو ایڑی لگائی اور دوڑاتے ہوئے سپاہِ حسینی میں آ ملے اور فوراً سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کیا حضور جَعَلْتُ فِدَاكَ يَاابْنَ رَسُوْلَ اللّٰه اَنَا صَاحِبُكَ الَّذِیْ مَنَعَكَ عَنِ الرُّجُوْعِ۔ اے ابنِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں وہی ہوں حر جو پہلے روز آپ کو ملا تھا اور آپ کو روکا تھا اس جگہ پر۔ هٰذَا الْمَكَانِ۔ وَاَنَا تَائِبٌ اِلَی اللّٰہِ اب میں بارگاہِ خداوندی میں توبہ کرتا ہوں۔ کیا میری توبہ قبول ہو سکتی ہے؟ پھر یوں دعا کی کہا اَللّٰهُمَّ اَلَيْكَ فَتُبْ عَلَیَّ فَقَدْ اَرْعَبْتُ قُلُوْبَ اَوْلِيَائِكَ وَاَوْلَادِ بِنْتِ نَبِيِّكَ۔ اے میرے اللہ میں تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں میری توبہ قبول فرما کیونکہ میں نے تیرے اولیا اور تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد کے دلوں کو خوف زدہ کیا۔ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے فرمایا فَاصْنَعْ يَرْحَمَكَ اللّٰهُ مَا بَدَا لَكَ جو چاہے کرو اللہ تم پر رحم فرمائے گا۔

## ازالہ وہم

یاد رہے کہ بعض مجموعوں اور بعض تقریروں میں متذکرہ واقعہ کو بڑے بڑے رنگ چڑھا کر بیان کیا جاتا ہے۔ ناک رگڑی، ماتھا رگڑا، پاؤں میں پڑا، سر نہ اٹھایا وغیرہ وغیرہ۔ امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے بار بار کہا تو کون ہے تو کون ہے دیکھا تو وہ حر تھا۔ یہ سب من گھڑت ہے اصل تحقیق کے ساتھ جو صحیح واقعہ تھا وہ بیان کر دیا گیا ہے۔

## قومِ اشقیاء سے حر ابن یزید الریاحی کا خطاب

حر ابن یزید ریاحی نے پھر سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے عرض کیا حضور اب مجھے اجازت دیں تا کہ میں اب قومِ اشقیاء کو بطورِ اتمام حجت راہِ راست پر آنے کی دعوت دوں۔ آپ نے فرمایا تم جو چاہو مجھے منظور ہے۔ بات کر لو لیکن مجھے ان پر کچھ اعتبار نہیں رہا۔ ہو سکتا ہے کہ ان پر تمہارے راہِ راست پر آنے کا کچھ اثر پڑ جائے یہ بھی آزمائش کر لو۔ حر ابن یزید ریاحی اجازت لے کر گھوڑے پر سوار ہو کر قومِ اشقیاء کے سامنے آئے تو آپ نے ان کو جو تقریر کی اس کا خلاصہ یہ ہے:

اَنْصَتَ حَتّٰی اِذَا جَاءَكُمْ مُسْلِمَتُهُ كَانَ وَادَعْوَاكُمْ اِنَّكُمْ قَاتَلُوْا اَنْفُسَكُمْ دُوْنَهُ ثُمَّ عَدَوْتُمْ عَلَيْهِ لِتَقْتُلُوْهُ وَاَمْسَكْتُمْ بِنَفْسِهٖ وَاَحَطْتُمْ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ فَعَادَ كَالْاَسِيْرِ فِیْ اَيْدِيْكُمْ لَا يَمْلِكُ نَفْعًا وَلَا يَدْفَعُ عَنْهَا ضَرًّا وَجَلَّاتُمُوْهُ وَنِسَائَهُ وَصَبِيَّتَهُ وَاَهْلَهُ عَنْ مَاءَ

اے کوفہ والو! تمہاری مائیں تمہارے ماتم میں بیٹھیں۔ تم نے اس عبد صالح کو بلایا جب وہ آئے تو تم نے ان کو دشمنوں کے حوالے کر دیا اور حالانکہ تم کہتے تھے کہ ہم جانیں قربان کر دیں گے۔ مگر تم نے اس کا بالکل الٹ یہ کر دیا کہ ان کے خلاف لشکر جمع کر دیا اور تم نے ان کی آمد و رفت بند کر دی اور ان کے لیے قافلہ حیات

(۱) الحیات، ج:۲، ص:۲۲۶۔ کامل ابن اثیر۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْفَرَاتِ الْجَارِیَ یَشْرِبُهُ الْیَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰی وَالْمَجُوْسُ وَتُمَرِّغُ فِیْهِ خَنَازِیْرَ الْوَارَدُوکِلَابُهٗ نَهَاهُمْ مَاخَلَفْتُمْ مُحَمَّدًا فِیْ ذُرِّیَّتِهٖ لاَسَقَاکُمُ اللّٰهُ یوم النظماء

(زندگی) تنگ کر دیا اور ان کو چاروں طرف سے گھیر لیا اور تم نے خدا کے شہروں میں جانے سے روک دیا وہ شہر جو چاروں طرف کھلے ہیں اب وہ تمہارے ہاتھوں قیدی کی طرح ہیں اور ان کو بالکل بے بس کر دیا ہے۔ پھر تم نے ان کے اہلِ حرم (خواتینِ مقدسہ) بچوں اور ان کے ساتھیوں سمیت سب پر آبِ فرات بند کر دیا ہے جسے یہودی، نصرانی، مجوسی سب پی رہے ہیں اور عراق کے کتے اس میں لوٹ پوٹ ہو رہے ہیں یعنے نہا رہے ہیں اور یہ حضرات شدتِ پیاس سے جاں بلب ہو رہے ہیں تم نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ان کی اولاد کے ساتھ بہت برا سلوک کیا ہے اور اللہ تمہیں بھی شدت پیاس کے دن سیراب نہ کرے۔

یہ زبردست تقریر جو حق پر مبنی تھی اس نے یزیدیوں میں کھلبلی مچا دی۔

## لشکرِ اشقیاء سے آغازِ جنگ اور تیروں کی بارش

حر ابن یزید ریاحی ابھی یہ آخری الفاظ ہی ادا فرما رہے تھے کہ یزیدی فوج اشقیاء نے اثر لینے کی بجائے جواب میں تیر چلانے شروع کر دیے یہ حالت دیکھ کر حر نے اپنا بیان ختم کر دیا اور واپس سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہو گئے۔ پھر بھی جنگ کا سلسلہ شروع نہ ہوا۔ عاشوراء کے دن کا کافی حصہ گزر چکا تھا اور دھوپ اپنی پوری شدت پر آ چکی تھی۔ گرمی کی حرارت اپنی اس تیزی پر تھی کہ کربلا کا ریگستانی میدان اوپر اور نیچے سے آگ اگل رہا تھا۔ یزیدی فوج اشقیاء کا سربراہ عمرو ابن سعد بھی بعض ناگزیر وجوہات کی بنا پر تاخیر کر رہا تھا۔ ورنہ وہ تو جلدی اس کام کو ٹھکانے لگانے پر تلا ہوا تھا۔ اب حر کی تقریر نے میدانِ کارزار کا نقشہ بدل کر رکھ دیا۔ اب عمرو ابن سعد نے مزید تاخیر کرنا خلافِ مصلحت سمجھتے ہوئے اس طرح جنگ کا آغاز کیا کہ اپنے ایک خاص غلام کو جو کہ لشکرِ جرار کا علم لیے ہوئے تھا حکم دیا یَادُرَیْدُ اُدْنُ رَایَتَکَ اے درید علم میرے پاس لاؤ چنانچہ وہ علم قریب لے کر آیا۔ پھر عمرو ابن سعد نے اپنا تیر کمان پر چڑھایا اور زور سے سپاہِ حسینی کی طرف مارا۔ اور اس کے ساتھ یزیدی فوج سے کہا اَشْهِدُوا اَنِّیْ اَوَّلُ مَنْ رَمٰی گواہ ہو جاؤ سب سے پہلے تیر جس نے مارا وہ میں ہی ہوں۔ عمرو ابن سعد سپہ سالارِ فوجِ یزید کا تیر چلانا تھا کہ یکا یک فوجِ اشقیاء سے سپاہِ حسینی پر ہزاروں تیروں کی بارش ہونے لگی وَاَقْبَلَتِ السِّهَامُ مِنَ الْقَوْمِ کَاَنَّهَا الْقَطْرُ۔ (ایضاً)

سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں کو فرمایا قُوْمُوْا رَحِمَکُمُ اللّٰهُ اِلَی الْمَوْتِ الَّذِیْ لاَ بُدَّ مِنْهُ فَاِنَّ هٰذِهِ السِّهَامُ رُسُلُ الْقَوْمِ اِلَیْکُمْ۔ اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے۔ موت کے استقبال کے لیے کھڑے ہو جاؤ جس کے بغیر چارہ نہیں یہ تیر درحقیقت اس قوم کے قاصد جانو۔ تیروں کی اس بارش سے سپاہِ حسینی میں کوئی کھلبلی نہ ہوئی بلکہ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے حکمِ جہاد پر سب اپنی جانوں کو قربان کرنے کے لیے تیار ہو گئے۔ بڑی مضبوطی و دل جمعی کے ساتھ تیروں کا جواب تیروں سے دیا یکبارگی فوجِ اشقیاء پر حملہ کر دیا۔ تقریباً ایک گھنٹہ تک یہ حالت رہی کہ تیر پر تیر چلتے رہے۔ یہ جنگ مغلوبہ کہلاتی ہے اور یہ حملۂ اولیٰ تھا۔ جب غبارِ جنگ چھٹا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تو معلوم ہوا کہ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے پچاس نفوسِ مقدسہ جامِ شہادت نوش فرما چکے ہیں۔

فَلَمَّا رَمَوْهُمْ هٰذِهِ الرَّمِيَّةُ قَلَّ اَصْحَابُ الْحُسَيْنِ وَقُتِلَ فِيْ هٰذِهِ الْحَمْلَةِ خَمْسُوْنَ رَجُلًا۔ (۱)

جب فوج اشقیاء نے تیر بارانی کی تو رفقاء حسینی کی تعداد کم ہوگئی اور پچاس احباب حسینی شہید ہوگئے۔

سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے سپاہ کی تعداد تو پہلے ہی بہت تھوڑی تھی لیکن اب اس حملۂ اولیٰ قبل از نمازِ ظہر دوپہر کے وقت ہزاروں تیروں کی اندھا دھند بارش میں پچاس افراد شہادت پا جانے سے سپاہِ حسینی میں کمی آ گئی۔

اب اس حملۂ اولیٰ کے بعد جب غبارِ جنگ چھٹا تو دیکھا گیا کہ کون سے اصحابِ حسینی شہید ہوئے۔

اب ان شہدائے کربلا در حملۂ اولیٰ جنگ مغلوبہ کے اسماء و حالات درج کیے دیتا ہوں۔

بوقت دوپہر روزِ عاشوراء

# حملۂ اولیٰ میں شہید ہونے والے انصارِ حسینی

## اسماء گرامی و اجمالی حالات

جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے کہ روزِ عاشور جب عمرو ابن سعد کے پہلا تیر چلانے کے بعد جنگ کا آغاز ہوا اور فریقِ مخالف کی ہزاروں کمانیں کڑکیں اور ادھر جوابی کاروائی اصحابِ حسینی نے کی۔ تقریباً ایک گھنٹہ کی جنگ کے بعد جب غبارِ جنگ چھٹا تو دیکھا گیا کہ سرکار امام کے پچاس اصحابِ باوفا شہادت کی سعادت پر فائز ہوگئے۔ مناسب سمجھتا ہوں کہ اب ان کی اسماء گرامی بمعہ اجمالی تعارف کے درج کیے جائیں۔ تاکہ یہ سعادت بھی حاصل ہو جائے۔

### ۱۔ حضرت زاہر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت زاہر کا سلسلہ حسب و نسب اس طرح ہے زاہر ابن عمرو اسلمی مولیٰ عمرو ابن الحق الخزاعی۔ حضرت زاہر عمرو خزاعی کے مصاحب تھے۔ بعض نے ان کا شمار اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں بھی کیا ہے اور اس کے لیے انہوں نے یہ ثبوت بھی فراہم کیا ہے کہ آپ بیعتِ رضوان بحقِ سیدنا عثمان ابن عفان اور صلح حدیبیہ اور غزوۂ خیبر میں بھی شریک ہوئے جو آپ کی صحابیت کا واضح ثبوت ہے خاندانِ آلِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت ان کے دل میں موجزن تھی۔ ۶۰ھ عمر کے آخری حج کی سعادت کے بعد جب ان کو سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے سفر کربلا کا علم ہوا تو بڑی محبت کے ساتھ راستہ میں ہی حضرت نواسۂ رسول کے ہمراہ ہوگئے۔ بالآخر حضرت زاہر روزِ عاشور حملۂ اولیٰ میں تیروں سے چھلنی ہوئے زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جامِ شہادت نوش فرما کر حیاتِ ابدی کے درجہ پر فائز ہوئے۔

### ۲۔ حضرت حارث رضی اللہ عنہ

حضرت حارث رضی اللہ عنہ کے متعلق سلسلہ یوں ہے کہ ان کے والد نہان تھے اور سید الشہداء حضرت امیر حمزہ کے غلام تھے۔ بڑے جنگجو اور شہسوارِ اعلیٰ تھے۔ حضرت سید الشہداء امیر حمزہ کی شہادتِ عظمیٰ کے دو سال بعد تک حیات رہے بعد میں وفات پا گئے تو ان کی وفات کے بعد ان کے فرزند حارث اکثر وقت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے ساتھ گزارا اور پھر سیدنا امام

(۱) الحیات

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حسین رضی اللہ عنہ کی خدمت میں رہتے تھے۔ ورودِ کربلا میں مکہ معظمہ سے ہی سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ہمراہ رہے۔ جب تیروں سے سپاہِ حسینی پر حملہ اولیٰ ہوا تو یہ بزرگ قومِ اشقیاء سے مقابلہ کرتے ہوئے شدید تیروں کی ضربوں سے جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۳۔ حضرت مسلم رضی اللہ عنہ

حضرت مسلم الازدی الاعرابی کے بیٹے تھے۔ اسماء الرجال میں بعض نے ان کو اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں بھی لکھا ہے۔ واللہ اعلم۔ جنگِ جمل میں سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں میں سے آپ کے ساتھ تھے جنگِ جمل میں ان کے ایک پاؤں پر تیر لگا جو ایسا کاری تھا کہ آرام کے باوجود صحیح طرح چل نہ سکتے تھے۔ اس کی تکلیف کے باوجود شوقِ جہاد نے ان کو آمادہ کیا کہ گو میں اس قابل نہیں لیکن پھر بھی اپنی استطاعت کے مطابق نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حقانیت پر اپنی جان فدا کردوں چنانچہ یہ بڑی مشکل سے کوفہ میں اپنی رہائش گاہ سے کربلا کے میدان میں پہنچے اور سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے پاس رہے۔ جب حملۂ اولیٰ قومِ اشقیاء نے کیا تو حضرت مسلم ابن کثیر الازدی نے ان کا مقابلہ کیا اور تیروں کی اندھا دھند ضربوں سے آپ نے جامِ شہادت نوش فرمایا۔

## ۴۔ حضرت نعیم رضی اللہ عنہ

حضرت نعیم کے والد عجلان انصاری خزرجی ہیں۔ عجلان الانصاری کے تین بیٹے نعمان، نضیر، نعیم ہیں۔ نعمان اور نضیر یہ دونوں واقعۂ کربلا سے کہیں پہلے انتقال کر چکے تھے اور حضرت نعیم کو جب حسینی قافلہ کے ورودِ کربلا کا علم ہوا تو یہ خدمت امام میں حاضر ہوئے اور حملۂ اولیٰ میں تیروں کی بارش میں شہید ہو گئے۔

## ۵۔ حضرت کنانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت کنانہ عتیق تغلبی کے فرزند تھے۔ نہایت عبادت گذار شخص تھے ان کی رہائش کوفہ میں تھی۔ حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ورودِ کربلا کے وقت حاضرِ خدمت ہوئے اور حملۂ اولیٰ میں شہید ہوئے۔

## ۶۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ

حضرت عمار حسان بن شریح الطائی کے بیٹے تھے۔ مکہ معظمہ سے جب سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کربلا کو آئے تو یہ بزرگ حضرت عمار آپ کے ہمراہ ہی کربلا میں تشریف لائے اور حملۂ اولیٰ میں جامِ شہادت نوش فرمایا۔

## ۷۔ حضرت سوار رضی اللہ عنہ

حضرت سوار ابی عمیر النہمی کے بیٹے تھے۔ حملۂ اولیٰ میں رفقائے حسینی میں شریک ہو کر جامِ شہادت نوش فرمایا۔

## ۸۔ حضرت جبلہ رضی اللہ عنہ

حضرت جبلہ علی الشیبانی کے فرزند تھے۔ یہ شجاعت میں بڑے مشہور تھے جب ان کو سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ورودِ کربلا کا پتہ چلا تو فوراً بارگاہِ امام میں حاضر ہوئے اور حملۂ اولیٰ میں تائید حق میں شہید ہوئے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ۹۔حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ

حضرت عبدالرحمن ان کے والدِ گرامی عبداللہ تھے اور ارجی خاندانی مشہور تھے۔حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ساتھ مکہ معظمہ سے روانہ ہوئے اور کربلا تشریف لائے اور حملۂ اولیٰ میں شہادت کے درجہ پر فائز ہوئے۔

## ۱۰۔حضرت مسعود رضی اللہ عنہ

حضرت مسعود حجاج کے فرزند تھے۔یہ بھی حملۂ اولیٰ میں حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے رفقاء میں شریک حق ہوئے۔اور جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۱۱۔حضرت زہیر رضی اللہ عنہ

حضرت زہیر کے والد بشیر الصتغمی کے نام سے مشہور تھے۔روزِ عاشور حملۂ اولیٰ میں تیروں کی بارش میں سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ہمراہیوں میں شامل ہوکر جامِ شہادت نوش فرمایا۔

## ۱۲۔حضرت حلاس رضی اللہ عنہ

حضرت حلاس عمر والازدی کے فرزند تھے شبِ عاشور کو بڑی دشواری کے بعد کربلا میں حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوئے اور حملۂ اولیٰ میں درجہ شہادت پر فائز ہوئے۔

## ۱۳۔حضرت منیع رضی اللہ عنہ

حضرت منیع اقاد کے فرزند تھے روزِ عاشور حملۂ اولیٰ میں سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں کے ہمراہ جامِ شہادت نوش فرمایا۔

## ۱۴۔حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ

حضرت عبدالرحمن مسعود التیمی کے فرزند تھے۔حضرت عبدالرحمٰن اور ان کے باپ مسعود جن کا پہلے ذکر آ چکا ہے یہ دونوں باپ بیٹا کربلا میں حاضر ہوئے اور سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے رفقاء میں شریک ہوئے تو حضرت عبدالرحمٰن بھی اپنے باپ کی طرح حملۂ اولیٰ میں شہید ہو گئے۔

## ۱۵۔حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ یہ عمیر کے فرزندِ ارجمند تھے۔سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے رفقاءِ میں روزِ عاشور شریک ہوئے اور حملۂ اولیٰ میں تیروں کی بارش میں جامِ شہادت نوش فرما کر درجۂ عظیم کی سعادت حاصل کی۔

## ۱۶۔حضرت سلیم رضی اللہ عنہ

حضرت سلیم سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کے پرانے غلاموں میں سے تھے ان کی شہادت کے بعد ان کو سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

خدمات کرنے کا موقعہ ملا اور مکہ معظمہ سے سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ہمراہ کربلا میں آئے اور حملۂ اولیٰ میں درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔

## ۱۷۔ حضرت حباب رضی اللہ عنہ

حضرت حباب کے والد حارث تھے۔ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی ورودِ کربلا میں خبر پاتے ہی کسی طریقہ سے میدانِ کربلا پہنچ گئے اور حملۂ اولیٰ میں جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۱۸۔ حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ

حضرت ربیعہ کے والد کا نام خولی تھا۔ یہ بھی بزرگ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر تھے۔ روزِ عاشور حملۂ اولیٰ میں شہید ہوئے۔

## ۱۹۔ حضرت عمیر رضی اللہ عنہ

حضرت عمیر کے والد بزرگوار کناد تھے۔ یہ بھی حملۂ اولیٰ میں سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے رفقاء میں شریک ہوکر درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔

## ۲۰۔ حضرت رمیث رضی اللہ عنہ

حضرت رمیث عمرو کے بیٹے تھے۔ اور کربلا میں حملۂ اولیٰ کے موقعہ پر سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے حق میں جامِ شہادت نوش فرمایا۔

## ۲۱۔ حضرت عامر رضی اللہ عنہ

حضرت عامر کے والد مالک تھے۔ کربلا میں روزِ عاشور حملۂ اولیٰ میں سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے رفقاء میں شامل ہوکر شہید ہوئے۔

## ۲۲۔ حضرت منذر رضی اللہ عنہ

حضرت منذر کے والد کا نام سلیمان تھا۔ آپ کو سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے رفقاء میں شریک ہوکر حملۂ اولیٰ میں شہادت کی سعادت حاصل ہوئی۔

## ۲۳۔ حضرت جوین رضی اللہ عنہ

حضرت جوین کے والد گرامی کا نام مالک تھا تمیمی خاندان سے مشہور تھے۔ کربلا میں روزِ عاشور حملہ اولیٰ میں رفقائے حسینی میں شریک ہوکر جامِ شہادت نوش فرمایا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ۲۴۔ حضرت صبیعہ رضی اللہ عنہ

حضرت صبیعہ عمرو کے فرزند تھے۔ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے احباب رفقاء میں شریک تھے اور حملۂ اولیٰ میں تیروں کی بارش میں جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۲۵۔ حضرت جنادر رضی اللہ عنہ

حضرت جنادہ کے والد کعب تھے اور ان کے دادا حارث انصاری تھے مکہ معظمہ سے سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ساتھ روانہ ہو کر کربلا میں حاضر ہوئے اور سپاہِ حسینی میں شامل ہو کر حملۂ اولیٰ میں اپنی جان فدا کر کے درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔

## ۳۴۔ آٹھ بزرگ

آٹھ غلامانِ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ۔ حملۂ اولیٰ میں سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ امام حسین رضی اللہ عنہ کے آٹھ وفادار غلام جو مکہ معظمہ سے آپ کے ہمراہ کربلا میں آئے اور مسلسل نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں رہے وہ بھی حملۂ اولیٰ میں جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۳۴۔ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ

حضرت زبیر سلیم کے بیٹے تھے اور ازدی خاندان سے تھے۔ روزِ عاشورہ حملۂ اولیٰ میں سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ہمراہیوں میں شریک ہو کر جامِ شہادت نوش فرمایا۔

## ۳۵۔ حضرت حارث رضی اللہ عنہ

حضرت حارث کے والد امرء القیس تھے جو عابس کندی کے فرزند تھے۔ یہ حارث نہایت بزرگ اور عبادت گزار اور بہترین شہسواروں میں سے تھے۔ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ورودِ کربلا کی خبر پاتے ہی جذبۂ شہادت کے شوق سے کربلا میں حاضر ہوئے اور رفقائے حسینی میں شامل ہو کر حملۂ اولیٰ میں شہادت کے درجہ پر فائز ہوئے۔

## ۳۶۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ

حضرت عمار ابی سلامہ کے فرزند تھے۔ جو ہمدانی لاالانی کہلاتے تھے۔ ہمدانی خاندان سے تھے روزِ عاشورہ حملۂ اولیٰ میں سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے رفقاء میں شریک ہو کر شہید ہوئے۔

## ۳۷۔ حضرت امیہ رضی اللہ عنہ

حضرت امیہ کے والد سعد تھے اور قبیلہ طائی سے تھے اور بڑے شجاع و شاہسوار تھے۔ جب ان کو نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ورود کربلا کی خبر ہوئی تو جذبۂ محبت سے سرشار ہو کر خدمتِ امام میں حاضر ہوئے اور بالآخر حملہ اولیٰ کے دوران شہید ہوئے۔

## ۳۸۔ حضرت ادہم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت ادہم امیہ ابن عبدی کے فرزند تھے سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی ورودِ کربلا میں پہنچنے کی خبر پاتے ہی بڑی دشواریوں کے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بعد کربلا تک پہنچے اور سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے رفقاء میں شامل ہو کر جامِ شہادت نوش فرمایا۔

## ۳۹۔ حضرت بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت بکر کے والد حی ابن علی بن قیم اللہ ابن ثعلبہ تھے یہ روزِ عاشورہ حملۂ اولیٰ میں شریک ہو کر شہید ہوئے۔

## ۴۰۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ

حضرت عبداللہ کے والد یزید ابن ثبیط تھے۔ یہ بھی شریکِ کربلا ہوئے اور حملۂ اولیٰ میں شہید ہو گئے۔

## ۴۱۔ حضرت عبید اللہ رضی اللہ عنہ

حضرت عبید اللہ حضرت عبداللہ کے بھائی تھے ان کے والد یزید ابن ثبیط تھے حملۂ اولیٰ میں جامِ شہادت نوش فرمایا۔

## ۴۲۔ حضرت عامر رضی اللہ عنہ

حضرت عامر کے والد کا نام مسلم عبدی تھا یہ بھی سپاہِ حسینی میں شامل ہو کر حملۂ اولیٰ میں شہید ہوئے۔

## ۴۳۔ حضرت سالم رضی اللہ عنہ

حضرت سالم بھی یومِ عاشورا حملۂ اولیٰ میں سپاہِ حسینی کے ساتھ مل کر درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔

## ۴۴۔ حضرت سیف رضی اللہ عنہ

حضرت سیف کو بھی سپاہِ حسینی میں شریک ہو کر حملۂ اولیٰ میں دولت شہادت نصیب ہوئی۔

## ۴۵۔ حضرت قاسط رضی اللہ عنہ

حضرت قاسط کے والد زبیر تغلبی نے سپاہِ حسینی میں شامل ہو کر حملۂ اولیٰ میں شہادت پائی۔

## ۴۶۔ حضرت کردوس رضی اللہ عنہ

حضرت کردوس کے والد زبیر تغلبی سپاہِ حسینی میں شامل ہو کر حملۂ اولیٰ میں شہید ہو گئے۔

## ۴۷۔ حضرت مقسط رضی اللہ عنہ

حضرت مقسط کے والد زبیر تغلبی تیسرے بھائی یہ بھی شامل ہو کر حملہ اولیٰ میں شہید ہو گئے۔

## ۴۸۔ حضرت عمرو رضی اللہ عنہ

حضرت عمرو ضبیعہ تمیمی کے فرزند بڑے بہادر و شجاع و شہسوار تھے۔ حملۂ اولیٰ میں شریک ہو کر سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے رفقاء میں جامِ شہادت نوش فرمایا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ۴۹۔حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ

حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ کے والد اشیبانی تھے سپاہِ حسینی کے ساتھ مل کر روزِ عاشورہ حملۂ اولیٰ میں شہید ہوئے۔

## ۵۰۔حضرت عمران رضی اللہ عنہ

حضرت عمران کعب ابن حارث انتجعی کے بیٹے تھے۔میدانِ کربلا میں سپاہِ حسینی میں شریک ہوکر حملۂ اولیٰ میں جامِ شہادت نوش فرمایا۔(۱)

## افادہ راجع بطریقہائے جنگ

واضح رہے کہ عربوں میں جنگ کے دوطریقے رائج تھے پہلا طریقہ یہ تھا کہ ایک ایک نوجوان میدان کارزار میں نکل کر دادِ شجاعت دیتا تھا اور کبھی یہ طریقہ دو دو تین تین اور چار چار کی صورت بھی اختیار کرلیتا تھا۔اسے مبازرت طلبی کہا جاتا ہے اور زیادہ تر اسی طریقہ پر عمل درآمد ہوتا تھا دوسرا طریقہ یہ تھا کہ ایک فریق سارے کا سارا یا اس کا کثیر حصہ دوسرے فریق پر یکبارگی دھاوا بول دیتا اور فریقین گھتم گھتا ہوجاتے۔اس جنگ کو مغلوبہ کہا جاتا ہے۔

روزِ عاشورا صرف تین بار جنگِ مغلوبہ واقع ہوئی۔۱۔حملۂ اولیٰ قبل ازظہر وقتِ دوپہر ۲۔حملۂ ثانی قبل ازظہر تقریباً ایک گھنٹہ پہلے۔۳۔حملۂ ثالث قبل ازظہر۔اس کے علاوہ باقی جنگ پہلے طریقہ (مبازرت طلبی) کے مطابق ہوئی۔

## قیامت خیز منظر میں وقتِ نمازِ ظہر اور (۱) حضرت حبیب ابنِ مظاہر کی شہادت

اس قیامت خیز جنگ کے طول کے ساتھ ساتھ اب نمازِ ظہر کا وقت آ گیا۔ابوثمامہ صیدادی نے سیدنا امام عالی مقام کی خدمت میں عرض کیا اے نواسۂ رسول نمازِ ظہر کا وقت ہوگیا ہے میرا خیال ہے کہ زندگی کی یہ آخری نماز آپ کے ساتھ باجماعت ادا کرلیں۔

نَفْسِیْ لِنَفْسِكَ الْفِدَاءُ.هٰؤُلَاءِ اِقْتَرَبُوْا مِنْكَ لَاوَاللّٰهِ لَاتُقْتَلُ حَتّٰی اُقْتَلَ دُوْنَكَ وَاُحِبُّ اَنْ اَلْقَی اللّٰهَ رَبِّیْ وَقَدْ صَلَّیْتُ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ الَّتِیْ دَنَا وَقْتُهَا یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ۔(۲)

میں آپ پر جان فدا کردوں یہ لوگ ہمارے بالکل قریب آ گئے ہیں اللہ کی قسم جب تک میں زندہ ہوں انہیں آپ تک نہیں پہنچنے دوں گا میری خواہش ہے کہ بارگاہِ ربی میں حاضر ہونے سے پہلے پھر ایک آخری نماز آپ کے پیچھے پڑھ لوں جس ظہر کا وقت بالکل قریب ہے۔

سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ابوثمامہ کی ایسی عظیم قیامت خیز خونی منظر میں خواہش دیکھی تو آپ نے اپنا چہرہ آسمان کی طرف کیا اور آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے اور زبان سے یوں فرمایا۔ذَکَرَكَ الصَّلٰوةَ جَعَلَكَ اللّٰهُ مِنَ الْمُصَلِّیْنَ نَعَمْ هٰذَا وَقْتُهَا۔تو نے نماز کو یاد کیا (یعنے ایسے سخت وقت میں) اللہ تیرا حشر ونشر نمازیوں میں فرمائے۔ہاں نماز کا وقت ہوگیا ہے۔

سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے میرے رفقاء واحباب ان لوگوں سے کہو:سَلُوْهُمْ اَنْ یَّكُفُّوْا عَنَّا حَتّٰی نُصَلِّیَ۔جنگ اتنی دیر تک بند کردو یہاں تک کہ ہم نماز ظہر پڑھ لیں۔چنانچہ قوم اشقیا کو کہا گیا تو حصین بن تمیم نمیر نے کہا لَاتُقْبَلُ الصَّلٰوةُ تمہاری

(۱) ہکذا حیات الحسی، ج:۲،ص:۲۲۸تا۲۳۱۔ (۲) الحیات

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نماز کہاں قبول ہے۔ یہ سن کر حبیب ابن مظاہر نے جواب میں کہا لَا تُقبل زَعَمْتَ الصَّلٰوۃُ مِنْ آلِ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَاِنْصَارِھِمْ وَتُقْبَلُ مِنْكَ يَا خَمَّارُ۔ تیرا گمان اے شراب خور یہ ہے کہ آلِ رسول ﷺ اور ان کے احباب کی نماز قبول نہیں تو کیا تمہاری قبول ہے۔ اب ان دونوں کے درمیان تلخ کلام اور سوال و جواب میں تجاوز ہو گیا اور ہنگامہ کی صورت پیدا ہو گئی۔ اس پر حصین بن تمیم نے حبیب ابن مظاہر پر حملہ کر دیا۔ حبیب ابن مظاہر نے آگے بڑھ کر اس کے گھوڑے پر تلوار ماری جس سے گھوڑا بدکا اور وہ نیچے گرا تو اس کے ہمراہی اس کے پاس پہنچ گئے اور حبیب ابنِ مظاہر پر حملہ کر دیا حبیب ابنِ مظاہر پھر رجز پڑھتے ہوئے ان پر ٹوٹ پڑے۔

اَنَا حَبِيْبٌ وَاَبِيْ مَظَاهِرْ
فَارِس هيجاء وحَرب تَسعَرَ
آنتم اَعدِ عدة وَاَكثَرَا
وَنَحْنُ اَوْلٰى مِنْكُمْ وَالصبر
وَنَحْنُ اعلٰى حجه وَاظْهَرَ
حقا وَاتقٰى مِنْكُمْ وَاعْذرا

سن رسیدہ اور ضعیف العمر ہونے کے باوجود نہایت قوتِ ایمانی سے اپنی شجاعت کے وہ جوہر دکھائے کہ اشقیاء میں سے جو بھی سامنے آتا اس کا قلع قمع کرتے جاتے یہاں تک کہ پینسٹھ اشقیاء مار ڈالے۔ بالآخر آپ پر کئی تلواروں کے وار ہوئے جس سے نڈھال ہو کر گر پڑے تو ایک یزیدی بدیل بن حریم نے آپ کا سر قلم کر دیا اور آپ شہید ہو گئے۔ جب سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کو ان کی شہادت کا پتہ چلا تو آپ ان کی لاش مبارکہ کے قریب آئے اور فرمایا:

دَرَكَ اللّٰهُ يَا حَبِيْبُ كُنْتَ فَاضِلًا تَخْتِمُ الْقُرْآنَ فِيْ لَيْلَةٍ وَاحِدَةٍ۔

اے حبیب اللہ تعالیٰ تجھ کو اعلیٰ مقام دے تم تو وہ مردِ فاضل ہو کہ ایک رات میں پورا قرآن ختم کر لیا کرتے تھے۔ (الحیات)

## (۲) سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ اور سپاہِ حسینی کا نمازِ خوف ادا کرنا، تیروں کی بارش اور حضرت سعید الحنفی کی شہادت

قومِ جفا کار نے نواسۂ رسول ﷺ کو نمازِ ظہر پڑھنے کی بھی مہلت نہ دی تو پھر سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے سعید بن عبداللہ الحنفی کو فرمایا کہ تم جماعت کی نگرانی کے لیے کھڑے ہو جاؤ۔ تاکہ نمازِ خوف بصورت نماز ظہر ادا کر لی جائے۔ جب آپ نے کربلا میں نمازِ ظہر باجماعت اس حال میں پڑھنی شروع کی تو قومِ اشقیاء نے تیروں و تلواروں سے سعید بن عبداللہ الحنفی پر وہ حملے کیے کہ آپ کا تن اقدس زخموں سے چھلنی ہو گیا ادھر سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے سلام پھیرا اور ادھر سعید بن عبداللہ الحنفی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے گر پڑے تو زبان پر۔ یہ الفاظ جاری تھے:

اَللّٰهُمَّ اَلْعَنْهُمْ كَمَا لَعَنَ عَادًا وَثَمُوْدَ اَللّٰهُمَّ اَبْلِغْ نَبِيَّكَ عَنِّي السَّلَامَ وَاَبْلِغْهُ مَا لَقِيْتُ الْاَلَمَ وَاَبْلِغْهُ مَا لَقِيْتُ الْجِرَاحَ فَاِنِّيْ اَرَدْتُ ثَوَابَكَ فِيْ نُصْرَتِ ذُرِّيَّةِ نَبِيِّكَ۔ (الحیات)

اے میرے اللہ اس قوم پر لعنت بھیج جس طرح عاد و ثمود کی قوم پر اے میرے اللہ میری طرف سے مصطفیٰ ﷺ پر سلام ہو اور میرے غم و تکلیف کی ان کو خبر ہو میں نے اللہ تیرے ثواب کی خاطر آلِ رسول ﷺ کی نصرت کی ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جب سعید بن عبداللہ الحنفی نے امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کو سلام پھیرتے دیکھا تو عرض کیا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاابْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ۔ اے ابنِ رسول میرا آخری سلام ہو میں جارہا ہوں۔ آپ نے فرمایا: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ اَنْتَ اَمَامِیْ فِی الْجَنَّةِ۔ سلام ہو تم پر مجھ سے پہلے جنت میں جارہے ہو۔ اس کے بعد ایک سرد آہ لی اور جنت کو سدھار گئے۔ آپ نمازِ ظہر تو ادا نہ کر سکے لیکن جنہوں نے ادا کی ان کی نگرانی کرنے پر مامور تھے اسی بنا پر ظالموں نے آپ کو شہید کر ڈالا۔ (ایضاً)

سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ اور آپ کے اصحاب نے ایسے سخت موقعہ پر بھی نماز کی حفاظت اور پابندی اور باجماعت ادا کر کے اس کی اہمیت و عظمت پر وہ مہر ثبت فرمادی جس کو قیامت تک کوئی توڑ نہیں سکتا۔ کربلا والوں نے دنیا کو بتلا دیا کہ کس طرح نمازِ عشق ادا ہوتی ہے۔

نہ مسجد میں نہ بیت اللہ کی دیواروں کے سایہ میں
نمازِ عشق ادا ہوتی ہے تلواروں کے سایہ میں

پروردگارِ عالم سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے تمام نام لیواؤں کو آپ کے اس اسوۂ حسنہ پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ النبی وآلہ المطہرین۔

## ۳۔ حضرت عابس بن ابی شبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت عابس بن ابی شبیب بن شاکر بن ربیعہ بن مالک بن صحب بن معاویہ بن کثیر بن مالک بن حشم بن جاحاشد المدنی سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کیا:

يَاابْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ مَاأَمْسٰى عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ قَرِيْبٌ وَلَا بَعِيْدٌ اَعَزَّ عَلَيَّ وَلَا اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْكَ وَلَوْ قَدَرْتُ عَلٰى اَنْ اَرُدَّ عَنْكَ اَوْ اَعَزَّ عَلَيَّ مِنْ نَفْسِيْ وَدَمِيْ لَفَعَلْتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ۔

اے ابن رسول اللہ! اللہ کی قسم اس وقت مجھے تمام روئے زمین پر کوئی رشتہ دار یا تعلق دار آپ سے زیادہ عزیز اور محبوب نہیں ہے کوئی چیز موجود ہوتی جس سے آپ پر ظلم کو دور کرتا اور اس میں کچھ دریغ نہ کرتا سوائے اس کے کہ اپنی جان اپنا خون آپ کی خاطر قربان کر دوں میری طرف سے آخری سلام ہو۔

اب مجھ کو اجازت دیں۔ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ان کو اجازت دی اور یہ قومِ اشقیاء پر ٹوٹ پڑے سینکڑوں یزیدیوں کو مار ڈالا۔ ابنِ سعد نے حکم دیا کہ ایک پوری جماعت ان پر حملہ آور ہو جائے۔ جب ان پر چاروں طرف سے حملے شروع ہوئے تو بالآخر شہید ہو گئے۔ (ایضاً)

## ۴۔ حضرت شوذب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ

حضرت شوذب بن عبداللہ الہمدانی شاکری رفقائے حسینی میں شامل تھے۔ روزِ عاشورہ اجازت لے کر جذبہء شہادت سے سرشار ہو کر کارزار میں تشریف لائے۔ بہت بڑے بہادر اور شاہسوار تھے۔ یزیدی فوج میں گھس گئے اور کئی اشقیاء کو مارنے کے بعد خود جام شہادت نوش فرما گئے۔ (ایضاً)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ۵۔ حضرت سوید بن عمرو رضی اللہ عنہ

حضرت سوید بن عمرو بن ابی المطاع سیدنا امامِ عالی مقام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جانثاروں میں سے تھے انہوں نے آپ سے اجازت طلب کی کہ اب مجھے بھی کارزار میں جانے کی اجازت دیں۔ سب درجہ بدرجہ شہادت کے درجہ پر فائز ہو چکے ہیں اب میں بھی یہ چاہتا ہوں کہ اس درجہ رفیعہ پر فائز ہو جاؤں آپ نہایت بہادر اور عبادت گزار تھے اور عمر رسیدہ بھی تھے۔ بالآخر نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو اجازت مرحمت فرمائی۔ جب یہ کارزار میں نکلے تو ان کی زبان پر رجز جاری تھی۔

اَقدِمَ حَسِیْنُ الْیَوم خلقِی اَحمدًا
وَشَیْخَكِ الْجَار عَلِیًا ذَالنَدٰی
وَحَسَنًا کَا الْبَرر وافِی الْاِسعْدًا
وَعَمّك الْقرُم الهمام الارْشدًا
وَحمزة لِیْث اللهِ یَدِی اَسَدًا
وَذالجَنَاحِیْنِ بَتواً مُعْقَدًا
فِیْ جَنْتَ الْفَرْدُوْسِ لصِبَواصَعْدًا

یزیدیوں سے لڑتے لڑتے نڈھال ہو کر مقتولین میں گر پڑے۔ عام لوگوں نے سمجھا کہ وہ شہید ہو گئے ہیں مگر درحقیقت ہنوز کچھ رمق باقی تھی کہ آپ اسی حالت میں بیہوش پڑے رہے جب ان کے کان میں امام الشہداء کی شہادت کی آواز پڑی تو یہ ہوش میں آ گئے اور بے تاب اٹھ کر ایک خنجر جوان کے پاس تھا وہ پکڑا اور آن کی آن میں پھر قومِ اشقیاء پر حملہ آور ہو گئے پھر آپ اسی حالت میں شہید کر دیے گئے۔ (ایضا)

## ۶۔ حضرت عبداللہ ابن عمیر العلیمی رضی اللہ عنہ

آپ عبداللہ بن عمیر بن عباس بن عبدقیس بن علیم بن کلبی العلیمی ہے۔ حضرت عبداللہ کی کنیت ابووہب ہے۔ حضرت عبداللہ ابووہب ابن عمیر العلیمی کوفہ میں محلہ بنی ہمدان کے چاہِ جعد میں ان کا مکان تھا اس گھر میں ان کی زوجہ جو بنی تمریں بن قاسط سے تھیں وہیں آپ رہائش پذیر تھے۔ (۱)

جب کوفہ میں حالات سنگین ہو گئے تو ان کو پتہ چلا کہ دریائے فرات کے مغربی کنارے ایک ریگستانی میدان میں نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ بمعہ اہل وعیال ورفقاء واحباب کے یزیدی فوج کے نرغے میں ہیں اور ان یزیدیوں نے ان کو نہ کوفہ آنے دیا اور نہ ملکِ شام اور نہ واپس وطن جانے دیا اور اب ان کو قتل کرنے کے درپے ہیں۔ اور ہزاروں کی تعداد میں وہاں یزیدی فوج جمع کر دی گئی ہے۔ ان کے دل میں فوراً سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت نے جوش مارا اور خیال آیا کہ میں بھی کسی طریقہ سے آپ کے پاس حاضر ہو جاؤں اور جتنا ممکن ہو آپ کا ساتھ دوں اور کچھ نہ ہوا تو کم از کم شہدائے کربلا میں شامل ہو کر اس درجہ اعلیٰ کو حاصل کر لوں گا۔ اس

(۱) الحیات ج ۲ ص ۲۴۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

خیال کا اظہار حضرت عبداللہ ابن عمیر العلیمی نے اپنی زوجہ سے کیا اور کہا کہ تمہارا کیا خیال ہے زوجہ نے کہا میرا بھی یہی خیال ہے جو آپ کا ہے اور میں چاہتی ہوں کہ آپ مجھے بھی ہمراہ لے چلیں۔ حضرت عبداللہ ابن عمیر العلیمی نے کہا ہاں ہم دونوں چلتے ہیں۔ بالآخر محرم الحرام کی آٹھویں شب کو حضرت عبداللہ اور ان کو بیوی میدانِ کربلا میں نواسہ رسول ﷺ کی خدمت عالیہ میں حاضر ہو گئے اور اپنا حسب ونسب اور جذبہ محبت وشوقِ جہاد کا ذکر بھی بیان کیا۔ حضرت عبداللہ نہایت جوان، دراز قد، طاقتور کلائیاں اور چوڑے کاندھے اور گندمی رنگ کے تھے۔ جن کی محبت کو دیکھ کر نواسہ رسول ﷺ خوش ہوئے۔ (ایضا)

جب نمازِ ظہر کے بعد جنگ کا آغاز دوبارہ شدت اختیار کر گیا تو حضرت عبداللہ ابن عمیر رضی اللہ عنہ نے سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اذنِ جہاد طلب کیا۔ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ان کو اجازت دے دی اور فرمایا ہاں اب آپ کو اجازت ہے۔ جب حضرت عبداللہ میدان کارزار میں نکلے تو یسار اور سالم دو یزیدی عبیداللہ ابن زیاد کے غلام تھے ان کے مقابلہ میں آئے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یسار کو ایک تلوار ماری اور اس کا کام تمام کر دیا اتنے میں سالم یزیدی نے پیچھے سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ پر حملہ کر دیا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس کے وار کو روکا کہ آپ کے ہاتھ کی انگلیاں کٹ گئیں۔ مگر اس کے باوجود حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ایسا وار کیا کہ ظالم کا کام تمام کر دیا ان دونوں کو مارنے کے بعد حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے رجز پڑھی اور

اَنْ تَنْکُرُوْنِیْ فَاَنَا ابْنُ الْکَلْبِیْ
حَسْبِیْ بَیْتِیْ فِیْ عَلِیْم حَسْبِیْ
انِیْ امرءٌ ذر مَرَّتَ وَعصَبَبَ
وَلَسْتَ نَجوار عِبْدالنَکَبْ
انِیْ ذَعِیم لَکَ اُمّ وَهَبِ
بِاالِطَعنُ فِیْهِم مَقدَماوَالْغَرِبِ
صَرَبَ غَلَامَ مَوْمِن بَاالرَبَ[۲]

ان کی زوجہ جذبہ ایمان سے ہاتھ میں لوہے کا گرز لے کر یہ کہتی ہوئی خیمہ سے نکل پڑیں فِدَاكَ اُمِّی وَاَبِیْ قَاتِلِ دُوْنَ الطَّیِّبِیْنَ آلِ نَبِیِّ۔ میرے ماں باپ آپ پر قربان۔ ان کو خوب قتل کرو ان لوگوں نے آلِ رسول ﷺ کے ساتھ دشمنی کی ہے۔ اور اس حال میں حضرت عبداللہ کا کپڑا پکڑ لیا اور اس نے اس کو واپس جانے کو کہا لیکن وہ یہی کہتی رہیں واللہ میں بھی تمہارے ساتھ شہید ہو جاؤں گی۔ (ایضا)

جب سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کو پتہ چلا کہ تو کارزار میں عبداللہ کے پاس چلی گئی ہیں تو آپ نے فوراً اس ہنگامہ جنگ میں پکار کر فرمایا جَزَیْتُمْ مِنْ اَهْلِ الْبَیْتِ خَیْرًا اِرْجِعِیْ رَحِمَكِ اللّٰهُ اِلَی النِّسَاءِ فَاجْلِسِیْ مَعَهُنَّ فَاِنَّهٗ لَیْسَ عَلَی النِّسَاءِ قِتَالٌ۔ اللہ تعالیٰ تجھے جزائے خیر دے۔ عورتوں کی طرف خیموں میں واپس آ جاؤ اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے۔ اہلِ بیت کی عورتوں کے ساتھ آ کر بیٹھ جاؤ عورتوں پر جہاد فرض نہیں۔ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے اس حکم پر وہ مومنہ واپس آ گئیں۔ اسی اثناء میں شمر ذی الجوشن نے سپاہِ حسینی کے میسرہ پر حملہ کر دیا اور سپاہِ حسینی نے ان کا مقابلہ کیا اس وقت بھی حضرت عبداللہ نے خوب جوہر دکھائے اور قومِ اشقیاء کے دو یزیدیوں

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کا کام ختم کر دیا۔ اسی دوران ہانی بن شبیب اور بکیر بن حی کے حملوں سے حضرت عبداللہ ابن عمیر شہید ہو گئے۔

جب ان کی زوجہ کو پتہ چلا تو تابِ ضبط نہ رہی اور دوڑ کر اپنے شوہر کے چہرہ سے گرد و غبار صاف کرتی جاتی اور یہ کہتی جاتی تھیں لَكَ الْجَنَّةُ اَسْئَلُ اللّٰهَ الَّذِیْ رِزْقَكَ الْجَنَّةَ اَنْ یُصْحِبَنِیْ۔ مبارک ہو تجھ کو جنت کی جس اللہ تعالیٰ نے تجھ کو درجہ شہادت پر فائز کیا۔ دعا کرتی ہوں کہ اللہ مجھے بھی تمہارے ساتھ لے جائے۔ شمر نے اپنے غلام رستم سے کہا کہ اس مومنہ کے سر پر آہنی گرز مار کر اس کا کام پورا کر دو۔ اس شقی نے اسی حال میں آ کر ایسے زور سے گرز کا حملہ کیا کہ وہ مومنہ خاتون محترمہ بھی وہیں شہید ہو گئیں۔

## ۷۔ حضرت زہیر بن القین بجلی رضی اللہ عنہ

حضرت زہیر بن القین بجلی کی راستہ میں قافلہ حسینی سے ملاقات ہوئی تو پھر سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ہمراہ ہی کربلا میں تشریف لائے۔ نہایت بزرگ اور بہادر تھے۔ انہوں نے حضرت امام رضی اللہ عنہ سے اجازت طلب کی آپ نے ان کو اجازت دی اور کارزار میں آئے کہ ان کی زبان پر یہ رجز جاری تھی۔

اَنَا زُهَیْرٌ وَاَنَا اِبْنُ الْقَیْنِ
اَرُوْدُهُمْ بِالسَّیْفِ عَنْ حَسَنِیْنِ
اَنَا حُسَیْنًا اَحَدُ السِبْطَیْنِ
مِنْ عِتْرَتِ اَبَرُّالتُّقٰی اَلَّدِیْنَ
یَایَسْتَ نَفْسِیْ قَسَمَتْ نَضَیْنِ

اور سیدنا امام عالی مقام کو یاد کرتے ہوئے یہ کہتے جاتے۔

اَقْدِمْ هَدَیْتَ هَادِیًا مَهْدِیًا
فَالْیَوْمَ تَلْقٰی جَدَّكَ النَّبِیًّا
وَحَسَنًا وَالْمُرْتَضٰی عَلِیًّا
وَذُوالْجَنَا حَیْنِ اَلْفَتٰی الْکَمِیًّا
وَاَسَدُاللّٰهِ اَلشَّهِیْدُ الْحَیًّا (الحیات)

پھر یزیدی لشکر پر ٹوٹ پڑے اور خوب جہاد فرمایا اس مردِ مجاہد نے ایک سو کے قریب یزیدیوں کو مار ڈالا۔ اسی اثناء میں کثیر ابن عبداللہ الشعبی اور مہاجر بن اوس التیمی نے پے در پے حملے کر کے آپ کو شہید کر دیا۔

## ۸۔ حضرت مسلم بن عوسجہ السعدی رضی اللہ عنہ

مسلم بن عوسجہ بن سعد بن ثعلبہ بن رودان بن اسعد بن خزیمہ الاسدی السعدی ابوالحجل کی شخصیت عبادت گزار، زندہ دار، قاری قرآن اور نہایت بہادر تھی۔ واقعۂ کربلا کے وقت ضعیف العمر اور عمر رسیدہ تھے لیکن اس کے باوجود جذبۂ جہاد اور شوقِ شہادت رکھتے تھے۔ جب طرفین سے جنگ ہو رہی تھی تو اس وقت حضرت مسلم بن عوسجہ میسرہ حسینی میں تھے انہوں نے حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

خدمت میں اذنِ جہاد طلب کیا۔سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے بالآخر ان کو اجازت دی۔جب مسلم بن عوسجہ قوتِ ایمانی اور جذبۂ شہادت کے شوق سے گھوڑے پر سوار ہوکر رجز پڑھتے ہوئے میدانِ کارزار میں آئے۔

اَنْ تَسْئَلُوْا عَنِّیْ فَاِنِّیْ ذُوْلَبَدْ
مِنْ فَرْعِ قَوْمٍ مَنْ ذُرِیْ بَنِیْ اَسَدْ
فَمَنْ بَغَانِیْ حَائِدٌ عَنِ الرَّشِیْدْ
وَکَافِرٌ بِدِیْنِہٖ جَبَّارُ الصَّمَدْ

اورقومِ اشقیاء پرٹوٹ پڑے اور کئی یزیدیوں کا کام پورا کردیا۔یہاں تک کہ پچاس اشقیاء کو مار ڈالا مگر اس دوران حضرت مسلم بن عوسجہ شدید زخمی ہوکر گر پڑے ان پر کاری ضربیں عبداللہ الضبائی اور عبدالرحمن بن ابی حشکارہ نے لگائیں۔جب غبارِ جنگ چھٹا تو دیکھا گیا کہ حضرت مسلم بن عوسجہ خاک وخون میں لت پت پڑے ہیں۔سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ ان کے پاس آئے تو فرمایا یَرْحَمُکَ اللّٰہُ یَامُسْلِمُ اے مسلم اللہ تجھ پر رحم فرمائے پھر فرمایا مِنْھُمْ مَّنْ قَضٰی نَحْبَہٗ وَمِنْھُمْ مَّنْ یَّنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِیْلًا۔کچھ جانے والے جاچکے اور منتظر بیٹھے ہیں۔کسی نے اپنے عہد وفا میں کوئی تبدیلی نہیں فرمائی۔اسی اثناء میں حضرت مسلم بن عوسجہ کی روح قفسِ عنصری سے پرواز کرگئی اور درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔

## ۹۔حضرت حنظلہ ابن اسعد الشبامی رضی اللہ عنہ

حضرت حنظلہ ابن اسعد الشبامی الہمدانی سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے جانثاروں میں سے تھے۔انہوں نے عرض کیا اے ابنِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ مجھ کو میدانِ کارزار میں جانے کی اجازت دیں۔بالآخر آپ نے ان کو اجازت دی۔آپ لشکرِ اشقیاہ پر ٹوٹ پڑے اور کئی یزیدیوں کو مارنے کے بعد خود بھی جامِ شہادت نوش فرما گئے۔(الحیات)

## ۱۰۔حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ الیزنی رضی اللہ عنہ

حضرت عبدالرحمن بن عبداللہ الیزنی رفقائے حسینی میں سے تھے۔انہوں نے حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اذنِ جہاد طلب کیا اور اجازت لے کر میدانِ کارزار میں آئے اور زبان پر یہ جملے جاری تھے۔

اَنَا ابْنُ عَبْدِاللّٰہِ مِنْ آلِ یَزَنِ
دِیْنِیْ نَبِیٌّ وَعَلِیٌّ وَحَسِیْنٌ وَحُسَنْ
اَضْرِبُکُمْ ضَرْبَ فَتًی مِنَ الْیَمَنِ
اَرْجُوْ بِذَاکَ الْفَوْزَ عِنْدَ الْمُؤْتَمَنِ

کئی یزیدی مارے بالآخر خود بھی جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۱۱۔حضرت برید ابن حضیر الہمدانی رضی اللہ عنہ

برید بن حضیر ہمدانی خاندانِ ہمدان کے قبیلہ بنی مشرق کے اشراف میں سے ہیں۔یہ عمر رسیدہ اور نہایت شجاع اور عبادت گذار

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تھے۔نہایت اعلیٰ قاری زینت القراء تھے کَانَ بَرِیْدُ شُجَاعًا قَارِیٌ لِلْقُرْآنِ مِنْ شُیُوخِ الْقُرَّاء۔مکہ معظمہ سے ہی سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ہمراہ کربلا میں تشریف لائے۔دورانِ جنگ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کیا کہ اب مجھے اجازت دیں تاکہ میں بھی قوم اشقیاء کو مارنے کے بعد جامِ شہادت نوش کرسکوں۔سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے اس بزرگ اور قاری قرآن کو بالآخر اجازت دی۔آپ جب میدانِ کارزار میں نکلے تو زبان پر یہ رجز پڑھ رہے تھے۔

اَنَا بَرِیْدُ وَاَبِیْ خُضَیْرٌ
کِیْث یَرَوْعَ الاَسدِ عندَالزیز
یَعْرف فینا الخَیْرِا هَلَ الْخَیر
اَضْربکم وَلَااَرٰی مِنْ خَیْرَ
کذَالِك فَعَلَ الْخیر مِنْ بُرید
وَکُل خَیرفَلَهٗ فَلَمْ بُرِیْدَ

اس کے بعد قومِ اشقیاء پر ٹوٹ پڑے اور ساتھ ساتھ یہ بھی کہتے جاتے اقْتَرِبُوا مِنِّی یَاقَتَلَهٗ اَوْلَادَ الْبَدَرِیِّیْنَ اقْتَرِبُوْا مِنِّی یَاقَتَلَهٗ اَوْلَادَرَسُوْلَ رَبِّ الْعَالِمِیْنَ وَذَرِیَّةَ السَّابِقِیْنَ۔اے میرے قریب آؤ مومنوں کو قتل کرنے والو۔میرے قریب آؤ اہلِ بدر کی اولاد کو قتل کرنے والو میرے پاس آؤ۔رسول رب العالمین کی اولاد و ذریت کو قتل کرنے والو۔پھر کئی یزیدیوں کو مارا بالآخر کعب نامی کی ضرب کاری سے زخمی حالت میں زمین پر گر پڑے۔پھر ان پر حملے کئے گئے پھر اٹھنے کی کوشش کی لیکن اٹھ نہ سکے کہ اوپر سے اس قدر زور کا نیزہ رخی بن مقذ نے مارا پھر اٹھنے کی کوشش کی کہ کعب ظالم نے تلوار مار کر حضرت برید ہمدانی کو شہید کر ڈالا۔(ایضا)

## ۱۲۔حضرت عمرو بن قرظہ الخزرجی

عمرو بن قرظہ بن کعب بن عمرو بن عائذ بن زید بن ثعلبہ بن کعب بن خزرج الانصاری الخزرجی جب آپ کو نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ورودِ کربلا میں آنے کی خبر ہوئی تو یہ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوگئے۔دل میں جذبۂ جہاد اور شوقِ شہادت رکھتے ہوئے سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ حضور آپ مجھے کارزار میں جانے کی اجازت عطا فرمادیں۔سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ان کو اجازت دی تو ایک رجز پڑھتے ہوئے میدانِ جنگ میں آئے۔

قَدْ عَلِمِتَ کَتِیْبَه الْاَنْصَار
انَ سَوفَ اَحمِی حرَزَةَ الزمارَ
ضَرَبَ غَلام غیر نَکسَ شَارِیَ
ذُوْنَ حُسَیْنَ مُهبَّجَتِی دَارِی

اور اس قدر قوم اشقیاء پر حملے کیے کہ ایک پوری جماعتِ کثیرہ کو مار ڈالا یُقَاتِلُ قِتَالَ الْمُشْتَاقِیْنَ لِلْجِرَاءِ حَتّٰی قَتَلَ جَمْعًا کَثِیْرًا وَجَمَعَ سَرَادٍ وَجُهَّا جماعت کثیرہ کو مار ڈالنے کے بعد جب خود زخموں سے نڈھال ہو کر گر پڑے تو سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کو ندا کی۔امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کو خبر ہوئی کہ حضرت عمرو گر پڑے ہیں تو آپ جلدی سے ان کے پاس آئے۔تو حضرت عمرو نے عرض کیا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

یَاابْنَ رَسُولَ اللّٰہِ اَوَفَیْتُ کیا میں نے وفاداری کی ہے یا کہ نہیں آپ نے فرمایا نَعَمْ ہاں پھر فرمایا اَنْتَ اَمَامِی فِی الْجَنَّۃِ فَاقْرَءِ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِّی السَّلَامُ وَاعْلَمْہُ اِنِّیْ مَانِیُ الْاَثَرِ۔تم جنت میں مجھ سے پہلے جاؤ گے۔میرے آقا ان کو میرا اسلام عرض کرنا اور بتانا کہ میں بھی ان کے پیچھے آنے والا ہوں۔یہ بات فرمائی کہ عمرو بن قرظہ نے آخری سانس لیا اور جنت کو سدھار گئے۔

## ۱۳۔حضرت نافع بن ہلال المرادی رضی اللہ عنہ

حضرت نافع بن ہلال بن جمیل بن سعد العشیرۃ بن فدحج الجملی المرادی نہایت شجاع اور سخی اور قاری قرآن تھے۔یہ ایک مقام پر سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کو آ کر ملے اور وہیں سے کربلا تک آپ کے ساتھ رہے دل میں آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت جاگزیں تھی اور چاہتے تھے کہ میں بھی تائیدِ حق پر اپنی جان قربان کردوں چنانچہ آپ نے سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ اب مجھے میدانِ کارزار میں جانے کی اجازت دیں۔تو بالآخر آپ نے ان کو اجازت فرمادی۔پھر جب چلنے لگے تو زبان پر یہ رجز پڑھتے ہوئے آئے۔

اَنَّ تَنْکِرُوْنِیْ فَاَنَا ابْنُ الْجَمِلی
اَضربکم ضَرَبَ غلام بَطَل
ان اقتل اَلیوم فھٰذا اَملی

اور قومِ اشقیاء پر تیروں سے بھرپور حملے کئے آپ نہایت اعلیٰ تیرانداز بھی تھے۔جب تیر ختم ہو چکے تو تلوار سے حملے کرنے شروع کردیے یہاں تک کہ بارہ سوار اشقیاء اور بارہ ہی سادوں کو مار ڈالا۔اس حال میں آپ کے دونوں بازو ٹوٹ گئے۔جب اس قابل نہ رہے تو شمر ذی الجوشن نے بڑھ کر تلوار ماری کہ آپ جامِ شہادت نوش فرما گئے۔جب دیکھا گیا تو آپ کا چہرہ اور داڑھی مبارک خون سے تر ہو چکی ہے اور وہ جنت کو سدھار گئے۔(ایضاً)

## ۱۴۔حضرت حر ابن یزید الریاحی رضی اللہ عنہ

حر بن یزید بن ناجیہ بن تغلب بن عتاب حرمی بن ریاح بن یربوع التمیمی یربوعی الریاحی کا تعلق عتاب بادشاہ حیرہ نعمان بن منذر کے مخصوصین کے جدِ اعلیٰ سے تھا ان کا شمار کوفہ کے روساء میں ہوتا تھا۔یزیدی فوج کے یہ اعلیٰ افسر تھے۔مقامِ سرات پر یہی سب سے پہلے سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے پاس ایک ہزار فوجی دستہ لے کر حاضر ہوئے لیکن آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احترام کی بناء پر انہوں نے کوئی کاروائی نہ کی پھر انہوں نے عبیداللہ ابنِ زیاد سے ٹال مٹول کردی۔پھر دوبارہ والیٔ کوفہ نے ان ہی کو بمعہ اپنے ایک جاسوس کے ہمراہ بھیجا۔کہ جہاں کہیں قافلۂ حسینی کو پاؤ روک لو،اس جاسوس کی وجہ سے پھر ریگستانِ میدانِ کربلا میں آ کر قافلۂ حسینی کو گھیرے میں لے لیا اس امر کی نوبت بھی عبیداللہ ابن زیاد کے ایک جاسوس کے ساتھ ہونے کی وجہ سے ہوئی ورنہ ہوسکتا تھا کہ حران کو یہاں پر بھی نہ روکتے۔لیکن قدرتاً ایسا نہ ہوسکا۔پھر وقتِ آخر یومِ عاشورہ کو سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے خطبہ کو سن کر سپاہ حسینی میں شامل ہو گئے تھے۔اس شدتِ جنگ میں یزیدی لشکر کے عمرو بن الحاج زبیدی جو میمنہ فوج یزیدی کا افسر تھا۔اس نے پوری طاقت سے مجاہدینِ حسینی کے میمنہ پر حملہ کیا کہ مجاہدینِ حسینی نے اپنے گھٹنے کو زمین پر ٹیک دیے اور اپنے سینے حملہ آوروں کے سامنے کردیے قوم اشقیاء ان

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کی اس صورت کو دیکھ کر آگے نہ بڑھ سکے۔تو ان یزیدیوں نے تیروں کی بارش کردی۔اس حال میں حر سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی خدمتِ عالیہ میں حاضر ہوئے اور جہاد میں جانے کی اجازت طلب کی اور عرض کیا اِذَا کُنْتُ اَوَّلُ مِنْ خَرَجَ عَلَیْكَ فَأْذَنْ لِیْ اَنْ اَکُوْنَ اَوَّلُ قَتِیْلٍ بَیْنَ یَدَیْكَ لَعَلِّیْ اَکُوْنَ فِیْمَنْ یُصَافِحُ جَدَّكَ مُحَمَّدٍ غَدًا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ۔ ۳ اے ابنِ رسول رضی اللہ عنہ سب سے اول میں نے آپ پر خروج کیا اب مجھے اجازت دیں تا کہ سب سے پہلے آپ پر جان قربان کردوں تا کہ اس سعادت سے روزِ قیامت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مصافحہ کرسکوں مراد یہ تھی کہ اول مجھے شہید ہونا چاہیے تھا اور میرے سے پہلے کئی جامِ شہادت نوش کر چکے ہیں لہذا اب تو مجھے اجازت عطا فرمادیں۔سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ان کو اجازت دے دی۔حضرت حر یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان کارزار میں نکل آئے۔

اِنِّی اَنَا الْحَرُّ وَمَاْوَی الضَّیْفِ
اَضْرِبُ فِی اَعْنَاقِکُمْ بِالسَّیْفِ
عَنْ خَیْرِ مَنْ حَلَّ بِاَرْضِ الْخَیْفِ
اَضْرِبُکُمْ وَلَا اَرٰی مِنْ حَیْفِ

اس کے بعد وہ یزیدی فوج میں گھس گئے اور اپنی تلوار سے مقابلہ کرتے رہے کہ ان کا گھوڑا بری طرح زخمی ہو چکا تھا۔ان کا شعر اس وقت کی موجودہ صورتِ حال کی ترجمانی کر رہا تھا۔

مَازَالَتْ اَرْمِیْهِمْ بِثَغْرَةِ نَحْرِهٖ
وَلَبَّابِهٖ حَتّٰی رَمِلْ بِالدَّمِ

ترجمہ: میں ان کو گھوڑے اور اس کے سینہ سے برابر مارتا رہا۔یہاں تک کہ میرے گھوڑے نے خون کی چادر اوڑھ لی۔

حصین بن تمیم جو یزیدی فوج کا افسر تھا اس نے یزید بن تمیم سے کہا اس حر کو تم مارنا چاہتے تھے اب موقع ہے مار ڈالو۔جب یزید ابنِ تمیم حملہ آور ہوا تو حضرت حر نے ایک ہی وار میں اس کا کام تمام کردیا۔پھر واپس سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے ملاقات کو آئے اور دوبارہ پھر فوجِ اشقیاء کی طرف بڑھے تو زبان پر یہ شعر پڑھے:

اَلَیْتُ لَااُقْتَلُ حَتّٰی اُقْتَلَا
وَلَنْ اَصَابَ الْیَوْمَ اِلَّا مُقْبِلَا
اَضْرِبُهُمْ بِالسَّیْفِ ضَرْبًا مُفَصَّلَا
لَاتَا كِلًّا عَنْهُمْ وَلَامُهَلِّلَا
لَاحَاجِزًا عَنْهُمْ وَلَامبدلًا
اَحْمِی الْحُسَیْنِ الْمَاجِدِ الْمُؤَمَّلَا

اور جب قومِ اشقیاء کی صفوں میں گھس گئے تو زبان پر یہ رجز پڑھ رہے تھے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اِنِی اَنَاالْحُر وَنَجْل الْحُر
اَشْجَع مِنْ ذی بَعْدھزبَر
وَلَسْت بِالْجبانُ عِنْدالکر
الْکِنِنْی الوَقَافِ عِنْدَا کُفرا

کئی یزیدیوں کو مارتے رہے۔ بالآخر ایوب ابن مسرع خیوانی نامی نے حضرت حر کے گھوڑے کی کونچیں کاٹ ڈالیں۔ گھوڑا گرنے لگا۔ حضرت حر گھوڑے سے نیچے اتر آئے پھر پیادہ پا جنگ کرتے رہے یہاں تک کہ اسی یزیدیوں کو مار ڈالا۔ اس وقت ان کی زبان پر یہ رجز تھی۔

اَنْ تَعقُرُوْنِیْ فَاِنَّابْن الْحُرْ
اشْجَعَ مِنَ ذی بَعْدَ ھِزبر

تھوڑی دیر تک تو یہی حال رہا پھر قومِ اشقیاء نے چاروں طرف سے حضرت حر کو اپنے نرغہ میں گھیر لیا اور ایوب بن مشرع خیوانی یزیدی نے آگے بڑھ کر حضرت حر کو شہید کر دیا۔

رفقائے حسینی نے آگے ہو کر حضرت حر کی لاش کو اٹھایا اور امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی خدمتِ عالیہ میں لے آئے۔ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے جب اس حال میں حر کو دیکھا تو فرمایا اَنْتَ الْحُرُّ کَمَا سَمَّتْكَ اُمُّكَ وَاَنْتَ الْحُرُّ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ۔ واقعی حر تم حر ہو یعنے آزاد ہو جیسا کہ تمہاری ماں نے تمہارا نام حر رکھا تم دنیا و آخرت میں آزاد ہو۔ اس کے بعد سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے یہ رجز پڑھے۔

نَعَمَ الْحُر حُربَنِی رِیَاح
ضبور عِنْدمُثْتَبِكِ الرِّماح
وَنَعْمَ الْحَرارِنَادٰی حُسَیْنَا
وَجَادَ بِنَفْسِهٖ عِنْدِالصِبَاح
وَنَعَمْ الْحر اِذَرَاسٰی حُسَیْنَا
وَفَاذَ بِاالْهَدَایَة وَالْفَلَاح
وَنَعْمِ الْحُرِّفِیْ دَهِجْ الْمتایا
اِذَالَا بَطال تَخفُق بِاالضِناح
خَیَارب افِغَة جَنَان
دَرَدَجَة مَع الحُور اِلمَلَاح

## ۱۵۔ حضرت وہب بن عبداللہ الکلبی رضی اللہ عنہ

حضرت وہب عبداللہ الکلبی یہ وہ نوجوان ہیں جن کی شادی ہوئے صرف تیرہ روز ہی ہوئے تھے۔ زیبا و نیک خو، گل رخ حسین جوان تھے۔ اٹھتی جوانی اور عنفوانِ شباب۔ امنگوں کا وقت اور بہاروں کے دن تھے۔ اس نوجوان کی والدہ اس کے پاس آئی وہ والدہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جو بیوہ تھیں اور جن کی ساری کمائی اور گھر کا چراغ یہی ایک نوجوان تھے۔اس مشفقہ ماں نے اپنے بیٹے کے گلے لگ کر رونا شروع کر دیا بیٹے کو حیرت ہوئی کہ آج میری ماں کو کون سی تکلیف پہنچی ہے جو اس کی یہ حالت ہو رہی ہے بیٹے نے کہا یہ تو بتاؤ امی جان ہوا کیا ہے اور کیوں روتی ہو کون سا صدمہ ہوا ہے جس نے آپ کو رلایا۔ساری عمر آپ کی فرمانبرداری میں گزاری اب ہوا کیا، ماں نے روتے ہوئے کہا اے میرے نورِ نظر سعادت مند بیٹے دل کے قرار میرے گھر کے چراغ اور میرے باغ کے پھول اپنی جان گھلا گھلا کر تیری جوانی کی بہار پائی میرے دل کے قرار تو ہی میری جان کا چین ہے ایک لمحہ تیری جدائی، تیرا فراق مجھے برداشت نہیں ہو سکتا۔

چوں در خواب باشم توئی درخیالم
چو بیدار گردم توئی ضمیرم

لیکن بات یہ ہے کہ آج مصطفیٰ ﷺ کے جگر گوشہ اور خاتونِ جنت کے نونہال دشتِ کربلا میں مبتلائے مصیبت و جفا ہیں پیارے بیٹے کیا تجھ سے ہو سکتا ہے کہ تو اپنی جان ان کی قدموں پر نثار کر دے۔ایسی بے غیرت زندگی پر ہزار لعنت کہ ہم زندہ رہیں اور سیدِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا لاڈلا ظلم و جفا کے ساتھ شہید کیا جائے۔اگر تجھے میری محنت کچھ یاد ہو اور تیری پرورش میں جو مصیبتیں میں نے اٹھائی میں ان کو نہیں بھولا تو میرے چمن کے پھول تو سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے سر پر صدقہ ہو جا۔وہب نے کہا اے میری امی جان واہ اور کیا چاہیے کہ شہزادۂ کونین پر اپنی جان فدا ہو جائے اور مجھ ناچیز کا یہ ہدیہ وہ قبول کر لیں۔مجھے اجازت دیں ذرا اپنی اس رفیقۂ حیات سے بات کر لوں۔ماں نے کہا بیٹا عورتیں ناقص العقل ہوتی ہیں ایسا نہ ہو کہ وہ اس بات کو نہ مانے تو پھر تم کیا کر سکو گے اور مجبور ہو کر اس سعادت سے محروم ہو جاؤ گے۔عرض کیا اماں جان اول تو ایسا ہو گا نہیں اور بالفرض ایسا ہوا بھی تو اس دل میں جو امامِ حسین علیٰ جدہٖ وعلیہ السلام کی گرہ لگی ہے کہ اس کو کوئی کھول نہیں سکتا اور ان کی محبت کا نقش دل پر ایسا جانگزیں ہے کہ دنیا کے پانی سے دھویا نہیں جا سکتا۔

پھر اپنی رفیقۂ حیات سے کہا کہ یہ ماجرا ہے اور تمہارا کیا خیال ہے؟ بیوی نے جونہی سنا تو ایک سرد آہ بھری اور کہا کاش شریعتِ اسلامیہ نے عورتوں کو جہاد کی اجازت دی ہوتی تو میں تمہارے ساتھ اپنی جان ان پر قربان کر دیتی۔نئی دلہن نے کہا میرے ساتھ عہد کرو کہ جب جنت میں پہنچو گے تو مجھے نہ بھولنا اس نے کہا ہاں ایسی نیک سعادت مند بیوی کو میں کیسے بھول سکوں گا۔اور تم یقیناً جنت میں مجھے ضرور ملو گی۔

پھر ماں نئی دلہن کو لے کر حضرت وہب بن عبداللہ الکلبی کے ساتھ نواسۂ رسول ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔دلہن نے عرض کیا یا ابنِ رسول اللہ ﷺ شہداء گھوڑے سے زمین پر گرتے ہیں اور حوروں کی گود میں پہنچتے ہیں اور وہ بھرپور اطاعت شعاری سے خدمت کرتی ہیں۔میرے یہ نوجوان شوہر حضور پر جانثاری کی تمنا رکھتے ہیں اور میں نہایت بیکس ہوں نہ میری ماں ہے نہ باپ نہ کوئی بھائی ہے اور نہ کوئی قرابتی رشتہ دار جو میری خبر گیری کر سکے۔التجا یہ ہے کہ عرصہ گاہِ محشر میں میرے اس شوہر سے جدائی نہ ہو اور دنیا میں مجھ کو اپنے اہلِ بیت اور اپنی کنیزوں میں رکھیں اور میری عمر کا آخری حصہ آپ کی پاک بیبیوں کی خدمت میں گزر جائے۔سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے فرمایا تمہارے عہد پورے ہو گئے قطعاً گھبراؤ نہیں۔(سوانح کربلا)

ماں نے کہا اٹھو بیٹا اپنا حق ادا کرو قُمْ يَا بُنَيَّ وَانْصُرِ ابْنَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ۔حضرت وہب نے کہا۔اب ایسا ہی کروں گا گھبراؤ نہیں۔یہ کہہ کر سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت طلب کی۔امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ان کو اجازت دی۔حضرت وہب اجازت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

لیتے ہی میدانِ کارزار میں نکلے۔قومِ اشقیاء نے دیکھا کہ گھوڑے پر ایک ماہ رو سوار ہے اور ہاتھ میں نیزہ ہے اور دوش پر سپر ہے اور دل ہلا دینے والی آواز سے یہ رجز پڑھتا ہوا آ رہا ہے۔

اَمِیْرٌ حُسَیْنٌ وَنِعْمَ الْاَمِیْرُ
لَهٗ لُمْعَةٌ کَالسِّرَاجِ الْمُنِیْرِ
دَافِعِ الْکُرَبِ اِمَامِ الْکَرَبِ
لَیْسَ جَهَادِیْ فِی الوَغَابِاللَّعْبِ
اَمِیْرِحُسَیْنَ وَنِعْمَ الْاَمِیْرُ
لَهٗ لُمْعَةٌ کَالسِّرَاجِ الْمُنِیْر

برقِ خاطف کی طرح اور صرصرِ عاصف کی طرح قومِ اشقیاء پر ٹوٹ پڑے جو سامنے آتا گیا اس کو اڑاتے گئے ان کے ڈھیروں کے ڈھیر لگا دیئے ادھر تلوار کاٹ رہی اور ادھر زبان پڑھ رہی امیر حسین ونعم الامیر۔لہ لمعہ کالسراج المنیر۔

ایں چہ دوقسمت کہ جاں می بازد
وہب کلبی بسگ کوئے حسین
دست اوتیغ زند تاکہ کند
اوئے اشرار چوگیسوئے حسین

یکبارگی گھوڑے کی باگ موڑی اور ماں اور بیوی کے پاس آئے۔بیوی کے سر پر ہاتھ رکھا جو اس وقت بیقرار ہو کر رو رہی تھی صبر دلایا اور زبانِ حال سے یہ کہہ رہی تھی۔

جاں زغم سودہ دارم چوں نہ نالم آہ آہ
دل بدر آلودہ دارم چوں نہ گریم زار زار

ماں کو کہا امی جان اب راضی ہو؟ کہا ہاں بیٹا میں راضی ہوں۔پھر گھوڑے پر سوار ہو کر چلنے لگے نئی دلہن ٹکٹکی لگا کر دیکھ رہی ہے اور آنکھوں سے آنسو جاری ہیں۔

ازپیش من آن یار چوتعجیل کنان رفت
دل نعرہ برآوردکہ جاں رفت رواں رفت

حضرت وہب نے پھر قومِ اشقیاء میں گھس کر خوب یزیدیوں کو مارا۔ایک بہت بڑا بہادر حکم بن طفیل غرور میں سرشار آپ کو قتل کرنے کے لیے آگے بڑھا کہ وہب نے ایک ہی نیزے کے وار سے اس کو نیزہ پر اٹھالیا اور اس طرح زمین پر مارا کہ چور کر کے رکھ دیا۔لشکرِ اشقیاء میں پھر مبارزت کی ہمت نہ رہی اور شور مچ گیا۔جب دشمن تنگ پڑ گئے تو عمرو ابن سعد نے حکم دیا کہ اس اکیلے نے ہمارے کئی افراد مار ڈالے ہیں اب اس طرح مبارزت کا کام نہیں چلے گا یکبارگی چاروں طرف سے اس پر حملہ کردو چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا کہ چاروں طرف سے حضرت وہب کو حملوں کا نشانہ بنالیا پھر بھی ہمت نہ ہاری اور جہاں تک ہوسکا دمِ آخر تک کئی یزیدیوں

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کا کام پورا کیا۔ بالآخر زخموں سے چور ہو کر حضرت وہب زمین پر آ گئے تو سیاہ دلاں اور بد باطناں نے حضرت وہب کا سر قلم کر دیا اور شہید کر دیے گئے۔

## ۱۶۔ حضرت جون ابن حوی الحبشی رضی اللہ عنہ

حضرت جون ابن حوی مدینہ طیبہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ہی رہا کرتے تھے۔ جب آپ مکہ معظّمہ تشریف لائے تو یہ بھی آپ کے ساتھ تھے اور پھر جب آپ کربلا میں آئے تو بھی حضرت جون ابن حویٔ آپ کے ہمراہ تھے۔ یہ حبشی نسل سے تھے اور رنگ ان کا سیاہ تھا۔ جب کربلا میں جدال وقتال کا سلسلہ شروع ہوا تو سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا کہ میرا خیال ہے کہ تم یہاں سے جس طرح ہو چلے جاؤ تو انہوں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا حضور میں قطعاً نہیں جاؤں گا۔ یَااِبْنَ رَسُوْلَ اللّٰہِ اَنَا فِی الرِّخَاءِ الْحَسَنِ مَعَکُمْ وَفِیْ اَشِدَّۃٍ عِنْدَ کُمْ۔ اے ابنِ رسول اللہ آرام وآسائش کے وقت آپ کے پاس رہوں اور جب تکلیف کا وقت آئے تو میں چلا جاؤں یہ نہیں ہو سکتا۔ پھر فرمایا کیا مجھے اس لیے میدانِ کارزار میں جانے کی اجازت نہیں دیتے کہ میں کالے رنگ کا حبشی ہوں اور میں جنت میں نہ چلا جاؤں سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے پیارے جون تم نے جنت میں نہیں جانا تو اور بھی کوئی نہ جائے گا اور اے جون اگر سیاہ رنگ کی بات ہے تو بلالِ حبشی کو دیکھو میرے نانا جان فرمایا کرتے تھے کہ بلال حبشے مجھ سے بھی پہلے جنت میں جائے گا۔ اے جون اللہ تعالیٰ سیاہ رنگ کو نہیں دیکھتا بلکہ اللہ یہ دیکھتا ہے کہ اس کا دل تو سیاہ نہیں۔ رنگ کی بات نہیں۔ یہ رنگ تو سب اسی کے بنائے ہوئے ہیں۔ خواہ کالا ہو یا گورا دیکھنا تو یہ ہے کہ اس بارگاہِ خداوندی میں قبولیت ہو جائے۔ عرض کیا تو پھر مجھے اجازت دیں تاکہ میں بھی میدانِ جنگ میں جا کر شہید ہو جاؤں سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ان کو اجازت دے دی۔ جب اجازت لے کر کارزار کی طرف آئے تو ان کی زبان پر یہ رجز جاری تھی۔

کَیْفَ تَرَی الْفُجَّار ضَرَبَ الْاَسْوَد
بِالمشرفِی القاطع المھَنِدِ
اَحْمٰی الْخَیار مِن نَبِی مُحَمَّدٍ
اَذب عَنْھُمْ بَالِلسَان وَالیَدِ
اَرجوا بِذِاکَ الْفَوْزِ عِنْدِالْمَوْرِدِ
مِنْ الالٰہ الْوَاحِدِ الْمَوحِدِ
اَذِلَاشَفِیْعِ عِنْدَہٗ کَاَحْمَدِ

فوجِ اشقیاء میں گھس گئے اور خوب یزیدیوں کو مارا پچیس یزیدی مار ڈالے اور خود زخموں سے چور ہو کر زمین پر گر پڑے اور شہید ہو گئے۔ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ یہ خبر پاتے ہی اس کے قریب تشریف لائے اور فرمایا اَللّٰھُمَّ بَیِّضْ وَجْھَہٗ وَطَیِّبْ رِیْحَہٗ وَاحْشُرْہُ مَعَ الْاَبْرَارِ وَعَرِّفْ بَیْنَ نَبِیٍّ وَّآلِ رَسُوْلِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ۔ اے الٰہ العالمین تو اس کے چہرہ کو سفید کر دے اور اس کے بدن کو خوشبودار کر دے اور اس کا حال اپنے نیک بندے کے ساتھ کر دے اور اس کو نبی اور آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دوستی میں شامل فرما۔

سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی اس دعا کا یہ اثر ظاہر ہوا کہ جب شہدائے کربلا کی لاشوں کو دفن کیا گیا تو ان کی لاش نہ مل سکی دس روز

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کے بعد جب ان کی لاش ملی تو ان کے چہرہ پر نور اور بدن سے خوشبو آ رہی تھی۔ (الحیات)

## ۱۷۔ حضرت ابوالشعثاء یزیدی الکندی رضی اللہ عنہ

ابوالشعثاء یزیدی الکندی بن زیاد بن مہاصر وہ ہیں کہ جب کربلا میں سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو ابوالشعثاء یہ خبر پاتے ہی آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رفقاء واحباب میں شریک ہو گئے۔ روزِ عاشوراء جب رفقاء واحباب اپنی جانیں نثار کر رہے تھے تو پھر انہوں نے امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں عرض کیا کہ حضور مجھے میدانِ کارزار میں جانے کی اجازت دیں۔ سیدنا امامِ عالی مقام نے ان کو اجازت دے دی تو وہ اسی وقت کارزار کی طرف نکلے تو زبان پر یہ رجز جاری تھی۔

اِنَا یَزِیْدِ وَاَبِیْ مِهَاصِر
اَشجَع مِن یَستَ بِغِیْلَ نَادِر
یَارَب انِی لِلْحُسَیْنِ نَاصِرَ
وَلَابْنَ سَعَدَ تَارِك وَهَاجَرِ

پھر قومِ اشقیاء پر تیر مارنے شروع کئے آپ نہایت اعلیٰ تیر انداز تھے جب تیروں سے کئی یزیدی مار ڈالے اور تیر ختم ہو گئے تو پھر تلوار لے کر یزیدیوں کا مقابلہ کرتے رہے۔ کئی زخمیوں کے علاوہ انتیس یزیدی مار ڈالے۔ بالآخر جب کثیر جماعت نے آپ کو اپنے گھیرے میں لے لیا تو آپ کو شہید کر دیا گیا۔

## ۱۸۔ حضرت شبیب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ

شبیب بن عبداللہ النہشلی نے جب سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ مکہ معظمہ سے روانہ ہوئے تو آپ کے ساتھ ہی سفر کیا اور کربلا میں آئے جب کئی رفقاء جامِ شہادت نوش فرما گئے تو انہوں نے آپ سے اجازت طلب کی۔ سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ان کو اجازت دی تو یہ کارزار میں نکلے اور کئی یزیدیوں کو مار ڈالا بالآخر جب زخموں سے نڈھال ہو گئے تو قومِ اشقیاء نے ان پر حملے کر کے شہید کر ڈالا۔ (ایضا)

## ۱۹۔ حضرت زیاد الصائدی رضی اللہ عنہ

حضرت زیاد یہ غریب الصائدی الہمدانی کے فرزند تھے اور بنی سعد میں سے تھے۔ حضرت زیاد نہایت عبادت گذار اور شجاع تھے۔ روزِ عاشورہ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت لے کر کارزار میں نکلے کئی شقی مارنے کے بعد خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۲۰۔ حضرت عائذ ابن مجمع رضی اللہ عنہ

حضرت عائذ مجمع العائذی کے فرزند ہیں یہ اپنے والد معظم کے ساتھ ہی کربلا میں آئے۔ جس طرح باپ نے جامِ شہادت نوش فرمایا اس طرح ان کے بعد حضرت عائذ بھی اذنِ جہاد کے بعد قومِ اشقیاء پر ٹوٹ پڑے اور کئی شقی مارنے کے بعد بالآخر جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ۲۱۔ حضرت سعید ابنِ حنظلہ رضی اللہ عنہ

حضرت سعد بن حنظلہ التمیم ؓ رفقاء وجاں نثارانِ حسینی میں تھے۔ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت طلب کی اور میدانِ کارزار میں یہ رجز پڑھتے ہوئے آئے۔

صبرًا عَلِیٰ الْاَسیافِ وَالْاَلسنة
صَبْرًا علیها لدخولِ الجنّة
وُحورعِیْنَ فاعمات هنّة
لِمَنْ یرید الفَوز لابالظّنة
یانفس لِلراحة فاجهدنه
وَفِیْ طلاب الخیر فارغبنه

پھر یزیدیوں کا مقابلہ کرتے ہوئے کئی افراد کو مارنے کے بعد خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۲۲۔ حضرت ابوثمامہ الصید اوی رضی اللہ عنہ

حضرت ابوعثامہ الصید اوی کا نام عمرو تھا اور عبداللہ ہمدانی کے فرزند تھے کنیت ابوثمامہ ہے۔ نام پر کنیت غالب آ گئی۔ یہ وہی شخصیت ہیں جنہوں نے نمازِ ظہر کے متعلق امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے عرض کیا تھا اور پھر سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز ادا کی۔ اب یہ اذنِ جہاد طلب کرتے ہیں۔ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ان کو اجازت دے دی۔ تو یہ رجز پڑھتے ہوئے آئے۔

عَزاء لَآل مصطفیٰ وبناته
علی جس خیرالناس سبط محمد
عزاء بنت المصطفیٰ وزوجها
خزانة علم الله من بعد احمد
عزاء لال الشرق والغرب کلهم
وحزنا علی جیش الحسین المسدد
فمن مبلغ وعنی النبی وبنته
بان ابنکم فی مجهدای مجهد (الحیات)

یزیدی فوج میں گھس گئے اور کئی یزیدی مار ڈالے یہاں تک کہ ان کے چچازاد بھائی قیس بن عبداللہ نے جو یزیدیوں میں سے تھا وہ پہلے سے ان کے ساتھ عداوت بھی رکھتا تھا ان پر پے در پے حملے کر کے شہید کر دیا۔

## ۲۳۔ حضرت یحییٰ ابن کثیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت یحییٰ بن کثیر انصاری سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت لے کر کارزار میں آئے تو ان کی زبان پر یہ رجز تھی۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حَسناتٍ الحَناق بابن سعدوابْنه
بلقاهما الفوارس الانصار
ومهاجرين مُخفّبين رمابهم
تحت العجابة من دم الكفار
خفبت على عهد النبى محمد
واليوم تخضب من دم الفجار
خانوا حسينا والحوارث حجة
ورضوا يزيدا والرضاء فِي النَّار

پھر خوب یزیدیوں کو مارا یہاں تک کہ چالیس یزیدی آپ نے مار ڈالے اور پھر خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۲۴۔ حضرت سالم ابن عمرو رضی اللہ عنہ

حضرت سالم یہ عمرو کے فرزند اور بنی کلبیہ المدنی کے آزاد کردہ غلام تھے۔ سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ورودِ کربلا کی خبر ملنے پر کربلا میں آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر اذنِ جہاد طلب کیا اور کارزار میں نکلے کئی ظالموں کو مارا اور زخمی کیا۔ بالآخر اپنی جان حق پر قربان کر کے شہید ہو گئے۔

## ۲۵۔ حضرت عمرو بن جندب رضی اللہ عنہ

حضرت عمرو یہ جندب الحضرمی کے فرزند تھے روزِ عاشوراء سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت طلب کی میدانِ کارزار میں نکلے اور اشقیاء کے ساتھ مقابلہ کیا کئی شقی مارے۔ بعدہ جامِ شہادت نوش فرما گئے۔ (الحیات)

## ۲۶۔ حضرت حبشہ ابن قیس رضی اللہ عنہ

حضرت حبشہ قیس کے فرزند تھے اور قیس فرزند تھے سلمہ کے اور یہ ظریف ابن ابان ابن سلمہ ابن حارثہ فہم الفہمی ہیں۔ حضرت حبشہ کے دادا کو رؤیتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہونے کا شرف حاصل تھا۔ حضرت حبشہ روزِ عاشورہ اجازتِ امام عالی مقام رضی اللہ عنہم حاصل کرنے کے بعد کارزار میں نکلے اور کئی شقی مارنے کے بعد خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔ (ایضا)

## ۲۷۔ حضرت نعمان الراسبی رضی اللہ عنہ

حضرت نعمان عمرو الازدی الراسبی کے فرزند تھے روزِ عاشوراء امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہم سے اجازت طلب کی اور قومِ اشقیاء پر ٹوٹ پڑے۔ اور کئی شقی مارنے کے بعد خود شہید ہو گئے۔ (ایضا)

## ۲۸۔ حضرت شبیب ابن جراد رضی اللہ عنہ

حضرت شبیب کا حسب و نسب یوں ہے شبیب ابن جراد ابن ربیعہ بن وحید بن کعب بن عامر بن کلاب الکلابی۔ یہ حضرت شبیب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

شبِ عاشورہ کو کربلا میں پہنچے اور سپاہ حسینی میں شامل ہوئے اور روز عاشورا ءاجازت طلب کی، کارزار میں آئے خوب اشقیاء کو مارا۔ بالآخر آپ نے خود جامِ شہادت نوش فرمایا۔ (ایضا)

## ۲۹۔ حضرت رافع بن عبداللہ رضی اللہ عنہ

حضرت رافع عبداللہ کے فرزند تھے جو مسلم بن کثیر ازدی کے غلام تھے۔ روزِ عاشورہ سپاہِ حسینی میں شامل ہوئے اور سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت لے کر کارزار میں آئے اور کئی شقی مارے اور بالآخر خود شہید ہو گئے۔ (ایضا)

## ۳۰۔ حضرت عمرو الجندعی رضی اللہ عنہ

حضرت عمرو بن عبداللہ الجندعی الہمدانی روزِ عاشورہ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت لے کر کارزار میں نکلے اور قومِ اشقیاء کا مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہو گئے۔ بعض روایات میں ان کی شہادت سب کے بعد بیان کی گئی ہے اور بعض نے ان کو درجہ بدرجہ دورانِ شہداء شامل کیا ہے۔ بہرصورت آپ کی شمولیت شہدائے کربلا میں ثابت ہے۔ (ایضا)

## ۳۱۔ حضرت حباب ابن عامر رضی اللہ عنہ

حضرت حباب کا حسب ونسب اس طرح ہے۔ حباب ابن عامر ابن کعب بن اللات بن ثعلبہ التمیمی۔ یہ بزرگ حضرت حباب شب عاشورہ کربلا میں آئے اور سپاہ حسینی میں شریک ہوئے۔ بعدہ اجازت امام حاصل کر کے قوم اشقیاء کے مقابل گئے اور کئی شقی مارنے کے بعد خود جام شہادت نوش فرما گئے۔ (ایضا)

## ۳۲۔ حضرت شبیب نہشلی رضی اللہ عنہ

حضرت شبیب کا حسب ونسب اس طرح ہے۔ شبیب ابن عبداللہ نہشلی بن مشکل بن جدیہ۔ بعض روایات میں حضرت شبیب کو صحابی بھی لکھا گیا ہے۔ واقعۂ کربلا کے وقت بہت زیادہ عمر رسیدہ ہو چکے تھے۔ لیکن جذبۂ جہاد وشوقِ شہادت ان کو کربلا میں لے آیا روز عاشورہ اجازتِ امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ حاصل کرنے کے بعد قومِ اشقیاء پر ٹوٹ پڑے اور کئی شقی مارنے کے بعد اپنی جان جان آفرین کے سپرد کر کے شہید ہو گئے۔ (ایضا)

## ۳۳۔ حضرت سلمان ابن مغارب رضی اللہ عنہ

حضرت سلمان یہ مغارب ابن قیس الحلبی کے فرزند تھے۔ روزِ عاشورہ حضرت زبیر ابن القین کی شہادت سے پہلے انہوں نے جامِ شہادت نوش فرمایا۔ یہ حضرت سلمان زبیر بن القین کے چچازاد بھائی تھے۔ جب یہ حج کر کے واپس آ رہے تھے تو راستہ میں سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ہمراہ ہی شاملِ قافلہ ہوئے اور کربلا میں تشریف لائے تھے۔ (ایضا)

## ۳۴۔ حضرت مرقع الاسدی رضی اللہ عنہ

حضرت مرقع ثمامہ الاسدی الصیداوی کے فرزند تھے۔ روزِ عاشورہ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت طلب کر کے کارزار میں آئے اور قوم اشقیاء میں سے چند شقی مارنے کے بعد خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ۳۵/۳۶ حضرت سعد و حضرت ابوالحنوف العجلانی رضی اللہ عنہم

حضرت سعد ابن الحارث (اطرث) العجلانی اور ابوالحنوف ابن الحارث (اطرث) یہ دونوں سگے بھائی تھے۔ عین جنگ میں روزِ عاشورہ جب جنگ زوروں پر تھی تو یہ دونوں بھائی عمرو ابن سعد کی فوج سے نکل کر سپاہِ حسینی میں شامل ہو گئے اور سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازتِ جہاد طلب کر کے قومِ اشقیاء پر ٹوٹ پڑے کئی شقی مارنے کے بعد دونوں بھائی خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔ (ایضاً)

## ۳۷۔ حضرت خرغامہ تغلبی رضی اللہ عنہ

حضرت خرغامہ یہ مالک تغلبی کے فرزند ہیں لشکرِ مخالف میں شریک ہو گئے اور پھر قومِ اشقیاء سے نکل کر سپاہِ حسینی میں آ کر شریک ہو گئے اور کئی شقی مار ڈالے یہاں تک کہ ساٹھ شقی مار دیے اور پھر خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

ان کی زبان پر اس وقت یہ رجز تھی۔

اِلَیْکم من ابْن مَالك ضرغام
ضرب حتی یحمی عنَ الرام
یَرجواثوابَ الله بِالقمام
سُبْحَانَهَ مِنْ ملك عَلّام

## ۳۸۔ حضرت معلّٰی ابن علی رضی اللہ عنہ

حضرت معلّٰی یہ علی کے فرزند تھے نہایت بہادر اور مجاہد تھے روزِ عاشورہ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت لے کر میدانِ کارزار کی طرف نکلے تو ان کی زبان پر یہ رجز جاری تھی۔

اَنَا الْمُعَلِیْ حَافِظًا لَاِجَلِیْ
اَذُب حتّٰی یَنْتفِی اَجْلِی
ضَرْبَ غُلَامَ لَا یخاف الاوجلِی
اَرجُوا ثوَابِ الْخَالِق الْازلی
لیختم الله بِخَیْرِ عَمَلِی

اس کے بعد قومِ اشقیاء سے خوب جنگ کی اور بیس اشقیاء مارنے کے بعد فوجِ اشقیاء نے ان کو گھیرے میں لے کر شہید کر ڈالا۔ (ایضاً)

## ۳۹۔ حضرت نصر بن ابی نیرز رضی اللہ عنہ

حضرت نصر یہ ابی نیرز کے فرزند تھے بڑے بہادر تھے۔ یہ مدینہ طیبہ سے ہی امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ہمراہ مکہ میں آئے اور پھر وہاں سے کربلا میں روزِ عاشورہ اذنِ جہاد لے کر قومِ اشقیاء کے ساتھ مقابلہ کیا اور کئی اشقیا مارے اور اس کے بعد خود شہید ہوئے۔ (ایضاً)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ۴۰۔حضرت جابر بن الحجاج رضی اللہ عنہ

حضرت جابر حجاج کے فرزند تھے۔امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت لے کر کارزار میں نکلے اور اشقیاء کا خوب مقابلہ کرنے کے بعد خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۴۱۔حضرت ہفہناف الراسی رضی اللہ عنہ

حضرت ہفہناف ابن المہند الراسی یہ وہ بزرگ ہیں۔جو عین اس وقت کربلا میں پہنچے۔جب قومِ اشقیاء سب کو شہید کر کے فارغ ہوئے۔جب انہوں نے یہ حالِ زار دیکھا تو محبت وجذبہ سے قومِ اشقیاء پر ٹوٹ پڑے۔کئی ظالم مار ڈالے بالآخر قومِ اشقیاء نے اس بزرگ جو سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی محبت میں اپنی جان قربان کرنے آئے تھے ان کو تلواروں سے حملے کر کے شہید کر ڈالا۔اس وقت ان کی زبان پر یہ رجز تھی۔

يَالهَيا الْجُنْدِ الْمُجَنَّدْ
اَنَا الهَنَافَ ابْن الْمُهنِّدْ
اَحمَى عيَالَاتِ مُحَمَّدْ

## ۴۲۔حضرت یزید المشرقی الہمدانی رضی اللہ عنہ

حضرت حصین المشرقی الہمدانی کے فرزند تھے۔قبیلہ ہمدانی کی ایک شاخ مشرقی کہلاتی ہے اس سے ان کا تعلق تھا۔جب خیامِ حسینی سے العطش العطش کی آوازیں آرہی تھیں تو انہوں نے بھی جب عمرو سعد سے آب کی بندش کے سلسلہ میں گفتگو کی تو ان کو ابن سعد نے پانی نہ دینے کا جواب دیا تھا۔

دَعَانِي عَبِيْدَالله مِنْ دُوْنَ قومِهٖ
عَلى خَطرلَا ارِتْفَيه اَمِيْنِ
اَترك مَلك اَلرِاَئے وَالرى مَيلى
اَمْ اَرجع مَاتُو مَابقَتِلِ الْحُسِيْنِ
وَفِي اَرْجِع مَاتو مَابِقَتَل الْحَسِيْنِ
وَفِيْ قَتِله النَارالَّتى لَيْس دُوْنَهَا
حُجَابَ وَمَلك الرائے قُرَةَ عِيْنِ

پھر سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے پاس مایوس ہو کر حاضر ہوئے اور مذکورہ بالا الفاظ بصورتِ اشعار ابنِ سعد کے بیان کئے تھے۔سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے فرمایا کوئی بات نہیں ہم آبِ حوضِ کوثر سے سیراب ہوں گے۔پھر یہی یزید ابن حصین الہمدانی المشرقی اذنِ جہاد طلب کر کے کارزار میں نکلے کئی شقی مارے اور زخمی کئے۔بالآخر جامِ شہادت نوش فرما کر جنت کو سدھارے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ۴۳۔ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ایک ترکی غلام رضی اللہ عنہ

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ایک ترکی غلام تھے ان کے نام کے بارے میں بعض نے ''قارب'' لکھا ہے اور بعض نے واضح لکھا ہے اور بعض نے اسلم لکھا ہے۔ یہ مشہور غلام ترکی کی نسبت سے ہی تھے اور قاری قرآن بھی تھے یہ مدینہ طیبہ اور مکہ معظّمہ اور کربلا میں آپ کی خدمت میں ہی رہے جب جاں نثاراں اپنی جانیں فدا کر رہے تھے تو وفادار غلام ترکی نے اذنِ جہاد طلب کیا اور رجز پڑھتے ہوئے میدانِ کارزار میں نکلے۔

اَلْجَرُّ مَن طَعْنِی وَضَرْبِی یَعطِلِی
وَالْحوسَ سَهْمِی وَتَبلِی یَمْتَلِی
اِذَا حِسَامِی فِیْ یَمِیْنِی یَخْلِیَ
نَیَشق قَلَب الْحَاسِدَ الْمَجْلَی

اور خوب یزیدیوں کو قتل کیا پھر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے گر پڑے اور زخمی حالت میں ابھی کچھ سانس باقی ہی تھے کہ نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم یہ خبر پاتے ہی ان کے قریب آئے اور اپنا رخسارِ انور اس غلام کے چہرہ پر رکھا اسی اثناء میں غلام نے آنکھیں کھولیں تو چہرہ امام کو دیکھ کر مسکرائے اور پھر ہمیشہ کے لیے خاموش ہو گئے اور جنت کو سدھار گئے۔ (درجۂ شہادت کے لطف سے مسکرائے)

## ۴۴۔ حضرت انس الکاہلی رضی اللہ عنہ

حضرت انس یہ حارث الکاہلی کے فرزند ارجمند ہیں اور یہ حارث ابن نبیر ابن کاہل بن عمرو بن صعب اسد بن خزیمہ الاسدی الکاہلی تھے۔ حضرت انس کو علامہ ابنِ حجر عسقلانی اور ابنِ عساکر نے اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں شامل کیا ہے۔

كَانَ اَنَسُ اَبْنَ الْحَارِثِ... صِحَابِيًّا كَبِيرًا مِمَّنْ رَأَى النَّبِيَّ وَسَمِعَ حَدِيْثَهٗ۔

اور انہی سے وہ حدیث بھی مروی ہے کہ ایک بار امام حسین رضی اللہ عنہ آغوش نانائے جان علیہ الصلوٰۃ والسلام میں بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ نے فرمایا۔ اِنَّ ابْنِیْ هٰذَا یُقْتَلُ بِاَرْضٍ یُقَالُ لَهَا كَرْبَلَا فَمَنْ اَدْرَكَهٗ مِنْكُمْ فَلْیَنْصُرْهٗ۔ یہ میرا بیٹا اس سرزمین میں شہید کیا جائے گا جس کو کربلا کہا جائے گا۔ جو اس کو اس حال میں پائے وہ اس کی نصرت کرے۔

یہ بزرگ اور صحابی ان عظیم شخصیتوں میں سے ہیں جنہوں نے اس حدیث کو خود سنا اور پھر وہ وقت آنے پر راتو رات کربلا میں پہنچ گئے۔ آپ نہایت عمر رسیدہ اور ضعیف تھے اور جوانی کے وقت غزوۂ حنین و بدر میں شریک ہوئے اور اب جان آفرین کے سپرد کرنے کے لیے نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت چاہتے ہیں۔ اس وقت ان کی کمر پر پٹکا بندھا ہوا تھا اور ایک ٹپکا ماتھے پر بندھا ہوا تھا اسی حالت میں یہ بزرگ خدمتِ امام میں حاضر ہو کر یہ کہہ رہے تھے۔ تو نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ وقت بھی یاد آ گیا اور کربلا کا خونی منظر بھی اور پھر عظیم بزرگ ایسی ناتوانی کے وقت شوقِ شہادت کی اجازت چاہنا آپ پر سخت غم واندوہ کا سبب ہوا اور رو پڑے صحابی رسول رضی اللہ عنہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے رو کر فرمایا کوئی بات نہیں خدا ہم کو اس آزمائش میں مبتلا کر کے امتحان لے رہا ہے۔ نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شَكَرَ اللّٰهُ یَا شَیْخُ اے شیخ اللہ آپ کی اس سعی پر صلہ خیر فرمائے۔ پھر حضرت انس رجز پڑھتے ہوئے کارزار کی طرف آئے۔

قَد عَلِمْت كَاهَلِهَا وَدُوَودَان وَالْخَندفیون وَقَیْس عِیَلان

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بَان قومی اَفَة لِاَ الْقُرْآن لَدَی الْوَغٰی وَسَادَةَ الْفَرسَان
مبَاشِرِوَالْمَوْتَ بَطَعن آنَ اذِلَنَاتری الْعِجَز عَن اِلطعان

پھر اِس مردِ کامل نے ضعیفی اور پیرانہسالی کے باوجود اٹھارہ یزیدیوں کو مارا اور پھر خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## گیارہ سالہ بچہ اور شوقِ کمال

ایک خاتون اپنا ایک گیارہ سالہ لڑکا لے کر میدانِ کربلا میں آئی اور بچہ اپنی والدہ کے ساتھ کربلا میں سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ عرض کیا اے ابنِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ میری ماں ہے اس نے کہا ہے کہ تم آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام پر اپنی جان فدا کردو۔ مجھے اجازت دیں تا کہ میں بھی جامِ شہادت نوش کرسکوں۔ امامِ عالی مقام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس بچے اور اس کی ماں کے شوق و محبت پر خوش ہوئے۔ پھر ماں نے عرض کیا اے نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرا یہ ایک ہی بیٹا ہے اور باپ اس کا فوت ہو چکا ہے میں چاہتی ہوں کہ میرا یہ بیٹا آپ پر جان فدا کردے گا تو میری دنیا و آخرت سنور جائے گی اور مجھے اس سے بڑھ کر کوئی دولت یا خوشی نہیں ہوگی۔ ماں اور اس کے بچے کے بار بار اصرار پر شوقِ جہاد و محبتِ آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و جذبۂ شہادت کو دیکھ کر امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ بڑے خوش ہوئے اور اس بچہ کی نوعمری دیکھ کر آنکھوں میں آنسو بھی آ گئے۔ اس حال میں آپ نے بچہ کو پیار فرما کر کارزار کی طرف بھیج دیا۔ یہ نوعمر بچہ اجازت لے کر امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ اور اپنی والدہ ماجدہ سے سلام عرض کر کے روانہ ہوئے۔ ہاتھ میں خنجر لیے ہوئے اور زبان پر یہ رجز پڑھتے ہوئے کارزار میں آئے۔

اَمِیْرِی حُسَیْنٌ وَنِعْمَ الْاَمِیْرَ
سُرُوْرِ فَوأَدَ الْبَشِیْرَ النَذِیْرَ
عَلِیٌّ وَفَاطِمَةَ وَالِدَاہُ
فَهَلِ تَعْلَمُوْنَ لَهُ مِنْ نَظِیْرَ
لَهُ طَلْعَةٌ مِثْلَ شَمَسِ الضُّحٰی
لَهُ غِرَّةَ مِثَل بَدْرِ مُنِیْرَ

پھر اس نوعمر بچے نے خوب ظالموں کا مقابلہ کیا۔ چند یزیدی مار ڈالے آخر ایک ظالم نے اس بچہ کے سر کو قلم کر کے شہید کر دیا۔ اس ماں کو جب پتہ چلا تو اس نے سر کو اٹھایا اور بوسہ دے کر فرمایا۔ اَحْسَنْتَ یَاسُرُوْرُ قَلْبِی وَیَاقُرَّةُ عَیْنِی شاباش رے میرے دل کے سرور اور آنکھوں کی ٹھنڈک۔ پھر سر وہیں پر رکھ دیا اور خیامِ حسینی میں وہ مؤمنہ خاتون اس حال میں آئی کہ ان کی زبان پر یہ الفاظ تھے۔

اَنَا عَجُوْز سَیِّدِیْ ضَعِیْفَة
خَارِیَة بَالِیَة نَحِیْفَة
اَضْرَبکم بِضَرْبَةِ عَنِیْفَة
دُوْنَ بَنَیِ فَاطِمَةَ الشَرِیْفَه

بعض نے لکھا ہے کہ اس مؤمنہ خاتون نے دو شقی بھی مار ڈالے تھے لیکن سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے بلاوے پر واپس خیام میں

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

آ گئیں۔

وَلَوکَانَ انِسَاء کَمَثَلِ ھٰذی
لَفَضلت النَسَاء عَلیٰ الرَجَالِ

## ۴۶۔حضرت قاسم الازدی رضی اللہ عنہ

حضرت قاسم یہ حبیب ابن بشر الازدی کے فرزند ہیں۔روزِ عاشورہ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت لے کر کارزار میں نکلے اور کئی اشقیاء مارنے کے بعد خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۴۷۔حضرت قعنب الخیری رضی اللہ عنہ

حضرت قعنب یہ عمرو الخیری کے فرزند تھے۔میدانِ کارزار میں امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اذنِ جہاد طلب کر کے نکلے اور اشقیاء سے مقابلہ کرتے ہوئے کئی افراد کو مارا اور زخمی کیا۔بعدہٗ خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۴۸۔حضرت مالک دودانی رضی اللہ عنہ

حضرت مالک رضی اللہ عنہ داؤد (دودان) کے فرزند تھے۔سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت لے کر کارزار میں گئے تو زبان سے یہ رجز پڑھ رہے تھے۔

اِلَیْکُمْ مِنْ مَالِكِ الْفَرغَام
ضَرَب فَتی یَحمَی عَن اِلْکرام
یَرجَو ثَوَابَ اللہ ذِی الْاَنعَام
سُبْحَانَہٗ مِنْ مَلِكِ عَلَّام

خوب اشقیاء سے مقابلہ کیا یہاں تک کہ ساٹھ اشقیاء کو مار ڈالا پھر اس کے بعد خود شہید ہوئے۔(الحیات)

## ۴۹۔حضرت مجمع الجہنی رضی اللہ عنہ

حضرت مجمع یہ زیاد کے فرزند تھے جو جہنی کہلاتے تھے ان کا وطن جہنہ درمیان مکہ و مدینہ ہے۔صاحبِ استیعاب نے ان کو صحابہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں بھی لکھا ہے کہ غزوۂ بدر و احد میں شریک ہوئے یہ راستہ میں کسی مقام سے نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ ہو گئے اور کربلا میں آئے۔روزِ عاشورہ اذنِ امام حاصل کرنے کے بعد قومِ اشقیاء پر ٹوٹ پڑے۔کئی شقی مارنے کے بعد خود شہادت کا جام نوش فرما گئے۔(ایضا)

## ۵۰۔حضرت بشر الحضرمی رضی اللہ عنہ

حضرت بشر یہ عمرو الحضرمی الکندی کے فرزند تھے۔روزِ عاشورہ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اذنِ جہاد طلب فرمانے کے بعد کارزار میں نکلے اور کئی اشقیاء مارنے کے بعد خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔(ایضا)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ۵۱۔حضرت منہج سہمی رضی اللہ عنہ

حضرت منہج یہ مولیٰ الحسن کے فرزند تھے۔سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت لے کر کارزار میں نکلے کئی اشقیاء کو مارنے کے بعد خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۵۲۔حضرت یحییٰ بن ہانی رضی اللہ عنہ

حضرت یحییٰ ابن ہانی ابن عروہ یہ حضرت یحییٰ عمرو بن الحجاج زبیدی کے بھانجے تھے۔کیونکہ عمرو کی بہن روعہ ہانی بن عروہ کی زوجیت میں تھیں ان کے بطن سے یحییٰ پیدا ہوئے تھے۔حضرت امام مسلم اور حضرت ہانی بن عروہ کی شہادت کے بعد کہیں روپوش ہو گئے تھے۔جب سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ورودِ کربلا کی ان کو خبر ہوئی تو آپ کی خدمتِ عالیہ میں حاضر ہو گئے اور روزِ عاشورہ اجازت طلب فرمائی اور کارزار کی طرف آئے کئی یزیدیوں کو مقابلہ کرتے ہوئے مار ڈالا۔اس وقت ان کی زبان پر یہ رجز جاری تھی۔

اَغْشَاکُمُ ضَرْبًا بِحَدِ السَّیْفِ
لَاجَل مِنَ حَل بَارِضُ الخَیف
بِقِدْرَۃ الرَّحْمٰن رَبَ الْکَیْفِ
اَضَربکم ضَربًا بِغَیْر حَیف

بالآخر خود نڈھال ہو کر گر پڑے اور جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۵۳۔حضرت جنادہ ابن حارث الانصاری رضی اللہ عنہ

حضرت جنادہ ابن حارث الانصاری یہ مکہ معظمہ سے ہی قافلۂ حسینی میں شریک ہوئے اور کربلا تشریف لائے۔اور اجازت طلب کر کے کارزار میں آئے۔تو ان کی زبان پر یہ رجز تھی۔

اَنَاجَنَا دہ ابْن الْحَارِثِ
لَسْت نَجوا رَوَلَا بِنَالِكِ
عَن بَیْعتی حَتّٰی یَرثِنِی وَاَرِی
الْیَوم شَلُوی فِی الصَعْدمَالَكِ

پھر لشکرِ جرار میں جو بھی سامنے آیا اس کو مارتے جاتے حتی کہ سولہ اشقیاء کو مارا اور پھر خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۵۴۔حضرت عمرو بن مطاع الجعفی رضی اللہ عنہ

حضرت عمرو بن مطاع الجعفی نے سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اذنِ جہاد چاہا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ان کو اجازت دی۔پھر یہ رجز پڑھتے ہوئے کارزار کی طرف آئے۔

اَنَابْن جَوف وَاَبِیْ مُطاعَ
فِی یَمِینی مَن هُوَ قَطَاعُ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

وَاسَمَد فی رَاسَیْه لماع
یَری لَهٗ مِن ضَوبه شَعَاعُ
اَلْیَوْمَ قَدْطَابَ لَنَا الْقِراع
دُوْنَ الْحُسَیْنِ الضَرب الصِرَاعُ
یَرجی بذاك الفَوز الدِفَاع
عَن حرنَارِ حُسِیْنَ لَا انْتِقَاعُ

اور چند یزیدیوں کو مارنے کے بعد خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۵۵۔ حضرت حجاج الجعفی رضی اللہ عنہ

حضرت حجاج کا حسب ونسب اس طرح ہے کہ یہ مسروق الجعفی کے فرزند اور مسروق ابن عوف ابن عمیر ابن کلب ابن ذہل بن جوف بن سعد العشیرہ المذحجی الجعفی ہے۔ یہ حضرت حجاج مکہ معظمہ میں ہی جب سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ تشریف لائے تھے تو اس وقت آپ حاضر ہوئے اور پھر تمام سفر مکہ معظمہ تا کربلا اور کربلا سے تا روزِ عاشورہ نمازِ ظہر تک نمازِ پنجگانہ کی آذان کے لیے حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ان کا تعین فرمایا تھا تمام نمازوں کی اذانیں آپ نے دیں۔ گویا کہ یہ مؤذن بھی تھے۔ بوقتِ نماز رفقاء واحباب حسینی اور نماز کے بعد حضرت حجاج سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت چاہتے ہیں۔ امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ان کو اجازت دے دی۔ پھر یہ کارزارِ جنگ میں نکلے تو ان کی زبان پر یہ رجز جاری تھی۔

اَقدِم حُسَیْنَا هَادِیَا مَهْدِیا
اَلْیَوْمَ اَلْقٰی جَدك اَلنبیَا
ثُمَّ ابَاكَ ذَاالعدِی عَلِیَّا
ذَاكَ الَّذِی لعِرَفه وَصِیَّا

سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے یہ جملے سن کر فرمایا نعم وانا القاھما علی اثرک۔ ہاں تمہارے بعد میں بھی ان ہستیوں کے پاس آ رہا ہوں۔ پھر اٹھارہ یزیدیوں کو مارا اور کئی کو زخمی کیا۔ بالآخر حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے یہ مؤذن حجاج شہید ہوئے اور جنت کو سدھار گئے۔ (ایضا)

## ۵۶۔ حضرت ابوعمرو الحنظلی رضی اللہ عنہ

حضرت ابوعمرو الحنظلی یہ بزرگ تہجد گذار متقی اور مردِ صالح تھے اور بڑی اعلیٰ شجاعت کے مالک تھے۔ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت طلب کر کے معرکۂ کارزار میں آئے تو ان کی زبان پر یہ رجز جاری تھی۔

اَبْشر هَدَیْت الرُشِدَ تَلقٰی اَحْمَدًا
فِیْ جَنَّة الفِرکَوْسِ تَعْلُوا صَعْدًا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

پھر یزیدی قوم پر ٹوٹ پڑے اور خوب قتال وجدال کیا یزیدیوں کی جماعت کثیرہ کو مار ڈالا بالآخر جب خوب نڈھال ہو گئے اور گر پڑے تو یزیدی ظالم عامر بن نہشل نے ان کا سر تن سے جدا کر دیا اور شہید ہو گئے۔

## ۵۷۔ حضرت عمرو ابن الخالد رضی اللہ عنہ

حضرت عمرو بن الخالد صیداوی اور دوسرے ۵۸۔ سعد غلام عمرو بن خالد اور ۵۹۔ تیسرے جابر بن الحارث سلمانی اور ۶۰۔ چوتھے مجمع بن عبداللہ العائذی یہ چاروں اکٹھے سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت طلب کرنے کے بعد قومِ اشقیاء پر حملہ آور ہوئے اور کئی یزیدیوں کو مارنے کے بعد کثیر جماعت نے ان کو گھیرے میں لے کر شہید کر ڈالا اور جنت کو سدھارے۔

## ۶۱۔ حضرت یزید ابن مغفل رضی اللہ عنہ

حضرت یزید بن مغفل عامری یہ مکہ معظمہ سے ہی سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ہمراہ کربلائے معلیٰ تشریف لائے اور پھر اجازت لے کر یہ رجز پڑھتے ہوئے کارزار میں آئے۔

آنَ تنکرونی فِانا ابْنَ مغفل
ثَاك لدی الهیجا غیرا عَزَل
وَفی یَمینی لفِل کیف مَنصل
آعلوبه الفارس وسط القسطل

اور خوب حرب وضرب کے ساتھ کئی اشقیاء کو مار ڈالا اور اس کے بعد خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۶۲۔ حضرت جندب ابن حجیر رضی اللہ عنہ

حضرت جندب یہ حجیر کے فرزند تھے اور خولانی الکندی کہلاتے تھے یہ امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے آنے کی خبر پا کر ایک منزل پر آپ سے آملے اور پھر کربلا میں آئے اور اجازت لے کر کارزار میں نکلے۔ چند یزیدیوں کو مارنے کے بعد خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۶۳۔ حضرت حجاج السعدی رضی اللہ عنہ

حضرت حجاجؓ یہ زید السعدی کے فرزند تھے مکہ معظمہ سے ہی امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ہمراہ کربلا تشریف لائے اور پھر اجازتِ امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ لے کر کارزار کی طرف نکلے آپ نے کئی یزیدیوں کو مارنے کے بعد پھر خود جامِ شہادت نوش فرمایا۔

## ۶۴۔ حضرت عباد جہنی رضی اللہ عنہ

حضرت عباد یہ مہاجر کے فرزند اور جہنی کہلاتے تھے۔ جہنہ کے رہنے والے تھے جو مدینہ طیبہ اور مکہ معظمہ کے درمیان ہے یہ جہنہ ہی سے امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ساتھ مکہ معظمہ اور وہاں سے کربلا آئے اور روزِ عاشوراء اجازت لے کر کارزار کی طرف نکلے۔ کئی اشقیاء کو مارنے کے بعد پھر شہید ہو گئے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ۶۴۔ حضرت عبدالرحمن خزرجی رضی اللہ عنہ

حضرت عبدالرحمن عبدرب الانصاری خزرجی کے فرزند ارجمند تھے۔ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت لے کر کارزار میں یہ رجز پڑھتے ہوئے آئے۔

اَضْرِبکم بِضَرْبَةٍ عنَیفة
دُوْنَ بِنی فَاطِمَة الشرَیفة
وَلوکَانَ النساء کَمثلَ الَّذِی
لَفضلَت النساء عَلی الرَجالِ

کئی یزیدی مارنے کے بعد خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۶۶/۶۷ حضرت سیف ابن الحارث رضی اللہ عنہ

حضرت سیف ابن الحارث بن سریع اور مالک ابن عبد بن سریع جابری یہ دونوں باپ کی طرف سے چچازاد اور ماں کی طرف سے بھائی تھے روتے ہوئے امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی خدمتِ عالیہ میں حاضر ہوئے آپ نے فرمایا! کیا وجہ ہے کیوں روتے ہو لَاَرْجُوْاَنْ تَکُوْنَا بَعْدَ سَاعَةٍ قَرِیْرِی الْعَیْنَ۔ مجھے امید ہے کہ اب رونے کے بعد تم خوش وخرم ہوجاؤ گے۔ دونوں نے عرض کیا اے ابنِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم:

جَعَلْنَا فِدَاكَ مَا عَلٰی اَنْفُسِنَا نَبْکِیْ وَلٰکِنْ نَبْکِیْ عَلَیْكَ فِرَاكَ قَدْ اُحِیْطَ بِكَ وَلَا نَنْفَعُكَ۔

ہماری جانیں آپ پر قربان ہوں ہم اپنے لیے نہیں رورہے بلکہ ہم تو آپ کے حال زار پر رورہے ہیں آپ ہر طرف سے دشمنوں کے گھیرے میں ہیں اور ہم آپ کو کوئی فائدہ نہیں دے سکتے۔

امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم نے مجھے بہت فائدہ دیا لیکن اس کی جزا تم کو اللہ تعالیٰ ہی دے گا۔ پھر دونوں نے عرض کیا حضور اب ہم کو اجازت دیں۔ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ان کو اجازت دے دی تو یہ دونوں اکٹھے کارزار کی طرف نکلے اور خوب قومِ اشقیاء کو مارا۔ بالآخر یہ دونوں شہید ہوئے اور جنت کو سدھار گئے۔

## ۶۸/۶۹۔ حضرت عبداللہ وحضرت عبدالرحمن فرزندان عروہ غفاری رضی اللہ عنہ

حضرت عبداللہ اور حضرت عبدالرحمن فرزندان عروہ غفاری ان دونوں نے سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازتِ جہاد طلب کی اور یہ رجز پڑھتے ہوئے کارزار کی طرف نکلے۔

قَدْ عَلِمَتْ حَقًا بَنُو غَفَارِ
وَخندن بعد بَنی فزار
لِنفَرِبْن مَعْشر الفجار
بِکُلّ غَضَبٍ ذَکِر ،تَبَارَ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

یَاقَوْمَ ذَود رَاعن بَنِی اِلاخْیار
بِاالمِشَر فِی وَالْقَا الخَطَّارِ

اور کئی اشقیاء کو مارنے کے بعد خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

## ۷۰۔ حضرت انیس الاصبحی رضی اللہ عنہ

حضرت انیس معقل الاصبحی کے فرزند تھے۔ روزِ عاشورہ سیدنا امامِ عالی مقام صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لے کر معرکۂ کارزار میں یہ رجز پڑھتے ہوئے آئے۔

اَنَا اَنِیْسَ وَاَنَا بْنَ مَعْقل
وَفِیَ یَمِینِیْ فَعْل سَیَفْ مُعقل
اَعلوبه الهامات وسط القِسْطل
عَنْ الْحسین المَاجد الْمفغل
ابْن رَسُوْلَ اللّٰہ خَیْرِالرَّسَل

پھر قومِ اشقیاء پر خوب حملے کیے یہاں تک کہ بیس یزیدی مار ڈالے اس کے بعد خود شہید ہو گئے۔

## ۷۱۔ حضرت ابراہیم بن حصین رضی اللہ عنہ

حضرت ابراہیم حصین کے فرزندِ ارجمند تھے۔ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی خدمت میں اکثر رہے۔ جب سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے کربلا میں پہنچنے کی ان کو خبر ہوئی تو یہ روزِ عاشورہ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت لے کر کارزار کی طرف نکلے تو ان کی زبان پر یہ رجز جاری تھی۔

اَضْرَبْ مِنْکُمْ مُفْصِلًا وَسَاقَا
یُهرِقَ الْیَوْمِ دَمی مَهرِاقا
وَیَرزق المَوْت الوَاسَحِاقا
اغَنِی بَنِی الْفَاجَرِة انفِاقا

پھر خوب اشقیاء کو مارا یہاں تک پچاس اشقیاء مار ڈالے۔ بالآخر خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۷۱۔ حضرت عمیر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ

حضرت عمیر یہ عبداللہ المذحجی کے بیٹے تھے۔ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے روزِ عاشورہ اجازت لے کر کارزار میں یہ رجز پڑھتے ہوئے قومِ اشقیاء پر ٹوٹ پڑے۔

قَدْ علمت سُعدوحَی مَذَحَج
انی لَدَی الهیجاء غیر مخرج

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

أعلم بَيفِى هامَة الْمدجج
واترك القرآن لدى التُعرج
فريقه الزئبِ الازل الاعرج

پھر کئی اشقیاء کو مارا اور زخمی بھی کئے۔ بالآخر خود جامِ شہادت نوش فرما کر جنت کو سدھارے۔

## ۷۳۔ حضرت عبدالرحمٰن التیمی رضی اللہ عنہ

حضرت عبدالرحمن مسعود التیمی کے فرزند ہیں ان کے والد معظم حملۂ اولیٰ میں قبل از ظہر جامِ شہادت نوش فرما گئے تھے اب بعد از ظہر جنگِ مبارزت طلبی میں سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت لے کر کارزار میں نکلے اور چند اشقیاء کو مارنے کے بعد خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔

## ۷۴۔ حضرت عبداللہ الخشعی رضی اللہ عنہ

حضرت عبداللہ یہ بشیر الخشعی کے فرزند تھے جو بڑے بہادر تھے روزِ عاشورہ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اجازت لے کر کارزار کی طرف آئے اور کئی شقی مارنے کے بعد خود جامِ شہادت نوش فرما گئے۔ (الحیات الخفی ج ۲ ص ۲۷۴)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# سپاہ حسینی شہدائے کربلا کے اسمائے گرامی

## رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

۱۔حضرت عبداللہ بن عمیر کلبی۔
۲۔حضرت حرابن یزید الریاحی۔
۳۔حضرت مسلم بن عوسجہ اسدی۔
۴۔حضرت بریدابن حضیر ہمدانی۔
۵۔حضرت وہب بن حباب الکلبی۔
۶۔حضرت نافع بن ہلال الجملی۔
۷۔حضرت عمرو بن قرظۃ الانصاری۔
۸۔حضرت جون بن حوی مولیٰ ابی ذر
۹۔حضرت شبیب بن عبدالنہشلی۔
۱۰۔حضرت ابوالشعشاء الکندی۔
۱۱۔حضرت حبیب ابن مظاہر۔
۱۲۔حضرت سعید بن عبدالحنفی۔
۱۳۔حضرت سوید بن عمرو۔
۱۴۔حضرت زبیر بن القین بجلی۔
۱۵۔حضرت شوذب بن عبدالہمدانی۔
۱۶۔حضرت عابس بن ابی شبیب۔
۱۷۔حضرت حنظلہ ابن اسعد الشامی۔
۱۸۔حضرت عبدالرحمن عبداللہ الیزنی۔
۱۹۔حضرت اسعد بن حنظلہ التمیمی۔
۲۰۔حضرت ابوثمامہ صیداوی۔
۲۱۔حضرت یحییٰ بن سلیم مازنی۔
۲۲۔حضرت یحییٰ بن کثیر انصاری۔
۲۳۔حضرت یحییٰ بن بانی عروہ۔

۲۲۔حضرت جنادہ ابن الحارث انصاری۔
۲۳۔گیارہ سالہ بچے کی شہادت۔
۲۴۔حضرت امام کے ترکی غلام کی شہادت۔
۲۵۔حضرت انس ابن الحارث الکاہلی۔
۲۶۔حضرت حجاج ابن المروق الجعفی۔
۲۷۔حضرت ابوعمرو النہشلی۔
۲۸۔حضرت انیس ابن المعقل الاصبحی۔
۲۹۔حضرت ابراہیم بن الحصین۔
۳۰۔حضرت عمیر بن عبداللہ المذحجی۔
۳۱۔حضرت عمرو بن المطاع الجعفی۔
۳۲۔حضرت سیف بن الحارث۔
۳۳۔حضرت مالک بن عبد۔
۳۴۔حضرت عبداللہ عروی۔
۳۵۔حضرت عبدالرحمن عروہ الغفاری۔
۳۶۔حضرت عمرو بن الخالد۔
۳۷۔حضرت سعد غلام عمرو بن الخالد۔
۳۸۔حضرت جابر بن الحارث سلمانی۔
۴۱۔حضرت مجمع بن عبداللہ العائذی۔
۴۲۔حضرت یزید بن المغفل عامری۔
۴۳۔حضرت جندب بن حجیر الخولانی۔
۴۴۔حضرت حجاج السعدی۔
۴۵۔حضرت عبد مہاجر المہنی۔
۴۶۔حضرت عبدالرحمن بن عبدرب انصاری۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۴۷۔حضرت عبدالرحمن بن مسعود التمیمی۔
۴۸۔حضرت عبداللہ بن بشیر الخشعمی۔
۴۹۔حضرت قاسم بن حبیب ابی بشر الازدی۔
۵۰۔حضرت قعنب بن عمرو الخیری۔
۵۱۔حضرت مالک ابن داؤد ودانی۔
۵۲۔حضرت مجمع بن زیاد الجہنی۔
۵۳۔حضرت بشر بن عمرو الحضرمی۔
۵۴۔حضرت منجین سہم مولیٰ الحسین۔
۵۵۔حضرت عبدالرحمن الکدری۔
۵۶۔حضرت معلّٰی ابن العلیٰ۔
۵۷۔حضرت نصر بن ابی نزد۔
۵۸۔حضرت جابر بن الحجاج۔
۵۹۔حضرت ہفہناف بن المہذ الراسبی۔
۶۰۔حضرت یزید بن الحصین المشرقی۔
۶۱۔حضرت سالم بن عمرو مولیٰ نبی المدینہ۔
۶۲۔حضرت عمرو بن جندب الحضرمی۔
۶۳۔حضرت حبشہ بن قیسی النہمی۔
۶۴۔حضرت نعمان بن عمرو الازدی۔
۶۵۔حضرت شبیب بن جراد الکلابی الوحیدی۔
۶۶۔حضرت رافع بن عبداللہ غلام مسلم بن کثیر ازدی۔
۶۷۔حضرت عمرو بن الہمدانی۔
۶۸۔حضرت حباب بن عامر التمیمی۔
۶۹۔حضرت شبیب بن عبداللہ النہشلی۔
۷۰۔حضرت عقبہ بن الصلت الجہنی۔
۷۱۔حضرت سلیمان بن مغارب الحجلی۔
۷۲۔حضرت مرقع بن شمامہ الاسدی۔
۷۳۔حضرت ابوالحتوف بن الحارث العجلانی۔
۷۴۔حضرت سعد بن الحارث العجلانی۔
۷۵۔حضرت خرعامہ بن مالک تغلبی۔
۷۶۔حضرت زیاد بن عریب الصائدی۔
۷۷۔حضرت عائد بن مجمع العائذی۔
۷۸۔حضرت نعیم بن عجلان انصاری خزرجی۔
۷۹۔حضرت عمران بن کعب بن حارث الاشجعی
۸۰۔حضرت حنظلہ بن عمرو الشیبانی۔
۸۱۔حضرت فاسط بن زہیر تغلبی۔
۸۲۔حضرت کردوس بن زہیر تغلبی۔
۸۳۔حضرت مقسط ابن زہیر۔
۸۴۔حضرت کنانہ ابن عتیق۔
۸۵۔حضرت عمرو بن ضبیعہ تمیمی۔
۸۶۔حضرت بکر بن حی ثعلبی۔
۸۷۔حضرت دہم بن امیہ ابدی۔
۸۸۔حضرت عبداللہ بن یزید بن شبیط
۸۹۔حضرت عبیداللہ بن یزید شبیط۔
۹۰۔حضرت عامر بن سلیم عبدی۔
۹۱۔حضرت سالم غلام عامر۔
۹۲۔حضرت سیف ابن مالک عبدی۔
۹۳۔حضرت حارث ابن نہنان۔
۹۴۔حضرت منیع ابن زیاد۔
۹۵۔حضرت عبدالرحمن بن عبداللہ الاصبحی۔
۹۶۔حضرت حلاس بن عمرو لازدی۔
۹۷۔حضرت زاہر ابن عمرو اسلمی۔
۹۸۔حضرت جبلہ بن علی شیبانی۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۱۰۶/۸۔حضرت امام عالیمقام کے آٹھ غلاموں کی شہادت۔
۱۰۷۔حضرت مسعود بن الحجاج تمیمی۔
۱۰۸۔حضرت عبدالرحمن بن مسعود التمیمی۔
۱۰۹۔حضرت سوار بن ابی عمیر الجہنی۔
۱۱۰۔حضرت زہیر بن بشر الخشعی۔
۱۱۱۔حضرت عمار بن حسان شرع الطائی۔
۱۱۲۔حضرت عبداللہ ابن عمیر۔
۱۱۳۔حضرت مسلم بن کثیر الاذری الاعرج۔
۱۱۴۔حضرت زہیر بن سلیم ازدی۔
۱۱۵۔حضرت حارث بن امراء القیس الکندی۔
۱۱۶۔حضرت امیہ بن سعد الطائی۔
۱۱۷۔حضرت عمارہ بن ابی سلامہ۔
۱۱۸۔حضرت جنادہ بن کعب انصاری۔
۱۱۹۔حضرت جوین بن مالک التمیمی۔
۱۲۰۔حضرت حباب بن حارث۔
۱۲۱۔حضرت ربیعہ بن خوط۔
۱۲۲۔حضرت رمیث بن عمرو۔
۱۲۳۔حضرت ضبیعہ بن عمر۔
۱۲۴۔حضرت عامر بن مالک۔
۱۲۵۔حضرت عمیر بن کناد۔
۱۲۶۔حضرت منذر بن سلیمان۔
۱۲۷۔حضرت سلیم باوفا غلام۔
۱۲۸۔حضرت شہزادہ علی اکبر بن امام حسین۔
۱۲۹۔حضرت عبداللہ بن امام مسلم بن عقیل۔
۱۳۰۔حضرت محمد بن امام مسلم۔
۱۳۱۔حضرت جعفر بن عقیل۔
۱۳۲۔حضرت عبدالرحمن بن عقیل۔
۱۳۳۔حضرت محمد بن سعید بن عقیل۔
۱۳۴۔حضرت محمد بن عبداللہ بن جعفر طیار۔
۱۳۵۔حضرت عون بن عبداللہ بن جعفر طیار
۱۳۶۔حضرت قاسم بن امام حسن
۱۳۷۔حضرت ابوبکر ابن امام حسن
۱۳۸۔حضرت عبداللہ (الاصغر) ابنِ امام حسن
۱۳۹۔حضرت ابوبکر ابن علی المرتضیٰ۔
۱۴۰۔حضرت محمد ابن علی المرتضیٰ۔
۱۴۱۔حضرت عبداللہ بن علی المرتضیٰ۔
۱۴۲۔حضرت عثمان ابن علی المرتضیٰ۔
۱۴۳۔حضرت جعفر ابن علی المرتضیٰ۔
۱۴۴۔حضرت عباس ابن علی المرتضیٰ۔
۱۴۵۔طفلِ شیر خوار شہزادہ علی اصغر ابن امام حسین رضی اللہ عنہ۔
۱۴۶۔خود بنفس نفیس سرکار سید الشہداء سیدنا امامِ حسین ۲ ابن علی المرتضیٰ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

## شہدائے کربلا پر ایک خصوصی تبصرہ

سرکار سید الشہداء سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے احباب واصحاب وانصار کے تفصیلی تذکرہ شہادتوں کو بیان کیا جاچکا ہے اب یہاں پر ان اشخاص کا ذکر کرنا مقصود ہے جن کو خصوصی مقامات حاصل تھے اور وہ عظیم اشخاص بھی نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ شہید ہوئے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## اصحابِ حسین رضی اللہ عنہ میں اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱۔ حضرت مسلم بن عوسجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۲۔ حضرت زاہر بن عمرو اسلمی کندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۳۔ حضرت شبیب بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۴۔ حضرت عبدالرحمن بن عبدرب انصاری خزرجی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۵۔ حضرت عمار بن ابی سلامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۶۔ حضرت مسلم بن کثیر رضی اللہ عنہ۔
۷۔ حضرت حبیب ابن مظاہر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۸۔ حضرت انس بن حارث اسدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ (حیات الحی ج ۲ ص ۲۷۵)

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصالِ اقدس سے واقعۂ کربلا تک پچاس برس کا زمانہ گذر چکا تھا اس لیے ان میں سے کسی کی عمر پچاس ساٹھ برس سے کم نہیں قرار پائی جاسکتی۔ ان میں سے بعض کی عمر یقیناً اس سے زیادہ ہوگی اور ان میں اکثر بہت بوڑھے تھے۔ باوجود اس کے انہوں نے جہاد میں شریک ہوکر جذبہء ایمانی وشوقِ شہادت کا وہ ثبوت پیش کیا جو بیان سے باہر ہے۔

## اصحاب حسینی رضی اللہ عنہ میں جماعتِ تابعین رضی اللہ عنہم

یہ حضرات سیدنا مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے زمانہ میں تھے جو اصطلاحاً تابعین میں داخل ہیں اور تابعین کا مرتبہ صحابہ کے بعد ہے۔

۱۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۲۔ حضرت مجمع بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۳۔ حضرت جنادہ بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۴۔ حضرت جندب بن جمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۵۔ حضرت امیہ بن سعد طائی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۶۔ حضرت جبلہ بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۷۔ حضرت حارث بن نبہان رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۸۔ حضرت حلاس بن عمرو ازدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۹۔ حضرت شبیب بن عبداللہ نہشلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۱۰۔ حضرت قاسط بن زہیر تغلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۱۱۔ حضرت نعمان بن عمرو ازدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۱۲۔ حضرت نعیم بن عجلان رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۱۳۔ حضرت ابوثمامہ صائدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۱۴۔ حضرت شوذب بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۱۵۔ حضرت جون غلام ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۱۶۔ حضرت حجاج بن مسروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۱۷۔ حضرت سعد بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۱۸۔ حضرت یزید بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۱۹۔ حضرت عمر بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ (الحیات)

## اصحابِ حسین رضی اللہ عنہم میں حفاظ وقراءِ قرآن

۱۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عبدرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۲۔ حضرت حنظلہ ابن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۳۔ حضرت غلام ترکی رضی تعالیٰ عنہ۔
۴۔ حضرت کنانہ بن عتیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۵۔ حضرت نافع بن ہلال جملی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۶۔ حضرت برید بن خضیر ہمدانی جو زینت القراء کے لقب سے مشہور تھے۔ کوفہ میں بچوں کو تعلیمِ قرآن دیا کرتے تھے۔ (ایضاً)

## اصحابِ حسینی رضی اللہ عنہ میں علماء و فضلاء کرام

۱۔ حضرت حبشہ بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۲۔ حضرت سوار بن ابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۳۔ حضرت عبدالرحمن رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۴۔ حضرت نافع بن ہلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۵۔ حضرت شوذب بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۶۔ حضرت مسلم بن عوسجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۷۔ حضرت زاہر بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۸۔ حضرت حبیب ابن مظاہر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۹۔ حضرت انس بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## اصحاب حسینی رضی اللہ عنہ میں مردانِ شجاعت

۱۔ حضرت سعید بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۲۔ حضرت عبد الرحمٰن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۳۔ حضرت حر بن یزید الریاحی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۴۔ حضرت زہیر بن القین رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۵۔ حضرت مسلم بن عوسجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۶۔ حضرت عابس بن ابی شبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۷۔ حضرت زیاد بن عریب ہمدانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۸۔ حضرت سوید بن عمرو بن ابی مطاع رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۹۔ حضرت حارث بن امرا القیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۱۰۔ حضرت مسعود بن حجاج تمیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ (الحیات)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

باب ۲۱

# واقعۂ کربلا میں خاندانِ بنی ہاشم کی قربانیاں

اس واقعۂ کربلا میں یہ جاننا بھی ضروری ہے کہ جب تک تیروں اور تلواروں کی بارش ہوتی رہی اور کئی بار جنگِ مغلوبہ بھی ہوئی۔ کسی کتابِ معتبرہ اور کسی تاریخ سے یہ ثابت نہیں ہوسکا کہ سرکار سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے تمام رفقاء واحباب کے ہوتے ہوئے خاندانِ بنی ہاشم کے ایک فرد مقدس کو ذرہ بھی ایسی کوئی تکلیف پہنچی ہو جس سے خاندان بنی ہاشم زخمی یا شہید ہوئے ہوں۔ ہرگز نہیں۔ اس لیے کہ سپاہِ حسینی کے ہر ایک فرد نے پر خلوص ایثار و جذبۂ جہاد و شوقِ شہادت کا وہ ثبوت دیا جس کی نظیر نہیں ملتی۔ سب کی یہی آرزو تھی کہ ہمارے ہوتے ہوئے اس مقدس خاندانِ عالیہ کو کوئی گزند نہ پہنچے۔ ہاں اب جب کہ تمام رفقاء واحباب درجہ بدرجہ شہادت فرما کر جنت النعیم کو سدھار گئے۔ تو اب سرکار امامِ عالیمقام امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے اعزو اقارب نے اپنی بے مثال قربانیاں دینا شروع کر دیں۔

## شہدائے ہاشم در کربلا کی تعداد

شہدائے بنی ہاشم کی تعداد میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ ان کی کل کتنی تعداد تھی۔ کتبِ معتبرہ کے مطالعہ کے بعد جو زیادہ صحیح تعداد معلوم ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ سرکار سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی شہادتِ عظمیٰ کے علاوہ باقی خاندانِ ہاشم کے شہداء کی تعداد کربلا میں اٹھارہ تھی اور آپ کے سمیت کل تعداد انیس ہوئی۔ قَتَلَ مَعَهٗ اَهْلَبَيْتِهٖ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ رَجُلًا جہاں تک اختلافِ تعداد کا تعلق ہے وہ بعض نے سولہ بعض نے بائیس اور بعض نے انیس لکھا ہے لیکن عربی و فارسی کی معتبر و مستند کتابوں میں صحیح تعداد سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ سمیت ۱۹ نفوسِ عالیہ مذکور ہے۔ اور اسی پر اکابرین علماء حق کا اتفاق ہے۔ (الحیات)

## خاندانِ بنی ہاشم کے پہلے شہید کی تحقیق

شہدائے خاندانِ بنی ہاشم کی قربانیوں میں اس کے متعلق بھی اختلاف پایا جاتا ہے کہ ان نفوسِ عالیہ میں اول شہید کون ہوئے؟ بعض نے کسی شخصیت اور بعض نے کسی شخصیت کا ذکر کیا ہے لیکن یہ بات بھی معتبر و مستند کتابوں سے بالاتفاق ثابت ہوئی ہے کہ خاندانِ بنی ہاشم کی بے مثال قربانیوں میں اول جو میدان کارزار میں نکلے وہ حضرت علی اکبر ابن سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہما تھے۔ لہذا یہاں پر اس خاندانِ مقدسہ کی شہادتوں کے باب میں شہادتِ شہزادہ علی اکبر کا بیان کیا جاتا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ۱۔ حضرت سیدنا شہزادہ علی اکبر رضی اللہ عنہ ابن سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ

### خصوصیات حسب ونسب

شہزادہ حضرتِ سیدنا علی اکبر رضی اللہ عنہ کا نام مبارک علی ہے اور لقب اکبر ہے اور کنیت ابوالحسن ہے۔ والد ماجد حضرت سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ اور والدہ محترمہ اُمِ لیلیٰ بنت ابی مرہ ابن عروہ بن مسعود ثقفی ہیں دادا جان حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ ہیں۔ جداعلیٰ سرکار سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ اور جدِ ماں عروہ بن مسعود ثقفی ہیں۔ یہ وہ شخصیت ہیں جن کے متعلق حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں۔ کہ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ:

اَرْبَعَةٌ سَادَةٌ فِي الْاِسْلَامِ بَشَّرُ بْنُ هَلَالٍ الْعَبْدِيُّ وَعَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ وَسَرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ وَعَرْوَةُ بْنِ مَسْعُوْدٍ ثَقَفِيٌّ۔

اسلام کے چار شخص سرداری کے مستحق ہیں۔ بشر بن ہلال، عدی بن حاتم، سراقہ بن مالک، عروہ بن مسعود ثقفی۔

اس سے شہزادہ کے جد مادری کی فضیلت عیاں ہے کہ عروہ بن مسعود ثقفی اسلام کے سردار تھے گویا کہ حضرت شہزادہ علی اکبر کو دونوں طرف سے ایک خصوصی نسبت حاصل تھی۔

### فضائل ومحامد حضرت شہزادہ علی اکبر رضی اللہ عنہ

شہزادہ والاتبار عالی وقار شکل وصورت۔ اخلاق وخصائل، اور فضائل وشمائل میں حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آئینہ جمال وکمال تھے۔ بالاتفاق اس بات کو تسلیم کیا گیا ہے کہ اپنی فطری استعداد وخصوصیات کے علاوہ نام وکنیت اور شجاعت وشہانت وہیبت وسیادت وجود وسخا وخودداری اور دلیری میں خاندانِ مقدسہ کے وارث تھے۔ ایسے عظیم المرتبت شہزادے کے کردار کی بلندی، سیرت کی پاکیزگی، اخلاق کی وسعت، عادات کی رفعت، شمائل کی عظمت، خصائل کی جلالت اور فضائلِ کامل، غرضیکہ انسان کامل ہونے میں کچھ تامل وکلام ہوسکتا ہی ہرگز نہیں۔

لَمْ تَرَ عَيْنٌ نَظَرَتْ مِثْلَهٗ

یہ شہزادۂ عالی وقار شبیہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے۔ اسی لیے اس شہزادہ کو میدان کارزار میں جانے کی جب اجازت ملی تو اس وقت سرکار سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے بارگاہ رب العزت رضی اللہ عنہ میں یہ دعا ان الفاظ سے فرمائی۔

اَللّٰهُمَّ اَشْهِدْ عَلٰى هٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ لَقَدْ بَرَزَ اِلَيْهِمْ غُلَامٌ اَشْبَهُ النَّاسِ خَلْقًا وَخُلُقًا وَمَنْطِقًا بِرَسُوْلِكَ وَكُنَّا اِذَا اشْتَقْنَا اِلٰى زِيَارَةِ نَبِيِّكَ نَظَرْنَا اِلَيْهِ وَجْهِهٖ۔

(اسد الغابہ تفسیر کبیر ج نمبر ۔)

اے میرے اللہ! اس ظالم قوم کی خدا کاریوں پر گواہ رہنا کہ اب ان کی طرف وہ نوجوان جارہا ہے جو شکل وصورت وسیرت وکردار میں سب سے بہترین خلائق تیرے محبوب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مشابہ ہے جب ہم تیرے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیدار کو ترستے تھے تو اس کو دیکھ کر پیاس بجھا لیتے تھے۔

معلوم ہوا کہ شہزادۂ والاتبار صرف شکل وصورت میں ہی جمالِ مصطفی کی تصویر نہ تھے بلکہ حرکات وسکنات اور خصائل وعادات میں سرتاپا آئینہ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء تھے اور آخری حد تک انسانی صفاتِ کمالیہ کے جامع تھے۔ اور ان کی انہی ظاہری وباطنی خصوصیات

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کا نتیجہ تھا کہ سرکار سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ آپ سے بے پناہ محبت والفت فرماتے تھے۔ان کی دلجوئی اور حاجت برآری کو حاصلِ حیات سمجھتے تھے۔ چنانچہ ایک مرتبہ شہزادہ علی اکبر رضی اللہ عنہ نے حضرت سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ اپنے ابا جان سے انگور کھانے کی خواہش کی اور اس وقت انگوروں کا موسم نہ تھا۔حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے مسجد کے ستون کی طرف ہاتھ کو بڑھایا اور ہاتھ واپس کر کے شہزادہ کے ہاتھ میں انگوروں کا گچھا پکڑا دیا اور فرمایا یہ تو معمولی بات ہے میرے اللہ کے پاس اس سے زیادہ ہے جو وہ اپنے ہی نیک بندوں کو بغیر موسم کے پھل عطا کر دیتا ہے اس بیان پر اگر شبہ ہو تو قرآن پاک میں حضرت سیدہ مریم علیہا السلام کے لیے بھی تو بے موسم پھل اللہ تعالیٰ نے بھیجا تھا۔ثابت ہوا کہ اولیائے کرام کے لیے بارگاہِ رب العزت سے ایسی نعمتوں کا آنا کوئی مشکل نہیں۔جو ان حقائق کا منکر ہے وہ درحقیقت اللہ تعالیٰ کے انعامات کا انکاری ہے اور قرآن کا صریحاً منکر ہے۔

## شجاعت و جہاد و ایمان و ایقان شہزادہ علی اکبر رضی اللہ عنہ

اہلِ بیت کے نوجوانوں اور ناز کے پالوں نے میدانِ کربلا میں حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ پر اپنی جانیں فدا کیں اور تیر و سنان کی بارش میں حمایتِ حق سے منہ نہ موڑا۔گردنیں کٹوائیں خون بہائے اور جانیں دیں۔مگر کلمۂ ناحق زبان پر نہ آنے دیا۔نوبت بہ نوبت شہادتوں کے بعد اب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے نورِ نظر خاندانِ ہاشم کے چراغ شہزادہ حضرت علی اکبر رضی اللہ عنہ حاضر ہیں۔میدانِ کارزار میں جانے کی اجازت چاہتے ہیں۔منت وسماجت ہو رہی ہے عجیب وقت ہے کہ لاڈلا بیٹا شفیق باپ سے گردن کٹوانے کی اجازت چاہتا ہے اور اس پر اصرار کر رہا ہے۔ایسے وقت میں پدرِ مہربان پر کیا گذر رہی ہوگی۔حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے میدان میں بھیجنے کے لئے تو دیر نہ کی مگر آپ کے باطنی جذبات میں جو تلاطم اور قلبِ حزیں میں جو اضطراب رونما ہوا وہ آپ کے ان کلمات سے ٹپکتا ہے کہ جب شہزادہ نے اجازت چاہی تو:

نَظَرَ اِلَیْہِ نَظَرَ وَاَرْخٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ عَیْنَیْہِ وَبَکٰی۔ (حیات)

حضرت امام نے اپنے لختِ جگر پر مایوسانہ نظر ڈالی اور پھر رو پڑے۔

بالآخر حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کو صبر و رضا اپنے شہزادے کے شوقِ شہادت پر اجازت دینی پڑی۔حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے خود اس شہزادے کو گھوڑے پر سوار فرمایا اور اسلحہ اپنے دستِ مبارک سے لگایا۔فولادی خود سر پر رکھا تلوار لٹکائی اور نیزہ ہاتھ مبارک میں دیا۔اس وقت اہلِ بیت کی بیبیوں پر کیا گزری کہ ایک جگمگاتا ہوا چراغ بھی آخری سلام کہہ رہا ہے۔

وَاَمَّا الْغُلَامُ فَقَدْ تَجَلّٰی عَلَی الْقَوْمِ بِوَجْہِ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَعَمَامَۃُ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَاَسْلِحَۃُ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَعَلٰی فَرَسِ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَنَطَقَ بِمَنْطِقِ رَسُوْلِ اللّٰہِ۔ (حیات)

شہزادے اس شان سے میدان میں آئے کہ قومِ اشقیاء نے دیکھا کہ چہرہ تصویرِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے سر پر عمامہ ہے تو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا اسلحہ جنگ ہے تو وہ رسول رضی اللہ عنہ کا سواری گھوڑا رسول کا گفتار رسول رضی اللہ عنہ کی۔

جب اس حالت میں شہزادہ میدانِ کارزار کی طرف روانہ ہونے لگا تو حضرت امام نے اشک بھری آنکھوں سے آسمان کی طرف منہ کر کے وہ کلمات کہے جن کو صاحبِ حیات نے نقل فرمایا ہے اور وہ کلمات بمعہ ترجمہ پچھلے صفات پہ گذر چکے ہیں۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اَشْھِدْ عَلٰی ھٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ فَقَدْ بَرَزَ اِلَیْھِمَ غُلَامًا اَشْبَہُ النَّاسِ خَلْقًا وَخُلُقًا وَمَنْطِقًا بِرَسُوْلِكَ وَکُنَّا اِذَا اَشْتَقْنَا اِلٰی نَبِیِّكَ نَظَرْنَا اِلَیْہِ وَجْھِہٖ۔

اے میرے اللہ اس ظالم قوم کی جفا کاریوں پر گواہ رہنا کہ اب ان کی طرف وہ نوجوان جارہا ہے جو شکل وصورت وسیرت وکردار میں سب سے بہترین خلائق تیرے محبوب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مشابہ ہے اور جب ہم تیرے پیارے رسول کے دیکھنے کے مشتاق ہوتے ہیں تو اس چہرہ پر نگاہ کر لیتے تھے۔

انہی فقروں سے حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے قلبی تاثرات وجذبات کا باآسانی پتہ چل جاتا ہے لیکن جس کے دل پر گذر رہی ہے اصل حقیقت تو وہی جانتے ہیں۔اس کے بعد حضرت علی اکبر رخصت ہوکر میدانِ کارزار کی طرف آئے۔جنگ کے مطلع میں ایک آفتاب چمکا۔مشکِ کامل کی خوشبو سے میدان مہک گیا۔چہرۂ انور کی تجلی نے معرکۂ کارزار کا عالمِ انوار بنادیا۔عمرو بن سعد لشکر یزیدی کے سپہ سالار کو باآواز بلند یہ کہہ کر پکار دی۔

مَالَكَ قَطَعَ اللّٰہُ رَحِمَكَ وَلَا بَارَكَ اللّٰہُ لَكَ فِیْ اَمْرِكَ وَسَلَّطَ عَلَیْكَ مَنْ یَّذْبَحُكَ بَعْدِیْ عَلٰی فِرَاشِكَ كَمَا قَطَعْتَ رَحِمِیْ وَلَمْ تَحْفَظْ قَرَابَتِیْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ۔(ایضاً)

تجھے کیا ہوگیا ہے اللہ تیرے اوپر رحم کو قطع کردے اور تجھے اپنے معاملات میں برکت نہ دے اور میرے بعد تجھ پر ایسے شخص کو مسلط کردے جو تجھے تیرے بستر پر ذبح کرے۔جس طرح تو نے مجھ سے قطع رحمی کی اور میری قرابت داری رسول کا کوئی لحاظ نہ کیا۔

ادھر اس آواز کا نکلنا تھا کہ حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی زبان مبارک پر قرآن پاک کی اس آیت کی تلاوت جاری تھی۔اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰٓی اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰھِیْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ذُرِّیَّۃًۢ بَعْضُھَا مِنْۢ بَعْضٍ وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ۔اور ادھر شہزادے کی یہ آواز ھَلْ مِنْ مُبَارِزٍ۔کیا کوئی ہے جو میرے ساتھ آکر مقابلہ کرے آؤ تم نہیں جانتے میں کون ہوں۔شہزادے نے اپنی زبان مبارک سے اس وقت یہ رجز پڑھی۔

اَنَا عَلِی ابْنِ حُسَیْنِ ابْنِ عَلِی
نَحْنُ اَھْلُ بَیْتِ اَوْلَی النَّبِی
وَاللّٰہِ لَا یَحْکُمُ فِیْنَا اِبْن الاعْلٰی
اَطْعَنَکُم بِالرُّمْحِ حَتّٰی تَنْثَنِیْ
اَضْرِبُکُم بِالسَّیْفِ اَحْمِیْ عَنْ اَبِیْ
ضَرْبَ غُلَامٍ ھَاشِمِی عُلَوِیْ۔

کربلا کا چپہ چپہ اور ریگستانِ کوفہ کا ذرہ ذرہ کانپ اٹھا لیکن ان یزیدیوں کے دل پتھر سے بدرجہا سخت تھے۔جنہوں نے اس نوبادہ چمنستانِ رسالت کی زبانِ شیریں سے کلمے سنے پھر بھی ان کی آتشِ عناد سرد نہ ہوئی اور کمینے سینوں سے کینہ دور نہ ہوا۔

سید المفسرین صدر الافاضل حضرت علامہ محمد نعیم الدین مرادآبادی علیہ الرحمہ نے کیا خوب فرمایا ہے:

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

میدان میں اس کے حسنِ عمل دیکھ کر نعیم
حیرت سے بدحواس تھے جتنے تھے شیخ وشاب

شہزادہ کی شجاعت وہیبت وجلالت دیکھ کر کسی کو ان کے مقابلہ پر آنے کی جرأت نہ ہوتی شہزادے کی تلوار قومِ اشقیاء پر اس طرح چلی جیسے کھیروں اور تروں کو کاٹا جاتا ہے۔ جدھر کا رخ فرماتے کشتوں کے پشتے لگا دیتے۔ اہلِ کوفہ آپ کے قتل وقتال سے کئی کتراتے تھے۔ عمرو بن سعد اور اس کی فوج مقتولین کی کثرت سے بلبلا اٹھے حتی کہ ایک سو بیس ناریوں کو واصلِ جہنم کیا اسی دوران حضرت شہزادہ عالی وقار کے جسمِ اقدس پر کافی زخم آچکے تھے پیاس کا شدید غلبہ ہوا گھوڑے کی باگیں موڑیں جسم کے کئے حصوں سے خون نکل رہا ہے کہ زخموں سے چور ہو کر حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کیا اَبَتَاہ اَلْعَطَشُ قَدْقَتَلَنِیْ وَثَقَلُ الْحَدِیْدِ اَجْهَدَنِیْ فَهَلْ اِلٰی شَرْبَةٌ مِّنَ الْمَاءِ۔ ابا جان مجھے پیاس نے مار دیا ہے اور ہتھیاروں کے بوجھ نے تھکا دیا ہے۔ کیا تھوڑا سا پانی حلق کو تر کرنے کے لیے مل سکتا ہے تا کہ اس سے تازہ دم ہو کر دشمنوں سے لڑنے کے لیے طاقت حاصل کر سکوں۔

## شہادتِ عظمیٰ اور جواں بیٹے کی لاش پر بے کس باپ کی آمد

حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ جواں سالہ بیٹے کی بیکسی کی حالت دیکھ کر رو پڑے اور فرمانے لگے

وَاغوثاہ یَابُنَیَّ مِنْ اَیْنَ اَتِیْ لَكَ الْمَاءُ قَاتَلْ قَلِیْلًا فَمَا اَسْرَعَ اَنْ تُلْقِی جَدَّكَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَیَسْقِیْكَ بِكَاْسِهٖ لَا تَظْمَاءُ بَعْدَهٗ اَبَدًا۔ (حیات)

افسوس اے پیارے بیٹے: میں کہاں سے تمہارے لیے، پانی لاؤں۔ بیٹا تھوڑی دیر اور جہاد کرو۔ بہت جلد اپنے جدِ نامدار علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ملاقات کرو گے اور وہ تمہیں شرابِ طہور یعنی جنت کا وہ جام پلائیں گے کہ اس کے بعد پھر تم کو کبھی پیاس نہ لگے گی۔

یَابُنَیَّ هَاْتِ لِسَانَكَ۔ اپنی زبان میرے منہ میں دو اور میرے نانا جان علیہ الصلوٰۃ والسلام کی یہ انگوٹھی چاندی کی میرے پاس نشانی ہے اس کو چوس لو۔ شہزادے نے ایسا ہی کیا اور عرض کیا ابا جان: اب دل کو کچھ تسکین ہوئی ہے۔ شہزادہ پھر واپس میدانِ کارزار میں آیا اور یزیدی لشکر پر ٹوٹ پڑا اور زبان مبارک سے یہ رجز پڑھی۔

اَلْحَرَبَ قَدْ بَاقَتْ لَنَا الْحَقَائِقِ
وَظَهَرَتْ مَنْ بَعْدَهَا مَصَادِق
وَاللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ لَانَفَارِق
جَمْوَعَكُمْ اَوْلَغَیْرِ الْبَرَارِق

اور بائیں دائیں بڑھ بڑھ کر حملے کیے یہاں تک کہ مزید اسی دشمنان اسلام کو واصلِ جہنم کیا اس طرح جب پورے دو سو ناریوں کو واصلِ جہنم کر چکے تو اشقیاء نے عمرو بن سعد کے کہنے پر یکبارگی شہزادہ حضرت سیدنا علی اکبر رضی اللہ عنہ پر حملہ کر دیا۔ جب چاروں طرف سے حملے شروع ہوئے تو شہزادہ کا جسمِ نازنین چکنا چور ہو گیا۔ چمنِ فاطمہ علیہا السلام اور گلستانِ رسالت کا یہ پھول اپنے خون میں نہا گیا تو آپ اس حالت میں پشتِ فرس سے کربلا کی زمین پر آئے تو آواز دی اور شہزادہ کو تڑپتے ہوئے اٹھا لیا اور خیمے کی طرف لے کر آئے اور اپنے دامنِ اقدس سے شہزادے کے چہرہ کو صاف کیا اور ان کے چہرہ پر چہرہ رکھا۔ شہزادے نے آنکھ کھولی تو دیکھا ابا جان کی گود

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

میں ہے عرض کیا:

يَاأَبَتَاهُ عَلَيْكَ السَّلَامُ هٰذَا جَدِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ قَدْ سَقَانِيْ بِكَأْسِهٖ شَرْبَةً لَا أَظْمَأُ بَعْدَهٗ أَبَدًا وَهُوَ يَقْرَءُكَ سَلَامُ وَيَقُوْلُ لَكَ عَجِّلِ الْقَدِمَ إِلَيْنَا۔

ابا جان میرا آخری سلام قبول ہو یہ میرے جدِ امجد سرکار محمد رسول اللہ ﷺ ہیں انہوں نے مجھے ایسا جام پلایا ہے کہ مجھے اب کبھی پیاس نہ لگے گی اور فرمارہے ہیں کہ آپ بھی جلدی آجائیں۔

اس کے بعد حضرت امام رضی اللہ عنہ نے اپنی باہیں شہزادے کے گلے میں ڈال دیں اور منہ پر منہ رکھ کر رو پڑے۔

وَوَضَعَ خَدَّهٗ عَلٰى خَدِّهٖ ثُمَّ انْهَمَلَتْ عَيْنًا بِالدُّمُوْعِ ثُمَّ قَالَ عَلَى الدُّنْيَا بَعْدَكَ الْعَفَا۔

اپنا رخسار شہزادے کے رخسار پر رکھ کر زار و قطار روئے اور کہا بیٹا اب تمہارے جانے کے بعد دنیاوی زندگی پر خاک ہے۔

يَبُنَّيَّ لَقَدِ اسْتَرَحْتَ مِنْ هَمِّ الدُّنْيَا وَغَمِّهَا وَبَقِيَ أَبُوْكَ فَرِيْدًا۔ (الحیات)

بیٹا تم تو دنیا کے ہم وغم سے نجات پا گئے لیکن تمہارا باپ تنہا رہ گیا۔

حضرت امام یہ جملے فرماتے جاتے اور شہزادہ کے رخِ انور کے بوسے لیتے جاتے اور یہاں تک فرمایا۔

لَعَنَ اللّٰهُ وَقَتَلَ اللّٰهُ قَوْمًا قَتَلُوْكَ مَا أَجْرَاهُمْ عَلَى النَّارِ وَعَلٰى إِهَانَتِ حُرْمَةِ الرَّسُوْلِ ﷺ۔

بیٹا اللہ تعالیٰ اس ظالم قوم پر لعنت کرے اور اس کو ہلاک کرے جس نے تجھے شہید کیا انہیں کس چیز نے جہنم کی آگ میں دھکیلا اور حرمتِ رسول کی توہین کرنے پر جرأت کی۔

اسی اثناء میں شہزادۂ عالی قدر حضرت سیدنا علی اکبر رضی اللہ عنہ نے چند سرد آہیں لیں اور اپنے شفیق باپ کی آغوش میں جان دے دی۔ إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔ دارالفناء سے دارالقرار کو چلے گئے۔ حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے آسمان کی طرف منہ کیا اور زور کے ساتھ بے اختیار ہو کر رو پڑے وَرَفَعَ الْحُسَيْنُ صَوْتَهٗ وَلَمْ يَسْمَعْ أَحَدًا إِلٰى ذٰلِكَ الزَّمَانِ صَوْتَهٗ بَالْبُكَاءِ۔ کہ ایسا کبھی ان کے رونے کی آواز نہ سنی تھی اور کہا اے باری تعالیٰ یہ تھی حسین کی ساری زندگی کی پچیس سالہ نوجوان بیٹا کمائی جس کی قربانی دے دی ہے اے اللہ اس کو قبول فرما۔

پچیس سال کی ہے یہ دولت حسین کی
اب ہے تیرے سپرد امانت حسین کی

لاشۂ اقدس پر پاک بیبیاں روئیں حضرت امام نے صبر کی تلقین فرمائی اس وقت اہلِ بیت کی مستورات پر جو گذری اس کو بیان کرنے سے زبان و قلم قاصر ہے۔

دیتے تھے دہائی اہلِ بیت شہزادے کی لاش پر
تصویر گھر سے جاتی رہی ہے خیرالانام کی

صدرالافاضل سید المفسرین سند المحققین حکیم الامت حضرت علامہ سید محمد نعیم الدین شاہ صاحب مرادآبادی نور اللہ مرقدہ شہزادۂ علی اکبر ابن امام حسین رضی اللہ عنہما کی شان و شوکت و عظمت پر خود لکھتے ہیں:

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نورِ نگاہ فاطمہ آسماں جناب
صبرِ دل خدیجہ پاک ارم قباب
لختِ دلِ امامِ حسین ابن ابی تراب
شیرِ خدا کا شیر وہ شیروں میں انتخاب
صورت تھی انتخاب توقامت تھا لاجواب
گیسوٗ تھے مشک ناب توچہرہ تھا آفتاب
چہرہ سے شہزادہ کے اٹھا جبھی نقاب
مہروسپہر ہوگیا خجلت سے آب آب
کاکل کی شام رخ کی سحر موسم شباب
سنبل نثار شام فدائے سحر گلاب
شہزادۂ جلیل علی اکبر جمیل
بستانِ حسن میں گلِ خوش منظر شباب
پالا تھا اہلِ بیت نے آغوشِ ناز میں
شرمندہ اس کی نازکی سے شیشۂ حباب
صحرائے کوفہ عالمِ انوار بن گیا
چمکا جو ان میں فاطمہ زہرا کا ماہتاب
خورشید جلوہ گر ہواپشتِ سمند ابر
جب ہاشمی جوان کے رخ سے اٹھا نقاب
حوروں نے مرحبا کہا شوکت تھی رجز خواں
جرأت نے باگ تھامی شجاعت نے کی رکاب
چہرہ کو اس کے دیکھ کرآنکھیں جھپک گئیں
دل کانپ اٹھے ہوگیا اعداء کواضطراب
سینوں میں آگ لگ گئی اعدائے دین کے
غیظ وغضب کے شعلوں سے دل ہوگئے کباب
نیزہ جگر شگاف تھا اس گل کے ہاتھ میں
یااژدھا تھا موت کایا اسود العقاب
چمکا کہ تیغ مردوں کو نامرد کردیا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس سے نظر ملاتا یہ تھی کس کے دل میں تاب
کہتے تھے آج تک نہیں دیکھا کوئی جواں
ایسا شجاع ہوتا جو اس شیر کا جواب
مردان کارلرزہ براندام ہوگئے
شیرافگنوں کی حالتیں ہونے لگیں خراب
پیکروں کو تیغ سے دوپارہ کر دیا
کی ضرب خود پر تواڑا ڈالا تارکاب
تلوار تھی کہ صاعقۂ برقِ بار تھا
یاازبرائے رجم شیاطین تھا شہاب
چہرے میں آفتابِ نبوت کا نور تھا
آنکھوں میں شان صولت سرکار ابوتراب
پیاسا رکھا جنہوں نے انہیں سیر کردیا
اس جود پرہے آج تیری تیغِ زہرِ آب
میدان میں اس کے حسنِ عمل دیکھ کر نعیم
حیرت سے بدحواس تھے جتنے تھے شیخ وشاب

(سوانح کربلا ص ۱۱۵، ۱۱۴)

## اولادِ حضرت عقیل رضی اللہ عنہ کی قربانیاں

حضرت عقیل ابن عمران ابی طالب رضی اللہ عنہما کی اولاد امجاد میں سے ایک صاحبزادے حضرت مسلم شہید در کوفہ تھے اور باقی آپ کے صاحبزادے جو کربلا میں سرکار سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہمراہ آئے تھے ان کی شہادتوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔ حضرت عقیل سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے حقیقی بھائی از بطن سیدہ حضرت فاطمہ بنتِ اسد تھے۔ گویا کہ اولادِ حضرت عقیل سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے چچازاد بھائی تھے اور اولادِ عقیل میں آپ کے دو پوتے کوفہ میں شہید ہوئے اور ایک پوتے کربلا میں شہید ہوئے۔ ان کی جداگانہ شہادتوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔

### ۲۔ حضرت عبداللہ بن سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما امام مسلم کے بیٹے تھے۔ انہی کے والد معظم کو کوفہ میں ظالموں نے بیدردی سے شہید کردیا تھا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما از بطنِ سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا اپنی والدہ محترمہ کے ساتھ میدانِ کربلا میں موجود تھے حضرت سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے نوجوان صاحبزادے تھے۔ حضرت امام عالی مقام سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے میدان کارزار میں جانے کی اجازت طلب کی۔ حضرت امام عالی نے فرمایا پیارے عبداللہ رضی اللہ عنہ تمہارے باپ مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت کوفہ میں ہوچکی ہے تم جہاد کے لیے نہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جاؤ اور اپنی والدہ محترمہ سیدہ کے ساتھ رہو۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا حضور کیا یہ ہوسکتا ہے کہ جس کے باپ نے حق کی خاطر جان دے دی اس کا بیٹا اس عظیم سعادت سے محروم رہے میں یہی چاہتا ہوں کہ جہاد میں ظالموں کا مقابلہ کروں اور خود کو خدا کے سپرد کروں۔ بال آخر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے اصرار پر حضرت امام ہمام کو اجازت دینا پڑی۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اہلِ بیتِ اطہار سے آخری سلام و اپنی والدہ محترمہ سے پیار و دعا لے کر میدان کارزار کی طرف آئے جب آپ دشمنوں کے مقابل ہوئے تو آپ کی تلوار سے تین افراد قومِ اشقیاء واصلِ جہنم ہوئے۔ اسی اثناء میں عمرو بن صبیح صدائی نے آپ کی پیشانی اقدس پر اس قدر شدید تیر مارا اور آپ نے پیشانی پر ہاتھ رکھا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس وقت یہ کلمات کہے۔ اَللّٰھُمَّ فَاقْتُلْھُمْ کَمَا قَتَلُوْنَا وَاَذِلَّھُمْ کَمَا اسْتَذَلُّوْنَا۔ اے الٰہ العالمین ان لوگوں نے ہم کو کمزور سمجھ کر ہم کو ذلیل کرنے کی کوشش کی ہے۔ تو ان کو ذلیل کر اور جس طرح انہوں نے ہم کو قتل کیا ہے تو ان کو قتل کر۔ اسی اثناء میں ایک اور ظالم یزید بن قادالجہنی نے آپ کے سینۂ اقدس پر اس زور سے نیزہ کا وار کیا جو دل پر لگا۔ حضرت عبداللہ شہزادہ امام مسلم بن عقیل جانبر نہ ہوسکے اور جامِ شہادت نوش فرما کر دارالبقاء کی طرف سدھار گئے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ (الحیات)

## ۳۔ حضرت محمد بن حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہما کی شہادت

حضرت محمد رضی اللہ عنہ حضرت امام مسلم رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں۔ آپ کی عمر مبارک واقعۂ کربلا کے وقت تیرہ سال تھی۔ جب اپنے بھائی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو خاک و خون میں تڑپتے دیکھا تو بے تاب ہوگئے اور حضرت امام ہمام کے پاس اذنِ جہاد کے لیے حاضر ہوئے۔ آخر آپ نے ان کو اجازت فرمادی۔ حضرت محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ میدانِ کارزار میں آئے، قوم جفا کار کا مقابلہ کیا۔ اسی حالت میں ابوجرہم ازدی اور لقیط بن ایاس جہنی کے شدید حملوں سے شہید ہوگئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

## ۴۔ حضرت جعفر ابن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت جعفر رضی اللہ عنہ حضرت عقیل رضی اللہ عنہ کے چشم و چراغ ہیں۔ والدہ ماجدہ کا نام خوصا ہے۔ کنیت ان کی ام النضر بنت عمرو بن عامر کلابی ہے۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اذنِ جہاد لے کر یہ رجز پڑھتے ہوئے لشکرِ اشرار پر ٹوٹ پڑے۔

اَنَا الْغُلَامُ الْاِبْطَحِی الطَّالِبِی
مِنْ مَعْشَرٍ بَنِی هَاشِمَ وَغَالِبِ
وَنَحْنُ حَقًّا سَادَةُ الذَّوَائِبِ
هٰذَا حُسَیْنٌ اَطْیَبُ الْاَطَائِبِ
مِنْ عِتْرَةِ الْبَرِّ التَّقِیِّ الشَّاقِبِ

کافی دیر قومِ اشقیاء کا مقابلہ کیا اور پندرہ یزیدیوں کو واصلِ جہنم کرنے کے بعد خود بشر بن حوط ہمدانی کے ہاتھوں شہید ہوگئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ۵۔حضرت عبدالرحمٰن ابنِ عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت عبدالرحمن بن عقیل اپنے بھائی کی شہادت کے بعد اجازت لے کر یہ رجز پڑھتے ہوئے کارزار میں تشریف لائے۔

اَبِیْ عَقِیْلَ فَاَعْرِ فَوَامَکَانِیْ
مِنْ هَاشِم وَهَاشِم اِخْوَانِیْ
کَهُوْل صِدق سَادة اِلا قُرَانِ
هٰذَا حُسین سَامخ البنُیَان
سَیِدالشَبِبِ مَعَ الشبانِی
وَسَیّد الشَّبابِ فِی الْجَنَانِ

سخت دشمنانِ دین سے مقابلہ کیا یہاں تک کہ سترہ افرادِ اشقیاء کو جہنم رسید کیا۔آخر کار عثمان بن خالد جہنی اور بشر بن حوط کے سخت حملوں سے آپ دارالفناء سے دارالبقاء تشریف لے گئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔

## ۶۔حضرت محمد بن ابی سعید ابن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت محمد رضی اللہ عنہ بن ابی سعید بن عقیل رضی اللہ عنہ واقعۂ کربلا میں ابھی سنِ بلوغ تک نہیں پہنچے تھے کہ میدانِ کارزار میں گئے۔اور جہاد کی حالت میں لقیط بن ایاس جہنی کے تیر سے آپ شہید ہوئے۔

## اولادِ جعفر طیار کی قربانیاں

حضرت جعفر طیار حضرت سیدہ فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا کے بطن سے تھے اور ان کے والد عمران ابی طالب رضی اللہ عنہ تھے۔یعنے حضرت علی کرم اللہ وجہ لکریم کے سگے بھائی تھے ان کی اولادِ امجاد میں حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے فرزندِ ارجمند تھے۔ان کی زوجیت میں حضرت سیدہ زینب بنتِ سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہ الکریم تھیں۔حضرت عبداللہ ابن جعفر طیار رضی اللہ عنہما کسی وجہ سے کربلا نہ آسکے لیکن انہوں نے اپنی اہلیہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کو اپنے بھائی کے ساتھ جانے کی اجازت دے دی۔اسی وجہ سے مدینہ طیبہ سے مکہ معظمہ اور مکہ سے کربلا تک سیدہ زینب اپنے بھائی امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہمراہ رہیں اور حضرت عبداللہ ابن جعفر طیار رضی اللہ عنہما نے اپنے دونو جوان صاحبزادوں حضرت عون وحضرت محمد رضی اللہ عنہ کو اپنی والدہ ماجدہ کے ہمراہ کربلا بھیج دیا۔بعض نے ان کی عمر کو واقعۂ کربلا پر آٹھ نو سال لکھ دیا ہے لیکن ایسا نہیں تحقیق کی روشنی میں اس وقت ان کی عمر اٹھارہ انیس برس کے لگ بھگ تھی۔لہذا اب حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کے دو پوتوں جو حضرت عبداللہ ابن جعفر رضی اللہ عنہما کے فرزند تھے ان کی شہادتوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔

## ۷۔حضرت محمد ابن عبداللہ ابن جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت

حضرت محمد رضی اللہ عنہ بن حضرت عبداللہ بن حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہما واقعہ کربلا کے وقت جوان عمر کے تھے اپنے ماموں جان سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا مجھے اب کارزار میں جانے کی اجازت دیں۔آپ ان کو دیکھ کر رو پڑے اور شوقِ جہاد و شہادت پر خوش بھی ہوئے۔بڑے اصرار کے بعد آخر آپ نے ان کو اجازت مرحمت فرمادی۔حضرت محمد بن حضرت عبداللہ جب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

میدان کی طرف نکلے تو زبان سے یہ کلمات پڑھے۔

اَشکَوااِلَی اللّٰہِ مِنَ العُدُوَانِ
فَعَالَ قَومِ فِیْ الرَدٰی عُمیَان
قَدبَدلَوا مَعَالِمُ الْقُرآن
وُمُحکُم التَنْزِیْلِ وَالتِبْیَانِ
وَاَظْھَرْ وَالْکَفَر مَعَ الطُغْیَانِ

حضرت محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شیر ببر کی طرح قومِ اشقیاء پر حملہ کیا اور دس افراد قومِ جفا کار کے واصلِ جہنم کئے۔ بالآخر حضرت محمد رضی اللہ عنہ کو ظالموں نے اپنے نرغے میں گھیر لیا اور حملے کرنے شروع کر دیے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شہزادے اور جعفر طیار رضی اللہ عنہ کے پوتے اور سیدہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے نور نظر دل کے قرار ایک ظالم ملعون عامر بن نہشل تمیمی کے ہاتھوں شہید ہو گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ حضرت امامِ عالی مقام نے شہزادے کی لاش اقدس کو اٹھایا اور خیمے کے پاس لاشوں کے قریب رکھ کر فرمایا۔ اے میری ماں جائی بہن تمہاری حسرت پوری ہو گئی آج تمہارا لختِ جگر میرے نانا جان کے پاس پہنچ گیا ہے۔ ماں نے شہزادے کی لاش کو دیکھ کر کہا بیٹا تو نے میرا دل راضی کر دیا ہے قیامت کو مجھے اور تمہارے باپ و خاندان ہاشمی کو یہ فخر ہو گا کہ جس لال نے میرا دودھ پیا تھا اس نے کربلا میں دینِ حق کی خاطر جان دینے سے گریز نہ کیا۔ بڑے صبر و رضا کے ساتھ اس زخم کو برداشت فرمایا۔ (الحیات)

## ۸۔ حضرت عون ابن عبداللہ ابن جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہم

حضرت عون رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ بن جعفر طیار رضی اللہ عنہما کے بیٹے ہیں اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے حقیقی بھانجے ہیں اپنے بھائی حضرت محمد رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد انہوں نے بھی حضرت امامِ عالی مقام سے اذنِ جہاد طلب کیا اور یہ رجز پڑھتے ہوئے کارزار میں آئے۔

اَنْ تَنْکَرُونِی فَاَنَا بْن جَعْفِر
شَھَید صِدق فَی الجَنان اَزْھَرَ

پھر دادِ شجاعت دیتے ہوئے آپ نے تین اشخاصِ اشقیاء کے سوار اور اٹھارہ پیادوں کو کیفرِ کردار واصل فی النار کرنے کے بعد عبداللہ بن قطبہ طائی کے ہاتھوں جامِ شہادت نوش فرمایا۔ اَنَّا لِلّٰہِ وَاَنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ان کی لاشِ مقدسہ کو اٹھایا اور لاشانِ مقدسہ کے ساتھ رکھا۔ حضرت سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے شکر ادا کیا کہ اے الٰہ العالمین تو نے زینب رضی اللہ عنہا کے اس بیٹے کی قربانی کو بھی قبول فرما لیا ہے۔

## اولادِ سیدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہم کی قربانیاں

حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے حقیقی بھائی سیدہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے تھے اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے فرزند اور سرکار محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نواسے تھے۔ ان کی اولادِ امجاد میں سے ان کے بیٹے کربلا میں تشریف لائے اور انہوں نے اپنی جانیں قربان

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کیں اب ان صاحبزادوں کی شہادتوں کا بیان کیا جاتا ہے۔سیدنا امامِ حسن کثیر الازواج اور کثیر الاولاد تھے ان سب کا تفصیلی ذکر کیا جاچکا ہے۔یہاں پر ان کا ذکر کیا جارہا ہے جو کربلا میں شہید ہوئے۔

## ۹۔شہزادہ حضرت قاسم رضی اللہ عنہ ابن امام حسن رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت قاسم رضی اللہ عنہ جواز بطن رملہ تھے آپ کی والدہ محترمہ واقعۂ کربلا میں موجود تھیں۔جب شہزادہ حضرت قاسم رضی اللہ عنہ نے میدانِ کربلا میں جانے کے لیے اپنے خیام سے تیاری شروع فرمائی تو حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ اب میرے بھائی راکبِ دوشِ مصطفیٰ کا نورِ نظر جس کو دیکھ کر اپنے بھائی حسن رضی اللہ عنہ کی یاد آجاتی ہے جن کا چہرۂ انور اپنے باپ کے ساتھ ملتا جلتا ہے اب میرا یہ پیارا قاسم میدانِ کارزار میں جہاد کے لیے آراستہ ہورہا ہے۔اس منظر کو دیکھتے ہی حضرت امام حضرت قاسم رضی اللہ عنہ کے گلے جا لگے اور اس قدر روئے کہ غشی طاری ہوگئی۔حضرت قاسم رضی اللہ عنہ نے تسلی و تشفی فرمائی۔اور اپنے شوقِ جہاد اور خونِ حیدری کے جوش کا مظاہرہ کیا اور اجازت چاہی لیکن حضرت امام اپنے بھائی کی اس عظیم نشانی کو اپنے سے جدا کرنے پر پس وپیش کرتے رہے۔بالآخر شہزادے نے اپنے چچا جان بزرگوار سے بڑے اصرار کے بعد اجازت حاصل کرلی۔شہزادے اسی حال میں میدانِ کارزار میں نکلے کہ ان کی آنکھیں چچا کے غم میں پرنم تھیں اور چچا کی بھتیجے کی جدائی میں،صاحبِ حیات فرماتے ہیں کہ جب شہزادہ چل پڑا تو حضرت امامِ عالی مقام نے فرمایا۔

**يَاوَلَدِيْ أَتَمْشِي بِرِجْلِكَ إِلَى الْمَوْتِ۔** اے پیارے بیٹے قاسم رضی اللہ عنہ کیا تم اپنے قدموں سے چل کر موت کی طرف جاتے ہو۔

شہزادہ قاسم رضی اللہ عنہ نے جواب میں عرض کیا۔

**كَيْفَ لَايَاعَمُّ! وَأَنْتَ بَيْنَ الْأَعْدَاءِ صِرْتَ وَحِيْدًافَرِيْدًالَمْ تَجِدْ صَاحِبًا وَلَا صَدِيْقًا۔رُوْحِيْ لِرُوحِكَ الْفِدَاءُوَنَفْسِي لِنَفْسَكَ الْوَفَاءُ۔(ايضاً)**

اے عم بزرگوار بھلا میں ایسا کیونکر نہ کروں جب کہ آپ کو اعداء کے نرغہ میں بے یارومددگار تنہا کھڑا دیکھ رہا ہوں۔میری جان آپ پر فدا ہو۔

امام ہمام یہ جواب سن کر رو پڑے اور قاسم رضی اللہ عنہ کو سینے سے لگا کر بوسہ دیا اور سپردِ خدا کیا اور فرمایا اچھا ہم بھی تمہارے پیچھے آرہے ہیں۔

شہزادہ آخری سلام فرما کر کارزار میں کود پڑے اور زبانِ اقدس پر یہ رجز پڑھتے گئے۔

أَنْ تَنْكُرُوْنِيْ فَأَنَا ابْنَ الْحَسَنْ
سِبْطِ النَّبِيِّ الْمُصْطَفٰى الْمُؤْتَمِنْ
كَانَ حُسَيْنٌ فَكَلَا سَيْرَالْمُوْتِهِنْ
بَيْنَ أُنَاسٍ لَاالْغَوَاصُوْبَ الْمزنْ

یزیدی لشکر نوجوان شہزادہ قاسم رضی اللہ عنہ کے چہرہ انوار کی تابانی و چمک و ہیبت اور رجز سن کر بوکھلا گیا۔میدانِ کارزار میں ایک آفتاب چمک رہا ہے۔خَرَجَ اِلَيْنَا قَاسِمٌ كَانَ وُجْهُهٗ كَالْقَمَرِ۔ہماری طرف ایک قاسم نامی شخص آیا جس کا چہرہ چاند کی مانند تھا گویا کہ چاند نمودار ہوا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

آپ نے فوجِ اشقیاء کا مقابلہ فرمایا اور ستر ناریوں کو واصلِ جہنم کیا۔اسی اثناء میں عمرو بن سعد بن نضیر ازدی ظالم ملعون نے اس قدر زور سے تلوار ماری کہ شہزادہ حضرت قاسم رضی اللہ عنہ کا سرِ انور شگافتہ ہوگیا۔اور بل کھا کر زینِ فرس سے منہ کے بل فرشِ زمین پر گر پڑے۔آپ نے عمِ محترم کو آواز دی یا عماہ حضرت امام نے جب حضرت قاسم رضی اللہ عنہ کی آواز سنی تو آپ دوڑتے ہوئے آئے دیکھا کہ قاتل آپ کے پاس کھڑا ہے آپ نے اسے روکا لیکن باز نہ آیا۔الٹا تلوار سے حضرت امام ہمام کو مارنے لگا قدرتِ الٰہیہ سے اس کا اپنا ہاتھ کٹ کر گر گیا اس نے اپنے ساتھیوں کو مدد کے لیے طلب کیا وہ کثرت سے دوڑتے آئے ان کے اپنے گھوڑوں کے پاؤں کے نیچے ہی وہ کچلا گیا۔جہنم رسید ہوگیا۔

حضرت امام قاسم رضی اللہ عنہ شہزادہ کے قریب کھڑے ہیں کہ شہزادہ تڑپ رہا ہے اور امام غم کی حالت میں فرما رہے تھے۔بُعْدًا لِّلْقَوْمِ قَتَلُوْكَ خَصْمُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيْكَ جَدُّكَ۔ہلاک ہو وہ قوم جس نے تم کو قتل کیا ان کے واسطے جن کے لیے قیامت کے روز آقائے نامداران کے دشمن ہوں گے۔اسی اثناء میں شہزادہ حضرت قاسم رضی اللہ عنہ ابن امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ جامِ شہادت نوش فرما کر جنت کو سدھار گئے۔اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔

حضرت امام حسین نے ان کی لاش مبارک کو اٹھایا اور خیام کے پاس لاشانِ مقدسہ کے قریب رکھا جو مرکزِ سپاہ کی حیثیت رکھتا تھا۔

## ۱۰۔حضرت ابوبکر ابن امام حسن رضی اللہ عنہما کی شہادت

حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیٹے ہیں۔ان کی اور حضرت قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ ایک تھیں۔گویا کہ یہ دونوں ماں باپ کی طرف سے سگے بھائی تھے اور حضرت قاسم سے بڑے تھے۔انہوں نے بھی حضرت امام سے اذنِ جہاد لے کر بڑے اصرار کے بعد میدانِ کارزار کا رخ کیا۔

اَنْ تَنْكَرُوْنِيْ فَاِنَّا ابْنِ حَيْدَرَه
ضَرْغَامَ اَجَامَ وَيَسْتَ صَتُوْرَهْ
عَلَى الْاَعَادِى مِثْلِ رِيْحَ صَرْصَرَه
اَكِيْلَكُمْ بِالسَّيْفِ كِيْلِ السَّنْدَرَهْ

آپ نے بھی بڑی شجاعت کے ساتھ قومِ اشقیاء کا مقابلہ کیا اور چودہ ناریوں کو واصلِ جہنم کیا بالآخر عبداللہ بن عتبہ الغنوی کے تیر سے آپ درجۂ شہادت کو پہنچے۔اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔(الحیات)

## ۱۱۔حضرت عبداللہ (الاصغر) ابن امام حسن رضی اللہ عنہما کی شہادت

حضرت سیدنا عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں۔ان کی والدہ محترمہ رملہ بنت شلیل بن عبداللہ بجلی تھیں۔حضرت شلیل صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم تھے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ یہ صغیر السن تھے گیارہ سال کی عمر تھی جب یہ کربلا میں شہید ہوئے۔ان کی شہادت کا واقعہ یوں ہے کہ جب امام الشہداء نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو تیروں سے دشمنوں نے چھلنی کر دیا یہ حالتِ زار دیکھ کر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے چچا جان کی حمایت کے لیے دشمن کے نرغہ میں کود پڑے۔دیکھا کہ ایک تلوار لے کر قاتل الجبر بن کعب کھڑا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہے آپ نے اس کو جا کر فرمایا۔ یَاظَالِمُ اَنْتَ تَقْتُلُ عَمِّی۔ ظالم میرے چچا کو قتل کرتا ہے۔ اس نے طیش میں آ کر حضرت عبداللہ کے تلوار ماری جس سے شہزادہ کا ہاتھ کٹ گیا۔ شہزادہ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا یا عماہ اے چچا جان امام ہمام نے جب حضرت عبداللہ کو دیکھا تو اسی لہولہان حالت رضی اللہ عنہ میں سینہ سے لگا لیا دلاسا دیتے ہوئے فرمایا۔ یَاابْنَ اَخِیْ اِصْبِرْ مَانَزَلَ بِكَ وَاحْتَسِبْ فِیْ ذٰالِكَ الْخَیْرَ فَاِنَّ اللّٰهَ یُلْحِقُكَ بِاٰبَائِكَ الصَّالِحِیْنَ۔ اے بھتیجا۔ اس مصیبت پر صبر کرو اور خیر وثواب کی توقع رکھو۔ اللہ تعالیٰ تجھے اپنے نیک آباء وجداد کے ساتھ ملحق کرے گا۔ شہزادہ حضرت عبداللہ ابن امام حسن رضی اللہ عنہ چچا جان کے ساتھ لپٹے ہوئے تھے کہ ایک ملعون ظالم حرملہ ابنِ کاہل نے اس قدر شدید حملہ کیا کہ شہزادہ نے تڑپ کر جان دے دی اور ان کی روح قفسِ عنصری سے پرواز کر کے جنت میں شہداء کربلا کے ساتھ ملحق ہوگئی۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ۔ (الحیات)

## اولادِ سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی قربانیاں

حضرت سیدنا مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے سیدہ فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات ظاہری میں تو کوئی اور نکاح نہ فرمایا لیکن ان کے انتقال کے بعد حضرت علی کرم اللہ وجہ الکریم نے آٹھ اور نکاح فرمائے۔ کل نو ازواج ہوئیں۔ اور ان سب سے کافی اولادِ امجاد ہوئی۔ جیسا کہ اس کا بھی تفصیلی ذکر ہو چکا ہے ان تمام اولادِ امجاد میں سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے جو صاحبزادے کربلا میں شہید ہوئے اب ان صاحبزادوں کی شہادتوں کی تذکرہ کیا جا رہا ہے۔

## ۱۲۔ حضرت ابوبکر بن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت حیدر کرار سیدنا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ الکریم کے صاحبزادے ہیں ان کی والدہ ماجدہ لیلیٰ بنت مسعود بن خالد درامیہ ہیں۔ آپ نے حضرت امام الشہداء سے اجازت جہاد طلب کی اور میدانِ کارزار میں تشریف لائے تو آپ کی زبان پر یہ رجز تھی پھر زبردست دشمنوں سے جنگ فرمائی اور آپ نے اکیس ناریوں کو نارِ جہنم میں رسید کیا ایک ظالم ملعون زجر بن قیس کے ہاتھوں آپ شہید ہو گئے۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ۔ شہدائے کربلا کی لاشوں کی جماعت میں ان کی بھی لاشِ مقدس رکھی گئی۔

## ۱۳۔ حضرت محمد رضی اللہ عنہ ابن سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت سیدنا محمد رضی اللہ عنہ حضرت سیدنا مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے شہزادے ہیں۔ ان کی والدہ محترمہ حضرت اسماء بنت عمیس الخثعمیہ تھیں اور یہ حضرت محمد بن الحنفیہ سے چھوٹے تھے۔ آپ نے بھی اذنِ جہاد طلب کیا اور کارزار میں یزیدیوں سے خوب لڑائی کی اور کئی افراد کو جہنم رسید کیا بعد ازاں خود ایک ملعون ذرعہ شریک کے ہاتھوں شہید ہو گئے۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ۔ قاتل ملعون کا چند گھڑیوں کے بعد پانی پیتے ہوئے پیٹ پھٹ گیا اور واصلِ جہنم ہوا۔

## ۱۴۔ حضرت عبداللہ ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے صاحبزادے ہیں۔ اور حضرت عبداللہ جناب عباس رضی اللہ عنہ کے سگے بھائی تھے ان کی پیدائش پر آپ نے فرمایا میں اپنے بھائی کے نام پر اس کا نام رکھتا ہوں اور وہ عثمان رضی اللہ عنہ ہے جو

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جلیل القدر صحابی ہیں۔ واقعۂ کربلا کے وقت حضرت عثمان ابن علی رضی اللہ عنہ کی عمر پچیس سال تھی۔ آپ پورے چودہ سال حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے پاس رہے۔ واقعۂ کربلا کے خونی منظر پر آخر حضرت عثمان فرزندِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے اذنِ جہاد طلب فرمایا آپ اجازت لے کر قومِ اشقیاء پر ٹوٹ پڑے۔ اس وقت آپ کی زبان پر یہ رجز تھی۔

اِنِّیْ عُثْمَانِ ذوالمفاخر
شَیخی عَلَی الْفَعَالِ الظَاهر
هَذَا حُسِیْنَ خَیْرَة الاخایر
وَسِید الصَغارَو الْکَبَائِر

شدید ضرب وحرب کے بعد خولی بن یزید اصبحی ملعون نے آپ کو ایک ایسا تیر مارا کہ شہزادہ عثمان ابن حیدر کرار رضی اللہ عنہ فرس کی زین سے فرشِ زمین پر آ گئے اور تڑپتے رہے اسی اثناء میں موقعہ پا کر ایک ملعون ایان بن درام نے آگے بڑھ کر حضرت عثمان ابنِ شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نورِ نظر کا سرِ اقدس جسدِ اطہر سے قلم کر دیا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ۔ (الحیات)

## ۱۶۔ حضرت جعفر ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت سیدنا جعفر رضی اللہ عنہ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے صاحبزادے تھے۔ سب بھائیوں سے واقعۂ کربلا میں ان کی عمر تھوڑی تھی۔ بوقتِ شہادت آپ کی عمر اکیس سال تھی۔ حضرت عثمان بن علی رضی اللہ عنہ سے دو برس چھوٹے تھے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ان کی پیدائش پر نام رکھتے ہوئے فرمایا میں ان کا نام اپنے بھائی جعفر رضی اللہ عنہما طیار کے نام پر رکھتا ہوں۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ اذنِ جہاد لے کر میدانِ کارزار کی طرف تشریف لائے تو آپ نے یہ رجز پڑھی۔

انِی انَا جَعْفِر ذَوالمَعالی
ابن علیٰ الْخیر ذی النَوال
حَسبی بقمَی شرفًا وَخَالِی
اَحمَی حَسیَنَا ذِی الندی المِفضَالِ

آپ نے کئی افراد جہنم رسید کئے بالآخر ہانی بن شبیت ملعون کے ہاتھوں شہید ہو گئے۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ۔ ایک روایت ان کے قاتل کے متعلق یوں بھی آئی ہے کہ خولی بن یزید نے اس قدر زور سے نیزہ حضرت جعفر بن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے ماتھے پر مارا جس کی کاری ضرب آپ کے لیے شہادت کا سبب بنی۔

## ۱۷۔ صاحبِ اللواء ابوالفضل حضرت عباس ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما کی شہادت

حضرت سیدنا ابوالفضل العباس ابن حضرت مولیٰ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی ولادتِ باسعادت مدینہ منورہ میں شعبان المعظم ۲۶ ہجری کو ہوئی۔ آپ کی والدہ ماجدہ حضرت ام البنین فاطمہ بنت خزام بن خالد بن ربیعہ بن عامر الکلابی تھیں یہ وہ ام البنین تھیں جن کا خاندان عرب میں صف شکنی اور شیر افگنی میں مشہور اور معروف تھا تمام قبائل عرب میں یہ خاندان اپنی شجاعت وشہامت میں

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بے نظیر تھا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اس بات پر بہت خوش ہوئے۔ کیونکہ جس طرح آپ شجاعت وشہامت میں اعلیٰ درجہ کے مشہور ہیں آپ کی بیوی حضرت ام البنین بھی شجاعی خاندان سے تھیں۔ آپ کے ہی بطن سے حضرت کے یہ چار فرزند پیدا ہوئے۔ ۱۔ حضرت ابوالفضل العباس رضی اللہ عنہ۔ ۲۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ۔ ۳۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما۔ ۴۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہما جو سب کے سب میدانِ کربلا میں یومِ عاشورہ حضرت امام ہمام کی نصرت کے ساتھ جامِ شہادت نوش فرما گئے۔ دنیا کے لیے سوتیلے بھائیوں کے وفاداری وجان نثاری کی مثال قائم کردی۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو چودہ سال تک اپنے والد معظم کی شفقت نصیب ہوئی تھی پھر حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ اپنے والد عظیم کی شہادت کے بعد دس سال کا عرصہ حضرت سیدنا امامِ حسن رضی اللہ عنہ کے پاس رہے۔ ان کی شہادت کے بعد حضرت سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے پاس رہے۔ گویا کہ اس طرح بوقتِ شہادت آپ کی عمر مبارک چونتیس سال تھی۔ واقعۂ کربلا کے وقت حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ، عثمان وجعفر رضی اللہ عنہ اور حضرت عباس ان چاروں بھائیوں کی والدہ ماجدہ حضرت ام البنین رضی اللہ عنہا مدینہ طیبہ میں موجود تھیں۔

## القابات

حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ کی دو کنیتیں بڑی مشہور ہیں۔ ایک ابوالفضل، اور دوسری ابوالقرابہ۔ آپ کے القابات بھی بہت مشہور ومعروف ہیں۔ آپ کو قمر بنی ہاشم بھی کہا جاتا ہے اور علمبردار بھی کہا جاتا ہے سقائے اہلِ بیت بھی کہا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں باب الحوائج، الشہید، العبد الصالح، صاحب اللّواء بھی القابِ جلیلہ آپ کے ہیں۔

## شکل وشمائل وفضائل

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کشیدہ اقامت متناسب اعضاء کے نہایت وجیہ نوجوان تھے تمام ارباب سیر نے اپنی کتب میں لکھا ہے کہ

اِنَّ الْعَبَّاسَ كَانَ وَسِيْمًا جَمِيْلًا بِرَكْبِ الْفَرَسِ ..... وَرِجْلَاهُ يُخَطَّانِ عَلَى الْاَرْضِ وَيُقَالُ لَهٗ قَمَرِ بَنِي هَاشِمٍ۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ بہت حسین وجمیل اور جسم وسیم تھے۔ دورکابہ گھوڑے پر سوار ہوتے تھے تو پھر پائے مبارک زمین پر خط دیتے تھے ان کو خداداد حسن وجمال کی وجہ سے قمر بنی ہاشم کہا جاتا ہے۔

یعنی بنی ہاشم کے خاندان کے چاند جیسے عباس رضی اللہ عنہ۔ مدینہ الرسول میں جب شہزادہ علی اکبر ابن امام حسین رضی اللہ عنہ اور حضرت سیدنا عباس ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ بازار میں چلتے تو لوگ ان کے چہروں کو دیکھنے کے لیے جمع ہوجاتے۔ سبحان اللہ۔ ظاہری خوبیوں کے ساتھ ساتھ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا دامنِ باطنی وروحانی خوبیوں سے بھی لبریز تھا۔ ایمان وایقان واعمال وکمال کے اعلیٰ درجہ پر تھے اور مکارم واخلاق وفضائل کے اعلیٰ درجہ پر فائز تھے۔ ایک مرتبہ آپ کا ایک عجیب فقیہانہ واقعہ ہوا کہ حضرت سیدنا مولیٰ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے پاس حضرت سیدہ زینب رضی اللہ عنہا حاضر تھیں۔ آپ اپنے بیٹے حضرت عباس کو فرمایا رہے تھے قُلْ وَاحِدٌ کہو ایک۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا وَاحِدٌ ایک۔ پھر آپ نے فرمایا قُلْ اِثْنَيْنِ کہہ دو۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ خاموش رہے آپ نے فرمایا بیٹا دو کیوں نہیں کہتے کہو دو۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اباجان اِسْتَحِيْ اَنْ اَقُوْلَ بِاللِّسَانِ الَّذِيْ قُلْتُ وَاحَدَ اِثْنَانِ جس زبان سے ایک مرتبہ ایک کہہ دیا اب اس سے دو کہتے ہوئے حیا دامن گیر ہوتی ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ، یہ جواب سن کر متاثر ہوئے کیونکہ اس

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جواب میں وہ فقیہانہ راز تھے جو عام نہیں سمجھ سکتے تھے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ اہلِ بیت میں فقیہہ کے نام سے بھی مشہور تھے۔ اِنَّ الْعَبَّاسَ مِنْ اَکَابِرِ الْفُقَهَاءِ وَاَفَاضِلِ اَهْلِ بَيْتِهٖ۔ حضرت عباسِ رضی اللہ عنہ اکابر فقہاء وفضلائے اہلِ بیت سے تھے۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا نکاح لبابہ بنت عبداللہ بن عباس سے ہوا جن کے بطن سے آپ کے دو بیٹے فضل رضی اللہ عنہ اور عبیداللہ رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے تھے۔ بوقتِ شہادت کربلا آپ اہل وعیال والے بھی تھے۔

واقعۂ کربلا میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اپنے خصائل کے مطابق حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے ساتھ وہ جلیل القدر خدمات سرانجام دیں جو بیان سے باہر ہیں۔ شبِ عاشوراء حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے خطبہ میں انہوں نے سب سے پہلے یہ کہا تھا۔ لَآ اَرَا اللّٰهُ بَعْدَكَ الْيَوْمَ اَبَدًا۔ اللہ ہم کو وہ دن نہ دکھائے جب ہم آپ کو تنہا چھوڑ کر چلے جائیں۔ گویا کہ آپ کا مومنانہ وشجاعانہ جواب جانثاری ونصرتِ حق کی تائید اور عہد کی تجدید تھی۔

## ابوالفضل صاحب اللّوائ، سقائے اہلِ بیت حضرت عباس ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما کی شہادتِ عظمیٰ

حضرت سیدنا عباس ابن حضرت مولی علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی شہادتِ طیبہ کے متعلق جو صحیح روایاتِ معتبرہ کتب سے ثابت ہوئی ہے وہ یوں ہے کہ حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ نے جب دیکھا کہ تمام رفقاء واحباب واعوان وانصار خاندانِ اہلِ بیت کے جامِ شہادت نوش فرما چکے۔ اور آپ امام الشہداء نواسۂ سید الابرار سیدنا امامِ حسین تنہا اور بیکس ہو چکے ہیں۔ تو حضرت سیدنا عباس ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی خدمت عالیہ میں عرض کیا يَا اَخِيْ هَلْ مِنْ رُخْصَتِهٖ۔ اے پیارے بھائی جان: کیا اب مجھے اجازت مرحمت فرماتے ہیں؟ حضرت امام یہ سن کر رو پڑے اور جواب میں فرمایا يَا اَخِيْ اَنْتَ صَاحِبُ اللِّوَائِيْ۔ اے میرے بھائی میرے علم بردار ہو تمہارے چلے جانے سے تمام سلسلہ ختم ہو جائے گا۔ حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ حالات پرغم کو دیکھ کر میرا دل تنگ پڑ گیا ہے اور اس دنیاوی زندگی کو رکھنا نہیں چاہتا اور چاہتا ہوں کہ ان منافقوں سے مقابلہ کر کے اپنی جان راہِ حق پر قربان کر دوں۔ حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے فرمایا اچھا اگر آپ کا یہی خیال ہے تو پہلے ایک کام کرو۔ وہ یہ کہ اہلبیتِ اطہار کی خواتینِ مقدسہ اور بچے وبیمار پیاس کی شدت سے تڑپ رہے ہیں ان کے لیے کسی طریقہ سے تھوڑا سا پانی لا دو۔ فَاطْلُبْ لِهٰؤُلَاءِ قَلِيْلًا مِنَ الْمَاءِ۔

حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ نے حکم سنتے ہی عرض کیا اچھا پہلے میں پانی لے آؤں۔ آپ اسی وقت گھوڑے پر سوار ہو کر مشکیزہ اور تلوار ہاتھ میں لیے ہوئے تشریف لے گئے اور قوم اشقیاء کی طرف جا کر آپ نے فرمایا۔ يَا عَمْرِ ابْنِ سَعْدٍ! هٰذَا الْحُسَيْنُ بْنُ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَقُوْلُ اِنَّكُمْ قَتَلْتُمْ وَاَصْحَابِهٖ وَاِخْوَتِهٖ وَبَنِيْنَ اَعْمَامِهٖ وَبَقِيَ فَرِيْدًا مَعَ اَوْلَادِهٖ وَعِيَالِهٖ وَهُمْ عَطَاشٰى قَدْ اَحْرَقَ الظَّمَا قُلُوْبَهُمْ۔ اے پسرِ سعد یہ حسین رضی اللہ عنہ دختر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ تم نے ان کے اصحاب واحباب واولاد کو تو شہید کر دیا ہے اور اب وہ خود تنہا اہالیانِ عصمت وبچوں کے ساتھ رہ گئے ہیں جن کے دلوں کو پیاس کی شدت نے جلا دیا ہے۔ ان کے لیے کچھ پانی دے دو۔ یزیدی رو پڑے اور بعض نے ندامت سے سر جھکا لیے۔ لیکن دنیا کی حسرت نے ان کو دین سے اندھا کر دیا ہوا تھا کہ آج خانوادۂ اہلِ بیت رسول صلی اللہ علیہ وسلم پیاس سے تڑپ رہے ہیں۔ جب یہ صورتِ حال قومِ اشقیاء کی ہوئی تو ایک شخص شمر اور مشیت بن ربعی آگے بڑھے اور کہنے لگے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

يَاابْنَ تُرَابٍ لَوْ كَانَ كُلُّ وَجْهِ الْاَرْضِ مَاءً وَهُوَ فِي اَيْدِيْنَا مَااَسْقَيْنَا كُمْ مِنْ قَطْرَةٍ وَّاحِدَةٍ اِلَّا اَنْ تَدْخُلُوْا فِيْ بَيْعَةِ يَزِيْدَ۔

اے ابوتراب کے بیٹے اگر بالفرض تمام روئے زمین پر پانی ہی پانی ہوجائے۔اور پھر وہ ہمارے قبضہ میں ہوتب بھی تمہیں اس وقت تک ایک قطرہ پانی نہ دیں گے۔جب تک تم یزید کی بیعت نہ کرلو۔

ان کا کافرانہ جواب سن کر حضرت عباس رضی اللہ عنہ مایوس ہوکر حضرت امام رضی اللہ عنہ کی خدمت میں واپس لوٹ آئے اور ان کے تمام سوال وجواب کا ذکر کیا۔حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ یہ جواب سن کر شدید رو پڑے۔اسی اثناء میں خیامِ حسینی سے اَلْعَطَشْ، اَلْعَطَشْ کی آوازیں زور پکڑ گئیں۔یہ دردناک آواز حضرت عباس کے کانوں تک پہنچی تو رو کر آسمان کی طرف منہ کر کے فرمایا۔

اِلٰهِيْ وَسَيِّدِيْ اُرِيْدُ اَنْ اَعْتَذَبَعْدِيْ وَاُمْلَاءُ لِهٰؤُلَاءِ الْاَطْفَالَ قُرْبَةٍ مِنَ الْمَاءِ۔(الحیات)

اے الٰہ العالمین میں چاہتا ہوں کہ اپنی کوشش بروئے کار لاتے ہوئے ان بچوں کے لیے پانی کا ایک مشکیزہ بھر لاؤں۔

اس کے بعد مشکیزہ وتلوار لے کر گھوڑے پر سوار ہوکر نہرِ فرات کی طرف روانہ ہوگئے۔پھر لشکرِ جرار کی صفوں کو چیرتے ہوئے دریائے فرات کی طرف بڑھے جب قومِ اشقیاء اور عمرو بن سعد نے دیکھا کہ حیدرِ کرار کا فرزند بڑے عزم وہمت کا علم لیے ہوئے آیا ہے تو چار ہزار کا لشکرِ یزیدی جو نہر پر متعین کیا گیا تھا حرکت میں آ گیا۔یہ حالت دیکھ کر شہزادہ حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ نے تلوار میان سے باہر نکال لی اور برقِ عاطف اور صرصرِ عاصف کی طرح دشمنانِ اسلام پر ٹوٹ پڑے۔کشتوں کے پشتے لگا دیے۔میمنہ کو میسرہ اور میسرہ کو میمنہ پر الٹ کر رکھ دیا۔اسی حالت میں آنے اسی افراد کو جو نہرِ فرات کی صفوں میں تھے واصلِ جہنم کر دیا۔اس وقت آپ کی زبان پر یہ الفاظ تھے۔

اَقَاتِلُ الْقَوْمِ بِقَلْبٍ مُهْتَدِ
اَذَبُ عَنْ بسط النبی احمد
اضربکم باالصارم المهند
حتی تحیدواعن قتال سیری
انی انا عباس ذوالسوداء
فجلی علی المرتضیٰ المرید

حیدرِ کرار صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزند کی ہیبت وشجاعت نے دشمنوں کی صفوں سے راستہ دے دیا یہاں تک کہ آپ نہرِ فرات کے پاس جا پہنچے۔جب دریائے فرات کا پانی ٹھاٹھیں مارتا ہوا دیکھا تو حضرت نے فرمایا اے الٰہ العالمین: دیکھ لے آج اس پانی کو کس ظلم کے ساتھ اہلِ بیت پر بند کیا گیا ہے کہ آج ان کا بچہ بچہ پانی کے ایک ایک قطرہ کو ترس رہا ہے۔یہاں پر حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو خیال آیا کہ میں خود تو چلو بھر کر پانی سیر ہوکر پی لوں اور پھر مشکیزہ کو بھر لوں۔

فَلَمَّا اَرَادَاَنْ يَشْرَبَ غُرْفَةً مِّنَ الْمَاءِ ذَكَرَ عَطْشَ الْحُسَيْنِ اَهْلَبَيْتٍ فَرَمٰى الْمَاءَ۔(الحیات)

پس جب یہ ارادہ ہوا ایک چلو بھر کر پانی خود پی لوں۔تو حضرت حسین رضی اللہ عنہ واہل بیت کی پیاس یاد آ گئی اور پانی نہ پیا اور چلو نہ بھرا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

یعنی چاہا کہ پئیں لیکن اسی وقت امامِ حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے اہل وعیال والوں کی پیاس یاد آ گئی۔ دوسرا یہ طریقہ شانِ وفاداری کے خلاف ہے تیسرا یہ اہلِ بیتِ عظام کے شایانِ شان اور ادب کے منافی تھا اس لیے پانی چلو سے انڈیل دیا اس کے بعد مشکیزہ پانی سے پر کرلیا اور چلنے لگے تو افواجِ اشقیاء ان کے راستے کو روکنے کے لیے کھڑی تھی۔ حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ کی پوری کوشش تھی کہ کسی طرح یہ پانی خیامِ حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ تک پہنچ جائے۔ دوسری طرف مخالف قوم کی بھرپور کوشش تھی کہ یہ پانی خیامِ حسین رضی اللہ عنہ تک نہ پہنچے۔

چنانچہ افواجِ اشقیاء نے حضرت صاحب اللوا سیدنا عباس رضی اللہ عنہ کو چاروں طرف سے گھیر لیا۔ اور تیروں کی بارش شروع کردی۔ مگر حیدرِ کرار رضی اللہ عنہ کا فرزند اور نورِ نظر خونِ حیدری کی پوری قوت سے ان کے حملوں پر حملوں کو پسپا کر رہے ہیں۔ کہ اچانک ایک ملعون نے چھپ کر جس کا نام نوفل بن ارزق دوسری روایت کے مطابق زید بن ورقا تھا اس نے حضرت کے دائیں بازو پر ایسا زور سے وار کیا کہ بازوئے اقدس قلم ہو کر زمین پر جا گرا اس کے باوجود شہزادہ عباس رضی اللہ عنہ نے نہایت دلیری کے ساتھ مشکیزہ دوسرے کاندھے پر رکھ لیا۔ اور اسی ہاتھ سے تلوار پکڑ کر دشمن کا مقابلہ کرتے رہے۔ اس وقت حضرت اسد اللہ الغالب رضی اللہ عنہ کے فرزند کی زبان پر یہ الفاظ آئے۔

وَاللّٰہِ اَنْ قَطَعْتِ یَمِیْنِیْ
اِنِّیْ اُحَامِیْ اَبَدًا عَنْ دِیْنِیْ

ترجمہ: خدا کی قسم اگر میرا دایاں بازو کٹ گیا تو کچھ پرواہ نہیں۔ میں ہمیشہ پھر دینِ حق پر قائم رہوں گا۔
یعنی ہاتھ جانے کا کچھ غم نہیں۔ مگر دین مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء نہ جائے گا اسی پر جان دے دوں گا۔

وَعَنْ اِمَامِ الصَّادِقِ الْیَقِیْنِ
نَجْلِ النَّبِیِّ الطَّاھِرِ الْاَمِیْنِ۔

بے شک حضرت امام ہمام سچے یقیناً برحق ہیں۔ وہ امام برحق جو نبی پاک صاحب آئین علیہ الصلوٰۃ والسلام سے منسلک ہیں۔
یہ کلمات زبان پر جاری اور ایک ہاتھ سے دشمن پر ضرب کاری وساری اور کشت وخون کا بازار عام گرم۔ مگر بریدہ بازو سے بکثرت خون نکل جانے سے حضرت عباس رضی اللہ عنہ پر قدرے نقاہت کے آثار نمودار ہو گئے۔ اسی اثناء میں ایک ملعون نے حضرت پر پھر اچانک ایسا تلوار سے وار کیا کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا بایاں بازو بھی قلم ہو گیا۔ اور اس وقت حضرت نے یہ کلمات پڑھے۔

یَا نَفْسُ لَاتَخَافِیْ مِنَ الْکُفَّارِ
وَالْبُشْرٰی بِرَحْمَۃِ الْجَبَّارِ
مَعَ النَّبِیِّ سَیِّدِ الْمُخْتَارِ
قَدْقَطِعُوْا اَبْعِیْھِمْ اَیْسَارِیْ
فَاَمْلُھُمْ یَارَبِّ حَوَالنَّارِ

ترجمہ: اے میری جان ان منکروں سے خوف نہ کھا۔ تیرے لیے اے جان خوشخبری ہے رحمتِ پروردگار کی اس لیے کہ سید المختار حبیب کردگار علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ ہوگی اور جنہوں نے میرا بایاں بازو بھی اور دایاں بازو بھی کاٹا ہے ان کو اے میرے رب تو بھیج تپتی ہوئی ذلت آموز آگ میں۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

یااللہ۔اب عجیب منظر ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے دونوں بازو قلم ہو چکے ہیں اوراب وہ لڑنے کے قابل تو نہیں رہے۔مگر مشکیزہ کو دانتوں سے دبا کر رکھا۔(مشکیزہ کے فیتوں کو دانتوں سے دبائے رکھا) سارے پانی کا وزن دانتوں سے اٹھائے ہوئے ہیں۔سُبْحَانَ اللہ۔اب بھی یہی کوشش ہے کہ کسی نہ کسی طرح یہ پانی خیامِ حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ تک پہنچ جائے۔مگر افسوس، صد ہا افسوس۔کہ سقائے اہلِ بیتِ رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ان امیدوں وآرزوں وتمناؤں پر پانی پھر گیا کہ ایک تیر آ کر مشکیزہ میں پیوست ہوگیا کہ سارا پانی مشکیزہ سے زمین پر بہہ گیا اسی اثناء میں ایک دوسرا تیر حضرت عباس کے سینۂ اقدس پر لگا اور ایک ملعون حکیم بن طفیل سینی نے آہنی گرز (یعنی لوہے کی گرز) اس زور سے سرِ اقدس پر ماری کہ شہزادہ حضرت عباس گھوڑے کی زین پر سنبھل نہ سکے اور لاچار ہو کر فرشِ زمین پر تشریف لائے۔جب گرے تو امام الشہداء ابن رسول اللہ کو آواز دی۔

یَآاَبَاعَبْدُاللّٰہِ عَلَیْکَ السَّلَامُ مِنِّیْ۔(الحیات) اے ابوعبداللہ الحسین رضی اللہ عنہ میری طرف سے آخری سلام ہو۔

اس آواز کو سن کر حضرت امام الشہداء رضی اللہ عنہ دوڑتے ہوئے آپ کے قریب پہنچے تو دیکھا کر پیکر وفالختِ جگر علی المرتضیٰ میرا برادرِ مجتبیٰ صاحب اللواء اپنے خالقِ حقیقی سے جاملا ہے اور مجھ سے ہمیشہ کے لیے دنیاوی زندگانی سے جدا ہو گیا ہے اور میرے نانا پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حضور چلا گیا ہے۔ارواحِ شہدائے کربلا سے جاملا ہے اور بدنِ اقدس لہولہان اور جسدِ اطہر ٹوٹ چکا ہے۔اس حالتِ زار کو دیکھ کر حضرت امام الشہداء رضی اللہ عنہ رو پڑے اور آپ کی لاش اقدس کے ساتھ چمٹ کر فرمایا۔

اَلْاٰنَ اِنْکَسَرَ ظَھْرِیْ وَقَلَّتْ حِیْلَتِیْ۔اے عباس رضی اللہ عنہ اب میری کمر ٹوٹ گئی ہے اور معاملہ تدبیر وقوت کا کمزور ہو چکا ہے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اس کی دو توجیہیں ہیں ایک تو یہ کہ غم واندوہ حضرت امام رضی اللہ عنہ کی فی الحقیقت کمر توڑنے کے مشابہ ہے۔دوسرے اب عباس رضی اللہ عنہ جیسے نوجوان کی لاش اٹھانے کی طاقت نہیں رہی۔جو کمر ٹوٹنے کے مشابہ ہے۔یہ بھی ہوسکتا ہے کہ آپ کی لاشِ اقدس کثرتِ جراحات یعنے زخموں کے اٹھانے کے قابل نہ رہی۔بہرحال ہر طریق سے حضرت امامِ ہمام رضی اللہ عنہ کا یہ جملہ تمام خونی منظر کے غم کو برداشت کرنے کی نشاندہی کرتا ہے۔چنانچہ فَبَکَی الْحُسَیْنُ لِقَتْلِ الْعَبَّاسِ بُکَآءً شَدِیْدًا۔پس شہادتِ عباس رضی اللہ عنہ پر حضرت امام پھوٹ پھوٹ کر روئے۔"

آپ نہرِ فرات کے کنارہ ہی حضرت عباسِ کی لاش اقدس کو چھوڑ کر روتے اور حزن وملال کا پہاڑ اٹھائے واپس اپنے خیام میں آئے۔اہلِ بیتِ اطہار یہ خبر سن کر روئیں۔حضرت نے صبر کی تلقین فرمائی۔اور خود بھی دل پر صبر کیچٹان باندھ لی۔لیکن کربلا کی زمین رو رہی ہے۔

اَحَقُّ النَّاسِ اَنْ یَبْکِیْ عَلَیْہِ
فَتِی اُبْکِی الْحُسَیْنِ بِکَرْبَلَاءِ
اَخُوْہُ وَابْنَ وَالِدِہٖ عَلِیٍّ
اَبُوالْفَضْلِ الْمُضَرَّجِ بِالدِّمَاءِ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

وَمِنْ وَاشَاهُ لَا يَثْنِيْهُ شَيْ
وَجَادِلْهُ عَلٰى عَطْشٍ بِمَاءٍ

## قیامت نما حادثۂ شبیر جہانگیر عرصۂ رزم گاہ کربلا

اب وہ عجیب وقت آ گیا ہے کہ حضرت سیدنا امامِ عالی مقام امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے تمام اصحاب و اقارب و اعزہ و احباب ایک ایک کر کے داغِ مفارقت دے گئے۔

نہ لشکرے نہ سپاہے نہ کثرت النّاسے
نہ قاسمے، نہ علی اکبر نہ عباسے

محرم کا اصلی وقت آ گیا، سورج ڈھل چکا ہے، عصر کا وقت قریب ہے۔ نواسۂ سید الابرار تنہا رہ گئے ہیں۔ دائیں بائیں دیکھتے ہیں نَظَرَ يَمِيْنًا وَشِمَالًا۔ کوئی نظر نہیں آتا۔ سب رفقاء و احباب و انصار و اعزہ و اقارب کے لاشہ ہائے مقدسہ خاک و خون میں غلطاں پڑے ہیں۔ اور کوئی یار و مددگار اور غمگسار نظر نہیں آتا۔ کئی پیاروں کے نام لے لے کر ان کو پکارتے ہیں۔ اور فرماتے ہیں۔

يَاأَبْطَالَ الصِفَاءَ يَافُرْسَانِ الْهِيْجَا
مَالِي نَادِيْكُمْ فَلَا تُجِيْبُوْنِ وَأَدْعُوْكُمْ فَلَا تُسْمَعُوْنِ

اے شجاعانِ باصفا و شیرانِ بیشۂ وفا، اے شہیدانِ کربِ و بلا۔ میں حسین تم کو نداء دیتا ہوں مگر تم جواب نہیں دے رہے اور میں تمہیں بلاتا ہوں مگر تم میری آواز اب نہیں سن رہے۔

محرم آ گیا ہے پر امت کے شہزادے نہیں آئے۔

جن کے غم میں سرکار سید الشہداء نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دل شکستہ ہیں اور پیاروں کے داغِ مفارقت نے ظاہری کمر توڑ دی ہے۔ کئی دن کی بھوک و پیاس، کربلا کا خونی منظر اور قیامت خیز، تپش، ساڑھے چھپن سال کی عمر مقدس، ایسے حالات میں جنگ کریں تو کیوں کر مگر امام الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نواسے اور شیرِ خدا کے فرزند اور سیدۃ النساء کے شہزادے نے اسلام کے تحفظ اور اپنے فرائض کو اس خوش اسلوبی سے سرانجام دیا جس کی نظیر آج تک اور قیامت تک نہیں مل سکتی۔ اس لیے کہ معرکۂ کربلا میں باطل کے ساتھ حق، اور ظلم و ستم کے ساتھ مظلومیت، اور تمام تر مادی قوتوں کے ساتھ روحانیت کا مقابلہ تھا۔ اس لیے اس کے تقاضے وہی تھے جن کو حکیم الامت نباضِ اسلام امامِ عالی مقام سرکار سیدنا حسین رضی اللہ عنہ نے پورا کیا۔ ایک بار پھر نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اتمام حجت کے لیے آوازِ استغاثہ بلند فرمائی:

هَلْ مِنْ ذَابٍ يُذَبُّ عَنْ حُرَمِ رَسُوْلِ ثَوَابًا اللهَ هَلْ مِنْ مُوَحِّدٍ يَخَافُ اللهَ فِيْنَا هَلْ مِنْ مُغِيْثٍ يَغِيْثُنَا يَرْجُوا اللهَ۔

کوئی ہے جو حرماتِ رسول سے دشمنوں کے شر کو دور کرے۔ کوئی خدا پرست ہے جو ہمارے معاملہ میں خدا سے ڈرے۔ کوئی فریادرس ہے جو ثوابِ خداوندی کی خاطر ہماری فریادرسی کرے۔ کوئی مددگار ہے جو حصولِ اجر کی خاطر ہماری مدد کرے۔

مگر سنگدلوں پر سرکار امام کے اس استغاثہ کا کچھ اثر نہ ہوا۔ مگر امام کی آوازِ استغاثہ سے تمام عالم میں تلاطم برپا ہو گیا۔ کائنات کے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ذرہ ذرہ میں کھلبلی مچ گئی۔ چونکہ ندائے استغاثہ مطلق ہے۔ اس میں کوئی اشقیاء نہیں ہے۔ بظاہر پروردگارِ عالم بھی اس اطلاق میں شامل ہے کہ ہے کوئی جو ہماری مدد کرے۔ اس لیے پروردگار جل شانہ، سبحان تعالیٰ نے اس کا عملی ثبوت پیش فرمایا۔

اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى النَّصْرَ حَتّٰى رَفْرَفَ عَلٰى رَأْسِ الْحُسَيْنِ ثُمَّ خَيَّرَ بَيْنَ النَّصْرِ عَلٰى اَعْدَائِهٖ وَبَيْنَ لِقَاءِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَاخْتَارَ لِقَاءَ اللّٰهِ۔

اللہ تعالیٰ نے نصرت کو ایک پرندہ کی شکل میں بھیجا، اور اس نے امام حسین رضی اللہ عنہ کے سر مبارک پر اپنے پر ہلائے اور کہا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اختیار دیا ہے چاہو تو آپ کو دشمنوں پر ظاہری فتح دے دیتا ہوں۔ اور چاہو تو میری ملاقات و لقاء کو اختیار کرلو۔ آپ نے برضاء وخوشی ورغبت پروردگارِ عالم کی لقاء کو اختیار فرمایا۔

پھر اللہ تعالیٰ نے کئی ہزار فرشتے بھی بھیجے کہ حکم دیں تو آپ کی مدد کریں یا لقائے ربی کو اختیار کریں تو آپ نے فرمایا میں اپنے پروردگار کی رضاء ولقاء چاہتا ہوں۔ اسی طرح جنات کی جماعتِ کثیرہ نے بھی حاضرِ خدمت ہو کر مدد کرنے کی اجازت چاہی تو آپ نے انکار فرمادیا۔

سیدنا علی اوسط المعروف بہ امامِ زین العابدین رضی اللہ عنہ سخت بیماری کی حالت میں عصا پر ٹیک لگائے اور لڑکھڑاتے ہوئے خیام سے اٹھے۔ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے ان کو تھاما اور فرمایا اے علی رضی اللہ عنہ اس حالت میں کہاں جارہے ہو؟ عرض کیا اباجان نے ندائے استغاثہ فرمائی تھی۔ یا عمتی اقاتل بین یدی ابن رسول اللہ پھوپھی جان میں ابن رسول اللہ پر جان قربان کرنے جارہا ہوں۔ امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ یہ منظر دیکھ کر فرمانے لگے۔ اُخْتِيْ اَحْبِسْهُ فَلَا تَخْلُو الْاَرْضِ مِنْ نَسْلِ آلِ رَسُوْلِ۔ اے بہن اس کو روک رکھو ایسا نہ ہو کہ زمین آلِ رسول سے خالی ہوجائے۔ چنانچہ بہت اصرار کے بعد سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے امام سجاد زین العابدین رضی اللہ عنہ کو روک لیا خیمہ میں لٹا دیا۔ پھر امامِ عالی مقام آئے تو آپ نے یہ دعا پڑھی۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ مُتَعَالِي الْمَكَانِ عَظِيْمُ الْجَبَرُوْتِ شَدِيْدُ الْمِحَالِ غَنِيٌّ عَنِ الْخَلَائِقِ عَرِيْضُ الْكِبْرِيَاءِ قَادِرٌ عَلٰى مَا تَشَاءُ قَرِيْبُ الرَّحْمَةِ صَادِقُ الْوَعْدِ سَابِغُ النِّعْمَةِ حَسَنُ الْبَلَاءِ قَرِيْبٌ اِذَا اُوْعِيْتَ مُحِيْطٌ بِمَا خَلَقْتَ قَابِلُ التَّوْبَةِ لِمَنْ تَابَ اِلَيْكَ قَادِرٌ عَلٰى مَا اَرَدْتَ مُدْرِكٌ مَا طَلَبْتَ وَشَكُوْرٌ اِذَا اُشْكِرْتَ وَذَكُوْرٌ اِذَا ذُكِرْتَ اَدْعُوْكَ مُحْتَاجًا وَاَرْغَبُ اِلَيْكَ فَقِيْرًا وَاَفْزَعُ اِلَيْكَ خَائِفًا وَاَبْكِيْ اِلَيْكَ مَكْرُوْبًا وَاَسْتَعِيْنُ وَبِكَ ضَعِيْفًا وَاَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ كَافِيًا۔ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا فَاِنَّهُمْ غَرُّوْنَا وَخَذَلُوْنَا وَغَدَرُوْنَا وَقَتَلُوْنَا وَنَحْنُ عِتْرَةُ نَبِيِّكَ وَاُوْلَادُ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الَّذِيْ اصْطَفَيْتَهٗ بِالرِّسَالَةِ وَاُمَنَّتَهٗ عَلٰى وَحْيِكَ۔ فَاجْعَلْ لَنَا اَمْرِنَا فَرَجًا وَمَخْرَجًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔ (حیات)

اس دعائے مبارکہ کو اگر پڑھنا چاہیں تو لفظ کافیاً تک پڑھیں اور بعد اس کے وحیک تک نہیں پڑھنا بعد اس کے جعل لنا سے ارحم الراحمین تک پڑھا جاسکتا ہے۔

## ۱۸۔ طفلِ شیر خوار شہزادہ علی اصغر ابن امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت

اولاد میں سے یہی علی اصغر رضی اللہ عنہ چھوٹے تھے۔ حضرت امامِ عالی مقام ان کے ساتھ پیار اسی لیے فرمایا کرتے تھے کہ یہ میرا سب سے چھوٹا بچہ ہے کربلا کے اسی خونی منظر میں کچھ دیر کے بعد جب بھی آپ خیام میں تشریف لاتے اور فرمایا کرتے تھے مجھے اصغر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

دو۔آپ ان کو لے کر بوسہ دیتے اور پیار کرتے پھر چلے جاتے۔اب یہ حالت ہے کہ فرزندِ ارجمند نورِ نظر حضرت علی اصغر رضی اللہ عنہ پیاس کی شدت سے تڑپ رہے ہیں۔ماں کا دودھ خشک ہوگیا ہے پانی کا نام ونشان تک نہیں ہے۔اس چھوٹے سے بچے کی ننھی سی زبان باہر آرہی ہے۔بیچ کے عالم میں ہاتھ پاؤں مارتے ہیں۔بیچ کھا کھا کر رہ جاتے ہیں ماں کی طرف دیکھتے ہیں اور سوکھی زبان دکھلاتے ہیں۔

لیکن یہ نورِ نظر والدہ معظمہ وحضرت امام رضی اللہ عنہما کے متعلق کیا جانتے ہیں کہ آج میرے باپ کے پاس میرا خشک حلق تر کرنے کے لیے پانی کا قطرہ بھی نہیں ہے۔ظالموں نے پانی بند کر دیا ہے۔ماں اور باپ کا دل بے چینی سے پاش پاش ہورہا ہے اور چھوٹے بچے کی یہ بے تابی دیکھی نہیں جاتی۔والدہ نے حضرت امام رضی اللہ عنہ سے عرض کیا۔اس کا صدمہ مجھ سے دیکھا نہیں جاتا۔اس کو گود میں لے جا کر ظالمانِ سنگ دل کو دکھائیں۔ہوسکتا ہے اس ننھے سے بچے کی حالت کو دیکھ کر ان کے دل میں رحم آجائے۔تو اس کو تو چند قطرے پانی دے دیں۔اس کا خشک حلق تر ہوجائے اس سے ان کو کیا عداوت ہوسکتی ہے۔حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ اسی خیال سے اپنے اس نورِ نظر علی اصغر رضی اللہ عنہ کو سینہ سے لگا کر قوم اشقیاء کے سامنے لے کر گئے اس وقت بھی شہزادہ شدتِ پیاس سے بلک رہے تھے۔اسی حالتِ زار میں حضرت امام نے فرمایا۔

يَاقَوْمُ قَدْ قَتَلْتُمْ رُفَقَائِ وَاَهْلَ بَيْتِيْ وَقَدْ بَقِيَ هٰذَا الطِّفْلُ وَيْلَكُمْ اَسْقُوا هٰذَا الرَّضِيْعَ اَمَا تَرَوْنَهٗ يَتَلَظّٰى عَطَشًا۔

اے قوم تم نے میری ان اہلِ بیت اور میرے رفقاء واحباب کو قتل کر دیا ہے۔یہ طفلِ شیر خوار باقی ہے۔اسے پانی کا ایک گھونٹ دے دو۔ذرا دیکھو تو سہی کس طرح یہ بیگناہ شدت پیاس سے تڑپ رہا ہے۔

اللہ۔یہ وہ دردناک آواز تھی جس سے زمین اور آسمان کانپ رہے تھے اور فرشتے محوِ حیرت دیکھ رہے تھے کہ جس کے گھر سے ساری دنیا کو رحم وکرم کی بھیک ملتی ہے۔اس کے گھر کا ایک ننھا ہونہار بچہ علی اصغر رضی اللہ عنہ پانی کے ایک قطرے کو ترس رہے ہیں۔

حضرت امام عالی مقام کا یہ کلام ابھی جاری ہی تھا۔اَنْ لَمْ تَرْحَمُوْنِيْ اِرْحَمُوْا هٰذَا الطِّفْلَ۔اگر مجھ پر رحم نہیں کرتے تو اس بچہ پر رحم کرو۔

فوجِ اشقیاء پر اس کا یہ اثر ہوا کہ ایک دوسرے سے کہنے لگے اگر اس بچہ کو پانی دے دیا جائے تو کیا حرج ہے؟ پسرِ سعد نے اس حالت میں فوج کو دیکھ کر ایک شخص حرملہ ابنِ کاہل کو حکم دیا۔يَاحُرْمَلَةُ اِقْطَعِ الْكَلَامَ الْحُسَيْنِ۔اے حرملہ حسین رضی اللہ عنہ کے اس کلام کو قطع کر دے۔حرملہ نے فوراً سہ شعبہ تیر اس زور سے نشانہ لگا کر مارا کہ وہ تیر فراٹے لیتا ہوا آیا کہ شہزادہ علی اصغر رضی اللہ عنہ کے نازک کان پر آلگا۔فَذَبَحَهٗ مِنْ اُذُنٍ اِلٰى اُذُنٍ۔کہ ایک کان کو چھیدتا ہوا دوسرے کان سے پار ہوگیا۔

نور کا پتلا باپ شفیق کی گود میں لیٹا ہوا خون میں نہا گیا اور تڑپ تڑپ کر باپ کی گود میں جان دے دی۔اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔

امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ اپنے نورِ نظر کی موت شہادت پر شدید غمگین ہوئے اور آسمان کی طرف چہرۂ انور کر کے عرض کیا۔لَا يَهُوْنُ عَلَيْكَ مِنْ فَصِيْلٍ۔اے الٰہ العالمین تیری نگاہ میں یہ بچہ ناقہ صالح علیہ السلام سے پست مرتبہ نہیں ہے۔غیب سے ندا آئی۔يَاحُسَيْنُ دَعْهُ فَاِنَّ لَهٗ مُرْضِعًا فِي الْجَنَّةِ۔اے حسین رضی اللہ عنہ اسے چھوڑ دو اس کے لیے جنت میں دایہ موجود ہے۔پھر آپ اس شگوئے تمناء دل کو خیام میں لائے تو اہلِ بیت والوں اور ان کی والدہ محترمہ نے اول نظر میں دیکھا کہ بچہ میں بیتابانہ حرکتیں نہیں

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہیں۔سکون کا عالم ہے۔نہ وہ اضطراب ہے اور نہ وہ بے قراری ہے۔خاموشی ہی خاموشی ہے۔گمان ہوا کہ پانی مل گیا ہوگا۔لیکن جب امام قریب آئے تو والدہ علی اصغر رضی اللہ عنہ سے فرمایا لو اپنا بیٹا اصغر اس کو دنیا کا پانی تو میسر نہیں آ سکا لیکن ہاں میرے نانا جان علیہ الصلوٰۃ والسلام ساقیٔ کوثر کے ہاتھوں اصغر آبِ کوثر سے سیراب ہوگیا ہے اور اپنے خاندانِ عالیہ کے شہداء میں جنت کو سدھار گیا ہے۔والدہ محترمہ کا دل پاش پاش ہوگیا۔اہل بیت کی حرمانِ مقدسہ ننھے کی شہادت پر روئیں۔کہ ان ظالموں کے ظلم کے انتہا یہ ہے کہ چھوٹے سے بچے پر بھی ترس نہ کھایا اور کس طرح اس کو ظلم کا نشانہ بنایا۔حضرت امام رضی اللہ عنہ نے صبر کی تلقین فرمائی۔

چھوٹے ننھے علی اصغر رضی اللہ عنہ کی لاشِ اقدس کو اٹھایا اور خیام کے قریب شہدائے کربلا کی لاشانِ مقدسہ کے پاس لاشِ اقدس کو رکھ کر حضرت امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے آسمان کی طرف نگاہ فرما کر آنکھوں سے خون کے آنسو بہا کر عرض کیا۔اے الٰہ العالمین تیرا شکر ہے کہ حسین کی یہ چھوٹی سی قربانی بھی قبول فرمالی ہے۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی اِحْسَانِہٖ وَنَوَالِہٖ۔

نورِ نظر اصغر کو لاشوں پہ رکھ کر
شبیر اٹھے دامن اقدس کو جھاڑ کر

## وقتِ آخر امام عالی مقام اہلِ بیت کے جھرمٹ میں

نوبت یہاں تک آ گئی کہ جانثار سب ایک ایک کر کے رخصت ہوگئے اور اپنی جانیں حق پر قربان کر گئے۔اب تنہا سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ میدانِ کارزار میں روانہ ہو رہے ہیں۔یہ گھڑی بڑی قیامت خیز تھی جب سرکار سیدنا امامِ عالی مقام تھوڑی ہی دیر کے بعد اپنی بیویوں اور بچوں اور دیگر اہلِ حرم سے جدا ہو رہے ہیں اور یہ بھی جانتے ہیں کہ اب سیدزادیاں جو میرے جھرمٹ میں ہیں عنقریب اسیر ہو جائیں گی اور سب کے چہروں پر حسرت و یاس برس رہی ہے کہ ان کے سردار ان سے جدا ہو رہے ہیں۔

## سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ

یہ فرزندِ ارجمند حضرت علی اوسط المعروف بہ سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ باوجود بیماری اور سفر کی کوفت بھوک و پیاس و متواتر فاقوں اور پانی نہ ملنے سے ضعف اس قدر بڑھ گیا کہ کھڑے ہوتے وقت بدن مبارک لرزتا تھا۔باوجود اس کے ہمتِ مردانہ کا یہ حال کہ عرض کرتے ہیں اباجان اب مجھے میدانِ کارزار میں جانے کی اجازت دیں اور میرے ہوتے ہوئے آپ کارزار میں نہ جائیں۔سرکار سیدالشہداء سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے بیٹے کو سینے سے لگالیا اور فرمایا اے میری جان جو کچھ میرے پاس تھا وہ راہِ حق میں قربان کر چکا ہوں اور اب اپنا ناچیز ہدیہ راہِ خدا میں نذر کرنے کے لیے تیار ہوں۔تم بیمار ہو اور کھڑے بھی نہیں ہو سکتے اور شائد اس میں یہ بھی حکمتِ الٰہیہ تھی کہ تمہی سے میری نسل جاری ہونی ہے اور ان اہلِ بیت کو وطن تمہی نے پہچانا ہے اور ان کی نگہداشت تمہی نے کرنی ہے۔حسینی سیدوں کا سلسلہ تمہی سے جاری ہوگا۔اس کے آخری چراغ تم ہی ہو۔تمہاری طلعت سے دنیا مستفیض ہوگی۔نانائے پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دلدادگانِ حسن تمہارے ہی روئے تاباں سے حبیبِ حق کے انوار و تجلیات کی زیارت کریں گے۔اے نورِ نظر، لختِ جگر یہ تمام کام تمہارے ذمہ ہیں میرے بعد تم ہی میرے جانشین ہوگے۔تمہیں میدانِ کارزار میں جانے کی اجازت نہیں۔بیمار لختِ جگر جس میں بوجہ بیماری پہلے ہی سکت نہ رہی تھی اب حکمِ امام کے آگے کچھ نہ کہہ سکے اور دیکھ رہے ہیں کہ اب میرے عظیم باپ ہمیشہ کے لیے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جدا ہو رہے ہیں۔

## حضرت سیدہ سکینہ سلام اللہ علیہا

یہ جگر خراش منظر کہ امام اپنی محرمات مقدسہ کے جھرمٹ میں ہیں کہ سیدہ حضرت سکینہ رضی اللہ عنہا کو اپنی آغوش میں لیے ہوئے ہیں یہ سات سالہ شہزادی جن کے ساتھ حضرت امام کی بے پناہ محبت ہے اور سیدہ سکینہ دیکھ رہی ہیں کہ میرے ابا جان مجھ سے جدا ہو رہے ہیں۔ سیدہ سکینہ رضی اللہ عنہا امام کی لاڈلی بیٹی اس حال میں معصومانہ انداز میں کہتی ہیں۔ ابا جان کیا آپ موت کی تیاری کر رہے ہیں۔ امامِ عالی مقام نے فرمایا۔ یَاسَکِیْنَۃُ کَیْفَ لَا یَسْتَلِمُ لِلْمَوْتِ مَنْ لَا نَاصِرَہٗ وَلَا مُعِیْنَ۔ اے پیاری سکینہ جس کا کوئی یار و مددگار نہ ہو وہ موت کے لیے تیار نہ ہو تو اور کیا کرے؟ سیدہ سکینہ کہنے لگی۔ اچھا تو پھر ابا جان۔ رَدَّنَا اِلٰی حَرَمِ جَدِّنَا۔ ہم کو حرم کی طرف بھیج دو۔ سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ بصورتِ ضرب المثل ھَیْھَاتَ لَوْ تُرِکَ الْقَطَا لَنَامَ۔ اے پیاری بیٹی۔ کاش اگر قطا (پرندہ) کو آزاد کر دیا جاتا تو آرام کی نیند سو جاتا۔ باپ اور سات سالہ بیٹی کی ان باتوں پر حرماتِ مقدسہ رو پڑیں اور فَبُکِیَ الْحُسَیْنُ۔ امام بھی رو پڑے۔ آپ نے صبر کی تلقین فرمائی اور سیدہ سکینہ کو بہت پیار اور دلاسے دیے۔

## امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کا وقتِ آخر زیرِ لباس پہننا

پھر اپنی ایک اہلیہ سے فرمایا مجھے میرا وہ لباس دو جو میں اوپر کے لباس کے نیچے پہنا کرتا ہوں جو جسم کے بالکل ساتھ مل جاتا ہے تاکہ میں جب شہید ہو جاؤں تو ایسا نہ ہو کہ میرا جسم برہنہ ہو۔ اوپر کا لباس پھٹ بھی جائے تو جو جسم کے ساتھ ہوگا اس سے میرا جسم برہنہ نہ ہو سکے۔ اِیْتِنِیْ بِثَوْبٍ لَا یَرْغَبُ فِیْہِ اَحَدُ الْقَوْمِ اَجْعَلُہٗ تَحْتَ ثِیَابِیْ لِئَلَّا اُجَرَّدَ مِنْہُ بَعْدَ قَتْلِیْ۔ مجھے وہ لباس دو جس میں کوئی رغبت نہ کرے اسے اپنے لباس کے نیچے پہن سکوں۔ تاکہ میری شہادت کے بعد مجھے برہنہ نہ کیا جائے۔ حرماتِ مقدسہ نے یہ لباس پیش کیا تو سب رو پڑے۔ پھر سرکار سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے اپنے زیرِ لباس کو پہنا اور پھر اس کے اوپر اپنا کھلا لباس پہنا پھر اس کے اوپر اپنا جبہ مبارک پہنا اور عمامہ مبارک سر پر کپڑے کی ٹوپی رکھ کر باندھا اور ایک چادر مبارک اپنے کندھوں پر رکھی اور پھر زرہ پہنی اور ہاتھ میں تلوار لی، اور چہرے و ریش اقدس پر دونوں ہاتھ پھیرے اور سرکار سید الشہداء نے فرمایا۔ یَاسَکِیْنَۃُ وَیَا زَیْنَبُ وَیَا اُمَّ کُلْثُوْمٍ وَیَا حُرَمَاتِ وَیَا عَلِیُّ اَوْسَطِ عَلَیْکُمْ مِنِّیَ السَّلَامُ۔ میری طرف سے سلام ہو تم پر اب میں جا رہا ہوں۔ یہ ایک عجیب دردناک اور رقت آمیز وقت تھا جب کہ اب ان کے سردار ان سے ہمیشہ کے لیے جدا ہو رہے ہیں۔ سب کی نگاہیں سرکار امام کی طرف لگی ہوئی ہیں۔ اور امام ان کو دیکھتے دیکھتے خیام سے باہر تشریف لائے تو اس وقت اہلِ خیام پر کیا گزری ہوگی۔

عصر کا وقت آ گیا وعدہ وفا ہونے کو ہے
زیرِ خنجر آج سبطِ مصطفی ہونے کو ہے
آج آثارِ قیامت ہیں نمایاں دہر میں
سجدۂ خالق میں کس کا سر جدا ہونے کو ہے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی بے مثال شجاعت

سرکار سید الشہداء امامِ حسین رضی اللہ عنہ جونہی باہر نکلے اور اپنے گھوڑے پر سوار ہوتے ہی قومِ اشقیاء کی طرف نکل پڑے اور فرمایا هَلْ مِنْ مُبَارِزٍ ہے کوئی جو میرے مقابلہ کو آئے۔ شجاعت وشہامت کے وہ جوہر دکھائے کہ قومِ اشقیاء حیران رہ گئی اور لسان مبارک پر یہ الفاظ فرما چکے تھے۔

خَيْرَةُ اللهِ حَقَ الْحَقِ اَبِیْ
بَعْدَ جَدِّی وَاَنَا الْخَيْرَتَيْنِ
وَالِدِی شَمْسٌ وَاُمِّی قُمَرٌ
وَاَنَا الْكَوْكَبُ وَابْنُ السَّيِّدُ
فِضَّةٌ قَدْ صِيْغَتْ مِنْ ذَهَبٍ
وَاَنَا فِضَّةٌ وَابْنُ الذَّهَبَيْنِ
مَنْ لَّهُ جَدٌّ كَجَدِّی فِی الْوَرٰی
اَمٌ كَاُمِّی فِیْ جَمِيْعِ الثَّقَلَيْنِ
فَاطِمَةُ الزَّهْرَاالْاَيْطَالُ فِیْ هَيْجَائِهٖ
يَوْمَ بَدْرٍ ثُمَّ اَحَدٍ حُنَيْنٍ
اِبْنُ عَمِّی الْمُصْطَفٰی مِنْ هَاشِمٍ
وَشُجَاعٍ حَامِلِ اللِّرَاسَتَيْنِ

نواسۂ سیدالابرار فرزندِ حیدرِ کرار کی بے مثال بہادری کو دیکھ کر قومِ اشقیاء پر وہ خوف طاری ہوا کہ ادھر ادھر بھاگنے شروع ہو گئے۔

اَنَّ الْحُسَيْنَ مَكْتُوْرًا قط قُدْ قَتَلَ وِلْدِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَرِبَطْ جَاَثِيَامِنْهُ وَاِنْ كَانَتَ الرِجَالَةَ تَشَدَّ عَلَيْهِ فَيَشِدِ عَلَيْهَا بِسَفِيْهٖ فَتنكَشَفُ عَنْهُ فَيَنهزِمُوْنَ بَيْنَ يَدَيْهِ كَاَنَّهُمُ الجراوَالْمَنْتَشِرَه۔

امام حسین رضی اللہ عنہ جن کا سارا گھرانہ ان کی آنکھوں کے سامنے شہید کیا گیا پھر بھی حسین ایسے شجاع، ثابت قدم اور مطمئن جبکہ قومِ اشقیاء کی حالت یہ تھی کہ ہر طرف سے ان پر پے در پے حملے کرتے تھے مگر امام حسین رضی اللہ عنہ نے جوابی حملے ایسے کیے کہ وہ اس طرح بھاگتے جیسے ٹڈیاں بھاگتی ہیں۔ اور پھر امام اپنے اصل مرکز کی طرف آتے اور فرماتے۔ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ۔

گویا کہ سیدنا امامِ عالی مقام نے مافوق العادت شجاعت کے وہ جوہر دکھائے کہ سینکڑوں کی تعداد میں اشقیاء کو مار ڈالا۔ یہ تھا روحانی طاقت کا کرشمۂ کمال۔ اس حالت کو دیکھ کر قومِ اشقیاء کے سپہ سالار عمرو ابن سعد کو یہ کہنا پڑا۔ وَيْلَكُمْ تَدْرُوْنَ لِمَنْ تُقَاتِلُوْنَ هٰذَا اِبْنُ الْاِنْزَاعِ الْبَطِيْنِ هٰذَا اِبْنُ قِتَالِ الْعَرَبِ فَاحْمِلُوا عَلَيْهِ مِنْ كُلِ جَانِبٍ وَكَانَتِ الرِّمَاةُ اَرْبَعَةَ اٰلَافٍ فَرَمُوْهُ بِالسِّهَامِ۔ اے اشقیاء افسوس ہے تم پر۔ کچھ جانتے ہو کہ تم کس سے جنگ کر رہے ہیں۔ یہ انزاع بطین اور عرب کے سب سے بڑے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جنگجو بہادر علی ابن عمران ابوطالب رضی اللہ عنہ کے فرزند ہیں۔ان پر چاروں طرف سے ایک ساتھ حملے کردو۔

پھر سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ پر ہر طرف سے تیروں کی بوچھاڑ ہونے لگی۔اورامامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ زخموں سے چور ہوتے گئے۔اور حالت غیر ہوتی جارہی تھی لیکن باوجود اس کے اپنے حوصلہ کو بلند رکھتے ہوئے آپ نے اپنے گھوڑے کو دوڑاتے اور اشقیاء کو نہرِ فرات کے کنارے سے بھگاتے ہوئے گھوڑے کو نہرِ فرات میں ڈال دیا۔چاہا کہ پانی پئیں کہ ایک ظالم حصین بن تمیم نے ایسا تیر مارا کہ سرکار امام رضی اللہ عنہ کے حلق مبارک پر آلگا آپ نے تیر کو کھینچا تو خون کا فوارہ چھوٹ پڑا۔امام نے ہاتھ نیچے رکھا اور دونوں چلو خون سے بھر گئے آپ نے خون آسمان کی طرف پھینکا اور زبان اقدس سے عرض کیا۔یَااِلٰهُ الْعَالَمِیْنَ اِلَیْكَ الْمُشْتَکٰی مِنْ قَوْمٍ اِرَاقُوَادِمِیْ وَمَنَعُوْنِیْ شَرَبَ الْمَاءَ۔میں اس قومِ اشقیاء ظالموں کا شکوہ تیری ہی بارگاہ میں کرتا ہوں جنہوں نے میرا خون بہایا۔اور پانی نہ پینے دیا۔پھر اپنی چادر کو اردگرد لپیٹ لیا۔بعض روایاتِ صحیحہ میں یہ بھی آیا ہے کہ جب گھوڑا پانی میں گیا تو اس نے اپنا منہ پانی پینے کے لیے نیچے کیا تو سرکار امام نے فرمایا۔اَنْتَ عَطْشَانٌ وَاَنَا عَطْشَانٌ وَاللّٰهِ لَآ اَذُقْتُ الْمَاءَ حَتّٰی تَشْرِبَ۔اے گھوڑے تو بھی پیاسا ہے تو میں بھی پیاسا ہوں۔خدا کی قسم میں بھی اس وقت تک پانی نہیں پیوں گا جب تک تو پانی نہ پیئے گا۔سرکار سید الشہداء نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ کلام سن کر گھوڑا سمجھ گیا اور وفادار نے فوراً اپنا منہ پانی سے اٹھالیا۔پھر آپ گھوڑے کو فرات سے باہر لے آئے اور گھوڑا دوڑاتے ہوئے اپنے خیام میں آئے۔

سرکار امامِ عالیمقام رضی اللہ عنہ جب دوبارہ اپنے خیام میں تشریف لائے تو اپنی اہلِ حرمات سے فرمایا۔بس یہ آخری بار حاضری تھی۔اب اس کے بعد میری واپسی نہیں ہوگی۔میں تم کو تلقین کرتا ہوں کہ صبر کرنا اور پروردگار عالم کا شکر بجالا کر ثواب عظیم کے مستحق ہونا۔اب تم پر بلا اور مصیبت آنے والی ہے۔

اِسْتَعِدُّوْا لِلْبَلَاءِ وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی حَافِظُكُمْ وَحَامِیْكُمْ سَیَنْجِیْكُمْ مِنْ شَرِّ الْاَعْدَاءِ وَیَجْعَلُ عَاقِبَةَ اَمْرِكُمْ اِلٰی خَیْرٍ وَیُعَذِّبُ اَعَادِیْكُمْ بِاَنْوَاعِ الْبَلَاءِ وَیُعَرِّضُكُمْ عَنْ هٰذِهِ الْبَلِیَّةِ بِاَنْوَاعِ النِّعَمِ الْكَرَامَةِ فَلَاتَشْكُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا بِاَلْسِنَتِكُمْ مَایُنْقِصُ مِنْ قَدْرِكُمْ۔

یقین کرلو کہ اللہ تعالیٰ تمہارا نگہبان اور مددگار ہے وہ تمہیں دشمنوں کی شر سے محفوظ رکھے گا اور تمہارا انجام وخیر وعافیت کے ساتھ ہوگا اور تمہارے دشمنوں کی طرح طرح کے عذابوں میں مبتلا کرے گا۔اور تمہاری مصیبت کے بدلہ تم کو اعلیٰ انعام واکرام دے گا۔تم کسی قسم کا شکوہ نہ کرنا اور کوئی کلمہ منہ سے ایسا نہ نکالنا جو تمہاری شان کے خلاف ہو۔

## قبل از شہادت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ فرمودہ دعاء حل مشکلات

سیدنا امامِ زین العابدین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب دوبارہ مجھ سے میرے ابا جان سرکار سید الشہداء خیام میں ملنے آئے تو اس وقت دامنِ اقدس خون آلودہ تھا اور فرمایا بیٹا یہ دعا یاد کرلو جو ہر مصیبت ومشکل کی کنجی ہے اور یہ دعا مجھے میری امی جان سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے مجھے بتائی اور ان کو میرے نانا جان علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تعلیم فرمائی اور اب اس حال میں دنیا سے جاتی مرتبہ تم کو تعلیم دیتا ہوں۔وہ دعا یہ ہے۔

بِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ وَبِحَقِّ طٰهٰ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ یَامَنْ یَّقْدِرُ عَلٰی حَوَائِجِ السَّائِلِیْنَ یَامَنْ یَّعْلَمُ مَافِی الضَّمِیْرِ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

يَامُنَفِّسُ عَنِ الْمَكْرُوبِيْنَ يَامفَرِّجُ عَنِ الْمَغْمُوْمِيْنَ يَارَاحِمَ الشَّيْخِ الْكَبِيْرِ يَارَازِقُ الطِّفْلِ يَامَنْ لَايَحْتَاجُ اِلَى التَّفْسِيْرِ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ۔ (الحیات) (وَاَفْعَلَ بِیْ کَذَاوَ کَذَا) یہاں پر لفظ وَاَفْعَلْ بِیْ کے آگے جو اپنی حاجت ہو اس کا ذکر کرے اور کذا کذا کا لفظ بعد میں بولا جا سکتا ہے۔ معنے ہیں اس طرح اور اس طرح۔ اور اِفْعَلْ کے معنیٰ کربِیْ کا معنی ہے میرے لیے۔

مسلمانانِ عالمِ اسلام کے استفادہ کے لیے میں بھی اس دعا کو موجبِ برکات وحسنات حلِ مشکلات وحاجات کی برآوری کے لیے پیش کر رہا ہوں اس دعائے مبارکہ کو یاد کر لیں اور بغیر کسی پابندی کے باوضو ہو کر جب چاہیں بارگاہِ الٰہی میں پیش کریں۔ قادرِ مطلق صدقۂ آلِ رسول علیہ السلام کرم فرمائے گا۔

اس نصیحت وتلقین اور تعلیم دعا کے بعد آخری سلام کہتے ہوئے خیمہ سے باہر تشریف لے آئے اور گھوڑے پر سوار ہو گئے۔

## سرکار سید الشہداء سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادتِ عظمیٰ

امامِ عالی مقام امام حسین رضی اللہ عنہ جونہی میدانِ کارزار میں آئے تو پھر قومِ اشقیاء کا بڑی بہادری سے مقابلہ کیا اور کئی ظالموں کو مار ڈالا شمر ذی الجوشن نے اپنے لشکر کو کہا کہ پیادہ لشکر آگے ہو جائے اور سوار لشکر پیچھے ہو جائے اور حکم دیا کہ تیر چلانے شروع کر دو۔ اس حکم کا ملنا تھا کہ قومِ اشقیاء نے نواسۂ رسول سرکار امامِ عالی مقام پر ہر طرف سے تیر چلانے شروع کر دیے تو امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ يَاقَوْمَ السُّوْءِ بِئْسَمَا خَلَفْتُم مُحَمَّدًا فِی عِتْرَتِهٖ اِمَا اَنْكُم لَنْ تَقْتُلُوا بَعْدِیْ عَبْدًا مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ فَتَهَا بُوْا قَتْلَهٗ۔ اے اے بری قوی یاد رکھو تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ان کی عترت کے ساتھ برا سلوک کیا ہے اور میرے بعد پھر تم کسی ایسے شخص کو قتل نہ کر سکو گے۔ جس کا کوئی خوف محسوس ہو۔ بَلْ يَهُوْنَ عَلَيْكُمْ عِنْدَ قَتْلِكُمْ اَيَّایَ وَاَيْمَ اللّٰهِ اِنِّیْ لَاَرْجُوْ اَنْ يُّكْرِمَنِیْ رَبِّیْ بِالشَّهَادَةِ ثُمَّ يُنْتَقِمُ لِیْ مِنْكُمْ مِنْ حَيْثُ لَاتَشْعُرُوْنَ۔ بلکہ میرے عظیم قتل کے بعد تمہیں دوسروں کا قتل کرنا آسان ہو گا واللہ میں شہادت کے درجہ پر فائز ہوں۔ لیکن یاد رکھنا میرے قتل کے بعد تم سے وہ انتقام لیا جائے گا کہ تم اس کو سوچ بھی نہیں سکتے۔

اسی اثناء میں ایک ملعون ابو محتوف جعفی نامی نے سرکار سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی پیشانی اقدس پر اس قدر زور سے تیر مارا کہ امام کا سر چکرا گیا اور خون کا فوارہ پھوٹ پڑا۔ چہرۂ اقدس پر خون رواں تھا۔ امام نے چہرہ اقدس آسمان کی طرف کیا اور زبان حال سے فرمایا:

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَرٰی مَا اَنَا فِيْهِ مِنْ عِبَادِكَ الْعَصَاةِ۔ اے میرے اللہ تو دیکھ رہا ہے کہ تیرے سرکش بندے میرے ساتھ کیا سلوک کر رہے ہیں۔

انہوں نے اس پیشانی پر تیر مارا ہے جو تیرے نبی کی بوسہ گاہ تھی اور ندائے غیب آئی ظالمو! کس پیشانی اقدس پر تیر مارا ہے۔

مَسَحَ النَّبِیُّ جَبِيْنَهٗ
فَلَهُ الْبَرِيْقُ فِی الْخُدُوْدِ
اَبَوَاهُ مِنْ عُلْيَا قُرَيْشٍ
وَجَدُّهٗ خَيْرُ الْجُدُوْدِ

ترجمہ: جس کے ماتھے کو نبی نے چوما اور وہ نور اس سے چمک رہا ہے جس کے ماں باپ بلند درجہ والے اور جن کے نانا جان ساری کائنات سے اعلیٰ ہیں۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اسی اثناء میں ایک ظالم ملعون نے ایک ایسا سہ شعبہ تیر اس زور سے مارا کہ تین نوکوں والا تیز دھار تیر فراٹے کھاتا ہوا آیا۔ سرکار سیدی امام کے سینۂ اقدس پر لگا جو سینۂ نازنین کو چیرتا ہوا آر پار ہوگیا۔ اس تیر کا لگنا تھا کہ امام تڑپ گئے اور زبانِ حال سے فرمایا۔ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ۔ اور پھر چہرہ مبارک آسمان کی طرف کر کے عرض کیا۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقْتُلُوْنَ رَجُلًا لَيْسَ عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ اِبْنُ نَبِيٍّ غَيْرُهٗ۔ اے الٰہ العالمین تو جانتا ہے کہ یہ لوگ ایک ایسے شخص کو قتل کر رہے ہیں کہ روئے زمین پر اس وقت کوئی فرزندِ رسول ﷺ نہیں ہے۔ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ہر ممکن کوشش فرمائی کہ سہ شعبہ تیر سامنے سے کھینچ لوں لیکن جب وہ کھینچا گیا تو امامِ حسین رضی اللہ عنہ کا خون پرنالے کی طرح جوش مار کر نکلا۔ سرکار امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ہاتھ نیچے رکھا جب خون چلو میں بھر گیا تو اس کو اوپر کی طرف پھینک دیا مگر ایک قطرہ بھی واپس زمین پر نہ آیا۔ پھر دوبارہ جو ہاتھ میں خون لیا اس کو اپنی ریشِ اقدس اور چہرۂ اقدس پر مل لیا۔ اور فرمایا۔ هٰكَذَا اَكُوْنُ حَتّٰى اَلْقٰى جَدِّيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مَخْضُوْبٌ بِدَمِيْ وَاَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَتَلَنِيْ فُلَانٌ وَفُلَانًا۔ میں اسی طرح خون کا خضاب لگائے اپنے نانائے پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ میں حاضر ہوں گا اور عرض کروں گا یا رسول اللہ مجھے فلاں فلاں نے مارا۔

اسی اثناء میں ایک ظالم ملعون صاع بن وہب مزنی نے آپ کی پشتِ مبارک میں اس زور سے تیر مارا کہ آپ زینِ فرس پر سنبھل نہ سکے اور تڑپ کر فرشِ زمین پر داہنے رخسار مبارک کے بل تشریف لائے۔

جونہی امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ سرکار سیدی زمین پر گرے تو پھر اٹھے تو چلنا چاہا تو پھر گر گئے پھر اٹھے تو پھر گر گئے۔ چند قدم چلنے نہ پائے اور اٹھنے نہ پاتے تو کوئی شقی نیزہ مارتا اور کوئی تلوار حتی کہ سرکار گر پڑے۔ (الحیات)

اسی اثناء میں حصین بن نمیر نے دہنِ اقدس پر تیر مارا اور زاعہ بن شریک نے آپ کے بائیں بازو پر تلوار ماری۔ اور ایک ملعون نے دائیں شانے پر تلوار ماری۔ اور سنان بن انس نخعی نے آپ کی ہنسلی کی ہڈی میں نیزہ مارا جس سے آپ زمین پر اوندھے منہ گرے پھر اٹھے اور حلق سے تیر کو کھینچا۔ اسی حال میں قومِ اشقیاء نے سرکار امام کو گھیر لیا۔ (الحیات)

سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کو جب یہ معلوم ہوا تو خیام سے آواز دی۔ اے بھائی جان، اے سردار، اے اہلِ بیت، کاش آج آسمان گر پڑتا اور کاش پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جاتے۔ پھر عمرو ابنِ سعد کو آواز دی۔ اَيُقْتَلُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَنْتَ تَنْظُرُ اِلَيْهِ۔ اور فرمایا تو دیکھ رہا ہے کہ ابوعبداللہ الحسین رضی اللہ عنہ قتل کیے جا رہے ہیں۔ عمرو ابن سعد نے اس دردناک آواز کو سنا۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ اس وقت عمرو ابن سعد کی آنکھوں سے آنسو نکل رہے تھے۔ لیکن وہ کچھ جواب نہ دے سکا۔ پھر آپ نے فرمایا وَيْحَكُمْ اَمَا فِيْكُمْ مُسْلِمٌ تم میں کوئی مسلمان نہیں رہا۔ اس آواز نے کربلا کی زمین لرزا دی۔ سنگدلانِ اشقیاء خاموش ہو گئے۔ ارض وسماء کی ایک عجیب حالت ہوگئی کہ نواسۂ رسول لختِ جگر زہرا بتول فرزندِ رسول برحقِ سلطان الشہداء زخموں سے چور چور اور خاک وخون میں پڑے ہوئے ہیں۔

مجروح وخستہ حالت میں خاک پر تشریف فرما تھے کہ مالک بن نسر کندی ملعون نے آگے بڑھ کر سرکار سید الشہداء کے سر مبارک پر تلوار ماری جس سے عمامہ کے نیچے جو ٹوپی تھی وہ کٹ گئی اور سر مبارک بھی شگافتہ ہوگیا۔ سیدنا امام عالیمقام رضی اللہ عنہ نے خون آلود ٹوپی پر عمامہ پھر باندھ لیا تاکہ یہ پٹی کا کام بھی دے اور فرمایا۔ لَا اَكَلْتَ بِيَمِيْنِكَ وَلَا شَرِبْتَ وَحَشَرَكَ اللّٰهُ مَعَ الظّٰلِمِيْنَ۔ تجھے اس داہنے ہاتھ سے کھانا پینا نصیب نہ ہو۔ خدا تیرا حشر ظالموں کے ساتھ کرے۔ سرکار امام رضی اللہ عنہ کی اس دعا کا یہ نتیجہ نکلا کہ اس ظالم کے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

دونوں ہاتھ مفلوج ہو گئے۔اور وہ اسی حالت میں مر گیا۔

سرکار سیدی امام کو زینِ اسپ سے فرشِ زمین پر آئے ہوئے کافی دیر ہو چکی ہے دشمن تو چاہتا تھا کہ آپ کو بہت پہلے ہی شہید کر دیا جاتا۔مگر معلوم ہوتا ہے کہ یہ گناہِ عظیم کوئی اپنے سر لینا نہیں چاہتا تھا۔آخر کار شمر لعین نے کہا کیا انتظار ہے ان کا کام جلد ختم کرو۔خولی بن یزید اصبحی لعین آگے بڑھا اور قریب ہوتے ہی لرز گیا اور چلا گیا۔شمر نے کہا کانپتا کیوں ہے اس کے بعد یہ ظالم ملعون خود آگے بڑھا (اور نا قابلِ بیان زبان و قلم) گستاخانہ طریقہ میں بیٹھ گیا اس ملعون دمبروص کو سرکار سیدی امام نے دیکھا تو فرمایا۔اَللّٰہُ اَکْبَرُ صَدَقَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ کَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی کَلْبٍ اَبْقَعَ یَبْلَغُ فِیْ دَمِ اَھْلِ بَیْتِیْ۔رسول انام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تھا کہ میں ایک سفید داغ والے کتے کو دیکھ رہا ہوں۔جو میرے اہل بیت کے خون میں منہ ڈال رہا ہے۔اے شمر تم وہی ہو۔

سرکار سیدی امام رضی اللہ عنہ نے زبانِ اطہر سے قرآن عظیم کی تلاوت فرمائی۔قِیْلَ اَدْخُلِ الْجَنَّۃَ قَالَ یٰلَیْتَ قَوْمِیْ یَعْلَمُوْنَ بِمَا غَفَرَ لِیْ رَبِّیْ وَجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُکْرَمِیْنَ۔مگر اس شقی ملعون نے تلوار کی پہ در پہ ضربات سے نواسہ سیدالابرار، سیدالشہداء سرکار سیدنا امامِ عالی مقام امام حسین رضی اللہ عنہ کا پسِ گردن سے سرِ اقدس تنِ اطہر سے جدا کر دیا۔اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔

اُولٰٓئِکَ عَلَیْھِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّھِمْ وَرَحْمَۃٌ وَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُھْتَدُوْنَ۔وَسَیَعْلَمُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اَیَّ مُنْقَلَبٍ یَّنْقَلِبُوْنَ۔

تاریخ عالم کا یہ عدیم النظیر بے مثیل شہید جس کی شہادتِ رفیعہ محرم الحرام کے دسویں یوم عاشورہ تاریخ ۶۰ ہجری جمعۃ المبارک یومِ عید المؤمنین افضل الایام کے عظیم دن ٹھیک بوقتِ نماز عصر چھپن سال پانچ ماہ پانچ دن کی عمر اقدس میں ہوئی اور آپ نے اس دارِ ناپائیدار سے رحلت فرمائی اور داعی اجل کو لبیک کہا۔

شاہ است حسین بادشاہ است حسین
دین است حسین دینِ پناہ است حسین
سرداد نہ داد دست در دستِ یزید
حقا کہ بناء لا الہ است حسین

از خواجہ معین الدین چشتی اجمیری سلطان الہند غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ

## جس نے اپنے نانا کا وعدہ وفا کر دیا

صادقِ جانباز نے عہدِ وفا پورا فرمایا اور دینِ حق پر قائم رہ کر اپنا کنبہ اور اپنی جان راہِ خدا میں اس اولوالعزمی سے نذر کی کہ گلا کاٹا گیا، کربلا کی زمین سیدالشہداء کے خون سے گلزار بنی، سر و تن کو خاک میں ملا کر اپنے جدِ کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دین کی حقانیت کی عملی شہادت دی اور اس ریگستان کے ورق پر صدق و امانت پر جان قربان کرنے کے نقوش ثبت فرمائے۔اَعْلَی اللّٰہُ تَعَالٰی مَکَانَہٗ وَاَمْطَرَ عَلَیْہِ شَآبِیْبَ رَحْمَتِہٖ وَرِضْوَانِہٖ۔کربلا کے بیابان میں ظلم و جفا کی آندھی چلی، مصطفائی چمن کے غنچہ و گل بادِ سموم کی نذر ہو گئے۔خاتونِ جنت کا لہراتا ہوا باغ عین ٹھیک نماز کے وقت کاٹا گیا۔فرزندانِ آل رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سر سے سردار کا سایہ اٹھا۔بچے غریب الوطنی میں یتیم ہوئے۔بیبیاں بیوہ ہوئیں۔مظلوم بچے اور بیبیاں گرفتار کیے گئے۔

قتلِ حسین اصل میں مرگِ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فصل ۶

# قرآن اور سلام

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ یَهْدِیْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِیْمَانِهِمْ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِیْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ۔ دَعْوٰهُمْ فِیْهَا سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِیَّتُهُمْ فِیْهَا سَلٰمٌ وَاٰخِرُ دَعْوٰهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

(یونس ۹،۱۰)

بے شک جو ایمان لائے اور نیک کام کئے ان کا رب ان کے ایمان کے سبب انہیں راہ دے گا کہ ان کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔ نعمت کے باغوں میں ان کی دعا جس میں یہ ہوگی اللہ تجھے پاکی ہے اور ان کے ملتے وقت خوشی کا پہلا بول سلام ہے اور ان کی دعا کا خاتمہ یہ ہے کہ سب خوبیاں سراہا اللہ جو رب ہے سارے جہان کا۔

۲۔ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی۔ (طٰہٰ:۴۷) اور سلام ہے اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے۔

۳۔ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی۔ (النمل:۵۹) تم کہو سب خوبیاں اللہ کو اور سلام اس کے چنے ہوئے بندوں پر۔

۴۔ سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَی الدَّارِ۔

(الرعد:۲۴) سلام ہو تم پر تمہارے صبر کا بدلہ تو پچھلا گھر کیا ہی خوب ملا ہے۔

۵۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ۔

(یٰس:۵۸) ان پر سلام ہوگا مہربان رب کا فرمایا ہوا۔

۶۔ تَحِیَّتُهُمْ یَوْمَ یَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ وَاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِیْمًا۔

(الاحزاب:۴۴) ان کے ملتے وقت کی دعا سلام ہے اور ان کے لیے عزت کا ثواب تیار کر رکھا ہے۔

ان مذکورہ آیاتِ طیبات سے ثابت ہوا کہ مؤمنین صالحین متقین کو اللہ تعالیٰ نے دنیا و آخرت اور جنت میں سلام سے نوازا ہے۔ جیسے سلام علی نوح، یا سلام علی ابراہیم۔ سلام علی الیاسین، سلام علی موسیٰ و ہارون۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متبعین مؤمنین صالحین کو بھی سلام سے نوازا گیا ہے۔ اس لیے حضور علیہ الصلوٰۃ السلام کی آل پاک اور سید الشہداء پر سلام بھیجنا جائز ہے اور بھی کئی آیات اس امر کے جواز میں ہیں۔ نماز میں آلِ رسول علیہ السلام پر درود بھی پڑھا جاتا ہے۔ اور اس کے بغیر نماز نہیں۔ تعجب ہے کہ آپس میں بھی ایک دوسرے کو احادیثِ نبویہ ﷺ کے مطابق اسلام علیکم کا حکم ہے اور اس کے جواب میں وعلیکم السلام کا حکم ہے بلکہ ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، کہنے سے بیس نیکیوں کا ثواب ہے کل تیس نیکیوں کا ثواب ہوا۔ اگر اسی طرح اول السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، کہنے والا بھی کہے تو اس کو بھی تیس نیکیوں کا ثواب۔ یہ سلام جائز ہے اور اولیاء صالحین پر کیونکر ناجائز ہو سکتا ہے۔ ہاں خواہ ان کے حق میں رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا علیہ السلام اور مؤمنہ صالحہ پر علیہا السلام استعمال کیا جائے دونوں طریق سے جائز ہے ناجائز نہیں۔ لیکن انبیاء اکرام علیہم

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الصلوٰۃ والسلام پر تو مخصوص ہے کسی نبی کا نام لیا جائے اس پر علیہ الصلوٰۃ والسلام استعمال کرنا چاہیے۔

## سلام بحضور سید الشہداء امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ

جس کو دھوکے سے کوفہ بلایا گیا
جس کا جنت سے جوڑا منگایا گیا
جس کے بھائی کو زہر پلایا گیا
جس کو دوشِ نبی پر بٹھایا گیا
اس حسین ابنِ حیدر پہ لاکھوں سلام

خاصۂ ربِ داور پہ لاکھوں سلام
تشنۂ آبِ خنجر لاکھوں سلام
نورِ عینِ پیغمبر پہ لاکھوں سلام
مالکِ نہرِ کوثر پہ لاکھوں سلام
اس حسین ابنِ حیدر پہ لاکھوں سلام

جس کا جھولا فرشتے جھلاتے رہے
جس کو کندھوں پر آقا بٹھاتے رہے
لوریاں دے کے نوری سلاتے رہے
جس پر سفاک خنجر چلاتے رہے
اس شہیدوں کے افسر پہ لاکھوں سلام
اس حسین ابنِ حیدر پہ لاکھوں سلام

جو جوانانِ جنت کا سالار ہے
جو سراپائے محبوبِ غفار ہے
جس کا نانا دوعالم کا سردار ہے
جس کا سر دشت میں زیرِ تلوار ہے
اس صداقت کے پیکر پہ لاکھوں سلام
اس حسین ابنِ حیدر پہ لاکھوں سلام

جس کے بچوں کو پیاسے دلایا گیا
جس کو تیروں سے چھلنی بنایا گیا
جس کی گردن پہ خنجر چلایا گیا
جس کو بیٹھے بٹھائے ستایا گیا
کرلیا نوش جس نے شہادت کا جام
اس حسین ابنِ حیدر پہ لاکھوں سلام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## باب ۲۲

# بعد از شہادتِ امام
# واقعہء کربلا پر صدمہء سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اس واقعہ ہائلہ سے حضور سیدِ عالم ﷺ کو جو رنج پہنچا اور قلبِ مبارک کو جو صدمہ پہنچا اندازہ اور قیاس سے باہر ہے۔ امام احمد وبیہقی نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ میں نے عالمِ رؤیا میں حضورِ اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دیکھا کہ سنبل معنبر وگیسوئے معطر بکھرے ہوئے اور غبار آلود ہیں۔ وَعَلٰی رَأْسِہٖ وَلِحْیَتِہِ التُّرَابُ۔ بِیَدِہٖ قَارُوْرَۃٌ فِیْھَا دَمٌ۔ سرِ انور اور داڑھی مبارک خاک آلود ہے اور دست مبارک میں خون سے بھری ہوئی ایک شیشی ہے یہ حال دیکھ کر دل بے چین ہوگیا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ قربانت شوم یہ کیا حال ہے کہ زلفیں مبارک بکھری ہوئی ہیں۔۔ داڑھی مبارک اور سر انور پر خاک کے آثار ہیں اور ہاتھ میں خونی قارورہ ہے تو آپ نے فرمایا میں مقتلِ حسین میں موجود تھا وہاں سے اس حال میں آیا ہوں اور ھٰذَا دَمُ الْحُسَیْنِ وَاَصْحَابِہٖ۔ یہ حسین اور اس کے ساتھیوں کا خون مقدس ہے۔ یاد رہے کہ ایک ایسی ہی حدیث حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے بھی مروی ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا اے امِ سلمہ رضی اللہ عنہا اس خاک کو دیکھو جو تمہیں دے کر گیا تھا۔ کہ شیشی میں رکھ دو جب یہ خون ہو جائے گی تو سمجھنا میرا حسین کربلا میں شہید ہوگیا۔ سیدہ فرماتی ہیں میں نے دیکھا کہ واقعی وہ مٹی خون بن چکی تھی اور دوسرا میں نے بھی حضورِ اقدس ﷺ کو اسی حال میں دیکھا۔ پھر اس رویاء کے بعد سیدہ امِ سلمہ رضی اللہ عنہا روتی رہیں۔ (مشکوٰۃ)

## شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ کے بعد غضبِ خداوندی کے آثار

بیہقی اور ابونعیم نے بصرہ ازدیہ سے روایت کی ہے کہ جس روز سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ شہید ہوئے مَطَرَ السَّمَآءُ دَمًا فَاَصْبَحْنَا وَحِبَابُنَا وَجِرَارُنَا وَکُلُّ شَیْءٍ لَنَا مَلَاءٌ دَمًا۔ آسمان سے خون برسا صبح کو ہمارے مٹکے (گھڑے) اور تمام برتن خون سے بھرے پڑے تھے۔ (تہذیب التہذیب ج: ۲، ص: ۳۵۴) اور زہری سے روایت ہے کہ جس روز سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ شہید ہوئے۔ لَمْ یُقْلَبْ حَجَرٌ مِنْ اَحْجَارِ بَیْتِ الْمُقَدَّسِ اِلَّا وُجِدَ تَحْتَہٗ عَبِیْطٌ تو بیت المقدس میں جو پتھر اٹھایا جاتا تھا اس کے نیچے تازہ خون پایا جاتا۔ اور امِ حبان سے روایت ہے کہ جس روز امامِ عالم شہید ہوئے۔ اَظْلَمَتْ عَلَیْنَا ثَلَاثًا تین دن تک اندھیرا ہوگیا اور کامل اندھیرا ہوا خطرہ ہوا کہ قیامت آجائے اور جس شخص نے منہ پر زعفران (غازہ) ملا اس کا منہ جل گیا۔ بیہقی نے جمیل بن مرہ سے روایت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کی ہے کہ یزید کے لشکریوں نے ایک اونٹ ذبح کیا اور اس کو پکایا تو وہ کڑوا ہو گیا۔ جیسے اندرائن۔ اور وہ اسے نہ کھا سکے۔ فَنَحَرُوْهَا وَطَبَخُوْهَا فَعَادَتْ مِثْلَ الْعَلْمِ۔ ابونعیم نے سفیان سے روایت کی ہے کہ مجھ کو میری دادی نے خبر دی کہ جس روز سرکار سید الشہداء امامِ عالی مقام شہید ہوئے اس دن میں نے دیکھا کہ رس (کسم) عَادَرِ مَادًا وَلَقَدْ رَأَيْتُ اللَّحْمَ كَأَنَّ فِيْهِ النَّارَ۔ راکھ ہو گیا اور گوشت گویا آگ ہو گیا۔ بیہقی نے علی بن شیر سے روایت کی ہے کہ میں نے اپنی دادی سے سنا وہ کہتی ہیں کہ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے زمانہ میں میں جوان تھی تو میں نے دیکھا فَكَانَتِ السَّمَاءُ أَيَّامًا تَبْكِيْ لَهٗ۔ چند روز آسمان رویا یعنی آسمان سے خون برسا۔ بعض نے لکھا ہے کہ سات روز آسمان خون رویا اور اس کے اثر سے دیواریں اور عمارتیں رنگین ہو گئیں اور جو کپڑا اس سے رنگین ہوا اس کی سرخی پرزے پرزے ہونے تک نہ گئی۔ دن دھاڑے تارے نمودار ہو گئے۔ سورج کو گہن لگ گیا۔ تین دن تک اندھیرا چھا گیا۔ خون کی بارش ہوئی۔ وَحَبِطَ عَلٰى قَبْرِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ لِمَا أُصِيْبَ سَبْعُوْنَ أَلْفَ مَلَكٍ يَبْكُوْنَ عَلَيْهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔ جب سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے ستر ہزار فرشتے نازل کر دیے جو قیامت تک سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی قبر اطہر پر روتے رہیں گے۔

## ذکرِ واقعاتِ شہادت اور آنکھوں سے آنسو رحمتِ خداوندی

واضح رہنا چاہیے کہ رونا صبر کے منافی نہیں رونا رحمت ہے اور اس پر ثواب ہے۔ بعض لوگ خیال کرتے ہیں کہ شائد رونے سے صبر یا ثواب جاتا رہتا ہے۔ بالکل سراسر غلط ہے۔ ہاں صبر کا اجر پیٹنے وغیرہ سے جاتا رہتا ہے اور یہ قطعاً جائز نہیں۔

حضرت سیدنا داؤد علیہ السلام کثیر البکاء ہوئے ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام بھی کثیر البکاء ہوئے ہیں۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے فرزند حضرت ابراہیم علیہ السلام کے وصال پر روئے۔ تو آپ نے فرمایا رونا رحمتِ خداوندی سے ہے۔ حضرت نوح علیہ السلام کا اصلی نام عبدالغفار تھا۔ کثرت نوحہ وگریہ سے نوح لقب مشہور ہو گیا۔ حضرت یعقوب علیہ السلام حضرت یوسف علیہ السلام کی جدائی پر روتے ہوئے وہ فرماتے ہیں اِنَّمَا أَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْ إِلَى اللّٰهِ۔ میرے رونے اور غم کی شکایت اللہ تعالیٰ سے ہے۔ اسی طرح امام حسین وشہدائے کربلا کے ذکر مبارک میں رونا بھی باعثِ برکت ورحمتِ خداوندی ہے۔ اور یاد رکھنا چاہیے کہ جتنی بھی محبت ہو گی اتنا اس ذکر سے رونا پیدا ہو گا۔ اور جتنا ظالم ہو گا اتنا ہی وہ رونے سے دور ہو گا۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا۔ ہنسو کم اور رووٴ زیادہ۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی سے پوچھا گیا کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس امر میں کہ ایامِ محرم الحرام میں شہادت نامہ کا پڑھنا مجمع عام میں اور حالاتِ سید الشہداء بیان کرنا جائز ہے یا کہ نہیں الجواب فی الحقیقت واقعۂ جناب سید الشہداء امامِ حسین رضی اللہ عنہ۔ اس قابل ہے کہ اگر تمام زمین وآسمان، حور وملک وجن وانس، جمادات، نباتات وحیوانات روئیں تو بھی تھوڑا ہے۔ مگر خیال کرنا ہے کہ پیٹنا ان کے ساتھ عداوت ہے شاہ عبدالعزیز ہر سال محفلِ شہادتِ امام حسین رضی اللہ عنہ منعقد کرتے اور شہادت کا بیان ختم فرما کر سلام پڑھتے۔

(فتاویٰ عزیزیہ)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## اہلِ مدینہ کو شہادت کی اطلاع اور غیب سے نداء

واقعۂ کربلا اور شہادتِ امامِ حسین کے بعد اہلِ مدینہ کو علم ہوا تو زار وقطار روتے رہے اسی طرح مکہ معظّمہ میں بھی یہی حال ہوا۔ روایات میں آیا ہے کہ یہ اطلاع اشخاص کے ذریعہ حرمین شریفین میں پہنچی۔ لیکن اہلِ مدینہ کے اصحاب کو ایک غیبی آواز بھی سنائی دی۔ جو آتی رہی۔ لیکن کوئی کہنے والا نظر نہیں آتا تھا۔ چنانچہ وہ روایت نقل کی گئی۔ جس کے کلمات یہ ہیں۔

اَیَّھَا الْقَاتِلُوْنَ جَھْلًا حُسَیْنًا
اَبْشِرُوا بِالْعَذَابِ وَالتَّنْکِیْلِ
کُلُّ اَھْلَ السَمَاءِ یَدْعُوْا عَلَیْکُمْ
مَنْ بنی وَمَلَاك وَقَبِیْلٍ
قَدلَعَنَتُمْ عَلٰی لِسَانِ دَاوٗدَ
وَمُوْسٰی حَامِلِ الْاِنْجِیْلِ

اور جو غیبی ندائیں آئیں۔

ابونعیم نے حبیب بن ثابت سے روایت کی ہے کہ میں نے جنوں کو حضرت امامِ حسین رضی اللہ عنہ پر اس طرح نوحہ کرتے سنا۔

مَسَحَ النَّبِیُّ جَبِیْنَهٗ
فَلَهٗ بَرِیْقٌ فِی الْخُدُوْدِ

اس جبین کو نبی نے چوما تھا۔ ہے وہی نور اس کے چہرہ پر۔

اَبَوَاهُ مِنْ عُلْیَا قُرَیْشٍ
جَدُّهٗ خَیْرُ الْجُدُوْدِ

اس کے ماں باپ بلند ترین قریش۔ اس کے نانا جان جہاں سے بہتر۔ (سوانحِ کربلا)

ابونعیم نے حبیب بن ثابت سے روایت کیا ہے کہ ام المؤمنین حضرت امِ سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے بعد آج تک کبھی جنوں کو نوحہ کرتے یا روتے ہوئے سنا نہ دیکھا۔ مگر آج سنا تو میں نے جانا کہ میرا فرزند حسین رضی اللہ عنہ شہید ہو گیا۔ میں نے لونڈی کو باہر بھیجا تو معلوم ہوا کہ حضرت امام شہید ہوئے۔ جن اس نوحہ کے ساتھ زاری کرتے ہیں۔

اَلَا یَا عَیْنُ فَابْتَهِلِیْ بِجُهْدٍ
وَمَنْ یَّبْکِیْ عَلَی الشُّهَدَاءِ بَعْدِیْ
رو سکے تو جتنا رو لے اے چشم کون روئے گا پھر شہیدوں کو
عَلٰی رَهْطٍ تَقُوْدُهُمُ الْمَنَایَا
اِلٰی مُتَجَبِّرٍ فِیْ مُلْکِ عُهْدِیْ
پاس ظالم کے کھینچ کر لائی موت ان بیکسوں غریبوں کو۔ (صواعقِ محرقہ)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## بعد از شہادتِ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ

۱۔ سورج کی روشنی دیواروں پر کسم میں رنگی ہوئی چادروں کی طرح معلوم ہوتی تھی یعنی دھوپ بالکل پھیکی معلوم ہوتی تھی۔
۲۔ ایک ستارہ دوسرے ستارہ پر گر رہا ہے یعنے لگا تار آسمانی تارے ٹوٹ رہے تھے۔
۳۔ آپ کی شہادت دسویں محرم ۶۱ھ میں ہوئی۔ اس دن شدید ترین سورج گرہن لگا۔
۴۔ آپ کی شہادت کے بعد (چھ ماہ تک) آسمان کے کنارے کچھ عجیب طرح سرخ رہے۔
۵۔ آپ کی شہادت کے دن بیت المقدس میں ہر پتھر کے نیچے سے تازہ خون نکلا۔
۶۔ ظالموں کی فوج میں جو پیلے رنگ کی گھاس رکھی ہوئی تھی وہ راکھ ہوگئی۔
۷۔ ان ظالموں نے اپنے لشکر میں ایک اونٹنی ذبح کی تو اس کے گوشت سے آگ کی چنگاریاں نکلیں۔
۸۔ جب گوشت پکایا گیا تو زہر کی طرح کڑوا ہوگیا۔
۹۔ ایک شخص نے حضرت امام کی شان میں گستاخی کی تو اس پر دو ستارے گرے جس سے اس کی قوتِ بصارت جاتی رہی۔
۱۰۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ زمین و آسمان روئے۔ جنات بھی آپ کی شہادت پر روئے۔

## سرکار امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی لاشِ مقدس سے لباس کا اتارنا

حضرت سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی شہادتِ عظمیٰ کے بعد آپ نے جو لباس مبارک پہنا ہوا تھا وہ لباس بھی زخموں کے ساتھ تار تار رشدہ تھا۔ ظالموں نے وہ بھی اتار لیا۔ چنانچہ بڑا کرتہ مبارک اسحاق بن الحیوٰۃ حضرمی نے اتار لیا، شلوار مبارک الجبر بن کعب تمیمی نے اتاری اور عمامہ اقدس اخنس بن مرثد حضرمی نے اتارا۔ نعلین مبارکہ اسود بن خالد نے اتار لی اور چاندی کی انگھوٹھی مبارکہ بجدل بن سلیم کلبی نے اتاری اور چادر مبارک جو کندھے مبارک پر تھی وہ قیس ابن اشعث نے اتاری اور زرہ عمرو ابن سعد نے لے لی بعض نے لکھا ہے کہ ایک ذارمی نامی نے لی اور بعض نے جہنی تمیم اور بعض نے بنی نہشل کے ایک آدمی فلافس نامی کا ذکر کیا ہے۔

یاد رہے کہ سرکار امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ نے جو لباس مبارک میدانِ کارزار میں آنے سے قبل نیچے پہنا تھا وہ اسی خطرہ کے پیشِ نظر تھا کہ ایسا نہ ہو کہ شہادت کے بعد مجھے برہنہ کیا جائے چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ ظالموں نے اوپر کا لباس اتار لیا لیکن جو نیچے لباسِ اقدس پہنا ہوا تھا اس سے آپ کا جسمِ اقدس برہنہ نہ ہوا۔

یہ بھی واضح ہو کہ روایات اس پر بھی شاہد ہیں کہ سرکار امامِ عالیمقام رضی اللہ عنہ کے اوپر والے لباس کو جن ظالموں نے بھی اتارا اور جو جو چیز آپ کی اتاری وہ مختلف قسم کی بلاؤں، بیماریوں اور عقوبتوں میں مبتلا ہو کر مر گئے۔ (حیات)

## سرکار امام عالیمقام رضی اللہ عنہ کی لاشِ مقدس کو پامال کیا جانا

سیدنا امام حسین کے سرِ اقدس کو تنِ اطہر سے جدا کرنے کے بعد ظالموں نے اسی پر اکتفا نہ کیا بلکہ لاش مبارک کو بھی ظالموں نے پامال کرنے کی کوشش کی۔ چنانچہ روایات اس کے متعلق شاہد ہیں کہ قومِ اشقیاء میں سے دس ظالموں نے گھوڑوں پر سوار ہو کر اور خوشیوں کے نعرے لگاتے ہوئے، گھوڑے دوڑاتے ہوئے لاش مبارک کو پامال کیا۔ قَدْ اَسْوَأَ الْحُسَیْنَ لِحَافِرِ خَیولَهُمْ حَتّٰی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

رَضُوا صَدْرَہٗ وَظَھْرَہٗ۔ امام حسین کے سینہ اقدس اور کمر مبارک کی ہڈیوں کو کچل دیا گیا اور ان ملعونوں کے نام یہ ہیں:

۱۔ اسحاق بن حیوٰۃ۔ ۲۔ اخنس بن مرثد۔ ۳۔ حکیم بن طفیل۔ ۴۔ عمر بن صبیح صیداوی۔ ۵۔ رجاء بن منقد عبدی۔ ۶۔ واخط بن قائم۔ ۷۔ ہانی بن شبیت حضرمی۔ ۸۔ اسید بن مالک۔ ۹۔ سالم بن خثیمہ جعفی۔ ۱۰۔ صالح بن وہب۔

## ازالہ

واضح ہو کہ بعض غیر معتبرہ مجموعوں میں شیر کا واقعہ بڑی شدومد سے بیان کیا گیا ہے کہ ایسے موقعہ پر شیر آ گیا تھا اور اس کی ہیبت سے سب اشقیاء بھاگ گئے تھے۔ اس کی کچھ اصل نہیں۔ (حیات)

واضح ہو کہ اکثر یہ بھی مشہور ہے کہ سرکار سید الشہداء رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد قومِ اشقیاء خیامِ حسینی میں گھس آئے اور انہوں نے بے تحاشا لوٹ مار شروع کر دی اور جو کچھ ملا وہ لوٹ لیا اور معاذ اللہ اہلِ بیتِ اطہار کی خواتینِ مقدسہ کے سروں سے چادریں اور کانوں سے کانٹے اور پاؤں سے جوتے بھی اتار لیے اور ان کو ڈنڈوں کے ساتھ اتنا مارا گیا کہ معاذ اللہ ان کی پشتیں مبارکہ سیاہ ہو گئیں۔ اور رخسار اقدس اور کانوں مبارک سے خون بہنے لگا۔ العیاذ باللہ۔ اور پھر خیام کو آگ لگا دی اور خاندانِ نبوت کی خواتینِ مقدسہ ننگے سر اور ننگے پاؤں چیخ و پکار کرتی باہر نکلیں۔

یہ تمام واقعات بالکل غلط اور ان کی کچھ اصل نہیں۔ سینکڑوں کتبِ معتبرہ کے مطالعہ سے معلوم ہوا ہے کہ ایسے واقعات بالکل بے بنیاد ہیں۔ اور یہ خاندانِ نبوت کی سراسر توہین ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ ایسے غلط اور بے بنیاد واقعات کو بڑی ڈھٹائی اور بڑی شدومد سے بیان کیا جاتا ہے جن واقعات کی اصل نہیں یہ آلِ نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کی کھلم کھلا توہین ہے جن کی تطہیر پر قرآن مجید گواہ ہے۔

## سرکار امام عالیمقام رضی اللہ عنہ کے زخموں کی تعداد

سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کا جسمِ مقدس زخموں سے چور چور ہو چکا تھا۔ بروائتے بہتر تیروں کے اور ۳۳ نیزوں کے اور ۳۴ تلوار کے بروایتے دیگر کچھ اس کے اوپر تعداد بھی آتی ہے۔

لیکن یہ حد بندی درست نہیں جب کہ ایک ایک زخم میں کئی کئی زخم موجود تھے تو اس صورت میں صحیح اندازہ نہیں ہو سکتا کہ زخموں کی تعداد کس قدر تھی۔

## اسپِ امام عالیمقام رضی اللہ عنہ کا حال بعدِ شہادتِ امام رضی اللہ عنہ

علامہ ابو اسحاق علیہ الرحمہ اپنی کتاب نور العین فی مشہد الحسین رضی اللہ عنہ کے صفحہ ۶۵ اور سطر ۶ پر فرماتے ہیں کہ روایاتِ قویہ سے یہ بات ثابت ہے کہ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کا گھوڑا ہنہناتا اور مقتولوں کی لاشوں کو روندتا اور ایک ایک مقتول کو دیکھتا پھرتا تھا۔ یہاں تک کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے جسمِ اقدس کے پاس آیا تو دیکھا کہ آپ کا سرِ اقدس نہیں ہے۔ پھر جسمِ اقدس کے گرد چکر لگانے لگا اور ان کے خون سے اپنی پیشانی ملنے لگا۔ جب عمرو ابن سعد نے یہ حال دیکھا تو اپنے ساتھیوں کو کہنے لگا اسے پکڑ کر لے آؤ جب اشقیاء نے اسے پکڑنا چاہا تو یہ گھوڑا جس کا نام مرتجز تھا۔ جب مرتجز نے دیکھا کہ یہ لوگ مجھے پکڑنا چاہتے ہیں تو اس نے دولتیاں جھاڑنا اور منہ سے کاٹنا شروع کیا یہاں تک کہ چھبیس سوار مار ڈالے اور نو گھوڑے ہلاک کر دیے۔ عمرو ابن سعد نے پکار کر کہا اسے چھوڑ دو دیکھیں کیا کرتا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہے۔لوگ پیچھے ہٹ گئے تو پھر جسمِ اقدس کے پاس آیا اور اپنا ماتھا زمین پر ملنے لگا اور لاش انور کو چومنے لگا اور پھر اس زور سے ہنہنا تا تھا کہ تمام ریگستان میں اس کی آواز سنائی دیتی تھی۔پھر ہنہناتا ہوا حرماتِ مقدسہ اور خیامِ حسینی کی طرف گیا۔حرماتِ مقدسہ باہر نکلیں تو دیکھا گھوڑے کی زین خالی ہے اور وہ خون میں لپٹا ہوا ہے اور زور زور سے چلا رہا ہے اس حالت اور دردناک آواز سے معلوم ہوگیا کہ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ شہید ہوگئے ہیں۔سب حرماتِ مقدسہ نے رونا شروع کیا اور مخاطب کر کے سیدہ سکینہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔اَیْنَ تَرَکْتَ اَبِیْ یَامُرْتَجِزُ۔میرے اباجان کہاں چھوڑ آیا ہے اور سیدہ زینب نے فرمایا۔اَیْنَ تَرَکْتَ اَخِیْ۔بھائی کو کہاں چھوڑ آیا ہے اور بیبیوں نے کہا اَیْنَ تَرَکْتَ سَیِّدِنَا۔ہمارے سردار کو کہاں چھوڑ آیا ہے؟ ان کے رونے اور صدائیں دینے پر گھوڑا دوڑا اور ہنہناتا ہوا اشقیاء پر حملے کرتا یہاں تک کہ جسم شریف کے پاس آ کر قدموں پر منہ رکھ دیتا اور ساتھ ہی ہنہناتا اور پھر دریائے فرات میں غوطہ لگایا پھر معلوم نہیں کہ وہ کہاں گیا۔گویا کہ اس مرکب نے اپنے عظیم راکب کے ساتھ وفاداری کا پورا پورا حق ادا کر دیا۔(الحیات)

## اسپ امام عالیمقام رضی اللہ عنہ کے نام کی تحقیق

اس گھوڑے کے متعلق یہ اختلاف ہے کہ اس کا نام کیا تھا اور یہ کون سا گھوڑا تھا۔عام طور پر اس کا نام ذوالجناح مشہور کیا گیا ہے مگر تمام معتبر کتب کی ورق گردانی کے بعد اس کا یہی ثبوت ملا کہ اس کا نام ذوالجناح نہیں تھا۔اصل میں تحقیق کرنے کے بعد جو اس کا نام ملا ہے وہ مرتجز تھا اور ان لوگوں کی بھی بعض کتب میں صاف صریحاً لکھا گیا ہے کہ امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کا کوئی گھوڑا ذوالجناح کے نام کا نہ تھا۔اب رہا یہ کہ یہ گھوڑا کیا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تھا؟ اس کے متعلق یہی تحقیق ہوئی کہ یہ گھوڑا وہی تھا۔روایاتِ معتبرہ میں ہے کہ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے پاس ایک گھوڑا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تھا اور اس کا نام ''مرتجز'' تھا اور یہی وہ گھوڑا مرتجز وفادار تھا جس کا ذکر کیا جا چکا ہے۔(الحیات)

## تبصرہ

عام طور پر یہ بات بھی کہی جاتی ہے کہ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے پاس اور تمام اہلِ بیت کے نوجوانوں کے پاس واقعۂ کربلا کے وقت کوئی گھوڑا نہیں تھا۔اس کی دلیل یہ کہ گھوڑا ریت میں چل نہیں سکتا۔پھر اس پر بس نہیں بلکہ کہا جاتا ہے کہ دس ہزار روپیہ انعام دیں گے اگر کوئی گھوڑے کے ہونے کا ثبوت دیدے۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ سینکڑوں معتبر کتب میں سے کہیں اس بات کا ذکر تک نہیں آیا کہ آپ کے پاس اونٹ ہی تھے اور گھوڑا تھا ہی نہیں۔بلکہ تمام معتبر کتبِ شہادت میں اس امر کا واضح ثبوت بارہا ملا ہے کہ گھوڑے تھے اور خود جس پر سوار ہو کر سرکار سیدالشہداء رضی اللہ عنہ کارزار کو گئے اور اس پر سے گر کر شہید ہوئے وہ گھوڑا ہی تھا۔اونٹ کا کہیں ذکر نہیں۔عجب جہالت ہے کہ جس چیز کا کہیں ذکر نہیں اس پر یہ کہنا کہ یہ کتبِ معتبرہ میں موجود ہیں اور جس کا ذکر موجود ہو اس سے انکار اور اس پر انعام کہ جو گھوڑا ثابت کر دے اس کو دس ہزار روپے انعام۔تو میں ایک کتاب کیا بلکہ ایک سو معتبرہ کتابوں سے ثبوت دے سکتا ہوں۔جیسا کہ میں اس کتاب میں اس کا ثبوت بھی دے چکا ہوں تو چاہیے کہ فی الفور مجھے دس ہزار روپیہ کم از کم بذریعہ ڈاک منی آرڈر کر دیا جائے۔نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ بھلا گھوڑے کے ثابت ہونے پر اس کے انکار سے فائدہ کیا اور دوسرا جو چیز معتبر کتب اور اکابرینِ اہلِ سنت سے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ثابت ہو پھر اس کا انکار کرنا درحقیقت ان اکابرین و بزرگان دین کی تحقیق پر صریحاً الزام ہے اور ان کی مخالفت ہے۔

اکابرین اور مذہبِ حق اہلِ سنت کے ساتھ یہ سخت بے وفائی ہے اگر یہ لوگ عربی و فارسی کی کتب نہیں پڑھ سکتے تو کم از کم اردو میں لکھی ہوئی معتبرہ کتابوں کا مطالعہ تو کر سکتے ہیں۔ مثلاً سوانحِ کربلا جو تالیف لطیف صدر الافاضل سید المفسرین حضرت علامہ حکیم محمد نعیم الدین شاہ مراد آبادی علیہ الرحمہ کی ہے۔ اس میں بار بار کئی مقامات پر اور بالخصوص شہادتِ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے باب میں گھوڑے کا ذکر کیا گیا ہے۔ کم از کم اس کا تو مطالعہ کر لیا جاتا۔ اگر یہ بھی پڑھنا دشوار ہے تو کم از کم ایسی غلط باتیں کرنا اور پھر اس پر دعوے مارنا بڑی ڈھٹائی اختیار کرنا۔ ان سب کو پہلے اپنے مسلک کے معتبر علماء سے زبانی پوچھ کر اس بات کو برسرِ عام کرنا چاہیے۔

## دفن شہدائے کربلا کی تحقیق

عمرو ابن سعد نے روزِ عاشور ہی بوقتِ عصر سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک، خولی بن یزید اصبحی نامی اور حمید بن مسلم کی تحویل میں دیا۔ اور دوسرے شہدائے کربلا کے سرہائے مبارکہ، شمر ذی الجوشن اور قیس بن اشعث، اور عمرو بن الحجاج کی سرکردگی میں عبید اللہ ابن زیاد والئی کوفہ کو روانہ کر دیے اور خود گیارہ محرم الحرام کو پچھلے پہر کوفہ روانہ ہو گیا۔ اس کے اور اس کے فوجوں کے چلے جانے کے بعد شہدائے کربلا کی لاشیں اور سرکار سید الشہداء رضی اللہ عنہ کی لاش مبارک جو کفن و دفن کے بغیر خاک و خون میں پڑی ہوئی تھی۔ کربلا کی نزدیکی بستی غافریہ وغیرہا کے لوگ آئے تو انہوں نے شہدائے کربلا کی لاشوں کو شناخت کیا اور پھر ان کی تجہیز و تکفین کی اور تکریم کے ساتھ ان پر نماز جنازہ بھی یہ واقعہ بارہ محرم الحرام کا ہے۔ (الحیات)

پھر سرکار سید الشہداء امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کو اس جگہ دفن کیا گیا جہاں اس وقت کربلا میں ان کا مزارِ اقدس ہے اور ان کے قریب ہی شہزادہ علی اکبر کو دفن کیا گیا اور شہزادہ علی اصغر کو بھی دفن کیا گیا اور دیگر آپ کے خاندان کے شہداء اور اصحاب و احباب کی بھی لاشہائے مبارکہ کو اکٹھا کر کے ان ہی کے قریب ایک بڑا گڑھا کھود کر دفن کیا گیا۔ گویا اصحابِ حسینی کو دنیا و آخرت اور قبر میں بھی قریبی معیت حاصل ہوئی۔ جہاں اب بھی مدفون ہیں۔

صرف حضرت حر رضی اللہ عنہ ہی ایک واحد شخص ہیں جن کو ان کے قبیلہ والے لے گئے۔ جو یہاں سے تقریباً دو تین میل کے فاصلے پر ہے۔ وہاں پر ان کو دفن کیا آج حضرت حر رضی اللہ عنہ کا وہاں پر ہی مزار مبارک ہے۔ (ایضا)

## مزارِ پرانوار سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ عالیمقام اور شہداء کربلا رضی اللہ عنہم

کربلا وہ جگہ ہے جہاں ویرانہ ہی ویرانہ ہے گو کربلا ایک چھوٹا سا قصبہ ہے جس کی آبادی چالیس ہزار کے قریب ہوگی۔ زائرین کے لیے بہترین انتظام ہے۔ مگر چاروں طرف ریت کا دریا نظر آتا ہے۔ اس میں سیدہ زینب کا ٹیلا بھی موجود ہے۔ دریائے فرات بھی اپنی جگہ سے سرک گیا ہے پھر بھی اس کو دیکھ کر اب بھی کربلا کا منظر سامنے آ جاتا ہے اس کربلا میں ہی سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا روضہ اطہر ہے اس روضۂ اطہر میں بہت زیادہ سونا لگا ہوا ہے فرش اور دیواریں سنگ مرمر کی اور چھتیں شیشے کی چمکتی ہیں۔ مزارِ اقدس کا کٹہرا بہت خوبصورت ہے بائیں طرف سیدنا علی اکبر و سیدنا علی اصغر رضی اللہ عنہما کی قبریں اور پائتی بائیں طرف کسی قدر ہٹ کر باقی شہدائے کربلا کا مدفن شریف ایک ہی کٹہرے میں ہے۔ بیرونی حصہ پر خوبصورت عالی شان گنبد اور مینار بنے ہوئے ہیں اور کئی میل دور سے سرکار

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سیدالشہداء کا مینار اور گنبد نظر آتا ہے۔ اور بہت بڑی عالی شان وسیع ترین اردگرد عمارت اور مسجد بھی بنی ہوئی ہے۔ یہاں سے کچھ دور وہ جگہ بھی ہے۔ جہاں اہلِ بیت نے دشتِ کربلا پہنچ کر قیام فرمایا۔ (تاریخ کربلا)

## سرکار امام عالیمقام رضی اللہ عنہ کے سرِ اقدس کے مدفن کی تحقیق و تفصیل

سرکار سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کا سر اقدس یزید پلید ملعون نے اپنے خزانہ میں کسی صندوق میں بند رکھا اور کسی پر ظاہر نہ ہونے دیا آخر جب سلیمان بن عبدالملک تخت پر بیٹھا تو اس کو اس امر کا انکشاف ہوا کہ سرکار امام رضی اللہ عنہ کا سرِ اقدس خزانہ کے صندوق میں موجود ہے۔ جب اس صندوق میں سرِ انور کو دیکھا گیا تو اس سے تازہ ترین خون بہہ رہا تھا اور چہرہ انور چمک رہا تھا۔ کچھ عرصہ پاس رکھنے کے بعد اس سرِ اقدس کو دمشق عقلان بھیج دیا گیا اور اس کے بعد جب ایک خلیفہ کے وقت بدر جلال (جو وزیر اعظم تھا) عقلان پر قابض ہوا تو سرِ اقدس کی زیارت کے بعد ایک جگہ صندوق رکھا گیا اور اس پر بڑی عالی شان عمارت بنائی گئی جس کا نام مشہدِ بدر رکھا۔ ۴۸۴ھ میں یہ عمارت مکمل ہوگئی اور سر مبارک اس میں رہا۔ پھر جب ۵۴۸ھ میں انگریزوں کا تسلط ہوا تو پھر مسلمانان عقیدتمندوں نے سر مبارک کا صندوق اس عمارت سے نکال لیا اور مصر لے گئے یہ واقعہ ۵۴۹ھ میں پیش آیا۔ ایک مشہور سیاح علامہ یروی نے بھی اس بات کی شہادت دی ہے کہ مصر میں سر مبارک کو قصرِ زمرد میں رکھا گیا پھر فرمانِ شاہی کے مطابق ایک خوش نما گنبد بنایا گیا اور سر اقدس کو اس میں بہترین قیمتی تابوت میں رکھا گیا اس وقت سے اب تک قاہرہ کے اسی مشہد میں سرِ اقدس ہے۔ پھر سلطان صلاح الدین ایوبی کے وقت قاہرہ میں مدارس عربیہ بنائے گئے۔ تو اس مشہد عالی کے قریب ایک مدرسہ کی بنیاد رکھی گئی اس میں علامہ بہالی کو صدر مدرس مقرر کیا گیا۔ یہ واقعہ ۵۶۸ھ کا ہے۔ پھر ۵۷۰ھ میں معین الدین ابن شیخ الشیوخ نے مشہد کے پاس کئی حجرے تعمیر کیے۔ اس وقت کا ابن جبیر سیاح اس مشہد کی تعریف کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ آپ کا سر مبارک تقریٰ تابوت کے اندر ہے ۶۲۰ھ میں ابنِ یحییٰ ابن ناصر اسکری ابوالقاسم نے مشہد کو بہت زینت دی اور ایک نہایت ہی بلند منارہ تعمیر کیا۔ ۶۴۶ھ میں مشہد کے بیرونی حصہ میں آگ بھی لگ گئی تھی مگر ایوان مرقد اقدس کے حبہ کو کوئی نقصان نہ پہنچا۔ دوبارہ پھر اس کی مرمت کرائی گئی۔ ۷۲۶ھ میں یہاں ابن بطوطہ آیا تو اس نے بھی اس سفر نامہ میں مشہد امام کا ذکر کیا۔ ۷۳۷ھ میں خالد بن عیسیٰ لبادی آئے تو وہ لکھتے ہیں کہ محرابوں میں شیشے، فانوس نفیس ترین قندیل نور فشاں لگے ہوئے تھے۔ خدیو معز الملک الظاہر ابوسعید چمقاق نے آکر ہر شیشہ پر خط طغریٰ میں یہ نام پاک لکھوایا اور ایک عجیب شیشہ جس کی آب و تاب سے آنکھیں خیرہ ہو جاتی ہیں رکھوایا۔ یونہی ہر زمانے میں والیانِ مصر اس کی تزئین کرتے چلے آئے ۱۱۱۵ھ میں امیر حسن عزبان الجلفی نے اس کی توسیع اور چوب آب نوسی کا خوش نما تابوت بنایا اور اس پر سنہری کام کرایا۔ پھر اس تابوت پر سبز حریر چڑھایا۔ ۱۱۵۶ھ میں عربی کے مشہور شاعر عبداللہ شیرازی نے ہر دروازہ پر اشعار لکھے ۱۱۰۰ھ میں عبدالرحمن کتخدا کے حکم سے اس کی تعمیر میں توسیع کی گئی اور ایک خوبصورت قبہ تعمیر کیا گیا اور اسی پر تاریخ کا پتھر نصب کیا گیا۔ ۱۲۰۴ھ میں اس کی اور توسیع کی گئی۔ پھر عباس پاشا نے آکر مشہد کو مزید خوبصورت اور توسیع کی پھر اسمٰعیل پاشا نے استنبول سے عمارتی سامان منگوا کر مشہد کو اور اعلیٰ قسم کی خوبصورتی سے مزین کی۔ پھر یہ سلسلہ ۱۳۲۱ھ تک درجہ بدرجہ چلتا رہا۔ پھر شیخ سید محمود نے اندرونی تابوت کو کھول کر زیارت کی اور کئی لوگوں نے دیکھا کہ سرِ اقدس سے تازہ خون بہہ رہا ہے اور چہرۂ انور چمک رہا ہے۔ قاہرہ میں جامعہ ازہر کی عمارت کے شمالی دروازہ کے بالکل سامنے سڑک کے دوسرے کنارے یہ مشہدِ عظیم واقع ہے۔ جو مشہدِ حسین رضی اللہ عنہ کے نام سے آج بھی مشہور ہے۔

(تاریخ کربلا ص ۲۳۵)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

دن رات لوگوں کا ہجوم اور قاری وحفاظ تلاوتِ قرآن پاک کرتے اور فیوض وبرکات سے مستفیض ہوتے رہتے ہیں۔اس مشہدِ مظہر کی دیواروں پر دائروں کی شکل میں آیاتِ قرآنی اور مختلف اشعار سنہری حروف میں لکھے ہوئے ہیں۔

## ان شہداء کربلا کے سرہائے مبارکہ کی تدفین کا بیان جو دمشق بھجوائے گئے

دمشق کے پرانے قبرستان میں بابِ صغیر ہے اس میں ایک قبہ ہے جس میں سولہ شہدائے کربلا کے سرہائے مبارکہ جو سرِ اقدس امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے ہمراہ دمشق یزید کے پاس بھجوائے گئے تھے جو امام عالی مقام کے سر مبارک کے علاوہ اس جگہ پر مدفون کیے گئے۔ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

۱۔ سیدنا ابوبکر ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ
۲۔ سیدنا عمر ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ
۳۔ سیدنا عثمان ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ۔
۴۔ سیدنا عباس ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ۔
۵۔ سیدنا جعفر ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ۔
۶۔ سیدنا عبداللہ ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ۔
۷۔ سیدنا جعفر و سیدنا عبداللہ ابن عقیل رضی اللہ عنہ۔
۸۔ سیدنا محمد ابن مسلم رضی اللہ عنہ۔
۹۔ سیدنا حبیب ابن مظاہر رضی اللہ عنہ۔
۱۰۔ سیدنا عون بن عبداللہ بن جعفر طیار رضی اللہ عنہ۔
۱۱۔ سیدنا حر بن یزید الریاحی رضی اللہ عنہ۔
۱۲۔ سیدنا علی اکبر ابن الحسین رضی اللہ عنہ۔
۱۳۔ سیدنا عبداللہ ابن الحسین رضی اللہ عنہ۔
۱۴۔ سیدنا قاسم بن الحسن۔رضی اللہ عنہم اجمعین۔(تاریخ کربلا)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

باب ۲۳

# اسیرانِ اہلِ بیت کے کربلا سے کوفہ تک کے حالات

## اور لاشِ امامِ عالیمقام رضی اللہ عنہ دیکھ کر حال

چنانچہ محرم الحرام کے نصف دن گزرنے کے بعد عمرو ابن سعد اپنے لشکروں سمیت کوفہ روانہ ہوا تو خاندانِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اسیر کر کے لے جانے لگا خاندانِ نبوت کا یہ مختصر قافلہ چلنے لگا تو شہدائے کربلا اور سید الشہداء رضی اللہ عنہ کی لاشِ مقدسہ سے ان کا گذر ہوا۔ جب خاندانِ نبوت نے بغیر گور وکفن اور خاک وخون میں پڑی ہوئی لاشوں کو دیکھا تو یقیناوہ گھڑی قیامت سے کم نہ تھی۔ کربلا کی زمین میں آہ وبکا بلند ہوئی اور کہا اے الہٰ العالمین آج یہ حسین تیرے محبوب کے نواسہ اور ان کی آلِ مقدسہ اس صحرا میں خاک وخون میں پڑے ہوئے ہیں اور کل سے آج تک ان کو کوئی اٹھا نہ سکا اور ان کی تجہیز وتکفین نہ ہوئی۔ ان کے اعضاء پارہ پارہ اور جسم زخموں سے چکنا چور ہیں۔ اے اللہ، تیرے رسول کی اولاد آج اسیر ہو کر ان کو اس حال میں چھوڑے جارہی ہے۔ خاندانِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صبر وتحمل وثابت قدمی اور ایمان واستقلال کا یہ ثبوت دیا کہ آسمان کی طرف نگاہ کر کے ہاتھ پھیلا کر دعا فرمائی۔ اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا ھٰذَا الْقُرْبَانِ۔ اے اللہ ہماری اس قربانی کو قبول فرما۔ ادھر آنکھیں اشکبار ہیں اور یہ دعا فرمائی جارہی ہے کہ سید الشہداء سرکار امامِ کی لاڈلی شہزادی سیدہ سکینہ رضی اللہ عنہا جو سات سال کی تھی وہ اپنے شفیق باپ کے جسدِ اطہر کے ساتھ جا کر لپٹ گئیں تو گلوئے بریدہ سے یہ نداء آئی۔ (۱)

عَیْنِیْ مَا اَنْ شَرِبْتُمْ
عَذْبَ مَاءٍ فَاذْکُرُوْنِیْ
اَوْ سَمِعْتُمْ بِغَرِیْبٍ
اَوْ شَھِیْدٍ فَاقْدُبُوْنِیْ

سیدہ کو جب کافی دیر ہوگئی کہ وہ اپنے باپ کی لاشِ مطہرہ سے لپٹی ہوئی ہیں اور کسی طرح جدا نہیں ہوتیں ہیں۔ بالآخر زبردستی سیدہ کو اس کے ابا جان کی لاشِ مطہرہ سے جدا کیا گیا۔ (۲)

---

(۱)،(۲) حیات الحسنی ج ۲ ص ۳۴۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## اسیرانِ اہلِ بیت کا کوفہ میں داخلہ اور سرہائے شہداء نیزوں پر

جب یہ خاندان نبوت کا مختصر سا قافلہ محرم کی بارہ تاریخ کو کوفہ کے قریب پہنچا تو عبیداللہ ابن زیاد نے شہدائے کربلا کے سرہائے مبارکہ اور سرکار سید الشہداء رضی اللہ عنہ کے سر مبارک کو نیزوں اور تلواروں پر سوار کر کے دارالامارت کوفہ سے ایک لشکر کے ہاتھوں عمرو ابن سعد کے پاس بھیج دیا کہ یہ سرہائے مبارکہ آگے آگے ہوں اور ان کے پیچھے اسیرانِ اہلِ بیت ہوں اور اس حال میں کوفہ دارالامارت میں ان کو لایا جائے تاکہ لوگ اس منظر کو دیکھیں چنانچہ ایسے ہی کیا گیا۔ جب قافلۂ اسیرانِ آلِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خاندان عالیہ کے شہداء کے سرہائے مبارکہ اور سرامامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کو ایسے حال میں دیکھا تو وہ زاروقطار روتے ہوئے کوفہ میں داخل ہوئے۔ ایک وہ وقت تھا جب کہ خاندانِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہی اولاد کوفہ میں شہزادگان کی حیثیت سے تھے اور آج اسیر ہو کر کوفہ میں داخل ہو رہے ہیں۔ جب سیدانیوں کا یہ قافلہ شہر میں داخل ہوا تو بازاروں میں، دوکانوں میں، درختوں اور مکانوں کی چھتوں پر مرد، عورتیں اور بچے آلِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ منظر دیکھنے کے لیے جمع تھے۔ شہداء کربلا کے سرہائے مقدسہ اور اہلِ بیت کی بیکسی دیکھ کر بعض عورتوں کے دلوں میں ہمدردی پیدا ہوئی تو انہوں نے کھجوریں دینی شروع کیں۔ سیدہ زینب نے فرمایا یَآاَهْلَ الْكُوْفَةِ اَنَّ الصَّدَقَةَ عَلَيْنَا حَرَامٌ۔ اے اہلِ کوفہ صدقہ ہم پر حرام ہے اور کھجوریں واپس کرادیں۔ (الحیات)

## سر مبارک نیزہ کی نوک پر چہرہ مبارک کی چمک اور ہوا میں ریشِ اقدس کی حرکت

سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کا سر مبارک جو نیزہ کی نوک پر رکھے ہوئے سب سے آگے تھا اس دل خراش منظر کو دیکھ کر بعض مرد اور عورتیں دھاڑیں مار مار کر رو رہے تھے۔ وَهُوَ رَاْسُ الْحُسَيْنِ زُهْرِيُّ قَمَرِيُّ اَشْبَهُ الْخَلْقِ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ وَلِحْيَتُهٗ وَجْهَهٗ دَارَةُ قَمَرٍ طَالِعٌ وَالرِّيْحُ تَعْبَثُ بِهَا يَمِيْنًا وَشِمَالًا۔ اور اس وقت امامِ عالی مقام کا سر مبارک چمک رہا تھا اور تمام خلقت سے زیادہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہ چہرہ تھا اور چہرہ انور ماہتاب کی طرح روشن تھا اور ڈاڑھی مبارک کو ہوا دائیں بائیں حرکت دے رہی تھی یعنے چہرہ چمک دمک رہا تھا اور سر مبارک تابندہ و درخشندہ تھا اور ڈاڑھی مبارک حرکت فرما رہی تھی۔ (الحیات)

اس روایت سے یہ بھی ثابت ہوا کہ سیدنا امامِ عالی مقام علیہ السلام کی بوقتِ شہادت ڈاڑھی مبارک بڑی اور گھنی تھی اور اپنے نانا جان علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرح بڑی گھنی اور پھیلی ہوئی ڈاڑھی تھی اگر آپ کی ڈاڑھی مبارک چھوٹی یا کتری ہوئی ہوتی یا حدِ شرع سے کم ہوتی تو وہ ہوا میں حرکت نہ کرتی۔ ہوا میں وہی ڈاڑھی حرکت کر سکتی ہے جو بڑی ہو اور چھوٹی یعنی کتری ہوئی نہ ہو۔

اس لیے ہم کو چاہیے کہ ہم اپنی ڈاڑھیوں کو بڑھائیں اور مونچھیں پست رکھیں افسوس ہے کہ اکثر بعض علماء اور ذاکرین ڈاڑھی منڈے یا کترے یا حدِ شرع سے کم برائے نام ڈاڑھی کے چند بال رکھ لیتے ہیں جو کہ شرعاً ڈاڑھی منڈے کے ہی مشابہ ہے اور ایسے امام کے پیچھے شرعاً نماز جائز نہیں۔ حدِ مشت کا اطلاق بھی ٹھوڑی کے نیچے سے ہوتا ہے یہ نہیں کہ نچلے ہونٹ پر ہاتھ رکھ کر ٹھوڑی ہاتھ میں دبا کر کتری ہوئی ڈاڑھی کو سمجھ لیا جائے کہ یہ ایک مشت ہے ایسے لوگ ڈاڑھی منڈوں کے ہم مثل ہیں۔ تفصیل کے لیے دیکھو لمعۃ الضحیٰ" از اعلیٰ حضرت امام احمد رضا علیہ الرحمہ۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com




Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کی بے تابی

سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے چہرۂ اقدس کو اور ریش مبارک کے اس منظر کو دیکھ کر سیدہ زینب رضی اللہ عنہا غم سے بے تاب ہوئیں تو اس وقت اپنے بھائی پر یہ رقت آمیز چند جملے فرمائے۔

يَاهَلَالِك لَمَّا اسْتَقِمْ كَمَا لَا
غَالَهٗ حَنْفٌ فَاَبْدَا غَرُوْبًا
مَاتُوهَمتُ يَاشَفِيْقُ فَوَادِیْ
كَانَ هٰذَا مَقَدرًا مَكْتُوبًا
يَااَخِیْ قَلْبَكِ الشَّفِيْقُ عَلَيْنَا
مَالَهٗ قَرتسٰی وَصَادَ اَنْ يَرَوْجَا
يَااَخِی الْوتَرٰی عَلِيًّا لَدَی الْاَسِرِ
مَعَ الْيَتم لَايَطِيق وُجُوْبًا
كَلِمَا وَاجْعُوهُ بِالْغَرْبِ فَادا
كَيفُيضَ دَمْعًا سَكُرِبًا۔

## سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کا اہلِ کوفہ سے بیمثال خطبہ

جب لوگوں کا ہجوم ہر طرف دیکھا گیا اور آلِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سیّد زادیاں اس حال میں کوفہ کے بازار سے گزر رہی تھیں کہ حضرت سیدہ زینب بنتِ مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ، الکریم نے دیکھا کہ کچھ لوگ گھور گھور کر بھی دیکھ رہے ہیں تو سیدہ نے بلند آواز سے فرمایا کیا تم نہیں جانتے کہ یہ مخدرات عصمت وطہارت خاندانِ نبوت صلی اللہ علیہ وسلم آ رہی ہیں اپنی نگاہوں کو نیچے کرو۔ سیدہ کی اس آواز سے ایسے لوگوں کی نگاہ نیچی ہوئی۔ اور جو شور وغل دیکھا تو سیدہ نے کوفہ کے بڑے بازار میں فرمایا خاموش ہو جاؤ اس کا فرمانا تھا کہ ہر طرف شور وغل ساکت ہو گیا۔ سیدہ نے پھر اونٹنی پر سوار ہو کر کوفہ کے بازار میں مردوں اور عورتوں سے خطبہ فرمایا۔ یہ وہ سیدہ ہیں جو اپنے باپ کے دورِ خلافتِ حقہ میں کوفہ کے اندر اپنے مکان میں درسِ قرآن دیا کرتی تھیں۔ آج شیرِ خدا کی شہزادی واقعۂ کربلا کے عظیم سانحہ کے بعد حالتِ اسیری میں بھی بازارِ کوفہ میں خطبہ ارشاد فرما رہی ہیں۔ شیرِ خدا کی اس شہزادی کا خطبہ شروع کرنا تھا کہ مولائے کائنات باب مدینۃ العلم کا لب ولہجہ تازہ ہو گیا۔ سیدہ کی فصاحت وبلاغت اور علومِ قرآنی پر پہلے ہی لوگ واقف کار تھے اور آج کا لب ولہجہ اور اندازِ خطابت گویا کہ سرکار سیدنا مولائے کائنات بول رہے ہیں۔ جب ہر طرف خاموشی چھا گئی تو حضرت سیدہ زینب نے یہ خطبہ ارشاد فرمایا۔ جس کا ترجمہ پیش کیا جا رہا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالصَّلٰوةُ عَلٰى اَبِي مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الْاَخْيَارِ. اَمَّابَعْدُ يَااَهْلَ الْكُوْفَةِ وَيَااَهْلَ الْخَتَلِ اَتَبْكُوْنَ وَالْغَدَ فَلَا رَقَاتِ اِلَّا مَعَهٗ وَلَا هَدَأَت. اِنَّمَا مِثْلُكُمْ كَمَثَلِ الَّتِيْ غَزَلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ اِنْكَاثًا تَبْخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمُ الْاَوْهَلَ فِيْكُمْ وَالْا الصَلَفُ وَالنِطَفِ وَالْعدواشنَفِ الصلُهنَا لعَجَب وَاشَغَفِ وَالْكَنَدوملحَقَ الْاِمَاوَعُمرَ الْاَعداء وكمَرْعى عَلٰى دَمنةَ وَلفِنهقه عَلٰى ملحوده الاسأ مَاقَدَّمَتْ لَكُمْ اَنْفسِكم اِنْ سَخَطَ اللّٰه عَلَيْكُمْ وَفِي الْعَذَابِ اَنْتُمْ خَالِدُوْنَ. اتكبُونَ وَتختبَون اَى وَاللّٰهِ فَاَبْكوا كَثِيْرًا وَاَضْحكوقَلِيْلًا فَلَقَد وهبتم بَصَارِهَا وشَنارها وَاَنْ تَرْحفوها بِغَسل بَعَدَها وانى تَرْحَفُون قَتَلَ سَلِيْل خَاتم النَبوة ومعدَنِ الرِسَالة وَسَيِّدَالشباب اَهْلَ الْجَنَّة وَمَلَا زجيرتكم مضَفُوعِ نَازلتكم ومنار حُجتكم وَمدرة سُنَتكم وَمَدَرة حُجكم وَمَنَار مُحبتكم الاَسَا. مَاتَزَرونَ وَبَعْد الكم وَسحقًا فَلَقَدخَابَ اَسْعَى وَتُبتَ الْاَيْدِيْ وَخَسرتِ الصَفته وُبؤتم بغضَب مِنَ اللّٰه وضربت عَلَيْكُمُ الذِلَّة وَالمَسْكنة وَيْلكم يَااَهْلُ الْكُوفة. اتَدرُوْنَ اَىَ كَبدلِرَسُوْل اللّٰه فريْتم وَاى كَرِيْمَةَ لَهٗ ابرزْتم وَاىِ دَمْ لَهٗ سَفكْتم وَاَى حُرْمَة لَهٗ اَنْتهكْتم وَاَيِ حُرْمة لَهٗ انتهكْتم الْقَدجِئتم شَيْأً اِوِاتكَاواسَمٰوَاتِ يتفِطَرنَ مِنْهُ وَتُنشقَ الْاَرْض وَتَخرالِجِبَالِ هُدًاولَقَدَ جِئتم بها صلعارغفا سَوداء فَقَحًا خَرَقَاء شَوهَا كطلاع الارض اوَملاءِ إِسَما افَعجيتبم ان مَطَرت اَسْمَاء دَمًاء وَالْعَذاب الْاٰخرة اُخْرٰى وَاَنْتُمْ لَاتُنْصَرُوْنَ

ہر قسم کی خوبیاں اور تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لائق ہیں۔ میرے باپ (یعنی نانا جان) محمد ﷺ پر اور ان کی طیب وطاہر و نیک اولاد پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو۔ اے کوفہ والو، اے عہد شکنو۔ اپنی زبان سے پھر جانے والو اور اپنے الفاظ بھول جانے والو۔ تم رو رہے ہو۔ تم روتے رہو تمہارے آنسو خشک نہ ہوں اور تمہاری آہ وفغان کبھی بند نہ ہو۔ تمہاری مثال اس عورت کی سی ہے جو سوت کاتتی (کپڑا بنتی) ہے اور پھر اسے ادھیڑ ڈالتی ہے (ٹکڑے ٹکڑے) کر ڈالتی ہے۔ کیا تم کہہ سکتے ہو کہ تم میں ایک تنفس بھی ایسا ہے۔ جو جھوٹا اور شیخی خور نہ ہو۔ جس کے دل میں کھوٹ نہ ہو۔ لومڑیوں کی طرح چاپلوسی اور خوشامدی نہ ہو دشمنوں کا سا کینہ نہ رکھتا ہو جو راہِ حق کو چھوڑ کر بے دینی پر نہ جھگڑتا ہو۔ یاد رکھو جو کچھ تم نے اپنے اپنے لیے آگے بھیجا ہے وہ بہت برا ہے۔ تم پر خدا کا غیظ وغضب ہے اور تم اس کے قہر میں مبتلا ہو گے۔ اے جھوٹو اے کوفیو۔ تم میرے بھائی پر گریہ اور نوحہ کر رہے ہو۔ ہاں خدا کی قسم روؤ اور خوب روؤ۔ تم کو رونا مناسب ہے۔ ہنسو کم اور روؤ زیادہ۔ تم نے بہت بری بری باتوں کی آرزوئیں کی ہیں جن کو تم رو دھو کر بھی کبھی اپنے دامن سے پاک وصاف نہ کر سکو گے۔ بھلا بتلاؤ تم خاتم النبیین اور معدنِ رسالت کے فرزند کے قتل کے داغ کو کیونکر دھو کر صاف کر سکتے ہو۔ جنت کے نوجوانوں کے سردار کے قتل کے دھبہ کو کیونکر مٹا سکتے ہو۔ وہ تمہاری لڑائیوں میں تمہاری پناہ گاہ تھے۔ تمہاری جماعتوں کے محافظ تھے۔ تمہاری سلامتی کی قرار گاہ تھے۔ تمہارے کلمہ کی اساس اور بنیاد تھے۔ تمہاری مصیبتوں اور تمہارے حوادث میں تمہاری جائے پناہ تھے تمہاری معاشرت درست کرنے والے تھے۔ تمہاری باہمی گفتگو کا مرجع تھے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فَلَا یَسْتَخِفُّکُمُ الْمَهَلُ فانه لا یَخْفِرُهُ الْبِدَاءُ وَلَا یخافُ فَوْتَ الثَّاوِ اِنَّ رَبَّکُم لبالْمرصاد۔

آہ۔ کتنی بری بات ہے جس کو تم آخرت میں بھیج چکے ہو۔ اور کتنی سنگین ہے وہ چیز جس کو تم نے قیامت کے لیے چھوڑا ہے۔ وہ چیز تم کو بڑی دور کرنے والی ہے۔ (یعنی جنت سے) تم کو ڈس لینے والی تم کو اوندھا ڈال دینے والی ہے اور تمہاری کوشش ناکام رہی۔

حسرت جفا کاری نے تمہارے چہرے بگاڑ دیے تم خدا کے غیظ وغضب کا ٹھکانہ بن گئے کوفہ والو۔ تمہیں معلوم ہے کہ تم نے محمد رسول ﷺ کے کون سے جگر گوشہ کو پھاڑا ہے اور محمد رسول اللہ ﷺ کی کون سی بیٹی کی بے حرمتی کی ہے اور کون سے خون کو تم نے بہایا ہے۔ آہ تم ایک بہت بڑے حادثہ کے مرتکب ہوئے ہو۔ تم ایک ایسے جرم کے مرتکب ہوئے ہو جو منہ بگاڑ دینے والا اور مصیبت میں مبتلا کر دینے والا ہے۔ اگر اس موقعہ پر خون کی بارش ہو تو کیا تم تعجب کرو گے۔ یاد رکھو آخرت کا عذاب تم کو رسوا کرنے والا ہے اور ہاں ایسے لوگوں کی مدد نہ کی جائے گی۔ کوئی طاقت خدا کے کاموں میں دخیل نہیں اور نہ انتقام لینے سے کوئی روک سکتا ہے اگر واہیہ، ہیاء وعمیا پر آسمان سے خون برسا ہے تو تم کو تعجب کیا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ تمہارا رب نافرمانوں کی تاک میں لگا رہتا ہے۔ آہ تم نے وہ جرم کیا ہے کہ آسمان گر پڑیں زمین پھٹ جائے اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں۔

یہ خطبہ شجاعت وفصاحت وبلاغت سن کر لوگ حیرت میں پڑ گئے اور دشمنوں کو بھی اس کا اقرار کرنا پڑا۔ مذلم بن کثیر عرب کے مشہور فصحا میں عمر رسیدہ بزرگ تھے۔ جب سیدہ نے خطبہ ختم فرمایا تو دیکھا گیا کہ وہ رو رہے ہیں اور ان کی داڑھی آنسوؤں سے تر ہے۔ ہاتھ آسمان کی طرف بلند تھا اور وہ کہہ رہے تھے۔ یَاَبِیْ اَنْتُمْ وَاُمِّیْ کُهُوْلُکُمْ خَیْرُ الْکُهُوْلِ وَشَبَابُکُمْ خَیْرُ الشَّبَابِ وَنِسَاءُکُمْ خَیْرُ النِّسَاءِ وَنَسْلُکُمْ خَیْرُ النَّسْلِ وَفَضْلُکُمْ فَضْلٌ عَظِیْمٌ۔ میرے ماں باپ آپ پر قربان آپ کے بزرگ سب سے بہتر آپ کے جوان سب جوانوں سے افضل آپ کی عورتیں سب عورتوں سے اشرف آپ کی نسل سب نسلوں سے اعلیٰ اور آپ کا فضل فضلِ عظیم ہے۔ جو نہ باطل سے دبتی ہے اور نہ باطل کے سامنے جھکتی ہے اور نہ حق میں جھجکتی ہے۔

کُهُوْلُهُمْ خَیْرُ الْکُهُوْلِ وَنَسْلُهُمْ
اِذَا عَرَنْسَلَ لَا یَبُوْرُ وَلَا یَخْزٰی

بشیر بن خزیم اسدی کا بیان ہے کہ سیدہ کی تقریر کے دوران مجمع پر سکوت چھایا ہوا تھا۔ سانس لینے کی آواز بھی سنائی نہ دی اور خطبہ سے ایسا ہی معلوم ہوتا تھا کہ سرکار باب مدینۃ العلم تقریر فرما رہے ہیں۔ (حیات)

دربار میں خطبے کبھی قرآں کی تلاوت
اندازِ تکلم میں بابِ مدینۃ کی سی فصاحت

## سرہائے شہداء اور دربار ابنِ زیاد اور گستاخی کا مظاہرہ

اس کے بعد یہ مختصر قافلہ دارالامارت کی طرف روانہ ہوا اور ادھر عبیداللہ ابن زیاد نے کوفہ کے تمام لوگوں کو حاضر ہونے کی اجازت دے رکھی ہوئی تھی۔ گویا تماشبینوں سے دارالامارت بھرا پڑا تھا۔ سب سے پہلے شہدائے کربلا کے سرہائے مبارکہ دارالامارت پہنچائے گئے اور سرکار سید الشہداء کا سرِ اقدس ایک طباق میں رکھ کر عبیداللہ ابنِ زیاد کے میز پر رکھا گیا اور دوسرے شہدائے کربلا کے سر مبارک

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

طشت میں رکھ کر پیش کئے گئے۔ جب سرکار سید الشہداء کے سرِ اقدس کو اس بدنہاد ابنِ زیاد ظالم ملعون نے دیکھا تو اس کے ہاتھ میں ایک چھڑی تھی۔ وہ آپ کے دندانِ اقدس کو لگا کر سرکار امامِ عالیمقام رضی اللہ عنہ کے چہرۂ مبارک کے حسن و جمال اور لب و دندانِ مبارکہ میں کچھ کلام کہا گو وہ امام کی تعریف میں تھا۔ لیکن اس کا چھڑی رکھ کر ایسی بے ادبی کرنا سراسر غلط تھا۔ جس کو دیکھ کر مجمع میں سے ایک صحابی رسول حضرت زید ابن ارقم انصاری نے عبیداللہ ابن زیاد کو کہا۔

اِرْفَعْ قَضِیْبَكَ عَنْ هَاتَیْنِ الشَّفَتَیْنِ فَوَاللّٰهِ الَّذِیْ لَااِلٰهَ غَیْرُهٗ لَقَدْ رَاَیْتُ شَفَتَیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰی هَاتَیْنِ الشَّفَتَیْنِ مَالَا اُحْصِیْ كَثْرَةً یَقَبِّلُهَا۔ (حیات)

اے عبیداللہ! ان مقدس ہونٹوں سے اپنی چھڑی اٹھالے۔ کیونکہ مجھے قسم ہے اس ذات وحدہ لاشریک کی جس کے سواء کوئی دوسرا الٰہ نہیں تحقیق میں نے بیشمار مرتبہ اپنی آنکھوں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان مقدس ہونٹوں پر بوسہ لیتے ہوئے دیکھا ہے۔

اس کے بعد صحابی رسول زید ابن ارقم رضی اللہ عنہ پھوٹ پھوٹ کر رو پڑے کہ کاش میرے بس میں کچھ ہوتا تو اس کو اس گستاخی کا مزہ چکھاتا۔ عبیداللہ ابنِ زیاد یہ سن کر آگ بگولا ہوگیا اور کہنے لگا تو بوڑھا آدمی ہے ورنہ تمہاری گردن اڑا دیتا۔ اس کے بعد حضرت ارقم رضی اللہ عنہ اٹھ کر چل دیے اور لوگوں کو کہتے گئے۔

اَیُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْعَبِیْدُ قَتَلْتُمْ ابْنَ الْفَاطِمَةَ وَاَمَّرْتُمْ عُبَیْدَاللّٰهِ ابْنَ زِیَادٍ وَاللّٰهِ لَیَقْتُلَنَّ خَیَارَكُمْ ... شِرَارَكُمْ فَبُعْدًا لِمَنْ رَضِیَ بِالذُّلِّ وَالْعَارِ۔ (ایضاً)

لوگو تم آج کے بعد غلام بن چکے ہو تم نے فاطمۃ الزہرہ سلام اللہ علیہا کے فرزند کو قتل کیا ہے اور عبیداللہ ابن زیاد کو امیر بنایا ہے جو تمہارے اچھوں کو قتل کرتا ہے اور برے لوگوں کو غلام بناتا ہے۔ ہلاکت ہے اس کے لیے جو ذلت و رسوائی اور عار پر راضی ہوتا ہے۔

## اسیرانِ آلِ نبوت اور عبیداللہ ابنِ زیاد کوفہ کے دارالامات میں

اب وہ وقت آیا جس وقت خاندانِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مخدراتِ عصمت و طہارت کو بحالتِ قید و بند ایک فاسق، فاجر، شراب خور، ظالم عبیداللہ ابن زیاد کے دارالامارت میں لایا جا رہا ہے۔ کوفہ کے تمام لوگ تماش بینی کے لیے اس میں موجود ہیں اور سپاہیوں اور پہرہ داروں کو اسلحہ جنگ سے لبریز لباسِ فاخرہ سے نوازہ گیا ہے۔

جونہی مخدراتِ عصمت و طہارت عبیداللہ ابنِ زیاد کے دربار میں ایک کونہ میں جا کر بیٹھ گئیں۔ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا اس حال میں تھیں۔ دَخَلَتْ زَیْنَبُ ابْنَةُ فَاطِمَةَ مُتَنَكِّرَةً وَعَلَیْهَا اَرْذَلُ ثِیَابِهَا۔ کہ بہت ہی کم قیمت کا لباس پہنے ہوئے تھیں۔ ایسے پست لباس تن سے پہچانی نہیں جاتی تھیں کہ یہ زینب کبریٰ ہیں۔ جب عبیداللہ ابن زیاد نے اس جھرمٹ پر ایک نگاہ پھیری تو سیدہ کی طرف اشارہ کر کے کہنے لگا مَنْ هٰذِهٖ یہ عورت کون ہے؟ سیدہ نے کوئی جواب نہ دیا۔ بالآخر کسی نے کہا کہ یہ سیدہ زینب کبریٰ بنت فاطمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## سیدہ زینب بنت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی عبیداللہ ابنِ زیاد سے گفتگو

یہ سن کر بدنہاد عبیداللہ ابن زیاد ملعون بدمست بجائے شرمسار ہونے کے کہ آج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نواسی اس حالت میں میرے دارالامارت میں پیش ہیں الٹا اس نے اپنے کفر والحاد کا اس طرح مظاہرہ کیا کہ اچھا ہوا تم ذلیل ہوئے اور قتل بھی کیے گئے اور تمہارا جھوٹ ظاہر ہوگیا۔

سیدہ زینب کبریٰ رضی اللہ عنہا نے فوراً عبیداللہ ابن زیاد کو جواب دیتے ہوئے فرمایا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَکْرَمَنَا بِمُحَمَّدٍ طَهَّرَنَا مِنَ الرِّجْسِ تَطْهِیْرًا اِنَّمَا یَفْتَضَحُ الْفَاسِقُ وَیَکْذِبُ الْفَاجِرُ وَهُوَ غَیْرُنَا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔ (حیات)

سب خوبیاں اس اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں اس خدا کا شکر ہے جس نے ہم کو اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ عزت وشرف بخشا اور ہمیں ہر قسم کی پلیدیوں سے پاکیزہ فرمایا ہاں البتہ ذلیل و رسوا فاسق ہوتا ہے اور جھوٹ بھی فاجر بولتا ہے۔ خدا کا شکر ہے وہ ہم نہیں ہیں بلکہ ہم سے غیر ایسا ہوسکتا ہے۔

سیدہ سلام اللہ علیہا کا یہ جواب سن کر عبداللہ ابن زیاد نے طنزاً کہا رَاَیْتِ فَصْلَ اللّٰهِ بِاَهْلِ بَیْتِكِ دیکھا خدا نے تمہارے خاندان کے ساتھ پھر کیسا سلوک کیا؟

سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے فرمایا:

مَا رَاَیْتُ اِلَّا جَمِیْلًا هٰؤُلَاءِ قَوْمٌ کَتَبَ اللّٰهُ عَلَیْهِمُ الْقَتْلَ فَبَرَزُوْا اِلٰی مَضَاجِعِهِمْ وَسَیَجْمَعُ اللّٰهُ تَعَالٰی بَیْنَكَ وَبَیْنَهُمْ فَتَحَاجُّوْنَ وَتَخْتَصِمُوْنَ عِنْدَهٗ فَانْظُرْ لِمَنْ یَکُوْنَ الْفَلَجُ یَوْمَئِذٍ۔ (ایضاً)

میں نے تو اپنے خدا کے حسنِ سلوک کے سوا آج تک کچھ دیکھا ہی نہیں۔ یہ شہید ہونے والا وہ گروہ ہے جن کے لیے اللہ تعالیٰ نے درجۂ شہادت قلمِ قدرت سے لکھ دیا تھا اس لیے وہ اپنی مقتل گاہ آیا۔ عنقریب اللہ تعالیٰ سب کو جمع کرے گا تو جب حقیقی عادل کی بارگاہِ ربوبیت سے فیصلہ ہوگا تو پھر معلوم ہوجائے گا کون اس کے نزدیک کامیاب ہے۔

سیدہ کا یہ جرأت مندانہ جواب سن کر عبیداللہ ابن زیاد آگ بگولا ہوا اور اس نے سیدہ کو کچھ گزند پہچانے کا ارادہ کیا مگر عمرو بن حریث نامی نے اسے یہ کہہ کر ٹھنڈا کردیا۔ اَیُّهَا الْاَمِیْرُ اِنَّهَا اَمْرَاَةٌ وَالْمَرْاَةُ لَا تُؤَاخَذُ بِشَیْءٍ ..... وَلَا مُحْذَمَ عَلٰی خِطَابِهَا۔ (حیات) اے امیر یہ عورت ہے اور عورت کی کسی بات پر مواخذہ نہیں کیا جاتا اور نہ اس کے کسی خطاب پر اس کے مذمت کی جاتی ہے اور بعض نے یہ بھی کہا اے امیر کیا بات ہے اب تجھ میں یہ حمیت بھی باقی نہیں رہی کہ عورتوں پر ہاتھ اٹھانے لگا جو ایک بزدل (ڈرپوک کی نشانی ہے)۔

پھر عبیداللہ ابن زیاد نے سیدہ کو مخاطب کر کے کہا۔ قَدْ شَفَا اللّٰهُ نَفْسِیْ مِنْ طَاغِیَتِكِ وَالْعَصَاةِ مِنْ اَهْلِ بَیْتِكِ۔ (ایضاً) خدا نے میرے کو تیرے سرکش بھائی اور تیرے خاندان کے نافرمانوں سے شفا دی ہے۔

سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔ لَعَمْرِیْ لَقَدْ قَتَلْتَ کَهْلِیْ وَاَبَرْتَ اَهْلِیْ وَقَطَعْتَ فَرْعِیْ وَاَجْتَثَثْتَ اَصْلِیْ فَاِنْ یَّشْفِكَ هٰذَا فَقَدْ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

**اشفاف۔** مجھے اپنی جان کی قسم تو نے میرے بڑوں کو قتل کیا۔ اہل وعیال کو خراب کیا فروع کو قطع کیا اور اصل کو کچل ڈالا۔ اگر یہ باتیں تیرے لیے شفا ہیں تو یقیناً تو نے شفا حاصل کر لی ہے۔

عبیداللہ ابنِ زیاد یہ سن کر کہنے لگا یہ عورت سجع اور قافیہ میں بات کرتی ہے یعنی نہایت فصیح اور بلیغ اور صاف گو ہے۔ پھر کہنے لگا تمہارے باپ بھی بڑے فصیح و بلیغ تھے اور خطابت میں ان کو جو ملکہ تھا وہی تم کو حاصل ہے۔ لہٰذا اس میں کچھ تعجب نہیں۔

سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے فرمایا جو کچھ میں نے کہا ہے یہ خطابت اور فصاحت و سجع و قافیہ نہیں بلکہ صداقت ہے۔ شرم کرو تمہیں شرم نہیں آتی فضول باتیں بنا رہا ہے۔

عبیداللہ ابنِ زیاد پھر خاموش ہو گیا۔

## عبیداللہ ابنِ زیاد کی بے حیائی اور مکالمہ آخری سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ اور سیدہ زینب سلام اللہ علیہا

اب عبیداللہ ابن زیاد نے حضرت علی اوسط المعروف زین العابدین رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ کر کے کہا یہ کون لڑکا ہے؟ جواب دیا گیا یہ امامِ حسین رضی اللہ عنہ ہی کے لڑکے ہیں۔ انہیں اس وجہ سے قتل نہیں کیا گیا تھا کیونکہ یہ بیمار ہیں۔ عبیداللہ ابن زیاد نے کہا اچھا پھر اب ان کو میرے سامنے قتل کر دو۔ یہ سن کر فوراً سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے اپنے بھتیجے پر ہاتھ رکھ لیا اور فرمایا حَسْبُكَ يَا عَبِيْدُ مِنْ دِمَاءِ نَا مَاسَفَكْتَ وَهَلْ اَبْقَيْتَ اَحَدًا غَيْرُ هٰذَا لَا وَاللّٰهِ لَا اُفَارِقُهٗ فَاِنْ اَرَدْتَ قَتْلَهٗ فَاقْتُلْنِيْ مَعَهٗ۔ اے عبیداللہ جس قدر تو ہمارا خون بہا چکا ہے وہ تیرے لیے کافی ہے سوائے اس بیمار کے کسی اور کو تو نے زندہ چھوڑا ہے؟ خدا کی قسم میں ان سے جدا نہ ہوں گی اگر ان کے بھی قتل کا ارادہ ہے تو مجھے بھی ان کے ہمراہ قتل کر دو۔ سید امام علی اوسط زین العابدین رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے میری پھوپھی جان ذرا مجھے بھی جواب دینے دو۔ آپ نے فرمایا اے عبیداللہ ابن زیاد اَبِالْقَتْلِ تَهَدُّدُوْنِيْ اِمَا عَلِمْتَ اَنَّ الْقَتْلَ لَنَا عَادَةٌ وَ كَرَامَتِنَا الشَّهَادَةُ۔ (حیات) کیا تو مجھے قتل ہونے سے ڈراتا ہے۔ کیا تو نہیں جانتا کہ قتل ہونا ہماری عادت ہے اور راہِ حق میں شہید ہونا ہماری فضیلت و کرامت ہے۔ عبیداللہ ابن زیاد پھوپھی اور بھتیجے کی باہمی محبت اور ان کے جواب پر یہ منظر دیکھ کر کہنے لگا۔ تعجب ہے اس محبت پر کہ واقعی اگر میں اس لڑکے کو قتل کرنے کا حکم دے دیتا تو یہ عورت پہلے خود کو قتل کرانے کے لیے تیار ہے۔ اچھا دَعُوْهُ فَاِنِّيْ اَرَاهُ لِمَا بِهٖ۔ اسے یعنے علی اوسط کو چھوڑ دو کیونکہ میں دیکھتا ہوں یہ اس کے لیے کافی ہے۔

## کوفہ میں اہلِ بیت کو کہاں اور کتنے دن اسیر رکھا گیا

اس کے بعد عبیداللہ ابن زیاد نے اجلاس برخاست کرتے ہوئے کہا کہ ان اسیرانِ آلِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جامع مسجد کوفہ کے کمروں میں سے ایک کمرہ میں قید میں رکھا جائے چنانچہ ان کو اس کمرہ میں لے جا کر قید و بند کر دیا گیا اور شہدائے کربلا کے سرہائے مبارکہ کو ایک کمرہ میں رکھ دیا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ عبیداللہ ابن زیاد نے اپنے ایک قاصد کے ذریعہ ایک خط دے کر یزید کی طرف دمشق روانہ کر دیا اور یہ واقعہ محرم کی تیرھویں اور بقول بعض چودھویں محرم کا ہے عبیداللہ ابن زیاد نے سرہائے مقدسہ کو دمشق بھیجنے کے بارے میں لکھا کہ اگر حکم ہو تو وہاں بھیج دیتا ہوں اور دوسرے اہلِ بیت میرے پاس اسیر کیے ہوئے ہیں حکم ہو تو ان کو بھی بھیج دوں۔ اب جب تک وہاں سے یزید کا جواب نہ آنے پائے اس وقت تک اس کو انتظار ہے۔ اب یہاں پر سوال یہ پیدا ہوتا ہے۔ کہ اہلِ بیت نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوفہ میں کتنے دن رہے تو اس کے متعلق مختلف بیانات ہیں لیکن یہاں پر جو صحیح قیام لکھا جاتا ہے اس کے لیے یہ جاننا ضروری ہے کہ عام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مؤرخین نے کربلا سے کوفہ کا فاصلہ بیس یا چوبیس میل لکھا ہے لیکن یہ غلط ہے اور زمین وآسمان کا فرق پایا جاتا ہے۔ کربلا سے کوفہ کا فاصلہ ڈیڑھ سو کلومیٹر یعنے نوے میل ہے۔ اونٹوں پر نوے میل کا سفر ایک دن میں اہلِ بیت کے قافلے کا طے کر لینا قیاس میں نہیں آتا۔ دس محرم الحرام کو واقعۂ کربلا ظہور پذیر ہوا اور گیارہ محرم کو بعد دوپہر اہلِ بیت کا مختصر قافلہ کربلا سے کوفہ روانہ ہوا اور کم از کم پچیس یا بائیس میل روزانہ کے حساب سے نوے میل کا سفر طے کر کے چودہ محرم کو کوفہ پہنچا اور چودہ محرم کو عبیداللہ ابن زیاد نے یزید کو خط لکھ کر بذریعہ قاصد دمشق روانہ کیا جس میں مفصل رونما واقعات قلمبند کیے اور یہ قاصد کوفہ سے دمشق کو روانہ ہو کر محرم کی آخری تاریخ کو وہاں پہنچا۔ کیونکہ کوفہ سے دمشق سینکڑوں میل کے فاصلہ پر ہے۔ محرم کی آخری تاریخوں میں یہ خط یزید کو ملا تو اس کے صلاح ومشورہ کرنے کے بعد جو جوابی خط اسی قاصد کے ذریعہ روانہ کیا کہ ہاں سرہائے مبارکہ شہدائے کربلا اور اسیرانِ اہلِ بیت کو میرے پاس بھیج دیا جائے وہ یزید کا خط قاصدِ دمشق سے کوفہ لایا۔ جو عبیداللہ ابن زیاد کو سولہ دن کے بعد موصول ہوا اور تین دن پھر اہلِ بیت کو روانہ کرنے میں کوفہ میں ہی لگے اور چوتھے دن شہداء کے سر مبارک اور قافلۂ اہلِ بیت اسیری کی حالت میں کوفہ سے سفرِ دمشق پر روانہ کئے گئے۔ اس حساب سے ۱۳ محرم الحرام سے ۱۷ صفر المظفر تک تقریباً ایک مہینہ پانچ دن کوفہ میں اہلِ بیت کا قیام رہا۔ (تاریخ کربلا)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

باب ۲۴

# کوفہ سے شام اسیرانِ اہلِ بیت کے حالات

## اہلِ بیت کی کوفہ سے روانگی

جب عبیداللہ ابن زیاد کے پاس دمشق سے یزید کا پیغام تحریری طور پر پہنچ گیا کہ سرہائے شہداء اور اسیرانِ اہلبیت کو اس کے پاس دارالامارت دمشق بھیج دیا جائے تو عبیداللہ ابن زیاد نے رجز بن قیس کی نگرانی میں شہداء کے سرہائے مبارکہ ملکِ شام روانہ کردیے۔ اس کے ساتھ ابو بروہ بن عوف ازدی اور طارق بن ظبیان اور تقریباً پچاس آدمی روانہ کردیے۔ اس میں محضر بن ثعلبہ عاندی اور شمر ذی الجوشن بھی تھے۔ (حیات)

## کوفہ سے دمشق کی منازل اور اہلِ بیت کو کس راستہ سے لے جایا گیا

کوفہ و دمشق کے سفر میں کتنی منزلیں ہیں اور اس سفر میں کتنے دن لگے۔ کتبِ معتبرہ میں اس کی تفصیلات موجود ہیں لیکن سفر کے منازل میں کچھ اختلاف پایا جاتا ہے۔ بعض نے کوفہ سے دمشق کی کل منازل صرف پندرہ لکھی ہیں اور بعض نے تیئس لکھی ہیں اور بعض نے تو چونتالیس تک بھی منزلیں لکھی ہیں۔ کہ قافلۂ اہلِ بیت کا ان منازل سے گذرتا ہوا دمشق پہنچا اب ان منازل کے نام درج کیے جاتے ہیں۔

پہلی منزل تکریت۔ دوسری منزل موصل۔ تیسری منزل حیران۔ چوتھی منزل دعوات۔ پانچویں منزل قنسرین۔ چھتی منزل سیبود۔ ساتویں منزل حمص۔ آٹھویں منزل بعلبک۔ نویں منزل شیرو۔ دسویں منزل حماۃ۔ گیارہویں منزل حلب۔ بارہویں منزل نصیبین۔ تیرہویں منزل عسقلان۔ چودہویں منزل درقیس۔ پندرہویں منزل دیرراہب۔ بعض نے یہ منازل لکھیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔تکریت | ۲۔دوائم اعلمی | ۳۔دیرہ عروہ | ۴۔اصلیا |
| ۵۔راوی الخنلہ | ۶۔ارمنیاد | ۷۔لینا | ۸۔کمبل |
| ۹۔جہینہ | ۱۰۔تل باعصر | ۱۱۔جبل سنجار | ۱۲۔نصیبین |
| ۱۳۔عین الورد | ۱۴۔قنسرین | ۱۵۔معرۃ النعمان | ۱۶۔شیرو |
| ۱۷۔کوظاب | ۱۸۔سیبور | ۱۹۔حما | ۲۰۔حمص |
| ۲۱۔کنیہ قسیس | ۲۲۔بعلبک | ۲۳۔صومعہ راہب۔ | |

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ان منازل کے تذکرہ کے یہ معنے نہیں کہ ان مقامات پر ضرور اہل بیتِ نے رات قیام کیا ہوگا بلکہ یہ منازل ومقامات سفرِ کوفہ تا دمشق ہیں کہ ان راہوں اور منازل سے گذر ہوا۔

اب غور طلب مسئلہ یہ ہے کہ کوفہ سے دمشق کا فاصلہ تقریباً چھ سو میل ہے۔ جیسے بغداد شریف سے دمشق اور کتبِ معتبرہ سے ثابت یہ ہوتا ہے کہ اہلِ بیت کا یہ قافلہ سیدھے راستے سے دمشق نہیں گیا۔ بلکہ بڑی پھیر کی گذرگاہوں اور دشوار منزلوں سے طویل راستہ طے کرتے ہوئے جو آٹھ سو میل کے فاصلہ تک ہوسکتا ہے کوفہ سے دمشق جاتا ہے۔ لیکن یہ راستہ اختیار نہ کرایا گیا۔ بلکہ حمص والے راستہ سے اہلِ بیت کو لے جایا گیا۔ قریب




کا راستہ جو جلد طے ہوسکتا تھا وہ کیوں چھوڑا گیا۔ یاد رہے کہ آج کل یہی سیدھا راستہ کوفہ سے دمشق جاتا ہے اور پختہ سڑک بنی ہوئی ہے اور اس پر موٹریں کاریں بسیں چلتی ہیں۔ اور موصل وحمص کی راہ کے غیر معروف مقامات کی طرف جو طویل راستہ اور جس کے طے کرنے میں کافی دن لگے یہ کیوں اختیار کیا گیا۔ اس کا سبب معتبرہ کتب سے ظاہر ہوتا ہے کہ راستہ میں اہلِ بیت اور سرہائے مبارکہ کو دیکھ کر لوگ مشتعل نہ ہوجائیں اور مزاحمت ومخالفت اور جنگ نہ ہو۔ چنانچہ اس کے باوجود بھی بعض مقامات پر لوگوں کو جب یہ معلوم ہوا تو قنسرین سیبور حمص میں مزاحمت ہوئی۔ اور ان مقامات پر بھی مسلمانوں سے جنگ کرتے ہوئے اور ان کی مخالفت سے بچتے بچاتے نامعلوم مقامات سے ہوتے ہوئے دور کے راستے سے دمشق لایا گیا۔ معلوم ہوا کہ خاندانِ نبوت ﷺ کی مخدراتِ عصمت وطہارت کے لیے یہ شدید دشواریوں اور پریشانیوں کا چوتھا دور تھا جو آٹھ سو میل کی طویل مسافت طے کرتے ہوئے دمشق لایا گیا۔

جب دمشق صرف چار میل کے فاصلہ پر رہ گیا تو اسی خطرہ کی بنا پر نامعلوم جگہ پر اہلِ بیت کو ٹھہرایا گیا اور یزید کو اطلاع دی گئی کہ وہ دمشق میں داخل ہونے سے قبل تمام انتظامات مکمل کرلے تاکہ پھر دمشق میں داخل ہوں۔ چنانچہ یزید کو اس کی اطلاع دی گئی تو اس نے ایک دن کا تعین کرکے اور تمام انتظامات مکمل کرکے دمشق آنے کا حکم دے دیا۔ (تاریخ کربلا)

## غیبی لوہے کا قلم

ابی نعیم نے بطریق ابن لہیہ ابی حنبل سے روایت کی ہے کہ جب ابن زیاد کے آدمی سرہائے مبارکہ اہلِ بیتِ عظام کے مختصر قافلے کو دمشق یزید کے پاس لے جارہے تھے تو راستہ میں ایک جگہ پر حسبِ معمول رات کے وقت شراب پینے لگے تو اس وقت ایک ہاتھ نمودار ہوا جس میں لوہے کا قلم تھا۔ پھر اس نے خون سے یہ شعر لکھا۔

اَتَرْجُوْا اُمَّةٌ قَتَلَتْ حُسَيْنًا
شَفَاعَةُ جَدِّهٖ يَوْمَ الْحِسَابِ

بھلا وہ امت بھی قیامت کے روز ان کے تاجدار کی شفاعت کی امید رکھ سکتی ہے جس نے حسین ؓ کو شہید کیا۔

## سرمبارک انوار وتجلیات اور ایک راہب کا قبولِ اسلام

اس سفر کے دوران ایک جگہ یہ واقعہ بھی پیش آیا کہ یہ لوگ جب ایک راہب کے دیر کے پاس پہنچے تو انہوں نے یہاں پر قیام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کیا اور وہ نیزہ جس پر سرکار سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کا سر اقدس رکھا تھا ایک دیوار کے ساتھ رکھ دیا۔ جب تمام لوگ سو گئے تو اچانک رات کے وقت راہب نے دیکھا کہ سرِ اقدس سے نور کی شعاعیں نکل کر آسمان کی طرف جا رہی ہیں اور سر مبارک سے تسبیح و تہلیل کی آواز آ رہی ہے اور کوئی کہنے والا یہ بھی کہہ رہا ہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدُاللهِ الْحُسَيْنَ۔ راہب یہ عجیب نظارہ دیکھ کر حیران رہ گیا۔ پھر راہب نے لبِ بام سے جھانک کر پہرہ داروں سے جا کر دریافت کیا کہ یہ سر مبارک کس کا ہے؟ انہوں نے جواب دیا یہ حسین ابن علی رضی اللہ عنہ اور نواسہ رسول ہیں۔ نبی اللہ کی بیٹی فاطمہ رضی اللہ عنہا کے بیٹے ہیں۔ راہب نے بصورتِ تعجب کہا کیا وہی محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) جو تمہارے رسول ہیں تو انہوں نے کہا ہاں۔ تو راہب نے کہا بِئْسَ الْقَوْمُ اَنْتُمْ لَوْ كَانَ لِلْمَسِيحِ وَلَدٌ لَاسَكَنَّاهُ اَحْدَاثَنَاه۔ تم بہت برے لوگ ہو؟ کاش اگر ہمارے عیسیٰ علیہ السلام کا کوئی بیٹا ہوتا تو ہم اسے اپنی آنکھوں پر بٹھاتے ان کی تعظیم و تکریم کرتے۔ پھر کہا یہ سر مبارک صبح تک میرے حوالے کر دو۔ اس پیشکش کو انہوں نے مان لیا اور دیناروں کی تھیلیاں لے لیں اور سرِ مبارک اس راہب کے حوالے کر دیا۔ راہب نے سر مبارک کو لیا اور پھر اپنے کسی کمرہ میں لے جا کر صاف پاک ریشمی کپڑا سے گرد و غبار صاف کیا اور خوشبو لگائی اور پھر بڑی تعظیم سے اپنے پاس رکھا اور روتا رہا جب صبح کا وقت ہوا تو سرِ اقدس کو خطاب کر کے کہا۔ لَا اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِيْ وَاَنَا اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاَنَّ جَدَّكَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَشْهَدُ اَنِّيْ مَوْلَاكَ۔ میں سوائے اپنی ذات کے کسی اور چیز کا مالک نہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ کے جدِ کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اس کے سچے رسول ہیں۔ اور میں آپ کا غلام ہوں اور صبح پھر سر مبارک حسبِ وعدہ ان کو واپس کر دیا اور خود مسلمان ہو کر پہاڑوں میں چلا گیا اور عبادتِ خداوندی میں مشغول ہو کر آخر دولتِ اسلام سے وفات پائی۔ (الحیات)

## دیناروں کی ٹھیکریاں اور آیاتِ قرآنی بحقِ سزائے ظالماں

یہ واقعہ بھی اس دوران پیش آیا کہ جب یہ لوگ دمشق کے قریب پہنچے تو انہوں نے کہا آؤ اب ہم آپس میں ان دیناروں کو تقسیم کر لیں جو ہم نے راستہ میں اس شخص سے لیے تھے۔ چنانچہ جب دیناروں کی تھیلیاں کھولیں تو دیکھتے کیا ہیں کہ تمام دینار ٹھیکریاں بن چکے ہیں جن کے ایک طرف یہ آیت لکھی ہوئی تھی۔ وَلَا تَحْسَبَنَّ اللهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظَّالِمُوْنَ۔ اور دوسری طرف یہ آیت وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ۔ ظالم لوگوں کے ظلم سے اللہ تعالیٰ غافل نہیں۔ جو کچھ انہوں نے کیا اور قریب ہے کہ ظالم لوگ جیسا ظلم کر چکے ہیں ویسا ہی ظلم ان پر اوندھا پلٹ آئے گا۔

## واقعۂ کربلا اور اصحابِ کہف

ابنِ عساکر نے نہال بن عمرو سے روایت کی ہے وہ کہتے ہیں کہ واللہ میں نے بچشمِ خود دیکھا کہ جب سرِ مبارک سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کو لوگ نیزے پر لیے جا رہے تھے اس وقت میں دمشق میں تھا کہ سر مبارک کے سامنے ایک شخص سورہ کہف پڑھ رہا تھا جب وہ اس آیت پر پہنچا۔ اِنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا۔ اصحاب کہف و رقیم ہماری نشانیوں میں سے تھے اس وقت سر مبارک کو قوتِ گویائی ملی اور بزبانِ فصیح فرمایا۔ اَعْجَبُ مِنْ اَصْحٰبِ الْكَهْفِ قَتْلِيْ وَحَمْلِيْ۔ اصحابِ کہف کے واقعہ سے میرا قتل اور میرے سر کو لیے پھرنا عجیب تر ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## قافلۂ اہلِ بیت دمشق کے قریب، یزید کے کفریہ اشعار، دارالاماۃ کی زیبائش

جب اسیرانِ اہلِ بیت مقامِ جیرون پر پہنچے جو دمشق سے کچھ نزدیک تھا تو قومِ اشقیاء نے ان کو یہاں ٹھہرالیا اور یزید کو اطلاع دی گئی تو اس نے اپنے دارالامارت کو سجانے اور ڈھول باجوں کے انتظام کرنے کا حکم دیا۔ چنانچہ دارالسلطنت دمشق کو سجایا گیا اور انواع واقسام کی زیبائش وآرائش سے مرصع کیا گیا۔ عورتیں، مرد لباسِ فاخرہ زیب تن کئے ہوئے تھے اور خوشی سے طبلے بجارہے تھے۔ یزید کے لیے بہترین زینت سے مرصع چارپائی بچھائی گئی اور اردگرد بہترین کرسیاں عمائدین کے لیے بچھائی گئی تھیں۔ گویا کہ یہ سب انتظام نواسہ سیدالابرار اور خاندانِ نبوت پر ظلم وستم وقتل کے بعد ظاہری فتح کی خوشی میں کیا گیا تھا۔ ہر طرف لوگوں کا ہجوم جمع تھا۔ اس حال میں پھر یزید نے اپنے محل کی چھت پر چڑھ کر مقامِ جیرون کی طرف نگاہ کی جب اس نے نیزوں کی نوکوں پر شہداء کے سرہائے مبارکہ دیکھے تو اس نے یہ شعر کہے۔ جس کو علامہ سید محمود آلوسی علیہ الرحمہ نے تفسیر روح المعانی میں بیان فرمایا ہے۔

لَمَّا بَدَتْ تِلْكَ الْحُمُوْلُ وَاشْرَفَتْ
تِلْكَ الرُّؤُوْسِ عَلٰى رَبِّيْ جَيْرُوْنَ

جب سواریاں ظاہر ہوئیں اور سرہائے مبارکہ شہدائے کربلا مقام جیرون کے ٹیلوں پر نمودار ہوئے۔

لَعَبِ الْغُرَابُ فَقُلْتُ صَحَّ اَوْلَا تَصَحَّ
فَلَقَدْ قَضَيْتُ مِنَ الرَّسُوْلِ دُيُوْنِيْ

(تاریخ کربلا)

تو کوے نے کائیں کائیں کی میں نے اس سے کہا تو بول یا نہ بول میں نے رسول ﷺ سے اپنے قرضے چکالیے ہیں۔

ان اشعارِ کفریہ پر ہی علمائے اکابرین نے اس پر کفر کا فتویٰ دیا ہے اور اس کے متعلق تفصیلات آپ یزید پلید کے باب میں ملاحظہ کرسکتے ہیں۔

## امام حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک پیش ہونے پر یزید کے کلماتِ کفریہ

تمام انتظامات مکمل ہونے کے بعد یزید نے مقامِ جیرون میں پیغام بھیج دیا کہ سرہائے مبارکہ اور اسیرانِ اہلِ بیت کو دارالسلطنت میں لایا جائے۔ حکم کے ملنے پر اہلِ بیت اور سرہائے مبارکہ کو دمشق میں داخل ہوتے ہی ان کو سیدھے دارالسلطنت میں لایا گیا۔ امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کے سر مبارک کو ایک طشت میں اور دوسرے شہداء کے سر دوسرے طشت میں یزید کے سامنے پیش کیے گئے۔ اور اہلِ بیت کو ایک کمرہ میں ٹھہرادیا گیا۔ جب امام عالی مقام کا سرِ اقدس یزید کے سامنے پیش کیا گیا تو اس نے یہ شعر کہے۔

لَيْتَ اَشْيَاخِيْ بِبَدْرٍ شُهِدَوا
جَزْعُ الْخَزْرَجِ من وَقع الأَسل
قَدْقَتَلْنَا الْقَوْمُ مِنْ سَادَاتِهِم
ثُمَّ قَالُوْا يَايَزِيْد لَاتَشل

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

لَسْتَ مِنِ خَندَقٍ اَن لَهمُ اِنْتقمُ
مِن نبی اَحْمَدَ مَاكَانَ فَصل

لَعَبت بَنی هَاشِم بِالْملك فَلَا
خَبَرَجَاء وَلَا وَحِیَ نَزَل

ترجمہ: کاش میرے بدر والے وہ اشخاص جنہوں نے تیر کھا کر بنی خزرج کی جزع فزع اور اضطراب کو دیکھا تھا آج موجود ہوتے۔ اور دیکھتے کہ ہم نے تمہارے سرداروں میں سے بڑے سردار (یعنی امامِ حسین رضی اللہ عنہ) کو قتل کر کے بدر والی کجی کو سیدھا کر دیا ہے۔ اس وقت وہ خوشی کے مارے ضرور با آواز بلند پکار کر کہتے کہ اے یزید تیرے ہاتھ شل نہ ہوں۔

میں اولادِ خندف سے نہیں ہوں۔ اگر اولادِ احمد سے ان کے کیے کا بدلہ نہ لے لوں۔ بنی ہاشم نے تو ملک گیری کے لیے ایک ڈھونگ رچایا تھا۔ ورنہ نہ کوئی خبر آسمانی آئی تھی اور نہ کوئی وحی نازل ہوئی تھی۔ معاذ اللہ معاذ اللہ۔

ان مذکورہ بالا اشعارِ یزیدی پر ہی علمائے اکابرین نے یزید پلید پر کفر کا فتویٰ دیا اور فرمایا ہے جس نے صاف الفاظ میں کہا کہ میں نے بدر والی کجی کا آج بدلہ لیا ہے هٰذَا هُوَالْمَرْوُقُ مِنَ الدِّیْنَ وَقَوْلُ مَنْ لَایَرْجِعُ اِلَی اللهِ وَلَا اِلٰی دِیْنِهٖ وَلَا اِلٰی كِتَابِهٖ وَلَا اِلٰی رَسُوْلِهٖ وَلَا یُؤْمِنُ بِاللهِ وَلَا بِمَا جَاءَ مِنْ عِنْدِاللهِ۔ یہ کھلم کھلا دین اسلام سے خروج ہے۔ اور ایسے شخص کا قول ہے جو خدا اور اس کے رسول اور دین اور اللہ کے کلام کتاب اللہ پر ایمان نہیں رکھتا۔ (کذا فی تفسیر روح المعانی للآلوسی ج ۲۹ ص ۷۲)

## یزید کا سرِ اقدس امام کی بے ادبی کرنا

پھر یزید پلید لعین نے سرکار سید الشہداء امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہونٹوں مبارک پر چھڑی رکھ کر کہا ہاں یہ ہے حسین رضی اللہ عنہ اس گستاخانہ حرکت کو دربارِ یزید میں ایک صحابی رسول ابو برزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہاں موجود تھے دیکھ کر فرمایا:

يَايَزِيد اِتَنكت بقضيبك ثغر الْحَسَين ابْن فَاطِمَة اَشْهَدُ لَقَدْ رَأَيتُ النَّبِي صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَرْشُفُ ثَنَايَا وَثَنَايَا اَخِيْهِ الْحَسَنَ وَيَقُوْلُ اَنْتُمَا سَيِّدَاشَبَابَ اَهْلَ الْجَنَّةِ فَقَتَلَ اللهُ قَاتِلَهٗ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ جَهَنَّمَ وَسَاءَتْ مَصِيرًا۔

اے یزید پلید: تم چھڑی سے سیدنا حسین ابن علی و فاطمہ رضی اللہ عنہم کے لب مبارک کی بے ادبی کرتے ہو۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان کے اور ان کے بھائی امامِ حسن رضی اللہ عنہ کے لبِ اقدس پر بوسہ دیتے ہوئے دیکھا ہے اور یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ یہ دونوں جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں۔ خدا تمہارے قاتل کو قتل کرے اور لعنت کرے اور جہنم کے ذلیل عذاب میں ڈالے۔

حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ کے اس کلامِ حق کو سن کر یزید نے اپنے دربار سے نکالنے کو کہا تو اس کے حواریوں نے انہیں کھینچ کر باہر نکال دیا۔ (حیات، صواعق)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## زحر بن قیس یزیدی کا واقعۂ کربلا کو مسخ کر کے بیان کرنا

اس کے بعد یزید پلید کو عبید اللہ ابن زیاد کے مقرر کردہ زحر بن قیس نے واقعۂ کربلا میں جو کچھ ہوا اور جس طرح ہوا اس کو بالکل مسخ کر کے بیان کیا اور کہا اے امیر یزید یہ حسین رضی اللہ عنہ اور اس کے کچھ ساتھی جو سو افراد پر مشتمل تھے اور اس کے اپنے خاندان کے اٹھارہ افراد کربلا میں آ گئے تو ہم نے ان سے کہا کہ دو باتوں میں سے ایک بات مان لیں۔ یا تو بلا مشروط طریقہ سے اپنے آپ کو عبید اللہ ابن زیاد کے حوالہ کر دیں یا پھر جنگ کے لیے تیار ہو جائیں تو انہوں نے جنگ کو اختیار کیا۔ پھر ہم نے ان کو چاروں طرف سے گھیر لیا اور خوب حملے کیے یہ ادھر ادھر بھاگتے پھرتے تھے مگر یہ بچ نہ سکے۔ پھر آن کی آن میں ہم نے ان کو ذبح کر دیا۔ سر ان کے کچھ لے آئے ہیں اور جسم ان کے وہاں پڑے ہوئے ہیں۔ (حیات)

واقعات کو بالکل مسخ کر کے یزید پلید کے سامنے اس طرح پیش کیا گیا کہ حسینی سپاہ کے عدیم النظیر کارناموں پر پردہ ڈالا اور اپنی دلیری کے افسانے بیان کر کے اصل حقائق کو بالکل مسخ کر کے رکھ دیا لیکن واقعۂ کربلا میں جو کچھ ہوا وہ اصل حقائق کی روشنی میں نہ اب تک کسی کی کوشش سے مٹ سکا ہے اور نہ قیامت تک مٹ سکے گا جیسا کہ کتاب کے اول دیباچہ میں بیان کیا جا چکا ہے۔

## واقعۂ کربلا کا حقیقی معیار

اگر یہ کہا جائے کہ یہ واقعۂ کربلا محض ایک تاریخی ریسرچ ہے اس کا عقیدہ اور مذہب سے کچھ تعلق نہیں۔ بالکل غلط ہے کیونکہ اول تو اسلامی نقطہ نظر سے تاریخ برائے تاریخ کوئی اہمیت ہی نہیں رکھتی۔ قرآن نے خود تاریخ کا ایک ایسا باب قائم کر دیا ہے کہ کئی مقامات پر بادشاہوں اور سلاطین اور انبیاء مرسلین علیہم الصلوٰۃ والسلام اجمعین اور مختلف قوموں اور امتوں کے واقعات اور بعض تو نہایت تفصیل سے بیان کئے ہیں اور پھر بار بار مختلف مقامات پر رونما واقعات کو بیان فرمایا ہے۔ واقعۂ حضرات اصحابِ کہف اور واقعۂ حضرت یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام اور واقعۂ حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اور واقعۂ حضرت خضر علیہ السلام اور واقعہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور اسی طرح حضرت ذوالقرنین اور اسی طرح فرعون ظالم اور اسی طرح ان کے گھر والوں کے حالات تو یہ تاریخ برائے تاریخ نہیں بلکہ ایک عظیم مقصد ہے جیسے اَحْسَنَ الْقَصَصِ تمام قصوں سے بہترین قصہ حضرت یوسف علیہ السلام کے واقعہ کو فرمایا گیا اور اصحابِ کہف کے واقعہ کو مِنْ اٰیٰتِنَا عَجَبًا فرمایا گیا ہماری نشانیوں میں سے عجیب نشانی ہے اور عِبْرَةً لِّاُولِی الْاَلْبَابِ اور اُولِی الْاَبْصَارِ اور فَانْظُرْ وَكَيْفَ عَاقِبَةُ بھی فرمایا گیا۔ اسی طرح صالحین کی تعریف اور ان کے اذکار اور ذکر کرنے کے حکم وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرَاهِيْمَ، وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰى، وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ، وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ، وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ۔ اور اسی طرح برے عقائد و اعمال و افعال و گستاخ قوموں کی ہلاکت کے احوال بیان فرمائے۔

الحاصل برے عقائد و اعمال کی وجہ سے قوموں کی ہلاکت اور درست افکار و عقائد کی بنا پر قوموں کی کامیابی کے واقعات بیان کرنا ہی اصل تاریخ ہے۔ اور اگر یہ چیز نہ ہو تو وہ تاریخ تاریخ نہیں بلکہ قصہ گوئی یا افسانہ نگاری یا رنگین سازی یا فلم سازی ہے جس کی شرعاً کوئی اہمیت نہیں۔ عقیدہ و مذہب سے الگ ہو کر دوسرے لفظوں میں کتاب و سنت سے علیحدہ ہو کر تاریخی مواد جمع کر لینا تاریخ نہیں۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

آج کل دنیا میں اکثر ایسے لوگ ہیں جو ذہن میں کچھ تاریخی نظریات پہلے سے قائم کیے ہوئے ہیں جن کے لیے مواد کی ضرورت ہوتی ہے تو وہ تاریخی ٹکڑوں کو جمع کر لیتے ہیں۔تو پھر وہ تاریخ سے نظریات کو اخذ کرنے کی بجائے نظریات سے تاریخ اخذ کرنے کے عادی ہو جاتے ہیں پھر ان کو اپنے نظریات کے موافق پا کر اس کو تاریخی ریسرچ کہہ دیتے ہیں۔یہ کوئی عجیب بات نہیں۔لَهُمْ قُلُوبٌ لَا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَا يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لَا يَسْمَعُونَ بِهَا أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ۔(اعراف:۱۷۹) وہ دل رکھتے ہیں جن میں سمجھ نہیں اور وہ آنکھیں رکھتے ہیں جن سے دیکھتے نہیں اور وہ کان جن سے سنتے نہیں وہ چوپایوں کی طرح ہیں۔بلکہ ان سے بڑھ کر گمراہ۔

ہر دور کے بلند خیالوں سے پوچھ لو
انسانیت کے نام پر کیا کر گئے حسین
انسان کو بیدار تو ہو لینے دو
ہر قوم پکارے گی ہمارے ہیں حسین

اس لیے اس کا نام تاریخی ریسرچ نہیں بلکہ نظریاتی ریسرچ ہونا چاہیے۔اور یقیناً جیسے آج کل کتاب وسنت کو بھی نظریات میں استعمال کرنے کے بعض لوگ عادی ہو چکے ہیں۔اور شریعت کا نام لے کر کام نکال لیتے ہیں کیونکہ کوئی نہ کوئی روایت انہیں اپنے موافق مطلب ہاتھ آ ہی جاتی ہے۔جسے موقع ومحل سے ہٹا کر کام میں لے آیا جائے تو کام نکل جاتا ہے۔اس لیے ان روایات سے کام نکال لینا اپنے نظریات مقصد کے لیے یہ تاریخی یا شرعی ریسرچ نہیں۔

تاریخی ریسرچ کے معنے درحقیقت مختلف تاریخی روایات کو اپنے محل پر ظاہر کر کے واقعہ کی اصل قدرِ مشترک کا سراغ لگانا اور مؤرخ کے اصل رخ کو نظر انداز کیے بغیر اصل واقعہ کو نمایاں کرنا ہے نہ کہ اس سے ہٹ کر تاریخی ٹکڑوں کا اپنے ذہنی نظریات سے جوڑ گٹھ لگانا ہے۔پس جس طرح شرعی ریسرچ کے معنے اس کے سوا دوسرے نہیں کہ کتاب وسنت کی مراد کے دائرہ میں رہ کر اس کے چھپے ہوئے گوشوں کو کھولا جائے اور مختلف نصوص اور آیات وروایات کو اسی مراد کے مختلف پہلوؤں سے وابستہ کر کے ان پر چسپاں کر دیا جائے اسی طرح تاریخی ریسرچ کے معنے بھی یہی ہو سکتے ہیں۔اس لیے ایسے لوگوں نے اپنے نظریات کے مطابق تاریخی ٹکڑوں کو لے کر اپنی تائید میں استعمال کرنا شروع کر دیا ہے۔دنیا میں ہزاروں تاریخیں لکھی گئی ہیں اور سبھی نے اپنی اغراض کے موافق راستے نکال لیے ہیں۔

لہٰذا ضرورت اس بات کی ہے کہ تاریخی پہلو سے زیادہ اسے مذہبی نقطہ نگاہ سے دیکھا جائے اور مذہب وعقیدہ واضح کر کے اس کے معیار سے اس تاریخ کو رد یا قبول کیا جائے یہ تاریخ ہی درحقیقت ایک عقیدہ کی تاریخ ہے اور اس کا ذکر قدرتی طور پر عقیدہ کا ہی ذکر ہوگا اس لیے عقیدہ سے متعلق تاریخ عقیدہ کے عین مطابق ہونی چاہیے۔اگر تاریخ عقیدہ کے موافق ہے تو وہ اس کی تاریخ اور اس کی تائید ہے اور اس کی تائید سے روکا جانا کوئی عقلی اصول نہیں اور اگر تاریخ عقیدہ کے خلاف ہے تو وہ عقیدہ کی تاریخ نہیں بلکہ اس کی تردید ہے تو اس صورت میں عقیدہ کی صفائی پیش کر کے اس کی مخالف تاریخ کو رد کرنا کوئی بے موقعہ کام نہیں ہوگا۔خلاصہ یہ ہوا کہ عقیدہ وتاریخ میں تقابل کے وقت عقیدہ کو اصل رکھا جائے گا اور تاریخ اس کے تابع ہوگی دینی معاملات میں عقیدہ سے تاریخ اخذ کی جائے گی تاریخ سے عقیدہ نہیں بنایا جائے گا اس کی وجہ یہ ہے کہ عقیدہ اللہ تعالیٰ سبحانہٗ اور اس کے پیارے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خبر سے بنتا ہے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اور اس سے متعلقہ واقعہ کی بنیادیں بھی اللہ ورسول ہی کے کلام میں مندرجہ ہوتی ہیں یا ان سے مستفاد ہوتی ہیں۔اور دونوں صورتوں میں وہ نصوصِ قطعی کے حکم میں ہوتی ہیں جب کہ عقیدہ کے مطابق ہوں۔اس لیے عقیدہ کو تاریخ کے تابع بنا دینے کا مطلب یہ ہوگا کہ معاذ اللہ خدا اور رسول لوگوں کے تابع ہو جائیں۔پس عقیدہ تاریخ کے تابع نہیں بلکہ تاریخ کو عقیدہ کی پابندی کرنی پڑے گی۔ورنہ اگر عقائد کے قبول کرنے یا رد کرنے کے لیے تاریخ کو معیار قرار دیا جائے تو وہ عقائد نہیں بلکہ اپنے نظریاتی فلسفے ہیں جیسا کہ ہو رہا ہے یہ مذہب ومسلک نہیں بلکہ اختیاری نظریہ ہے جو نہ قابلِ اتباع ہے اور نہ ہی ان سے فلاح حاصل ہو سکتی ہے لہذا عقیدہ کے خلاف تاریخ نہیں ہوگی تاریخ وہ قبول ہوگی جس کا عقیدہ سے تعلق ہے اسی طرح سرکار سید الشہداء سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ اور یزید بن معاویہ سے متعلقہ عقیدہ سے چونکہ واقعاتِ کی ایک تاریخ وابستہ ہے اور اس تاریخ کا ذکر ہی عقیدہ کا ذکر ہے اس لیے نہ تو ان معاملات کے تاریخی ریسرچ کے وقت عقیدہ سے قطع نظر کی جا سکتی ہے اور نہ ہی تاریخ کو عقیدہ سے الگ کر کے محض تاریخ کے نقطہ نظر سے دیکھا جائے گا بلکہ عقیدہ کے معیار سے اس کا فیصلہ کیا جائے گا۔نظریات بگڑتے تباہ ہوتے آئے ہیں لیکن عقیدہ ومذہب کی عمارت منہدم نہیں ہو سکتی اور لوگوں کی جب نظریاتی عمارتیں گرنے لگتی ہیں تو پھر وہ آخر اس پائیدار عمارت عقیدہ میں ہی پناہ لیتے ہیں۔پس سیدنا امام حسین کی مدح اور یزید کی قدح واقعاتِ کربلا عقیدہ کی روح سے تسلیم کیا گیا ہے نہ کہ نظریات سے کتاب کے اول سے لے کر آخر تک ہر چیز کو قرآن و سنت یعنی اللہ اور اس کے رسول کے مطابق پیش کیا گیا ہے یعنی عقیدہ کے تابع۔

رہا واقعاتِ کربلا کی صحت وسقم کا معیار تو اس کو بھی حقیقت میں پرکھا جائے گا صرف یہ کہہ دینا کہ گھنٹہ جنگ ہوئی پس پھر ختم ہوگئی بالکل غلط ہے اور نتیجہ وہی مایوس کن نکلے گا بلکہ واقعات کربلا کی صحت یا عدم صحت معلوم کرنے کا میزان محقق علماء کی تحقیق سے لیا جائے گا اور پھر اس تحقیق کو محققین کے بیانات سے معلوم کرنا ہوگا کہ آیا یہ بات صحیح ہے یا کہ غلط۔جب یہ معلوم ہو جائے گا تو اسی کو عقیدہ سمجھا جائے جو محققین نے بیان کیا ہے اس لیے اس کتاب میں ان تمام واقعات کی تردید کی گئی ہے جو علما محققین سے ثابت نہیں اور ان کو بیان کیا گیا ہے جس کو محققین نے بیان کیا اور پھر اس واقعہ حال پر اتفاق ہوا۔

ابتداء ہی سے اس واقعہ کربلا کو مسخ کرنے کی کوشش کی گئی جیسا کہ زحر بن قیس کی رپورٹ سے واضح ہوتا ہے تو عجب نہیں کہ آج کل بھی اس واقعہ کو محض تاریخی یا شیعی یا ابومخنف روایات کہہ کر اپنا کام نکال لیا جائے لیکن خواہ زمانہ کروڑوں کروٹیں بدلے، لیل ونہار لاکھوں بار گردش کریں، انقلاب ہزاروں بار کوشش کرے، آفتاب وماہتاب سینکڑوں بار طلوع وغروب ہوں۔مگر کیا مجال کہ نواسۂ سید الکونین سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ اور آل واصحاب کے ساتھ جو کچھ ہوا اور انہوں نے اسلام کو زندہ رکھنے کی خاطر جس طرح قربانیاں پیش کیں اور یزید نے جو ظلم وستم کیے۔یزیدی خواہ کتنی بھی کوشش کریں ان حقائق کو مسخ نہیں کر سکتے اور اس بدنما داغ کو اپنی پیشانی سے نہیں دھو سکتے۔

کیا یہ بھی کوئی عقیدہ ومذہب ہے کہ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ جیسے جلیل القدر صحابی جن کی شان قرآن وحدیث سے ثابت ہے جو راکبِ روشِ نبوت ہیں جو پوری امت کے لیے نجومِ ہدایت ہیں ان کی شان میں زبان درازی کی جائے۔اور یزید پلید جس کی پیشانی پر اہلِ بیتِ نبوت کی بے حرمتی کا بدنما داغ ہے محققین محدثین، مفسرین، اکابرینِ امت جس کی شقاوت کی صراحت کرتے چلے آئے ہیں ان تمام حقائق سے روگردانی کر کے اس ظالم کی تعریف میں رطب اللسان ہونا کیا یہی ایمان ہے؟ نہیں نہیں یہ بدترین گمراہی ہے۔

کاش یہ لوگ اور کچھ نہیں کر سکتے تھے تو کم از کم اہلِ بیت کے ادب واحترام کو ہی ملحوظِ خاطر رکھتے۔مگر انہیں یہ توفیق کہاں میسر الٹا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اہلِ بیتِ اطہار کی محبت کا دم بھرنے والوں پر کیچڑ اچھالا جاتا ہے اگر کوئی دیوانہ اپنی زبان وقلم کو ذکرِ اہلِ بیت سے معطر کرے تو اس پر شیعیت کا الزام لگا دیا جاتا ہے۔امام شافعی علیہ الرحمۃ کو بھی محبتِ اہلِ بیت کی بنا پر رفض کا مطعنہ دیا۔جس پر آپ نے بیانگِ دہل یہ اعلان فرمایا:

اِنْ کَانَ رِفْضًا حُبُّ آلِ مُحَمَّدٍ۔فَلْیَشْهَدَ الثَّقَلَانِ اِنِّیْ رَافِضٌ۔

اس عظیم سانحہ کو محض دو بادشاہوں کی جنگ قرار دینا انتہائی بددیانتی اور دین ومذہب سے دوری کی دلیل ہے۔کیا یہی دینداری ہے کہ سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ بے سروسامانی کے عالم میں اعلائے کلمۃ الحق کی خاطر ایک فرعونِ وقت سے ٹکر لے کر تاریخِ عالم کے صفحات پر ایمان وایقان کی ایک لازوال داستان رقم کر جائیں، اس عظیم کارنامہ پر محض یہ کہہ کر پانی پھیرنے کی ناکام کوشش کی جائے کہ یہ تو دو بادشاہوں کی اقتدار کی خاطر جنگ تھی۔نہیں نہیں! یہ ایمان نہیں اسے سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی عداوت کا نتیجہ تو کہا جاسکتا ہے مگر ایمان واسلام سے تعبیر نہیں کیا جاسکتا۔

یہ حق وباطل کی جنگ تھی۔کفر واسلام کی جنگ تھی۔الحاد وایمان کی جنگ تھی۔امامِ عالی مقام نواسۂ بانی اسلام حکم ربانی جانتے تھے کہ اگر طاقت کا مقابلہ طاقت سے ہوا اور غالب بھی آ گئے تو یہی کہا جائے گا کہ دو بادشاہ لڑے تھے ایک غالب آ گیا اس طرح یزید تو مغلوب ہو جائے گا مگر یزیدیت کو شکست نہیں ہوگی مگر امامِ حسین رضی اللہ عنہ یزیدیت کا قلع قمع کرنا چاہتے تھے اس لیے انہوں نے حق کی طاقت سے مسلح ہو کر بے سروسامانی کی حالت میں یزید جیسے فرعونِ وقت سے ٹکر لے لی اور اس طرح حق وحقیقت کی طاقت نے قصرِ یزیدیت کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔اور اہلِ دنیا پر ظاہر کر دیا کہ یہ دو بادشاہوں کی جنگ نہ تھی بلکہ حق وباطل کا معرکہ تھا۔بانیٔ اسلام کے جگر گوشہ اسلام کی مزاج شناسی میں وحید عصر اور سچا غمخوار کیونکر اس کی بیعت کرتا جو اسلام کے منافی کام کر رہا تھا کہ سب مصائب وآلام برداشت کیے۔ظلم کے پہاڑ ٹوٹے۔چھوٹے بڑے قربان کر دیے۔آخر دم تک ثابت قدم رہتے ہوئے یزید کے جرائم کو خاک میں ملا دیا اور اسلام کو زندہ وجاوید بنا دیا۔حلال وحرام کے درمیان ابدی خطِ امتیاز کھینچ دیا۔جائز وناجائز کے حدود کو مضبوط کر دیا۔اسلامی اصولِ اقدار کو پائیدار بنا دیا اور عامۃ المسلمین کو خوابِ غفلت سے بیدار کر دیا۔لوگوں کو ظالم سے نفرت اور مظلوم کی ہمدردی وحمایت پر وارد کر دیا۔اس طرح کفر والحاد کو ہمیشہ کے لیے سرنگوں کر کے پرچمِ اسلام کو ابدالآباد تک کے لیے بلند وبالا کر دیا۔آج تک جہاں جہاں اسلام اور مسلمان موجود ہیں یہ سب صدقہ ہے سرکار سید الشہداء رضی اللہ عنہ کی اس بے مثال ایثار وقربانی کا۔علامہ ڈاکٹر محمد اقبال فرماتے ہیں:

بہرِ حق درخاک وخون غلطیدہ است
پس بنائے لاالٰہ گردیدہ است

خواجہ سلطان الاولیاء محمد معین الدین چشتی اجمیری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

شاہ است حسین بادشاہ است حسین
دین است حسین دینِ پناہ است حسین
سرداد نہ داد دست دردستِ یزید
حقا کہ بنائے لاالہ است حسین

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اگر یہ قوم اس پر غور نہیں کرتی کہ مقامِ حسین رضی اللہ عنہ کیا ہے تو اس کی بدنصیبی ہے اور اگر تھوڑا سا غور کرے تو جان جائے اسی میں نجات ہے۔

اب اس کے یہ معنے نہیں کہ صرف ذکرِ شہادت سے چند آنسو نکالنے ہی کافی ہیں بلکہ اس مقصد کو لیا جائے جس کی خاطر سرکار امامِ عالیمقام رضی اللہ عنہ نے اتنی عظیم قربانی دی۔ روحانیت و مادیت کا تصادم اور روحانیت کا غلبہ، صداقتِ اسلام کی ناقابلِ انکار دلیل، حریتِ فکر کی آبیاری، ثبات و استقلال کی تلقیں، شجاعت و شہامت کے بے نظیر نمونے، عزتِ نفس کی بلند تعلیم، تنظیم و محکم یقین اور عملِ پیہم کی تلقین، صبر و رضا کی بے مثال عملی تعلیم، پایۂ استقامت، مواسات و ایثار کے شاندار نمونے، ہر قسم کی قربانی دینے کا درسِ عظیم، انسانی ہمدردی اور حسنِ معاشرت کا بہترین نمونہ، ادائیگی فرض اور عبادتِ خداوندی اور سنتِ مصطفوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بجا آوری کا عدیم المثال نمونہ، غیرت و حیا کا نمونہ، ایمان و عقائد و مذہب کی ثابت قدمی کا نمونہ:

انسان کو بیدار تو ہو لینے دو
ہر قوم پکارے گی ہمارے ہیں حسین

اور پھر رہا یہ کہنا کہ علامہ اقبال نے کہا ہے:

ذرا سی بات تھی اندیشۂ عجم نے اسے
بڑھا دیا ہے فقط زیبِ داستان کے لیے

یہ بھی غلط ہے۔ کیا ڈاکٹر علامہ محمد اقبال علیہ الرحمہ سیالکوٹ ترجمانِ حقیقت نے اس میں واقعۂ کربلا کے متعلق ایسا کہا ہے نہیں بلکہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بعد یزید کی سلطنت اور ولیعہدی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ہے۔ ڈوبتے کو تنکے کا سہارا اور کچھ نہ ہوا تو اس شعر سے واقعۂ کربلا کو معمولی ثابت کرنے کی کوشش کر دی۔ کس قدر ظلم پر ظلم ایک بانیٔ اسلام کے نواسہ کے ساتھ۔ دوسرا مفکرِ اسلام ڈاکٹر علامہ سر محمد اقبال کے ساتھ۔ علامہ مرحوم تو واقعۂ کربلا کے متعلق فرماتے ہیں:

اسلام کے دامن میں بس اس کے سوا کیا ہے
اک ضربِ یداللّٰہی اک سجدۂ شبیری

اب بتلایئے، ذرا سی بات اندیشۂ عجم نے اسے، کہاں گیا اور کہاں استعمال ہوا یہ اس بات پر اشارہ کر رہے ہے کہ خلافت ملوکیت میں بدل گئی اور پھر ملوکیت بھی وہ بدلی کہ یزید نے اس کا بھی جنازہ نکال دیا۔

یہی شیخِ حرم ہے جو چرا کے بیچ کھاتا ہے
گلیمِ بوذر و دلقِ اویس و چادرِ زہرا

علامہ مرحوم نے یہ نقشہ کھینچا ہے۔ جنہوں نے واقعۂ کربلا کو معمولی تاریخی ریسرچ نظریات پر قائم کیا:

یہ رسمِ خانقاہی ہے غم واندوہِ دلگیری
نکل کر خانقاہوں سے ادا کر رسمِ شبیری

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس درویش سیالکوٹی مرحوم نے فرنگیوں کے عشرت کدوں کو دیکھا اور جب وطن واپس آئے تو کہا:

خیرہ نہ کرسکا مجھے جلوۂ دانشِ فرنگ
سرمہ ہے میری آنکھ کا خاکِ مدینہ ونجف

دیکھا کیسا مقام بیان کردیا ہے پھر فرماتے ہیں:

رشتۂ آئینِ حق زنجیر پاست
پاسِ فرمانِ جنابِ مصطفیٰ است
ورنہ گردے تربتش گردیدمے
سجدہ ہابرخاک اوپا شیدمے

میرے پاؤں میں قانونِ خداوندی کی زنجیر نہ ہوتی اور غلامی مصطفیٰ علیہ التحیہ والثناء۔ کا پاس نہ ہوتا تو خاتونِ جنت سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کی قبر اطہر کا طواف کرتا اور سجدے کرتا۔

مریم از یک نسبتِ عیسیٰ عزیز
ازسہ نسبت حضرت زہرا عزیز
نورِچشم رحمۃ اللعالمین
آں امام اوّلین وآخرین
بانوے آں تاجدارِ ھل اَتیٰ
مرتضیٰ مشکلکشا شیرِ خدا

اورفرماتے ہیں:

بہرمحتاجے دلش آن گونہ سوخت
بایہودے چادرے خودرا فروخت
نوری وہم آتشی فرماں برش
گم رضائش دررضائے شوہرش
آں ادب پروردۂ صبرورضا
آسیا گردان ولب قرآن سرا
گریہ ہائے او زبالیں بے نیاز
گوہر افشاندے بدامان نماز
اشک او برچیدہ جبریل اززمین
ہچو شبنم ریخت برعرشِ بریں

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

پھر فرماتے ہیں:

سیرتِ فرزند ہا از امہات
جوہرِ صدق وصفا از امہات
مزرعِ تسلیم راحاصل بتول
مادراں رااسوۂ کامل بتول
ہوشیار ازدست برد روزگار
گیر فرزندان خود را درکنار
فطرت توجذبہ ہا دارد بلند
چشمِ ہوش ازاسوۂ زہرا مبند
تاحسینے شاخ توبار آورد
موسم پیشیں بگلزار آورد
اگر پندے زدرویشے پذیری
ہزاامت بیمرد تونہ میری آورد
بتولے باش پنہاں شوازیں عصر
کہ درآغوش شبیرے بگیری

اس کے آگے یزیدی سلطنت اور سرکارامام کے اقدامِ جہادوحق کی تفصیل بیان کرتے ہیں:

موسیٰ وفرعون وشبیر و یزید
ایں دو قوت ازحیات آیدپدید
زندہ حق از قوتِ شبیری است
باطل آخر داغِ حسرت میری است
چوں خلافت رشتہ از قرآن گسیخت
حریت را، زہر اندر کام ریخت
خاست آں سرجلوہ خیرالامم
چوں سحاب قبلہ باراں درقدم
برزمینِ کربلا بارید ورفت
لالہ در ویرانہ ہا کاریدو رفت
تاقیامت قطع استبداد کرد

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

موجِ خون اوچمن ایجاد کرد
بہرِ حق درخاک وخوں غلطیدہ است
پس بنائے لاالٰہ گردیدہ است
مدعایش سلطنت بودے اگر
خود نکردے باچنیں ساماں سفر
دشمناں چوں ریگ صحرالاتعد
دوستان اوبہ یزداں ھم عدد
سرابرھیم واسمٰعیل بود
یعنی آں اجمال را تفصیل بود
عزم اوچوں کوہساراں استوار
پائیدار وتند سیروکارمگار
تیغ بہرِعزت دین است وبس
مقصد اوحفظ آئین است وبس
ماسوا اللہ رامسلماں بندہ نیست
پیش فرعونے سرش افگندہ نیست
خوں اوتفسیرایں اسرار کرد
ملت خوابیدہ رابیدار کرد
تیغ لاچوں ازمیاں بیروں کشید
ازرگِ اربابِ باطل خوں کشید
نقش الا اللہ برصحرا نوشت
سطرِ عنوان نجات مانوشت
رمزِ قرآن ازحسین آموختیم
زآتش اوشعلہ ہا اندوختیم
شوکتِ شام فرِبغداد رفت
سطوتِ غرناطہ ہم ازیادرفت
تارما اززخمہ اش لرزاں ہنوز
تازہ از تکبیر اوایماں ہنوز

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اے صبا اے پیک دورافتادگاں
اشک مابر خاک پاک اورساں
قوتِ سلطان دمیدازلاالہ
ہیبتِ مردِ فقیر از لاالہ
فقرعریاں گرمی بدر وحنین
فقر عریاں بانگِ تکبیرِ حسین
آں امامِ عاشقاں پورِ بتول
سروآزادے زبستان رسول
اللہ اللہ بائے بسم اللہ پدر
معنیٔ ذبحِ عظیم آمد پسر
بہرآں شہزادۂ خیر الملل
دوشِ ختم المرسلین نعم الجمل

اب اپنے مدعا کی طرف آتا ہوں۔

## سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کا وہ خطبہ دربارِ یزید میں جس نے درودیوار ہلا دیے

اس کے بعد اسیرانِ نبوت کو دربارِ یزید میں لایا گیا۔ جب مخدراتِ عصمت وطہارت اس حال میں یزید کے سامنے آئیں تو سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کی نظر سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے چہرہ انور پر پڑی تو فرمایا یاحسیناہ یَا اِبْنِ فَاطِمَةَ الزَّهْرَا سَيِّدَةَ النِّسَاءِ بِنْتُ الْمُصْطَفٰی یہ کلمات سن کر کئی لوگ دربار یزید میں رو پڑے اور یزید خاموش بیٹھا رہا۔ پھر سیدہ زینب نے یزید کے دربار میں مندرجہ ذیل طرز کا خطبہ ارشاد فرمایا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَآلِهٖ اَجْمَعِيْنَ صَدَقَ اللّٰهُ كَذَالِكَ يَقُوْلُ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَاءَ السُّوْءَاٰنْ كَذَّبُوْا بِاٰيَاتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ۔

یایزید حیث اخذت علیها اقطار الارض وآفاق السماء فاصبحنا نساق کما تساق الاساری ان بنا هوانا علی الله وبك کرامة وان ذالك لعظم خطرك عنده شمخت بانفك ونظرت فی عطفك جذلان مسرورا حیث رایت الدنیا لك مستوثقة والامور منسقة وحین متالك ملکنا وسلطانا فمهلا مهلا انسیت قول الله تعالیٰ ولا یحسبن الذین کفروا انما نملی لهم خیرلّانفسهم انما نملی لهم لیزدادو اثما ولهم عذاب مهین۔ قدرافتك الدماء ذریتة محمد صلی الله علیه وآله ونجوم الارض من آل عبد المطلب وتهت باشیاخك زعمت انك تنادیهم ولترون وشیکا موردهم ولتوهن انك شلك وبکمت ولم تکن قلت ماقلت وفعلت مافعلت اللهم خذلنا بحقنا وانتقم ممن ظلمنا واحلل غقبك لمن سفك دمائنا وقتل حمائنا فوالله مافریت الاجلدك ولا خزت الالحمك ولترون علی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم بما تحملت من دماء ذریته وانتهك من حرمته فی عترته ولحمته حیث یجمع الله شملهم ویلم شعثهم دیا خذبحقهم ولا تحسبن الذین قتلوافی سبیل الله امراتا بل احیاء عند ربهم یرزقون وحسبك بالله حاکما ومحمد خصما وبجبریل ظهیرا وسیعلم من سول لك ومکنك من رقاب المسلمین بئس اللظالمین بدلا وایکم شر مکانا واضعت جندا اجرت علی الدواهی مخاطبتك انی لا ستصغر قدرك واستعظم تقریعك واستکثر قوبیخك لکن العیون عبری والصدور حری الاانالعجب کل العجب لقتل حزب الله النجبائی وبحزب الشیطان الطلقاء ولسن اتخذقنیا مغنما تجدنا مغرما حین لاتجد الاماقدمت یداك وما ربك بظلام اللعبید فالی الله المشتکی وعلیه المعول فکد کیدك واسع سعیك وفاصب جهدك فوالله لاتمحواذ کرنا ولاتمیت وحینا ولا تدرك امرنا ولا ترحض عنك عادها دهل رایك الافند وایامك الاعندا وجمعك الایدو۔یوم نیادی المنادی الالعنة الله علی الظالمین والحمدلله الذی ختم لاولنا بالسعادت والمغفرة ولاحرنا بالهشادة والرحمة ونسل الله ان یکمل لهم الثواب ویوحب المزید ویحسن علینا الاالخلافة انه رحیم دودو حبسنا الله ونعم الوکیل۔

سب خوبیاں اس اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے اور درود وسلام ہو اس کی اہلِ بیت پر۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد برحق ہے۔ان لوگوں کا برا انجام جو برابر برے کام کرتے رہے اور اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو جھٹلایا اور ان کے ساتھ تمسخر کیا تو نے اے یزید ہم پر زمین کے گوشے اور آسمان کے کنارے تنگ کر دیے اور ہمیں قیدیوں کی طرح لایا گیا اور یہ گمان کرتا ہے کہ ہم ذلیل اور تو جلیل ہے اور تو دیکھتا ہے اس کو کہ دنیا تجھ کو حاصل ہے اور تمام اسباب ہیں اور ہماری سلطنت تیرے قبضہ واقتدار میں ہے اس لیے تو ناک چڑھا کر اترا رہا ہے اور اس کام سے بڑا خوش ہے۔ٹھہر جا اور جلدی نہ کر کیا تو خدا کا یہ فرمان نہیں جانتا کہ کافر لوگ یہ گمان نہ کریں کہ ہم نے جو ان کو ڈھیل دے رکھی ہے یہ ان کے لیے بہتر ہے ہم تو محض اس لیے ان کو مہلت دیتے ہیں کہ وہ دل کھول کر گناہ زیادہ کر لیں ان کے لیے رسوا کرنے والا عذاب موجود ہے۔تو نے ہمارے زخم کو گہرا کر دیا اور ذریتِ رسول ﷺ اور عبدالمطلب کی اولاد میں سے ستارہائے زمین کے خونِ مقدس کو بہا کر ان کی جڑ کو اصل سے اکھیڑ دیا عنقریب تو اس کے انجام سے دوچار ہوگا اور انہی کے موڑ میں وارد ہوگا اس وقت تو اپنے رویہ کی بناء پر پسند کرے گا کہ کاش تیرے ہاتھ شل ہوتے۔اور جو کچھ کہا اور کیا ہے نہ کہتا نہ کرتا۔میری دعا ہے اے باری تعالیٰ ہمارا حق ہم کو دے اور ہم پر ظلم کرنے والوں سے انتقام لے اور جن لوگوں نے ہمارا خون بہایا ہے اور ہمارا ساتھ دینے والوں کو قتل کیا ہے۔ان پر اپنا قہر وغضب نازل فرما۔اے یزید اللہ کی قسم تو نے اپنا چمڑا کاٹا ہے اور اپنے ہی گوشت کے ٹکڑے کیے ہیں۔تو ذریت کے خون اور ان کی ذریت کی توہین کرنے کا بوجھ اٹھا کر عنقریب رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا جب کہ روزِ قیامت اللہ ان سب کو ایک جگہ جمع کرے گا اور ان کے دشمنوں سے انتقام لے گا۔جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید ہو گئے ہیں ان کے متعلق قرآن گواہ ہے کہ ان کے مردہ ہونے کا گمان بھی نہ کرو بلکہ وہ زندہ ہیں اور اپنے پروردگار کے ہاں رزق پاتے ہیں۔تیرے لیے اے یزید! اللہ تعالیٰ کا حاکم ہونا اور نبی کا دشمن ہونا اور جبریل کا تمہارے برخلاف ہمارا مددگار ہونا کافی ہے جن لوگوں نے تیرے لیے جگہ ہموار کی اور تجھے مسلمانوں کی گردنوں پر مسلط کیا ان کو معلوم ہو جائے گا کہ ظالموں کا کس قدر برا انجام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہے اور یہ بھی معلوم ہو جائے گا کہ کس کا انجام برا اور کون کمزور لشکر ہے۔ اے یزید! یہ بھی انقلابِ روزگار و حوادثاتِ زمانہ کا شاہکار ہے کہ میں تجھ سے خطاب کروں میں تیرے مقام کو اس سے کہیں پست تر اور تیری زجر و توبیخ کرنے کو سخت عظیم سمجھتی ہوں مگر کیا کروں۔ آنکھ روتی ہے اور سینہ پرسوز ہے۔ کس قدر تعجب کی بات ہے کہ شیطانی گروہ اور اولادِ طلقا نے خدا کے نجیب (چنے ہوئے) گروہ کو قتل کر دیا ہے۔ اے یزید! اگر تو ہماری ظاہری کمزوری کو اپنے لیے غنیمت سمجھ رہا ہے۔ کل فردائے قیامت تو اس بات کو تاوان سمجھے گا۔ جب تو سوائے اپنے ہاتھوں کے کرتوتوں کے کچھ نہ پائے گا اور خدا اپنے بندوں پر ہرگز ظلم نہیں فرماتا ہم بارگاہِ خداوندی میں ہی شکوہ کرتے ہیں اور اسی پر بھروسہ کرتے ہیں تو جس قدر جی چاہے مکر و فریب کر لے اور جس قدر چاہے تگ و تاگ کر لے اور جو کچھ کر سکتا ہے کر لے۔ اللہ تعالیٰ کی قسم تو ہرگز ہمارے ذکرِ جمیل کو نہیں مٹا سکتا اور نہ ہی ہمارے مقام کی بلندی کو چھو سکتا ہے اور نہ اپنے کرتوت کی عار کو دور کر سکتا ہے تیری رائے و کوشش کمزور اور یہ سلطنت چند گنتی کے دن۔ اور تیری جماعت پراگندہ وقت قریب ہے کہ جب ایک منادی کرنے والا نداء کرے گا۔ لعنت ہو ایسی قوم پر جس نے یہ ظلم و ستم کیا ہے۔ اس اللہ تعالیٰ کی تعریف و ثناء ہے جس نے ہمارے پہلے کا خاتمہ سعادت و مغفرت کے ساتھ اور آخری کا شہادت و رحمت کے ساتھ فرمایا ہم اس سے سوال کرتے ہیں کہ وہ ان کے اجر و ثواب کو مکمل فرمائے اور مزید اجر میں بلندیاں عطا فرمائے اور ہمیں ان کی صحیح جانشینی کرنے کی توفیق عطا فرمائے وہ بڑا مہربان اور محبت کرنے والا ہے وہی ہمارے لیے کافی اور وہی ہمارا کارساز ہے۔ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ (حیات ج ۲ ص ۳۶۰)

سیدنا زینب کے اس خطبہ سے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جیسے سب کو سانپ سونگھ گیا ہے۔ تمام یزیدی خاموش بیٹھے رہے اور کسی کو بات کرنے کی جرأت نہ ہو سکی سیدہ نے حق و صداقت اور حق گوئی کا حق ادا کر کے اسلام کی ناقابلِ فراموش خدمت سرانجام دی جس کی نظیر نہیں مل سکتی۔ شیرِ خدا کی شہزادی نے ماضی و حال اور مستقبل کے وہ نقشے کھینچ کر رکھ دیے کہ یزیدی ایوانِ حکومت کے در و دیوار ہلا کر رکھ دیے۔

## اسیرانِ آلِ رسول ﷺ کے متعلق یزید کا حواریوں سے مشورہ اور امام زین العابدین رضی اللہ عنہ

اس کے بعد یزید پلید نے اپنے تمام درباریوں سے اسیرانِ آلِ رسول کے متعلق مشورے لیے کہ بتاؤ اب ان کا کیا جائے۔ آیا ان سب کو قتل کر دیا جائے یا قید میں رکھیں یا رہا کر دیا جائے اس کے حواریوں نے اس کو طرح طرح کے مشورے دیے اکثر نے رائے یہ دی کہ ان سب کو قتل کر دیا جائے۔ سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اے یزید! لَقَدْ اَشَارَ عَلَيْكَ هٰؤُلَاءِ بِخِلَافِ مَا اَشَارَ بِهٖ جُلَسَاءُ فِرْعَوْنَ عَلَيْهِ حِيْنَ شَاوَرَهُمْ فِيْ مُوْسٰى وَهَارُوْنَ فَاِنَّهُمْ قَالُوْا لَهٗ اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَلَا تَقْتُلْ۔ تیرے درباریوں نے تجھے یہ مشورہ دیا ہے کہ جو فرعون کے درباریوں نے بھی نہیں دیا تھا۔ اس نے حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام و حضرت ہارون علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق دریافت کیا تھا کہ مجھے ان سے کیا کرنا چاہیے تو اس کے درباریوں نے اس سے کہا کہ ان کو قید کر ڈالو۔ لیکن یہ تو اس سے بھی بدتر ثابت ہوئے جو اسیرانِ آلِ رسول ﷺ کے قتل کرنے کا تجھ کو مشورہ دے رہے ہیں۔ (حیات)

## حضرت نعمان بن بشیر کی رائے

حضرت نعمان بن بشیر ایک صحابیِ رسول نے کھڑے ہو کر کہا اے یزید! میں تجھ کو ایک مشورہ دیتا ہوں اگر تم اُس کو مان جاؤ تو تمہارے لیے بہتر ہے وہ یہ کہ اسیرانِ آلِ رسول کے ساتھ وہ سلوک کرو جو رسول اللہ ﷺ نے ان کے ساتھ کیا۔ مَا كَانَ الرَّسُوْلُ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

یَضَعُ بِهِمْ فَاصْنَعْهُ بِهِمْ۔ جو سلوک سرورِ کون ومکان ان کے ساتھ کیا کرتے تھے وہ تم کرو۔ (ایضاً)

یزید نے جب یہ مشورہ صرف نعمان بن بشیر کی زبانی سنا تو اس نے اس مشورہ کو سب پر ترجیح دیتے ہوئے قبول کرلیا اور کہا مجھے یہ بات پسند آ گئی ہے اور اسی طرح کروں گا۔ اس کی اصل وجہ یہ تھی کہ نعمان بن بشیر نے یزید کو واضح کر دیا کہ جو کچھ کربلا میں اور کربلا سے کوفہ اور دمشق تک اسیرانِ آلِ رسول کے ساتھ کیا گیا۔ اس سے کثرت رائے عوام الناس تیرے مخالف ہو چکی ہے اور اب مزید اقدامات تیرے لیے تباہی حکومت کا سبب بن جائے گا لہذا ان کو رہا کر دینا بہتر ہے۔ اور کچھ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کی تقریر نے آئندہ ہونے والے واقعات پر روشنی ڈال دی۔

## مقام قیام اسیرانِ آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پھر یزید نے حکم دیا کہ آلِ رسول کو محل کے ایک کمرے میں لے جاؤ اور پھر ان کی رہائی کا حکم دیں گے۔ چنانچہ پھر آلِ رسول کو ایک کمرہ میں رکھا گیا۔

## دربارِ یزید میں سرِ اقدس اور ایک رومی سفیر نصرانی کی حیرانگی

جب سرکار سید الشہداء امام حسین رضی اللہ عنہ کا سرِ اقدس رکھا ہوا تھا تو یزید کے پاس ایک رومی سفیر نصرانی بھی آیا اس نے یزید سے کہا مَنْ هٰذِهِ الرَّاسُ۔ یہ سر کس کا ہے تو یزید نے کہا هٰذَا رَاسُ الْحُسَيْنِ ابْنِ عَلِّي اَبِيْ طَالِبٍ۔ یہ سر حسین ابنِ علی (رضی اللہ عنہ) ابنِ ابی طالب رضی اللہ عنہ کا ہے۔ نصرانی رومی سفیر نے کہا اس کی ماں کا کیا نام ہے۔ یزید نے کہا فَاطِمَةُ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ۔ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی فاطمہ کے بیٹے ہیں۔

رومی سفیر نصرانی کا یہ سننا تھا کہ وہ حیران رہ گیا اور کہنے لگا اُفٍّ لَّكُمْ تَقْتُلُوْنَ اِبْنَ بِنْتِ نَبِيِّكُمْ وَمَا بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ نَبِيِّكُمْ اِلَّا اُمٍّ وَاحِدَةٍ۔ اف تمہارے اس قتل کرنے پر تم اپنے نبی کی بیٹی کے بیٹے کو قتل کرتے ہو حالانکہ تمہارے اور تمہارے رسول کے درمیان صرف ایک ماں کا فاصلہ ہے۔ ہم نصرانی تو نشانِ عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اس قدر عزت و تعظیم کرتے ہیں کہ قیامت تک روئے دنیا کے نصرانی اس پر قائم رہیں گے اور تم لوگوں کا یہ حال ہے کہ تم اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نواسہ کی تعظیم و تکریم کرنے کی بجائے انہیں قتل کرتے ہو۔ یزید نصرانی سفیرِ روم کی بات سن کر کچھ جواب نہ دے سکا۔

## سرِ اقدسِ امام رضی اللہ عنہ اور ارواحِ طیبہ کا نور و ظہور

حضرت سیدہ سکینہ بنت الحسین رضی اللہ عنہا نے ایک عجیب خواب دیکھا۔ جس کو انہوں نے بیان کیا کہ میں نے رات کو دیکھا کہ آسمان سے نور آیا اور میرے والد گرامی کے پاس آ کر یوں کہا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اِبْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ۔ اے فرزند رسول تجھ پر سلام ہو پھر کہا يَا وَلَدِيْ قَتَلُوْكَ تجھے دشمنوں نے شہید کیا۔ اَتَرَاهُمْ مَا عَرَّفُوْكَ وَمِنْ شَرْبِ الْمَاءِ مَنَعُوْكَ يَا وَلَدِيْ اَنَا جَدُّكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَهٰذَا اَبُوْكَ عَلِيُّ الْمُرْتَضٰى وَهٰذَا اَخُوْكَ الْحَسَنُ وَهٰذَا عَمُّكَ جَعْفَرُ وَ عَقِيْلُ وَهٰذَا اَنْ حَمْزَةُ وَالْعَبَّاسُ۔ اے فرزند جنہوں نے تجھے شہید کیا۔ کیا انہوں نے تجھ کو نہیں پہچانا اور تجھے پانی پینے سے بھی روک دیا۔ اے فرزند! تجھ کو تیرے صبر پر مبارک ہو میں تیرا نانا جان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوں۔ یہ تیرے ابا جان علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ہیں اور یہ تیرے بھائی حسن رضی اللہ عنہ اور یہ تیرے چچا جعفر و عقیل رضی اللہ عنہما اور یہ میرے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حمزہ وعباس رضی اللہ عنہما چچا ہیں اسی طرح اور بزرگوں کے نام لیے۔ سیدہ سکینہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے ان بزرگوں کو اس نور کی آمد میں دیکھا اور سیدہ فرماتی ہیں کہ میں نے ایسا نور دیکھا کہ اس میں سیدہ فاطمہ بنتِ رضی اللہ عنہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے ساتھ سیدہ مریم علیہا السلام اور سیدہ آسیہ علیہا السلام اور سیدہ خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا میرے ابا جان کے سرِ اقدس کے پاس آئیں اور سلام بھیج کر کہا بیٹا جس صبر کے ساتھ تم نے کربلا کے مصائب کو برداشت کیا میں اس کی تجھ کو مبارک دیتی ہوں۔ اور تمہارے دشمن تمہارے نانا جان کی شفاعت سے محروم ہو گئے ہیں اور تم نے اسلام کے تحفظ کے لیے جو قربانیاں دی ہیں اس کے اجر وثواب کا خدا کے ہاں بے حساب مقام ہے۔ (حیات)

## سیدہ سکینہ بنت الحسین رضی اللہ عنہا کے متعلق ایک غلط واقعہ کی تردید

حضرت سیدہ سکینہ بنت حسین ؓ کے متعلق بعض مجموعوں میں لکھا ہے کہ وہ شام کے راستہ میں بحالتِ اسیری دمشق میں وفات پا گئی تھیں۔ یہ بالکل بے اصل اور بے بنیاد ہے۔ کتب معتبرہ میں قطعاً اس کا ذکر تک نہیں۔ پھر نا معلوم کہ ان لوگوں نے ایسا واقعہ کیسے من گھڑت تیار کر لیا ہے۔ کہ وہ معاذ اللہ قید خانۂ دمشق کی عقوبتوں میں وفات پا گئیں۔ حضرت سیدہ سکینہ رضی اللہ عنہا واقعۂ کربلا کے بعد کافی عرصہ حیات رہیں اور ان کے جوان ہونے پر ان کا نکاح حضرت مصعب بن زبیر سے ہوا اور یہ بھی سراسر بے بنیاد بات ہے کہ سات سالہ بچی کا نکاح عین واقعۂ کربلا کے وقت کربلا میں ہوا۔ اور مہندی لگائی گئی وغیرہ وغیرہ۔ بھلا ایسے شدید موقعہ پر سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کو ایسا کام کرنے کی فرصت تھی جس کا تعلق خوشیوں کے ساتھ تھا اور پھر ان کی عمر تو صرف بالاتفاق ابھی سات سال تھی۔

## دمشق میں اہلِ بیت کا مدتِ قیام

اسیرانِ اہلِ بیت کے متعلق یہ مسئلہ بھی بڑا اختلاف تک پہنچ چکا ہے کہ دمشق دارالسلطنت (شام) میں کتنے دن اہلِ بیت اسیری کی حالت میں رہے اور ان کو کب رہا کیا گیا اور کب مدینہ پہنچے۔ اس کے متعلق مختلف بیانات ہیں۔ بعض نے لکھا ہے کہ چالیس دن اور بعض نے لکھا ہے بیس دن اور بعض نے لکھا ہے ایک سال اور بعض نے لکھا ہے چھ ماہ اور بعض نے لکھا ہے سات یوم اور بعض نے لکھا ہے صرف تین دن۔

اب ان تمام متذکرہ بیانات کے بعد اصل حقیقت جو کتبِ معتبرہ سے ثابت ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ خود سیدنا امامِ زین العابدین ابنِ امامِ حسین رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اہلِ بیت کو زیادہ دیر تک اسیر رکھنے میں یزید کو اپنی حکومت کے لیے جب کافی حد تک خطرہ نظر آیا تو اس نے اہلِ بیت کو جلد از جلد رہا کرنے کا ارادہ کر لیا۔ چنانچہ اس نے دارالسلطنت دمشق میں اہل بیت کو صرف دو دن رکھا اور تیسرے دن ہم کو رہا کر دیا گیا۔ فَحَبَسَنَا يَوْمَيْنِ ثُمَّ دَعَانَا وَاَطْلَقَ عَنَّا۔ ہم دو دن مکمل دمشق میں رہے۔ پھر تیسرے روز ہمیں یزید نے بلوا کر رہا کر دیا۔ اس سے زیادہ عرصہ تک مدت قیدِ دمشق تسلیم کرنا غلط ہے اور اس پر کوئی اور مدتِ دلالت نہیں کر سکتی۔ (ایضاً)

## اہلِ بیت کی رہائی کے علل واسباب

سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی شہادتِ عظمیٰ کے بعد یزید کا یہ خیال سراسر غلط فہمی پر مبنی تھا کہ وہ اپنے تسلط اور اقتدار کا لوہا ایک دنیا سے منوا لے گا۔ اور اس پر اپنے اس خیالِ باطل کا بطلان پہلے ہی روز دربار میں پیشی کے وقت ہی واضح ہو گیا تھا۔ روایات سے یہ بھی ظاہر ہے کہ جوں جوں لوگ حقیقتِ حال سے آگاہ ہوتے جاتے تھے توں توں یزید سے نفرت بڑھتی جاتی تھی اور یزیدی حکومت کے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

انقلاب کے آثار نظر آنے لگے۔ چنانچہ ہر طرف سے حتیٰ کہ خود اس کے اپنے قریبیوں کی طرف سے بھی لعنت وملامت ہونے لگی۔ خانہ جنگی کا شدید خطرہ اور حکومت الٹنے کے آثار نمودار ہونے لگے اور یزید کو فوراً اس بات کا احساس ہو گیا کہ وہ اپنی اور حکومت کی حفاظت کے لیے کوئی ایسا اقدام کرے جس سے شہادتِ امام حسین کی تمام تر ذمہ داری عبیداللہ ابنِ زیاد پر ڈال کر اس سے اپنے آپ کو بری کرلوں اور بیزاری کا اظہار کروں اور آلِ رسول ﷺ کی جلد رہائی کروں اور رہائی بھی ایسے طریقہ وشان سے کروں کہ اہلِ بیت بھی راضی ہوسکیں اور لوگوں پر بھی اس کے اچھے اثرات پڑ سکیں۔

چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا۔ وَلَمَّا قُتِلَ الْحُسَيْنُ وَبَنُوا بِنَه بَعَثَ ابْنُ زِيَادٍ بُرُوسِهِم اِلٰى يَزِيْدَ فَسُرَّ بِقَتْلِهِمْ اَوَّلًا ثُمَّ نَدِمَ لِمَا مَقته الْمُسْلِمُوْنَ عَلٰى ذٰالِكَ وَالْبُغْضه النَاسَ وَحَقَّ لَهُمْ اَنْ يَبْغَضُوْهُ۔ (کامل ابن اثیر ج ۳ ص ۳۳۰)

جب سیدنا امامِ حسین اور ان کے خاندان کے لوگ شہید ہو گئے تو ابن زیاد نے ان کے سر یزید کے پاس بھیج دیے تو وہ پہلے تو ان کے قتل سے بہت خوش ہوا۔ پھر جب لوگوں نے اس کے فعل شنیع کی وجہ سے اس کو برا سمجھنا شروع کر دیا اور ان کو اس کا حق بھی تھا کہ اس کو برا سمجھیں۔ تب اس نے ندامت کا اظہار کیا۔

بعض روایات میں تو یہاں تک موجود ہے کہ یزید نے اپنے اس فعلِ شنیع پر پردہ ڈالنے اور اہلِ بیت کو اپنے بری ہونے کے ثبوت میں ایسا بھی کیا کہ اپنے فوجی لشکریوں میں سے مثبت بن ربعی، شمر ذی الجوشن، سنان بن انس نخعی، مصائب بن وہیہ اور خولی بن یزید اصبحی وغیرہ کو اپنے دربار میں بلا کر مثبت بن ربعی کو کہا کہ تو نے ان کو قتل کیا ہے اور کیا میں نے تم کو ان کے قتل کرنے کا حکم دیا ہے تو مثبت نے کہا نہیں جناب امیر میں نے نہیں کیا جس نے کیا اس پر لعنت ہو۔ یزید نے پھر کہا تو کس نے ان کو قتل کیا ہے۔ مثبت نے کہا مصائب بن وہیہ نے قتل کیا ہے یزید نے اشارہ کر کے کہا کیوں تم نے ان کو قتل کیا ہے تو کہنے لگا اے امیر نہیں میں نے نہیں۔ اس نے تیسرے کا نام لے کر خود کو ٹال لیا۔ اسی طرح یزید یکے بعد دیگرے ان سے دریافت کرتا رہا اور وہ قتل کو دوسرے پر ڈال کر خود کو ٹالتے رہے۔ بالآخر بات قیس تک پہنچی تو اس نے بھی کہا اے امیر میں نے ایسا نہیں کیا۔ یزید نے کہا تو بتاؤ جب تم سب خود اس قتل سے بری ہو رہے ہو آخر ان کو قتل کیا تو کس نے کیا ہے؟ قیس نے کہا اگر مجھ کو امان کا اقرار دیتے ہو تو میں بتاتا ہوں۔ یزید نے کہا کہ ہاں تمہیں امان ہوگی بتاؤ۔ قیس نے کہا ان کو قتل نہیں کیا مگر اس نے جس نے جنگ کا علم بلند کیا اور لشکر پر لشکر روانہ کیے۔ یزید نے کہا وہ کون ہے۔ قیس نے کہا کیا اس کا تم کو پتہ نہیں ہے۔

اس لیے معلوم ہوا کہ یزید نے اصل حقیقت پر پردہ ڈالنے کے لیے ہر ممکن اقدام کیا۔

وَلَمَّا وَصَلَ رَأْسُ الْحُسَيْنِ اِلٰى يَزِيْدَ حَسنت حَال ابْن زِيَاد عِنْدَهٗ وَزَادَهٗ وَصلَه وَبِرّه مَافِعْلَ ثُمَّ لَمْ يَلْبَث الْاِيسيراً حَتّٰى بلغه بَغْضَ النَاس وَلعنهمْ وبهم فَندِم عَلٰى قَتْل الْحُسَيْنَ فَكَانَ يَقُوْلَ وَمَاعَلٰى لَواحتَملت الاذٰى وَاَنْزَلَتْ الْحُسَيْنَ معى فى دَارى

اور جب سیدنا امام علیہ السلام کا سر مبارک یزید کے پاس پہنچا تو اس کی نظر میں ابنِ زیاد کی وقعت بڑھ گئی اور جو کچھ اس نے کیا تھا اس نے یزید کو خوش کر دیا اور اس نے اس کو انعام واکرام سے نوازا۔ لیکن ابھی بہت ہی تھوڑا وقت گذرا تھا کہ یزید کو یہ اطلاعیں ملنی شروع ہو گئیں کہ لوگ اس کو برا سمجھنے لگے ہیں اور یہاں تک کہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

وَحِكمةِ فِيمَا يَرِيدُوانِ كَانَ عَلٰى فِيْ ذٰالِكَ وهُن فِي سُلْطَانِي حَفْظًا لرَّسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَعايِة لحِقَهٖ وَقَرابتَهٖ لَعَنَ الله ابْن مَرجانه فَانِهٖ افَطرهَ وقَدْسئله اَنْ يَضَع يَدَهٗ فِي يَدِيْ اَوْيلحق ثغر حَتّٰى يتَوفاهُ الله فلم يُجَبِهَ اِلَى ذَالِكَ فَقتَلَهٗ فَبغضى بِقَتْله اِلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَزَرع فِي قُلُوْبِهِمْ العَداوة قابغضنى اَلى البَروالْفَاجِر لَمَا اسْتَعظموه مَنْ قِتَلِ الْحُسِيْنَ مَالِي وَلَابْنَ مَرَجَانة لعنَة اللهِ وَقَتلهٗ۔

(کامل ابن اثیر ج ۳: ص: ۳۰۰)

لوگ اس کو لعن وطعن اور سب وشتم کر رہے ہیں اس لیے پھر اس نے شہادتِ امام پر اپنی ندامت کا اظہار کرتے ہوئے کہا میرا کیا نقصان ہوتا ہے کہ اگر میں اذیت برداشت کر لیتا اور حسین رضی اللہ عنہ کو اپنے پاس رکھ لیتا اور وہ جو کچھ چاہتے ان کو کرنے دیتا۔ اگرچہ میرے اقتدار میں کمزوری ہی پڑ جاتی۔ لیکن حقِ رسول اور ان کی قربتداری کی حفاظت ورعایت تو ہو جاتی خدا لعنت کرے ابن مرجانہ پر جس نے ان کو مجبور کر کے قتل کر دیا حالانکہ حسین رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا بھی تھا کہ مجھ سے آ کر صلح کی گفتگو کر لیں یا کسی اور راستہ کی طرف نکل جانے دو۔ مگر اس نے یعنے عبیداللہ ابنِ زیاد نے ان کی کوئی بات نہ مانی اس طرح ان کو قتل کر کے لوگوں کی نگاہوں میں مجھے مبغوض کر دیا۔ میرے خلاف لوگوں کے دلوں میں دشمنی کا بیج بو دیا۔ مجھے ہر ایک کی نگاہ میں برا بنا دیا۔ مجھ سے ابنِ زیاد کی کیا دشمنی تھی۔ خدا اس پر لعنت کرے اور اسے قتل کرے۔

ثابت ہوا کہ یزید کے حکم سے شہادتِ امام عمل میں آئی اور وہ اس پر خوش وخرم تھا اور پھر کفریہ اشعار بھی اس نے کہے اور یہ سب کچھ مسلم الثبوت واقعات ہیں۔ جن کا نہ تو کسی سے انکار ممکن ہے اور نہ ہی کسی یزید نواز شخص یا گروہ کے پردہ ڈالنے سے پردہ ڈالا جا سکتا ہے۔

الْحَقَ اَنْ الرَضَاء يَزِيْدِ بِقَتْل الْحُسِيْنَ رَضِيَ الله تَعَالٰى عَنْهُ وَاسِتْبشَارَهٗ بِذٰالِكَ وَاَهَانة اَهْلَ بَيْتِ النَّبِيِّ عَلَيْهِ السَّلَام تَواتِر مَعنَاه وَاَنْ كَانَ تَفَاصِلِيْهَا اَحسَادًا فَنَحَنْ لَانتَوقَف فِيْ شَانِهٖ بَلِ فِي اِيْمَانِهٖ لَعْنَةَ اللهِ عَلَيْهِ وَعَلٰى اَنْصَارِهٖ وَاعْوَانِهٖ۔ (شرح عقائد نسفی، ص: ۱۸۱)

حق یہی ہے کہ قتلِ حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر یزید راضی اور خوش وخرم تھا اور اس کا اہلِ بیتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اہانت کرنا اس پر تواتر معنوی موجود ہے اگرچہ ان واقعات کی تفصیل بطریقِ احاد مروی ہے بنابریں ہم اس کے بے ایمان ہونے میں ذرّہ توقف نہیں کرتے۔ اللہ تعالیٰ اس پر اور اس کے ساتھیوں پر لعنت کرے۔

معلوم ہوا کہ یزید عنید نے اب جو اہلِ بیت کی رہائی کا فوری اقدام اور تمام تر ذمہ داری ابنِ زیاد پر ڈالی یہ محض خود کو بری کرنے کے لیے تھی ورنہ جو کچھ ہوا اس کی مرضی کے مطابق ہوا۔ علامہ تفتازانی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں پس یزید سمیت اس کے تمام ساتھیوں پر لعنت ہے۔ کیونکہ وہ بعد میں صرف ظاہری پردہ ڈالنے کے لیے ایسا کر رہا تھا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## باب ۲۵

# رہائی اہلِبیت اور شام سے مدینہ منورہ تک کے حالات

## احکام رہائی اور یزید کا معذرت کرنا

پھر یزید نے اہلِ بیت کی رہائی کے احکام صادر کرنے سے قبل سیدنا امام زین العابدین ابنِ امامِ حسین رضی اللہ عنہ کو بلایا۔ تو اس وقت یزید اپنے دربار میں بیٹھا ہوا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کے استقبال کے لیے کھڑا ہو گیا اور اپنے پاس بٹھایا اور کہا اے ابنِ حسین علی زین العابدین رضی اللہ عنہ جس چیز کی خواہش ہے کہو حاضر کی جائے سیدنا امامِ زین العابدین رضی اللہ عنہ نے جواب میں فرمایا میں کوئی چیز طلب نہیں کرتا اور نہ مجھے کچھ چاہیے۔ ہاں اگر مجھ سے کوئی بات کرنی بھی چاہتے ہو تو میری پھوپھی جان سیدہ حضرت زینب کبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کرو۔ کیونکہ ہماری غمگسار اور مددگار اور سالار وہی ہیں۔ یہ سن کر یزید نے فوراً تمام درباریوں کو باہر چلے جانے کا حکم دے دیا اور پھر کہا اچھا اب میں ان کو بلوا لیتا ہوں۔ پھر اہلِ بیتِ اطہار کی مخدراتِ عصمت بمعہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو نہایت احترام کے ساتھ دربار یزید میں لایا گیا۔ یزید نے سیدہ رضی اللہ عنہا کی تعظیم و تکریم کرتے ہوئے کہا آپ چاہیں تو میرے ہی محل میں رہیں اور اگر یہاں رہنا پسند نہ فرمائیں اور مدینہ جانا چاہتے ہیں تو وہاں بھیج دیتا ہوں۔ آپ کو کلی اختیار ہے۔ جیسا آپ کا ارادہ ہو میں وہی کرنے کو تیار ہوں جہاں چاہیں رہیں۔ پھر کہا لَعَنَ اللّٰهُ ابْنَ مَرْجَانَةَ اَمَا وَاللّٰهِ لَوْ اَنِّي صَاحِبُهٗ مَا سَئَلَنِيْ خَصْلَةً اَبَدًا اِلَّا اَعْطَيْتُهٗ اِيَّاهَا وَلَدَفَعْتُ الْحَتْفَ مِنْهُ بِكُلِّ مَا اسْتَطَعْتُ وَلَوْ بِهَلَاكِ بَعْدَ وَلَدِيْ۔ خدا ابن مرجانہ عبید اللہ پر لعنت کرے۔ خدا کی قسم اگر میرا اور حسین رضی اللہ عنہ کا سامنا ہوتا تو جو یہ چاہتے میں وہی کرتا اور ان کو کبھی قتل نہ ہونے دیتا خواہ مجھے اپنی اولاد کیوں نہ موت کے منہ میں جھونکنی پڑتی۔ جو کچھ ہونا تھا اب ہو گیا خدا کو یہی منظور تھا۔ اب آپ فرمائیں آپ کیا چاہتے ہیں میں اسی طرح کروں گا۔

یزید نے جب یہ باتیں کہیں تو سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے ایک آہ بھری اور رو پڑیں اور فرمایا اور اب ان باتوں سے ہم پر کیا اثر ہو سکتا ہے جن کی آنکھوں کے سامنے کربلا کا قیامت خیز منظر ہے۔ اے یزید! اب تو چاہتے ہیں کہ مدینہ طیبہ میں نانائے پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کے روضۂ اطہر کی حاضری دیں اور مدینہ منورہ روانہ ہونے سے پہلے یہاں سے کربلا جائیں۔ اور پھر مدینہ پہنچ جائیں گے۔

## اہلِ بیت کی تعظیم کے ساتھ مدینہ روانگی

اس کے بعد یزید نے اسیرانِ اہلِ بیت کی رہائی کا حکم دے دیا اور حضرت نعمان بن بشیر کو حکم دیا کہ آپ کو مزید آدمی دیتا ہوں آپ اپنی نگرانی میں نہایت تعظیم و تکریم سے بحفاظت مدینہ طیبہ پہنچائیں اور اس کے ساتھ ہی یزید نے سواریوں کا انتظام کیا اور ان پر شاندار محمل رکھوائے اور چمڑے کے قطعے اور ریشم کے کپڑے بچھا کر نہایت آرام و سکون سے بیٹھنے کے انتظامات کرائے۔ جب تمام انتظامات مکمل ہو گئے تو پھر صبح سویرے اہلِ بیتِ اطہار کے الوداع ہوتے وقت یزید نے کچھ مال و متاع پیش کیا تو سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔ لَا وَاللّٰهِ اَنْ يَّقْتُلَ اَخِيْ الْحُسَيْنَ وَاَهْلَبَيْتِيْ وَتُعْطِيْنِيْ عِوَضَهُمْ مَالًا لَا كَانَ ذٰالِكَ اَبَدًا۔ (الحیات) ہرگز نہیں خدا کی قسم ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔ میرا بھائی حسین رضی اللہ عنہ قتل کیا جائے اور اس کی اہلِ بیت والے قتل ہوں تو اس کے عوض میں ہم مال و متاع حاصل کریں ایسا کبھی ہو نہیں سکتا۔ یزید کو یقین ہو گیا کہ یقیناً یہ میرا مال قبول نہیں کریں گے۔ بعض روایات میں آتا ہے کہ سیدہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا یہ مال غریبوں میں تقسیم کر دو اگر تم اس کو دینا چاہتے ہو ہم کو اس کی ضرورت نہیں ہاں یہ تو وہ گھرانہ ہے جن کے توسل سے ایک دنیا کو بھیک ملتی ہے۔

اسی اثناء میں جب حضرت نعمان بن بشیر کی نگرانی میں ان کے ساتھ تین سو سوار تیار ہو گئے اور ادھر تمام اہلِ بیت اپنی سواریوں پر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سوار ہو گئے اور اہلِ بیت کا قافلہ نہایت عزت وتکریم کے ساتھ بحفاظت دارالسلطنت شام سے مدینہ طیبہ کے لیے روانہ ہوا تو یزید الوداع کہنے چند قدم ساتھ ساتھ چلا تو کچھ آگے ایک قصائی بھیڑوں کو ذبح کرنے سے پہلے ان کو پانی پلا رہا تھا۔ یہ دیکھ کر سیدہ زینب رضی اللہ عنہا بے تاب ہو گئیں اور یزید کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا۔

دیکھ قصائی بھی بھیڑوں کو پانی پلانے کے بعد ذبح کرتا ہے اور میرے بھائی کو اتنا بھی نہ سمجھا گیا۔ (الحیات)

یزید نے پھر کہا خدا عبید اللہ ابنِ زیاد پر لعنت کرے جس نے یہ ظلم کیا۔

پھر یہ قافلہ دمشق شہر سے باہر تک پہنچا تو جو عورتیں اور مرد اس منظر کو دیکھ رہے تھے ان کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ روایات میں آتا ہے کہ قافلۂ اہلِ بیت کی روانگی کے وقت ہزاروں مرد اور عورتیں جمع تھے اور رخصتی و بے بسی پر رو رہے تھے۔ لوگ اپنے گھروں میں واپس آ گئے اور یزید بھی اپنے محل میں واپس آ گیا اور قافلۂ اہلِ بیت تین سو افراد سمیت نعمان بن بشیر کی نگرانی میں منزل بہ منزل جا رہا ہے۔

## اہلِ بیت مدینہ کی بجائے کربلا میں

جب یہ قافلۂ اہل بیت سرزمینِ عراق کی سرحد پر پہنچا جہاں سے دو راستے نکلتے ہیں۔ ایک راستہ سیدھا مدینہ طیبہ اور دوسرا راستہ عراق کی طرف۔ نعمان بن بشیر نے آگے بڑھ کر امامِ زین العابدین رضی اللہ عنہ سے عرض کیا حضور اگر کربلا جانا ہے تو عراق کے راستہ سے چلیں اور پھر وہاں سے مدینہ جیسے اور جس طرح آپ فرمائیں اسی طرح ہوگا۔ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے فرمایا سیدھے کربلا چلو چنانچہ کربلا کا راستہ اختیار کر لیا گیا۔

راستہ میں جہاں کہیں جس منزل پر قیام ہوتا اس سے کافی فاصلہ پر نعمان بن بشیر بمعہ اپنے تین سو افراد سواروں کے ٹھہر جاتے اور ضرورت کی تمام چیزیں فراہم کر کے بھیج دیتے اور ہر چیز کا خیال رکھتے تا کہ آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس قافلہ کو ذرہ برابر بھی تکلیف نہ ہونے پائے۔

## اہلِ بیت کی سرکار امام وشہیدانِ کربلا کی قبور پر حاضری

جب یہ قافلۂ اہل بیت سفر کی منزلیں طے کرتے ہوئے کربلا میں وارد ہوا تو اہلِ بیتِ اطہار اس مقام کو دیکھ کر رو پڑے اور اپنی سواریوں سے اتر پڑے اور سیدھے جہاں سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ اور دوسرے شہدائے کربلا مدفون تھے۔ ان کی قبرِ اطہر سے جا کر لپٹ گئے اور سلام کرتے جاتے اور روتے جاتے اور یہ کہا اے ابنِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس زبان سے وہ مصائب بیان کریں جن کا ہم کو کوفہ اور شام میں سامنا کرنا پڑا اور اس قوم نے ہم کو کیا کیا تکلیفیں دیں کیونکر بیان کریں۔ (تاریخ کربلا)

قریب کی بستی کے لوگ جو بنی اسد سے تھے وہ بھی جمع ہو گئے اور قبرِ امام وشہداء کربلا پر آنسو بہانے میں شامل ہو گئے۔

اسی اثناء میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مشہور صحابی اور ان کے ساتھ بنی ہاشم کے کچھ لوگ بھی مدینہ طیبہ سے صرف کربلا میں حضرت سید الشہداء رضی اللہ عنہ کی قبور کی حاضری کے لیے پہنچ گئے پھر وہ امامِ زین العابدین رضی اللہ عنہ کے گلے مل کر روتے رہے اور سرکار سید الشہداء کی قبر سے لپٹ کر وہ بھی روتے رہے۔ تین دن تک اہلِ بیت نے یہاں قیام فرمایا:

فَرَافَرَافِیْ وَقْتٍ وَتَلَاقُوْابِالْبُکَاءِ وَالْحُزْنِ وَالطَّمِ وَاَقَامُوْا عَلٰی ذٰلِكَ اَیَامًا ثَلَاثًا(۱)

پس اہلِ بیت اور مدینہ سے آنے والے اصحاب کی باہمی ملاقات یہاں پر جگر خراش انداز اور غم وگریہ میں ہوئی اور تین یوم تک کربلا میں قیام فرمایا۔

سرکار سید الشہداء امامِ حسین رضی اللہ عنہ اور کربلا کے شہیدوں کی قبرِ اطہر سے آخری سلام اور گریہ فرماتے ہوئے اہلِ بیتِ اطہار مدینہ کی طرف روانہ ہو گئے۔

(۱) حیات النبی ج ۲ ص ۳۷۰، تاریخ کربلا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com




Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم در مدینۃ الرسول

کربلا سے مدینہ طیبہ کی منازل سفر طے کرتے ہوئے جب قافلہ مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب پہنچا تو مدینہ طیبہ کے حسین درودیوار پر نظر پڑی اور:

مَدِیْنَہ جَدّنَا لَاتَقَلبِینَا فَبَالحَسَرَاتِ وَالْاُحْزَانِ جِئْنا
اَلافَاَخْبِر رَسُوْلَ اللّٰہَ عَنَا بِاَنَاقَد فَجِعْنَا فِیْ اَبِیْنَا
وَان رَجَالنا بِاالطَف صَرْعٰی بَلَارؤس وَقَدذَبَحُوالِبِیْنَا
وَاَجْرِحِدَّنَا اَنَا اَسَرَنَا وَلبَدالَاسریا جَدّاسَبِیْنَا
وَرهَطك یَارَسُوْلَ اللّٰہ اَضْحُوا عَرَایَا بِالطَغُوْفِ مَبلِینا
وَقد ذَبِحَوالْحُسِیْنَ وَلَمْ یَرَاعَوْا جنَابِك یَارَسُوْلَ اللّٰہِ فِیْنَا
فَلُونَظْرَتْ عَیْوَنَك لَااَسَارٰی عَلٰی اَفْتَاب الْجِمَال مُحَمَلَیْنَا
رَسُوْلَ اللّٰہِ بَعْدَالصَورِضَارَتَ عَیَون النَّاس خَاظرۃَ اِلَیْنَا
وَکُنْتَ تَحَوطَنَاتِی قولَتَ عُیونك ثارت الِاعَداء عَلَیْنَا
اَفَاطِم لَونظَرت الی اسَبَایا بِنلتَك فِی الْبَلاد مِثتَینا
اَفَاطِم لَونظرت الی الْخِیَارٰی وَلَوابَصرت زَیْن العَدبَدَیْنَا
اَفَاطِمَ لَوراقَتَنَا سَهَارٰی رمنَ سَهَرَاللّیالی قَد عَمَیْنَا
اَفَاطِم مَالَتِیتَ مَرغَدا۔کی وَلَاتِیْرَاطِ مَاقَدْ لقَینا
فَلَودَامت حَیوتك لَمْ تَزَالِی اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃ تُنْدبَیْنَا
وَعرجَ بِاالبَقِیْعَ وَقَفَ وَنَارَی ابْنَ حُبیب رَبِّ الْعَالَمِیْنَا
وَقَلْ یَاعم یَاالْحِسَن الْمَرکی عَیال اخِیْك اَضْحواضَا یُعِیْنَا
اَیَاعَمَاہُ اَنَ اَنَاك اَضْحَی بَعیدِ اعَنْك بِاالرَمَضادَرَهینَا
بلاراس تَنَوعَ عَلَیْه جَهرا طُیورالْوحَوْش الْمُوحِشِیْنَا
وَلَوعَاینِتَ یَامَوْلَاتِی سَاقَوا حَرِیْمَالَایَجْدُوْنَ لَهُمْ مَعْینا
عَلی مَتَن الناق بَلَاوَطَاء وَشَاهَدتِ الْعَیَالَ مَکتَیفنَا
مَدِیْنَۃَ جَدِّنَا لَاتُقبلینَا فباالاالحسرات والاحزان جتنا
خَرَجنا مِنْك بِاَهْلَیْنَا جَمْعَا رَجضالَارِجَالَ وَلَابَیْنَنَا
وَکَنَافِی الْخَروجَ بِجَمْعَ شَمل رَجَعنَا خَاسِرِیْنَ مُلبسینا
وَکَنَافِی اَبَانَ اللّٰہِ جَهْرًا اَحَعنَابِاالْقَطَیعۃ خَائِفَیْنَا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

وَمَوْلٰنَا الْحُسِیْنَ لَنَا اَنَیْس وَجَعنا والْحَسین به رَهینا
وَنَحْن الْفائعات یَلا کَفَیْلَ وَنَحْنِ النَّائحات عَلٰی اخینا
ونحن بنات یٰس وَطٰهَ وَنَحْن الْبَاکِیاتَ عَلٰی ابَینا
وَنَحْن الطاهَرِات بِلَاخَفَا وَنَحْن الصَارَقَوْنَ النَاصَحونا
وَنَحْنَ الصَابِرَاتِ عَلَی الْبَلَایَا ولم یرعوا جَنَابَ اللهِ فِیْمَا
الْاَیاجَرنا بَلِغتَ عدانا مناهاواشتفی الاعدارفینا
لقَد هَتکُوالنساء حملوها عَلَی الْاَقْتَاب قهرااجمعینا
وَزَینب اخَرَجَوها من حَباها وَفَاطم وَاٰلِهِ قِبَدی الافِیْنَا
سَکینةَ تَشتکِی مِنَ حَرَجِسَد تَنَارَی الْغَوث رَب العَالِمِیْنَا
وَزین العَابِدِیْنَ بقید نل وَلَامَواقَتَلَهٗ اَهْلَ الْخَوَفا
فُبِعدهِمْ عَلَی الدِنیا تراَبِ فَکَاسَ الْمَوْتَ فِیْهَا قدَسقینا
وَهٰذی قَصِتَی مَعَ شَرَحْ حَالی الایَاسامَعُوْنَ ابَکوعَلَیْنَا

## روضۂ رسول اور آلِ رسول:

جب مدینہ والوں جن میں اصحاب واہلِ بیتِ عظّام اور خواتین اور مردوں کو یہ معلوم ہوا کہ آلِ رسول علیہ السلام کا قافلہ آ رہا ہے تو وہ سب روتے ہوئے نکل آئے اور ہر طرف بے پناہ ہجوم ہی ہجوم تھا جب آلِ رسول کا یہ قافلہ سیدھا روضۂ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء پر پہنچا تو سب روضۂ اطہر سے لپٹ گئے اور روتے ہوئے ہدیہ صلوٰۃ وسلام عرض کیا۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا جَدَّا نَانَا عَیْةٌ اِلَیْكَ وَلدِكَ الْحُسَیْنَ۔ اے نانا جان ہم آپ کے پاس آپ کے نواسے حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر سنانے آئے ہیں۔[1] یَاجَدَّاهٗ اِلَیْكَ الْمُشْتَکٰی مِمَّا جَرٰی عَلَیْنَا فَوَاللهِ مَارَأَیْتَ اَقْسٰی مَن یَزِیْدَ وَلَا رَأَیتَ کَافِرًا وَلَا مُشْرِکًا اَشَرًّا مِنْهُ۔[2] اے جدِ بزرگوار جو کچھ ہم پر مصائب گزرے ہیں آپ کی بارگاہِ اقدس میں ان کی شکایت کرتے ہیں۔ اللہ کی قسم ہم نے یزید سے بڑھ کر کوئی شقی القلب اور کوئی کافر ومشرک اور شریر نہیں دیکھا اور نہ ہی اس سے زیادہ کوئی درشت خو اور جفا کار دیکھا ہے وہ اپنی چھڑی ان کے دندانِ اقدس پر مارتا تھا۔

اَنَاجِیْكَ یَاجَداه یَاخَیْرمُرْسَلَ جَیِبْكَ مَقْتُوْلَ وَنْسَلَكَ ضَائِعِ
اَحَبَّكَ فَخْرُونا عَلِیْلًامَوْجُلًا اَسِیْرًاوَمَالِیْ حَامِی واَمدَافِعِ
سَبِیْنَا کَمَاتَبسی الْاَمَاءِوَمسنَا مِنَ الضَرمَالَاتَحْتَمله الْاَضَائِعَ
اَبَاجَدیا جَدَاهٗ بَعَدْكَ اَظْهَرَتْ اَمْیَةِ فِیْنَا مَکْرَهَا وَاشْنَائِعِ

الغرض روتے اور اپنی زبانوں سے مصائب کا ذکر کرتے اس حال میں سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کی آنکھوں سے آنسوؤں کی لڑیاں جاری ہیں لیکن زبان سے کوئی جملہ نہیں فرماتی ہیں اور دل پر جو گزر رہی ہوگی یا فرماتی ہوں گی وہ وہی جانتی ہیں۔ پھر سیدہ فاطمہ صغریٰ امام

(۱) حیات الحفی ج ۲ ص ۳۷۲ (۲) حیات الحفی ج ۲ ص ۳۷۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حسین رضی اللہ عنہ کی بڑی صاحبزادی جو مدینہ طیبہ میں تھیں وہ بھی تشریف لا کر سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے گلے لپٹی رہیں اور روتی رہیں پھر سیدہ سکینہ رضی اللہ عنہا اپنی چھوٹی بہن کو گلے لگایا۔

حضرت امام محمد ابن الحنفیہ رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ ابن جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی آئے اور سب کو اس حال میں دیکھ کر روتے رہے گویا کہ یہ ایک عجیب منظر تھا جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولادِ مقدسہ آج سب کچھ اسلام کے نام پر قربان کر کے ان کے روضۂ اطہر پر جمع ہیں۔

## آلِ رسول جنت البقیع میں

پھر یہ آلِ رسول جنت البقیع میں سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا اور ساتھ ہی امامِ حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کی قبرِ اطہر میں حاضر ہوئے۔ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا یہاں ماں کی قبرِ اطہر پر حاضر ہیں لیکن منہ پیٹنا سینہ کوبی کرنا، بال نوچنا یا بین کرنا فطرتِ انسانی کے خلاف کوئی چیز نہ تھی ہاں البتہ تسلیم و رضا کے مجسمے اور صبر و رضا کی پتلی زبان سے ایک لفظ بھی ایسا نہ نکلا جو اس تعلیم کے خلاف ہو یا جس کی تعلیم ان کے نانا پاک علیہ السلام کا مذہب کر رہا ہے۔ حسرت اور بے کسی کی نظروں سے ماں کے مزار کو دیکھتی ہیں اور آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے زبان خاموش تھی مگر شدتِ الم و غم سے دل میں آپ بیتی کہہ رہی تھیں۔

امی جان! مدینہ سے بھرے ہاتھ گئی تھی اور خالی ہاتھ آئی ہوں۔ نانا جان کی امت نے اسلام کے نام پر عون و محمد چھین لیے۔ ہر روز کا طلوع و غروب ہونے والا آفتاب گواہ ہے۔ مگر کیا خبر تھی کہ زینب رضی اللہ عنہا دیکھتی رہ جائے گی اور اس کی آنکھوں کے سامنے اس کا پیارا حسین رضی اللہ عنہ ذبح کر دیا جائے گا۔ امی جان! آپ نے ہم کو بھوکا سلایا اور سائلوں کے پیٹ بھرے آپ کسی جانور کو پیاسا نہ دیکھ سکتی تھیں مگر نانا جان کے خاندان اور ان کے رفقاء اور پیارے حسین رضی اللہ عنہ اور اس کے بچوں کو اس طرح بغیر قطرہ پانی کے حلال کیا جس طرح کبھی کسی قصائی نے بھی نہ ذبح کیا ہوگا۔ آپ کا سرسبز و شاداب اور لہراتا اور ہرا بھرا باغ قربان ہو گیا چند پھول ننھی کلیاں زینب کا ہی دل جانتا ہے کس مصیبت سے بچا کر لائی۔ اللہ ان کی عمر کو دراز کرے اور مسلمان شہادتِ حسین رضی اللہ عنہ سے اسلام کے معنی سمجھیں۔

سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اور برادرِ حسن رضی اللہ عنہ کے مزار اور دیگر مزاراتِ بقیع پر فاتحہ پڑھنے کے بعد آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے گھر آ گئے۔ سیدہ زینب کے شوہر حضرت عبداللہ ابنِ جعفر نے بچوں کی شہادت کو صبر سے برداشت کرتے ہوئے فرمایا زینب کاش میں بھی حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ کربلا میں ہوتا تو مجھے خوشی ہوتی کہ ان کے نام پر شہید ہو گیا ہوں اگر مجھ کو یہ سعادت نہیں مل سکی تو میرے بیٹوں کو مل چکی ہے۔

مناسب سمجھتا ہوں کہ جس شریکۃ الحسین سیدہ زینب بنت علی المرتضیٰ ہمشیرہ سید الشہداء شہید کربلا رضی اللہ عنہ کا کئی مقامات پر ذکر مبارک کیا جا چکا ہے اب ان کے خصائل و فضائل پر بھی علیحدہ اجمالی ذکر کیا جائے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

باب ۲۶

# حضرت سیدہ زینب سلام اللہ علیہا بنتِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

## ولادت

حضرت سیدہ زینب بنتِ علی المرتضیٰ از بطنِ سیدہ فاطمۃ الزہر سلام اللہ علیہا کی ولادت باسعادت میں اختلاف پایا جاتا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ آپ کی ولادت پانچ جمادی الاولیٰ ۵۰ھ میں ہوئی۔ (الجواہر ص ۱۵۰)

آپ کا نام آپ کی پیدائش کے کئی روز بعد رکھا گیا۔ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا نے حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اس بیٹی کا نام تجویز فرمائیں آپ نے فرمایا کہ ان کا نام حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رکھیں گے۔ کیا میں ان پر اس معاملہ میں سبقت کر سکتا ہوں کیونکہ اس وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کہیں سفر پر تشریف لے گئے ہوئے تھے۔ چنانچہ جب حضور علیہ السلام حسبِ معمول اپنی بیٹی کے گھر تشریف لائے تو آپ نے بچی کو گود میں لیا تو سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اس کا نام تجویز فرما دیجئے۔ حضور اقدس علیہ السلام نے پھر ان کا نام زینب رضی اللہ عنہا رکھا۔ اور سینہ سے لگایا اور بچی کے ساتھ پیار فرمایا۔

## تعلیم و تربیت

سیدہ کی تعلیم و تربیت کا اندازہ کیا لگایا جا سکتا ہے جن کے نانا جان حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور جن کے ابا سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور ماں سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا اور بھائی حسن و حسین رضی اللہ عنہما ہوں ایسے ماحول میں پرورش پانے والی شہزادی کی صفات کتنی بلند ہوں گی۔ حقیقت بھی یہ ہے کہ فراست اور دانشمندی، قرآن و تفسیر، ادب و علم، کلام پر حاوی تھیں، زہد و تقویٰ، سادگی و پاکیزگی، عبادت و ریاضت، استقامت اور استقلال و صداقت اور جرأت اور تواضع و مہمان نوازی اور ایثار و قربانی ان تمام صفات کا سیدہ زینب بنت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما میں جمع ہو جانا اس امر کی واضح دلیل ہے کہ خاندانِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پرورش پانے والی فی الحقیقت انہی صفات کی حامل تھیں۔ (الجواہر، ص: ۱۵۰)

## نبوت کا پیار

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی اس نواسی زینب کے ساتھ بہت پیار تھا۔ بارہا ایسا ہوا کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھتے تو سیدہ بچی تھی تو آپ کے اوپر سوار ہو جاتیں اور جب تک وہ خود نہ اترتیں آپ سر سجدہ سے نہ اٹھاتے تاکہ سیدہ کی دل شکنی نہ ہو۔

ایک مرتبہ آپ کو سونے کا ہار کہیں سے تحفہ آیا تو آپ نے فرمایا میں یہ ہار اس کو پہناؤں گا جس سے زیادہ پیار ہے چنانچہ آپ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہار لے کر سیدہ زینب کے پاس آئے اور سیدہ زینب کبریٰ رضی اللہ عنہا کے گلے میں پہنا دیا۔ بعض نے کہا ہے کہ انگوٹھی آئی تھی۔ (ایضا)

جب حضورِ اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آخری حج فرمایا تو ایامِ طفلی زینب کبریٰ آپ کے ساتھ تھیں یہ واقعہ ۱۰ھ کا ہے۔

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جب وقتِ رحلت قریب آیا تو آپ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا میرے بچوں کو لاؤ سیدہ امام حسن رضی اللہ عنہ وامام حسین رضی اللہ عنہ وامِ کلثوم رضی اللہ عنہا اور زینب رضی اللہ عنہا کو آپ کی بارگاہ میں لے کر حاضر ہو گئیں۔ نانا جان کی حالت دیکھ کر بچے رو پڑے آپ اس وقت سخت کرب و بے چینی میں تھے۔ بچوں کو دیکھ کر بڑے بھی رو پڑے۔ سیدہ زینب کبریٰ رضی اللہ عنہا نے امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سینۂ اقدس پر ہاتھ رکھا۔ سرکار محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہاتھ اٹھایا اور بچی کو اپنے ساتھ چمٹا لیا۔ شفقت کی نگاہ فرمائی سر پر ہاتھ پھیرا اور ماتھے پر بوسہ دیا۔ (ایضا)

## اخلاقِ فاضلہ

ایک مرتبہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا سے سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ پیار فرما رہے تھے تو آپ نے فرمایا یَابُنَیَّۃُ قُوْلِی وَاحِد۔ بیٹی کہو ایک سیدہ نے فرمایا "وَاحِدٌ"۔ پھر فرمایا بیٹی کہو اِثْنَیْنِ "دو۔ آپ خاموش ہو گئیں فرمایا تَکَلَّمِی یَاقُرَّۃُ عَیْنِیْ میری آنکھ کی ٹھنڈک بیٹی کہو۔ سیدہ نے عرض کیا۔ یَاأَبَتَاہ مَا أَطِیْقُ أَنْ أَقُوْلَ اِثْنَیْنِ بِلِسَانٍ أَجْرَیْتُہٗ بِالْوَاحِدِ۔ ابا جان مجھ میں یہ طاقت نہیں جس زبان سے ایک بار ایک کہہ دیا اس زبان سے اب دو کہوں۔ سیدہ کا یہ شگفتہ و پیارا جواب سن کر آپ خاموش ہو گئے۔ اور مسکراتے ہوئے بیٹی کو سینے سے چمٹا لیا اور دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔ (ایضا)

## شباہت وشمائل

چہرہ مبارک نورانی اور ام المؤمنین سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا سے ملتا جلتا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا کرتے تھے میری اس نواسی زینب رضی اللہ عنہا کی شکل و شباہت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی طرح ہے۔ آپ کشیدہ قامت تھیں۔ چہرہ مبارک سے رعبِ حیدری اور جلالتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آشکار تھے۔ اعضاء مناسبہ آپ کی بزرگی ومہابت پر دال تھے۔ عصمت وحیاء میں سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے مثل اور فصاحت و بلاغت وطرزِ تکلم شیرِ خدا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور حلم و بردباری میں امامِ حسن کی مثل اور شجاعت واطمینان قلب میں امام الشہداء امامِ حسین کے ہم مثل تھیں۔ (الجواہر، ص:۱۵۱)

## نکاح

آپ کا نکاح مبارک حضرت عبداللہ ابنِ جعفر طیار رضی اللہ عنہ چچازاد بھائی سے کیا گیا اور مسجد میں آپ کا نکاح ہوا اور رسمِ نکاح نہایت سادگی سے ادا ہوئی اور دوسرے روز حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے دعوت ولیمہ کی، جہیز میں کیا دیا گیا؟ اس کے متعلق معلوم ہوتا ہے کہ شیرِ خدا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے طریقہ کے مطابق دیا ہوگا۔

## امورِ خانہ داری

گھریلو کام کاج کھانے پکانے کی سیدہ کو مہارتِ خاصہ تھی۔ شادی سے پہلے گھر کا تمام نظم ونسق سنبھالا ہوا تھا کہ جیسے ہر چیز کا سلیقہ ان میں اعلیٰ طور پر تھا۔ دیکھ کر رشک ہوتا تھا اور شادی کے بعد اپنے گھر کو بھی اسی طرح سنبھالا اور غریبوں بے کسوں کی امداد کرتیں اور

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

گھریلو خرچ میں کفایت شعاری کرتیں۔ حضرت عبداللہ ابن جعفر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ زینب رضی اللہ عنہا بہترین گھر والی اور کھانے پکانے میں سیدہ کی طرح اعلیٰ بہترین کھانا تیار فرماتیں تھیں۔

## شرم وحیاء

یحییٰ بن مازنی کا بیان ہے کہ مدینہ منورہ میں سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے گھر کے جوار میں کافی عرصہ رہا ہوں۔ لیکن سیدہ زینب عالیہ رضی اللہ عنہا کو اس مدت میں مَارَأَیْتُ لَهَا شَخْصًا وَلَا سَمِعْتُ لَهَا صَوْتًا۔ کبھی ان کا قدوقامت دیکھنے میں آیا نہ کبھی ان کی آواز سنی۔ ایک واقعہ یہ بھی آتا ہے کہ بچپن شریف میں تھوڑے سی عمر تھی کہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا قرآن پاک کی تلاوت فرمارہی تھیں اور استغراق کا عالم یہ تھا کہ سر مبارک سے ردا اتر گئی اور مطلقاً خبر نہ ہوئی۔ سیدہ فاطمہ الزہرا ثمرۂ نبوت مآب سلام اللہ علیہا نے فرمایا بیٹی سر پر چادر کو کرلو بیٹی گو گھر میں کوئی غیر نہیں لیکن خدا کا مقدس قرآن اور ننگے سر۔ ایسی شہزادی کی پھر شرم وحیا کا کیا شان ہوگا جس کی مقدس ماں نے ایسا درس دیا۔ (الجواہر)

## عظمتِ شوہر

جس سیدہ نے شوہر کی عظمت کا درس خاتونِ جنت جیسی ماں سے سیکھا اس بیٹی زینب نے اپنے شوہر کو کہاں تک خوش رکھنے کی کوشش کی ہوگی آپ نے اپنی پوری زندگی میں شوہر کے احترام اور عظمت اور ان کو خوش رکھنے کی پاسداری فرمائی کسی موقع پر انہیں رنجیدہ نہیں ہونے دیا۔ سیدہ کے شوہر حضرت عبداللہ ابن جعفر رضی اللہ عنہ مالدار اور اعلیٰ تاجر تھے روپیہ کی کوئی کمی نہ تھی۔ لیکن سیدہ نے کبھی بھی ان کی دولت کو اہمیت نہ دی۔ بلکہ جو کچھ ملتا وہ بھی غریبوں میں تقسیم فرمادیتیں اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی بھی عادت تھی کہ جو کچھ کماتے سب لوگوں پر خرچ کرتے۔ ایک مرتبہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے آپ سے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے اس لیے دیا ہے کہ سب اس کے بندوں پر خرچ کرتا رہوں۔ یہی عادت سیدہ کی بھی تھی۔ مزاج، تعلقات، طبیعت سب اپنے شوہر کے مطابق تھی۔ رہا چھوٹے موٹے معاملات میں میاں بیوی میں معمولی شکر رنجی ہونا تو یہ دوسری چیز ہے سب جگہ ہوتی ہے کوئی ایسا واقعہ نہیں ملتا جس سے کسی خاص معاملہ میں ان کے درمیان شکر رنجی ہوئی ہو۔ سیدہ نے پوری زندگی اپنے شوہر کی مرضی کے خلاف کوئی کام نہیں کیا اور وہ ہر وقت ان سے خوش رہتے اور انہوں نے بھی پوری زندگی اپنی اس اہلیہ کو خوش رکھنے کی کوشش کی۔ زندگی میں شوہر سے جدائی کا ایک پہلا موقعہ یہ آیا کہ جب امام حسین رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ سے مکہ معظمہ جانے لگے تو سیدہ نے اپنے شوہر سے کچھ کہنا چاہا وہ یہ کہ مجھے اپنے بھائی کے ساتھ پیار ہے چاہتی ہوں کہ ان کے ساتھ چلی جاؤں نہ کہہ سکیں اور رو پڑیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سیدہ کو دیکھ کر خود مغموم ہو گئے اور بار بار رونے کی وجہ دریافت کرنے پر سیدہ نے کہا کہ بھائی امام حسین رضی اللہ عنہ کیساتھ جانے کو ان کی محبت مجبور کرتی ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہا اس سے بہت متاثر ہوئے اور فرمایا تم پریشان وغمگین نہ ہو تمہیں اجازت ہے کہ اپنے بھائی کے ساتھ چلی جاؤ۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت عبداللہ نے ایسی بات پر بھی سیدہ کی دل شکنی اس لیے نہ فرمائی کیونکہ آپ جانتے تھے کہ میری دل شکنی آج تک نہیں ہوئی اور خوش رکھا۔ لہٰذا اس بات پر اگر سیدہ خوش ہیں تو کوئی حرج نہیں۔

حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہا اور سیدہ زینب رضی اللہ عنہ جنگ جمل ۳۶ھ اور صفین ۳۷ھ اور نہروان ۳۸ھ میں ساتھ تھے اور بہت اہم ذمہ داریاں ان کے سپرد تھیں حضرت علی رضی اللہ عنہا کے بعد جب حسین رضی اللہ عنہ کوفہ سے مدینہ آ گئے تو

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس وقت بھی سیدہ اوران کے شوہران کے ہمراہ آئے ان واقعات سے معلوم ہوتا ہے کہ میاں بیوی کے تعلقات خوشگوار تھے۔لیکن سیدہ کا شوہر کے علاوہ زندگی کا بیشتر حصہ مصائب وصدمات میں گذرا۔(الجواہر)

## زہد وتقوٰی

دنیا کی زینتوں اورلذتوں اورساز وسامان اورعیش وعشرت اور مال ودولت، دنیاوی خوشحالی، دنیاوی راحت کوسیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے کبھی ترجیح نہ دی۔سب کچھ ہوتے ہوئے آخرت کوترجیح دی۔یہ وہ خاصۂ عظیم تھا جو کہ نبوت سے وراثت میں آپ کو حاصل ہوا تھا۔شائد ہی ایسی کوئی اور مثال مل سکے۔یہ آپ کے زہد اور تقویٰ کی بے مثل دلیل ہے اکثر عبادت واطاعت میں اپنی زندگی بسر کردی۔آپ کی عبادت واطاعت کا یہ عالم تھا کہ ساری عمر نمازِ تہجد نہ چھوڑی۔اکثر اوقات سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے یہ میری بہن تہجد گذار ہے اور اے میری بہن میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ میرے لیے اس وقت دعا کیا کرو۔ایسی معظمہ، عابدہ، زاہدہ مقدس ہستی تھیں بلکہ امامِ زین العابدین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حادثۂ کربلا کے خونی منظر کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے کے ساتھ ساتھ اور بعد میں اسیر ہوکر کوفہ آنے اور وہاں قیام کے دوران اور اس کے بعد دمشق جیسے سخت ترین سفر میں بھی۔اِنَّ عَمَّتِیْ زَیْنَبَ تِلْكَ الْمَصَائِبُ وَالْمِحَنُ النَازِلَةَ بِهَا طَرِیْقَتَهَا اِلَی الشَّامِ نَوَافِلَهَ اللَّیْلَةِ۔میری پھوپھی زینب عالیہ رضی اللہ عنہا نے ان مصائب وشدائد کے باوجود اور جو شام کے سفر میں پیش آئے نمازِ تہجد ترک نہیں کی۔(ایضا)

## ایمان وتوکّل

سیدہ کے صبر وشکر اور ایمان وتوکل کا پورا اندازہ اس وقت ہوتا ہے جب کہ اس کا عمدہ عملی مظاہرہ پیش فرمایا جب سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد مخدراتِ عصمت وطہارت کو اسیر کرکے وہاں سے گزارا گیا جہاں سید الشہداء کی لاشِ مطہرہ مع اعزہ وانصار کی لاشہائے مقدسہ بے گوروکفن تپتی ہوئی ریت پر خاک وخون میں غلطاں پڑی ہوئی تھیں۔اس وقت کوئی بھی یہ حال دیکھتے گھل جاتا۔مگر امامِ رضی اللہ عنہ کی بہن صابرہ نے پورے صبر وثبات اور یقین واعتماد کے ساتھ بارگاہ رب العزت میں دستِ دعا بلند کرکے یوں عرض کیا۔اِلٰهِی تَقَبَّلْ مِنَّا هٰذَا الْقُرْبَانِ۔اے الٰہ العالمین!اپنے دین کے تحفظ کے سلسلہ میں ہماری یہ قربانی قبول فرما۔یہ سیدہ کے قول وفعل اور آپ کے معرفتِ الٰہی اور توکل علی اللہ کے اعلیٰ مراتب پر فائز ہونے کی بین دلیل ہے اور سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ واقعۂ کربلا میں اور بعد کے مصائب میں سیدہ نے جس صبر ورضا کا ثبوت دیا اس کی مثال نہیں مل سکتی۔آپ کو اپنے بھائی امامِ حسین رضی اللہ عنہ سے بے پناہ محبت تھی اور اس محبت کا حق انہوں نے کربلا اور بعد از کربلا اپنے عملی نمونہ سے پیش کیا ہے اس لیے آپ کو شریکۃ الحسین، عابدہ، صابرہ، زاہدہ، عالمہ، معلمہ بھی کہتے ہیں۔کوفہ میں سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں آپ کے مکان میں آپ کوفہ کی عورتوں کو قرآن پاک کا درس دیا کرتی تھیں۔

الغرض ایثار اور قربانی اور دانشمندی اور استقامت واستقلال وصداقت وجرأت وتواضع، مہمان نوازی، زہدوتقویٰ، عبادت ودریاضت، اخلاق، سادگی، پاکیزگی ان تمام صفات کا سیدہ میں جمع ہونا ان کے شایانِ شان تھا۔جیسا کہ اس کی کچھ تفصیلات گذشتہ بابوں میں بیان کی جاچکی ہے۔(ایضا)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فرمایا امانت سے خبردار ہو زینب
ہم جاتے ہیں تم قافلہ سالار ہو زینب
یہ دین کی آواز تھی ایماں کی ضرورت
یہ آہ تھی پیغامِ شہیدان کی ضرورت
شبیر کو تھی اس دل سوزاں کی ضرورت
تفسیر ہو جس طرح قرآں کی ضرورت
ایمان کی منہ بولتی تصویر تھی زینب
شبیر کا سر کٹتے ہی شبیر تھی زینب
عجیب کام کیاتونے مرحبا زینب
معین مقصد سلطان کربلا زینب
حسین منزلِ حق ہیں توحق نما زینب
سلام بھیجتے ہیں اپنی شہزادی پر
کہ جس کو سونپ گئے چلتے وقت گھر کا سرور
مسافرت نے عجب بے بسی یہ دکھلائی
نثار کردیے بچے نہ بچ سکا بھائی
جو کچھ ہے میرے پاس وہ قربان ہے بھائی
وہ بیٹے ہیں اورایک میری جان ہے بھائی

## وصال

سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے وصال کی تاریخ میں اختلاف پایا جاتا ہے لیکن کثرتِ رائے یہ ہے کہ پندرہ رجب المرجب ۶۲ھ میں اس وقت ہوا جب کہ حضرت عبداللہ ابنِ جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ شام کے سفر میں جارہے تھے تو راستہ میں دمشق کے قریب ان کا انتقال ہوگیا اور وہاں ہی آپ کو دفن کیا گیا۔ بعض نے آپ کا انتقال مدینہ منورہ اور بعض نے قاہرہ اور بعض نے دمشق بتایا ہے۔ لیکن صحیح یہی ہے۔ (ایضاً)

## مرقدِ اقدس

سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے جس طرح تاریخِ وصال میں اختلاف پایا جاتا ہے اسی طرح آپ کے مدفن شریف، مزار میں بھی اختلافِ شدید پایا جاتا ہے۔ بعض نے ان کا مدفن مدینہ منورہ در جنت البقیع بیان کیا ہے اور بعض نے قاہرہ (مصر) میں بیان کیا ہے اور اکثر کا اتفاق دمشق کے قریب بمقامِ زینبیہ اس جگہ کا نام پڑ گیا ہے وہاں پر آپ کا مزارِ اقدس ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ست زینبیہ یا زینبیہ ایک چھوٹا سا گاؤں ہے جو دمشق شہر سے چار میل کے فاصلے پر جنوب مغرب کی طرف ہے۔ دمشق سے بسیں یہاں آتی جاتی رہتی ہیں۔ پختہ سڑک ہے اور سڑک کے دونوں طرف سبزہ ہی سبزہ ہے۔ مقامِ زینبیہ سے میل سے ہی سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کا مزارِ اقدس دور سے سبز رنگ کا نظر آنا شروع ہو جاتا ہے۔ مزار اقدس کی بیرونی عمارت کے دو دروازے ہیں ایک دروازہ مسجد کی طرف اور دوسرا مزار کے دروازہ کے نزدیک ہے جس پر لکھا ہوا ہے سیدہ زینب کبریٰ بنتِ سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما کا نہایت عظیم الشان مزارِ اقدس ہے آپ کے روضہ کے قریب بائیں جانب زائرین کے لیے کمرے بنے ہوئے ہیں۔ ایک بلند مینار بھی ہے۔ روضہ کے دروازے پیتل کے بنے ہوئے ہیں اور قبر اوسط درجہ کے چوکور ہال میں ہے فرش سنگِ مرمر کا ہے جس پر قیمتی قالین بچھے ہوئے ہیں۔ قبر کے چاروں طرف چاندی کا خوبصورت کٹہرہ ہے جالی میں چاندی کے موٹے موٹے گولے ہیں۔ جالی کے نیچے ۷۷ ۱۸ انچ موٹا تہہ کا بارڈر ہے۔ تابوت کے اوپر چھت میں سونا ہے۔ تابوت شیشہ کے صندوق میں ہے۔ قبر مبارک پر قیمتی کپڑے اور ان پر سونے کا تاج رکھا ہوا ہے۔ روضہ کی چھت میں جڑے ہوئے شیشے چمکتے ہیں۔

بوستانِ آرام گاہِ دخترِ شیرِ خدا
سجدہ کن درگاہ نوردیدہ خیران ورا
تانبور معرفت چشم خرد سازی نبور
توتیائی دیدہ کن ایں خاک پر قدرو امارا

شیخ ابوبکر الموصلی علیہ الرحمہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے بارہ سال متواتر سیدہ زینب الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی بارگاہِ اقدس میں حاضر دی۔ میرا طریقہ یہ تھا کہ جب میں حاضر ہوتا تو روضۂ اطہر کے اندر نہیں جاتا تھا بیرونی حصہ پر قدموں مبارک کے سیدھ میں کھڑا ہو جاتا اور سلام پڑھتا اور واپس آ جاتا۔ یعنی ادب و احترام کے پیشِ نظر اندر جانے کی جرأت نہ کرتا۔ فرماتے ہیں ایک روز میں نے خواب میں دیکھا کہ سیدہ زینب مزارِ اقدس سے باہر نکلیں آپ کی عزت و شان و جلالت و وقار کو دیکھا اور فرمایا۔

زَادَكَ اللّٰهُ اَدَبًا اِنَّ جَدِّی وَاَصْحَابَهٗ كَانُوْا يَزُوْرُوْنَ اُمِّ الْاَيْمَنَ بَعْدَ مَوْتِهَا۔

اے بیٹے اللہ تیرے ادب کو اور زیادہ کرے بے شک میرے نانا جان اور آپ کے اصحاب، ام ایمن جس نے آپ کو پالا تھا اس کی وفات کے بعد زیارت کیا کرتے تھے۔

واضح رہنا چاہیے کہ سیدنا عبداللہ ابن جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کے شوہر کا مزار دمشق کے جامع صغیر نامی قبرستان میں ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

باب ۲۷

# نافرجام قاتلانِ امام کا عبرت ناک انجام

## یزید کی ہلاکت، سنگباری اور آگ

آخرکار یزید پلید تین برس سات مہینے حکومت کرنے کے بعد پندرہ ربیع الاول شریف ۶۴ھ کو جس روز اس کے حکم سے کعبہ معظّمہ کی بے حرمتی کی گئی تھی انتالیس برس کی عمر میں تڑپ تڑپ کر زمین پر ایڑیاں رگڑتا ہوا اور چیخ و پکار کرتا ہوا سسک سسک کر مر گیا۔ اس کے گھر والوں میں سے بھی کوئی اس کے نزدیک نہ ہوا۔

گویا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فرمان کے مطابق حرمین شریفین کی اہانت کرنے والا نمک کی طرح گھل کر ہلاک ہو گیا۔ حضرت ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ نے ندا ء کی کہ اے لوگو! اہلِ شام آج تمہارا طاغوت ہلاک ہو گیا یہ خبر سنتے ہی وہ لوگ بھی ذلیل و خوار ہو گئے۔ جو کعبۃ اللہ کی بے حرمتی کر رہے تھے اور اہلِ مکہ کو بھی اس کے مرنے سے نجات ملی جو اس کے حکم سے تباہی مچا رہے تھے۔ (الحیات)

دمشق کے پرانے قبرستان باب الصغیر کے کچھ آگے یزید کی قبر کا نشان تھا جس پر آج سے کئی سالوں پہلے لوگ اینٹیں پتھر مارتے تھے اور اکثر اینٹوں کا ڈھیر لگا رہتا تھا وہاں اب شیشہ، کانچ، لوہا، گلانے کی بھٹی لگی ہوئی ہے اس کارخانہ میں شیشے کے برتن بنائے جاتے ہیں اس لوہے اور کانچ کو گلانے کی آگ والی بھٹی بالکل ٹھیک جس جگہ قبر تھی وہاں بنی ہوئی ہے۔ گویا یزید کی قبر پر ہر وقت آگ جلتی رہتی ہے۔ (تاریخ کربلا)

نہ وہ یزید کی جفا رہی نہ وہ عبید کا ستم رہا
رہا تو نامِ حسین زندہ جسے رکھتی ہے کربلا

## مختار بن ابوعبیدہ ثقفی

مختار قبیلہ ثقیف کا فرد تھا اور طائف کا باشندہ تھا یہ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیٹا تھا۔ جن کا شمار سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں ہوتا ہے اس لیے کہا جاتا ہے مختار بن ابوعبیدہ۔ مختار بن ابوعبیدہ نے کوفہ میں سکونت اختیار کر لی اور اس کا شمار کوفہ کے روٴسا میں ہوتا تھا جیسا کہ سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کوفہ پہنچنے پر سب سے پہلے آپ اسی مختار کے گھر قیام پذیر ہوئے۔

جب کوفہ کے حالات خراب ہو گئے تو مختار نے کوفہ کی سکونت ترک کر دی۔ تو وہ کوفہ کے باہر اپنی ملکیتی بستی جس کا نام تغا ہے وہاں چلا گیا۔ جہاں اس کی جائیداد اور باغات وغیرہ ذاتی ملکیت تھے وہاں رہائش اختیار کر لی۔ پھر سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ نے حضرت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہانی بن عروہ کے ہاں قیام فرمایا۔ جنہوں نے اپنے جلیل مہمان کی خاطر اپنی جان قربان کر دی تھی۔

جب عبیداللہ ابن زیاد نے ان عظیم شخصیتوں کو گرفتار کر کے شہید کر ڈالا تو اس دوران ہی اس نے مختار بن ابوعبیدہ کو تغابستی سے گرفتار کر کے قید کر دیا کیونکہ اسے شبہ تھا کہ یہ بھی آلِ رسول ﷺ کا محب ہوگا۔ جبھی اس نے امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کو اپنے گھر میں پناہ دی تھی۔ ان خطرات کی بناء پر پھر یہ مختار قید میں رہا۔ یہاں تک کہ واقعۂ کربلا کے بعد تا دیر اس کو عبیداللہ ابن زیاد نے قید میں ہی رکھا۔ یہی وجہ ہے کہ امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ سے لے کر سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی شہادتِ عظمیٰ اور اس کے بعد تک مختار کا کہیں نام نہیں ملتا۔ اب جب یزید کو شہادتِ امام کے بعد اپنی حکومت کا خطرہ پڑا تو ان دنوں موقعہ پر کسی طریقہ سے مختار بن ابوعبیدہ ثقفی نے حضرت عبداللہ ابنِ عمر جن کے ہاں مختار کی حقیقی بہن صفیہ تھی ان کو خط بھجوایا کہ مجھے قید سے رہائی دلائی جائے۔ حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے یہ خبر پاتے ہی یزید پلید کو لکھا کہ تمہارے کوفہ کے حاکم عبیداللہ ابنِ زیاد نے مختار کو گرفتار کر رکھا ہے اس کو بہتر ہے کہ فوری طور پر رہا کرو۔ یزید کو جب یہ پیغام ملا تو اس نے مصلحتاً یعنے اپنی سلطنت پر مزید خطرات سے بچنے کے لیے عبیداللہ ابنِ زیاد کو حکم دیا کہ وہ فی الفور مختار کو رہا کر دے۔ چنانچہ یزید کا حکم پاتے ہی چند ہدایات جاری کر کے رہا کر دیا گیا۔ (حیات)

## مختار بن ابوعبیدہ کا دورِ حکومت

یزید پلید کی ہلاکت کے بعد حضرت عبداللہ ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت ہوئی۔ مگر شام کے لوگوں نے مرگِ یزید کے بعد یزید کے بیٹے معاویہ ابن یزید کی بیعت کر لی مگر اس نے خلع بیعت کر لیا اور تین ماہ چالیس روز کے بعد وفات پائی۔ اس کی عمر اکیس سال اٹھارہ دن تھی۔ اس کے مرنے کے بعد اہلِ مصر و شام نے بھی حضرت عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ کی بیعت کر لی۔ پھر مروان بن حکم نے خروج کیا اور اس کو مصر و شام پر قبضہ حاصل ہوا اور ۶۵ھ میں وفات پائی۔ پھر اس کی جگہ اس کا بیٹا عبدالملک اس کا قائمقام ہوا اور عبدالملک کے عہد میں مختار بن ابوعبیدہ ثقفی کوفہ کا حاکم ہوا۔

## مختار کی مدح و قدح پر اختلاف

اگرچہ مختار بن ابوعبیدہ ثقفی کے بارے میں شدید اختلاف پایا جاتا ہے۔ بعض نے اس کی تعریف میں اور بعض نے اس کی مخالفت میں بیان دیے ہیں لیکن جہاں تک حقیقت کے اعتراف کا تعلق ہے وہ قدح کرنے والوں کے نزدیک بھی یہ مانا گیا ہے بلکہ لکھا گیا ہے کہ مختار سے قدرتِ کاملہ نے جو کام قاتلانِ امام اور واقعۂ کربلا کے ظلم و ستم کا انتقام اس سے جو لینا تھا وہ مختار کے ذریعے سے لیا۔ اس لیے یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ یہ شانِ خداوندی ہے کہ وہ بے مایہ ذروں سے آفتاب کا کام لیتا ہے۔ چنانچہ مولیٰ تعالیٰ نے اس مختار کو کوفہ کا حاکم بنایا اور اس کے ہاتھوں سے ظالموں کو کیفرِ کردار تک پہنچایا۔ (حیات)

## کربلا کا انتقام

یزید اور عبیداللہ ابنِ زیاد اور عمرو ابن سعد کے دماغوں میں جہانگیرِ سلطنت کے نقشے کھنچے ہوئے تھے دنیا پرستاران سیاہ باطن اور مغرورانِ تاریک دل کیا امیدیں باندھ رہے تھے اور سرکار سید الشہداء رضی اللہ عنہ کی شہادت سے ان دشمنانِ حق کو کیسی توقعات تھیں۔ لشکریوں کو گراں قدر انعامات کے وعدے دیے گئے۔ سرداروں کو عہدے اور حکومت کا لالچ دیا گیا تھا۔ وہ سمجھتے تھے کہ فقط

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سرکارامام کا ہی وجود ہمارے لیے عیش ودنیا سے مانع ہے۔ یہ نہ ہوں تو تمام کرۂ زمین پر یزیدیوں کی سلطنت ہوجائے اور ہزاروں برس کے لیے ان کی حکومت کا جھنڈا گڑ جائے۔

مگر ظلم کے انجام اور قہر الٰہی کی تباہ کن بجلیوں اور دردِ سیدگان آلِ نبوت کی جہاں برہم کن آہوں کی تاثیرات سے بے خبر تھے۔ انہیں نہیں معلوم تھا کہ خون شہدائے کربلا رنگ لائے گا اور سلطنتوں کے پرزے اڑ جائیں گے اور ایک ایک شخص جو قتلِ امام میں شریک ہوا طرح طرح کے عذابوں میں مبتلا ہوکر ہلاک ہوگا۔

ظالموں کی قوم ہوگی۔ مختار کے گھوڑے ان کو روندتے ہوں گے۔ ان کی جماعتوں کی کثرت ان کے کام نہ آئے گی ان کے ہاتھ پاؤں کاٹے جائیں گے۔ سولیاں دی جائیں گی۔ لاشیں سڑیں گی۔ دنیا میں ہر شخص تف تف کرے گا۔ ان کی ہلاکت پر خوشیاں منائی جائیں گی دل چھوڑ کر ہجڑوں کی طرح بھاگیں گے اور چوہوں اور کتوں کی طرح انہیں جان بچانی مشکل ہوگی۔ جہاں کہیں پائے جائیں گے مار دیے جائیں گے۔ دنیا میں قیامت تک ان پر نفرت وملامت کی جائے گی۔

اب وعدۂ خداوندی ظاہر ہوگیا۔ وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ۔ ظالموں نے جیسا ظلم کیا قریب ہے کہ ان پر پلٹے گا۔ مختار نے عہدۂ سلطنت سنبھالتے ہی اعلانِ عام کردیا کہ جن لعنتیوں نے نواسۂ سیدالابرار سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ اور ان کی اولاد اور عزیز واقارب اور رفقاء واحباب پر کربلا میں ظلم کیے ہیں اور ان کو بیدردی کے ساتھ شہید کیا ہے۔ اب وہ اس کی سزا کے لیے تیار ہوجائیں اور حدیث شریف میں اللہ تعالیٰ کا یہ جو وعدہ ہے کہ خونِ امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے بدلے ستر ہزار شقی مارے جائیں گے۔ ظاہر ہے کہ اب ان میں کوئی بھی نہ بچ سکے گا۔ (حیات)

## قاتلانِ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے گھروں کا ڈھایا جانا اور قتل کرنا

مختار نے پولیس کا سربراہ افسر عبداللہ بن کامل شاکری مقرر کیا اور فوج کا سربراہی افسر ابوعمرہ مقرر کیا۔ اس کے بعد حکم دیا کہ مکانوں کے گرانے کے تمام آلات جمع کرلیے جائیں۔ چنانچہ جب تمام سامانِ مکانات ڈھانے والا جمع کرلیا گیا تو حکم دیا کہ آلِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے قاتلان کو چن چن کر ان کے گھروں کو ڈھایا جائے اور ساتھ ہی ان افراد کو قتل بھی کردیا جو کہ کربلا میں ظلم وستم میں شریک تھے۔

چنانچہ پولیس وفوج کے آدمیوں نے ایسے تمام افراد کے گھروں کو گرادیا اور ان افراد کو قتل کرڈالا جو سرکارامام رضی اللہ عنہ کے قتل میں شریک تھے پھر ان کی لاشوں کو جلادیا گیا۔

## راہِ فرار اختیار کرنے والوں کا تعاقب کرکے مارا جانا

جب مختار کے اس حکم پر عمل شروع ہوا تو کئی ملعون کوفہ سے باہر ادھر ادھر شہروں میں بھاگنے شروع ہوگئے۔ جب مختار کو اس کی خبر ہوئی تو اس نے پولیس اور فوج کو حکم دیا کہ ہر طرف ناکہ بندی کرلو اور بھاگنے والوں کا پیچھا کرکے ان کو جہاں کہیں پاؤ مار ڈالو۔ چنانچہ جب ایسے لوگوں کا تعاقب کیا گیا تو ان کو جہاں کہیں دور دراز چلے گئے پاکر مار ڈالا گیا جن کی تعداد سینکڑوں تھی۔ (ایضا)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## یزیدی فوج کے وہ افراد جن کو ٹکڑے کر کے آگ لگا دی

مختار نے ایک حکم خاص دے رکھا تھا جن میں صرف وہ اشخاص تھے جو یزیدی فوج کے افسر اور خاص ظلم وستم کرنے میں کربلا میں آگے تھے ان ناموں کی فہرست کے مطابق ان سب کو گرفتار کیا گیا اور مختار کے پاس پیش کئے گئے۔ جو مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ مالک ابن نسر وبسر جہنی جس نے سرکار امام کے سرِ اقدس پر تلوار کا وار اس وقت کیا جب آپ زخموں سے چور زمین پر گرے تھے اور اٹھنا چاہتے تھے کہ اٹھا نہ جاتا تھا کہ اچانک اوپر سے اسی ملعون نے بھرپور وار کیا کہ امام کا سر مبارک شگافتہ ہوگیا۔ اس کو گرفتار کیا گیا۔

۲۔ حرملہ ابن کامل اسدی۔ یہ وہ ملعون تھا جس نے شہزادہ علی اصغر رضی اللہ عنہ امام رضی اللہ عنہ کے طفلِ شیر خوار کو پانی کا قطرہ دینے کی بجائے اس زور سے تیر مارا کہ شہزادہ نے تڑپ تڑپ کر آغوش میں جان دے دی۔ اس کو گرفتار کیا گیا۔

۳۔ حکیم بن طفیل یہ وہ ہے جس نے سرکار امام کی پیشانیٔ اقدس پر اس قدر زور سے تیر مارا کہ آپ کا سرِ اقدس چکرا گیا اور غیبی آواز آئی۔ ظالمو! کس پیشانی پر تیر مارا ہے۔ مَسَحَ النَّبِیُّ جَبِیْنَہٗ۔ جس پیشانی کو سرورِ کون ومکان نے بوسہ دیا ہے اس ملعون کو گرفتار کر کے لایا گیا۔

۴۔ خولی بن یزید اصبحی۔ یہ وہی ملعون ہے جس نے سرکار امام کے سرِ اقدس کو نیزہ کی نوک پر چڑھایا۔ اور کوفہ کے بازاروں میں پھرایا۔ ایسی توہین وبیحرمتی کرنے والے کو گرفتار کر کے لایا گیا۔

۵۔ عمرو بن الحجاج زبیدی۔ یہ وہ ملعون تھا جو نہرِ فرات پر آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پانی کی ایک بوند نہ لینے پر متعین افسر تھا اور ناکہ بندی کر رکھی ہوئی تھی اور آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پانی کا ایک قطرہ بھی نہ لینے دیا اس کو بھی گرفتار کر کے لایا گیا۔

۶۔ شمر ذی الجوشن منحوس۔ یہ وہ ملعون ہے جس نے سرکار امام عالی رضی اللہ عنہ مقام کو زخموں کی حالت میں چور چور پا کر کربلا کے میدان میں سرِ اقدس کو تنِ اقدس سے جدا کیا اس کو بھی گرفتار کر کے لایا گیا۔

۷۔ بجدل بن سلیم کلبی۔ یہ وہ ملعون ہے جس نے سرکار امام رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد آپ کی چاندی کی انگوٹھی اتار لی۔ کہا جاتا ہے کہ سرکار امام رضی اللہ عنہ کی انگلی مبارک بھی ساتھ قلم کر دی تھی۔ اس کو بھی پکڑ کر لایا گیا۔

۸۔ زید بن وقاد۔ یہ وہ ملعون ہے جس نے آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کئی نفوسِ مقدسہ پر حملے کیے تھے اس کو بھی گرفتار کر کے لایا گیا۔

۹۔ عمرو بن صبیح صدائی (میداوی) اس ملعون نے بھی بڑھ چڑھ کر آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نفوسِ عالیہ پر حملے کیے۔

۱۰۔ قیس بن اشعث۔ وہ ملعون ہے جس نے سرکار امام رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد آپ کے کندھے مبارک کی چادرِ اقدس کو اتار لیا تھا اس کو گرفتار کر کے لایا گیا۔

۱۱۔ سنان بن انس نخعی یہ وہ شقی ازلی ہے جس نے سرکار امام رضی اللہ عنہ کو کربلا میں جب تیروں سے چھلنی گھوڑے پر سوار تھے اور بدنِ اقدس خون سے نہا رہا تھا تو آپ کی کمر مبارک پر اس قدر زور سے تیر مارا کہ شہزادۂ کونین گر پڑے۔

۱۲۔ نصر بن خرشہ۔ ۱۳۔ عثمان بن خالد۔ ۱۴۔ بشیر بن حوط۔

۱۵۔ عبداللہ بن صلحت۔ ۱۶۔ عبدالرحمٰن بن صلحت۔ ۱۷۔ مرہ بن منقا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۱۸۔ محمد ابن اشعث۔ ۱۹۔ عبداللہ بن عروہ خشعی۔ ۲۰۔ عبداللہ بن عتبہ غنوی۔
۲۱۔ شبث بن ربعی۔ ۲۲۔ اسماء بن خارغیقراری۔ ۲۳۔ اسحاق بن حیوٰۃ۔
۲۴۔ اخنس بن مرثد۔ ۲۵۔ رجاد بن منقد عبدی۔ ۲۶۔ سالم بن خثیمہ
۲۷۔ واحظ بن فاعم۔ ۲۸۔ صالح بن وہب۔ ۲۹۔ ہانی بن ثبیت۔
۳۰۔ اسید بن مالک۔

ان میں اسحاق بن حیوٰۃ ملعون سے ہانی بن ثبیت تک اور دو افراد سابقہ کل دس آدمی وہ ہیں جنہوں نے سرکار امام کی شہادتِ عظمیٰ کے بعد آپ کی لاشِ مقدس پر گھوڑوں کو دوڑا کر پامال کیا۔ یہ سب گرفتار کر کے مختار کے پاس لائے گئے۔

یہ تھے وہ تیس افراد جن کا بمعہ ناموں کے بیان کیا گیا ہے۔ لیکن اس کے علاوہ دو سو بیس افراد ایسے تھے یعنے کل اڑھائی سو افراد وہ یزیدی جنہوں نے عبیداللہ ابن زیاد کے ساتھ مل کر کربلا میں ظلم و ستم کیا تھا ان سب کو بر سر عام کوفہ دارالامارت کے باہر لٹکایا گیا اور ان کے ہاتھ پاؤں کاٹے گئے اور سسکا سسکا کر ان کے ٹکڑے کیے گئے۔ سر علیحدہ کر دیے گئے اور تمام نجس لاشوں کے ٹکڑے کر کے زمین پر گرا دیا گیا اور پھر مختار نے ان ٹکڑوں کو گھوڑوں کی ٹاپوں سے روندا اور ان کی ہڈیاں گوشت پسلیاں سب چکنا چور کر دیں۔ اس کے بعد تمام لاشوں پر تیل گرا کر اور لکڑیاں ڈال کر آگ لگا دی۔ اس ذلت و رسوائی کے ساتھ مارے گئے۔ خَسِرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃَ۔ پھر ان سب ظالمان ستم شعار مغرورانِ نابکار کے نجس سروں کو دشت بدشت پھرایا اور دنیا میں کوئی ان کی بے کسی پر افسوس کرنے والا نہیں۔ ہر شخص ملامت کرتا ہے اور نظرِ حقارت سے ان کے ذلیل ہو کر مرنے کے بعد بھی خوش ہوتا ہے۔ مسلمانوں نے مختار کے اس کارنامے پر اظہارِ فرح اور دشمنانِ امام سے بدلہ لینے پر مبارکباد دی۔ (سوانح کربلا)

کربلا میں یزیدی فوج جس کی تعداد تیس ہزار تھی اس کی کمان عمرو ابن سعد کے ہاتھ تھی اور اس کو یزیدی حکومت نے رے کی حکومت دینے کا وعدہ کیا گیا تھا۔ مختار نے اس کے بیٹے حفص کو بلوایا اور کہا تیرا باپ کہاں ہے۔ کہنے لگا وہ خلوت نشین ہے یعنے باہر آتا جاتا نہیں ہے۔ مختار نے کہا اب وہ رے کی حکومت کہاں ہے جس کی چاہت میں فرزندِ رسول، ابنِ بتول سے بیوفائی کی تھی۔ اب خلوت نشین کیوں ہوا اس وقت کیوں نہ خلوت نشین ہوا۔ مختار کو کچھ جواب نہ دے سکا۔ پھر مختار نے اس کو گھر سے بلوا لیا اور کہا ظالم کہاں ملک رے کی حکومت جس کے لالچ میں تو نے کربلا میں ظلم و ستم کیا۔ عمرو ابن سعد کچھ جواب نہ دے سکا اور اپنی جان بچانے کے لیے ہر ممکن مختار سے واسطے ڈالے لیکن مختار نے کہا ظالم جب نواسۂ رسول ﷺ نے تجھ سے بار بار بات چیت کی تو اس وقت تو نے کوئی امن کی بات نہ مانی اور کہتا تھا میں مجبور ہوں۔ آج میں بھی خدا کے حکم پر انتقام لے رہا ہوں میں بھی مجبور ہوں تمہیں بھی نہیں چھوڑا جائے گا۔ (سوانح کربلا)

مختار نے حکم دیا کہ جس طرح ظالم نے امام کے جوان بیٹے علی اکبر رضی اللہ عنہ شہید کئے تھے اس کے سامنے پہلے اس کے بیٹے حفص کو مارا جائے۔ حکم ملنے پر حفص کو دو ٹکڑے کر دیا گیا اس کے بعد حکم دیا کہ عمرو ابن سعد کی گردن اڑا دو۔ حکم ملنے پر اس کی گردن اڑا دی گئی۔ مختار نے پھر حکم دیا کہ ان کٹے ٹکڑے کر کے آگ لگا دو۔ چنانچہ ان کو نذرِ آتش کر دیا گیا۔ خَسِرَ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃَ۔ اور سر علیحدہ رکھوا دیے گئے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## مختار کے لشکر کی ابنِ زیادی لشکر سے موصل پر جنگ ابراہیم ابن الاشتر کی فتح اور ابن زیاد کی ہلاکت

مختار نے ابراہیم ابن الاشتر کو بیس ہزار کا لشکر دے کر کہا کہ عبیداللہ ابن زیاد جو موصل میں تیس ہزار مسلح لشکر کے ساتھ قیام پذیر ہے اس کے ساتھ جنگ کرو اور اس کے ساتھیوں کو مار ڈالو اور ابنِ زیاد کو مارنے کے بعد اس کا سر میرے پاس کوفہ دارالامارت لایا جائے۔اس کا حکم ملنا تھا کہ ابراہیم ابن الاشتر نے اپنے لشکر کو لے کر منازلِ سفر طے کر کے شام کو موصل سے پانچ فرسخ اس طرف نہر فرات پر پہنچ کر اپنا لشکر گاہ قرار دیا اور ساری رات ابراہیم ابن الاشتر سوئے تک نہیں بلکہ لشکر کی تیاری میں رہے۔دوسری طرف عبیداللہ ابن زیاد کا لشکر تھا صبح کی نماز کے بعد دونوں طرف سے شدید گھمسان کی جنگ ہوئی۔طرفین سے تیروں وتلواروں ونیزوں کی بارش شروع ہوئی۔لوہے سے لوہے ٹکرانے کی وجہ سے اس قدر شوروغل بلند ہوا کہ میدانِ جنگ لوہاروں کا بازار معلوم ہونے لگا۔تلواروں سے تلواریں ٹکرائیں اور چنگاریاں ہی نظر آنے لگیں۔میدانِ جنگ ایک تاریکی میں نظر آنے لگا۔

اسی اثناء میں نمازِ ظہر کا وقت آیا تو ابراہیم ابن الاشتر نے حکم دیا کہ میرے لشکری نماز کی تیاری کریں۔غبارِ جنگ اٹھا اور نمازِ ظہر ابراہیم ابن الاشتر نے بمعہ ساتھیوں کے ادا کی۔دیکھا گیا کہ طرفین سے سینکڑوں افراد مارے گئے۔اسی اثناء میں دوبارہ جنگ ابھی شروع نہیں ہوئی تھی کہ دیکھا گیا کہ ابنِ زیاد کے لشکر والے بھاگنے شروع ہو گئے۔اتنے میں ابراہیم ابن الاشتر کے لشکر نے تعاقب کیا اب دوسری طرف نہر تھی اور یہ شامی اگر پیچھے ہٹتے تو مارے جاتے اور آگے بڑھتے تو ڈوبتے۔اتنے اس طرح مرے نہیں تھے جتنے نہر میں ڈوب کر گر گر کر مرتے رہے۔اس تعاقب میں شامیوں کا بڑا جرنیل شرحیل بن ذرا الکلاح بھی مارا گیا۔جب ابراہیم ابن الاشتر کو اللہ تعالیٰ نے فتح وغلبہ دیا۔اور جنگ موقوف ہو گئی تو ابراہیم ابن الاشتر نے کہا کہ میں نے ایک ایسا آدمی مارا ہے جو نہر کے کنارے مرا پڑا ہے اس کی ٹانگیں مغرب کی طرف ہیں۔اور اوپر کئی خول ڈال رکھے تھے۔میرا اندازہ ہوا کہ یہی ابن زیاد ہے۔اب تم اس جگہ جا کر دیکھو۔اگر وہی ہے تو بتاؤ۔ورنہ اس کی تلاش کرو کہ وہ کہاں پر مرا پڑا ہے اس کے نجس سر کو مختار کے پاس بھیجنا ہے۔

چنانچہ تلاش کے بعد اس جگہ پر لشکری گئے۔تو پہچانا اور جانا گیا کہ ہاں یہی عبیداللہ ابنِ زیاد مرا پڑا ہے۔ابراہیم ابن الاشتر آئے اور انہوں نے تلوار مار کر سر علیحدہ کیا اور باقی لاشِ نجس کو آگ لگانے کا حکم دیا۔

## عبیداللہ ابنِ زیاد اور اس کے دو ساتھیوں کے مختار کی عدالت کوفہ دارالامارت میں شقی ازلی ظالم کے نجس سر

اب ابراہیم ابن الاشتر نے عبیداللہ ابن زیاد ملعون کا نجس سر حصین ابن نمیر کا نجس سر اور شرحیل ابن ذرا الکلاح کا نجس سر ایک بوری میں ڈالے اور کوفہ دارالامارت مختار کی عدالت میں پیش کر دیے۔مختار نے جب ابن زیاد کا نجس معلون سر دیکھا تو جوتے مارے۔جب ان سروں کو اسی جگہ رکھا گیا جہاں آج سے چھ سال قبل عبیداللہ ابن زیاد کرسی پر بیٹھا ہوا تھا اور سرِ اقدس امام رکھا گیا تھا اور آج مختار کرسی عدالت پر بیٹھا ہوا ہے اور اس ملعون کا سر نجس پڑا ہوا ہے۔مختار نے کہا اس نے امام کے ہونٹوں مبارک پر چھڑی مار کر گستاخی کی تھی اور آج میں اس ملعون پر جوتے مار رہا ہوں۔

اس کے بعد مختار نے حکم دیا کہ آج ظالم نابکار شقی ازلی ملعون ابن زیاد کے نجس سر کا تماشا دیکھو۔جونہی لوگوں کے کانوں میں اس کی خبر ہوئی۔تو لوگ خوشیوں کے ساتھ دیکھنے کے لیے جمع ہو گئے کہ آج مغرور فرعون ظالم کی ہلاکت کا جشن منایا جا رہا ہے۔اور ذلت اور

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

رسوائی کے ساتھ اس کا نجس سر پڑا ہوا ہے۔

## قدرتِ خداوندی سے ظالم سروں پر اژدھا کا مسلط ہونا

اسی اثناء میں عمارہ ابن عمیر بیان کرتے ہیں:

لَمَّا يُجِئَ بِرَأْسِ عَبِيْدِاللهِ ابْنِ زِيَادٍ وَ اَصْحَابِهٖ نَفَسَتْ رُؤُسَهُمْ فِيْ رَحْبَةِ دَارَالْاَمَارَةِ فَانْهِيْتَ اِلَيْهِمْ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ قَدْجَارَتْ فَاِذَاحَيَّةٌ قَدْجَاءَتْ فَجَعَلَتْ تُخَلِّلُ الرُّوْسَ حَتّٰى دَخَلَتْ فِيْ سَخَرِ عَبِيْدَاللهِ ابْنِ زِيَادٍ ثُمَّ خَرَجَتْ فَذَهَبَتْ ثُمَّ عَادَفَدَخَلَتْ فِيْهِ وفَعَلَتْ ذٰالِكَ مَرَّتَيْنِ اَوْثَلٰثًا۔ (کشوری ج ۲ ص ۱۵۰)

کہ جب عبیداللہ ابن زیاد اور اس کے ساتھیوں کے سر لا کر رکھے گئے اور میں اس وقت ان لوگوں کے پاس موجود تھا جب کہ وہ لوگ یہ کہہ رہے تھے کہ وہ آ گیا آ گیا اتنے میں ایک اژدھا نے آ کر ان سروں میں گھسنا شروع کر دیا اور عبیداللہ ابن زیاد کے نتھنے میں گھستا اور تھوڑی دیر ٹھہر کر باہر آ جاتا۔

اس واقعہ کو امام ترمذی علیہ الرحمہ نے بھی اپنی صحیح سند میں بیان فرمایا ہے اور تین دن تک لوگ متواتر یہ منظر دیکھتے رہے اور تف تف کرتے رہے۔ آج کوئی بھی اس ملعون پر اظہار افسوس کرنے والا نہیں۔

## سانپ کا عبیداللہ ابنِ زیاد کے نتھنوں سے گزر کر منہ سے نکلنا

علاوہ ازیں صاحب البدایہ والنہایہ جو ان کے نزدیک بھی مستند کتاب ہے نے ظالم کے نتھنوں اور منہ میں گزرنے کی تصدیق کی ہے اور علامہ عینی نے بھی اس کی تصدیق کی ہے کہ ظالم فاسق کے مرنے کے بعد پروردگارِ عالم نے اپنے قہر و غضب کی نشانی ظاہر کی۔

ثُمَّ اَنَّ اللهَ جَازٰى هٰذَا الْفَاسِقَ الظَّالِمَ عَبَيْدَاللهِ ابْنَ زِيَادٍ بِاَنْ جَعَلَ قَتْلَهٗ عَلٰى يَدَىْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اشْتَرٍ يَوْمَ السَّبْتِ الثَّمَانِ بَقِيْنَ مِنْ ذِى الْحِجَّةِ سَنَةَ سِتٍّ وَسِتِّيْنَ عَلٰى اَرْضٍ يُقَالُ لَهَا الْجَازَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْوَصْلِ خَمْسَةُ فَرَاسِخَ وَكَانَ الْمُخْتَارُبْنُ عَبَيْدَةَ الثَّقَفِيُّ اَرْسَلَهٗ لِقِتَالِ ابْنِ زِيَادَ وَلَمَّا قُتِلَ ابْنِ زِيَادجِيْ بِرَاْسِهٖ وَبِرُؤُسِ اَصْحَابِهٖ وَطُرِحَتْ بَيْنَ يَدَى الْمُخْتَارِ وَجَائَتْ حَيَّةٌ دَقِيْقَةٌ تَخَلَّلَتْ اَلرُّؤُسَ حَتّٰى دَخَلَتْ فِيْ فَمِ ابْنِ مَرْجَانَةَ وَهُوَابْنُ زِيَاد وَخَرَجَتْ مِنْ فِيْهِ وَجَعَلَتْ تَدْخُلُ وَتَخْرُجُ مِنْ رَاْسِهٖ بَيْنَ الرُّؤُسِ ثُمَّ انِ الْمُخْتَارِ بَعَثَ بِرَاْسِ ابْنِ زِيَادبِرُؤُسِ الَّذِيْنَ قَتَلُوامَعَهٗ اِلٰى مُحَمَّدِ بْنِ حَنِيْفِيَّةَ وَقِيْلَ اِلٰى عَبْدِاللهِ ابْنِ زَبِيْرَ فَنَصَبَهَا بِمَكَّةَ

پھر اللہ تعالیٰ نے فاسق ظالم عبیداللہ ابن زیاد کو بدلہ یہ دیا کہ اس کا قتل ابراھیم ابن الاشتر کے ہاتھ شنبہ کے دن ۸ ذی الحجہ ۶۶ھ کو اس سرزمین پر کرایا جسے جازر کہا جاتا ہے اور اس میں اور موضع وصل میں پانچ میل کا فاصلہ ہے جس کا واقعہ یہ ہوا کہ مختار بن عبیدہ ثقفی نے اسے ابن زیاد سے جنگ کرنے کے لیے بھیجا اور جب ابن زیاد قتل ہو گیا تو اس کا سر اور اس کے ساتھیوں کے سر لائے گئے۔ اور مختار کے سامنے (دارالامات کوفہ) میں لائے گئے تو ایک اژدھا پتلا آیا۔ جو ان سروں کو چھانٹ کر ابن مرجانہ (عبیداللہ ابن زیاد) کے منہ میں گھسا اور اس کے ناک کے نتھنوں سے نکلا اور پھر ناک کے نتھنوں سے گھستا ہوا منہ سے نکلا اور وہ یہی کرتا رہا کہ ان سب سروں میں سے صرف ابن زیاد کے سر میں گھستا ہے اور نکلتا ہے پھر مختار نے ابن زیاد اور اس کے ساتھیوں کے سروں کو

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

وَاَحْرَقَ ابْنَ الاشتر جثة ابْنَ زِيَادٍ وَجثة الْبَاقِيْنَ۔ (عینی ج ۷ ص ۶۵۷، البدایہ ج ۸ ص ۱۹۱)

محمد ابن الحنفیہ اور کہا گیا ہے کہ ابن عبداللہ ابن زبیر کے پاس بھیجا تو وہ مکہ معظمہ میں لٹکائے گئے اور ابن الاشتر نے ابنِ زیاد کی لاش اور باقی لاشوں کو جلا دیا۔

اس واقعہ مذکورہ کو حسن وصحیح کہا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس ظالم پر مرنے کے بعد اس اژدھا کو مسلط کیا جو اس کے نتھنوں سے گھس کر منہ سے نکلا اور منہ سے گھس کر نتھنوں سے نکلا۔ یہ عذاب وہ تھا جو مجرمین کے لیے بعدِ موت ہے۔ سیدنا امامِ عالی مقام رضی اللہ عنہ کی اہانت کرنے کی سزا و ذلت خدائے ذوالجلال نے دنیا میں لوگوں کے سامنے رکھ دی۔

نہ یزید کا وہ ستم رہا نہ زیاد کی وہ جفا رہی
جو رہا تو نام حسین کا جسے زندہ رکھتی ہے کربلا

## حضرت محمد ابن الحنفیہ رضی اللہ عنہ اور حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کے پاس نجس سروں کی پیشی

عبیداللہ ابنِ زیاد اور عمرو ابن سعد اور شرحبیل بن ذرا الکلاح اور حصین بن نمیر کے نجس سروں کو حضرت محمد ابن الحنفیہ ابن علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم اور پھر سیدنا امامِ زین العابدین بن امام حسین رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں بھجوایا گیا۔ جب ان پلید سروں کو دیکھا تو انہوں نے اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کیا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا وعدہ ظالموں کے حق میں پورا کر کے دنیا والوں کو دکھا دیا ہے کہ ظالموں نے جو ظلم کربلا میں کیا تھا اس کا انتقام پروردگارِ عالم نے لے لیا ہے لیکن ابھی آخرت میں ان کی سزا باقی ہے۔ گویا دنیا و آخرت ان ظالموں کے تباہ ہو گئے۔

پائی ہے کیا نعیم انہوں نے ابھی کیا سزا
دیکھیں گے وہ جحیم میں جس دم سزا ملی

## جو ظالم قتل ہونے سے بچ گئے وہ عجیب آفات و بلیات میں مبتلا ہو کر مر گئے ان سزاؤں کا بیان

یہاں تک کہ علامہ حافظ ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں نقل فرمایا۔

قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ اَلْاُسَيِّدِيُّ عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ مُنْذِرِ الثَّوْرِيُّ عَنْ اَبِيْهِ يُبَشِّرُ النَّاسَ بِقَتْلِ الْحُسَيْنِ قريته اَعْمٰى وَقَالَ ابْنَ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنِيْ جَدَّتِيْ اُمَّ اَبِيْ قَالَتْ شَهِدَ رَجُلَانِ مِنْ جُعْفَيْنِ قَتْلَ الْحُسَيْنِ اَبْنِ عَلِيٍّ قَالَتْ فَاَمَّا اَحَدُهُمَا فَطَالَ ذِكْرَهٗ حَتّٰى كَانَ يَلُفُّهٗ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَكَانَ يَسْتَقْبِلُ الرُّوَيَةِ بِفِيْهِ حَتّٰى يَاْتِيَ عَلٰى اٰخِرِهِمَا وَفِيْ قِصَّةٍ عَنِ السُّدِيِّ فَقُلْنَا مَا شَرَكَ فِيْ قَتْلِهٖ اَحَدٌ اِلَّا مَاتَ سُوْءَ مَنِيَّةٍ فَقَالَ مَا كَذَبَكُمْ يَا اَهْلَ الْعِرَاقِ فَاَنَا مِمَّنْ شَرَكَ فِيْ ذَالِكَ فَكَمْ يَبْرَحْ حَتّٰى وَجَاءَ

محمد بن صلت اسیدی نے ربیع بن منذر ثوری اور انہوں نے اپنے والد سے روایت کی ہے کہ ایک شخص نے آ کر لوگوں کو امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خوشخبری دی اور وہ اندھا ہو گیا جس کو دوسرا آدمی کھینچ کر لے گیا۔ ابن عیینہ کا بیان ہے کہ مجھ سے میری دادی نے کہا کہ قبیلہ جعفین کے دو آدمی جنابِ حسین رضی اللہ عنہ کے قتل میں شریک تھے۔ جن میں سے ایک کی شرمگاہ اتنی لمبی ہو گئی کہ وہ مجبوراً اس کو لپیٹتا تھا اور دوسرے آدمی کو سخت استسقاء ہو گیا کہ وہ پانی کی بھری ہوئی مشک کو منہ سے لگا لیتا اور پانی کی آخری بوند تک چوس جاتا۔ سدی ایک قصہ بیان کرتے ہیں کہ میں ایک جگہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْمِصْبَاحُ وَهُوَيَتَقِدُ خَفِضَ فَذَهَبَ يَخْرِجُ الْفَقْلَةَ بِاِصْبَعِهٖ فَاَخَذَتِ النَّارُ فِيْهَا فَذَهَبَ يَطْلَفَتْهَا بِرِيقَةٍ فَاَخَذَتِ النَّارُ فِي لَحْيِهٖ فَقَدْ فَاَلْقٰى نَفْسَه فِي الْمَاءِ فَرَأَيْتُهٗ حَمْهَمَةَ۔ (تہذیب التہذیب)

مہمان گیا کہ جہاں قتلِ حسین رضی اللہ عنہ کا تذکرہ ہو رہا تھا میں نے کہا حسین رضی اللہ عنہ کے قتل میں جو شریک ہوا وہ بری موت مرا۔ جس پر گفتگو کرنے والے نے کہا۔ اے عراقیو! تم جھوٹے ہو مجھے دیکھو کہ میں قتلِ حسین رضی اللہ عنہ میں شریک تھا۔ لیکن اب تک بری موت سے محفوظ ہوں۔ اسی لمحہ اس نے جلتے ہوئے چراغ میں تیل ڈال کر بتی کو اپنی انگلی سے ذرا بڑھایا ہی تھا کہ پوری بتی میں آگ لگ گئی وہ وہاں سے دوڑا اور پانی میں کود پڑا تاکہ آگ بجھ جائے۔ لیکن آخر کار جب اسے دیکھا تو وہ جل کر کوئلہ ہو گیا۔ اور اللہ تعالیٰ نے دنیا میں ہی دکھا دیا کہ تیری شرارت کا انجام یہ ہے۔

الغرض۔ اسی طرح نابکار تباہ و برباد ہوئے اور مَابَقِیَ مِنْهُمْ اَحَدٌ اِلَّا عُوْقِبَ فِي الدُّنْيَا اَوْاَسْوَدُالْوَجْهِ وَزَوَالُ الْمُلْكِ فِي مُدَّةٍ يُسَيْرَةٍ۔

میرے سیدی وسندی سید المفسرین رئیس المحققین امامِ اہل سنت صدر الافاضل حضرت علامہ سید محمد نعیم الدین شاہ صاحب مراد آبادی رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی تالیف سوانح کربلا میں کیا خوب فرمایا ہے:

اے ابنِ سعد رے کی حکومت تو کیا ملی
ظلم وجفا کی جلد ہی تجھ کو سزا ملی
اے شمرِ نابکار شہیدوں کے خون کی
کیسی سزا تجھے بھی اے ناسزا ملی
اے تشنگانِ خونِ جوانانِ اہلِ بیت
دیکھا کہ تم کو ظلم کی کیسی سزا ملی
کتوں کی طرح لاشے تمہارے سڑا کئے
گھورے کو بھی ناگور کو تمہاری جا ملی
رسوائے خلق ہو گئے برباد ہو گئے
مردود! تم کو ذلت ہر دوسرا ملی
تم نے اجاڑا حضرتِ زہرا کا بوستان
تم خود اجڑ گئے تمہیں یہ بدعا ملی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

دنیا پرستو! دین سے منہ موڑ کر تمہیں
دنیا ملی نہ عیش وطرب کی ہوا ملی
آخر دکھایا رنگ شہیدوں کے خون نے
سرکٹ گئے امال نہ تمہیں اک ذرا ملی
پائی ہے کیا نعیم انہوں نے ابھی سزا
دیکھیں گے وہ جحیم میں جس دم سزا ملی

(سوانح کربلا)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## فصل ۷

# لمحۂ فکریہ

سرکار سید الشہداء نواسۂ بانیٔ اسلام علیہ السّلام نے کربلا میں جہاد اور بے نظیر عملی نمونہ پیش کرنے اور اسلام کی حمایت میں اپنے دوستوں، عزیزوں، بیٹوں کی جانوں اور خود اپنی جان کو قربان کیا اور جو کچھ کیا ہم کو مذہبی، روحانی، اخلاقی، معاشرتی، تمدنی، واصلاح وحمایت اور ہدایت کی تعلیم کے لیے کیا تھا۔

مگر کس قدر افسوس ہے! کہ ہماری دنیا ہی بدل گئی اور عجیب دنیا بن گئی۔ اس قدر جہالت، نحوست، خودغرضی، ایذاء رسانی، غصب حقوق، ظلم وستم، کذب وافتراء، اور اس قدر برائیاں اور بداخلاقیاں اور احکامِ شریعت سے لاپرواہیاں موجود ہیں جو بیان سے باہر ہیں۔

کیا نواسۂ رسول سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کے واقعاتِ شہادت اور کربلا کا یہ مقصد تھا اور عظیم ایثار وقربانی کا یہ ماحصل تھا کہ کچھ رونے والے پیدا ہوجائیں اور ان کے نام کی صرف سبیلیں لگائی جائیں۔ شرینیاں تقسیم کی جائیں اور کھائیں۔ علم اور تابوت ہی نکالے جائیں۔ تعزیئے بنائے جائیں اور صرف سینہ کوبی کی جائے اور اشعار سنیں اور اشعار سے لطف اٹھائیں اور واعظین وذاکرین کے مخصوص اندازہ کا مزہ دیکھیں اور واعظین وذاکرین بھی سامعین کے دائیں بائیں مرے دیکھیں اور پھر واعظین ومقررین اس پر فخر کریں کہ کیا خوب وقت ایک مشغلہ میں گزر گیا۔

تسلیم کرنا پڑے گا کہ ہرگز نہیں اور یقیناً نہیں بلکہ فی الحقیقت لاریب سرکار سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ نے باطل کے پہاڑوں سے ٹکر لے کر اسلام کا نام بلند کیا اور اسلام کا عملی نمونہ بن کر ایثار، علوئے نفس، استقلال، تسلیم ورضا، صبر، حفاظتِ حق، حمایتِ شریعت، خلق وکرم، ہمدردی ورحم، اور ادائے قرض کی تعلیم دی۔ مگر ذرا غور کریں۔ اور بتلائیں کہ مذکورہ بالا صفات واحکام پر ہم کس قدر عمل کرتے ہیں۔ صرف فرائض کو ہی لیجیے۔ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، خمس صلوٰۃ، جمعہ، تلاوتِ قرآن، ہم میں کس قدر ہے۔ نہ تلاوتِ قرآن۔ نہ نماز نہ جمعہ۔ کیا عالی شان مسجدیں اور امام بارگاہیں اس لیے بنی ہوئی ہیں اور لاکھوں روپیہ خرچ کیا گیا ہے کہ وہاں کوئی نماز نہیں پڑھنی چاہیے۔ یا کیا صرف اس لیے کہ جب کوئی خاص دن آ گیا تو وہاں خوب روشنیاں، قمقمے اور کئی تکلفات کئے جائیں۔ ہزاروں روپیہ صرف کیا جاتا ہے کیا اس لیے کہ غریب مسکین تنگدست، بیوہ، یتیم، بے روزگار، بے سروآسرا افراد کی مدد نہ کی جائے۔ جب نہ یہ چیزیں ہم پر فرض ہیں اور نہ اللہ اور اس کے پیارے رسول علیہ السلام نے حکم دیا ہے اور نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کا عملی نمونہ پیش کیا ہے تو ہم پر لازم ہے کہ اس پر عمل کریں۔ اگر ایسا نہیں تو پھر سیدنا امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی محبت کا دعویٰ سراسر کذب ہے۔

صرف حالات ومصائب سن کر محض رو دینا کوئی کافی نہیں ہے۔ دیکھنا تو یہ ہے کہ ان آنسوؤں کے پیچھے درجۂ ہمدردی واثر کتنا ہے۔ کتنے عاملِ فرائض وسنن، مستقل مزاجی، کریم النفس، رحیم، ہمدرد، سخی، شجاع اور پابندِ صوم وصلوٰۃ ہیں۔ مصائب کا کس طرح مقابلہ کرتے ہیں اور کتنی غیرت کے مالک ہیں۔ مَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَیْرًا یَّرَهٗ وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَهٗ۔ اس لیے ہم پر لازم ہے کہ ہم جس محبت کا دعویٰ کرتے ہیں۔ اور جس کے نام کے محب کہلاتے ہیں ہم ان کے اسی مقصد کو اپنائیں۔ مولیٰ تعالیٰ ہم سب کو سرکار سیدنا امامِ حسین کے درس عمل پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اب مناسب سمجھتا ہوں کہ آئمۂ اہلِ بیت کا بالترتیب ذکر کیا جائے۔

# شجرہ مبارکہ آئمہ اہلِ بیت

| اسمائے گرامی آئمہ عظام | مشہور لقب | کُنیت | اُمہات | تعداد اولاد | تاریخ و ماہ و سن ہجری ولادت | جائے ولادت | تاریخ وصال | مدت حیات | سبب شہادت | جائے دفن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| امام الائمہ سیّدنا علی المرتضیٰ | خلیفہ و امیر المؤمنین | ابوالحسن ابوتراب | حضرت فاطمہ بنت اسدؓ | ۱۱ فرزند ۱۶ دختر | ۱۳ رجب عام الفیل یوم جمعہ | درمیان کعبہ مقدسہ | ۲۱ رمضان ۴۰ھ | ۶۳ سال | ضرب ابن ملجم بہ سازش بمقام مسجد کوفہ | نجف اشرف عراق |
| سیّدنا امام حسن | مجتبیٰ | ابومحمد | حضرت فاطمہ زہرا | ۸ فرزند ۷ دختر | ۱۵ رمضان ۳ھ | مدینہ منورہ | ۱۸ صفر ۵۰ھ | ۴۷ سال | زہر دارن | جنت البقیع مدینہ |
| سیّدنا امام حسین | سیّد الشہداء | ابوعبداللہ | حضرت فاطمہ زہرا | ۶ فرزند ۴ دختر | ۳ شعبان ۴ھ | مدینہ منورہ | ۱۰ محرم ۶۱ھ | ۵۷ سال | زخمہائے بیشمار بمقام کربلا زخجہ سر لعین | کربلا معلےٰ عراق |
| سیّدنا امام علی | زین العابدین | ابومحمد | حضرت شہر بانو بنت | ۱۰ فرزند | جمادی الاوّل ۳۸ھ | مدینہ منورہ | ۲۵ محرم ۹۵ھ | ۵۷ سال | زہر دارن | جنت البقیع مدینہ |
| سیّدنا امام محمد | باقر | ابوجعفر | حضرت فاطمہ بنت امام حسن | ۷ فرزند ۳ دختر | یکم رجب ۵۷ھ | مدینہ منورہ | ۷ ذی الحجہ ۱۱۴ھ | ۵۷ سال | زہر دان | جنت البقیع مدینہ |
| سیّدنا امام جعفر | صادق | ابوعبداللہ ابواسمٰعیل | حضرت ام فروہ بنت قاسم | ۷ فرزند ۳ دختر | ۷ ربیع الاوّل ۸۳ھ | مدینہ منورہ | ۱۵ شوال ۱۴۸ھ | ۶۵ سال | زہر دان | جنت البقیع مدینہ |
| سیّدنا امام موسیٰ | کاظم | ابوالحسن ابوابراہیم | حضرت حمیدہ خاتون | ۲۰ فرزند ۱۸ دختر | ۷ صفر ۱۲۸ھ | ابواباین مدینہ | ۲۵ رجب ۱۸۳ھ | ۵۵ سال | زہر دادن | کاظمین عراق |
| سیّدنا امام علی | رضا | ابوالحسن | حضرت امّ نبین | فقط امام محمد تقی | ۱۱ ذی القعد ۱۴۸ھ | مدینہ منورہ | ۲۳ ذی القعد ۲۰۳ھ | ۵۵ سال | زہر دادن | مشہد مقدس خراسان |
| سیّدنا امام محمد | تقی | ابوجعفر | حضرت خرزان خاتون | ۲ فرزند ۳ دختر | ۱۰ رجب ۱۹۵ھ | مدینہ منورہ | ۲۹ ذی القعد ۲۲۰ | ۲۵ سال ۳ ماہ ۱۲ یوم | زہر دادن | کاظمین عراق |
| سیّدنا امام علی | نقی | ابوالحسن | حضرت سمانہ خاتون | ۵ فرزند | ۵ رجب ۲۱۴ھ | حوالی مدینہ منورہ | ۳ رجب ۲۵۴ھ | ۴۰ سال | زہر دادن | کاظمین عراق |
| سیّدنا امام حسن | عسکری | ابومحمد | حضرت حدیثہ خاتون | | ۱۰ ربیع الثانی ۲۳۲ھ | مدینہ منورہ | ۱۸ ربیع الاوّل ۲۶۰ھ | ۲۸ سال ۲ ماہ | زہر دادن | سرمن رائے عراق |
| سیّدنا امام محمد | مہدی | ابوالقاسم | حضرت نرجس خاتون | العلم عنداللہ | ۱۵ شعبان ۲۵۶ھ | سرمن رائے عراق | حیات | ماشاءاللہ | | جائے سرمن رائے |

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# باب ۲۸

## ائمہ اہلِ بیت

## حضرت علی بن الحسین رضی اللہ عنہ

## المعروف

## بامام زین العابدین رضی اللہ عنہ

آپ امام چہارم ہیں آپ کی کنیت ابومحمد، ابوالحسن، ابوبکر ہے اور لقب سجاد اور زین العابدین ہے۔ آپ کی ولادت مدینہ طیبہ میں ۲۵ جمادی الاولیٰ ۳۸ھ میں ہوئی۔ آپ کی والدہ ماجدہ شہر بانو بنت یزدجرد ہیں۔ آپ کی ولادتِ طیبہ سیدنا مولانا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی ظاہری حیات میں ہوئی تھی۔ ابھی پورے تین سال کے نہیں ہوئے تھے کہ سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی شہادت واقع ہوگئی۔ پھر کچھ عرصہ آپ کے عم بزرگوار سیدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادت کا صدمہ برداشت کرنا پڑا۔ اس کے بعد آپ اپنے والد بزرگوار سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ مدینہ طیبہ سے لے کر آخری دم تک کربلا میں آپ کے ہمراہ رہے۔ اس وقت آپ کی عمر مبارک ۲۳ برس تھی۔ اسی اثناء میں آپ روز عاشوراء اتنے بیمار ہوگئے کہ جہاد میں شرکت نہ فرما سکے۔ پروردگارِ عالم کو عالمِ اسباب میں نسلِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو باقی رکھنا اور امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کا امتحان لینا مقصود تھا اس لیے ان کو ان ایام میں مبتلائے مرض کر دیا۔ شہادتِ امام صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مخدراتِ عصمت وطہارت کو اسیر کیا گیا تو سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ اس مصیبت میں شریک تھے۔ قبل ازیں ان کا ذکر اسیری باب میں بیان کیا جا چکا ہے۔

### زہد وتقویٰ

آپ اپنے زمانہ میں بے مثال زاہد ومتقی تھے۔ كَانَ اِذَا تَوَضَّاءَ لِلصَّلٰوةِ يَصْفِرُّ لَوْنُهٗ فَقِيْلَ لَهٗ مَا هٰذَا الْحَالُ الَّذِيْ يَعْتَرِيْكَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ بَيْنَ يَدَيْ مَنْ اُرِيْدَ اَنْ اَقِفَ۔ امام زین العابدین رضی اللہ عنہ جب وضو کرتے تھے تو آپ کا رنگ زرد ہو جاتا تھا۔ لوگوں نے آپ سے اس کا سبب پوچھا تو آپ نے فرمایا کیا تم نہیں جانتے کہ میں کس کے سامنے کھڑا ہونے والا ہوں۔ روایات معتبرہ اس پر شاہد ہیں کہ کثرتِ عبادت وخشوع وخضوع اور خوفِ الٰہی ہی کی بناء پر آپ کا لقب زین العابدین مشہور ہوگیا۔ اِنَّهٗ كَانَ يُصَلِّيْ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ اَلْفَ رَكْعَةٍ اِلٰى اَنْ مَاتَ۔ آپ دن رات میں ایک ہزار رکعت نماز پڑھتے تھے اور اسی حالت میں آپ نے دارفانی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سے رحلت فرمائی اور ابنِ شہاب زہری سے مروی ہے۔ کہ لَمْ اَرْهَاشِمِيًّا اَفْضَلُ مِنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ۔ میں نے علی بن حسین رضی اللہ عنہ سے افضل کوئی آدمی بنی ہاشم میں نہیں دیکھا اور ابنِ سعید بن مسیب کا بیان ہے۔ لَمْ اَرَ اَوْرَعَ مِنْهُ میں نے آپ سے زیادہ کوئی پرہیز گار نہیں دیکھا۔ ایک مرتبہ آپ گھر میں نماز ادا فرما رہے تھے کہ گھر میں آگ لگ گئی۔ آپ سجدہ میں ہی پڑے رہے لوگوں نے آگ بجھانا شروع کر دی اور آوازیں دیں اے ابنِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، اے ابنِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ آگ لگ گئی۔ لیکن آپ نے ہر چند سجدہ سے سر نہ اٹھایا۔ جب آگ بجھ گئی تو آپ سے پوچھا گیا آپ آگ سے غافل کیوں رہے؟ آپ نے جواب میں فرمایا آخرت کی آگ کے ڈر سے۔ (الحیات)

## علم و فضل

سیدنا امامِ زین العابدین رضی اللہ عنہ کے علم و فضل کے متعلق علمائے سیر لکھتے ہیں۔ كَانَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ نِهَايَةً فِي الْعِلْمِ وَغَايَةً فِي الْعِبَادَةِ وَكَانَ لَهُ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ اَوْرَادًا لَا تَطِيْقُ الْقِيَامَ بِهَا جَمَاعَةٌ مِّنَ النَّاسِ۔ آپ کی ذاتِ ستودہ علم کی انتہائی بلندیوں اور عبادت کی آخری چوٹیوں پر پہنچی ہوئی تھی۔ آپ شب و روز میں اس قدر اوراد و وظائف پڑھا کرتے تھے کہ لوگوں کی بیشتر جماعت بھی اس قدر نہیں پڑھ سکتی۔ (ایضا)

## اخلاقِ کریمانہ

سیدنا امامِ زین العابدین کے اخلاقِ کریمانہ میں سے ایک یہ بھی ہے جس کو علامہ شبلنجی نے نقل کیا ہے۔

اِنَّ عَلِيًّا زَيْنَ الْعَابِدِيْنَ خَرَجَ مِنَ الْمَسْجِدِ يَوْمًا فَلَقِيَهُ رَجُلٌ فَسَبَّهُ وَبَالَغَ فِي سَبِّهٖ وَعَادُوْا اِلَيْهِ الْعَبِيْدَ وَالْمَوَالِيْ فَكَفَّهُمْ عَنْهُ وَاَقْبَلَ اِلَيْهِ وَقَالَ مَا سَتَرَ عَنْكَ مِنْ اَمْرِنَا اَكْثَرُ اَلَكَ حَاجَةٌ نُعِيْنُكَ فِيْهَا فَاسْتَحْيَى الرَّجُلُ فَاَلْقٰى اِلَيْهِ قَمِيْصَهٗ وَخَمْسَةَ الْاٰفِ دِرْهَمٍ فَقَالَ اَشْهَدُ اِنَّكَ مِنْ اَوْلَادِ الْمُصْطَفٰى صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (نور الابصار)

ایک مرتبہ آپ مسجد سے برآمد ہوئے تو ایک شخص سے آپ کی ملاقات ہو گئی جس نے آپ کی شان میں گستاخانہ کلمات کہے۔ آپ کے غلام اس کی طرف بڑھے مگر آپ نے انہیں روک دیا اور فرمایا اے شخص ہمارے حالات کا تو بہت حصہ تجھ سے مخفی ہے اگر تجھ کو کوئی حاجت ہے تو بیان کرتا کہ ہم تیری معاونت کر سکیں۔ پھر آپ نے اس کو اپنا ایک جبہ مبارک اور پانچ ہزار درہم دیے اور اس کو یہ دیکھ کر حیا آئی تو اس نے کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ واقعی اولادِ رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں۔

## امام زین العابدین رضی اللہ عنہ اور بنو امیہ کی قید

امام زہری کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی بن حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو دیکھا کہ عبدالملک بن مروان کے حکم سے ان کے پاؤں باندھے گئے۔ ہاتھوں میں زنجیریں اور گردن میں طوق ڈالے گئے اور ان پر پاسبانوں کو مقرر کیا گیا میں انہیں سلامِ وداع کرنے کے لئے حاضر ہوا آپ اس وقت ایک خیمہ میں تھے۔ میں انہیں اس حال میں دیکھ کر رو دیا اور کہا: کیا ہی اچھا ہوتا اگر آپ کی جگہ مجھے پابندِ سلاسل کر دیا جاتا اور آپ سلامت رہتے۔ آپ نے فرمایا: اے زہری! تو سمجھتا ہے کہ میں ان طوق و سلاسل سے تکلیف میں

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہوں۔اگر میں یہ چاہوں تو یہ فوراً اتر جائیں مگر ایسی مثالیں رہنی چاہئیں تا کہ تم عذابِ خداوندی کو یاد رکھو اور محشر میں تم پر آسانیاں واقع ہوں۔اس کے بعد آپ نے زنجیر کو اپنے ہاتھوں سے اتار پھینکا اور پاؤں کو پھندے سے آزاد کر دیا۔پھر فرمایا: اے زہری! میں ان کے ساتھ اس حال میں دو منزلوں سے زیادہ نہ جاؤں گا۔جب چار دن گزر رے تو آپ کے نگہبان مدینہ منورہ واپس گئے۔پھر آپ کو مدینہ بلاتے رہے لیکن آپ کو نہ پا سکے۔ان میں بعض کا بیان ہے کہ ہم ایک جگہ مقیم تھے اور آپ کی سخت نگرانی کر رہے تھے۔صبح ہوئی تو محمل میں ہمیں کچھ نظر نہ آیا۔(شواہد، ص:۳۱۰تا۳۳۱)

امام زہری بیان کرتے ہیں کہ اس کے بعد میں عبدالملک بن مروان کے پاس گیا اس نے مجھ سے حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کا حال دریافت کیا۔مجھے جو علم تھا اس کے مطابق کہہ دیا۔وہ کہنے لگا جس وقت میرے گماشتوں نے انہیں گم کر دیا تو وہ میرے پاس چلے آئے اور کہنے لگے: میرے اور تمہارے درمیان کون سی چیز واقع ہوئی ہے۔میں نے کہا: ذرا ٹھہریئے۔تو آپ نے فرمایا: میں بالکل نہیں ٹھہروں گا۔پھر آپ باہر چلے گئے اور میں خدا کی قسم ان کے دبدبہ وجلال سے ڈر گیا امام زہری جب بھی حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہ کو یاد کرتے تو رو دیتے اور کہتے: وہ واقعی زین العابدین رضی اللہ عنہ ہیں جو ایران کے بادشاہ یزدگرد کی بیٹی سے ہیں۔یزدگرد نوشیروان عادل کی اولاد میں سے تھے۔آپ اٹھارہ محرم ۹۴ھ میں فوت ہوئے۔بعض روایتوں میں سال وفات ۹۵ھ بھی ہے۔آپ زین العابدین کے نام سے یوں مشہور ہوئے کہ ایک رات آپ نمازِ تہجد میں مشغول تھے کہ شیطان ایک سانپ کی شکل میں ظاہر ہوا تا کہ اس ہیبت ناک شکل سے آپ کو عبادت سے باز رکھ کر لہو ولعب میں مشغول کر دے۔حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے اس کی طرف کوئی توجہ نہ دی یہاں تک کہ سانپ نے آپ کے پاؤں کا انگوٹھا اپنے منہ میں ڈال لیا لیکن آپ نے پھر کوئی توجہ نہ دی۔اس نے آپ کے انگوٹھے کو نہایت سختی سے کاٹا جس سے آپ کو بہت درد محسوس ہوا۔اس پر بھی آپ نے نماز قطع نہ فرمائی۔اللہ تعالیٰ نے آپ پر منکشف کر دیا کہ وہ شیطان ہے۔آپ نے اسے برا بھلا کہا اور مارا۔پھر کہا: اے ذلیل وکمینے دور ہو جا۔جونہی سانپ دور ہوا آپ کھڑے ہو گئے تا کہ درد ختم ہو جائے۔دریں اثناء آپ نے ایک آواز سنی لیکن قائل نظر نہ آیا۔کہنے والا کہتا تھا آپ زین العابدین ہیں، آپ زین العابدین ہیں، آپ زین العابدین ہیں۔

## حضرت خضر علیہ السلام سے گفتگو

ایک ثقہ راوی کا بیان ہے کہ ایک دن میں حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہ کے ہاں گیا۔میرا جی نہ چاہا کہ میں انہیں آواز دوں۔میں باہر بیٹھا رہا یہاں تک کہ وہ باہر تشریف لے آئے میں نے السلام علیکم کہا اور دعا دی۔آپ نے بھی مجھے وعلیکم السلام کہا۔پھر ایک دیوار کے قریب آئے اور فرمایا: اے فلاں! اس دیوار کو دیکھتے ہو؟ اس نے کہا: ہاں یا ابنِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: آپ نے فرمایا: میں ایک دن اس دیوار کے ساتھ تکیہ لگا کر غمگین بیٹھا تھا کہ میں نے اچانک ایک خوبصورت وخوشحال ہستی جس کے کپڑے نہایت عمدہ اور نفیس تھے اپنے سامنے کھڑی دیکھی جو میری طرف دیکھ کر کہہ رہی تھی۔اے علی بن حسین رضی اللہ عنہ! تم مجھے غمگین کیوں نظر آ رہے ہو؟ اگر دنیا کے باعث غمناک وغمگین ہو تو دنیا ایک روزی ہے جسے ہر نیک وبد کھاتا ہے۔میں نے کہا: میرا دکھ درد دنیا کے لیے نہیں ہے کیونکہ دنیا کا معاملہ وہی ہے جو آپ نے بیان فرمایا ہے۔پھر اس ہستیٔ پاک نے فرمایا: اگر تمہارا غم واندوہ آخرت کے لیے ہے تو وہ ایک سچا وعدہ ہے جس میں ایک بادشاہ قاہر فیصلہ کرے گا۔میں نے کہا: میرا غم اس وجہ سے بھی نہیں ہے آخرت تو ویسی ہی ہو گی جیسا آپ فرماتے ہیں پھر انہوں

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نے فرمایا: اے علی رضی اللہ عنہ! پھر تمہارا غم واندوہ کس وجہ سے ہے؟ میں نے کہا: میں فتنۂ ابنِ زبیر سے ترساں ہوں۔ وہ ہستی بولی: اے علی رضی اللہ عنہ! آیا تو نے کوئی ایسا شخص دیکھا ہے جس نے خدا سے کوئی چیز مانگی ہو اور خدا نے اسے نہ دی ہو؟ میں نے کہا: نہیں پھر کہا: آیا تو نے کوئی ایسا شخص دیکھا ہے جو خدا سے ڈرتا ہو اور خدا نے اس کے لیے کفایت کار نہ کی ہو؟ میں نے کہا: نہیں۔ بعدازاں وہ ہستی غائب ہوگئی۔ پتہ چلا کہ وہ خضر علیہ السلام تھے جو آپ سے حرف ہائے راز بیان کر رہے تھے۔ (شواہد النبوۃ ص ۳۱۲)

## حیوانات کی شہادت

اسی راوی کا بیان ہے کہ میں ایک دن حضرت علی بن حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس تھا کہ ان کے اردگرد لوگ بہت سی چڑیاں ذبح کر رہے تھے۔ آپ نے فرمایا: اے فلاں! تمہیں کچھ پتہ ہے کہ یہ چڑیاں کیا کہتی ہیں؟

میں نے کہا: مجھے کچھ پتہ نہیں۔

آپ نے فرمایا: یہ پروردگار کی تقدیس بیان کرتی ہیں اور آج کی روزی طلب نہیں کرتیں۔

ایک رات ایک سائل یہ کہہ رہا تھا۔

"اَیْنَ الزَّاھِدُوْنَ فِی الدُّنْیَا الرَّاغِبُوْنَ فِی الْاٰخِرَۃِ۔"

''وہ دنیا کے زاہد کہاں ہیں جو آخرت کی طرف راغب ہیں۔''

جنت البقیع کی طرف سے ایک غیر مرئی شخص کی آواز سنائی دی کہ وہ علی بن حسین رضی اللہ عنہما ہیں۔ (ایضا)

ایک دن آپ اپنے غلاموں، بچوں اور دیگر لوگوں کے ساتھ صحرا میں آ گئے اور چاشت کے کھانے کے لیے دسترخوان بچھا دیا، وہیں ایک ہرن آ کر ٹھہر گیا۔ آپ نے اس کی طرف منہ کر کے کہا: میں علی بن حسین بن علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہم ہوں اور میری ماں فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے تم چلے آؤ اور ہمارے ساتھ چاشت کھاؤ۔ ہرن آیا اور آپ کے ساتھ جو کچھ چاہا کھایا۔ پھر ایک طرف چلا گیا۔ غلاموں میں سے ایک نے کہا: اسے ذرا پھر بلایئے۔

آپ نے فرمایا: ہم اسے پناہ دیں گے تم اس کی پناہ نہ ٹھکرانا۔

انہوں نے کہا: ہم ہرگز نہیں ٹھکرائیں گے۔

حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ بولے: میں علی بن حسین بن علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہم ہوں میری والدہ فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ وہ ہرن پھر آ گیا اور دسترخوان کے نزدیک ٹھہر گیا اور ان کے ساتھ کچھ کھانا شروع کر دیا۔ ان لوگوں میں سے ایک نے ہرن کی پشت پر ہاتھ رکھا تو وہ بھاگ گیا۔

حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے میری پناہ کو ٹھکرا دیا ہے اب میں تم سے کوئی بات نہ کروں گا۔

ایک دن آپ کی اونٹنی راہ میں سستی و کاہلی کرنے لگی۔ آپ نے اسے بٹھا دیا اور اسے تازیانہ وعصا دکھا کر کہا: تیز تیز چلو ورنہ اس تازیانے اور ڈنڈے سے تمہیں سزا دوں گا۔ اونٹنی نے تیز چلنا شروع کر دیا اور اس کے بعد چلنے میں سستی سے کام نہ لیا۔ (ایضا)

ایک دن آپ اپنے ساتھیوں کے ساتھ صحرا میں بیٹھے تھے کہ ناگاہ ایک ہرنی آ گئی اور آپ کے متصل کھڑی ہوگئی اور اپنا پاؤں زور سے زمین پر مار کر چیخنے لگی۔ حاضرین نے پوچھا اے ابنِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ ہرنی کیا کہتی ہے؟

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

آپ نے فرمایا یہ کہتی ہے کہ فلاں قریشی کل میرا بچہ اٹھالایا ہے میں نے کل سے دودھ نہیں پلایا۔

یہ سن کر بعض حاضرین کے دل میں شک گزرا۔ آپ نے اس قریشی کو بلا بھیجا۔ وہ آ گیا تو آپ نے فرمایا! یہ ہرنی شکایت کرتی ہے کہ تم اس کا بچہ اٹھالائے ہو جسے اس نے ابھی تک دودھ نہیں پلایا تھا۔ اب وہ مجھ سے درخواست کر رہی ہے کہ میں تجھے اس کا بچہ واپس کرنے کے لیے کہوں تا کہ وہ اسے دودھ پلا لے۔ دودھ پلانے کے بعد واپس کر دے گی۔ اس قریشی نے بچہ لا کر حاضر کر دیا۔ ہرنی نے دودھ پلایا تو حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے قریشی سے کہا کہ وہ بچہ کو چھوڑ دے اس نے بچہ کو چھوڑ دیا اور حضرت سجاد رضی اللہ عنہ نے اس کو ماں سمیت آزاد کر دیا۔ وہ چوکڑیاں بھرتی شور مچاتی چلی گئی۔ حاضرینِ مجلس نے پوچھا: یا ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ کیا کہتی ہے؟ آپ نے فرمایا: بالفاظ "جَزَاكَ اللهُ خَيْرًا" دعا دیتی ہے۔

جس رات آپ کی وفات ہوئی آپ نے اپنے بیٹے حضرت امام محمد باقر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: بیٹا! میرے لیے وضو کے لیے پانی لاؤ۔ وہ پانی لائے تو آپ نے مزید پانی منگایا کیونکہ پہلے پانی میں کوئی چیز مردہ تھی۔ رات اندھیری تھی۔ حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ نے احتیاط سے دیکھا تو اس میں چوہا مرا ہوا تھا۔ آپ کے لیے اور پانی لایا گیا۔ جس سے آپ نے وضو کیا اور کہا: بیٹا آج میرا وقت رحیل ہے اس کے بعد اپنے بیٹے سے کچھ وصیتیں کیں۔

آپ کی ایک ناقہ تھی جو مکہ معظمہ جاتی تو آپ اس کے پالان کے آگے تازیانہ لٹکا دیتے بدیں وجہ تمام راستہ اسے مارنے کی ضرورت پیش نہ آتی یہاں تک کہ آتی دفعہ بھی اسے مارنے کی ضرورت محسوس نہ ہوتی۔ جب حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے انتقال کیا تو وہ اونٹنی آپ کی قبر کے سرہانے آ کر اپنی چھاتی زمین پر رکھ کر آہ وزاری کرتی تھی۔ حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ نے آ کر دیکھا تو فرمایا: اٹھ اللہ تعالیٰ تجھے برکت دے۔ وہ نہ اٹھی تو انہوں نے فرمایا: اسے چھوڑ دو یہ وہیں جا رہی ہے اس کے بعد وہ تین دن زندہ رہی اور پھر مر گئی۔ (ایضاً)

## فیصلۂ حجر الاسود

جب امیر المؤمنین امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا میں تمہارا چچا ہوں اور تم سے عمر میں بھی بڑا ہوں اس لیے امامت کا زیادہ حقدار میں ہوں۔ آپ حضور علیہ السلام کا سلاح مجھے دے دیں۔ حضرت زین العابدین نے کہا: اے چچا! خدا سے ڈرو اور جس چیز کے تم سزاوار نہیں ہو اس کا دعویٰ نہ کرو۔ دوسری دفعہ محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ نے مبالغہ سے کام کیا تو آپ نے فرمایا: اے چچا! آؤ حاکم کے پاس چلیں وہ جو بھی ہمارے مابین فیصلہ صادر کرے۔ محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ نے کہا: وہ کون سا حاکم ہے؟ آپ نے فرمایا وہ حجر الاسود ہے۔ دونوں وہاں پہنچے تو حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے کہا: اے چچا! بات کرو انہوں نے بات کی تو کوئی جواب نہ ملا۔ بعد ازاں آپ نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور اللہ تعالیٰ کو اس کے صفاتی ناموں سے پکارا جس سے حجر الاسود باتیں کرنے لگا پھر آپ نے حجرِ اسود کی طرف اپنا چہرہ کر کے کہا: تجھے پروردگارِ عالم کی قسم ہے جس نے اپنے بندوں کے وعدے تجھ پر رکھے ہوئے ہیں۔ ہمیں اطلاع دو کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کے بعد امامت کا کسے حق ہے؟ حجر الاسود کانپ اٹھا قریب تھا کہ اپنی جگہ سے گر پڑے۔ لیکن پھر فصیح وبلیغ زبان میں کہا: اے محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ! یہ چیز مسلمہ ہے کہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے بعد امامت کا حق علی بن حسین رضی اللہ عنہما کو ہے۔ (ایضاً)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ایک دفعہ طواف کرتے ہوئے ایک عورت اور ایک مرد کے ہاتھ حجرالاسود سے چمٹ گئے ہر چند کوشش کی گئی لیکن وہ چمٹے ہی رہے۔لوگوں نے رائے دی کہ ان کے ہاتھ کو کاٹ دیا جائے۔اسی اثناء میں حضرت زین العابدین رضی اللہ عنہ وہاں آ نکلے اور انہیں دیکھ کر آگے آگئے آپ نے اپنا دستِ مبارک ان کے ہاتھوں پر پھیرا تو ان کے ہاتھ چھوٹ گئے اور وہ وہاں سے چلے گئے۔

## عبدالملک اور امام زین العابدین رضی اللہ عنہ

عبدالملک بن مروان نے حجاج کو تحریری طور پر ہدایت کی کہ وہ بنی عبدالمطلب کے قتل سے باز آجائے کیونکہ آلِ ابوسفیان اس بارے میں مبالغہ کرتی ہے ورنہ ان (بنوامیہ) کی سلطنت جلد ختم ہوجائے گی۔عبدالملک نے یہ خط صیغۂ راز میں رکھ کر ارسال کیا جس سے حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ مطلع ہوگئے۔آپ نے عبدالملک بن مروان کو لکھا کہ کیا تم نے فلاں دن اور فلاں وقت حجاج بن یوسف کو کوئی ایسا ویسا خط تحریر کیا ہے۔مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مطلع فرمایا ہے کہ وہ خط اللہ تعالیٰ کو بہت پسند آیا ہے جس کے باعث تیرے ملک کو اس نے ثبات و دوام بخشا ہے۔آپ نے وہی عبارت لکھ کر خط ایک غلام کو دیا اور اسے اپنی اونٹنی پر سوار کر کے عبدالملک کی طرف بھیج دیا۔عبدالملک نے خط کی تاریخ کو اپنے خط کے مطابق پایا تو اسے آپ کے حق پر ہونے کا اعتبار آ گیا۔بہت خوش ہوا اور اسی اونٹنی پر اتنے درہم و دینار لاد کر آپ کو بھیج دیئے جن کی وہ متحمل ہوسکتی تھی۔(ایضا)

## امام زین العابدین رضی اللہ عنہ اور خزیمہ

منہال بن عمرو کہتے ہیں کہ حج کے دنوں میں حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کو ملنے گیا تو آپ نے مجھ سے خزیمہ بن کاہل الاسدی کے متعلق پوچھا۔میں نے عرض کی کہ وہ کوفہ میں موجود ہے۔آپ نے اس کے لیے بدیں الفاظ بددعا کی۔

اَللّٰھُمَّ اَوْقِدْہُ حَرًّا بِحَدِیْدٍ اَللّٰھُمَّ اَوْقِدْہُ حَرَّالنَّارَ۔

اے اللہ اسے لوہے کی حرارت سے جلا دے۔اے اللہ اسے آگ کی حرارت سے جلا دے۔

جب یہ کوفہ میں واپس آیا تو معلوم ہوا کہ مختار بن ابی عبید خروج کر چکا تھا۔میں نے اس سے رشتۂ دوستی مضبوط کیا اور اس سے ملنے کے لیے گھوڑے پر سوار ہوکر گیا۔اس کے ہاں گیا تو وہ بھی گھوڑے پر سوار ہو رہا تھا۔میں اس کی معیت میں ایک ایسے مقام پر پہنچا جہاں اس نے ایک شخص کا انتظار کرنا شروع کر دیا۔اچانک خزیمہ کو حاضر کیا گیا۔مختار نے کہا:الحمدللہ کہ خدا تعالیٰ نے مجھے تم پر حاوی کیا ہے اس نے جلاد کو بلایا تاکہ اس کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دے اس کے بعد اس نے آگ لانے کے لیے کہا جس میں خزیمہ کو پھینک دیا گیا اور وہ جل گیا۔میں نے اس واقعہ کا مشاہدہ کیا تو کہا سبحان اللہ۔

مختار نے مجھے ''سبحان اللہ'' کہنے کی وجہ پوچھی تو میں نے حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کی بددعا کا قصہ سنا دیا اس نے مجھے قسم دے کر اس کی تصدیق چاہی۔میں نے کہا:ہاں میں نے ان سے خود سنا ہے۔مختار گھوڑے سے نیچے اترا دو رکعت نماز نفل ادا کی اور بعدازاں دیر تک سجدے میں پڑا رہا۔سر سجدے سے اٹھا کر وہاں سے چل دیا میں بھی ان کے ساتھ روانہ ہوا۔راستے میں میرا گھر تھا میں نے ازراہِ اخلاق اسے گھر پر ٹھہرنے کے لیے کہا تاکہ کھانا حاضر کروں۔مختار بولا اے منہال!جب تم نے مجھے خود بتایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت امامِ زین العابدین رضی اللہ عنہ کی دعا کو شرفِ قبولیت بخشا ہے تو اب مجھے اس خوشی سے کھانے کی حاجت نہیں رہی بلکہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

میں شکرانے کا روزہ رکھوں گا۔(ایضاً)

## شہادت

حضرت سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال مبارک ۲۵ محرم الحرام ۹۵ھ میں ہوا جب کہ آپ کی عمر شریف ۵۷ سال تھی۔انتقال آپ کا بوجہ زہر ہوا۔جو ولید بن عبدالملک نے دیا۔یُقَالُ اِنَّہٗ مَاتَ مَسْمُوْمًا وَاَنَّ سَمَّہٗ وَلِیْدُ بْنِ عَبْدِالْمَلَکِ دَفَنَ الْبَقِیْعَ۔اور آپ بھی مرتبہ شہادت کو پہنچے اور مدینہ الرسول جنت البقیع میں اپنے چچا سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کی قبر شریف کے قریب مدفون ہوئے۔(سعادت الکونین،ص:۱۹۴)

## اولادِ امجاد

سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کی اولاد و امجاد میں اختلاف پایا جاتا ہے۔لیکن اکثر معتبر کتب میں آپ کی کل اولاد کی تعداد آٹھ بیان کی گئی ہے۔ان کے مبارک اسمائے گرامی یہ ہیں:

۱۔حضرت امام محمد باقر رضی اللہ عنہ۔
۲۔حضرت زید رضی اللہ عنہ۔
۳۔حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ۔
۴۔حضرت عبیداللہ رضی اللہ عنہ۔
۵۔حضرت حسن رضی اللہ عنہ۔
۶۔حضرت حسین رضی اللہ عنہ۔
۷۔حضرت علی رضی اللہ عنہ۔
۸۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ۔(جلاء العیون)

واضح رہے کہ بعض کے نزدیک نو لڑکے اور ایک لڑکی سکینہ نام کی بھی بیان کی گئی ہے اور بعض کے نزدیک لڑکی کوئی نہ تھی۔واللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔

## حضرت امام محمد باقر بن علی بن حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم

آپ امامِ پنجم ہیں۔آپ کی کنیت ابوجعفر اور لقب باقر ہے۔آپ باقر العلوم اور جلیل القدر تھے۔آپ کی ولادتِ طیبہ یکم رجب المرجب ۵۷ھ کو مدینہ منورہ میں واقع ہوئی۔آپ کی والدہ ماجدہ ام عبداللہ واقعۂ کربلا میں آپ اپنے باپ سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ اور جدامجد سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہمراہ موجود تھے اس وقت امام باقر کی عمر چار سال تھی۔(الحیات)

## خصائلِ جلیلہ

سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کی تمام اولاد امجاد کو علم و فضل و ورع و زہد، شجاعت و فصاحت میں بے عدیل تھی۔لیکن سیدنا امام محمد باقر رضی اللہ عنہ کو ان سب پر خصوصی امتیاز حاصل تھا اسی لیے آپ کے بہت سے القاب مبارکہ ہیں۔لیکن سب سے زیادہ مشہور لقب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

''باقر'' ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ تُسَمّٰی بِذٰلِكَ مِنْ بَقَرَ الْاَرْضِ اَیْ شَقَّهَا ..... بقر کے لغوی معنی شگافتہ کرنے کے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ بَقَرِ الْاَرْضَ اَیْ شَقَّهَا۔ اس نے زمین کو چیرا اور اس کے پوشیدہ اسرار کو واضح کیا۔ پس آپ کو اسی مناسبت کی بناء پر باقر کہا جاتا ہے۔ کیونکہ آپ نے خزائنِ علوم و معارف کے اسرار و رموز اور احکام کے حقائق کو واضح کر دیا۔ اسی وجہ سے کہا جاتا ہے کہ آپ ہی علم کے شگافتہ کرنے والے، اور اس کو جمع کرنے والے اور اس کے علمبردار ہیں۔ آپ کا یہ لقب مبارک خود حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تھا: یَاجَابِرُ یُوْشِكُ تَلْتَحِقُ بِوَلَدِیْ مِنْ وَلِدِیْ الْحُسَیْنَ اِسْمُهٗ كَاسْمِیْ یَبْقُرُ الْعِلْمِ بَقَرًا ..... فَاِذَا رَاَیْتَهٗ فَاقْرَأْهُ مِنِّی السَّلَامُ۔

اے جابر عنقریب تم حسین رضی اللہ عنہ کی اولاد میں میرے ایک فرزند سے ملاقات کرو گے جو میرا ہم نام ہوگا۔ جو علم کو شگافتہ کرے گا یعنی علم کے چشمے جاری کرے گا۔ جب تم ان کو دیکھو تو ان کو میرا اسلام کہہ دینا۔ (ایضاً)

## علم و فضل

اسی لیے آپ کا علم و فضل بھی آئمہ عظام میں مشہور تھا۔ كَانَ اَشْهَرُهُمْ ذِكْرًا وَاَكْمَلُهُمْ فَضْلًا وَاَعْظَمُهُمْ نَبَلًا لَمْ یُظْهِرْ مِنْ اَحَدٍ وَلَدِ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ مِنْ عِلْمِ الدِّیْنِ وَعِلْمِ الْقُرْآنِ وَفُنُوْنِ الْاَدَبِ مَاظَهَرَ مِنْ اَبِیْ جَعْفَرَ الْبَاقِرِ۔ آپ آئمہ میں زیادہ مشہور اور صاحب فضل و جلالت تھے۔ اولادِ امام حسن رضی اللہ عنہ و امام حسین رضی اللہ عنہ میں سے کسی سے اس قدر علمِ دین اور علمِ قرآن اور فنون ادب ظاہر نہیں ہوئے۔ جس قدر امام محمد باقر سے ظاہر ہوئے۔ آپ سے جلیل القدر تابعین اور جید علماء نے علومِ دینیہ حاصل کیے۔ (ایضاً)

## تقویٰ

آپ کی ذات علم و فضل و عبادت اور زہد و تقویٰ میں حضرت سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قائمقام تھی۔ آپ ہی علم (کے سینہ) کو چیرنے والے اس کے جامع اور اس کے علمبردار ہیں اور اس کے آبدار موتیوں کو پانے والے ہیں آپ پاکیزہ دل، نیک سیرت اور طاہر النفس اور اعلیٰ اخلاق تھے۔ جن کے اوقات اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے آباد رہتے تھے اور مقامِ تقویٰ و طہارت میں راسخ القدم تھے اور آپ اعلیٰ درجہ کے سخی بھی تھے۔ آپ کے بہت سے واقعاتِ سخاوت میں ایک واقعہ یہ بھی ہے کہ ایک شخص نے آپ سے اپنی تنگدستی کا ذکر کیا تو آپ نے اس کو سات سو درہم عطا فرمائے اور فرمایا فی الحال ان کو خرچ کرو جب یہ ختم ہو جائیں تو مجھے پتہ دینا۔

(شواہد النبوۃ، ص: ۳۱۸)

## کراماتِ حضرت امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ایک ثقہ راوی کا بیان ہے کہ ہم محمد بن علی بن حسین کے ہمراہ ہشام بن عبدالملک کے گھر کے پاس سے اس وقت گزرے جب وہ اس کی بنیاد رکھ رہا تھا۔ آپ نے فرمایا: خدا کی قسم یہ گھر خراب و خستہ ہو جائے گا اور لوگ اس کی مٹی تک کو اکھاڑ کر لے جائیں گے یہ پتھر جن سے اس کی بنیاد رکھی گئی ہے کھنڈرات میں تبدیل ہو جائیں گے۔ راوی کہتا ہے کہ مجھے آپ کی اس بات سے تعجب ہوا کہ ہشام کے گھر کو کون تباہ و برباد کر سکتا ہے جب ہشام کی وفات ہوئی تو ولید بن ہشام کے کہنے پر اس کو مسمار کر دیا گیا اور مٹی کو اس حد تک کھودا گیا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کہ مکان کی بنیاد کے پتھر نظر آنے لگے میں نے خود اسے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ (شواہد ص ۳۱۸)

اسی راوی کا بیان ہے کہ میں حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا کہ آپ کا بھائی زید بن علی ہمارے پاس سے گزرا۔ آپ نے فرمایا: بخدا یہ کوفہ میں خروج کرے گا اور لوگ اسے قتل کر دیں گے اور اس کے سر کو گلی کوچوں سے پھیراتے ہوئے یہاں لے آئیں گے اور نیزے پر لٹکا دیں گے۔ ہمیں آپ کی ان باتوں سے تعجب ہوا کیونکہ مدینہ میں کبھی کسی کو نیزہ پر نہیں لٹکایا گیا تھا لہذا جب ان کے سر کو لایا گیا تو اس کے ساتھ سولی بھی لے آئے۔ (ایضاً)

ایک دوسرے راوی کا بیان ہے کہ امام جعفر بن محمد رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میرے باپ نے مجھے وصیت کی کہ جب میں مروں تو میری تغسیل وتدفین خود کرنا کیونکہ امام کے لیے یہ کام امام ہی سرانجام دیتا ہے۔ ایک دوسرے شخص نے کہا کہ آپ کا بھائی عبداللہ جلد ہی دعوی امامت کرنے والا ہے کیونکہ وہ لوگوں کو اپنی طرف دعوت دیتا ہے۔ آپ نے فرمایا اسے چھوڑو اس کی عمر بہت کم ہوگی۔ جب میرے والد نے وفات پائی تو میں نے انہیں غسل دیا اور میرے بھائی عبداللہ نے دعوی امامت کیا اور اس مدت سے زیادہ زندہ نہ رہا جتنی کہ میرے والد نے بتائی تھی۔ (ایضاً)

فیض بن مطر کہتے ہیں میں حضرت امام جعفر بن محمد باقر رضی اللہ عنہ کے ہاں حاضر ہوا تو میں نے چاہا کہ میں نمازِ عشاء رضی اللہ عنہ گزارنے کے لیے جگہ کے بارے میں سوال کروں۔ میں نے ابھی سوال بھی نہ کیا تھا کہ آپ نے حدیث بیان کر دی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ایسی کشادہ زمین پر جہاں گھاس کثرت سے ہو نماز ادا کر لیا کرتے تھے۔ (ایضاً)

ایک اور راوی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ سے ملاقات کی اجازت طلب کی۔ لوگوں نے مجھے کہا: عجلت سے کام نہ لو کیونکہ ان کے پاس تمہارے بھائی بند بیٹھے ہیں۔ ابھی وہ باہر نہ آئے تھے کہ بارہ افراد تنگ قباؤں میں ملبوس اور ہاتھ پاؤں میں دستانے اور موزے پہنے ہوئے باہر آئے۔ انہوں نے السلام علیکم کہا اور چلے گئے۔ اس کے بعد میں حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوا میں نے پوچھا: یہ کون تھے جو ابھی ابھی آپ کے پاس سے گئے ہیں مجھے تو کچھ پتہ نہیں چلا یہ کون تھے آپ نے فرمایا: یہ تمہارے بھائی جن ہیں۔ میں نے پوچھا: کیا آپ انہیں دیکھ لیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں جس طرح تم حلال وحرام کے متعلق استفتاء کرتے ہو اسی طرح وہ بھی آ کے پوچھتے ہیں۔ (ایضاً)

حضرت جعفر بن محمد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن میرے والد نے مجھ سے کہا میری عمر صرف پانچ سال رہ گئی ہے جب انہوں نے وفات پائی تو ہم نے ماہ وسال شمار کیے وہی مدت نکلی جو آپ نے بتائی تھی۔ (ایضاً)

ایک اور راوی نے کہا ہے کہ ہم حضرت محمد بن علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی درمیانی وادی میں سفر کر رہے تھے اس وقت آپ ایک خچر پر سوار تھے، میں ایک گدھے پر سوار تھا اچانک میں نے دیکھا کہ کوئی شخص پہاڑی سے اتر کر ان کے نزدیک آیا۔ وہ آپ کے خچر کی نگہبانی کرتا رہا اور ایک بھیڑیا اپنے ہاتھوں کو خچر کی زین کے آگے رکھ کر بہت دیر تک ان سے گفتگو کرتا رہا اور وہ سنتے رہے۔ آخر آپ نے اس بھیڑیے سے کہا اب چلے جاؤ جس طرح تم چاہتے تھے میں نے کر دیا ہے۔ بھیڑیا چلا گیا۔ آپ نے مجھ سے کہا: تجھے پتہ ہے یہ کیا کہتا تھا۔ میں نے کہا اللہ اس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اس کا بیٹا زیادہ جاننے والے ہیں۔ آپ نے فرمایا: وہ کہہ رہا تھا میری جفت اس وقت دردِ زہ میں مبتلا ہے دعا کیجیے تاکہ خدا تعالیٰ اسے خلاصی دے اور میری نسل سے کسی کو بھی آپ کے ارادت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کیشوں پر مسلط نہ کرے۔ چنانچہ میں نے دعا کی۔ (ایضا)

بزرگانِ سلف میں سے ایک کا بیان ہے کہ مکہ میں مجھ پر محمد بن علی بن حسین رضی اللہ عنہم کا شوقِ دید غالب آیا تو میں بالخصوص ان کے لیے مدینہ گیا جس رات میں مدینہ منورہ پہنچا، سخت بارش ہوئی جس کے باعث سردی بڑھ گئی۔ نصف شب گزر چکی تھی تو میں آپ کے گھر پہنچا۔ میں ابھی اسی فکر میں تھا کہ آپ کا دروازہ اسی وقت کھٹکھٹاؤں یا صبر سے کام لوں کہ صبح کو وہ خود ہی باہر تشریف لے آئیں اچانک آپ کی آواز سنائی دی۔ آپ نے کہا اے لونڈی! فلاں شخص کے لیے دروازہ کھولو کیونکہ آج رات اسے سخت سردی لگی ہے۔ لونڈی آئی اور دروازہ کھولا اور میں اندر چلا گیا۔ (ایضا)

ایک دوسرے شخص کا بیان ہے کہ میں آپ کے در دولت پر گیا تو آپ نے میرے سوا ہر ایک کو ملنے کی اجازت دے دی میں بہت غمگین واندوہگیں گھر واپس آیا۔ مجھے اس رات نیند بھی نہ آئی۔ مجھے بہت تشویش ہوئی۔ میں نے اپنے آپ سے کہا کہ واپس مکہ مکرمہ چلا جاؤں اگر مرجیہ لوگوں کے ساتھ جاؤں تو وہ یوں کہتے ہیں اگر قدریہ کی جماعت کے ساتھ جاؤں تو وہ یوں کہیں گے۔ اگر حروریہ کے ساتھ جاؤں تو وہ یوں کہتے ہیں۔ اگر یزیدیہ کے ساتھ جاؤں تو وہ اس طرح کہتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کی باتیں تخریب وفساد سے خالی نہیں۔ میں اسی ذہنی کشمکش میں تھا کہ صبح کی نماز کی اذان ہوگئی۔ اچانک کسی کے دروازہ کھٹکھٹانے کی آواز سنائی دی میں نے کہا کون ہے؟ وہ بولا: میں محمد بن علی بن حسین رضی اللہ عنہ کا قاصد قاصد ہوں۔ میں باہر آیا تو اس نے کہا: آپ تجھے یاد فرما رہے ہیں۔ میں کپڑے پہن کر وہاں گیا اور جب آپ سے ملا تو آپ نے کہا: اے فلاں! تم نہ مرجیہ کے ساتھ لوٹو، نہ قدریہ کے ساتھ، نہ یزیدیہ کے ساتھ، نہ حروریہ کے ساتھ، بلکہ تم ہماری طرف لوٹو۔ (ایضا)

ایک شخص کا بیان ہے کہ میں مدینے میں تھا کہ اچانک دور سے تاریکی ظاہر ہوئی۔ یہ تاریکی کبھی گہری ہوجاتی اور کبھی غائب ہوجاتی۔ جونہی میرے قریب آئی تو میں نے دیکھا کہ ایک سات آٹھ سالہ بچہ مجھے السلام علیکم کہہ رہا ہے۔ میں نے جواب دیا۔ بعدازاں میں نے اس سے پوچھا: آپ کہاں سے آئے ہیں؟

اس نے جواب دیا: میں اللہ کی طرف سے آیا ہوں۔

میں نے پوچھا: تمہارا زادِ راہ کیا ہے؟

اس نے کہا: میرا زادِ راہ تقوٰی ہے۔

میں نے پوچھا تو کون ہے؟

اس نے کہا: میں ایک عربی انسان ہوں۔

میں نے پوچھا: تمہارا کس خاندان سے تعلق ہے؟

اس نے کہا: میں قریشی ہوں۔

میں نے پوچھا: آپ کا خاص کر کس قبیلے سے تعلق ہے؟

اس نے کہا: میں ہاشمی ہوں۔

میں نے پوچھا: آپ کسی کے بیٹے ہیں؟

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس نے کہا: میں علوی ہوں۔

اس کے بعد اس نے گیت پڑھنا شروع کر دیا۔ (ایضاً)

ایک راوی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ اللہ جل جلالہ، پر بندے کا کیا حق ہے؟ آپ نے اپنا چہرہ مجھ سے پھیر لیا۔ میں نے تین بار اپنا سوال دہرایا۔ تیسری دفعہ آپ نے فرمایا خدا پر میرا حق یہ ہے کہ وہ کھجوروں کے جھنڈ کو کہے کہ ادھر آؤ تو وہ آجائے آپ نے جونہی اس جھنڈ کو اشارہ کیا تو میں نے دیکھا کہ وہ حرکت میں آ گیا تا کہ آپ کی طرف آجائے۔ لیکن آپ نے اشارہ کیا کہ وہ اپنی جگہ پر قائم رہے کیونکہ آپ نے اسے اس طرح آنے کے لیے نہیں کہا تھا۔ (ایضاً)

ایک اور بزرگ روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ کے ہاں گیا اور دروازہ کھٹکھٹایا۔ ایک کنیز باہر آئی، وہ جوانی میں قدم رکھ رہی تھی مجھے بہت اچھی لگی۔ میں نے اس کے پستان کو چھوتے ہوئے کہا: اپنے آقا سے کہو فلاں شخص دروازے پر حاضر ہے۔ اندر سے آواز آئی کہ اندر آجاؤ ہم تمہارے انتظار میں ہیں۔ میں اندر گیا تو عرض کی: حضور! میرا بدی کا کوئی ارادہ نہ تھا۔ آپ نے فرمایا: تم سچ کہتے ہو لیکن یہ کبھی تصور نہ کرنا کہ یہ در و دیوار ہماری آنکھوں کے سامنے ویسے ہی بحیثیت حجاب ہوتے ہیں جیسے تمہاری آنکھوں کے سامنے! اگر ایسا ہوا تو تمہارے ہمارے درمیان فرق کیا رہا۔ اب کبھی ایسی حرکت نہ کرنا۔ (ایضا)

ایک اور راوی کا بیان ہے کہ دو عورتیں بنام جبابہ اور ابلیہ حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ سے ملنے آئیں آپ نے فرمایا: تم ہمارے پاس دیر سے کیوں آئی ہو؟

جبابہ بولی: کہ میرے بال سفید ہو گئے ہیں میں انہیں ٹھیک کرنے میں مشغول رہتی ہوں۔

حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے دکھاؤ۔ اس نے دکھائے تو آپ نے اپنا دستِ مقدس ان پر پھیرا جس سے وہ سیاہ ہو گئے۔ پھر فرمایا: اسے آئینہ دکھاؤ۔ اس نے آئینہ دیکھا تو اس کے بال سیاہ ہو چکے تھے۔ (ایضا)

ایک راوی کہتا ہے کہ میں حضرت باقر کے ساتھ مسجد نبوی میں بیٹھا تھا اور ان دنوں حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کا وصال ہو چکا تھا اچانک داؤد بن سلیمن اور منصور دوانقی آ گئے۔ داؤد حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا لیکن دوانقی کسی اور جگہ بیٹھا رہا۔ حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: دوانقی میرے پاس کیوں نہیں آیا؟ داؤد نے معذرت پیش کی۔ آپ نے فرمایا: کچھ دنوں بعد دوانقی مخلوق خدا کا حاکم ہوگا اور مشرق و مغرب اس کی ملک ہوں گے۔ اس کی عمر بھی بہت طویل ہوگی اور اتنے خزانے جمع کرے گا کہ اس سے پہلے کسی نے بھی جمع نہ کیے ہوں گے۔ داؤد اٹھے اور سارا واقعہ دوانقی کو سنایا۔ دوانقی حاضرِ خدمت ہوا اور کہا: آپ کے ہاں آنے پر بجز آپ کے اجلال و اکرام کے کوئی چیز مانع نہ تھی۔ پھر پوچھا: داؤد کیا کہتا ہے؟ فرمایا: سچ کہتا ہے ایسا ہی ہوگا۔ پھر پوچھا: ہماری سلطنت آپ کی سلطنت سے پہلے ہوگی؟ آپ نے فرمایا: ہاں۔ اس نے پھر پوچھا: ہماری سلطنت زیادہ دیر چلے گی یا بنوامیہ کی؟ آپ نے فرمایا: تمہاری سلطنت زیادہ دیر رہے گی۔ لیکن بچوں کے ہاتھوں میں رہے گی جس سے کھیلتے رہیں گے جیسے گیند سے۔ بس یہی ہے جو میں نے اپنے والدِ محترم سے سنا ہے۔ چنانچہ جب دوانقی والی ملک ہوا تو اسے حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ کی باتوں پر سخت تعجب ہوا۔ (کیونکر وہ حرف بحرف سچی نکلیں)

حضرت ابوبصیر جو آنکھوں کی روشنی سے محروم ہو گئے تھے کہتے ہیں کہ ایک روز میں نے حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

محافظِ دینِ پیغمبر ﷺ ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں۔ میں نے کہا کہ پیغمبر ﷺ تو تمام انبیاء علیہم السلام کے وارث ہیں۔ آپ نے کہا: ہاں آپ ان کے علوم کے وارث ہیں۔ میں نے کہا: کیا تمہیں بھی وہ علوم میراث میں ملے ہیں؟ آپ نے کہا: ہاں۔ میں نے کہا: آپ کو یہ طاقت ہے کہ مردوں کو زندہ کردیں، مادرزاد اندھوں کو بینا کردیں اور کوہڑوں کو چنگا بھلا کردیں۔ نیز یہ بتائیں کہ لوگ اپنے گھروں میں کیا کھاتے ہیں۔ اور کیا بچا کر رکھتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں میں اللہ کے حکم سے بتا سکتا ہوں۔ پھر فرمایا: میرے سامنے آکر بیٹھ جاؤ۔ میں بیٹھ گیا۔ آپ نے اپنا دستِ مبارک میرے چہرے پر پھیرا۔ میری آنکھیں روشن ہوگئیں۔ چنانچہ میں نے کوہ و بیابان اور زمین و آسمان کی وسعتوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ آپ نے پھر اپنا ہاتھ میرے چہرے پر پھیرا تو میں پہلی حالت پر آ گیا۔ آپ نے مجھ سے پوچھا: ان دو حالتوں میں سے کس حالت کو پسند کرتے ہو یہ کہ تمہاری آنکھیں درست ہوجائیں اور تمہارا حساب خدا کے سپرد ہو یا تمہاری آنکھیں ایسی ہی رہیں اور تم بغیر حساب کے جنت الفردوس میں جاؤ۔ میں نے کہا: میں تو اس چیز کو پسند کرتا ہوں کہ میں نابینا ہی رہوں اور جنت میں بغیر حساب و کتاب جاؤں۔ (ایضا)

ایک اور راوی کہتے ہیں کہ ہم تقریباً پچاس افراد حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے کہ اچانک ایک اور شخص بھی حاضر ہوا جس کا کاروبار خرما فروشی تھا۔ اس نے حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ سے مخاطب ہوکر کہا کہ کوفہ میں ایک شخص یہ گمان کرتا ہے کہ آپ کے پاس ایک فرشتہ ہے جو کافر کو مؤمن سے اور دوست کو دشمن سے ممیز کرکے آپ کو مطلع کردیتا ہے۔ حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ نے اس سے پوچھا: تم کیا کام کرتے ہو؟ اس نے کہا: میں کبھی کبھی جو بھی بیچ لیتا ہوں۔ آپ نے فرمایا: یہ بھی غلط ہے تم تو کھجوریں بیچتے ہو۔ اس شخص نے کہا یہ آپ کو کیسے پتا چلا ہے؟ آپ نے فرمایا: مجھے فرشتہ ربانی مطلع کردیتا ہے کہ فلاں تمہارا دوست ہے یا دشمن! ہاں دیکھو تم فلاں بیماری کے سوا کسی اور بیماری سے نہ مروگے۔ راوی کہتا ہے کہ جب میں کوفہ واپس آیا اور اس شخص کے متعلق پوچھا تو لوگوں نے کہا وہ اسی بیماری سے مرگیا ہے جو حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمائی تھی۔ (ایضا)

ایک دوسرے راوی کا بیان ہے کہ ایک دن حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ گھوڑے پر سوار کہیں جارہے تھے تو میں بھی ان کے ساتھ تھا۔ ابھی تھوڑی ہی دور گئے کہ دو آدمیوں سے ملاقات ہوگئی۔ حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ چور ہیں انہیں پکڑ لو اور مضبوطی سے باندھ دو۔ آپ کے غلاموں نے انہیں اچھی طرح باندھ دیا۔ آپ نے اپنے ایک معتمد سے فرمایا: اس پہاڑ پر جاؤ وہاں ایک غار سے اس میں سے جو بھی ملے وہ لے آؤ۔ وہ گیا اور وہاں سے دو صندوق سامان کے بھر کر لے آیا۔ ایک صندوق میں کسی اور جگہ سے سامان بھر لایا۔ آپ نے فرمایا ان کے مالکوں میں سے ایک یہاں موجود ہے اور دوسرا موجود نہیں۔ جونہی ہم مدینہ واپس پہنچے تو ان میں سے ایک نے دوسرے پر استحقاق کا دعوی کر رکھا تھا اور مدینے کے گورنر اسے سرزنش کررہے تھے۔ حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ان کو سرزنش نہ کیجیے۔ پھر آپ نے دونوں صندوق ان کے مالکوں کو دے کر فرمایا کہ چوروں کے ہاتھ کاٹ دو۔ آپ کے حکم کی تعمیل کی گئی۔ ان چوروں میں سے ایک چور نے کہا: اللہ کا شکر ہے میرا ہاتھ فرزندِ رسول ﷺ کی موجودگی میں کاٹا گیا اور ان کے دستِ حق پر ہی میری توبہ قبول ہوئی۔ آپ نے فرمایا ہاں توبہ کا عہد کرو کیونکہ ایک سال کے بعد تم اس دارِ فانی سے چلے جاؤ گے۔ اس شخص نے توبہ کرلی اور توبہ کے بعد پورا ایک سال جیا۔ اس کے تین روز بعد اس صندوق کا ایک اور مالک آموجود ہوا۔ آپ نے اس سے کہا: تمہارے صندوق میں ایک ہزار دینار ہے جو تمہارا ہے اور ایک ہزار دینار کسی اور کا ہے اور کچھ اس طرح کے کپڑے بھی ہیں۔ اس

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نے کہا: اگر جناب کو پتہ ہے تو اس کا نام بتا دیجئے۔ آپ نے فرمایا: اس کا نام محمد بن عبدالرحمن ہے جو بہت صالح اور نیک بخت آدمی ہے۔ وہ بہت زیادہ صدقہ وخیرات کرتا ہے اور پابندی سے نماز ادا کرتا ہے۔ اب دروازے پر تمہاری انتظار کر رہا ہے۔ جس شخص سے آپ یہ باتیں کر رہے تھے وہ نصرانی تھا۔ اس نے یہ سچی باتیں سنیں تو کہا: لاریب۔ اللہ ہی ایک ایسی ہستی ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں۔ یہ کہہ کر وہ مسلمان ہو گیا۔ (ایضاً)

جناب ابوبصیر روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے ایک ایسے شخص کا حال معلوم ہے جو اگر دریا کے کنارے کھڑا ہو جائے تو دریا کے تمام جانوروں، ان کی ماؤں، چچیوں اور خالاؤں کے نام جان لیتا ہے۔ (ایضاً)

ایک راوی کہتا ہے ہم ایک گروہ کی شکل میں حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ کے آستانے پر حاضر ہوئے تو ہمیں ایک شخص کی خوش الحانی سے کچھ سریانی زبان میں پڑھنے کی آواز سنائی دی۔ ہمارے دل میں خیال پیدا ہوا کہ کوئی اہلِ کتاب کچھ پڑھ رہا ہے ہم اندر گئے تو آپ کے سوا کوئی شخص موجود نہ تھا۔ ہم نے عرض کی کہ ہمیں ابھی ابھی ایک شخص سریانی میں کچھ پڑھتا ہوا سنائی دیا تھا وہ کہاں ہے؟ آپ نے فرمایا: مجھے فلاں نبی علیہ السلام کی مناجات یاد ہیں جب میں اسے پڑھتا ہوں۔ تو وہ مجھے رلا دیتی ہے۔ (ایضاً)

ایک دن ابنِ عکاشہ حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اس وقت آپ کے فرزندِ ارجمند حضرت امام جعفر رضی اللہ عنہ بھی آپ کے پاس کھڑے تھے ابنِ عکاشہ نے کہا: اب تو ماشاء اللہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ جوان ہو گئے ہیں ان کی شادی ہونی چاہیے۔ آپ ان کی شادی کیوں نہیں کرتے؟ اس وقت حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ کے پاس سر بمہر سونے کی ایک تھیلی تھی۔ آپ نے فرمایا: یہ تھیلی لے جاؤ اور ایک لونڈی خرید لاؤ۔ ہم بردہ فروش کے پاس گئے تو اس نے کہا میرے پاس جو تھی وہ بیچ چکا ہوں۔ ہاں البتہ ایک دو لونڈیاں ہیں جو ایک دوسری سے بڑھ چڑھ کر ہیں۔ ہم نے کہا: انہیں باہر لاؤ تا کہ دیکھ لیں۔ دونوں باہر آئیں تو ایک کو ہم نے پسند کر لیا۔ میں نے کہا: اس کی کیا قیمت لے گا؟ اس نے کہا: ستر ہزار دینار۔ ہم نے کہا: کچھ کم کیجئے۔ کہنے لگا: ایک کوڑی کم نہ ہو گی۔ آخر ہم نے اس سے کہا: ہم اس لونڈی کو اس تھیلی میں جو بھی ہے اس کے عوض خریدنا چاہتے ہیں ہم نہیں جانتے کہ اس میں کتنے دینار ہیں۔ بردہ فروش کے پاس ایک سفید سر اور سفید ریش شخص تھا جس نے تھیلی کھولنے کے لیے کہا۔ بردہ فروش بولا: اسے مت کھولیے اگر ستر ہزار سے ایک کوڑی بھی کم نکلی تو میں ہرگز فروخت نہیں کروں گا۔ اس پر اس بزرگ نے تھیلی کھول کر جو بھی اس میں تھا اس کا وزن کرنے کے لیے کہا۔ ہم نے تھیلی کو کھول کر وزن کیا تو سونا بے کم وکاست ستر ہزار دینار مالیت کا نکلا۔ چنانچہ ہم نے لونڈی خریدی اور حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پیش کر دی۔ اس وقت بھی حضرت امام جعفر رضی اللہ عنہ پاس کھڑے تھے۔ ہم نے حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ کو تمام ماجرا سنایا۔ آپ کی زبان پر فوراً الحمد للہ کے الفاظ آئے۔ پھر میں نے اس لونڈی سے پوچھا تمہارا نام کیا ہے؟ اس نے جواب دیا: میرا نام حمیدہ ہے۔ آپ نے فرمایا: تو دنیا میں حمیدہ ہے اور آخرت میں محمودہ۔ آپ نے اس سے پھر پوچھا: کیا تم کنواری ہو یا باکرہ؟ اس نے کہا: میں کنواری ہوں۔ آپ نے فرمایا: یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ کیا کوئی لونڈی بردہ فروشوں کے ہاتھوں سلامت رہ سکتی ہے اس نے کہا جب یہ بردہ فروش میرے نزدیک آ کر کسی برائی کا ارادہ کرتے تو یہ سفید سر اور سفید ریش بزرگ آگے آ کر اس کے منہ پر طمانچہ مارتے اور انہیں مجھ سے دور کر دیتے اور ایسا کئی بار ہوا۔ یہ سن کر حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ نے لونڈی کو حضرت امام جعفر کے حوالے کر دیا جس کے شکم سے بہترین خلائق حضرت موسیٰ بن جعفر پیدا ہوئے۔ (ایضاً)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ایک دن آپ مدینہ میں چند آدمیوں کے ساتھ بیٹھے تھے کہ آپ نے اپنا سر نیچے جھکا لیا۔ پھر سر اٹھا کر فرمایا کہ تمہاری حالت یہ ہوگی کہ کسی وقت کوئی شخص مدینہ میں چار ہزار افراد کے ساتھ آ کر تین روز تک قتلِ عام کرے گا۔ پھر تمہارے مقاتلوں کو قتل کرے گا۔ وہ تمہارے لیے بہت سے مصائب پیدا کردے گا جن کو تم دور نہ کرسکو گے۔ یہ واقعہ آئندہ سال ہوگا تمہیں اس سے بچنا چاہیے۔ میں جو کچھ کہتا ہوں سچ کہتا ہوں۔ اسے یقینِ محکم سے مانو۔ لیکن اہلِ مدینہ نے آپ کی ان حقیقت افروز باتوں کی طرف توجہ نہ دی اور چند آدمیوں کے سوا سب کہنے لگے: ایسا کبھی نہیں ہوسکتا۔ بنی ہاشم کو معلوم تھا کہ آپ جو بھی کہہ رہے ہیں سچ کہہ رہے ہیں۔ چنانچہ آئندہ سال حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ تمام بنو ہاشم کے ساتھ مدینہ سے باہر چلے گئے۔ اس کے بعد نافع الارزق مدینہ میں آیا اور اس نے وہی کچھ کیا جو آپ نے فرمایا تھا۔ اس واقعہ کے بعد اہل مدینہ نے کہا اب حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ جو بھی فرمائیں گے ہم اس سے سرمو تجاوز نہیں کریں گے کیونکہ یہ اہلِ بیتِ نبوت سے ہیں اور جو بھی کہتے ہیں حق وصداقت پر مبنی ہوتا ہے۔ (ایضا)

## شہادت

سیدنا امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اٹھاون برس کی عمر ۱۱۴ھ میں شہید ہوئے آپ کو ہشام بن عبدالملک نے زہر دے کر شہید کروا دیا اور مدینہ طیبہ جنت البقیع میں اپنے والدِ گرامی سیدنا امامِ زین العابدین رضی اللہ عنہ اور عمِ محترم کے قریب مدفون ہوئے۔ (ایضا)

## اولادِ امجاد

سیدنا امام محمد باقر رضی اللہ عنہ کی اولادِ امجاد میں تین صاحبزادے اور ایک صاحبزادی تھی۔ ان کے اسمائے مبارکہ یہ ہیں:

۱۔ حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۲۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۳۔ حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
۴۔ اور امِ سلمہ رضی اللہ عنہا۔ (سعادت الکونین، ص: ۱۹۸)

واضح رہے کہ بعض نے اس سے زائد اولاد بھی بیان کی ہے۔ واللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔

# حضرت امام جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم

آپ امامِ ششم ہیں۔ آپ کی کنیت ابوعبداللہ اور بعض کے نزدیک ابواسماعیل ہے۔ آپ صادق کے اشہر ترین لقب سے معروف ہیں۔ آپ کی والدہ کا نام امِ فروہ بنتِ قاسم بن محمد بن ابوبکر صدیق ہے۔ امِ فروہ کی ماں حضرت اسماء بنتِ عبدالرحمن بن ابی بکر الصدیق ہیں۔ اسی باعث حضرت جعفر نے فرمایا کہ مجھے حضرت ابوبکر صدیق نے دوبارہ جنم دیا۔ (ایضا)

آپ کی ولادت بمقام مدینہ منورہ ۸۲ھ بروز سوموار ماہ ربیع الاول کے آخری عشرہ میں ہوئی اور وفات بروز سوموار نصف رجب المرجب ۱۴۸ھ میں ہوئی۔ آپ عظمائے اہلِ بیت سے ہیں اور ان میں سے تمام سے اعلم ہیں اور اس قدر کہ کثرتِ علومِ مفیضہ جو ان کے قلب پر نازل ہوئے ان کا احاطہ فہم وادراک نہیں کرسکتے اور بھی علوم آپ سے روایت کئے جاتے ہیں۔ اور کہا جاتا ہے کہ کتاب جفر جو عبدالمؤمن کے توسط سے مغرب میں رائج ہے آپ کا ہی کلام ہے۔ یہ کتاب جفر کے نام سے مشہور ہے۔ جو آپ کے اسرار علوم پر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مشتمل ہے اور اس کا تذکرہ حضرت سیدنا امام علی بن موسیٰ کے ملفوظات میں صریحاً پایا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے جس وقت مامون الرشید نے آپ کو اپنا ولی عہد مقرر کیا تو آپ نے فرمایا: جفر و جامعہ دونوں ایک دوسرے کا خلاف ہیں۔ آپ اس دعویٰ میں سچے تھے کیونکہ آپ فرمایا کرتے تھے کہ ہمارے علوم غابر و مزبور ہیں جنہیں ہم سینوں میں چھپائے رکھتے تھے اور کانوں تک پہنچا دیتے ہیں اور پھر ہمارے پاس جفر احمر، جفر ابیض اور مصحف فاطمہ بھی ہے۔ لیکن علم جامعہ میں وہ تمام چیزیں پائی جاتی ہیں جن سے لوگوں کو واسطہ رہتا ہے ان کی تفسیر و تشریح بھی لوگ ہم سے پوچھا کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: غابر وہ علم ہے جس کی روشنی میں مستقبل کے تمام حالات سے آگاہی ہوتی ہے اور مزبور وہ علم ہے جس کی روشنی سے گزشتہ واقعات کا علم ہوتا ہے اور وہ علم جو دل میں پوشیدہ ہوتا ہے اس سے مراد الہام ہے اور وہ جو لوگوں کے کانوں تک پہنچاتے ہیں۔ یہ ملائکہ کی باتیں ہیں۔ جن کو ہمارے کان ہی سن سکتے ہیں اور کوئی ان کی شخصیتوں کو نہیں دیکھ سکتا، لیکن جفر احمر حضور علیہ السلام کا ایک قسم کا اسلحہ ہے اور ہم اہل بیت اس کو کبھی بھی ظاہر نہیں کرتے جب تک کہ اہل بیت سے یمن و برکت حاصل کرنا مقصود نہ ہو۔ لیکن جفر ابیض سے مراد یہ ہے کہ تورات، انجیل، زبور اور قرآن پاک کے تمام علوم حاصل کیے جائیں، لیکن مصحف فاطمہ سے مراد یہ ہے کہ اس میں وہ تمام واقعات و اسماء جو قیامت تک ظاہر ہونے والے ہیں موجود ہیں، اور جامعہ ایک ایسی کتاب ہے جو ستر گز لمبی ہے اس کی عبارت حضور نے ترتیب دی ہے، اس کو حضرت علی نے اپنے ہاتھ سے لکھا تھا اور قیامت تک انسانوں کی ضرورت کی ہر چیز اس میں موجود ہے حتیٰ کہ ریت سے لے کر کوڑے اور آدھے کوڑے تک کی سزا بھی ہے۔

آپ کی زبانِ گوہر فشاں سے جو بھی حقائق و معارف اور دقائق و حکم صادر ہوئے وہ زبانِ زدِ خاص و عام ہیں اور اہلِ اسلام نے اپنی کتابوں میں ان کا تذکرہ کیا ہے۔ ذیل میں ان کی خرقِ عادات اور کرامات کا بالاختصار ذکر کیا جاتا ہے۔

## حضرت امام جعفر الصادق رضی اللہ عنہ کی کرامات

خلیفہ منصور عباسی نے ربیع کو حکم دیا کہ حضرت جعفر بن محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو میرے دربار میں پیش کرو۔ جب ربیع ان کو لے کر آئے تو منصور نے کہا:

(اللہ مجھے مار ڈالے اگر میں کسی حیلے یا کسی گروہ کے ذریعے کوئی فتنہ اٹھاؤں)

مگر تم فتنہ انگیزی کرتے ہو اور چاہتے ہو کہ مسلمانوں کی خونریزی ہو، حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے ایسی کسی بات کی خواہش کی ہے نہ عملی طور پر کچھ کیا ہے اگر تمہارے پاس کوئی ایسی بات پہنچی ہے تو محض کسی جھوٹ بکنے والے کی وساطت سے پہنچی ہے اگر عیاذاً باللہ تمہارے بیان کے مطابق کوئی فتنہ انگیزی کی ہے تو اس کی مثال یوں ہے:

جناب یوسف علیہ السلام پر بھائیوں نے ظلم کیا تو انہوں نے معاف فرما دیا۔

حضرت ایوب علیہ السلام بیماری میں مبتلا ہوئے تو انہوں نے صبر کیا۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کو کچھ عطا ہوا تو انہوں نے شکر ادا کیا۔

یہ سب پیغمبر تھے اور تمہارا نسب ان سے ملتا ہے۔

منصور کہنے لگا آپ سچ کہتے ہیں۔ چنانچہ اس نے آپ کو بلا کر تخت پر اپنے پاس بٹھا لیا پھر کہا: آپ کی یہ بات فلاں شخص نے مجھے بتائی تھی۔ خلیفہ نے اسے حاضر ہونے کا حکم دیا۔ وہ حاضر ہوا تو اس سے پوچھا آیا تم نے یہ باتیں حضرت امام جعفر الصادق رضی اللہ عنہ سے سنی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہیں؟ اس نے کہا: ہاں! خلیفہ نے کہا: کیا تم اس کی قسم کھا سکتے ہو؟ اس نے کہا: ہاں۔ پھر اس نے یوں قسم کھانا شروع کی۔ بِاللّٰہِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ (قسم ہے اس کی جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ عالمِ غیب وشہادت ہے) حضرت امام جعفر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے خلیفہ! میں اسے قسم دیتا ہوں۔ خلیفہ نے کہا: ہاں آپ اسے قسم دیں۔ آپ نے اس شخص سے کہا: کہو: بَرِیْتُ مِنْ حَوْلِ اللّٰہِ وَقُوَّتِہٖ وَالنَّجَاتِ اِلٰی حَوْلِیْ وَقُوَّتِیْ لَقَدْ فَعَلَ کَذَا وَکَذَا جَعْفَرٌ وَقَالَ کَذَا وَکَذَا جَعْفَرٌ۔

وہ اس طرح قسم کھانے سے احتراز کرنے لگا، آخر قسم کھالی اور قسم کھاتے ہی حاضرین کے سامنے پھڑک کر مر گیا۔ منصور نے کہا: اس ملعون کو گھسیٹ کر باہر لے جاؤ۔ ربیع کہتے ہیں جب حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ منصور کو ملنے آئے تو آپ نے زیرِ لب کچھ پڑھنا شروع کر دیا۔ آپ اپنے لبوں کو جنبش دیتے رہے اور منصور کا غصہ فرو ہوتا رہا۔ اس نے آپ کو بڑی دیر تک اپنے پاس بٹھایا اور آپ سے خوشنودی کا اظہار کیا۔

جب آپ خلیفہ کے پاس سے اٹھ کر باہر آئے تو میں نے ربیع سے کہا یہ شخص (خلیفہ) تو آپ پر سخت ناراض تھا جب آپ تشریف لائے تو آپ نے زیرلب کیا پڑھا تھا جو خلیفہ کا غصہ یکدم فرو ہو گیا۔ آپ نے فرمایا میں اپنے دادا حسین رضی اللہ عنہ کی تلقین کردہ یہ دعا پڑھ رہا تھا:

یَا عِدَّتِیْ عِنْدَ شِدَّتِیْ وَیَا غَوْثِیْ عِنْدَ کُرْبَتِیْ اَحْرِسْنِیْ بِعَیْنِکَ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَاکْنِفْنِیْ بِرُکْنِکَ الَّذِیْ لَا یُرَامُ۔ (شواھد)

ربیع کہتے ہیں کہ میں نے یہ دعا یاد کر لی اور جب بھی مجھے کوئی مشکل پیش آئی میں نے اسے پڑھا اور وہ مشکل آسان ہو گئی اور مجھے راحت نصیب ہوئی۔ اسی طرح ربیع کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام صادق رضی اللہ عنہ سے پوچھا آپ نے اس شخص کو قسم پوری کرنے سے پہلے دوسری قسم کیوں دی؟ آپ نے فرمایا: بندہ خدا تعالیٰ کی یکسوئی سے عظمت بیان کرتا ہے تو اسے علم کی دولت نصیب ہوتی ہے جس سے وہ اپنی سزا سے مطلع ہو جاتا ہے، چنانچہ میں نے اسے قسم دی تو اللہ تعالیٰ نے جو تمہارے کانوں نے سنا ہے کے سبب اس کا جلد ہی مؤاخذہ کر لیا۔'' (ایضاً)

۲..... ایک دن منصور نے اپنے دربان کو ہدایت کی حضرت جعفر کو میرے پاس پہنچنے سے پہلے شہید کر دینا۔ اسی دن حضرت امام جعفر رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور منصور کے پاس آ کر بیٹھ گئے۔ منصور نے دربان کو بلایا، اس نے دیکھا کہ حضرت امام جعفر رضی اللہ عنہ تشریف فرما ہیں۔ جب آپ واپس تشریف لے گئے تو منصور نے دربان کو بلا کر کہا میں نے تجھے کس بات کا حکم دیا تھا؟ دربان بولا خدا کی قسم میں نے حضرت امام جعفر رضی اللہ عنہ کو آپ کے پاس آتے دیکھا ہے نہ جاتے، بس اتنا نظر آیا کہ وہ آپ کے پاس بیٹھے تھے۔ (ایضاً)

۳..... منصور کے ایک درباری کا بیان ہے کہ میں نے ایک روز اسے غمگین و پریشان دیکھا تو کہا: اے خلیفہ! آپ متفکر کیوں ہیں؟ بولا: میں نے علویوں کے ایک بڑے گروہ کو مروا دیا ہے لیکن ان کے سردار کو چھوڑ دیا ہے۔ میں نے کہا وہ کون ہے؟ کہنے لگا: وہ جعفر بن محمد رضی اللہ عنہما ہے میں نے کہا: وہ تو ایسی ہستی ہے جو اللہ تعالیٰ کی عبادت میں محو رہتی ہے اسے دنیا کا کوئی لالچ نہیں۔

خلیفہ بولا: مجھے معلوم ہے تم اس سے کچھ ارادت وعقیدت رکھتے ہو حالانکہ پورے ملک کو اس سے کوئی دلچسپی اور امید وابستہ نہیں۔ میں نے قسم کھالی ہے کہ جب تک میں اس کا کام تمام نہ کر دوں آرام سے نہ بیٹھوں گا۔

چنانچہ اس نے جلاد کو بلا کر حکم دیا کہ جونہی امام جعفر بن محمد رضی اللہ عنہما آئے، میں اپنا ہاتھ اپنے سر پر رکھ لوں گا تم اسے شہید کر دینا۔ پھر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کو بلایا۔ میں آپ کے ساتھ ساتھ ہولیا۔ میں نے دیکھا کہ آپ زیرِ لب کچھ پڑھ رہے تھے جس کا مجھے پتہ نہ تھا لیکن میں نے اس چیز کا مشاہدہ ضرور کیا کہ منصور کے محلوں میں ارتعاش پیدا ہوگیا وہ ان سے اس طرح باہر نکلا۔ جیسے ایک کشتی سمندر کی تند و تیز لہروں سے باہر آتی ہے۔ اس کا عجیب حلیہ تھا، وہ لرزہ براندام اور برہنہ پا حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے استقبال کے لیے آیا اور آپ کے بازو کو پکڑ کر اپنے ساتھ تکیہ پر بٹھایا اور کہنے لگا: اے ابنِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ کیسے تشریف لائے ہیں؟ آپ نے فرمایا: تو نے بلایا اور میں آ گیا۔ پھر کہنے لگا: کسی چیز کی ضرورت ہو تو بتائیں۔ آپ نے فرمایا: مجھے بجز اس کے کسی چیز کی ضرورت نہیں کہ تم مجھے یہاں بلایا نہ کرو میں جس وقت خود چاہوں آ جایا کروں گا آپ اٹھ کر باہر تشریف لے گئے۔ تو منصور نے اسی وقت جامہائے خواب طلب کیے اور رات گئے تک سوتا رہا یہاں تک کہ اس کی نماز قضا ہوگئی، بیدار ہوا تو نماز ادا کر کے مجھے بلایا اور کہا جس وقت میں نے جعفر بن محمد رضی اللہ عنہما کو بلایا تو میں نے ایک اژدہا دیکھا جس کے منہ کا ایک حصہ زمین پر تھا اور دوسرا حصہ میرے محل پر۔ وہ مجھے فصیح و بلیغ زبان میں کہہ رہا تھا مجھے اللہ تعالیٰ نے بھیجا ہے اگر تم سے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کو کوئی گزند پہنچی تو تجھے تیرے محل سمیت فنا کر دوں گا۔ اس پر میری طبیعت غیر ہوگئی۔ جو تم نے دیکھ ہی لی ہے۔ میں نے کہا یہ جادو یا سحر نہیں ہے یہ تو اس اسمِ اعظم (قرآن کریم) کی خاصیت ہے جو حضور علیہ السلام پر نازل ہوا تھا۔ چنانچہ آپ نے جو چاہا وہی ہوتا رہا۔ (ایضا)

۴.....ابنِ جوزی نے کتاب ''صِفَةُ الصَّفْوَةِ'' میں لیث بن سعد سے باسناد خود روایت کی ہے وہ کہتے ہیں کہ میں موسمِ حج میں مکہ معظمہ میں نمازِ عصر ادا کر رہا تھا، فراغت کے بعد میں کوہِ ابوقبیس کی چوٹی پر چڑھ گیا، کیا دیکھتا ہوں کہ وہاں ایک شخص بیٹھا ہوا تھا اور دعا مانگ رہا ہے یارب یارب کہتے ہوئے اس کا سانس ٹوٹ گیا، پھر کہا یارباہ، یارباہ۔ اس پر بھی اس کا سانس ٹوٹ گیا۔ پھر یا اللہ یا اللہ کہتے ہوئے اس کا سانس ٹوٹ گیا۔ پھر یاحیّ یاحیّ پڑھنے لگا، اس پر بھی اس کا سانس ٹوٹ گیا۔ پھر اس نے یارحیم یارحیم پڑھا تو بھی اس کا سانس ٹوٹ گیا۔ پھر یا ارحم الراحمین پڑھنے لگا اس دفعہ بھی اس کا سانس ٹوٹ گیا اس نے سات بار اس طرح کیا، پھر اس نے دعا کی۔

ابھی اس کی دعا ختم بھی نہ ہوئی تھی کہ میں نے وہاں ایک گچھا انگوروں کا اور دو نئی چادریں پڑے ہوئی دیکھیں اس وقت انگور کہیں بھی دستیاب نہ تھے۔ جب وہ ان انگوروں سے کچھ کھانے لگا تو میں نے بھی شرکت کی، اس نے کہا تم کیوں شریک ہوتے ہو۔ میں نے کہا اس وجہ سے کہ آپ نے دعا فرمائی اور میں نے آمین کہا۔

اس نے کہا میرے پاس آؤ، کھاتے جاؤ اور کوئی دانہ بچا کر نہ رکھنا۔ یہ ایسے انگور تھے جن کا بدل ملنا محال تھا، میں نے ایسے انگور نہ کبھی کھائے تھے، میں کھا کر سیر ہوگیا، لیکن ان میں سے ایک بھی کم نہ ہوا۔ پھر کہنے لگا: ان دو چادروں میں سے جو چاہو اٹھا لو۔ میں نے کہا: مجھے ضرورت نہیں۔ اس نے کہا ذرا ادھر ادھر ہو جاؤ میں ان چادروں کو چھپانا چاہتا ہوں۔ میں ایک طرف اوجھل ہوگیا تو اس نے ایک سے ازار بنالی اور دوسری سے اوڑھنی بنالی اور دونوں پرانی چادروں کو ہاتھ میں پکڑ لیا اور چل دیا، میں بھی ان کے پیچھے پیچھے ہولیا، جب صفاء و مروہ پر پہنچے تو اسے ایک شخص ملا جس نے کہا اے ابنِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میرا تن ڈھانپیے اللہ تعالیٰ تمہارا تن ڈھانپے گا۔ آپ نے وہ دونوں چادریں اسے دے دیں۔ میں اس شخص کے پیچھے پیچھے چلتا گیا، میں نے پوچھا: یہ چادریں دینے والے کون ہیں؟ تو اس نے کہا: یہ جعفر بن محمد ہیں۔ بعد ازاں میں نے ان سے حدیث سننے کے لیے بہت خواہش کی لیکن وہ نہ مل سکے۔ (شواہد)

۵.....کہتے ہیں داؤد بن علی بن عبداللہ بن عباس نے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے کسی غلام کو قتل کر دیا اور اس کا مال و منال ضبط

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کرلیا۔ حضرت جعفر صادق رضی اللہ عنہ اس کے پاس گئے وہ اس وقت اپنی چادر کو زمین پر بچھا رہا تھا، آپ نے فرمایا: تو نے میرے غلام کو قتل کرکے اس کا مال لوٹ لیا ہے میں تمہارے لیے بخدا بدعا کروں گا۔ داؤد نے برسبیلِ مذاق کہا: کیا تم مجھے ڈارتے دھمکاتے ہو۔ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے گھر چلے گئے اور تمام رات قیام وقعود میں گزار دی۔ صبح ہوئی تو آپ نے داؤد کے لیے بددعا کی، ابھی ایک گھنٹہ بھی نہ گزرا تھا کہ لوگوں میں سے کسی نے داؤد کو قتل کر دیا۔ (ایضاً)

۶..... جناب ابوبصیر کا بیان ہے کہ میں مدینہ منورہ گیا تو میرے ساتھ ایک کنیز بھی تھی، میں نے اس سے جماع کیا، بعدازاں حمام میں جانے کے لیے باہر آیا میں نے دیکھا کہ بہت سے حضرات حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی زیارت کے لیے ان کے مکان پر جارہے ہیں۔ میں بھی ان کے ہمراہ ہولیا، جب حضرت امام صاحب رضی اللہ عنہ کے دولت کدہ پر حاضر ہوئے تو آپ کی نظر مجھ پر پڑی۔ آپ نے فرمایا: اے ابوبصیر! تمہیں شائد پتہ نہیں کہ پیغمبروں اور ان کی آل واولاد کی قیام گاہوں پر جنابت کی حالت میں نہیں آتے۔ میں نے کہا: اے ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں نے احباب کو آپ کی طرف آتے دیکھا تو مجھے اندیشہ ہوا کہ شاید آپ کی زیارت کی دولت پھر ہاتھ نہ آئے۔ اس لیے میں آ گیا۔ یہ کہہ کر میں نے توبہ کی کہ میں آئندہ ایسا نہ کروں گا اور پھر باہر آ گیا۔ (ایضاً)

۷..... ایک اور صاحب کا بیان ہے کہ میرا ایک دوست تھا جسے منصور نے محبوس کر دیا، میری ملاقات حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے حج کے موسم میں میدانِ عرفات میں ہوئی آپ نے مجھ سے میرے دوست کے متعلق پوچھا۔ میں نے کہا: حضور! وہ ویسے ہی قید میں ہے آپ نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے۔ ایک گھنٹہ کے بعد فرمایا: خدا کی قسم تمہارے دوست کو بری کر دیا گیا ہے۔ راوی کہتا ہے جب میں حج سے فارغ ہوکر واپس آیا تو میں نے اپنے دوست سے پوچھا: تمہاری کس دن رہائی ہوئی؟ کہنے لگا: مجھے یومِ عرفہ کو بعدازنمازِ عصر چھوڑ دیا گیا تھا۔ (ایضاً)

۸..... ایک راوی کا بیان ہے کہ میں نے مکہ معظمہ میں ایک چادر خریدی اور مصمم ارادہ کرلیا کہ کسی دوست کو نہ دوں گا تاکہ میری وفات کے بعد مجھے کفن کا کام دے۔ میں عرفات سے مزدلفہ میں واپس آیا تو چادر گم ہوگئی۔ مجھے بہت دکھ ہوا۔ جب میں علی الصبح مزدلفہ سے منیٰ میں آیا تو میں مسجد خیف میں بیٹھ گیا۔ اچانک ایک شخص جو حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے پاس سے آیا تھا آکر کہنے لگا کہ تجھے آپ بلاتے ہیں۔ میں جلدی سے آپ کے پاس گیا اور السلام علیکم کہہ کر آپ کے سامنے بیٹھ گیا۔ آپ نے میری طرف متوجہ ہوکر فرمایا: آیا تم چاہتے ہو کہ تمہاری چادر مل جائے جو تمہاری وفات کے بعد کفن کا کام دے۔ میں نے عرض کی: ہاں حضور دے دیجیے لیکن وہ تو گم ہوگئی ہوئی ہے۔ آپ نے اپنے غلام کو آواز دی جو ایک چادر لے کر آ گیا میں نے دیکھا تو یہ وہی چادر تھی۔ آپ نے فرمایا: اسے لے لو اور خدا کا شکر ادا کرو۔ (ایضاً)

۹..... ایک راوی کا بیان ہے کہ ایک دن میں مکہ معظمہ میں حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی معیت میں جارہا تھا کہ ہمیں ایک ایسی عورت کے قریب سے گزرنے کا اتفاق ہوا۔ جس کے سامنے ایک مردہ گائے پڑی ہوئی تھی اور وہ عورت اپنے بچوں کے ساتھ گریہ وزاری میں مصروف تھی۔ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم چاہتی ہو کہ خدا تعالیٰ گائے کو زندہ کردے۔ وہ بولی آپ مذاق کیوں کرتے ہیں، میں تو پہلے ہی مصیبت زدہ ہوں۔ آپ نے فرمایا: میں مذاق نہیں کرتا۔

بعدازاں آپ نے دعا فرمائی، گائے کے سر اور پاؤں کو چھوا، پھر اسے بلایا تو وہ جلدی سے اٹھ کھڑی ہوئی۔ بعدازاں حضرت امام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جعفر صادق رضی اللہ عنہ لوگوں میں گھل مل گئے اور وہ عورت آپ کو پہچان نہ سکی۔

۱۰.....ایک راوی کا بیان ہے کہ ہم حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج کے لیے جارہے تھے کہ رستے میں ہمیں کھجور کے سوکھے درختوں کے پاس ٹھہرنا پڑا۔ حضرتِ امام جعفر صادق نے زیرِلب کچھ پڑھنا شروع کردیا۔ جس کی مجھے کچھ سمجھ نہ آئی۔ اچانک آپ نے ان سوکھے درختوں کی طرف منہ کرکے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تم میں ہمارے لیے جو رزق ودیعت کیا ہے اس سے ہماری ضیافت کرو۔ میں نے دیکھا کہ وہ کھجوریں آپ کی طرف جھک رہی تھی جن پر تر خوشے لٹک رہے تھے۔ آپ نے مجھے فرمایا: میرے پاس آؤ اور بسم اللہ کہہ کر کھاؤ۔ میں نے آپ کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے کھجوریں کھائیں۔ ایسی شیریں کھجوریں ہم نے پہلے کبھی نہ کھائی تھیں، اس جگہ ایک اعرابی بھی موجود تھا اس نے کہا آج جیسا جادو میں نے کبھی نہیں دیکھا۔ حضرتِ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم پیغمبروں کے وارث ہیں۔ ہم ساحر وکاہن نہیں ہوتے، ہم تو دعا کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ عزّ اجلّ، قبول فرمالیتا ہے۔ اگر تم چاہو تو ہماری دعا سے تمہاری شکل بدل جائے اور تم ایک کتے میں متشکل ہوجاؤ۔ اعرابی چونکہ جاہل تھا اس لیے کہنے لگا: ہاں ابھی دعا کیجیے۔ آپ نے دعا کی تو وہ کتا بن گیا اور اپنے گھر کی طرف بھاگ گیا۔ حضرتِ جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے مجھے فرمایا۔ اس کا تعاقب کرو۔ میں اس کے پیچھے گیا تو وہ اپنے گھر میں جاکر بال بچوں اور گھر والوں کے سامنے اپنی دم ہلانے لگا۔ انہوں نے اسے ڈنڈا مار کر بھگا دیا میں واپس آیا تو تمام حال کہہ سنایا اتنے میں وہ بھی آ گیا اور حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے سامنے زمین پر لیٹنے لگا۔ اس کی آنکھوں سے پانی ٹپکنے لگا۔ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے اس پر رحم فرما کر دعا فرمائی تو وہ شکلِ انسانی میں آ گیا۔ پھر آپ نے فرمایا: اے اعرابی! میں نے جو کہا تھا اس پر یقین ہے یا نہیں؟ کہنے لگا: ہاں جناب ایک بار نہیں اس پر ہزار بار ایمان ویقین رکھتا ہوں۔

۱۱.....ایک راوی کہتا ہے کہ ایک دن میں بہت سے آدمیوں کے ساتھ حضرتِ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر تھا۔ آپ نے فرمایا: جب خداوندِ قدوس نے حضرت ابراہیم کو ''خُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ۔'' کا حکم فرمایا تھا تو کیا وہ پرندے ہم جنس تھے یا ایک دوسرے سے مختلف؟ پھر فرمایا: اگر تم چاہو تو تمہیں ویسا ہی کرکے دکھاؤں؟ ہم نے کہا ''ہاں۔''

آپ نے فرمایا: ''اے مور! ادھر آجاؤ۔'' اسی وقت ایک مور حاضر ہوگیا۔

پھر کہا: اے کوے ادھر آؤ۔ فوراً ایک کوا آ گیا۔

پھر کہا: اے باز ادھر آؤ۔ اسی وقت ایک باز حاضر ہوگیا۔

پھر فرمایا: اے کبوتر ادھر آؤ۔ فوراً ایک کبوتر آ گیا۔

چاروں پرندے آ گئے تو آپ نے فرمایا: ان کو ذبح کرکے ٹکڑے ٹکڑے کردو، اور ہر ایک کا گوشت دوسرے میں ملا دو لیکن ہر ایک کے سر کو بحفاظت رکھو۔''

اس کے بعد آپ نے مور کے سر کو پکڑ کر کہا: اے مور!

ہم نے دیکھا کہ اس کی ہڈیاں، پر اور گوشت اس کے سر کے ساتھ مل گئے اور وہ ایک صحیح وسالم مور بن گیا۔ اسی طرح دوسرے تین پرندوں سے معاملہ کیا، وہ بھی زندہ ہوگئے۔ (ایضاً)

۱۲.....ایک آدمی آپ کے پاس دس ہزار دینار لے کر آیا اور کہا: میں حج سے واپسی پر اپنے اہل وعیال سمیت اس میں متوطن ہوجاؤں،

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حج سے واپسی پر وہ حضرتِ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے فرمایا: میں نے تمہارے لیے جنت میں سرائے خرید لی ہے جس کی پہلی حد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر، دوسری حضرت علی رضی اللہ عنہ پر، تیسری حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ پر اور چوتھی حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ پر ختم ہوتی ہے، اور یہ لو میں نے پروانہ لکھ دیا ہے، اسنے یہ بات سنی تو کہا میں اس پر خوش ہوں۔ چنانچہ وہ پروانہ لے کر اپنے گھر چلا گیا گھر جاتے ہی بیمار ہو گیا اور وصیت کی کہ اس پروانے کو میری وفات کے بعد قبر میں رکھ دینا۔ لواحقین نے تدفین کے وقت اس پروانے کو بھی قبر میں رکھ دیا۔ دوسرے دن دیکھا تو وہی پروانہ قبر پر پڑا ہوا تھا اور اس کی پشت پر یہ مرقوم تھا۔ کہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے جو وعدہ کیا تھا وہ ایفاء ہو گیا۔ (ایضاً)

۱۳..... ایک شخص نے آپ سے دعا کی التماس کی خدا تعالیٰ مجھے اتنا کچھ عطا کرے کہ میں بہت سے حج کروں۔ آپ نے دعا کی کہ اے اللہ! اسے اتنا دے کہ یہ پچاس حج کر لے۔ چنانچہ اس نے پورے پچاس حج کیے۔ لیکن جب اکاونواں حج کرنے کے لیے مقام جحفہ پہنچا تو غسل کرنے کی خواہش کی۔ جونہی پانی کو ہاتھ لگایا تو پانی کی تند و تیز موجیں اسے بہا لے گئیں اور وہ انہیں میں ڈوب گیا۔ (ایضاً)

## انتقال

آپ کا وصال بروز سوموار نصف رجب المرجب ۱۴۸ھ میں ہوا۔ آپ کی قبر شریف جنت البقیع مدینہ طیبہ میں اپنے والدِ معظم سیدنا امام باقر رضی اللہ عنہ اور جدامجد حضرت سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ اور تایا سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہے۔

### اولاد و امجاد

آپ کی اولادِ امجاد میں چھ صاحبزادے اور ایک صاحبزادی تھی۔ اسمائے مبارکہ یہ ہیں۔

۱۔ اسمٰعیل رضی اللہ عنہ ۲۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ

۳۔ اسحٰق رضی اللہ عنہ ۴۔ محمد رضی اللہ عنہ

۵۔ علی رضی اللہ عنہ ۶۔ موسیٰ رضی اللہ عنہ

۷۔ ام فروہ رضی اللہ عنہا۔

واضح رہے کہ حضرت مخدوم سید علاؤالدین علی احمد صابر کلیری علیہ الرحمہ کی شاخ ان سے ہے۔

# حضرت امام موسیٰ بن جعفر الصادق رضی اللہ تعالیٰ عنہما

آپ ساتویں امام ہیں۔ آپ کی کنیت کاظم ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ کاظم کے لقب نے آپ کے حلم کو بڑھایا اور آپ نے حد سے بڑھنے والوں سے درگزر کیا۔ آپ کی والدہ ام حمیدہ رضی اللہ عنہا بربریہ تھیں۔ حضرت امام کی ولادت مقام ابوا میں جو مکہ مکرمہ اور مدینہ منور کے درمیان واقع ہے ہوئی۔ یہ اتوار کا دن تھا، صفر المظفر کی نو راتیں گزر چکی تھیں اور سن ۱۲۸ھ تھا۔ آپ کو پہلی بار مہدی بن منصور کے حکم سے بغداد لا کر محبوس کیا گیا۔ ایک رات مہدی نے حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ، کو خواب میں دیکھا آپ فرما رہے تھے۔

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اَنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوا اَرْحَامَكُمْ۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ربیع کہتے ہیں کہ ابھی کچھ رات باقی تھی کہ اس نے مجھے بلایا۔ میں گیا تو سنا کہ وہ مذکورہ بالا آیت کو خوش الحانی سے پڑھ رہا تھا پھر مجھ سے کہنے لگا: ابھی جا کر موسیٰ بن جعفر رضی اللہ عنہ کو لے آؤ۔ میں نے تعمیلِ حکم کی اور آپ کو لے آیا۔ خلیفہ مہدی نے ان سے معانقہ کیا اور اپنے پاس بٹھا کر اپنی خواب سنائی، پھر کہا کیا آپ یہ نہیں کر سکتے کہ آپ میرے اور میرے بچوں کے خلاف بغاوت نہ کریں۔ آپ نے فرمایا: بخدا میرا تو کوئی ارادہ نہیں اور نہ ہی یہ بات مجھے زیب دیتی ہے کہ میں ایسا کروں۔ مہدی بولا: بالکل درست ہے۔ پھر اس نے ربیع سے کہا کہ ان کو دس ہزار دینار دے دو اور سامانِ سفر بھی تیار کر دو تا کہ آپ مدینہ چلے جائیں۔ ربیع کہتے ہیں کہ ہم نے راتو رات تمام بندوبست کر دیا اور انہیں الوداع کہنے کے لیے ساتھ گئے تا کہ کوئی شخص آپ کی مزاحمت نہ کرے، چنانچہ آپ بخیر وعافیت مدینہ پہنچ گئے۔

خلیفہ نے دوسری بار آپ کو مدینہ منورہ سے بغداد بلایا اور محبوس کر دیا۔ آپ بروز جمعۃ المبارک مطابق ۲۵ رجب المرجب ۱۸۶ھ میں ہارون الرشید کی قید میں فوت ہوئے۔ آپ کی قبر بغداد میں ہے۔ کہتے ہیں آپ کو یحییٰ بن خالد برمکی نے ہارون الرشید کے حکم سے کھجوروں میں زہر ملا کر کھلائی تھی۔ (شواہد)

آپ سے مروی ہے کہ جب انہیں زہر دی گئی تو فرمایا مجھے آج زہر دے دی گئی ہے اور کل میرا بدن زرد ہو جائے گا، پھر نصف بدن سرخ ہو جائے گا، پھر سیاہ ہو جائے گا۔ اس کے بعد میں فوت ہو جاؤں گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا جیسا آپ نے کہا تھا۔ کتابیں آپ کے فضائل ومناقب سے بھری پڑی ہیں۔ آپ اپنے زمانے کے بہت بڑے عبادت گزار، فقیہہ، سخی اور کریم تھے۔ آپ کی بہت سی کرامتیں ہیں جن میں سے چند بلا اختصار یہاں رقم کی جاتی ہیں۔

۱..... معتبر کتابوں میں حضرت شقیق بلخی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت موجود ہے وہ فرماتے ہیں کہ حج کے سفر کے دوران میں سرِ زمین قادسیہ میں جا نکلا، وہاں میں نے ایک خوبصورت اور بلند قامت نوجوان کو دیکھا جس نے پشمینہ کے کپڑے پہنے ہوئے تھے، کندھے پر ایک شملہ ڈالا ہوا تھا اور پاؤں میں نعلین تھے۔ وہ بہت سے انسانوں میں سے نکل کر ایک جگہ اکیلا آ کر بیٹھ گیا۔ میں نے دل میں خیال کیا کہ یہ نوجوان طبقۂ صوفیاء سے معلوم ہوتا ہے اور شاید چاہتا ہے کہ اس سفر میں مسلمانوں پر بار بن جائے۔ اس لیے ضروری ہے کہ میں اسے جا کر سرزنش کروں تا کہ وہ اس کام سے باز آ جائے۔ جونہی میں اس کے قریب پہنچا تو اس نے کہا: اے شقیق! اِجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ۔ یہ کہہ کر وہ چلا گیا۔ میں نے دل ہی دل میں خیال کیا کہ یہ عجیب بات ہوئی ہے اس نے تو میرا نام اور مافی الضمیر کہہ دیا ہے یہ کوئی بے ارتیاب نیک آدمی ہے۔ مجھے اس سے معافی مانگنی چاہیے۔ میں نے ہر چند تیز چلنے کی کوشش کی لیکن اسے نہ پا سکا۔ دوسری منزل پر پہنچے تو میں نے اسے مشغولِ نماز دیکھا اس کے جسم پر لرزہ طاری تھا اور آنکھوں سے آنسو بہ رہے تھے۔ میں نے پھر چاہا کہ اس سے معافی مانگوں۔ چند منٹ توقف کے بعد میں اس کی طرف چل دیا۔ اس نے کہا: اے شقیق! وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى۔ (القرآن) یہ کہا اور مجھے چھوڑ کر چل دیا۔ میں سمجھا کہ یہ نوجوانوں ابدالوں میں سے ہے جس نے دوبارہ میرے دل کی بات بتا دی ہے۔

جب ایک اور جگہ پہنچے تو میں نے اسے ایک کنویں پر کھڑا دیکھا اس کے ہاتھ میں ایک چرمی ڈول تھا جس سے وہ پانی نکالنا چاہتا تھا لیکن وہ ڈول ہاتھ سے کنویں میں جا پڑا۔ اس نے آسمان کی طرف چہرہ کر کے دعا کی بخدا میں نے پانی کو اوپر آتے ہوئے دیکھا اس

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نوجوان نے اپنا ہاتھ بڑھا کر ڈول کو سطحِ آب سے اٹھالیا اور اس سے وضو کر کے چار رکعت نماز ادا کی، پھر وہ ریت کے ایک ٹیلے کی طرف چل دیا اور اپنی مٹھی میں تھوڑی سی ریت پکڑ کر اس ڈول میں ڈال دی پھر اسے خوب ہلایا اور پی گیا۔ یہ دیکھا تو میں اس کے پاس گیا اور السلام علیکم کہا۔ آپ نے وعلیکم السلام کہا۔ میں نے کہا: مجھے کھانا کھلایئے کیونکہ خدا تعالیٰ نے آپ کو بہت کچھ دے رکھا ہے۔ اس نوجوان نے کہا: اے شفیق! ہمیشہ خداوند تعالیٰ کی ظاہر و باطن کی نعمتیں مجھے ملتی رہتی ہیں اس لیے تو خدا تعالیٰ کے بارے میں نیک گمان رکھ۔ پھر اس نے مجھے وہی ڈول دیا جس میں سے میں نے پانی پیا۔ اس میں ستو اور شکر ہے۔ مجھے خدا کی قسم ان سے شیریں اور لذیذ چیز میں نے کبھی نہیں پی تھی۔ میں سیراب ہو گیا۔ یہاں تک کہ مجھے چند دن تک اکل و شرب کی حاجت نہ رہی۔ اس کے بعد وہ مجھے نظر نہ آیا۔

جب مکہ مکرمہ پہنچے تو میں نے اسے تہجد پڑھتے ہوئے دیکھا وہ نہایت خشوع و خضوع سے نماز ادا کر رہا تھا اور آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ یہ سلسلہ تمام رات جاری رہا۔ صبح ہوئی تو نمازِ فجر کے بعد طواف کرنے لگ گیا۔ طواف کر کے باہر چلا گیا، میں بھی ان کے پیچھے ہولیا۔ میں نے دیکھا کہ اب اس کے پاس کئی غلام اور خدام تھے اور لوگوں نے اس کو گھیر رکھا تھا اور کہہ رہے تھے: السلام علیک یا ابن رسول اللہ ﷺ۔ میں نے پوچھا تو معلوم ہوا کہ یہ حضرت موسیٰ بن جعفر بن محمد علی بن حسین بن علی بن ابی طالب رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ہیں۔ میرے منہ سے برجستہ نکلا کہ اس سید سے اس قسم کی عجیب و غریب باتوں کا صدور کوئی تعجب کی بات نہیں۔ (شواہد)

۲..... ہارون الرشید نے علی بن یقطین کو نہایت عمدہ کپڑے جن میں ایک گدڑی بھی تھی جو نہایت عمدہ ریشمی کپڑے سے بنی ہوئی تھی عطا کی۔ علی بن یقطین نے اس کمالِ محبت کے سبب جو اسے حضرت موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ سے تھی ان کپڑوں کے علاوہ بہت سی اور چیزیں اِن کی خدمت میں بھیج دیں۔ آپ نے تمام چیزیں قبول کر لیں لیکن وہ گدڑی واپس کر دی اور فرمایا اسے سنبھال کر رکھنا تمہارے کام آئے گی۔ چند روز کے بعد علی بن یقطین اپنے کسی غلام پر سخت ناراض ہو گیا اور وہ اس سے بھاگ کر ہارون الرشید کے ہاں پہنچ گیا وہاں جا کر کہنے لگا: میرے آقا نے موسیٰ بن کاظم رضی اللہ عنہ کے اپنا امام تسلیم کر لیا ہے اور اس کے لیے بہت سا مال و دولت بھیجا ہے اس میں ایک گدڑی بھی ہے جو آں جناب نے ازراہِ اعزاز و اکرام بھیجی تھی۔ ہارون الرشید نے سنا تو بہت آگ بگولا ہوا۔ اسی وقت ایک گماشتہ بھیج کر علی بن یقطین کو بلایا۔ وہ دربار میں حاضر ہوا تو خلیفہ نے پوچھا کہ وہ گدڑی جو میں نے تجھے پہنائی تھی اس کا کیا ہوا؟ اس نے کہا: اے خلیفہ! وہ تو میرے پاس ہی ہے۔ خلیفہ نے کہا: اُسے حاضر کرو۔ اس نے غلام طلب کیا اور اسے کہا: فلاں گھر چلے جاؤ وہاں ایک صندوق ہے، فلاں کنیز سے اس کی چابی لے کر اس کا منہ کھولنا اس میں سے ایک سر مہر برتن نکلے گا اسے لے آؤ۔ غلام نے چند منٹ بعد وہ برتن حاضر کر دیا۔ ہارون الرشید نے اس کی مہر توڑنے کو کہا۔ جب ڈھکنا اٹھا تو اسے وہی گدڑی نظر آ گئی جسے اس نے خوب عطر و گلاب میں بسا کر رکھا ہوا تھا خلیفہ کی تسلی ہوئی تو اس کا غصہ بھی فرو ہو گیا۔ پھر کہا اسے وہیں پہنچا دو اور خوش و خرم رہو آئندہ میں کبھی تمہارے بارے میں کسی کے کہنے میں نہ آؤں گا۔ (ایضاً)

۳..... ایک شخص کی روایت ہے کہ جب حضرت موسیٰ کاظم کو مہدی نے پہلی بار بغداد میں طلب کیا تو آپ نے مجھے ضروریاتِ زندگی بازار سے خرید لانے کو کہا۔ جونہی آپ کی نظرِ انتخاب مجھ پر پڑی تو آپ نے مغموم و پریشان دیکھا۔ فرمایا: اے فلاں کیا بات ہے تم

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

پریشان نظر آتے ہو؟ میں نے کہا: مغموم ومحزون کیوں نہ ہوں آپ ایک ایسے ظالم کے پاس جارہے ہیں جس کے پاس جانے کا انجام معلوم نہیں کیا ہوگا۔ آپ نے فرمایا: کوئی ڈر نہیں میں فلاں مہینے کی فلاں تاریخ کو واپس آجاؤں گا لہذا تم اول شب میرا انتظار کرنا۔ میں نے اس دن سے روز وشب شمار کرنا شروع کردیے روزِ مرعود آیا تو میری انتظار کشی کوئی رنگ نہ لائی۔ آفتاب غروب ہوگیا لیکن مجھے کوئی شخص آتا ہوا دکھائی نہ دیا۔ میرے دل میں شیطان لعین نے وسوسے ڈالے۔ میں ان وسوسوں سے بہت ڈرا اور مجھ پر ایک عظیم اضطراب غالب آگیا۔ ناگاہ مجھے عراق کی طرف سے ایک تاریکی نظر آئی اور جناب موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ اس تاریکی کے آگے آگے ایک خچر پر سوار یہ آواز دے رہے ہیں: اے فلاں! اے فلاں۔ میں نے کہا: اے ابن رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں حاضر ہوں۔ آپ نے فرمایا قریب تھا کہ تم وہم وگمان میں پڑ جاتے۔ میں نے عرض کی: بالکل حضور یہی بات تھی۔ پھر میں نے کہا الحمدللہ کہ آپ کو اس ظلم سے خلاصی حاصل ہوئی۔ آپ نے فرمایا: وہ ایک بار مجھے اور بلائے گا لیکن اس دفعہ مجھے خلاصی حاصل نہ ہوگی۔ (ایضا)

۴.....ایک اور راوی کا بیان ہے کہ میں مدینہ منورہ میں مجاور تھا میں نے ایک مکان کرایہ پر لے رکھا تھا اور زیادہ میں حضرت موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ہی رہتا ایک دن سخت بارش ہوئی میں نے خدمت میں حاضر ہونے کا لباس پہنا۔ جب آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو السلام علیکم کہا۔ آپ نے وعلیکم السلام کہا، پھر فرمایا اے فلاں! ابھی اپنے گھر چلے جاؤ کیونکہ تمہارے گھر کی چھت تمہارے مال واسباب پر گر پڑی ہے۔ میں واپس آیا تو دیکھا کہ میرے گھر کی چھت بہہ گئی تھی، میں نے چند آدمیوں کو کرایہ پر لیا جنہوں نے میرا سامان نیچے سے نکالا۔ میری کوئی چیز سوائے ایک طشتری کے گم نہ ہوئی اس سے میں وضو کرتا تھا، آپ کو پتہ چلا تو آپ نے چند لمحوں کے لیے مراقبہ کیا پھر فرمایا: میرا خیال ہے تم اسے کسی جگہ بھول گئے ہو، جاؤ اپنی سرائے کے مالک کی کنیز سے پوچھو کہ میری طشتری تم نے تو نہیں اٹھائی، اگر اٹھائی ہے تو مجھے واپس دے دو، وہ تمہیں دے دے گی۔ میں نے واپس جاکر کنیز سے کہا میں فلاں جگہ اپنی طشتری بھول گیا تھا تم آئی تھیں اور اٹھا کر لے گئی تھیں وہ مجھے واپس کردو تاکہ میں وضو کرلوں۔ وہ اسی حالت میں گئی اور لاکر پیش کردی۔ (ایضا)

۵.....اسی راوی کا بیان ہے کہ جب آپ کو بصرہ لے گئے تو میں مدائن کے نزدیک آپ کے ساتھ کشتی میں سوار ہوا۔ ہمارے عقب میں بھی ایک کشتی تھی جس میں ایک عورت تھی، جس نے اپنے خاوند سے سہاگ رات منائی تھی، اچانک اس کشتی سے شوروغوغا سنائی دی۔ آپ نے پوچھا: یہ کیسا شور ہے؟ میں نے عرض کی کشتی میں دلہن جارہی ہے۔ ایک گھنٹہ گزرا تو پھر شور وشین سنائی دیا۔ آپ نے پوچھا: یہ آہ وفغاں کیسی ہے؟ لوگوں نے عرض کی کہ کشتی میں بیٹھی ہوئی دلہن نے دریا سے تھوڑا سا پانی لینا چاہا تو اس کا طلائی کنگن پانی میں گر گیا ہے۔ اور وہ رو رہی ہے۔ آپ نے فرمایا کشتی کا خیال رکھنا۔ لوگوں نے آپ کے حکم کی تعمیل کی۔ نیز آپ نے کہا کہ اس کشتی کے ملاح سے بھی کہہ دو کہ کشتی کو بحفاظت رکھے۔ کشتی کنارے پر لگی تو آپ نے زیرِلب کچھ پڑھنا شروع کیا پھر ملاح سے فرمایا کہ وہ لنگوٹا باندھ کر پانی میں کود ے اور کنگن کو پکڑ لے۔ ہم نے دیکھا کہ کنگن سطح آب پر آگیا اور ملاح نے پانی میں کود کر کنگن کو پکڑ لیا۔ (ایضا)

۶.....ایک دوسرے راوی کا بیان ہے کہ ہمارے ساتھیوں میں سے ایک کے پاس ایک سو دینار تھے جو اس نے مجھے دے دیئے تاکہ میں حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پیش کروں۔ میرے پاس بھی ایک چیز تھی، جب میں مدینے پہنچا تو نہانے دھونے کے بعد اپنی چیزوں کو صاف کیا اور ایک شخص سے مشک وغیرہ لے کر ان پر چھڑکا۔ پھر جب میں نے اس شخص کے مال کو گنا تو ننانوے دینار

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نکلے، دوبارہ گنا تو اتنے ہی تھے لہذا ایک دینار میں نے اپنے پاس سے ان میں ملا دیا، رات ہوئی تو میں آپ کے پاس حاضر ہوا اور عرض کی میری جان آپ پر قربان ہو میرے پاس کچھ رقم ہے جس سے قربِ خدائے قدوس حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ آپ نے فرمایا لے آؤ۔ میں اپنے دیناروں کو آپ کی خدمت میں لے گیا اور عرض کی: آپ کے پاس غلام نے بھی مجھے ایک چیز دی ہے۔ آپ نے فرمایا: لے آؤ۔ میں نے تھیلی پیش کی تو آپ نے فرمایا زمین پر رکھ دو۔ میں نے رکھ دی۔ جونہی آپ نے اپنا دستِ مبارک اس پر پھیرا تو میرا دینار علیحدہ ہو گیا۔ پھر آپ نے فرمایا: مجھے وزن پر اعتبار ہے عدد پر نہیں۔

۷.....ایک راوی کا بیان ہے کہ علی بن یقطین اور ایک اور صاحب نے مجھے کہا کہ فلاں آدمی کے ساتھ کوفہ جاؤ اور وہاں سے دو سواریاں خرید کر یہ خط اور یہ مال حضرت موسیٰ بن جعفر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پہنچا دو۔ میں کوفہ میں گیا اور اس شخص کے ہمراہ دو سواریاں خریدیں۔ مدینہ منورہ کے نزدیک پہنچے تو ایک جگہ قیام کر کے کچھ کھانا شروع کر دیا اچانک ہماری نظر حضرت موسیٰ بن جعفر رضی اللہ عنہ پر پڑی جو ایک خچر پر سوار آ رہے تھے ہم ادباً کھڑے ہو گئے اور آپ کی خدمت اقدس میں سلام کیا۔ آپ نے فرمایا تمہارے پاس جو کچھ بھی ہے لے آؤ۔ ہم نے سب کچھ پیش کر دیا اور پھر وہ خط بھی آپ کو دے دیا۔ آپ نے کچھ خط اپنی آستین سے نکالے اور فرمایا: یہ تمہارے خطوط کے جواب ہیں بہ امانِ خدا واپس چلے جاؤ۔ میں نے عرض کی کہ ہمارا زادِ راہ ختم ہو چکا ہے اگر آپ اجازت دیں تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت کرنے کے لیے زادِ راہ بھی لے لیں۔ آپ نے فرمایا کیا تمہارے پاس توشہ میں سے کچھ باقی ہے؟ ہم نے عرض کی: ہاں۔ آپ نے فرمایا: اسے میرے پاس لے آؤ۔ ہم نے حاضر کر دیا۔ آپ نے اسے ہاتھ میں لے کر فرمایا کہ یہ زادِ راہ تمہارے لیے کوفہ تک کافی ہے، تم بہ امانِ خدا واپس چلے جاؤ۔ آپ کے ارشاد کے مطابق ہم واپس لوٹ آئے اور وہ زادِ راہ کوفہ میں آ کر بھی باقی رہا۔ (ایضاً)

## شہادت

۲۱ رجب ۱۱۳ھ میں انتقال فرما گئے۔ کاظمین (عراق) میں مدفون ہوئے۔

## اولادِ امجاد

آپ کی اولادِ امجاد کثرت سے تھی۔ جس میں بیس صاحبزادے اور اٹھارہ صاحبزادیاں تھیں۔ صاحبزادوں کے نام یہ ہیں۔

۱۔ علی رضا رضی اللہ عنہ
۲۔ عقیل رضی اللہ عنہ
۳۔ ہارون رضی اللہ عنہ
۴۔ حسن رضی اللہ عنہ
۵۔ حسین رضی اللہ عنہ
۶۔ زید رضی اللہ عنہ
۷۔ عبید اللہ رضی اللہ عنہ
۸۔ عبدالرحمن رضی اللہ عنہ
۹۔ اسماعیل رضی اللہ عنہ
۱۰۔ اسحٰق رضی اللہ عنہ
۱۱۔ یحییٰ رضی اللہ عنہ
۱۲۔ احمد رضی اللہ عنہ
۱۳۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ
۱۴۔ عمر رضی اللہ عنہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۱۵۔جعفر اکبر رضی اللہ عنہ ۱۶۔جعفر اصغر رضی اللہ عنہ
۱۷۔حمزہ رضی اللہ عنہ ۱۸۔قاسم رضی اللہ عنہ
۱۹۔عباس رضی اللہ عنہ ۲۰۔عبداللہ رضی اللہ عنہ

صاحبزادیوں کے اسماء یہ ہیں:

۱۔خدیجہ رضی اللہ عنہا ۲۔علیہ رضی اللہ عنہا
۳۔اسماء صغریٰ رضی اللہ عنہا ۴۔اسماء کبریٰ رضی اللہ عنہا
۵۔فاطمہ کبریٰ رضی اللہ عنہا ۶۔فاطمہ صغریٰ رضی اللہ عنہا
۷۔زینب کبریٰ رضی اللہ عنہا ۸۔زینب صغریٰ رضی اللہ عنہا۔
۹۔ام کلثوم کبریٰ رضی اللہ عنہا ۱۰۔ام کلثوم صغریٰ رضی اللہ عنہا۔
۱۱۔ام فروہ رضی اللہ عنہا ۱۲۔ام عبداللہ رضی اللہ عنہا
۱۳۔ام القاسمی رضی اللہ عنہا ۱۴۔آمنہ رضی اللہ عنہا
۱۵۔حکیمہ رضی اللہ عنہا ۱۶۔محمودہ رضی اللہ عنہا
۱۷۔امامہ رضی اللہ عنہا ۱۸۔میمونہ رضی اللہ عنہا

(سعادت الکونین)

یاد رہے کہ کچھ ان میں اختلاف بھی پایا جاتا ہے۔لیکن تعداد کی کمی میں اختلاف نہیں ہے۔جیسا کہ بعض اس سے زیادہ اولاد کے قائل ہیں۔

واضح رہے کہ سلطان الاولیاء قطب الاقطاب حضرت خواجہ سید معین الدین حسن سنجری چشتی اجمیری علیہ الرحمۃ المتوفی ۶ رجب المرجب ۶۳۲ھ امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسل مبارک سے ہیں۔

## حضرت علی بن موسیٰ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہم

آپ آٹھویں امام ہیں۔آپ کی کنیت ابوالحسن ہے۔حضرت امام موسیٰ کاظم سے روایت ہے کہ میں نے اپنی کنیت ان کو دے دی۔'' آپ کا لقب رضا ہے۔ابی جعفر محمد بن علی رضا رضی اللہ عنہم سے کہا گیا کہ ان کا نام ان کے والدِ محترم نے مامون الرضا رکھا تھا اور انہیں عہدہ ولایت کی بھی وصیت فرمائی تھی تو آپ نے کہا اللہ سبحانہ، نے ان کا نام الرضا رکھا کیونکہ وہ آسمانوں میں اللہ کی رضا تھا اور زمین میں اس کے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا تھے۔آپ کو گذشتہ آئمہ میں اس بنا پر خصوصیت حاصل ہے کہ آپ اپنے موافقوں کی طرح مخالفوں سے بھی راضی رہے۔آپ کے والد موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے میرے بیٹے کو رضا کہہ کر پکارو، اور جب وہ ان کو مخاطب فرماتے تو کہتے اے ابوالحسن۔آپ کی پیدائش مدینہ منورہ میں بروز پنج شنبہ ۱۱ ربیع الاول ۱۵۳ھ میں ہوئی۔یعنی اپنے دادا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی وفات کے ۲۵ سال بعد ہوئی۔آپ کی والدہ ام ولد ہیں جن کے بہت سے نام ہیں مثلاً اروی، نجمہ، شمانہ اور ام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

البنین۔ کہتے ہیں کہ حضرت حمیدہ رضی اللہ عنہا حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ کی والدہ کی کنیز تھیں۔ایک رات حضرت حمیدہ رضی اللہ عنہا نے جناب حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا آپ نے فرمایا کہ نجمہ کی شادی اپنے بیٹے موسیٰ سے کردو کیونکہ ان سے ایک ایسا لڑکا پیدا ہوگا جو تمام اہلِ زمین سے بہتر ہوگا۔حضرت رضا رضی اللہ عنہ کی والدہ سے روایت ہے کہ جب میں حاملہ ہوئی تو مجھے کسی قسم کا بوجھ محسوس نہ ہوا اور سوتے وقت مجھے اپنے پیٹ سے سبحان اللہ اور اللہ اللہ کے آوازیں سنائی دیتی تھیں۔مجھ پر ایک ہیبت غالب آجاتی اور میں بیدار ہوجاتی لیکن پھر کوئی آواز نہ آتی۔پیدائش کے وقت آپ نے اپنے دونوں ہاتھ زمین پر رکھ دیے اور چہرہ آسمان کی طرف،لبوں کو جنبش دینے لگے ایسے ہی جیسے کوئی باتیں کرتا ہے اور دعا مانگتا ہے۔حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ کے ایک خاص آدمی نے مجھ سے کہا: کیا تم جانتے ہو کہ مغرب کے تاجروں میں سے کوئی آیا ہے یا نہیں؟'' میں نے کہا: مجھے معلوم نہیں۔'' اس نے کہا: ''آیا ہے۔'' میں اس کے ساتھ سوار ہوکر چلا آیا یہاں تک کہ ہم اس تاجر کے پاس پہنچ گئے اس نے ہمارے سامنے سات کنیزیں پیش کیں لیکن انہوں نے کسی کو قبول نہ کیا اور فرمایا: کوئی اور دکھاؤ۔وہ کہنے لگا اور تو کوئی نہیں، مگر ایک کنیز ہے جو بیمار رہتی ہے۔آپ واپس چلے گئے۔آپ نے دوسرے دن مجھے بھیجا اور فرمایا کہ اس سے زیادہ سے زیادہ قیمت پوچھو، جو بھی کہے وہ قیمت اسے دے کر خرید لو۔میں نے اس کے پاس جا کر پوچھا تو اس نے کہا کہ میں اس قیمت سے ایک کوڑی بھی کم نہ لوں گا۔میں نے کہا: جتنی قیمت چاہے لے لو میں خریدنے کو تیار ہوں۔کہنے لگا: جا میں نے فروخت کردی لیکن یہ بتا کہ اس کا شوہر کون ہوگا؟ میں نے کہا قبل از وقت میں کیا کہہ سکتا ہوں۔اس نے کہا: تجھے ایک بات بتاتا ہوں، جب میں نے اس کنیز کو مغرب کے ایک دور دراز شہر سے خریدا تو ایک اہلِ کتاب عورت کی مجھ پر نظر پڑ گئی۔اس نے مجھ سے پوچھا یہ کنیز کس کے لیے ہے؟ میں نے کہا میں نے اپنے لیے خریدی ہے۔وہ بولی: یہ کنیز ایسی کنیز نہیں جو تیرے لیے ہو یہ تو کسی ایسے شخص کے لیے ہے جو اہلِ دنیا میں سے بہترین انسان ہو کیونکہ اس کے بطن سے تھوڑے ہی عرصہ بعد ایک فرزندِ عظیم پیدا ہونے والا ہے جس کا مشرق و مغرب میں مثیل نہیں ملے گا۔روای کہتے ہیں جب میں اس کنیز کو لایا تو کچھ عرصہ حضرت کاظم کے پاس رہی اور حضرت امام رضا رضی اللہ عنہ متولد ہوئے۔حضرتِ موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ نے فرمایا کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جناب امیر المومنین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خواب میں دیکھا تو حضور علیہ السلام نے فرمایا: تیرا بیٹا علی اللہ جل جلالہ، کے نور سے ہے جو اس کی حکمتیں بیان کرے گا،اس کی رائے صائب ہوگی جس میں خطا نہ ہوگی، وہ جاہل نہیں عالم ہوگا اور اس کی مجلس میں حکماء اور علماء ہوں گے۔(شواہد)

کتابوں میں جو کچھ لکھا ہے اور زبانوں پر جو کچھ بھی مذکور ہے حضرت رضا رضی اللہ عنہ کے بہت سے فضائل و مناقب میں سے ایک تھوڑا سا حصہ ہے یا یوں کہیے کہ بحرِ ذخار میں سے ایک قطرہ ہے جو اپنے اختصار کے باعث بھی کہیں سما نہیں سکتا۔اسی باعث آپ کے خوارقِ عادات و کرامات کو بالاختصار پیش کیا جاتا ہے۔

ا..... جب خلیفہ مامون الرشید نے آپ کو اپنا ولی عہد مقرر کیا تو جب بھی آپ اسے ملنے کے تشریف لے جاتے خدام و حجاب آپ کا استقبال کرتے اور مامون کے دروازے پر جو پردہ آویزاں ہوتا اسے اٹھا دیتے تاکہ آپ اندر چلے جائیں۔آخر کار اس بارے میں مخلص و باصفا افراد کے ساتھ چند بندگانِ ہوا الجھ گئے اور جب حضرت رضاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لائے تو وہ بیٹھے ہوئے تھے آپ کو دیکھ کر بے اختیار اٹھ کھڑے ہوئے اور استقبال کر کے پردہ کو اٹھا دیا۔جب آپ اندر تشریف لے گئے تو ایک دوسرے کو کہنے لگے: ہم

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نے ایسا کیوں کیا؟ دوسری بار پھر اس بات پر متفق ہوئے کہ اب ایسا نہ کریں گے۔ جب آپ بار دیگر تشریف لائے تو وہ اٹھ کھڑے ہوئے اور آپ کو السلام علیکم کہا لیکن پردہ اٹھانے میں کچھ لیت ولعل کی اللہ تعالیٰ نے پیشتر اس کے کہ وہ پردہ اٹھاتے ایسی ہوا چلادی جس نے پردہ اٹھا دیا۔ جب آپ اندر تشریف لے گئے تو ہوا بند ہوگئی اور جب واپس آنے کا ارادہ کیا تو ہوا پھر چلنے لگی اور پردہ اٹھ گیا ان (حاسدوں) نے دیکھا تو کہنے لگے جسے اللہ تعالیٰ جل جلالہ، عزیز رکھے اس کی کوئی بھی سبکی نہیں کرسکتا۔ بعدازاں وہ اسی طرح خدمت سرانجام دینے لگے۔ (ایضا)

۲.....حضرت وعبل بن علی الخزاعی جو اپنے زمانے کے افصح ترین شعراء میں سے تھے۔ کہتے ہیں کہ جب میں نے مَدَّارَسْتُ آیاتٍ خَلَتْ مِنْ تِلَاوَةٍ'' قصیدہ لکھا اور حضرت علی رضا رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پیش کیا تو اس وقت خراسان میں مامون الرشید کا ولی عہد بھی موجود تھا۔ میں نے اسے بھی سنایا تو اس نے پسند کیا اور مجھے کہنے لگا اس قصیدہ کو کسی کے پاس مت پڑھنا سوائے اس شخص کے جسے میں چاہوں۔ یہ خبر مامون الرشید کو پہنچی تو اس نے مجھے دربار میں طلب کیا اور تمام احوال پوچھنے کے بعد کہا: قصیدہ ''مدراس آیات سناؤ۔ میں نے لیت ولعل کیا۔ پھر اس نے حضرت علی رضاؑ کو بلایا، وہ تشریف لائے تو کہا: اے ابوالحسن! میں نے وعبل سے قصیدہ مدراس آیات کے متعلق کہا تھا لیکن اس نے نہیں سنایا۔ حضرت علی رضا نے فرمایا تو میں نے پڑھ دیا۔ آپ نے پسند فرمایا۔ مامون نے پچاس ہزار دینار عطا کیے اور اتنے ہی دینار حضرت علی رضا رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پیش کیے۔ میں نے عرض کی۔ یاسیدی: میں چاہتا ہوں کہ آپ مجھے اپنے کپڑوں میں سے کوئی کپڑا عطا کریں جس سے میں اپنا کفن بناؤں۔ آپ نے مجھے ایک کرتہ اور ایک تولیہ دیا۔ یہ دونوں چیزیں نہایت عمدہ تھیں، پھر فرمایا: انہیں سنبھال کر رکھنا کیونکہ ان سے تمہیں تمام آفات سے تحفظ ملے گا۔ اس کے بعد میں عازمِ عراق ہوا۔ راستے میں ہمیں ڈاکوؤں نے لوٹ لیا میرے پاس صرف ایک پرانا کرتہ بچا اور مجھے اس کرتے اور تولیے کا بہت افسوس تھا جو آپ نے مجھے دیئے۔ آپ کے اس ارشاد پر کہ انہیں سنبھال کر رکھنا یہ تمہاری حفاظت کریں گے'' بہت متفکر تھا کہ اچانک میں نے چوروں میں سے ایک چور کو گھوڑے پر سوار آتے دیکھا اس نے میرا جامۂ بارانی پہنا ہوا تھا وہ میرے سامنے آ کر کھڑا ہو گیا اور اپنے ساتھیوں کا انتظار کرنے لگا وہ سب آ گئے تو اس نے ''مدراُس آیات خلت من تلاوۃ'' پڑھنا شروع کر دیا اور ساتھ ساتھ روتا بھی رہا۔ میں نے دل میں کہا: یہ عجب ماجرا ہے کہ یہ ڈاکو بھی طریقِ محبتِ اہلِ بیتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اختیار کیے ہوئے ہیں۔ لہٰذا مجھے خواہش پیدا ہوئی کہ حضرت رضا رضی اللہ عنہ کی دونوں چیزیں مجھے واپس مل جائیں۔ میں نے کہا: اے سردار! یہ قصیدہ کس نے کہا ہے؟ کہنے لگا: تجھے اس سے کیا؟ میں نے کہا: میں اس کے متعلق کچھ راز رکھتا ہوں جو بتاؤں گا۔ اس نے کہا اس کا مصنف اس سے بھی مشہور ہے۔ میں نے پوچھا وہ کون ہے؟ تو اس نے کہا: وہ وعبل بن علی شاعر آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ میں نے کہا: اے سردار! وعبل میں ہی ہوں اور یہ قصیدہ میں نے ہی کہا ہے اس نے بہت سی باتیں پوچھیں اور اہلِ قافلہ کو تمام احوال پوچھے۔ تمام لوگوں نے گواہی دی کہ وعبل یہی ہے۔ اس پر اس ڈاکو نے قافلہ والوں سے جو بھی چھینا تھا سب واپس کر دیا اور کوئی چیز اپنے پاس نہ رکھی اور ہمارا محافظ بن کر ہمیں خطرے کے تمام مقامات سے گزارا۔ اس طرح میں اور تمام اہلِ قافلہ نے اس کرتے اور تولیے کی برکت سے محسن وبلا سے مخلصی پائی اور ہمارا تحفظ ہوا۔

ذکرت محل الربع من عرفات  فاسبکیت دفع العین بالعبرات
مدرأس آیات خلت من تلاوۃ  ومنزل وحی مقفر العرصٰات

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

لال رسول الله بالحنيف من منى وبالبيت والتعريف والحجرات
ديار على والحسين وجعفر وحمزت والسجارذى التفتات
ديار عفاها جود كل معاند ولم تعت بالايام والتنوات
ديارعبدالله والفضل صقوة سليل رسول الله ذى الدعوات
منازل كانت الصلوٰة والمتقى المعصوم والظهير والحسنات
منازل جبريل الامين يحلها من الله بالتسليم والزقوة
منازل وحى الله معدن علمه سبيل الرشاد واضع الطرفات
منازل وحى الله ينزل حولها على احمد الروحات والعدرات
فاين الاولى شطت بهم غرة الرى افانين فى الاقطار مختلفات
هم آل ميراث النبى اذانتموا وهم خيرسادات وخيرممات
مطاعيم فى الاعسار كل مشهد فقد شرفوابالفضل والبركات
اذالم شاخ الله فى صلواتنا بذكرلم يقبل الصلوٰة
ائمة عدل يهتدى بفعالهم ولومن منهم ذلة العشرات
فيارب زدقلبى وبصيرة وزوجهم يارب فى الحسنات
ديارياررسول الله اصبحن مبلقعا ودارزياد اصبحت حمرات
وآل رسول الله هلب رقاب هم وآل زياد غلظ القصرات
وآل رسول الله ندفى نحورهم وآل زياد زينوالحجلات
وآل زياد فى القصور مصونة وآل رسول الله فى القلوات
فياوارثى علم النبى وآله عليكم السلام دائم الفضخات
لقد امنت نفسى بكم فى حيوتنا وانى ارجوالا من عند ممات

بعض روایتوں کے مطابق جب وعبل علیہ الرحمۃ پڑھتے پڑھتے اس شعر پر پہنچا

وقبر لبغداد النفس زكيه
تضمنها الرحمن العرفات

ترجمہ: اگرچہ اس پاکیزہ جسم کو بغداد میں دفن کیا گیا تھا مگر خدائے رحمان نے آپ کو میدان عرفات تک وسعت دے دی۔
تو حضرت علی رضا رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے وعبل! اس جگہ ایک شعر کا الحاق میری طرف سے کرلو تا کہ تمہارا قصیدہ مکمل ہوجائے۔
وعبل نے کہا: اے ابن رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم درست ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت علی رضا رضی اللہ عنہ نے کہا:

وقبر بطوس بالها من مصعة الخت
علی الاحشار بالزفرات

وعبل نے پوچھا: اے ابنِ رسول اللہ رضی اللہ عنہ! یہ قبر کس کی ہوگی؟

آپ نے فرمایا: میری اور بہت جلد طوسِ اہلِ بیت کے محبوں اور دوستوں کے آنے جانے کی جگہ ہوگی۔ جو بھی میری زیارت کو آئے گا اس غربت میں میرے ساتھ ہوگا اور عرصۂ محشر میں اس کی مغفرت ہوگی۔ (شواہد)

۳.....اہلِ کوفہ میں سے ایک کا بیان ہے کہ جب میں خراسان جانے کے لیے کوفہ سے باہر نکلا تو میری لڑکی نے مجھے ایک بہت اچھا کپڑا دیا اور کہا: اسے بیچ کر میرے لیے فیروزہ خرید لانا۔ جب میں مرو پہنچا تو غلامان علی رضا رضی اللہ عنہ نے مجھ سے کہا: ہمارا ایک ساتھی فوت ہو گیا ہے اس کے کفن کے لیے یہ کپڑا ہمارے پاس بیچ دو۔ میں نے کہا: میرے پاس کوئی کپڑا نہیں۔ یہ سن کر وہ چلے گئے۔ لیکن دوسری دفعہ پھر آ گئے اور کہا: ہمارے آقا نے تجھے سلام بھیجا ہے اور فرمایا ہے کہ تمہارے پاس ایک کپڑا ہے جو تمہاری لڑکی نے تمہیں دیا تھا تاکہ تم اسے بیچ دو، اور اس کے لیے فیروزہ خرید سکو۔ ہم اس کی قیمت لائے ہیں۔ میں نے کپڑا انہیں دے دیا اور بعد ازاں دل میں کہا کہ چند مسئلے آپ سے پوچھتا ہوں دیکھوں کیا جواب دیتے ہیں۔ چنانچہ میں نے چند مسئلے ایک کاغذ پر لکھ لیے اور علی الصبح آپ کے درِ دولت پر حاضر ہو گیا۔ وہاں لوگوں کا ایک ہجوم تھا کسی کو مجال نہ تھی کہ وہ اس بھیڑ میں آپ کو بآسانی مل سکے۔ میں حیرت و استعجاب کے عالم میں کھڑا تھا کہ آپ کا ایک غلام باہر آیا اور میرا نام لے کر ایک تحریر شدہ کاغذ مجھے دیا اور کہا اے فلاں! یہ تیرے سوالوں کے جواب ہیں میں نے دیکھا تو یہ میرے سوالوں کے جواب تھے۔ (ایضاً)

۴.....اہلِ نباح میں سے ایک کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ اکو خواب میں دیکھا کہ نباح میں تشریف لائے ہیں اور جس مسجد میں حاجی ٹھہرتے ہیں وہاں قیام فرما ہیں۔ میں نے خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر السلام علیکم عرض کیا۔ آپ کے سامنے ایک طباق تھا جس میں صیحانی کھجوریں تھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان میں سے مٹھی بھر مجھے عنایت فرمائیں۔ میں نے گنیں تو سترہ کھجوریں تھیں۔ میں نے ان سے یہ تعبیر لی کہ میری عمر سترہ سال باقی ہے۔ اس واقعہ کے بیس روز بعد میں نے سنا کہ حضرت امام علی رضا رضی اللہ عنہ اس مسجد میں تشریف لائے ہیں تو میں فوراً آپ کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ میں نے آپ کو اسی جگہ تشریف فرما دیکھا جہاں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جلوہ فرما تھے۔ آپ کے پاس بھی اسی طرح ایک طبق کھجوروں کا پڑا ہوا تھا، میں نے آگے بڑھ کر سلام عرض کیا آپ نے جواب دیا اور مجھے اپنے نزدیک بلا کر مٹھی بھر کھجوریں دیں میں نے گنیں تو سترہ تھیں۔ میں نے کہا: اے ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مجھے تو اس سے زیادہ کھجوریں چاہئیں۔ آپ نے فرمایا: اگر حضور علیہ السلام تجھے ان سے زیادہ دیتے تو میں بھی دے دیتا۔ (ایضاً)

۵.....ایک راوی کا بیان ہے کہ ریان بن صلت نے مجھ سے کہا میری خواہش ہے تم میرے لیے حضرت علی رضا رضی اللہ عنہ سے حکمِ باریابی حاصل کرو تاکہ میں آپ کی خدمت میں اس امید سے حاضری دوں کہ آپ مجھے اپنے کپڑوں میں سے ایک کپڑا پہنائیں اور اپنے نام چند درہم بھی عطا فرمائیں۔ راوی کا بیان ہے کہ جب میں حضرت علی رضا رضی اللہ عنہ کے ہاں حاضر ہوا اور ابھی میں نے کچھ بھی نہ کہا تھا کہ آپ فرمانے لگے: ریان بن صلت چاہتا ہے کہ یہاں اس امید سے حاضر ہو کہ میں اسے کپڑے پہناؤں اور وہ دراہم جو میرے نام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سے جاری ہوئے ہیں ان میں سے چند اسے دوں۔ ریان بن صلت کو یہاں لے آؤ۔ ریان اندر گئے تو آپ نے انہیں دو کپڑے عطا کیے اور تیس درہم دیئے۔

۶.....ایک قزاق نے کسی تاجر کو کرمان کے رستہ میں موسمِ سرما میں پکڑ لیا، اور اس کے منہ کو برف کی طرف کر کے لٹا دیا، یہاں تک کہ اس کی زبان بے کار ہوگئی اور وہ بآسانی بات کرنے سے محروم ہوگیا۔ جب وہ خراسان پہنچا تو معلوم ہوا کہ حضرت علی رضا رضی اللہ عنہ نیشاپور تشریف لے گئے ہیں۔ اس نے اپنے آپ سے کہا وہ اہل بیت میں سے ہیں ان کی خدمت میں حاضری سے شاید کوئی علاج ہو سکے۔ اس نے رات کو خواب میں دیکھا کہ حضرت امام کی خدمت میں حاضر ہے اور طلبِ شفا کر رہا ہے آپ نے فرمایا: کمونی، پودینہ صحرائی اور نمک لے کر انہیں پانی میں بھگو لو اور دو تین بار منہ میں رکھو تو شفا پاؤ گے۔ خواب سے بیدار ہوا تو اسے اس پر اعتبار نہ آیا۔ جب نیشاپور پہنچا تو پتہ چلا کہ آپ باہر تشریف لے گئے ہیں اور کسی رباط میں مقیم ہیں وہ تاجر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنا ماجرا سنایا لیکن خواب کا ذکر نہ کیا۔ جناب امامِ رضا رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہ تمہاری دوا وہی ہے جو میں نے تمہیں خواب میں بتائی تھی۔ اس نے کہا: اے ابنِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں چاہتا ہوں کہ دوبارہ سنوں۔ آپ نے فرمایا: تھوڑی سی کمونی، پودینہ صحرائی اور نمک لے کر پانی میں تر کر لو اور دو تین بار منہ میں رکھو گے تو شفا پاؤ گے۔ اس شخص نے ایسا ہی کیا اور شفایاب ہوگیا۔

۷.....ایک دن آپ نے ایک شخص کو دیکھا اور فرمایا: اے بندۂ خدا! جو چاہتا ہے اس کی وصیت کر اور جس چیز سے گریز نہیں اس کے لیے تیار ہو جا۔ اس بات کو تین دن گزرے تھے کہ وہ شخص مر گیا۔

۸.....ابو اسماعیل سندھی کہتے ہیں کہ میں حضرت رضا رضی اللہ عنہ کی زیارت کے لیے گیا تو مجھے عربی کی الف، با بھی نہیں آتی تھی میں نے انہیں سندھی میں سلام کیا تو آپ نے اسی زبان میں جواب دیا۔ بعد ازاں میں نے اپنی زبان میں کئی سوال کیے آپ نے تمام کا اسی زبان میں جواب دیا پھر میں نے آتے وقت عرض کی: مجھے عربی نہیں آتی آپ دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ مجھے اس سے ملہم فرما دے۔ آپ نے اپنا دستِ اقدس میرے ہونٹوں پر پھیرا تو اسی وقت میں نے عربی بولنا شروع کر دی۔

۹.....ایک راوی کا بیان ہے کہ جب میں نے حج کا ارادہ کیا تو میری لونڈی کو ایک نہایت عمدہ ریشمی کپڑے کے احرام کی حلت و حرمت کا اندیشہ پیدا ہوا میں نے ریشمی لباس ترک کر دیا اور کپڑا پہن لیا جب میں مکہ پہنچا تو حضرت علی رضا رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک خط کے ساتھ وہ کپڑا بھی بھیج دیا لیکن اس میں یہ لکھنا بھول گیا کہ ریشمی کپڑے سے احرام باندھنا جائز ہے یا ناجائز۔ حالانکہ میں نے خط اسی نسبت سے ارسال کیا تھا یہاں تک کہ قاصد خط کا جواب لے کر آ گیا۔ خط کے آخر میں لکھا تھا کہ اگر محرم ریشمی احرام باندھ لے تو کوئی حرج نہیں۔

۱۰.....ایک راوی کا بیان ہے کہ میں ایک دن حضرت رضا رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک باغ میں باتیں کر رہا تھا کہ اچانک ایک چڑیا آ کر زمین پر گر پڑی اور اضطراب کی حالت میں آہ و فغاں کرنے لگی۔ حضرت امام رضی اللہ عنہ نے فرمایا تجھے معلوم ہے یہ کیا کہتی ہے؟ میں نے عرض کی اللہ جلّ شانہ، اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ابنِ رسول اللہ رضی اللہ عنہ خوب جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا یہ کہتی ہے کہ اس گھر میں ایک سانپ ظاہر ہوا ہے جو چاہتا ہے کہ میرے بچوں کو چٹ کر جائے۔ آپ نے مجھے فرمایا: 'اٹھو اور اس گھر میں جا کر سانپ کو مار دو۔ میں اٹھا اور اس گھر میں جا کر دیکھا تو سانپ چکر کاٹ رہا تھا۔ میں نے اسے ہلاک کر دیا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۱۱.....ایک راوی کا بیان ہے کہ میری بیوی حاملہ تھی جسے میں حضرت امام رضا رضی اللہ عنہ کی خدمت میں لے گیا اور عرض کی: حضور دعا فرمادیں رب العزت اسے فرزند عطا فرمادے۔ آپ نے فرمایا: تمہاری بیوی دو بچوں سے حاملہ ہے۔ واپسی پر میں نے خیال کیا کہ ایک کا نام محمد رکھوں گا اور ایک نام علی۔ آپ نے مجھے بلایا اور فرمایا: ایک کا نام علی رکھنا اور ایک کا نام امِ عمر۔ جب دونوں بچے دنیا میں آئے تو ایک لڑکا تھا اور ایک لڑکی۔ علی اور امِ عمر بالترتیب نام رکھے گئے۔ ایک دن میں نے اپنی ماں سے پوچھا امِ عمر کیا نام ہے؟ میری ماں نے جواب دیا کہ میری ماں کا نام امِ عمر تھا۔

۱۲.....ایک راوی سے روایت ہے کہ میں نے خراسان میں حضرت امام علی رضا رضی اللہ عنہ سے سنا کہ آپ فرمارہے تھے جب مجھے مدینہ منورہ طلب کیا گیا تو میں نے اپنے تمام عمال کو جمع کر کے کہا مجھ پر گریہ کرو تا کہ میں تمہاری گریہ وزاری کو سنوں۔ بعدازاں میں نے بارہ ہزار درہم ان میں تقسیم کیے اور کہا کہ اب میں تمہارے پاس دوبارہ نہیں آؤں گا۔

۱۳.....جب مامون الرشید نے آپ کو عہدۂ خلافت پیش کیا تو آپ نے قبول نہ کیا۔ اس کی یہ استدعاء اور آپ کا انکار دو ماہ تک چلتا رہا۔ آخر جب بات حد سے بڑھ گئی تو وعید و تہدید تک پہنچی تو آپ نے قبول کرلیا۔ آپ نے اس معاملہ میں بہت کچھ لکھا جس کے آخر میں یہ الفاظ ثبت تھے:۔

وَالْجَفْرُ وَالْجَامِعَةُ بَدْلَانِ عَلٰى ذٰلِكَ وَمَا اَدْرِى مَا يُفْعَلُ بِىْ وَلَا بِكُمْ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفَاصِلِيْنَ لٰكِنِّي اتَثَلَّثُ اِمْرَءُ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاٰثَرْتُ رَضَاءَ وَاللّٰهُ يَعْصِمُنِىْ وَاِيَّاهُ۔ (شواھد)

۱۴.....ابوالصلت بروی کے قصہ سے بھی آپ کی کرامات کا ظہور ہوتا ہے وہ قصہ یوں ہے، وہ کہتا ہے کہ ایک دن میں حضرت امام رضا رضی اللہ عنہ کے سامنے کھڑا تھا تو آپ نے مجھ سے کہا اس قبر میں جاؤ یہ قبر ہارون الرشید کی ہے اس کی چاروں طرف سے مٹی اٹھالاؤ۔ میں آپ کے حکم کے مطابق مٹی اٹھالایا۔ آپ نے سونگھی اور پھر پھینک دی، اور پھر کہا: جلدی ہی یہاں میرے لیے ایک گڑھا کھودیں گے جس میں سے ایک پتھر ظاہر ہوگا۔ جسے خراسان کے تمام گورکن بھی نہیں ہلا سکتے۔ پھر آپ نے فرمایا: فلاں جگہ سے مٹی لے آؤ میں لے آیا تو فرمایا: وہاں میرے لیے ایک گڑھا کھودیں گے جو سات ہاتھ گہرا ہوگا، پھر اس کے درمیان قبر شق کریں گے اور اگر فرمانِ شاہی پورا نہ ہوا تو پھر لحد ہی بنائیں گے، جو دو ہاتھ ہوگی، اسے خداوندِ کریم جس قدر چاہے فراخ و کشادہ کردے گا۔ یہ گڑھا کھودتے وقت میرے سرہانے کی طرف سے ایک قسم کی تری پیدا ہوگی۔ میں نے جس بات کی تمہیں تعلیم دی ہے۔ وہی کرنا۔ پانی جوش کھائے گا اور لحد اس سے بھر جائے گی۔ اس میں تجھے چھوٹی چھوٹی مچھلیاں نظر آئیں گی۔ یہ روٹی میں تجھے دیتا ہوں چھوٹی چھوٹی کر کے پانی میں ڈال دینا تا کہ وہ کھالیں۔ جب کچھ نہ بچے گا تو ایک بڑی مچھلی آئے گی جو چھوٹی چھوٹی مچھلیوں کو کھا جائے گی۔ جب ان مچھلیوں میں سے کوئی بھی باقی نہ بچے گی تو بڑی مچھلی غائب ہوجائے گی جب غائب ہوجائے تو تم اپنا ہاتھ پانی پر رکھ دینا اور جو میں نے تمہیں کہا ہے وہی کہہ دینا یہاں تک کہ پانی کی سطح نیچی ہوجائے اور کچھ نہ بچے۔ یہ سب کچھ مامون الرشید کی موجودگی میں کرنا۔ پھر کہا: اے ابوالصلت کل میں مامون کو ملنے آؤں گا۔ اگر میں اپنے سر پر کوئی چیز پہن کر نہ آؤں تو مجھ سے بات کرلینا اور اگر میرے سر پر کوئی چیز ہوئی تو پھر مجھ سے بات نہ کرنا۔ ابوالصلت کہتے ہیں۔ جب صبح ہوئی تو حضرت امام علی رضا رضی اللہ عنہ نے کپڑے پہنے اور مامون الرشید کے غلام کا انتظار کرنے لگے۔ آپ مامون کے پاس گئے اس کے ہاں میووں کے طباق رکھے ہوئے تھے اور وہ ہاتھ میں انگور کے خوشے پکڑے ہوئے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تھا، مامون الرشید آپ کو دیکھ کر اپنی جگہ سے کودا اور آپ سے معانقہ کر کے آپ کی پیشانی پر بوسہ دیا اور آپ کو بٹھایا، پھر وہ انگور کے خوشے آپ کو دیئے اور کہا: اے ابن رسول اللہ! کیا آپ نے ان انگوروں سے بہتر کبھی انگور دیکھے ہیں؟ آپ نے کہا اچھے انگور تو بہشت میں دیکھے ہوں گے۔ پھر مامون نے کہا: کھایئے حضرت امام رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے معذور سمجھو۔ مامون نے بات کو ذرا بڑھا کر کہا: آخر کون سی چیز مانع ہے۔ شاید آپ مجھے متہم سمجھتے ہیں۔ یہ کہہ کر اس نے آپ سے وہ خوشہ لے لیا اور چند دانے کھا کر دوسری دفعہ حضرت امام رضی اللہ عنہ کو دے دیا۔ آپ نے اس میں سے دو تین دانے کھائے اور باقی کو رکھ دیا۔ پھر اٹھ کھڑے ہوئے۔ مامون نے کہا آپ کہاں جا رہے ہیں؟ آپ نے جواب دیا: جہاں تم نے بھیجا۔ پھر اپنے سر مبارک پر کوئی چیز باندھ کر باہر تشریف لے آئے۔ میں نے آپ سے کلام نہ کی۔ آپ اپنی سرائے میں آئے اور فرمایا: سرائے کا دروازہ بند کر دو تعمیلِ حکم پر آپ اپنے بستر پر سو گئے۔ اور میں سرائے میں حیران و غمگین کھڑا رہا۔ اچانک میں نے ایک خوب صورت نوجوان کو دیکھا جس کے بال مشکبو اور عطر رسا تھے اس کی شکل حضرت امام رضا رضی اللہ عنہ سے بہت ملتی جلتی تھی میں بھاگ کر اس کے پاس گیا اور عرض کی: آپ کہاں سے تشریف لے آئے دروازہ تو بند تھا؟ اس نوجوان نے کہا: مجھے وہ شخص لایا ہے جو ایک لمحہ میں مدینہ سے لے آتا ہے۔ میں نے پوچھا آپ کون ہیں؟ تو کہا: میں حجۃ اللہ محمد بن علی ہوں اور اپنے باپ کے پاس آیا ہوں۔ اور مجھے کہا کہ چلے آؤ۔ جب حضرت امام رضا رضی اللہ عنہ نے اسے دیکھا تو آپ اٹھ کھڑے ہوئے اور معانقہ کر کے اپنے سینے سے لگایا اور پیشانی پر بوسہ دیا اور اپنے بستر پر لے گئے وہ نوجوان اپنا چہرہ اپنے والد کی طرف کر کے بیٹھ گیا اور کچھ راز کی باتیں کیں جن کی مجھے کچھ سمجھ نہ آئی۔ بعد ازاں میں نے حضرت امام رضا رضی اللہ عنہ کے دونوں لبوں پر برف کی طرح کچھ سفید کچھ جھاگ دیکھی جسے محمد بن علی نے چاٹ لیا۔ پھر اس نوجوان نے اپنے والد کے کپڑوں میں اپنا ہاتھ ڈالا تو چڑیا کی طرح ان کے سینہ سے کوئی چیز باہر نکل آئی اور نیچے گر گئی اسی وقت امام رضا کا انتقال ہو گیا۔ جناب محمد بن علی نے فرمایا: اے ابوالصلت! اٹھو اور بیت المال سے پانی اور تختہ لاؤ۔ میں نے عرض کی: بیت المال میں پانی ہے نہ تختہ۔ آپ نے فرمایا: میں جو کہتا ہوں اس کی تعمیل کرو۔ میں بیت المال میں گیا تو وہاں پانی اور تختہ موجود پایا جسے میں لے آیا میں نے چاہا کہ آپ کی مدد کروں لیکن آپ نے فرمایا: اے ابوالصلت! میری کوئی اور مدد کرنے کو حاضر ہے۔ آپ نے امام علی رضا رضی اللہ عنہ کو غسل دیا اور پھر کہا: بیت المال میں ایک کپڑوں کا صندوق ہے اس میں کفن اور سامانِ حنوط موجود ہے وہ لے آؤ میں گیا اور دیکھا کہ وہاں وہ صندوق موجود تھا جسے میں نے قبل ازیں کبھی نہیں دیکھا۔ اس صندوق کو لا کر رکھا تو آپ نے حضرت علی رضا رضی اللہ عنہ کو کفن دے کر نماز جنازہ ادا کی، پھر کہا: تابوت لے آؤ، میں نے عرض کی: میں جاتا ہوں تا کہ بڑھئی کو تابوت بنانے کے لیے کہوں۔ آپ نے کہا: بیت المال میں جاؤ۔ میں گیا تو وہاں ایک تابوت دیکھا جو میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھا۔ میں وہ تابوت لے آیا جس میں آپ نے امام علی رضاء کو لٹا دیا پھر دو رکعت نماز پڑھنا شروع کی ابھی نماز ختم نہ ہوئی تھی کہ تابوت اپنی جگہ سے اٹھنا شروع ہوا مکان کی چھت پھٹ گئی اور تابوت اس سے نکل کر فضا میں چلا گیا۔ میں نے عرض کی: اے ابنِ رسول اللہ! مامون کو بھی بلا لینا چاہئے۔ آپ نے فرمایا: خاموشی سے کام لو تابوت ابھی واپس آ جائے گا۔ پھر فرمایا: اے ابوالصلت: کوئی ایسا پیغمبر نہیں جس کا انتقال مشرق میں ہوا اور اس کا وصی مغرب میں واصلِ بحق ہو بجز اس کے کہ ان کے روحیں اور جسم آپس میں مل جائیں یہ بات ابھی تمام کو نہ پہنچی تھی کہ گھر کی چھت پھٹی اور وہ تابوت نیچے آ گیا آپ نے حضرت امام کو تابوت سے باہر نکالا اور بستر پر اس طرح لٹا دیا گویا وہ بیٹھے ہوئے ہوں اور ان پر کوئی کفن وغیرہ نہیں پھر کہا اٹھو اور دروازہ کھولو۔ میں

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نے دروازہ کھولا تو مامون مع اپنے غلاموں کے گریہ وزاری کرتا ہوا، گریبان چاک کرتا ہوا، اور سر پر طمانچے مارتا ہوا اندر آیا اور کہا: **سیداہ فجعت بك یاسیداہ**۔ اس کے بعد ان کی تجہیز و تکفین میں مشغول ہو گئے۔ تو حضرت امام محمد بن علی رضی اللہ عنہ نے کہا جاؤ آپ کی قبر کھودو۔ میں اس جگہ گیا تو جو کچھ حضرت امام رضا رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا ویسا ہی مشاہدہ کیا۔ مامون الرشید نے پانی اور مچھلیوں کو دیکھا تو کہا حضرت امام رضا رضی اللہ عنہ سے جس طرح زندگی میں عجیب باتوں کا ظہور ہوتا تھا زندگی کے بعد بھی ویسا ہی ہوتا ہے۔ مامون کے ایک درباری نے سنا تو کہا: اے خلیفہ! تجھے پتہ ہے کہ اس کا اشارہ کس طرف ہے؟ یہ اشارہ اس حقیقت کی طرف ہے کہ تمہاری حکومت کثرت اور اطاعت میں ان مچھلیوں کی طرح ہے جب تمہارے مرنے کا وقت آئے گا اور تمہاری زبان کے بند ہونے کے آثار پیدا ہوں گے تو خداوند تعالیٰ تم پر ایک ایسے شخص کو مسلط کرے گا جو تمہیں فنا کر دے گا۔'' مامون نے کہا آپ بجا فرماتے ہیں۔ ابوا لصلت سے دوسری روایت ہے کہ جب مامون حضرت امام رضا رضی اللہ عنہ کے دفن سے فارغ ہوا تو کہا: آپ نے جو باتیں تم سے کہی تھیں وہ مجھے بتاؤ۔ میں نے کہا: وہ تو میں اسی وقت بھول گیا تھا چونکہ میں نے سچ بولا تھا اس لیے اس نے مجھے قید میں ڈال دیا میں ایک سال قید میں رہا اور میری روزی سخت تنگ ہو گئی۔ میں نے کہا: بارِ خدایا! محمد و آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے میری روزی میں کشائش پیدا کر دے۔ ابھی میری دعا ختم بھی نہ ہوئی تھی کہ میں حضرت علی رضا رضی اللہ عنہ کے دیدار سے مشرف ہوا آپ فرما رہے تھے کہ اے ابوا لصلت! پریشان ہو گئے ہو۔ میں نے عرض کی ہاں حضور! آپ نے فرمایا: اٹھو اور باہر جاؤ۔ آپ نے میرے ہاتھوں کے بندھنوں کو چھوا تو وہ کھل گئے۔ پھر آپ نے میرا ہاتھ پکڑا اور سرائے سے باہر تشریف لے آئے نگہبان اور غلام دیکھتے رہے لیکن کسی کو مجھ سے بات کرنے کی جرأت نہ ہوئی۔ آپ نے فرمایا: اب اللہ تعالیٰ کی امان و تحفظ میں چلے جاؤ۔ اب تم مامون کو ملو گے نہ وہ تمہیں ملے گا۔ ابوا لصلت کہتے ہیں کہ میں نے اس وقت سے مامون کو نہیں دیکھا۔ (شواہد)

## شہادت

آپ کا وصال بروز جمعۃ المبارک رمضان ۲۰۲ھ میں مقامِ طوس سناباد کے گاؤں میں ہوا اور ان کا روضہ ہارون الرشید کی قبر کے مغرب کی طرف ہے جسے سرائے حمیہ بن قحبطۃ الطائی کہتے ہیں۔

## اولادِ امجاد

آپ کی اولادِ امجاد میں پانچ صاحبزادے اور ایک صاحبزادی تھیں جن کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

۱۔ محمد تقی رضی اللہ عنہ۔ ۲۔ حسین رضی اللہ عنہ۔ ۳۔ حسن رضی اللہ عنہ۔

۴۔ جعفر رضی اللہ عنہ۔ ۵۔ ابراہیم رضی اللہ عنہ۔

اور صاحبزادی عائشہ رضی اللہ عنہا۔ ان کی تعداد میں کچھ اختلاف پایا جاتا ہے۔

# حضرت محمد بن علی بن موسیٰ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپ نویں امام ہیں۔ آپ کی کنیت ابو جعفر ہے۔ آپ کا نام اور کنیت حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ سے ملتی ہے۔ اسی لیے آپ کو ابو جعفر ثانی بھی کہتے ہیں۔ آپ کا لقب تقی اور جواد ہے۔ آپ کی والدہ ام ولد تھیں جن کا نام خیزران تھا۔ بعض نے ریحانہ بھی لکھا ہے۔ کہتے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہیں یہ حضرت ماریہ قبطیہ کے خاندان سے تعلق رکھتی تھیں۔آپ کی ولادت مدینہ منورہ میں بمطابق رجب المرجب ۱۹۵ھ میں ہوئی۔ مامون الرشید آپ کے ادب اور فضل وکمال کا جو آپ کو بچپن میں ہی حاصل تھے معترف تھا اس لیے اس نے اپنی بیٹی ام فضل کا نکاح آپ سے کر دیا۔اور اسے آپ کے ہمراہ مدینہ منورہ بھیج دیا اور ہر سال ہزار ہزار درہم بھیجتا رہا۔

کہتے ہیں کہ اپنے والد حضرت امام رضا رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد جناب امام تقی رضی اللہ عنہ بارہ سال کی عمر میں بغداد کے کوچے میں لڑکوں کے ساتھ کھڑے تھے کہ اتفاق سے مامون الرشید جو شکار کی غرض سے باہر جا رہا تھا وہاں سے گزرا تمام لڑکے ایک طرف بھاگ گئے لیکن حضرت جواد ایک جگہ کھڑے رہے مامون نے نزدیک آ کر آپ کو دیکھا آپ کو اللہ تعالیٰ نے لوگوں میں حسنِ قبولیت بخشا تھا۔ مامون نے پوچھا: اے لڑکے: تو دوسرے بچوں کے ساتھ ایک طرف کیوں نہیں گیا؟ حضرت امام تقی رضی اللہ عنہ نے فی الفور جواب دیا: اے امیر المؤمنین! راہ تنگ تو نہیں جسے میں تمہارے چلنے کے لیے کشادہ کروں اور میں نے کوئی جرم بھی نہیں کیا جس سے ڈر کر میں بھاگ جاتا اور میں یہ حسن ظن رکھتا ہوں کہ آپ کسی کو بلا جرم سزا نہیں دیتے مامون الرشید کو آپ کا یہ طرزِ تکلم بہت پسند آیا اور آپ سے پوچھا: تمہارا نام کیا ہے؟ آپ نے کہا: میرا نام محمد رضی اللہ عنہ ہے۔ مامون نے پوچھا: آپ کس کے بیٹے ہیں؟ آپ نے جواب دیا: میں امام رضا رضی اللہ عنہ کا لڑکا ہوں۔ مامون آپ کے والد کے نام پر بہت خوش ہوا اور جدھر جانا تھا چلتا بنا۔اس کے پاس بہت سے شکاری باز تھے جب شہر سے باہر نکلا تو ایک چکور کے پیچھے چھوڑا۔ وہ باز غائب ہو گیا اور دیر تک غائب ہی رہا۔ کچھ دیر بعد واپس آیا تو اس کی چونچ میں نیم زندہ چھوٹی سی مچھلی تھی۔ ماموں کو اس سے سخت تعجب ہوا اور اسے اپنے ہاتھ میں لیے واپس آ گیا۔ جب اس جگہ پہنچا جہاں حضرت امام تقی رضی اللہ عنہ لڑکوں کے ساتھ کھڑے تھے تو لڑکے حسبِ دستور ایک طرف ہو گئے لیکن حضرت امام تقی رضی اللہ عنہ کھڑے رہے۔ خلیفہ مامون نزدیک پہنچا تو کہا: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ نے کہا: لبیک یا امیر المؤمنین! خلیفہ نے آپ سے پوچھا: بتاؤ میرے ہاتھ میں کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے بلحاظِ مشیت اپنی قدرت کے سمندر میں ایک چھوٹی سی مچھلی پیدا کی ہے جو خلفاء اور بادشاہوں کے ہاتھوں میں جانے سے روک لی جاتی ہے اور اہلِ نبوت اس سے بہرہ اندوز ہوتے ہیں۔ مامون الرشید یہ بات سن کر ششدر رہ گیا اور آپ کی طرف بہت دیر تک دیکھتا رہا۔ پھر کہا: آپ حقیقۃً ابنِ رضا ہیں۔ بعد ازاں اس نے وہ انعام جو آپ کو دیا کرتا تھا دوگنا کر دیا۔ (شواہد)

اور اسی طرح روایت ہے کہ ام فضل نے اپنے باپ مامون کو مدینہ منورہ سے شکایت لکھ بھیجی کہ حضرت جواد مجھ سے لڑتے جھگڑتے ہیں اور دوسری بیوی کے خواہشمند ہیں۔ ماموں نے اسے جواب میں لکھا کہ میں نے تیرا نکاح اس سے اس لیے نہیں کیا تھا کہ میں حلال چیز کو اس پر حرام کر دوں آئندہ خبردار مجھے اس قسم کی باتیں نہ لکھنا۔

## آپ کے کلماتِ قدسیہ

۱۔ العامل بالظلم والمعین له الراضی به شرکاء۔

۲۔ العلماء یوم العدل علی الظالم اشد من یوم جور علی المظلوم۔

۳۔ العلماء غربا کثرة الجهال بینهم۔

۴۔ المصیر علی المصیبة علی الشامة بها۔

۵۔ من امل فاجراً کان ادنی عقربة الحرمان۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۶۔ اثنان علیلان ابداً صحیح کتمی وعلیل مخلط۔

## آپ کی کرامات

جب مامون الرشید نے اپنی بیٹی امِ فضل کا نکاح کر کے مدینہ منورہ روانہ کیا تو آپ راستے میں چند روز کے لیے کوفہ میں ٹھہرے۔ آخری دن آپ ایک مسجد میں تشریف لے گئے جس میں بیری کا درخت تھا جو کبھی بھی بارآور نہیں ہوا تھا، آپ نے کوزہ طلب فرمایا، اس درخت کی جڑ میں بیٹھ کر وضو فرمایا۔ بعدازاں نمازِ مغرب ادا کرنے کے لیے چلے گئے۔ نماز ادا کر کے درخت کی جڑ کے پاس پہنچے، دیکھا تو اس پر بغیر گٹھلی کے میٹھا پھل لگا ہوا تھا جسے لوگ بطورِ تبرک لیتے اور کھاتے۔

۲.....اسلاف میں سے کسی نے روایت کی کہ جب میں عراق میں تھا تو سنا کہ کسی نے ملکِ شام میں دعویٰ پیغمبری کر دیا ہے اور اسے ایک جگہ پابجولاں لا کر قید کر دیا گیا ہے میں بھی وہاں پہنچ گیا۔ میں دربانوں کو کچھ دے کر اس کے پاس چلا گیا۔ میں نے دیکھا کہ وہ بقائمی ہوش وحواس ہے۔ میں نے پوچھا تمہیں کیا ہوا ہے؟ اس نے کہا: میں شام میں خدا تعالیٰ کی عبادت میں اس مسجد میں جس میں حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک نیزے پر نصب تھا، مشغول تھا۔ ایک رات میں روقبلہ ہو کر بیٹھا ہوا تھا ذکر الٰہی میں مشغول تھا کہ ناگاہ ایک شخص سامنے سے ظاہر ہوا جس نے مجھ کو کھڑا ہونے کو کہا۔ میں کھڑا ہو گیا۔ ابھی تھوڑی دور گئے تھے کہ میں نے اپنے باپ کو مسجد کوفہ میں پایا۔ اس شخص نے مجھ سے پوچھا: تمہیں پتہ ہے کہ یہ کون سی جگہ ہے؟ میں نے عرض کی: یہ مسجدِ کوفہ ہے۔ وہ نماز کے لیے کھڑا ہو گیا میں نے بھی اس کی اقتداء کی۔ نماز سے فارغ ہو کر مسجد سے باہر آ گیا میں اس کے ساتھ باہر آ گیا۔ وہ تھوڑی دیر چلا۔ میں بھی ساتھ چلتا گیا میں نے دیکھا کہ میں مسجدِ نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام میں ہوں' میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضۂ انور پر صلوٰۃ وسلام پڑھا لیکن وہ نماز میں مشغول ہو گیا میں بھی نماز پڑھنے لگا۔ وہ باہر آیا تو میں بھی باہر آ گیا۔ ابھی تھوڑی دور چلے تھے۔ کہ میں نے اپنے آپ کو مکہ معظمہ میں پایا۔ اس نے طوافِ کعبہ کیا میں بھی طوافِ کعبہ سے مشرف ہوا۔ وہ باہر آ گیا تو میں بھی اس کے پیچھے پیچھے باہر آ گیا۔ وہ میری آنکھوں سے اوجھل ہو گیا اور میں نے اپنے آپ کو ملکِ شام کی اسی مسجد میں پایا جہاں میں عبادت میں مشغول تھا۔ ان حالات میں مجھے بہت تعجب ہوا اور کچھ سمجھ نہ آئی کہ ایسا کیسے ہوا؟ آئندہ سال پھر یہی موقع آیا۔ وہ شخص پھر ظاہر ہوا اور مجھے ساتھ لے کر پچھلے سال کی طرح بعینہٖ پھرتا رہا۔ جب میں اپنی جگہ پر واپس آیا اور ایک دوسرے سے جدا ہونے کا وقت آیا تو میں نے اس سے کہا: تجھے قسم ہے اس خدائے مقتدر کی جس نے تجھے وہ چیز بخشی ہے جس کا میں نے مشاہدہ کیا ہے، بتا تو کون ہے؟ اس نے کہا: میں محمد بن علی بن موسیٰ بن جعفر رضی اللہ عنہم ہوں۔ صبح ہوئی تو میں نے ان لوگوں کو یہ واقعہ سنایا جنہیں میرے متعلق کچھ تردد تھا۔ یہ خبر والیٔ شام کو بھی پہنچ گئی۔ اس نے مجھ پر دعویٰ نبوت کا الزام لگا کر مجھے قید وبند میں ڈال دیا۔ اور اپنے ساتھ لے آیا۔ میں نے اندریں حالات بادشاہ کو رقعہ لکھا اور اس سے متعلق گزارشات کیں۔ بادشاہ نے اسی رقعہ کی پشت پر لکھ دیا۔ کہ جو شخص تجھے ایک ہی رات میں شام سے کوفہ، کوفہ سے مدینہ منورہ اور مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ اور پھر وہاں سے واپس لے آیا ہے اس سے کہو کہ وہ تمہیں قید وبند سے بھی نجات وخلاصی دلائے۔ مجھے اس کا جواب بہت گراں گزرا اور میں بہت مغموم ومحزون ہو گیا۔ صبح اٹھ کر جیل خانہ کی طرف چل دیا تاکہ اسے صورتِ حال سے آگاہ کروں۔ میں نے دیکھا کہ تمام لشکری اور محافظ اضطرابی حالت میں تھے۔ میں نے پوچھا: تمہیں کیا ہے۔ یہ اضطراب کیسا؟ کہنے لگے: جس شخص نے دعوٰی نبوت کیا تھا کل سے قید وبند سے غائب ہو گیا ہے ہمیں کچھ پتا نہیں چلتا کہ اسے زمین نگل گئی ہے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

یا آسمانی پرندے لے اڑے ہیں۔ (شواہد)

۳.....مامون الرشید کا انتقال ہوا تھا تو آپ نے فرمایا: میری موت آج سے تیس مہینے بعد ہوگی۔ جب مامون الرشید کی وفات کو تیس مہینے گزر گئے تو آپ نے بھی داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔

۴.....ایک شخص کا بیان ہے کہ میں حضرت جوّاد کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ فلاں صالح نے آپ کو سلام بھیجا ہے اور وہ آپ سے کفن کے لیے کسی کپڑے کا ملتجی ہے۔ آپ نے فرمایا وہ ان باتوں سے مستغنی ہو چکا ہے۔ یہ سن کر میں باہر آ گیا لیکن مجھے آپ کے ارشاد کی کچھ سمجھ نہ آئی۔ آخر پتہ چلا کہ وہ اس سے تیرہ چودہ روز پہلے ہی مر چکا تھا۔

۵.....ایک اور شخص بیان کرتا ہے کہ ہم آپ کے اصحاب میں سے ایک کے ساتھ سفر پر جانے کا ارادہ رکھتے تھے۔ سفر اختیار کرنے سے بیشتر ہم حضرت جواد کی خدمت میں حاضر ہوئے تا کہ الوداع کہیں۔ آپ نے فرمایا: آج باہر مت جاؤ کل تک رکے رہو۔ باہر آئے تو میرا ساتھی کہنے لگا: میں تو جا رہا ہوں کیونکہ میرا دوست تو باہر جا چکا ہے۔ یہ سن کر میں حیران و پریشان کھڑا رہ گیا اور وہ چلتا بنا۔ رات کو جس وادی میں ٹھہرا تھا سخت سیلاب آیا اور وہ ڈوب کر مر گیا۔

## شہادت

آپ کا انتقال ۲۶ ذوالحجہ ۲۲۱ھ بروز بدھ ہوا۔ آپ کی قبر مبارک اپنے جدِ امجد حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ کی قبر کی پچھلی طرف بغداد شریف میں ہے۔

## اولادِ امجاد

آپ کی اولادِ امجاد میں دو صاحبزادے اور دو صاحبزادیاں تھیں جن کے اسمائے مبارک یہ ہیں۔

۱۔علی۔ ۲۔موسیٰ۔

۳۔فاطمہ۔ ۴۔امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ (شواہد)

# حضرت سیدنا علی بن محمد بن علی بن موسیٰ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہم

آپ دسویں امام ہیں۔ آپ کی کنیت ابوالحسن ہے۔ آپ کو ابوالحسن ثالث بھی کہتے ہیں۔ آپ ہادی عسکری کے لقب سے مشہور ہیں۔ آپ کی والدہ ام ولد ہیں جن کا نام سمانہ ہے۔ کہتے ہیں یہ امِ فضل مامون کی لونڈی تھیں۔ آپ کی ولادت بمطابق ۱۳ رجب المرجب ۲۱۴ھ مدینہ منورہ میں ہوئی۔ (شواہد)

## حضرت علی ہادی رضی اللہ عنہ کے مناقب

ایک دن آپ سرمن رائی کے کسی گاؤں میں تشریف لے گئے ہوئے تھے کہ ایک اعرابی آپ کی تلاش میں آ گیا۔ لوگوں نے اسے بتایا کہ آپ فلاں گاؤں میں گئے ہوئے ہیں۔ وہ اعرابی آپ کے پیچھے چلا گیا۔ آپ سے ملا تو آپ نے اس سے پوچھا: کیسے آئے ہو؟ اعرابی کہنے لگا: میں ان لوگوں سے ہوں جن کا قلبی لگاؤ آپ کے جدِ امجد حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے تھا۔ اب میں ایک ایسے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

قرضِ خطیر کے زیرِ بار ہوں۔ جسے ادا نہیں کر سکتا اور آپ کے سوا کوئی اور میری گردن سے یہ بار اتار نہیں سکتا۔ آپ نے فرمایا: کبیدہ خاطر نہ ہو۔ آپ نے اسے وہیں ٹھہرالیا۔ صبح ہوئی تو آپ نے اعرابی سے کہا: دیکھو میں تم سے کچھ باتیں کہوں گا لیکن تمہارا فرض ہے کہ میری کسی بات کی مخالفت نہ کرنا۔ اعرابی نے عرض کی: حضرت میں آپ کی کسی بات کی مخالفت نہیں کروں گا۔ حضرت ہادی رضی اللہ عنہ نے اپنے دستِ مبارک سے ایک خط لکھا جس کا مضمون یہ تھا کہ اعرابی کو اتنے پیسے دے دو جو اس کے قرض سے زیادہ ہوں کیوں کہ اس کے ذمے قرض ہے۔ پھر آپ نے فرمایا: یہ خط لے جاؤ۔ جب میں سرمن رائی سے واپس آؤں تو میرے پاس آ جانا اور مجلس میں بیٹھے ہوئے مجھ سے ادائیگی قرض کا مطالبہ کرنا اور بے شک دو چار سنا بھی دینا۔ ہاں البتہ میری نصیحت کی مخالفت نہ کرنا۔ اعرابی نے اس بات کا وعدہ کیا اور خط ہاتھوں میں تھام لیا۔ جب حضرت ہادی رضی اللہ عنہ سرمن رائی سے واپس آئے تو آپ کی خدمت میں بہت سے احباب و محبین وغیرہ حاضر ہوئے۔ وہ اعرابی بھی حاضر ہو گیا اور خط باہر نکال کر حضرت کی نصیحت کے مطابق مطالبہ پیش کر دیا۔ آپ اس سے نرم نرم باتیں کرتے جاتے اور اظہارِ معذوری کر کے ادائیگی قرض کا وعدہ بھی کرتے جاتے۔ اس واقعہ کی خبر خلیفہ متوکل کو پہنچی تو کہنے لگا: آپ کے پاس تیس ہزار دراہم لے جاؤ۔ دراہم پہنچے تو آپ نے انہیں اعرابی کے آنے تک سنبھال کر رکھ چھوڑا۔ اعرابی آیا تو آپ نے فرمایا: لے جاؤ اور اپنا قرض ادا کرو اور جو باقی بچے اسے اپنے اہل وعیال پر خرچ کرنا۔ اور مجھے معذور ہی خیال کرنا۔ اعرابی یہ بات سن کر کہنے لگا: یا ابنِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! بخدا جو آپ نے مجھے مرحمت فرمایا ہے مجھے تو اس سے تیسرے حصے سے بھی کم رقم کی امید تھی۔ سچ ہے اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے کہ فلاں چیز کو کہاں بھیجنا ہے۔ (شواہد)

## آپ کی کرامات

ایک بار خلیفہ متوکل بیمار ہو گیا، اس کے جسم پر پھوڑا نکل آیا جس کے علاج و معالجہ سے اطباء عاجز آ گئے۔ خلیفہ کو موت نظر آنے لگی۔ ایک دن فتح بن خاقان جو خلیفہ کے مقربین میں سے تھا کہنے لگا: کسی کو حضرت ہادی کے پاس بھیجو شاید وہ کوئی ایسی چیز جانتے ہوں جو منفعت بخش ثابت ہو، چنانچہ ایک شخص کو آپ کی خدمت میں بھیجا گیا، آپ نے فرمایا: فلاں چیز کو اس کے پھوڑے پر رکھ دو ان شاء اللہ تعالیٰ نفع آور ثابت ہو گی۔ مجوزہ چیز کو متوکل کے پاس لایا گیا تو حاضرین ٹھٹھا مخول کرنے لگے۔ فتح بن خاقان کہنے لگا: تجربہ کرنے میں کیا حرج ہے۔ لاؤ وہ چیز۔ خادموں نے حضرت کی فرمودہ دوائی حاضر کی جسے پھوڑے پر رکھ دیا گیا بس رکھنے کی دیر تھی کہ پھوڑا بہنے لگا اور تمام گندا مادہ خارج ہو گیا۔ متوکل کی صحت یابی کی خبر اس کی ماں کے گوش گزار کر دی گئی۔ جس نے دس ہزار دینار ایک ہمیانی میں بند کیے اس پر مہر لگائی اور حضرت سیدنا ہادی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھیج دی۔ متوکل کو صحتِ کاملہ مل گئی۔ اس واقعہ سے چند روز بعد متوکل نے کسی سے شکایت کی کہ حضرت ہادی رضی اللہ عنہ کے پاس بہت سا مال و دولت اور اسلحہ ہے۔ متوکل نے اپنے دربان سعید سے کہا کہ تمہیں حضرت ہادی رضی اللہ عنہ کے گھر آدھی رات گھس جانا چاہیے اور جو مال و دولت اور اسلحہ ہاتھ لگے قبضہ میں لے کر یہاں لے آنا چاہیے۔ سعید حاجب کا بیان ہے کہ میں سیڑھی اپنے ساتھ ہی لے گیا۔ جب آدھی رات کے وقت میں نیچے اترا تو گھر بالکل تاریک تھا اور مجھے پتہ نہیں چلتا تھا کہ میں کہاں جاؤں اچانک اندر سے آواز آئی۔ اے سعید! اپنی جگہ پر کھڑے رہو۔ میں دیا لاتا ہوں۔ کچھ وقفہ بعد دیا لایا گیا تو میں نیچے اتر کر آپ کے پاس چلا گیا دیکھا کہ آپ پشم کے کپڑے میں ملبوس ہیں، سر پر اون کا کلاہ ہے اور ٹاٹ کے مصلے پر قبلہ رو بیٹھے ہیں۔ آپ نے فرمایا: تمہارے سامنے سب کچھ ہے۔ میں گھر میں ادھر ادھر پھرتا رہا لیکن جن چیزوں کی مخبری ہوئی تھی ان

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

میں سے کوئی چیز نہ مل سکی اور صرف متوکل کی والدہ کی بھیجی ہوئی ہمیانی موجود تھی اس پر اسی طرح مہر موجود تھی اور ایک دوسرے کیسے پر بھی مہر کے نشان تھے۔ پھر آپ نے فرمایا: یہ مصلی بھی حاضر ہے۔ میں نے مصلیٰ اٹھایا تو اس کے نیچے ایک تلوار دیکھی جو میان میں بند تھی میں یہ چیزیں پکڑ کر متوکل کے پاس لے آیا۔ جب متوکل نے ہمیانی پر اپنی ماں کی مہر لگی ہوئی دیکھی تو تمام کوائف دریافت کیے۔ حاضرین کہنے لگے کہ تمہاری بیماری کے دوران میں تمہاری ماں نے منت مانی تھی۔ متوکل کہنے لگا: اسی طرح کی ایک ہمیانی اور لو اور کیسہ و شمشیر کے ساتھ آپ کو دے کر آؤ۔ سعید حاجب بیان کرتا ہے۔ کہ جب میں یہ چیزیں لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو مجھ پر شرمندگی اور انفعالیت طاری تھی۔ میں نے عرض کی: میرے آقا: میری لیے بہت مشکل تھا کہ آپ کے دولت سرا میں بغیر اجازت آگھسوں لیکن مجبور تھا مجھے حکم ہی ایسا ہوا تھا۔ آپ نے فرمایا: وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ۔

۲..... جب متوکل نے آپ کو مدینہ منورہ سے عراق میں طلب کیا تو آپ سرمن رائی میں ایک ایسی جگہ قیام پذیر ہوئے جسے خان الصعالیک کہتے تھے۔ یہ قیام گاہ کچھ اچھی نہ تھی۔ آپ کے متوسلین میں سے صالح بن سعید نامی شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: اے ابن رسول اللہ! آپ کے قربان جاؤں، یہ گروہ تو آپ کی قدر و منزلت پردۂ اخفاء میں رکھنے اور آپ کی آب و تاب کو مٹانے کے درپے ہے، اسی لیے آپ کو اس مکان میں قیام کے لیے ٹھہرایا گیا ہے۔ آپ نے فرمایا: اے سعید! تو بھی تو اسی جگہ ہے۔ چنانچہ آپ نے اپنے دستِ مبارک سے اشارہ کیا تو نہایت عمدہ قسم کے باغات، بہتی ہوئی ندیاں اور ایسے محلات جن میں باعفت حسین و جمیل عورتیں اور چمکتے دمکتے موتیوں کی طرح چھوٹے چھوٹے لڑکے تھے، ظاہر ہو گئے۔ صالح بن سعید کہتا ہے کہ میں مغلوبِ حیرت ہو گیا۔ آپ نے فرمایا: اے ابنِ سعید! ہم جہاں بھی ہوں یہ چیزیں ہمارے ساتھ ہوتی ہیں۔ یاد رکھو ہم خان الصعالیک میں نہیں ہیں۔ (ایضاً)

۳..... ایک شخص کا بیان ہے کہ میرے ساتھ سفر میں میرا بچہ تھا۔ میں نے آپ کی خدمت میں دعا کی غرض سے عرض کی کہ میرے بچے کے ہاں بھی بچہ پیدا ہو۔ آپ نے فرمایا: جب بچہ پیدا ہو تو اس کا نام ''محمد'' رکھنا۔ بچہ پیدا ہوا تو اس کا نام محمد رکھا گیا۔ (شواہد)

۴..... اسی طرح ایک اور شخص نے اپنے بچے کے ہاں لڑکا پیدا ہونے کے لیے التجاء کی۔ آپ نے فرمایا: لڑکی کئی لڑکوں سے اچھی ہوتی ہے۔ چنانچہ اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوئی۔ (ایضاً)

۵..... متوکل کے گھر بہت سے پرندے تھے جن کی چہچہاہٹ سے کسی کو کسی بات کی سمجھ نہ آتی تھی لیکن حضرت ہادی رضی اللہ عنہ جس وقت بھی ان کے ہاں تشریف لے جاتے تو پرندے خاموش ہو جاتے اور جب گھر سے باہر آتے تو بولنا شروع کر دیتے۔ (ایضاً)

۶..... ایک ہندوستانی شعبدہ باز متوکل کے ہاں آیا ہوا تھا جو عجیب و غریب شعبدے دکھاتا تھا۔ ایک دن متوکل نے اسے کہا کہ اگر تم محمد بن علی رضی اللہ عنہ کو شرمندہ و خجل کر دو تو تمہیں ایک ہزار دینار دوں گا۔ شعبدہ باز نے کہا: اچھا چند پتلی پتلی روٹیاں دسترخوان پر رکھ دو اور مجھے ان کے پہلو میں بٹھا دو۔ خلیفہ نے ایسا ہی کیا۔ حضرت ہادی رضی اللہ عنہ نے روٹی پکڑنے کے لیے ہاتھ بڑھاتے تو شعبدہ باز نے ایک ایسا عمل کیا جس کے اثر سے روٹی اٹھ کر حضرت ہادی رضی اللہ عنہ سے دور چلی جاتی۔ اس نے اس طرح تین بار عمل کیا جس سے اہلِ مجلس ہنسنے لگے اسی مسجد میں ایک قالین تھا جس پر شیر کی شکل کھینچی ہوئی تھی۔ حضرت ہادی رضی اللہ عنہ نے اس شیر کو اشارہ کیا کہ اسے پکڑ لو۔ وہ شکل سچ مچ کا شیر بن گیا۔ پھر اس شعبدہ باز پر جست لگائی اور اسے زمین میں گاڑ دیا اور پھر اسی قالین پر واپس چلا گیا۔ متوکل نے ہر چند عرض کی کہ آپ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

شعبدہ باز کو زمین سے نکالیں مگر آپ نے عرض قبول نہ کی۔ اور فرمایا: خدا کی قسم تم اب اس شعبدہ کو پھر نہ دیکھو گے۔ لہذا وہ مسجد سے باہر آ گیا اور اس کے بعد اسے کسی نے نہ دیکھا۔ (ایضاً)

۷.....ایک دن دعوتِ ولیمہ تھی جس میں شرکت کے لیے حلیفوں کی اولاد آئی ہوئی تھی بہت سے لوگ ان کی تعظیم کے لیے جمع تھے اس مجلس میں ایک ایسا نوجوان بھی موجود تھا۔ جو طریقۂ ادب و آداب سے بالکل محروم تھا، ٹیں ٹیں باتیں کرتا اور ہنستا۔ حضرت ہادی رضی اللہ عنہ نے اپنے چہرۂ انور کو اس کی طرف کر کے فرمایا: تم ہنسی کے گول گپے کیوں بنے جاتے ہو۔ تمہیں اللہ کا ذکر بھول گیا ہے۔ یاد رکھو تم تین دن کے بعد اہل قبور میں سے ہو گے۔ یہ سن کر وہ نوجوان بے ادبی سے باز آ گیا۔ لیکن جب کھانا کھایا تو بیمار ہو گیا اور تیسرے دن فوت ہو گیا۔ (ایضاً)

۸.....کسی اور دن اہلِ سامرہ کے ہاں دعوتِ ولیمہ تھی ان میں سے بھی ایک لڑکا ایسا تھا جو بے ادب تھا اور مجلس میں بیہودہ گوئی کرتا تھا اور آپ کی عزت کرنے سے بھی عاری تھا۔ آپ نے فرمایا: یہ شخص اس کھانے سے کچھ نہ کھا سکے گا۔ اس کے کپڑوں سے یہ پتہ چل جائے گا کہ زندگی اس پر تلخ ہو چکی ہے۔ کھانا آیا تو اس شخص نے کچھ کھانے کے لیے ہاتھ دھوئے لیکن اس کا غلام روتا ہوا اندر آ کر کہنے لگا: تمہاری ماں کوٹھے سے گر کر مر گئی ہے جلدی کیجئے وہاں چلئے تا کہ اسے زندہ دیکھ سکو۔ وہ شخص بغیر کھانا کھائے اٹھ کر چل دیا۔ (ایضاً)

## اولادِ امجاد

آپ کی اولادِ امجاد میں تین صاحبزادے (۱) حسن رضی اللہ عنہ (۲) حسین رضی اللہ عنہ۔ (۳) جعفر رضی اللہ عنہ اور ایک صاحبزادی عالیہ رضی اللہ عنہا تھیں۔

## انتقال

آپ کا انتقال مستنصر کے زمانے میں بغداد کے مضافات قصبہ سرمن رائی میں بروز دوشنبہ جمادی الاخری کے آخری ایام ۲۵۴ھ میں ہوا۔ آپ کی قبر انور سرمن رائی کی اس سرائے میں ہی ہے جو آپ کی ذاتی ملکیت تھی۔ کہا جاتا ہے کہ آپ کا مشہد قم میں ہے لیکن درست نہیں۔ ہاں یہ درست ہے کہ فاطمہ بنتِ موسیٰ بن جعفر بن محمد رضی اللہ عنہم کا مشہد قم میں ہے۔ اور حضرت رضا علی محمد موسیٰ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جس نے ان کے مشہد کی زیارت کی وہ جنت میں داخل ہو گیا۔ (سعادت الدارین)

واضح رہے کے سرتاج الاولیاء خواجہ قطب الدین بختیار کاکی علیہ الرحمۃ المتوفی چودہ ربیع الاول ۶۳۵ھ اسی شاخ سے ہیں۔

# حضرت سیدنا حسن بن علی بن محمد بن علی الرضا رضی اللہ عنہم

آپ گیارھویں امام ہیں۔ آپ کی کنیت ابو محمد اور لقب زکی ہے۔ دیگر القاب ''خالص'' و ''سراج'' ہیں۔ آپ اپنے والد محترم کی طرح عسکری کے لقب سے بھی مشہور ہیں۔ آپ کی والدہ امِ ولد تھیں۔ ان کا نام سوسن تھا لیکن اور نام سے بھی پکاری جاتی تھیں۔ حضرت ہادی رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی کا نام حدیث رکھا تھا۔ حضرت کی ولادت مدینہ منورہ میں ۲۳۱ھ میں ہوئی۔ بعض نے ۲۳۲ھ بھی کہا ہے۔ آپ سے بہت کرامات کا صدور اور بیشمار خوارقِ عادات کا ظہور ہوا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## آپ کی کرامات

محمد بن علی بن ابراہیم بن موسیٰ بن جعفر کا بیان ہے کہ مجھ پر روزی بہت تنگ ہوگئی۔ میرے والد نے مجھے حضرت کی خدمت میں حاضری کے لیے کہا کیونکہ آپ جود وسخا میں مشہور ہیں۔ میں نے والد سے پوچھا: کیا آپ انہیں جانتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا: میں نہیں جانتا اور میں نے آپ کو کبھی دیکھا بھی نہیں۔ چنانچہ ہم مقصد برآری کے لیے عازمِ سفر ہوئے۔ میرے والد نے راستے میں مجھے کہا ہم حاجت مند ہیں، اگر وہ ہمیں پانصد روپے دے دیں تو دوسو کے ہم کپڑے بنالیں گے دوسو کا آٹا دانہ خرید لیں گے اور باقی ایک سو روپے دوسری اشیائے خوردنی وضروریات پر خرچ کر دیں گے۔ میں نے اپنے دل میں کہا: ہوسکتا ہے آپ مجھے تین سو روپے دیں، میں سو روپے کے کپڑے، سو روپے کے دیگر اخراجات اور سو روپے کا گدھا خرید کر کوہستان چلا جاؤں گا۔ جب ہم آپ کے دولت کدہ پر حاضر ہوئے اور کوئی بات نہ کی۔ آپ کا غلام باہر آیا اور کہنے لگا: علی بن ابراہیم اور اس کا بیٹا محمد اندر آجائیں۔ ہم اندر گئے اور السلام علیکم عرض کیا۔ آپ نے فرمایا: اے علی تمہیں اس وقت یہاں آنے میں کون سی بات مانع رہی۔ میرے باپ نے عرض کی: میرے آقا مجھے شرم آتی تھی کہ اس حال میں آپ کے پاس آؤں۔ جب ہم باہر آئے تو آپ کا غلام ہمارے پیچھے پیچھے آیا۔ اس نے ایک ہمیانی جس میں پانصد درہم تھے میرے والد کو دی اور کہا اس میں پانصد درہم ہیں، دوسو کپڑوں کے لیے، دوسو آٹے دانے کے لیے اور بقایا دیگر خرچ کے لیے۔ پھر ایک اور ہمیانی مجھے دی اور کہا اس میں تین سو درہم ہیں۔ سو کپڑوں کے لیے، سو دیگر اخراجات کے لیے اور سو گدھا خریدنے کے لیے، لیکن یہ ضروری ہے کہ بجانب کوہستان نہ جاؤ، کسی اور جگہ چلے جاؤ۔ اس جگہ کی طرف آپ نے اشارہ بھی کر دیا۔ میں نے وہاں جا کر شادی کر لی اور اسی روز مجھے دو ہزار درہم ہاتھ آئے۔ (شواہد)

۲ ..... ایک شخص کہتا ہے کہ میرا والد سلوتری تھا اور وہ حضرت زکی کے حیوانات کا علاج کیا کرتا تھا۔ خلیفہ مستعین کے پاس ایک خچر تھا جسے کوئی شخص بھی رام نہ کر سکا یعنی اسے زین ولگام دے کر سواری نہ کر سکا۔ مستعین کے مصاحبوں سے ایک نے خلیفہ سے کہا: آپ اپنے خدام سے کیوں نہیں کہتے کہ وہ حسین بن رضا کو تکلیف میں مبتلا کر دیں، یعنی یہ خچر انہیں دے دیں، یا تو وہ اس پر سوار ہو کر اسے رام کر لیں گے یا پھر یہ خچر انہیں ہلاک کر دے گا۔ مستعین نے آپ کو بلایا، آپ تشریف لائے۔ اس وقت خچر سرائے کے صحن میں کھڑا تھا۔ آپ اس کے قریب گئے اور اس کی پیٹھ پر ہاتھ پھیرا۔ اسے پسینہ آنے لگا۔ پھر آپ مستعین کے پاس گئے اور بہت عزت واحترام سے پیش آئے۔ اس نے آپ کو اپنے ساتھ بٹھایا پھر کہا: اے محمد! اس خچر کو لگام دے دو۔ حضرت زکی نے میرے والد (سلوتری) کو لگام دینے کے لیے کہا۔ مستعین بولا: حضرت آپ خود لگام دیں۔ حضرت زکی نے اس پر طیلساں ڈالی اور اسے لگام دی اور اپنی جگہ پر آکر بیٹھ گئے۔ مستعین نے دوبارہ کہا: زین بھی آپ ہی کس دیں۔ آپ دوسری بار اٹھے خچر پر زین کسی اور اپنی جگہ پر واپس چلے گئے مستعین نے عرض کی: کیا ہی اچھا ہو اگر آپ اس پر سواری فرمائیں تو۔ آپ اس پر سوار ہوئے اور سرائے کے صحن میں ہی دوڑانے لگے دریں اثناء خچر نے کوئی سرکشی نہ کی۔ آپ نیچے اترے تو مستعین نے پوچھا: حضرت! یہ خچر کیسا ہے؟ آپ نے فرمایا: میں نے اس سے اچھا خچر نہیں دیکھا۔ مستعین نے آپ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ آپ نے میرے والد سے کہا کہ اسے پکڑو اور لے جاؤ۔ میرا والد اس خچر کو بڑے آرام سے لے گیا۔ خچر نے کسی قسم کی سرکشی نہ کی۔ (ایضاً)

۳ ..... ایک شخص کا بیان ہے کہ میں نے حضرت سیدنا زکی سے اپنی غربت کی شکایت کی۔ اس وقت آپ کے ہاتھ میں تازیانہ موجود تھا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

آپ نے اس سے زمین کھودی۔اور اسی سبب سے پانچسو درہم کا سونا نکل آیا۔آپ نے سارے کا سارا مجھے عطا کر دیا۔

۴.....ایک شخص کا بیان ہے کہ میں قید خانے میں تھا۔میں نے قید کی تنگی اور جیل کی گرانی کی شکایت حضرت زکی کو لکھ بھیجی میں چاہتا تھا کہ اپنی تنگ دستی کے متعلق کچھ لکھ بھیجوں لیکن شرم مانع تھی اس لیے اس ضمن میں کچھ نہ لکھ سکا۔آپ نے جواب میں ارشاد فرمایا: آج ظہر کی نماز اپنے گھر میں ہی پڑھنا۔(اللہ کے فضل وکرم سے) میں قید سے رہا ہو گیا اور میں نے نماز ظہر گھر جا کر پڑھی اچانک مجھے آپ کا قاصد آتا ہوا دکھائی دیا جو میرے لیے سو دینار لا رہا تھا اس کے ساتھ ایک خط بھی تھا جس میں مرقوم تھا کہ جس وقت بھی تجھے پیسوں کی ضرورت ہو بغیر شرم وعار مانگ لیا کرو کیونکہ تم جس چیز کی بھی طلب کرو گے تمہیں وہی ملے گی۔

۵.....ایک شخص کا بیان ہے کہ میں نے آپ سے ایک مسئلہ پوچھنے کے لیے ایک عریضہ لکھا اور میں چاہتا تھا کہ چوتھے روز کے بخار کے متعلق بھی آپ سے پوچھ لوں لیکن مجھے یہ بات لکھنا یاد نہ رہی۔آپ نے جواب میں لکھا کہ تمہارے مسئلے کا جواب یہ ہے: تم یہ بھی چاہتے تھے کہ چوتھے روز کے بخار کے متعلق بھی پوچھوں لیکن تم بھول گئے۔دیکھو آیت شریف ''یَانَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ۔'' کاغذ پر لکھ کر محموم (جسے بخار چڑھا ہوا ہو) کے گلے میں آویزاں کر دو۔میں نے ایسا ہی کیا اور محموم کو آرام آ گیا۔

۶.....ایک شخص کہتا ہے کہ میں آپ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک خوبصورت نوجوان اندر آ گیا۔میں نے دل میں خیال کیا بھلا یہ کون ہو سکتا ہے؟ حضرت زکی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ میری بیوی کا چچازاد بھائی ہے۔اس کے پاس پتھر کا ایک ٹکڑا ہے جس پر میرے آبائے کرام نے اپنی اپنی انگشتریاں رکھی ہیں اور اس پر مہریں کندہ ہو گئی ہیں۔یہ میرے پاس بھی اسی غرض سے آیا ہے تاکہ میں بھی اپنی انگشتری اس پر رکھوں۔چنانچہ آپ اس نوجوان کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اپنا سنگِ پارہ لاؤ وہ اٹھا کر آپ کے پاس لے آیا آپ نے ایک جگہ اپنی انگشتری رکھی۔یہ انگشتری سادہ تھی اس پر کوئی نقش نہ تھا لیکن مہر نکل آئی اس پر الحسن بن علی کے الفاظ نقش ہو گئے جسے میں پڑھ رہا ہوں۔بعد ازاں جب وہ نوجوان باہر آیا تو اس نے اس سے پوچھا: کیا تو نے کبھی آپ کو دیکھا ہے؟ اس نے کہا: خدا کی قسم میری مدت سے خواہش تھی کہ آپ کا دیدار کروں۔اسی وقت ایک نوجوان آیا ہے جسے میں نے نہیں دیکھا تھا۔اس نے کہا: اٹھو اور اندر آؤ، تو میں اندر گیا۔

۷.....ایک شخص بیان کرتا ہے کہ میں نے آپ کو خط لکھا تاکہ مشکوٰۃ کے معنی پوچھوں۔میری بیوی بھی حاملہ تھی اس لیے میں نے چاہا کہ اس کے لیے بھی دعائے خیر کراؤں اور بچے کا نام بھی آپ ہی رکھیں۔آپ نے جواب میں تحریر فرمایا۔''مشکوٰۃ'' قلبِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔لیکن فرزند خاتون کے بارے میں کچھ رقم نہ کیا۔ہاں خط کے آخر میں یہ تحریر فرما دیا: عَظَّمَ اللّٰہُ اَجْرَکَ وَاَخْلَفَ عَلَیْکَ۔میری بیوی کے ہاں مردہ بچی پیدا ہوئی لیکن دوسرے حمل میں بچہ پیدا ہوا۔(شواہد)

## اولاد

آپ کی اولادِ امجاد میں سوائے محمد المنتظر کے اور کوئی باقی نہ رہے۔

## شہادت

آپ کا وصال بروز جمعہ ربیع الاول سرمن رائی میں ۲۶۰ھ میں ہوا۔اور اپنے والد معظم کے پہلو میں مدفون ہوئے آپ کی عمر شریف اس وقت ۴۳ سال تھی۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# حضرت سیدنا محمد بن حسین بن علی بن محمد بن علیِ الرضا رضی اللہ تعالیٰ عنہم

آپ بارہویں امام ہیں۔آپ کی کنیت ابوالقاسم ہے اور آپ الامام بالحجہ، القائم المہدی، المنتظر اور صاحب زماں کے القاب سے بھی ملقب ہیں۔آپ خاتمِ دروازہ ائمہ ہیں۔لوگوں کا خیال ہے کہ آپ سرمن رائی میں ایک غار میں داخل ہو گئے آپ کے پیرو ابھی تک آپ کے منتظر ہی ہیں آپ ان کی طرف نکل کر نہیں آتے۔یہ واقعہ ۲۶۵ھ کا ہے، بعض کہتے ہیں ۲۷۰ ہجری کا ہے یہی درست ہے۔لیکن جو چیز لوگ خیال کرتے ہیں وہ ابھی تک مخفی ہی ہے۔(شواہد)

آپ کی والدہ امِ ولد تھیں۔ان کا نام صقیل یا سوسن تھا اور نرجس بھی کہا جاتا ہے۔علاوہ ازیں ان کے اور بھی نام ہیں۔حضرت کی ولادت رمضان المبارک کی تئیس تاریخ کو ۲۵۸ھ میں سرمن رائی میں ہوئی۔حکیمہ عمۂ ابوزکی (آپ کی پھوپھی) کا بیان ہے کہ ایک دن میں حضرت ابومحمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئی، آپ نے فرمایا: اے عمہ! آج رات ہمارے ہاں قیام کرو کیونکہ آج رات اللہ تعالیٰ ہمیں کچھ عطا کرے گا یعنی ہمارے ہاں کچھ پیدا ہوگا۔میں نے کہا: حضرت! یہ بچہ کس سے پیدا ہوگا جبکہ بی بی نرجس سے تو حمل کے کوئی آثار ہی نظر نہیں آتے۔آپ نے فرمایا: اے عمہ! نرجس کی مثال حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ سلام اللہ علیہا جیسی ہے اس لیے ان کا حمل ولادت سے پہلے ظاہر نہیں ہوگا حضرت عمہ کہتی ہیں: میں نے یہ رات وہیں کاٹی۔جب آدھی رات ہوئی تو میں نے اٹھ کر نمازِ تہجد ادا کی اور بی بی نرجس نے نوافلِ تہجد پڑھے۔میں نے دل ہی دل میں کہا صبح ہونے کو ہے مگر جو حضرت ابو محمد رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے اس کے آثار نظر نہیں آتے۔حضرت ابومحمد رضی اللہ عنہ نے مجھے آواز دی: اے عمہ! جلدی مت کرو۔میں اسی کمرہ میں جس میں بی بی نرجس تھی واپس چلی گئی۔آپ مجھے راہ میں ملیں۔آپ پر لرزہ طاری تھا، میں نے انہیں پکڑ کر سینے سے لگایا اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، اِنَّآ اَنْزَلْنَا اور آیۃ الکرسی۔پڑھ کر آپ پر دم کیا آپ کے شکم سے آواز آئی جو کچھ میں نے پڑھا تھا آپ کے بچے نے بھی وہی پڑھا۔پھر میں نے دیکھا کہ تمام گھر نورِ علیٰ نور ہو گیا ہے اور بی بی نرجس کا بچہ زمین پر سجدہ ریز ہے۔میں نے بچے کو اٹھا لیا۔حضرت ابومحمد رضی اللہ عنہ نے اندر سے آواز دی: اے عمہ! میرے بچے کو میرے پاس لاؤ۔میں ان کے پاس لے گئی۔آپ نے اسے اپنی گود میں بٹھایا اور اپنی زبان اس کے منہ میں ڈال دی۔پھر فرمایا: اے میرے بچے اللہ تعالیٰ کے حکم سے بات کر۔پس بچے نے کہا: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوَارِثِيْنَ. اس کے بعد میں نے دیکھا کہ سبز پرندوں نے مجھے پکڑ لیا ہے۔حضرت ابومحمد نے ایک سبز پرندے سے فرمایا: اسے پکڑ لو اس کے حفاظت کرو یہاں تک کہ خداوند تعالیٰ ہمیں اس بارے میں حکم دے اللہ تعالیٰ ہی اپنے امر کو پہنچانے والا ہے۔میں نے حضرت محمد رضی اللہ عنہ سے پوچھا: یہ دوسرے پرندے کیا ہیں؟ حضرت نے فرمایا: یہ جبریل علیہ السلام ہیں اور باقی ملائکہ رحمت ہیں۔پھر فرمایا: اے عمہ! اسے اس کی والدہ کے ہاں واپس لے جاؤ۔بفحوائے مضمون ''تو آنکھوں کی ٹھنڈک حاصل کر اور محزون نہ ہو اور جان لے کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے لیکن اکثر لوگوں کو علم نہیں ہے۔'' حضرت عمہ آپ کو آپ کی والدہ کے پاس لے گئیں۔جب آپ پیدا ہوئے تو ناف بریدہ اور مختون تھے آپ کے دائیں جانب بالشت بھر لمبائی میں جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا' کے الفاظ لکھے ہوئے تھے۔وہی روایت کرتی ہیں کہ پیدائش کے وقت زمین پر دوزانو حالت میں تھے اور انگشت شہادت آسمان کی طرف اٹھائے ہوئے تھے آپ کو

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

چھینک آئی آپ نے کہا: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔ ایک شخص کہتے ہیں کہ میں ابو محمد زکی کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا: اے ابنِ رسول اللہ ﷺ! آپ کے بعد خلیفہ اور امام کون ہوگا؟ آپ اندر گئے پھر کندھے پر ایک بچہ جو چودھویں رات کے چاند ایسا حسین تھا، اٹھا کر باہر آ گئے۔ بچے کی عمر تین سال تھی۔ آپ نے اس شخص سے فرمایا: دیکھو! اگر تم خدا کے ہاں معزز نہ ہوتے تو میں تجھے اپنا یہ بچہ ہرگز نہ دکھاتا، اس کا نام رسول اللہ ﷺ کا نام ہے اور اس کی کنیت یہ ہے: ''ھُوَ الَّذِیْ یَمْلَاءُ الْاَرْضَ قِسْطًا کَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا وَظُلْمًا۔''

ایک اور شخص کا بیان ہے کہ ایک دن میں حضرت ابو محمد رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے آپ کی دائیں جانب ایک گھر دیکھا جس پر پردہ پڑا ہوا تھا، میں نے کہا: اے آقا: آپ کے بعد صاحب امر کون ہوگا؟ آپ نے فرمایا: ذرا پردہ اٹھاؤ میں نے پردہ اٹھایا تو ایک چھوٹا سا بچہ نہایت پاکیزہ و مطہر جس کے دائیں رخسار پر تل تھا، گیسوئے کندھوں پر بکھرے ہوئے تھے، باہر آیا اور حضرت ابو محمد رضی اللہ عنہ کی گود میں بیٹھ گیا۔ حضرت ابو محمد نے فرمایا: یہ تمہارا صاحبِ امر ہے۔ اس کے بعد وہ بچہ آپ کے زانو سے اٹھا حضرت ابو محمد نے اس بچے سے کہا: یَابُنَیَّ اُدْخُلُوْا اِلَی الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ۔ وہ بچہ گھر چلا گیا۔ میں اسے دیکھتا رہا۔ کچھ دیر بعد حضرت ابو محمد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اٹھو اور دیکھو کہ گھر میں کون ہے؟ میں نے دیکھا تو گھر میں کوئی بھی نہ تھا۔ (شواہد)

ایک اور شخص کا بیان ہے کہ خلیفہ معتضد نے مجھے دو اور اشخاص کے ساتھ طلب کیا اور کہا کہ حسن بن علی رضی اللہ عنہ سرمن رائی میں فوت ہو گئے ہیں جلدی جاؤ اور ان کے گھر میں جس شخص کو بھی دیکھو اس کا سر میرے پاس لے آؤ۔ ہم آپ کے مکان میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ مکان نہایت پاکیزہ اور صاف ستھرا تھا گویا اس کی تعمیر سے ابھی ابھی فارغ ہوئے تھے۔ ہم نے اس مکان پر پردہ پڑا ہوا دیکھا۔ پردہ اٹھایا تو ایک گڑھا نظر آیا وہاں آئے تو یہ گڑھا ہمیں دریا نظر آیا جس کے اوپر بوریا بچھا ہوا تھا اور ایک خوبصورت شخص اس پر قیام کی صورت میں نماز پڑھ رہا تھا اس نے ہماری طرف کوئی توجہ نہ دی۔ میرے ساتھیوں میں سے ایک آگے بڑھا تاکہ آپ تک رسائی حاصل کرے لیکن وہ پانی میں پھڑکتا رہا آخر میں نے اس کا ہاتھ پکڑا اور وہ ڈوبنے سے بچ گیا اس کے بعد ایک اور شخص نے آپ تک پہنچنے کی کوشش کی لیکن اس کا بھی یہی حال ہوا اور میں نے اسے خلاصی دلائی۔ میری حیرانی کی کوئی حد نہ رہی۔ میں نے صاحبِ خانہ سے معذرت کرتے ہوئے کہا: خدا کی قسم مجھے اس صورتحال سے آگاہی نہ تھی اور نہ ہی یہ پتہ تھا کہ ہم کہاں آ رہے ہیں میں نے جو کچھ کیا ہے اس کے لیے خداوندِ قدوس کی طرف رجوع کر کے معافی مانگتا ہوں۔ میں نے جو کچھ کہا اس نے اس کی پرواہ نہ کی۔ ہم معتضد کے ہاں واپس چلے گئے اور تمام قصہ سنا دیا۔ معتضد کہنے لگا۔ اس راز کو پوشیدہ ہی رہنے دو۔ اگر لوگوں کو پتہ چل گیا تو تمہاری گردن مار دیں گے۔ ان حالات و واقعات سے قارئین کو ان کی جلالتِ شان کا پتہ چل گیا ہوگا۔

بعض حضرات آپ کی دو بار غیبت کا دعویٰ کرتے ہیں۔ ایک غیبتِ قصری یعنے چند عرصہ کے لیے غیبت یعنی آپ کے زمانۂ ولادت سے لے کر انقطاعِ سفارت تک۔ دوسری غیبتِ طولیٰ یعنی زمانۂ انقطاعِ سفارت سے لے کر اس زمانے تک جب خداوندِ قدوس نے آپ کے ظہور کا وقت مقرر کیا ہے۔ غیبتِ قصری میں آپ کے لیے سفیروں کا اثبات بھی کیا جاتا ہے جو یکے بعد دیگرے آتے رہے۔ یہ سفیر آپ اور تمام مخلوق کے درمیان ایک واسطہ کی حیثیت رکھتے تھے۔ ان سے لوگوں کی حاجات و سوالات پورے ہوتے ہیں۔ یہ سفارت ایک شخص علی بن محمد نامی پر ختم ہو چکی ہے جس کی وفات ۳۲۶ھ میں ہوئی اس سے روایت ہے کہ اس نے اپنی وفات سے چھ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

روز قبل ایک سرکاری دستاویز نکالی جسے حضرت محمد بن العسکری رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھ سے تحریر کیا تھا اس کی نقل مندرجہ ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم !یاعلی بن محمد اعظم اللہ اجر اخونک فیک فانک میت مابینک وبین ست ایام فاجمع امرک ولا ترض الی احد یقوم مقامک بعد وفاتک فقد وقصت الغیبۃ التامہ فلاظہور الا بعد اذان اللہ تعالیٰ وذالک بعد طول الامد وقسوۃ القلب وامتلاء الارض وسیاتی من شیعتی من یدعی المشاہدہ الا فمن المشاہدہ قبل خروج السفیانی والصحۃ وھو کذاب مفتر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

چنانچہ چھٹے روز تک کسی سے وصیت سفارت نہ کی گئی بعد ازاں غیبتِ طولی کا زمانہ آ گیا جو اللہ تعالیٰ کی مشیت تک چلے گا۔ آپ کی غیبتِ قصری کے دوران میں طائفہ سفارت سے متعلقہ لوگوں نے آپ سے بہت سی حکایات بیان کی ہیں۔ (ایضاً)

## حکایت نمبر ا

ایک دفعہ اہلِ حلہ میں سے ایک شخص جس کا نام اسماعیل تھا، کو زخم آ گیا جس کے علاج ومعالجہ سے حلہ اور بغداد کے حکماء عاجز آ گئے اور کہنے لگے اس کا علاج سوائے قطع وبرید کے کوئی نہیں لیکن یہ حصہ کاٹنے میں بہت زیادہ خطرہ ہے کیونکہ وہ نس جس پر زندگی کا دارومدار ہے اس کے پاس ہی ہے۔ اسماعیل کہتا ہے جب تمام اطباء مایوس ہو گئے تو میں مشہد شریف چلا گیا۔ اماموں کی زیارت کے بعد میں ایک حوض میں کود گیا اور خدا سے استمداد واستعانت کرنے لگا۔ بعض راتوں میں قیام بھی کرتا رہا اور زیادہ وقت گزارا۔ ایک روز میں نے دجلہ کے کنارے غسل کیا، پاک وصاف کپڑے پہنے اور مشہد شریف کی طرف متوجہ ہو گیا۔ میں نے دیکھا کہ اس طرف سے چار سوار آ رہے ہیں دو تلوار بستہ تھے۔ ایک کے ہاتھ میں نیزہ تھا اور چوتھے کے کندھے پر اتری ہوئی کمان تھی۔ یہ سب شرفائے مشہد میں سے معلوم ہوتے تھے۔ جب میرے پاس آئے تو انہوں نے السلام علیکم کہا میں نے وعلیکم السلام کہا۔ نیزہ بردار کمان والے کے دائیں طرف گھڑا ہو گیا اور دوسرے اس سے ذرا دور کھڑے ہو گئے۔ جس شخص کے پاس کمان تھی مجھ سے کہنے لگا: کیا تو اپنے اعزہ واقارب کے ہاں اکیلا ہی جائے گا۔ میں نے کہا ہاں جناب۔ آپ نے فرمایا: میرے پاس آؤ تا کہ میں تمہارے زخم کا معائنہ کروں میں ان کے پاس گیا آپ نے میرے زخم کو اچھی طرح نچوڑ دیا جس سے مجھے سخت درد محسوس ہوا۔ نیزہ بردار کہنے لگا: اے اسماعیل! کیا تجھے فلاح حاصل ہوئی میں حیران تھا۔ کہ وہ میرے نام سے کیسے آگاہ ہو گئے۔ میں نے کہا: ہم فلاح پا گئے آپ بھی انشاء اللہ فلاح پائیں گے۔ نیزہ بردار کہنے لگا: یہ امام ہیں۔ میں دوڑ کر ان کے پاس گیا، آپ سے بغلگیر ہوا پھر آپ کے زانو کو بوسہ دیا۔ آپ چل دیے۔ میں بھی پیچھے پیچھے ہو لیا آپ نے مجھ سے چلا جانے کو کہا۔ میں نے عرض کی: میں آپ سے ہرگز جدا نہیں ہوں گا۔ آپ نے بارِ دیگر فرمایا: مصلحت اسی میں ہے کہ تم واپس چلے جاؤ۔ میں نے وہی جواب دیا۔ نیزہ بردار نے کہا: تجھے شرم نہیں آتی تجھے امام نے دوبارہ واپس جانے کو کہا ہے اور تو خلاف امر کر رہا ہے۔ یہ سن کر میں کھڑا ہو گیا۔ آپ چند قدم چلے پھر مجھ سے کہا: دیکھو تم جب بغداد جاؤ گے تو مستنصر تمہیں دربار میں طلب کرے گا اس کی کوئی بات نہ ماننا۔ میں اسی حالت میں تھا کہ آپ نظروں سے اوجھل ہو گئے۔ اس کے بعد میں مشہد شریف آ گیا اور ان سواروں کے حالات معلوم کئے۔ لوگوں نے بتایا کہ وہ اس شہر کے آس پاس کے گاؤں کے شریف لوگ تھے۔ میں نے کہا وہ تو امام تھے۔ انہوں نے پوچھا: امام صاحبِ نیزہ تھے یا کمان؟ میں نے کہا: صاحبِ کمان تھے۔ پھر کہا: کیا تم نے انہیں اپنا زخم دکھایا۔ میں نے کہا: ہاں دکھایا تھا۔ لیکن آپ نے اسے نچوڑ دیا تھا۔ یہ زخم میری دائیں ران پر تھا۔ میں نے اسے برہنہ کیا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تو دائیں ران پر اس قسم کا کوئی نشان نہ تھا۔ مجھ پر دہشت کے مارے شک گزرنے لگا۔ میں کہتا تھا ہوسکتا ہے زخم بائیں طرف ہو۔ میں نے اسے بھی برہنہ کر کے دیکھا تو کوئی نشان نہ تھا۔ اس پر لوگ میرے گرد جمع ہو گئے، میرے کپڑے پھاڑنے لگے۔ خادمانِ مشہد مجھے گھر لے گئے اور اس طرح لوگوں سے خلاصی دلائی۔ میرے پہنچنے سے پہلے خبر بغداد شریف پہنچ چکی تھی۔ یہاں بھی لوگ مجھ پر امڈ آئے۔ قریب تھا کہ میں اس جم غفیر میں مارا جاتا لیکن مجھے خلیفہ کے پاس لے گئے۔ مستنصر نے مجھ سے میری رام کہانی پوچھی۔ میں نے کہانی دہرائی۔ مستنصر کہنے لگا کہ اسے ہزار دینار دے دو۔ میں نے لینے سے انکار کر دیا کیونکہ حضرت امام نے اس بارے میں مجھے پہلے ہی وصیت فرمائی ہوئی تھی کہ اس سے کوئی چیز نہ لینا۔ یہ حال دیکھ کر مستنصر رونے لگا لیکن میں اس کے ہاں سے باہر چلا آیا۔ (شواہد)

جامع الاصول میں قیامت کی علامات وشرائط کے ذکر میں حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر دنیا میں صرف ایک ہی دن باقی رہے تو اللہ تعالیٰ اس دن کو اتنا طویل کر دیے گا حتی کہ میرے اہلِ بیت میں سے اللہ تعالیٰ ایک آدمی پیدا فرمائے گا جو میرا ہمنام ہوگا اور جو روئے زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا جیسا کہ اس سے پیشتر روئے زمین ظلم وجور سے مملو تھی۔

اور ایک اور روایت میں ہے کہ دنیا اس وقت تک اختتام پذیر نہ ہوگی جب تک کہ ایک آدمی میرا ہمنام میرے اہلِ بیت میں سے پوری مملکتِ عرب کا مالک وقابض نہ ہو جائے اس کو امام ابی داؤد نے روایت کیا ہے۔

اور جامع الاصول میں ابواسحاق سے مروی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے صاحبزادے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو دیکھ کر فرمایا: کہ یہ میرا بیٹا سردار ہوگا جیسا کہ حضور علیہ السلام نے بیان فرمایا اور اس کی اولاد سے ایک ایسا آدمی پیدا ہوگا جو تمہارے ہی نبی کا ہمنام ہوگا جو خلقتاً اگرچہ مجھ سے مشابہ نہ ہوگا تاہم اخلاق میں وہ میرا شبیہ ہوگا پھر اس کے بعد مندرجہ بالا الفاظ دہرائے یعنی زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا۔ اس کو بھی ابی داؤد نے بیان کیا لیکن قصے والا حصہ بیان نہیں کیا۔ (ایضا)

اور ابنِ عربی صاحبِ فتوحاتِ مکیہ نے مہدی کے ذکر میں یہ کہا ہے کہ وہ تین سو ساٹھ کاملین میں سے ہوں گے تمہیں معلوم ہونا چاہیے (اللہ تعالیٰ تمہیں اور ہمیں مؤید کرے) حق تعالیٰ اپنے نائب کو ایسے وقت میں ظاہر فرمائے گا جب کہ تمام روئے زمین جور وظلم سے مملوء ہوگی۔ تو یہ خلیفہ اس کو عدل وانصاف سے بھر دے گا۔ بالفرض اگر دنیا کا ایک دن بھی باقی ہوا تو حق تعالیٰ اس دن کو اتنا طویل کر دے گا حتیٰ کہ یہ خلیفہ جو آلِ رسول ہوگا اور اولادِ فاطمہ اور میرا ہمنام ہوگا۔ اس کی کنیت اس کے دادا حسن بن علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ ملتی ہوگی۔ وہ لوگوں سے مقامِ ابراہیم اور حجرِ اسود کے درمیان بیعت لے گا، اور حضور علیہ الصلوٰۃ السلام سے وہ خلقت میں مشابہ ہوگا اور اخلاق میں کمتر ہوگا۔ یہ اس لیے کہ کوئی شخص بھی پیغمبرِ اسلام کی طرح نہیں ہوسکتا۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ۔ (القلم:۴)

پھر فرمایا کہ اس شخص کے ہاتھ پر عرفائ، اہلِ حقائق اور اہلِ کشف وشہود بیعت کریں گے اور اس کی دعوت کو پھیلائیں گے اور اس کے ممد ومعاون ہوں گے۔ وہ اس کے وزیر ہوں گے جو مملکت کا بوجھ اٹھائیں گے اور اس کی ہر معاملہ میں اعانت کریں گے پھر فرمایا: کہ اللہ تعالیٰ اس کے لیے ایک ایسی جماعت کو ظاہر فرمائے گا جو ابھی تک خزانۂ غیب میں چھپی ہوئی ہے۔ حق تعالیٰ ان کو کشف کے ذریعہ سے حقائق اور معاملاتِ مخلوق سے مطلع فرمائے گا۔ ان کے مشورے سے یہ شخص فیصلہ کرے گا اور یہ لوگ حقیقتاً عارف ہوں گے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اوراس کا نام اور جو کچھ اس کے دل میں ہوگا پہچانیں گے اور یہ صرف علمِ عطائی کی برکت ہوگی۔اسی علم کی وجہ سے ہر اس چیز کو جس سے شخص موصوف کا مرتبہ اور منزلت معلوم کریں گے اس لیے کہ وہ خلیفۂ برحق ہے جو حیوانات کی زبان تک سمجھ لے گا اور اس کا عدل وانصاف جن وانس میں جاری وساری ہوگا۔حضرت علاء الدولہ احمد بن محمد سمنانی نے ابدال واقطاب کے بارے میں فرمایا ہے کہ محمد بن حسن عسکری رضی اللہ عنہ واصل ہو چکے ہیں اور ان کے آباؤ اجداد.....اہلِ بیت بھی اس مرتبہ سے متصف ہیں۔جب یہ لوگ آنکھوں سے مخفی وپوشیدہ ہوجاتے ہیں۔تو ابدال کے زمرے میں داخل ہوجاتے ہیں۔پھر تدریجی طور پر ترقی کرتے کرتے عظمت کی انتہائی بلندی تک پہنچ جاتے ہیں اور علی بن حسین بھی ایک قطب رضی اللہ عنہ تھے جن کا انتقال ہوگیا۔تو انہیں شونیز کے مقام پر دفن کیا گیا تو ان کی نمازِ جنازہ محمد بن حسن عسکری رضی اللہ عنہ نے پڑھائی اور ان کے قائم مقام بن گئے اور قطبیت کے رتبے پر تیس سال تک فائز رہے پھر بحکم پروردگار یہ بھی وفات پا گئے تو ان کے قائم مقام حضرت عثمان بن یعقوب خراسانی جوینی رضی اللہ عنہ ٹھہرے اور ان کے تمام ساتھیوں نے ان کی نمازِ جنازہ پڑھی اور انہیں مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں دفن کیا۔جب جوینی کا انتقال ہوا تو احد کوچک جو حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کی اولادِ امجاد میں سے تھے ان کے قائم مقام ہوئے۔ان کا انتقال بیرون عرب ہوا۔ان بزرگوں کی قبورِ اونچی ہیں نہ پختہ۔انہیں اقطاب کے علاوہ کوئی نہیں پہچانتا اور یہ ہر سال قبور مذکورہ کی زیارتوں سے مشرف ہوتے رہتے ہیں۔(شواہد)

الحمدللہ: حق تعالیٰ نے آئمہ اہلِ بیت رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے اقوال واحوال اور کرامات وخوارقِ عادات کے بیان کے اتمام کی توفیق بخشی ہے۔

آخر میں اپنے پیارے قابلِ صد احترام قبلہ بزرگوار جدِ امجد محمد دین صاحب فورمین۔رحمہ اللہ المتین متوطن کوٹلی لوہاراں مغربی ضلع سیالکوٹ المتوفی ۲۸ صفر المظفر ۱۳۸۶ ہجری کے لئے دعا گو ہوں جنہوں نے میری زندگی کا مقصد حصولِ دین اور تبلیغِ اسلام اور مسلکِ حق اہلِ سنت پر استقامت جانا اور اپنی خصوصی نگہبانی سے مجھے دارالعلوم احسن المدارس روالپنڈی سیدی وسندی واستاذی حضرت قبلہ شاہ محمد عارف اللہ قادری میرٹھی علیہ الرحمہ کی خدمت میں حاضر کیا اور قبلہ شاہ صاحب نے اپنی خاص توجہ سے عرصہ آٹھ سال میں مجھے تمام علوم ومعارف سے آراستہ فرمایا۔پروردگار عالم میرے قبلہ استاذی المعظم اور جدامجد پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے۔ان کی نگاہ عنایت سے یہاں تک پہنچا ہوں ورنہ میں اس قابل کہاں جو کہ قبل ازیں ایک کتاب علمِ خیر الانام لکھ چکا ہوں اور اب اتنی عظیم کتاب شہادت کے موضوع پر لکھی ہے جو کچھ بیان کیا گیا ہے اس سے نہ تو اپنی علمی لیاقت وقابلیت کا اظہار مقصود ہے اور نہ ہی مال ودولت، وقار وعزت، ناموری وشہرت مطلوب ہے بلکہ یہ محض اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوشنودی اور رضا کی خاطر ہے۔اور کتاب شہادتِ نواسۂ سیدالابرار میرے لیے دنیا وآخرت میں بھلائی کا سبب بنائے اور خاتمہ ایمان فرمائے۔آمین بحرمتہ سیدالمرسلین وآلہ الطاہرین

وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى شَفِيْعِنَا خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَعِتْرَتِهِ الطَّاهِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ بِذِكْرِكَ وَذِكْرِ حَبِيْبِكَ وَذِكْرِ آلِ حَبِيْبِكَ مُتْلِذِيْنَ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِيْنَ وَارْزُقْنَا شَفَاعَةَ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ فَرِحِيْنَ اَقُوْلُ قَوْلِيْ هٰذَا وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لِيْ وَلِسَائِرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالصَّلٰوةُ الزَّكِيَّاتِ النَّامِيَاتِ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْمُغِيْبَاتِ مَظْهَرِ الْخَفِيَّاتِ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهِ الْاَكَارِمِ السَّادَاتِ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ تَعَالٰی اَعْلَمُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ بِرَحْمَتِكَ یَاۤاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔ اٰمِیْن یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ بِجَاہِ النَّبِیِّ وَاٰلِہِ الطَّاہِرِیْنَ صَلٰوۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَعَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْنَ قَدْتَمَّ الْکِتَابَ بِعَوْنِ اللّٰہِ الْوَھَّابِ فِیْ یَوْمِ عَاشُوْرَاءِ مِنْ شَوَّالِ الْمُکَرَّم ۱۳۹۹ھ مِنْ ھِجْرَۃِ مِصْبَاحِ الظَّلَامِ وَخَیْرِ الْاَنَامِ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَاٰلِہِ السَّلَامُ الْمَصَارِفُ لِلثَّلَاثَۃِ مِنْ ستمبر ۱۹۷۹ء۔

## محمّد عبد السّلام

غُفِرَلَہٗ رَبُّ الْاَنَامِ بِجَاہِ حَضُوْرُ سَیِّدِ الْاَنَامِ وَاٰلِہِ الْکِرَامِ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

قرآنیات کا انسائیکلوپیڈیا

# بُرہانُ القرآن فی مرآۃ الرّحمٰن

انمول تحفہ




مُصنّف فقیر اعجاز احمد قادری

مکمل 2 جلد 1800 سے زائد صفحات

- قرآن مجید کے موضوعات کا جامع ترین احاطہ
- مفسرانہ تشریحات
- باطنی اسرار و رموز
- اکابرین کے اقوال
- تاریخی تفصیلات و معلومات
- ہر موضوع میں طریقت و تصوف کی مہکتی خوشبو
- ذہن و عقل میں جذب ہونے والا ربط و تسلسل
- اسلاف کے لب و لہجے کی یاد تازہ کرنے والا شیریں و دلربا اسلوب تحریر

تصوّف و طریقت پر اپنی طرز کی پہلی منفرد تصنیف

# اسرار الحقیقت فی تبیان الطریقت




مُصنّف فقیر اعجاز احمد قادری

- نفس و روح کے لطائف و اسرار پر ایک طویل اور سیر حاصل بیان
- باطنی و روحانی کیفیات، واردات، احوال اور مشاہدات
- عشق و محبت الٰہیہ کی سرشاری و خماری سے بھرپور
- طریقت و ولایت کے مقامات و منازل کا مفصل تذکرہ
- ہر موضوع اور بحث میں قرآن و حدیث کے ان گنت دلائل
- طریقت و تصوف کے ہر سوال کا جواب، اچھوتا اور دلربا اسلوب تحریر

شریعت و طریقت کے امتزاج سے مزین

# الارشاد المدام فی تبیان الاسلام




- ذات و صفات باری تعالیٰ
- نظریۂ وحدۃ الوجود و نظریۂ وحدۃ الشہود
- تخلیق کائنات کی تشریح
- نور محمدی ﷺ کے اسرار و معارف
- مسلمانوں پر قرآن کے حقوق
- شرعی حدود کا بیان
- قرآن مجید کی معلومات اور فضائل کا بیان
- سیرت النبی ﷺ کا دلکش اجمالی بیان
- عبادت کی روح اور فلسفہ
- فرائض شریعت اور انکے فقہی مسائل کی تفصیل
- ذکر اللہ اور اس کی اقسام کا بیان
- نور الٰہیہ کے باطنی معارف
- دین کے شعائر میں مخفی روحانی حکمتوں کا بیان



نوریہ رضویہ پبلی کیشنز

11 داتا گنج بخش روڈ لاہور
042-37313885, 37070663
0300-4429721
E-mail: noorirazvia@hotmail.com



Marfat.com


Marfat.com
Marfat.com

























نوریہ رضویہ پبلی کیشنز
۱۱۔ گنج بخش روڈ، لاہور ☎ 37313885
E-mail: nooriarizvia@hotmail.com
فوٹو گرافکس